TEXT PROBLEM WITHIN THE BOOK ONLY

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224133
UNIVERSAL
LIBRARY


ہندوستانی شاعری نمبر
Osmania University Library
Hyderabad. 7. (A. P.)



بلراج کومل



محمد علوی



مخمور سعیدی



قاضی سلیم

۸۹۱ء۴۳۰۵
آج کل



عادل منصوری



احمد ہمیش



کمار پاشی



ندا فاضلی



برہموتری مہانتی



جیانتی سین



سپرا گھوش



کن دورتی



کیلاش باجپئی



رما کانت رتھ



کملا کانت لینکا



جگتار

اردو کا مقبول عوام معیاری ماہنامہ

آج کل

دہلی

ایڈیٹر

شہباز حسین

اسسٹنٹ ایڈیٹر

راج نرائن راز

سہ ورقے

گورچرن اروڑہ

جلد ۲۸ — شمارہ ۱۰

اگست ۱۹۶۹ء

ساون بھادر سمت ۱۸۹۱

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ

شہباز حسین ایڈیٹر آج کل پبلیکیشنز ڈویژن

پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات ۲

اردو: ۱۹۶۰ء کے بعد اردو شاعری — عتیق حنفی ۳

نظمیں براج کومل، عتیق حنفی ۱۱

قاضی سلیم، محمد علوی ۱۲

محمود سعیدی، شہریار، ندا فاضلی ۱۳

کمار پاشی ۱۴

احمد ہمیش، عادل منصوری ۱۵

اڑیا: ۱۹۶۰ء کے بعد اڑیا شاعری — کرامت علی کرامت ۱۶

نظمیں رماکانت رتھ ۲۲

سیتاکانت مہاپاتر ۲۴

بھوتری مہانتی — کمل کانت بسکا ۲۵

ترجمہ: کرامت علی کرامت، محمود سعیدی

آسامی: ۱۹۶۰ء کے بعد آسامی شاعری — رنجون بروے ۲۶

نظمیں نوکانت بروا، رگھوناتھ چودھری ۲۸

ترجمہ: محمود سعیدی، منور تکسوری

بنگالی: ۱۹۶۰ء کے بعد بنگالی شاعری — نیل رتن گنگولی ۳۱

نظمیں سیدا مجتبیٰ حسین، جیانتی سین ۳۲

ترجمہ: علقمہ شبلی

پنجابی: ۱۹۶۰ء کے بعد پنجابی شاعری — علیندر سنگھ ۳۵

نظمیں ہرمہندر سنگھ، بھگتار ۳۸

موہن سنگھ میشا ۳۹

تلگو: ۱۹۶۰ء کے بعد تلگو شاعری — ڈی وی نرسنگ راؤ دھانی ۴۰

نظمیں وشوناتھ ستیہ نارائن ۴۴

سی نرائن ریڈی، کن دورتی ۴۵

ترجمہ: [illegible]

تمل: ۱۹۶۰ء کے بعد تمل شاعری — سلامی این تھیرن ۴۶

نظمیں: ولی نیک کانان، سردھا ۵۰

تمرو دل: کے بعد اردو شاعری ۵۱

ترجمہ: کاوش بدری

سندھی: ۱۹۶۰ء کے بعد سندھی شاعری — نتی لال جوانی ۵۲

نظمیں واسدیو نرمل، موہن کلپنا، شیخ ایاز ۵۶

کشمیری: ۱۹۶۰ء کے بعد کشمیری شاعری — محمد یوسف ٹینگ ۵۸

نظمیں دینا ناتھ نادم - رحمان راہی ۶۲

غلام نبی فراق ۶۳

ترجمہ: محمود سعیدی، فرحت قادری

کنڑ: ۱۹۶۰ء کے بعد کنڑ شاعری — ایچ ایم نایک ۶۴

نظمیں گوپال کرشن اڈیگا، کے ایس نرسنہا سوامی ۶۶

کے ایس نشار احمد

ترجمہ: کمالی جین اثر، ظ انصاری

گجراتی: ۱۹۶۰ء کے بعد گجراتی شاعری — وارث علوی ۷۲

نظمیں لابھ شنکر ٹھاکر، عادل منصوری، پرودھ پنچولی ۷۵

ترجمہ: خلیق انجم

مراٹھی: ۱۹۶۰ء کے بعد مراٹھی شاعری — [illegible] اکرمانپے ۷۸

نظمیں آرتی پربھو ۸۱

کیشو میشرام، نارائن سرے ۸۲

ترجمہ: یونس اگاسکر

ملیالم: ۱۹۶۰ء کے بعد ملیالم شاعری — پی پی کورپ نرائن ۸۳

نظمیں اے اچھوتن نمبودری ۸۶

پوتھن کون نچین تارا کمن ۸۹

ترجمہ: راج نرائن راز، رام کرشن مضطر

ہندی: ۱۹۶۰ء کے بعد ہندی شاعری — شیام پربار ۹۱

نظمیں شیام پربار ۹۵

بلیج، کیلاش باجپئی، جگدیش چترویدی ۹۶

مرتبہ و شائع کردہ

ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

ملک کے اتحاد اور قومی یک جہتی کو پروان چڑھانے کے لئے حکومت ہند متعدد اقدامات کر رہی ہے۔ حال میں حکومت نے ماہرین تعلیم، طلبا اور نوجوانوں کے رہ نماؤں پر مشتمل ایک کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا ہے جس کے مندرجہ ذیل مقاصد ہوں گے۔

اسکولوں اور کالجوں کے نصاب تعلیم اور نصابی کتابوں کا اس نقطۂ نظر سے جائزہ لینا جس سے آپس میں اخوت و محبت پیدا ہو۔ ایسے مواد کی نشان دہی اور اخراج جس سے مختلف گروہوں اور فرقوں میں نفرت یا کدورت پیدا ہوتی ہو۔

طلبا اور اساتذہ کی تنظیموں میں اگر کہیں تنگ نظری یا فرقہ پرستی کا عمل دخل ہے تو اس کو ختم کرنے اور برادرانہ جذبات کو فروغ دینے کے لئے مشورے دینا۔

اس کمیٹی کے سربراہ وزیر تعلیم ہوں گے اور اس کے ۴۰ دیگر ارکان ہوں گے جن میں ماہرین تعلیم، طلبا اور نوجوانوں کے رہنما ہوں گے۔ اس کے ساتھ حکومت نے ادیبوں کی بھی ایک کمیٹی مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ کمیٹی وہ طریقہ کار طے کرے گی جس سے قومی یک جہتی کے مقاصد کو فروغ حاصل ہو اور ملک کے دانشور طبقے میں قومیت کی اہمیت، کثرت میں وحدت اور ملک کی رواداری کی شاندار روایت کا احساس پیدا ہو۔ یہ کمیٹی ایسے مناسب ذرائع اور وسائل بھی تلاش کرے گی جن کے ذریعے اتحاد، یک جہتی، رواداری اور ہم آہنگی کے جذبات و خیالات کی تشہیر کی جائے تاکہ لوگوں کے دلوں سے تنگ نظری، نفرت، اور چھوت کے خیالات نکل جائیں۔ اس کمیٹی میں ملک کے ۱۸ ممتاز ادیب ہوں گے، جنھیں حکومت ہند نامزد کرے گی۔

یہ دونوں کمیٹیاں صحیح سمت میں درست اقدام کا درجہ رکھتی ہیں ہمیں امید ہے کہ دونوں کمیٹیاں اپنے فرائض کو حسن و خوبی کے ساتھ پورا کریں گی

آج کل کا اگست ۱۹۶۹ء کا شمارہ جدید ہندوستانی شاعری نمبر کی صورت میں پیش خدمت ہے۔ ہندوستان کی مختلف علاقائی زبانوں کے افسانوں کے تراجم اکثر رسائل میں شائع ہوتے رہتے ہیں مگر نظموں کے ترجمے کم دیکھنے میں آتے ہیں اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ نظموں کا ترجمہ بڑا مشکل کام ہے۔ اس کے علاوہ اکثر حالتوں میں ترجمہ اصل نظم کی کیفیت اور خصوصیت کا [illegible] نہیں کر پاتا۔

اس دقت سے قطع نظر ہم نے کوشش کی ہے کہ ہندوستان کی علاقائی زبانوں کی شاعری میں جو جدید میلانات اور رجحانات ۱۹۶۰ء کے بعد ابھر کر سامنے آئے ہیں اُن کی نشان دہی کر دی جائے تاکہ اُردو پڑھنے والے دوسری زبانوں میں ہونے والے کام اور تجربوں سے آگاہ ہو سکیں۔

جدید ہندوستان میں علاقائی زبانوں کا آپسی لین دین ناگزیر ہے۔ خصوصاً اُردو کے لئے یہ رشتہ بڑا اہم ہے کیوں کہ اُسے مختلف علاقوں میں مختلف علاقائی زبانوں سے واسطہ پڑ رہا ہے۔ اس رشتے کو مضبوط سے مضبوط تر بنانے کی سمت ضرورت ہے۔ ہمارا یہ نمبر اسی ضرورت کی طرف ایک اشارہ ہے۔

اس نمبر میں ۴۴ مضمون اور لگ بھگ ۵۰ نظمیں شامل ہیں۔ بیشتر مضمون متعلقہ زبانوں کے ایسے ادیبوں کے لکھے ہوئے ہیں، جو مختلف یونی ورسٹیوں میں اُس زبان کی درس و تدریس کا فرض انجام دیتے ہیں۔ متعلقہ زبان کے نمائندہ شعرا اور ان کی نظموں کا انتخاب بیشتر صورتوں میں مضمون نگاروں نے خود کیا ہے۔

نظموں کے ترجمے اصل سے یا پھر انگریزی سے اُردو میں کئے گئے ہیں۔ اس ذیل میں بیشتر کوشش یہ رہی ہے کہ نظم کا ترجمہ اصل کے مطابق ہو۔ جہاں کہیں ممکن ہوا ہے منظوم ترجمہ دیا گیا ہے۔

اس نمبر کے لئے ہمیں بعض نظمیں اور بعض نظموں کے تراجم بہت تاخیر سے ملے اس لئے یہ نظمیں خاص نمبر میں شامل نہ کی جا سکیں۔

مضامین حروف تہجی کے اعتبار سے ترتیب دیئے گئے ہیں۔ ہر مضمون کے بعد اس زبان کی چند نمائندہ نظمیں شائع کی گئی ہیں۔

ان مضامین اور منظومات کے مطالعے سے جہاں متعلقہ زبانوں کی شاعری کے رجحانات اور تخلیقات کا علم ہوتا ہے وہاں اس بات کا پتہ بھی چلتا ہے کہ مختلف زبانیں کس طرح ایک دوسرے کی ترقی میں معاون بن رہی ہیں۔ وہاں یہ بات بھی بالخصوص سامنے آتی ہے کہ مختلف قومی مسائل، حادثات اور واقعات پر ہندوستان کی ہر زبان کے شاعروں کے دل ایک ہی انداز سے دھڑکے ہیں۔ ان کا ردِ عمل ایک سا رہا ہے۔ یہ امر کثرت میں وحدت کی ایک اچھی مثال پیش کرتا ہے اور ہمیں احساس دلاتا ہے کہ زبانوں کے فرق کے باوجود ہمارے جذبات اور احساسات ایک جیسے ہیں کیونکہ ہم ایک قوم کے فرد ہیں۔

یہ نمبر آپ کو کیسا لگا اس کے بارے میں ہمیں اپنی رائے ضرور لکھئے گا۔



۱۹۶۰ء کے بعد

اردو شاعری

عمیق حنفی

بیسویں صدی کی ساتویں دہائی میں اردو نظم کی صورت و سیرت کے مطالعہ کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ اس دور میں نظم کی جو کتابیں اور مجموعے شائع ہوئے ہیں ان کی فہرست پر ایک نگاہ ڈال لی جائے۔ ۱۹۶۰ء کے بعد نظموں کے جو مجموعے اور طویل نظمیں (کتابی صورت میں شائع ہوئی ہیں ان میں سے چند کی فہرست یادداشت کی مدد سے اس طرح مرتب کی جا سکتی ہے۔

اس عرصے میں انجمن ترقی اردو (ہند) علی گڑھ نے ان شعرا کے انتخابات شائع کئے: سلام مچھلی شہری، کمال احمد صدیقی، عمیق حنفی۔

ان کے علاوہ جو کتابیں شائع ہوئیں ان میں سے یہ نام ذہن میں محفوظ ہو گئے ہیں۔

شکنتلا، انارکلی اور نہرو نامہ (ساغر نظامی) آب و سراب (جمیل مظہری) خوابوں کا مسیحا (اعجاز صدیقی) اوراق مصور (سکندر علی وجد) درد و داغ (اختر انصاری) نارسیدہ (وارث کرمانی) میری حدیث عمر گریزاں (آنند نرائن ملا) وطن میں اجنبی (جگن ناتھ آزاد) کاروان وطن (تلوک چند محروم) کلکتہ ایک رباب (حرمت الاکرام) سخن مختصر (جذبی) طلوع سحر جوئے کہکشاں (امجد نجمی) رقص خیال، نوائے تیشہ (ظفر حمیدی) انجمن آرزو، یک چمن گل (اختر اُرینوی) خواب زلیخا (حکیم یوسف حسین خاں) برگ نوخیز (عزیز تمنائی) برگ آوارہ (خورشید احمد جامی) پرواز خیال (قیصر قلندر) شرار سنگ (عرش ملسیانی) ۲۵ نظمیں اور ۴۲ نظمیں (کلیم الدین احمد) تیشہ (ظفر گورکھپوری) رنگ حنا (قیصر الجعفری) پاس گریباں (سلیمان اریب) تثلیث حیات (پرویز شاہدی) ضرب آتشیں (قمر ساوری) نوید عصر لینن (نیاز حیدر) مزدور نامہ اور موت کی شہنائی (حسن شہیر) اجنبی شہر اجنبی راستے (راہی معصوم رضا) پگھلا نیلم (سجاد ظہیر) گل تر اور بساط رقص (مخدوم) ایک خواب اور پیراہن شرر (سردار جعفری) پانی کی زبان عکس ریز (مظفر حنفی) مورج کا شہر (شہاب جعفری) شبنم شبنم، دل ناداں (کرشن موہن) تراشیدہ (شاذ تمکنت) زخم تمنا (مظہر امام) گفتنی سیہ بر سفید (مخمور سعیدی) عروج آدم۔ وادی گل، رفعت سروش میں اور تو۔ درد تنہائی (مظفر لاری) لہر لہر ندیا گہری (زبیر رضوی) چاندنی اساڑھ کی (راج نرائن راز) پرانے موسموں کی آواز، خواب تماشا (کمار پاشی) کالے کاغذ کی نظمیں (باقر مہدی) القا (مجاہد الانصاری) خالی مکان، آخری دن کی تلاش (محمد علوی) اسم اعظم (شہریار) پتھروں کا مغنی (وحید اختر) نیا عہد نامہ (خلیل الرحمن اعظمی) بازدید (منیب الرحمن) سندباد، شب گشت (عمیق حنفی)

۱۴ یہ جائزہ اردو نظم کا ہے

رشتۂ دل، سفر مدام سفر (بلراج کومل)، یادیں (اختر الایمان)، لفظوں کا پل (ندا فاضلی)، شمیم محمل (عابد مناوری)، گرمیٔ اندیشہ (صغیر احمد صوفی)، نغمۂ شب (اختر بستوی) اس مضمون کے لکھے جاتے وقت اختر الایمان کا مجموعہ بنت لمحات، شہریار کا مجموعہ ساتواں در اور قاضی سلیم کا مجموعہ نجات سے پہلے پریس میں تھے۔ عادل منصوری کے مجموعے کلام منسوخ کے زیر اشاعت ہونے کی خبر بھی گرم تھی۔ گنج سوختہ (شمس الرحمٰن فاروقی)، تمنا کا دوسرا قدم (صہبا وحید)، اکائی (بشیر بدر)، درد کا شجر (زبیر رضوی)، بھی پریس میں تھے۔

ان شعراء کے علاوہ بمل کرشن اشک، حسن نعیم، منظر سلیم، عزیز قیسی، آفتاب شمسی، حمید الماس، انور معظم، حسن کمال، محمود ایاز، مغنی تبسم، تخت سنگھ، ساجدہ زیدی، احمد ہمیش، زاہدہ زیدی، فضیل جعفری اور بشر نواز، کرامت علی کرامت نے اس زمانے کی شاعری کو وسعت دینے کی سعی کی ہے۔

ان کتابوں اور مجموعوں کا مطالعہ اردو نظم کی رفتار اور ترقی کی مختلف منزلوں اور اظہار کے مختلف مرحلوں کا اندازہ لگانے میں ہماری مدد کر سکتا ہے۔ بعض مجموعے اردو نظم کی روایت کے اتباع کی مثالیں پیش کرتے ہیں اور انکے مصنفین کی ثابت قدمی اور پایندگی کا ثبوت دیتے ہیں۔ موضوعات زمانہ تخلیق کی غمازی کر دیں تو کر دیں، ورنہ فارم، اسٹائل، ڈکشن، تیکنک سے شان نزول کے وقت کی کوئی اطلاع نہیں ملتی۔ وفاداری کی استواری ان کی خصوصیت ہے۔ سالگرہ اور برسی، پیدائش اور موت، شادی اور غمی، سیلاب اور قحط، حادثات اور ہنگامے، تہنیت اور تعزیت، استقبال اور الوداع وغیرہ کے مواقع پر شاعر کی موزونی، قادر الکلامی، بدیہہ گوئی، برجستگی اور استادانہ چابکدستی ان فن پاروں کو صفحۂ قرطاس پر اتار لاتی ہے اور مشاعروں میں داد و بیداد کے ہنگامے برپا کرتی ہے۔ یہ نظمیں ۱۹۳۰ میں بھی کہی گئی ہوتیں تو انکی خوبی اور اہمیت یہی رہتی جو ۱۹۶۹ء میں ہے۔ ان میں اردو شاعری کا روایتی رکھ رکھاؤ، بیان کی صداقت، سادگی، جوش، بندش کی چستی، بات سے بات پیدا کرنے کا سلیقہ، ایک ہی بات کو پہلو بدل بدل کر کئی طرح سے کہنے کا ڈھنگ، پُرگوئی، الفاظ کا شور اور صنائع بدائع کا زور لائق توجہ ہوتا ہے۔ اردو نظم کا یہ Conventional مکتب فن اب بھی مشاعروں میں مقبولیت رکھتا ہے اور سماجی سیاسی اور اخلاقی مقصدیت کو بنائے شعر ماننے والے حلقوں میں پسند کیا جاتا ہے۔

اردو نظم کی دوسری مضبوط روایت وہ تھی جس کی ابتدا ۱۹۳۶ء میں انجمن ترقی پسند مصنفین کے قیام سے ہوئی اور جس نے کم و بیش ۳۰ برس اردو شاعری پر اپنا رعب و داب قائم رکھا۔ انقلاب روس، انقلاب چین اور ہندوستان کی جنگ آزادی، ترقی پسند تحریک کے بنیادی موضوعات تھے اور طبقاتی کشمکش، امن، سامراج اور سرمایہ داری کی مخالفت اور کمیونزم کی حمایت اس کا اہم ترین فریضہ تھا۔ اشتمالی حقیقت پسندی، مارکسی جدلیات کمیونسٹ مقصدیت پر اس کا ایمان تھا۔ یہ تحریک اپنے عقائد و مفروضات کے سلسلے میں مذہبی کٹرپن سے زیادہ کٹرپن رکھتی تھی۔ ترقی پسند شاعری نے ایک طرف آزاد نظم کو اپنایا اور پروان چڑھایا تو دوسری طرف انیس اور نظیر کی روایت اور بولیوں اور لوک گیتوں کے اسالیب اور فارموں کا احیا کیا۔ ادب برائے زندگی کا نعرہ ترقی پسند تحریک نے بھی بلند کیا لیکن ایک محدود اور مخصوص مفہوم میں۔ ہر چند کہ انجمن ترقی پسند مصنفین نے مارکس اور لینن کے نظریۂ حیات اور فلسفہ معاشرت کو اپنا ایمان قرار دیا تھا اور اردو میں ترقی پسندی کا زور بھی دوسری زبانوں کے مقابلے میں زیادہ تھا۔ ترقی پسند شاعری، انقلاب اور بغاوت کا کوئی منظم اور مربوط تصور پیش نہ کر سکی اور اس کا سارا جوش و خروش رومانی ہیجان اور جذباتی غصے اور جھنجھلاہٹ سے آگے نہ بڑھ سکا اکثر یہ گمان بھی ہوا کہ یہ انقلابیت جذباتی Built-up اور Worked-up تھی۔ بہرصورت اس تحریک نے ایک تاریخی رول ادا کیا اور اردو شاعری کو حرکت و حرارت بخشی۔ زبان و بیان کو روایتی حدود سے نکال کر وسیع تر آفاق سے روشناس کرایا اور نئے اسلوب اور نئے فارموں کی دریافت اور ایجاد کی ضرورت پر زور دیا۔ آزاد نظم کے خدوخال سنوارنے میں نمایاں اور اہم حصہ لیا۔ چھٹی دہائی کے آخر میں انجمن ترقی پسند مصنفین توڑ دی گئی اور باضابطہ طور پر یہ تسلیم کر لیا گیا کہ انجمن اور اس کی تحریک غیر ضروری ہو گئی تھی۔ ۱۹۶۰ء کے بعد ترقی پسند شعراء کے جو مجموعے شائع ہوئے، ان میں یا تو رومانی نظمیں ہیں یا جدیدیت کے اثرات کے تحت کہی گئی نظمیں ہیں یا پھر ہنگامی موضوعات پر نظمیں ہیں۔ ان نظموں میں کمیونزم کی بین الاقوامی اخوت کی بجائے وطنی اور قومی جذبات کا اظہار کیا گیا ہے۔ انقلاب چین کے قصیدہ گویوں نے ۱۹۶۲ء میں چین کی برادر کشی کی مذمت میں نظمیں کہیں اور اسی جوش و خروش اور گھن گرج کے ساتھ کہیں جس جوش و خروش اور گھن گرج کے ساتھ چین کے انقلاب کا خیر مقدم کیا تھا۔ ہنگامی اور "مقصدی" موضوعات سے ہٹ کر ترقی پسند شعراء کی جو نظمیں ہیں انہیں بہ آسانی غیر ترقی پسند جدید نظموں کے ساتھ رکھا جا سکتا ہے۔ ۱۹۳۶ء ہی سے نئی شاعری کا سلسلہ شروع ہوتا ہے جسے حلقۂ ارباب ذوق نے

ترقی پسند شاعری کے ردِ عمل کے طور پر آگے بڑھایا اور تصدق حسین خالد، میراجی ن۔م۔ راشد، اختر الایمان، منیب الرحمٰن، مجید امجد، مختار صدیقی وغیرہ نے فارم، ڈکشن اور اسٹائل کی آزادی کو انفرادی، جذباتی اور نفسیاتی نکات کے اظہار کا وسیلہ بنایا۔ ۱۹۶۰ء سے پہلے کی نئی شاعری پر ترقی پسند شاعری کے روبرو ہونے کا احساس بہت شدید ہے اور ترقی پسند شاعری کا جواب پیدا کرنے کی کوشش بھی بعض شعراء کے یہاں شعوری اور پُرزور معلوم ہوتی ہے۔ لیکن نئے شعرا کا یہ احساس کہ شاعری سیاسی مذہبی اور سماجی مقاصد کی تکمیل کا آلۂ کار نہیں ہے اور شعری اظہار انفرادی فکر و احساس اور جذبہ و خیال کے داخلی دباؤ سے ہوتا ہے، نہ کہ خارجی دباؤ سے، حقیقی اور Genuine تھا اور ہے۔ ۱۹۳۶ سے ۱۹۵۰ تک نئی شاعری نے فرائڈ کی تحلیل نفسی کو اپنے اوپر ضرورت سے زیادہ ہی طاری رکھا۔ ۱۹۵۰ سے ۱۹۶۰ء تک فرائڈ کے اثر سے نکل کر نئے شاعروں نے نفسیات اور معاشرت کے دیگر نظریات اور مطالعات پر بھی توجہ کی۔ ترقی پسندی کے خلاف جارحانہ یا مدافعانہ رویوں کو ترک کر کے اپنے فن کو آزاد اور کھلی فضا میں ترقی دینے کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیا۔

۱۹۶۰ء کے بعد نئی شاعری میں زیادہ اعتماد اور زیادہ توانائی پیدا ہوئی۔ اب وہ تجربات کے دور سے نکل کر اردو شاعری کا ایک نمایاں اور ممتاز حصہ بن چکی ہے۔ یہی نہیں وہ فلسفہ، سیاست، مذہب وغیرہ کو نہ اپنا رہنما مانتی ہے نہ حریف۔ نئی شاعری اپنے آپ کو دیگر علوم و فنون کے ساتھ مساوی سطح پر رکھتی ہے اور کسی علم یا کسی فن یا کسی مسلک کے سامنے اسے کمتری کا احساس ذرا بھی نہیں ہوتا۔

۱۹۶۰ء کے بعد اردو کی نئی نظم نے ایک مستقل اور اہم حیثیت اختیار کی۔ میچ کے ذریعے بات کا چلن عام ہوا۔ علامتوں کا فن کارانہ استعمال بعض شعرا کے لئے اصل شاعری قرار پایا۔ نئی نظم نے ترسیل و ابلاغ کے مسائل پر بحث و تمحیص کا سلسلہ شروع کیا۔ شاعرانہ اظہار روایت کو اتنا پیچھے اور الگ چھوڑ گیا کہ مشاعروں میں فوراً سمجھنے اور داد دینے والا ذہن اس نئے پیچدار اظہار سے پریشان ہونے لگا۔ بیشتر ناقدینِ نظم کی نئی ساخت اور نئی تیکنک کو سمجھنے سمجھانے کے بجائے اس پر برس پڑے۔ بعض نے اس نظم کو بلکہ اس شاعر کو درآمد شدہ مال بتایا، بعض نے اسمگلنگ کا الزام لگایا، بعض نے مجذوب کی بڑ قرار دیا اور بعض نے کہا کہ یہ سب عجز بیان کا نتیجہ ہے۔ پونم (حیدرآباد) شاعر (بمبئی) شب خون (الہ آباد) کتاب (لکھنؤ) وغیرہ میں نئی نظم پر اور اس سے پیدا شدہ ابلاغ کے مسائل پر باقاعدہ بحثیں ہوئیں۔ تخلیق (دہلی) نے مختصر نظم نمبر اور سوغات (گلبرگہ) نے جدید نظم نمبر شائع کئے۔ علی گڑھ یونیورسٹی نے جدیدیت پر ایک سیمینار کیا اور ایم اے (اردو) کے نصاب میں جدید شاعری کا ایک اختیاری پرچہ شامل کیا۔ سردار جعفری نے [illegible] گفتگو میں پرانے اور ترقی پسند ادیبوں کے ساتھ نئے شاعروں اور ادیبوں کو بھی ایک ممتاز جگہ دی اور رسالے کے اعلان نامے میں ان کی اہمیت اور افادیت کا [illegible] کیا۔ آل انڈیا ریڈیو کے مختلف اسٹیشنوں سے نئی شاعری اور اس پر مذاکرے اور تقاریر نشر کی جانے لگیں۔ رسائل نے نئی شاعری کو سر آنکھوں پر رکھا۔ اس طرح ۱۹۶۰ء کے بعد نئی شاعری کو اردو ادب میں ایک مستقل، معزز اور ممتاز مقام حاصل ہوا۔

نئی شاعری بالخصوص نئی نظم نے جدید تنقید کو جنم دیا۔ نئی شاعری کے سلسلے میں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ نئے شاعروں میں سے بیشتر اپنے نظریۂ شعر اور اپنے فکر و فن پر مضمون لکھ سکتے ہیں اور لکھتے ہیں۔ نئے رجحانات اور ادب کے نئے رویوں پر اچھا عبور رکھتے ہیں۔ نئی شاعری کے appreciation کے لئے زمین تیار کرنے اور فضا ہموار کرنے میں باراج کومل، محمود ہاشمی، شمس الرحمٰن فاروقی نے نمایاں حصہ لیا ہے۔ آل احمد سرور، خلیل الرحمٰن اعظمی، وحید اختر، مغنی تبسم، عالم خوندمیری، باقر مہدی، محمود ایاز، کرامت علی کرامت، شکیل الرحمٰن، گوپی چند نارنگ، فضیل جعفری، ندا فاضلی، شمیم حنفی، بشر نواز وغیرہ نے بھی نئی شاعری کے افہام و تفہیم کے سلسلہ میں نہایت اہم اور مفید مضامین لکھے ہیں۔ نئی شاعری کے خلاف تعصب کو کم کیا ہے اور اس کی مفروضہ اجنبیت سے پیدا شدہ خوف و ہراس کو ختم کرنے میں حصہ لیا ہے۔

نئی شاعری غیر مشروط ذہن کی شاعری ہے۔ غیر مشروط ذہن سے مراد وہ ذہن نہیں ہے جو فلسفہ، سیاست، تاریخ، سائنس، مذہب وغیرہ سے کوئی واسطہ ہی نہ رکھتا ہو، بلکہ وہ ذہن ہے جو حساس اور باشعور ہو، جو خارج میں واقع ہونے والے تمام تر تغیرات کا قبول کرتا ہو لیکن کسی کے تابع نہ ہو۔ باہر سے Dictation لے کر شعر کہنے پر مجبور نہ ہو بلکہ کسی داخلی ضرورت کے باعث اپنے آپ کو تخلیق میں مبتلا کرے۔

نئی شاعری جدید حسیت کی شاعری ہے۔ جدید حسیت اس عہد کے [illegible] فرد کی اپنی سوچ اور [illegible] کے امتزاج کا نام ہے۔ [illegible] جو اپنے دل و دماغ کو آزاد رکھتا ہے اور حقائق کو نظریات کی عینک سے نہیں دیکھتا اور اپنی عقل سلیم اور فہم عامہ کو منشور اور [illegible] کے [illegible]

دنیا، فرد اور فرد، فرد اور سماج، فرد اور کائنات یعنی فرد اور زمان و مکان کے رشتوں کو اپنے تمام علم و ادراک و احساس کے ذریعے تلاش کرنا چاہتا ہے یہ حسیت Sensibility نہ محض جذباتی ہے اور نہ محض فکری نہ محض حسی ہے، نہ محض منطقی اور نہ محض عمودی ہے اور نہ محض افقی، نہ تجرباتی ہے اور نہ محض امتزاجی۔ اس حسیت کی بظاہر متضاد عناصر تشکیل کرتے ہیں اور یہ حقائق کو کلی اور انسانی Perspective میں دیکھتی ہے۔

یہ کہنا صحیح ہے کہ نئی شاعری موضوعاتی نہیں ہے۔ لیکن یہ کہنا غلط ہے کہ نئی شاعری میں موضوعات نہیں ہوتے۔ موضوعات ضرور ہوتے ہیں لیکن ان کی حیثیت صرف Starter کی ہوتی ہے۔ موضوع شاعر کے ذہنی، جذباتی اور حسی عوامل کو متحرک کر دیتے ہیں اور پھر تاثرات اور کیفیات کی وہ فضا بنتی چلی جاتی ہے جسے نئی نظم کہا جاتا ہے۔ موضوع نئی نظم کا مواد بن جاتا ہے خارجی مناظر یا باہر کی دنیا ہیں رونما ہونے والے واقعات اور حادثات طبیعی اور مادی حقائق نئے شاعر کے لئے نفسیاتی تلازمات بن جاتے ہیں۔ نئی نظم کسی موضوع "پر" یا کسی شخص یا شے یا واقعے "کے بارے میں" نہیں ہوتی بلکہ اس داخلی ردِ عمل کو پیش کرتی ہے جو کسی موضوع یا کسی شخص یا کسی شے یا کسی واقعے کے تجربے نے شاعر میں پیدا کیا۔ نئی شاعری کی داخلیت پسندی اور انفرادیت نوازی سے اکثر یہ معنی نکالے جاتے ہیں کہ نیا شاعر سماجی شعور نہیں رکھتا اور فرد کی بے لگام آزادی License کا حامی ہے۔ اگر تعصب اور جانب داری کی عینک اتار کر نئی شاعری کا مطالعہ کیا جائے تو نئی شاعری میں سماجی اور تاریخی شعور کی گہرائی بہت ہے۔ یہ احساس نئی شاعری ہی بیدار کرتی ہے کہ اس "ٹیکنوکریسی" اور میکانکی معاشرت اور سیاست کے جبر و اقتدار کی مناسب حد بندی بہت ضروری ہے۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو انسان اور انسانیت اپنی ہی مخلوق کی غلام ہو جائے گی۔ نئی شاعری ہی نے اس ہوشمندی کو جنم دیا ہے کہ انسان ہی اوّل کائنات ہے۔ نظریات، فلسفے، سیاسی نظام انسانیت کے علمی اور عملی آلات کار ہیں، وسیلے ہیں، ذرائع ہیں۔ انسانیت اول و آخر ہے۔

نئی شاعری، کیفیات، تاثرات اور احساسات کی شاعری ہے۔ شاعر اپنے آس پاس سے کیسے متاثر ہو رہا ہے اور تغیرات زمانہ اس کے احساسات اور جذبات کے نظام پر کس طرح اثر انداز ہو رہے ہیں۔ نئی نظم اس کا آئینہ ہے۔ کیا وجہ ہے کہ اس آباد اور ترقی پذیر دنیا اور عیش و عشرت اور آرام و راحت کے نت نئے ساد ھن، جٹانے والی سبھتا میں آدمی کسوٹی اور طمانیت نہیں پاتا؟ وہ اپنے آپ کو تنہا اور اجنبی کیوں پاتا ہے؟ اسے فلک بوس عمارتیں اور ایر کنڈیشنڈ تفریح گاہوں کے بجائے جنگلوں کھیتوں، باغوں چرندوں پرندوں، سمندروں آبشاروں میں زیادہ اپنا پن کیوں محسوس ہوتا ہے عشق اس کے لئے ایک جذباتی اور پرشور Loud نامک اور ایک ذہنی عیاشی کے بجائے انسان کے بنیادی جبلتی ضروریات میں سے ایک ہے عشق ایک Fellow spirit کی تلاش ہے۔ ایک ادھوری شخصیت کی تکمیل کی آرزو ہے۔ دو جسموں کے دلی ذہنی اور روحانی اتصال کی خواہش ہے۔ نئی شاعری میں انسان کی خرابی و تباہی و بربادی کے خلاف غصہ اور جھنجھلاہٹ ہے۔ غلط جامد اور فرسودہ اور نامعقول اخلاقی اور سماجی قدروں اور تقاضوں کے خلاف احتجاج ہے۔ اس طرح نئی شاعری نہ تو کوئی پیغام دیتی ہے، نہ نصیحت کرتی ہے، نہ مسائل کا ریڈی میڈ حل کسی نظریے یا نظامِ فکر کی صورت پیش کرتی ہے۔ نئی شاعری تشکیک اور استفہامیہ اضطراب اور تشویش کا اظہار کرتی ہے اور انہیں کیفیات کو قاری میں پیدا کرتی ہے۔ اس عہد کی بے یقینی، تشویش اور فقدانِ احساسِ سلامتی کو بار بار ابھارتی ہے۔

نئی شاعری کی لے بالعموم مدھم رہتی ہے۔ درشتگی اور خفگی کا لہجہ اختیار کر کے بھی نیا شاعر خطیبانہ گھن گرج Rhetorical Loudness کا شکار نہیں ہوتا بعض نئے شعرا نے غنائی تشویق Lyrical Impulse. کو اپنی شاعری کی جان بنا دیا ہے۔ ان کی نظموں کا مزاج بھی گیتوں بلکہ لوک گیتوں کی طرح سادہ اور انداز رُود اثر ہوتا ہے۔ بعض کے یہاں نثریت اور نثری انداز بیان اور ڈکشن نظم نگاری کی خصوصیت ہے۔ لیکن نئی نظم بالعموم ویسا ہی ڈھانچہ رکھتی ہے جیسا ترقی پسندوں اور حلقۂ ارباب ذوق کے شاعروں نے بنایا تھا۔ دنیا کی تقریباً ہر زبان میں نئی نظم کے لئے بحر و وزن غیر ضروری قرار دیے جا چکے ہیں اور نظم آزادے میں لکھی جا رہی ہے۔ یعنی اس کے ظاہری آہنگ اور نثر کے آہنگ میں کوئی فرق نہیں ہوتا لیکن اردو کی نئی نظم موزونیت کی دلدادہ ہے اور عروضی کشش سے دامن نہیں چھڑا پاتی۔ بعض نظموں میں تو مقفیٰ مصرعے اور اندرونی قافیے اب بھی آ جاتے ہیں

کوئی نیا شاعر اپنی بات امیج کی صورت میں کہتا ہے تو کوئی علامتوں

کی بلاغت اور اختصار سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ کفایت لفظی اور ارتکاز نئی نظم کی بہت بڑی خوبی سمجھی جاتی ہے۔ شعری Poetic statement بھی بعض شعرا کا پسندیدہ وسیلۂ اظہار ہے۔ الفاظ کا استعمال کچھ اس طرح کیا جاتا ہے کہ تاثر کی کئی کئی معنوی پرتیں بن جاتی ہیں اور ہر قاری حسب توفیق شاعر کے تجربے میں شریک ہو سکتا ہے۔ نئی نظم نے "شعری زبان" اور شعری محاورہ" کی تخصیص ختم کر دی ہے اور مفرس و معرب زبان کے استعمال کو عیب قرار دیا ہے۔ نیا شاعر Stock expressions اور Stock emotions روزمرہ اور محاوروں کے استعمال سے بچتا ہے Cliches سے شاعر کو Allergy ہے۔ نیا شاعر لفظ کا تخلیقی استعمال کرنا جانتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ ایک نیا شاعر الفاظ کو اپنے تاثر یا کیفیت کی ترسیل کے لئے استعمال کرتا ہے تو دوسرا الفاظ سے اس داخلی فضا کے قائم کرنے میں مدد لیتا ہے جو اس سے نظم لہلہا رہی ہوتی ہے۔ بعض جدید تر شعرا نے لفظوں کی اپنی صوتی خوبیوں اور لے سے لطف اندوز ہونے کو بھی شاعری مان لیا ہے۔ بعض الفاظ کا استعمال نشانات Signs کے طور پر کرتے ہیں تو بعض اشارات Suggestions کے طور پر بہر حال صفات اور غیر ضروری اور بوجھل آرائشی الفاظ سے نئی نظم کوئی سروکار نہیں رکھتی۔

نئی شاعری کی جو کتابیں ۱۹۶۰ کے بعد شائع ہوئی ہیں اور جو تخلیقات رسائل کے ذریعہ ہم تک پہنچی ہیں، ان سے اردو شاعری کی ترقی پذیری اور تخلیقی توانائی کا ثبوت ملتا ہے۔ اختر الایمان کا مجموعہ یادیں جس پر انہیں ۱۹۶۴ء میں ساہتیہ اکادمی انعام بھی دے چکی ہے اور ان کی وہ نظمیں جو اس مجموعے کی اشاعت کے بعد چھپی ہیں ہمیں ایک ایسی حقیقت پسندی، انسان دوستی اور شاعرانہ حسیت سے متعارف کرتی ہیں جو غیر مشروط اور فطری ہے اور جس میں آج کے شعور و احساس کی صداقت موجزن ہے۔ اختر الایمان کی شاعری میں جذبہ ذہن کے تابع رہتا ہے اور وہ سماجی حقائق کو محسوس کر کے ان کا اظہار کرتے ہیں، بیان نہیں۔ اختر الایمان فیض، راشد، میراجی کے ذرا بعد کی نسل کے شعرا سے تعلق رکھتے ہیں جس میں مجید امجد، منیب الرحمٰن، قیوم نظر، یوسف ظفر وغیرہ شامل ہیں لیکن ان کی شاعری اب بھی Growth کا ثبوت دیتی ہے۔ اختر الایمان کی زبان روایتی "شعری زبان" اور ترقی پسند شعرا کی زبان سے مختلف ہے۔ منیب الرحمٰن کا مجموعہ "بازدید" جدید حسیت کی شرافت، لطافت، متانت، نفاست کا نمونہ ہے۔ منیب صاحب کی شاعری اختصار، ارتکاز اور الفاظ کی مصوری کی شاعری ہے۔ ان کی شاعری میں ایک محسوس فکر کا اظہار ملتا ہے جو اپنی گہرائی اور ملائمت کی وجہ سے بظاہر رومانی معلوم ہوتا ہے لیکن اس میں جذباتیت اور ترشویقی ابال نہیں ہوتا۔ خوش سلیقگی اور وقار منیب صاحب کی ہر نظم میں نمایاں ہے۔ منیب صاحب کی شاعری میں ایک ایسا شخص بولتا اور گاتا اور کہانی سناتا نظر آتا ہے جس کی آنکھیں نیم وا ہیں اور جس کے ماتھے پر شکنیں ہیں اور جس کے چہرے پر فکرمندی اور کرب ہے۔ خلیل الرحمٰن اعظمی کا مجموعہ "نیا عہد نامہ" نو کلاسیکی روایت کا اگلا قدم ہے۔ خلیل صاحب نے اس مجموعے میں اردو نظم اور غزل کی روایات کے تخلیقی تسلسل کو قائم رکھتے ہوئے جدید حسیت اور اپنے انفرادی ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ خلیل صاحب Poetic statement کے ذریعہ بات کہتے ہیں اور ان کی بات سمجھنے میں کوئی دقت نہیں ہوتی۔ محمد علوی کے مجموعے خالی مکان اور آخری دن کی تلاش ایک ایسی پیاری شخصیت سے قربت کا لطف عطا کرتے ہیں جو اپنی شوخ و شریر آنکھوں سے اپنے گرد و پیش کو دیکھتی رہتی ہے اور بالکل اسی طرح اپنے اندر بھی جھانک لیا کرتی ہے۔ علوی کی شاعری Delightful ہے، انہیں مفکرانہ سنجیدگی سے کوئی سروکار نہیں۔ وہ ایک کھلنڈرے احساس کے مالک ہیں اور ان کی دہانت جدید زندگی کے تلخ حقائق میں بھی ہنسنے ہنسانے کے پہلو دیکھ لیتی ہے۔ علوی کے یہاں شوخی کے ساتھ ہی تندی بھی ملتی ہے اور کبھی کبھی بغیر منہ بگاڑے بگڑنے کی ادا بھی وہ دکھاتے ہیں۔ وہ سنجیدہ اور مزاحیہ کے درمیانی خط کے شاعر ہیں۔ بلراج کومل کے دونوں مجموعے رشتۂ دل اور سفر مدام سفر، ان کے تخلیقی سفر کی نہایت اہم منزلوں کے نشانات ہیں بقول وزیر آغا کومل حال کے متحرک لمحے پر ٹھیرتے ہوئے ماضی اور مستقبل پر نگاہ ڈالتے چلے جاتے ہیں اور ان کی شاعری ایک واضح جہت رکھتی ہے۔ بلراج کومل کی نظموں میں ایک معنوی تہہ داری اور تاثراتی پہلو داری ملتی ہے۔ ان کے قاری اپنی اپنی توفیق کے مطابق ان کی نظم کے فکر، جذبے، احساس سے فیض اور حظ اٹھا سکتا ہے۔ کومل کا ڈکشن اور طریقۂ اظہار ان کی انفرادیت کا ضامن ہے۔ ان کی نظموں کی زبان ان کی گفتگو کی زبان سے مختلف نہیں ہے۔ اظہار استعاروں اور علامیوں کے خلاقانہ

...ا ہوتا ہے اور ... سے لاشعور کے پاتال یا تاریخ ... کے فیصلوں سے ہمیں روزمرہ زندگی سے آتے ہیں۔ میری طویل نظم ... "دو سال ہی میں شائع شدہ مجموعہ "شب گشت" (جس میں سندباد ... ہے) ... کی ناکامی کے بعد میں شاید مفید ثابت ہوں۔ ... گئے ہیں وہی شعور، لاشعور، سائل، آفاقی اور انفرادی نسبیت اور موسم و ... سے آنے والی حسی اظہارات مل جائیں گے۔

نظر و ناظر کس طرح علائم بن جاتے ہیں۔ اس کا تجزیہ بھی مل جائے گا۔

... پر تبصرہ کرتے ہوئے کومل نے میری فکر کو "وجودی فکر" قرار دیا تھا۔ بہت غور کرنے کے بعد ایک بڑی حد تک اپنے آپ کو کومل سے اتفاق کرنے پر آمادہ پاتا ہوں۔ وحید اختر کا مجموعہ "پتھروں کا مغنی" زبان بیان کے اعتبار سے نئی شاعری کا مجموعہ معلوم نہیں ہوتا۔ وحید اختر فارسی ... آمیز اور فارسی الفاظ و محاورات کے موہ سے اپنا دامن نہیں چھڑا سکے ہیں اور شاعری کے لئے ایک مخصوص قسم کی زبان کے استعمال کا نظریہ بھی اب تک رکھتے ہیں۔ ان کی شاعری میں موضوعات کی طرف وہی رویہ کارفرما نظر آتا ہے جو ترقی پسند شاعروں کا رویہ ہے سوہ روایتی استعاروں ہی میں بات کہتے ہیں۔ ان کی شاعری پر فیض و راشد کے کئی اثرات نظر آتے ہیں جو بالخصوص Pre tment ڈکشن اور Rhythmic pattern کے سلسلے میں۔ پھر بھی وحید اختر کی شاعری سے دلی لگاؤ ہے۔ وحید اختر کی حسیت ... (Sensibility) بہت بڑی حد تک جدید ہے اور ان کی نظمیں ... کسی نظام یا کسی نظریہ کی تطبیع اور آلۂ کار نہیں ہیں۔ وحید اختر نے استعاروں کو نئے ڈھنگ سے برتنے اور پرانے الفاظ کو نئے مفاہیم دینے کے تجربے بھی کئے ہیں۔ باقر مہدی کے دوسرے مجموعے "کائے نما" کی نظمیں میں ان کے مجموعے "شہر آزو" کے تجربات کی توسیع اور ان کے فن کی Maturity نظر آتی ہے۔ باقر کی نظم نگاری ایک منطقی اور انشائیہ ... رکھتی ہے۔ ان کی نظم فارمیشن پہلے سے سوچا سمجھا ہوا ہوتا ہے اور ان کا طریق اظہار تخلیق کے بجائے تعمیر نظر آتا ہے اس مجموعے کی نظموں میں باقر نے نثر کی زبان اور نثری بیان کو نظم میں برتنے کے تجربے کو اور اعتماد کے ساتھ آگے بڑھایا ہے۔ باقر کا فن روایتی اور ترقی پسند شاعروں سے اختلاف اور امتیاز کا شعوری احساس کبھی ... پھوٹتا ہے Consciousness باقر کی شاعری میں

کہیں خوبی اور کہیں عیب بن جاتی ہے۔ باقر مہدی شاعری کے سماجی اور سیاسی Function کے قائل ہیں لیکن spectability اور Establishment سے انہیں چڑ ہے اور یہ چڑ پہلے جھنجھلاہٹ اور چڑچڑاہٹ کی صورت میں ظاہر ہوتی تھی اور اب ایک طویل اور مسلسل قہقہہ بن گئی۔ شاذ تمکنت، زبیر رضوی اور ندا فاضلی کا ذکر میں ایک ساتھ کروں گا۔ تینوں میں چند قدریں مشترک ہیں تینوں کے یہاں غنائی تشویق کا زور ہے۔ تینوں کی شاعری میں زبان کی تسہیل کا عمل ملتا ہے۔ تینوں کے یہاں ذاتی محرکات کا عمل دخل بہت زیادہ ہے شاذ اور زبیر کی شاعری کا بیشتر حصہ عشقیہ اور رومانی معاملات اور جذبات محبت کے اظہار کے لئے وقف ہے۔ شاذ کی زبان اردو غزل اور تغزل کی روایت اور مجاز، فیض اور فراق کی رومانی زبان سے متاثر ہے۔ زبیر پر گیتوں اور لوک گیتوں کی زبان اور لہجے کا اثر زیادہ ہے۔ شاذ اور زبیر نے زیادہ تر پابند نظمیں کہی ہیں اور التزامات کا پورا دھیان رکھا ہے۔ دونوں کا ردعمل بھی اکثر جذباتی ہوتا ہے جو ان کی شاعری پر نورومانی ہونے کا گمان پیدا کرتا ہے۔ ندا فاضلی کی نظموں کی لے بالعموم تیز ہوتی ہے اور وہ بھی گیتوں کی زبان کو پسند کرتے ہیں لیکن ان کی شاعری گھر آنگن کے چھوٹے بڑے سکھ دکھ، ذاتی مسائل، جنسی لطائف، غریب الوطنی، بے کاری، بے مصرف تگ و دو، تجرد اور تنہائی اور زندگی اور سماج کو بدلنے کی معصوم آرزوؤں کی حسی تصویریں زیادہ پیش کرتی ہیں۔ ندا فاضلی نے ہندی "دوہوں" کی طرز پر اردو میں دوگیت لکھے ہیں جن میں آج کی زندگی اور آج کے جذبات آج کی زبان میں ظاہر ہوئے ہیں۔ زبیر کی شاعری کا مزاج سرد اور نرم، شاذ کی شاعری کا معتدل اور مدھم اور ندا کی شاعری کا گرم اور تیز ہے۔ ندا کے یہاں حسیت اور انسانی جبلتوں تک اتر جانے کے رجحانات، سادہ توانا اور زندہ زبان میں خوبصورت اور دل و دماغ کو چھونے والی نظموں اور گیتوں کی شکل میں ظہور پذیر ہوئے ہیں۔ شہریار کا پہلا مجموعہ اسم اعظم جدید طنز، جدید اشاریت اور تحت نغمہ ترنم کی خوبصورت مثالیں لے کر سامنے آیا۔ نئے عہد کے فرد کے خواب اور شکست خواب کے کرب کا اظہار شہریار نے اپنے ڈھنگ سے کیا ہے۔ شہریار اپنی شاعری میں اپنی تلاش میں کھوئے ہوئے نظر آتے ہیں۔ شہریار کی زبان نئی غنائیت کا نشان دہی کرتی ہے۔ کمار پاشی کے مجموعے "پرانے موسموں کی آواز"

اور "خواب تماشا" نئی شاعری میں الیاتی احساس کی کارفرمائی کے اہم مظاہر ہیں۔ پاشی کے یہاں اساطیری طرز احساس ملتا ہے جو اسماء، اشیاء اور عوامل کے ایسے گوشے اور ایسے پہلو اجاگر کرتا ہے کہ ایک تازگی و تحیر محسوس ہوتا ہے۔ پاشی کی شاعری میں ایک احساس اور متحرک ذہن تیز تیز چلتا ہوا نظر آتا ہے۔ پاشی علامیوں اور Archetypes کے شاعر ہیں۔ وہ ایک ساحرانہ فضا پیدا کرتے ہیں اور ایک تاثراتی ماحول بنا دیتے ہیں جس میں ذہن استعجاب کی منزل سے گزر کر استفہام کے مقام تک پہنچ جاتا ہے اور پھر جواب کے لئے کرید محسوس کرتا ہے۔ "چاندنی اساڑھ کی" کے شاعر راج نرائن رازؔ احتیاط، نظم و ضبط اور رکھ رکھاؤ کے شاعر ہیں۔ ان کی شاعری بھی اس دور میں فرد کے ایسے کے مختلف پہلوؤں کا اظہار کرتی ہے اور تجرید اور تجسیم کے درمیانی علاقے میں استعارات کے ذریعے سیدھی سادی زبان میں ان کے احساسات کی کہانی کہتے ہے۔ مخمور سعیدی کا مجموعہ "سیہ برسفید" اردو نظم و غزل کی روایت کی توسیع کی ایک اور مثال پیش کرتا ہے۔ مخمور سعیدی یادوں اور خوابوں کے شاعر ہیں۔ ان کی ایک نظم میں Nostalgia کا اظہار ہوتا ہے تو دوسری میں Day-Dreaming کا۔ ان کی نظموں میں تیکنک اور لفظیات کے سلسلے میں کسی Experimentation کی تلاش فضول ہوگی۔ ان کی زبان و بیان اور نظموں کی ساخت اور آہنگ پر اردو نظم نگاری کی روایت کا بہت گہرا اثر ہے۔ موضوعات کا انتخاب کہیں کہیں رومانی انداز کا غماز ہے۔ لیکن مخمور سعیدی نئی حسیت اور جدت کے پرستار ہیں۔

مظہر امام کا مجموعہ "زخم تمنا" نئی نظم اور جدید حسیت کی بعض اچھی مثالیں پیش کرتا ہے لیکن اپنے تنوع اور Variety کے باعث نئی شاعری کے مجموعے کی حیثیت سے زیادہ مقبول نہ ہو سکا۔ مظہر حنفی کا مجموعہ "پانی کی زبان" اور ان کی طویل نظم "عکس ریز" طنزیہ شاعری کے بعض تجربات پیش کرتی ہیں۔ مظہر حنفی کسی احساس یا کسی خیال کے فوری اظہار کے قائل ہیں اور اپنے استاد شاد عارفی مرحوم کی زبان و بیان کی روایت پر قائم رہنے اور اسے شعری ضروریات کے مطابق ڈھالنے کا تجربہ کرتے رہتے ہیں۔ ان کی شاعری میں ذات سے زیادہ سماج پر زور ہے۔ مظہر اپنے آپ کو جدید حسیت اور نئے طرز کے اظہار کے قریب پاتے ہیں۔ شہاب جعفری نے شعور رچ کا شاعر ہیں۔ روایت سے جدت کی طرف تیزی سے قدم بڑھایا ہے اور آج کی مشینی اور مصنوعی مصروفیات کے خلاف ایک حسی احتجاج کی صدا بلند کی ہے۔

قاضی سلیم، بوں تو خلیل الرحمن اعظمی، محمد علوی، مبراج کول، ہمین حنفی وغیرہ کے Age group کے شاعر ہیں لیکن شاعری میں ان کا ذکر خیر ۱۹۶۰ء کے بعد ہی شروع ہوا۔ ان کی نظمیں ایک سلجھے ہوئے بیدار اور ہمیشہ سوچتے ہوئے ذہن کی نشاندہی کرتی ہیں۔ ایک نقطہ و احساس کو ہلکا گہرا پھیلا کر وہ نظم بنا دیتے ہیں۔ قاضی صاحب ہیں تو علامیاتی شاعر لیکن ان کی نظمیں ناقابل افہام و تفہیم نہیں ہوتیں۔ ان کی بیشتر ایمائیت سے ایک دھندلی دھندلی خوابگوں فضا پیدا ہوتی ہے۔ ان کا طرز احساس مفکرانہ ہے لیکن اظہار نہایت شاعرانہ ہے۔ ان کے فن میں پختگی اور اظہار میں Maturity انہیں اہم اور قابل ذکر جدید شعرا کی صف میں مقام دلاتی ہے۔

عادل منصوری اور احمد ہمیش کے ذکر کے بغیر نئی نظم کا کوئی جائزہ مکمل نہیں ہو سکتا۔ ہندوستان میں یہی دو شاعر جدید تر رجحانات کو اساس شعر بنائے ہوئے ہیں۔ ان میں نئی پود کا غصہ اور جھنجھلاہٹ بھی ہے اور Established values کا مذاق اڑانے کا جذبہ بھی۔ ان کی بے یقینی بذات خود ایک یقین بن گئی ہے۔ انہیں روایات اور پرانی اقدار کے پرستاروں کو چھیڑنے اور چڑانے میں بڑا مزا آتا ہے عادل منصوری نے ذاتی تلازمات اور ایک مخصوص شخصی ایمائیت کو اختیار کیا ہے۔ عادل کا لہجہ ہمیش تر غصیلا رہتا ہے اور ایک ناراضگی کی کیفیت اس کی زبان پر طاری رہتی ہے۔ لیکن کبھی کبھی وہ Antisolemnity کو اختیار کر لیتا ہے اور Surdity کو بھی منہ کا مزا بدلنے کے لئے اپنا لیتا ہے۔ اس دور کی لایعنیت اور بوریت کے تاثر کی ترسیل کے لئے یہ آلے اپنے استعمال کا معقول جواز رکھتے ہیں۔ عادل مصور بھی ہے اور رنگ و خط کے علاوہ لفظوں سے بھی مصوری کرتا ہے اس کی نظموں میں لفظ جن خطوط اور رنگوں کا تاثر پیدا کرتے ہیں، ان خطوط و رنگ سے داخلی کیفیات اور احساسات کی متحرک تصویریں بنتی ہیں۔ عادل حسی پیکروں اور شخصی علامیوں اور تلمیحات سے اپنی نظم کو زبردست معنوی تہہ داری عطا کرتا ہے۔ الفاظ کی شکست و ریخت اور تخریب کا شغل بھی عادل کو بہت پسند ہے۔ احمد ہمیش کے یہاں شعور کی رو سے نظم پیدا کرنے کا فن قابل توجہ ہے۔ ہمیش پر

افتخار جالب اوران کے ہم خیال شعرا کے مسلک اور نظریات کا بہت گہرا اثر ہے۔ ہمیش کی نظموں کا Composition Process ہلزا ہے اور بعض سطریں الفاظ کے ملبوں سے بنتی ہیں۔ اسم کو فعل، فعل کو صفت، ضمیر کو اسم بناکر اپنے ردعمل کا اظہار کرنا ہمیش کو بہت پسند ہے۔ ہمیش بھی انفرادی احساس کے ساتھ سماجی شعور کو حل کرکے اظہار کا آمیزہ تیار کرتا ہے۔ ہمیش کے یہاں عدم تحفظ، رائیگاں ہونے اور زندگی کی بے جہتی کے احساس کی یہ تکرار بہت ملتی ہے۔ عادل اور ہمیش ہی کی طرح عتیق اللہ اور صادق بھی نفسیاتی طریق اظہار کے تجربات کرتے رہے ہیں مگر ابھی ان کے تجربات نے کوئی قابل شناخت شکل نہیں اختیار کی ہے۔

نظم بالخصوص نئی نظم کے بیک وقت کئی Levels of Appreciation ہوتے ہیں۔ محض ترسیل مطالب سب کچھ نہیں ہے۔ نظم کی اپنی ساخت، نظم کا داخلی ارتقا، الفاظ کے برتنے اور ان سے تاثر اور فضا پیدا کرنے یا حسی تصویر بنانے کا عمل، آوازوں اور نظم کی لے کا مجموعی تاثر، نظم کے خارجی اور داخلی محرکات کا مطالعہ، شاعر کے فکری اور حسی تجربے میں شرکت کی خواہش اور کوشش قاری کو غیر معمولی حظ اور لطف دے سکتے ہیں اور نظم کے Appreciation کا تجربہ بذات خود ایک گرانقدر تجربہ ثابت ہوسکتا ہے جو قاری کے فکری، جذباتی اور حسی نظام میں خاموشی سے تبدیلیاں پیدا کرکے اسے بدل بھی سکتا ہے۔

نئے شاعروں میں بعض نے کلاسکی روایات میں، بعض نے رومانی روایات میں اور بعض نے ترقی پسند شاعری کی فنی روایات میں جدید حسیت اور جدید طرز اظہار کو شامل کرکے اپنی انفرادیت قائم کرنے کے تجربے کئے ہیں۔ فارم، ٹیکنک، اسٹائل، ڈکشن کے بارے میں جو کٹر پن اور تعصب نئی نظم کے تشکیلی دور میں تھا، اب کم ہو رہا ہے۔ محض آزاد نظم لکھ دینا یا "غیر شاعرانہ" زبان میں نظم کہہ ڈالنا نیا شاعر ہونے کے لئے کافی نہیں ہے۔ آزاد نظم اور "غیر شاعرانہ" زبان کی اپنی اہمیت اور قدر ہے۔ لیکن جب تک انہیں جدید حسیت نے تخلیقی سطح پر اپنے اظہار کے لئے نہ برتا ہو انہیں "نیا" یا "جدید" کہنے میں اور ماننے میں تامل ہونا فطری بات ہے۔ دراصل نئی نظم اپنی حسیت، اپنے ڈکشن اور اپنے Structure کے اعتبار سے ایک Organic whole ہوتی ہے۔

۱۹۶۰ء کی اردو نظم ایک طرف ہندوستانیت پر ناز کرسکتی ہے تو دوسری طرف آفاقیت پر۔ اس دور کی وطنی اور قومی نظموں میں سطحی جذباتیت کی جگہ دلی محبت کی گہرائی نے لے لی ہے۔ چین اور پاکستان کی فوجی شرارتوں کے زمانے میں جو نظمیں کہی گئیں ان میں جوشیلی اور رجزیہ نظموں کی اہمیت اپنی جگہ ہے لیکن ایسی نظمیں بھی کہی گئی ہیں جن میں حب الوطنی، عزائم سرفروشی اور قومی قوت کو قائم رکھتے ہوئے ایک مہذب توازن موجود ہے اور دشمن کو دوستی کی خوبیاں اور فائدے سمجھائے گئے ہیں۔ ریڈیو نے منظوم فیچر اور ڈراموں کی روایت کو آگے بڑھانے کی کوشش جاری رکھی۔ علامہ جمیل مظہری نے مثنوی کے فارم میں موجودہ عہد کے مسائل سموئے۔

جواہر لال نہرو کی وفات پر ساغر نظامی، اعجاز صدیقی اور سردار جعفری نے بہت اثر انگیز نظمیں کہیں۔ پنڈت آنند نرائن ملا جیسے بزرگ اور وضعدار شاعر نے آزاد نظم کہنے کے تجربے کئے۔ عزیز تمنائی نے اردو سانیٹ کی روایت کو قائم رکھا۔ جگن ناتھ آزاد نے پاکستان کے سفر کے تاثرات بڑے موثر پیرائے میں نظم کئے۔ خلیل الرحمٰن اعظمی نے اور اصناف کے ساتھ ہی ہیجو کے پرانے فارم کا نئے ڈھنگ سے احیاء کیا اور جدید طنز کو قدیم ہیجو کے روپ میں کامیابی کے ساتھ پیش کیا۔ ان کا مجموعہ "عہد نامہ نو کلاسیکی جدیدیت کی بہت اچھی مثالیں پیش کرتا ہے۔

لیکن ۱۹۶۰ء کے بعد کی اردو نظم پر ادبی حیثیت سے جدیدیت کا غلبہ رہا ہے۔ رسائل، ریڈیو، ادبی محفلیں، جدید یا نئی شاعری اور اس کے ذکر سے ہمیشہ معمور رہی ہیں۔ اس کا ایک نتیجہ یہ بھی نکلا ہے کہ بعض تازہ وارد "احساس تنہائی" "احساس اجنبیت" "ذکر اہل و عیال" پیش پا افتادہ مضامین" "جنسیت" "ابہام" "لایعنیت" "آزاد نظم" "مشینی نظام کی مخالفت" وغیرہ کو اصل شاعری مان کر "جدید" کہلانے کا شوق پورا کر رہے ہیں۔ لیکن تقلید اور نقالی ہر طرح کی شاعری کی ہوئی ہے اور ہر دور میں ہوئی ہے۔ تاہم بعض نوعمر شاعر واقعی بہت اچھی اور طاقت ور اور دل افروز شاعری کر رہے ہیں۔ جو صحیح معنی میں جدید بھی ہے۔ مثلاً علی گڑھ یونیورسٹی کے طلبا نے ایک انجمن بنا رکھی ہے۔

باقی صفحہ ۶۸ پر

پرندہ آسماں کی نیلگوں محراب کے اُس پار جاتا ہے
پرندہ بال و پر ہے، آنکھ ہے لیکن
سُنہری چونچ سے پرواز کرتا ہے
سڑک پر دھوپ ہے اور دھوپ میں سایوں کے ناخن ہیں
گھروں میں خول ہیں اور آنگنوں میں خار اُگتے ہیں
کسی کا کون ہے؟ کوئی نہیں! سب اجنبی ہیں، حیرت و حسرت میں زندہ ہیں
وہ عورت ہے
وہ خواہش کے لپکتے خنجروں سے پیار کرتی ہے
وہ اس کا ہم سفر ہے، خاک و خوں اس کا مقدر ہے
یہ موجِ آب ہے، اب پھول ہے، اب پیڑ ہے، کل صرف پتّہ ہے
اگر یہ زندگی کرنے کی کوشش میں پریشاں ہیں
یہ اکثر قتل کرتے ہیں
یہ اکثر قتل ہوتے ہیں
لہو کے پار گلشن ہے، مگر گلشن لہو میں ہے
نگاہوں میں اُجڑتے شہر کی مانند تصویروں کا میلہ ہے
ہجومِ سنگ و آہن میں
کوئی آواز دیتا ہے، کوئی آواز سُنتا ہے
مگر آواز سے آواز کا رشتہ نہیں ہوتا
مگر آواز سے آواز کا ہر سلسلہ بے کار ہوتا ہے

یہ منظر تیرتا ہے آب جُو میں ہائے! لیکن اجنبی کیوں ہے؟
میں منظر ہوں تسلسل ہوں
مگر میں اجنبی کیوں ہوں؟
یہ فرشِ آب و گِل میرے لئے اک سلسلہ کیوں ہے؟
پرندہ آسماں کی نیلگوں محراب کے اُس پار جاتا ہے
پرندہ فاصلہ کیوں ہے؟
پرندہ ماورا کیوں ہے؟



یہ ٹکڑے، یہ ریزے، یہ ذرّے، یہ قطرے، یہ ریشے
یہ میری سمجھ کی، نہ بینی کے پاداں
اُنھیں جوڑتا ہوں تو کوئی بدن
نہ کوئی صراحی، نہ صحرا، نہ دریا نہ کوئی شجر کچھ بھی بنتا نہیں
لکیروں سے خاکے اُبھرتے ہیں لیکن
یہ کوشش مٹائی ہوئی صورتیں پھر بناتی نہیں
کہ وہ جان جس سے تھا سارا جہان
حرارت سے، حرکت سے معمور تھا، اب کہاں ہے؟
میری عقل نے سرد آہن کے بے جان ٹکڑوں کو آلات کی شکل میں
ڈھال کر
مرے توڑنے جوڑنے کے عمل میں لگایا
جلا کر ہر اک جسم کو، پھونک کر جان کو، راکھ سے اپنی زنبیل بھری۔
تو اس راکھ سے کیسے وہ صورتیں پھر جنم لیں
جنھیں وقت نے اور میں نے مٹایا!

عمیق حنفی

قاضی سلیم

بے زمینی

باد گولے
— بگولے
پے بہ پے اُٹھ رہے ہیں
سینۂ ارض کی سانس اکھڑنے لگی ہے
بنی نوعِ آدم کے شجرے کی سوکھی ہوئی پتیاں
بوکھلائی ہوئی — گھومتی پھر رہی ہیں
راستہ کس طرف جا رہا ہے

میری دھرتی کہاں ہے
ٹمٹماتا ہوا دیپ کب تک جلے گا
اسے کیا پتہ ہے
راستہ کس طرف جا رہا ہے

خلاؤں کے بے آب ساگر اُمڈتے چلے آ رہے ہیں
کتنے آہوئے رم خوردہ رفتار کی قید میں
آج بے پاؤں اور بے زمیں چوکڑی بھر رہے ہیں
راستہ کس طرف جا رہا ہے

جیسے ہر ہر قدم پر
گھڑگھڑاتے ہوئے بادلوں سے
کوئی چیختا ہے
ایک ہی راستہ رہ گیا ہے
زادِ رہ پھینک دو
اور اُونچے اُٹھو
اور اُونچے اُٹھو
بے حاصلی کے سبک ہاتھ پھیلاؤ
— جیسے فرشتے
ہواؤں کو بانہوں میں بھر کر
عرش سے فرش تک

آتے جاتے ہیں — سب راستے
ساری سیمائیں اُن کے لئے بے اثر ہیں

کروڑوں برس ہم نے اس فکر کا بوجھ ڈھویا
آئینے کے تلے
تم بھی اُترے ہو
— میں نے بھی اک عمر پاتال میں کاٹ دی ہے

اُلجھے دھاگوں کی پھرکی کہاں گھومتی ہے
اس کا محور کہاں ہے
یہ کھلتی چلی ہے — یا اسے انگلیوں پر
روز و شب کوئی اُلٹا لپیٹے چلا جا رہا ہے

تم نے مجھ سے کہا تھا
درختوں کو ننگا کرو
سارے پھل پھول پتے
لفظ کے جال ہیں
آبادیوں میں ہماری نظر
صرف چہروں پہ پڑتی ہے
— اس پار جاتی نہیں
مگر آج جب
نہ چہرے، نہ پتے، نہ الفاظ
— کچھ بھی نہیں
اب بتاؤ مجھے
راستہ کس طرف جا رہا ہے

محمد علوی

"قرآنکی دائیں"

اُونچا لمبا
تڑے مڑے دانتوں والا
پچکے گالوں
جلی بجھی آنکھوں والا
بہت ڈرانا اک مردہ
دھم دھم کرتا
قبرستان سے باہر آیا!
اُس کے بھاری پاؤں تلے
سوکھے پتے چیخ اُٹھے
پہرے والے
بھری ہوئی بندوقیں لے کر
دوڑے آئے
اُس نے سب کو مار گرایا!!
اک روتی بچی کو اُس نے
گود میں لے کر پیار کیا
بچی کے نازک ہاتھوں میں
ننھی منی گڑیا دے کر
وہ پرنالہ پھاند گیا
پھیل گیا اندھیارا
اُجلا چاند گیا

نیا گیت

بادل بادل پیاس پکارے
پانی رے او پانی
پیاس بڑی دیوانی
پتھر پتھر پانی چھٹے
ریت بنی جل دھارا
گونگے بہرے سناٹے
میں چیخ چیخ کر ہارا
اُتر، دکھن، پورب، پچھم
ہوا کرے من مانی
پانی رے او پانی
بیلوں کی شیشہ آنکھوں میں
پتھر پتھر بادل
کٹی پھٹی دھرتی کی چھاتی
دُور دُور تک جنگل
پربت پربت، وادی وادی
ویرانی ویرانی
پیاس بڑی دیوانی

ندا فاضلی

آج کل دہلی (جدید ہندوستانی شاعری نمبر)

ماضی حال

پھر وہی پچھلے پہر کی خامشی
پھر وہی دستک درِ دل پر ہوئی
پھر ابھی پوچھوں گا میں: تم کون ہو، کیوں آئے ہو؟
پھر ابھی سرگوشیاں کرنے لگے گا کوئی ڈھلتی رات سے
پھر ابھی اک آشنا آواز ٹکرائے گی احساسات سے:
— کون رہتا ہے یہاں؟ تم کون ہو؟

پھر ابھی اندر سے ٹوٹوں گا، بکھر جاؤں گا میں
جی اُٹھے گا مجھ میں کوئی اور مر جاؤں گا میں

محمود سعیدی

آئینوں میں دیوتاؤں کے ادھورے عکس

آئینوں میں دیوتاؤں کے ادھورے عکس
تکتے تکتے تھک جائیں گی آنکھیں
آسمانِ بے افق پر
چاند، سورج کی رقابت سے
تمہارے روز و شب کا سلسلہ برہم نہ ہوگا
آنسوؤں سے بھیگے جسموں میں
لہو کی آتش بے دود یوں ٹھنڈی نہ ہوگی
ہماری بات مانو
پتھروں کی پسلیوں سے بے تراشے بت نکالو
اور پرستش کی پشیمانی سے پیشانی سجالو

شہریار

ساحلوں سے کہو، میں نہیں آؤں گا

کمار پاشی

ساحلوں سے کہو : میں نہیں آؤں گا
اب کسی شہر کی رات میرے لیے جگمگائے نہیں
دھوپ بوڑھے مکانوں کی اونچی چھتوں پر مرا نام لے کر بلائے نہیں
میں نہیں آؤں گا

یاد آتا ہے، اک دن کسی سے کہا تھا :
تجھے پہن کر دُور کے شہر کی اجنبی دھرتیوں میں اُتر جاؤں گا
میں عقیدہ ہوں : مر جاؤں گا
یاد آتا ہے اک دن کسی نے کہا تھا :
میں تیرے لیے، تیرے احساس کی وادیوں کی گھنی چھاؤں میں پُرسکوں نیند سو جاؤں گی
بے صدا لفظ ہوں : تیری آنکھوں میں کھو جاؤں گی

یاد آتا ہے، اک دن مرے روبرو : ایک پُرشور اور بے کراں بحر تھا
یاد آتا ہے، اک دن مرے روبرو : میں کوئی جاگتا، جگمگاتا ہوا ڈوبتا شہر تھا
ایک آواز تھی : دُوریوں سے بلاتی ہوئی . . . .
ایک آواز ہے : دُور کے اک اکیلے، پہاڑی نگر کے انوکھے سے منظر دکھاتی ہوئی
مجھ سے چھُوکر کہیں دُور جاتی ہوئی ——
وقت مجھ سے پرے . . . .
وقت، تجھ سے پرے . . . .
میں عقیدہ ہوں
تو بے صدا لفظ ہے
اپنے اپنے بدن کے الاؤ میں جل جائیں گے
دُور کے، جگمگاتے ہوئے، منتظر ساحلوں سے کہو : ہم نہیں آئیں گے

۵ پرکاش کی نذر —— ۱۹۶۹ء کی پہلی نظم

لا کے سلسلہ سے

ضمیر،
تلچھٹوں کے اس احمقانہ سرمایہ میں بچے ہوئے جسم کے پاس کیا تھا ... ہاں، میں تمہیں سے مخاطب ہوں
تم تمباکو جلے سیاہ مرکب ہو
تھوڑے سے پانی میں بھیگ کر آنکھیں بن گئے
ڈرائنگ کئے ہوئے اُچکے پھیل گئے
ایسے بھی لوگ تھے جو اندر محبوس، اپنی روحوں سے گمان اُٹھے چلے آتے تھے ... صرف اُن کے جسم
رگوں اور مسام سے ۲۰ سال چھوٹے ہوئے
یا چھوٹے ہوئے یا
اُن کی عمر نکل گئی
سو، یہ تم ہو۔ یہ لباس فنائل
سے نمو پا کر فرش سے
دواؤں اور بیماروں کے
مابین اسپتال بے اثر
اُٹھتا ہے
کھڑکیوں سے ہوا گرتی ہے کبھی اٹھتی نہیں
ایک جسم میرا بھی ہے
یہ کوئی عجوبہ نہیں یہ بے اثری ہے، دیکھو یہ کورے کردار وردیاں برآمدے میں چلتی ہیں... جسم کے عمل
باہر بنٹے ہوئے ہیں
تو میرے نہ ہونے کا جواز بیمار تھا
میرا ہونا میرے باہر بھی اک بلاوا تھا
تو میں نکلا سادہ مٹی اور کھلی ہوا کے طویل میں کہ وہم تھا کہ بھلا مجھے کون روکے گا ...
پھر بھی یہ اندیشہ تھا کہ کہیں جواز چھپا بیٹھا ہوگا
تو گردن تک ناف تک کی لیس اور لالچ پر
میں نے موٹا اور بھدا کپڑا ڈھانپ دیا
ریڑھ کی ہڈی پر تجارت کی چمک کبھی تھی ہی نہیں
جسم کے جوڑ جوڑ سے چکنائی کھرچ کھرچ کر پھینک دیا
تاکہ کہیں بیٹھوں تو چیونٹیاں نہ کاٹیں
میرا گوشت کڑوا ہے
اسی لئے لوگ نہیں کھا سکے

احمد ہمیش

ایک نظم

عادل منصوری

بتوک آواز دے رہا ہے
زمیں سے اب جو چپک رہے گا
منافقوں میں شمار ہوگا
لہو کے سورج کی لال آنکھیں
اُداس لمحوں کو سونگھتی ہیں
کھجور پکنے کا وقت بھی ہے
سفر کٹھن ہے
سواریاں اور سفر کا سامان ساتھ لے لو
سفر کٹھن ہے
تمہارے اونٹوں کی گردنوں سے
تمام دُنیا میں نور پھیلے
تمہارے گھوڑوں کی ہنہناہٹ
تمہاری منزل کی راہ کھولے
بلندیوں کی طرف بلاتا ہے آج کوئی
یہ دھوپ سائے کے ساتھ ہوگی
ہوا میں ہنستا نشان دیکھو
یہ اُڑتے پرچم کی شان دیکھو
ابھی ابھی قافلہ گیا ہے
بتوک آواز دے رہا ہے
میں اپنے گھوڑے کی باگ موڑوں
میں اپنے گھر کی طرف نہ جاؤں

۱۹۶۰ء کے بعد



اڑیا شاعری





کرامت علی کرامت

آج سے سو سال قبل کی ہندوستانی شاعری کا مجموعی طور پر جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اُردو کے سوا تقریباً تمام علاقائی زبانوں میں صرف مذہبی رنگ کی شاعری کی جاتی تھی جبکہ اس وقت اُردو میں غزل کی شکل میں خالص شاعری کو عروج حاصل ہو چکا تھا اور اُردو کی غزلیں "بازماں گفتن" کی حدود سے نکل کر وارداتِ قلبی نیز متصوفانہ اور فلسفیانہ رجحانات کو اپنی گرفت میں لے آنے کے قابل بن چکی تھیں حالانکہ نظیر اکبر آبادی اُردو شاعری کو واقعیت پسند نظموں سے اس وقت روشناس کرا چکے تھے جبکہ دُنیا کے کسی گوشے میں اس طرح کی شاعری نہیں کی جاتی تھی، پھر بھی نظم نگاری کی صنف نہ نظیر اکبر آبادی کے ہم عصروں میں مقبول ہوئی اور نہ اُن کے بعد کے دور میں۔ یوں تو بعض اُردو شعراء کو تنگنائے غزل کا احساس بھی تھا، لیکن حالی کے دور میں پہنچ کر انگریزی شاعری سے اثر قبول کرنے کے نتیجہ پر پہلی بار باضابطہ طور پر اُردو میں صنف نظم کو فروغ حاصل ہوا۔ اسی طرح اڑیا شاعری میں بھی حالی کے ہم عصر شاعر رادھا ناتھ رائے کے زمانے میں انگریزی شاعری کے اثر سے باقاعدہ نظمیں لکھی جانے لگیں جو گذشتہ دنوں کی مذہبی شاعری کے مزاج و آہنگ سے بڑی حد تک مختلف تھیں۔ جس طرح اُردو میں حالی کو جدید شاعری کا پیش رو تصور کیا جاتا ہے۔ اسی طرح اُڑیا میں رادھا ناتھ رائے کو جدید اُڑیا شاعری کے پیش رو ہونے کا شرف حاصل ہے۔ رادھا ناتھ کی شاعری انگریزی کی رومانوی شاعری کے اثرات کے علاوہ اس وقت کے سیاسی اور سماجی ماحول کی پیداوار تھی۔ انھوں نے زیادہ تر محاکاتی نظمیں لکھی ہیں اور فطرت اور انسان کے باہمی رشتوں کو بڑی خوبی کے ساتھ اُجاگر کیا ہے۔ رادھا ناتھ نے جس طرح کی شاعری کی، اس کا اثر تو اُن کے فوراً بعد آنے والی نسلوں پر پڑا ہی، لیکن سب سے بڑی بات یہ ہے کہ جدید تر اُڑیا شاعری پر بھی اُس کا اثر ہنوز کم نہیں ہوا ہے۔

رادھا ناتھ کے زمانے میں اڑیا کی شاعری نے جو نیا موڑ لیا، وہ بڑی حد تک روایت سے انحراف کی حیثیت رکھتا ہے۔

رادھا ناتھ کے دور کے بعد گوپ بندھو داس نے اُڑیا شاعری میں ستیہ بادی اسکول کی بنا ڈالی جس میں قومی اور وطنی خدمت کو اولین درجہ دیا جانے لگا۔ یہ وہی دور ہے جس میں چکبست، تلوک چند محروم، ستور جہاں آبادی وغیرہ قومی اور وطنی نظمیں لکھ رہے تھے۔ اس ستیہ بادی اسکول سے متاثر ہو کر اڑیسہ کے اُردو شاعر احمد مجمی نے بھی اس زمانے میں کافی مؤثر قومی اور وطنی نظمیں کہیں۔ ستیہ بادی اسکول کے بعد ٹیگور کی شاعری کے تتبع میں اُڑیا کے بعض شعراء نے اُسی رنگ کی شاعری شروع کی اور خود کو "سبز شعراء" (The greens) کہلانے لگے۔

رادھا موہن گڑنایک اور مایا دھرمان سنگھ — ان دونوں شعراء نے خود کو کسی گروپ سے وابستہ نہیں کیا۔ رادھا موہن گڑنایک نے اُڑیا کے چھندوں (یعنی بحور و اوزان) میں کافی تجربے کئے اور مایا دھرمان سنگھ نے محبت کے دلکش راگ الاپے۔ اس کے بعد کا دور اردو اور ہندی میں ترقی پسند شاعری کا دور تھا۔ حالانکہ اڑیا ادب میں ترقی پسندی نے کسی تحریک کی شکل اختیار نہیں کی تھی، حالانکہ سچی راوت رائے اور انت پٹنایک وغیرہ اسی زمانے میں مارکسی نظریۂ حیات سے بے حد متاثر تھے۔ البتہ مغرب کی جدید شاعری کے مطالعہ نیز زندگی کے پختہ تجربات کے اثرات

سے ان شعراء میں رفتہ رفتہ وہ ذہنی پیچیدگی پیدا ہوگئی جسے جدید حسیت (Modern sensibility) سے منسوب کیا جا سکتا ہے

۱۹۴۷ء سے قبل ہندوستان کے عوام نے آزادی کے جو سنہرے خواب بنے تھے، وہ آزادی کے بعد حقائق کے خارزاروں میں الجھ کر چکنا چور ہو گئے۔ ۱۹۵۰ء میں شائع شدہ سچی راوت رائے کا مجموعہ کلام "سنت" شاعر کے اسی قسم کے زخم خوردہ جذبات کی آئینہ داری کرتا ہے۔ اپنے ملک کے سیاسی اور سماجی انتشار کے علاوہ دونوں عظیم جنگوں نے انسانی روح کو جس کرب و اضطراب سے دوچار کیا ہے، اس سے اثر قبول کرنا اڑیا شعراء کے لئے فطری تھا۔ لہٰذا اسی ذہنی انتشار کا پرتو اس وقت کے جدید شعراء کے کلام میں بے حد واضح نظر آتا ہے۔

سچی راوت رائے نے اپنی جدید حسیت کے اظہار کے لئے شاعری میں علامت پسندی (Symbolism) پیکریت (Imagism) ۱۹۶۷ء - اور فوق الواقعیت (Sur-Realism) وغیرہ میں مختلف قسم کے تجربے انجام دیئے اور ان تجربوں میں بعض کامیاب بھی نکلے اور بعض ناکامیاب بھی لیکن اتنا ضرور ہوا کہ اڑیا کی تجرباتی شاعری کے سرمائے میں ایک اچھا خاصا اضافہ ہو گیا۔ یوں تو سچی راوت رائے کے متعدد شعری مجموعے شائع ہو چکے ہیں (جن میں سے "۱۹۶۲ء کوتیا" پر ساہتیہ اکاڈمی کا انعام بھی ملا ہے۔) لیکن میری رائے میں ان کا مجموعہ کلام "سوگت" (خود کلامی) اُن کا سب سے بہتر مجموعہ ہے اور اس مجموعے میں شامل شدہ اکثر نظموں میں اُن کی انفرادیت مکمل طور پر ابھرتی ہوئی نظر آتی ہے۔ سچی راوت رائے اڑیا زبان کے سب سے پہلے شاعر ہیں، جنہوں نے صحیح معنوں میں اڑیا شاعری کو "جدیدیت" سے روشناس کرایا۔ انھوں نے اشتراکی واقعیت اور نو رومانیت سے لے کر جدیدیت تک ایک طویل ذہنی مسافت طے کر لی ہے۔ یوں تو انھوں نے اپنی شاعری کے دامن میں اڑیسہ کی تہذیب و ثقافت کو جذب کرنے کی شعوری کوشش کی ہے، لیکن اس کے باوجود ان کے آخری دور کی شاعری میں مغربی اندازِ فکر کی جھلکیاں نظر آتی ہیں۔ ان کی نظم "چودھویں رات میں مہاندی کنارے" کا جارج بارکر کے "Mother At The Window" سے مقابلہ کرنے پر اس قول کی تصدیق ہو سکتی ہے۔

سچی راوت رائے کے برعکس انت پٹنایک کی شاعری بنگالی کے مشہور شاعر ٹھاکر شنودے سے بہت قریب ہے۔ پرخلوص جذبات کے ساتھ انسانیت کی اعلیٰ اقدار کا اظہار ان کی شاعری کا وصفِ خاص ہے۔ اڑیا کے جدید تر شعراء سچی راوت رائے اور انت پٹنایک۔ ان دونوں سے اثرات قبول کرنے کے باوجود اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ لوگ سچی راوت رائے سے زیادہ قریب ہیں۔

سچی راوت رائے، کنج بہاری داس اور انت پٹنایک کی جدید شاعری اور اڑیا کی جدید تر شاعری کے درمیان گوروپرشاد مہانتی، گوپال چندر مصرا، جانکی ولبھ مہانتی، بنیودھر راوت، جنانوجی راؤ، چنتامنی بہرا، ودیوت پربھادیوی، تلسی داس اور بھبوت مصرا جیسے شعراء کی شاعری ایک کڑی کی حیثیت رکھتی ہے۔ اس گروپ کے اکثر شعراء پر ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ، ایذرا پاؤنڈ، آڈن، ڈائلن تھومس اور کنگس کا اثر بہت گہرا ہے جبکہ ودیوت، پربھادیوی تلسی داس اور بھبوت مصرا کے کلام میں اڑیسہ کی مٹی کی سوندھی مہک پائی جاتی ہے۔ ان کی شاعری میں رومانیت کا پرتو واضح ہے۔ مذکورہ بالا شعراء میں گوروپرشاد مہانتی سب سے زیادہ اہم ہیں۔ انھوں نے جدید اڑیا شاعری کو جس نئی قسم کے شاعرانہ ڈکشن سے روشناس کرایا ہے اس سے جدید تر شاعری کے جدید تر امکانات روشن ہوتے ہیں۔

گوروپرشاد مہانتی، ٹی ایس ایلیٹ کی شاعری سے اس قدر متاثر ہیں کہ نظم "ویسٹ لینڈ" کے تتبع میں انھوں نے ایک نظم "کال پوروکش" لکھ ڈالی۔

نظم "کال پوروکش" اڑیا زبان کی ایک بحث نظم ہے۔ بعض نقاد اسے ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ کی نظم "ویسٹ لینڈ" سے بہتر تصور کرتے ہیں جبکہ بعض دیگر نقاد اسے معمولی درجے کی نقالی سمجھتے ہیں۔ یہ ضرور ہے کہ نظم "کال پوروکش" خالص اڑیسہ کی تہذیب و ثقافت پر مبنی ہے۔ لیکن موجودہ تہذیب کے مختلف غیر مربوط پہلوؤں کی تصویر لے کر ایک فوٹو گرافر کی حیثیت سے اُن سب کو ایک ساتھ مربوط و منسلک کرنے کی جو تکنیک انھوں نے ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ سے حاصل کی ہے۔ حتیٰ کہ جس طرح نظم "ویسٹ لینڈ" سنسکرت کی ان لائنوں

Datta, Dayadhram, Damyata
Shantih, Shantih, Shantih

پر ختم ہوتی ہے، اسی طرح نظم "کال پوروکش" کا اختتام سنسکرت کی اُن لائنوں پر ہوتا ہے:-

मृत्युर्मा

असतोमा

तमसोमा

मृत्युर्मा..... मृत्युर्मा..... मृत्युर्मा

अमृतं

गमय ।

یہ عزم ہے کہ اس نظم میں موجودہ حیات کی شکست وریخت اور موجودہ تہذیب کے بانجھپن کی خوبصورت عکاسی ہوئی ہے، لیکن میری نظر میں اُن کی نظم "مری نگاہوں کی فاختائیں" (جس کا انگریزی ترجمہ امریکہ کے مشہور جریدہ Poetry میں شائع ہو کر مقبول ہو چکا ہے) اُن کی انفرادیت کی بہترین ضامن ہے۔ اس نظم میں جدید معاشرت کے تنہا انسان کی داخلی اور خارجی کشمکش کے دوران ذہنی ماندگی، تشنگی، گرسنگی اور برانگیختگی کی جس قدر کامیاب عکاسی ہوئی ہے، وہ ہمارے ذہن میں دیرپا اور گہرے نقوش چھوڑ جاتی ہے۔ اس نظم کا نثری ترجمہ ملاحظہ فرمایئے۔

میری نگاہوں کی فاختائیں روزانہ آسمان کے
فولادی پیکر کی جانب بڑھتی ہیں اور اس سے ٹکرا کر
اس دھرتی ـــ تمہاری اس دھرتی کی جانب پلٹ آتی ہیں
جہاں تم یکہ و تنہا حیات کے اسرار اور اس کی فنا
اور اُس کے عوارض کی معنویت تک پہنچنے کی منتظر ہو۔

جب موجیں اپنی ننھی ہتھیلیوں سے کہن سال
ریت کے جسم کو آہستہ آہستہ تھپکتی ہیں، تو میں
گھبرا جاتا ہوں اور کھڑی دوپہر کی خشکی میں گم
ہو جاتا ہوں اور تمہارے زرد بدن میں اپنے تمام اجداد
نیز اُن کی یادوں کو محسوس کرنے لگتا ہوں۔

تم گھاس اور پتی، جنگل، پہاڑ، کائی، موتی اور سمندر
اور زرد رات کے ستے ہوئے بادلوں کے زرد چاند
نیز سمندر کے اس کنارے سے اس کنارے تک تیرتے اور
فنا ہوتے ہوئے جھاگ کے پوشیدہ احساسات کو
دہراتی ہو۔

بادل کا فولادی پیکر ہیرے کی مانند سخت ہے
اور تمہارے ذہن کی فاختائیں روزانہ شکست خوردہ
لوٹ آتی ہیں

اور جب میری نگاہوں کی فاختائیں آسمان کی تمام خامیوں کو عبور کر کے لوٹ آتی ہیں، تو وقت میرے جسم کے تمام خوابوں کے ساتھ اور تمہارے بدن کی بھی تمام ماندگی، تشنگی، گرسنگی، برانگیختگی اور حسرت راہ سے ایک دھارے کی شکل میں بہتا ہے۔

دوپہر تنہا ہے۔ پتیاں بھی نہیں گر رہی ہیں۔
سورج کے انفاس بھی ساکت ہیں۔ جھاؤ کا جنگل
آسمان میں دھوئیں کی طرح گم ہو گیا ہے۔

مجھے یاد نہیں آتا کہ کب اور کہاں، آیا
کنک یا اجین کی سرحدوں میں میری نگاہوں کی
فاختاؤں نے تمہارا تعاقب کیا تھا۔

گورو پرشاد مہانتی کا ذہن جدید ماحول میں سانس لیتا ہے اس کے باوجود اُن کی شاعری کی جڑیں وشنومت سے وابستہ اڑیا کی کلاسیکل شاعری میں بہت گہرائی تک پیوست ہیں۔

گورو پرشاد مہانتی کے پہلو بہ پہلو "بھانوجی راؤ" کا ذکر بھی بہت ضروری ہے۔ حالانکہ جدید شعراء پر گورو پرشاد مہانتی کا اثر جس قدر گہرا ہے بھانوجی راؤ کا اثر اتنا گہرا نہیں ہے۔ پھر بھی جدید حس کے علامتی انحلال کے لئے بھانوجی راؤ نے منظور اور آزاد شاعری کی جو نئی سمتیں دریافت کی ہیں اُن سے مستقبل کے نئے شعراء کے لئے تجربوں کی نئی راہیں کھلتی ہیں۔

اڑیا کی جدید شاعری کے ارتقاء کو پیش نظر رکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اُردو میں جس طرح، ترقی پسند شعراء اور جدید شعراء (مثلاً میراجی، ن م راشد، مجید امجد وغیرہ) کا الگ الگ گروپ تھا، اڑیا میں اس طرح

نہیں تھا بلکہ جو لوگ ایک زمانے میں ترقی پسند شعراء تھے، وہی لوگ آگے چل کر اُڑیا کی جدید شاعری کے پیش رو ثابت ہوئے، اس لئے اُردو کے برعکس اُڑیا کی ترقی پسند شاعری اور جدید شاعری ایک دوسرے کی ضد نہیں، بلکہ ان دونوں میں ایک طرح کا تسلسل پایا جاتا ہے، کیونکہ موضوعات میں اختلافات کے باوجود ان دونوں طرح کی شاعری میں لب ولہجہ کے اعتبار سے کوئی نمایاں فرق محسوس نہیں ہوتا۔

اُڑیا کے جدید شعراء ٹیکنک کے لحاظ سے اپنی روایت سے ہٹ کر سماجی اور سیاسی ماحول کے زیر اثر اپنے شخصی مشاہدات و تجربات کو مشعلِ راہ بنائے ہوئے آگے بڑھ رہے ہیں۔ اُڑیا کے بعض شعراء موجودہ حیات کے پس منظر میں ہندوستانی اساطیر (Myths) کی تعمیر ثانی (Reconstruction) کی کوشش کر رہے ہیں۔ اُردو کے جدید تر شعراء بھی آج کل ہندوستان کی اساطیری اور دیومالائی داستان سے اثر قبول کر کے انھیں تلمیحات کے طور پر استعمال کرتے ہیں اور انھیں موجودہ حیات کی کربناکی کے اظہار کے لئے علامتی معنویت عطا کرتے ہیں۔ اس اعتبار سے بھی اُردو کے جدید تر شعراء اُڑیا کے جدید تر شعراء سے مزاج و آہنگ کے اعتبار سے بہت قریب ہیں۔

رما کانت رتھ کی شاعری سے اُڑیا کی جدید تر شاعری کا آغاز ہوتا ہے۔ رما کانت رتھ کے علاوہ اُڑیا کے جدید تر شعراء میں شریمتی برہموتری مہانتی، شرت چندر پردھان، نرو سنگھ کمار رتھ، پریش راوت، سیتا کانت مہاپاتر، کیلاش لینکا، ربندر پرشاد پنڈا، درگا چرن پریڈا، منوج داس، جیبنا نند پانی، اوما شنکر پنڈا، برج ناتھ رتھ، سوبھاگیہ مصرا، دیپک مصرا، کملا کانت لینکا، مراری موہن ساہو، ابی نراین مہاپاتر ہری ہر مصرا، ہر پرساد داس، دیب داس چھوٹے رائے، پرمود کمار مہانتی سوریندر باریک، منوج باسنی دیوی، پرتیبھا شت پتھی، سروجنی جگتی اور پرتیبھا داس وغیرہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

رما کانت رتھ کی شاعری جدید اور قدیم اقدار کے تضاد سے عبارت ہے جس کا ثبوت اُن کی نظم اندر دھنو (قوسِ قزح) ہے۔ انھوں نے اس تضاد کے اظہار کے لئے پیکریت (Imagism) اور علامت پسندی (Symbolism) کا سہارا لیا ہے اور پیکریت اور علامت پسندی میں بہت سے مقتدر تجربے انجام دیئے ہیں۔ رما کانت رتھ کی بعض نظمیں اننت پٹنایک کی طرح انسانیت کی اعلیٰ اقدار پر مبنی ہیں۔ بعض جگہوں پر اُن کی علامات اس قدر شخصی، ذات پہ مرکوز اور پیچیدہ ہو گئی ہیں کہ یہ اُن کی شاعری کو ابہام کی قابلِ گرفت حدوں تک پہنچا دیتی ہیں۔ رما کانت رتھ نے اُڑیا شاعری کو بعض ایسے لطیف ذہنی پیکر Image دیئے ہیں جن کی تراش خراش سے اب تک اڑیا شاعری کے قارئین کا مزاج آشنا نہیں تھا۔ مثلاً

۱۔ راستے سے یوں چپک کر رہ گئی ہے روشنی
جس طرح روٹی سے مکھن
نظم (موٹر کے اندر سے راستے کا حسن)

۲۔ ٹہنیوں سے توڑ کر ہر رشتۂ خاطر۔ یہاں جس طرح گر جاتے ہیں پھول
یوں ہی چاہت کے در و دیوار کو مسمار کر کے بیکراں دریا میں گر جاتے ہیں لوگ۔
(نظم پرندے)

رما کانت رتھ کو شیر، چیل، تتلی، بھیڑ وغیرہ جانوروں سے خاصی دلچسپی ہے اور وہ ان جانوروں کو مختلف مقامات پر مختلف علائم کی حیثیت سے استعمال کرتے ہیں۔ نظم "شیر کی نگاہ" میں شاعر خود کو ایک شیر تصور کرتے ہوئے سرکس کی لڑکیوں کو للچائی ہوئی نظروں سے دیکھتا ہے تو نظم "شیر کا شکار" میں اس نے شیر کو "لامتناہی سلسلۂ وقت" کی علامت کی حیثیت سے لیا ہے۔ اڑیسہ کے عوام میں جو بعض غلط عقائد و رسوم مروج ہیں، ان سے بھی رما کانت رتھ نے علامتیں اخذ کی ہیں۔

برہموتری مہانتی سے اُڑیا کی جدید شاعری نے جو سنجیدگی اور تمکنت پائی ہے، وہ نہایت قابلِ قدر ہے۔ موصوفہ انسانی نفسیات کا جس قدر قریب سے مطالعہ کرتی ہیں، وہ انھیں منفرد حیثیت عطا کرنے کے لئے کافی ہے۔ ان کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ وہ زندگی کے ادنیٰ سے ادنیٰ واقعہ یا حادثہ کو اپنا موضوعِ سخن بناتی ہیں اور اسے پورے شاعرانہ خلوص کے ساتھ اپنے فن پاروں کے دامن میں سمو لیتی ہیں۔ وہ اس دور کے بعض جدید شعراء کی طرح "تنہائی" کو فلسفہ کا درجہ دینے پر مصر نہیں ہیں۔ بلکہ "بھیڑ" میں گم ہو کر اضطرابِ زندگی کی طرف واپس لوٹنے کا حوصلہ رکھتی ہیں۔ اُن کی نظموں میں تشبیہات، استعارات وغیرہ کا استعمال بہت کم ہوتا ہے۔ اس کے باوجود وہ انسان کے لحظہ بہ لحظہ بدلتے ہوئے موڈ کی اس قدر خوبصورتی سے عکاسی کرتی ہیں کہ سادگی میں بھی پرکاری کا لطف آنے لگتا ہے۔

نظم "اچانک پریسپل جانے کے بعد" میں برہموتری مہانتی نے نسوانی نفسیات کی جس قدر خوبصورت عکاسی کی ہے، وہ ہر طرح کی تعریف و توصیف سے بالا تر ہے۔ اسی طرح اُن کی نظم "بھول" شاعری کے میدان میں ان کے نئے موڑ کا پتہ دیتی ہے۔ اس نظم میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ بعض اوقات انسان دانستہ طور پر غلطی کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے اور بعض اوقات نادانستگی میں ایسی غلطیاں سرزد ہو جاتی ہیں جو اس کے لئے راحت کا باعث بنتی ہیں۔ اس طرح اُن کی نظر میں جدید انسان کا طرزِ عمل بہت سی دانستہ اور نادانستہ غلطیوں سے عبارت ہے جسکی وجہ سے وہ عجیب قسم کی ذہنی کش مکش میں مبتلا ہے غرض کہ پیکریت اور علامت پسند شعراء کی بھیڑ سے ہٹ کر برہموتری مہانتی نے اپنے لئے الگ راہ متعین کر لی ہے۔ اور ایک تابناک مستقبل کا خواب لئے ہوئے بڑے استحکام کے ساتھ اس راہ پر گامزن ہے

شرت چندر پردھان لوک گیتوں اور گاؤں کے مقبول ترانوں سے ذہنی پیکر اخذ کرتے ہیں۔ اور انھیں موجودہ حیات کے گوناگوں پہلوؤں کی عکاسی کے لئے استعمال میں لاتے ہیں۔ انھیں بچھڑا، بلی، مچھلی، ہنس بھیڑ، بکری وغیرہ سے کافی دلچسپی ہے۔ اُن کی شاعری اس حد تک مقامی رنگ میں رنگی ہوئی ہے کہ کسی دوسری زبان میں اس کا ترجمہ ممکن نہیں۔

نرسنگھ کمار رتھ جدیدیت کے ساتھ نغمگی کے قائل ہیں ان کا عقیدہ ہے کہ شاعر کو چاہئے کہ نوعِ انسان کو وہ امید کا پیغام دے اور مسلسل کرب و اضطراب سے اس کو نجات دلائے۔ غرضکہ نرسنگھ رتھ کی شاعری میں مایوسی اور بیزاری کا جذبہ نہیں بلکہ جینے کا حوصلہ ہے۔ ان کی نظم "افسردگی کی موت" میرے اس قول کی تصدیق کے لئے کافی ہے۔

پرلیش راوت اُڑیا کے ایک علامت پسند شاعر ہیں۔ ان کی علامتیں اس قدر موثر ہوتی ہیں کہ شاعر کی تمام داخلی کیفیتوں کو قاری کے ذہن میں منتقل کر کے اُسے بھی شاعر کے ساتھ تڑپنے پر مجبور کر دیتی ہیں۔ اُن کی نظم "طوفان اور دھرتی" اسی نوعیت کی ایک نظم ہے۔ جس کا اثر ہمارے ذہن پر دیر تک رہتا ہے۔

ستّر کے بعد کے لکھنے والوں میں سیتا کانت مہاپاتر کے قلم میں سب سے زیادہ زور پایا جاتا ہے۔ وہ اپنی شاعری میں فکر اور جذبہ دونوں کو پگھلا کر ایک کر دینے کے قائل ہیں۔ ابتدائی دور میں انھوں نے انگریزی زبان میں شاعری شروع کی۔ لیکن بعد میں ان کی توجہ اپنی مادری زبان پر مرکوز ہو گئی۔ ان کے ذہنی پیکروں (Images) میں جو شدت اور تاثیر پائی جاتی ہے، وہ بہت کم کہیں اور نظر آتی ہے۔ اُن کی شاعری میں گویا موجودہ دور کا کرب و درد سمٹ آیا ہے اور وہ فلسفہ یا منطق، حقیقت یا فسانہ، جنون یا خرد کسی کو بھی اس درد کا درماں تصور نہیں کرتے۔

نادر قسم کے ذہنی پیکروں کے استعمال میں ستیا کانت مہاپاتر کو جو دسترس حاصل ہے، وہ ذیل کے بند سے مترشح ہے:۔

"جب یکریں مٹیں گی۔
مختلف رنگ جب پھیکے پڑنے لگیں گے
قرمزی، سبز، پیلے، گلابی
روشنائی بھی جب خشک ہو جائے گی زندگی کے قلم سے
جبکہ آکاش میں ابر کے چار خانوں، عمودی یکریوں کا تقارہ کر کے
استخواں بیخ اُٹھے گا۔
اُس گھڑی کھل سکے گا مرے سامنے اپنی ہستی کا رازِ نہانی"
(نظم سرِ راہے)

سیتا کانت مہاپاتر کی شاعری کا کنوس کافی وسیع ہے۔ موجودہ حیات کی بے اطمینانی اور بے یقینی سے وہ نالاں ضرور ہیں، لیکن نظم "آنے والے انسان" میں آئندہ نسل کی بہبودی کے خواہاں نظر آتے ہیں۔ ستیا کانت مہاپاتر کو دیہات کی ہر چیز (مثلاً آم کا پیڑ، بانس، اردی، بھیڑ کا گلہ وغیرہ) سے بے پناہ محبت ہے۔ ممکن ہے یہ بات شہری زندگی کی پیچیدگیوں سے بیزاری کا نتیجہ ہو۔ انھوں نے اپنی نظم "دھوسر بیلا رے کرشن چوڑا" میں سواری والوں کے آہنگ کو اپنایا ہے (مثلاً دھاکم دابولو۔ دھاکم دابولو) اور اُن کے گیتوں پر تضمین کر کے موجودہ حیات کے سفر کی بے معنویت کو اجاگر کیا ہے۔ اس نظم میں انھوں نے اُڑیا شاعری کو ایک نیا آہنگ دیا ہے۔ انھوں نے مجموعہ "دیتی اودیوتی" سے اسٹ پدی تک ذہنی طور پر دیومالائی داستانوں (Myths) کی تعمیرِ ثانی (Re construction) کر کے انھیں موجودہ حالات کی نئی معنویت کے علامتی اظہار کے لئے استعمال کیا ہے۔ اُن کا یہ اقدام جدید تر اُڑیا شاعری کے حق میں یقیناً خوش آیند ثابت ہوا ہے

کیلاش پتکا اُڑیا زبان کے ایک علامتی شاعر ہیں جو جدید انسان کی تلذذ پرستی کے قائل ہیں۔ انھوں نے فرائڈ کے نظریے کو اپنایا ہے اور جنسی گھٹن اور خود لذتی پر علامتی نظمیں کہی ہیں، اس اعتبار سے وہ اردو

کے میراجی اسکول سے بہت قریب نظر آتے ہیں۔

ابی نرائن مہاپاترنے اپنی جدید شاعری میں زندگی اور سیاست کے باہمی رشتوں کو بڑی خوبی سے اُجاگر کیا ہے۔

رنبدر پرشاد پنڈا کی شاعری میں بھی کیلاش پتی کی طرح جنسی گھٹن کا سراغ ملتا ہے۔ "رسیچو کانچ" جیسی نظموں میں شہوانی پہلو بہت واضح اور قابلِ گرفت ہے۔

درگا چرن پرہیڈا کی شاعری پر ایمیلی ڈکنسن اور پی ڈی کنگس کا پرتو واضح ہے۔ بنگالی کے شاعر سمرسین سے بھی انھوں نے اثر قبول کیا ہے۔ موصوف نے جاپان کی مقبول ترین صنفِ سخن "ہائکو" میں بھی قابلِ قدر تجربے انجام دیئے ہیں۔ الفاظ کی کفایت، جذبات کی گہرائی اور فکری شعور کی وسعت اُن کی شاعری کی سب سے بڑی خصوصیت ہے۔

منوج داس بنیادی طور پر افسانہ نگار ہیں، اس لئے اُن کی شاعری میں نثر کی سی سادگی پائی جاتی ہے۔

جیونانند پانی کی شاعری مابعد الطبیعیاتی سطح پر جسم اور روح کے لطیف رشتوں کو اُجاگر کرتی ہے اور اس کے لئے وہ جیونانند پانی حسیاتِ مستقیم (Straight sensibility) کا سہارا لیتے ہیں۔

برج ناتھ رتھ نے پہلے اننت پٹنایک کی طرز پر شعر کہنا شروع کیا۔ "گل صحرا" اور "امن و جنگ" یہ دونوں نظمیں میرے اس قول کی تصدیق کرتی ہیں۔ وہ موصوف مارکسی اندازِ فکر سے نکل کر رومانیت سے ہوتے ہوئے انٹی پوئٹری (Anti Poetry) کے دور سے گذر رہے ہیں۔ معمولی خامیوں کے باوجود ان کی نظم "دو بوسے" ایک کامیاب تخلیق ہے۔ اننت پٹنایک کی طرح اُن کی شاعری میں بھی زندگی اور انسانیت کی اعلیٰ قدروں کی نمایندگی ہوئی ہے۔

انھوں نے اپنی شاعری میں بڑے لطیف پیرائے میں عام بول چال کے الفاظ کا استعمال کیا ہے اور ان کی شاعری دوسرے جدید شعراء کے مقابلے میں زیادہ عام فہم ہے۔ اُن کی نظمیں "ایک پھول سے منغلق"، "دوپہر کے اندھیرے میں" شاعرانہ جذبات کے خلوص و صداقت کی آئینہ دار ہیں۔

دیپک مصرا ایک علامتی شاعر ہیں جو اپنے ذہنی تجربات کو تحت الشعور اور لاشعور کی مختلف سطحوں میں تقسیم کرکے ہمارے سامنے پیش کرتے ہیں۔ بعض اوقات غیر مانوس بدیسی الفاظ کے استعمال سے اُن کی شاعری غیر ضروری طور پر مشکل ہو جاتی ہے۔ اُن کی شاعری میں بھی جنسی بے راہ روی حتیٰ کہ اوڈیپس کمپلکس کا اثر بہت گہرا معلوم ہوتا ہے۔

سوبھاگیہ مصرا کی شاعری پر ابتدائی دور میں گوروپرشاد مہانتی کا اثر بہت گہرا تھا، لیکن بعد میں وہ رما کانت رتھ سے اثر قبول کرنے لگے۔ اپنے مجموعۂ کلام "آتمہ نے پدی" میں انھوں نے رومانیت سے لے کر جدیدیت تک کے بہت سے ارتقائی مراحل طے کرلئے ہیں۔ فی الحال وہ وجودیت پسندی (Existentialism) کی طرف مائل ہیں۔ اور "Existence precedes essence" پر یقین رکھتے ہیں۔ اُن کے اندازِ بیان کا سب سے بڑا عیب کھردرا پن اور درشتگی ہے۔ ورنہ ان کی شاعری میں لطافت بیان کی چاشنی ہوتی تو اُن کی شاعری کا اثر اور بھی دیرپا ہو سکتا تھا۔

ہری ہر مصرا کے کلام میں جدید ذہن کا مطالعہ خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ ان کی شاعری میں واقعیت پسندی اور رمزیت پہلو بہ پہلو متوازی طور پر آگے بڑھتی ہوئی نظر آتی ہیں۔ اُن کی نظم "اب تک" اس کی خوبصورت مثال ہے۔

دیپ داس چھوٹ رائے اور ہرپرساد داس نو رومانیت سے متاثر نظر آتے ہیں۔ نادر ذہنی پیکروں کی مدد سے انسانی جذبات کی برانگیختگی کا اظہار ان دونوں شعراء کی ایک اہم خصوصیت ہے۔

پرمود کمار پانی گراہی اور درگا مادھب مصرا نے کچھ دنوں تک جدید شاعری میں قابلِ ذکر تجربے انجام دیئے تھے لیکن یہ لوگ کچھ دنوں سے خاموش ہیں۔

دیگر نئے لکھنے والوں میں کملا کانت لینکا، سنت داس پٹنایک، دیباشیس مصرا، اوما شنکر پنڈا، ہرپرشاد داس، راجندر کشور پنڈا، پرمود کمار مہانتی، سورندر باریک، نشاکر ساہو، نشاکر پاڑھی، ادویت چرن مہانتی، اور مراری موہن ساہو وغیرہ علامت پسندی سے متاثر ہیں۔ ان تمام شعراء میں مراری موہن ساہو کا لہجہ نہایت ہی چوکھا ہے اور موضوع اور اسلوب دونوں اعتبار سے انھوں نے جو نادر قسم کے تجربے انجام دیئے ہیں، وہ اُن کے روشن مستقبل کے ضامن ہیں۔

جدید تر دور کی شاعرات میں سجاتا پریم بدا، سلیکھا داس، پرتبھا شت پتھی، یشودھارا داس، پرتیبھا داس، کانن بالا ترپاٹھی،

بنوج باسنی دیوی، سروجنی جگتی، نمیتا پٹنایک سورن پربھا سٹرنگی وغیرہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ان میں سے سجاتا پریم بدا "بدھ ازم" سے متاثر ہیں۔ دیگر شاعرات پر نورومانیت اور علامت پسندی کا پرتو واضح ہے۔

جدید شعراء کی ان تمام آوازوں کے ساتھ ایک اور آواز ہے جو ان سب سے مختلف ہے۔ وہ ہے ابی سنگھ کی آواز۔ ابی سنگھ کی شاعری بعض معنوں میں جدید ہوتے ہوئے بھی انقلابی شاعری کی حیثیت رکھتی ہے۔ موصوف بنگالی کے مشہور انقلابی شاعر قاضی نذرالاسلام کے رنگ و آہنگ سے بڑی حد تک متاثر ہیں۔ اپنی نظموں کے لئے وہ جن بحروں کا انتخاب کرتے ہیں اُن میں ایک رجز کی سی کیفیت پائی جاتی ہے۔ یوں تو اُن کی نظمیں ہمارے دل کے تاروں میں وقتی طور پر تھرتھراہٹ پیدا کر دیتی ہیں، لیکن یہ نظمیں عموماً ہمارے ذہن میں ایک بلند آہنگ گونج پیدا کرنے سے قاصر ہیں جس کی وجہ سے ان نظموں کا تاثر دیرپا نہیں ہوتا۔ میری نظر میں ان کی سب سے بہتر نظم "آویدن" ہے جس میں انھوں نے کہا ہے کہ اگر ہندو، مسلم اور عیسائی سب اپنے اپنے مذہبی تعصب کو چھوڑ کر ایک دوسرے کے خون کے پیاسے نہ بنیں، تو یہ امر گویا سب سے بڑی عبادت کے برابر ہوگا اور موت کے گھاٹ اترتی ہوئی انسانیت کو "آبِ زمزم" کے قطروں سے ابدی زندگی مل سکے گی۔ اس نظم میں شاعر نے موجودہ حیات کے ایک اہم مسئلے پر پوری شاعرانہ ذمہ داری کے ساتھ قلم اُٹھایا ہے اور وہ اس مقصد میں بڑی حد تک کامیاب بھی ہیں۔ اس نظم میں ابی سنگھ نے جو فارسی اور عربی کے الفاظ استعمال کئے ہیں ان سے اُڑیا میں ایک نئی قسم کی شاعرانہ زبان معرضِ وجود میں آئی ہے۔ جس کا لب و لہجہ قاضی نذرالاسلام کے لب و لہجہ سے بہت قریب ہے۔

اس اثنا میں اردو کے تتبع میں مہاودیا دیوی (مہ جبیں بالیسری) اور اکھے مہانتی نے اُڑیا میں پہلی بار غزلیں کہنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن یہ طبع زاد غزلیں ہنوز کامیابی کی حدوں تک نہیں پہونچیں۔ البتہ مہاودیا دیوی نے اُردو کی غزلوں کے جو ترجمے کئے ہیں، وہ نہایت قابلِ قدر ہیں اور اُن کی سعیٔ جمیل سے مستقبل میں اُڑیا غزلوں کے امکانات روشن ہوتے ہیں۔

تجربے کے نام پر تقریباً ہر زبان میں وقتاً فوقتاً بے راہ روی نظر آتی ہے، اُڑیا زبان بھی اس عیب سے پاک نہیں۔ حال ہی میں "اکویتا" کے نام سے چند نئے شعراء کا ایک مشترکہ مجموعہ کلام شائع ہوا ہے جس میں زبان کے قواعد اور املا کی تمام پابندیوں کو نظر انداز کر دیا گیا ہے اور قصداً قواعد اور املا کی غلطی کی گئی ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ سچی راوت رائے کی طرح کہنہ مشق شاعر بھی تجربات کے دوران کہیں کہیں بے راہ روی کا شکار ہوا ہے مثلاً نظم "آئینہ ۲" کا یہ حصہ ملاحظہ فرمائیے۔

صرف ۲۰۰۰ روپے

۱۵۰۰ تفریق کا ڈر

ایک آمبولنس (نظم۔ آئینہ ۲)

لیکن اس طرح کی چیزیں وقت کے ساتھ ختم ہو جائیں گی۔ اس سے جدیدیت کی اہمیت میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

غرض کہ اُڑیا کی جدید تر شاعری رما کانت رتھ، برہموتری مہانتی، شرت چندر پردھان، نرو سنگھ کمار رتھ، پریش راوت، سیتا کانت مہاپاتر، کیلاش لینکا، سوبھاگیہ مصرا اور مراری موہن ساہو جیسے ذہین اور باشعور فنکاروں کے ہاتھوں مختلف سمتوں میں پھیلتی جا رہی ہے۔ موجودہ حیات سے متعلق مختلف شعراء کا رویہ مختلف ہونے کے باوجود موجودہ مادّی تہذیب سے بیزاری کا جذبہ غالباً ان سب کا مشترکہ اثاثہ ہے۔ اُردو کے نئے شعراء کی طرح ان شعراء پر بھی مارکسی نظریئے کی گرفت کمزور ہو چکی ہے۔ لیکن یہ لوگ مارکسی نظریئے کے خلاف آواز اُٹھانے کی ضرورت بھی محسوس نہیں کرتے۔ اُڑیا کے بعض جدید تر شعراء نے جو پُرانے متھ کی تعمیرِ نو (Reconstruction of myth) کا بیڑا اُٹھایا ہے، وہ نہایت خوش آیند ہے اور اس سے ہماری روایت سے جدید تر شاعری کا رشتہ استوار ہوتا ہے۔ جدید تر اُڑیا شاعری میں زندگی سے قریب تر ہونے کا جو فطری جذبہ پایا جاتا ہے، اُس کے پیشِ نظر بآسانی کہا جا سکتا ہے کہ اس کا مستقبل حال سے بھی زیادہ تابناک ہوگا۔

بقیہ آسامی شاعری

آہنگ کی حامل ہیں۔

مختصراً آج آسام کی ادبی فضا یکسر بدلی ہوئی ہے۔ یہ اپنے اندر ایک تحریک، توانائی اور تاب و تب رکھتی ہے اور شاعری کے بہتر امکانات کی حامل ہے۔

رما کانت رتھ



شب ہمہ شب چلتی رہیں کل طوفانی ہوائیں
پلکیں بھی میں جھپک نہ پایا
پٹ دروازوں اور دریچوں کے رہ رہ کر کھل جاتے تھے
دیواروں سے ٹکراتے تھے
کھلے دریچے اور دروازے بند میں جب کرنے اٹھتا تھا
طوفانی منہ زور ہوا کے پاگل جھونکے
بیتابانہ پھر دستک دیتے لگتے تھے
ڈاک کے اُس ہرکارے کی مانند جو کوئی بہت ضروری کام کسی کا لے کر آئے
حیراں حیراں، ترساں ترساں
کوّے اپنے رین بسیروں سے گھبرا کر نکل پڑے تھے
دُور کنارے سے تالاب کے، آتی ہوائیں
سائیں سائیں کرتی ہر سو آزادانہ گھوم رہی تھیں
سوکھے پتے گلی میں یوں اڑتے پھرتے تھے
کہیں محاذِ جنگ پہ جیسے ہوا ہو کوئی سخت دھماکہ
اور فضا میں بکھر گئی ہوں ہاری ہوئی پلٹن کی لاشیں

شب ہمہ شب چلتی رہیں کل طوفانی ہوائیں
اب سے برسوں پہلے بھی جو کبھی چلی تھیں
تب میں بہت چھوٹا بچہ تھا
دھیرے دھیرے بڑا ہوا میں
بھاری گردن، چوڑے چکلے سینے والا
اک قدآور پیڑ میں
تم، کہ نسیم صبح چمن کی نرم روی تھے
یا مندر میں سجی ہوئی مورت کے لبوں پر پُرکی ہنسی تھے
یا پھر جنتِ گم گشتہ کی ایک نشانی
تیز ہوا میں
اک گھبرائے ہوئے پرندے کی مانند بکھر گئے تم
ملی نہ آہٹ، تیز ہوا کے شور میں جانے کدھر گئے تم
سر ٹکراتے رہ گئے پٹ دروازوں کے، دیواروں سے
ان پتھر کی دیواروں سے

فرض کرو اب
کبھی اچانک کچھ ایسا محسوس کروں میں
بھاری گردن، چوڑا چکلا سینہ میرا مجھ سے روٹھ گیا ہے
جن ٹانگوں پر کھڑا ہوا ہوں اُن کی رگیں کوئی کاٹ رہا ہے۔
میری صورت
اُس تصویری بوڑھے کی صورت جیسی ہے
جس کا آدھا چہرہ شعلوں کی لپٹوں سے جھلس رہا ہے۔
آدھا چہرہ سیہ دھوئیں کی تہہ کے پیچھے چھپا ہوا ہے۔
کیا اُس عالم میں بھی میں یہ بات زبان پر لا پاؤں گا۔
شب ہمہ شب چلتی رہیں کل طوفانی ہوائیں
حیراں، ترساں، کائیں کائیں کرتے کوّے
اپنے رین بسیروں سے باہر نکل آئے
میں پلکیں بھی جھپک نہ پایا
اور ہوائیں، طوفانی منہ زور ہوائیں - - -

ترجمہ: مخمور سعیدی

سیتا کانت مہاپاتر



آج سے صدیوں کے بعد
جبکہ ہم ہو جائیں گے گم وقت کی تاریک تہہ میں
تم قدم رکھو گے جب اس ارضِ خاکی پر کبھی
یاد رکھو، پھول کی دلکش مہک
نرم و نازک گھاس کے پتوں پہ شبنم کی چمک
اور عنک چھاؤں میں جینے کی مسرت سے کنارہ کش نہ ہو گے تم کبھی
تم ہماری طرح آخر وقت ہی کے دائرے میں کاٹ کر چکر نہ دو گے
یوں اذیت اپنے قلب و روح کو

تم اگر حاصل کرو گے آنسوؤں کی عظمتوں اور درد دل کی رفعتوں میں زندگی کی سرخوشی
تب تمہارے ہونٹ کی شبنم سے ہم جیسے غمیں روحوں کی ہر اک تشنگی بجھ جائیگی
اور پھر انسانیت اور زندگی کی بیکراں اقدار کو پانے کا جذبہ
خود تمہارے قلب کی نہروں سے سوتا بن کے پھوٹے گا یہاں

لیکے منطق کا سہارا سیڑھیوں کی راہ سے پہنچے ہیں ہم اس عقل کے مینار پر
جس جگہ ہم نے بنایا دل کا اک کچا مکان
اور اس مینار سے
کود کر کرلی ہے آخر خودکشی
اس طرح صدیوں اذیت خود کو پہنچاتے رہے

ہم منافق بن گئے ہیں آپ اپنی ذات کے
ہم نے دیکھے ہی نہیں ہیں وہ پرندے
جو نشاط انگیز نغمہ گھولتے ہیں کان میں
ہم نے دیکھا ہی نہیں ہے کس طرح سورج کی دستک پر یہ دھرتی
آنکھیں اپنی کھول دیتی ہے حیا و شرم سے
ہم نے دیکھا ہی نہیں یہ زندگی کا "نغز مایہ" اور یہ جوہر "کس طرح گیتی کو دیتا ہے نشاط
ہم تو دھرتی کے جسم پر اس کے رونے کی صداؤں سے رہے نا آشنا

ہم ہیں وہ کیٹرپلر
جو خود ہی اپنے خول کے اندر سسک کر مر گئے
تم مگر کیٹرپلر سے بن کے دلکش تتلیاں
اپنے رنگیں پر کو پھیلا کر فضا میں
اڑتے جاؤ بے خطر شام و سحر

زندہ رہنے کی تڑپ اور والہانہ پن جسے خود ہم نے اپنی زندگی میں کھو دیا
بن کے تتلی تم اسے اپنے خوبصورت بازوؤں سے اس کا رنگ و نور بکھراتے رہو
زندگی کے زہر کو پی جاؤ بن کے نیل کنٹھ
گرچہ ہونا آفریدہ
پھر بھی اس دن کے لئے ہم منتظر ہیں موت کے غاروں میں لاکھوں سال سے
جب کہ اربوں زندگیاں
خود تمہاری زندگی میں پائیں گی اپنا عروج

برہموتری مہانتی

بھیڑ



اوپری منزل میں تنہا بیٹھ کر میں دیکھتی ہوں
بھیڑ ہے لوگوں کی نیچے شاہراہ عام پر
گونجتی ہے جن کی آوازوں سے اب ساری فضا
میں مگر اک اندرونی آگ میں جلتی رہی ہوں
ایک مدت سے یہاں
جی میں آتا ہے کہ میں بھی کود جاؤں اس سمندر میں
جہاں لاانتہا افکار کا ہے اک ہجوم
جس کو تنہائی کے اس عالم میں پانا ہے محال
گرچہ ہستی میری گم ہو جائے گی اس بھیڑ میں
اور نظر انداز کر دے گا مجھے آخر ہجوم
پھر بھی لیکن مجھ کو وہ شے مل ہی جائے گی
جسے میں پا نہیں سکتی
بحال انتظار
تم عموماً تھک کے اپنی زندگی سے
بھاگ جاتے ہو کسی ویران منزل کی طرف
پھر بھی کیا دل میں تمہارے
اضطراب زندگی کی سمت واپس لوٹ
آنے کی تڑپ پیدا نہیں ہوتی کبھی ؟
[گرچہ تم یہ جانتے ہو
آشنائی اور دلداری یہاں مفقود ہے]
پھر بھی لیکن اس خلائے ذہن میں
میں دیکھتی ہوں زندگانی کا کمال
اس لئے یہ بھیڑ مجھ کو
اپنی ہستی سے بھی بڑھ کر ہے عزیز

حال کے آئینے میں

موجہائے بیکراں ملتی ہیں آپس میں گلے
اس لئے ٹوٹے ہوئے پتلوں کو ساحل ہی میں کر کے دفن
واپس ہو چلیں
کیوں کہ ٹوٹے خواب لے کر زندگی میں رنگ بھرنا ہے عبث

کرب ناک الفت میں میں کیوں خود کو آخر اونٹ دوں ؟
کیسے بکھرے پھول اور گلدان کے رشتے سے پاؤں میں بہاروں کا سراغ ؟
زخم خوردہ ذات کو اور تلملاتی شخصیت کو
اک بہانے سے نظر انداز کیوں کر دوں نہ میں ؟
جبکہ میں یہ جانتا ہوں سبزۂ خوابیدہ کو بھی گدگدانا چاہیئے

حال اپنا کیا بتاؤں ؟
اب تو شیشوں کی یہ کرچیں روشنی کی تابناکی سے مری نظروں کو کر دیتی ہیں زخمی
اور تڑپتی جا رہی ہیں تنگنائے آب میں اب زندگی کی مچھلیاں

عمر کا گلدستہ کیسے میں سجاؤں گا یہاں ؟
پھول لاؤں گا کہاں سے
جبکہ ہے تاراج گلشن اور مالن نے دیا دھوکا مجھے ::

باد صرصر میرے شانے سے اڑا کر لے گئی الفت کی چادر، کیا کروں ؟
صفحۂ ہستی پہ آخر روشنائی گر گئی
اور کنول خود غسل کر بیٹھا لہو میں
اس نے اپنی شکل کا خونیں ہیولیٰ اپنے ہاتھوں سے بنایا ہے الگ

آؤ شام غم میں اپنی ذات کو ہم خود کریدیں
تاکہ کرب و درد کو آغوش میں لے کر ملیں اس صبح سے
جس میں موجیں اپنے ہاتھوں سے بجا کر تالیاں گاتی ہیں سرمستی کے گیت
[گرچہ میں یہ جانتا ہوں، جھوٹ کہتی ہیں یہ موجیں
اور ہیولوں کی نگاہوں میں ہے آنسو جیسے بارش
اور بارش جیسے آنسو کی جھڑی]
پھر بھی لیکن یاد کے زانو پہ کرب و درد کا سر رکھ کے
اس کو یوں تھپکنے میں برا کیا ہے ؟ بتاؤ

کملا کانت لینکا

۱۹۶۰ء کے بعد

آسامی شاعری

——— بینوں رے

مشرقی ریاست آسام کے ساٹھ لاکھ باشندوں کی زبان آسامی کی شعری روایات صدیوں پرانی ہیں۔ تاہم اگر ہم پچھلے دس برسوں میں شائع شدہ شعری مجموعوں کی تعداد کو اس کی رفتارِ ترقی کا آئینہ سمجھ لیں تو ہمارے لیے مغالطے میں پڑنے کے وافر امکانات موجود ہوں گے۔ یہ واقعہ ہے کہ سابقہ دہائیوں کی طرح اس دہائی میں بھی ادب کی دیگر اصناف کے مقابلے میں شعری مجموعے کم شائع ہوئے۔ لیکن یہ بھی واقعہ ہے کہ ادھر شائع ہونے والے شعری مجموعوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے اور یہ اضافہ بے سبب بھی نہیں۔

۱۹۶۰ء میں آسامی کو آسام کی سرکاری زبان قرار دیئے جانے سے یہاں کے علمی، ادبی حلقوں میں ایک نیا جوش و خروش پیدا ہوا۔ ادبی حلقوں میں توسیع ہوئی۔ ادبی نشستوں کا چلن عام ہوا۔ آسام پبلی کیشن بورڈ اور آسام ساہتیہ سبھا نے زیادہ سرگرم طریقۂ کار کو اپنا شعار بنایا اور قابلِ ذکر کتب شائع کیں۔ یونی ورسٹی اور کالجوں کے طلبا کی ادبی سرگرمیوں کا آئینہ کالیم اور یونی ورسٹی کے سلیقے سے شائع کیے گئے میگزین ہیں۔

اس دہائی کا آغاز تر تخلیقی سرگرمیوں سے ہوا۔ کہانی، ناول، ڈراما، سفرنامہ اور تنقید کے ساتھ ساتھ اچھے شعری مجموعے شائع ہوئے۔ ادبی افق تابناک اور روشن ہو گیا۔ اس دہائی میں شعری مجموعے کچھ زیادہ تعداد میں شائع نہیں ہوئے۔ اس کی ایک بنیادی اور بڑی وجہ یہ ہے کہ شعری مجموعوں کا بازار بالعموم سرد ہے اور شاعر اپنے مجموعے خود شائع کرنے کا حوصلہ نہیں کرتے۔ شاعری کی اشاعت زیادہ تر رسائل ہی میں ہوتی ہے۔ اس کے پڑھنے والوں کا حلقہ بھی بڑا محدود ہے۔ اس کے باوجود ہماری شاعری ہمارے ادب کا ایسا حصہ ہے جو ہمیشہ زیرِ بحث آتا ہے۔ بعض اوقات تو یہ بحث مباحثے بڑے غیر متوقع حلقوں میں اور گوشوں سے اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔ مجموعوں کی اشاعت کے کم مواقع کے باوجود آسامی شاعری برابر ترقی کے راستہ پر گامزن ہے۔ آسامی شاعروں کی صف میں ادھر نئے نئے نام نظر آنے لگے ہیں۔ جانے پہچانے شعرا نے شاعری کی ترقی و ترویج میں خاصہ ہاتھ بٹایا ہے

اس سے پیشتر کہ ہم موجودہ دہائی کی شاعری، رجحانات، اور شاعروں کا ذکر کریں ایک سرسری نظر اس دہائی کی شاعری کے پسِ منظر میں ڈال لینا مناسب ہوگا۔

اس صدی کی پہلی چوتھائی میں آسامی شاعری بنیادی طور پر انگریزی شاعری سے متاثر تھی۔ عالمی جنگ سے پہلے کے زمانے کے شاعروں کی نظریں دیہات کے قدرتی حسن و مناظر پر لگی ہوئی تھیں۔ دیہاتی زندگی اپنے تمام تر حسن و قبح، مسرتوں اور مصائب اور افلاس و غریبی کے ساتھ اس شاعری کا موضوع بنی ہوئی تھی۔

جنگ کے بعد بدلے ہوئے حالات کے زیرِ اثر آسامی شاعری پر فرانسیسی، روسی، جرمن، جاپانی اور چینی شاعری کے گہرے اثرات پڑے۔ جدید شاعروں نے مارکس اور فرائڈ کے فلسفوں سے روشنی لی اور اثر پذیر ہوئے۔ ان کے فلسفوں کی چھاپ جدید شاعروں کے یہاں گہری پڑی۔ جدید شاعر نے ماضی کی تمام اقدار کھودی تھیں اور نتیجے میں کچھ پایا نہ تھا۔ وہ عدم اعتماد، بے یقینی، انتشار، تشکیک اور کرب کے ایک

یب وغریب عالم میں مبتلا تھا۔ اس کا تعلق اب بجائے دیہی زندگی کے، شہری
ندگی سے تھا۔ بعض شعراء نے شہری زندگی کی قباحتوں اور کوتاہیوں کو
ی موضوعِ سخن بنایا۔ جنس، اور بے ضبطی اُن کے کلام کا بڑا اسطقی سا
صہ بنی۔

پانچویں دہائی کے شروع میں جس نئی شاعری کا آغاز ہوا تھا،
ورجے قارئین کے ایک حلقے میں مقبولیت حاصل ہوئی تھی، ویسی ہی
شاعری آج بھی کی جا رہی ہے۔

نئی شاعری دراصل چند ممتاز شاعروں کا کارنامہ نہیں۔ ایسے
شاعروں کی تعداد خاصی بڑی ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ شہرت اور
مقبولیت محض چند کے حصے میں آئی۔ یہ بھی ایک عجیب اتفاق ہے کہ جن
شاعروں نے پانچویں اور چھٹی دہائی میں آسامی شاعری کو
تاثر کیا تھا، وہ آج بھی ادب کے اس شعبے پر حاوی ہیں۔

نئے شاعروں کی شعری تکنیک، اُن کا نظریۂ زندگی، اُن کی اپجی
سلوب اور بحور پرانے شعرا کے مقابلے میں یکسر مختلف ہیں۔ اس
شاعری کے خلاف جو جذبہ گزشتہ عرصہ دیکھنے میں آیا تھا، وہ ادھر
دھیرے دھیرے ختم ہو گیا ہے۔ اب آسامی شاعری کے قاری نے
سے پیچیدہ ذہن کے اظہار کے طور پر قبول کر لیا ہے۔ وہ اب اسے
ان پیچیدگیوں کے اظہار کا ذریعہ سمجھتا ہے، جو شاعر کی روح کو کرب میں
بتلا کئے ہوئے ہے۔ وہ اسے اپنی دور کے انسان کی لطیف حسیت
کو آبلا میں ڈالنے والے انتشار اور شعراء کے اس سے عدم اتفاق
کی گونج تصور کرتا ہے۔

اس نئی شاعری میں ایسی نغمگی، علامتیں اور تشبیہیں پائی جاتی ہیں،
جو ہمیں بالعموم یادلیر، پال ویری، اسٹیفن ملارمے اور رلکے کی شاعری
میں دکھائی دیتی ہیں۔ ہمارے بعض نئے شاعروں نے آہنگ کے
معاملے میں بڑی جدت برتی ہے۔ ہمارے نئے شاعر غیر ملکی رنگ
میں اس حد تک رنگے ہوئے ہیں کہ وہ ایک بین الاقوامی فرقے کا جزو
لگتے ہیں۔ اس کے واضح اثرات، اُن کی زبان پر دیکھے جا سکتے ہیں۔
وہ لگ بھگ ایسپیرنٹو کے مرحلے تک آ پہنچی ہے۔ تاثراتی شعراء کی
طرح ان کی علامتیں اور پیکر ایسے ہیں کہ اُن کے باہمی ربط کو تلاش
کرنا بڑا دشوار ہوتا ہے۔ کسی بھی وقت یا کسی بھی ملک یا کسی بھی ثقافت
کی کوئی شے اچانک اُن کے کلام میں اس طرح بار پا جاتی ہے کہ
معمولی پڑھے لکھے قاری کے لئے اُسے سمجھنا بے حد دشوار ہوتا ہے۔ حد تو یہ ہے
کہ تاریخ اور جغرافیہ کا ذکر بھی علامتوں کے طور پر ہوتا ہے۔ ہیم کانت بروا
کی نظمیں اس کی اچھی مثالیں ہیں۔ اہرام مصر، ہیروشما، ناگاساکی تمدن کی
قبریں اور اخلاقی زوال کی یادگاروں سے تعبیر کی جاتی ہیں۔ اس طرح ہندو
دیومالائی کرداروں سیتا، شکنتلا، کنتی، دمینتی کو بھی ہیم کانت پرانے نئی معنویت
کے ساتھ برتا ہے۔ اس کی علامتوں کے آئینوں میں دیومالائی کرداروں کے
خدوخال یکسر مختلف رنگوں میں ابھرتے ہیں۔ طنزیہ انداز کے ساتھ اس تکنیک
کے استعمال سے جدید تہذیب کے گندے انڈوں کو بڑی کامیابی سے موضوعِ
سخن بنایا گیا ہے۔

متعدد مجموعوں کے شاعر ہیم بروا کا شمار جدید آسامی شاعری کے
پیش روؤں میں ہوتا ہے۔ آج جبکہ امن صدا بہ صحرا ہے اور خوشی اور
مسرت کے سوتے خشک ہو چکے ہیں، انھوں نے اپنے تازہ ترین مجموعے "من
میوری" میں موجودہ معتوب نسل کے جذبات کی ترجمانی کی ہے۔ آج کے
انسان کی بے چینی، کرب اور موجودہ دور کی لغویات انتشار کا باعث ہیں
اور انسان کے ضمیر کو مضطرب رکھتی ہیں۔ ہیم بروا کے یہاں اس کا ایک نقش
ملاحظہ فرمائیں۔

میرے ذہن میں جو کیڑا ہے
وہ کھاتا ہے مسلسل مجھ کو
اک دو، نہیں، نہیں، ــــ مشکل ہے
ان کو گننا کب ممکن ہے
ہوں بے چین پریشان ہوں
وہ
مجھ کو مسلسل چاٹ رہے ہیں . . . . (ہیم بروا)

پیچیدہ۔ ادق اور گہری معنویت والی شاعری کے ضمن میں نوکانت
بروا کا نام سرِفہرست آتا ہے۔ نوکانت بروا اس دور کا انتہائی مقبول
اور نمایاں ترین شاعر ہے۔ نوکانت بروا کے متعدد شعری مجموعے شائع
ہو چکے ہیں۔ اس دہائی میں اس کے دو قابلِ ذکر مجموعے "تیجارتا" اور "سمراٹ"
شائع ہوئے ہیں۔ نوکانت بروا پر ٹی۔ ایس ایلیٹ اور ٹیگور کا بڑا گہرا اثر
ہے۔ وہ ٹی۔ ایس۔ ایلیٹ ہی کی طرح محسوس کرتا ہے کہ شاعری کی زبان
نثر کی زبان سے مختلف ہونی چاہئے۔ اس میں حسیات اور ذہن کو متاثر
کرنے کے لئے اشارت کی خاصی صلاحیت ہونی چاہئے۔ اس کے اس نظریے

کا ایک ناگزیر نتیجہ یہ نکلا کہ اُس کی نظمیں بے حد پیچیدہ اور ادق ہوگئیں۔ اس ضمن میں وہ خود اس بات کا مدعی ہے کہ موجودہ تہذیب کے تنوع اور پیچیدگیوں کا احاطہ کرنے کے لئے شاعر کو خود بھی متنوع اور پیچیدہ ہونا چاہئے تاکہ شائستہ حسیت پر اُس کے اثرات بھی ویسے ہی مرتب ہوں۔ وہ عالمی حالات و واقعات کی اچھی جانکاری رکھتا ہے۔ زندگی کو قبول کرتا اور اپنے افکار و احساسات سے دھرتی کو ایک حُسن بخشتا اور اُسے شریف تر بنانے کی خواہش رکھتا اور سعی کرتا ہے۔ اس کی بیشتر نظمیں اُس کے اِس رُجحان کی ترجمانی کرتی ہیں۔ اس کی نظم "رات کا آسمان: دریچے سے ایک دعا" اس کی سب سے اچھی مثال ہے۔

اس عرصے میں اس نے متعدد طویل نظمیں لکھی ہیں۔ یہ نظمیں جہاں بے مثل شعری حسن کی حامل ہیں، وہاں بروا کی طباعی اور انفرادی اسلوب کا آئینہ بھی ہیں۔ اس کی نظمیں سمراٹ اور راون دورِ جدید کی مختصر رزمیہ نظمیں کہی جاسکتی ہیں۔ نوکانت بروا نے اپنی اِن نظموں میں موجودہ فنِ ملک داری اور بیڈھب صورتِ حال کی چکرا دینے والی پیچیدگیوں کو موضوعِ سخن بنایا ہے۔ دُوسرے جدید شعراء کی طرح وہ لفظوں کے استعمال سے بڑی کفایت سے کام لیتا ہے۔ اُس کی زبان بڑی پُر تاثیر ہے۔ مقامی محاورہ اور لب و لہجہ اس کا حصہ اور خاصہ ہے۔ اس کی بحریں اور ارکان تنوع کے حامل ہیں۔ پیچیدہ حسیّت کے اظہار کے لئے وہ یوروپی اور ہندوستانی ادبوں کے جملوں، اقتباسوں، تصویروں اور علامتوں سے کام لیتا ہے۔ اس کی علامتیں مبہم ہوتی ہیں اور کوئی ایک مفہوم ادا نہیں کرتیں۔ ان کی مثال منشور جیسی ہے، جس میں خیال کی چھُوٹ پڑنے میں ہفت رنگ معانی ہاتھ آتے ہیں۔ آج کی آسامی شاعری میں اس جیسا دُوسرا کوئی نہیں۔ ہاں اس کی تقلید کرنے والے بہت ہیں۔

نوکانت بروا کی طرح غیر ملکی زبانوں کی شاعری سے متاثر ہونے والا ایک دوسرا شاعر نیل منی پھوکن ہے۔ اس دہائی میں اس کے دو اہم شعری مجموعے "سوریہ ہیو نامی آھے ای ندی بدی" اور "نرجنتر شبد" شائع ہوئے ہیں۔ نیل منی پھوکن داخلی اور دروُں بیں شاعر ہے۔ اس کی شعری تخلیقات جاپانی، فرانسیسی اور حد تو یہ ہے کہ حبشی شاعری سے مماثلت رکھتی ہیں۔ تاہم وہ بُنیادی طور پر نئی نسل کا رُومانی شاعر ہے۔ اس کا ایک اپنا اسلوبِ نگارش ہے۔ اس کی تشبیہیں اور علامتیں بعض اوقات بڑی عجیب اور نامانوس دکھائی پڑتی ہیں۔

اس دہائی کے ایک دُوسرے اہم شاعر عبدالملک کا اندازِ نگارش نیل منی پھوکن کے انداز کے برعکس ہے۔ "سواکھیار" کا یہ شاعر کہانی کار کی حیثیت سے زیادہ مشہور اور اپنے افسانوں کی نسبت اپنی شاعری میں عوام کے زیادہ قریب ہے۔ وہ اپنے موضوعات انسان کے عام تجربات ہی میں سے منتخب کرتا ہے اور بڑی سادگی اور صراحت کے ساتھ شعری لباس میں منتقل کرتا ہے۔ اس کی نظموں کی زبان عام آدمی کی زبان سے بہت قریب ہے۔ اس میں بڑی نغمگی ہے۔

یوں تو گہرے سیاسی و سماجی شعور کا دھارا ہمیں اس دہائی کے بیشتر اچھے شعراء کے کلام میں رواں دکھائی دیتا ہے، لیکن اس ضمن میں امبیکا گری رائے چودھری اور ہومن برگوہائیں اور پرسنالال چودھری کا نام خصوصیت سے لیا جاسکتا ہے۔

ساہتیہ اکادمی انعام یافتہ شاعر امبیکا گری رائے چودھری کی تازہ نظموں کا مختصر سا مجموعہ ہے "ویدنار الکا" شائع ہوا ہے ——— اُن کی شاعری چیلنج کی، انقلاب کی شاعری ہے۔ اُن کی بعض نظمیں ایسی ہیں جو قاضی نذرالاسلام کی نظموں کی یاد تازہ کر دیتی ہیں۔ رائے چودھری کی نظموں کا لب و لہجہ سادہ مگر کھردرا ہے۔ اس کا شکوہ بھی دیدنی ہے۔ امبیکا گری کی ادھر کی نظموں میں جذبات کی شدت پہلے جیسی ہے اور لب و لہجہ نا اطمینانی کا مظہر ہے۔

پرسنالال چودھری کی شاعری جذبات کی گہرائی اور آہنگ کے حسن کا بڑا اچھا امتزاج لئے ہوئے ہے۔ وہ آج بھی دُنیا کے پسماندہ اور پچھڑے ہوئے لوگوں کا ترجمان ہے۔

ہومن برگوہائیں کی نظمیں جنسی موضوعات پر ہوا کرتی تھیں۔ کبھی وہ ڈیلن تامس کی شاعری سے بڑا متاثر تھا، لیکن ادھر اس کے فکر و فن میں بڑی خوشگوار تبدیلی آئی ہے۔ وہ شدید کلبیت اور انقلاب کے پھیر سے نکل آیا ہے۔ اس کے یہاں ہمیں اب سماجی حقائق کا گہرا احساس ملتا ہے۔ وہ ہمہ تن سوال بن جاتا ہے۔ لیکن ورڈزورتھ کے پُرسکون لہجے میں نہیں، وہ عالمِ غیض و غضب میں پوچھتا ہے "انسان نے انسان کو کیا بنا دیا ہے"

اور جب جب کوئی قومی اُفتاد پڑی ہے، آسامی شاعروں نے ایسے ہی غیض و غضب کا مظاہرہ کیا ہے۔ یہ امر اس بات کی دلیل بھی ہے کہ آج کا آسامی شاعر اپنے ماحول اور گرد و پیش پر اچھی نظر رکھتا ہے۔ قومی وطنی واقعات و حادثات کے ضمن میں اس کا ردِ عمل فوری ہوتا ہے۔ جہاں وہ

خود ان سے متاثر ہوتا ہے، وہاں اپنی نظموں کے ذریعے دوسروں کو بھی متاثر کرتا ہے۔

چین اور پاکستان کے حملوں کے وقت ایسی ہی صورتِ حال آسامی شاعری میں دیکھنے میں آئی۔ چینی حملے کی شدت کو ہندوستان کی کسی دوسری ریاست نے شاید ہی آسام سے زیادہ محسوس کیا ہو۔ چینی حملے سے یہاں کے عام کاروبارِ زندگی پر شدید عمل واقع ہوا۔ ادبی ستر گرمیوں پر بھی اس کی گہری چھاپ پڑی۔ حالات سے متاثر ہو کر آسامی شاعروں نے فکرِ سخن کی بلند آہنگ نظمیں کہیں۔ اور ایسے قومی وطنی گیتوں اور نظموں پر مشتمل متعدد کتابچے شائع کیے۔

ایسے ہی جذبات کا مظاہرہ انھوں نے پاکستان کے حملے کے دوران بھی کیا۔ مشرقی پاکستان کے قریب ہونے کے سبب سے پاکستانی حملے کے نتیجے کے طور پر آسام میں فضا بڑی کشیدہ ہوگئی تھی۔ اس کے باوجود شاعری کے لب و لہجہ اور ڈھانچے میں کوئی بنیادی تبدیلی واقع نہ ہوئی۔ بڑے بزرگوں اور نوجوانوں نے یکساں طور پر بلند آہنگ قومی وطنی نظمیں لکھیں۔ لیکن ایسے شاعر انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں، جنھوں نے اس حملے سے متاثر ہو کر دائمی قدر و اہمیت کی نظمیں تخلیق کی ہوں۔ نوکانت بروا، ببرن برکٹو کی، کیشب مہنت وغیرہ نے اس مسلح لڑائی کو بنی نوع انسان کی ترقی اور ارتقار کی خواہشات کی نفی قرار دیا اور اسے اس کی پتھر اور دھات کے زمانے کی طرف مراجعت سے تعبیر کیا۔

اس دہائی کی شاعری کے ضمن میں آسامی گیتوں کا ذکر از بس ضروری ہے اس دہائی کے آغاز سے پیشتر ہی ایک خوشگوار تبدیلی یہ واقع ہوئی کہ بعض مشہور شعرار نے ایک بار پھر گیتوں کی طرف توجہ دی۔ باروتی پرساد بروا کا مجموعہ "بھوگ تکریہ سوئر" بحیثیت موسیقار و گیت کار، ان کی شہرت میں مزید اضافہ کا سبب بنا۔ ان گیتوں میں بروا نے افسردہ جذبات کو بڑے نرم و نازک اور مؤثر لفظوں کا لباس دیا ہے۔ کیشب مہنت کے گیتوں کے دو مجموعے شائع ہوئے۔ کیشب مہنت کے گیت ادھر عوام میں بے حد مقبول ہوئے ہیں۔ یہ مجموعے اُن کے گیتوں کے لئے عوام کی بڑھی ہوئی مانگ کا نتیجہ ہیں۔ "گیتی ستاول" مترو یہ مہنت کے ایسے گیتوں کا مجموعہ ہے جو ایک زمانہ میں بہت مقبول ہوئے تھے۔ اس دہائی میں گیتوں کے جو اہم مجموعے شائع ہوئے اُن میں سے لیلا گوگوئی کا "گیتی مالن چا"، آتل چندر ہزاریکا کا "جھنکار" کمکندر کا سور جھنکار" قابلِ ذکر ہیں۔ جگت چتیالے پچھلے پچاس برسوں میں لکھے گئے گیتوں کا بڑا اچھا انتخاب سُر ساگر رکمٹ بٹالی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کے نام سے شائع کیا ہے۔ اُن کے علاوہ مکتی ناتھ باروڈلائی نے بھی گیتوں کا ایک اچھا مجموعہ شائع کیا ہے۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

شعری انتخابات شائع کرنے کا رواج آسامی شاعری میں اس دہائی سے پیشتر بھی موجود تھا۔ ایسے انتخابات میں "نوتن کویتا" کی اہمیت اور افادیت مسلّم ہے۔ اس دہائی میں ایسا ہی ایک انتخاب "وچار کویتا" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ اُسے نوکانت بروا اور دیگر اصحاب نے ترتیب دیا ہے۔ یہ منظومات مختلف رسالوں میں شائع ہو چکی ہیں۔ یہ نظمیں علامت پسندی، وجودیت پسندی اور سیاسی اقتصادی حقائق کی مظہر ہیں۔

گیت ہی کی طرح جس صنفِ سخن کو ادھر پھر مقبولیت حاصل ہوئی، وہ طویل نظم ہے۔ طویل نظمیں لکھنے کا رواج گویا ختم سا ہو گیا تھا۔ لیکن ادھر طویل نظم کو دوبارہ زندگی ملی اور ایک بار پھر اس کا چلن عام ہوا۔ پرانی نسل کے شعرار اتل چندر ہزاریکا، مکشی ناتھ پھوکن امبیکا گری رائے چودھری، پرسنا لعل چودھری وغیرہ نے حالیہ واقعات اور موضوعات پر طویل نظمیں لکھیں۔ حد تو یہ ہے کہ نوجوان شاعروں نیل منی پھوکن اور مہندرا بورائے بھی اس صنف میں طبع آزمائی کی اور بعض بہت اچھی نظمیں تخلیق کیں۔

اس دہائی کے دوسرے اہم مجموعوں میں رومانی شاعرہ نلینی بالا دیوی کا "منڈاکنی" مہندرا بورا کا جالتس مارا، مہیشور نیوگ کی عوامی نظموں کا مجموعہ "چینائی پرے وت اروسری لوٹ" "امیلندو گوہاکا" "تو مالائی" برینچور بروا کا نرجن ناوک مرحوم دھرمیشوری دیوی بروا والی کی غیر مطبوعہ نظموں کا مجموعہ "اسرودہرا روجون تری" شمار کیے جا سکتے ہیں۔

اس دہائی میں جن شعرار کی تخلیقات موضوعِ سخن رہیں ان میں نلنی بالا چارجی نرمل پربھا بارووی، ہری کٹو کی، رتن اوجھا، دیپ چند تعلق دار، دنیش گوسوامی کے نام لیے جا سکتے ہیں۔

ادھر بعض نوجوان شعرار ہیئت کے نئے نئے تجربے کر رہے ہیں۔ لیکن ان کے بارے میں کسی رائے کا اظہار کرنا قبل از وقت ہوگا۔ بعض نوجوان شعرار کی تخلیقات سے شاعری کے بہتر امکانات کی امید بندھتی ہے۔ آج کی بیشتر جدید نظمیں ماضی کے عکس کی نظموں کے برعکس خوشگوار

(بقیہ صفحہ ۲۰ پر)

نو کانت بروا

کالی لڑکی - خدا کی تلاش میں

اور تب — نیگرو ڈرامے میں
منچ پر خود خدا اُتر آیا
منہ میں ایک قیمتی سگار دبائے
بُدبُدایا غنودہ لہجے میں
"روشنی! روشنی!!" کی اک آواز
نغمۂ صبحِ اوّلیں کی طرح...
دھیرے دھیرے فضا میں پھیل گئی
اور تب اک رگڑ سے ماچس کی
بھڑک اُٹھا بہار کا شعلہ...
پھول، خون اور سبز اندھیارا
لہلہاتے ہوئے گھنے بن کا...
وقت کی لاش بے حس و بے روح
نیلگوں وسعتوں کا مہلک زہر...
اور ہمارے دلوں کا ہر جذبہ
جگمگاتی رتوں کے روشن خواب
کالی چمڑی کے خول میں محبوس...
شیر نر کی ایال تابیدہ۔
اک طلائی ہوس کے پنجے میں...
طفلکِ آفتاب کے رُخ پر
عکس انداز: موت کی زردی...
پھول، خون، اور ریگ خشک کی نیند
نیند لمبی، بہت ہی لمبی نیند
ہاں مگر اے سوادِ افریقہ
کوکھ سے تیری لے رہا ہے جنم
اک نیا دور — اک نئی دنیا
ہم یہاں پھڑپھڑا رہے ہیں ابھی
ان فضاؤں میں اپنے پَر، جن سے
لاکھ طوفاں گذرنے والے ہیں
روشنی! آہ روشنی ہے کہاں!!
صرف تاریخ کے جھروکے سے
روشنی! روشنی!! کی اک آواز
کل بھی آتی تھی، اب بھی آتی ہے

ترجمہ
محمود سعیدی

رگھوناتھ چودھری

نئی دلہن کی پلنگڑی

غم کا بھاری بوجھ مجھ پر ایسا کیا لاویں گے اور
اے مرے آقا مرے مالک مرے فرماں روا
منتشر کیوں ہو مرے دل کی یہ گہری خامشی
مجھ کو وقت پُر درد کرنے کے لئے

دوپہر کے بعد جب ہے اوج پر میری حیات
میرے دل سے اُٹھ کھڑا ہوتا ہے جوش ہولناک
پھر انڈیلو کس لئے تم اُس کے خالی ظرف میں
زہر وہ جو رِس رہا ہے اضطرابِ تلخ میں

مدتیں گذریں کہ مجھ سے چھین کر تم لے گئے
جان سے بڑھ کر بھی پیارے میرے دلبر کی مہک
اب وہ راون کی چتا سے اُٹھ کے باہر جائے گی
جس کے شعلوں سے ہوا جاتا ہے جل کر دل بھی خاک

آج خالی ہے مسرت سے بھرا میرا وہ جام
ہر طرف کیا کیا نظر آتی ہے ویرانی مجھے
آگ جنگل کی ٹٹولو گے تو یہ دیکھو گے تم
ہو گیا ہے راکھ میری زندگی کا دیو دار

دُور کوسوں دُور شعلہ زن ہے بربادی کی آگ
جاذبِ دل دیکھنا کتنی نظر آتی ہے یہ
یہ پلنگڑی ہوگی میری سرخ ہیں جس میں کنول
میں دوامی خواب کی لذت اسی میں پاؤں گی

ترجمہ: منور لکھنوی

(بشکریہ ساہتیہ اکیڈیمی)

۱۹۶۰ء کے بعد



بنگالی شاعری

اُتپل سرن گنگولی

موجودہ نسل کی ادبی تنقید میں نظم کو زیادہ گہری نظر سے دیکھنا یقیناً بہت اہم بلکہ ناگزیر خیال کیا جاتا ہے۔ الفاظ دیگر نظم کی تنقید موجودہ ادبی تنقید کا اہم ترین پہلو سمجھی جاتی ہے۔ اسی طرح دہائیوں کی مدد سے شاعری کی تاریخ کا تعین کرنا بھی کم و بیش موجودہ ادبی رجحان ہی کی عکاسی کرتا ہے۔ اس دہائی کی نظمیں اپنے زمانۂ تخلیق کی نشاندہی تو کرتی ہی ہیں لیکن ان کی دوسری پہچان افکار و خیالات کی آب و تاب، نظریات اور آدرشوں کی ترجمانی اور نمائندگی، شعری علامتوں اور دوسری ادبی خصوصیات کا تقابلی مشاہدہ، نئے نئے تجربے کرنے کے رجحانات، لفظوں کا استعمال اور لفظوں کو آزادی سے برتنے کا رجحان اور ان کی مخصوص ہیئتیں ہیں۔

کسی ایک مخصوص دہائی کے شعر کہنے والے تمام چھوٹے اور بڑے ادنیٰ اور اعلیٰ شاعروں کو اس مخصوص دہائی کے نمائندہ شاعر نہیں کہا جاسکتا۔ ایک اونچے درجے کے شاعر کو جو اپنی عمر کے اعتبار سے بھی کافی بزرگ ہیں اس مقالے میں موجودہ دہائی کا ایک نمائندہ شاعر قرار دیا گیا ہے۔ کیونکہ انہوں نے اس دہائی کی شاعری میں بعض نئے پہلوؤں کا اضافہ کیا ہے۔ اس دہائی کی بنگالی شاعری میں چند ایسے نامور شاعر بھی ہیں جن کی تخلیقات اس دہائی کے رجحانات کی نمائندگی نہیں کرتیں۔

ساتویں دہائی کا بنگال ملک کے کروڑوں محنت کشوں کے آلام، مصائب، بے روزگاری، کارخانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی عام بے چینی، مزدوروں، کاشتکاروں، چائے کے باغات میں کام کرنے والوں کی مائی زبوں حالی اور کلکتہ اور مغربی بنگال کے بڑے بڑے شہروں میں "گھیراؤ" کی صورت میں ان کا اجتماع اور "راک" کے نام سے مشہور کلکتہ کے تنگ برآمدوں کے سامنے والی سڑکوں پر نوجوانوں کا ہجوم۔ ان سب چیزوں کی اس بھوکی اور بغاوت پر آمادہ نسل کی بنگالی شاعری میں اتنی اچھی طرح عکاسی ہوئی ہے کہ بنگالی شاعری، مارکسی کمیونسٹوں اور نکسل باڑی والوں کی ولولہ انگیز شاعری معلوم ہوتی ہے۔ لیکن ابھی ہم کو اس کے تانے بانے میں رنگ آمیزی کرنی ہے۔ ساتویں دہائی کی بنگالی شاعری کا ایک اور اہم رجحان بنگالی موسیقی کی غنائیت یعنی وہ روایت ہے جس کی بنیاد خود رابندر ناتھ ٹیگور نے رکھی تھی۔ کتنی عجیب بات ہے کہ اس صدی کی ساتویں دہائی میں بھی بنگال کے سخن فہموں کے نزدیک ٹیگور کے اونچے درجے کی فن کارانہ شاعری کے مقابلے میں ان کے گیت زیادہ دل نشین ثابت ہو رہے ہیں۔ ٹیگور کے گیتوں کے تاثر نے بنگال کی مذہبی شاعری مثلاً بنگال کے کیرتنوں کے ساتھ مل کر جو شکتی دیوی کے عقیدے سے تعلق رکھنے والے گیت ہیں، اس دہائی کی بنگالی شاعری میں بعض نئے پہلوؤں کا اضافہ کیا ہے۔ یہ چیز خاص طور پر بنگال کے دیہی علاقوں مغربی بنگال اور مشرقی پاکستان کے ہزاروں دیہاتیوں میں مقبول ہے۔ بنگالی شاعری کی اس دیہی روایت نے دیہاتی شاعری کے عوامی کردار کو اور اجاگر کیا ہے۔

ساتویں دہائی کی بنگالی شاعری میں جدید روایت کے علم بردار

بعض اہم شاعروں نے جو اس صدی کی چوتھی دہائی میں منظر عام پر آئے تھے بنگالی شاعری پر گہرا اثر ڈالا اور اس صدی کی ساتویں دہائی کی بنگالی شاعری کو ایک مخصوص سانچے میں ڈھالا ہے۔ بنگالی شاعری کی اس جدید روایت کے علمبردار شاعروں میں سدھیندر ناتھ دت، پریمیندر متر، بدھدیو بوس اور بشنو ڈے جیسے لوگ شامل ہیں۔ ذیل میں ہم بدھدیو بوس کی نظم کے جس نے اس دور کی بنگالی نظم کو بے حد متاثر کیا ہے، چند بصیرت افروز حصے پیش کر رہے ہیں:۔

اپنا سحر مجھ پر طاری نہ کرو، جدائی نے مجھے مطیع بنا رکھا ہے

میرے پھول قریب و دور بکھرے ہوئے ہیں
حال اور ہونی کا بوسہ
جس کی مدتوں سے توقع تھی، بالآخر سرد بے درد شیشے پر ثبت ہو گیا
ان لوگوں میں سے انتخاب کرو جو کاغذ کی کشتیوں پر
گہرے سمندروں میں کبھی نہیں نکلتے
وہاں چاول اور گوشت
ایک گھر اور دوپہر کی دھوپ
عورت کے ہاتھ کے لمس سے
تاریک خوشبوئیں لانے والی نیند
نہیں، تو کیا تمہارا خیال ہے
کہ میں تمہاری بانسری جیسا سحر آفریں نغمگیت پیدا کروں گا
اور حافظے سے کام لیتے ہوئے تمہاری غزالی آنکھوں کا نقش اتاروں گا
صرف آدھی بات سچ ہے
مجھے معلوم ہے، تم جنت سے نکالی ہوئی دیوی ہو
تمہارا دل کش اور جانا پہچانا نقاب
مجھے چاک نہیں کرنا،
میں ابھی ایسا شاعر نہیں بنا

اس دہائی کی تخلیقات پر بدھ دیو بوس کے شعری اسلوب اور امیجری کا اثر گہرا و نمایاں ہے اور اتنے ہی گہرے اثرات سریندر ناتھ دت، پریمیندر مترا، بشنو ڈے، آنند شنکر رائے، اجیت دتہ اور امینہ چکرورتی کے ہیں۔ جن شعرا نے اس دہائی کے شعری ادب میں نئے امکانات روشن کئے، نئے آفاق کی نشاندہی کی، ان میں بمل چندر گھوش کا نام سرفہرست آتا ہے۔ بمل چندر گھوش نے یوں تو شاعری اس صدی کی چوتھی دہائی میں شروع کی تھی لیکن اس ساتویں دہائی میں بھی انکی آواز یکسر نئی دکھائی پڑتی ہے۔ آج بھی وہ نئے اور بڑے کامیاب تجربے کر رہا ہے دوسرے لفظوں میں اُسے ساتویں دہائی کی شاعری کا پیشرو بھی کہا جا سکتا ہے۔ بمل چندر گھوش اشتراکی عقائد کا بڑا کٹر حامی ہے۔ اپنے سیاسی نظریات کے تحت اس نے بنگالی شاعری کو ایک نئی جہت دی ہے۔ بمل چندر گھوش کی ایک حالیہ نظم اس طرح ہے۔

پتھر دل جیسی سخت
اور ہوا کے تند تھپیڑوں سے اُوبڑ کھابڑ بنی
کالی دھرتی پر،
ساکت، سحر زدہ، افسردہ
بھیانک پربت کی اوٹ سے
جذبات کا باریک
سست رو دھارا
آڑھا ترچھا چلتا
گرتا پڑتا دکھائی دیتا ہے ــــ
اس کے دونوں طرف
مردہ خواہشوں کے رنگ دار پتھر بکھرے ہوئے ہیں
اور یاد کے اُجاڑ
پیڑوں اور پودوں کے سایوں کے سائے
دکھائی دیتے ہیں جو جذبات سے یکسر عاری
اور تنہا ہونے کے باعث
پیلے پڑے اور زردی میں ڈوبے ہوئے ہیں

اسی نظم میں بمل چندر گھوش کہتا ہے:

اُڑتے ہوئے پرندوں کی قطاروں کے سائے متحرک نہیں ہوتے
دھوپ میں، چاندنی میں
بادلوں میں، اور بجلی میں
اور آسمان کے بے ہیئت، بے اثر پردے پر
یہ دن اور وہ دن،
نیک یا بد ــ کوئی وجود نہیں رکھتا
نیلے آسمان کے بے روح، بے رحم، اجاڑ پردے پر
کسی یاد
کسی یاد داشت کا کوئی عکس نہیں

یہ واقعہ ہے کہ اس دہائی کے نوجوان شاعروں پر بمل چند گھوش کی باغیانہ، کیفیاتی، اور ترقی پسندانہ شاعری کا عکس و نقش بہت گہرا پڑا ہے۔ گھوش کا شاید ایک اپنا دبستان ہے۔ اس نے ذہین نوجوان شعرا کا ایک حلقہ سا بنا لیا ہے۔ تاہم اس کی تیس سالہ ادبی خدمات اور شعری تخلیقات کا ایک صحیح پس منظر میں جائزہ لیا جانا اور اس کی قدر و اہمیت کا متعین کیا جانا ابھی باقی ہے۔

شکتی چٹوپادھیائے، بھیانتی سین، شِب شمبھو پال، شانتنو داس، باسودیو دیو، سپیر گھوش، میتری چودھری، سرت کمار مکھوپادھیائے، اِیرا سرکار، اور ڈاکٹر بھگتی بھٹاچاریہ جیسے اس دہائی کے دوسرے ذہین شاعروں کی تخلیقات میں ہمیں ایک گرمی و حرارت کا احساس ہوتا ہے۔ اس دہائی کی شعری تخلیقات کے ذیل میں ڈاکٹر بھگتی بھٹاچاریہ کا ذکر خصوصی اہمیت رکھتا ہے، بنیادی طور پر وہ سنسکرت کی عالم ہیں شعر و نغمہ کی کلاسیکی خوبیوں اور اوصاف پر بڑی اچھی نظر رکھتی ہیں۔ اس کے باوجود وہ اپنے فکر و فن میں بڑی جدید ہیں۔ اُن کی تخلیقات بڑے امکانات کی حامل ہیں بھگتی بھٹاچاریہ کی ایک نظم ہے:

میں تمہارے اشعار کے آہنگ کے ساتھ
دھیرے دھیرے
ایک کے بعد ایک
قدم اُٹھاتی ہوئی چل رہی ہوں
دُھند لے رومانی جذبے نے
نیل گوں ماضی کے جذبے نے
میرے کانوں میں کیا لفظ کہے ہیں
وہ لفظ کیا ہیں ؟
یہ میں کیسے بتا سکتی ہوں
اِس پر بھی میں
ایک کے بعد ایک قدم اُٹھاتی ہوئی
دھیرے دھیرے چلی جا رہی ہوں
لیکن راستہ کھو جاتا ہے
دُور کہیں بہت دُور، میرے جذبات کی فراموشی کا
آخری حصہ اُس سے جا ملتا ہے
میں اُسے بہت قریب جان کر
اپنا ہاتھ بڑھاتی ہوں
قریبی فاصلے کو گرفت میں لینے کے لئے
اپنا ہاتھ پھیلا دیتی ہوں
لیکن میرا ہاتھ
میرے خوابوں کی گہری گمبھیر تنہائی میں،
کہیں کھو جاتا ہے
یہاں سورج کا رنگ سیاہ ہے
اس پر بھی
ماضی کی نیل گوں روشنی ایک وجود رکھتی ہے

ساتویں دہائی کی اِس نوع کی قصباتی شاعری کے علاوہ بنگال کی دیہی شاعری بھی ایسی ہی دلکشی اور جاذبیت رکھتی ہے۔ یہ شاعری بنگال کے شاندار شعری ادب کی عوامی روایت کی چھاپ لئے ہوئے ہے۔ اس شاعری کی اچھی مثالیں ہمیں نگیندر ناتھ بھٹاچاریہ کے یہاں مل جاتی ہیں:

یہ نگیندر بھٹاچاریہ کی ایک دوسری خصوصیت و عقیدت ہے، جو وہ کالی دیوی کے تئیں رکھتا ہے۔ اُس کی ایسی نظمیں، وَوروسٹی کے بنگال کے ایک سنت شاعر رام پرشاد کی پُر جوش عقیدت کے جذبات سے لبریز نظموں کی یاد تازہ کر دیتی ہیں۔ نگیندر بھٹاچاریہ ایک نظم ہے۔

ماں

تمہارے سُرخ پیروں میں
میری یہی پرارتھنا ہے
کہ میرا وِشواس تمہارے چرنوں میں لگا رہے
میں تمہاری بنائی اس دُنیا کے
مختلف کاموں میں ہمیشہ اُلجھا رہتا ہوں
میری ماں، مجھے سوچنے دیجئے
کہ میرا سارا کام
آپ کے تئیں عقیدت کی علامت ہے
اے میری ماں
میں آپ کے قدموں میں پھول چڑھا رہا ہوں
یہ صندل کا ٹیکا ہے
یہ مری عقیدت اور محبت کے بلوا پات ہیں
یہ میری بھگتی کا گنگا جل ہے
یہ میری پوشیدہ عقیدت ہے
یہ میری دلی خواہش ہے ——

(باقی صفحہ ۸۱ پر)

سپرا گھوش

عشرتِ تمنا

آدمی کی آرزوئیں
موت کے اشارے سے
بے ہولا کی طرح، جیون ندی کے دھاروں میں
شاید، بہہ جائیں گی

مجھے لمس نہیں چاہئے :
لمس میں شدید تپش ہوتی ہے،
گناہ کے ظاہر ہو جانے کا خوف ہوتا ہے
اُس سے کہیں بہتر ہے یوں بہہ جانا
اَن جانے بربادی کی طرف !
اس سے کہیں بہتر ہے شمشان میں ہری بول کی آواز،
دُکھ ، درد ، یادیں
بے ہولا کی طرح آسانی سے بہہ جانا
الم ناک فراموشی کی طرف !

بے ہولا، بنگال کا ایک مشہور و محبوب کردار، جس نے اپنے عاشق کے لئے سوہنی کی طرح دریا میں بہہ کر جان دے دی تھی۔

جیانتی سین

ہسپتال میں

اپنے کمزور ہاتھوں میں تیز چھری ہے، سینے کی گہرائیوں میں
اس کی تیز دھار کو اتارنے کی خواہش زندگی بھر سے ہے
ہسپتال میں کمرہ ملنا لازمی ہے، دل و دماغ جانتے ہیں
(کہ) بیمار کا یہ لازمی حق ہے بیماریوں کے ہجوم میں !
خواہ کیسی ہی تنہائی ہو، پر گھنٹے کی آواز سنتے ہی
مہربان اور مسکراتے چہرے، پھول، پھل اور نیک خواہشات !
ہمدردی بھی ملتی ہے، گرچہ یہ معلوم ہے کہ یہ زرِ خالص نہیں
(اس میں) ایک بناوٹی چمک ہے۔ گرچہ شام کو بخار تیز ہو جاتا ہے :

اپنے دونوں ظالم ہاتھوں سے خود کو مارنے لگتا ہے،
نرس کی مفت خدمات — دوستوں کی اشک ریزی
اپنوں کا اضطراب، جس میں ذرا بھی حساب کی غلطی نہیں۔
تکلیف میں کمی ہو جاتی ہے دوا کی بندھی ٹکی مقدار سے !
سفید دیوار پر شام کو شمع جل اُٹھتی ہے
چین سے نیند کی آغوش میں کھو جاتا ہے۔ جب آخری گھنٹی بج کر تھم جاتی ہے

ترجمہ: علقمہ شبلی

۱۹۶۰ء کے بعد

پنجابی شاعری

عطر سنگھ

رُومانیت اور جدیدیت کے درمیان پنجابی شاعری ایک اور مخصوص دَور سے گزری۔ یہ دَور تھا رومانی انقلابیت کا۔ اس دور میں پنجابی شاعری کو قدرے زیادہ مقبولیت ملی۔

رومانی دور کی پنجابی شاعری کا حلقہ مختصر تھا۔ ایک طرف تو شاعر اپنے نجی احساسات اور تجربات کی طرف زیادہ توجہ دینے لگا تھا اور دوسری طرف اس کی شاعری کا انداز خطابیہ کی بجائے تاثر آتی بنتا جا رہا تھا۔ لیکن رومانی انقلابیت کے دور میں صورت حال یکسر بدل گئی۔ شاعر اپنے اندر کی دُنیا سے نکل کر باہر کے سماجی انتشار، تاریخی واقعات اور سماج کے ہر فرد کی تقدیر پر پڑنے والے اُن کے اثرات میں دلچسپی لینے پر مجبور ہو گیا۔ ہوا تو کم و بیش ہر زبان میں ایسا ہی ہوگا، لیکن جہاں تک پنجابی کا تعلق ہے، اس کے کچھ مخصوص پہلو بھی ہیں۔ ملک کی آزادی کے ساتھ پنجاب کا بٹوارہ ہوا۔ اس بٹوارے کا اہل پنجاب کی عام زندگی، مذہبی و مجلسی، اقتصادی و سیاسی غرضیکہ سبھی شعبوں پر بڑا نمایاں اور گہرا اثر پڑا۔ ہر قسم کی مثبت انسانی اقدار بے معنی ہو کر ہی نہ رہ گئیں، بلکہ پنجاب کی آدھی سے زیادہ آبادی اپنے آبائی ٹھکانوں سے اُجڑ کر جسمانی، اخلاقی، روحانی اور ثقافتی طور پر پناہ گزیں بن گئی۔ اتنے بڑے پیمانے پر سماجی المیے سے پنجابیوں کو اپنی تاریخ میں پہلے کبھی واسطہ نہ پڑا تھا۔ اتنی شدت کے ساتھ محسوس کئے ہوئے یہ مایوسی و مجبوری کے تجربات ہی تھے جو رومانی انقلابیت کے خوابوں اور اُن کی جذباتی معنویت کا روحانی سہارا بنے۔ یہی وجہ تھی کہ رومانی انقلابیت کی شاعری بہت مقبول ہوئی۔

میں نے اِس شاعری کو رومانی انقلابیت کی شاعری کہا ہے اس لئے کہ پنجاب کے بٹوارے سے پیدا ہونے والی جذباتی کیفیت سے یہ شاعری استفادہ تو کرتی تھی لیکن اس جذباتی کیفیت کی اصلیت کو سمجھ کر اس میں مضمر انسان کے نئے اور بدلتے ہوئے تصوّر کی تعبیر سے قاصر تھی۔ پھر اس شاعری کے پاس اس نئی انسانی صورت حال Situation سے نپٹنے کے لئے طریقۂ عمل بھی رومانی طرز کا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نہ صرف خالص شخصی تاثرات و احساسات کی بجائے بیرونی حادثات شاعری کی توجہ کا مرکز اور موضوع بن گئے بلکہ اُس کا شعری انداز بھی ایک بار پھر خطابیہ بن گیا۔

جدید پنجابی شاعری کا آغاز رومانی انقلابیت کے تنزل کے ساتھ ہوا۔ ۱۹۵۵ء میں جسونت سنگھ نیکی نے "اصلے تے اوہلے" کے نام سے بالکل نئے طرز کی نظموں کا ایک مجموعہ شائع کیا۔ جلد ہی اس کے بعد دو اور مجموعے شائع ہوئے۔ ہربھجن سنگھ کا لاساں اور تارا سنگھ کا سمدے پتھر۔ اِن تینوں شاعروں کا انداز و اسلوب بالکل مختلف ہے۔ لیکن ان سب میں ایک بات مشترک تھی اور وہ تھی مروجہ طرز کی شاعری سے ہٹ کر نئے ڈھنگ سے نئی بات کہنے کی خواہش اور کوشش۔ یہی ان کی خصوصیت ٹھہری یہ تینوں مجموعے ایک لحاظ سے اس بات کا اظہار تھے کہ پنجابی زبان کی شاعری میں وقت کی آواز کے ساتھ آواز ملانے اور اپنے زمانے کے ہمدوش ہونے کی اہلیت پیدا ہو گئی ہے۔ اور اس وجہ سے ان کا مشترکہ اثر جدید پنجابی شاعری کے ارتقا پر ان کی انفرادی قدر و قوت سے کہیں بڑھ کر ہے۔ اس طرح سے پنجابی شاعری میں روایت سے آزادی و وابستگی اور ان دونوں کے درمیان تنوع کے جدلیاتی رشتے کے سوال اُٹھ کھڑے ہوئے جنھوں نے نئے ابھرنے والے شاعروں کو اپنے اپنے راستے خود بنانے کی ہمت اور جہت دی۔ نئے شاعروں میں سوہن سنگھ میشا روندر روی، شیو کمار، جگتار، سکھپال ویر سنگھ حسرت، جسبیر سنگھ آہلوالیہ ستی کمار

اور ہر نام کے نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

اب تک اس نئی شاعری کو عام طور پر پچھلے دور کے تنقیدی نظریات کے مطابق پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ان نظریات میں اور چاہے لاکھ اختلافات ہوں ایک چیز ضرور مشترک ہے اور وہ یہ کہ شاعری کی قدر و قیمت کا تعین اس میں جاری و ساری تاثرات اور جذبات کے تجزیہ سے کیا جائے۔ اس نظریہ کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا۔ لیکن اس میں ایک بڑی مشکل یہ پڑتی ہے کہ تجزیہ کرتے وقت نقاد عام طور پر نظم کے دائرے سے باہر آجاتا ہے اور نظم کے مواد کی بجائے اس کے موضوع پر توجہ صرف کرتا ہے جو کہ ہر صورت میں نظم کے دائرے سے باہر ہی ہوتا ہے۔ دوسری دقت یہ ہوتی ہے کہ نقاد مواد اور ہیئت کی ہم آہنگی سے وجود پانے والی نظم کی نظمیت اور شعر کی شعریت پر توجہ صرف کرنے کی بجائے شاعر کے ہنر (Artifice) پر دھیان جمائے رہتا ہے ــــ موضوع کی طرح ہنر بھی نظم سے باہر ہی رہ جاتا ہے ایک نظم کا محرک ہوتا ہے۔ دوسرا شاعر کا ہتھیار بنتا ہے۔

نئی پنجابی شاعری میں جدیدیت کے جو پہلو نمایاں ہوئے ہیں، اُن میں سب سے زیادہ نمایاں ایک ایسا انداز بیان ہے جسے غیر شعری کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ اس غیر شعری انداز کے دو بڑے پہلو ہیں۔ ایک تو یہ کہ جن احساسات اور جذبات کے ساتھ شعری اسلوب روایتی طور پر وابستہ ہیں، جیسے رومان بہادری، المیہ، شکوہ، وفا، بے وفائی، قربانی، پیار، ہجر، وصل وغیرہ ان کو شاعرانہ چاشنی کے بغیر روزمرہ کی عام زندگی کی پھیکی زرد روشنی میں پیش کیا جائے۔ ہربھجن سنگھ کی نظم ہالیں سماہے (ابھی وقت ہے) اس طرز کی شاعری کی ایک اچھی مثال ہے۔ اس نظم میں شاعر ایک عورت سے مخاطب ہے لیکن ایک ایسے انداز میں، جس سے پہلے کبھی عورت کو مخاطب نہیں کیا گیا تشبیہوں اور استعاروں کی کثرت اور ہیجان انگیزی عورت کی طرف مرد کی فطری کشش کو کسی جذباتی ربط میں لائے بغیر ایک مشترکہ کیفیت کی شکل میں اُجاگر کرتے ہیں:

میری باہنوں کا بیلنا دیکھو
اُس نے آدم کی فصل مسلی ہے

اس نے رگ رگ سے خوں نچوڑا ہے
آمسل دُوں میں بیلنے سے تجھے
چوس لوں رس بھری جوانی کا
کھینچ لوں میں شراب ہونٹوں کی

. . . . . .

اس نظم میں موضوع تو شاعرانہ ہے۔ روایتی شاعری میں بھی عورت اور مرد کا فطری جنسی، روحانی اور کیسا کیسا رشتہ کسی نہ کسی طریقہ سے شعری عمل کا محرک بنتا رہا ہے لیکن وہ شاعری چاہے تصوف کے رنگ میں ڈوبی تھی چاہے تغزل کے رنگ میں ہر صورت میں اس رشتہ کو ایک خیالی آدرش (Ideal) بنا کر ہی جانچتی رہی ہے۔ لیکن نیا شاعر اس رشتہ کو اس آدرش کے ساحرانہ چکر سے نکال کر واقعیت اور اصلیت کے ساتھ تقابل کی شکل میں پیش کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

اس نئے انداز سے مضمون اور موضوع کی (ideal totality) یا اُن کی تصوراتی کلیت بکھر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتی ہے۔ یہ انتشار ایک طرف تو زمانہ کے انتشار کی تعبیر ہے اور دوسری طرف ایک نیا اسلوب بن کر شاعری میں نئے فارم کی تشکیل کے امکانات پیدا کرتا ہے۔ مرد اور عورت کے اس ایک انسانی رشتہ کو لے کر ہی اگر پنجابی کی نئی شاعری کو دیکھیں تو پتہ چلے گا کہ کیسے اس رشتے کا خیالی تصوراتی نظریہ آہستہ آہستہ توجہ سے اوجھل ہوتا چلا جاتا ہے اور اُس کی جگہ مادّی تجرباتی احساسات لے لیتے ہیں۔ روایتی شاعری کے ساتھ منسوب مضامین اور موضوعات کو اس نئی روشنی میں دیکھنے اور ان کے ساتھ ایک نیا حسی و جذباتی رشتہ استوار کرنے کو ہی ہم نے غیر شعری انداز کہا ہے۔

اس غیر شعری انداز کا دوسرا پہلو ہے اُن موضوعات اور مضامین کو شعری عمل کا محرک بنایا جانا جو کہ پہلے شاعری میں ممنوع تھے۔ زندگی کے ناگوار تجربات ہی نہیں بلکہ بالکل غیر اہم، بے رنگ، بے نقش کیفیات بھی پنجابی شاعروں کے لئے شعری طور پر معنی خیز بن گئے۔ ایک اعتبار سے اس کا مطلب تھا: عام انسان کے عام تجربات کو بھی مملکتِ شعر میں داخل کیا جائے۔ تارا سنگھ، سوہن سنگھ مہتا اور روندر روی کی شاعری میں اس رجحان کی کچھ بہت خوبصورت مثالیں مل سکتی ہیں۔

لیکن اس غیر شعری انداز کا مطلب یہ نہیں کہ اس نئی شاعری میں خیال

احساس، جذبہ یا اُن کے اظہار میں تصوراتی طرزِ فکر و تشکیل کو بالائے طاق رکھ دینے سے شاعری اور روزمرہ کی زندگی میں فرق بالکل مٹ گیا ہے۔ اصل بات تو یہ ہے کہ تصوراتی طرزِ فکر و تشکیل زندگی کی ہنگامہ آمیز بے ربطی میں فکری اور روحانی ہم آہنگی پیدا کرنے ہی کی ایک کوشش ہے جب شاعر ایک طرزِ فکر زندگی کی پیچیدگیوں اور کج مج اداؤں میں کوئی معنی خیز پیٹرن پیدا کرنے میں ناکامیاب ہوتا ہے تو اس کا پیدا کیا ادبی یا شعری اسلوب ادیب اور قاری دونوں کے لئے بے مصرف کھلونا سا بن کر رہ جاتا ہے اور وہ نئی زندگی کے تقاضوں کو پورا کرنے کی اہلیت گنوا بیٹھتا ہے۔ ایسی صورت میں زندگی کے نئے حسی تجربات اور جذباتی تاثرات ایک شدت کے ساتھ شاعری کے پہلے سے مروج پیٹرن کو توڑ پھوڑ کر اُس کی قید سے آزاد ہو جاتے ہیں۔ لیکن زندگی کی ایک مخصوص شعری اسلوب یا پیٹرن (Pattern) سے یہ آزادی شاعری سے آزادی نہیں ہے۔ مطلب صرف اتنا ہے کہ ایک پیٹرن یا اسلوب کے تخلیقی یعنی زندگی کو ایک معنی خیز آہنگ سے مربوط کرنے کے امکانات ختم ہو گئے ہیں۔ تخلیق کی روحانی مجبوری سے نئے پیٹرن کی تلاش اور نئے ادبی تجربات کی محرک بنتی ہے۔ جب رومانیت اور رومانی انقلابیت کے تصوراتی طرزِ فکر اور شعری پیٹرن (Pattern) نئے تخلیقی تقاضوں کو پورا کرنے میں قاصر ہو گئے تو ان کی جگہ نئی طرزِ فکر اور نئی قسم کے شعری پیٹرنوں نے لینے کی کوشش کی۔ حالانکہ ان نئے پیٹرنوں کی جنہیں ہم نے مجموعی طور پر غیر شعری انداز کا نام دیا ہے، پوری تفصیل کے ساتھ تعیین ابھی مشکل ہے تاہم اُن کی کچھ مشترکہ خصوصیات بڑی نمایاں ہیں۔

رومانی اور انقلابی نظریوں میں یہ فرق پہلے ہی رہا ہو کہ ایک ماضی اور حال کو اور دوسرا مستقبل کو تصوراتی طور پر خوشنما بنا کر پیش کرتا ہے۔ لیکن یہ دونوں اصلیت کا سامنا نہیں کرتے تھے بلکہ اُس سے گریز کرتے تھے۔ اس لحاظ سے اُن کا شعری اسلوب زندگی اور شاعری کے درمیان حائل ہو جاتا تھا۔ لیکن نئی شاعری میں پنجابی شاعر کو اصلیت کے مقابل ہونے سے گریز نہیں کرتا۔ مثال کے طور پر یہ شاعری ایک بہادر کی جوانمردی کی تصیدہ خوانی کی بجائے اُس کو ایک بزدل انسان کی نمود کی جھلک سے دیکھنا زیادہ اہم سمجھتی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ شاعر کو جو کچھ سطحی طور پر عام لوگوں کے رسوم و اطوار کی شکل میں بندھا بندھایا ملتا ہے وہ اس کو قبول کرنے یا زندگی کے مظاہر کو اُن کی قبولیت کے لئے سجا سنوار کر پیش کرنے کی بجائے ان کو اپنے اندر سمونے اور پھر اپنے احساسات کی روشنی میں ان کو آشکارہ کرنے میں دلچسپی رکھتا ہے۔ قدرتی طور پر یہ نیا انداز خارجی طور پر کلبیت (Cynicism) اور طنز (Sarcasm) اور داخلی طور پر نفسیاتی اور بھی پیچیدگیوں کے درمیان مسلسل تنوع سے عبارت ہوتا ہے۔

تیسری بات یہ ہے کہ نئی پنجابی شاعری ایک طرح سے ایک ادبی کلچر (Literary culture) کی صورت اختیار کر رہی ہے۔ آج کا شاعر نہ تو صوفی، رومانی یا انقلابی شاعر کی طرح شاعری کے وسیلے سے بیرونی کسی نظریاتی پیٹرن کو زندگی پر ٹھونستا ہے، نہ ہی لوک کوی (Folk poet) کی معصومیت کے ساتھ وہ زندگی کے دلچسپ اور عجیب و غریب اسرار کا نظارہ ہی کرتا ہے۔ وہ اپنی معصومیت اور اپنی نظریاتی خود اعتمادی گنوا بیٹھا ہے۔ لیکن اپنی زبان، ہندوستان کی دوسری زبانوں اور جہاں تک اُس سے بن پڑے غیر ملکی زبانوں کے ادب کا سارا تاثر اس کی شعری تخلیقات کا اتنا ہی معنی خیز پس منظر بن گیا ہے جتنا کہ زندگی کے حسی اور جذباتی تجربات۔ اس لئے نئے شاعر میں ایک خاص قسم کی علمیت کا رنگ بھی اُبھرتا ہے۔ کوئی تشبیہ یا استعارہ کسی مخصوص معنی تک محدود نہیں، وہ اپنے اندر ایک صدائے بازگشت کی کیفیت بھی رکھتا ہے۔ اس سے شعر میں گہرائی ہی پیدا نہیں ہوتی، بلکہ مختلف شعری مصرعوں کی ثقافتی کشمکش سے ہیئت میں پچی کاری کی ایسی کیفیت پیدا ہوتی ہے، جس میں کوئی ایک رنگ کہاں ختم ہوا اور دوسرا کہاں شروع ہوا اس کا تعین کرنا مشکل ہوتا ہے۔

نئی پنجابی شاعری میں ان مختلف شعری تیکنکوں سے ایک تو زندگی کے مختلف مظاہرات کو پرانے روایتی نظریاتی پیٹرنوں سے آزادی ملی ہے اور دوسرا شعری عمل کا مرکز تصوراتی تخیل نہ رہ کر شعری مذاق بنا ہے۔ ایک لحاظ سے یہ نئی شاعری شعری عمل کی ایک بالکل نئی انقلابی تشریح ہے۔ قدرتی طور پر اس شاعری میں شروع شروع میں Disillusionment کی لے گہری تھی لیکن حالیہ شاعری میں سنجیدگی اور خود اعتمادی کا رنگ اُبھر رہا ہے۔ اصل میں اس Disillusionment یا اس خود اعتمادی میں بیرونی تاثرات کا کتنا ہی بڑا ہاتھ کیوں نہ ہو اُن کی اہمیت ہندوستانی تہذیب و تمدن کے بحران کے تعلق سے نہیں بلکہ ہندوستانی ادب اور آرٹ میں ترسیل کی ناکامی کی روشنی میں ہی اُجاگر ہوتی ہے۔ اسی لئے میں نے نئی شاعری کی اُن خصوصیات کو تہذیبی و تمدنی سوالات سے منسلک الگ کر کے پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

ایک ناجائز قدرتی منظر

یکجائی تاروں کی ہر شب جب میری گلی میں ہوتی ہے
اک دوسرے کے ہم ساتھی ہیں بے نور سلگتے بن والے
دونوں کو تامل ہوتا ہے اک دوسرے کی ہم خوابی سے

اخبار فروش سویرے جب کر دیتا ہے بیدار مجھے
معلوم یہی بس ہوتا ہے خورشید مرے گھر آیا ہے
کوڑے کی طرح سارے تاروں کو جیسے اٹھا کر پھینک دیا

اب میری باری آئی ہے
جاروب کش آکر جب بھی گلی کی پشت پہ جھاڑو دیتا ہے
میں دل میں سمجھ لیتا ہوں یہی سرپٹ یہ گلی خود دوڑے گی
لازم ہے مجھے اب اٹھ جانا
ریزہ ریزہ ہو کر ورنہ فی الفور بکھر جانا ہوگا
لگ جاؤں گا یا پھر کانٹوں میں اس آنکھ سے جو ترشولی ہے
میں گوشت کی بوٹی کی صورت ننگا ننگا اور ادھ کچا
جس پر کوئی منھ بھی نہ ڈالے گا
ترشولی کے کانٹے کی سولی سے نیچے کوئی نہ لائے گا
میرا دروازہ کھلتا ہے صرف ایک اباسی کی صورت
کوڑے کی طرح خود اپنے کو اندر میں گلی کے پھینکتا ہوں

مجھ کو تو ہمس کا پردہ ہے
میں اس میں ہمیشہ عریاں ہوں
ہے وہ جو میری گھر والی گھر کے سب کوڑے گرگٹ کو
فی الفور گلی میں پھینکتی ہے
میں دیکھ کے یہ ڈر جاتا ہوں گھر والی مجھ کو دیکھ نہ لے



حضرت عیسیٰ کی متواتر تصلیب

جب چوراہے پر سبز سرخ میں بدلا
اک سمت رہ گئیں تھم کر آوازیں ساری
دین ہوا فارغ دم بھر کو
تو پہلی بار اس نے دیکھا
آنکھیں پیڑوں کی جو تھیں وہ بنیں زبانیں ساری
نیچے سے ٹہنیاں بھاری تھیں
بدل گیا تھا موسم
شیشے میں اس کو موسم کا
پیچھے جو تھا عکس نظر آیا
منھ پہ کانٹے اگ آئے تھے
سندھیا سر پر آ پہنچی
تھی دھوپ کہاں کی کدھر گئی
گرجا گھر کے اس ممبر پہ
اس نے دیکھا
سابق کی طرح عیسیٰ برسوں سے لٹک رہا تھا
جب وقت نے سورج کو جاتے دیکھا تو ہاتھ بڑھایا
اٹھ کر چھ بار سلام کیا
دیکھا جب اس نے آنکھ اٹھا کر
بیچ میں گھنٹہ گھر کی سوئیوں کے
وہ خود ہی لٹک رہا تھا
گرجے کی طرف پھر اپنی نظر اس نے ڈالی
ملتے ہوئے دونوں آنکھوں کو
سولی پر اس کی کایا لٹک رہی تھی
عیسیٰ کا بھیس بدل کر اور اس مدت کے اندر
جو سرخ تھا پھر وہ سبز ہوا جاتا تھا

سوہن سنگھ میشا

چیخ بلبلی

نند و چھڑوے کی کی مجھے جب کبھی یاد آتی ہے
گاؤں نے ڈوبتے سورج کی فضا میں ہر روز
چیخ کی ایک ہی دو بار اجازت دی تھی
پھر بھی چوپال میں گردن میں دوپٹہ ڈالے
اس نے جب عرض یہ کی پیش یہ بنتی کی تھی
نہ مجھے ہیر کسی سے نہ کسی پر غصہ
گاؤں کی نار ہر اک میری بہن بیٹی ہے
اسکی گھبراہٹیں وہ نشے میں پی کر دو گھونٹ،
ڈبڈبا اٹھتا ہے دل اشک رواں کی صورت
چیخ اٹھتی ہے جو دل سے وہ نکل جاتی ہے

اس میں کچھ شک نہیں چڑھتا ہے مجھے نشہ شاذ
لیکن اس شہر میں بے رحم ہے، بے درد جو ہے
کر رہا ہوں میں بڑی دیر سے دل میں محسوس
بلبلی اور ہر اک چیخ بقید اظہار
مہر بر لب کوئی ہنگامہ لئے پھرتا ہوں

یہ کئی بار ہوا ہے کہ ہوا جب بھی چناؤ
اور بھاشن وہ سنے جو ہوئے جلسے میں تھے
جے ہو جے ہو وہ نرا نہ لئے جن گن من کا
لوگ چپ سادھتے ہیں شوک سبھا میں جس وقت
سخت الجھن میں طبیعت مری گھبراتی ہے
چیخ رو کے نہ رکی، بلبلی تھامے نہ تھمی
اور دفتر میں جو ہر ہفتہ ہوئے ہیں اجلاس
ریینگنے لگتی ہے بل کھا کے سر میز دلیل
گانٹھ نکٹائی کی کس کس کے بنا کر مضبوط
تا گلو بلبلی آتی تھی جو اس چیخ کے ساتھ
گھوٹ کر اس کو شکنجے میں دبا ڈالا ہے
دن مہینے کا جو پہلا ہے وہ تنخواہ کا دن
میں نے کر ڈالا ہے کتنے ہی بلوں کا بھگتان

چھوٹی چھوٹی جو کئی حسرتیں دل میں ضم تھیں
خون کرتے ہوئے جلاد کی صورت ان کا
صبر کے گھونٹ کے ہمراہ خود اپنا ہی لہو
لے کے چلو میں کئی بار انڈیلا منہ میں
وعدہ بچے سے کیا میں نے نئے بوٹوں کا
اک مہینے سے بھی کچھ آگے اسے ٹال دیا
ملتوی چیخ وہ ہر مرتبہ جبراً کر دی
ایک مدت سے پڑی تھی جو دبی سینے میں

میں نے میخانے کے کیبن میں بنا کر رسوا
دل لگی اور ہنسی اس پہ مذمت چغلی
وہ جو ہے تلخی و افلاس کی تہہ میں احساس
ایک ہی چوٹ سے اک آن میں جاگ اٹھتا ہے
کھاری سوڈے کی جہاں کھولتا ہوں میں بوتل
مجھے محسوس یہ ہوتا ہے پھٹا جاتا ہوں

چیخ کو بلبلی کو پائی جہاں میں نے جگہ
پان میں زردے کے ہمراہ چبا ڈالا ہے
ساتھ ہی نیند کی گولی کے سُلا ڈالا ہے
وہ جو گدرائے ہوئے جسم سے پیدا ہے مہک
اس کے ہمراہ انھیں شوق سے بہلایا ہے
لیکن اور اب تو ذرا دیر بھی رکنا ہے محال
ضبط کے ساتھ بہر وقت یہ ٹکراتی ہے
رات دن ہوش و حواس اور بھٹک جاتے ہیں
پسلیاں توڑ کے اندر سے یہ دکھ دیتی ہیں
نیند لینے کو ترستی ہیں دم شب آنکھیں

اب تو دل چاہتا ہے نزد کچہری کے کہ کل
میں کھڑا ہو کے وہاں چوک جو گاندھی کا ہے
کہہ جو دل میں بھری ہے اسے خارج کر دوں
اتنی مدت سے رکی جو میرے سینے میں رہی
زور سے چیخ پڑوں بلبلی پیدا کر دوں
مسکراتا ہوا گاندھی کا جو بت سامنے تھا
مارچ ڈانڈی کا جو تھا چھین کر اس سے لاٹھی
پھوڑ لوں اپنا ہی سر خون خرابہ کر لوں
بت کے پیروں کے تلے جا کے معاً گر جاؤں
اور قبل اس کے کہ دم میرے لبوں پر آئے
منھ سے میں رام کہوں رام کہوں رام کہوں



تلگو شاعری

—— ڈی۔ وی۔ اودھانی

تلگو شاعری کا دورِ جدید دراصل ۱۹۲۰ء سے کچھ قبل سے شروع ہوتا ہے۔ انگریزی پڑھے لکھے نوجوانوں نے انگریزی کی رومانی شاعری سے متاثر ہوکر تلگو میں نئے انداز کی شاعری شروع کی جو بالعموم بھاؤ کوت وامو کے نام سے پہچانی جاتی ہے۔ ۱۹۴۰ء تک اس نوع کی شاعری بڑی مروج اور مقبول رہی۔ ۱۹۴۰ کے آس پاس ہی سری سری، پتھابھی، نارائن بابو، اور دوسرے شاعروں نے نئے نئے تجربے کئے اور ترقی پسند شاعری کی داغ بیل ڈالی۔ اشاریت پسندی، پیکر تراشی، سریل ازم، ڈاڈاازم اور ایسے دوسرے کتنے ہی ازموں نے نوجوان شاعروں کو اس طرف متوجہ کیا۔ اور اس دس برس کے عرصہ میں شاعری کے جو نمونے ہمارے سامنے آئے ان پر ان کی بڑی گہری چھاپ موجود ہے۔ لیکن یہ نئے انداز کی شاعری کچھ زیادہ مقبول نہ ہوئی اور آزادی کے بعد سے اس کا چلن بتدریج گھٹنے لگا۔ اس کی جگہ نثری یعنی معریٰ شاعری نے لے لی۔ واقعہ یہ ہے کہ ۱۹۵۵ء کے بعد سے کسی بھی ایک نوع کی شاعری کو اتنی اہمیت حاصل نہیں ہوئی کہ ہم اسے کسی تحریک کا نام دے سکیں۔ موجودہ دہائی میں جن قسموں کی شاعری کا چلن عام ہے اُن میں نثری شاعری کو زیادہ قبولیت اور مقبولیت حاصل ہے اور نوجوان شاعر بالخصوص نثری شاعری کی طرف زیادہ متوجہ ہیں

موجودہ دہائی کی تلگو شاعری کو ہم چھ قسموں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔ یہ قسمیں ہیں: روایتی شاعری، نو کلاسیکی شاعری، غنائی شاعری، ترقی پسند شاعری نثری یعنی معریٰ شاعری، اور دگمبر کویتا وامو۔ ذیل میں ان سبھی قسموں پر مختصراً روشنی ڈالی جائے گی۔

تلگو کے نوجوان شاعروں کی یہ شدید خواہش رہی کہ وہ نئی شاعری کریں اور اُسے مقبول بنائیں۔ اس کے باوجود روایتی شاعری ایک نہ ایک شکل میں موجود رہی ہے۔ عالم فاضل شعرا نے روایتی شاعری کو بڑی شد و مد سے اپنایا اور ان دس برسوں میں روایتی شاعری کے متعدد مجموعے شائع ہوئے۔ کدیری کے ایس ایس کرشنا مورتی نے والمیکی سے منسوب آنند رامائن کا ترجمہ "کویتا آنند والمیکی رامائن مو" کے عنوان سے کیا ہے۔ یہ کتاب آندھرا پردیش ساہتیہ اکادمی کی امداد سے شائع ہوئی ہے۔ مرحوم اے۔ وی سبرامنیہ شاستری کی بھارگو رام چرتر مو اور پاروتی پورم کے اے رام لنگا سوامی کی بھارگو رامائن میں۔ پرسو رام کی داستان حیات بڑے دلکش کلاسیکی انداز میں بیان کی گئی ہے۔ رائے ورگ کے استو تھاراؤ نے

"استوتھا بھارت" شائع کی۔ یہ دو جلدوں اور پہلے پانچ پردوں (حصص) پر مشتمل ہے۔ ان دو جلدوں میں شاعر نے رزمیہ کی بنیادی کہانی کو سادہ و بامحاورہ زبان میں بیان کیا ہے۔ کاکی ناڈا کے بُولُوسو وینکٹس ورلو نے بھرت، بھاگوت اور ادھیاتم رامائن کا آزاد اور کہیں کہیں اختصار کے ساتھ بڑا کامیاب ترجمہ کیا ہے۔ یہ تراجم حال ہی میں شائع ہوئے ہیں۔ بُولُوسو وینکٹس ورلو کا اسلوب سادہ، صاف ستھرا اور بڑا رواں دواں ہے۔ اس بڑے کام کے لئے وہ فی الواقع ہماری تحسین و تعریف کے مستحق ہیں۔ ٹی سیتا رام مورتی چودھری نے گاندھی جی کی آتم کتھا کا شعری ترجمہ بہت دن ہوئے شائع کیا تھا۔ ادھر انہوں نے اس کی دوسری جلد شائع کی ہے اور اس طرح باپو کی آتم کتھا مکمل کردی ہے۔ ٹی سیتا رام مورتی چودھری کا اندازِ نگارش کلاسیکی، متین اور بڑا حلاوت آمیز ہے۔ روایتی شاعری کے جو دوسرے مجموعے شائع ہوئے ہیں، اُن میں رام چندر راؤ ناگیشور مہاتیہ، آتم کُری گووند آچاریہ کا گووند رامائن، دیوی رنگا آچاریہ کا پانچ حصوں میں کرشنا منش تتوا اور میگڈا نرسمہلا کا نرسمہا راؤ چرتر خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔ موخر الذکر گجرات کے بھگت شاعر نرسمہا کی سوانح عمری ہے جو بڑے سلیقے سے لکھی گئی ہے۔

بعض تلگو شعرا ایسے بھی ہیں جو کلاسیکی اسلوب اور زبان کو اختیار کرتے ہیں لیکن موضوع ہیئت اور اظہار میں جدت اور جدیدیت سے کام لیتے ہیں۔ میں نے ان شعرا کی شاعری کو نو کلاسیکی شاعری کا نام اس لئے دیا ہے کہ یہ کلاسکیت اور جدیدیت کا ایک دلکش امتزاج لئے ہوئے ہے۔ کلا پراپورن، کوی سمراٹ جناب وشوا نادھا سیتہ نارائن نے اپنی شریمد رامائن کل پوریکشا مکمل کرلی ہے اور اس کے پانچ کینٹو اسی دہائی میں شائع ہوئے ہیں۔ اُن کی شاعری میں ایک نیا پن ہے۔ وہ پرتخیل اور بڑی پُراثر ہے اس کی اشاریت دیدنی ہے وہ حسن اسلوب کا ایک نمونہ ہے۔ جناب وشوا نادھا سیتہ نارائن کے بارے میں تلگو شاعری کے ایک نقاد نے بالکل بجا کہا ہے کہ وہ ایک ایسا کیمیا ساز ہے جو معمولی معمولی چیزوں کو خالص سونے میں بدل دیتا ہے۔ ونا ملائی ورد آچاریہ کی پوتن چرتر ایک طویل نظم ہے۔ اس میں تلگو کے مقبول کلاسیکی شاعر پوتن کے عہد، شخصیت اور شاعری کو موضوع سخن بنایا گیا ہے۔ اس طویل نظم کا کینوس بڑا وسیع ہے۔ یہ اپنے اندر رزمیہ کی سی کیفیت رکھتی ہے۔ اس میں شاعر کی پرواز فکر جابجا توجہ کا مرکز بنتی ہے۔ راجہ منڈری کے مدھن پن تلا سیتہ نارائن شاستری نے آندھرا پوران کا دوسرا حصہ شائع کیا ہے۔ یہ آخری پانچ حصص پر مشتمل ہے۔ تاریخ کے خشک حقائق کو جس خوبصورتی سے موصوف نے شعری پیکر میں ڈھالا ہے اور جس انفرادی اسلوب سے آندھروں کی قدیمی شان و شوکت کو نمایاں کیا ہے وہ انہیں کا حصہ ہے۔ تعریف و تحسین کا بجا طور پر مستحق ہے۔ گنٹور کے پوتھا راجو پرشوتم راؤ کی تصنیف "پرشوتم چرتر" راجہ پرشوتم (پورس) کی حیات اور فتوحات کا آئینہ ہے۔ بے مثل بہادری اور الوالعزمی کی علامت یہ وہی راجہ پورس ہے جس نے سکندر اعظم کی بے پناہ قوت اور طاقت کے سامنے بھی سر تسلیم خم نہیں کیا تھا۔ جی جیشوا کی تصنیف "کریس تو چرتر" حضرت یسوع مسیح کی سوانح حیات ہے۔ دو برس ہوئے مرکزی ساہتیہ اکیڈمی نے اس شعری تصنیف پر انعام دیا تھا۔ اس سلسلے میں مُدی گونڈا ویر بھدر مورتی کی تصانیف بھرت سوتنتریہ سمگرا مامو اور مہا مارکتم خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔

کلاسیکی اور نو کلاسیکی زمرے کے بعض شعرا نے لگھو کاویہ یعنی مختصر نظمیں بھی لکھی ہیں۔ ان نظموں میں غیر ضروری تفصیلات کو نظر انداز کرتے ہوئے کردار نگاری اور کہانی کے بیان پر زیادہ توجہ صرف کی گئی ہے۔ ایسی بے شمار نظمیں لکھی گئی ہیں۔ ڈاکٹر ڈی وی اودھانی کی "مدھو ون مو" [illegible] مورتی کی "ہیما مالینی" گڈورکے، مُدی ورتی کونڈم اچاریہ کی [illegible] وی ایل نرسمہا راؤ کی آنند بھکشو، جنن نند کوی کی گول کونڈا [illegible] رنگا راؤ کی "وشو دیپم" ان بے شمار مختصر نظموں میں سے چند ایک [illegible] دس برس کے عرصہ میں لکھی گئیں اور شائع ہوئیں۔ کلا پراپورن وشوا نادھا ستیہ نارائن کی تصنیف "وشو نادھ مدھیکرا لو" دس ستکوں یعنی [illegible] پر مشتمل ہے۔ مدھیکرا بحر میں لکھی گئی یہ نظمیں شاعر کی عقیدت، [illegible] فکر اور پُراثر تخیل کے آئینے ہیں تین برس ہوئے مرکزی ساہتیہ اکادمی نے اس کتاب پر قومی انعام دیا تھا۔ مختلف موضوعات پر پانچ [illegible] پر مشتمل نظمیں (کھنڈ کاویہ) تلگو کے ہفتہ وار اور ماہانہ رسائل [illegible] ہوئی ہیں۔

تلگو میں رومانی تحریک کے بعض شعرا نے ویرت گیت کے علاوہ ماترگن پر مشتمل گیا یعنی نغموں کو اپنے افکار کے اظہار کا ذریعہ بنایا ہے۔ ترقی پسند شعرا نے بھی اس صنف کو اکثر و بیشتر استعمال کیا ہے۔ لیکن بحر گیا کا استعمال ایک زمانہ تک کھنڈ کاویہ ------ اور اکا دکا نظموں تک محدود رہا بحر گیا میں کچھ غنائی بیانیہ نظمیں بھی لکھی گئی ہیں۔ ڈاکٹر سی نارائن ریڈی نے تین طویل بیانیہ نظمیں لکھی ہیں جو شروع سے آخر تک بحر گیا میں ہیں، ان

نظموں کی وجہ سے اس بحر کو بڑا رواج حاصل ہوا ہے۔ متعدد نوجوان شاعروں نے بحر گیا میں کھنڈ کاویہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ لکھی اور تلگو کے رسائل میں شائع کروائی ہیں لیکن اس بحر کے استعمال میں جو دسترس اور قدرت ڈاکٹر ریڈی کو حاصل ہے، وہ بے مثال ہے۔ اُن کی اس نوع کی نظمیں بڑی پرتخیل اور لطیف ہیں۔ اس بحر میں رجنی کانتا راو، کونہ کل اور این چرنجیوی کی نظمیں بھی بڑی مقبول ہوئی ہیں۔

ترقی پسند شاعروں کی تخلیقات پر سوشلزم اور مارکسزم کے اثرات خاصے نمایاں ہیں۔ وہ جنگ اور غریبوں پر ہونے والے ستم وجور کے خلاف شدید جذبہ رکھتے ہیں۔ وہ سماجی عدم مساوات کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں۔ اُن کی شاعری میں عام انسانوں کی روزمرہ کی زندگی کے دکھ سکھ کی عکاسی ہوتی ہے۔ وہ اُن انقلابیوں کے بہادرانہ کارناموں کی تعریف وتحسین کرتے ہیں جنھوں نے سرمایہ دارانہ اور سامراجی رجحانات کے خلاف لڑتے ہوئے اپنی جانیں قربان کیں۔ یہ شاعر انقلاب کی تبلیغ کرتے ہیں۔ وہ ادب کو عوام کی زندگی کے قریب تر لانے اور ان کے درمیانی بُعد کو مٹانے کی کوشش کرتے ہیں جو بعض وجوہ کی بنا پر پیدا ہو گیا۔ سری سری تلگو کی ترقی پسند شاعری کا پیش رو ہے۔ سشتلا، پٹابھی، نارائن بابو اور دوسرے شعرا نے ترقی پسند تحریک کو تقویت پہنچائی ہے۔ انہوں نے گیا یعنی پابند اور آزاد نظم دونوں کو اپنے خیالات کے اظہار کا ذریعہ بنایا ہے۔ ترقی پسند شاعری میں بنیادی فرق زبان اور ہیئت کا نہیں عقیدے کا ہے۔ ترقی پسند شاعری کا دور دورہ ۱۹۵۵ء تک رہا۔ پھر دیرے دیرے اس کی جگہ نثری یعنی معریٰ شاعری نے لے لی۔ نثری شاعری کرنے والے شاعر مزاجاً ترقی پسند ہیں لیکن ان کے موضوعات، ترقی پسند شاعروں کے مقابلے میں کہیں زیادہ متنوع اور گوناگوں ہیں۔ حد تو یہ ہے کہ اس دہائی میں بھی ترقی پسند شاعری قطعی ناپید نہیں سری سری، اروند، دسرتھی، رامن ریڈی، سوم سُندر، اور دوسرے شاعر ان دنوں بھی گاہے گاہے ترقی پسند خیالات کی ترجمانی کرتے ہیں۔ سری سری کا شعری مجموعہ "کھدگا سرشٹی" حال ہی میں شائع ہوا ہے۔ اس پر انہیں سویت انعام ملا ہے۔ بعض نقادوں کی رائے ہے کہ کھدگا سرشٹی کی شاعری کا بہ لحاظ اپی روح تخیل شعری نفاست ولطافت "مہاپرستھانم" کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔ وقت کے بدلنے میں ممکن ہے شاعری میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی ہو، لیکن اُن دونوں کے جوہر میں کوئی فرق نہیں پڑا۔ کتی پاڈی "سرس چندریکا" "سمن مُنی کا منا" "مہاسنکلپم" اور متعدد دوسری نظموں میں نوجوان شاعر سری سری اپنے پڑھنے والوں کو ویسا ہی ترقی پسندانہ پیغام دیتا ہوا نظر آتا ہے۔ ارودر اور دسرتھی بھی ترقی پسند شاعر ہیں۔ ان کی بعض حالیہ نظمیں، اُن کی سیاسی قلبی خواہشات کا آئینہ ہیں، جو ایسا سماج چاہتی ہیں جہاں، عدم مساوات نہ ہو، جہاں کوئی جور، کسی قسم کا ظلم روا نہ رکھا جاتا ہو۔

جیسا کہ اوپر ذکر آچکا ہے، اس دہائی کے نوجوان شعرا بنیادی طور پر نثری نظموں ہی کو اپنے خیالات کے اظہار کا وسیلہ بناتے ہیں۔ معریٰ شاعری کی یہ صنف اصلاً فرانسیسی شعرا سے انگریزی شاعروں نے اختیار کی اور انگریزی سے اُسے دُنیا کی متعدد دوسری زبانوں میں فروغ ملا۔ پابند اور معریٰ شاعری میں فرق ہے۔ معری یعنی نثری شاعری میں اور نثر میں بھی ایک فرق ہے۔ گیا یعنی پابند شاعری میں بحر اور ارکان ہوتے ہیں۔ اُن کا ایک واضح آہنگ ہوتا ہے جبکہ نثری شاعری میں یہ دونوں نہیں ہوتے۔ بعض شاعر محسوس کرتے ہیں کہ بحر اور ارکان کی پابندی خیالات کے آزادانہ اظہار میں حارج ہوتی ہے۔ اور اس پابندی کو نہ برتنے سے وہ خیالات کی رو کے مطابق لفظوں کے ذریعے اپنے آپ کو ظاہر کر سکتے ہیں اور تلگو میں معری یعنی نثری شاعری اُن کی اسی روش اور رویّے کا نتیجہ ہے۔ نثری نظم، نثر سے اپنے اندرونی آہنگ کی بنا پر الگ ہوتی ہے۔ محض نثر اس آہنگ سے عاری ہوتی ہے اور اس کا مقصد خیالات کو ہر ممکن وضاحت اور صراحت کے ساتھ ظاہر کرنا ہوتا ہے۔ نثری نظم کی اہم خصوصیت صراحت اور وضاحت نہیں، بلکہ وہ اندرونی آہنگ ہے جو پڑھنے والے کے دل میں جذباتی سرخوشی اور سرمستی کی کیفیت پیدا کر دیتا ہے۔ بحر کی عدم موجودگی کے باوجود اس میں ایک لے، ایک آہنگ ہوتا ہے۔ جو اُسے نثر سے ممیز اور ممتاز کرتا ہے۔ ہر مصرعے کی لے اور آہنگ دوسرے سے جداگانہ ہو سکتا ہے لیکن یہ لے، یہ آہنگ مصرعوں میں ایک شعریت پیدا کر کے انہیں انتہائی خوشگوار بنا دیتا ہے۔ بعض نقادوں کا خیال ہے کہ جو شاعر اپنی نظموں میں مقفیٰ مصرعوں کی تجنیس لفظی کی پابندی کا پاس لحاظ رکھتے ہیں وہ بسا اوقات غیر ضروری لفظوں کو کھپانے اور بھرتی میں لانے پر مجبور ہوتے ہیں۔ نثری یعنی معریٰ شاعری کا مقصد خیالات کا بلاواسطہ اظہار کرنا ہے تاکہ وہ اپنے پورے لطف واثر کے ساتھ پڑھنے والے تک منتقل ہو سکیں اور اس کے قلب واحساس کو چھو سکیں۔ سادگی معریٰ شاعری کی ایک اور اہم خصوصیت ہے اپنی ان خصوصیات کی بنا پر معریٰ شاعری زندگی کے بہت قریب آگئی ہے۔ اس کی بدولت عام سادہ زبان میں متعدد اور بے شمار علامتوں اور تشبیہوں کو پیش کرنا ممکن ہو گیا ہے۔ اچھی معریٰ شاعری لکھنا ایسا آسان کام نہیں، جیسا کہ

عام لوگ سمجھتے ہیں۔ یہ شاعری اُنہیں کے ہاتھوں جلا پاتی ہے جو گہری بصیرت و بصارت اور جذبات میں گہرائی و گیرائی رکھتے ہیں۔

اس وقت بے شمار نوجوان شاعر تلگو میں معریٰ نظمیں لکھ رہے ہیں۔ تلگو کے بزرگ و محترم شعراء، جو اس سے پیشتر پابند شاعری کیا کرتے تھے، اب معریٰ شاعری کی طرف متوجہ ہیں۔ جھن جھالا پاپیہ شاستری (کرونا سری) کا نام اس ذیل میں مثال کے طور پر پیش کیا جا سکتا ہے۔ سری سری بھی اس صنف میں بڑی مہارت رکھتے ہیں۔ ان کی متعدد حالیہ نظمیں معریٰ شاعری کے اچھے و اعلیٰ نمونے ہیں۔ اُن کا انداز اور اسلوب انفرادی ہے۔ زبان پر انہیں بے مثل دسترس حاصل ہے۔ اُن کی شاعری نفیس اور لطیف ہے۔ مرحوم بال گنگادھر تلک بڑے پُر اثر شاعر تھے، اگر موت نے بھری جوانی میں انہیں ہم سے نہ چھین لیا ہوتا تو اس نوع کے شعری سرمایہ کی وقعت اور وقار میں وہ یقیناً نمایاں اضافے کا باعث ہوتے۔ وہ نجی تجربات کو شاعری کی پہلی ضرورت تصور کرتے تھے اور یہ بھی کہتے تھے کہ بحر اور ارکان کو خیال کی ترسیل میں کسی طور پر حارج اور حائل نہیں ہونے دینا چاہیے۔ اُن کا کہنا تھا کہ آج کے جدید شاعر کا فرض اپنے اطراف کی دنیا کا خاموشی کے ساتھ مشاہدہ کرنا نہیں بلکہ طاقتوں، کشمکش اشیا اور عوامل کے مرکزی نکات پر گہری توجہ صرف کرنا ہے۔ ان کی نظم "ننّا راتری" ان کی شعری روح کے سچے اور صحیح مزاج کی عکاسی کرتی ہے "شکھر روہن" اُن کی ایک دوسری بے مثل نظم ہے۔ اس نظم میں انہوں نے روایتوں کے اسیر لوگوں کو طنز کا نشانہ بنایا ہے۔ دسرتھی نے اپنی نظموں "بال یم" اور "بلی کالو" سے ثابت کر دکھایا ہے کہ عام اور سامنے کے موضوعات پر بھی بڑے ڈھنگ کی نظمیں کہی جا سکتی ہیں۔ اردُر اور درگانند کی نظمیں اس امر کی مظہر ہیں کہ معریٰ شاعری میں صنعتی تہذیب سے متعلق خیالات اور آج کی زندگی کا اظہار بہتر ڈھنگ اور خوبصورت انداز سے کیا جا سکتا ہے۔

بوی بھیمن بڑا پُرگو شاعر ہے۔ اس کی معریٰ نظموں کا مجموعہ آنندی کوس لونچی آننتت وام لوکی" اس کی اعلیٰ تخیل کا نمونہ ہے۔ ان نظموں سے شاعر کا فطرت اور دیہی زندگی سے پیار مترشح ہے۔ ڈاکٹر نارائن ریڈی گو بنیادی طور پر پابند شاعری کرتے ہیں، لیکن انہوں نے عصری موضوعات پر معریٰ نظمیں بھی بہت اچھی لکھی ہیں۔ اس برس کا سوویت انعام گن دُورتی رنجنے یلو کو ملا ہے۔ گن دُورتی معریٰ شاعری پر کمال قدرت رکھتا ہے۔ اسکی نظموں کے دو مجموعے "ناگارم لوون" اور "نانولی نڈالو" حال ہی میں شائع ہوئے ہیں۔ یہ اس کی اعلیٰ شعری صلاحیتوں کے آئینہ دار ہیں۔

اپنے مجموعے "ناگارم لوون" (شہر میں بارش) میں اس نے موسموں کی اصطلاح میں انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں کی بڑے پُر اثر انداز میں ترجمانی کی ہے اور غور و فکر کی دعوت دینے اور حیرت میں ڈالنے والی تشبیہیں اور علامتیں اور بیان کے نادر نمونے پیش کئے ہیں۔ شہر میں بارش ایک اعلیٰ نظم ہے۔ شاعر کو غریبوں سے کتنی ہمدردی ہے اور اس نے قدرت اور فطرت کو کتنے قریب سے دیکھا ہے، یہ نظم اس کی اچھی نشان دہی کرتی ہے۔ یہ اعلیٰ تخیل کا اچھا نمونہ پیش کرتی ہے۔ اس نے اپنی نظموں "تلنگانہ" اور "آسا" سے یہ ثابت کر دکھایا ہے۔ معریٰ میں طول طویل نظمیں اور ڈرامے بھی لکھے جا سکتے ہیں اس کی نظموں کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اُن کے مصرعے بالعموم مقفیٰ ہوتے ہیں۔ اس سے اُن میں ایک عجیب دل کشی اور غنایت پیدا ہو جاتی ہے نظم معریٰ کا ایک اور اچھا شاعر گوپال چکرورتی ہے۔ نظریات کے اعتبار سے وہ حقیقت پسند اور رجائی ہے۔ ان نظریات کے اظہار کے لئے وہ اعلیٰ تخیل اور پر معنی الفاظ کو بروے کار لاتا ہے۔ کل جی نارائن راؤ عوام کا شاعر ہے۔ اس نے جدید زندگی کی کوتاہیوں اور خامیوں کو طنزیہ مزاحیہ انداز میں ہدف بنایا ہے۔ اس کا اسلوب سادہ و پرکار اور بڑا اثر انگیز ہے۔ اس نے حال ہی میں خلیل جبران کی کتاب "دی پرافٹ" (پیغمبر) کا نظم معریٰ میں "جیون گیتا" کے عنوان سے ترجمہ کیا ہے۔ شیلا ویر راجو اور سی۔ وی کرشنا راؤ کے شعری مجموعے متنوع موضوعات کے حامل ہیں۔ یہ اس امر کی طرف اشارہ بھی کرتے ہیں کہ نظم معریٰ متنوع اور گوناگوں موضوعات کے احاطے و اظہار کے لئے موزوں ترین صنف ہے۔ رین تلا، رامن ریڈی، بیراگی اجنتا نرلا، نرپ ریڈی، باپو ریڈی، رامن سری، اری پرلا، وس دم، جی ملا ریڈی، گنپتی شاستری، ڈاکٹر ایم رنگا راؤ، سری دیوی اور شریمتی کرشنا کماری این اور دوسرے کتنے ہی شاعر نظم معریٰ کو اپنے خیالات کے اظہار کا وسیلہ بنائے ہوئے ہیں اور نظم معریٰ کے سرمایہ کو باعث افتخار بنانے میں ممد و معاون بن رہے ہیں۔ نظم معریٰ کے متعدد انتخابات شائع ہو چکے ہیں۔ ان میں "چیتن ورت مو"، "چیتن بھارتی" اور "کانتی ریکھا" اپنی قدر و اہمیت کے اعتبار سے خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ کن دورتی اور گوپال شاستری نے نظم معریٰ کے مختلف پہلوؤں پر تنقیدی مضامین کا ایک مجموعہ "وچن کویتا" شائع کیا ہے۔

بعض شاعر ایسے بھی ہیں جنھوں نے اپنی تخلیقات میں پابند نظم اور نظم معریٰ دونوں سے ایک سی چابکدستی سے کام لیا ہے۔ ودوان

(بقیہ صفحہ ۵۵ پر)

کلاپرا پورن وشوناد ھستنیہ نارائن



دیہات کے دیہات سیلاب میں بہہ گئے
اور ہزاروں لوگ پانی کی آغوش میں ابدی نیند سو گئے
لیکن دس ماہ کے ایک بچے کا پالنا پانی میں تیرتا ہوا آیا
اُس کے پالنے میں بیس ہزار کے جواہرات اور نقدی تھی
خوش قسمتی سے وہ بچہ کسی لٹیرے نے نہیں پایا
اُسے شریف انسانوں کے ایک گروہ نے پالیا تھا
شاید وہ شریف انسان ایک دوسرے کے منجر تھے
کوئی نہیں جانتا تھا کہ وہ بچہ کون ہے، اُس کا نام کیا ہے
اُس کے بارے میں کسی کو کچھ نہیں معلوم
لیکن اس کے ساتھ جو متاع ہے وہی اِن سوالات کا جواب دیگی
کیا یہ بچہ موسمِ برسات کی شاموں کی تاریکی میں تحلیل ہو جائے گا
یا خزاں کی چاندنی میں ایک وقتی آب و تاب دے سکے گا
موسم بدلتے رہتے ہیں لیکن کتنے لوگ ہیں جو موسموں کے ساتھ
گردش کرتے ہیں
کیا یہ دیپاولی میں روشن ہونے والے پٹاخے کی طرح
لمحہ بھر کے لئے چمک کر بجھ جائے گا
یا یہ کافور کی آرتی کی طرح
مندر کی فضاؤں کو بھینی بھینی خوشبوؤں سے مہکا دے گا
وہ لوگ جن کا کوئی ماضی اور مستقبل نہیں وہ اُس آدمی کے
ثنا خواں ہیں جو اُسے اپنا بیٹا کہے گا
یہ وہ انسان ہے جو انسانیت کی اصلاح کرے گا
اور یہ وہ محور ہے جس پر تخلیق گردش کرے گی
لیکن اسے کس طرح بچایا گیا ؟
اور یہ کیوں زندہ رہے گا ؟
اس کی کیوں پرورش کی جائے ؟
یہ کس مقصد کے لئے زندہ رہے گا ؟
انسان کی پیدائش ایک معجوبہ ہے
اور یہ ایک بہت بڑا معجوبہ ہے
کیا یہ ایک حادثہ ہے
یا اس کے پس پردہ کوئی منصوبہ کارفرما ہے
اس سوال کا کوئی جواب نہیں
لیکن وہ انسان جن کے لئے دوش و فردا ہی سب کچھ ہے
وہ اپنے شانوں پر پُرفریب لبادہ اوڑھے
ناچ رہے ہیں اور اُن کی زبانوں پر
Eureka کے نعرے ہیں

میں کتنا عجیب انسان ہوں

زندگی کے جلتے ہوئے پتھر پر
ایک طویل مسافت کے بعد بھی
میں لاعلمی سے اور ہنستے ہوئے پوچھتا ہوں
جلن کیا ہوتی ہے،
میں بھی کیا خوب آدمی ہوں
اور کتنا عجیب انسان ہوں
دکھی اور مظلوم انسان کی فریاد و فغاں
ہوا کے پردوں کو چیرتی ہوئی
آسمان تک پہنچ رہی ہے
لیکن میں یقین کرنے کے لئے اُن دکھی آنکھوں میں جھانک کر
آنسوؤں کی تلاش کر رہا ہوں
میں بھی کیا خوب آدمی ہوں
اور کتنا عجیب انسان ہوں
میری ہتھیلی پر آبِ حیات کا پیالہ ہے
لیکن میں پھر بھی ماضی کی زہر بھری کہانیوں کے
ذائقے چکھنا چاہتا ہوں
میں بھی کیا خوب آدمی ہوں
اور کتنا عجیب انسان ہوں
رات کی تاریکی میرے لئے ناقابلِ برداشت تھی
میں نے ایک کمزور سا چراغ روشن کر لیا
جلتے ہوئے چراغ پر پروانے نے اپنی جان نثار کر دی تو میں
لرز اُٹھا اور میں نے چراغ کی جلتی لو بجھا دی
میں بھی کیا خوب آدمی ہوں
میں کتنا عجیب انسان ہوں

میں خود کو مبارک باد دیتا ہوں

میں خود کو مبارک باد دیتا ہوں
کیوں کہ میں نئے عہد کا شاعر ہوں
میں نے عام روایات سے انحراف کیا ہے
میں فٹ پاتھ پر چلنے والے انسان کا قریبی عزیز ہوں
خطرناک نئے سیلاب نے
ادب کے روایتی تالاب میں ہل چل مچا دی ہے
میں خود کو مبارک باد دیتا ہوں
کیوں کہ میں نے عام انسان کے دکھوں کو اپنایا ہے
میں نے زمین کی جنتوں کے دروازوں پر دستک دی ہے
میں جمہوریت کو صلاح دینے والا ایک غیر سرکاری وزیر ہوں
میں خود کو مبارک باد دیتا ہوں
کیوں کہ میں نے مذہبی کاروبار کرنے والے
اُن حریص لوگوں کی ریاکاری کو بے نقاب کیا ہے
جو ایک پائی کی دکھشا دیکر خدائی رحمتوں کو پانا چاہتے ہیں
میں خود کو مبارکباد دیتا ہوں
کیوں کہ میں تبدیلیوں کا نقیب ہوں
میں قومی شعور کے آسمان کی ایک تابندہ صبح ہوں
اور میں لاکھوں بے زبانوں کے دلوں کی دھڑکن ہوں
میں خود کو مبارک باد دیتا ہوں
کیوں کہ میں نے بے جان سرسوتی کے قالب میں روح پھونکی ہے
اور اُسے حیاتِ نو عطا کی ہے،
میں خود کو مبارک باد دیتا ہوں
کیوں کہ میں اُسی بات پر زور دیا ہے جس پر میرا یقین ہے
میں نے الات کے پیکر تراشے ہیں
اور میں نے عام انسان کی خاطر
صداقت اور انصاف کی اونچی آواز بلند کی ہے

صحی نرائن ریڈی



تمل شاعری

سلائی ایلن تھیرسن

اس صدی کی تیسری چوتھی اور پانچویں دہائی کے سب سے اہم تمل شاعر پارتھی ڈاسن کا انتقال ۱۹۶۴ء میں ہوا۔ تمل شاعری کی اس اہم ترین شخصیت نے اپنی عمر کے آخری چار پانچ برسوں میں نسبتاً کم تخلیقی کام کیا۔ تاہم اُس کی شخصیت اور شاعری کی چھاپ تمل شاعری پر آج بھی بہت گہری ہے۔

لگ بھگ ایک سو سے زائد نوجوان تمل شاعر فنی اور ذہنی طور پر اپنا رشتہ پارتھی ڈاسن سے استوار کرتے ہیں۔ پارتھی ڈاسن کی تازہ کار اور پُر اثر شاعری ان شاعروں کے لئے اپنے اندر ایک بے پناہ کشش رکھتی ہے۔ یہ نوجوان شاعر نہ صرف پارتھی ڈاسن کے اسلوب اور طرزِ نگارش کو اختیار کرنے کی سعی کرتے ہیں بلکہ اس کے عقائد تک کو خلوصِ نیت سے اپناتے ہیں۔ پارتھی ڈاسن کے فکر و فن کا سب سے اہم پہلو وہ عقیدت ہے، جو انہیں اپنی مادری زبان تمل سے تھی۔ بعض مخصوص حالات کی بنا پر ملک کے اس حصے کے لوگوں کا تعلق یہاں کی مٹی سے زیادہ استوار ہوا ہے۔ اس کی بُو باس یہاں کے لوگوں کے ذہنوں میں پہلے سے زیادہ رچی بسی ہے۔ تمل نادُ کا ہر پڑھا لکھا شہری اپنے شاندار ماضی پر بڑا نازاں ہے۔ عہدِ قدیم اور دورِ وسطیٰ میں تمل ادب کو جو شہرت حاصل ہوئی وہ دُنیا کی معدودے چند زبانوں کے حصّے میں آئی ہے۔ اس علاقے کے عہدِ قدیم کی کہانی بیشتر اَن کہی ہے۔ تاہم غیر ملکی تجارت، جنگ و جدل اور حکمرانی وغیرہ میں اس علاقے کے کارنامے قابلِ ذکر ہیں۔ عہدِ قدیم میں تمل ادب کو بھی بڑا فروغ حاصل ہوا تھا۔ ان امور کے پیشِ نظر عصرِ تمل نے خود کو ایک اعلیٰ و ارفع سطح پر محسوس کرتا ہے۔ اگر آج متعدد نوجوان تمل شاعر تمل اور اس کی شاندار روایات کی مدح خوانی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں تو اس کا راز اور جواز بھی مذکورہ بالا امور ہی ہے

۱۹۶۰ء کے بعد کی خاص ادبی سرگرمی "کوی ارن گم" (مشاعرہ) ہے، جہاں شاعر اپنی نئی نظمیں پڑھتے ہیں۔ "کوی ارن گم" میں اپنی نظمیں پڑھنے سے پیشتر شاعر تمل زبان و ادب کی تعریف و توصیف میں خاصا وقت صرف کرتے ہیں۔ آج کے تمل شاعروں کا یہ معمول سا بن گیا ہے۔ تمل ادب کی تاریخ اور قدیم تمل شاعروں کی زندگی کی بعض دلچسپ روایتیں آج کے نوجوان شعرا کو حد درجہ عزیز ہیں۔ وہ اکثر انھیں موضوعِ سخن بناتے ہیں۔ اس طرح تمل زبان عصری زندگی کے سمندر کی سب سے اہم دیوی کی حیثیت اختیار کر گئی ہے۔ تمل شاعروں میں بڑھی جانے والی اس نوع کی نظمیں اکتا دینے والی یکسانیت کی حامل ہوتی ہیں۔ تاہم یہ بھی واقعہ ہے کہ تمل شاعروں کے سامعین ان نظموں کو پسند بھی کرتے ہیں۔

کنّا ڈاسن، مدّیا راسن، می راجندرن، کے سی ایس ارونا چلم سوردھا اور بعض دوسرے شاعر اس نوع کی مناجاتی نظمیں لکھتے ہیں: وہ عام طور پر تمل کو ماضی قدیم کے تین ادبی دبستانوں کی والی ونگراں دیوی سے تعبیر کرتے ہیں۔ نیز اسے پانڈیہ راجاؤں کی بیٹی تصور کرتے ہیں۔ پانڈیہ راجہ ہی ان تین ادبی دبستانوں کے مربی وسرپرست تھے۔

تمل مشاعروں کا موضوع رنگوں، پھولوں، مہینوں وغیرہ سے لیکر ماضی وحال کی عظیم ہستیوں کی زندگیوں اور کارناموں تک کچھ بھی ہوسکتا ہے۔ گاندھی جی، پنڈت نہرو، پارتھی، پارتھی ڈاسن وغیرہم کی یاد میں تمل مشاعرے اکثر منعقد ہوتے ہیں جن میں شعراء متعلقہ شخصیت کی زندگی کے کسی ایک پہلو سے متعلق نظمیں پڑھتے ہیں بعض اوقات یہ نظمیں تعریفی وتوصیفی اور بعض اوقات متعلقہ ہستیوں کی زندگیوں کے واقعات کا محض بیان ہوتی ہیں۔ جہاں تک شاعری کا تعلق ہے اچھی نظمیں کم ہی سننے میں آتی ہیں۔ متعلقہ ہستی کی زندگی کے کسی اہم یا بدنام واقعہ کی طرف تلمیحی اشارے سے لمحہ بھر کو تمل مشاعرے میں جان پڑجاتی ہے۔ اپنی ان کوتاہیوں کے باوجود آج کی تمل شاعری میں "کوی ارن گم" کی ایک جگہ ہے۔ کوی ارن گم کا ایک اثر آج کی تمل شاعری پر یہ ہوا ہے کہ اس کے نتیجے میں تمل شاعری کا اسلوب سادہ ودلچسپ ہوگیا ہے۔ بیشتر شعراء اپنی نظموں میں طنز ومزاح پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن وہ اکثر لفظوں کی شعبدہ گری میں الجھ کر رہ جاتے ہیں۔ 'کوی ارن گم' کا تعلق چونکہ سماعت وبصارت دونوں سے ہے اس لئے اس میں مزاح کو، گو کہ وہ کم معیار ہوتا ہے، اہم مقام حاصل ہوتا ہے۔

عصری تمل شعرا کی ایک اور محبوب صنف[1] افسانوی نظم ہے۔ اس صنف کو بھی پارتھی ڈاسن ہی نے پانچویں دہائی میں اختیار کیا تھا۔ دور وسطیٰ میں بھی تمل شاعری میں اس صنف کا چلن رہا ہے۔ یہ افسانوی نظم پرابھن دم یعنی مختصر رزمیہ کہلاتی تھی۔ اس میں کسی مجاہد یا عظیم ہستی کی زندگی بیان کی جاتی تھی۔ تاہم گرامر کی کتابوں میں اس صنف کی جو تعریف درج ہے اس کا انطباق جدید افسانوی نظم پر کسی طرح بھی نہیں ہوتا۔ جدید تمل افسانوی نظمیں خواہ وہ پارتھی ڈاسن کے پیرایہ میں ہوں یا کسی اور شاعر کے وہ مقابلتاً مختصر ہوتی ہیں۔ انہیں منظوم مختصر کہانی کا نام بھی دیا جاسکتا ہے۔ سُردھا کی "ونیّہ ویرن" (ونیّہ فرقے کا بہادر) میں ہمیں عہد وسطیٰ کے ایک جنگجو بہادر کی زندگی کے ایک یادو اہم واقعات کا بیان ملتا ہے۔ یہ نظم چار سو مصرعوں پر مشتمل ہے۔ حالیہ زندگی کے مختلف پہلوؤں پر آنند م کی افسانوی نظمیں عام طور پر چار چار مصرعوں کے آٹھ یا دس بندوں پر محیط ہوتی ہیں۔ "تیرتھ یاترائی" وانی ڈاسن کی ایسی ہی افسانوی نظموں کا مجموعہ ہے۔ کنّا ڈاسن نے اپنی پانچ افسانوی نظموں کا ایک مجموعہ شائع کیا ہے۔ راقم الحروف نے بھی ماضی وحال کی عظیم شخصیتوں کی زندگیوں کے بعض اہم واقعات کو موضوع سخن بناتے ہوئے افسانوی نظمیں لکھی ہیں۔ ان میں سے بعض میں اس صدی کے عظیم مصلح اور انقلابی پرئیار کے انسانی دوستی کے جذبات کی ترجمانی کی گئی ہے۔ مدیا راسن اور ویلی ینگ کاٹان کی افسانوی نظمیں نسبتاً طویل ہیں۔ مدیا راسن نے اپنی افسانوی نظموں میں عصری سیاسی تحریکات پر توجہ صرف کی ہے۔ ویلی ینگ کاٹان کی افسانوی نظم "کوگ نن" ایک ایسے شاعر کی کہانی ہے جو خود کو دیہات کے عوام سے مماثل سمجھتا ہے۔ اس نظم میں بتایا گیا ہے کہ شاعر کس طرح خود کو ان غریب عوام کی خدمت کے لئے وقف کردیتا ہے جنہیں ساہوکار اور دوسرے کارندے اپنے حربوں اور ہتھکنڈوں کا نشانہ بنائے ہوئے ہیں۔ اس نظم کو تمل ناڈ کے مغربی حصے کے ایک گاؤں کی حالیہ زندگی کی تنقید بھی کہا جاسکتا ہے۔ راقم الحروف کی "سلام بن سیرو ناہائی" اور "کوٹیم آمبالم نیتھاسم بولاوے" اور تمژدہ لی کی دھنی یو وینائیو" (قسمت یا دینا) مختلف انداز کی افسانوی نظمیں ہیں۔ تمژدہ لی نے اُس پس منظر اور اُن حالات کا تجزیہ کیا ہے جو اولین رزمیہ نظموں میں سے ایک میں ایک انتہائی تکلیف دہ صورت کا سبب بنتے ہیں۔ "سلپا پٹی کارم" میں ہیرو سے اسکی محبوبہ کی جدائی کو قسمت کے لکھے سے منسوب کیا ہے۔ اس نوجوان شاعر نے اس خاص واقعہ کو جداگانہ انداز میں پیش کیا ہے۔ رقاصہ مادھوی محسوس کرتی ہے کہ دینا کی موسیقی بھی اُس کی، اس کے محبوب سے جدائی کا سبب بنی ہے اور وہ انتہائی کرب کے عالم میں دینا کو توڑ دیتی ہے۔ اس نظم میں بڑا سوز ہے۔ اس کا شعری حسن بھی لائق توجہ ہے۔ راقم الحروف کی نظم "سلام بن سیرو ناہائی" اس رزمیہ یعنی "سلپا پٹی کارم" کے ویلن کے کردار پر تنہا کلامی کی صورت میں ہے ایک دوسری افسانوی نظم میں راقم الحروف نے رامائن کے کردار کنبھ کرن کو ایک نئے انداز میں پیش کیا ہے پارتھی ڈاسن کی "کنکی پورت چی" اور "مانم کھلائی دیبا" ایک اور ہی انداز کی

---

[1] اسے ہم اردو شاعری صنف مثنوی کے مترادف سمجھ سکتے ہیں۔

افسانوی نظمیں ہیں۔ یہ دونوں ۱۹۶۲ء میں شائع ہوئی تھیں۔ ان نظموں میں پارتھی ڈاسن نے دو کلاسیکی نظموں کی تلخیص بڑے استدلالی انداز میں کی ہے۔ ۱۹۶۰ کے بعد لکھی گئی دوسری افسانوی نظموں میں تمژوہ لی کی "کن نپ پن کالی کل" خصوصی اہمیت کی حامل ہے۔ یہ ایک تمثیلی نظم ہے۔ نیکی اور بدی دو نر و مادہ طوطوں سے تعبیر کیا گیا ہے اور جب مادہ طوطا بچھڑ جاتا ہے تو نر طوطا تنہا زندہ نہیں رہ سکتا۔ اس سے شاعر کا مدعا یہ ہے کہ نیکی اور بدی کا ساتھ ازلی اور ابدی ہے ایک کے بغیر دوسرے کا وجود ممکن ہی نہیں۔

معدودے چند شاعر ایسے بھی ہیں جو خالص شاعری کے نظریے کے قائل اور مقلد ہیں وہ اپنا سارا زور قدرت اور فطرت کے بیان ہی پر صرف کر دیتے ہیں۔ نیز کسی اقتصادی سماجی مسئلے یا خیال کو اظہار کے قابل نہیں سمجھتے۔ وہ فرد کی روح کے ارتقا کو موضوعِ سخن بناتے ہیں۔ خدا اور روح اور ان کے باہمی تعلق سے متعلقہ خیالات ہی ان کی شاعری کے بابِ اظہار میں بار پاتے ہیں وہ مدعی ہیں کہ ایسے خیالات سے عادی شاعری کوئی شاعری ہی نہیں۔ اس ذیل کے شعرا میں "سومو" سری نواس راکھون، ایم۔ پی۔ تھورن، کلائی وانن، تیرولوک سیتارام سدّانندھ پارتھی وغیرہم شامل ہیں۔

شعرا کا ایک گروپ ایسا بھی ہے جو مذکورہ بالا شعرا کی ضد ہے۔ اُنکے بالکل برعکس ہے۔ یہ شعرا مارکسی نقطۂ نظر کے حامل ہیں۔ یہ روح یا اس کے ارتقا کا قطعی کوئی پاس لحاظ نہیں رکھتے۔ وہ محسوس کرتے ہیں کہ سماج سے الگ تھلگ نہ تو فرد کی کوئی زندگی ہے اور نہ اس میں کوئی نجات ہی ہے۔ اس گروپ کے بعض شعرا تو ایسے ہیں جو مارکس کے فلسفہ سے آگاہ ہیں اور کچھ ایسے ہیں جو سیاسی جلسوں میں دیئے گئے نعروں اور ادا کئے گئے لفظوں ہی کو اپنا رہبر بناتے ہیں۔ غریب و امیر کی مخالفت، بہتر رہن سہن کے لئے غریبوں کے مظاہرے، کارکنوں اور پسپا لوگوں کی شکایات وغیرہ ان شعراء کے خاص موضوعات ہیں۔ ان دنوں ان شعرا کے موضوعات کی فہرست میں ایک اور موضوع کا اضافہ ہو گیا ہے اور یہ موضوع ہے: امریکہ اور ویت نام اور دوسری جگہوں پر اس کی فوجی جارحیت۔ تاہم یہ امر قابلِ توجہ ہے کہ شعرا کے اس گروپ نے حالیہ برسوں میں تمل شاعری کو ایک نئی حقیقت پسندی کا رجحان عطا کیا ہے۔ یہ شاعر بھی عوام کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے تمل ماتا کی تعریف میں رطب اللسان ہوتے ہیں۔ یہ اپنی نظموں میں ملکی اور بدیسی لوگوں کی عصری زندگی، خواہشوں اور خوشیوں کو بڑے موثر انداز میں پیش کرتے ہیں۔

شاعروں کا ایک گروہ اور بھی ہے۔ اس کے ممبروں کی تعداد بہت ہی مختصر ہے۔ یہ دنیا میں تیزی سے رونما ہوتی ہوئی تبدیلیوں کو سمجھنے اور لفظوں کے لباس میں پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ بنی نوع انسان کی عظمت اور اس کے کارناموں کی تعریف کرتے ہیں۔ شاندار انسانی کوششوں، محنت اور محنت کشوں کی عظمت کے گُن گاتے ہیں، وہ عوام کو بیدار کرتے، اور سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی کا پیغام دیتے ہیں۔ وہ ساری دُنیا کو مستقبل پر نظر رکھنے اور آگے بڑھنے کی دعوت دیتے ہیں۔ بین الاقوامی مفاہمت اور آفاقی بھائی چارے کے شعبوں میں جو ترقیاں ہوئی ہیں۔ وہ اُن کا احاطہ کرتے ہیں یہ بنیادی طور پر انتہائی رجائی ہیں۔ وہ محسوس کرتے ہیں کہ دنیا کے محروم اور مشرف لوگوں میں ہمیشہ ہمیشہ کیلئے کشمکش اور پیکار جاری نہیں رہ سکتی اور وہ وقت قریب آرہا ہے جب اُن کے درمیان ایک مفاہمت پیدا ہو جائے گی تمل شاعری میں ان خیالات کے نمایندہ شعرا میں پی کلیان سندرم تمژوہ لی اور راقم الحروف شامل ہیں۔ پی کلیان سندرم خلائی سائنس میں سر کئے گئے کارناموں پر بڑے مسرور اور شاداں ہیں۔ "انسانی عزم اور حوصلے نے چاند کو جا لیا ہے۔ تاریخ کو باطل کر دکھایا ہے۔ اب نئے آفاق ہمارے سامنے ہیں۔ آسمان کا راجہ اندر ہے۔ اب یہ پرانا عقیدہ شکست ہو گیا ہے۔" راقم الحروف محسوس کرتا ہے کہ دنیا کی سبھی قومیں اور لوگ دن بدن ایک دوسرے کے قریب آتے جا رہے ہیں۔ اب زبانوں اور قومیتوں کی بنیاد پر کوئی بھی علیحدگی پسندی کا نعرہ بلند نہیں کرے گا۔ نیز یہ کہ دنیا کے کھیت میں بنی نوع انسان نے جدت کا ہل چلایا۔ اور اتفاق اور آفاقیت کے بیج بوے ہیں۔ تمژوہ لی کی نظمیں، اٹیم کی شکتی اور نویلی کی کوئلے کی کانیں، بہتر اور خوشگوار مستقبل کی بشارت دیتی ہیں۔ کولوٹن کم اور سیرپی جیسے نوجوان شاعر بھی اسی عقیدے میں یقین رکھتے ہیں اور اسکی ترجمانی کرتے ہیں۔

یہاں سائنسی ترقی کے ردِ عمل میں سامنے آنے والے ایک اور پہلو کا ذکر بھی بڑا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ یہ دراصل خوف اور نراجیت سے پیدا ہونے والا ایک منفی پہلو ہے۔ یہ شاعر سائنس کی بے پناہ قوتوں کا ذکر کرتے اور لوگوں کو تنبیہ کرتے ہیں کہ وہ سائنس پر بہت زیادہ انحصار نہ رکھیں۔ وہ محسوس کرتے ہیں کہ اگر سائنس کی تباہ کن قوتوں کو زیر نہ کیا گیا تو صفحۂ ہستی سے بنی نوع آدم کا وجود مٹ جائے گا۔ اُن کا کہنا ہے کہ انسان نے اپنی روحانی ضرورتوں کو یکسر نظر انداز کر دیا ہے۔ فہم و فراست کو ضرورت سے زیادہ اہمیت دے رکھی ہے جو اُنکے خیال کے مطابق بنی نوع آدم کے

ارتقا کے لئے مفید و کارآمد نہیں۔ انہیں اس بات کا احساس ہے کہ سائنس اور ٹکنالوجی کی ترقی سے لوگوں کا معیارِ زندگی بہتر بنا ہے لیکن وہ اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ بنی نوع انسان کا واحد کام اپنے گرد و پیش کی دُنیا کو بہتر بنانا اور اسے ترقی دینا ہے۔ سیلون کا شاعر مورو گائین، مدراس کا شاعر ایس ڈی سندرم اور متعدد دوسرے شعرا اس گروپ سے متعلق ہیں تاہم ادھر ان شاعروں کے رویّے میں خوشگوار تبدیلی واقع ہوئی ہے۔ اُن کے لب و لہجے میں رجائیت پیدا ہوگئی ہے۔ اب یہ اپنی نظموں میں اس نوع کے خیالات کا اظہار کرتے ہیں، بنی نوع انسان وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ سائنس کے خطرات کو محسوس کرے گا اور اس علم کو مناسب و موزوں طریقے پر استعمال کرنا بھی سیکھ لے گا۔

جیسا کہ میں اوپر ذکر کر چکا ہوں، ہمارے شاعر ایک بڑی حد تک سیاسی نظریات و عقائد سے نہیں بلکہ سیاسی رہ نماؤں سے متاثر ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ ادھر حالیہ برسوں میں پنڈت نہرو، کامراج۔ اناّ دورائی جیسے سیاسی رہ نماؤں اور پارتھی، پارتھی ڈاسن، تیرو ولّو اور دوسری عظیم شخصیتوں سے متعلق نظموں کے مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ ان مجموعوں کی نظمیں بڑی حد تک کوی ارن گم میں پڑھی جانے والی نظموں جیسی ہیں۔ ان میں سے بعض تو شعریت سے قطعی عاری ہیں۔ جیسا کہ ہر کوئی جانتا ہے: گاندھی جی کے بعد، پنڈت نہرو کے علاوہ اور کوئی شخص ہندوستانی ادب کو متاثر نہیں کر پایا، لیکن تمل ادب کے تعلق سے یہ امر جزوی صداقت کا حامل ہے۔ پیری یار راما سوامی، پارتھی اور پارتھی ڈاسن، تمل شعرا کے دل و دماغ کے قریب ہیں اور ان شخصیتوں کے متعلق بعض نظمیں بڑی تازگی اور بڑے تازہ کار اثرات لئے ہوئے ہیں۔

پارتھی ڈاسن کے مجموعے "اروں دا ویڈو" (تاریک مکان) کے بعد طنزیہ، مزاحیہ شاعری کی مثالیں خال خال ہی دیکھنے میں آئیں تمل شاعروں میں طنزیہ، مزاحیہ نظمیں گاہے بہ گاہے سننے میں آتی ہیں۔ تاہم ۱۹۶۶ء میں سیلونی شاعر رُدر مورتی (مہاکوی) کے مجموعہ کلام 'کُرُم با' کی اشاعت کے بعد سے صورت حال بالکل بدل گئی ہے۔ اس مجموعہ میں مغربی انداز کی ہجویہ نظمیں شامل ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ رُدر مورتی نے اسی انداز کی نظموں کو تمل شاعری میں رواج دینے کی کوشش کی ہے۔ تمل میں 'کُرُم با' کے معنی ہیں۔ مختصر نظم یا "کیا یہ شرارت ہے؟" شاعر رُدر مورتی۔ عصری زندگی کے مختلف پہلوؤں کو اپنی نظموں میں طنز کا نشانہ بنایا ہے لیکن اس کا رویّہ ایک نراجی کا نہیں ہے

تمل شعرا کے نزدیک عشق و محبت کے بغیر کوئی شاعری ممکن نہیں عشق و محبت تقریباً تمام عصری تمل شاعروں کا موضوعِ خاص ہے۔ گو بعض شاعروں نے نئے خیالات و نظریات پیش کئے ہیں لیکن بیشتر شاعر آج بھی محبت کے موضوع پر فلمی شاعروں کے انداز میں نظمیں لکھ رہے ہیں فلمی شاعری تصنع اور بناوٹ سے پُر ہے۔ ہلکی پھلکی موسیقی اور عریاں مصرعے، نوجوانوں کے ذہنوں اور کانوں کو فوراً متاثر کرتے ہیں۔ نوعمر شاعر فلمی گیتوں کے انداز میں نظمیں لکھتے ہیں۔ ان میں نہ کوئی گہرائی ہوتی ہے اور نہ کوئی تازگی ہی۔

۱۹۶۲ء میں چینی حملے اور ۱۹۶۵ء میں پاکستانی حملے سے متاثر ہو کر بھی تمل شعرا نے متعدد نظمیں کہی ہیں۔ دور وسطیٰ کی ایک صنف پرانی جو پرانی دموں میں سے ایک ہے، کا چلن ادھر پھر عام ہونے لگا ہے۔ چینی فوجوں کے خلاف ہمارے بہادروں کے کارناموں سے متعلق نظموں کا ایک مجموعہ "چین پرانی" ہے۔ ان نظموں میں شاعر نے کسی گہرائی سے کام نہیں لیا۔ تاہم ان میں شاعر نے حملے کی تیاری اور میدان جنگ کا بڑا موثر نقشہ کھینچا ہے۔ ابتدائی پرانی نظموں کے مقابلے میں حالیہ پرانی نظمیں بہتر ہیں۔ تاہم ہمیں اتنا اطمینان ضرور ہے کہ ہمارے شاعر موجودہ زندگی کے اہم واقعات سے کماحقہ طور پر باخبر ہیں۔

دنیا بھر میں اس بات کا اعتراف کیا جا رہا ہے کہ موجودہ دور شاعری کا دور نہیں ہے۔ تمل شاعری کی شاندار روایات اور ایک طویل تاریخ کا وارث آج کا تمل شاعر اس امر کو ثابت کرنے کی کوشش میں ہے کہ تمل شاعری نے اپنی جاذبیت اور کشش نہیں کھوئی۔ وہ بے نمک نہیں ہوئی۔ اور یہی وجہ ہے کہ وہ اپنی عظمت کی ترجمانی کرتا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ اپنی عظمت کے گن گا کر وہ لوگوں کو شاعری کی طرف متوجہ کر سکتا ہے۔ جب ویلی ہنگ کاٹان کہتا ہے: اگر جاہلوں کے ذہنوں کے جنگلوں میں فکر و خیال کے تیروں سے میرا سامنا ہو جائے تو میں اپنی کتاب (نظموں کی) کو کمان کی طرح کھینچ کر اپنے اعلیٰ افکار کے تیر شیروں پر چلاؤں گا۔" تو ہم اسے شاعر کو غرور بیجا پر محمول نہیں کر سکتے۔ یہ دراصل اظہار ہے، حوصلے اور خلوص نیت کا، جس سے شاعر زندگی کا سامنا کرنا چاہتا ہے۔ بعض دیگر شاعروں نے بھی اس نوع کی نظمیں لکھی ہیں۔

یہ واقعہ ہے کہ موجودہ دور شاعری کے لئے کچھ زیادہ سازگار نہیں۔

(باقی صفحہ پر)

آج

ویلی ینگ کاٹان

کچے پھل جب دن بیتے ہیں
پختہ اور رسیلے ہو کر لچکیلی شاخوں کی گرفت سے
چھوٹ کے گرنے والے منظر میں تبدیل ہوئے ہیں!
من کی گہرائی میں جب بھی منظر یہ پیوست ہوا ہے
تب ہی جرأت کر کے اپنے جیون کی بیلیں بھی
اس دھرتی کے منڈوے پر پروان چڑھی ہیں
سطحی لوگ یوں چلا کر روکیں بھی تو کیا ہے ؟
"جیون لاکھ جنم بھی لے لے ، اک دن ماٹی میں ملنا ہے"
لیکن میں بدھی کے گہرے ساگر میں ، ہمت کر کے
موتی منکے پا جانے کی آشا لے کر ، چھلانگ لگائے جاتا ہوں
عقل کے اندھے جنگل جیسے اپنے من کے
جنگلی وحشی شیروں جیسی ابھیلاشاؤں سے لاکھ ڈرائیں
علم کے نیتاؤں کے تیر کماں کو تھامے
میٹھے بول حسیں شبدوں کے سہارے
ویروں اور سورماؤں کی مانند میں آگے بڑھنے لگتا ہوں
دیس کے نام پہ جب کبھی مجھکو پکارے
دیس کی خاطر جان کے لالے پڑ بھی جائیں
سان پہ چڑھکر تیغ دو دم ہو سینہ تانے
اسکی انی کے آگے سینہ سپر ہو کر میں
زیور جیسے ہنس مکھ چہرہ کی جوتی کو لے کر
آگے بڑھ جانے کی جسارت کرتا ہوں
آگے بڑھتا جاتا ہوں

سُردھا

پردھان بھاشا تمل

پھولوں سے ہی پشپ سار ہے
پشپ سار کے بعد پھول کہاں کھلتے ہیں!
سمتوں دشاؤں کا تو نیوجن بعد ہوا ہے
اول اول دور نین سے دور وشال آکاش رہا ہے
ندی نالے جھیل سے پہلے ماہی کو کب ملے تھے!
فولادی ذرّوں کو توازن جب نہ ملا تھا
سخت نکیلے اوزاروں سے لیس کہاں تھی دھرتی؟
بھانت بھانت کی بولی یوں تو دیس دیس میں
اپنا جھنڈا گاڑ رہی تھی
لیکن ہر بولی سے پہلے امرت رس چھلکاتی بولی
تامل ہی کا بول تھا بالا ۔
امبر کی تزئین سے اور ترتیب سے پہلے
شیتل شیتل پون کی آہٹ کب گونجی تھی؟
سارے جگت میں تامل جیسی
میٹھی بھاشا بھی ہے کوئی ؟

آٹھ کی شکتی

تمژوہ لی

لو یہ دنیا ہمیں اک کہانی سنانے پہ آمادہ ہے
شور و غل مت کرو
طلوعِ سحر کی ولادت جو ہونے کو ہے
ہم رنگا رنگ کرنوں سے بے نوائی چشم کو چاک کر کے
گھنی تیرگی کے پرخچے اڑا کر
اندر سا دیوتا بھی تو بننے کو ہیں
آج ایٹم کی شکتی ہی وہ دان ہے
جو ہر اک شعبۂ زندگی کے دُکھوں اور مہلک عناصر ہی کیا
ماترو بھومی پہ فتح پا کر، توانا ہے زندہ ہے پائندہ ہے
سائنس کی روشنی ہالہ پیرا ہے ہر سُو تو کیوں
اب اسیرانِ دشت و جبل اپنی جسمانی محنت سے دوچار ہوں؟
مفت میں ہاتھ کی جنبشوں، پاؤں کی آہٹوں کو
وقفِ محنت کریں؟
آج ہر بحرِ ذخّار پر دسترس ہی نہیں، بلکہ
خود آسماں کا بھی دستِ طلب اپنی جانب ہے پھیلا ہوا!
زندہ باد ایٹمی قوتو! زندہ باد اے جہاں!
ہم دنوں کو جنم دینے والے دمکتے ہوئے مہر کے آستاں سے گذر کر
بڑھ کے آکاش کے بند دروازہ کو کھول دیں گے
ایٹمی طاقتیں بھی امنڈ کر گرج کر ہم آواز بنتی چلیں
اور کہنے لگیں "لو ہمارے مبارک سفر کی ہوئی ابتدا،
پنج آہنگ جو خاک و باد، آب و آتش، فلک سے عبارت ہے
اور ساز و سامانِ عالم جو ہے
آج تو سب کے سب
پانچ آوازیں ہی پانچ آوازیں ہیں!!!

کے۔ سی۔ این ارونا چلم

یاترہ کی جیت

چلے چلو چلے چلو
ارتقا کے راستوں پہ منزلوں پہ حق جتانے آملو، آملو
صبح کی پلک پلک جھپک رہی ہے، صبح دم چلے چلو
ملگجے سے بادلوں کو ہانکنے لگی ہے بادِ صبح
فریب دیتی تیرگی کو بزم سے کھڑے کھڑے نکالنے پہ مستعد ہے چاندنی
پوتر یہ گھڑی ہے اور شگن بھی لاجواب ہے
سمندروں کی موج موج جیسے اٹھ کے پھیلتی ہے
ویسے فوج فوج آملو۔
ایسے بت تراش ہم کہ جس جگہ کو چھو بھی لیں، سورگ لوک بن چلے
غاصبوں کی دھاندلی سے ہم نبرد آزما جو ہوں تو
طمطراق و تمکنت سے یوں اٹھیں کہ دوش بھی بلند ہو
یہی وہ یاترا ہے جو جگت کی پٹیکا کے گنج شائیگاں پہ
حق جتا کے سب حقوق اپنے نام پر ہی منتقل کرائے گی
محنتی عوام کے بدن کا انگ انگ کام کی زیادتی سے چور چور ہے
سونے کو ٹٹول کر سرنگ کی مہیب سلوٹوں سے کھود کر
چمکنے والے ہاتھ ابھی صدی صدی سے محوِ رنج و یاس ہیں!
آج اپنا فرض ہے کہ تمتماتے اور ابلتے دل کی
تازہ روشنی کے دائرہ میں راکھ کر کے ساری نکبتوں کو
اور جلا کے سب برائیوں کو
جوش اور خروش سے
چشمِ سُرخ کو لئے
جادۂ فروغ کی طرف بڑھے چلیں

(ترجمہ: کاوش بدری)

۱۹۶۰ء کے بعد



سندھی شاعری

موتی لال جوتوانی

سندھی کے مشہور شاعر نارائن شیام نے ایک جگہ شاعری پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے کرشن لیلا کی ایک معروف تصویر کی بات کہی ہے۔ اس تصویر میں کرشن رادھا کے بال سنوار رہا ہے اور رادھا کے سامنے آئینہ ہے لیکن اب وہ ایک دوسرے کو کیسے دیکھیں اور دیکھے بغیر کیسے رہیں آئینہ اس مسئلہ کا حل ہے۔ اس میں اُن دونوں کی شبیہیں عکس انداز ہوتی ہیں اور وہ محو اور مسرور ہو جاتے ہیں۔ شاعری میں شاعر کی خارجی و داخلی زندگی ——— باطن و ظاہر کی بیداری، شخصی اور سماجی زندگی ایک ساتھ جھلکتی ہے اور مسرت کا جنم ہوتا ہے۔

" الاپ مدھر تان میں، اے روپ وتی
تبدیل کیمی توں ہنجی مٹھی سونہہ سجی
سنگیت ایں جیو کنٹھ جیسیں ھُندا
بی ناسندی سونہہ رتی چندر مکھی " (نارائن شیام)

یعنی محبوبہ میں نے تمہاری خوبصورتی تمہارا حسن (مرلی کی) میٹھی تان میں بھر دیا ہے اے چندر مکھی جب تک سنگیت ہے اور جب تک بشر کو گویائی حاصل ہے تب تک تمہاری خوبصورتی کم نہیں ہوگی۔

جمالیاتی شاعری کی گہرائیوں میں ہمارے احساسات بھیگ اٹھتے ہیں اور ہمارے حواس تربیت پاتے ہیں۔ ارسطو نے سچ کہا تھا کہ شاعر جذبات کو ابھار کر، جذبات کو تراشتے ہیں۔ دبی ہوئی خواہشوں کے اظہار سے قلب و نظر روشن کرتے ہیں۔ شاعر زندگی کے جام کا لطف آخری بوند، آخری قطرے تک لینا جانتے ہیں اور لینا سکھاتے ہیں۔

" صاف کھیر جینہ جو بھنو توں ہنجو
نرم مکھنڑ جینہہ تنو منو توں ہنجو
کھیر مکھنڑ سبھو سونہڑی آہے
چنڈوت آہے چھاچھ چھڑی وو "

یعنی سفید دودھ کی طرح تمہارا جوبن ہے۔ ملائم مکھن کی مانند تمہارا تن من ہے۔ اے سوہنی (عوامی کہانی سوہنی مہیوال کی ہیروئن) تم دودھ ہو مکھن ہو، آسمان کا چاند تو صرف چھاچھ ہے۔

نارائن شیام کے ان مصرعوں میں نو کلاسکیت کا عکس دکھائی دیتا ہے

پرانے کلاسیکی چھندوں کو نئی زندگی دینا، ہیرو اور ہیروئن کے تعلقات کو نئی روشنی میں دیکھنا، پرانی اور عوامی کہانیوں کی طرف اشارہ کرنا، اس رجحان کی چند خصوصیات ہیں۔ مندرجہ بالا مصرعوں میں "کافی" نام کی صنف میں سوہنی کے حسن کا بیان انتہائی نرالے ڈھنگ سے ہوا ہے۔ سوہنی چاند کی سی خوبصورت نہیں ہے۔ سوہنی چاند بھی نہیں ہے۔ سوہنی دودھ اور مکھن ہے چاند صرف چھاچھ ہے۔

پاکستان کے مشہور شاعر شیخ ایاز اور بھارت کے شاعر نارائن شیام سے سندھی شاعری میں نو کلاسیکی رجحان کی شروعات ہوئی۔ ایاز اور شیام دونوں شاعر آسانی سے اپنی جگہ بدل سکتے ہیں۔ دونوں کی شاعری میں سندھ اور گنگا بہتے ہیں۔ دونوں کی شاعری میں مہاتما بدھ اور حضرت محمدؐ صاحب کی روشنی ہے۔

واکی، کافی، دوہا، غزل ——— شاعری کی تمام اصناف ایاز اور شیام کے یہاں نئے رنگ و روپ کے ساتھ نمایاں ہوئی ہیں۔ ایاز اور شیام کی شاعری کو صوفیت اور تصوف سے نہ کوئی واسطہ ہے اور نہ یہ روایتوں کی شاعری ہی ہے۔ ان کی شاعری کا رنگ و آہنگ جداگانہ اور بالکل نیا ہے۔ انکی کاوشوں اور کوششوں سے سندھی شاعری میں بہ اعتبار مجموعی ایک حسن تازہ پیدا ہوا ہے۔ شیام کے تین شعری مجموعے ——— پنکھڑیوں، رنگ وتی لہر اور گردشن چھانورو" ہیں۔ ایاز کی نظموں کا مجموعہ "بھنور بھرے آکاس" ہے۔ ان کے یہاں روایت کے مطابق "سورٹھے چھند" کی پیالی میں چھلکتا پریم رس دیکھئے۔

نگاھنی ماں نیہم چھڑیں پیا چھاٹون کوے
ڈٹھے تھیا ہوا دینہم مُوہبُو ملی ویوا چیتو
پرہ کھان پیارو مونہڑو مونہجے یار جو
مٹھڑو موچارو سجڑوں مونہجے ساجو

یعنی (۱) اپنے محبوب کو دیکھے بہت دن ہو گئے تھے۔ وہ اچانک مل گیا۔ آنکھوں سے اشک رواں ہو گئے (۲) میری زندگی کے ساتھی، میرے پیارے دوست کا چہرہ سحر سے کہیں پیارا ہے

گورکی نے ایک جگہ پر کہا ہے "ادیب کو عوام کی آنکھیں، کان اور دل ہونا چاہیئے" اگر شاعر چاندنی رات میں ندی کے کنارے تخیلی جل پریوں کو توجہ کا مرکز بنائے گا، تو اس دکھی نراش زندگی کا کیا ہوگا۔ لوگوں کی ضرورتوں کو کون محسوس کرے گا۔ شاعر کے لئے ایک شاعر نے صحیح کہا ہے "سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے"۔ سندھی میں شاعر بیوسی نے پہلے پہل نئے زمانے کی نئی آواز کو سنا۔ شاعری میں جو لے اس سے پیشتر کبھی نہیں سنی گئی وہ اس کی جذبات سے مملو شاعری میں بلند ہوئی۔

اُن کی شاعری نئی سحر کے پہلے پرند کی آواز جیسی ہے۔ اس سے پرانے موضوعات اور اصناف سے انحراف شروع ہوا۔ شاعری میں نئی فکر کا طلوع ہوا۔

ھی سازو پزاژوں وی وجائیوں کیسیں؟
آواز نئے کھاں بی نٹائیوں کیسیں؟

گوردھن بھارتی پوچھتے ہیں؛ پرانا ساز کب تک بجائیں۔ نئی آواز کو کب تک نہ سنیں۔

مونجھی
من میں مونجھی
گھبراہٹ
نراشا
ھائی بے چینی
پریشانی
کجے چھا (گوردھن بھارتی)

دل میں سکون نہیں، گھبراہٹ، مایوسی اور بے چینی ہے۔ ایسی پریشانی میں کیا کریں۔

انجا آہی وجود انگے روشنو حیاتی
رُوگو بے کلی، بے کلی، بے کلی (نارائن شیام)

ابھی ہماری زندگی بجلی کی طرح تڑپتی اور چمکتی ہے۔ صرف بے کلی ہی بے کلی ہے۔

صاحب آملیٹ
ترسو ہی ہوائی جہاز جیٹ
آسمان جی سلیٹ . . . . الاجے چھالکھی ویا
. . . . . .
بھلا کھالی پانامہ پیکٹت دریا میں پھٹا کری
جمنا مائی کی جے
جھولے لال
ٹٹل شیشہ
بھگل عکس
. . . . . .

چھا تھیندو؟ چھا تھیندو؟
پانڑی لڑاٹیل آہے
(خالی پیکٹ لہرونی کے جے سینی نے یکھی روحیا آھینے)
ھوا لہاٹیل آہے
(جیٹ سلیٹ تے الاجے چھا لکھی دیا آھین)
کھبرناھے ... ... کھبرناھے
الاجے ہی سبھو چھا آہے

اس نظم میں ٹی ایس ایلیٹ کی "دی لو سانگ آف جے الفرڈ پروف روک" کی نظم کی طرح بیسویں صدی کے انسان کی ایک تصویر ہے۔ اندیشہ و اضمحلال کی تصویر، رنگوں کی بگڑی ہوئی شکل، فقدان کی شدت، زندگی کی اقدار تیزی سے بدل رہی ہیں۔ روح میں دراڑ پڑ گئی ہے۔ سب جگہ غیر یقینی ہے۔ وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ جیٹ ہوائی جہاز سر پر منڈلا رہے ہیں۔ وہ آسمان کی سلیٹ پر تباہ و بربادی کے نشان ثبت کر رہے ہیں۔ ہوا بند ہے۔ دریائے جمنا کے کنارے پر بھگت شاعر سورداس نے کبھی پریم کے گیت الاپے تھے۔ آج کا شاعر اسی ندی میں پانامہ سگریٹ کے خالی پیکٹ پھینک کر "جمنا مائی کی جے" کا نعرہ بلند کرتا ہے۔ ندی کا پانی مٹیالا ہے۔ وہ صاف و شفاف پانی کا بہاؤ کہاں گیا، انسان خالی پیکٹ کی طرح وقت کی لہر پر ہانپ رہا ہے۔ کیا سبھی عناصر نے، اجزا نے سازش کی ہے؟ کیا ہوگا؟ کچھ پتہ نہیں انسان حیرت زدہ سا ادھر ادھر دیکھ رہا ہے

جدید ترین شعرا نظم و نثر کے فرق کو نہیں مانتے۔ ایسا لگتا ہے کہ شاعر نثر میں لکھنے لگے ہیں۔ پھر بھی کیا وہ نثر فطری، جاندار، دلچسپ اور گوناگوں ہوتی ہے؟ آج کا شاعر عوام کی غیر شاعرانہ زندگی کا نمائندہ ہے۔

یہاں سندھی کے تمام جدید شعرا کا نام گنانا مقصود نہیں بلکہ مقصد اردو قارئین کو جدید سندھی شاعری کی نشو و نما و ارتقا سے روشناس کرانا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ وہ سندھی شاعری سے محظوظ ہوں اور اس کے کچھ کامیاب تجربات سے متعارف ہوں۔ موہن کلپنا، ہریش واسوانی، شیام جے سنگھانی وہ نئے جدید شعرا ہیں جنہوں نے پرانی روش پر چلنے سے صاف احتراز کیا ہے۔

ابھی حال ہی میں فرانسیسی شاعری کی صنف ترائیلے کو سندھی زبان میں اپنایا گیا ہے انگریزی میں رابرٹ برجز اور اردو میں احمد ندیم قاسمی کے ترائیلے ملتے ہیں۔ اگرچہ اس صنف شاعری میں سندھی کی پہلی تخلیق ہری دلگیر نے پیش کی ہے۔ تاہم اس طرز شاعری میں ہری کانت کو اہم اور ممتاز مقام حاصل ہے۔ ترائیلے آٹھ مصرعوں پر مشتمل نظم ہوتی ہے جسکے پہلے دو مصرعے آخری دو مصرعے بن جاتے ہیں۔ پہلا مصرع بیچ میں بھی ایک بار چھٹے مصرعے کی شکل میں دہرایا جاتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ نظم کا پہلا چوتھا اور ساتواں مصرع ایک ہی ہوتا ہے۔ مختلف مقامات پر اس ایک مصرع کی موجودگی بڑی فطری اور ضروری معلوم ہوتی ہے۔ اس سے ایک فضا بنتی ہے۔ تاثر کو تقویت پہنچتی ہے۔ ایک ترائیلے ملاحظہ فرمائیے۔

انجا بھی دل میں امیدنی جی شمع آہ روشنو
اکھیو متھے ت کھڑیں وسو سہاؤ سامھوں آ
انجا بھی کہنی کھے وسارے سنگھیو نہ موھجو منو
انجا بھی دل میں امیدنی جی شمع آہ روشنو
نراش راتی جاوو بھرکھاں کہنی بھریو دامنو
امیدوار بنڑی وسو سہاوو سا مھنوآ
انجا بھی دل میں امیدنی جی شمع آ روشنو
اکھیوں متھے ت کھڑیں وسو سہاوو سامھنوں آ

یعنی کہ ——— ابھی دل میں امید کا چراغ روشن ہے۔ آنکھیں اوپر اٹھاؤ۔ کسی نے مشرق کی روشنی سے دامن بھر دیا ہے۔

سندھی شاعروں نے دوہوں میں بھی متعدد تجربات کئے ہیں۔ راجستھانی زبان کے دوہے، سورٹھو۔ توں ویری دُوہو، برجو دوہو، کھڑو دُوہو سندھی میں بھی ہیں جو شاہ کریم اور شاہ لطیف کی شاعری میں ملتے ہیں۔

آج کل جاپانی ہائیکو کے طرز پر نارائن شیام ایک تجربہ کر رہے ہیں جس سے دوہے میں صرف تین مصرعے اور ۳۵ رکن رہ گئے ہیں۔ سندھی کا ۳۵ ارکان والا دوہا دیکھنے میں زیادہ چھوٹا لیکن اثر انگیزی میں دیدنی ہوتا ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔

دھرتی ایں آکاسو
ویچارے درویش جو ہی اوئی اوہ لباسو
وی ہنی جو پہریو خوابو
آہی ٹہڑیو اوبھر طرف سولو سرخ گلابو

تار سہس ہزار
مانار تے مکھیوں تھی ٹپکے روشنو لار

یعنی (۱) عارفانہ مزاج کے آدمی کا لباس زمین اور آسمان ہی ہے
(۲) مشرق میں سنہرے رنگ گلاب کھلا ہے۔ یہ دن کا
پہلا خواب ہے۔ آسمان میں ہزاروں ستارے ہیں
شہد کی مکھیوں کے چھتے سے شہد کی صاف و شفاف
دھار ٹپک رہی ہے

مختلف تجربات پر مشتمل نظمیں نارائن شیام کے شعری مجموعے "ناک بھنا روبل" میں شامل ہیں۔

آج کی سندھی شاعری کا دریا ایک تسلسل کے ساتھ رواں دواں ہے اس کے کنارے پر بحث و مباحثے کے کئی نئے نئے شہر آئے لیکن یہ رکا نہیں، برابر آگے بڑھتا رہا ہے۔

بقیہ: تلگو شاعری

دس وم کی نظموں کا مجموعہ "پنیتی پتا" اسی زمرے سے ہے۔ ودوان دس وم نے ویرت اور گیا، دونوں کو یکساں ہنرمندی سے استعمال کیا ہے۔ "جاتی رتن مو" میں ڈاکٹر سی نارائن ریڈی نے پنڈت نہرو کی زندگی کے اہم واقعات نظم کئے ہیں۔ اپنی اس تصنیف میں ڈاکٹر ریڈی نے گیا (پابند) اور نظم معریٰ دونوں کا استعمال کیا ہے۔ بندی ناگا راجو نے "ناگیشورم" میں جہاں گیا اور دویپ ڈا لکھے ہیں۔ وہاں معریٰ نظمیں بھی شامل کی ہیں۔ متعدد دیگر شعرا نے بھی ان کی پیروی کی ہے۔

چھ شاعروں (ناگن منی، نکھلیشور، جوالا مکھی، چیرا بندر راجو، بھیرویہ اور مہاسوپن) کا ایک گروپ خود کو "دگمبر کوولو" کہتا ہے۔ اس گروہ نے ۱۹۶۵ء اور ۱۹۶۷ء میں معریٰ نظموں پر مشتمل دو انتخاب شائع کئے۔ حال سے نامطمئن یہ شاعر مختلف شعبوں میں ہونے والے ظلم سے نالاں ہیں۔ اُن کی شاعری میں کرب کی ایک واضح کیفیت پائی جاتی ہے۔ یہ خصوصیات اور اپنے افکار کے لئے نظم معریٰ کا استعمال انہیں ترقی پسند شاعروں کے قریب تر لے آتا ہے۔ ان شعرا کے ہاں بعض کوتاہیاں اور خامیاں پائی جاتی ہیں۔ جو انہیں ابھی دور کرنا ہیں۔ تاہم ان کی بعض نظمیں بے انتہا اچھی ہیں اور ان کے بہتر مستقبل کی ضمانت ہیں۔ تاہم ان شعرا کے بارے میں کسی رائے کا اظہار قبل از وقت ہوگا۔

بقیہ: بنگالی شاعری

دُنیا کے اس جال میں
جو کچھ میں چاہتا ہوں
سرے نہیں چڑھتا
تمہاری پوجا کے وقت
میرا ذہن دنیاوی خوشیوں اور لذتوں کی طرف بھٹک جاتا ہے
ذہن اور جسم کا رشتہ کتنا احمقانہ ہے
میں جب بھی کوئی کام کروں
مجھے ایسی قوت دے
کہ میرا دھیان تمہیں میں رہے
لیکن جب میرا ذہن بھٹک جاتا ہے
ماں تم مجھے راستے پر نہیں لگاتیں
میں حیرت زدہ ہوں
ماں، میں سوچتا ہوں
تم خود بھی اپنے لئے مایا ہو
میں اشکوں کا نذرانہ لئے ایک بار پھر
ذہن میں تمہاری جوت روشن کرتا ہوں
ماں، اے ماں
کیا آنکھ مچولی کی یہ صورت عمر بھر رہے گی
تمہارا نقش کب مرے دل میں گھر کرے گا۔

لہٰذا ساتویں دہائی کی بنگالی شاعری ایک طرف بنگال کے شہری عوام کے ادبی اور فنکارانہ اظہار کا آئینہ ہے۔ تو دوسری طرف بنگال کی عوامی روایت اور بنگال کے دیہی حسن کی ترجمانی کا وسیلہ ہے۔ مذہب کو بنگال کے دیہی عوام کی زندگی میں جو عمل دخل حاصل ہے، اس کی چھاپ بھی اس دہائی کی شاعری پر گہری ہے لیکن یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کیا اس شاعری کو بقا و دوام حاصل ہوگا۔

بقیہ کشمیری نظم ۱۹۶۰ کے بعد

مجموعی حیثیت سے کشمیری شاعری میں یہ دور نظم کا ہے۔ یوروپی زبانوں خاص طور پر انگریزی، اردو اور ہندی کے لئے میلانات شعری کشمیری میں بھی صدائے بازگشت پیدا کر رہے ہیں اور یہ دعویٰ کرنا ہرگز خودستائی کا مظہر نہیں کہ کشمیری کی بعض نظمیں افتخار کے ساتھ ان زبانوں کی اچھی سے اچھی نظموں کے مقابلے میں پیش کی جا سکتی ہیں۔

تیتر دان

موت سے پیشتر
میں وصیت کروں گا
کہ جب روح میری مرے تن سے نکلے
تو آنکھیں مری
دان کر دینا اندھے کسی کو
تاکہ وہ میری آنکھوں سے دیکھے
یہ جہاں اور اُس کے نظارے
یہ سمندر کی بے تاب لہریں
مچھلیوں کا خوشی سے اُچھلنا
یہ حسیں اور خوش رنگ طائر
تتلیاں، نرم و نازک سی، معصوم
پیاری پیاری یہ پھولوں کی رنگت
بکھرے بکھرے یہ شبنم کے موتی
جھلملاتے ستاروں کی جگمگ
چاندنی کا یہ پُرکیف امرت
یہ حسیں کالی کالی گھٹائیں
مختلف رنگ قوسِ قزح کے
آبشاروں کا یہ رقصِ دلکش
اور ایسے ہی لاکھوں نظارے
عمر بھر میری آنکھوں سے دیکھے

اور جب وہ جہاں سے ہو رخصت
تو یہ آنکھیں میری
دان کر جائے ایسے کسی کو
جس کے پاس اپنی آنکھیں نہیں ہیں
کاش یوں سالہا سال قائم مری آنکھیں رہیں اِس جہاں میں
کاش! یوں شوقِ نظارہ میرا، یونہی زندہ رہے اِس جہاں میں
کاش! ہو جاؤں یوں جاوداں میں

(بشکریہ آل انڈیا ریڈیو)

واسدیو نرمل — ترجمہ: ترلوک چند کوثر

سچائی

نارد جی نے پُوچھا، اِک دن
آخر زیست کی شکل ہے کیسی؟
اک لمحہ کو خامش رہ کر
اُتر میں یہ بھگون بولے —
اِک افریقی پیڑ کی، جیسی
جو جاندار کی جانب اپنی
شاخیں — بانہیں
پھیلاتا ہے
اور اپنے حلقے میں اُس کو لے لیتا ہے
ایسے
جس سے اُس کی جان چلی جاتی ہے

موہن کلپنا

شیخ ایاز

دو نظمیں

ویشیا
اِک بنگ دیش کی
نارسلونی
— ایک اپسرا
میں نے پوچھا: دام
بولی: تین روپیہ
میں نے پوچھا: نام؟
بولی: کام دھین ہوں

کل کویتا کے شیتل تٹ پر
سرسوتی اور کالی مل کو
چاند کے سیمیں اُجیالے میں
پیتی تھیں امرت کا پیالہ
یگوں یگوں کی یہ بیرنیاں
ایک گھاٹ کی بنی ہرنیاں
ایک بڑے شاعر کا اب تو
جنم یقینی ہو سا گیا ہے

۱۹۶۰ء کے بعد

کشمیری شاعری



محمد یوسف ٹینگ

نظم ایک علیحدہ صنفِ سخن کی حیثیت سے ہمارے ادب کے لئے مغرب کی ایک سوغات ہے لیکن ہماری زبانوں نے اسے کچھ ایسی اپنائیت سے گلے لگا لیا ہے کہ یہ اُن ہی کے بطن سے پیدا ہونے والی اولاد معلوم ہونے لگی ہے۔ مگر کسی زبان کی کسی بھی صنفِ سخن کو اس زبان کی روایات سے الگ کر کے اور کسی روایتی تصوّر کی کسوٹی پر پرکھ کر اس کے رنگ و کیف و سرور کا صحیح لطف حاصل نہیں کیا جا سکتا۔

کشمیری نظم اس حیثیت سے اپنے سلسلہ نسب کی آن بان پر اترا تو نہیں سکتی لیکن کشمیری زبان کی خود رو اصناف میں اس کے چہرے بشرے سے ملتی ہوئی چیزیں ابتدا سے ہی نظر آتی ہیں۔ اگر نظم میں کسی خیال یا موضوع کو احساس تعمیر، ساخت اور تاثر کی وحدت کے پیکر میں پیش کرنے کا نام ہے تو ہمیں شیخ نورالدین نورانیؒ (وفات: ۱۴۳۸) مقبول شاہ (وفات: ۱۸۷۶ء) سوامی پرمانند (وفات: ۱۸۷۵) وہاب پرے (وفات: ۱۹۱۴ء) کے یہاں اس نوع کے بہترین نمونے ملتے ہیں لیکن میں رحمان ڈار (وفات: ۱۹۰۰ء) کی محیر العقول "شش رنگ" کو نہ صرف نظم کا انتہائی کامیاب نمونہ سمجھتا ہوں۔ اس میں آفاقی جذبات، متلاطم اور متموّج احساسات کی اس غضب کے پیرائے میں تصویر کشی کی گئی ہے کہ اسے کشمیری کی کسی جدید سے جدید ترین نظم کے مقابلے میں اعتماد ہی کے ساتھ نہیں بلکہ افتخار کے ساتھ بھی پیش کیا جا سکتا ہے۔ اس میں جذبات کا وہ کشف انگیز گداز، خیالات کا وہ پرکار لیکن پرخلوص ارتفاع اور انداز بیان کی وہ تازہ کاری اور نزاکت و بلاغت ملتی ہے کہ ۶۰ء کے بعد کی چند بہترین نظمیں اس کی تقلید میں لکھی گئی ہیں اور اس کا اعجاز ہمارے کشمیری شاعروں کی تخلیق کی بعض پراسرار سم سم[1] کوٹھریوں کے بند دروازے کھولنے میں ممد و معاون رہا ہے۔ جدید کشمیری شاعری کے پیشرو مہجور (وفات: ۱۹۵۲ء) نے اگرچہ ہیئت کے معاملے میں کشمیری گیت (وژن) اور غزل کے کلاسیکی پیمانوں سے انحراف نہیں کیا لیکن اس نے اپنی بعض تخلیقات کا عنوان "نظم" تحریر کر کے ایک معنی خیز رجحان کی شعوری طور پر آبیاری کی۔ ان نظموں کے روایتی اسلوب کے باوصف ان میں نظم کی بنیادی شرط یعنی موضوع کا تعمیری ارتکاز موجود ہے۔ ایسی نظموں میں "کاشہ زنانہ" اور

---

[1] الف لیلہ کی علی بابا چالیس چور کی مشہور تلمیحاتی کوٹھری جو "کھل جا سم سم" کے الفاظ سے کھل جاتی تھی۔

"گریس کور" جیسی سنجیدہ لیکن غنائی تخلیقات اور "آزادی" اور "گلاس کن" جیسی طنزیہ منظومات شامل ہیں۔ اس روایت کو عبدالاحد آزاد (وفات ۱۹۷۸ء) نے اگر معیار کے لحاظ سے نہیں تو مقدار کے لحاظ سے ضرور آگے بڑھایا۔ اگرچہ اسکی نظموں میں تعمیر کا شعور زیادہ نمایاں ہے۔ لیکن وہ مروجہ اسلوب برتنے کے باوجود اکھڑے اکھڑے لہجے کا شاعر ہے۔ اسی لئے نظم کے ارتقا میں اُسکی نئی کامرانی سے زیادہ اُس کی تاریخی حیثیت زیادہ اہم ہے۔

۱۹۴۷ء کشمیر کی سیاسی تاریخ کے لئے نہیں بلکہ اس کے تمدنی احیا کے لئے بھی ایک حدفاصل (Watershed) کا حامل سال ہے۔ ریاست پر پاکستان کے حملے اور ریاست میں عوامی راج کے قیام جیسے معرکہ انگیز اور ہنگامہ خیز واقعات نے ظاہر و باطن کو زیروزبر کر دیا۔ صدیوں کی غلامی کے بعد آزادی کے ہنگامہ پرور شعور نے جوش و جنون کے سرچشموں کے بند کھول دیئے۔ کشمیری زبان کی شاعری میں ایک ایسا انقلاب عظیم رونما ہوا جسکی نظیر اس کی طویل تاریخ کے ہزاروں سال میں نظر نہیں آتی۔ اس نشاۃ الثانیہ کے ہراول دستے میں دینا ناتھ نادم، نور محمد روشن۔ میرزا عارف۔ رحمان راہی امین کامل اور غلام نبی فرق جیسے نظم نگار شاعر تھے۔ نئے موضوعات کی تندی وسعت اور شعلہ آشامی کے لئے روایتی پیمانوں کا ظرف تنگ ہی نہیں بلکہ ناموزوں بھی بن گیا تھا۔ اس لئے ہیئت کے نئے سانچے ڈھالے گئے۔ زبان اور ذخیرۂ الفاظ کا ایک حیرت انگیز کرشمہ سامنے آگیا۔ کشمیری شاعری کا عام لہجہ انفعالیت اور نسوانیت کا تھا۔ نئے ارتعاش نے اس کی چولیں ہلادیں۔ مردانہ آہنگ، جنگجویانہ جلال اور خطیبانہ رجز کے نئے سُر گونج پیدا کرنے لگے اس دور کی شاعری کا کیفیاتی تجزیہ کرنا ۱۹۶۰ء کی شاعری کا صحیح اندازہ کرنے کے لئے اس حیثیت سے لازمی ہے۔ کیونکہ میرے خیال میں آج کل کی نظمیں بڑی حد تک اس شاعری کے ردِعمل میں لکھی جارہی ہیں جس نے پچھلی دہائی (fifties) میں کشمیری شاعری کے ذہن وضمیر کو ایک تشنج میں مبتلا کر کے اس کی تخلیقات کو کیفیاتی طور پر یک آہنگ، فنی طور پر بے سُرا اور تاثیر کے لحاظ سے غیر مستجاب بنا کے رکھ دیا تھا۔

۱۹۴۷ء کے ہنگامی دور میں جذبات کی لَو اونچی تھی اور کشمیری تحریک آزادی کے کٹے ہوئے (isolated) اور محدود پس منظر میں ایک غیر واضح اور جذباتی موضوع [illegible] آہنگ باقی ملک سے کچھ زیادہ بے ہنگم طور پر شور انگیز تھا۔ [illegible] میں اس کی مثال کشمیر کی جسارت آمیز اور [illegible] اور شاعری میں اس [illegible] بولتے ہوئے نمونے دینا ناتھ نادم کی گرجتی اور کڑکتی نظمیں ہیں۔ کشمیر پر جنوب مشرق سے بلغار، سلامتی کونسل میں اس مسئلے پر بحث، عالمی طاقتوں کی اس میں معنی خیز دلچسپی اور کچھ بڑی طاقتوں کی اس انتہائی حساس محل وقوع رکھنے والے خطے پر حریصانہ نظریں سارے کشمیریوں کے لئے اندیشہ ہائے دور دراز اور تشویش آمیز اضطراب کا باعث تھی۔ لیکن جذباتی تناؤ سے بھرپور شاعران سے کچھ زیادہ ہی جھنجھلا جاتا اور بھڑک اٹھتا تھا اور اس کے ردِعمل میں حقائق کے ساتھ ساتھ کچھ توہمات و تعصبات کا بھی دخل رہتا تھا۔ نادم، راہی اور روشن کی نظموں کے موضوع اس وقت گھوم پھر کر سیاسی معاملات ہوا کرتے تھے۔ ان کی ذہنی بساط پر اشتراکی رجحان کا اثر گہرا اور اردو کی ترقی پسند تحریک کی گرفت بیحد سخت تھی۔ بلکہ ایک باقاعدہ تنظیم "کلچرل کانگریس" کے نام سے قائم تھی جہاں فنی موشگافیوں کو سلجھانے کی بجائے سیاسی صف بندی (Regimentation) کی ہدایات جاری ہوتی تھیں اور تعزیر و احتساب کے ادبی سلیقوں کی ورزش ہوتی تھی۔ اس زمانے کی نظم میں مزدور اور سرمایہ دار کی نبرد آزمائی (کیونکہ کشمیر میں ابھی تک طبقات کا نقش مارکسی معیاروں کے مطابق موجود نہیں) جنگ باز کو انتباہ، امن کے سطحی قصیدے اور آنے والے مستقبل کی مبالغہ آمیز نوید، خاص موضوع تھے۔ فکری اور فنی حیثیت سے یہ نظمیں آج ہیجان انگیز اشتہار بازی کا نمونہ بن کر رہ گئی ہیں لیکن اس میں شک نہیں کہ اس دور میں ہیئت اور فارم کے جتنے تجربے کئے گئے وہ ہر لحاظ سے تحیر انگیز ہیں۔ نظم معریٰ۔ نظم مرجز۔ آزاد نظم۔ سانیٹ۔ مسدس، رباعی، قطعے اور دوسری کلاسیکی اور غیر کلاسیکی اصناف میں منظومات کے انبار لگ گئے۔ اس سے قبل کشمیری شعر تقریباً لامحالہ طور پر سماع کی شے ہوا کرتا تھا۔ شعر پر ایرانی تان اور فرسودہ آہنگ سے نباہ کرنے کی رغبت رکھتا تھا۔ نئے شاعر نے ساز اور ترنم کی بیساکھیاں استعمال کئے بغیر بڑے بڑے تجربے برپا کر دیئے۔ نئی نظموں کی روانی، ان کے جذبۂ دردکی دھک، ان کے لہجے کا رجزیہ انداز، ان کی روشن اور شاداب امیجری اور ان کا تڑپتا ہوا ولولہ کشمیری شعر کے رسیاؤں کے لئے ایک انوکھا دل لبھانے والا لیکن ساتھ ساتھ دلفریب تجربہ تھا۔ امیجری کا ایک نیا نگارخانہ وجود میں آگیا۔ شاعری کے فرسودہ استعارات و علائم، رمز و کنایات اور بندھی ٹکی تشبیہات پس منظر میں ڈھکیل دی گئیں۔ زندگی کی روزمرہ جزئیات سے نادر اور گرم گرم استعارے اور مرقعے اپنائے گئے۔ [illegible] اور پیکر تراشی کا بڑا [illegible] کیا گیا۔ انگریزی [illegible] شاعری کی آوازوں کا [illegible] کوششیں رنگا رنگ [illegible] اس طرح سے نظمیت

(vocubelary) اور مرقعوں (images) کا ایک بلیغ اور پُراز امکانات ذخیرہ اُبھر آیا۔ اس اکتساب کو اپنے نئے فنی تجربوں کا خام مسالہ بنا کر ۱۹۶۰ء کے بعد کے شاعر نے ایک نئے رُجحان کی طرح ڈال کر پچھلی دہائی کی ہیجان انگیزی کو ایک پختہ اور صائب ادبی مہلان کی شکل میں صورت پذیر کر لیا ہے۔

اگرچہ تلدیکھی دھاروں کی ہی طرح ادبی رجحانات کی بھی واضح لکیر کھینچکر حد بندی نہیں کی جا سکتی لیکن ۱۹۵۵ء کو ممتاز طور پر کشمیری شاعری میں ایک نئے موڑ کا واضح نشان سمجھا جا سکتا ہے۔ شاعر کی داخلی واردات کا تالیف قلب اور اُس کے لئے ہم آہنگ میں دو رس تغیر کے عوامل خارجی بھی ہیں اور داخلی بھی۔ داخلی یہ کہ آزادی کی مسند نشینی اور انجمن آرائی نے شاعر کا ابتدائی جوش ٹھنڈا کر دیا تھا۔ خواب نگار کے دھندلکے چھٹنے لگے تھے اور حقائق کی ایسی دنیا کے نقوش چشم نظارہ کے سامنے ابھر رہے تھے۔ جن کے رنگوں کی کیفیت طلسمی نہیں بلکہ مادی اور مانوس تھی۔ واقعات کی تیز رو دھوپ نے سپنوں کے شبنم زار کو تمازت و ناراج کر دیا تھا۔ راستے کی ناہمواری نے نازک شاعرانہ احساس کے آبگینوں کو ٹھیس لگا دی تھی اور نظریں مرکز تمنا کی اس خشک سامانی سے مایوس (Dis-illusion) ہو کر بے کسی سے اِدھر اُدھر بھٹک رہی تھیں خارجی عوامل میں ایک طرف کشمیر میں بیرونی طاقتوں کی مداخلت کے کم ہوتے امکانات نے شاعر کے اعصابی تماؤ کی طناب ڈھیلی کر دی تھی۔ کشمیری شاعر کے جذبات پر آب اور خون روس میں سٹالن کی شخصیت کی ہلاکت کی (De-stalinisation) تھا۔ جس شخص کو آرزو اور پرستش کر کر کے گلابوں کا شفق رنگ پری خانہ آباد کیا گیا تھا۔ اس کے بے نقاب چہرے کی ہولناکیوں سے کشمیری شاعر اپنی آنکھیں بچا کر رہ گیا۔ کچھ شاعروں نے کسی ایسی معصوم صفت عورت کی طرح اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ دیا جو اپنے محبوب کو جلاد کے روپ میں دیکھ اپنی دنیا اُجڑنے کے لئے آزاد نہیں ہونا چاہتا۔ دنیا ناتھ نادم جیسے راسخ شاعر نے تقریباً تمام ہی توڑ دیا۔ اُن کا تاثر اس قدر گہرا تھا کہ وہ عرصہ تک کچھ لکھ ہی نہ سکے اور کشمیر کے ادبی حلقوں میں یہ محسوس کیا جانے آنے لگی کہ نظامی کا یہ گویا گرفتا گرفتا سمندر خاموش ہو کر رہ گیا ہے لیکن عام طور پر اس ذہنی بحران کے بعد شاعر کا کاؤ دو طریق ہو گیا اور شاعر کے ضمیر میں بے تاب تخلیقی سرچشموں کا رُخ دوسری سمتوں میں پھر گیا۔ اب اس کے لیے انسان کا منفی خوف اس کا داخلی احساس شکست تھا۔ اس کے بعد نئی شاعری کے نقوش واضح طور پر پہچانے جانے لگے اور اسی سے پہلے رجحان راہی کا ہیولیٰ نظر آنے لگا۔ راہی کی شاعری پر اگرچہ ابتدا سے ہی غالب کی

چھاپ تھی۔ لیکن اُس کے پہلے مجموعے "نوروز صبا" جسے ساہتیہ اکادمی کا انعام مل چکا ہے، کی بیشتر منظومات مقصدی، تلقینی اور نظریاتی تجربوں کے بوجھ سے یک رُخی ہو گئی ہیں۔ اُن کی نرم موسیقی کے باوصف ان کا انجام جس کی پیشین گوئی نظم کے پہلے شعر سے ہی کی جا سکتی ہے۔ انہیں سطحیت سے ہم کنار کر دیتا ہے۔ جب ۱۹۶۰ء کے آس پاس اُس نے خود اپنے اظہار کی بیڑیاں قلم کر کے نئی سمتوں میں پرواز شروع کی تو اس نے سب سے پہلے شاعری کو دعوت بینی کا سلیقہ سکھایا۔ اس کی تازہ نظمیں موضوع کے کھونٹے کے گرد بے کسی سے طواف کرنے کی بجائے تصاویر کی بوقلمونی اور تجربات کی وسعت کا احاطہ کرتی ہیں۔ ان نظموں میں وہ لطف حراحت منقلب ہے جو اس کی نظمیہ شاعری کا خاصہ ہے لیکن ان کے گہرے معنی اس عمدہ خیال کی تہ لپیٹ کی ہے آپ اور رنگ حاصل نہیں کرتے جس قدر مناظر اور کنایات کے رقص طاؤس سے۔ اُس میں ہمیشہ مرصع کاری کا احساس غالب رہا ہے۔ اس لئے اس کی زبان کبھی کبھی رنگین، کیف آور اور نغمہ بار ہو جاتی ہے۔ اس کی مثال کے لئے اُردو کے قاری کو فیض احمد فیض کی یاد دلانا کافی ہوگا۔ راہی پر دو سب سے غالب اثرات اقبال اور فیض کے ہیں لیکن اُس کی تازہ ترین نظموں میں ان دونوں کا رجحان فیض کی وجہ سے میں تبدیل ہو گیا ہے۔ غالب کی تمثیل نگاری اور علامت کا انتہائی لہجہ اُن پر اپنی پرچھائیاں ڈال رہا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ کشمیری شاعری کو تاثیر کے اعتبار سے زیادہ موثر اور تکنیر اسلوب کے لحاظ سے بہت صورت نظمیں ملی ہیں جن میں "جلوہ تہ زہور" "فقر و دریا سمبل" "وریہہ تہ رقص" اور "تخلیق" قابل ذکر ہیں لیکن معانی کی گہری تہوں کی تلاش اور مقصدی شاعری کی بے کیفی کا خمیازہ بھگتنے کے لئے اس نے اس نوع کی نظمیں بھی لکھی ہیں۔ جنہیں مغربی ادب کے کچھ [illegible] کہا جا سکتا ہے۔ ان نظموں میں [illegible] اور علائم کی کثرت اُس کے کثیر مطالعہ کا ثبوت تو پیش کرتی ہے لیکن وہ پیچیدہ ان علائم کو ایک منظر بندی میں قابل فہم علامتوں کے طور پر جوڑنے میں کامیاب نہیں رہتا اور ہمیں ان نظموں پر اپنے ہام کی عکاسی کا دروازہ کھٹکھٹانے۔ اس نوع کی نظموں میں "پرلس تل" "اکھ خاب" "پے تھ لطافہ دلال" قابل گرفت ہیں لیکن اس کی بعض نظمیں ایسی بھی ہیں جن میں ابہام کا اعجاز اور اصرار کا طلسم کچھ اس انداز سے مجتمع ہو گیا ہے کہ انہیں کشمیری شاعری کا نیا اُفق قرار دیا جا سکتا ہے۔ ان نظموں کی پیچیدہ اشاریت، گہرا مفہوم، اضطراب موج کے ساتھ ساتھ سکون گہرائی کی گیرائی ان سے زیادہ کیف آور بنا دیتی ہے

ان کا لطیف ابہام ایسا ہے جس پر غالب نے توضیح[1] کو تصدق کر دیا تھا اور کسی فارسی نقاد کا کسی حد تک یہ مبالغہ آمیز قول یاد آتا ہے کہ "شعر خوب معنی ندارد" 'بنب' 'آہی' اور کچھ ایسی نظمیں اس کی مثال ہیں۔ راہی کا ذکر کچھ اس لئے طویل ہو گیا کہ وہ نادم اور کامل کے ساتھ ہم عصر کشمیری شاعری کے تین خاص میلانات کا ممتاز نمائندہ ہے۔ اس کے رنگ کا خاصا اثر غلام نبی فراق پر بھی ہے فراق کی نظم نگاری کی عمر بھی طویل ہے اور اس کے مطالعہ کی سمتیں بھی راہی کی مانند ہیں۔ اُن کی اختیار کی ہوئی علامتیں بھی راہی کی مانند اروراء، زیوس، ہرکیوس، ہیلن وغیرہ ہیں اور اُن کی نظمیں بھی مغربی شاعروں کے اثر کے تحت لکھی گئی ہیں۔ فراق جذبے سے زیادہ تصویر کشی اور خیال سے زیادہ ابلاغ پر زور دیتا ہے۔ اس لئے اُس کی نظمیں اس لطیف ابہام سے خالی ہیں جو راہی کی خصوصیات ہیں۔ لیکن فراق کی بعض مخصوص خوبیوں کی داد دیئے بغیر نہیں رہا جا سکتا لیکن ان کی خلاقانہ جدت کے باوجود ان کا معنوی ہلکا پن انہیں اس حدت سے محروم کر دیتا ہے جو سینوں میں آگ لگا دیتی ہے۔ حامدی کاشمیری نے اگرچہ ابھی ابھی کشمیری شاعری کی طرف رُخ کیا ہے لیکن وہ صرف نظمیں لکھتے ہیں۔ راہی کی پُرکیف اور سرور انگیز لے کے سحر میں آکر انہوں نے جو نظمیں لکھی ہیں اُن میں ابھی انفرادیت کی آنچ نہیں نکھر پائی ہے لیکن اُنکی امیجری اور آواز کے تال سم میں امتیاز کی زیریں لہر کا سراغ ابھی سے لگانا مشکل نہیں موضوع کی گھمبیرتا سے شیفتگی کے ساتھ اُن کی یہ خصوصیت اُنہیں کشمیری نظم کے لئے خوش آئند بنا دیتی ہے۔ فاروق نازکی اگرچہ راہی سے متاثر ہونیکی بات کا خوشگوار خیر مقدم نہیں کریں گے لیکن اُن کی نظموں میں مرصع کاری اور حسنِ ادا کا جو خوبصورت امتزاج پایا جاتا ہے۔ وہ انہیں اس گروہ کا ایک اُبھرتا ہوا شاعر بنا دیتا ہے۔ غلام نبی خیال ابھی اسلوب کی گہرائیوں میں اپنے آب و گل سے نکلی ہوئی کرن نہیں پیدا کر سکے ہیں۔ چند اچھی نظمیں لکھنے کے باوجود وہ راہی اور کامل کے رنگوں کے درمیان اس انداز سے متحرک نظر آتے ہیں جسے رقص سے زیادہ بہکنے اور لغزشِ پا سے تشبیہ دی جا سکتی ہے۔ صرف یونانی دیومالا کے علائم کے اُلٹ پھیر اور بعید از فہم تصورات کی دانستہ ترویج سے اسلوب اور آواز کا امتیاز حاصل نہیں ہو سکتا۔

نادم جیسا نظم گو اگرچہ روس و ہنگری کے واقعات سے کچھ عرصہ کے لئے دم بخود ہو کے رہ گیا۔ لیکن جب 'محو آئینہ داری' ہوش میں آیا تو یہ نابدنہ ٹیھ ون 'زیر زاج' اور 'کاٹھ دروازہ پیٹھ گرہ تاء' جیسی معرکے کی نظمیں لے کر سامنے آگیا جس نے کشمیری شاعری کے ایک مزاج کو دفعتاً پارینہ بنا دیا اور اس کی اپنی تقدیر متعین کر دی۔ نادم خیالات سے زیادہ جذبات اور بیان کے تعمیری ارتقا سے زیادہ استعارہ و تشبیہوں اور امیجری کی نیرنگیوں کا شاعر رہا ہے۔ اُس پر اُردو کے جوش ملیح آبادی کا اثر بڑا گہرا ہے اور کشمیری زبان نے الفاظ کا اتنا بڑا نبض شناس جادوگر پیدا نہیں کیا ہے اس کا محبوب انداز کسی خاص تاثر کو ایک استعارے میں پیش کرنا ہے۔ بعد میں وہ اپنے شاعرانہ نظر کے ہفت ابعادی شیشے کو پیمانہ رنگ کی طرح گردش میں لا کر اسی کیفیت کو گوناگوں اور ششدر کرنے والی تشبیہوں میں پیش کرتا ہے جو جوش کا خاصہ بھی ہے۔ "نابدنہ ٹیھ ون" میں اُس نے اقبال کے اس مصرع کی کیفیت کا حسن پہچان لیا ہے کہ "حدیث خلوتیاں جز بہ رمز و ایما نیست" نظم میں سنسکرت کے کلاسیکی ادب کے ساتھ ساتھ یونانی اور فارسی علائم کے استعمال نے ایک ایسے حیرت کدے کو جنم دیا ہے جسکی طلسماتی فضا کشمیری شاعری میں بے مثل ہے۔ راہی کی تخلیق کی طرح اس کا مرکزی نقطہ بھی جسمانی وصال ہے لیکن یہ راہی کی نظم کی بجائے شہوت انگیزی سے دامن بچانے کے بعد بھی زیادہ دیرپا اور شیریں سرور و نشاط پیدا کرتی ہے اور اس کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ بدن کی لطافتیں ذہن کی لطافتوں سے اختلاط کے بعد ہی نری لذت سے اونچی ہو کر کیف اور نشہ پیدا کر سکتی ہیں۔ نادم نے صراحت سے گریز کے بعد الفاظ کی اکانومی (Economy) کا جو اسٹائل اختیار کیا ہے۔ اس سے اس کا فن نکھر آیا ہے اور اس کے پیمانِ ضبط نے ابتدائی چھچھورے پن سے اُس کے فن کو آزاد کر لیا ہے۔ تصاویر اور رنگوں کے رقص کا یہ التہاب آسا طوفان غلام رسول سنتوش کی بعض نظموں میں بھی نظر آتا ہے جہاں اُس نے نادم کی شعوری تقلید کی ہے لیکن وہ مختلف آویزشوں کے درمیان ابھی اپنے لہجے کے شناختی سُر دریافت نہیں کر سکا ہے۔

راہی اگر مغربی ادب پر مہربان ہو کر اس کے امکانات سے استفادہ کر رہا ہے تو نادم کی تازہ ترین افتادِ طبع اُسے بالکل مخالف سمتوں میں لے جا رہی ہے۔ وہ "واکھ" کو تاریخ کے تابوت سے نکال کر اسے اپنے تجربات کی تازگی اور بے مثل فنی چابکدستی کے سہارے زندگی کے لمس سے لالہ گوں بنا رہا ہے۔ واکھ کشمیری شاعری کی قدیم ترین اور پارینہ صنف ہے جس کا استعمال (للہ عارفہ: چودھویں صدی عیسوی) وغیرہ نے روحانی تجربوں

---

[1] غالب کا مصرع: گہر میں محو ہوا اضطراب دریا کا ——— ایک اور مصرع غالب میرے ابہام پہ ہوتی ہے تصدق توضیح

اور اخلاقی درس کے بیان کے لئے کیا۔ یہ صنف اس قدر بوسیدہ ہو چکی ہے کہ اسے اظہار کے موثر وسیلے کے لحاظ سے اب بانجھ سمجھا جا رہا تھا۔ لیکن ایک دیو قامت فن کار کس طرح اپنے "نازکفتار" سے "کالبد صورت دیوار" کو حوصلہ خرام عطا کرتا ہے[3] اس کی نظیر اسکے تازہ ترین "واکھ" ہیں۔ چار سے آٹھ اشعار کی اکائی میں صرف جدید تصورات کی آتش سیال ہی چھلک نہیں اٹھتی، بلکہ مجرد مصوری جیسی نقش کاری کے لئے بھی یہ پردہ زنگاری ایک روشن کینوس میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس معرکۂ بازیافت سے اندازہ ہوتا ہے مشینی سماج کے خلوت گزیدہ ذہنی اپاہج کے جذب و جنوں، کیف و مستی اور یاس و بے یقینی کے لئے اجنبی اصناف سخن کے علاوہ ہماری اپنی کلاسیکی صنفوں میں دست گیری اور قوت شفا کے کتنے سرچشمے پوشیدہ ہیں۔ یہ سلسلہ اب آگے کو نکل چلا ہے اور سجود سیالانی نے نادم کے نقش قدم پر چل کر جو کوششیں شروع کی ہیں۔ ان کے ثمر بار ہونے کے بارے میں اچھی امیدیں بندھ چلی ہیں نادم کی آواز کے سائے میں پلنے والے شاعروں میں چمن لال چمن کا نام سرفہرست ہے۔ عنفوان شباب کے سیل محبت میں بہنے والے اس شاعر کو اگر الفاظ کے اختصار اشاروں کے ایجاز اور زبان کی تراش خراش کا راز سمجھ میں آجائے تو اسے مجاز کی اردو شاعری کی طرح کشمیری ادب میں اپنا مخصوص مقام مل سکتا ہے۔

محمد امین کامل کو اسلوب ادا اور اپروچ کے لحاظ سے کشمیری شاعری کا عہد آفریں شاعر سمجھنا چاہیئے۔ اس کے یہاں غنائیت تلخی اور ترشی میں بدل گئی ہے۔ راہی نے کشمیری شاعری کو اگر دلبری کے انداز سکھائے تو کامل نے اسے دلبری کے دم خم عطا کئے۔ اس کی شاعری میں عشق اور حسن کے مروجہ علائم کی کمی ہی نہیں بلکہ یہ موضوعات فقط اس کی شاعری کے متن کے لئے حاشیے کے گل بوٹے کی حیثیت رکھتے ہیں جنکی نوعیت آرائشی ہے اور بس۔ ایسے شاعر کو میکائی قاعدے کے بعد نظم کا مرد میدان ہونا چاہئے تھا لیکن وہ غزل کا امام بن گیا ہے اور اسکی تقدیر سا غزلوں نے کشمیری غزل کی ساری کائنات کا پابٹ کے رکھدی ہے۔ ان غزلوں کی ترچھی چتون، ان کی طنزیہ دھار اور ان کی جلال آمیز بے زاری کشمیری غزل کو اردو کی معاصر غزل کے قریب لے آتی ہے اور یہ ہمیں فراق اور شاد عارفی کی غزلوں کی یاد دلاتی ہے۔ نظم بھی کامل نے لکھی ہے لیکن کیفیاتی طور وہاں کوئی راہبر یا گہرا تاثر معلوم نہیں ہوتا۔ ان میں تفکر نے فہم کے آہوئے رم خوردہ کو پا بہ جولاں کر دیا ہے اس کی وہی نظمیں کامیاب ہیں جن میں اس کی غزل کا انداز کارفرما ہے۔ اس سلسلے میں "نیتھ ننہ مایہ" "شاہہ پیٹھ صبح تام" نہ صرف "ابدی مسرت" اور "کاوی دیونیم" سے زیادہ فرحت انگیز تحریک بخش اور فیضان آور ہیں۔ بلکہ وہ نئے شاعروں کے لئے طبع آزمائی کی نشان منزل بھی بن گئی ہیں ان لفظوں کی کلاسیکی اور ان کے سادہ و پرکار پنپتیرے بازی کامل کے مخصوص لہجے کے زیادہ قریب۔ کامل نے جو آزاد اور مرصع نظمیں جدت کے خیال سے لکھی ہیں انہیں ہندو دیومالا کے استعارے ان کو خواہ مخواہ کھپانے کا خبط اظہار میں اٹکاؤ پیدا کرتا ہے اور ندرت کا تاثر پیدا کرنے کی دانستہ کوشش نظم کی کیفیت شعری کی کلائی مروڑ دیتی ہے۔ کامل کے فن کی ان نظموں میں زبوں حالی کا ثبوت یہ ہے کہ یہ نظمیں اب کم سے کم ہوتی جا رہی ہیں اور ان نظموں میں اس کی تھکن کے نقوش نظر آتے ہیں۔ محی الدین گوہر، رشید نازکی وغیرہ کامل کی تقلید کر رہے ہیں لیکن کامل کے شنم ظریفانہ تبسم نے اسے اس لحاظ سے ایک ایسی شے بنا دیا ہے جسکی تمنا تو کی جا سکتی ہے لیکن جس کی تلاش کرتے ہوئے غالب کا یہ مصرع یاد آجاتا ہے

"ہر قدم دوری منزل ہے نمایاں مجھ سے"

کشمیری نظم کا ذکر کرتے ہوئے میر غلام رسول نازکی کے قطعات کو بھول جانا ایک ایسی فروگذاشت ہوگی جس کا کفارہ ممکن ہی نہیں۔ نازکی کے یہ قطعات معاصر موضوعات کے علاوہ حسن و عشق اور نعت منقبت کے روایتی موضوعوں سے متعلق ہیں لیکن شاعر نے جس تازہ کاری، نزاکت خیال اور خوبصورت فن کاری کے ساتھ یہ نظم پارے آراستہ کئے ہیں۔ اس نے انہیں چند ہی برس کے عرصے میں کشمیری شاعری کی صف اول میں جگہ دلا دی ہے اور وہ اپنی ذات میں کشمیری نظم کا ہی نہیں کشمیری شاعری کا الگ باب بن گئے ہیں۔

مظفر عازم کو کلاسیکی روایت کا شعوری علمبردار سمجھنا چاہیے۔ کامل سے متاثر ہونے کے باوجود اس کی نظم الگ شان و شوکت کی حامل ہے۔ اس کی شاعری میں فن کے لوازم کا جس قدر التزام ملتا ہے اس نے انکا رنگ گلابی۔ گلابی اور ان کا مزاج شبنم آگیں بنا دیا ہے لیکن معنی کو وہ جس طرح انگشت نما کرنے کا روادار ہے اس سے ان کی ایجازی حیثیت ضرور متاثر ہوتی ہے۔ رس، رچاؤ اور موسیقی کا عاشق ہونے کے باوجود حسین شاعرانہ ابہام سے خوف کی حد تک احتراز انہیں ایک مرتبہ پڑھ کر باسی بنانے کا احساس پیدا کرتی ہے۔ وہ شاذ ہی "منہ کامن" جیسی نظمیں لکھ سکتے ہیں جو کلاسیکی رچاؤ کے باوجود نہ ابہام سے گہرائی ہے اور نہ [illegible] ردِ عمل کا کاسۂ گدائی ہاتھ میں لئے رحم کی طالب نظر آتی ہے۔

(باقی صفحہ [illegible] پر)

[3] جس بزم میں تو ناز سے گفتار میں آوے
جہاں کالبد صورتِ دیوار میں آوے (غالب)

چاند

پہاڑوں کے پیچھے . . . .
اُبھرتا ہوا چاند روٹی کی صورت نظر آرہا ہے
جو مٹیالی رنگت کے میلے کچیلے سے کپڑے میں
لپٹی ہوئی ہو
وہ کپڑا جو بوسیدہ ہو کر
بری طرح سے پھٹ چکا تھا
اور اُس کے دمکتے ہوئے
صاف سینے کی گہری سیہ چتیوں کو چھپانے کے
قابل نہیں تھا
تھکن اس کے چہرے پہ طاری تھی وہ زرد رو تھا
ہتھیلی پر مزدور عورت کی
چاندی کا اک کھوٹا سکہ ہو جیسے
صلہ ایک ہفتے کی محنت کا
— کچھ ریزگاری کے ہمراہ
پہاڑوں کے پیچھے . . .
ابھرتا ہوا چاند روٹی کی صورت نظر آرہا تھا
پہاڑوں کے سر پر
مگر بھوک کا سایہ منڈلا رہا تھا
اُدھر مغربی آسمان کے کنارے جو چولھا تھا روشن
دہکتی ہوئی آگ اس کی سیہ بادلوں نے بجھا دی
مگر مشرقی سمت میں
جیسے جنگل کی پریوں نے سلگا رکھی تھی انگیٹھی
سُلگتی انگیٹھی کی ہلکی گلابی، بکھرتی ہوئی روشنی میں
چمکتے ہوئے سنگریزوں میں
اُبلے ہوئے چاولوں کی جھلک تھی
مرا پیٹ خالی تھا
میں نے تسلی کے دو بول خود سے کہے
اور پھر چاندنی میں
نہاتے ہوئے آسماں پہ نگاہیں جما دیں

دینا ناتھ نادم

(بشکریہ ساہتیہ اکادمی)

بس کے اڈے پر بنے
بے حس و حرکت بام پر
جانے کب اُتری تھی وہ
میں نے جب دیکھا اُسے اس بام پر
وہ کھرچتی جا رہی تھی
فرش کے سیمنٹ کو
اپنی حسیں منقار سے
دوڑتی، چنگھاڑتی سڑکیں تھیں
گرد و پیش میں
اور آوازوں کا اک سیلِ رواں
جن میں ہر آواز گم تھی
بات کو کاٹے تھی بات
تھا دھواں ہر سو محیط
اس سے وہ پوچھتی سورج سے گر
تو بتا دیتا اُسے
"اپنی حد میں رکھ زبان
مت سمجھ اُن کو کہ آدم زاد ہیں
ان کو پنچھی جان مت
یہ سبھی ہیں دیوتا!
تیل سطحِ آب پر تیرے،
بہے لہروں کے سنگ
رقص کرتا ہے بھنور کے بیچ میں
اور پتھر ڈوب جاتے ہیں سدا
یہ وہ عالم ہے کہ جس میں
ختم ہو، احساسِ درد
اور دامنِ تر نہ ہو
دل نہ خود سمجھے کسی آواز کو
اور نہ خود آمادۂ گفتار ہو۔"
پر نہ جانے اُس کو کیا دھوکا ہوا
میری جانب دیکھ کر دی بد دعا
میرے کانوں نے صدا اُس کی سُنی

کہہ رہی تھی وہ سنو۔ لوگو! سنو
میں نے سوچا اُس سے کہہ دوں ٹھہر جا
اور ہمارے ہاں بھی کچھ لمحے گذار
یاد کچھ پڑتا نہیں کس نوع کی
تسبیح میں اور طوطے میں رسم و راہ تھی
میں نے سوچا
اُس سے کہہ دوں گر نہ ہو تجھ کو یقیں
ہم بھی دکھلا دیں تجھے
اپنے دل کی بے صدا ویرانیاں

روٹھ کر مجھ سے گیا جانے کہاں
میرا محبوب حسین، طوطا مرا
تم نے تو دیکھا نہیں؟

وہ صدائیں اب نہ وہ پرواز کی جولانیاں
اور نہ ہی باقی ہے وہ دردِ دروں
ہاں ہر اک میں
بس فرمائشی نغموں کی لے
بخشتی ہے سرد ہونٹوں کو حرارت آج کل
اور بھی سوچا تھا کچھ میں نے — مگر
ہنہنا کر جیسے بھاگے کوئی رخشِ تیز گام
اور گزرے جیسے عجلت میں کوئی موجِ رواں
ٹل گیا میرا شراپ
گھس گیا میں غار کے اندر جہاں تھے دیوتا
خیر مقدم کے ترانے گونج اُٹھے
اور میں سنتا رہا
پر نہ یہ پوچھا کسی نے
بس کے اڈے پر بنے بے حس و حرکت بام پر
واقعی بولی بھی تھی کچھ یا فقط
کھا رہی تھی ریت وہ:

رحمان راہی

آج کل دہلی (جدید ہندوستانی شاعری نمبر)

غلام نبی فراق

انجان نہیں ہوں

ہر بات تری دل میں اپنے
دانستہ چھپائے رکھتا ہوں
ٹپکے ہے ترے انداز سے یہ
ایسا نہ کہیں ہو
واکر کے
بے کل سوچوں کی گرہوں کو
تو میرے خلوصِ اُلفت کو
کچھ اور ہی معنی پہنا دے
اندازِ تغافل پر میرے
طنز کرے
لب بستہ ہوں تیری خاطر
(اور اس خاموشی کی قیمت)
سرتا بہ قدم ہر ایک رُوں
اک کانٹے کی مانند چبھے
اور باتوں باتوں میں اکثر
خود بات کی ڈور آ
تری بات بھی سچ
مری راہ بھی سچ
انجان نہیں ہوں میں لیکن
ہر ایک صداقت حسن ازل
ہر حسن صداقت ہوتا ہے

میں دل کا حال کہوں کس سے
لب وا کرنا آسان نہیں
شعلوں کو نگلنا پڑتا ہے
لب وا کرنے کا مطلب ہے
تیزاب کی جلتی جھیلوں میں
کچھ پھول کنول کے بو دینا
نرگس کو دہکتی بھٹی میں
شعلوں کی بھینٹ چڑھا دینا
اب تم ہی کہو میں کیسے کہوں
اظہار سے ہیں لب شعلہ فگن

معصوم ادائے طفلانہ
زینت ہیں ترے اے جانِ ادا
بس ایک لگن ہے دل میں ترے
اُلفت کی ریت نبھا لینا
بیج اُلٹے کہیں پر شہنائی
ارمان نکھر آتے ہیں ترے
اک پیار کی ہلکی سرگوشی
دیتی ہے حرام ناز مجھے
ہر صبح تمنا لاتی ہے
پیغام محبت تیرے لے کر
ہر شام سجا جاتی ہے دل میں
ارمانوں کا اک شیش محل

کس نام سے دوں آواز تجھے
برسات کے رنگیں موسم کی
بل کھاتی ہوئی جل دھارا ہو
یخ بستہ فضاؤں میں جیسے
سورج کی کوئی دوشیزہ کرن
یا جیسے سکوت گلشن میں
کوئل کی کو مل کُو، کُو، کُو
یا موسم گل میں وقت سحر
ہو نرگس شہلا جوبن پر
ترے ہونٹوں کی معصوم ہنسی
خوابوں کا شبستاں، خواب محل

وہ لمحوں کی قیمت وہ جانے
جس پر یہ لمحے بیتے ہوں
اب اُن کی فقط ایک یاد ہے جو
اک کرب مسلسل کی صورت
اس دل میں سمائی رہتی ہے
اے کاش یہ لمحے لوٹ آئیں
انجان نہیں ہوں میں لیکن
وہ کون ہے جو یہ چاہے گا
معصوم کنول کی شادابی
خونیں پیکر میں ڈھل جائے
اور لائے کایہ داغ جگر
اس کا بھی مقدر ہو جائے
شعلوں کی دہکتی بھٹی میں
نرگس کی جوانی راکھ ہوئی
معصوم سا دل خوں ہو جائے
مسکان لبوں پر دم توڑے
اور خاموشی کی دولت پر
رہزن کوئی ڈاکہ ڈال چلے

آباد ہے تیرے سینے میں فردوس یقین محکم کا
ایسا نہ ہو اس گلشن میں
کبھی پیدا ہو گنہ کا تلخ شجر
وہ کون ہے جو اس جنت میں
تشکیک کے افعی کی صورت
داخل ہونے کا لائے جگر
اور ترے سکوں کو ڈس جائے
خوابوں کا یہ رنگیں شیش محل
بھولے سے کبھی مسمار نہ کر
گر تیرے قدم بھولے سے کبھی
دہلیز سے اس کے پار ہوئے
کھو جائے گی تو میری ہی طرح
تپتی ہوئی ریت کے صحرا میں
خود کو کبھی نہ تو پھر پائے گی
بھٹکے ہوئے راہی کو کوئی
منزل کی راہ بتاتا ہے ؟

نامحرم سا نامحرم ہوں
میں کیا ایسے میں خاک کہوں
کچھ بات جو کھل کر کی جائے
جنبش دی جائے لب کو اگر
اس کا تو یہی مطلب ہوگا
اس کے تو یہی معنی ہوں گے
پیاسے سے کہیں پانی کے عوض
پیاس اپنی بجھائے شعلوں سے
ڈھارس جو مجھ کو تجھ سے ہے
شاداب ہے سرسبز ہے
اور آمڈے میرا پیار اگر
میرے دل کی گہرائی سے
فی النار تجھے کر دے جو کوئی
مر جاؤں میں کھا کر زہر ابھی

ترجمہ : فرحت گیلانی

۱۹۶۰ء کے بعد

کنٹر شاعری

ایچ ایم نایک

شاعری کے باب میں بڑھتی ہوئی عام بے رسمی اور لاتعلقی کے باوجود کنٹر شاعری اور کنٹر کے شعری مجموعوں کو ماضی کی نسبت ادھر زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی ہے۔ اس کا بین ثبوت یہ ہے کہ اب ہر برس ۱۵ سے ۲۰ شعری مجموعے شائع ہوتے ہیں اور یہ امر بھی اپنی جگہ اطمینان کا باعث ہے کہ بعض مجموعے اشاعت کے بعد کچھ عرصہ میں فروخت ہوجاتے ہیں۔ بعض کے دوسرے ایڈیشن کچھ ہی عرصہ بعد شائع ہوجاتے ہیں۔ کنٹر شاعری کے ضمن میں ایک دوسری بات جو توجہ چاہتی ہے وہ ایسے رسائل کا اجرا ہے جو خصوصیت سے شاعری کی ترقی و ترویج کے لئے کوشاں ہیں۔

آج کی شاعری میں جو نئے محسوسات اور خیالات کا بڑا موثر اظہار ہو رہا ہے۔ تاہم ایسا نہیں کہ پرانے موضوعات و خیالات کا سوتا خشک ہوگیا ہو۔ کنٹر کے مشہور شاعر گوپال کرشن اڈیگا نے کچھ عرصہ پیشتر کہا تھا، ملک کا ذہن نئے آدرش، نئی بصیرت اور بصارت کی ضرورت محسوس کر رہا ہے۔ ایسے میں زندگی سے گہرا سمبندھ رکھنے والی شاعری کے لئے تبدیلی ناگزیر ہے۔ اس عہد میں شاعری میں حقیقت پسندی کے رجحان کو فروغ دیا جانا چاہیے۔ اس میں اس دھرتی کی بو باس رچی بسی ہونی چاہیے لیکن اُن کا بیان کہ "رومانی شاعروں کے زیر اثر جدید کنٹر شاعری اپنی ساری صلاحیتوں کو بروئے کار لا چکی ہے۔ اس شاعری کی توانائی اور تابِ تب ماضی کا ایک افسانہ ہے۔ یہ شاعری زوال پذیر ہے"! کچھ صحیح نہیں۔ کہے کم اس دہائی میں تو اس شاعری کے اثر و قوت کو ماضی کا افسانہ نہیں کہا جا سکتا۔ سو کے زوال پذیر ہونے کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

ان دنوں جکڑا دبی اظہار، شعری اصناف اور ہیئتوں سے متعلق مسائل بڑے پیمانے پر بحث و مباحثہ کا موضوع بنے ہوئے ہیں۔ جیپوست پدی، وچن سانگتھیا اور تری پدی جیسے پرانے شعری اصناف کا مسئلہ اور معاملہ بھی ایک اپنی اہمیت رکھتا ہے۔ بحر و ارکان والی ان اصناف کی سختی سے پابندی کرنے پر مُصر ہے، جدید کیفیات اور محسوسات کا مکمل اظہار ممکن نہ ہو۔ تاہم ایک زیرک شاعر کے لئے اپنی ضرورت کے مطابق ان میں ردوبدل کرنا ممکن ہے۔ اس دہائی میں ایسی متعدد تخلیقات دیکھنے میں آئی ہیں اور جو کامیابی انہیں حاصل ہوئی ہے۔ وہ واقعی لائق تحسین ہے

ٹی کیشو بھٹ نے "ستو لوک نم" کی تخلیق چمپو میں اور ساری کی ساری قدیم کنٹر زبان میں کی ہے۔ موضوع زبان اور تکنیک کے اعتبار سے یہ نہ ایتی شاعری کا ایک نمونہ ہے۔ یہ اس اعتبار سے قابل تعریف ہے کہ یہ شاعر کی

بحر اور زبان پر بے مثل قدرت کی مظہر ہے۔ کیشو بھٹ نے اپنے سفرنامے اندیلہ نلے میں بھی صنف چمپو ہی کا استعمال کیا ہے۔ تاہم اس مجموعے میں یہ صنف جس انداز سے استعمال میں لائی گئی ہے۔ وہ متنازعہ فیہ ہے۔ وائی نکیش شاستری، ایم ایس پدم نابھ راؤ اور بعض دوسرے شعرا نے بحر ست پڈی میں طویل نظمیں لکھی ہیں چونکہ یہ نظمیں ایک محدود مقصد کے پیش نظر لکھی گئی ہیں اس لئے اپنے اندر کچھ زیادہ گہرائی اور لطف و اثر نہیں رکھتیں۔ جے دیوی تھائی لیگڈے نے تھا پیا پڈگلو کی تخلیق تری پڈی میں کی ہے۔ اس میں ایک ہزار مثلث ہیں۔ یہ شاعرہ کے فلسفۂ حیات کا آئینہ ہیں۔ ان پر لوک گیتوں کا گمان ہوتا ہے۔" شدت جذبات اُن کی ایک نمایاں خصوصیت ہے۔ یہی بڑی و بنیادی خصوصیت جے دیو تھائی کی شاعری ہے۔ ادھر موصوفہ نے تری پڈی بحر میں کرم یوگی سدھ رام کی حیات پر مبنی ایک رزمیہ رکھا ہے۔

رتن کرورنی اور ننجند کے بعد اگر ہم بحر سانگتھیا میں لچک اور روانی دیکھنے کے خواہاں ہیں تو ہمیں ایک نظر ایس وی پرمیشور بھٹ کی کتاب 'اندر چاپ' پر ڈالنی ہوگی۔ 'اندر چاپ' اس دہائی کی اہم ترین شعری کتابوں میں سے ایک ہے۔ غم مسرت کا سرچشمہ کیسے بنتا ہے۔ اس کے لئے بھی ہمیں ایک نظر اندر چاپ کی شعری دنیا پر ہی ڈالنا ہوگی۔ ارکان ترتیب کو یکسر بدل کر پرمیشور بھٹ نے سانگتھیا کو لطیف و بلیغ اظہار و اسلوب کا بڑا موثر وسیلہ بنا لیا ہے۔ اسی بحر و ارکان کا استعمال اس نے [illegible] کے ترجمے اور اپنی دوسری تصنیف گاتھا سپت ستھی چندر ودھی میں کیا ہے۔ اندر چاپ میں بعض دوسری زبانوں کے تراجم بھی شامل ہیں لیکن کہیں کوئی حوالہ درج نہیں۔ اس سے ایک قباحت یہ پیدا ہو گئی ہے کہ قاری یہ نہیں جان پاتا کہ کون سی نظم ترجمہ ہے اور کون سی طبع زاد ہے۔ ایسے میں پرمیشور بھٹ کے جوہر طبع کی پہچان قدرے دشوار ہو گئی ہے۔ لیکن جو لوگ [illegible] نظموں کی تخلیق کے ضمن میں اچھی جانکاری رکھتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ بھٹ بے پناہ شعری صلاحیتوں کا مالک ہے۔ تاہم اس تجربے میں دوسروں کو بھی شریک کیا جانا بے حد ضروری تھا۔

ایس وی رنگنا کو اُن کے وچنوں (اقوال) کے مجموعے "رنگ بنپ" پر ساہتیہ اکادمی کا انعام ملا ہے۔ سوا چھ سو صفحات پر مشتمل اس کتاب میں تین سو پینتیس موضوعات پر ۱۲۱۲ اقوال دیئے گئے ہیں۔ کسی دوسرے جدید شاعر نے اتنے وچن تخلیق نہیں کئے۔ یہ وچن چار مصرعوں سے لے کر کتاب کے نو صفحات تک محیط ہیں۔ یہ وچن شاعر کے گہرے فلسفیانہ غور و فکر اور تنقیدی انداز نظر کے ترجمان ہیں۔ یہ اقوال کنڑ عوام کے آفاقی افکار و خیالات کا آئینہ بھی ہیں۔

کوسنڈے پٹن گوڈا کی نظم 'کالور چیلو دے' ایک غیر معمولی تجربہ ہے جو اس ضمن میں خصوصی توجہ کا مستحق ہے۔ اس نظم کے سلسلے میں بعض باتوں کی وضاحت ضروری معلوم ہوتی ہے۔ گو یہ اپنی نوع کی پہلی نظم نہیں۔ ایک زمانہ ہوا اندیا نے ایسی شاعری کی تھی۔ حالیہ شاعروں میں ملی یا اور تھم پہٹیہ نے بھی اس نوع کی نظمیں لکھی ہیں۔ لیکن اصل میں انہوں نے اندیا کی محض تقلید ہی کی ہے۔ پٹنا گوڈا نے اول تو اپنی نظم کو سنسکرت کے فرسودہ الفاظ سے پاک و صاف رکھا، دوم یہ کہ اس کا نقطۂ نظر جدید ہے۔ اُس کی نظم کا موضوع عشق و محبت کا المیہ ہے۔ اس کی نظم میں سانس لینے والی زندگی ہمارے اپنے ہی گرد و پیش کی ہے۔ اس کے کردار مل ناڈ کے سیدھے سادے لوگ ہیں۔ اُس کی نظم کی صناعی میں جہاں حسن ہے وہاں قوت و اثر بھی ہے۔ افسوس کا مقام ہے کہ یہ نظم جس توجہ کی مستحق تھی وہ اسے کنڑ عوام سے نہیں ملی۔

اس دہائی کے بعض واقعات چین اور پاکستان کے حملوں، نہرو اور شاستری کی اموات نے بھی کنڑ شاعروں کو فکر سخن کی تحریک دی۔ اُن کی یہ منظومات جہاں اُن کے غم و غصہ کی مظہر ہیں۔ وہاں قومی رہنماؤں کی اموات پر کہی گئی نظمیں گہرے دُکھ اور صدمے کی ترجمانی کرتی ہیں۔ سندی کی ہیم گیر یا مدیلی اور اتاگی کی سنندھ بھارت ایسے ہی جذبات کا آئینہ ہیں۔ ان کے علاوہ رانا کہالے، ہلوپو، جھل پو، یدھ گیت گالو اور سمر گھوش جیسے شعری مجموعے شائع ہوئے۔ کن وی اور اتاگی نے باہمی اشتراک سے "نم میل لارا نہرو" ترتیب دی۔ نئے کرناٹک کے مسائل پر وجیہ ڈنڈوبھی کے نام سے سندی نے بھی ایک مجموعہ مرتب کیا ہے۔ یہ امور اس بات کا بین ثبوت ہیں کہ کنڑ شاعر کے پاؤں اس دھرتی پر ہی ہیں۔ وہ حالات سے اثر پذیر ہوتے ہیں۔ اُن کا ردِ عمل فوری ہوتا ہے۔

کنڑ شاعری کے نامور اساتذہ میں سے کویم پو، بندرے، پو۔ تھی۔ نا، ونائک اور وی۔ سی آج بھی سرگرم تخلیق ہیں۔ اس دہائی میں وی سی کا ایک مجموعہ شائع ہوا ہے۔ کویم پو کے تین مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ کویم پو کی نظمیں ملک اور سماج کے مسائل سے متعلق شاعر کے مذہبی تجربات، فطرت اور محبت کے مشاہدات پر مبنی ہیں۔ یہ مجموعے اس اعتبار سے بھی اہم ہیں کہ یہ کویم پو کے فکر و فن میں [illegible] تبدیلی [illegible] دیتے ہیں۔ اس دہائی میں بندرے [illegible] زیادہ مجموعے [illegible] شائع نہیں کئے۔ اس عرصے میں اُن کا پانچ حصوں پر مشتمل مجموعہ ارالو۔ مارالو، شائع ہوا ہے جس پر انہیں ساہتیہ اکادمی کا انعام بھی ملا ہے۔ اس کے علاوہ ان کے پانچ اور

مجموعے بھی اشاعت پذیر ہوئے ہیں۔ بندرے کی شعری صلاحیتوں کا جھرنا ہمیشہ مترنم اور رواں دواں رہتا ہے جیسے خشک ہونا تو اس نے سیکھا ہی نہیں، اس کی زبان بولی کا سا لطف رکھتی ہے اور سحر آفریں کیفیات کی حامل ہے۔ بندرے کے تعلق سے ایک حیرت انگیز بات یہ ہے کہ اُن کی آواز آج کے نئے شاعروں جیسی لگتی ہے۔

اس دہائی میں پُوتھی۔ ناسمہاچار کی جو نظمیں شائع ہو کر سامنے آئی ہیں، وہ بڑی مایوس کُن ہیں۔ اس کا مجموعہ 'مہا پرستھان' دیومالائی کہانیوں کے تراجم پر مشتمل ہے اور 'ہردے دھاری' میں گیت شامل ہیں۔ پوتھی۔ نا اوپرا لکھنے کے چکر میں ایسا پڑا ہے کہ شاعری اس کے لئے موسیقی ہو کر رہ گئی ہے۔ اب وہ شاعر کم اور شاعری کا مفکر زیادہ ہے۔ 'جیجے پڈو' وی سیتارمیہ کی نظموں کا مجموعہ ہے۔ سیتارمیہ کے اس مجموعہ میں بھی، اسکی پہلی نظموں کی سی صفائی، سادگی اور اعتدال ہے۔ اس شاعر کی ایک قابلِ ذکر خصوصیت یہ ہے کہ زندگی کی دھوپ چھاؤں کے نقش و عکس اس کی شاعری میں عیاں و نمایاں ہیں۔

دیاؤ پرتھوی، ارن نانبھ، کشمیر تری، سنکو دینا، پراجن، پربھات۔ گوکاک کی تخلیقات ہیں جنہیں اسکی تازہ نمایندہ نظمیں شامل ہیں۔ دیاؤ پرتھوی پر دینائک گوکاک کو ساہتیہ اکادمی کا انعام ملا ہے۔ دو حصوں پر مشتمل اس کتاب کے پہلے حصے میں آسمان کا نظارہ بیان کیا گیا ہے۔ جیسا کہ وہ زمین پر سے نظر آتا ہے۔ دوسرے میں زمین کا منظر ہے جیسا کہ وہ آسمان سے دکھائی پڑتا ہے۔ اُرن نبھ میں گوکاک کی پچاس مختلف نظمیں شامل ہیں، کشمیر تری سنکو دینا میں موضوع سخن کشمیر کے قدرتی مناظر، تاریخ اور سیاسی حالات ہیں۔ تری سنکو دینا پراجن پربھات ایک مختصر بیانیہ نظم ہے۔ اسے رزمیہ کا ایک ٹکڑا کہنا زیادہ مناسب ہوگا۔ اس نظم میں تری سنکو ستیہ اوتار، آج کے مذہبی آدمی کی علامت ہے۔ دینائک نے اپنی نظموں میں بے شمار علامتیں استعمال کی ہیں۔ لیکن ان کے توسط سے وہ جو اثرات پیدا کرنا چاہتے ہیں، وہ اکثر غیر محسوس سے رہ جاتے ہیں۔ دینائک کی نظموں کی ایک خوبی اور خصوصیت یہ ہے کہ ان میں قدرت اور فطرت کی منظر کشی بے حد خوبصورت اور جاذبِ توجہ ہوتی ہے۔ دیاؤ پرتھوی اور کشمیر اس کی بڑی اچھی مثالیں ہیں۔ میری رائے میں دینائک ایسا شاعر ہے جس کی شعری تشویق و تحریک کا سرچشمہ سفر ہیں۔ سمدر گیت گالو اور اس کے بعد کے شعری مجموعے بھی میری اس رائے کی تصدیق کرتے ہیں۔ دینائک کے نزدیک سفر زندگی کی علامت ہے۔

'نل وڈ وگالو، آنند کنڈ کی ہلکی پھلکی شاعری کا خصوصی تحفہ ہے۔ اس میں شامل عشقیہ نغمے، عام و سہل زبان میں لکھے گئے ہیں۔ ان کا رشتہ عوام کی زندگی سے بڑا گہرا ہے۔ اس مجموعے کی ایک خاص بات یہ بھی ہے کہ اس سے ہمیں عام بول چال کی زبان کی بے پناہ شعری صلاحیتوں کا پتہ چلتا ہے۔ امیجری اور استعارے نے محاکات اشاریت اور مزاح کو سمجھنے کے لئے اس مجموعہ کا مطالعہ ازبس ضروری ہے۔ اس مجموعے کی نظمیں، لوک گیتوں کا سا لطف و اثر رکھتی ہے۔

اس دہائی میں راگھو، ارچک دینکٹیش، کائیار، کن ین رائے اور ایس دینکٹ راج کے فکر و فن میں کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوئی۔ راگھو کی لگی یدمئے اس اعتبار سے قابل مطالعہ ہے کہ اس کا مزاح دیدنی ہے۔ بی کرشن بھٹ کی تاریخی نظم ارک ساری بھی مطالعہ کے قابل ہے بی ایچ سری دھر نے ادھر اپنے دو مجموعے شائع کئے ہیں۔ تاہم اس نے کوئی اہم یا نمایاں نظم تخلیق نہیں کی۔ اس کی زبان سنسکرت، کنڑ اور انگریزی کا عجیب امتزاج لئے ہوے ہے۔ اس پر اپنی نظموں میں جو موضوع اختیار کئے ہیں۔ وہ بے حد معمولی اور سطحی ہیں۔ حیرت ہے کہ ایسا قابل اپنے افکار اور شخصیت کا اظہار اپنی شاعری کے وسیلے سے نہیں کر پایا۔ جی وردا راجہ راؤ نے اِدھر دو مجموعے شائع کئے ہیں۔ راجہ راؤ کی نظموں میں خالص جذبات، بھرپور محسوسات اور مناسب لفظوں کا صحیح انتخاب دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ پنچک شیری ہیرے مٹ کی چیئی تکشی، گنڈی، چندر شیکھر ایتھل کی بیلا گئی تھو، دیویندر کمار ہکاری کی چن مئی، بلاٹی کی رسک پکشی۔ یہ سبھی ایک ہی قسم کی شعری تصنیفات ہیں۔ دوسرے قابلِ ذکر شعری مجموعے رامچندر گوٹل گی کا پرتما، کے وی سُبشّہ کا ہُو دو چلیدا۔ یدی یلی اور راجہ سیکھر کا ردر کشتی ہیں۔ اب کے مختلف اور متعدد شعبوں میں شہرت رکھنے والے بعض ادیبوں نے جن میں آر ایس ہرے مت۔ ایس تپے رُدر سوامی۔ کرشنا مورتی پورانک، کے چنّا پاسپّا اور ایس گڈکر شامل ہیں اپنی نظموں کے مجموعے بھی شائع کئے ہیں۔ کوی نند کے مجموعے مانس سرور میں ہمیں بعض بہت اچھی نظمیں مل جاتی ہیں۔ ایس ڈی انچل کے مجموعے سنہیہ۔ سورہب میں موضوعات کے اعتبار سے قدرت

وفطرت، دوستی اور گھریلو زندگی کو زیادہ اہمیت حاصل ہے لیکن اس کے حالیہ مجموعے دِن دم میں زیادہ تر نظمیں سماجی و قومی مسائل پر ہیں۔

دنکر دیسیا کے مجموعے نیوگن چلو میں چھوٹی بڑی ۱۵۶ نظمیں شامل ہیں۔ یہ نظمیں بگیت، طنزیہ نظمیں، مزاحیہ نظمیں وغیرہ جیسے عنوانات کے تحت شائع کی گئی ہیں۔ دیسیا ہی وہ شاعر ہے جس نے کنڑ میں ہُوتک کو رواج دینے کوشش کی۔ اس کی حالیہ نظموں میں اب وہ پہلی سی گرمی و حرارت نہیں۔

وی جی بھٹ ایک ایسا شاعر ہے جس کا الگ سے ذکر کیا جانا ضروری ہے۔ طنز اس کی نظموں کا سب سے بڑا زیور اور اس کا سب سے بڑا ہتھیار ہے زندگی کا شاید ہی کوئی پہلو ایسا ہو جو اس کی نظروں سے چوکا ہو۔ اس کے طنز کے تیز تیروں کا پہلا نشانہ سیاسی نظم و نسق ہے۔ بھٹ کی شاعری کا ایک اپنا لب و لہجہ ہے۔ اس کی پہلے کی اور اِن مجموعوں کی نظموں میں ایک نمایاں فرق ہے۔ اس کی حالیہ نظموں میں اب پہلے کا ساتیکھا پن نہیں۔ طنز کی دھار بھی اب پہلے جیسی تیز نہیں۔ اس کی تہہ میں ہمدردانہ جذبہ کارفرما نظر آتا ہے۔ اس کے اظہار میں بھی ایک نرمی پیدا ہو گئی ہے۔

جے دیوی تھائی لیگڈے کے بعد ایل جی سمترا ہی ایک ایسی شاعرہ ہے جسے اپنی نظموں کو شائع کرنے کا امتیاز حاصل ہوا ہے۔ اس کا مجموعہ کاویہ کاویری بڑی معصوم سی تخلیق ہے۔

مَرُولیہ، مجید خاں، راگو۔ سری وسنت، رام داس اور وینو گوپال بالکل نئے شاعر ہیں۔ رام داس اور وینو گوپال نے ایسی طباعی اور ہنرمندی کا مظاہرہ کیا، جو ہمیں اور کسی شاعر کے یہاں نہیں ملتی۔ ننیا یاترے کا سوجن قابل حساس اور دروں بیں شاعر ہے۔ اس کے افکار کی ایک اپنی ہی چمک دمک ہے۔ اس کے اظہار میں ایک جدّت ہے۔

کنڑ شاعری میں گوپال کرشن اڈیگا نام بڑی اہمیت کا حامل ہے اڈیگا نے کنڑ میں ایک نئے دبستان شاعری کی بنیاد ڈالی ہے۔ وہ بذاتِ خود ایک ممتاز شاعر بھی ہے۔ وہ بلاشبہ بندرے اور کویم پو کے فوراً بعد کی نسل کا سب سے بڑا شاعر ہے۔ اس دہائی میں اس کا صرف ایک مجموعہ بھومی گیتا شائع ہوا ہے۔ سات نظموں اور کل پچاس صفحات پر محیط یہ مجموعہ بڑے بحث مباحثے کا موضوع رہا ہے شاید ہی کسی دوسری کتاب پر اتنی توجہ صرف ہوئی ہو۔ نوجوان ہم عصر شاعروں پر اس سے زیادہ شاید ہی کسی دوسری کتاب نے اثرات چھوڑے ہوں۔ اڈیگا کے تجربات میں ایک گہرائی ہے۔ جذبات میں شدّت ہے۔ اس کی نظر تنقیدی ہے اس کی بحروں میں تنوّع ہے۔ اس کے اظہار میں جدّت اور ندرت ہے اس کی نظموں میں ڈرامائی قوت دیدنی ہے۔ زبان سے کام لینے کا اُسے بڑا سلیقہ ہے۔ یہی اڈیگا کی شاعری کی چیدہ خصوصیات ہیں۔ اُس کی انفرادیت کے خدوخال واضح اور نمایاں ہیں۔ نئی شاعری اصل میں اڈیگا کا ذاتی کارنامہ ہے۔

کے۔ ایس نرسمہا سوامی، چنّا ویراکن وی اور جی ایس شور درپّا بڑے جانے پہچانے شاعر ہیں۔ نئی شاعری سے ان شعرا کے تعلق کی نوعیت جداگانہ ہے۔ نرسمہا سوامی کی ساری توجہ نئی شاعری پر ہے۔ کن وی نئی پرانی دونوں کے امتزاج کا مظہر ہے۔ جبکہ شور درپّا میں قطعی کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ نرسمہا سوامی کی نظموں کے دو مجموعے ادھر شائع ہوے ہیں۔ نرسمہا سوامی نئی شاعری کو اختیار کرنے کے لئے کن شعوری کوششوں کو بروئے کار لا رہے ہیں۔ ان کی نشان دہی ان مجموعوں سے بخوبی ہو جاتی ہے۔

چنّا ویراکن وی کا تیسرا اور تازہ ترین مجموعہ نیلا مگی لوہے گوناگوں اور متنوع موضوعات اور پرشکوہ زبان کے اعتبار سے وہ اس دہائی کا اہم ترین شاعر ہے۔ گو اس کی شاعری پر متعدد اثرات کارفرما رہے ہیں اور نئی شاعری نے بھی اُسے متاثر کیا ہے۔ تاہم کن وی نے اپنی انفرادیت کو برقرار رکھا ہے۔

نوجوان شعراء میں جی ایس شور درپّا ہی ایک ایسا شاعر ہے جس کے پانچ شعری مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ اس کے دونوں تازہ مجموعے موضوعات میں تنوع اور وسعت کے حامل ہیں۔ ان مجموعوں کی نظموں میں گہرائی در گہرائی ہے۔ کنایہ اور طنز اس کی شاعری کے خاص عناصر بنتے جا رہے ہیں۔ اس کے تازہ ترین مجموعے "تھے ریدادری" کی تقریباً تمام نظموں میں یاسیت اور نراجیت کی ایک عجیب سی فضا کا احساس ہوتا ہے۔

رام چندر شرما کا تعلق نئے دبستان شاعری سے ہے۔ اس کا مجموعہ "بووی نے دیدار سپھورتی" شاید اس دہائی کے آغاز پر شائع ہوا تھا۔ شرما پہلا کنڑ شاعر ہے جس نے اس بڑے پیمانے پر جنس کو اپنا موضوع بنایا تھا۔ اب یہ کنڑ شاعری کا مرکزی رجحان بن گیا ہے۔ گنگا دھر چیتّل کا "منوکو لُوڈا ہڈو" اچھی نظموں کا مجموعہ ہے۔ وینائک کے بعد سمندر سے متعلق اتنی اچھی نظمیں گنگا دھر کے علاوہ شاید ہی

کسی دوسرے شاعر نے لکھی ہوں۔

چندر شیکھر کامبر، چندر شیکھر پاٹل اور نثار احمد نئی نسل کے ان شعرا کی تخلیقات سے نئی امیدیں بندھی ہیں۔ نئے امکانات روشن ہوئے ہیں۔ ان تینوں شاعروں کے دو دو مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ کامبر کی شعری خدمات قابل قدر ہیں۔ وہ ایک ایسا شاعر ہے جو کنڑ شاعری کو فن کی اونچی محراب پر سجانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

چندر شیکھر پاٹل نے شاعری میں اپنی ایک الگ راہ نکالی ہے۔ اس کی نظموں کا پہلا مجموعہ بینولی بہت مقبول ہوا اور ہاتھوں ہاتھ نکل گیا پھر جلد ہی اس کا دوسرا ایڈیشن شائع ہوا۔ موجودہ سیاسی نظام کے تئیں اس کا رویہ ایک ایسے طنز نگار کا ہے جس کے نشتر بڑے تیز اور نوکیلے ہیں۔

نثار احمد کی نظموں کا آہنگ معتدل اور متوازن ہے۔ اس کی نظموں کی روانی کا بھی ایک انداز ہے۔ اس کی نظموں کا دوسرا مجموعہ نیلے دوار منڈگی بعض ان توقعات کو پورا کرتا ہے جو نثار احمد کے پہلے مجموعے منسا و گاندھی بازار کی اشاعت سے پہلے بندھی تھیں۔ وہ اپنے محسوسات کے اظہار میں اعتدال برتتا ہے۔ اپنے گرد و پیش کی دنیا پر گہری نظر رکھتا ہے۔ یہ ایسی خوبیاں ہیں جو بیشتر نئے شاعروں کے کلام میں دیکھنے کو نہیں ملتیں۔ نثار احمد کو طنز و کنایہ پر بڑی قدرت حاصل ہے لیکن جہاں تک زندگی کے مربوط نظریئے کا تعلق ہے۔ نثار احمد کو ابھی بہت کچھ کرنا ہے۔

سدلنگا پٹن، گیرڈی گووندراج اور سومتھندر ناوگ اس اعتبار سے خصوصی اہمیت اور توجہ کے مستحق ہیں کہ یہ کنڑ نئے نئے تجربے کر رہے ہیں۔ سدلنگا پٹن سیٹی ایک ہی رنگ سے متعدد شیڈ پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ گووندراج اور سومتھندر ناوگ نئی نئی علامتوں کے اختراع میں اپنا جواب نہیں رکھتے۔ ناوگ نئے کنڑ شعرا میں ایک اپنا الگ مقام رکھتے ہیں۔ پورن چندر تیجسوی، یو آر اننت مورتی، چنا ویا کے شعری مجموعے بھی کنڑ شاعری کے مختلف رجحانات کی نمایندگی کرتے ہیں۔ کے وی۔ راجگوپال کی شعری تخلیق ان مجرا ایک خاص جدت اور ندرت کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ جی۔ ایس سدلنگیہ۔ سوم شیکھر امپورا، وی جے۔ اور سنا کو دہیہ کا شمار ان نوجوان شعرا میں ہے جنھوں نے اس دہائی میں کنڑ شاعری کی ترقی و ترویج میں نمایاں طور پر ہاتھ بٹایا ہے۔ اول الذکر تین شاعروں کے دو دو مجموعے چھپ چکے ہیں۔ دوسرے نئے شاعروں کی طرح سدلنگیہ کے کلام میں بھی طنز اور جنس دونوں کو خاص عمل دخل حاصل ہے۔

جب ہم نئی کنڑی شاعری کے سرمائے پر ایک نظر ڈالتے ہیں تو بعض باتیں ہماری فوری توجہ چاہتی ہیں۔ پہلی تو یہ کہ آج کی نئی شاعری زندگی کی جزوی عکاسی کرتی ہے۔ دوسری یہ کہ نئے شاعروں کے تجربات میں تنوع نہیں۔ وہ محدود ہیں۔ ان کے نظریات اور شاعری میں ایک بُعد پایا جاتا ہے۔ اُن کی نظموں میں سانس لینے والی زندگی ہماری زندگی نہیں ہے۔ اس کی قدریں اور افکار ہمارے نہیں ہیں۔ حد تو یہ ہے کہ طریقۂ اظہار بھی کہیں سے مستعار ہے ایک وقت تھا جب ہمارے شعری تکنیک کے فن میں دوسروں کے مرہون منت تھے۔ لیکن آج کی نئی شاعری تجربات آدرشوں اور اقدار سبھی کے اعتبار سے دوسروں کی رہین منت ہے اور اس پر بھی اسے حقیقت پسندی کا نام دیا جا رہا ہے۔ اس کی بو باس کو اسی دھرتی کی بو باس بتایا جا رہا ہے واقعتاً یہ بڑی ستم ظریفی ہے۔

○

بقیہ اردو نظم ۱۹۶۰ء

جس کا نام ہے "ہم عصر" اور ایک اور ایسی ہی انجمن ہے "ہمراہی" ان کے اراکین میں غیر ادبی فیکلٹیز کے طلبا بھی شامل ہیں۔ یہ نوجوان ایسی جاندار، شاندار، خوبصورت اور جدید غزلیں اور نظمیں کہہ رہے ہیں کہ سُن کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے۔ ایسے ہی نوجوان شعرا ہندوستان کے مختلف علاقوں میں اردو شاعری کو جدید تر آوازوں، جدید تر رنگوں اور جدید خوشبوؤں سے روشناس کر رہے ہیں۔

نوعمر شعرا میں متین تابش، صادق، پرکاش فکری، شاہد کبیر، شمیم حنفی، وہاب دانش، مدحت الاختر، مراتب اختر، ممتاز راشد، حسن فرخ، رؤف خلش، سرشار بلند شہری، مصحف اقبال توصیفی، سلطان اختر، خلیل تنویر، تاج مہجور، عبدالرحیم نشتر، ابرار اعظمی، ثوبان فاروقی، اعجاز راہی، شاہد احمد شعیب، شفیق تنویر، ناہید ثانی، فضل تابش، یوسف اختر وغیرہ نے اپنے کلام میں تازگی، ندرت اور جدت کے ثبوت دیئے ہیں۔

گوپال کرشن اڈیگا

دھرتی کا گیت

کیا ہے دھرتی — یہ تو سوتیلی ہے ماں
وہ جو تھا، پہلے کبھی اتان پاد
یہ اسی کی آج گویا ہے سرچ
وہ جو تارا ہے دھرو اس کے لئے
بن سے ہو کر ہے گگن کا راستہ
مون دھاری، منتر وہ آرنیہ کا
ہے کھلا سب کے لئے اک راستہ
عیش و عشرت کا یہ لوٹا لو لباس
کوٹ یہ، یہ شرٹ (یہ خوش رنگ پینٹ)
ہے تمہاری، یہ جو ٹوٹی جھونپڑی
واپس اس کو لے ہی لو، بہر خدا
سامنے تھا نہیں جب تک حجاب
ہاتھ آسکتی نہیں خالی جگہ
ورنہ اپنے ساتھیوں کے سامنے
سر اٹھا کر میں تو چل سکتا نہیں
میان سے تیغ دو دم نکلے بغیر
دل کے امرت کا کلس — کنڈل — کوچ
سب یہ چیزیں ترک کر سکتی ہیں کیا؟

یہ تو مٹی محض ہے مٹی نری
اس کی ہوتی ہے جو گڑیا واقعی
اور اس گڑیا کے اندر جان ہے
تتو جو اس کا ہے، ویاپک پران ہے
تتو کے پیچھے ہے، طبقہ نور کا،

نور یہ گویا ہے شعلہ طور کا
اس کے پیچھے منتر کا جادو بھی ہے
اس کے پیچھے تنتر کا جادو بھی ہے
ہے یہ بالائی ہوائی راستہ
اک نشاں بھی جس کا پڑ سکتا نہیں

اور اگر دیکھو کہ یہ مشکل ہے کام،
دھول ہی میں خود بخود مل جائے دھول
خود ہوا کا بھی ہوا سے ہو وصال
آگ میں مل جائے عنصر آگ کا
اور ہو جائے ہوا میں سر بھی ضم

وصل اگر کیلاش ہو کیلاش میں
کیا ہمارے ہاتھ اس سے آئے گا۔
کچھ نہ کچھ باقی مگر بچ جائے گا
ہے یہ ممکن ہو وہ اک بجلی کا تار
یا پھر ان لوگوں کا وہ احوال ہو
جن کی نکھشتروں پہ رہتی ہو نگاہ
یا ہو پھر تاپال کا نقص عمیق
یا ہو پھر اشیاء کا باہم اختلاط
رقص و بازی کے لئے محو کمال
چند ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں یہ
ہے خدا معلوم، سوئچ اس کا کہاں
ہو گیا ہے خاص دفتر کا پتہ
اور کچھ لوگوں کے لب پر ہے یہ بات
اس کا سوئچ دیکھو یہیں ہو گا کہیں
گھپ اندھیرے میں گلی جو تنگ ہے
اس کی دیوار اب ٹٹولی جائے گی،
اور چلنا ہو گا اب گھٹنوں کے بل
اندھے ہیں لنگڑوں کے کندھوں پر سوار
دیکھنا کٹتا ہے کیسے راستہ

کے۔ ایس نرسمہا سوامی

گاندھی

گھر پہونچتے ہی دیئے کو ڈھونڈا
موند لیں خود میں سما کر آنکھیں
عجب انداز سے ترتا ترتا
آگیا اڑ کے وہ اجلا پنچھی
چونچ میں اس کی جو مچھلی تھی دبی
چھٹپٹاتی تھی بڑے کرب کے ساتھ
بلبلے جل پہ جو آئے تھے ابھر
نام سے گاندھی کے اتری چھایا

ناریل کا ہو وہ چاہے پتہ
خواہ وہ تار کی چنگاری ہو
جو دھواں اٹھے تو ہے وہ شعلہ
اور ہے آگ، جو شعلہ اٹھے
قابل دید زباں آپ کی ہے
ایک ہی وصف میں ابھر آئے ہیں
ایک ہی وقت میں وہ تین پہاڑ

زہر سب۔ ایک کے حق میں امرت
اک طرف چاندنی کرو سو کی ہے
اور جو آخری پربت ہے وہ
اس پہ ہے تیسری چھایا کا نزول
لے کے اجگر کی چربی سے امداد
شیر غرّاں کے جو نقش پا ہیں
پیروی اُن کی کیے جاتی ہے
راہ اب چاہے جدھر لے جائے

گل کے لوہا تھا ۔ ندی بن کے رواں
اور سورج جو تھا محرومِ تپش
اُس کا دروازہ کھلا تھا یکسر
اس کا دروازہ کھلا تھا یکسر
کام کا کون ہے اِن تینوں میں؟
ہیں یہ تینوں ہی مددگار مرے

ہوئی آخر میں جو چھایا نازل
جوڑ کر ہاتھ وہ دونوں چل دی
اس کے اس طرح سے چلتے چلتے
گل کے روڑے ہوئے جتنے تھے پہاڑ
اور پھر بن گئے، وہ بھی کنکر
اور کنکر ہوئے گل کر ذرّے
اور ذرّے بھی زمیں میں جا کر
بن گئے شکل بدل کر بجلی
اک طرف وقت کے ۔ دروازہ ہوا
ٹھیل کر زور سے دھکا دے کر
لوک جیون کی جو تھی وہ چھایا
اور آگے ہی برھی جاتی ہے

ترجمہ: کالی چرن اثر

کے ایس نثار احمد

یہ ہماری کائنات:
بند مٹھی
غارِ پُراسرار ـــ اُس کے روبرو
حرفِ پُرافسوں سے بیگانہ علی بابا شبیہ حیرت و حسرت بنا
دیکھتا ہے، زندگی کے تانے بانے کے سبھی اُلجھے ہوئے ہیں تار آج
ایک نازک تار اس اُلجھاؤ کے مرکز میں لہراتا ہے، شاید چشمِ تر کے سامنے



یہ مظاہر، یہ لکیریں
ایک کے اوپر کھینچی جاتی ہے ایک
کاٹتی، منسوخ کرتی
ہر گھڑی باہم اُلجھتی ہیں، ہتھیلی کی لکیروں کی طرح
خاک میں



ایستادہ ہے، وہ معیارِ عظیم
مرگ و ہستی پر جو حاوی ہے
حصول اس کا طریق و تربیت پر منحصر
ہائے! لیکن کس قدر دشوار ہے



اَن گنت صدیوں پہ پھیلی داستاں
اک ہجومِ بیکراں
مردِ دانا بند مٹھی کھولتا ہے لمحہ بھر
کامرانی کا خمار
اس پہ چھا جاتا ہے،
جوشِ حسرت نظارۂ حسنِ نہاں
لمحہ بھر کا خواب ہے
بلبلے کی زندگی
لمحہ بھر سے بیشتر ہرگز نہیں

سعیٔ رائیگاں کا یہ بنجر عمل
سبزہ و گل کے لیے
خاک کی گہرائیوں سے آب پنہاں کو اٹھانے کا عمل

فصل ہر صورت میں ہے بے برگ و گل
فصل سعیٔ رائیگاں

بند مٹھی، کھل کے ہو جاتی ہے بند
اور پھر الفاظ کی جلوہ طرازی کا ہجوم
لمحہ نایاب ہو جاتا ہے دور
گوشۂ دل میں امنڈتی دھند، ظلمت کا وفور
آنکھ کے آگے سہانے رنگ، خوابوں کا سراب
عجز ہے شاید بصارت کا کہ ہم
لفظ سے سرشار ہیں
پیکرِ حق سے مگر واقف نہیں،
ہر تلاشِ جذبِ دل کی ہیں معین کچھ حدود
گوشۂ دل کی کلیم مختصر
کل اثاثہ، کل متاعِ کائنات
سچ کے خدوخال ہیں کتنے قریب
ہیں۔ مگر نظارۂ حق سے ہزاروں کوس دور
شاید انساں کا مقدر ہے یہی
اپنے حصے کا نوالہ، اس کی تسکین کا فریبِ جاوداں!
چشمِ بینا۔ اضطرابِ خونِ دل
منتظر رہتے ہیں، لیکن حسنِ پنہاں کے لیے
عظمتِ انساں کا یہ معیار ہے
عظمتِ انسان کا یہ معیار ہے

آب جو میں تیرتی مچھلی کا دھندلا نامکمل سایہ
علم کا، حق کا یہ دیرینہ سراب

آج تک ٹھہرا بصارت کا فریب
جسم گرچہ تودۂ خاکِ حسیں
جسم کرتا ہے مسلسل اختیار
شیرِ مادر
مہرِ مادر
عظمتِ ہستی کا بے پایاں وقار

یہ ہماری کائنات
کھولتی ہے بند مٹھی، لمحہ لمحہ مجتمع ہوتا ہے اک انبار میں
سنگِ ماضی سے کبھی ٹکرا کے ہو جاتے ہیں ہم
بے قرارِ حسرتِ نو، ہم اسیرِ خاکِ نو
ہم گرفتارِ فریبِ لطفِ نو

یہ شمارِ رائیگاں
علم و حق کی روشنی سے کس قدر بیگانہ ہے،
دشمنِ نورِ بصارت، دشمنِ منزل ہے یہ
دورِ نو!
روح اس کی مختلف تو ہے مگر
وعدۂ نو منزلِ نو کا بدل ہرگز نہیں
آخری مقصد نہیں

نقش وہ زندہ ہے،
جو ماضی کے روشن دائروں سے
لمحۂ موجود کی تزئین کا کرتا ہے پیہم انتظام
اسپ ناکارہ ہے، وہ ایک بانجھ گائے کی طرح بے کار ہے
ذہن جب ہوتا ہے صیدِ حرفِ نو

ہر قدم پر سایۂ افسوں پہ ہوتا ہے نثار
ہر قدم پر تازہ ٹھوکر کا شکار

ترجمہ: بلراج کومل

۱۹۶۰ء کے بعد



گجراتی شاعری

وارث علوی

گجراتی میں "مدھیہ کال" شاعری صوفیانہ اور بھکتی دادکی شاعری رہی ہے۔ نرمد اور دلپت رام کا عہد اصلاحی شاعری کا دور رہا ہے جو زمانی اعتبار سے حالی اور سرسید کے عہد کا متوازی ہے۔ ان کے بعد کا زمانہ نہانالال اور بلونت رائے ٹھاکر کا زمانہ ہے، جس میں رومانی، جمالیاتی اور کلاسیکی شعری رجحانات ساتھ ساتھ چلتے رہے ہیں۔ ۱۹۳۰ء کے بعد اماشنکر جوشی اور سندرم کی نسل اپنے شباب پر رہی ہے۔ اور اسی نسل کے حاوی شعری رجحانات ایک بہتر زندگی اور معاشرہ کی قدروں کی تلاش و جستجو کے حامل رہے ہیں۔

بین الاقوامی سیاسی انقلابات، آزادئ ہند کی جدوجہد، اشتراکیت اور گاندھی واد کے اثرات کے ساتھ ساتھ قومی زندگی کی تہذیبی بنیادوں اور اپنے روحانی ورثہ کا احساس اس نسل کی شاعری کا فکری پس منظر مہیا کرتا ہے۔ ایسی شاعری کا لب ولہجہ احتجاجی کم اور غنائی زیادہ ہے۔ اس نسل نے ہیئت، موضوع اور اسلوب میں بھی اہم تجربات کئے۔ لیکن ایسے تجربات کے پس پشت چونکہ زبردست روایتی شعور کارفرما تھا، اس لئے وہ بغیر کسی ہڑبونگ یا اودھم گے گجراتی شاعری کے عام روایتی دھارے میں سموئے گئے۔ جوشی اور سندرم کی نسل تخلیقی اعتبار سے اب بھی سرگرم عمل ہے۔ اور ان کے تخلیقی سوتے خشک نہیں ہوئے۔ لیکن ان کی بعد کی نسل نرنجن بھگت، ہنس مکھ پاٹھک، اور پریکانت منیار کا گروپ ـــــ شعلۂ مستعجل ثابت ہوا۔ سوائے منیار کے جو آج بھی مسلسل خوبصورت شعری تخلیقات سے آسمان ادب کو چمکا رہے ہیں۔ اس گروہ کے اکثر و بیشتر شاعر ایک عرصہ سے خاموش ہیں۔ جدید شعری رجحانات کو سمجھنے کے لئے اس گروہ کے شعری کارناموں پر نظر رکھنا ضروری ہے۔

نرنجن بھگت ایک انتہائی باشعور فنکار ہیں۔ اور ان کا مغربی ادبیات خصوصاً شاعری کا مطالعہ بے مثال ہے۔ ان کی شاعری گجراتی ادب میں سنگ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ان کی شاعری کا لب ولہجہ اہتزاز اور احتجاج کی دو آوازوں سے بنا ہے جو کبھی ایک نہیں ہو پاتیں۔ مسرت و ابتہاج کے گیت وہ رومانی غنائیت میں ڈوبی ہوئی آواز میں گنگناتے ہیں۔ لیکن جدید صنعتی معاشرہ نے فرد کو جو مخصوص جذباتی تجربات دیئے ہیں ان کے بیان میں ان کا لب ولہجہ ایک عصابی جھنجھلاہٹ، ایک بے شرعنابی کیفیت اور ایک بے بس اور بے حاصل احتجاجی پکار کا حامل ہو جاتا ہے۔ اسی لب ولہجہ نے ان کے شعری اسلوب کو ایک ایسا کراراپن اور سختی دی ہے جو مشینی عہد کے انسان کے سخت کھردرے اور غیر لطیف تجربات کو بیان کرنے کے لئے بہت موزوں ہے۔ کچکچاتے ہوئے دانتوں اور بھنچے ہوئے ہونٹوں میں سے پھنکارتے ہوئے جو الفاظ نکلتے ہیں، ان میں غم و غصہ کے بگولوں کی سنسناہٹ سنائی دیتی ہے۔ نرنجن بھگت کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے مشینی عہد کی روح، اس کی آواز اور اس کے پیکر کو اپنے نغموں میں نہایت کامیابی سے پیش کیا۔ ہوائی جہاز، ریل، موٹر، سینما،

میوزیم، اکویریم، اسپتال، تاربرتی، کولتار، پیٹرولیم، رولرانجن، وغیرہ سے انہوں نے شعری پیکر تراشے۔ ان کی صداؤں کو الفاظ میں بند کیا۔ ان کے رنگ و بو کے حسی اظہار کے لئے نئی لفظی تراکیب تراشیں اور اس مشینی لینڈ سکیپ کی تصویر کشی کے لئے انہوں نے ایسے الفاظ کا بے دھڑک استعمال کیا جو عرصہ سے شاعری کی دنیا میں داخل ہونا چاہتے تھے۔ لیکن ہو نہیں سکتے تھے۔ مختصر یہ کہ نرنجن بھگت نے شاعری کے ایوان میں نئی زندگی کے عام تجربات اور نئی تمدنی علامتوں کو داخل کیا۔

یہ بات یاد رکھئے کہ فرد کی تنہائی، زندگی کی بے معنویت اور مشینی عہد کی بے مقصد تواتر اور بے کیفی سے بھری ہوئی فرد کی زندگی کا احساس ان شاعروں کے یہاں آج بھی ایک معاشرتی قدر کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور اس بے پناہ اکراہ اور ابکائی میں بدلنے نہیں پایا جو ان کے بعد کے شاعروں میں نظر آتا ہے۔ گویا کہ اس نسل کے پاس ابھی قدر کا احساس باقی ہے جس کا ثبوت نرنجن بھگت کے دوست اور ساتھی ہنس مکھ پاٹھک کی مشہور نظم "کسی کو کچھ پوچھنا ہے" سے ہوتا ہے۔ ایک بیل شمال سے جنوب کی طرف جاتا ہے لیکن مشرق سے مغرب کی طرف زناٹے سے آتی ہوئی بس کی ٹکر کھا کر چورا ہے پر ڈھیر ہو جاتا ہے تھوڑی دیر بعد جب مغرب کی طرف گئی ہوئی بس واپس لوٹتی ہے تو چوراہے پر خون کا صرف ایک داغ ہے اور گرم ہوا میں خون کی مہک ہے۔ یہ کہہ کر شاعر پوچھتا ہے "کسی کو کچھ پوچھنا ہے"۔

اس نظم کی موافقت اور مخالفت میں بہت کچھ لکھا گیا ہے چوراہا کراس روڈ ہے۔ لہٰذا صنعتی عہد کے صلیب کی علامت ہے۔ بیل نمبردار ہے یعنی قصائی کے ہاتھوں حلال ہونے والا ہی ہے۔ بس آدمیوں سے بھری ہوئی ہے جو محض اس واقعہ کے بے حس تماشائی رہتے ہیں۔ غرض یہ کہ جدید دور جو قدروں کی شکست کا دور ہے، اس میں مسیح اور صلیب کی علامت اپنی تمام روحانی قدر و قیمت کھو چکی ہے۔ اور نعم البدل کے طور پر ہمارا تمدن چوراہے پر . . . . . خون میں لتھڑے ہوئے بیل کے سوا کچھ نہیں دے سکتا۔ یہ نظم گویا جدید تہذیب کے روحانی بانجھ پن کا مرثیہ ہے۔ قدروں کا احساس اس مرثیہ کو معنویت عطا کرتا ہے۔ لیکن جب قدروں کا احساس ہی فنا ہو جائے تو واویلا کا شور ہر سمت سے بلند ہوتا ہے لیکن کوئی نہیں جانتا کہ یہ نوحہ گری کس کے لئے ہے۔ ۱۹۶۰ کے بعد کی نظموں میں اقدار کا معاملہ کھٹائی میں پڑ جاتا ہے۔

اس صورت حال کو آپ ایلیٹ کے ہیملٹ کے تجزیہ سے سمجھنے کی کوشش کیجئے۔ ایلیٹ کا کہنا ہے کہ ہیملٹ کی تخلیق کے وقت شیکسپیئر جس احساس تلے کام کر رہا تھا اس کی نوعیت وہ متعین نہیں کر سکا۔ لہٰذا اس احساس کے اظہار کے لئے وہ کوئی مناسب اور موزوں خارجی تلازمہ تشکیل نہ دے سکا۔ خود ہیملٹ اکراہ، بے بضاعتی اور بے مائیگی کے جس احساس تلے دبا جا رہا ہے اس کا خارجی سبب وہ جان نہ سکا۔ بظاہر تو ہیملٹ کی ماں گرٹرڈ یوڈ کا جرم اس کراہت کا سبب معلوم ہوتا ہے۔ لیکن ملکہ اس قدر ارزدہ شخصیت کا کردار ہے کہ ہیملٹ کی نفرت کا دھارا اسے اپنی موج سیال میں ڈبوتا ہوا آگے نکل جاتا ہے۔ مطلب یہ کہ شیکسپیئر اور ہیملٹ انسان زندگی اور کائنات کے متعلق جو حقارت رکھتے تھے اس سے شیکسپیئر خود واقف تھا ایلیٹ نے ہمیں یہ واضح طور پر نہیں بتایا لیکن اس کے ایک دو اشاروں سے پتہ چلتا ہے کہ وہ دراصل الزبتھن عہد کی عام ذہنی اور دانشورانہ فضا کے مطالعہ کی طرف ہمیں راغب کرنا چاہتا ہے۔ مثلاً ان فکری میلانات کا مطالعہ جنہوں نے انسان کو خلاصۂ کائنات کے درجہ سے ہٹا کر ایک حقیر اور معمولی وجود کی شکل میں پیش کیا۔ اور انسان انسانی معاشرہ اور کائنات کے متعلق جو درجاتی نظام ترتیب Hierarchy قائم تھی اسے توڑ پھوڑ دیا۔

اب اس مثال کی روشنی میں آپ جدید گجراتی شاعروں کے رویہ کو دیکھئے ایک بے پناہ احساس اکراہ ہے، جس کا اظہار وہ اپنی نظموں میں چاہتے ہیں لیکن اپنے اس احساس کو وہ واضح اعاگر اور نمایاں نہیں کر سکتے۔ ۱۹۶۰ء کے بعد کے نئے شاعروں کی تخلیق کردہ تمام تر شاعری پتہ اچھلنے والی شاعری ہے۔ اس شاعری کا رنگ پیلا، تزاکڑوا، کسیلا اور اس کا لب و لہجہ افسردہ بدمزاجی اور بے نام جھنجھلاہٹ سے ترکیب پاتا ہے۔ غیظ و غضب نفرت و حقارت، افسردگی اور اضمحلال، بے مائیگی، بے معنویت، جلاوطنی، اجنبیت اور تنہائی کے مرکبات سے ایک شدید اور بلاخیز احساس پیدا ہوا ہے۔ جو اس نسل کا امتیازی نشان ہے اور جسے ہم متلی کا احساس کہہ سکتے ہیں۔

اس احساس کی نشان دہی نہ صرف نئی نظم کے موضوعات میں ہوئی ہے بلکہ نئی نظم کی پوری ذہنی فضا شعری پیکروں اور اسلوب و لفظیات میں بھی اس کی کارفرمائی نظر آتی ہے۔ مرگھٹ، قبرستان اور کھنڈر، گلتے جسم، کٹے ہوئے ہاتھ پاؤں، خون میں لتھڑے ہوئے گوشت کے ٹکڑے، گدھ، چمگادڑ، مکڑی، اندھیری رات، ٹوٹتا سورج، پیلا چاند،

بوسیدہ کواڑ، بند ہوتے دریچے، سلاخیں، سلاخوں کے سائے، زخم سے رستا لہو، اور اس پر مکھیوں کی بھنبھناہٹ، یہ نگارخانہ نئی شاعری کی Imagery کا ایک اہم حصہ ہے۔

پیپ بھرے کان میں جس طرح انگلی پچپچاتی ہے
اسی طرح یہاں کیچڑ میں ساون کی دھارا بہتی ہے
(ہری کانت منیار)

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نئے شاعر فرانسیسی انحطاط پسندوں کو نئے سرے سے دریافت کر رہے ہیں۔ یہ Imagery ان کے طرز احساس کی نمائندہ ہے۔ ان کی Imagery کی دوسری خصوصیت اس کی Plasticity ہے۔ شعری پیکر کیمیاوی سیالی مادوں کی مانند بہتے ہیں۔ ایک دوسرے میں مل کر نئی صورت اور نیا رنگ پیدا کرتے ہیں اور ترکیب و تشکیل کا یہ سلسلہ کچھ اس قدر غیر پابند طریقہ پر جاری رہتا ہے کہ پوری نظم شعروں پیکروں کے کیمیاوی امتزاج کا ایک طلسم بن جاتی ہے۔ نئی نظم کی لامرکزیت کو اگر کوئی چیز سنبھالتی ہے تو وہ تازہ بتازہ اور نو بنو شعری پیکروں کا ایک انتہائی پرکشش جال ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اکثر و بیشتر نئے شاعروں نے شعری پیکر کو ہی شاعری کا اول و آخر سمجھا ہے اور اس طرح وہ ایک بدترین قسم کی ہیئت پرستی کا شکار ہو گئے ہیں۔ یہ ہیئت پرستی حرکی نہیں بلکہ انفعالی ہے۔ کیونکہ اس میں شاعر ایک بے دست و پا آدمی طرح پیکروں کی موجوں پر بہتا چلا جاتا ہے۔ یہ پیکر تخیلی کم اور لفظی زیادہ ہیں۔ یعنی ایک لفظ جو تلازمات لے کر آتا ہے وہ تلازمات آگے چل کر بذات خود ایک پیکر کی صورت اختیار کر لیتے ہیں اور اس طرح شعری پیکر تخیل کی بجائے الفاظ کے تلازمات سے پیدا ہوتے جاتے ہیں۔ اکثر تو یہ محسوس ہوتا ہے کہ تخلیق شعر کا محرک کوئی حسی تجربہ نہیں بلکہ محض ایک لفظ ہے جو شاعر کے ذہن میں تلازمات کی لہریں پیدا کر دیتا ہے اور شاعر کا ذہن ایک استعارے سے دوسرے استعارے، ایک پیکر سے دوسرے پیکر کی طرف اس طرح کودتا اچھلتا جاتا ہے جس طرح کسی پہاڑی ندی کے کنارے آئے ہوئے پتھروں پر بچے کود پھاند کیا کرتے ہیں۔ یہ کود پھاند اس لئے نہیں ہوتی کہ بچے کسی خاص منزل پر پہنچنا چاہتے ہیں۔ بلکہ محض اس لئے کہ انہیں پتھروں پر پاؤں جمانے میں لطف آتا ہے اور ان کے لئے ہر وہ پتھر قابل قبول ہے جس پر ان کا پاؤں جم سکے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایسی نظمیں شعری پیکروں کا ایک الجھا ہوا ڈھیر معلوم ہوتی ہے اور افسوس اس بات کا ہوتا ہے کہ اس ڈھیر میں بعض نہایت ہی شفاف اور بلورین قسم کے پیکر ہوتے ہیں جو دوسرے ٹوٹے ہوئے، کھردرے اور ناتراشیدہ پیکروں میں مل کر غارت ہو جاتے ہیں۔

چنانچہ جدید نظم پر ذہین قاری کا اعتراض اب یہ نہیں ہے کہ ان میں اشکال یا ابہام ہوتا ہے، بلکہ اس کا اعتراض نظم کے اہمال اور بے معنویت پر ہے۔ جدید قاری اس بات کو اچھی طرح سمجھتا ہے کہ ہیئت سے الگ نظم کا کوئی موضوع نہیں۔ اور نظم سے الگ نظم کے کوئی معنی بھی نہیں ہوتے۔ لیکن وہ اتنا سادہ لوح بھی نہیں کہ یہ بات نہ سمجھے کہ شعری جمالیات کا یہ تصور مہمل گویوں کے ہاتھ میں اپنی بے سروپا نظموں کے بچاؤ کا حربہ بھی بن سکتا ہے۔ اور اکثر بنا ہے۔ چنانچہ ایسی نظموں کو دیکھ کر وہ فوراً چوکنا ہو جاتا ہے جن کے استعارات اور شعری پیکر الفاظ کے تلازمات سے پیدا ہوتے ہیں اور کسی بھرپور شعری تجربہ کی تخلیق نہیں ہوتے۔ الفاظ رنگ نہیں ہیں جنہیں ایک دوسرے سے ملا کر ایک نیا رنگ پیدا کر لیا جائے۔ مصور رنگوں کی آمیزش فنی تقاضوں کے تحت کرتا ہے اور اس آمیزش سے جو رنگ پیدا ہوتا ہے اگر وہ تصویر کے فنی تقاضے کو پورا نہیں کرتا تو نئی آمیزش کی تلاش و جستجو میں سرگرم ہو جاتا ہے۔ تصویر سے قطع نظر محض رنگوں کی آمیزش میں دلچسپی طفلانہ ذہنیت کی آئینہ دار ہے۔ اسی طرح وہ شاعر جو محض الفاظ کی ترکیب سے نیا استعارہ یا نیا پیکر پیدا کرنا چاہتا ہے اور اپنے شعری تجربہ کی ضرورتوں کے تحت الفاظ اور استعارات کا استعمال نہیں کرتا، بدترین قسم کا ہیئت پرست ہے۔ کیونکہ اس کی دلچسپی شعری احساس کی نوعیت سے کم اور الفاظ اور استعارات کے گھاؤ پھراؤ سے زیادہ ہوتی ہے۔ کاغذ پر اندھیرا لکھ دیجئے اور استعارے کے لئے اس کے ساتھ کوئی بھی لفظ جوڑ دیجئے۔ اندھیرے کی دیوار اندھیرے کا پہاڑ، اندھیرے کا دریا، اندھیرے کا صحرا، اندھیرے کا نور، یا شبنم لکھئے، پھر شبنم کے موتی سے لے کر شبنم کی مچھلیاں اور شبنم کی مکڑیوں تک بے شمار تراکیب کی گنجائش ہے۔ سوال یہ نہیں کہ کونسی تراکیب جائز یا ناجائز اچھی یا بری ہیں۔ سوال یہ ہے کہ شاعر کی دلچسپی محض ان تراکیب میں ہے یا اپنے شعری تجربہ کے اظہار میں۔ تصویر کے فنی تقاضوں میں یا رنگوں کی آمیزش میں۔ لیکن نئی نظم میں کہیں ایسے شعری تجربہ کا احساس نہیں ہوتا۔ شاعر کا بے لگام اور

سیالی تخیل استعاروں اور شعری پیکروں کے جال بچھاتا ہے۔ لیکن یہ استعارے اس کے شعری تجربہ کی آگ سے بھڑکے ہوئے شعلے معلوم نہیں ہوتے بلکہ دیا سلائی سے پھوٹی ہوئی لو کی مانند غیر متعلق اور مصنوعی لگتے ہیں۔

اور اب تو
اندھیرے کے پہاڑ کے بھی پاؤں پھوٹے
شبنم کی مچھلیوں کو
سورج کی بھٹی سے باہر نکالو
کیونکہ اب میری آنکھوں کے
موٹے آنسوؤں سے
خلا کو میں بھول سکتا ہوں

(چینو مودی)

آدمی کے نام
اک چوہے کی
دائیں آنکھ میں موٹے سفید رنگ کے
پانچ نقطوں جیسی سات بلیاں پھد کے بغیر ہی گھٹ مرگئیں
تب
میرے گھر کی ٹین کی سیڑھی کا ایک زینہ
سرخ پتہ کی ادھ اڑی نیند کی مانند
یکایک بیٹھ ہو گیا۔

(منسر مودی)

کچھ یہی حال نئی شاعری کی علامتوں کا ہے۔ جب شاعر اپنے احساس کو Pinpoint کر لیتا ہے تو اس احساس کے اظہار کے لئے وہ نئی علامات تراشتا ہے یا پرانی علامات میں نئی معنویت پیدا کرتا ہے۔ مثلاً درویشی، قلندری اور بے نیازی کی صفات کیلئے اقبال نے شاہین کی علامت استعمال کی۔ ترقی پسندوں نے اندھیری رات اور سرخ سویرے کی علامات سے کام لیا۔ مغرب کے علامات پسند شاعروں کے یہاں علامتوں کا استعمال زیادہ پیچیدہ اور زیادہ وسیع تہذیبی نفسیاتی اور اساطیری اشاروں کا حامل ہے۔ لیکن نئے شاعروں کے یہاں یہی پتہ نہیں چلتا کہ ایک لفظ محض اسم ہے، نشان ہے یا علامت ہے۔ مثلاً شاید ہی کوئی نیا شاعر ہو جو سورج کا نام لئے بغیر شعر کہتا ہو۔ ایک رسالہ میں تو مسلسل چار نظمیں سورج پر کہی گئی ہیں۔ ان سینکڑوں نظموں میں جو سورج کے گرد چکر لگاتی ہیں یہ کہنا مشکل ہے کہ سورج سورج ہے یا علامت، اور اگر علامت ہے تو کیا سب شاعروں کے نزدیک اس علامت کی ایک ہی معنویت ہے۔ بات یہ ہے کہ نئے شاعروں میں بہت کم کے یہاں علامتوں کا شعوری احساس ملتا ہے۔ لیکن ان کے یہاں جس طرح سورج۔ چاند۔ دھوپ۔ کھڑکی۔ کواڑ۔ مکان۔ خرگوش۔ گرگٹ۔ سانپ۔ وغیرہ کا ذکر ملتا ہے۔ انہیں اگر علامتوں کے طور پر قبول نہ کیا جائے تو پوری نظم بے معنی ہو جاتی ہے۔ اور جب ان الفاظ کو علامتوں کے طور پر قبول کیا جاتا ہے تو خود شاعر ہمارا ساتھ نہیں دیتا۔ اور ان الفاظ کے ساتھ اس کا برتاؤ غمازی کرتا ہے کہ وہ خود انہیں علامتوں کے طور پر استعمال نہیں کر رہا۔

ایک در میں سے / دوسرے در میں جائیں اس طرح / دو طائم سفید خرگوش / ایک سینہ کے غار میں سے کود کر دوسرے میں در آئے / افق سے دریا تیر کر آیا ہوا سورج / کپڑے نچوڑتا ہوا / کنارے کی بھیگی ریت میں نقش پا چھوڑتا / پنتھ پر آکر کھڑا رہا / پتھر کھسکا / اور وہ خرگوش کبوتر بن کر / شہتیر کے غار میں اڑ آیا / اس وقت / سورج دو سیاہ دیواروں بیچ کچل گیا۔

(منی لال دیسائی)

غرض یہ کہ نئے شاعر کی سب سے بڑی الجھن اس کے اپنے احساس کا عرفان حاصل کرنا اور اس عرفان کے بعد اس احساس کے لئے موزوں اور مناسب اظہار کے وسائل کی تلاش و جستجو ہے اس کے احساس کے خلوص اور صداقت میں کوئی شک نہیں۔ اس کی نفرت۔ حقارت۔ کراہت۔ بے اطمینانی اور جھنجھلاہٹ برائے شعر گفتن نہیں۔ یہ احساس حقیقی اور سچا ہے ورنہ اس کا اظہار اتنی شدت سے نہ ہوتا گو یہ شدت اکثر فنکار سے باتھ دھو بیٹھتی ہے۔ کیونکہ جذبہ کا سیدھا سادا بیان بربریت کی طرف لے جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے محض فنکاری کو مقصد بنانا صناعی کو جنم دیتا ہے۔ فنی تخلیق ان دونوں کے بین بین چلتی ہے۔ (کینھ برک) محض جذبہ کا سیدھا سادا بیان بربریت کو کیسے جنم دیتا ہے۔ اس کی مثال دیکھئے۔

آج ان لوگوں کے چہرہ پہ تھوکنے کا دن ہے / تندوری چکن

کھانے کے بعد خلال سے دانت کریدنے کی مسرت وہ حاصل نہیں کر سکتے / چھری کانٹے کا استعمال بھی وہ نہیں کر سکتے / ہیں کلیجی کا سوپ پیتے دیکھ کر / ان کے پیٹ میں تیل گرتا ہے / سگرٹ کے دھوئیں کے مرغولوں سے / ایک دم گھٹ رہا ہے / چلو تب / ہم سب / پورا ڈائننگ ٹیبل اٹھا کر / اُن پر پھینک دیں

(مولی شری بام ۱۰۱)

محض صناعی کی مثال اس لئے نہیں دے رہا کہ نئے شاعروں کو فنکارانہ صناعی میں ذرا کم ہی دلچسپی ہے۔ اگر ہوتی تو کچھ توازن پیدا ہو جاتا۔ جذبہ اور فنکارانہ اظہار میں جو خلیج حائل ہے۔ اس کا سبب نئے شاعروں کے عجز بیان کو قرار دینا سادہ لوحی ہوگا۔ کیوں کہ انہی شاعروں کی بہت سی ایسی تخلیقات ہیں جو اُن کی قادر الکلامی کا ثبوت ہیں اور گہراتی شاعری میں اضافہ کی حیثیت رکھتی ہیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ ان نظموں میں کوئی دوسرا احساس کام کرتا ہے لیکن اس کا مطلب یہ ضرور ہے کہ وہی طرز احساس ان نظموں اور غزلوں میں زیادہ منظم طور پر ظاہر ہوا ہے اور یہ تنظیم احساس کی نوعیت کی آگہی کے بغیر ممکن نہیں۔ یہی عرفان ذات کی منزل ہے۔ لیکن یہ عرفان ذات ابھی مکمل اور ہمہ گیر نہیں، ہو بھی نہیں سکتا۔ کیوں کہ آج کے شاعر کی پیشانی پر اوماشنکر جوشی کا یہ مصرع کہ "میں ٹوٹا پھوٹا انسان ہوں" نوشتہ تقدیر کی مانند منقوش ہے۔ آج کا شاعر ایک جھنجلائے ہوئے بچے کی طرح اقدار و روایات کے کھلونے توڑ پھوڑ رہا ہے اور وہ یہ بھی نہیں جانتا کہ اُس کی یہ جھنجلاہٹ کس وجہ سے ہے۔ وہ کونسی چیز ہے جو اس سے چھین لی گئی ہے اور کس نے چھینی ہے اور کیوں؟ اس کے تمام جذباتی سہارے چھوٹ گئے ہیں اور اس کی بنیادی محبتیں مشکوک اور مشتبہ ہو گئی ہیں وہ اپنی دنیا میں آپ جلاوطن ہے۔ وہ انسان جسے احساس ہو کہ انسانوں کے بیچ پہنچے ہوئے عام انسانی مسرتوں اور رشتوں میں دلچسپی کھو بیٹھا ہے اور جو اپنی بنیادی اور جبلی وابستگیوں کو بھی مشکوک اور بے کیفی کی نظر سے دیکھتا ہے ایسے آدمی کا طرز احساس عبارت ہے ایک بے پناہ کراہت اور تھکن سے۔ آج کی نظم کا ایک بہت بڑا حصہ اسی کراہت اور تھکن کا اظہار ہے۔ ایک زمانہ تھا جب فنکار اپنے دشمن کو پہچان لیتا تھا اور سامراج۔ سرمایہ داری۔ عیاری اور ریاکاری کا نام سن کر للکار دیتا تھا اور تمام گولیاں داغ دیتا تھا۔ لیکن آج کے فن کار کی ذہنی کیفیت کی عکاسی اقبال کے اس شعر سے ہوتی ہے۔

میں سیاہ ناسزا لشکریاں شکستہ صف
ہائے وہ تیر نیم کش جس کا نہ ہو کوئی ہدف

اقدار، آدرش اور روایت سے عاری معاشرے میں اگر فنکار کی جذباتی کیفیت مبہم اور نامعلوم رہتی ہے اور اگر وہ اظہار کے مناسب سانچے اور علامتیں پیدا نہیں کر سکتا تو اس کا سبب فن کار کی فنکارانہ معذوریوں میں تلاش کرنے کے ساتھ ساتھ اُس کے شعری احساس کی Intractability — میں بھی ڈھونڈھنا چاہئے۔ تبھی ہم نئے فنکار کی ذہنی کشمکش کا صحیح اندازہ لگا سکیں گے۔ اس کے طرز احساس کی نوعیت کو اس وقت تک نہیں سمجھا جا سکتا جب تک کہ اس کے معاشرہ کی فکری اور اخلاقی بنیادوں کا فلسفیانہ ادراک نہ کیا جائے۔ یہ ادراک آج کے فنکار کے لئے بہت ضروری ہے کیونکہ اس کے بغیر وہ اپنے احساس کی نوعیت کو بھی متعین نہیں کر سکتا۔ اوماشنکر جوشی اکثر آٹوگراف بک میں ایک مصرع لکھا کرتے ہیں۔ "مجھے مانگے کے آدرش نہیں چاہئیں" آدرش فنکار کی روح کی بھٹی سے پگھل کر نکلتے ہیں جب بھی نئے فنکار کی قدروں کا احساس جاگ اٹھا ہے تو اُسے اپنے تجربہ اور تجربہ کے اظہار پر زیادہ ہی دسترس حاصل ہوئی ہے۔ چنانچہ ۱۹۶۰ء کے بعد کی شاعری میں نوجوان شاعروں کا ایک بہت بڑا گروہ ایسا نظر آتا ہے جن کے طرز احساس کا تعین کیا جا سکتا ہے اور جن کی شاعری خود آگہی اور عرفان ذات کی مختلف منازل سے گزرتی ہوئی اقدار کی تشکیل کی طرف قدم بڑھاتی ہے۔ دراصل شعری احساس کا تعین اور اس کے اظہار پر قابو کا مسئلہ ہر شاعر کے ساتھ لگا رہتا ہے لیکن آج کے شاعر کے لئے اس نے زیادہ شدت اختیار کر لی ہے۔ کیوں کہ آج شاعر موروثی قدروں اور مانگے کے آدرشوں پر قناعت نہیں کرتا۔

حاصل نہ کیجئے دہر سے عبرت ہی کیوں نہ ہو

آج کی شاعری کا موضوع ہے "فرد جو اپنی ذات کی ٹوٹی ہوئی کرچیوں کو اکٹھا کرنے اور اپنی سالمیت کی نفی کو معاشرے کے آکسیجن سلنڈر کے ساتھ جوڑنے کی کوشش کرتا ہے۔ لیکن یہ نفی ہے کہ بار بار ٹوٹ جاتی ہے اور وہ ضیق النفس میں گرفتار ہو جاتا ہے یہ فرد لمحوں کے تپوں سے گونجتے ہوئے وقت کے گنجان درخت کی ایک ذہنی پرایک بوزینہ کی مانند جھول رہا ہے۔ نیچے زمین پر کارخانوں۔ نائٹ کلبوں تجربہ خانوں۔ سیاست کے ایوانوں

(باقی ص ۹۶ پر)

لابھ شنکر ٹھاکر

یادداشت کے قالین پر

یادداشت کے قالین پر
پاؤں گھسنا چھوڑ دو ۔
یوں کرتے کرتے
تمہارا دایاں پاؤں تو گھس چکا ہے
اب صرف بائیں پاؤں کی مدد سے تمہیں
پیٹھ پر مکان اُٹھائے
سمندر کی ریت پر چلتے رہنا ہے
ابھی اُچھلتے سمندر کی آواز بھی
سُنائی نہیں دیتی
تمہارا سایہ پسینے سے بھیگ گیا ہے
چھوڑ دو یادداشت کے قالین پر پاؤں گھسنا
سمندر تو ابھی دُور ہے
پیٹھ پر ہے مکان کا بوجھ
تمہارے سائے کو یہ ریت پی جائے اس سے پہلے
پہونچ جاؤ سمندر کے جھروکے پر
جہاں سے اپنے کاغذ کے مکان کو
تم بہا سکو گے
بہے گا تب تک بہے گا
آخر کار بھیگ کر بہاؤ میں نچڑ جائے گا

ایک نظم

آج اُن لوگوں کے چہروں پر
تھوکنے کا دن ہے ۔
تندوری چکن کھا کر
دانتوں میں خلال کرنے کا لطف
بھی وہ نہیں اٹھا سکتے
چھری کانٹے کا استعمال بھی
نہیں کر سکتے
ہمیں لیور سوپ پیتے دیکھ کر
اُن کے پیٹ میں تیل گرنے لگتا ہے
سگریٹ کے مرغولوں سے
ان کا دم گھٹنے لگا ہے
آؤ اب
ہم سب ڈائننگ ٹیبل اُٹھا کر
اُن پر دے ماریں

عادل منصوری

پربودھ پریکھ

پاگل

چمگادڑ کی طرح وہ رات کو جنم لیتا ہے
حالاں کہ کبھی سورج بنکر جنم لینا بھی اُسے پسند ہے
کبھی اپنے سر میں سوراخ کرکے اُن میں دھاگا پرو کر وہ کھیلتا ہے
تو کبھی اپنے ہاتھ پاؤں ناک کان کاٹ کر قہقہہ لگاتا ہے
یوں تو اس کا گوشت ویدنا کے لوتھڑے سے بنا ہے۔ مگر وہ اسے
بنا سکتا ہے۔ اسکی چھاتی میں ہی آسمانوں کا گربھستھان ہے
اس آسمان سے لاوا روپی عفریت نکل پڑتے ہیں۔
اکثر اپنی پلکوں کے بال جلا کر اسے کھا جاتا ہے۔ دنیا کو جنم دیکر مار دیتا ہے۔
کبھی اپنی چمڑی راستے پر بچھا کر تھوکتا ہے پھر اسے کندھے پر ڈال کر چل دیتا ہے
کبھی اپنا سر توڑ کر تلوے سے چپکا دیتا ہے پھر اسے برہنہ کرکے آئینے میں
دیکھا کرتا ہے۔ اکثر زور زور سے چلّانے لگتا ہے۔ اس وقت وہ
کوئی وحشی اشور جیسا ہو جاتا ہے۔
اس سے دس پاؤں نکلتے ہیں۔ ہزار آنکھیں چپکتی ہیں
کروڑوں چہرے اُگ آتے ہیں
حالاں کہ وہ پاگل تو نہیں ہے
لیکن شہر کی سڑکوں پر
وہ خود کو پاگل کہتا دوڑتا رہتا ہے۔

۱۹۶۰ء کے بعد



مراٹھی شاعری

پربھاکر ماچوے

شاعری ندی کی طرح ہے۔ وہ آج جو کچھ ہے، وہ ماضی سے کٹی ہوئی یا الگ تھلگ نہیں ہو سکتی۔ مراٹھی زبان کی شاعری بھی آٹھ سو سال پرانی ہے۔ دوسری ہندوستانی زبانوں کی طرح اس میں بھی شروع کی چار صدیوں تک سنت شاعر ملتے ہیں جن کی شاعری بھگتی اور بیراگ کے جذبات سے بھرپور ہے۔ گیانیشور، نام دیو، تکارام، رام داس ایک ناتھ ایسے بڑے سنت شاعر ہوئے۔ ان کے بعد آئے پنت کوی یعنی سنسکرت پنڈت جو سنسکرت کے ڈھنگ پر شاعری کرتے تھے۔ رامائن مہابھارت پوران کو اپنا موضوع سخن بناتے تھے۔ وامن پنڈت اور مورو پنت مکتیشور اور شری دھر ایسے ہی شاعر تھے سنت شاعروں اور پنت شاعروں کے بعد شواجی اور پیشواؤں کے زمانے میں آئے، تنت کوی یعنی عوامی جو پواڈے گاتے تھے لاونیاں رچتے تھے۔ انہیں اردو کے لفظ شاعر سے بنے "شاہیر" بھی کہتے ہیں۔ اس مرحلے یعنی اٹھارویں صدی تک آتے آتے شاعری کا رُخ خدا کی طرف نہیں۔ راجہ اور سپاہی کی طرف ہو گیا تھا انگریزوں کے ساتھ ہمارے رابطے کے کئی اچھے بُرے نتیجے نکلے۔ شاعری بھی اب "گولڈن ٹریژری آف انگلش پوئٹری" پڑھ کر لکھی جانے لگی۔ تقریباً ایک صدی پہلے پیدا ہوئے "کیشوست" (کرشن جی کیشو دابھلے) اس طرح سے جدید مراٹھی نظم کے بانی مانے جاتے ہیں ۳۲ برس کی عمر میں مرے۔ اس غریب اسکول ماسٹر کی ۱۳۲ نظمیں اس کے مرنے کے بعد چھپیں۔ اس شخص کی فوٹو تک نہیں ملتی کیشوست نے "نیا سپاہی" "بھوک سے تڑپنے والے مزدور بچے" اور "اچھوت کے سوال" جیسے موضوعات پر اس زمانے میں نظمیں لکھیں۔ اس نے مراٹھی شاعری کو نیا موڑ دیا۔ اب شاعری کا مرکز و محور نہ عبادت گاہیں تھیں اور نہ دربار ہی۔ عام آدمی ہی اس کا موضوع تھا۔ اس بدلے ہوئے انداز نظر کے زیر اثر عوام کو تحریک و حوصلہ عطا کرنے والے گیت لکھے گئے۔ کسی نے پیچھے مڑ کر تاریخ سے تحریک لی۔ جیسے سوتنتریہ ویر ساورکر نے کسی نئے مستقبل پر نظر رکھی۔ سماج کی فرسودہ روایات کو نشانہ بنایا۔ بال کوی "شری گڈکری تامبے رومانی شاعر تھے۔ جوشیلے کیٹس اور ٹیگور و غالب سے متاثر ہوے۔ پونا میں سات شاعروں نے ملکر ایک روی کرن منڈل" قائم کیا جس میں ایک شاعرہ بھی تھی۔ یہ لوگ ہر اتوار کو ملتے چائے پیتے، شاعری سنتے سناتے، تنقیدی تبصرے کرتے۔ ان میں سے یشونت گریش مادھو جیولین (ڈاکٹر مادھو تربنک پٹوردھن جنھوں نے فارسی مراٹھی لغت بنائی اور مراٹھی میں کئی طرح کی غزلیں لکھیں: نیز عمر خیام کی رباعیات کا اصل فارسی سے اور فٹز جیرالڈ کے انگریزی ترجمے سے الگ دو ترجمے چھند میں کر کے دونوں کا

فرق بتایا) ملئے دیورانڈے بھی پیش پیش تھے۔ ان لوگوں نے اصلاحی اور سماجی موضوعات پر نظمیں لکھیں۔ یشونت کا ایک کھنڈ کاویہ بچوں کی جیل پر ہے انھوں نے نجی و داخلی غنائیت کو اپنی شاعری میں اتارا۔ بعد میں پرہلاد کیشو اترے نے "جھیندوچی پھولے" (میری گولڈز) لکھ کر اس طرح کی چھایا وادی رومانی شاعری کی خوب پیروڈی کی۔

یعنی ۴۷ء سے پہلے اگر کسی بڑے شاعر کا نام لیا جائے تو ترقی پسند شاعر آتمارام راوجی دیش پانڈے انل کا ہے۔ انل نے سنگیت میں آزاد نظم اور شاعری میں سماجی اور شخصی پہلوؤں کو کرکے کامیابی حاصل کی ہے۔ مگر بعد میں انہوں نے سماجی موضوعات پر لکھنا چھوڑ دیا۔ دوسرا بڑا نام جو پچھلی جنگ عظیم کے بعد سامنے آیا وہ بال سیتارام مرڈھیکر کا تھا۔ وہ بھی بہت چھوٹی عمر میں ۱۹۵۹ء دلی میں یرقان کا شکار ہو گئے انہوں نے اپنی نظموں سے مراٹھی میں سریلزم کی داغ بیل ڈالی "کاھی کویتا" (کچھ نظمیں) نام کے ان کے نظموں کے مجموعے کو سینسر کی کڑی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا۔ تاہم وہ اس مقدمے سے بری ہو گئے۔ "آپاتن کاہی کویتا" (اور کچھ نظمیں) میں ان کے تیور اور بھی تیکھے ہو گئے۔ انکی ان نظموں میں طنز اور متانت کا بڑا موثر امتزاج پایا جاتا ہے۔ انہوں نے مراٹھی شاعری کو ایک نیا لب ولہجہ دیا۔ سن ۶۰ سے پہلے کا دور یوں کہنا چاہیے کہ مراٹھی مرڈھیکر اور ان کے متعدد شاگردوں کا دور تھا من موہن ناتھ اپنے طریقے سے ہندو مسلمان فساد اور ۴۷-۴۸ کے دنگوں کو موضوع سخن بنائے ہوئے تھے۔ اس زمانے کے شاعر ا۔ دی بھاوے نکمب کانت اب اتنے یاد نہیں کئے جاتے لیکن مرڈھیکر کے بعد ان جیسا دوسرا شاعر ابھی مراٹھی میں پیدا نہیں ہوا۔ مرڈھیکر نے جمالیات پر بھی لکھا ہے۔ ساہتیہ اکادمی نے ان کی موت کے بعد ان کے مضامین کے مجموعے "سوندریہ آنی ساہتیہ" کو انعام دیا۔ Arts and Men ان کی انگریزی میں مشہور کتاب ہے۔

سن ۶۰ء کے بعد مراٹھی شاعری میں کیا ہو رہا ہے؟ اس سوال کا جواب یہی ہے کہ جو حالات ہندوستان کی دوسری زبانوں میں ہیں وہی کم و بیش مراٹھی میں بھی ہیں۔ اس وقت شعرا کی متعدد نسلیں ایک ساتھ شاعری کر رہی ہیں اور بزرگوں میں راج کوی یشونت (یشونت دن کر پیندھر کر) نے چھترپتی شواجی مہاراج پر رزمیہ لکھی ہے۔ گ۔ دی ماڈگولکر کی "گیت رامائن" بڑی ہی مقبول ہوئی۔ اس کا ہندی ترجمہ عمیق حنفی نے کیا ہے۔ گوآ کے گیت کار بال کرشن بھگونت بورکر مہاتما گاندھی پر ایک رزمیہ "مہاتماین" لکھ رہے ہیں جو شاید اس گاندھی صد سالہ تقریب کے موقع پر شائع ہو جائے۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ جن شاعروں نے قریب تیس چالیس سال پہلے مراٹھی شاعری میں نیا دور شروع کیا اُن کا اور ان کے بعد کی نسل نے اس دس برس کے عرصے میں کیا کچھ تخلیق کیا؟

آتمارام راوجی دیش پانڈے انل کی مختصر نظموں کا ایک مجموعہ "سانگاتی" (ساتھی) نکلا ہے۔ انل نے دس دس مصرعوں میں اپنی زندگی اور تجربات کے سہارے ساری کائنات کے بارے میں بڑی گہری باتیں کہی ہیں۔ ان میں غزل جیسا لطف ہے۔ پرشوتم شورام ریگے کا مجموعہ کلام "دوسرا پکشی" (دوسرا پرندہ) شائع ہوا ہے جس میں وہ زین نظموں کی طرح بے حد کفایت سے کام لیتے ہیں، وہ علامت پسند تھے مگر اب آہستہ آہستہ لفظوں کی نئی بناوٹ میں اور الفاظ کے درمیانی خلا میں ان کی دلچسپی بڑھتی جاتی ہے۔ انہوں نے مراٹھی نظم کو ایک دلکش سادگی دی ہے۔ جس کی وجہ سے وہ بول چال کی زبان کے اور قریب آ رہی ہے۔ اس دور میں ۱۹۴۲ء میں انقلاب کا نعرہ بلند کرنے والے کسوماگرج (وا۔ دی۔ شکھاڈکر) ادھر بہت دنوں سے خاموش سے ہیں۔ ناٹک وغیرہ لکھتے رہے وہ غالب کا ترجمہ مراٹھی نظم میں کر رہے ہیں

۱۹۴۰ء اور ۱۹۵۰ء کے درمیانی عرصہ کے مقبول شاعروں میں وا۔ را کانت وسنت باپٹ، منگیش پاڑگاؤنکر، اور ویندا کرندیکر کا ایک مجموعہ ۶۰ کے بعد چھپا ہے۔ کانت کی "ویلانٹی" (زیر زبر) باریک بینی اور حسن بیان کا اچھا نمونہ پیش کرتی ہے۔ وہ مراٹھواڑہ یعنی پرانی ریاست حیدرآباد کے ہیں۔ وہ اُردو جانتے ہیں۔ اُن پر اُردو کا گہرا اثر ہے۔ وسنت باپٹ نے اپنا پرانا رنگین اسلوب برقرار رکھا ہے۔ وہ عوام کے شاعر ہیں اور اداکار بھی۔ پوواڑے گاتے ہیں تماشے بھی لکھتے ہیں۔ سنسکرت کے پروفیسر ہیں۔ انہوں نے حال ہی میں سارے ملک کا دورہ کیا ہے۔ وہ یوگوسلاویہ بھی ہو آئے ہیں۔ اُن کی شاعری کا موضوع "کوسوں گرج" کی طرح آج بھی سماجی بیداری ہے۔ لیکن آج کی نظم وہ پڑاؤ چھوڑ کر آگے نکل آئی ہے۔ منگیش اور وندا ضرور نئے تجربے کر رہے ہیں۔ منگیش کی نظم "پرش سنگھ" کا ادھر خاصہ چرچا رہا۔ اس میں آج کے لیڈر کا پورا کردار اس کی تمام تر خصوصیات کے ساتھ نمایاں کیا گیا تھا۔ وندا کے نئے مجموعے "جاتک" میں اُن کی پرانی ہی نظمیں ہیں۔ لیکن "نہرو ۱۹۶۲" یا "شکاگو میں لکھے سانیٹ" اور "سوکتون" میں اس نے بڑی جرأت سے تجربے کئے ہیں۔

اس کے بعد واضح لفظوں میں کوئی ایک نام نہیں لیا جا سکتا۔ کئی شاعرات اندرا سنت، پدما گولے، پدما لوشر، انورادھا پوتداو، وسودھا مانے، پربھا گانا دیکر وغیرہ نے بڑی لطیف اور رواں دواں شاعری کی ہے لیکن

ادھر کوئی ایک مجموعہ ۶۰ء کے بعد ایسا نہیں بتایا جا سکتا جو سب سے الگ ہو۔ ہاں ترقی پسند شاعر سریندر رکھتی بودھ کا "ماترک" کے بعد ایک مجموعہ چھپا ہے اس مجموعے کا اور نارائن سروے کے دو مجموعوں "ایسا من برہم" (ایسا من برہم) اور "مانجھے دو دیا پیٹھ" (میرا دودیا پیٹھ) کا مراٹھی رسائل میں بڑا تذکرہ رہا ہے سروے کا تعلق مزدور جماعت سے ہے۔ انہیں اُردو آتی ہے اور ان کا اپنا ایک رنگ ہے۔ ان کی کئی نظمیں ماھکولکی کی یاد دلاتی ہیں۔

اور بھی نئے شاعر ہیں جو بیٹلوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے گالی گلوچ سے پرہیز نہیں کرتے مثلاً شوک سہائے، ارن کولٹکر، راجہ ڈھالے ڈھالے وغیرہ ان لوگوں کے چھوٹے چھوٹے رسالے "آسو" فقط" ہندشک واچا" وغیرہ نکلے لیکن زیادہ دن نہیں چلے۔ یہ لوگ اپنے مجموعے خود شائع کرتے ہیں۔ جیسے ستیش کالیکر اور چندر کانت کھوت وغیرہ ان نارائن نوجوانوں میں تڑپ ہے۔ رہا نگر کی سب برائیوں کے لئے کڑھاوٹ ہے۔ جھلاہٹ ہے صحیح تعلقات کی تلاش ہے۔ غصہ ہے مایوسی ہے مگر شاعری میں اتنا ہی کافی نہیں ہوتا۔ ان سب کے پیشرو اور اب اپنے آپ میں بہت ہی مسلم شاعر ہیں۔ دلیپ پرشوتم چترے۔ آپ نے انگریزی میں ایک انتھالوجی آف میڈرن پوئٹری بھی شائع کی ہے جس پر خاصی لے دے بھی ہوئی ہے اس کا دیباچہ ایک نوجوان کے انداز میں لکھا گیا ہے چترے کے یہاں جنسیت کی علامتیں بہت واضح ہے وہ ان نظموں میں سماج سے بے پروا قلندر کا سا انداز رکھتے ہیں۔ ان کی سات غیر ملکی شاعروں کے تنقیدی مطالعے پر مبنی کتاب مشہور ہے۔

مختصر نئی مراٹھی شاعری آج ایک چوراہے پر کھڑی ہے۔ فضا صاف نہیں اور سمت واضح نہیں۔ عوام کے دل و دماغ میں تشدد کا غبار ہے جیسے کوئنا کا جھنجھال رہ رہ کے یاد دلا رہا ہے کہ شاعری سے اور بڑی طاقتیں کہیں گرج رہی ہیں۔ بیچارہ شاعر بارش ثابت ہوگا یا بجلی کی کڑک، یہ آپ خود شاعری پڑھ کر سمجھ لیں۔ آج شاعری کے میدان میں کوئی ایک رجحان بہت ابھر کر سامنے آ رہا ہو تو وہ اینٹی ماریلزم یعنی قاعدوں اور روایتوں کی شکست و ریخت کا ہے ۶۰ء سے پہلے نو کلاسکیت کا رجحان عام شاعر اپنی عقیدت، اعتقاد کو تقویت پہنچانے کے لئے (archetype) علامتوں کی طرف توجہ کرتے تھے۔ ان کی شاعری میں 'دروپدی اور کرن' 'اشوتھاما' 'ابھیمنیو' سجاتا اور چانگونا اور ایسی متعدد دیومالائی تلمیحیں مل جاتی تھیں لیکن ۶۰ء کے بعد کا شاعر جیسے تاریخ سے بے تعلق ہو گیا ہے۔

سوشلزم، جمہوریت اور سیکولرازم نہرو عہد کے یہ تینوں آدرش اب جیسے اس نئی نسل کے لئے تشنۂ تعبیر خواب کی مثال ہیں۔ رہ نماؤں کے نعرے اور وعدے انہیں کھوکھلے لگنے لگے ہیں طلسم ٹوٹنے کی کڑواہٹ اور سارے وجود کو جھنجھوڑنے کی ایک عجیب کیفیت ان شاعروں کے یہاں ہے اسے ایک معنی میں وہ existentialist بھی کہہ سکتے ہیں یعنی جو باتیں شاعر مان کر چلتے تھے، جیسے اب نہیں رہیں۔ مثلاً شاعر یہ مان کر چلتا تھا کہ اس کا کوئی سننے پڑھنے والا پرانے سنسکرت شعبدوں میں سہ ہردیہ" یا "رسک" کوئی ہے۔ لیکن اب ویرانی اور اجنبیت کی یہ کیفیت ہے کہ آوازیں بھی لوٹ کر چلی آتی ہیں جیسے کوئی سننے والا نہیں رہا کوئی "آہ" اور واہ کرنے والا نہیں رہا۔ یہ عالم کہ جیسے سب کے سب مشین کے بے جان پرزے بنتے جا رہے ہوں۔ یہ عوامل شاعری کے لئے ایسی فضا تیار کر دیتے ہیں کہ وہ چیخ اٹھتا ہے۔ گالی گلوچ کرنے لگتا ہے ساری دنیا سے بے تعلق سا ہو کر قلندر بن جاتا ہے۔ ایک ماہنامے نے تو اپنے سرورق پر "بریل" میں ایک نظم چھاپی ہے جو صرف اندھے ہی پڑھ سکتے ہیں

کچھ عرصہ پہلے بمبئی کے مراٹھی کے ایک اہم روزنامے نے "چالو نظم" کے عنوان سے چار ہفتے تک یہ سب نئی تجرباتی چیزیں چھاپیں۔ ان پر پڑھنے والوں کی رائے بھی چھاپی۔ تین نقادوں کے سنجیدہ مضامین بھی۔ اس سے پتہ چلا کہ بمبئی کے ان حساس ذہنوں کے اندر کتنی آگ اور کتنا تیزاب چھپا ہوا ہے۔

پرانی قدروں پر جب حملہ ہوتا ہے تو روایت پسندوں کی طرف سے پہلی آواز ابھرتی ہے "بے اخلاقی ہے بے اخلاقی ہے" ان نئی ابھرتی ہوئی آوازوں کو دبانے کے لئے انہیں سماج دشمن ضبط و نظم کا مخالف مذہب اخلاق سے منکر اور مصنوعی کہا جاتا ہے۔ مراٹھی میں بھی یہ سب کچھ ہوا۔ حال ہی میں بمبئی میں ایک مذاکرہ ہوا جس کا عنوان تھا "نئی ناراض نسل کی تخلیقات کس حد تک دیانتداری پر مبنی ہیں"

ظاہر ہے کہ ایسی نظم کے پڑھنے والے بہت ہی کم ہوتے ہیں چھوٹے چھوٹے رسالوں کے خریدار بھی زیادہ نہیں ہوتے لیکن ایک بات صاف ہے اب نظم سے رومانی دھند چھٹ چکی ہے۔ نعرے بازی سے بھری مینوفیسٹو اور خطیبانہ لب و لہجہ اور مصنوعی سیاسی نظم بھی اب جنس کا موضوع ہو گئی یعنی بے معنی ہو گئی ہے۔ اب رہ گئی ایک طرح کی خود کار تخلیق (automatic writing) والی آسان نظم۔ جیسے کوئی مریض بیچ بیچ میں کراہ اٹھتا ہے۔ جیسے کوئی بھیڑ اکیسیں مارتا ہو۔ مگر علاج کسی کے پاس کوئی نہیں ہے۔ اس شاعر کو کبھی اپنے لاشعور میں اترے ہوئے سنسکار یاد آتے ہیں کبھی وہ لوک گیت اور بولی سے تحریک

لیتا ہے۔ کبھی اسے اپنے ضائع جانے کا احساس پریشان رکھتا ہے اور اس طرح یہ شاعری بہت کچھ نامعقولیت کے قریب آتی جاتی ہے۔

پہلے شاعری سماج کے باعزت اونچے طبقے کی اجارہ داری تھی۔ درمیانہ طبقے کے بابوؤں کے لئے ایک ذہنی عیاشی تھی ایک شغل تھا۔ اب وہاں کئی طرح کے لوگ آنے لگے ہیں۔ اُرن کولٹکر یا آنند یادو۔ نیماڑے یا انگلے یا پوار، میشرام یا سروے۔ گورو ناتھ دہری، ساونت اور ایسے متعدد نئے نئے شاعر عوام کے نمائندے ہیں۔ اُن میں کسی قسم کے inhibitions) نہیں ہیں۔ پُونا کی چٹیاں دھاری پنڈت منڈلی کے مسائل اُن کے مسائل نہیں ہیں وہ عوام کے درد کو بہت نزدیک سے جانتے ہیں۔ اس لئے اُن کی زبان بھی اس طبقے کی زبان کے بہت قریب ہے۔ مراٹھی نظم میں ہیئت مواد دونوں کے اعتبار سے ایک ہلکا پن پیدا ہو رہا ہے۔ اسے مراٹھی کے مسلمہ نقادوں کی پوری ہمدردی ابھی حاصل نہیں ہو پائی۔

ساتھ ہی مراٹھی نظم میں باریک بینی کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے۔ گریس کی نظموں میں "شام کی کویتائیں" یا مہانارے کی نظموں میں "جنگل کی کویتائیں" اس کی مثال ہیں۔ دنیا کی ساری عظیم شاعری میں ایک ایسا تجریدی حصہ ضرور ہوتا ہے جو محسوس کیا جاتا ہے مگر سمجھایا نہیں جا سکتا۔ مراٹھی میں یہ ناقابل وضاحت دل کشی آتی جا رہی ہے۔ تاہم کسی ایک بڑے شاعر کا نام لینا مشکل ہے۔ البتہ کئی نظمیں کئی مصرعے ایسے ہیں جو دنیا کی اچھی سے اچھی شاعری کے مقابلے میں پیش کئے جا سکتے ہیں۔ مغرب میں ازرا باونڈ یا کمینگز یا اراگان یا لیپرس نے، اکٹوویو پاز یا انسینتس بیرگر نے جو کچھ کیا ہے اس سے مراٹھی شاعر کسی طرح پیچھے نہیں، دقت صرف ترجمے کی ہے۔

بقیہ: تمل شاعری

اسی امر کے پیش نظر بعض شاعروں نے یکسر دوسرا رویہ اختیار کیا ہے وہ مغربی انداز کی آزاد اور معری نظمیں کہنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس گروپ کے معدودے چند شاعر بڑے بلند آہنگ ہیں۔ ان کی ہیئت اور مواد دونوں کے اعتبار سے اجنبی دکھائی پڑتی ہیں۔ اور ..... شاید یہی وجہ ہے کہ تمل شاعری میں آزاد نظم لانے کی کوشش ناکام رہی ہے۔ آج بھی اس کا چلن عام نہیں ہو پایا۔

آرتی پربھو

قصہ گلابوں کا

مہکے ہوئے گلابوں کی، وہ
کہتے ہوئے کہانی سادا
ٹھٹکی ٹھٹکی، بھول گئی تھی،
دیس کہانی کے راجا کا

شاید نہیں بتائے گی وہ
میں نے تب دل میں یہ سوچا
لیکن آنکھیں میچ کے اس نے
پتا بتا ڈالا راجا کا،

میں بھی آج انیکوں میں سے
ایک سلسلہ ہوں سانسوں کا
وہ بھی کہیں پر توڑتی ہوگی:
رنگ دار شیشہ سپنوں کا

جانے کس حصے میں بسی ہے
میچی آنکھوں کی وہ نگری،
دیکھ سکوں میں اس کو شاید
چھوڑ کے اپنا چولا خاکی

تب تک اپنے اُن پھولوں کو
نام سے رانی کے کھلنے دو
شام کو جب یہ مرجھا جائیں
نام پہ راجہ کے جھڑنے دو

کیشو میشرام

رازِ درونِ پردہ

بھیک مانگے رات اچانک سامنے میرے آجاتی ہے
اندھیارے کی اک اک گہری ساکت راہ نظر آتی ہے
جمع خرچ کے ذکر پہ پہرہ چہرہ گویا دیتا ہے
ہاتھ بڑی آنکھوں کا بھر کو فوراً سہلا دیتا ہے
باہم دگر سہارا دیتے ہم آگے بڑھ جاتے ہیں
اک منزل کے دونوں راہی بندلبوں کو پاتے ہیں
ہاتھ مگر ایمان کے ناتے فرض ادا اپنا کرتے ہیں
رانوں پر بیٹھی چڑیا سے پھر پھر کھیلا کرتے ہیں

من پہ اُداسی چھا جاتی ہے، پتہ پتہ جھڑ جاتا ہے
اَن جانا سا ایک حادثہ ہم دونوں کو یاد آتا ہے
ہوتی ہے آنکھوں میں سوزش سینہ ڈھال بنا رہتا ہے
تاریکی سے رازنہاں کا چہرہ ہنستا رہتا ہے

بھیک مانگے رات اچانک سامنے میرے آجاتی ہے

نارائن سُرو ے

ایک قمیص تمہاری میرے پاس پڑی تھی
ہم دونوں باہم روز اُسے پہنا کرتے تھے
اور اسی ڈھب سے بے کار دنوں میں
باہم دیگر کام یونہی آیا کرتے تھے
ایک پُرانی لالٹین محفوظ رکھی ہے
جس کے دم بھر ہو جانے پر روشن
شبدوں کے پروانے اُس پر منڈلاتے تھے
اک نازک سا اپنا پن تھا، جس کے آگے
جیون کے دکھ درد میں سارے شرما جاتے تھے

کچھ خطوط میں، ایک تمہارے ہاتھ کا لکھا پایا
اُس میں شرارت خیز بھرے تھے لاکھوں خطرے
انتساب میں نام تھے لکھنے والے میرا —
یادیں لکھنا تھیں کئی اور بھی، ساتھ میں قصّے
اور ہوا پھر یہ، پچھم کے ساگر تٹ سے
تم نے مجھ کو ایک پریم پتر بھیجا
یوروپ کے ساحل تک تو ہم آپہونچے
اور میڈرڈ کی سمت ہوا رُخ اپنا
چاہے جہاں بھی جاؤں، جدھر بھی دیکھوں
پیش نگاہِ شوق ہے ہندوستان کا جلوہ
لیکن ہے یہ بات تعجب والی،
تم بھی اِدھر ہو غیر، اُدھر ہوں میں بھی پرایا
اور اِس موسم کا حال نہ کچھ بھی پوچھو
آئے نہ تم خود، خط بھی نہ تم نے بھیجا
کچھ نظمیں بہتر مِلی ہیں ایسی
اُس روشنی میں ہم دونوں پڑھا کرتے تھے
شرع ہستی کو بیٹھ کے باہم یکجا

اُسی پُرانی لالٹین سے تھی جو پیدا

ترجمہ: یونس اگاسکر

۱۹۶۰ء کے بعد



ملیالم شاعری

پی پی کوچو نرائنن

فن کی تخلیق فرد زمان و مکان اور عصری سماجی زندگی پر انحصار رکھتی ہے۔ اسے کسی عہد کا پس منظر کہنا بھی مناسب ہے۔ فن کار کی ذہانت و استعداد جب عصری حالات میں سرگرم عمل ہوگی تو اس کی تخلیق مکمل طور پر سماجی کہلائیگی ایلیکی اور ویاس ایسی ہی سماجی زندگی کی عکاسی کے سبب عالمگیر شہرت کے مالک ہوئے ہیں۔ کالیداس اور شکسپیر اپنے عہد کی دین ہیں۔ گورکی اور ٹالسٹائے اپنے عہد کے اثرات کے مظہر ہیں۔ ٹیگور، تلسی اور کبیر اس کی واضح مثال ہیں۔ یہ حقیقت ہے کہ طے شدہ ادبی راستے پر گامزن فن کار کا نصب العین غیر ارادی طور پر کچھ دوسرا ہو مگر ایسا ہوتے ہوئے بھی فن کا کچھ نصب العین ہوتا ہے۔ جدید ملیالم ادب بھی آغاز سے ہی زندگی کی عظیم سچائیوں سے وابستہ رہا ہے اور ملیالم شاعری انسانی روح کے حقیقی جذبات و احساسات کا غیر معمولی اظہار ہے۔

ایشو تچھن اور چیری شیشری نے انسان کی مدتوں کی بے پایاں پیاس کی تسکین کے لئے رامائن اور کرشن گاتھا کی تخلیق کی ہے ولاتھول اور کمار ناشان نے اپنی شاعری کے ذریعے مذہب کی پژمردہ اور سوکھے پیڑ کو ہرا بھرا کیا ہے اور آگے چل کر جنگم پشا نے انسان کے اندر کی خوابیدہ لے کو بیدار کر کے ملیالم شاعری میں نئے جذبات و احساسات کا اظہار کیا ہے۔ اگرچہ ملیالم شاعری اپنی ہیئت اور احساس کے نقطۂ نظر سے شاعر اعظم جنگم پشا کی تخلیقات دلکش اور حسین جذبات کی شکل میں ظاہر ہوئی پھر بھی اس کا دائرہ محدود تھا۔ بہرحال جدید ملیالم شاعری اظہار خیال اور اسلوب کے نقطۂ نظر سے چوتھی دہائی سے منظر عام پر آنے لگی تھی، جس کا آغاز شاعر رابندر ناتھ ٹیگور سے متاثر شاعر شنکر کرپ نے دوسری جنگ عظیم کے بعد کیا تھا جنگ عظیم کے خاتمے کے بعد اور ملک میں ظہور آزادی کے ساتھ ہی ان کی شاعری کا یہ رجحان پنپ اٹھا۔ اس کے ساتھ ہی شاعر اعظم کنجی رامن نائر کی تخلیقات سے جہان بھگتی سے بھرپور شاعری کا سلسلہ شروع ہوا۔ وہاں بالامنی امالی مانے مادرانہ شفقت کے احساس و جذبات کو زبان دے کر شاعری میں ایک نئی سمت کی نشان دہی کی ہے۔ اس طرح زندگی کے مختلف پہلوؤں کو لے کر ملیالم شاعری کثرت میں وحدت کا نمونہ پیش کر رہی ہے

اب دیکھنا یہ ہے کہ جدید ملیالم شاعری کے اہم رجحانات کون کون سے ہیں جن سے یہ واضح ہو کہ یہ شاعری سماجی اور ثقافتی زندگی کو یک جہت بنانے میں کہاں تک سرگرم عمل ہے اور وہ زندگی کی دائمی قدروں کو از سر نو منظم کرنے میں کہاں تک کامیاب ہوئی ہے۔ غور کرنے پر پتہ چلتا ہے کہ ملیالم شاعری جدید کے تمام رجحانات کی ترجمانی کرتی ہے۔ ایک نئے سماجی

تمدن کی تخلیق کے روپ میں جدید شاعروں کی تخلیقات میں نمایاں ہوئی ہے۔ یہ شاعری ایک نئے عہد کی تخلیق کی جانب پیش قدمی کر رہی ہے اور اس میں انسان کی مدتوں پیاسی روح نظر آتی ہے اسے چاہیں تو کسی بھی عہد کے ادب کا خاص رجحان کہہ سکتے ہیں۔ اس وقت جب ہمیں ملیالم شاعری کے جدید رجحانات پر غور کرنا ہے تو دو باتوں کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ ملیالم شاعری ہیئت اور جذبات و خیالات کے نقطۂ نظر سے پچھلی دہائیوں سے بالکل مختلف ہے دوسری بات یہ ہے کہ اس عرصہ میں سماجی زندگی کا ماحول بھی یکسر بدل گیا ہے۔ ان میں پہلی بات جس میں فن اور جذبہ دونوں شامل ہیں، دوسری بات سے وابستہ ہے۔ ادب کے احساس اور ہیئت کی تشکیل عصری خیالات اور سرگرمیوں کے مطابق ہوتی ہے اس لئے ادب کی تخلیق میں اس دور کے نئے نظریات کا شامل رہنا قدرتی ہے۔ سائنس کے معجزات سے زندگی کے مختلف شعبوں میں نئے انقلابات رونما ہوئے تو اس کے نتیجے میں شاعری بھی ان جذبات و احساسات سے متاثر ہوئی۔ لہٰذا ولاتھول اور کمار ناشان نے جس سماجی حقیقت کا اظہار کیا ہے وہ موجودہ زندگی کی حقیقتوں سے بالکل مختلف ہے یہی وجہ ہے کہ کرپ کنجی رامن نائر اور بالامنی اماں وغیرہ جیسے شعرا نے جدید طرز کی شاعری کا سہارا لیا ہے۔ ملیالم شاعری موجودہ دور کے آغاز سے ہی نئے راستے کی طرف گامزن ہو گئی ہے اور جدیدیت کے لئے اسے جن عناصر سے تحریک و تشویق ملی تھی اس میں غیر ملکی اثرات بھی ایک خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ زندگی کی خارجی کیفیت کو بیان کرنے کی روش کو ترک کر کے شاعر اپنی اندرونی کیفیات بیان کرنے لگا لہٰذا اندرونی کیفیات کے استعارے اور اشارے جدید ملیالم شاعری کا اہم رجحان بن گئے انگریزی کے کیٹس، بلانک، ورڈزورتھ اور متعدد ایسے دوسرے شعرا نے ان جدید رجحانات کا آغاز کیا تھا۔ بعد ازاں جب یہ طرز شاعری رابندر ناتھ ٹیگور کے ذریعہ بام عروج پر پہنچی تو ملک کے متعدد شعرا نے اپنی قدیم روش کو خیرباد کہہ کر اپنے جذبات و خیالات کے اظہار کے لئے اس اسلوب کو اختیار کیا۔ پس نئی سماجی زندگی کی گوناگوں ترقیوں کے ساتھ ساتھ تشکیل پانے والے اس شعری رجحان نے جدید ملیالم شاعری کی بھی تشکیل کی۔

ہندوستان کی آزادی کے بعد سماجی اور ثقافتی تنظیم نو کے پیش نظر جب سماجی زندگی کی ترقی کا آغاز ہوا تو ملیالم شاعری بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکی۔ اس لئے آج کی ملیالم شاعری زندگی کے حسن و شعور اور فلسفۂ صداقت کا غیر معمولی عطیہ ہے۔ فن کے استعمال سے یہ بات پایۂ ثبوت تک پہونچی کہ انسانی تمدن کی ترقی کے لئے جب ان نظریات و تجربات کو مناسب ڈھنگ سے بروئے کار لایا جاتا ہے تو اس کے لئے آسان طریقوں کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ اس کے لئے احساس حسن کو اہمیت دے کر صحیح راستہ کا تعین کرنا بہت ضروری ہے۔ شاعر اعظم جی سنکر کرپ اور کنجی رامن نائر نے بالترتیب اپنے جمالیاتی رجحان اور بھگتی سے بھرپور جذبات سے اس کام کو بے حد آسان کر دکھایا ہے جس کا پہلے اس بات کی جانب اشارہ کیا جا چکا ہے کہ سنکر کرپ کی ذہانت و استعداد نے ملیالم شاعری کو جدید راستے پر لا کھڑا کیا ہے۔ وہ دراصل جمالیات کے شاعر ہیں۔ ان کی شاعری تجربے اور مشاہدے کی یکجائی کی اچھی مثال ہے۔ یہاں یہ کہنا موزوں ہی ہوگا کہ کہ ایک فطرت نگار شاعر کی حیثیت سے کرپ کی رومانیت کے رجحان کا رُخ حقیقت پسندی کی طرف ہی تھا۔ ان کی نظموں کا مجموعہ "آوٹو کشل" اس کا واضح ثبوت ہے۔ یہاں مختصر الفاظ میں ان کے شعری اسلوب اور اہم خصوصیات کی وضاحت ضروری معلوم ہوتی ہے۔

جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے کہ کرپ کی شاعری پر رابندر ناتھ ٹیگور کا خاصا اثر ہے۔ انہوں نے پیشتر اشاریت سے کام لیا ہے۔ اس لئے وہ ایک علامتی شاعر کی حیثیت سے زیادہ مشہور ہوئے ہیں۔ اگر اشاریت اندرونی کیفیت کے اظہار کا ایک اسلوب ہے تو حقیقت نگار کی حیثیت سے ان کی شاعری کی بنیادی آواز تصوفانہ اور عارفانہ ہے۔

ان کی ایک نظم کے مطابق روح کے "چھوٹے پن" میں خدا عظیم بن کر رہتا ہے۔ مخلوق کے پورے شعور کی بنیاد وہی خدا ہے۔ کرپ کے اس فلسفہ روحانیت میں گہری ہمدردی، رنج و کرب اور درد و ہجر مترشح ہے جو کہ اکثر صوفیانہ شاعری میں نظر آتا ہے اور یہی موضوعات ان کی روحانی فطرت میں بننے لگے تھے۔ اس طرز کی ان کی اہم نظمیں ہیں۔ "پشپ گیتم" "ساندھیہ تارم" "میگھ گیتم" "سورہ کانتی" "ایٹس ویلی (میری شادی)" "ہمشنگل" (لمحہ) "بھرنگ گیتی" "ساگر گیتم" وغیرہ وغیرہ۔ ان کی غیر معمولی ذہانت کے باب میں ان کی نظموں کے موضوعات اور اسلوب کا ذکر ازبس ضروری ہے۔ جب وہ فطرت اور زندگی کو لے کر سماجی اور ثقافتی زندگی کے وسیع و عریض میدان میں وارد ہوئے تو پہلے تجربے کے طور پر انسانی خواہشات کو اپنی شاعری میں بیان کیا۔ اس لئے ان جذبات کے اظہار کے لئے انہیں ابتداءً حسن کا دامن پکڑنا پڑا اور یہی حسن پرستی یعنی جمالیات کا رجحان کسی شاعر کی شاعرانہ ریاضت کی تکمیل کا سب سے اہم راز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنے دل کے احساسات کو پوری شدت کے ساتھ بیان کیا ہے

شدتِ احساس ان کی شاعری کا اہم جزو ہے۔ یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ جدید شاعری میں احساس و تجربات ہی ممتاز و اہم ہوتے ہیں۔ اس لئے انہوں نے اپنی شاعری کے لئے اشاریت کے فنکارانہ اسلوب کو اختیار کیا۔ ان کی نظموں میں قوم پرستی، سماج واد، روحانی جذبات، فطرت پسندی، عوامی زندگی کی تمدنی شکل و صورت، حب الوطنی سے بھرپور سماجی بہتری و بہبود کے جذبات اور جدید ادب کا خاص موضوع آفاقی جذبات و خیالات جلوہ گر ہیں۔ ان موضوعات کو اپنی شاعری میں برت کو انہوں نے ملیالم شاعری کو قدر و قیمت اہمیت اور وسعت بخشی ہے۔

کرپ ایک اہم ترین نظم اسی مکتھو (سندھو مکھ کرپر) جس میں شاعر نے ملک کی قدیم تہذیبی روایت کی تصویر کشی کرتے ہوئے سماجی بہتری کے لئے جمہوریت کا خیر مقدم کیا ہے۔ آزادی کے بعد جب ہندوستانی عوام خواب غفلت میں محو ہو کر قومی تعمیر و ترقی میں ہاتھ بٹانا بھولنے لگے اور مستقبل کے ترقی پسند سماج کا تصور شکست ہونے لگا تو اس شاعر اعظم نے ایک معقول و مناسب پیغام کے ذریعے عوامی بیداری کا کارنامہ سرانجام دیا۔ بھارت سندیشم (بھارت کا سندیش) وندتم پریوک (شکریہ ادا کرو) نظمیں ان کی قوم پرستی اور آفاقیت کا واضح ثبوت ہیں۔ سماج وادی نظریات و جذبات اور باعمل زندگی کا دلکش بیان ہمیں نظم تانے (کل) میں ملتا ہے۔

اگر ملیالم شاعری میں علاقائی فطرت و خصوصیت اور بنیادی تلمیحی قوت و اثر کو کہیں دیکھنا ہو تو عظیم شاعر کنجی رامن نائر کی شاعری کا مطالعہ کرنا ازحد ضروری ہے۔ ایک بھگت شاعر کی حیثیت سے مشہور کنجی رامن نائر کیرالہ کے قدرتی حسن سے سرمست و سرشار ہیں۔ نتیجے میں ان کی شاعری میں بھگتی سے بھرپور جذبات کا ہونا قدرتی ہے "ایشو تچھن" کے بعد شاید ہی کوئی ایسا شاعر ہوا ہوگا جس نے اپنی شاعری میں شروع سے آخر تک بھگتی سے بھرپور جذبات کو اتنے حسین دلکش انداز سے سمویا ہو۔ ان کی شاعری کی ایک اہم خصوصیت سادہ اور دلکش زبان میں جذبات و احساسات کا حسین اظہار بیان ہے۔ اس کی بدولت بھگتی سے بھرپور جذبات کا بہاؤ اپنے فطری حسن و لطافت سے اتنا دلکش ہو گیا ہے کہ اس کے ذریعہ شاعر اپنے قارئین سے ایک غیر متزلزل رابطہ قائم کرنے میں کامیاب ہوا ہے۔ کلیچھن (کتھا کلی کے گورو) "سوندریہ پوجا"، "پریم اپاسنا" "کٹل نایا ٹٹو" (سمندر میں شکار) وغیرہ نظمیں بھگتی کے لحاظ سے بہت اعلیٰ و ممتاز ہیں۔ پہلی نظم کا موضوع شاعر کی روحانی کشمکش سے متعلق ہے۔ دوسری نظم میں مہانوی کے موقع پر فطرت کے نشہ انگیز حسن کا بیان ہے۔ تیسری نظم میں تزکیہ نفس کے لئے عشق کی پرستش کا ذکر ہے اور چوتھی نظم مچھلی کا شکار کرنے والے لوگوں کی پرتشدد روایتی زندگی کو چھوڑ کر پاک و صاف زندگی گزارنے کی خواہش پر مبنی ہے۔

جدید ملیالم ادب کی ایک بڑی دین نالاپٹو بالامنی اما کی نظمیں ہیں نالاپٹو بالامنی اما بزرگ و محترم شعرا کمار ناشان اور ولاتھول کے دور میں اپنی نوخیز ذہانت کے ساتھ شاعری کے میدان میں داخل ہوئی تھیں۔ آپ نے جدید ملیالم ادب کی تاریخ میں حب الوطنی کے جذبات سے بھرپور ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے جو بعد میں ایک جذباتی رو کی صورت اختیار کر گیا۔ کپو کے (خراج عقیدت) اما وغیرہ جیسی ابتدائی نظموں میں انہوں نے اپنی شاعری کے منتہائے مقصود کی طرف اشارہ کیا۔ ان کی شاعری کے ارتقا کے نتیجے میں "کلک کوٹا" "منش شی" "استری ہردے" وغیرہ نظموں کی تخلیق ہوئی۔ یہ نظمیں ان کے حب الوطنی سے بھرپور جذبات کی عکاس ہیں۔ وہ ایک عام عورت کی ممتا اور شفقت کی عظمت کو محسوس کرتی ہیں۔

اس شاعرہ کا خیال ہے کہ ممتا اور شفقت کی اثر انگیزی اس کی ہمہ گیری میں ہے۔ انہوں نے ایک ایسی ماں کی صورت اختیار کر لی ہے جس کا دل ساری دنیا کے لئے شفقت سے بھرا ہوا ہے۔ ساری دنیا کو انہوں نے اپنی اولاد کی طرح محسوس کیا ہے "منش شی" "سونٹے کتھا" (پرشو کی کتھا) نامی اپنی دو نظموں میں انہوں نے اپنی مادرانہ شفقت اور پیار بھرے جذبات کو قلمبند کیا ہے اور جنگ و جدل میں کھوئی دنیا کو حقیقی عمل اور کامل سچائی سے روشناس کرایا ہے۔ "سونٹے کتھا" میں تین نظمیں ہیں جن میں پرشورام و بھیکشن پور وشوامتر کی زندگی بیان کی گئی ہے۔ دنیا کو امن اور سچائی کی جانب بڑھانے کے معاملے میں ان کے پختہ شعور کا بین ثبوت ان کی نظم "سونٹے کتھا" ہے۔ جدید ملیالم ادب میں ممتا بھرے مادرانہ جذبات کی ترجمانی کے لئے انہیں شہرت حاصل ہوئی ہے۔

دیگر شاعروں میں کے۔ کے راجہ، ویلا رام ورما، اکش شری گووندن نائر، بالا نارائن نائر، او این۔ وی کرپ، سگت کماری، وینک کلم گوپال کرپ، ایم۔ وشنو نارائنن نمبوتری، اکسیتم۔ ایم۔ وی۔ این وغیرہ خاص طور پر مشہور ہیں۔ عشق و محبت اور حسن و حقیقت پسندی کے موضوعات پر اچھی و اعلیٰ نظموں کے ذیل میں کے کے راجہ کا منم ونم (زمین اور جنت)

وینک کلم گوپال کرپ کا "سانس پتر" (مجموعہ کلام)، ایم این کا "وتلیل نکھشترم" (مجموعہ کلام)، ویلار رام ورما کا ملنکاٹ (مجموعہ کلام)، اکستیم کا منورتھ (مجموعہ کلام) ائش شیری کا "کرت جیٹی چکل" بالا نارائن نائر کے "کیرلم بل ونو" اور ملا نائلے فرتکی شنو تارائنین نمپودری کا "پریم گانم" وغیرہ وغیرہ اہم ہیں۔ ان میں جدیدیت کے نقطۂ نظر سے سگت کماری کی نظمیں سب سے اہم ہیں۔ ان نظموں میں شاعرہ کے مفکرانہ جذبات اور عشق و محبت کے احساسات، دونوں کا غیر معمولی اظہار پایا جاتا ہے۔ سگت کماری فطری طور پر عشق محبت کی شاعرہ ہیں۔ سگت کماری نے دلی جذبات و احساسات اور فکر و تخیل کو نغموں کا روپ دیا ہے۔ وہ بڑی حساس شاعرہ ہیں۔ اگرچہ اُن کی نظمیں حسن و لطافت، نازک خیالی اور شدّت احساس کی بدولت دل و دماغ کو متاثر کرتی ہیں۔ تاہم ان میں قنوطیت کے جذبات پائے جاتے ہیں جو احساس ناکامی کا نتیجہ ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ وہ اپنی شاعری کا موضوع خود آپ ہیں۔

اب تک جدید ملیالم شاعری کے چند شعرا کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان میں سے بہت سے شعرا نے خود اپنے بارے میں لکھنے والے شاعر کی حیثیت سے، موضوع اور فکر کے نقطۂ نظر سے گوناگوں رجحانات سے کام لیا ہے۔ یہ بات اپنی جگہ خاص اہمیت رکھتی ہے۔ لیکن ان سب شعرا نے "ستیم شیوم سندرم" کو زیادہ اہمیت دی جس کے بارے میں ہمارے ملک میں گہرا عقیدہ موجود ہے اور اسے ہمارے ہندوستانی ادب کی روح تسلیم کیا گیا ہے۔ لیکن اطمینان کی بات یہ ہے کہ اس عنصر کی اشاریت کی بدولت وہ غیر معمولی طور پر انسانی دل کو منور کرنے میں کامیاب ہوئے ہیں۔ لہٰذا زندگی کی قدروں کو اجاگر کرنے میں ذاتی احساسات و تجربات کو بیان کرنے کا یہ رجحان جدید ملیالم شاعری کی ایک اعلیٰ و ارفع دین ہے۔

لیکن جدید ملیالم شاعری کی قابل قدر بات سماجی زندگی کی کوتاہیوں، خامیوں اور بدنمائیوں کی حقیقی تصویر کشی ہے جس کی بنیاد پر شاعر قومی تعمیر کے کام میں عملی طور پر حصہ لے سکتا ہے۔ اگرچہ سنکر کرپ نے ہی اپنی مثالی شاعری کے ذریعے اس منتہائے مقصود کی جانب توجہ کی تھی تاہم ایک جمالیاتی شاعر کی حیثیت سے ہی انہوں نے شروع سے آخر تک زندگی کے آدرش ہی کو اپنی شاعری میں جگہ دی تھی لہٰذا ایک آدھ رہائی سے پیشتر کچھ شعرا کا نصب العین سماجی زندگی کے غم و الم کا اظہار بن گیا تھا اُن شاعروں میں اہم ہیں:۔ ویلار رام ورما۔ الس شیری گوندن نائر اور این کوی کوپ۔ او۔ ایم انوجن اور پی بھاسکرن۔ ویلار رام ورما ایک انقلابی شاعر کی حیثیت سے زیادہ مشہور ہیں۔ ان کی تخلیق "ایشیا" اپنے سماجی پیغام کی وجہ سے خاص طور پر اہمیت و افادیت کی حامل بن گئی ہے۔ ملنگاٹو (بانس کی جھاڑی مجموعہ کلام) میں ان کی منتخب نظمیں سماجی آدرش کو سامنے رکھ کر کہی گئی ہیں اس مجموعہ کلام کی ایک اہم نظم ویکم کا لیل (ویکم کی جھیل) میں شاعر نے غریب محبوبہ کے خاموش کرب کا بیان کیا ہے۔ اس طرح الش شیری گووندن نائر نے اپنی فن کارانہ تخلیق "کرت جیٹی چکل" میں فطرت کا اشاراتی اظہار کر کے سماجی تحریک کا ایک پیغام دیا ہے۔

اب رہی ملیالم شاعری کی فنی خصوصیات کی بات۔ اوپر اس جانب اشارہ ہو چکا ہے کہ موجودہ زندگی ایک مکمل جدوجہد ہے۔ اس لئے انسانی زندگی کی مصروفیات نے جذبات کی طرح آرٹ کو بھی متاثر کیا ہے اور نتیجے کے طور پر ملیالم شعرا نے گیتوں کے ذریعہ اپنے احساسات کو بیان کیا ہے۔ شدّت احساس کے اظہار میں شاعری کی یہ صنف بہت کامیاب ثابت ہوئی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ یہ ہر دلعزیز صنف جدید ملیالم شاعری کی ترقی و ترویج میں بڑی ممد و معاون ثابت ہوئی ہے۔

بقیہ ہندی شاعری

۱۹۶۰ کے بعد موٹے طور پر ردّ و تردید کا دور آیا۔ یہیں سے مخالفت کا "احیاء" شروع ہوا۔ اشاعری۔ غیر مسلمہ شاعری، اگلی شاعری شمشانی شاعری، بے چین نسل، بھوکی نسل، ناکوتیا اکوتیا، اینتا وادی کویتا وغیرہ کئی نام مجموعی طور پر ایک ہی جانب اشارہ کرتے ہیں اس سلسلے میں کچھ نام جو اپنی نظموں کی وجہ سے ان دس برسوں میں ابھرے، وہ ہیں: کیلاش باجپئی راج کمل چودھری، منی مدھوکر، شری کانت ورما، جگدیش چترویدی، چندر کانت دیوتامے، راجیو سکسینہ، ممتا اگروال، ملیج شام پرمار، سومتر موہن، مونا گلاٹی، پریش اور اشوک باجپئی بالکل نئے ناموں میں بلدیو ونشی اور شیام ومل قابل ذکر ہیں۔

بقیہ گجراتی شاعری

اور جنگ کے میدانوں سے پیدا شدہ خون اور گندگی کا متعفن جوہڑ ہے اور اُوپر ابدیت کا وہ نیلا آکاش جس کی پہنائیوں میں فنا ہو جانے کی ایک انجانی روحانی تڑپ اُسے بے چین کئے دیتی ہے۔ ایک بندر کی رُوح کا جوہڑ سے یہ اجتناب اور انتا کے آکاش میں فنا پذیری کی یہ تڑپ جتنی مضحکہ خیز ہے، اتنی ہی رفیع بھی ہے۔ یہی مضحکہ خیز ارتفاع نئی گجراتی نظم کے سازینہ کی مرکزی آواز ہے۔



اے اچھوتن نمبودری

جان لو ہاں پہچان لو، ہم کو
ہم آکاش کے اگنی کنڈ سے
اُترے کیرل کی دھرتی پر
صدیوں پرلے اُن گراموں کے
ان کھیتوں میں جو بونھبل تھے
مشکِ عنبر کی خوشبو سے
ہاتھ میں تھا امرت کا پیالہ
— عہد ہمارا پڑ مردہ سا
اینٹھن والا درد کا مارا
نفسانی خوشبوؤں سے عاری
چٹخے پربت کی درزوں میں
دبا ہوا ہے چیخ رہا ہے

آؤ، آؤ تم آجاؤ
جیون دینے والے قطرو
تم سے شکتا نے سینچا ہے
سینچا آنے والے کل کو
لاؤ اپنا ہاتھ بڑھاؤ
ہاتھوں میں ہیں تیاگ کے کنگن
رہ رہ کر جو بج اٹھتے ہیں
لے لو یہ امرت کا پیالہ
مُردوں کو بھی جلانے والا

پیار کا یہ تخلیقی تحفہ
صرف تمہارے کام کا ہے یہ
بدلے بدلے وقت سے پسپا
ہمت ہارے ہم بنجارے
گھوم رہے ہیں نگری نگری
بستی بستی میں جا جا کر
درد بھرے آنسو کے قطرے
اپنی ہپتا چھوڑ آئے ہیں
سر پہ جو یہ بھاری بوجھ ہے
ایک جھلک اس کے پیچھے سے
اُبھری کوکھ کی دیکھ رہا ہوں
ہے یہ کنڈل کوکھ کے اندر
اس کی قوت کو کیوں پوچھو
اس میں آنسو ہی آنسو ہیں
ہے اک ہاتھ میں اس کا پیالہ
ایک سے سر کے بوجھ کو تھامے
ڈھیلی لنگوٹی کو کسنے کا
کام ہے بے ڈھب مشکل تر ہے
راہ کی ایک سرائے پرانی
— ذہن میں اس کا دھندلا خاکہ
دل میں اسکی میٹھی یادیں
لے لے ہم بے بس بے کل

شام تلک گھوما کرے ہیں
اپنا بالن، اپنا ایماں
منہ میں مقفل ہم رکھتے ہیں
بھاگ نہ جائے چھوڑ کے ہم کو
دانتوں کی پہرہ داری ہے
تاریکی کے اک رستے میں
ہم نے پناہیں کیا ڈھونڈھی تھیں
اُف یہ کیا ہے ہم ہیں کہاں پر
سیل ہمارے اشکوں کا ہے
چاروں جانب بہنے والا
آنکھ آکاش کی دیکھ نہ لے گی
پاپوں کی کالی بدلی سے
پاپ جنم سے کچھ پہلے کا
بن کر جو اک بھوت بھیانک
دل میں اٹھاتا ہے سر اپنا
کالے طوفانی سے بادل
جو رقصاں رہتے ہیں سر پر
سورج کی کوری کرنوں کو
چیرتے ہیں ست رنگا کرکے
لڑتے بھڑتے ہیں آپس میں
محو ہیں شور میں تھو تھو کرتے
اُن کے تھوکوں سے ہوتی ہے
سیری چاول کے کھیتوں کی
عقل کی جب بوچھاڑ سے اپنا
سامنا اکثر ہو جاتا ہے
ہم مذہب کی اونچی دوکاں میں
جا کے پناہیں لے لیتے ہیں

اپنی تھکن پہلے جیسی ہے
خراٹے بھی گونج رہے ہیں
دنیا کی گاڑی کی سیٹی
(تیزی سے کانوں میں گونجی
گاڑی یہ ادبھت ہے کتنی
اس میں بریک نہیں کوئی بھی
بالکل بے بس، بے قابو سی،
اس کا تھمنا بے حد مشکل)
سن کر ہم اک دم اٹھ بیٹھے

صبح کے مدھم اجیالے میں
جنتری سامنے تھی، جو اس سے
پنا ایک اساڑھ کا پھاڑا
ہنستا، گاتا، دھوم مچاتا
ایسے ساون آیا جیسے
اَن مٹ جنت کا وعدہ ہو
رنگ برنگے پھول تھے رقصاں
اُن کے لبوں پر اک نغمہ تھا،
جس میں بھرا تھا پیار ایشور کا
ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں میں جب
رقصاں تھے گل، نغمہ فشاں تھے
— ندی کنارے بیٹھے جھینگر
ایک ہی دھن میں ایک ہی لے میں
باہم مل کر کچھ گاتے تھے۔
چاول کے کھیتوں میں پودے
نرم شگفتہ، تازہ و تر تھے

اپنے سروں کو جنبش دیتے
گیتوں کا بھی عجب عالم تھا
ایسے میں رنگین فضا نے
زرد سنہرا چولا بدلا
پھولوں کے ملبوس میں تتلی
ڈالی ڈالی پر جاتی تھی
زرد سنہری دھان کی بالی
اپنی لال چونچ میں لے کر
دھانی پنچھی ناچ رہے تھے
شامل تھے خوش خوش میلے میں
— اونم کا سنگیت بھی گونجا
پربت کے دامن میں بچے
پھولوں کے گلدستے تھامے
خوش خوش یہ گانے گاتے تھے
مہابلی بھگوان آ پہونچے
ہم سب کے تحفے لینے کو
اُن کے پہونچ جانے سے پہلے
اُن کی سانس میں کھل اٹھتا ہے
دل پاکیزہ مل بالا کا
وقت کی پلکیں کھل جاتی ہیں
دور اُفق کی سمت لگی ہیں
— تازہ دم — اشکوں میں نہائی
اے پاکیزہ، اے پنجالی
آنچ پہ رکھ دے اپنا برتن
جوت کو اور بھی کر دے روشن

ترجمہ: راج نرائن راز
(بشکریہ آل انڈیا ریڈیو)

پوتھن کون نپھن تاراکن

شبری



مسکنِ رُوحِ عقیدت یہ مقدّس کوہسار
بھگت شبری جس جگہ کرتی تھی پوجا رام کی
اور یہ سبھیادری ہے جس کے آئینے میں آج
عہدِ ماضی کی جھلک اور حال کی تابندگی
گھومتا تھا جنگلوں میں جو لئے تیر و کماں
تھی درندوں ہی سے جس کی دشمنی اور دوستی
زیست غاروں اور میدانوں میں کرتا تھا بسر
وہ قدیم انسان وہ دورِ کہن کا آدمی
اور پھر سبھیادری کے ان کوہستانوں سے دور
آسمانوں سے اُڑا وہ اور سمندر طے کئے
اس نے دیکھا جگمگاتے جاگتے شہروں کا روپ
نور سے جو مغربی تہذیب کے معمور تھے
اور زیبِ تن کئے زریں درخشاں بقال
لوٹ آیا پھر وطن میں قوتِ اعجاز سے
علم و فن کی تابشیں ذہن و تفکر میں لئے
اپنی دھرتی پہ قدم رکھا نئے انداز سے
اور کوہ و دشت کی ان وادیوں میں ہوگئیں
یہ عظیم الشان کاریں رات دن پیہم رواں
اس نے چشموں کے کناروں پر بنائے یہ محل
وجہ تسکیں نظر ہیں جس کی دل کش کھڑکیاں
اور یہ وحشی درندے شیر چیتے تیندوے
آج بھی رہتے ہیں جو ان جنگلوں کے درمیاں
آدمی کے معجزوں کو دیکھ کر حیران ہیں
سوچتے ہیں اپنا ساتھی آج پہنچا ہے کہاں
پاک پمپا آرہی ہے اپنی دھاراؤں کے ساتھ

اک نئے مرکز پہ جیون کی نئی شکتی لئے
ایسے جادے پر تراشا ہے جسے انسان نے
بڑھتی آتی ہے وہ اس اشیادری تکناز سے
پاک پمپا کی یہ شکتی ہے کہ پیغامِ حیات
دورِ نو کی ہے یہ آہٹ یا مشینوں کی صدا
سارا خطہ زندگی کے حسن سے شاداب ہے
زندگی ہی زندگی ہے چار سو جلوہ نما
اور اٹھلاتی ہوئی آتی ہے پمپا گاؤں تک
فیض سے سرسبز ہیں جس کے یہ ریگستان بھی
بچھ رہے ہیں آج ہر اک سمت ہریالی کے فرش
چار سو ایک دلکشی ہے چار سو اک تازگی
شبری اور سبھیادری سرور اور سرشار ہیں
کیا نشاط انگیز ہے یہ منظرِ رقصِ بہار
اس نئی تعمیر کے جلوے ہیں تا حدِ نظر
آج ہر ایک شے سے ہے، انسان کی قدرت آشکار

ترجمہ: رام کرشن مضطر

(بشکریہ آل انڈیا ریڈیو)

اگر آپ عرصہ سے مال برآمد کر رہے ہیں، یا آپ نے ابھی ابھی کوئی مال بنوانا شروع کیا ہے، اور آپ وُہ مال غیر ملکوں کو بھیجنا چاہتے ہیں، تو آپ ہماری "چھوٹا پیکٹ سروس" سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں، آپ اِسے کارآمد پائیں گے: اِس "سروس" کی مدد سے آپ اپنے مال کے نمونے یا اس کی کم مقدار رجسٹری شدہ یا عام ڈاک سے، عام یا ہوائی ڈاک سے بھیج سکتے ہیں۔
آپ کا "چھوٹا پیکٹ" مندرجہ ذیل شرائط کے مطابق ہونا چاہیئے۔

برآمد ات

کی شُروعات

"چھوٹا پیکٹ سروس" سے کیجیے

وزن
ایک کیلوگرام یا اس سے کم ہو

سائز
خط سے بڑا نہ ہو

ملفوفات
صرف کھلا چیک اور پتہ اندر بند کیجیے

دستاویز
مال سے متعلق تفصیلی فارم اور کسٹم کا لیبل، سبز رنگ والا، لگا ہونا چاہیئے

پیکٹ پر لکھیں
چھوٹا پیکٹ

پیکنگ
کہ جانچ پڑتال کے وقت آسانی کے ساتھ کھولا جا سکے



ڈاک خرچ: 30 پیسے فی گرام، لیکن کم از کم ایک روپیہ۔
مزید جانکاری کے لئے کسی بھی ڈاک گھر سے رابطہ قائم کریں۔

بھارتی ڈاک و تار

dasp 69/69



۱۹۶۰ء کے بعد

ہندی شاعری

شیام پرمار

شاعری جب لفظ، اظہار اور اسلوب کی سطح پر آکر رک جاتی ہے، تب اس کے سامنے اپنے آپ کو دہرانے کے علاوہ دوسرا چارہ نہیں ہوتا۔ یہ ایسی ہی بات ہے، جیسے کچھ جسموں کو فنی عروج کی انتہا مان لیا جائے اور مٹی کے وسیلے سے مزید تخلیق کی خواہش مر جائے۔ ہندی میں نام نہاد شاعری کے عہد کے ساتھ بھی یہی ہوا یعنی نئے تجربے کرنے والے کچھ لوگوں نے چھایاواد کی روایت سے شاعری کو باہر نکالا اور اُسے فن، زبان اور محاورے کی سطح پر ایک نئی شکل وصورت عطا کی۔ پھر جرأت مندانہ اقدام کا نیا پن روایت بن گیا۔ اور ایک قسم کی گھٹن کا سا احساس پیدا ہونے لگا۔ جیسے شاعری کے امکانات ہندی میں ختم ہو گئے ہوں۔ اسکوی تنقید وتبصرہ کے نقطۂ نظر سے چھایاواد کے اس نئے روپ کا حشر یہی ہونا تھا۔ اگرچہ اب یہ تاریخ کا حصہ بن گیا ہے۔ تجزیہ کرنے پر اگر یہ بھی نیا اور جدید ثابت ہوتا تو آج کے قاری کے سامنے بہت سے سوال اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔

۱۹۳۷ء کے بعد چھایاوادی کا رومانی رجحان حقیقت کی جانب مبذول ہونے لگا۔ تب قومی بیداری سے وابستہ شاعری نے شاندار ماضی کی ترجمانی کے ساتھ ہی ملک کی مفلسی اور مصائب پر بھی نظر کی۔ حقائق کی جانب اُن کا رویہ ہمدردانہ تھا۔ "گرامیہ" میں سمترانندن پنت پہلی بار زندگی کی حقیقتوں کی جانب متوجہ ہوئے۔ زبان اور موضوع کے اعتبار سے اُنکی شاعری نے نئی شاعری کے لئے ایک میدان تیار کیا۔ رام ولاس شرما کی کچھ نظموں کے ذریعے یہ مہک نئی شاعری میں آئی لیکن ملک میں سماجی بیداری اور تیزی سے بدلتے ہوئے سیاسی معاشی حالات کی وجہ سے جو مسائل پیش آرہے تھے اُن کی ترجمانی سے اس وقت کی شعری اقدار قاصر تھیں۔ صناعی اور لفظیے کار ہو گئے تھے۔ اسی مرحلے پر تجربے کے امکانات روشن ہونے لگے اور غیر ملکی نظموں کی نقلوں کو بنگاڑ کر نک بندی اور نثر کے چھوٹے بڑے جملوں میں تجرباتی شاعری کی جانے لگی۔ "تار سپتک" (۱۹۴۳ء) چھایاواد کے عروج کا ایک درمیانی مرحلہ تھا۔ اگلا مرحلہ "نئی کویتا" میں پیش آیا۔ لہٰذا گیت کی دُنیا میں آنکھ کھولنے والا "چھایاواد" "نیا گیت" تک پہنچا۔ "نئی کویتا" اس وقت بھی ہندی میں وہ نیا پن پیدا نہ کر سکی جو موجودہ حالات میں ضروری تھا۔ اس پر بھی "نئی کویتا" کے نام سے تسلیم کئے گئے شاعرانہ اسلوب کے حمایتیوں نے ہمیشہ نئی بنی رہنے والی شاعری کا تصور پیش کیا۔ لیکن یہ تصور کچھ زیادہ دنوں تک ساتھ نہ دے پایا۔

نام نہاد "نئی کویتا" کی یہ تحریک کچھ ہی عرصہ میں اپنی تجرباتی تاثیر کھو بیٹھی۔ اپنے اندرونی تضاد کی وجہ سے وہ رومانی انقلابیت کی سطح پر آکر رک گئی تھی۔ "تار سپتک" کی نظموں کا نیا پن اور ان کی تجرباتی کشش اور کوشش ۱۹۴۰ء کے آس پاس سے نامانوس سی محسوس ہوتی ہے۔ "تار سپتک" کے شاعر گرجا کمار ماتھر "تار سپتک" کو اولین اجتماعی اظہار کہتے ہیں۔ نیز وہ اس بات پر مصر ہیں کہ تار سپتک کی اشاعت سے پیشتر ہی نامانوس احساسات اور عوامل کا اظہار کرنے والی تخلیقات منظرِ عام پر آنے لگی تھیں۔ ادھر حال میں "تار سپتک" کا نیا ایڈیشن شائع ہوا ہے۔ اس میں اس کتاب میں شامل شعراء کے نئے بیان درج ہیں۔ اگیے کا کہنا ہے کہ اس مجموعے کے سارے شاعروں میں آج بھی کوئی فرق نہیں آیا۔ نیمی چندر جین جو خود اس مجموعے کے شاعر ہیں، اب "تار سپتک" کو چکر بازی کی پہلی کڑی گردانتے ہیں۔ "نئی کویتا" کے ابھرنے کے ساتھ "تار سپتک" کے شعراء کا اثر آہستہ

آہستہ کم ہوتا گیا۔ شاعری کے میدان میں وہ ماضی بن کر رہ گئے۔ مکتی بودھ کا ازسرنو تجزیہ اُن کی موت کے بعد ہوا۔ بھارت بھوشن اگروال تک بندیوں میں لطف لینے لگے۔ نبی چندر جین نے شاعری کرنا چھوڑ دی۔ رام ولاس شرما خاموش ہو گئے۔ پربھاکر ماچوے کا طنز شاعری میں بدستور قائم رہا۔ حقیقت کی عریاں تصویر اُن کے طنز اور زبان کے کھردرے پن میں برابر ابھرتی رہی۔ گرجا کمار ماتھر میں نئے احساسات کی نشوونما ہوئی۔ اُن کا شاعر شعوری طور پر وقت کے ساتھ ساتھ چلتا آیا ہے۔

نئی شاعری کے ارتقار کے ساتھ پہلے کے کئی نام دھندلے پڑ گئے۔ نریندر شرما، انچل، بھگوتی چرن ورما، سمن، ناگارجن اب لگ بھگ بھلا دیئے گئے ہیں۔ شمشیر بہادر سنگھ کی اشاراتی اور دل جذبات کو گرفت میں لینے والی نظمیں بھوانی مشر کی مخصوص زبان میں لکھی ہوئی تخلیقات، کیدار ناتھ اگروال کی منظر کشی، ٹھاکر پرشاد کی نظموں میں لوک گیتوں کے اسلوب کا اثر اور ترلوچن کی روز مرہ کی زندگی کے حقائق سے وابستہ نظمیں، بہت دنوں تک ہندی شاعری میں موضوع گفتگو بنی رہیں۔

۱۹۵۱ء میں دوسرا سپتک "شائع ہوا۔ گئے نے اس میں گزشتہ نسل کے شعراء بھوانی مشر اور شمشیر بہادر سنگھ کو نئی نسل کے ہری ویاس، نریش مہتہ، رگھو ویر سہائے، دھرم ویر بھارتی اور شکنت ماتھر کے ساتھ شامل کیا۔ اس مجموعے کو شاعری کے نظریئے سے "تارسپتک" کا "تکملہ" خیال کیا گیا۔ تاہم اس کے شعرائے زبان کو روزمرہ کی زندگی کے قریب لانے کی کوشش کی تارسپتک کے شعراء پر جیسا داد کا اثر تھا۔ "دوسرا سپتک" کے شعراء پر اس کا اثر اور کم ہوا۔ نیز زبان سیدھی سادھی اور سہل ہوتی گئی۔ مستقبل میں جس شاعری کا رواج ہوگا اس کی زبان کے خدوخال ہم انھیں شعراء کے تجربات میں دیکھ سکتے ہیں۔ اس ضمن میں کچھ اہمیت نرالا ماچوے اور رام ولاس شرما کو بھی حاصل ہے جو غیر محسوس طریق پر ایک طویل عرصے تک زبان کے معاملے میں ہندی شاعری کو متاثر کرتے رہے ہیں۔ دھرم ویر بھارتی یا سرویشور دیال سکسینہ کی شاعری کے وسیلے سے جو سوال ہمارے سامنے آئے اُن کے پیچھے شاعری کا یہی پس منظر کارفرما تھا

سونی سڑکوں پر یہ آوارہ پاؤں
ماتھے پر ٹوٹے یہ بکھرتوں کی چھاؤں
کب تک
آخر کب تک

لڑنے والی مٹھی جیبوں میں بند
نیا دور لانے میں اسپل ہر چند
کب تک
آخر کب تک

(سنکرانتی: بھارتی)

ڈاکٹر جگدیش گپت کی نظر میں "نئی شاعری کے سفر میں بہت سے شعراء نے حصہ لیا۔ بہت سے ناموں کی فہرست میں پیچھے رہ گئے کچھ ہی نام جیسے کنور نرائن، چکر دھر اور آتم جی، نریش مہتہ "دن یا کھی سنو" دھرم ویر بھارتی "سات گیت درشن" اور کنور یہ اور وجے دیو نارائن شاہ "پچھلی گھر کے کارن یاد آتے ہیں۔

نئی شاعری اپنی بڑی بڑی آرزوؤں کی وجہ سے ساٹھویں دہے کے آغاز میں ہی بے اثر سی ہو گئی۔ اس کے اشارے اور علامتیں جدید نسل کی گہری بے اطمینانی کو ختم نہیں کر پائیں۔ قول و فعل کا کھوکھلا پن جلد ہی سامنے آ گیا۔ نئی شاعری کے شاعر کیلاش باجپئی میں اپنی گزشتہ شاعری کے بتوں کو توڑنے کی تیزی نظر آئی۔ رگھو ویر سہائے نے بھی اپنے آپ کو خراد پہ چڑھا کر آج کے احساسات و تجربات سے وابستہ کیا۔ شری کانت ورما نے بھی بھٹکا میگھ سے باہر آنے کے تیور دکھائے۔ لیکن اس "تبدیلی کو نئی شاعری کا ارتقا نہیں کہا جا سکتا۔ یہ ایک شعوری عطیہ ہے جو ماضی کے فقدان کا نہیں، حال کے تسخر کا نتیجہ ہے۔ نئی شاعری کے خیالات و افکار سے باہر آ جانے کا مطلب ایک ہی راہ میں چلتے ہوئے آگے بڑھ جانا نہیں ہوتا۔ یہ تو بے معنویت اور نامانوسیت کو نئے روپ ہی میں قبول کرنا ہے۔

اس نقطے پر آ کر یہ محسوس کیا جانے لگا کہ شاعری کا وسیلہ ایک ایسی گیلی مٹی کی طرح ہے جسے حساس اور سمجھدار ادیب اپنے نجی تجربے کے مطابق استعمال میں لا سکتا ہے۔ ضروری نہیں کہ اس گیلی مٹی سے وہ ویسا ہی بت تخلیق کرے جیسا کہ اس کے پیشرو یا ہم عصر بناتے رہے ہیں ایک ہی پیٹرن (Pattern) یا محاورے کی تکرار کو ساتویں دہے میں تیزی سے ممنوع کر دیا گیا۔ Mannerism کی اہمیت ختم ہو گئی "نئی" کی رٹ چھوڑ کر شاعری کو صرف شاعری کی نظر سے قبول کرنے کی وسیع کوشش شروع ہوئی۔ اس سے یہ ہوا کہ شاعری کا ایک ہی راستے پر چلنا یکایک بند ہو گیا۔ مختلف ناموں اور تجرباتی ڈھنگوں سے ہندی شاعری اپنے لئے صحیح جگہ تلاش کرنے لگی۔ اس کی یہ کوشش اپنے دلی خیالات کے اظہار کے لئے

خطرہ مول لینے کیلئے ہوئیں۔ نام کا سلسلہ اوپری رہا مگر اندر سے ایک بامعنی کوشش سے یہ محسوس کیا گیا کہ شاعری جیسی روایتی انداز میں شاعری مانی جاتی ہے وہ ایک جامد بے جان شے نہیں بلکہ اس میں متعدد امکانات ہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ۶۰ء کے بعد ہندی شاعری نے ترقی کی اور زبان کے استعمال میں زیادہ آزاد ہوگئی۔ اس سلسلے میں شروع ساتویں دہائی کے موضوعات سخن، قابلِ ذکر شعری رجحان اور اسالیب کا یہاں ذکر کیا جاسکتا ہے۔

ڈاکٹر کیدار ناتھ سنگھ نے لکھا ہے۔

"آنگن کے پار دوار" (اگیے) کو انعام ملنے کے ساتھ ہی نئی شاعری کا ایک دور مکمل ہوجاتا ہے۔"

انھوں نے اس دور کے بعد کی شاعری کو موٹے طور پر شاعری سے اشاعری کی جانب جانے والا راستہ کہا ہے۔ اجیت کمار نے اس بات کو یوں تسلیم کیا ہے۔ "اشاعری کے معنی شاعری کا خاتمہ نہیں بلکہ یہ شاعری کے اہم تر اور پیچیدہ اسالیب کی تلاش و جستجو کی ایک کوشش ہے۔

اس بحث و مباحثہ کے دوران "اکویتا" نامی ایک انتخاب ۶۵ء کے وسط میں دہلی سے شائع ہوا۔ بعد میں اس کے کچھ اور بھی ایڈیشن شائع ہوئے ان انتخابات سے ہندی شاعری میں ایک قابلِ ذکر ہلچل مچی۔ جیسا کہ اکثر ہوتا رہا ہے۔ اس کی بھی مخالفت ہوئی۔ مقبول نئی کویتا (نئی شاعری) کو بچانے کے لئے اس جدت کو لچر دلائل سے مجروح کرنے کی کوششیں فطری تھیں۔ حالاں کہ "اشاعری" کا سوال کسی "ازم" کا سوال نہیں ہے۔ اشاعری محض آسانی کے لئے پرانی شاعری سے ہٹ کر جدید خیالات کا اظہار کرنے والی شاعری کے لئے ایک لفظ کی اختراع ہے۔ یہ نئے پن کے مترادف ہے یعنی اس میں (अ) کا استعمال شاعری کی مخالفت کے لئے نہیں بلکہ شاعری کو مزید آگے لیجانے کے نقطہ نظر سے کیا گیا ہے۔

"اکویتا کسی طرح سے پابند نہیں۔ اس کا مطلب بہت صاف ہے اس کے تیور آج کی زندگی کے مطابق ہیں۔ اس کے احساسات میں شعوری غیر جانبداری ہے۔ اس کی زبان کا انداز غیر رومانی ہے۔ اس نے صنائع و بدائع سے پہلو تہی کرلی ہے۔ شاعری کے ضمن میں، وہ پرانی تعریف کے مطابق غور و خوض نہیں کرتی۔ مثال کے طور پر ہم مرحوم راج کمل چودھری کی ایک تحریر سے کچھ جملے درج کر رہے ہیں۔

"کل شام تک آسمان نیلا تھا اور اب صبح کو بھی آسمان نیلا ہے لیکن رنگ کا نیلا پن وہی اور ویسا ہوتے ہوئے بھی بالکل دوسرا ہے۔ بالکل الگ ہے یہ نیلا رنگ دوسری طرح کا ہوگیا ہے۔ اس دوسری طرح کو جاننے، طے کرنے، قبول یا رد کرنے کی کوشش ہی میری شاعری، اشاعری، یا اتی کویتا ہے۔"

اس مثال سے واضح ہے کہ شاعری کا موجودہ دور جذبات اور عقیدت کا دور نہیں۔ وہ آدمی کو اس کے حقیقی حالات اور شکل و صورت میں دیکھنا چاہتا ہے۔ اشاعری کی اندرونی کیفیت گدگدی اور ہمدردانہ جذبات سے ایک دم الگ شعور کا اظہار کرنے لگی ہے۔ اندر ہی اندر پنپتی، شرماتی شرمائی سی جذباتیت سراب ہے۔ جسے پانے کی کوشش میں نئی شاعری صناعی کے چکر میں پڑی رہی۔ اشاعری نہ اس سراب کے پھیر میں ہے، نہ صناعی کی غلام ہونا پسند کرتی ہے۔ اس کا منتہائے مقصود بات کی تہہ کو کھولتے چلے جانا ہے۔ چاہے اس کے لئے زبان ہی کو کیوں نہ مجروح کرنا پڑے۔ یہ ساری کوشش ایک طرح سے شاعرانہ تضاد کو واضح کرتی ہے۔

انہی دنوں ابسرڈ (Absurd) بے معنی شاعری کی بھی بات چلی "اکویتا" میں مدرا راکھشش کی دو نظمیں "نیوڈ" اور "اسٹل لائف" شائع ہوئیں۔ "क ख ग" میں بھی کچھ ویسی نظمیں شائع ہوئیں۔ انتہائی ذاتی اظہار کے ناتے ان نظموں کا تقاضا یہ رہا کہ تخلیق کرنے والا شخص کچھ بھی قلمبند کرنے کے لئے آزاد ہے۔ اس وقت ادیب پوری شعوری بیداری کے ساتھ دل کی اس سطح پر ہوتا ہے جہاں تخلیقی عمل اس کے لئے ایک خود کلامی بن جاتا ہے۔ تب کیا یہ ضروری ہے کہ اس حالت میں تخلیق کرنے والے کی انفرادیت قاری کے تئیں ذمہ دار ہو؟ یہیں آکر نامانوسیت کا احساس ہوتا ہے، جہاں سمجھنے، سمجھانے کے پرانے سلسلے سے ادیب اور قاری کو الگ ہونا پڑتا ہے۔ مدرا راکھشش کے الفاظ میں۔

سمجھ کیا چیز ہے سمجھ نا سمجھی کا ایک پردہ سا ہوتا ہے۔

روایت ہے کہ سب سمجھ دار ہوں۔ اس لئے بچپن ہی سے بڑے بوڑھے سمجھ پلانا، شروع کر دیتے ہیں۔ اس کے باوجود زندگی کا ۹۹ فیصد حصہ بغیر سمجھ کے بسر کیا جاتا ہے۔"

ابسرڈ شاعری کے بارے میں بھی یہی بات کہی جاسکتی ہے مثال کے طور پر مدرا راکھشش کی ہی ایک نظم یہاں پیش کی جاتی ہے:

دروہا

میر کھبا دروہا

ندہرا، شجا، دھیا، بہافئی

تیبریو تیالی

لدرے

اس نظم کو قارئین سمجھیں یا نہ سمجھیں مگر یہ ہے "ابسرڈ" شاعری۔ ایسی نظمیں صرف گفتگو کا موضوع بن کر رہ گئیں۔ بے معنی الفاظ کے ذریعے دوسروں تک پہنچنا ایک اندھیرے غار میں چھلانگ لگانے سے زیادہ نہیں ہوتا۔

ٹھوس شاعری۔

اس سلسلے میں ٹھوس شاعری کا ذکر بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔ سومتر موہن کا ایک مقالہ اس سلسلے میں بہت دنوں تک موضوع گفتگو بنا رہا۔ مغرب کی "کنکریٹ" شاعری کی تقلید میں ہندی میں ٹھوس شاعری کی بات اٹھائی گئی۔ یہ بات محض چونکانے کی غرض سے نہیں اٹھائی گئی تھی۔ یہ اس ارادہ سے سامنے لائی گئی کہ شاعری صرف و نحو اور قواعد کا پابند ہو کر لکھی جانے والی منظوم سطروں سے آگے کی چیز ہے۔ آج شاعری دیکھی بھی جا سکتی ہے۔ طباعت کی توسیع اور ترقی نے شاعری کے لئے مختلف چیزوں و شکلوں کے بصری رشتوں کو بھی کار آمد بنا دیا ہے۔ جذبات کا اظہار اشاروں، علامتوں لفظوں اور شکستہ لفظوں سے بھی ہوتا ہے۔ راقم الحروف کی نظم ٹوٹم اور اس کے ردعمل میں لکھی گئی نظم "تو۔ تو" اس نقطۂ نظر سے "تو تو اور میں میں" نہیں بلکہ شاعری کی مسلمہ اقدار کا تمسخر ہیں۔

کولاج فرانسیسی زبان کا لفظ ہے۔ ایک قسم کی تجرباتی نظموں کو یہ نام دیا گیا ہے۔ اپنے نجی اور ذاتی جذبات کے اظہار کے لئے میں نے اس تجربے کو اپنے مافی الضمیر کے زیادہ قریب پایا ہے۔ ——— کولاج نظمیں مفید بھی ہیں کیوں کہ چھوٹے رسائل بھی انہیں آسانی سے شائع کر سکتے ہیں ۶۶ء میں کلکتہ سے شائع ہونے والے مشہور و معروف ماہنامے "گیان اودے" میں سب سے پہلے راقم الحروف کی کچھ کولاج نظمیں شائع ہوئیں۔ مصوری سے وابستہ کولاج شاعری اندرونی اضطراب و انتشار سے پیدا ہوئی۔ الفاظ ہمارے تحت الشعور کو موسیقی بخشتے ہیں۔ تیز رفتار اور ہنگامہ خیز ماحول میں ایک ساتھ کئی خیالات و تاثرات کی شکستہ اور بے ڈھنگی شکلیں ہمارے دل میں جاگزیں ہوتی ہیں۔ ہم کئی بے ترتیب چیزیں لفظوں کے ذریعے گرفت میں لیتے اور چھوڑتے ہیں۔ الفاظ کے ادھورے مقاصد، لڑکھڑاتے فقرے، منتشر خیالات کہنے کے لئے صرف ایک ہی بات ——— یہ سب چیزیں شاعری میں اثر دکھاتی ہیں۔ شاعری تب صحیح معنوں میں کولاج ہوتی ہے۔ ایک دلیل اس کے پیچھے یہ بھی ہے کہ کہ جو سلسلہ وار فینٹسی ہمیں مکتی بودھ کے یہاں ملتی ہے اب وہ ممکن نہیں۔ فینٹسی ہوگی تو جزئیات میں ——— اس کی بگڑی ہوئی شکل اور اس کا ادھورا پن ہی اس کی تکمیل ہوگا۔ ایسی نظمیں تسلیم شدہ اقدار اور تخلیقی عمل کے درسی طور طریقوں سے الگ ہوں گی۔ ان میں بیان ہونے والی متعدد خشک باتوں کے بھی معنی ہوں گے اور ان معنی سے پرے اور بھی معانی کے اوور ٹونز (Overtones) ہوں گے۔

۱۹۶۷ء میں وجے نامی شعری مجموعے میں کچھ کولاج نظمیں مع تشریح و توضیح شائع ہوئیں۔ اس کے بعد ہندی کے دیگر رسائل میں بھی اس طرح کی کئی تخلیقات نظر آئیں۔ ظاہر ہے مصوری کی اس طرز کو شاعری سے وابستہ کر کے امتناعات (Taboo) کو مزید توڑا گیا۔

یہ بات قابل توجہ ہے کہ ہندی میں نئی شاعری کا خاتمہ گہری بے چینی کی وجہ سے ہوا۔ اس کا ایک نتیجہ ان تخلیقات کے روپ میں نصب العین بنایا گیا جو بغاوت اور مخالفت کے نام پر لچر اور پھوہڑ رومان کا اظہار کرتی ہیں۔ مایوسی بھی ادھر کی نظموں میں ایک فطری رجحان بن گیا ہے۔ کچھ مجبوریاں ہیں کہ ان سے نجات پانا آج کے شاعر کے لئے مشکل ہے۔

میں نے اپنی نسوں کا جال بُن کر
ایک اور شیہ (نظر نہ آنے والا) تالاب میں پھینک دیا ہے
وہ تالاب اگر تمہارا جسم ہو
یا جسم نہ ہو ——— اور شیہ تالاب ہو
فرق صرف مرے ہونے کا ہے
جسے میں نے اپمان میں رستے
محسوس کیا ہے

(سومتر موہن)

مذکورہ بالا مثال انسان کے اُن تعلقات پر انگلی رکھتی ہے جو بہت پیچیدہ ہیں۔ غیر مجسم تلمیح و استعارہ کا یہ انداز شاعری کے پرانے اور روایتی ڈھنگ کو ختم کرتا ہے۔ اس میں حیرت کی کوئی بات نہیں، سپاٹ نثر اور منتشر عناصر کے اثرات بات کو دوسری طرح سے پیش کرتے ہیں۔

کیول کچھ شبد ہیں۔
جنہیں ہم کھولتے پانی سے نکال کر
ریت پر سکھا رہے ہیں۔

(باقی ص ۸۶ پر)

ہیپوپوٹامس

شیام پرمار

نہاس کی گانٹھیں گل جاتی ہیں، جب شہر کا دماغ
بھرتا ہے — ایک لاوا ہوتا ہے اور لاشوں کی گندھ
الی کے پاس چیتھڑوں کو نوچتا ارسو صدیوں کو پیتا ہے۔
گر تھوکتا ہے خون کے فوارے
مرتا کون ہے
ے وقت ہے اتنا بھی سوچنے کا ہر نمش[1]
مین دھڑکتی ہے، اس میں دبی ناڑیاں ٹوٹتی ہیں
ہوائیں بھاگتی ہیں اور کانوں کان سمبھاو نائیں[2]
منتی سمے کو سونگھتی ہیں
کسی بھی کھشن[3] کوئی کار یا بس
کان میں گھس جائے یا بجلی کے کھمبوں پر بندھے ہوئے
اریکایک جل کر ایک دوسرے کا سہارا چھوڑ دیں
ا اندھیرے میں دماغ کی نسیں بے چین ہو جائیں۔
ہو سکتا ہے ریستوران میں ڈنر کے بعد کچھ شریر
بے جان ہو جائیں (ان میں میرا متر بھی ہو سکتا ہے
یں خود بھی ہو سکتا ہوں) اور تمہیں
پتہ چلے کہ شہر کے پیٹ پر صبح ہونے کے پہلے
بڑے بڑے پھپھولے اٹھ آئے ہیں اور ہر پھپھولے کے پاس
وکوں کے ہجوم بلغم اگلتے کیو میں کھڑے ہیں۔
شہر کے آکاش پر چھڑیں تنی ہیں تناو میں
یکشپت[4] ہوتا جا رہا ہے ہر قطرہ۔ دیواروں پر
رد کے سانپ رینگتے ہیں۔ ایک جنگل
شہر کے بازوؤں میں دھنستا ہے — بنیلے ناخونوں کی
چونٹ سے پھٹ جاتے ہیں پردے۔ پوجا کے شنکھوں میں
راڑ پڑ جاتی ہے اور روی شنکر کے ستار کو

۵

براہ اپنی تھنوتھن سے توڑتا ہے۔
دماغ کا مان[6] چتر ایک ننگی لاچاری کا شکار
ہوتا جاتا ہے۔ پتہ نہیں سوامی ناتھن اسے کس روپ میں
آنکیں کس روپ میں ہمت شاہ کے رنگ اسے سوکھیں۔

کہنا کٹھن ہے ایک ایک انچ پر کیلیں گڑی ہیں
یا موت سڑکوں کی جنگھاوں پر سنسکاروں[7] کی کترنیں
چپکی ہیں یا سپتاہکوں[8] کے کالم سنا اس ورش
بہت سا آم باہر گیا۔ آکاش میں گھرتے پہاڑوں کو
گورئیوں نے باندھا — پربمبئی میں
لوکل گاڑیاں لڑ گئیں اور نگر کی دیہہ[9] وچاروں میں
ابلتی رہی۔ میرے ہاتھ نے دوسرے ہاتھ کو
اکھاڑ دیا۔ ودھت[10] میں ترنگت ہوئی چیخیں
پھڑپھڑائیں — مگر سنائی دی کلکاریاں
سمے کو دمہ ہو گیا یا کینسر، ہانپتے ہوئے نمیشوں
کے ہیپوپوٹامس کی آنکھیں بند نہیں ہوتیں — ارراتا ہے
اس کا آہم[11]
مگر پالم ہو یا صفدر جنگ
سنسکرتیاں[12] اترتی ہیں ہواؤں سے — ہواؤں میں ولین[13]
ہو جاتی ہیں جیسے تمہارے لئے انیک[14] خیال آتے ہیں
اور بڑے خیال انھیں کھا جاتے ہیں —

۱۔ ثانیہ ۲۔ امکانات ۳۔ لمحہ ۴۔ بے چین، مضطرب ۵۔ فرقت ۶۔ نقشہ، خاکہ ۷۔ اعمال ۸۔ ہفتہ وار رسائل ۹۔ جسم ۱۰۔ بجلی
۱۱۔ خودی ۱۲۔ تہذیبیں ۱۳۔ غرق، محو ۱۴۔ مختلف

ملیج

اکال مرتیو

اُس کے پاس ایک چھری ہے
وہ اُس سے روز روٹی مکھن اور سبزی کاٹتا ہے
پھر کھاپی چکنے پر اپنا گلا کاٹتا ہے
کھال اُدھیڑ خود کو ہک پر ٹانگ بوند بوند
ٹپکتے خون کو نپنے سے ناپ ناپ
نالی میں ڈالتا ہے
قاعدے سے ہاتھ پونچھ میز پر
اپنے ہی انگوں کو چھوتا ہے تیز
کر چھری کی دھار ایک بار دو بار، تین بار
کسی کے پوچھنے سے چونکنے کے پہلے
وہ ہونٹ الگ پھینک دیتا ہے موت پر
ہنسنے کے لئے آنکھیں نکال
پیٹھ پیچھے جڑ دیتا ہے
کرودھ میں مُنھ باکر
دکھا دیتا ہے اپنے ہی کٹے ہوئے ہاتھوں میں
اپنی سوتنترتا[1] کے بیس سال

اکال[2]
مرتیو ٹینٹ سے وصولی گئی کرانتی[3]
سے بڑی نہ ہو اتم نربھاتا[4] کی چھری
دھری ہینوں[5] کو سونپ چاندی کی طشتری میں
نقلی دانت، مونچھ، پنجے رکھ اٹھ

کیلاش باجپئی

دیپئے

شہر ہی شہر
پوری پرتھوی پر
تاروں اور پہیوں اور پنکھوں سے
جڑے ہوئے
بازار ہی بازار
ہر شہر میں
سامنے سے بھرے ہوئے۔
دکانیں — چیزیں ہی چیزیں دکانوں میں
ساری ہی چیزیں
اس آدمی کے واسطے
جو ننگا ننگا پیدا ہوا

[1] قول محال

کھڑا ہوتا ہے
چور دروازے سے باہر آ پھر
رعب دار سنتری کو گھوس دے بھیتر نقلی دانت
مونچھ پنجے اٹھا
اُپ[6] کبدھی کا انوبھو[7] کرتا ہے
اور نئے سرے سے رچنا کرم[8] میں جٹ جانے کے پہلے
اکایک نہلے دہلے کو یاد کر
گھوم کر پیچھے دیکھتا ہے
کہ ارے دم کدھر گئی؟

۱۔ اعضا ۲۔ آزادی ۳۔ ناگہانی موت ۴۔ انقلاب
۵۔ خود اعتمادی ۶۔ بنا دھری کا ۷۔ حاصل ۸۔ تجربہ ۹۔ تخلیق — ملیج

اناسکتی[1]

میں نے اتیت[2] کو کاٹ دیا ہے بے دردی کے ساتھ
کچھ نہیں دکھائی دیتا ہے کیول[3] خون خوار بلی کے کچھ پنجے
اور شریر[4] پر بنے ناخونوں[5] کے کچھ کھرونچے گئے نشان
شیش[6] رہے ہیں۔
کیول ایک مانس کا بادل کبھی کبھی بائیں اور[7] آکر
روک دیتا ہے شوانس[8] نلی کا آروہ اوروہ[9]
میں نے ایک رکت[10] ستھان پر کچھ کاغذ ٹھوک دئے ہیں
جن میں کسی سے میری رچی[11] تھی اور جنھیں میں
رکھتا تھا سنبھال کر۔
میں نے ایک ڈرتے ہوئے مکان کے پاس سے گزرنا چھوڑ دیا
ایک دوڑتی ہوئی آواز کبھی کبھی راستہ روک لیتی ہے
اور کچھ سہمے ہوئے خرگوش میری جیب سے اچھل کر
راستے کی روشنی میں ناچنے لگتے ہیں
میں نے روشنی اور ہوا اور انتظار ان سب باتوں کی
نرتھکتا[12] کا پتہ لگا لیا ہے
میں لوٹا ہوں ایک لمبی یاترا سے واپس اور میں نے
پریمیکاؤں[13] کے شووں[14] کو ٹرین کے ڈبوں میں چھپا دیا ہے
اور بھاگ آیا ہوں

جگدیش چترویدی

[1] بے نیازی ۲۔ ماضی ۳۔ صرف ۴۔ جسم ۵۔
۶۔ باقی ۷۔ طرف ۸۔ سانس ۹۔ آنا جانا ۱۰۔ خالی جگہ
۱۱۔ دلچسپی ۱۲۔ بے معنی ۱۳۔ محبوباؤں ۱۴۔ لاشوں



سُدھا



ویلی نینگ کاٹان



وشوناد ھستیہ نارائن



کے سی ایس اروناچلم



گوپال کرشن اڈیگا



جگدیش چترویدی



آرتی پربھو



سی ڈی سنجیوی



موہن سنگھ میشا



کیشو میشرام



ملیح



نارائن سروے



دینا ناتھ نادم



سی نرائن ریڈی



غلام نبی فراق



رحمان راہی

AJKAL (Monthly)
August
1969
Vol. 28 No. 1
Edited and Published by
Director, Publications Division,
Patiala House,
N. Delhi.
Printed
Asian Art [illegible] Private Ltd.,
D. B. Gupta [illegible],
New Delhi.
Regd. No. D. 509

ਸਦੀਵੀ ਇਹ ਵਿਰ
ਕੁੰਘੀਆਂ ਸੱਚਾਂ ਤੇ ਵਿਲਕਣੀਆਂ
ਸਬਰ ਦੇ ਨਾਲ ਹੀ ਹੰ
ਇਹਨਾਂ ਦਾ ਭਾਰ ਹੰ ਸਕਣਾ !
ਇਹ ਗ਼ਮ ਐਸਾ ਹੈ, ਬਿਨ ਤੇਰੇ
ਹੰਢਾਇਆ ਜਾ ਨਹੀਂ ਸਕਦਾ ।
ਭਲਾ ਕੋਈ ਕਿਸੇ ਦਾ ਗ਼ਮ
ਉਮਰ ਸਾਰੀ ਵੰਡਾ ਸਕਿਆ ?

ਦਿਲਬਰੀ ਦੋਣ ਆਇਆ ਸਾਂ,
ਤੁੰਗਾਰਾ ਵੀ ਨਾ ਭਰ ਸਕਿਆ ।
ਮੇਰੀ ਦਿਲ-ਵੇਦਨਾ ਦੇ ਭਾਵ
ਮੇਰੇ ਨੈਣ ਦਸਦੇ ਨ !
ਜਾਂ, ਇਹ ਰੁੱਖ ਜਾਣਦਾ ਹੈ
ਸਾਂਝ ਦੀ ਵਿਥਿਆ ਅਸਾਡੀ ਨੂੰ
ਤੇਰਾ ਡਾਂ ਬਾਲਪਣ ਵੀ
ਖੇਡਿਆ ਸੀ, ਇਸ ਰੁੱਖ-ਡਾਵੇਂ

Osmania University Library,
HYDERABAD 7. (A.P.)





۱۸ اگست ۱۹۶۹ء کو پروفیسر ہمایوں کبیر کا انتقال ہوگیا۔ اُنھیں اچانک قلبی دورہ پڑا جس سے وہ جانبر نہ ہوسکے۔

پروفیسر کبیر فروری ۱۹۰۶ء میں بنگال میں فرید پور کے مقام پر پیدا ہوئے۔ انھوں نے کلکتہ اور آکسفورڈ یونی ورسٹی میں تعلیم حاصل کی۔ ۱۹۳۱ء میں وہ کانگرس میں شامل ہوئے اور برسوں جدوجہد آزادی میں بڑی سرگرمی سے حصہ لیتے رہے۔ آزادیٔ وطن کے بعد ۱۹۴۸ء سے ۱۹۵۶ء تک مولانا آزاد کے ماتحت حکومتِ ہند کے مشیر اور سیکریٹری کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیتے رہے۔ اس کے بعد وہ لگ بھگ ۹ برس تک مرکزی کابینہ کے رکن رہے۔ ۱۹۶۶ء میں کانگرس سے مستعفی ہوکر بنگلہ کانگرس میں شامل ہوگئے۔ اُن کی موت سے ملک ایک عظیم مدبر، سیاست دان، ماہر تعلیم اور محب وطن سے محروم ہوگیا ہے۔

اردو کا مقبول عام مصور ماہنامہ

آج کل

دہلی

ایڈیٹر
شہباز حسین

اسسٹنٹ ایڈیٹر
راج نرائن راز

[illegible]

ستمبر ۱۹۶۹ء

[illegible]

سرورق: گورچرن اروڑہ

ترتیب

ملاحظات		۲
غزلیں	اعجاز صدیقی فضا ابن فیضی	۳
خان آرزو کی حیات اور تصانیف	منوہر سہائے انور	۴
دائرہ (نظم) غزلیں	بشر نواز سلیمان اریب	۱۰
زندگی کی کتاب	شاہدہ یوسف	۱۱
قاضی نذرالاسلام اور قومی یک جہتی	عرش ملسیانی	۱۹
غزلیں	علیم اختر۔ آزاد گلاٹی افسر آذری	۲۴
کشمیر کا احیاء نو	غلام نبی فراق ایم ایل کیمو	۲۵
وقت (نظم) رباعیات ہم دونوں (نظم)	سید آل رسول جلال ملیح آبادی رتن سنگھ کلیم	۲۸
کلام عارف پر ایک نظر	حمیدہ سلطان	۲۹
ایک سال (نظم)	غلام نبی خیال	۳۵
اردو ناول کے عظیم کردار	امیر اللہ شاہین	۳۶
غزلیں	فضا کوثری۔ حسین آمر سلمان شمسی	۴۱
ایک خواب (ڈرامہ)	اظہر افسر	۴۲
نئی کتابیں	تبصرے	۴۵

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ
شہباز حسین ایڈیٹر آج کل پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

مرتبہ و شائع کردہ

ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات



چاند کی سطح پر انسان کا اُترنا اور پھر صحیح و سالم واپس آنا ایک ایسا کارنامہ ہے جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ سائنس کے اس کارنامے کی تکمیل میں ۸ سال لگے۔ اور ایک بار میں چار لاکھ سے زیادہ اشخاص نے اس کی منصوبہ بندی، مشینوں اور کارخانوں کے ڈیزائن اور تعمیر اور افراد کی تربیت کے سلسلے میں کام کیا۔

اس کامیابی نے خلا کی اَن دیکھی دُنیا کے لئے راستہ کھول دیا ہے اور انسان کی تلاش و تجسس اور جرأت و ہمت کی تاریخ میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔

چونکہ چاند ہوائی کُرّے اور زندگی سے پیدا ہونے والی تبدیلیوں سے خالی ہے، اس لئے یہ اس زمین اور تمام نظام شمسی کے ارتقاء کے متعلق سُراغ مہیا کر سکتا ہے۔ چاند زمین سے تین دن کی مسافت اور زمین کی جسامت کا تقریباً ۵۰ واں حصہ ہونے کی وجہ سے کافی نزدیک، بڑا اور مستحکم کرہ ہے، جسے تقریباً کسی بھی مقصد کے لئے سائنسی تحقیق کا اسٹیشن بنایا جا سکتا ہے۔ اس بے مثال کامیابی پر ریاست ہائے متحدہ امریکہ بلاشبہ ناز کر سکتا ہے مگر اس مشن کی کامیابی میں دُنیا کے بہت سے ملکوں کے سائنسدانوں کا ہاتھ ہے جنہوں نے اپنے طور پر کھوج اور تحقیق کے ذریعے سائنس کے اس زبردست کارنامے کو ممکن بنایا ہے اس لئے بجا طور پر امریکی خلاباز دُنیا کے تمام ممالک کے جھنڈے اپنے ساتھ لے گئے تھے جو تختی انھوں نے وہاں نصب کی تھی اس پر کندہ تھا: "ہم یہاں سارے نوعِ انسانی کے امن کے لئے آئے ہیں"

نیل آرم اسٹرانگ اور ایڈون۔ ای۔ ایلڈرن جنھیں چاند کی دھرتی پر پہلے پہل قدم رکھنے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ انسانی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔

ہندوستان کے دستور میں مملکتی پالیسی کے لئے جو ہدایتیں درج کی گئی ہیں، اُن میں کہا گیا ہے کہ حکومت ایسے اقدامات کرے گی جس سے امیری اور غریبی کا فرق کم سے کم ہو، اور معاشی طاقت چند ہاتھوں میں مرکوز اور مجتمع نہ ہو۔

کل ہند کانگریس کمیٹی بھی اصولی طور پر اس بات کو تسلیم کر چکی تھی کہ بنکوں کو قومی ملکیت میں لے لیا جائے گا۔ ملک کے مختلف طبقے بنکوں کو قومی ملکیت میں لینے کا مطالبہ کر رہے تھے اس لئے جب حکومت نے ۱۴ بڑے بنکوں کو قومی ملکیت میں لینے کا تاریخی اعلان کیا تو بجا طور سے سارے ملک میں اس فیصلے کو سراہا گیا اور اس کا خیر مقدم کیا گیا۔

وزیر اعظم شریمتی اندرا گاندھی نے اپنی حکومت کے فیصلے کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ یہ قدم صرف مُلک کے مفاد کے پیش نظر اُٹھایا گیا ہے اور اس کا واحد مقصد یہ ہے کہ ترقی کی رفتار کو تیز کیا جائے اور غریبی اور بے روزگاری کے مسئلے کو موثر طور پر کم کیا جائے۔ امیر و غریب اور ترقی یافتہ اور پسماندہ علاقے کے فرق کو کم کیا جائے۔

ان مقاصد کے حصول کے لئے بنکوں کو قومیانہ ایک قومی ضرورت ہے۔ ۱۹۶۸ء کے آخر میں ۱۴ بنکوں میں ۲۷۴۲ کروڑ روپے کی رقم جمع تھی۔ اور ان بنکوں نے ۱۹۶۷ء اور ۱۹۶۸ء میں بالترتیب ۴ کروڑ ۳۰ لاکھ اور ۴ کروڑ ۳۷ لاکھ کا منافع کمایا تھا۔

یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ ان بنکوں پر مخصوص گروہوں یا طبقوں کا قبضہ تھا۔ تمام حصہ دار سارے ملک میں منتشر ہونے اور بعض دوسرے وجوہ کی بنا پر اُن بنکوں کو چلانے میں کوئی موثر آواز نہیں رکھتے تھے۔

اس کے علاوہ چھوٹے پیمانے پر تجارت کرنے والوں یا کارخانہ داروں یا کسانوں کو ان بنکوں سے برائے نام مدد حاصل ہوتی تھی۔ پھر متوازن علاقائی ترقی کے معاملے میں بھی ان کا رویہ سازگار نہ تھا۔

لہٰذا بنکوں کا قومی ملکیت میں آنا کئی لحاظ سے مفید اور کارآمد ہوگا اور حکومت ہند نے ہر لحاظ سے مفید اور مستحسن قدم اٹھایا ہے۔

یہ خبر ہند و پاک کے تمام علمی اور ادبی حلقوں میں بڑے رنج و افسوس کے ساتھ سُنی گئی کہ ۲۹ جولائی کو ڈاکٹر عندلیب شادانی کا انتقال ہو گیا۔ عندلیب شادانی کئی حیثیتوں سے ہماری ادبی تاریخ میں ممتاز حیثیت رکھتے ہیں۔ ادبی تنقید و تاریخ اور تحقیق کے دائرے میں اُن کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

غزلیں

اعجاز صدیقی

رہبر بے نقاب ہوئے، راہبر کھلے ؛ کتنے ہی راز ہم پہ سرِ رہگذر کھلے
پہنچا نہ بڑھ کے محملِ شب تک کسی کا ہاتھ ؛ چاہا کئے کہ بندِ قبائے سحر کھلے
اکثر رہی ہے چھیڑ نسیمِ خیال سے ؛ اکثر وہ بامِ شوق پہ آئے ہیں سر کھلے
"اک موجِ زہرِ خند لبوں پر مچل گئی ؛ بے چارگیٔ درد پہ جب چارہ گر کھلے
اتنا بھی طائرانِ چمن کو کرو نہ تنگ ؛ گھبرا کے چھوڑ جائیں نہ یہ اپنے گھر کھلے
جب بھی کسی کے عیب و ہنر پر گئی نگاہ ؛ ایسا لگا کہ اپنے ہی عیب و ہنر کھلے
ہوں پاؤں بیڑیوں کی کھنک سے لہولہان ؛ سر ہوں جنوں پسند تو زنداں کا در کھلے
ہر ہر قدم ہے فطرتِ خود دار کارساز ؛ بند ایک در ہوا، تو کئی اور در کھلے!
جب تک تھے پستیوں میں، بڑے مضمحل تھے ؛ اونچی ہوئی اڑان تو کچھ بال و پر کھلے
پہلے سے جانتا تو نہ چلتا میں ان کے ساتھ ؛ اب دور آگیا ہوں تو یہ ہم سفر کھلے

خبروں کی بھیڑ بھاڑ میں اعجاز ہم کہاں ؟
جب ہر خبر ہو بند تو اپنی خبر کھلے !

فضا ابن فیضی

مہ وشوں، لالہ رخوں، سیم تنوں کے پیچھے
کتنے رسوا ہوئے غنچہ دہنوں کے پیچھے
ہم بھی اس عہد سے اک ربطِ جنوں رکھتے ہیں
ایک تاریخ ہے خونیں کفنوں کے پیچھے
پوچھ لو اترے ہوئے چہروں کی ویرانی سے
کتنے صحرا ہیں بھری انجمنوں کے پیچھے
آج شرمندہ ہوئی وضعِ جنوں بھی کیا کیا
ڈھیر شیشے کے ملے تیشہ زنوں کے پیچھے
کوئی حالات کے تیور کو نہ پہچان سکا
قافلے چلتے رہے راہ زنوں کے پیچھے
نظر آیا کوئی چہرہ بھی نہ شیریں کی طرح
کتنے دروازے کھلے کوہکنوں کے پیچھے
رنگ اڑ جاتے ہیں خوشبو میں بکھر جاتی ہیں
کیوں صبا وار پھرو گلبدنوں کے پیچھے
ہم وفاؤں کے سلیقے کہیں خود بھول نہ جائیں
ان وفا دشمنوں، پیماں شکنوں کے پیچھے
داد یوں بھی ستم و وقت کی دی جاتی ہے
پھول بکھراتے چلو سنگ زنوں کے پیچھے
اس نگر میں تو ہر اک شخص خدا لگتا ہے
یہ کہاں آگئے ہم بت شکنوں کے پیچھے
عقل و تہذیب کی جسموں پہ عبائیں ہیں مگر
کون عریاں نہیں ان پیرہنوں کے پیچھے
کیسے عشاق ہیں صیاد بنے پھرتے ہیں
اپنے آہونگوں، سحر فنوں کے پیچھے
اک زمانے کو فضا علم و ہنر بخشا ہے
کچھ روایات ہیں ہم خوش سخنوں کے پیچھے



خان آرزو

کی

حیات اور تصانیف

منوہر سہائے انور

اُردو داں طبقہ خانِ آرزو کے نام سے باخبر اور کام سے بے خبر ہے۔ اگر خانِ آرزو نے آبرو، مضمون، یکرنگ، میر، سودا، درد وغیرہ ریختہ گو شعرا کی ترجمہ نہ کی ہوتی اور ریختہ گویوں کے تذکرے اُن کے چند سطری ذکر سے خالی رہ جاتے تو اُن کا نام کبھی کا فراموش ہو چکا ہوتا۔

خانِ آرزو جیسے جامع حیثیات لوگ ہمیشہ نادر الوجود رہے ہیں۔ ہندوستان میں خسرو اور فیضی جامعیتِ کمال اور کمالِ جامعیت کے لحاظ سے نہایت بلند و برتر مقام رکھتے تھے۔ اِن دو شخصوں کے ناموں کے ساتھ جس تیسرے شخص کا نام لیا جا سکتا ہے وہ خانِ آرزو ہیں۔

خانِ آرزو ہر جہتی قریحے اور ہمہ گیر طبیعت کے مالک تھے۔ علم و فضل میں اُن کی ہمہ دانی مُسلّم تھی، شاعری میں وہ اپنے وقت کے سب سے بڑے اُستاد تھے، علمی تحقیق و تدقیق میں اُن کا جواب نہ تھا۔ نقاد اور شارح کی حیثیت سے اُن کو جو رُتبہ حاصل تھا اُس کی مثال نہیں ملتی، وہ فارسی اور سنسکرت میں توافق دریافت کرنے والے پہلے شخص تھے۔ میر محمد محسن مُصنف مُحاکمات الشعراء کا قول ہے کہ خانِ آرزو نے اپنے علمی اِجتہاد سے فارسی کو عربی کے مرتبے تک پہنچا دیا۔

مُغولِ مُتاخرین کا عہد سلطنتِ مُغلیہ کے سیاسی زوال اور مالی انحطاط کا دَور تھا۔ اِس عہد میں اکبر، جہانگیر اور شاہجہاں کی علم پروریاں، ادب نوازیاں اور گنج بخشیاں قصۂ ماضی ہو چکی تھیں۔ بدقسمتی سے خانِ آرزو کی زندگی اسی عہد میں گزری۔ بہرحال وہ کمالات کی خاطر خواہ قدر نہ ہونے کے باوجود آخری دم تک فارسی علم و ادب کی بیش از بیش خدمت کرتے رہے۔

شیخ سراج الدین علی استعداد خاں آرزو ۱۶۸۷ء میں بمقام اکبرآباد پیدا ہوئے تھے۔ اُن کے والد شیخ حُسام الدین کا پیشہ سپہ گری تھا۔ خانِ آرزو والد کی طرف سے شیخ کمال الدین خواہرزادۂ شیخ نصیر الدین چراغ دہلی کی اولاد میں تھے اور والدہ کی جانب سے اُن کے رشتے کا سلسلہ شیخ محمد غوث گوالیاری اور شیخ فرید الدین عطار نیشاپوری تک پہنچتا تھا۔

خانِ آرزو کی عربی اور فارسی کی تعلیم بہت چھوٹی عمر میں شروع ہو گئی تھی۔ وہ بلا کے ذہین اور طبّاع تھے۔ ایامِ طفلی میں انھوں نے نو دسالہ مرزا نعیم شاگردِ مُلّا رشیدا کے شعر

رُو سپید آمدم از غیب و شدم نامہ سیاہ
من درین خانہ سحر آمدم و شب رفتم

پر اعتراض کیا تھا کہ الفاظِ شب و سحر میں تضاد نہیں ہے۔ دوسرا مصرع یوں ہونا چاہیئے

من دریں نکتہ روز آمدم و شب رفتم

نعیمؔ نے یہ ترمیم منظور کر کے اس کی ذہانت کی بے حد تعریف کی۔ شاعری میں اُن کے اُستاد میر عبدالصمد سخنؔ اور میر غلام علی احسنیؔ تھے۔

خانِ آرزوؔ اوائلِ عہدِ فرخ سیر میں بہ تلاشِ معاش دہلی آئے یہاں انھیں سرخوشؔ، بیدلؔ اور ناجیؔ سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ جب ناجیؔ گوالیار کی دیوانی پر مامور ہوئے تو خانِ آرزوؔ کو بھی گوالیار کے محکمہ سائر میں ملازمت مل گئی مگر وہ زیادہ دیر تک برسرِ کار نہ رہ سکے۔ کیونکہ سید برادران نے فرخ سیر کے قتل کے بعد اپنے آدمیوں کو روزگار بہم پہنچانے کی غرض سے بہت سے سرکاری ملازم (بشمول خانِ آرزوؔ) موقوف کر دیئے تھے۔

اس کے بعد خانِ آرزوؔ ۱۷۱۹ء میں دوبارہ دہلی آئے اور یہیں مستقل طور پر مقیم ہو گئے۔ انھوں نے یہاں مقیم ہو جانے پر اپنی علمی اور ادبی سرگرمیاں بڑے گرمجوشانہ طریق سے شروع کر دیں جو اُن کے سی و ہفت سالہ مدتِ قیام کے اختتام تک برابر جاری رہیں۔ دہلی میں اُن کو حسنِ اتفاق سے رائے رایاں آنند رام مخلص جیسا بارسوخ دوست اور شاگرد مل گیا۔ یہ بادشاہ محمد شاہ کے دربار میں نواب قمرالدین خاں وزیرِ اعظم کا وکیل تھا۔ اُس نے خانِ آرزوؔ کو بادشاہ سے جاگیر، منصب، ہفت صدی اور خطاب استعداد خاں دلانے کے علاوہ خود بھی ان کی مالی امداد کی۔ خانِ آرزوؔ بحیثیت منصب دار دو سال تک صبح و شام دربار میں حاضر ہوتے رہے لیکن آگے چل کر بادشاہ کی کم التفاتی کے باعث یہ سلسلہ بند ہو گیا۔ دہلی میں آنند رام مخلص کے علاوہ اُن کے گہرے دوست خواجہ محمد عاقل، خواجہ ناصر عندلیب اور میر شمس الدین فقیر از اول تا آخر حقِ دوستی ادا کرتے رہے۔ اُن کے تعلقات جن سربرآوردہ ارکینِ سلطنت سے تھے اُن میں امیر الامرا صمصام الدولہ خانِ دوران سپہ سالار، اعتماد الدولہ نواب قمرالدین خاں وزیرِ اعظم، نواب امیر خاں انجام، نواب اغر خاں دیوہ صوبہ دار کشمیر، نواب اخلاص خاں وغیرہ کے نام قابلِ ذکر ہیں۔

مؤتمن الدولہ نواب محمد اسحاق خاں شوستری بادشاہ محمد شاہ کی جلوت کے جلیس اور خلوت کے انیس تھے۔ انھوں نے ۱۷۲۶ء میں خانِ آرزوؔ کو اپنی مصاحبت میں لے کر افکارِ دنیوی سے نجات دلا دی۔ یہ مصاحبت چودہ سال یعنی مؤتمن الدولہ کی وفات تک برقرار رہی۔ اس زمانے میں دہلی پر بڑی خوفناک آفتیں آئیں، مثلاً نادر شاہ کا حملہ، اہلِ دہلی کا قتلِ عام، اہلِ ثروت سے بعظیر رقوم تاوان کی بجز وصولی، خزانۂ شاہی پر غنیم کا قبضہ، امرا و عمائد کی تذلیل وغیرہ وغیرہ، لیکن خانِ آرزوؔ اس پُر آشوب دور میں بھی تصانیف کا انبار لگانے میں مصروف رہے۔ اس وقت اُن کے کمال شاعری اور تحقیق و تدقیق کی شہرت کا آفتاب خطِ نصف النہار پر تھا اور وہ ہندوستان میں فارسی کے سب سے بڑے معلم اور سراج الشعرا اور سراج المحققین و ائمۂ فقین کے القاب سے یاد کیے جاتے تھے۔ اکثر کہنہ مشق شعرا اپنے دیوان اُن کے پاس لاتے اور حک و اصلاح کی درخواست کرتے تھے اور اُن کے شاگردوں کی تعداد دہلی اور اُس کے جوار کے علاقوں کے علاوہ دور اُفتادہ شہروں اور قصبوں میں بھی بڑھتی چلی جاتی تھی۔

خانِ آرزوؔ ہر مہینے کی پندرھویں تاریخ کو اپنے مکان واقع صدر بازار میں بڑے اہتمام سے مُشاعرے اور مُراختے منعقد کیا کرتے تھے جن میں تمام برگزیدہ ہندوستانی اور ایرانی شعرا کی شرکت ہوتی تھی۔

مؤتمن الدولہ کی وفات کے بعد اُن کے بڑے بیٹے نجم الدولہ مرزا محمد [illegible] شوستری نے خانِ آرزوؔ کا وظیفہ مقرر کر دیا تھا جس کی قسم (دو) ڈیڑھ سو روپے ماہوار تھی۔ یہ رقم ماہ بماہ ملتی رہتی تھی۔ بادشاہ محمد شاہ نے ان کو جو جاگیر نواحِ گوالیار میں دی تھی اُس کا خاتمہ مرہٹہ گردی نے کبھی کا کر دیا تھا۔

جب شیخ محمد علی حزیںؔ اصفہانی نے اُس نہایت عمدہ سلوک کے باوجود جو بادشاہ، اُمرا اور عوام کی طرف سے ظہور میں آیا ہند اور اہلِ ہند کے متعلق ہجویہ اشعار لکھے تو خانِ آرزوؔ نے شیخ کے دیوان سے بہت سے معیوب اشعار برآمد کر کے اُن پر اعتراضات وارد کیے اور پھر اُن کو یکجا کر کے ایک مستقل کتاب کی شکل میں شائع کر دیا۔ بعض اعتراضات میر شمس الدین فقیر نے حدائق البلاغہ اور اکثر و بیشتر نواب علی قلی خاں والہؔ داغستانی نے تذکرہ ریاض الشعرا میں داخل کر لئے۔ والہؔ نے ریاض الشعرا کا نسخہ اصفہان بھیج دیا تاکہ اصفہانیوں کو اپنے شاعرِ اعظم اور فاضلِ جلیل کی درگت کا علم ہو جائے۔

۱۷۵۰ء میں نجم الدولہ کے ہنگامی پٹھانوں سے لڑتے ہوئے مارے جانے پر اُن کے چھوٹے بھائی اور شوستری خاندان کے آخری فرد نواب رشید خاں سالار جنگ جانشین ہوئے۔ سالار جنگ نے خانِ آرزوؔ کا وظیفہ جاری رکھنے کے علاوہ انہیں معاش کی طرف سے ذرا بھی تنگ نہیں ہونے دیا۔

۱۷۵۴ء میں محمد شاہ کے جانشین احمد شاہ کی معزولی پر عالمگیر ثانی بادشاہ ہوا۔ اس کے منظورِ نظر درباری بڑے منافق اور سازشی تھے۔ ان کی خطرناک روش دیکھ کر سالار جنگ نے دہلی چھوڑ کر لکھنؤ جانے کا فیصلہ کر لیا۔ لکھنؤ میں انکی بہن بہو بیگم شجاع الدولہ کی اہلیہ تھیں۔ جب سالار جنگ اپنے متعلقین اور متوسلین کے ساتھ لکھنؤ چلنے لگے تو انھوں نے خانِ آرزوؔ کی

درخواست پر انھیں ان کے آبائی وطن اجودھیا میں باقی زندگی بسر کرنے کی اجازت دے دی۔

اُس زمانے میں لکھنؤ ارباب کمال کا کعبہ تھا۔ چنانچہ دُور دُور سے عُلما، فُضلا اور شُعرا اس کی طرف کھنچے چلے آرہے تھے۔ سالار جنگ نے شجاع الدولہ سے بھی خانِ آرزُو کا وظیفہ تین سو روپے ماہانہ مقرر کرادیا تھا۔ خانِ آرزُو وظیفہ جاری ہوجانے پر اجودھیا سے لکھنؤ آگئے اور ابھی چند ہی ماہ وظیفہ وصول کر پائے تھے کہ داعیٔ اجل کو لبیک کہنے کا وقت آپہنچا۔ اُن کی وفات ۷۰ سال کی عمر میں ۲۶ جنوری ۱۷۵۶ء کو ہوئی۔ سالار جنگ نے اُن کی نعش پہلے لکھنؤ میں بطور امانت سپردِ خاک کرائی اور پھر وصیت کے مُطابق میر محمد حسن کی نگرانی میں دہلی بھیجدی۔ میر محمد حسن خانِ آرزو کے بھانجے اور میر محمد محسن مُصنّف مُحاکمات الشُعرا کے والد تھے۔ خانِ آرزُو نے دریائے جمنا کے کنارے دہلی کی ایک آبادی وکیل پورہ نامی میں رائے رایاں آنند رام مخلص کے "رنگ محل" کے پاس اپنا ذاتی مکان تعمیر کرالیا تھا۔ اُن کی نعش اسی مکان میں دفن ہوئی۔

اُنہیں دہلی سے بڑی محبت اور روحانی نسبت تھی۔ چنانچہ انھوں نے اس شہر کے لئے اپنی تصانیف میں جابجا الفاظ "شاہجہاں آباد حضرتِ دہلی" استعمال کئے ہیں اور ایک غزل ایک قطعہ اور ایک رُباعی میں اُس کی تعریف کی ہے۔ رُباعی کے آخری دو مصرعے جن میں غالباً شیخ محمد علی حزیں اصفہانی سے خطاب ہے، یہ ہیں:۔

باد ہلیٔ ما مسنج اصفا ہا ں را
کاں نصفِ جہان واں جہان آبادست

اگرچہ خانِ آرزُو تمام شعرائے مُتقدمین و مُتاخرین کے مُعترف و مدّاح تھے لیکن انھیں ایرانیوں میں شاپور، ولی دشت بیاضی، فغانی، سنجر، ظہوری، کمال، مُجندی، شفائی، زلالی، سلیم اور آخر شیرازی اور ہندوستانیوں میں سالم کشمیری اور نسبتی تھانیسری سے غیر معمولی عقیدت تھی۔ لغت میں وہ فرہنگِ جہانگیری اور فرہنگِ رشیدی سے پہلے کی کُتبِ لُغت کو درخورِ اعتنا نہیں سمجھتے تھے۔ دیسی زبان میں خود اُن کی کتاب سے پہلے کوئی کتاب موجود نہ تھی۔ سنسکرت اور فارسی میں اُنھیں اُن سے پہلے کسی نے دستگاہ نہیں کیا تھا۔ علم بیان اور علم معانی اُن کی رہنمائی مجتہدانہ تھی۔ نقد و نظر میں اُن کا قول قولِ فیصل سمجھا جاتا تھا۔ شرح نگاری میں وہ مُلّایانہ تکلفات اور حواشی سے اجتناب کرتے اور صرف نفسِ مضمون کی وضاحت اور اُس کے حُسن و قبح سے سروکار رکھتے تھے۔

اب خانِ آرزو کی تصانیف کا اجمالی ذکر آتا ہے۔

۱۔ **دیوانِ آرزُو**۔ یہ جُملہ اصنافِ سُخن پر حاوی ہے۔ اس میں خانِ آرزُو نے اپنی اُستادی پر کئی جگہ تفاخر کیا ہے۔ ایک شعر جس میں خُود کو ہندوستان کا شاعرِ اعظم سمجھ کر ایران کے اُشعرُالشعرا کو دعا دی ہے یہ ہے ؎

چو طُوطی ام چمن سبز ہند را بُلبُل
زمن دعا برسد عندلیبِ ایراں را

۲۔ **دیوانِ آرزُو در جواب دیوانِ آذر شیرازی**۔ آذر شیرازی، (وفات ۱۷۰۸ء) ایران میں بڑا تازہ گو شاعر مانا جاتا تھا۔ جب اُس کا دیوان ہندوستان آیا تو پہلے خانِ آرزُو کے پیر و مُرشد شاہ گلشن نے اس کا جواب لکھا۔ پھر خانِ آرزُو نے خامہ طُنبانی کی اور چند ہی ماہ میں اُس کا جواب لکھ ڈالا۔ شاہ گلشن خانِ آرزُو کے جوابی دیوان کو آذر کے دیوان پر ترجیح دیتے ہوئے دونوں میں دس اور پندرہ کا فرق بتاتے تھے۔

۳۔ **دیوانِ آرزُو در جواب دیوانِ فُغانی**

۴۔ **دیوانِ آرزُو در جواب دیوانِ سلیم**

۵۔ **دیوانِ آرزُو در جواب کمالِ مُجندی**۔ یہ دیوان ردیف دال سے آگے نہ بڑھ سکا کیونکہ خانِ آرزُو نے اس کا آغاز اپنی وفات سے تھوڑی ہی مدّت پہلے کیا تھا۔

۶۔ **مثنوی سوز و ساز**۔ یہ مثنوی زُلالی کی مثنوی محمود و ایاز کے جواب میں لکھی گئی۔

۷۔ **مثنوی جوش و خروش**۔ یہ نوعی کی سوز و گداز کا جواب ہے۔

۸۔ **مثنوی مہر و ماہ**۔ یہ مثنوی ایسی بحر میں ہے جو عام طور سے مثنوی نگاری کے لئے مستعمل نہیں ہوتی۔ خانِ آرزُو اس کے متعلق لکھتے ہیں ؎

اول نہر بہشت است ایں کاوردم زفلک بزمیں

۹۔ **مثنوی عبرت فسانہ**۔ یہ سلیم کی مثنوی قضا و قدر کے جواب میں ہے۔ مگر نامکمل رہ گئی۔

۱۰۔ **ایک نامکمل مثنوی**۔ حکیم سنائی غزنوی کی مثنوی حدیقۃ الحقیقۃ کی بحر میں۔

۱۱۔ **عالم آب**۔ یہ ظہوری کے ساقی نامہ کا جواب ہے۔

۱۲۔ **سراج اللُغتہ**۔ یہ ایک ضخیم مُحققانہ فرہنگ ہے جس میں الفاظ و مُحاورات و مصطلحات کی تحقیق بڑی تدقیق کے ساتھ کی گئی ہے۔ شعرائے مُتقدمین کا مُطالعہ کرنے کے لئے سراج اللُغتہ کے بغیر چارہ نہیں۔ اس

فرہنگ کی ایک اور بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں فرہنگ رشیدی اور برہان قاطع کے اغلاط پر سیر حاصل بحث کر کے ان کی تصحیح کی گئی ہے۔ رائے ٹیک چند بہار سراج اللغۃ پر ایسے فریفتہ ہوئے کہ انھوں نے خان آرزو سے اجازت لے کر اس کے اکثر مندرجات بہار عجم میں داخل کر لئے۔ جرمن مستشرق بلاخمین نے لکھا ہے کہ اگر یورپ میں برہان قاطع کا لاطینی ایڈیشن خان آرزو کی تصحیحات کے ساتھ شائع ہوتا تو وہاں کے علما برہان کے اغلاط سے ناواقف نہ رہتے اور چند در چند مغالطوں میں مبتلا نہ ہوتے۔ خان آرزو سراج اللغۃ میں جا بجا فارسی اور سنسکرت الفاظ کا توافق دکھانے نہیں تھکتے۔ ان کا قول ہے کہ ان دونوں زبانوں میں توافق کی مثالیں حد حساب سے خارج ہیں۔

۱۳۔ چراغ ہدایت۔ یہ لغت ایک علیحدہ کتاب اور بقول خان آرزو سراج اللغۃ کا دوسرا دفتر ہے۔ اس میں جامی کے بعد آنے والے مستعمل الفاظ و اصطلاحات درج ہیں جو فرہنگ جہانگیری مجمع الفرس سروری اور برہان قاطع میں نہیں ملتے

۱۴۔ غرائب اللغات یا نوادر الالفاظ۔ اس کا مدون عبدالواسع ہانسوی تھا۔ خان آرزو نے اس میں ترمیم، تصحیح اور اضافہ کر کے اس کا نام نوادر الالفاظ رکھا۔ اس میں ہندی یعنی زبان ریختہ کے الفاظ درج ہیں جن کے معنی فارسی میں بیان کئے گئے ہیں۔

۱۵۔ عطیۂ کبریٰ۔ اس کا موضوع علم بیان ہے۔ خان آرزو لکھتے ہیں کہ علم بدیع پر تو حدائق السحر، حدائق الحقائق، مجمع الصنائع وغیرہ کتابیں موجود تھیں لیکن علم بیان پر کوئی رسالہ نہیں پایا جاتا تھا۔ نظر برآں میں نے یہ کتاب لکھی کہ مشتاقان فن اس شعبے میں مہارت حاصل کر کے محاسن شعری سمجھنے پر بخوبی قادر ہو جائیں۔ اس عبارت سے ظاہر ہے کہ عطیۂ کبریٰ اپنے موضوع پر پہلی کتاب ہے۔

۱۶۔ موہبت عظمیٰ۔ یہ بھی بقول خان آرزو علم معانی پر پہلی کتاب ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ شعرائے متاخرین نے بڑے دقیق اور بعید الفہم استعارے استعمال کئے ہیں جن کا حسن و قبح علم معانی میں دستگاہ کے بغیر معلوم نہیں ہو سکتا میں نے ۳۵ سال تک شعرائے متاخرین کا کلام دیکھنے کے بعد یہ رائے قائم کی ہے۔

۱۷۔ مثمر۔ یہ خان آرزو کا بڑا حیرت انگیز کارنامہ ہے۔ اسی کی بنا پر کہا گیا تھا کہ انھوں نے فارسی کو عربی مرتبے تک پہنچا دیا۔ فارسی میں علم لسان اور علم اصوات حروف پر کوئی کتاب نہ تھی۔ خان آرزو نے امام جلال الدین السیوطی کی عربی کتاب مزہر کے مقابلے میں مثمر لکھی۔ اس کتاب کی ۴۱ فصلیں ہیں جنہیں اصلیں کہا گیا ہے۔ یہ کتاب خان آرزو ہی لکھ سکتے تھے۔ کیونکہ ان کے زمانے کے ایرانی فضلا میں سنسکرت الفاظ کی ساخت اور معانی سے بے خبری کے باعث فارسی اور سنسکرت الفاظ کا توافق دریافت کرنے کی اہلیت نہیں تھی اور ہندوستان میں بھی کوئی شخص ان کی طرح مدت مدید تک اس قسم کی تحقیق و تدقیق کر کے مطلوبہ لیاقت پیدا نہ کر سکا۔ مثمر میں اور بھی بڑی فکر انگیز اور غور طلب بحثیں آئی ہیں مثلاً کیا اہل زبان سے زبان کے استعمال میں غلطیاں ہو جاتی ہیں۔ کیا ہندوستانی فارسی زباندانی میں اتنی مہارت پیدا کر سکتے ہیں کہ انہیں اہل زبان کا ہمسر مان لیا جائے۔ کیا ہندوستانیوں نے فارسی زبان میں جو اجتہاد کئے ہیں، وہ قابل قبول نہیں ہو سکتے۔

۱۸۔ سراج منیر۔ شاہجہانی عہد کے جلیل القدر فاضل، شاعر اور نثار ابوالبرکات ملا منیر لاہوری نے اپنی کتاب کارنامہ میں عرفی، طالب ظہوری اور زلالی کے بعض اشعار پر اعتراضات کئے تھے۔ سراج منیر ان کا رد ہے۔ اس میں خان آرزو نے بڑی مدلل بحث کر کے منیر کے ہر اعتراض کا شافی جواب دیا ہے۔

۱۹۔ داد سخن۔ یہ ایک محاکمہ ہے۔ ملا رشیدا نے قدسی کے ایک قصیدے پر اسی قصیدے کی زمین میں قصیدہ لکھ کر اعتراضات وارد کئے تھے۔ بعد ازاں ابوالبرکات ملا منیر لاہوری نے ان دونوں قصیدوں کی بحر و قوافی میں قصیدہ لکھ کر قدسی کے اشعار اور رشیدا کے اعتراضات کا جائزہ لیا۔ خان آرزو نے داد سخن میں اس بحث پر مزید بحث کر کے محاکمہ کیا ہے۔

۲۰۔ تنبیہ الغافلین۔ اس کتاب میں خان آرزو نے شیخ محمد علی حزیں اصفہانی کے بہت سے اشعار معیوب قرار دیئے ہیں۔ اعتراضات ان نوعیتوں کے ہیں: ایسے الفاظ و تراکیب کا استعمال جو مستند اساتذہ کے کلام میں نہیں ہیں۔ مثلاً آتش بدستار بستن، آب رفتہ در ایاغ آمدن وغیرہ، غلط بندشیں جن سے اشعار میں اہمال پیدا ہو جاتا ہے عروضی لغزشیں، مصرعوں میں فقدان ربط۔

۲۱۔ خیابان۔ یہ گلستان سعدی کی شرح ہے۔ اس میں متن کی تشریح کے علاوہ میر نور اللہ احراری اور ملا سعد جیسے شارحوں کی شرح پر انتقاد بھی ہے۔

۲۲۔ شگوفہ زار۔ یہ نظامی گنجوی کے سکندر نامہ کی شرح ہے۔

اس میں بھی اگلے شارحوں کی شرحیں زیر بحث لائی گئی ہیں۔

۲۳۔ شرح قصائد عرفی۔ اس میں اشعار کا مفہوم بڑی وضاحت سے بیان کیا گیا ہے اور ابوالبرکات ملا منیر لاہوری اور دوسرے شارحوں کے اعتراضات رد کیے گئے ہیں۔

۲۴۔ شرح گل کشتی۔ ایرانی شاعر میر عبدالعالی نجات نے پہلوانی اور کشتی کے فن پر ایک مثنوی لکھی تھی جو کثیر التعداد فنی اصطلاحوں کی وجہ سے بعید الفہم تھی خان آرزو نے شرح لکھ کر یہ دشواری رفع کر دی۔

۲۵۔ سراج و وہاج۔ یہ خواجہ حافظ شیرازی کے ایک شعر پر شعرا کی بحث اور خان آرزو کے محاکمے سے متعلق ہے۔

۲۶۔ آداب عشق۔ اس رسالے کا موضوع نام سے ظاہر ہے۔

۲۷۔ معیار الافکار۔ اس میں فارسی زبان کے قواعد درج ہیں۔

۲۸۔ پیام شوق۔ یہ خان آرزو کے رقعات کا مجموعہ ہے۔

۲۹۔ گلزار خیال۔ اس میں فصل بہار اور ہولی کی کیفیت رنگین عبارت میں بیان کی گئی ہے۔

۳۰۔ شرح مختصر المعانی۔ تفتازانی نے تلخیص کے تیسرے باب کی شرح لکھی تھی۔ یہ اس شرح کی شرح ہے۔

۳۱۔ مجمع النفائس۔ یہ ضخیم تذکرۃ الشعرا ہے جس میں ۱۷۳۵ شعرا کے حالات اور ان کے کلام کے عمدہ اقتباسات درج ہیں۔ اس تذکرے کی ایک اور بڑی خوبی یہ ہے کہ خان آرزو نے جا بجا بحث و تمحیص اور نقد و نظر کے علاوہ بعض ایسے مسائل پر بھی اظہار رائے کیا ہے جو فارسی زبان اور فارسی ادب کے اہم پہلوؤں سے تعلق رکھتے ہیں۔ پھر اس میں کہیں کہیں دلچسپ حکایات بھی ملتی ہیں جن سے ان کے کردار کا مطالعہ کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے۔ ضخامت اور انواع و اقسام معلومات کا خزینہ ہونے کے لحاظ سے مجمع النفائس ایک ادبی سائیکلوپیڈیا کی حیثیت رکھتا ہے۔ خان آرزو نے ایران اور ہندوستان کے چند بڑے بڑے شاعروں کے بعض اشعار میں جو ترمیمیں کی ہیں وہ بھی یہاں دیکھی جا سکتی ہیں۔

۳۲۔ زوائد الفوائد۔ یہ ایک مصدر نامہ ہے جس میں فارسی کے غیر معروف اور فراموش مصادر کے معانی اور مشتقات درج ہیں۔

اب غزل، قصیدہ، مثنوی اور نثر کے چند نمونے ملاحظہ ہوں۔

اشعار از غزلیات

داغ تردد دل دیوانہ ایم ما
پروانۂ چراغ پری خانہ ایم ما
کیفیت شراب نگاریم ہمچو موج
انشا طراز لغزش مستانہ ایم ما
ہر گہہ عرق ازاں گل رخسار می چکد
آئینۂ فرنگ زگلزار می چکد
آبے بروے کار من آورد گریہ ام
ابر بہار از در و دیوار می چکد
تقرفست بدل حسن شوخ و شنگ ترا
زکعبہ باج ستانی بود فرنگ ترا
گرہ ہے زبند قبائے خود بکشا بگشت چمن در آ
بہوا افشاں سر زلف را حوصلہ بدشت ختن درا
ایں ذرۂ ناچیز ز صد دشت فزونست
کونین تواں گشت مگر دل متواں شد
آوازۂ سن آرزو از فیض سکوتست
بالید بآں رنگ خموشی کہ زباں شد

اشعار از قصیدۂ نعتیہ

باشد از عکس ریاحیں عالم دیگر در آب
بیضۂ الوان نوروزاست ہر گوہر در آب
بسکہ رنگ تازہ گلہائے بہاری ریختند
چتر طاؤس است گوئی برگ نیلوفر در آب

اس سے آگے اشعار لکھ کر قصیدے میں غزل داخل کرنے کا اشارہ کرتے ہوئے کہتے ہیں:۔

مصرعۂ بحر طویل موج از یا دش رود
گوش ماہی بشنود ایں نو غزل را گر در آب

غزل کا مطلع اور مقطع یہ ہے:۔

نیست باکم گر فتد از شعر تر دفتر در آب
تا قیامت شستہ کے گردد خط ساغر در آب
دارم آرام آرزو از اشک طوفاں جوش خود
از پر ماہیست بالینم بزیر سر دہ آب

پھر فخریہ اشعار لکھتے ہیں :-

ریختہ طرحِ تازہ فکرِ من ز شعرِ تر در آب
ہمچو نیلوفر گشتادم یک چمن دفتر در آب
آب داری بسکہ از تیغِ زبانم می چکد
غرق شد از انفعالِ حرف من گوہر در آب
آفریں بر من کہ از رطب اللسانیہائے خویش
ریختم رنگِ بہشت از نعتِ پیغمبر در آب

اشعار از مثنوی

قصے کے خاص کردار یعنی شاہزادے کے حسن کا بیان جن اشعار میں کیا ہے اُن میں سے چند یہ ہیں :-

سفید از عشق او چشمِ صباحت
نمک در زخم از خندش ملاحت
نگاہِ گرم او سرجوشِ مستی
امامِ مذہبِ آتش پرستی
رخِ او نو بہارِ لالہ رنگی
خطِ او مصحفِ خطِ فرنگی
تغافل سایہ پرورد نگاہش
ہجومِ نازہا گردِ سیاہش

نثر

"وحق تحقیق آنست کہ زبانِ معتبر فارسی زبانِ اردوے بادشاہیست کہ بعد اختلاطِ فرق و جماعات قرار یافتہ۔ لہٰذا در شعر فصحا و نثر بلغا زبانِ دیگراں نیست و اگر احیاناً باشد بسببِ قلتِ محکمِ عدم دارد و آنچہ مقرر شدہ فصیح و بلیغ کہ از ہر شہر والکہ باشد بداں تکلم نماید و بزبانِ ملکِ خود مخلوط نہ سازد . . . . . پس بہ تحقیق پیوست کہ افصح زبانہائے فارسی زبانِ اردوست و زبانِ خاصہ ہر ملک در شعر و انشا منظور نیست۔ ازیں جاست کہ شاعر از ہر ملک کہ باشد مثلاً خاقانی از شروان و نظامی از گنجہ و سنائی از غزنیں و خسرو از دہلی بہماں زبانِ مقررہ حرف زند و آں نیست مگر زبانِ اردو۔"

خانِ آرزو نے جہاں کلیم کو اپنا ہم زبان کہا ہے وہاں وہ اپنے زمانے کے بھی شاکی ہیں۔ انھوں نے لکھا ہے :-

سخنوران دگر سرمہ آرزو خورند — مگر کلیم کہ امروز ہمزبانِ منست

ریطے نماندہ است در اوراقِ دو جہاں
جزوے زبانِ ما نجدا سخت ابتراست

شاعری میں خانِ آرزو کی طرز اُن کے تمام محبوب شعرا کی طرزوں کا مرکب تھی جس میں اُن کا ذاتی اندازِ سخن طرازی صاف جھلکتا نظر آتا تھا۔ اگر جواب گوئی داخل کمالات سمجھ لی جائے تو بے مبالغہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ اس کمال میں اپنا جواب نہیں رکھتے تھے۔ گو عہدِ مغولِ متاخرین میں ملک الشعرا کا عہدہ خالی رہا لیکن اُن کے معتقد اور مداح کیا ہندوستانی اور کیا ایرانی اُنھیں غیر کاری ملک الشعرا سمجھتے تھے۔ وہ خود ایک جگہ بیان کرتے ہیں کہ آج کل ہندوستان میں کوئی شاعر استادِ کامل نہیں ہے۔ میرے دوستوں نے مجھے بہ یک مرتبہ استادی دے دیا ہے۔

وہ فرہنگ نویسی اور الفاظ و اصطلاحات کی تحقیق و توضیح کا یگانۂ روزگار تھے۔ سراج اللغت ہر دو دفتر کے منظرِ عام پر آنے کے بعد پہلی فرہنگیں طاق پر رکھ دی گئیں۔ بالفاظ دیگر سراج اللغت ناسخ اللغات قرار پائی۔

خانِ آرزو کے زمانے میں فارسی علمِ لسان اور علمِ اصواتِ حروف کا وجود نہ تھا۔ انھوں نے ان علموں کی اساس رکھی اور ہندی یعنی سنسکرت اور فارسی الفاظ میں توافق دریافت کر کے تمام ایرانی اور ہندوستانی اربابِ تحقیق پر اپنی فوقیت ثابت کر دی۔ ان کو اس دریافت پر بجا فخر تھا۔ وہ لکھتے ہیں :- "حق آنست کہ تا الیوم ہیچ کس بدریافتِ توافق زبان ہندی و فارسی بہ آں ہمہ کثرتِ اہلِ لغت چہ فارسی و چہ ہندی و دیگر محققان ہند نہ شدہ الا فقیر آرزو" وہ ویدک، سنسکرت، ہخامنشی عہد کی فارسی، اوستائی اور پہلوی سے ناواقف تھے اور انہیں قدیم آریائی زبانوں کی تقسیم کا بھی علم نہ تھا۔ تاہم انھوں نے فارسی بعد از اسلام اور سنسکرت کے الفاظ میں توافق دریافت کر کے اُس کی اقسام بیان کر دیں۔

علمِ بیان اور علمِ معانی میں اُن کی تصانیف نقشِ اوّل کی حیثیت رکھتی ہیں۔

انتقاد میں اُن کو ناقد الناقدین کہنا غلط نہ ہوگا۔ اُن کے محاکموں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بڑے نکتہ رس اور دقیقہ سنج تھے اور اُن کا استدلال یکسر منطقیانہ ہوتا تھا۔

شارح کی حیثیت سے اُن میں اور پیشہ ور معلموں میں زمین و آسمان

(باقی ص ۱۵ پر)

ستمبر ۱۹۶۹ء

غزلیں



دائرہ

روز کی مانند پھر
چاند اندھا ہو گیا
کرتے کرتے رقص تارے تھک گئے
طنز میں ڈوبی ہنسی کا اژدہا
آسماں کے خوں بھرے ہونٹوں پہ لہرانے لگا
اور تھوڑی دیر میں
چوس لیں گی
کانپتی، سوکھی زبانیں، جسم کی
ایک اک رگ کا لہو
اور تھوڑی دیر میں
ذہن کی آئینہ جھیل
سوکھے پتوں، سرد لاشوں
مار و افعی کے بساندھے زہر سے اٹ جائیگی
دیکھتے ہی دیکھتے
آتشیں پھن
مجرمانِ زیست پر
بابِ دوزخ کی طرح وا ہو گیا
جھلملے خوابوں کی ہلکی موتیا کلیوں کا رنگ
جلتی آنکھوں پر رکھی ٹھنڈی گلابی انگلیاں
شوخ پریوں کے سنہرے بال و پر
آگ پر رکھا ہوا کافور بن کر رہ گئے
وقت کے خاموش ہاتھ
ہانپتے لمحات کی آری لئے
زندگی کے پیڑ تک پھر آ گئے
پھر وہی خونیں ڈرامہ، پھر وہی بیکار کھیل
رس بھری شاخوں، ہرے پیڑوں کا خوں پیتی ہوئی آکاس بیل

اک سایہ دوسرے کے مقابل نہیں رہا
یا درد اب رہا نہیں یا دل نہیں رہا
جینا پڑا ہے تجھ سے بچھڑ کر بھی جب ہمیں
اب مرحلہ بھی موت کا مشکل نہیں رہا
پھرتے ہیں کب سے سر کو ہتھیلی پہ رکھ کے ہم
کیا شہر بھر میں اب کوئی قاتل نہیں رہا
پھر کیوں ہے درمیان میں یک صحرا فاصلہ
جب کوئی جسم و روح میں حائل نہیں رہا
کس کس عذاب سے نہ گزرنا پڑا اُسے
وہ جو ترے خیال سے غافل نہیں رہا
روئیں گے یاد کر کے مجھے کل یہ اہلِ بزم
اک بادہ خوار، رونقِ محفل نہیں رہا
کہنی پڑی زمینِ اسد میں غزل اریب
گو میں طرح میں کہنے کا قائل نہیں رہا

○

پل بھر تری نگاہ جو ہم پر ٹھہر گئی!
آیت ہمارے سینے میں جیسے اتر گئی
وہ دن گئے کہ کرتی قیامت بھی انتظار
ہم پر تمہارے ہوتے قیامت گزر گئی
نظارۂ بہار میں گم تھی ہر اک نظر!
وہ بوئے خوش بدن ادھر آئی اُدھر گئی
اے تہمتِ حیات بتا کیا کریں اسے؟
اکثر ہماری موت ہی رستے میں مر گئی
بیٹھے ہیں کب سے راہ میں آنکھیں بچھائے ہم
سنتے ہیں راتوں رات وہ بنتِ سحر گئی
کس بادۂ خوار مست کے ہاتھوں سے زندگی
چھوٹی مثالِ جام کہ ہر سو بکھر گئی
پوچھیں اریب ہی سے کہ ویرانیٔ جہاں
نکلی ہمارے گھر سے تو پھر کس کے گھر گئی

بشر نواز

سلیمان اریب

زندگی کی کتاب

شاہدہ یوسف



اپنی زندگی تو ہمیشہ سے جدید افسانوں جیسی رہی، جس میں نہ کوئی خاص پلاٹ ہے اور نہ کرداروں کی واضح تصویریں، جس زاویے سے دیکھئے، بے ربطی کا گمان گذرتا ہے جس طرح شعور کی رَو ان افسانوں کے تانے بانے بنتی ہے اسی طرح زندگی کو بھی وہ مکمل بے ربطی اور انتشار سے بچائے رکھتی ہے۔

ہر انسان کی زندگی میں ایک خوبصورت افسانے کا مواد پنہاں ہوتا ہے۔ شاید یہ بات ٹھیک ہی ہے کبھی کوئی خاص کہانی پڑھتے وقت کبھی کسی غزل کا کوئی گہرا شعر سنکر اور کبھی محض اخباروں کی سرخیاں پڑھتے ہوئے مجھے بھی ایسا محسوس ہوا کہ میرے دل کی خلش بھی لائق اظہار ہے، میرے پاس بھی کچھ کہنے کو ہے۔ کچھ لکھنے کو ہے، جسے کچھ لوگ افسانہ، کچھ لوگ حقیقت سمجھیں گے لیکن اصل بات تو شاید سطروں کے درمیان چھپی رہتی ہے جو نہ مکمل افسانہ ہوتی ہے اور نہ مکمل حقیقت۔

اصل اور نقل کی بات بھی کتنی عجیب ہے۔ کہیں پڑھا ہے کہ سائنسدانوں نے ایک ایسا آلہ ایجاد کر لیا ہے جس کے ذریعے وہ دلوں کے حقیقی راز جان لیتے ہیں۔ بلا کچھ بتائے یا بغیر بولے وہ حافظے اور شعور کی ان لہروں کو ایک نہایت ذکی الحس پلیٹ پر منعکس کر لیتے ہیں جو گزشتہ واقعات یا آئندہ کے منصوبے کو چھپائے رہتی ہیں، کیا پتہ دنیا اس قدر ترقی کر جائے کہ اہم موقعوں پر ہم ایک دوسرے سے بذریعہ زبان گفتگو کرنا ہی بند کر دیں، ہر شخص کے ہاتھوں میں گفت و شنید کے وقت سائنسی آلے کا کوئی ترقی یافتہ موڈل ہو، کوئی بات بھلی لگے تو لب و رخسار کے بجائے اُن ہی آلوں کو چومیں اور پیار کریں، اگر کبھی ایسا ہوا تو آدمی اپنا وقار اور بھرم کھو دے گا، وہ اس نقلی پن کے لئے بھی ترسے گا جو تہذیب کا عطیہ، آرزوؤں کا تحفہ ہے، دنیا میں پھر نہ کوئی محبت کا دعویدار پیدا ہوگا اور نہ شعر و ادب کے ایوان میں اتنی روشنی رہے گی، ماہرین نفسیات کی لکھی ہوئی موٹی موٹی کتابیں کباڑیوں کے یہاں بطور خشت نرم، یا ایندھن کیلئے سیر کے حساب سے بکا کریں گی، رحم دل لوگ انہیں خرید کر غربا میں تقسیم کریں گے۔ تاکہ انہیں جلا جلا کر سردی کی طویل راتوں میں روشنی اور حرارت حاصل کریں، کہا جا سکتا ہے کہ بھلا ایسے ترقی یافتہ زمانے میں غربا اور بے گھر لوگ کہاں نظر آئیں گے جو ایسی مدد کے خواہاں ہوں گے، لیکن کون جانے آگے کیا ہوگا ..... کیونکہ اس زمانے میں تو آسائش کے تمام وسائل کے موجود رہتے ہوئے بھی ہر شخص انسانیت کا دلدادہ لیکن انسانوں سے بیگانہ ہے۔ جس طرح ہر تمدن میں کچھ بڑی خوبیاں اور کچھ نمایاں خامیاں ہوتی ہیں۔ اسی طرح انسان کے اندر بھی کچھ کھرا پن اور کچھ کھوٹ ملے جلے ہوتے ہیں۔ جنہیں ان کے حقیقی پس منظر میں سمجھنا ہی حق شناسی کا تقاضہ ہے، انہیں الگ الگ دیکھنے کی کوشش آدمیوں کو سمجھنے کا غیر انسانی طریقہ تفہیم ہے، جس طرح اسکیمو نسل کے دل و دماغ کو تجربہ گاہ کی معتدل فضا میں نہیں سمجھا جا سکتا ہے، بلکہ انہیں برف زدہ علاقوں سے باہر لانے کے بجائے تجربہ گاہوں کو وہاں لے جانا ہوتا ہے، اسی طرح ہر آدمی اپنے اپنے تاریک غاروں یا غیوں میں پناہ گزین ہے، اُسے وہیں جا کر سمجھنا ہوگا۔ جس عذاب کے تصور کو ہم جہنم سمجھتے ہیں، اسی کشت تصور کو برف کے غاروں میں رہنے والے اپنی جنت کا علاقہ بتاتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ کسی شخص کے جنت اور جہنم کا تصور ہو کہ بھیانک اور شیریں

خوابوں کا بھی کچھ اس کے اپنے اندر سے جنم لیتے ہیں، اور پھر سینے سے چمٹ جاتے ہیں۔ اس لئے مجھے پتہ نہیں کہ اصلیت سے کیا مراد لی جائے۔

ہرکین پہلے ایک چھوٹا موٹا سا واقعہ سنئے جن دنوں میں لکھنؤ میں پڑھتی تھی اور تواریخ کی لکچرر شیلا سروا ستو ہمیں قرونِ وسطیٰ کی ہندوستان کی تاریخ پڑھاتی تھیں، ناک نقشہ ترشا ہوا اور تیکھا، رنگ سانولا، قد درمیانہ سے کچھ اونچا، لمبے سیاہ بال، یا دامی شکل کی سیاہی مائل آنکھیں پھر اُن کا مجموعی تاثر ایسا تھا جیسے امرتا شیر گل کی صلاح سے صانع قدرت نے یہ مجسمہ تیار کر کے روح پھونکی ہو، عجیب دلکشی تھی چہرے میں، کیسی کیف آگیں نرمی تھی شخصیت میں، میں جو خاص طور سے اس دور کی تاریخ میں اتنی کمزور ہوں تو اس کی وجہ یہ بھی ہے کہ اُن کا چہرہ تکتے رہنے سے کب فرصت تھی کہ لکچر سنتی علم کی پیاس سے کہیں زیادہ حسن لطیف کی پیاس سے سینہ پھٹک رہا تھا جب وہ کلاس میں مجھ سے کوئی سوال پوچھ بیٹھتیں تو بغیر سے بغیر لڑکیاں الٹے سیدھے جواب دے دیتیں، میری حالت البتہ قابلِ دید ہوتی، اول تو سوال ہی سمجھ میں نہیں آتا اور اگر آبھی جاتا تو اپنی جہالت اور اُن کی توجہ سے اس قدر شرما جاتی کہ زبان ہی گنگ ہو جاتی، اور پھر اُن کی شفقت آمیز تبسم سن کر چپکے سے بیٹھ جاتی، اپنے لامتناہی خیالوں میں گم ہو جاتی، دوسری لڑکیاں میری طرف یوں دیکھتیں جیسے میں جان بوجھ کر انجان بن جاتی ہوں یا مجھے مس سروا ستو سے جیسے کوئی کد ہو۔

ایک روز وہ کلاس سے باہر برآمدے میں ملیں تو میں نے آداب کیا اور معافی مانگی، وہ مسکرائیں اور بڑے پیار سے بولیں "میں نے تو سنا تھا کہ مسلمان لڑکے اور لڑکیاں حساب میں کمزور ہوتے ہیں، تعجب ہے کہ تم تاریخ سے اتنی بیزار ہو بات آخر کیا ہے" میں بھلا انھیں کیا جواب دیتی کہ میرا دھیان کہاں رہتا ہے "آپ اتنی اچھی اُردو کیسے بول لیتی ہیں۔" میں نے گفتگو کا موضوع بدل دیا اور پھر انھوں نے اُردو کلچر اور شاعری سے اپنی خاندانی وابستگی کا ذکر چھیڑ دیا، انھوں نے بتایا کہ کس طرح اُن کے والد صاحب اپنی موت سے چند مہینے پہلے اپنے دیوان کی اشاعت کے لئے فکرمند رہتے تھے اُن کی اُردو کی ایک چھوٹی سی لائبریری بھی تھی جس میں چند قلمی کتابیں بھی تھیں، انہیں قلمی کتابوں میں مس سروا ستو کے دادا منشی شیو پرشاد سروا ستو کی غیر مطبوعہ فارسی مثنوی بھی تھی، اور پھر ان کتابوں کے ضائع ہونے کا مرثیہ، غرضکہ اپنا تہذیبی پس منظر بتانے کے بعد انھوں نے بڑی محبت سے کہا اگر تمہیں تاریخ کے مضمون میں کچھ مدد کی ضرورت ہو تو بلا تکلف میرے گھر چلی آنا میں تو تمہیں ایک بار اور بھی کلاس میں کہہ چکی۔

جب امتحان سر پر آگیا تو ہمت کر کے ایک دن بلا اطلاع ان کے گھر پہنچ گئی، ہین آباد پارک کے آس پاس ایک تنگ گلی سے ہوتے ہوئے احاطے میں داخل ہو کر جب اُن کے بنگلے کے پاس پہنچی تو یکایک اُن کا کوئی خاندانی ملازم سامنے آکر سوالیہ نشان بن گیا "مس شیلا گھر پر ہیں"، وہ میرا سوال سُنکر کچھ گڑبڑا گیا اور ٹھہرنے کا اشارہ کر کے پھرتی سے گھر کے اندر چلا گیا اب جو غور کرتی ہوں تو اندر سے رونے پیٹنے کی دبی دبی سی آوازیں کھڑکیوں سے باہر آرہی تھیں، یا اللہ میں کس بے موقع گھڑی میں یہاں آنکلی ہوں، میں یہی سوچ رہی تھی کہ وہ دوبارہ نمودار ہوا۔ اب گھر سے تمام آوازیں آنی بند ہو چکی تھیں، اُس کے پیچھے پیچھے ایک ادھیڑ عمر کی دیوی جی مسکراتے ہوئے باہر آئیں اور مجھے اندر آنے کو کہا میں چپ چاپ پیچھے پیچھے ہو لی۔ مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے میری موجودگی نے سبھوں کو چند وقفوں کے لئے اپنے غم کو چھپانے پر مجبور کر دیا ہے۔

ہندوستانی وضع کے ایک ڈرائنگ روم میں جہاں ایک صوفہ اور چند کرسیاں بھی پڑی ہوئی تھیں مجھے بیٹھنے کو کہا اور وہ میرا نام پوچھ کر آنگن کی طرف چلی گئیں، صورت سے وہ کماری سروا ستو کی ماں معلوم ہوتی تھیں۔ گو کہ اُن کے چہرے پر سنجیدہ ذہانت اور مقناطیسی آنکھیں نہیں تھیں، ایک بے کیف سا متناسب چہرہ تھا جس پر طمانیت لاد دی گئی ہو، البتہ تہذیبی رشتہ کافی واضح تھا۔

مس شیلا کھلے بالوں کو سنوارتے ہوئے ایک نہایت چور چار ساڑھی میں داخل ہوئیں تو میں کھڑی ہو گئی، میری آنکھوں نے جیسے ہی اُن کے چہرے کا اُڑتا ہوا جائزہ لیا، اُن کی آنکھوں میں سُرخ ڈورے نظر آئے اور آنکھیں بھی کچھ موٹی موٹی سی لگیں، میرے وہم و گمان میں بھی نہ تھا کہ اِن جیسی قابل سمجھدار اور خوبصورت آنکھوں والی استاد کبھی روتی بھی ہوں گی۔ مگر حقیقت حال سامنے تھی، انھوں نے دیر تک ضروری سوالات اور اُنہیں تیار کرنے کے طریقے اور درسی کتابوں کے اہم بابوں کو نوٹ کرایا اور بیچ بیچ میں اِدھر اُدھر کی باتیں بھی پوچھتی رہیں۔ میں جب اُن کا شکریہ ادا کرنے کے بعد اٹھنے لگی تو رہا نہ گیا "میں کیسی بے وقوف لڑکی ہوں یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے۔ اس لئے آپ معاف کیجئے گا اگر میرا سوال اُلٹ پلٹ گئے لیکن سچ کہتی ہوں

کہ اس وقت مجھے اکبر اعظم کے طریقۂ حکومت کو سمجھنے سے زیادہ یہ جاننے کی بے چینی ہے کہ آپ کی آنکھیں سوجی ہوئی کیوں ہیں؟"

وہ جیسے پریشان سی ہوگئیں اور بات کاٹتے ہوئے کہا "ایسی باتیں بڑوں سے نہیں پوچھا کرتے۔"

"اچھا تو ٹھیک ہے میں بھی تاریخ کے سوال کے جواب میں بس یہی لکھ کر چلی آؤں گی کہ ایسی باتیں چھوٹوں سے نہیں پوچھا کرتے"

وہ اس بار مسکرا دیں اور مجھے اُٹھ کر بے اختیار گلے سے لگا لیا، اس غیر متوقع ردِ عمل کے لئے میں ٹھیک سے تیار بھی نہیں تھی، وہ میری نظموں میں دُور آسمانوں کی دیوی تھیں۔ یک لخت آدمیت کی فطری سطح پر آگئیں، اُن کے جسم کی گرمی، ہاتھوں کی نرم گرفت، اور سانسوں کی آمد و رفت سے ایک عجیب سی کیفیت مجھ پر طاری ہوگئی، کیوں کہ اس دوری، اس خلیج کو کسی طوفان کی ایک ہی یورش نے پاٹ دیا تھا میں فوراً سمجھ نہ پائی، اس وقت تو بس ایک خوشبو تھی جو ہر طرف پھیل گئی تھی اور میری رگ و پے میں سرایت کر رہی تھی۔ نہ جانے ایک قطرہ کہاں سے ڈھلک کر میرے ہاتھوں پر بھی آگرا۔

دوسرے دن وہ مجھے حسب وعدہ حضرت گنج کے ایک مقبول رسٹوران کی بالائی منزل پر ملیں، گویا میں اُن کی مہمان تھی اور وہ میری بزرگ میزبان، اس روز دوری کی کئی دیواریں دیکھتے ہی دیکھتے گر گئیں۔ وہ اپنے باپ کی چہیتی بیٹی تھیں اور ان تین بھائیوں میں ایک ہی لڑکی، باپ کا سایہ کم عمری ہی میں سر سے اُٹھ گیا تھا۔ بھائیوں کی نگرانی میں تعلیم و تربیت پائی تھی۔ غرضکہ گھنٹہ بھر میں اپنی مختصر روداد اور گزشتہ دن کے واقعات سُنا کر خاموش ہوگئیں، اُن کی سنجیدگی اور بزرگی کا رعب تو کچھ کم ہوا لیکن اُن کے دل کے تہہ خانوں کی روشنی سے دیدہ و دل جیسے منور ہوگئے، میں اُس روشنی کو اب تک اپنے سینے میں چھپائے ہوئے ہوں کہ وہ خواب اور حقیقت کا عجیب دلآویز سنگم ہے، وہ روشنی میری شخصیت کا اب بھی ایک تہائی جزو ہے گو کہ کتنے ہی چھوٹے موٹے چراغ میرے سینے تک آتے آتے بجھ گئے ہونگے کتنے ہی دیئے میں نے ان چراغوں کے استقبال کے وقت جلا لئے ہوں گے۔ اس واقعہ کے بعد ہم لوگ کتنی بار ملے کبھی رستورانوں میں، کبھی اُن کے گھر پر اور کبھی کبھی وہ میرے ہاسٹل کے کمرے میں آجاتیں ہم دونوں کے ملنے جلنے پر عجیب و غریب چہ مگوئیاں بھی ہوئیں لیکن نہ مجھے پرواہ تھی اور نہ اُنہیں، ہم دونوں دُنیا جہان کی باتیں کرتے اور ایک عجیب سی قربت محسوس کرتے لیکن ہم دونوں کو معلوم تھا، کہ مستقل جدائی کے دن قریب ہیں۔

کوئی پانچ سال پہلے کی بات ہے، مجھے لکھنؤ چھوڑے ہوئے چار سال ہو چکے تھے میں ان دنوں دلی میں تھی۔ جہاں دن میں دفتری ملازمت اور شام میں پڑھائی میں مشغول رہتی تھی۔ تین کمروں کا ایک بوسیدہ سا مکان دریا گنج میں کرائے پر لے رکھا تھا اور ایک بوڑھی باورچن تھی جو کھانا پکانے کے علاوہ بازار سے سودا لانے کا بھی کام کرتی تھی اور رات بھر کھانستی رہتی تھی۔ لیکن رشتہ داروں میں مشہور ہوگیا تھا کہ دلی میں اپنے مکان میں رہتی ہوں نتیجہ کے طور پر مہمانوں کا تانتا تقریباً سال بھر بندھا رہتا تھا جنہیں زندگی بھر نہ دیکھا وہ رشتے کی خالہ نکلیں اور سرحد پار جاتے ہوئے یا آتے ہوئے دو دن ٹھہرے بغیر نہیں گذرتیں، وہ تو یہ کہئے کہ مالک مکان نہایت اچھی بھلی خاتون تھیں کہ انھیں چھوڑ کر "ورکنگ گرلز ہوسٹل" میں رہنا نصیب نہ ہوا۔ چنانچہ ایک صبح کیا دیکھتی ہوں کہ میری رشتے کی دو بھتیجیاں جو الہ آباد میں اسکول کے آخری درجوں میں پڑھتی تھیں میرا پتہ پوچھتے پوچھتے پہنچ گئیں۔ معلوم ہوا کہ دلی گھومنے کا پروگرام ہے، یہاں تک تو قابلِ برداشت ظلم تھا لیکن انہیں ضد تھی کہ میں دفتر گول کر کے انہیں قطب مینار کی اونچائی سے لے کر لال قلعہ کی کھائی تک سبھی کچھ دکھاؤں، مجھے تاریخ کے ان ڈھکوسلوں سے زیادہ دلچسپی نہیں، ہاں ان انسانوں سے ضرور دلچسپی ہے جو ان تاریخی عمارتوں کی زیارت کے لئے جمع ہوتے ہیں، وہ کیا ڈھونڈ رہے ہیں، وہ کیوں آثارِ قدیمہ کے کھنڈروں میں منڈلا رہے ہیں، اسے جاننے کے لئے البتہ متجسس رہتی ہوں بہرحال ناچار اپنے اپنے زاویۂ نگاہ لے کر ہم لوگ دلی کی بسوں میں دن بھر دھنستے اور بمشکل تمام باہر نکلتے رہے، جب شام ہو رہی تھی اس وقت ہم لوگ نظام الدین پہنچے، وہاں غالب کا مزار اور ہمایوں کا مقبرہ دیکھا قرار پایا تھا، غالب کے مزار پر غیر ملکی یا اپنے ملک کے سیاح بھی شاذ ہی آتے تھے۔ ہاں ہمایوں کے مقبرے کو دیکھنے کبھی بھولے بھٹکے اپنے ملک کے لوگ بھی آجاتے تھے۔ حالانکہ فنِ تعمیر کے نقطۂ نظر سے یہ عمارت تاج محل کی پیش رو ہی نہیں بلکہ اس سے زیادہ متناسب بھی ہے۔ جس وقت ہم لوگ مقبرے کے احاطے میں داخل ہوئے تو مسٹر اور مسز جیمس ٹہل ٹہل کر سرزادیے سے

اس کے تعمیری پہلوؤں کا معائنہ کر رہے تھے۔ میں ان دنوں لندن جانے کے ارادے سے کھیل رہی تھی اور جن لوگوں پر لندن باشی ہونے کا گمان گذرتا تھا۔ ان سے بے تکلف یوں باتیں کرنے لگتی تھی جیسے وہ لوگ میرے ہونے والے ہم سائے ہوں چنانچہ مشرق کی روایتی جھجک اور کم آمیزی کے رویے کو خیرباد کہہ کر میں نے "گڈ ایوننگ" کہا اور تھوڑی ہی دیر میں ہمایوں کے عہد اور اس کی زندگی کے موٹے موٹے واقعات پر میری تعارفی تقریریں جاری ہو گئیں، درمیان گفتگو پتہ چلا کہ وہ دونوں دراصل امریکی تھے اور نیویارک سے ٹوکیو جاتے ہوئے یورپ کے علاوہ مشہور ایشیائی شہروں کی زیارت بھی کرتے جا رہے تھے، انہیں اسی طرف سے واپس امریکہ پہنچ جانا تھا، مسز جیمس کو سخت تعجب تھا کہ مسز ہمایوں آئی مین ہرائکلنسی دی کوئن نے کیوں کر اتنا شاندار اور پُرامقبرہ اپنے "لیٹ ہزبینڈ" کے لئے بنوایا جبکہ وہ برقع میں رہتی ہوں گی" [illegible] پہ مشکل اپنی ہنسی ضبط کی اور انہیں بتایا کہ کس طرح رانیوں اور [illegible] کے احکام صادر ہوا کرتے تھے اور کس طرح قدیم ہندوستان میں [illegible] ملک کا نظم و نسق سنبھالتی تھیں اور میدان جنگ میں مردوں کے مقابلے میں لڑتی تھیں، ملکہ رضیہ سے لے کر رانی جھانسی تک کی شہسواروں کی داستانیں، اُن کی زندگی کے دوسرے اہم واقعات اس طرح سُناڈالے جیسے تاریخ میرے گھر کی لونڈی رہی ہو (ہائے شیلا سرواستو کی تنہیں،) مسز جیمس میری طول بیانی کو تاریخ دانی سمجھ کر اس قدر مرعوب ہوئیں کہ مجھ سے تفصیلی ملاقات کی خواہاں ہوئیں۔ اُن کے بتاک سے میں بھی پسیج گئی میری بھتیجیوں کو دیکھ کر از راہ محبت پوچھا۔

"کیا یہ آپ کی لڑکیاں ہیں؟" "جی نہیں" اور پھر یک لخت خاموشی کے پیش نظر انھیں فوراً احساس ہو گیا کہ اس قدر بڑی بڑی لڑکیوں کی اس عمر میں ماں ہونا میرا کارنامہ نہیں ہو سکتا تھا، پھر انھوں نے جیسے معافی مانگتے ہوئے کہا۔

"آپ تو اتنی قابل لڑکی ہیں، آپ کو شادی کے بندھنوں میں گرفتار کرنا کسی غیر معمولی آدمی ہی کا کام ہو سکتا ہے۔

"ابھی تک تو ان بلاؤں سے محفوظ ہوں"

مسز جیمس کافی پُرمذاق آدمی نکلے، وہ مسکراتے ہوئے بولے یہ تو خبر نہیں کہ میں بلاؤں میں پھنسا کہ نہیں لیکن یہ خبر ہے کہ انھیں بھی قابو میں لانے کے لئے بے شمار ترکیبیں کرنی پڑتی تھیں" ہم تینوں قہقہہ لگا کر ہنسے اور پھر مسز جیمز نے اپنے شوہر سے کچھ کانا پھوسی کرنے کے بعد، مجھے اطلاعاً کہا "بل کل صبح کو بنک وغیرہ جائیں گے اور بارہ بجے تک ہوٹل لوٹیں گے، کیوں نہیں آپ صبح دس بجے آجاتی ہیں، اگر آپ کو کوئی کام نہ ہو، تاکہ میں آپ کی دلچسپ باتیں کچھ اور سن سکوں پھر ہم لوگ ساتھ ہی لنچ کھائیں گے۔"

میں نے ان کا پتہ لیا اور وعدۂ ملاقات کر کے بھتیجیوں کے ساتھ واپس لوٹ آئی۔ جہاں دوسروں کے لئے پورا دن گنوایا ہے۔ وہاں اپنے تجسس کی تسلی کے لئے آدھا دن اور سہی، کتنے دوستانہ مراسم تھے اُن کے آپس میں میں یہی سوچتی رہی، عمر بھی دونوں کی ایک ہی جیسی لگی بلکہ شاید مسٹر جیمس کچھ چھوٹے ہی ہوں دونوں کا قد نکلتا ہوا تھا اور ادھیڑ عمر والا موٹاپا بڑھ رہا تھا۔

میں جب مسز جیمس سے ملنے جن پتھ ہوٹل پہنچی تو وہ نیچے لاؤنج میں اُتر کر میرا انتظار کر رہی تھیں، بڑے تپاک سے ملیں اور مجھے دوسرے فلور پر اپنے کمرے میں لے گئیں، وہیں کمرے میں کافی فوراً بعد آگئی، میں نے محسوس کیا کہ کسی ہم جنس سے گھل کر باتیں کرنے کے لئے بیقرار تھیں۔ یہاں آکر انہیں زیادہ تر ایسے لوگوں سے واسطہ پڑا تھا جو انہیں ذریعہ آمدنی سمجھتے تھے اور چاپلوسی کی باتیں کرتے تھے، انھوں نے ولیم جیمس کو جنہیں وہ پیار سے بل کہتی تھیں خواہ مخواہ ادھر اُدھر بھیج دیا تھا اس لئے کہ انہیں خیال تھا کہ کہیں میں پہلی ہی ملاقات میں غیر ملکی مردوں سے گھل مل کر ملنا شاید نہ پسند کروں اور ان کی دعوت کو ممکن ہے ٹال جاؤں،

"مجھے تم کیتھی کہو میرا نام پیدائش کے بعد کیتھلین شلز رکھا گیا تھا" میں حیرت زدہ ہوئی کہ پچاس برس کی عورت مجھے اپنا ہم جولی کیوں سمجھ رہی ہے اور مسز جیمس کہنے میں کیا برائی ہے، "آپ مجھے بانو کہئے حالانکہ میرا پیدائشی نام کچھ اور ہے لیکن گھر میں سب لوگ یہی پکارتے ہیں۔"

"معاف کرنا بانو میں نے تمہیں شادی شدہ سمجھا یہ میری غلطی تھی لیکن مشرق میں ایسی بالغ لڑکیاں کم ہی ملیں جو شادی شدہ نہ ہوں، اور پھر اتنی بڑی لڑکیوں کو۔ . . . ."

"جانے بھی دیجئے ایسی کیا بات ہوئی شادی شدہ ہونا کوئی توہین تھوڑے ہی ہے" اور پھر یہاں کے رسم و رواج، کم سنی کی

شادیوں کی قدیم روایت، نئی روشنی کی لڑکیوں کی خاموش بغاوت اور بہت سے سماجی مسائل، پر دیر تک گفتگو ہوتی رہی، میں اپنی طبیعت کے مطابق کھل کر باتیں کرتی رہی اور کھود کھود کر ان کے ملک اور ان کی ذاتی زندگی کے بارے میں پوچھتی رہی، وہ کچھ دیر خاموش رہتیں پھر اپنے متعلق کچھ مواد فراہم کر دیتیں، یہ سلسلہ کوئی دو گھنٹے جاری رہا اور مسٹر جیمس کے آنے کا وقت قریب آگیا لیکن وہ میرے ایک سرسری سوال کا نہ جانے کیوں تفصیل سے جواب دینے پر مصر تھیں۔ جیسے میں نے کوئی دکھتی رگ کو چھو دیا ہو۔

"بانو! تم شاید ہی سمجھ سکو کہ میرے ملک میں لگ بھگ ایک چوتھائی شادیاں کیوں تلخیوں کا بار برداشت نہیں کر سکتیں۔ اور پھر ایک تجربے کی ناکامی کے بعد دوسرے تجربے کی ہمت کیسے پڑتی ہے خود میری اپنی زندگی بھی سامنے ہے۔ میں چالیس سے کہیں اوپر نکل چکی ہوں اور بل جو میرا تیرا شوہر ہے۔ تقریباً میرا ہم عمر ہے، اس نے صرف ایک اور شادی کی تھی۔ تمہاری نگاہ میں یقیناً یہ باتیں عجیب سی ہوں گی۔ . . . ."

"شکریہ، ہاں تو میں کہہ رہی تھی کہ ہم خواہ مردوں یا عورتیں اگر ہم سچی زندگیاں ایک دوسرے کے آگے پیش کر دیں تو تعلقات کی عمارت ایک دن بھی قائم نہیں رہ سکتی، دو چار انٹیٹی تو ضرور کھسک جائیں گی۔ عجیب بدقسمتی ہے کہ مسرت سچائیوں میں کم ہی ملتی ہے جو لوگ سچائیوں میں مسرت تلاش کر لیتے ہیں وہ پھر ان جھوٹے اور نقلی رشتوں سے بلند ہو جاتے ہیں۔ لیکن ایسے لوگ مجھے مقدس کتابوں ہی میں ملے ہیں، اب دیکھو تم سے مل کر جو مجھے اتنی خوشی ہو رہی ہے تو شاید اس لئے کہ میں تم کو اچھی طرح نہیں جانتی معاف کرنا میرے طریقۂ فکر کو، شاید اس کی وجہ سے میری مسرتیں غارت ہو جاتی ہیں" میں حیران ہو رہی تھی کہ انہیں کیا تکلیف ہے! اب دیکھو بل بڑا بھلا آدمی ہے، زندہ دل بھی ہے، اور گرم جوش بھی، میں اسے دس برسوں سے جانتی ہوں اور پانچ برسوں سے وہ میرا شوہر ہے لیکن ان پانچ برسوں میں میں نے جب بھی "پرائیوٹ آئی" کے ذریعے اس کی سرگرمیوں پر رپورٹ طلب کی تو وہ کسی نہ کسی غیر عورت کے گھر آتا جاتا نکلا۔"

"پرائیوٹ آئی؟ کیا دھیان گیان کا کوئی عمل ہے؟ معاف کیجئے گا میں سمجھی نہیں۔"

"نہیں بانو، یہ وہ پیشہ ور ایجنسیاں ہیں جن کے ذریعے ان کی طے شدہ فیس ادا کر کے کسی آدمی کے چال چلن پر ایک ہفتہ ایک مہینہ یا کسی مقررہ مدت تک کی رپورٹ حاصل کی جا سکتی ہے، وہ اس آدمی کا پورا روزنامچہ دے دیتے ہیں۔ میرے ملک میں لوگوں کو اصلی حقیقت جاننے کا خبط ہے، اسی لئے تو قلب کا دورہ بھی زیادہ پڑتا ہے اور لوگوں کے وصیت نامے بنک کے لاکرز" میں بند رہتے ہیں تاکہ دلوں کے حقیقی جذبات کا قریبی احباب تو کیا، اپنے بال بچوں تک کو پتہ نہ چلے، ہر آدمی کا وکیل الگ، ڈاکٹر الگ،"

ابھی کیتھی اتنا ہی کہہ پائی تھی کہ دروازے پر نرم سی دستک ہوئی اور مسٹر جیمس مسکراتے ہوئے اندر داخل ہو گئے اور آتے ہی مجھ سے گرم جوشی سے ہاتھ ملایا اور میرا ہاتھ ابھی تھامے ہوئے تھے کہ پوچھا۔

"ہنی، تم نے صرف باتوں میں اس دلچسپ مہمان کو پھنسائے رکھا کہ کچھ خاطر تواضع بھی کی۔"

"ڈارلنگ، تم نے غالباً کافی کی خالی پیالیاں ابھی نہیں دیکھی ہیں . . . . ویسے تمہارا خیال ٹھیک ہے اگر انتظام پہلے سے نہ کر لیتی تو ان کی باتوں میں پڑ کر تکلفات کو بھول جانا تعجب کی بات نہ تھی۔ اب تم ان سے کچھ دیر باتیں کرو میں فوراً تیار ہو جاتی ہوں لنچ پر چلنے کے لئے . . . . ."

یہ کہہ کر کیتھی اٹھ کھڑی ہوئی۔ ڈریسنگ ٹیبل سے کچھ سامان اٹھا کر اور الماری سے استری کئے ہوئے کپڑے نکال کر غسل خانے کے اندر چلی گئی۔

میں ابھی کیتھی کے انکشافات میں گم رہنے کے موڈ میں تھی لیکن مسٹر جیمس کی غیر معمولی توجہ اور مسکراتی ہوئی آنکھوں نے ان کی باتوں کو توجہ سے سننے کے لئے مجبور کر دیا اور محض ہوں ہاں کئے جانا ممکن نظر نہ آیا،

"میں بھی تم سے گفتگو کرنے کے لئے اتنا ہی بے چین تھا جس قدر کیتھی، لیکن اس کا خیال تھا کہ وہ زیادہ حقدار ہے حالانکہ اس کا حق ہم جنس ہونے کے ناطے مجھ سے پہلے ہو سکتا ہے۔ مجھ سے زیادہ نہیں" . . .

"بے شک، بے شک،" میں بے خیالی میں بول گئی۔ ویسے میرا مطلب محض گفتگو کو جاری رکھنا تھا۔

میں بھی کتنا گنوار ہوں، میں نے اب تک تمہارا نام بھی نہیں پوچھا، مجھے تم بل کہنا ہمیشہ ہر موقع پر"

میں نے کیتی کو بانو پکارنے کو کہا ہے، آپ بھی بانو کہہ سکتے ہیں"

بہت خوب بانو اب بتاؤ تمہارا پورا نام کیا ہے"

" بانو میرے نام سے ماخوذ نہیں ہے ویسے میرا پورا نام ثریا جبیں ہے"

"کیا ہی پیارا نام ہے تمہارا، کاش ایسے نام میرے ملک میں بھی رکھے جاتے لیکن وہاں ایسا دلکش حسن بھی تو نہیں ہوتا . . . . معاف کرنا میں یہاں کے طور طریقے سے بخوبی واقف نہیں اگر میری کوئی بات بھلی نہ لگے تو بلا تکلف ٹوک دینا"

" آپ کی باتیں تو دلچسپ ہیں لیکن تھوڑا خلاف واقعہ نظر آتی ہیں . . . مثلاً مجھے یقین نہیں آتا کہ وہاں حسن میں دلکشی نہیں ہوتی ہوگی"

" ہاں ہوتی تو ہے لیکن افزائش حسن کے کارخانوں کی بڑھی ہوئی تعداد اور ان کا روز افزوں منافع شک و شبہ میں ڈال دیتے ہیں"

" ہمارے ہاں بھی افزائش حسن کی صنعت موجود ہے۔ لیکن غربت کے باعث گھریلو طریقے زیادہ عام ہیں۔ ان صنعتوں میں یہاں بھی اضافہ ہو رہا ہے، ساری دنیا ایک ہی رستے پر چل رہی ہے۔ بل، بس رفتار کا فرق ہے"

" لیکن بانو ڈیر، میرے ملک میں نقلی بالوں سے لے کر نقلی گاؤں کی وہ گرم بازاری ہے کہ خود میرے ملک کے نوجوان اپنے ماحول سے بیزار ہو گئے ہیں، محبت کرو، جنگ نہ کرو، اُن کا محبوب نعرہ ہے، میں ان باتوں میں اپنے نوجوانوں کا ہم خیال ہوں، میں دراصل روحانی طور پر اپنے ہم عمر مرد عورتوں سے تعلق نہیں رکھتا بلکہ اس نسل سے تعلق رکھتا ہوں جس سے تم ہو" وہ مجھے خواہ مخواہ متاثر کرنے کی کوشش کر رہا تھا اس لئے گفتگو کا رُخ بدل دیا۔

" بہت خوب تم وہاں کیا کام کرتے ہو بل اگر ایسی بات پوچھنا غلط نہ ہو"

" ضرور کیوں نہیں، میں نیویارک کی ایک اشتہاری ایجنسی کا وائس پریذیڈنٹ ہوں اور کیتی ایک غیر سرکاری اسکول میں اُستانی ہیں، وہ چونکہ وقت سے پہلے ہی گوشہ نشینی اختیار کرنا چاہتی ہوں تو ہم دونوں نے طے کیا کہ ذرا دُنیا کو دیکھ آئیں۔ ہم لوگوں نے گو کہ اپنی ٹکٹوں کا الگ بندوبست کیا ہے، ہم لوگ غالباً ذرا ضرورت سے زیادہ ایک

دوسرے کے معاملات میں بے دخل ہیں، ہر وقت خیال رہتا ہے کہ حساب کتاب صاف رہے . . . . معاف کرنا میں بھی کیسی بے رنگ اور غیر دلچسپ باتیں کرنے لگا، مجھے کم از کم تمہاری خوشبوؤں میں بسی ہوئی موجودگی کا احساس رہنا چاہئے۔"

" میں خود خطرناک حد تک ہوائے حقیقت ہوں اور اس تلاش میں سرگرداں رہتی ہوں، تمہاری باتیں بالکل غیر دلچسپ نہیں ہیں ہلکی پھلکی باتوں میں کیا رکھا ہے۔"

" ڈیر، تم اتنی ہی سنجیدہ ہو جتنی خوبصورت، تم سمجھو کہ میں تمہاری ہی جیسی ہستی کی واقعی دل سے قدر کرتا ہوں، مگر تم سے اس گھڑی کھل کر باتیں نہ ہو سکیں گی کیا یہ ممکن نہیں کہ ہم دونوں کے ساتھ تم کل آگرہ چلو، ہم لوگ ٹرین سے جا رہے ہیں؟"

" نہیں بل ممکن نہیں ہوگا اس پیش کش کا شکریہ، میری بھتیجیاں مجھ سے ملنے یہاں آئی ہوئی ہیں اور پھر میں دفتر سے آج بھی اس لئے غیر حاضر ہوں کہ تم دونوں سے ملنے کا اشتیاق تھا"

اتنے میں غسل خانے کا دروازہ کھلا اور کیتی یہ کہتی ہوئی باہر آئی

" دیکھا بل یہ لڑکی کتنی پیاری باتیں کرتی ہے، اسے امریکہ کے بارے میں بھی کہیں زیادہ پتہ ہے جتنا ہم دونوں کو ملا کر بھی یہاں کے بارے میں خبر نہیں۔"

" ہنی، لیکن تمہاری اس پیاری لڑکی نے میرا دل توڑ کر رکھ دیا، اسے میں نے آگرے چلنے کو کہا تو صاف ٹال گئی"

" میں اسی لئے تو کہہ رہی ہوں کہ اسے امریکی حالات کا پتہ ہے، بھلا جان بوجھ کر امریکی مردوں پر کون اعتبار کرے گا۔"

اور پھر ہم تینوں ہنس پڑے اور اٹھ کر لنچ کے لئے روانہ ہو گئے، اس واقعے کے کوئی تین مہینوں بعد کیتی کا ایک لمبا چوڑا خط آیا، مجھے کچھ تعجب ہوا کہ بل بہانہ یازی کر کے بنکاک میں ٹھہر گیا تھا، کہتا تھا کہ بیمار محسوس کرتا ہوں، وہ بعد میں ٹوکیو۔ اکیلے ہی پہنچا وہاں ہفتوں ڈٹا رہا اور لاس اینجلس ہوتا ہوا اس وقت نیویارک پہنچا جب کیتی اسکول میں اپنے کام پر جانے لگی تھی، ان شکر رنجیوں کا نتیجہ یہ نکلا کہ دونوں میں علیحدگی ہو گئی۔ اور دونوں کے وکیل معاملات کو سلجھانے کی کوشش کر رہے تھے، آخر میں کیتی نے لکھا تھا کہ اگر میں نیویارک آؤں

تو ضرور اس سے ملوں بلکہ اگر وقت پر اطلاع مل جائے تو وہ ہوائی اڈے پر استقبال کر کے ہفتہ دس روز کے قیام کا بندوبست کر دیگی

مجھے خط پا کر بہت خوشی ہوئی لیکن اپنی غربت اور بے بسی سے اُسے بے خبر دیکھ کر کافی حیرت ہوئی، وہ سمجھتی تھی کہ اتنے دور دراز کا سفر صرف میرے ارادے کا منتظر ہے اور وہ بھی ہوائی جہاز سے، بہرحال شکریے کا ایک نفیس سا خط لکھ کر سپرد ڈاک کر دیا اور جیسے سارے واقعات کو بھول گئی۔

دو مہینوں کی بات ہے کہ گولڈ اسٹائن برگ، اور پارک نام کی قانون کی کمپنی کا خط نیویارک سے مجھے یکایک موصول ہوا، میں نے پہلے سمجھا کہ کیتھی شاید اس کمپنی میں ملازم ہو گئی ہے یا بل ان دنوں اس سے منسلک ہے اور مجھے خط لکھنے کا اب جا کر خیال آیا ہے، لیکن خط کھول کر پڑھا تو سر پکڑ کر بیٹھ گئی، لکھا تھا کہ مس کتھلین شلز جس نے غالباً چوتھی بار پھر یہ نام اختیار کر لیا تھا، اچانک قلب کی حرکت بند ہو جانے سے تین ماہ قبل اس دنیا سے گذر گئی۔ مجھے اس خبر سے سخت اذیت پہنچی اسی کمپنی نے اس کے وصیت نامے کی ایک تصدیق شدہ نقل بھی بھیجی تھی اور مجھ سے پوچھا تھا کہ اٹھارہ سو ڈالر کی جو رقم اس نے میرے نام چھوڑی ہے اُسے کیا کیا جائے اور اسے حاصل کرنے کے لئے اپنی شناخت وغیرہ کے کاغذات بھیجوں، میں یہ سب پڑھ کر ہکا بکا رہ گئی، میں اس کی معصوم کشادہ دلی کو سمجھ نہ پائی تھی لیکن اس نامۂ وفا کو سمجھنا زیادہ آسان تھا، ازراہِ تجسس میں نے اسی قانونی کمپنی سے جب دریافت کیا کہ یہ مسٹر لی کاک کون بزرگ ہیں جن کے نام اپنے بال بچوں کے رہتے ہوئے اس نے اپنی پیشتر جائداد جس کا تخمینہ لگ بھگ دس ہزار ڈالر ہے، چھوڑی ہے، پہلے شوہر سے اپنی دو لڑکیوں کو دو ہزار ڈالر اور اپنے لڑکے کو جو دوسرے شوہر سے تھا محض تین ہزار ڈالر دیا تھا، کمپنی کا جواب آیا کہ ان حضرت کا ابھی تک کوئی پتہ نہیں چل سکا ہے جو پتہ وصیت نامے میں درج ہے وہ آج سے بیس برس قبل کا ہے۔ اس کے تین سابق شوہروں میں سے آخری دو زندہ ہیں لیکن انھیں مطلق علم نہیں کہ یہ کون صاحب ہیں۔ قرینِ قیاس ہے کہ وہ مس شلز کے اسکول کے یا کالج کے ساتھی ہوں گے، مس شلز کی ضعیف العمر خادمہ کو جن کے لئے تمام کپڑے فرنیچر اور متفرقات اُس نے چھوڑے ہیں یاد آتا ہے کہ اُس نام کے ایک شخص سے اس کی دوستی رہی تھی لیکن انہیں موٹر کے حادثے میں انتقال ہوئے لگ بھگ بیس سال گذر چکے ہیں، جب کہ وصیت نامے کی تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ اسے مرتب کئے صرف دو برس گذرے ہیں، بہرحال مسٹر لی کاک کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کوشش جاری ہے۔

کیسی عجیب دنیا ہے، میں ہفتوں سوچتی رہی، اُس کی ہر بات یاد آتی رہی اس ملمع اس نقلی پن کے پیچھے کیسے کیسے معصوم اور نازک جذبات چھپے پڑے ہیں اس کا تجزیہ کرتی رہی [illegible] سوچتی تھی کہ کیوں نہ اس رقم کو جو اس نے میرے نام چھوڑی ہے اس کے بال بچوں سے [illegible] کر دوں وہی اصلی حقدار ہیں، شاید کمپنی کے پوچھنے کا بھی یہی مقصد ہو، پھر خود ہی توجیہہ کرتی۔ کہ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے خوب سمجھ بوجھ کر ایسا کیا ہے، انکار کرنے سے اس کی روح کو نہ تکلیف پہنچے، آخر اس کا مطلب کیا تھا؟ کیا وہ اس بات سے خوش ہوئی کہ میں نے اُس کے آوارہ شوہر بل کی پیش کش کو ٹھکرا دیا تھا کیا وہ ساری باتیں کواڑ کی اوٹ سے سن رہی تھی، کان لگا کر اپنی سانس روک کر؟ اور میں نے تو بل سے خط لکھ کر پوچھا بھی نہیں کہ آخر کیوں وہ دونوں علیحدہ ہو گئے، پتہ نہیں کس کی زیادتی تھی؟ ممکن ہے بنکاک پہنچتے پہنچتے کوئی جھگڑا ہو گیا ہو جس میں بل کا کوئی قصور نہ ہو، اور پھر سب سے زیادہ یہ بات کہ آخر مسٹر لی کاک کون بزرگ ہیں، اگر کیتھی کو اتنی محبت تھی تو اس نے اُن سے شادی کیوں نہ کی ایکبار تو کر دیکھتی، شاید سکھی رہتی بچاری . . . . میں انہیں الجھنوں میں گرفتار تھی کہ مسز سکسینہ کا الہ آباد سے خط آیا، شیلا سریواستوا اب تین پیارے پیارے بچوں کی ماں تھیں۔ مسز سکسینہ بنتے وقت ہی تو وہ اتنا روئی دھوئی تھیں، وہ مجھ سے عمر میں مشکل سے چار پانچ سال بڑی ہوں گی اور جب سے ہم دونوں جدا ہوئے تھے خط و کتابت اکثر ہوتی رہتی تھی۔ لیکن پھر ملنا نصیب نہ ہوا تھا حالانکہ انھوں نے ہمیشہ مجھے بلایا، میرا گھر تو اس لائق نہ تھا کہ انہیں دعوت دیتی اس لئے کہ سکسینہ صاحب جو گھر کے بھی کافی خوش حال تھے، خدا کے فضل سے یوپی سول سروس میں ایک اعلیٰ عہدے پر فائز تھے۔ موٹر سوٹر، چپراسی، بیرا غرضکہ خوش حالی کے بہت سے اور مظاہر، یہی غنیمت تھا کہ ہم دونوں کے تعلقات برقرار تھے چنانچہ اب کے میں نے خط پاتے ہی دفتر سے چھٹی لی اور اپنے ساتھ تمام جذباتی مسائل لئے الہ آباد پہنچ گئی پہلی بار سکسینہ صاحب کو بہ نفس نفیس دیکھنے کا اتفاق ہوا، مسز سکسینہ اب تک تین بچوں کی ماں نہیں معلوم ہوتی تھیں جسم اب قدرے گداز

تھا ورنہ وہی جلد کی رنگت، وہی مقناطیسی آنکھیں، اور شگفتہ سنجیدگی، سکینہ صاحب، جیسا کہ خطوط میں پڑھتی تھی، نہایت خوش مزاج خوب رو اور نرم سی شخصیت کے مالک تھے، اور اخلاق برتنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی

موقع ملتے ہی ہم دونوں ایک کنج تنہائی میں بیٹھ گئے اور میں نے مس شلز کا قصہ چھیڑ دیا، سارے واقعات تفصیل سے سُنائے اور اپنے سوالات دہرائے۔

"بانو تم ویسی ہی پگلی کی پگلی ہو، تم یہ کیوں نہیں سوچتیں کہ اس نے اٹھارہ سو ڈالر کی رقم اس لئے چھوڑی ہے کہ تم اگر پیسے کی تنگی کی وجہ سے یورپ، امریکہ نہیں دیکھ سکتیں تو اس رقم سے جا کر دیکھ لو اور اس کی قبر پر دو پھول چڑھا دو، گویا ہوائی جہاز کا کرایہ اور راستے کا خرچ ہے، اس نے تمہارے شکریے کے خط میں تمہاری مجبوری کو محسوس کر لیا ہوگا"

مس شلز اور مسٹر لی کاک کے رشتے کو ہم دونوں ٹھیک سے نہ سمجھ پائے، شاید انھوں نے بیس برسوں تک ایک دوسرے کی خبر نہ لی ہو شاید جان بوجھ کر کیتھی نے اپنے مثالی دوست کے نام علامتی طور پر یہ جائداد چھوڑی ہو۔ شاید اسے اُن کی موت پر یقین کرنے کو دل نہ چاہا، شاید اسے پتہ ہو کہ وہ مرا نہیں ہے، اس کے دل میں اسی طرح زندہ ہے، پتہ نہیں کیا واقعہ تھا، کیا یہ سب ہی دلی جذبات کے اظہار کا واحد طریقہ ہے؟۔ ہم دونوں دیر تک اس معمہ کو حل کرتے رہے اور پھر جذبات سے مغلوب ہو کر خاموش ہو گئے۔

مجھے وہ دن یاد آگیا جب شیلا دیدی نے اپنی بے بسی کا اظہار کیا تھا اور روئی دھوئی تھیں۔

"سچ سچ بتایئے دیدی سکینہ صاحب تو اتنے بھلے آدمی ہیں آپ کا رونا دھونا کتنا غیر مناسب تھا آپ کتنی خوش قسمت ہیں۔۔۔"

"بانو" اُن کی آواز بھرا گئی اور انھوں نے میرا ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے لیا، جیسے انھیں سہارے کی ضرورت ہو۔

"ارے بانو میں نے کب کہا تھا کہ میں خوش قسمت نہیں ہوں یا ہوں۔ یہ بات قسمت وسمت کی نہیں ہے، تم نے کاش اُن سپنوں کے مُرلی کو دیکھا ہوتا جو کہیں بھی نہیں تھا، جو بس میرے من کے اندر تھا اور اگر ہوتا ہے تو صرف وہیں ہوتا ہے اُس کے رہتے ہوئے میں ایک انجان کے حوالے ہو رہی تھی جو میرے جسم کو ٹٹول کر تو دیکھ سکے گا لیکن میرے من تک، میری روح تک شاید پہنچ نہ پائے گا، پر میری بات کون سمجھتا ماں تو سمجھیں میں خوشی میں آنسو بہا رہی ہوں، تمہارے سکینہ صاحب تو میری اپنی ہی بتائی شرط پر پورے اترتے تھے۔ میں تو بن بتائے، بن سمجھے خوابوں کی موت پر رو رہی تھی۔ اور میری بے بسی کی صدا پر گھر کے باقی لوگ یونہی رسماً چیخ و پکار کر رہے تھے، مجھے بانو سب کچھ ملا ہے لیکن من کا وہ مُرلی کب جدا ہوتا ہے۔"

میں نے دیکھا کہ ان کی خوبصورت گہری آنکھیں ڈبڈبا گئیں اُن کے ہونٹ کانپ گئے۔

اس دنیا میں کیا سچ ہے کیا جھوٹ، کیا اصل کیا نقل، میں ان باتوں کے بارے میں کیا لکھوں کیا نہ لکھوں مجھے خود پتہ نہیں ہے۔ ہاں میں نے اپنی زندگی کی کتاب آپ کے سامنے ضرور پیش کر دی ہے۔

بقیہ: خان آرزو کی حیات اور تصانیف

کا ذوق تھا۔ انھوں نے اپنی شرحوں میں متنوں کے معانی اور مطالب بیان کرنے پر ہی اکتفا نہیں کی بلکہ اُن کی ادبی خوبیاں بھی بڑی وضاحت سے نمایاں کر دیں تاکہ علم دوست لوگ اصل کتابوں کے محاسن سے بطریق احسن آگاہ ہو جائیں۔ بلاخمین کا قول ہے کہ ہندوستان نے خان آرزو جیسا کوئی اور شارح پیدا نہیں کیا۔

تذکرہ نگاری میں اُن کی روش دوسرے تذکرہ نگاروں سے بالکل الگ تھی۔ مجمع النفائس پر اظہار رائے کرتے ہوئے میر غلام علی آزاد بلگرامی لکھتے ہیں: "ایں کتاب دریں ایام بفقیر رسید۔ در جمع اشعار آبدار و انتخاب دواوین اہتمام عظیم بکار بردہ۔ حقا کہ فتاوائے اشعار متاخرین است۔ در ضمن عبارات صاف و بے تکلف لطائف و تعبیرات تازہ بابرخے فوائد مندرج ساختہ۔ ازیں سبب کتاب او را کیفیتے خاص بہم رسیدہ۔"

میں نے خان آرزو کے متعلق اس مقالے کے آغاز میں جو کہا تھا وہی اختتام پر کہتا ہوں کہ خسرو اور فیضی کے ناموں کے ساتھ جس تیسرے شخص کا نام لیا جا سکتا ہے وہ خان آرزو ہیں۔



قاضی نذرالاسلام اور قومی یکجہتی

عرش ملسیانی

قاضی نذرالاسلام بنگالی کے مشہور شاعر ہیں اور اہل بنگال انھیں محبت سے صرف نذرل کہتے ہیں۔ یہ ۲۴ مئی ۱۸۹۹ء کو موجودہ مغربی بنگال کے ضلع بردوان کے گاؤں چرولیا میں پیدا ہوئے۔ بچپن ہی میں انھیں لوک گیت لکھنے کا شوق ہوا۔ پندرہ سال کی عمر میں ہی اُن کے والد کا انتقال ہوگیا۔ معمولی تعلیم تھی۔ ایک ریلوے گارڈ کے کوارٹر میں گھریلو ملازم ہوگئے۔ پھر روٹی کی دوکان پر کام کیا۔ تعلیم ادھوری رہ گئی۔ تھوڑی بہت فارسی بھی پڑھی۔ معاشی تنگیوں پر قابو پانے کے لئے فوج میں بھرتی ہوگئے۔ اس کمپنی کا نام بنگالی ڈبل کمپنی تھا۔ بعد میں اس کا نام ۴۹ بنگالی رجمنٹ ہوگیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ کام انھوں نے حبِ الوطنی کے جذبے سے کیا۔ کیونکہ اُن کا خیال تھا کہ فوجی ٹریننگ ملک کو آزاد کرانے کے کام آئے گی۔

مارچ ۱۹۲۰ء میں بنگالی رجمنٹ ٹوٹ گئی اور حوالدار قاضی نذرالاسلام کلکتہ واپس آگئے۔ یہیں سے اُن کی قابلِ رشک ادبی زندگی کا آغاز ہوا۔

۱۹۴۲ سے وہ ایک مجذوبانہ کیفیت میں مبتلا ہوکر خاموش ہیں۔ تئیس سال کی ادبی زندگی میں انھوں نے کیا نہیں لکھا۔ وہ ایک عظیم صحافی بھی رہے۔ اُن کے شعلہ بار اداریے اس قدر مقبول ہوئے کہ انگریزی حکومت اُن کے اخباروں کو ضبط کرتی رہی۔ اس زمانے میں اس طوفانی ادیب اور شاعر نے اتنا کچھ لکھا کہ اس کی مثال بہت کم ملے گی۔ اُن کی مطبوعہ تصانیف میں بیس مجموعے نظم کے ہیں۔ تین منظوم ترجمے (حافظ، پارۂ عنم، رباعیاتِ عمرخیام) دو مجموعہ ہائے نظم نوجوانوں کے لئے، تین ناول اور تین افسانوں کے مجموعے، تین ڈراموں کے مجموعے، پانچ مجموعے انشائیوں کے اور بچوں کے لئے نظموں کے گیارہ مجموعے ہیں۔

نذرل عام طور پر ایک باغی شاعر کی حیثیت سے مشہور ہیں۔ اُن کا سیاسی اور تمدنی شعور کسی کا تتبع نہیں کرتا۔ اُن کی اُٹھان کچھ اس شان کی تھی کہ ٹیگور ایسے بزرگ اور محترم شاعر نے اُن کے ہفتہ وار اخبار "دھوم کیتو" کے اجراء کے موقعے پر انھیں یوں دعائے خیر دی تھی۔

"تیزی سے آؤ، آؤ، آؤ، تاریکی پر آگ کا پل بناؤ۔ اُن منحوس دلوں کے مینار پر فوج مندی کا جھنڈا لہراؤ۔ گھپ اندھیری رات کے ماتھے پر بندوقی کا ٹیکا لگاؤ۔ اپنے بہادرانہ عزم سے نیم بے ہوش لوگوں کو خواب سے بیدار کرو"، نذرل بڑے مقبول اور مشہور صحافی اور شاعر تھے۔ نذرل وطن کی غلامی کو کلنک سمجھتے تھے۔ وہ آزادی کے لئے بہت بیقرار تھے یہاں تک کہ گاندھی اور ٹیگور کی عزت کرنے کے باوجود وہ اپنے نظریات میں اُن سے پوری طرح ہم آہنگ نہیں تھے۔ وہ ہندو مسلم اور ہندوستان کی دوسری فرقوں میں مکمل اتحاد کے حامی تھے۔ انھوں نے اپنی نظموں میں ہندو مالا اور ہندو تمدن کے سمبالزم سے بہت فائدہ اُٹھایا ہے۔

انھوں نے ایک نظم "آنندمئی آگمن" (مسرت کی دیوی کی آمد پر) اپنے اخبار کے ایک شمارے میں شائع کی۔ اس کی بنا پر یہ گرفتار کرلئے

ا نیشنل بک ٹرسٹ انڈیا نے قاضی نذرالاسلام پر ایک کتاب شائع کی ہے۔ اس کا اردو ترجمہ راقم نے کیا ہے۔ یہ مضمون اسی سے مرتب کیا گیا ہے۔

عرش ملسیانی

گئے۔ مسرت کی دیوی درگا کا ہی ایک نام ہے جس کی پرستش بنگالی ہندوؤں کا سب سے بڑا تیوہار ہے۔ نظم میں دیوی سے یہ درخواست کی گئی ہے کہ وہ اپنے پرستاروں کے دلوں سے مکر و فریب اور بزدلی کو مٹا دے اور ایک طوفانی اور دیوانہ رقص کرتی ہوئی اُترے۔ اپنے فرزندوں کا خون مانگے تاکہ سراج الدولہ، ٹیپو سلطان، میر قاسم اور رانی جھانسی کے مقاصد پورے ہوں۔ نذرل پر سٹریشن کا مقدمہ چلا اور انھیں ایک سال قید سخت کی سزا دی گئی۔ نذرل نے اس وقت اپنی صفائی میں نہایت متین اور پُر وقار انداز سے ایک کتابچہ "راج بندر زبان بندی" کے نام سے شائع کیا۔ رابندر ناتھ ٹیگور نے نذرل کو اتنی محبت اور عزت کی نظر سے دیکھا کہ اپنا ایک رقص ڈرامہ نذرل کے نام سے معنون کیا۔

نذرل کی نظموں میں رام، کرشن، بدھ، شیو کا تانڈو ناچ۔ درگا کا رقص، پرس رام، وشوامتر، دُرواسام (وہیچی) جمدگنی، وشنو کا چکر اور مہان سنگھ، شیو کی کھڑتال، ترسُول اور نرسنگھا، گنگوتری، گنگا، راہو، کیتو، سمندر منتھن، راسکی ناگ، بلرام، بھرگو، اور اسی قسم کے ہندو نام اکثر ملتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی صور اسرافیل، خالد، غازی کمال پاشا، اور بہت سی اسلامی اصطلاحیں بھی ملتی ہیں۔ وہ ریاکار مذہبی رہنماؤں پنڈتوں اور مولویوں کا مضحکہ اڑاتا ہے۔ وہ صحیح قومیت کا اظہار ہے خود اس کی زندگی قومی یک جہتی کی مثال ہے۔

نذرل نے ایک سنجیدہ نظم ستیہ منتر کے عنوان سے لکھی۔

"تمہاری کتابوں کے احکام جل جائیں صرف خدا کے حکم جاری رہیں عیسےٰ، بدھ، کرشن، محمد اور رام سمجھتے تھے کہ انسان کیا اور اس کی قیمت کیا ہے۔ انھوں نے اُن کو اپنے دل میں جگہ دی جن سے انسان نفرت کرتے تھے۔ اب گاندھی وہی گیت گا رہا ہے۔ تم انسان کے دشمن ہو تمہاری آنکھوں نے ابھی اس دانائی کو نہیں دیکھا۔ اس خدائے مطلق کے احکام جاری ہونے دو۔

نذرل بنیادی طور پر محب وطن تھے۔ وہ ہر مذہبی تعصب سے بالا تھے۔ انھوں نے قومی تحریک کو اپنی تحریروں سے سرگرمی بخشی۔ اُن کی مشہور نظم چرخے کے عنوان سے ہے، جسے انھوں نے خود گا کر گاندھی جی کو سنایا تھا۔

"گھوم

گھوم او میرے محبوب چرخے گھوم

تیرے پہیوں کی آواز میں میں سوراج کی آمد کا مژدہ سُن رہا ہوں

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تیرے گھومتے ہوئے پہیوں سے دور کہیں سوراج کے شہر کا دروازہ کھل رہا ہے اور اب اس میں مزید تاخیر نہیں ہوگی۔ ہندوستان کی تقدیر کا سورج نکل آیا ہے اور غم و اندوہ کی رات ختم ہوئی"

لیکن قومی تصویر محض نظریاتی نہیں تھی۔ نذرل کو سماجی مکر و فریب اور تعصب کا خود اپنی زندگی کے واقعات سے تجربہ ہوا تھا۔ اس کے نتیجے کے طور پر اُس نے بہت سی نظمیں لکھیں، جن میں سب سے زیادہ مشہور ذات پات کی حرام زدگی ہے۔

"یہ سب ذات پات کے نام پر بدمعاشی ہے

تم ذات پات کے تاجر یہ جوا کھیل رہے ہو۔ تم کہتے ہو کہ اگر میں تمہیں چھوؤں تو تم نیست ہو جاؤ گے۔ لیکن ذات بچے کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا نہیں جو کھو جائے گا!

یہاں ذات پات سے مراد قومی علیحدگی ہے اور وہ قومی علیحدگی کے بڑے دشمن تھے۔

۱۹۲۶ء میں کلکتہ میں فرقہ وارانہ فسادات ہوئے۔ نذرل پر ان کا بہت اثر ہوا۔ انھوں نے ان سے متعلق گن بانی میں متعدد مضامین لکھے اور نظمیں بھی لکھیں۔ جو بعد میں پھنی مناشا (کانٹے دار تھوہر) نامی کتاب میں شائع ہوئیں۔ آرٹیکل بھی بعد میں جمع کر کے ردرامنگل، نامی کتاب میں شائع ہوئے۔

عالمی لٹریچر پر ایک آرٹیکل میں نذرل نے دُنیا کے فن کاروں کے رجحانات کا جائزہ لیا ہے۔ وہ انھیں تین جماعتوں میں تقسیم کرتے ہیں (۱) رومانی ادیب (۲) وہ ادیب جو انسانی درد اور تکلیف کو محسوس تو کرتے ہیں مگر اس کے خلاف آواز نہیں اُٹھا سکتے۔ (۳) گورکی کی طرح کے ادیب جو عمل کی دعوت دیتے ہیں۔ نذرل آخری گروہ کو ترویج دیتے ہیں لیکن وہ اُن کے سامنے بھی سر جھکاتے ہیں جنہوں نے فکر کی گہرائیوں سے لازوال ادب پیدا کیا ہے۔

مسٹر ابراہیم خاں ایک مشہور ادیب اور ماہر تعلیم تھے۔ ان کے اور نذرالاسلام کے درمیان جو خط و کتابت ہوئی وہ شائع ہو چکی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قدامت پرست مسلمانوں کے حلقے کس طرح نذرل

کو خود میں شامل کرنا چاہتے تھے اور نذرل پر اُن کا کیا اثر ہوا۔

مسٹر ابراہیم خاں نے لکھا کہ اسلام بڑا ترقی پسندانہ مذہب ہے اور نذرل سے کہا کہ وہ باغیانہ رجحان طبیعت کو چھوڑ کر مسلمانوں کو اسلام کے مطابق زندگی بسر کرنے کی تلقین کریں۔ انھوں نے نذرل سے کہا کہ اُن کا وہی مقام ہوگا جو مولانا جلال الدین رومی کا ہے۔ نذرل کا جواب بڑا دلچسپ تھا۔ انھوں نے لکھا کہ وہ اسلام کی صحیح تعلیمات کے قائل ہیں۔ وہ فرقہ پرستی کے بندھنوں میں نہیں رہ سکتے۔ نہ اُن کا یہ یقین ہے کہ مسلمانوں کو کسی دھماکے سے بیدار کیا جا سکتا ہے۔ ہندو مسلم اتحاد ان کا ایمان ہے اور وہ اپنے آرٹ کے ذریعے سے اس کی تکمیل کی کوشش کریں گے۔ نہ صرف اس کی بلکہ اہلِ ملک کی بہبود اور آزادی کی بھی۔ اس طرح جو راستہ انھوں نے اپنے لئے مقرر کیا تھا وہ اس سے نہیں بھٹکے۔

نذرل اپنی تحریروں کے ابتدائی دور ہی میں ہندوؤں، مسلمانوں، عیسائیوں اور بودھوں میں اتحاد اور عالمگیر اخوت کے علمبردار تھے۔ نو "یگ" کے لئے جو آرٹیکل انھوں نے لکھے اور یگ بانی میں شائع ہوئے اُن میں سے بیشتر قومی یک جہتی کی تلقین کرتے ہیں اور مظلوموں اور پسماندہ لوگوں کو بیداری کا درس دیتے ہیں۔ نذرل بڑے حساس شاعر ہیں۔ فطرت باغیانہ تھی۔ لیکن سماجی حقائق بھی پیشِ نظر رہتے تھے۔ لوکمانیہ تلک کے ماتم میں کلکتہ کا ایک سین ہندوؤں اور مسلمانوں کو متحد ہونے اور مرحوم کے مقاصد کے حصول کے لئے ایک دعوت ہے۔ چھوت چھات کے خلاف اور دلت جاتیوں کی تعبِ پنہانی سے متعلق ان کے مضامین قومی جدوجہد اور بیداری کے آئینہ دار ہیں۔

وہ ہندو مسلمان اور ہندوستان کے دوسرے فرقوں کو بیداری کا درس دیتے ہیں تو کوئی تمیز نہیں کرتے اُن کا نعرہ انقلاب سب کے لئے ہے۔

"انقلاب کا دیوتا تمہارے سروں پر کھڑا ہے۔ وہ بار بار واپس آیا ہے اور ایک نئے دور کا پیغام لایا ہے، لیکن ہم نہیں جاگے اس دفعہ ہمیں ایسا نہیں کرنا چاہئے۔"

نذرل بہت بڑے جلسوں میں اپنے گیت اور نظمیں گا کر سناتے تھے۔ وہ موسیقی کے اچھے ماہر تھے۔ اس سلسلے میں بھی انھوں نے قومی یکجہتی کو فروغ دیا ہے۔ بعض اوقات بحور و اوزان کے عدم توازن سے اُن کے گیتوں میں بڑی جان آگئی ہے۔ موسیقی اُن کے اندر سے اس طرح بہتی تھی جیسے کسی فوارے سے اور حیرت انگیز سروں کے امتزاج میں شکل پذیر ہوتی تھیں، اور بعض ایسی بھی تھیں جنہیں نذرل نے دوسری قسم کے رقص اور گیتوں سے لیا تھا۔ اُن کے گیتوں میں دھرپد خیال ٹھمری اور دوسرے کلاسیکل اسٹائل اسی مناسبت سے ہیں جس طرح بھجن، غزل، کیرتن، بال اور بھٹیال ہیں یہ اسٹائل اٹھارہویں صدی کے گویے رام پرشاد کا تھا جو عوام کے دلوں میں ٹھاٹھیں مارتی ہوئی محبت کا مظہر تھا۔ نذرل نے عربی اور فارسی دھنیں بھی بڑے سلیقے سے استعمال کی تھیں۔ اہلِ نظر جانتے ہیں کہ انھوں نے کس طرح متروک دھنوں کو دوبارہ اختیار کیا اور عام طور پر رائج دھنوں کے امتزاج سے نئی دھنیں بنائیں۔ یہ دھنیں مختلف طبقے کے لوگوں کی خواہشات کے مطابق موسیقی کا ایک بسیط اظہار ہیں۔ بنگالی موسیقی فکر انگیزی سے خالی نہیں ہے۔ وہ اسٹائل یا تال ظاہر کرنے کے لئے محض لفظوں پر ہی قناعت نہیں کرتی۔ بلکہ اس کی کامیابی کے لئے ضروری ہے کہ اس میں کوئی پیغام ہو۔ خواہ اس میں خدا، ملک، نیچر، مرد عورت کی محبت ہو اور کوئی اسی طرح کا جذبہ۔ نذرالاسلام کی موسیقی بہت سی حیثیتوں سے شاندار ہے۔ مادرِ وطن کی محبت اور اخوت، اس کے اہم موضوعات میں سے ہے۔ نذرل مادرِ وطن کے درد و کرب کو جو غیر ملکی غلامی کی وجہ سے تھا، بہت محسوس کرتے تھے۔ لیکن ان سب سے افضل اُن کا یہ خواب تھا۔

"اے مادرِ وطن میں نے خواب میں دیکھا۔ تم رانیوں کی رانی ہو۔
اے نئے ہندوستان! تیری تعریف کے گانے دنیا بھر میں گونجتے ہیں"

نذرل کے حبِ وطن کے گانوں میں تمام متعلقہ پہلو ہیں۔ ہندو مسلم اتحاد اُن میں بہت اہم ہے۔

"ہندو اور مسلمان دو بھائی ہیں بھارت کی آنکھ کی دو پتلیاں۔ وہ ایک ہی باغ کے دو درخت ہیں۔ ایک دیودار اور ایک کدم"

نذرل کے اسلامی گیت، اسلام کے قدیم جلال و جمال کی صدائے بازگشت ہیں جو انسانی بہبود اور مساوات میں مضمر ہے۔ ان میں اگر کہیں احیا کا جذبہ ہے تو اس کی بنیاد پہلی جنگِ عظیم کے بعد مسلم ممالک میں نئی زندگی پانے کی تحریکیں ہیں۔ نذرل کی انسان دوستی مسلم ممالک کے احیاء میں کسی مذہبی نقطۂ نظر سے نہیں تھی۔ "ذوالفقار" کے عنوان سے ایک نظم کی ابتدا یوں ہے۔

"روحِ اسلام کی مشعل چاروں طرف روشن ہے۔
تم کو اگر اس کی خبر نہیں تو یہ تمہارا کام ہے کہ بیدار ہو اور اپنی زندگی کی

شمع کو روشن کرو۔

ترکی، غازی مصطفےٰ کمال کے ساتھ بیدار ہوگیا اور ترقی کے بام پر پہنچ گیا۔

ایران کی ویران سرزمین کو رضا شاہ پہلوی نے بیدار کر دیا ہے۔

مصر اپنی غلامی کو بھول چکا ہے اور زغلول پاشا نے اُسے نئی زندگی بخشی ہے۔"

نذرل کے گیتوں میں متعدد گیت ایسے ہیں جو سیاست سماج اور مذہب پر بھرپور طنز ہیں۔ نذرل نے ۱۹۴۱ء کے ابتدائی مہینوں میں اپنی تقریروں میں "الوداع" کی طرف اشارے کرنے شروع کر دیئے تھے۔ ان میں ایک صوفیانہ گونج تھی۔ انہوں نے ایک بار یہ بھی کہا کہ "ادب سے وابستہ سامعین اب مایوس ہو جائیں۔ کیونکہ انھوں نے تصوف کی چاشنی چکھ لی ہے۔ ایک جلسے کی صدارت کرتے ہوئے انھوں نے کچھ اس انداز کی تقریر کی کہ وہ ایک لیڈر یا شاعر بننے کے لئے پیدا نہیں ہوئے تھے وہ تو محبت کے پیامبر تھے۔ ان کا یہ پیام موثر ثابت نہیں ہوا اس لئے وہ الوداع کہنے پر مجبور ہیں۔"

۹ جولائی ۱۹۴۲ء کو وہ کلکتہ ریڈیو اسٹیشن پر پروگرام کر رہے تھے کہ ان کی زبان بند ہوگئی۔ یہ قدرت کی ضرب کاری تھی جو اس نے ایک طوفانی اور مضطرب رُوح پر لگائی۔ نانبائی کی دوکان پر ملازم رہ کر حوالدار بننے والا قاضی نذر الاسلام ایک عظیم شاعر اور ادیب بنا اور اس نے اپنے باغیانہ رجحان طبع کے باوجود قومی یک جہتی کے لئے بہت کچھ لکھا۔ وہ انگریز کے لئے کا شاعر ہے۔ اس وقت کے ہندو مسلم فسادات کو دیکھ کر اس پر کیا گذرتی تھی اور وہ کیا سوچتا تھا۔ اس کی مشہور نظم "ہندو مسلم لڑائی" میں ملاحظہ فرمایئے۔

"حوصلہ رکھو! حوصلہ رکھو! مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آخر کار ہندوستان زندہ ہوگیا ہے قبرستان اور قبرستان زندہ ہوگئے ہیں۔ جو دائمی موت کے سزا یافتہ تھے۔ شدتِ درد سے بیدار ہوگئے ہیں۔

خالد اپنی تلوار چلا رہا ہے
ارجن نے اپنی کمان تان لی ہے
ہندوستان جاگ اٹھا ہے۔ ہندوؤں اور مسلمانوں نے ہاتھوں میں لاٹھیاں لے لی ہیں۔
ایک وہ سر کی ضرب سے ہندو مر رہے ہیں۔ مسلمان مر رہے ہیں
جو مر رہے وہ زندہ ہیں
ایسی موت باعثِ شرم نہیں ہوتی
وہ لڑ رہے ہیں کیوں کہ اُن کی توانائی جوش پر ہے۔
ہتھیاروں کی لڑائی سے وہ ایک دوسرے کو پہچاننے لگتے ہیں
آج اس کا امتحان کہ کون طاقت ور ہے
کون کل کی لڑائی میں مریں گے
اور کون مرنے کے خواہش مند نہیں
آؤ اور نیم زندہ آدمیوں کے گلے سے زندگی کی چیخ سنو
امرت جلد ہے گا کیونکہ زہر ختم ہو چکا ہے۔
منقش کرتے جاؤ
کافر ختم ہوگئے اور اس کے ساتھ یون بھی
اب طاقتور ہندو مسلم ظہور میں آئیں گے۔
تم بیدار ہوگئے ہو اور خدا بھی
اس کی مشین چل پڑی ہے۔
آج ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاگرد اور استاد زور آزمائی کر رہے ہیں۔
وقت ضرب پر ضرب لگا رہا ہے تاکہ بزدل ہندوستانی نڈر ہو جائے
وقت دیکھ رہا ہے کہ معمولی سی ضرب سے بندھی ہوئی مٹھی یا کلائی ٹوٹتی ہے کہ نہیں اور یہ بھی دیکھ رہا ہے کہ کون سخت ضرب لگا کر لڑائی جیتتا ہے اور کون ساجنرل اس فرضی لڑائی میں غصہ میں نہیں آتا۔
یہ نام نہاد ہیرو کون ہے جو خون کے چند قطرے دیکھ کر رضائی یا پیوندوں سے بھری دلق کے نیچے لیٹ جاتا ہے تلوار کو ایک طرف پھینک کر اپنے آپ پر سیاہی مل لیتا ہے اور بیہودہ طور سے بڑبڑا رہا ہے۔ خدا رکھے! کیا یہ نامرد آنے والے انقلاب میں رہنمائی کریں گے۔ جب طوفان یا آندھی آئے گی وہ لوگ کیا کر سکیں گے جن کے دماغ محض چیخ کی آواز سے گھومنے لگتے ہیں۔
خدا امتحان لے رہا ہے۔
خون کے سمندر کو تیر کر کون پار کر سکتا ہے
تمہارے اپنے ہی عملوں نے تمہارے مندروں اور مسجدوں کو مسمار

کردیا ہے جن کی بنیادیں ایک غلام قوم کے آلودہ ہاتھوں نے رکھی تھیں
ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خدا ان لوگوں کی عبادت گاہوں کو مٹا رہا ہے
جو دوسروں کے غلام ہیں
شہداء آزاد ہاتھوں سے پاک کردہ مٹی سے قربانی کی عبادت گاہ
بنائیں گے۔
کیا کلس گر پڑے ہیں
اس طرح تمہاری نیند ختم ہوگئی
کون کس کو مارتا ہے یہ معمہ ابھی حل نہیں ہوا
تاریکی ابھی دور نہیں ہوئی۔
وہ نہیں جانتے کہ تاریکی میں وہ اپنوں کو ہی دشمن سمجھ کر مارتے ہیں
سورج طلوع ہوگا۔ انتشار ختم ہو جائے گا منظر صاف ہو جائے گا
رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔
اور وہ دیکھیں گے کہ انھوں نے بند دروازوں کے پیچھے اپنے ہی
بھائیوں کو مار ڈالا ہے۔
ترسول اور تلوار نے ہندوستان کی تقدیر ہی کو کاٹ کے رکھ دیا ہے۔
وہ ڈنڈے جنہوں نے مسجدوں کو توڑ ڈالا ہے اور مندروں کے
کلسوں کو بکھیر دیا ہے کل دشمن کے قلعے کو توڑ پھوڑ دیں گے اس
صبح کو بھائی بھائی آپس میں نہیں لڑیں گے۔
وہ اپنوں ہی میں اپنے دشمن کو پہچان لیں گے۔
انھیں لڑنے دو کم سے کم یہ جاگ تو اٹھے ہیں
فتح مندی کا جھنڈا لہراؤ
اگر تمہاری دم کو آگ لگا دی گئی ہے
تو اس سے سونے کی لنکا کو جلا دو

یہ نظم ۱۹۴۲ء سے پہلے کی ہے۔ غیر ملکی غلامی میں جب ہم جکڑے ہوئے تھے۔ مذرل ابھی بقید حیات ہیں لیکن ادیب اور شاعر کی حیثیت سے ختم ہو چکے ہیں۔ گو ان کی تخلیقات زندہ و پائندہ رہیں گی۔ آج وہ باہوش ہوتے تو ملک کو آزاد دیکھ کر فتح مندی کے گیت گاتے۔

بقیہ: کشمیر کا احیاء نو

کیا۔ یہ تھیٹر کشمیری تھیٹر کی شکل اختیار کر رہا ہے۔ ابھی تک یہ تھیٹر ۱۵ ڈرامے وادی بھر میں پیش کر چکا ہے اور ڈراما مقابلوں میں کئی انعام حاصل کر چکا ہے کشمیر کی مقبول عام لوک کہانی "اکنندن" کو ڈرامائی صورت میں پیش کر کے اس تھیٹر نے ہمارے دیہی عوام میں بے حد مقبولیت حاصل کی اور شہر میں آکر جدید طرز کے ڈرامے "بی ٹی چھوبن" "پزاپز" اور "تقدیر" پیش کر کے پیشہ ورانہ مہارت کا ثبوت دیا ہے۔ یہ تھیٹر فن ڈراما کے سبھی پہلوؤں کو اجاگر کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھتا اور اداکاری، روپ رنگ، روشنی اور حقیقت پسندانہ دلکش سیٹ بنانے پر بڑی محنت صرف کرتا ہے۔ اگر یہ تھیٹر اپنی کوشش اور جدوجہد برابر جاری رکھے تو یہ جلد ہی پیشہ ورانہ صورت اختیار کر سکتا ہے اور ملک کے دوسرے قابل پیشہ ور ڈراما کلبوں کی صف میں شامل ہو سکتا ہے۔ اس تھیٹر کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے فن کار خود تجربہ کار موسیقار ہونے کے علاوہ اداکار بھی ہیں۔ ان کے ڈراموں میں ہماری [illegible] زندگی کی صحیح عکاسی اور ترجمانی ہوتی ہے۔ جن میں [illegible] کے علاوہ سیاسی اور اقتصادی پہلوؤں پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ پچھلے پانچ برسوں میں ہماری ریاست میں ایک سو کے قریب ڈرامے کھیلے گئے۔ جن میں ۷۰ ڈرامے مقابلوں میں پیش ہوئے۔ ہماری ریاست کے زنانہ کالجوں میں بھی ہر سال دو چار ڈرامے اردو، ہندی اور کشمیری میں کھیلے جاتے ہیں اور ایسے ڈراموں کی تعداد ہر سال بڑھتی جا رہی ہے۔ جموں میں اردو اور ہندی میں ڈرامے کھیلے جاتے ہیں ان میں وہ ڈرامے بھی شامل ہوتے ہیں۔ جو پہلے دلی اور دوسرے شہروں میں اسٹیج ہو کر کامیاب ثابت ہو چکے ہیں۔ ان میں "کانچن رنگ" "زمانہ" "اساڑھ کا ایک دن" "ڈیڑھ روٹی اور بیٹی" قابل ذکر ہیں۔ پچھلے چند برسوں سے جموں میں ڈوگری اور پنجابی ڈرامے بھی کھیلے جانے لگے ہیں۔ جن میں نماگران، دیہری، سرو پنچ نیویان راہو وان قابل ذکر ہیں لیکن ڈوگری ڈرامے کی تحریک نے ابھی کوئی واضح شکل اختیار نہیں کی ہے۔

سالانہ چندہ

ہندوستان میں: ۷ روپے ۔ پاکستان میں: [illegible] روپے (پاک)، دیگر ممالک میں: ۱۰ شلنگ ۶ پینس یا [illegible]

فی پرچہ

ہندوستان میں: ۶۰ پیسے ۔ پاکستان میں: ۶۰ پیسے (پاک)، دیگر ممالک میں: ایک شلنگ یا ۱۵ سنٹ



زندگی، منزلِ موہوم کو پانے کی لگن
موت کہتے ہیں جسے، جہدِ مسلسل کی تھکن

کیا ہے یہ کیفیتِ موسمِ گل پیراہن
نہ کہیں بادِ بہاری، نہ کہیں بوئے سمن

یوں فروزاں نظر آتی ہے محبت کی کرن
جیسے اک گھور اندھیرے میں چراغِ روشن

ہم جو آئے ہیں گلستاں سے جھٹک کر دامن
کیا پریشاں نظر آتی ہے نسیمِ گلشن

جسمِ آدم پہ ہے زرتار لباسِ اخلاص
آدمیت ہے مگر لاشۂ بے گور و کفن

کیا کسی آرزوئے شوق نے دم توڑ دیا
آج محسوس رگِ جاں ہے جو ہلکی سی چبھن

بگڑِ دوست کی بے گانہ روی کے صدقے
ان دنوں میری وفا کو ہے تلاش دشمن

ہم سا بربادِ بہاراں بھی نہ ہوگا کوئی
نہ کوئی شاخِ نشیمن نہ قفس ہے نہ چمن

کیا تماشائے نظر ہیں یہ ترے دیوانے
کبھی نمناک نگاہی، کبھی ابرو کی شکن

ہم سے کچھ رسم تعلق ہی نہیں ہے نہ سہی
پھر بھی بیگانۂ احساسِ تعلق تو نہ بن

ہم کہ بیگانۂ اربابِ جہاں ہیں اخترؔ
نہ کوئی دوست زمانے میں نہ کوئی دشمن

علیم اختر



کچھ پھول تیرے پیار کے گلشن سے آئے ہیں
کچھ اڑ کے میری شاخِ نشیمن سے آئے ہیں

میرے وطن کی چاندنی، میرے چمن کے پھول
کیا کیا خیال اک تیری چلمن سے آئے ہیں

اٹھی گھٹا تو ساغر و مینا سجا گئی
برسی، تو پھر خیال ترے چھن سے آئے ہیں

افسردہ دل کی دھڑکنیں، تنہائیوں کے گیت
میرے نصیب میں ترے آنگن سے آئے ہیں

کوئے وفا میں خیر سے پھر کس کا ذکر ہے؟
رو کر ابھی تو دوست کے مدفن سے آئے ہیں

نکلے ہیں بے شعور لٹا کر دل و دماغ
ہم، صاف بچ کے کوچۂ رہزن سے آئے ہیں

بگڑے ہوئے سے آج یہ تیور ہیں کس لئے؟
مل کو حضور کیا مرے دشمن سے آئے ہیں

ہم آنسوؤں سے قطع تعلق کریں بھی کیوں
افسر ہمارے ساتھ یہ بچپن سے آئے ہیں

افسر آذری



جسم کی خاک کو جب تج کے میں نکلا گھر سے
دیکھتے رہ گئے سب لوگ مجھے ششدر سے

میری خلوت تری آواز کا اک سایا ہے
جس میں پھرتے ہیں تری یاد کے کچھ پیکر سے

کھلکھلا کر یہ ہر اک شخص سے ملتے ہوئے لوگ
غم کے چپ چاپ سمندر ہیں یہی اندر سے

ہم تری یاد کو سینے میں چھپا تو لیتے
یہ جھلس جائے گی۔ خاموش ہیں ہم اس ڈر سے

میں وہ دھرتی ہوں جو صدیوں سے ہے پیاسی لیکن
تو وہ بادل ہے پلٹ جاتا ہے جو بن برسے

آزاد گلاٹی





احیاء نو

کشمیری ادب

غلام نبی فراق

۱۹۴۷ء کا سال کشمیری ادب کے لئے ہمیشہ غیر معمولی اہمیت کا حامل رہے گا کیونکہ یہی وہ سال ہے جب ریاست میں شخصی حکومت کا خاتمہ ہوا اور کشمیر میں صدیوں بعد ایک ایسی حکومت قائم ہوئی جسے عوامی تعاون حاصل تھا۔ یہ ایک بہت بڑا انقلاب اور تاریخی واقعہ تھا جس نے زندگی کے ہر شعبے میں حیرت انگیز تبدیلی پیدا کی۔ ہم کشمیری ادب کو اس تبدیلی سے الگ نہیں کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنا ناممکن ہے۔ کیوں کہ اس سال سے پہلے جو کشمیری ادب کی حالت تھی، وہ اس سال کے بعد یکایک بدل گئی۔ آزادی اور نئی زندگی کی امنگوں کو سینے میں لئے بہت سارے نئے کشمیری ادیبوں، شاعروں اور افسانہ نگاروں نے کشمیری زبان کو اپنا ذریعۂ اظہار بنایا۔

کشمیری زبان کی ترقی میں جو سب سے بڑی رکاوٹ حائل تھی وہ تھا اس کا ناقص رسم الخط۔ سچ تو یہ ہے کہ ۱۹۴۷ء سے پہلے اس زبان کا اپنا رسم الخط ہی نہیں تھا۔ اس رکاوٹ کو دور کرنے کے لئے عوامی حکومت نے ایک کمیٹی قائم کی۔ جس نے کشمیری زبان کے لئے ایک ایسا رسم الخط تیار کیا، جو اس کی اپنی جینیس اور نزاکت کا حامل تھا۔ بعد میں اس رسم الخط کو اور بھی آسان بنایا گیا۔ نئے رسم الخط کی بدولت لوگ کشمیری زبان کو آسانی کے ساتھ پڑھنے اور لکھنے لگے اور اس طرح سے کشمیری زبان کی نشو و نما میں جو سب سے بڑی رکاوٹ تھی وہ بھی دور ہو گئی۔ اس نئے رسم الخط میں طالب علموں کے لئے تاریخ میں پہلی بار درسی کتابیں تیار کی گئیں۔ اب کشمیری زبان کی حالت یکسر بدل گئی اور یہ اسکولوں میں بھی پہنچ گئی۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ ریاستی سرکار کی طرف سے ایک کلچرل اکادمی کا قیام بھی عمل میں لایا گیا۔ اس اہم ادارے نے اپنے قیام کے بعد سے آج تک کشمیری علم و ادب کو بڑھاوا دینے کے لئے ایسے متعدد اقدام کئے ہیں، جو قابلِ ستائش ہیں اور جن کی وجہ سے کشمیری علم و ادب کو ترقی و ترویج حاصل ہوئی ہے۔

اکادمی کی طرف سے اردو ہندی اور ڈوگری کے علاوہ کشمیری زبان میں لکھی گئی پرانی معیاری کتابوں کو نقد و ترتیب کے بعد نئے رسم الخط میں چھاپا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اکادمی ہر سال جدید ادب کی بہترین تخلیقات کو بھی ادبی حلقوں کے سامنے پیش کرتی ہے۔ اکادمی ایک معتبر کشمیری ڈکشنری پر کئی برسوں سے کام کر رہی ہے، جس کی اشاعت مستقبل قریب میں متوقع ہے۔ اس ادارے کی طرف سے ادیبوں کو اپنی کتابیں چھاپنے کے لئے نقد امداد بھی دی جاتی ہے۔ آج تک کئی شاعروں، افسانہ نگاروں، ناول نویسوں اور ادیبوں نے اس امداد سے اپنی کتابوں کو چھاپا ہے۔ اس کے علاوہ اکادمی ہر سال بہترین کتابوں پر نقد انعام بھی

دیتی ہے۔ اکادمی ایک دوماہی رسالہ "شیرازہ" بھی شائع کرتی ہے۔ ادارے کی طرف سے ہر سال ریاست کے مختلف حصوں میں ثقافتی پروگراموں کے ساتھ ساتھ مشاعرے اور مذاکرے بھی ہوتے رہتے ہیں جن سے کشمیری ادب کے فروغ میں مدد ملتی ہے۔

جموں و کشمیر یونی ورسٹی کا قیام بھی آزادی کے بعد ہی عمل میں لایا گیا۔ کشمیری زبان کی تاریخ میں پہلی بار درس و تدریس اور امتحانات کا سلسلہ جاری کیا گیا۔ چنانچہ پچھلے چند برسوں میں یہاں کے بیسیوں طالب علموں نے کشمیری میں پروفیشنسی ہائی پروفیشنسی اور آنرز امتحانوں میں شمولیت کی اور یونی ورسٹی سے سندیں حاصل کیں۔

۱۹۴۷ء سے پہلے کشمیری زبان میں نثری ادب نہ ہونے کے برابر تھا۔ مگر اب حالت کافی حد تک بدل چکی ہے۔ آج ہماری زبان میں نظم کے ساتھ ساتھ نثر بھی ترقی کے مرحلے برابر طے کر رہی ہے۔ آج کشمیری ادب میں متعدد نثر نگار ایسے ہیں جو اپنی سعی پیہم سے کشمیری نثر کو مالا مال کر رہے ہیں۔ کشمیری زبان میں آج معیاری افسانوں کی کمی نہیں ہے۔ ہمارے ایک مشہور جدید افسانہ نگار اختر محی الدین کو ساہتیہ اکادمی کی طرف سے اُن کی مشہور کتاب "ست سکر" پر قومی انعام بھی مل چکا ہے۔ کشمیری زبان میں دوسری زبانوں کی اچھی اچھی تخلیقات کا ترجمہ بھی ہوا ہے۔ ان میں ٹیگور، مولیئر، ابسن اور شیکسپیر کے ڈرامے الف لیلیٰ، حاجی بابا اور دوسری کئی کتابیں خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ جہاں ۱۹۴۷ء سے پہلے کشمیری زبان میں تنقیدی ادب نہ ہونے کے برابر تھا، وہاں اب تنقیدی ادب کی تخلیق پر بھی خاطر خواہ توجہ کی جا رہی ہے۔ چنانچہ ارسطو کی مشہور پوئٹیکا کا کشمیری ترجمہ بھی اس حقیقت کا ایک اہم ثبوت ہے۔

شاعری کے میدان میں بھی ایک عظیم تبدیلی رونما ہو چکی ہے۔ اس حقیقت سے کسی شخص کو انکار نہیں کہ کشمیری شاعروں میں آزاد، مہجور اور زندہ کول نے نئے نئے تجربے کئے تھے۔ ان تینوں بزرگ شاعروں نے کشمیری زبان کو ایک توانائی بخشی تھی۔ مگر کشمیری شاعری کا دائرہ پھر بھی بہت تنگ تھا اس میں وہ رنگا رنگی اور وسعت نہیں آئی تھی، جس کا نظارہ ہم آج کرتے ہیں۔ ۱۹۴۷ء کے بعد شاعروں کی ایک نئی نسل نے کشمیری زبان میں نئے نئے تجربے کئے جن سے اس شاعری کا دائرہ بہت وسیع ہوا۔ ایک طرف شاعر نے معروضوع کی تلاش میں کلا اور دوسری طرف اس نے نئی اصناف، نئی ہیئتوں پر بھی توجہ دی۔ چنانچہ ۱۹۴۷ء کے بعد ہی کشمیری شاعروں کو بلینک ورس، فری ورس، سانٹ، ڈرامائی تنہا کلامی، قطعہ اور رباعی گیت وغیرہ کو اپنے اظہار کا وسیلہ بنایا۔ ہاں ایسی نظمیں غزلیں بھی تخلیق ہوئیں۔ جن کی مثال پرانے کشمیری ادب میں ملنا محال ہے۔ جدید کشمیری نظم بہت آگے نکل چکی ہے۔ آج کشمیری شاعر بات کہتے ہوئے تھکتا نہیں۔ بلکہ مزید کچھ کہنے کا خواہاں رہتا ہے۔ اس کا ذہن تہہ دار اور پہلو دار حقائق کی نقاب کشائی کرتا ہے۔ اس کی شاعری میں غم جاناں کے ساتھ ساتھ غم روزگار بھی ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ خود زندگی کا غم بھی ہے اُسے احساس ہے کہ اس کے قاری ان پڑھ نہیں، بلکہ وہ ذہن رسا رکھتے ہیں۔ اس کا ماحول پرانے زمانے کے ماحول سے مختلف ہے۔ آج کے شاعروں میں میر غلام رسول نازکی، دینا ناتھ نادم، رحمان راہی، جن لال چمن، مکھن لال بکیس، مظفر عازم امین کامل، فاضلی کشمیری اور نور محمد روشن خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

کالجوں اور اسکولوں کی طرف سے آئے دنوں جو علمی اور ادبی میگزین شائع ہوتے رہتے ہیں، اُن میں کشمیری سیکشن بھی ہمیشہ موجود رہتا ہے۔ ایسے سیکشن کو ہم جلدی میں نظر انداز نہیں کر سکتے۔

حقیقت یہ ہے کہ یہ میگزین اس شوق اور دلچسپی کی طرف اشارہ کرتے ہیں، جو ہماری نسل کو اپنی مادری زبان سے ہے۔ ہماری نئی نسل اپنی مادری زبان کے ساتھ بے اعتنائی نہیں برتتی جو یہاں کے عام پڑھے لکھے لوگوں میں آزادی سے پہلے نظر آتی تھی۔ موجودہ نسل کو اپنی زبان پر ناز ہے۔ وہ ہمیشہ اس سے اپنا رشتہ استوار رکھتی اور اس کی ترقی کے لئے کوشاں رہتی ہے۔ وہ جانتی ہے، اس کی اپنی ترقی کا راز اُن کی زبان کی ترقی میں پوشیدہ ہے۔ میرا خیال ہے کہ ریڈیو کشمیر کے تذکرے کے بغیر یہ مختصر سا جائزہ نامکمل رہے گا۔ ریڈیو کشمیر کا قیام بھی آزادی کے بعد ہی عمل میں لایا گیا ہے۔ مجھے یہ کہنے میں کوئی تامل نہیں کہ ریڈیو کشمیر نے کشمیری زبان کی ترقی کے لئے رصمت مندرول ادا کیا ہے۔ اس نے اپنی نشریات سے جہاں کشمیری بولنے والوں کے مذاق کو شائستہ بنایا ہے۔ وہاں اُن کے ذوق جمال کی تربیت میں بھی اس اسٹیشن نے اہم خدمات انجام دی ہیں۔ اس اسٹیشن کی طرف سے وقت وقت پر مشاعرے منعقد ہوتے ہیں۔ ریڈیو کشمیر نے ادبی پروگراموں کے ذریعے شاعروں، افسانہ نگاروں نقادوں اور عوام کے مابین ایک رابطہ پیدا کیا ہے وقت وقت پر کشمیری ڈرامے بھی اسٹیج کئے جاتے ہیں۔ اس طرح سے کشمیری ادب کے احیا میں ریڈیو

کشمیر نے نمایاں رول ادا کیا ہے۔ اور ادا کر رہا ہے۔

ڈراما

ایم۔ ایل۔ کیمو

کہتے ہیں ڈراما آئینہ ہے۔ اس میں قوم اپنی اصل صورت دیکھ سکتی ہے۔ لیکن ہماری ریاست میں ڈراما کو آئینہ بننے میں ابھی بہت وقت لگے گا۔ اس بات کو یوں بھی کہا جا سکتا ہے کہ کشمیری ڈراما کا ابھی تک اپنا کوئی منفرد کردار اور کوئی ہیئت بننے نہیں پائی۔ ڈرامے کھیلے تو جاتے ہیں لیکن بہت کم۔ لوگ ڈراما دیکھنے کا شوق بھی رکھتے ہیں۔ اس کے باوجود ڈراما ایک تحریک نہیں بننے پایا۔ ہاں ریاست میں اس وقت ڈراما تحریک بننے کے لئے، تجرباتی دور سے گزر رہا ہے۔ تجربوں کے طور پر ریاست میں المیہ، طربیہ، اوپیرا، بیلے اور لوک ناٹکوں کی روایت پر مبنی ڈرامے کھیلے جاتے ہیں۔

ریاست میں فن، کلچر اور زبان کی اکادمی کے قیام کے بعد ڈراموں کے مقابلوں کا جو پروگرام شروع ہوا اس سے ڈرامے کھیلنے اور لکھنے کی سرگرم تحریک ملی۔ ان مقابلوں کے انعقاد سے پہلے ریاست میں، سال بھر میں، ایک آدھ ڈراما کھیلا جاتا ہے۔

ڈراموں کا یہ مقابلہ موسم سرما میں جموں میں اور موسم گرما میں سرینگر میں منعقد ہوتا ہے۔ اس مقابلے میں ہر منظور شدہ ڈرامے کو کھیلنے کے لئے شوقیہ کلبوں کو اکادمی کی طرف سے تین تین سو روپے کی مالی امداد دی جاتی ہے۔ مقابلے میں اوّل اور دوسرا درجہ پانے والے ڈرامے کو ایک ہزار اور سات سو روپے کا بالترتیب نقد انعام دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ بہترین اداکاری پر ایک ایک سو روپے کے پانچ انعام بھی دیئے جاتے ہیں۔ ان مقابلوں میں حصہ لینے والے کلبوں کی تعداد آئے سال بڑھتی جا رہی ہے۔ جو کلب اس مقابلے میں آئے سال حصہ لیتے ہیں، ان کی صلاحیت بھی بڑھتی جا رہی ہے۔ پروڈکشن اور اداکاری کا معیار بھی اونچا ہو رہا ہے۔ اب ہماری ریاست کے شوقیہ کلبوں کا معیار ملک کے کسی شوقیہ کلب سے کم نہیں ہے۔ ڈرامے کی ترقی اور ڈرامے کو پوری سہولت اور تکنیکی قابلیت کے ساتھ پیش کرنے کے لئے ایک اچھے تھیٹر ہال کا ہونا ناگزیر ہے۔ سری نگر میں ۱۹۶۱ء میں ٹیگور ہال کی تعمیر مکمل ہوئی۔ یہ ریاست بھر میں جدید قسم کا واحد تھیٹر ہال ہے۔ اس کے بننے سے ریاست میں اچھے اچھے ڈرامے کھیلنے کی دیرینہ ضرورت پوری ہوئی ہے۔ امید ہے آیندہ دو برس میں جموں میں بھی ایک جدید قسم کا تھیٹر ہال تعمیر کیا جائے گا۔

ڈراما کی تحریک کو تب تک کامیاب قرار نہیں دیا جا سکتا جب تک کہ علاقائی ڈراما کوئی اپنا کردار اور ہیئت اختیار نہ کرے۔ ہماری علاقائی زبانوں میں اب بھی ڈراما نگار اپنے گنے ہیں۔ ابھی تک کشمیری زبان میں اسٹیج پر کھیلے جا سکنے والے محض دس بارہ ڈرامے ہی لکھے گئے ہیں۔ بہرحال جو ڈرامے پچھلے چند برسوں میں لکھے گئے انھیں بڑی ہی کامیابی کے ساتھ اسٹیج کیا گیا۔ ہمارے قابل اور تجربہ کار ڈراما نگاروں میں علی محمد لون، پشکر بھان، سوم ناتھ سادھو اور محمد سبحان اللہ بھگت ہیں۔ انھوں نے کشمیری زبان میں مندرجہ ذیل پورے وقت کے ڈرامے لکھے ہیں۔ سوئیاں، تقدیر ساز، گرینڈر ہرسل "پزاپز" "یتیچھو بنن" اور تقدیر۔ ان ڈراموں سے نہ صرف کشمیری ادب کو بڑھاوا ملا۔ بلکہ کشمیری میں اسٹیج پر کھیلے جا سکنے والے ڈراموں کی کمی بھی کسی حد تک پوری ہوئی۔

پرانے وقتوں سے صوبہ کشمیر میں لوک ناٹک کی روایت چلی آ رہی ہے جسے بھانڈ جیشن کہتے ہیں۔ یہ جیشن آج کل بھی وادی میں مختلف مقامات پر مقامی بھانڈ پیش کرتے ہیں۔ کشمیر میں کچھ ڈراما نگاروں نے بھانڈ جیشن کی صورت میں بھی کچھ ڈرامے لکھے اور پیش کئے ہیں۔ ان ڈراموں کے موضوع نئے تھے۔ لیکن ہیئت روایتی تھی۔ ان میں اکنگام کے بھگتوں کا، "مانگے"، اور نونو اور ہمالیہ بانڈہ تھیٹر کا باہو قابل ذکر ہے۔ ان ڈراموں میں لوک ناٹک کے دوسرے پہلوؤں یعنی موسیقی، رقص، گیت، مسخراپن اور دوسرے لوازمات کو نظر انداز نہیں کیا گیا تھا۔ اس لئے ان ناٹکوں کو شہری اور دیہی لوگوں نے بے حد پسند کیا۔ ان کی کامیابی سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہونچی ہے کہ بھانڈ جیشن کا فارم مزاحیہ اور طنزیہ ڈرامے لکھنے اور کھیلنے کے لئے بہت مقبول ہو سکتا ہے۔

ڈرامے کی تاریخ میں ایسا ہمیشہ ہوا ہے کہ جب کوئی روایت فرسودہ ہو گئی تو اسے توڑ کر نئے نئے تجربے کئے گئے۔ اور نئی تحریک نے جنم لیا اسی طرح صوبہ کشمیر میں اکنگام کے بھگتوں نے، جن کا موروثی پیشہ بھانڈ جیشن کرنا تھا۔ ۱۹۶۴ء میں اپنی پارٹی کو منظم تھیٹر کی شکل دی اور وادی بھر میں، گاؤں گاؤں گھوم کر اپنے ڈرامے پیش کئے۔ اس تھیٹر نے پانڈ پاتھر کی سبھی خصوصیات کو لے کر جدید ڈرامے کے روپ میں پیش کرنا شروع

(باقی صفحہ ۳۳ پر)

رباعیات

وقت

سیّد آلِ رسُول

وقت کی گود میں پلتے ہیں ہزاروں لمحے
کوئی خوشیوں کا پیمبر کوئی غم کا قاصد
ساز پر شوق کی جھنکار سناتا ہے کوئی
رنج و آلام کے انبار لگاتا ہے کوئی
ایک لمحہ کہ جو سینے میں چراغاں کر دے
ایک لمحہ جو خیالات میں طوفاں بھر دے
ایک لمحہ کہ بہاروں کی خبر دیتا ہے
ایک لمحہ کہ فقط دردِ جگر دیتا ہے
ایک پل ہاتھ میں اک جام لئے آتا ہے
ایک پل کاوشِ بے نام لئے آتا ہے
ایک لمحہ جو تمناؤں کا ساحل لائے
ایک پل جس کی کبھی کوئی نہ منزل آئے
رنگ اور نسل کی تفریق مٹاتا اک پل
جذبۂ نفرت و وحشت کو جگاتا اک پل
ایک پل جبر و تشدد کو ہوا دیتا ہے
ایک پل ظلم کے عنصر کو مٹا دیتا ہے
نوعِ انساں کی ترقی کی نشانی کوئی
نسلِ آدم کی تباہی کی کہانی کوئی
وقت رکتا نہیں چپ چاپ گذر جاتا ہے
مہر ہر اک ورقِ زیست پہ کر جاتا ہے
وقت کے سیکڑوں پہلو ہیں ہزاروں رُخ ہیں
کسے معلوم ہے کل کیا ہو کہاں ہو، کب ہو؟

ہم دونوں

رتن سنگھ کلیم

ملا کرتے تھے چھپ چھپ کر کبھی راتوں کو ہم دونوں
ترستے ہیں اب اُن اگلی ملاقاتوں کو ہم دونوں
مبارک باد کہہ کر چاند بھی جب مسکراتا تھا
کہاں سے لائیں، اب اُن چاندنی راتوں کو ہم دونوں
وہ آنسو بن کے آنکھوں سے تڑپ کر بہ نکلتی تھیں
ذرا کھل کر نہ کہہ سکتے تھے جن باتوں کو ہم دونوں
انہیں بابِ اثر کا راستہ معلوم ہے شاید
نہ بھولیں اُن دعاؤں اُن مناجاتوں کو ہم دونوں
دھڑکتے دل خدا معلوم کیا کہتے تھے آپس میں
مگر سنتے تھے بے سمجھے بھی اُن باتوں کو ہم دونوں
نہ بھولا ہے نہ بھولے گا قلق ایامِ ہجراں کا
تڑپتے لوٹتے رہتے تھے جب راتوں کو ہم دونوں
کلیم ایسی گھٹا اُٹھے کہ دن کو رات ہو جائے
فلک پر ڈھونڈھتے ہیں روز برساتوں کو ہم دونوں

رباعیات

جلال ملیح آبادی

حسنِ رُخِ رنگیں کے سوا، اور بھی ہے
لعلِ لبِ شیریں کے سوا، اور بھی ہے
باظرف ہو انساں، تو محبت اے دوست!
جذبات کی تسکیں کے سوا، اور بھی ہے

یہ حسن یہ طلعت یہ لطافت توبہ
یہ پھول سے مکھڑے کی ملاحت توبہ
پیراہنِ سادہ میں شفق تابیٔ حسن
سر تا بہ قدم چنپئی رنگت توبہ

ماتھے پر کرن سی اک دمک جاتی ہے
اک چاندنی مکھڑے پہ چھٹک جاتی ہے
یہ نرگسی آنکھیں، یہ تبسم کی شراب
آنکھوں میں گلابی سے چھلک جاتی ہے

پھر اب کے بہار چھو رہی ہے دل کو
یادِ رُخِ یار چھو رہی ہے دل کو
وہ دور کہیں، بول رہی ہے کوئل
احساس کی دھار چھو رہی ہے دل کو

اٹھی وہ گھٹا سُرمئی موسم آیا
دہکے وہ چمن چمپئی موسم آیا
اک شاہدِ رشکِ گل کہاں سے لاؤں
اے ہم نفسو! اگرئی موسم آیا

کلامِ عارف



حمیدہ سلطان

نواب زین العابدین خاں عارف، نواب غلام حسین خاں مسرور کے بڑے بیٹے اور نواب الٰہی بخش خاں معروف کے نواسے تھے۔ شعر و ادب کا ذوق عارف کو نانا و باپ سے ورثے میں ملا تھا، خصوصاً معروف اپنے وقت کے ممتاز شعراء میں تھے۔ فنِ شعر سے معروف کو عشق تھا ایک اُردو دیوان کے علاوہ نواب صاحب موصوف نے مثنوی موسوم بہ تسبیح زمرد اپنی تصنیف چھوڑی ہے، اس میں پانچ سو شعر حسن سبز قبا کی مدح میں لکھے ہیں۔ اس مثنوی کی ترتیب میں الترائما سبزی کا ذکر ہے ایسے ذی علم نانا کی گود میں عارف نے آنکھ کھولی پھر غالب جیسے شہباز سخن سے استفادہ کیا۔ اس لئے ہمعصر شعراء میں (عارف) کو ممتاز درجہ ملا۔ میں اب کچھ تذکروں کا حوالہ دوں گی۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ عارف بڑے پائے کے شاعر تھے۔

اُردو شعراء کے تذکرے اور عارف

تذکرہ شعرائے ہند مولفہ ۱۸۴۷ء میں مولوی کریم الدین، عارف کے متعلق لکھتے ہیں۔ "عارف تخلص۔ نام نواب زین العابدین خاں۔ خواہر زادہ نواب اسد اللہ خاں۔ مرزا نوشہ غالب کے ابتداء میں میاں نصیر سے شعر کہنا سیکھا اور اُس کے ہی طور پر ایک دیوان بھی لکھا۔ مگر بعد آنے نواب اسد اللہ خاں مذکور کے اکبر آباد سے نصیر سے اصلاح لینا چھوڑ کر ان کی خدمت میں رہنا شروع کیا، انہوں نے اپنے ڈھنگ پر اُن کو کتب فارسی کی تعلیم اور اصلاح شعر کی دی۔ چنانچہ بہت دنوں بعد ایک دیوان مسمّٰی "بہ مطلع مہر سعادت"، انہوں نے فراہم کیا۔ اس میں قصائد اور قطعات، غزلیں اور مدحتیں اور ترجیع بند مخمس اور مسدس، معشر وغیرہ بہت موجود ہیں۔ میں نے بھی وہ دیوان دیکھا ہے۔ اس کو کلیات کہنا چاہیے حقیقت میں یہ شاعر بڑے رتبے کا ذی قدر قابل و لائق تحسین و آفرین ہے۔ فارسی میں بڑی دستِ قدرت ہے جن ایام میں میرے چھاپے خانے میں مشاعرہ ہوا کرتا تھا۔ یہی شاعر[1] میرِ مجلس اور میر مشاعرہ مقرر تھا اور اس کے اشعار "گلدستہ نازنیناں" نے بھی مندرج کئے ہیں۔ اب ان ایام میں بہ سبب جدت ذہن اور تیزی سخن سوکھ کر شل کانٹا ہو گیا ہے، بہت دبلا پتلا ہے، لانبا قد ہے، داڑھی بھر کر نہیں نکلی، ٹھوڑی بھری کچھ: بال ہیں۔ خلق اس کا بہت اچھا ہے۔ اگر کوئی اس سے ملاقات کرے۔ بہت حظ اٹھائے، فی البدیہہ کہنے کا بھی دروق ہے، تاریخ کہنے میں بہت اچھی قدرت رکھتا ہے، مادّہ بھی اچھا نکالتا ہے، چنانچہ میری کتاب "گلدستہ نازنیناں" کے تمام پر دو تاریخیں اُس نے لکھی ہیں۔ ایک اُردو دوسری فارسی ایک مصرع اُردو سے کیا اچھی تاریخ نکالی ہے، وہ یہ ہے۔

"کہو، گلدستہ رنگا رنگ جنت"

اس مصرعے سے اس کتاب کے اتمام کی تاریخ نکلتی ہے اور اس کا جوہر سخن دریافت ہوتا ہے۔ غرضکہ شعر کہنے میں قدرت اُس نے پائی ہے کہ کوئی غزل بحر، ساٹھ اور اسّی شعر کے پر مضامین رنگا رنگ میں نہیں کہتا اور سب اچھی، پر مضمون نئے انداز پر ہوتے ہیں۔ نواب

---

[1] عارف بڑی خوش اسلوبی سے مشاعرے کا انتظام کرتے تھے۔

[2] دیکھئے آخری شمع مصنفہ مرزا فرحت اللہ بیگ میں عارف کا سراپا

ضیاء الدین خاں بہادر سے کمال ارتباط اور صحبت اس کو رہتی ہے، چونکہ دونوں صاحب وجہ معیشت سے فارغ اور نواب زادے ہیں، باہم شعر و سخن کا چرچا اور صحبت رکھتے ہیں اس سال میں ۱۲۶۳ھ سے عمر اس کی قریب تیس برس یہ اشعار شاعر مذکور ہیں جو مشاعرے میں میرے مکان پر پڑھے تھے۔ واضح ہو کہ یہ مشاعرہ میرے مکان پر چودھویں تاریخ رجب ۱۲۶۱ھ میں شروع ہوا، اس سال درمیانی ماہ ذی قعدہ کے بہ سبب بد دیانتی و نااتفاقی سرکار کے جو مطبع کے شریکوں نے مجھ سے کی تھی، موقوف ہوا۔

جائے پیدائش اور وطن عارف کا شاہجہاں آباد ہے، لڑکپن سے آج تک یہیں رہے، کہیں کا سفر نہیں کیا۔ مکان ان کا لال کنویں پر ہے جو مدرسے کے نام سے مشہور ہے۔ فارسی شعر بھی اچھے کہتے ہیں۔ تذکرہ گلستان سخن مولفہ ۱۲۷۱ھ میں تحریر ہے "عارف تخلص نام زین العابدین خاں خلف رشید جناب غلام حسین خاں مسرور شاگرد مرزا اسد اللہ خاں غالب غفر اللہ تعالیٰ زبان اردو کو ہم پلہ فارسی مضامین شعر کو ہم پایہ حکمت کر دیا تھا۔ رنگینی سخن سے کاغذ ہمرنگ گل اور دل پذیری کلام سے قلم منقار بلبل، اصناف سخن پر قدرت اور انواع کلام پر اقتدار، غزل صحرائے شوخی کا غزال، قصیدہ گلشن متانت کا نہال، مخمس جس میں کلام کے واسطے حواس، رباعی مانند عناصر پیکر سخن کی اساس۔ ۱۲۶۸ھ میں رخت سفر باندھ گلشن جناں کی طرف راہی ہوا، میر حسن تسکین کی تاریخ وفات بعینہ اس بلبل باغ جنت کی تاریخ ہے۔ تماشائی متذکرہ اس مقامات کی سیر سے ان مقدمات سے مطلع ہو چکے ہیں کاش عارف کے احوال میں تجاہل عارفانہ کو کام نہ فرمائیں، دیوان ضخیم اس سے یادگار رہے۔"

آثار الصنادید مولفہ ۱۲۶۳ھ میں سرسید مرحوم فرماتے ہیں

"نواب زین العابدین خاں بہادر، عارف تخلص، بلبل چمنستان سخنوری، طوطی شکرستان معنی پروری خلف الرشید نواب غلام حسین خاں مسرور، ابن شرف الدولہ نواب فیض اللہ بیگ، خان بہادر سہراب جنگ نے مرزا اسد اللہ خاں غالب کی خدمت میں مشق سخن بہم پہنچائی ہے۔ اور تحقیق علمی اور تفتیش محاورات انہی کی خدمت فیض منقبت میں کی ہے اور فی الحقیقت اس فن میں وہ کمال حاصل کیا ہے، کہ شعرائے زمانہ قدیم یعنی میر و سودا قائم و کلیم اگر اس زمانے میں ہوتے بیشک اس زبدۂ کمال کے سامنے زانوئے شاگردی تہہ کرتے، کمال کی علامت اس سے زیادہ کیا ہوگی کہ شاگرد پر استاد کو ناز ہے۔ اور کیوں نہ ہو، ان وضع جدید نے اسلاف کی کہنہ طرزوں کو آب عرق سے دھو دیا اب وہ روزگار ہے کہ ہر سمت میں علم و کمال و ہنر اس صاحب علم کا بلند ہے" غرضیکہ مولوی کریم الدین ہوں یا صاحب گلستان سخن اور سرسید ان سب نے ہی عارف کے کمال فن کی دل کھول کر داد دی ہے، اتنا ضرور ہے کہ اس زمانے کے رواج کی طرح عارف کی تعریف میں مبالغے سے کام لیا ہے، بہرحال اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا، کہ جوانمرگ عارف پر غالب کا اثر کافی تھا اور ان کی فطری صلاحیت کو غالب کی تربیت نے اور بھی نکھار دیا تھا۔ وہ خوشگو اور خوش فکر شاعر تھے اگر ان کی زندگی وفا کرتی تو یقیناً علم و ادب کی دنیا میں ان کا نام اور بھی چمکتا۔ لیکن افسوس تو یہ ہے کہ جتنا انہوں نے اپنا اردو فارسی کلام چھوڑا وہ بھی شہر آشوب کی دستبرد کی نذر ہو گیا موجودہ دیوان بھی اگر ان کے عزیز دوست نواب ضیاء الدین احمد خاں نیر رخشاں نہ لکھواتے تو صرف ہم لوگوں کے لیے عارف کا نام ہی رہ جاتا اور کلام غائب ہو جاتا۔ ان کے دیوان کو تذکروں میں ضخیم کہا گیا ہے تو خیال ہے کہ موجودہ دیوان جتنا ہی کلام عارف کا ضائع ہو گیا۔

عارف کی شاعرانہ قابلیت پر اس سے بھی روشنی پڑتی ہے کہ ان کے شاگرد فن شعر میں اپنے زمانہ میں استاد تسلیم کیے گئے، نواب سعید الدین احمد خاں طالب خلف اصغر جناب نواب ضیاء الدین احمد خاں نیر رخشاں نے دیوان عارف کے دیباچے میں لکھا ہے کہ عارف مرحوم کو خط نسخ لکھنے کا شوق ہوا تو یہ میر جلال الدین خوشنویس (جو اپنے وقت میں خط نسخ لکھنے میں یاقوت ثانی تھے) استاد بہادر شاہ کے پاس حاضر ہوئے استدعا کی کہ زمرۂ شاگردان میں داخل کیا جاؤں حسن اتفاق سے ادھر اس وقت عارف کی خوش کلامی کا شہرہ تھا۔ ادھر میر صاحب کے دونوں صاحبزادوں نواب مرزا صاحب ظہیر اور امراؤ مرزا صاحب کو شاعری کا شوق تھا ایک اچھے استاد کی تلاش تھی۔ میر صاحب کو یہ موقعہ اچھا ملا۔ انہوں نے جواب میں کہا کہ میں تم کو یوں شاگرد نہیں کرتا۔ ہاں مبادلہ کرتا ہوں۔ میں تم کو خط نسخ کی اصلاح دوں اس کے اصول بتاؤں تم میرے لڑکوں کو شاعری کے رموز بتاؤ اور اس کے نکات سمجھاؤ عارف نے منظور کر لیا۔ اور یہ معاملہ طے ہو گیا۔ عارف نے خط نسخ کی

---

[1] دیکھیے مشاعرہ آخری شمع فرحت اللہ بیگ

[2] میں نے مضمون کی طوالت کو مختصر کر کے درج کیا ہے۔

ایسی مشق کی کہ ایک سال کے اندر اُستاد نے اصلاح دینی چھوڑ دی اور سند خوشنویسی لکھدی،

جیسا کہ میں اپنے ایک مقالے دیوان عارف کے نسخے، میں لکھا ہے کہ عارف نے غالب کے رنگ میں کہنے کی کوشش کی ہے، اس سے وہ کامیاب رہے، اُن کی ایک غزل اور ایک مخمس غالب کی غزلوں پر میں پیش کر رہی ہوں۔

سب سے بہتر ہے کہ مجھ پر مہرباں کوئی نہ ہو
ہمنشیں کوئی نہ ہو اور رازداں کوئی نہ ہو

ایک صحرائے جنوں میں آپ کیجئے سلطنت
چلئے ایسے شہر جس میں مرزباں کوئی نہ ہو

آپ ہی حاکم رہیں اور آپ ہی محکوم ہوں
دوسرا اپنے سوا زنہار واں کوئی نہ ہو

خضر تک آنے نہ پاوے کیجئے وہ بندوبست
نام کو بانکہ اس جا پاسباں کوئی نہ ہو

کیجئے آراستہ گر محفل عشرت فزا
مہتمم اپنے سوا اس کا بھی واں کوئی نہ ہو

تندئ مے سے رہے ساغر کو گردش خود بخود
میکدے ہوں سینکڑوں پیر مغاں کوئی نہ ہو

لال مت سمجھو زبان شمع کو خامش ہے یہ
بات یہ کس سے کرے جب ہم زباں کوئی نہ ہو

ہیں میرے گلہائے داغ سینہ خود داری صبا
یہ وہ گلشن ہے کہ جس کا باغباں کوئی نہ ہو

مرئیے اس حسرت میں گر قاتل ہاتھ آوے کہیں
روئیے اپنے پہ خود گر نوحہ خواں کوئی نہ ہو

بیچ میں پر اس کے تو ہی اے آہ حزیں
صلح کیوں کر ہووے جب تک درمیاں کوئی نہ ہو

شکوہ کس سے کیجئے خالق کی مرضی ہے یہی
نکتہ چیں پیدا ہوں لاکھوں نکتہ داں کوئی نہ ہو

ہاں خدا تو دیکھتا ہے لاکھ چھپ کر روئیے
وہ جگہ لاؤں کہاں سے میں جہاں کوئی نہ ہو

مجھ تلک قاتل تو قاتل موت بھی آتی نہیں
کس کو دیجے جان جب خواہان جاں کوئی نہ ہو

مانے گر کوئی نصیحت عارف دلخستہ کی
بھول کر بھی والۂ آتش رخاں کوئی نہ ہو

مدت ہوئی ہے عیش کا ساماں کئے ہوئے
روشن چراغ مہ سے شبستاں کئے ہوئے

مدت ہوئی ہے مجمرہ گلستاں کئے ہوئے
مدت ہوئی ہے یار کو مہماں کئے ہوئے

جوشِ قدح سے بزم چراغاں کئے ہوئے
صورت یہی ہے تو کوئی دم میں ہوا ہے دم

اب زندگی سے ایسے نہایت خفا ہے دم
پھر پاس ننگ و نام سے گھبرا گیا ہے دم

پھر وضع احتیاط سے رکنے لگا ہے دم
برسوں ہوئے ہیں چاک گریباں کئے ہوئے

کیا کہیئے کیا شفیق ہمارا ہوا ہے عشق
ہر دم ہمارے واسطے راحت فزا ہے عشق

گویا کہ بیشکار لب دل رہا ہے عشق
پھر پرسش جراحت دل کو چلا ہے عشق

ساماں صد ہزار نمکداں کئے ہوئے
پھر تار ساز شکوۂ دلدار ہے نفس

پھر پیرہن میں حوصلہ کے خار ہے نفس
پھر داغ شعلہ خیزیٔ اظہار ہے نفس

پھر گرم نالہ ہائے شرر بار ہے نفس
مدت ہوئی ہے سیر چراغاں کئے ہوئے

نکلے نکلے کوچۂ قاتل میں آرزو!
کیا کیا ہے اپنے اس دل بسمل میں آرزو

اک جنگجو کے ملنے کی دل میں آرزو
چاہے ہے پھر کسی کو مقابل میں آرزو

سرمہ سے تیز دشنۂ مژگاں کئے ہوئے
معلوم کیا کرے کوئی اس رنج سخت کو

تاب و تواں کی کھود کے بیخ درخت کو
برباد کر کے صبر کے سامان درخت کو

کرتا ہوں جمع پھر جگر لخت لخت کو
عرصہ ہوا ہے دعوتِ مژگاں کیے ہوئے

بندِ گراں ہے عاشقِ ناکام پر ہوس
اندیشہ طائر اور قفس دام پر ہوس
قانع نہیں نامہ و پیغام پر ہوس
مانگے ہے پھر کسو کو لبِ بام پر ہوس
زلفِ سیاہ رخ پہ پریشاں کیے ہوئے

اک یار دل نواز کو تاکے ہے پھر نگاہ
اندازِ جاں گداز کو تاکے ہے پھر نگاہ
اک چشمِ فتنہ ساز کو تاکے ہے پھر نگاہ
اک نو بہارِ ناز کو تاکے ہے پھر نگاہ
چہرہ فروغ مے سے گلستاں کیے ہوئے

گو وہ سدا بغل میں عدو کے پڑے رہیں
پیویں ہم اپنے گھونٹ لہو کے پڑے رہیں
پیاسے وہاں پڑے رہیں لہو کے پڑے رہیں
پھر جی میں ہے کہ در پہ کسو کے پڑے رہیں
سر زیرِ بارِ منتِ درباں کیے ہوئے

چاہوں ازل کا آوے اگر میرے ہات دن
آخر ہوں زندگی کے بہ صبر و ثبات دن
کٹ جائیں ایک وضع پہ ہفتے کے سات دن
جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کے رات دن
بیٹھے رہیں تصورِ جاناں کیے ہوئے

عارف میں پا کے بوئے دلِ آغوشِ اشک سے
بھرتا ہوں جامِ چشم کو سرجوشِ اشک سے
آتی ہے یہ صدا لبِ خاموشِ اشک سے
غالب ہمیں نہ چھیڑ کہ پھر جوشِ اشک سے
بیٹھے ہیں ہم تہیۂ طوفاں کیے ہوئے

حضرت غالب کو مخاطب کرکے عارف نے تین قطعے کہے ہیں پہلے قطعے سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ کسی نے عارف کی یہ شکایت غالب سے کی — مرزا غالب کو اُن کی غیبت میں عارف بُرا کہتے ہیں۔ اپنی صفائی میں عارف نے یہ قطعہ کہا ہے۔

قبلۂ جان و دل ترا فدوی ÷ تجھ کو کہوے بُرا یہ طاقت ہے
اسد اللہ نام ہے تیرا ÷ اس بزرگی کی کچھ نہایت ہے
ورد و نام بزرگ کا تیرے ÷ اس میں کچھ شک نہیں عبادت ہے
مجھ کو زیبا ہے جتنا ناز کروں ÷ مجھ پہ جب یہ تری عنایت ہے
نظر منشیٔ فلک کی مجھے ÷ کچھ نہ پروا ہے کچھ نہ حاجت ہے
عرض کرتا ہوں شکوۂ حساد ÷ گرچہ میری خلاف عادت ہے
وہ سب میں بیان کرتا ہوں ÷ اُن کی جس وجہ یہ شرارت ہے
فیضِ صحبت سے تیری تیرا غلام ÷ جو بدل قائل[1] امامت ہے
نیر و محو ہیں میرے دشمن ÷ آسماں کی انہیں نیابت ہے
بات اُن کی لگی ہے پتھر سی ÷ دل میں اُن کے زبس قساوت ہے
اُن کی کیا کیا صفت کروں تحریر ÷ ایک آفت ہے اک قیامت ہے
ایک جلتا ہے اشک سے دائم ÷ بسکہ نفرت اُسے نہایت ہے
دوسرا محو کینۂ جوئی ہے ÷ یہ ہمیشہ سے اس کی عادت ہے
زور کرتے ہیں ناتوانوں پر ÷ زور ہے گر یہی شجاعت ہے
ہیں یہ سارے جہان کے جھوٹے ÷ قول میں اُن کے کب صداقت ہے

پھر ایک قطعہ اور حضرتِ غالب کو مخاطب کرکے کہا ہے۔

بدیع عطا جو کرتا ہوں میں آج کچھ رقم ÷ آوے پسند حضرتِ غالب تو واہ واہ

---

[1] عارف پہ غالب کا اثر غالب تھا اس لئے اکثر تذکرہ نویسوں نے اُن کو شیعہ لکھ دیا ہے حالانکہ وہ صرف خوش عقیدہ سنی تھے۔ تعزیہ داری، مجلسیں کرنا خاندان لوہارو میں عام تھا جب تک ریاست باقی رہی تیرہ دن تک باقاعدہ محرم میں مجلس ہوتی تھی جس میں نواب روزانہ خود بمع اپنے خاندان کے شرکت کرتے تھے۔ نذر نیاز کے لئے ایک پرگنہ صاحب الگ تعینات تھے اور ایک گاؤں کی آمدنی پورے سال کی اہلِ بیت کے نذر کے لئے وقف تھی۔

[1] غالب نے عارف کی وفات پر جو مرثیہ کہا ہے، اس میں اس طرف اشارہ کیا ہے ؎

مجھ سے تمہیں نفرت سہی نیر سے لڑائی

حالانکہ یہ لڑائی بعد میں ایسی محبت میں تبدیل ہوئی کہ عارف کی وفات کے بعد نواب ضیاء الدین احمد نیر رخشاں نے اپنی لاڈلی بیٹی معظم زمانی بیگم کی شادی عارف کے بڑے صاحبزادے باقر علی خاں سے کی۔

آتے ہیں اس طرح کے نکتے [illegible] رنگ طبع کا میری ہوتا ہے گاہ گاہ

ایک قطعہ عارف کسی مشاعرے کی شرکت کے بعد رنگ محفل بنانے کے لئے حضرت غالب کو مخاطب کرکے کہا ہے۔

قطعہ

کیا کروں عرض قبلہ حاجات ؛ تھا عجب رنگ محفل انشاد
حال دوشینہ کیا کروں تحریر ؛ رات تھی یا شخص کور سواد
شمع روشن نظر نہ آتی تھی ؛ ایک اندھیر تھا جو حد سے زیاد
تھی سخن کی کساد بازاری ؛ کیسی داد سخن کی تھی بیداد
خام گویوں کی جب بندھی یہ ہوا ؛ فکر بالغ کلام ہے برباد!
بات ہی جن کو کر نہیں آتی ؛ زعم میں اپنے ہوگئے استاد
میں نے ہی رات کو پڑھی تھی غزل ؛ لاکے اول زباں پہ یا استاد
تھا اثر وہ کلام شیریں کا ؛ بند جس سے ہوئے لب حساد
کیوں میری خلد طبع سے نکلی ؛ مجھ کو افسوس ہے یہ حور نژاد
اُن کی گل گشت کے نہیں قابل ؛ خار زار و خرابۂ الحاد
کب یہ آب و ہوا موافق ہو ؛ سرمہ جس جائے ہے گا گرد کساد
روح مرزا دبیر ہووے خجل ؛ گر کہوں کچھ بقدر استعداد
اس کی منزل پہ خود ہوں دانستہ ؛ ہوں، ازل سے زبس میں لطف نہاد

عارف کی وفات کے بعد غالب زندہ تو تھے لیکن زیست سے بیزار تھے۔ اُن کی زندگی عارف کے دونوں خورد سال بچے تھے۔ غالب کے زیر سایہ وہ دونوں بچے پروان چڑھے غالب نے خود مشکلیں اٹھائیں لیکن ان دونوں بچوں کا دل میلا نہ ہونے دیا۔ باقر علی خاں کامل کے ہاں جب بچی تولد ہوئی تو مرزا غالب نے خوش ہوکر ایک قطعہ کہا۔

بہ من زمقدم فرزند مرزا باقر ؛ سروش تہنیت زبدۂ مطالب گفت
چو مقصد شد متعلق بہ گفتن تاریخ ؛ طریق تعمیہ ورزید و جان غالب گفت[1]

---

[1] یہ قطعہ محمد سلطان بیگم کی تاریخ ولادت ہے جن کو پیار سے مرزا صاحب کبھی جیون بیگ کبھی چنیا بیگم کہتے تھے۔ محمد سلطان بیگم کی شادی مرزا شجاع الدین احمد خاں تاباں خلف اکبر نواب شہاب الدین ثاقب سے ہوئی تھی۔ محمد سلطان بیگم کی وفات ۲۹ مارچ ۱۹۵۴ء ہوئی۔ اپنی ہڑواڑ نظام الدین میں والد محترم کی پائنتی آسودۂ خواب ہیں۔

عارف کی فارسی غزل

گویند مرد خوار بود با گریستن ؛ رفت آبروے چشم من از ناگریستن
امروز نقد عیش چرا می دہی بکف ؛ از عقل نیست داغم فردا گریستن
محو است در تصور حسن تو چشم من ؛ دیگر چہ کار ماند مرا با گریستن
سرزد بروں ز کلبۂ من سیل اشک من ؛ پنہاں نماند راز ز تنہا گریستن
رحم آیدش بہ بے اثری ہائے گریہ ام ؛ ضائع نگشت در دل شبہا گریستن
ساقی مگر بخشم گلویش فشردہ ؛ کاغاز کرد شیشۂ صہبا گریستن
رانند سوئے باغ جناں گر ز کوئے دوست ؛ باید بزیر سایہ طوبیٰ گریستن
سنت بود بچشم من از روز ؛ زیں راہ کردہ دوست تماشا گریستن
پنہاں بزیر چادر آب است روئے من ؛ نازم بہ پردہ داری بہ پیدا گریستن
من خستہ تن بہ بستر و بستر بحال من ؛ دارد بچشم صورت دیبا گریستن
بر یکدو قطرہ نیز قناعت کنم کنوں ؛ رفت آنکہ بود دجلہ و دریا گریستن
بے شست و شوئی گریہ نظر پاک کے شود ؛ فرض است در وصال تو بر ما گریستن

ترسم بگردن تو بود خون عالمی
عارف نگہدار خدا را گریستن

متفرق اشعار

کیوں دشمنی کے غم میں رہیں کرکے دوستی ؛ بیگانہ وار ملتے ہیں ہر آشنا سے ہم
انسان ہوکے منت حیواں اٹھائیے ؛ بچتے پھرے ہیں سایۂ بال ہما سے ہم
کیا کہیں ہم کہ غم عشق میں کیا کھاتے ہیں ؛ کوئی دن اور ہیں دنیا کی ہوا کھاتے ہیں
تم سے مشہور ہوا میں تو ہوئے تم مجھ سے ؛ نامور آپ ہیں تو بندہ بھی گمنام نہیں
لوگ ہم سے بھی اڑاویں تو اڑاویں عارف ؛ طرز یہ خاص ابھی تک تو کہیں عام نہیں
دوہرے ہوئے جو شرم سے وہ پیچ و تاب میں ؛ حسن اُن کا ہوگیا ہے دوبالا حجاب میں
غصے میں اُن کو کچھ نہ رہا تن بدن کا ہوش ؛ کیا شب کو ہم نے لطف اٹھائے عتاب میں
تمہیں کھنچوا کے بلانا ہمیں منظور نہیں ؛ ورنہ یہ جذبۂ عشق سے کچھ دور نہیں
شکوۂ جور و ستم شیوۂ الطاف و کرم ؛ میرا معمول نہیں آپ کا دستور نہیں
جو تری ہے طرز دلکش وہ کہیں ثانی نہیں ؛ دہر میں ہونے کو عارف یوں سخنور اور ہیں
اب کوئے یار میں ترا شاید گذر نہیں ؛ پہلی سی بات تجھ میں نسیم سحر نہیں
کیجئے ہے دل میں عارف عالم بالا کی سیر ؛ اب تو کچھ اس خاکدان میں دل بہت گھبرائے ہے
اوروں کو ہو تو ہو ہمیں مرنے سے ڈر نہیں ؛ خط لیکے ہم ہی جاتے ہیں گو نامہ بر نہیں
اٹھتا قدم جو آگے کو اب راہبر نہیں ؛ پیچھے تو چھوڑ آئے کہیں اس کا گھر نہیں

مجھ کو اور آپ کو عالم میں نہ رسوا کیجئے ؛ آپ ہو جائیے میرے یا مجھے اپنا کیجئے
خانۂ یار کی جانب ہمیں معلوم نہیں ؛ شوق میں چاروں طرف کیوں نہ سجدہ کیجئے
کس کو سونپوں جو نہ میں تجھ کو خدا کو سونپوں ؛ اور عالم میں کہیے کس کا بھروسہ کیجئے
گھر کے لٹنے ہی سے تم غم میں پڑے ہو عارفؔ ؛ اور کیا کیا وہ ابھی کرتے ہیں دیکھا کیجئے

دیکھے عالم میں ہیں صابر کہیں انساں ہم سے ؛ کبھی شکوہ بھی سُنا گردشِ دوراں ہم سے
ہنستے ہیں شکل کو ہم دیکھ کے اس کی عارفؔ ؛ مانگتا ہے جو ہمارا کوئی دیواں ہم سے

بادشاہی پہ ہو مغرور کوئی کیا عارفؔ ؛ نہ وہ چنگیز نہ وہ شوکتِ چنگیز رہی
جبۂ سا دیکھئے جبریل کو جس جا عارفؔ ؛ شک نہیں وہ ہی درِ آلِ عبا ہوتا ہے

جہاں سے دوشِ عزیزاں پہ یار ہو کے چلے ؛ بسوئے ملکِ عدم شرمسار ہو کے چلے
ہوتا سلوک برہمن و شیخ میں اگر ؛ کتنی قریب دیر سے کعبے کی راہ تھی
آنکھوں کی راہ وہ میرے دل میں اتر گئے ؛ کیا جلد مل گئی انھیں آسان راہِ دل
ایسی وہ کیا جگہ تھی کہ کرتے بت اس میں جا ؛ کعبے سے ہو گیا تھا انہیں اشتباہ دل
آجائے تو جو سامنے اے غیرتِ بہار ؛ ہو جائے دفعتاً مرے سینے کا داغ گل

عارف خوش عقیدہ مسلمان تھے۔ انہوں نے بزرگان دین کی شان میں سلام اور منقبت کہے ہیں۔ ایک منقبت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مخاطب کر کے کہا ہے۔

ایزد جہاں آفریں کو کر کے کہتا ہوں گواہ ؛ گر نہ تیرا عشق ہو مجھ کو تو میرا روسیاہ
لائق تختِ خلافت تھی ازل سے تیری ذات ؛ تجھ کو ارزانی ہو یہ اے بادشاہ دیں پناہ
ہے لقب فاروق تیرا فرق تو نے کر دیا ؛ حق و باطل میں نہ رکھا تو نے باقی اشتباہ
تیرے امر و نہی نے صورت بدل دی دہر کی ؛ جس جگہ تھا میکدہ اس جا ہی ہے خانقاہ
کیا شجاعت کا ترے اوصاف ہو مجھ سے رقم ؛ دیکھ کر شیر خدا کہتے ہیں تجھ کو واہ واہ
تیرے دارالعدل میں پھر کیوں ہو خلقت کا ہجوم ؛ کس پہ ہوتا ہے ستم جو آ کے کوئی دادخواہ

سیدنا امام حسین اور آلِ عبا کی شان میں بطرز منقبت عارف نے کہا :

رتبہ ہے جو مجرئ آلِ عبا کے واسطے ؛ فخر کرتے گر یہ ہوتا انبیاء کے واسطے
وحدتِ روحانیِ بشیر و پیغمبر کو دیکھ ؛ ہو گئی گویا شہادت مصطفےٰ کے واسطے
قرض میرے دل سے نیّر نے کیا روح القدس ؛ دیکھ لاکھوں مصطفےٰ اور مرتضےٰ کے واسطے
قاضیٔ گردوں کی چادر چھین لائے جبرئیل ؛ زینبِ و کلثوم میں حیراں رواکے واسطے
باب جس کا ساقیٔ کوثر خدا کی شان ہے ؛ اور وہ پانی کے لئے رویے خدا کے واسطے
جرح اطلس لائے اطلس لائے علم دار حسین ؛ شقہ گر منظور ہو تجھ کو لوا کے واسطے
تا تواں ہے عابد بیمار اے روح الامیں ؛ شاخ سدرہ کا نہ لاوے عصا کے واسطے
مشک جھیلی ہو گئی تیروں سے سقائے حرم ؛ کب بچا پانی امام دوسرا کے واسطے
صبر کہتے ہیں جسے ہے اک تری عادت کا نام ؛ ہے رضا تیرے لئے اور تو رضا کے واسطے
ہو چکی بے شبہ خیر الورا پر اختتام ؛ کس کو ہو گا جو ہوا ہے مصطفےٰ کے واسطے
شکر للہ ہوں عزادار وں میں تیرے سرخ رو ؛ خون روتا ہوں شہید کربلا کے واسطے
رات دن کھاتا ہوں میں عارفؔ غم آلِ نبی ؛ دل مگر معدہ بنا ہے اس غذا کے واسطے

سرورِ عالم کے لئے نعت کہی ہے ؎

رتبے میں محطۂ دہلی نہیں کچھ عرش سے کم ؛ یعنی موجود ہے اس جا پہ ترا نقشِ قدم
خالقِ ارض و سماوات سے بے عجز و نیاز ؛ چرخ نے رو کے کیا عرض بصد درد و الم
اب زیارت ہے اس کی مجھے رخصت نصیب ؛ چشم سے میری نہ اوجھل ہو کبھی یہ اک دم

حضرت مولانا فخر صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو نواب احمد بخش خاں کے پیر تھے اور سارا خاندان لوہارو[1] ان کا مرید تھا۔ ان کے لئے چار صفحے کی منقبت دیوان میں موجود ہے، اس کا پہلا مصرع ہے،

سلطان بحر و بر ہے جو تیرا فقیر ہے ؛ آقا جہان کا ہے جو تیرا غلام ہے

خواجہ بختیار الدین کاکی رحمۃ اللہ علیہ کے لئے منقبت کہی ہے۔

ہوئی پھر انجمن عرسِ قطبِ ربانی ؛ بہ بست و ہفتم ماہِ جمادی الثانی
صلائے عام ہے اس بزم میں کہ تو آئے ؛ سعادتِ ابدی کی ہے یاں فراوانی

اس کے علاوہ قدسی کی فارسی نعت پر دل و جاں باد فدایت کہ عجب خوش یقی، پر خمس اور سرور دو عالم کے لئے دیوان کے آخر میں فارسی میں سلام، حضرت علی کی شان میں منقبت سیدنا امام حسین کے لئے کئی سلام و منقبت ہیں۔ بہادر شاہ ظفر کے لئے چار قصیدے، نواب ضیاء الدین احمد خاں نیر رخشاں کے لئے ایک قصیدہ اردو اور ایک فارسی میں، نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ کے لئے قصیدہ ہے۔ اس میں شک نہیں کہ دیوان عارف کا ایک بڑا حصہ شہر آشوب کی دستبرد کی نذر ہو گیا اور موجودہ دیوان میں اغلباً عارف کا آدھا کلام ہو گا۔

---

[1] : یہ روایت خاندان لوہارو میں مشہور ہے کہ نواب احمد بخش خاں کو ۱۴ سال کے سن سے مولانا فخر صاحب جن کے نواب صاحب ۱۱ سال کی عمر سے مرید ہو گئے تھے "آیئے دائی میوات" کہہ کر مخاطب کیا تھا۔ گویا دائی سمجھ کا فیروز پوتے کی ان بزرگ نے پیشین گوئی فرما دی تھی۔ حضرت مولانا فخر صاحب کی میں ایک برگزیدہ بزرگ حضرت شاہ نثار الدین صاحب کی ذات اقدس سے فیض کا سلسلہ ابھی تک جاری تھا۔ افسوس ان کا انتقال فروری ۱۹۶۷ء میں ہو گیا۔



ایک سال

غلام نبی خیال

گذشتہ سال اسی روز اپنے دل دھڑکے
روش روش پہ مسرت کے پھول خنداں تھے
دلوں پہ اوس محبت کی تم نے چھڑکی تھی
سیاہیٔ شبِ ہجراں کا داغ دھویا تھا
یہی وہ دن ہے کہ وعدوں کے جام کھنکے تھے
یہی وہ دن ہے کہ باندھا تھا تم نے عہدِ وفا
تمہاری یاد مگر آج دل کو چیر گئی

پڑھے تھے گیت جو اُلفت کے اک برس پہلے
چھنک اٹھی تھی اُمنگوں کی مرمریں پائل
مہک اُٹھا تھا تمنا کی نرمتوں کا شباب
کیا تھا تم نے بصد ناز پیار کا اقرار
حدیثِ دردِ وفا اتنی جلدی بھول گئیں

مری عروسِ تمنا! مری رفیقِ سفر
تمہارے چہرے سے شاداب ہیں مری نظریں
بدن کہ نور کی کرنوں کا سیم گوں پیکر
رُخِ صبیح و نگاہِ خمار آلود
تم آج بھی مری راتوں کی تیرہ بختی میں
سجا رہی ہو امیدوں کے خواب زاروں کو
میں سوچتا ہوں کہ یہ میرا دامنِ صد چاک
تہی ہوا بھی مگر ہاں کبھی تہی نہ رہا

گئے برس مرے سینے میں دھڑکنوں کی ترنگ
ہزار ہار نہیں لاکھ بار تم نے سُنی!
دلِ حزیں کہ رہی جس میں آرزو کی خلش
تمہاری یادوں کی رعنائیاں سمیٹے رہا
یہی وہ دل ہے کہ اب آرزو کا مدفن ہے
اُمنگ زخم رسیدہ تو زخم صد چاک

میں سینچتا ہی رہا خونِ دل سے باغِ خیال
خزاں ہجر تلے آرزوئے صبحِ وصال
تمہارے پیار بھرے خط میں دیکھتا ہی رہا
جگر کے داغ، نظر کی اُمنگ، دل کی خلش
بہت ہی محو تھا اُن آتشیں فسانوں میں
تمہاری یاد مگر آج دل کو چیر گئی

امیر اللہ شاہین

اُردو ناول کے عظیم کردار



اُردو ناول کی عمر کچھ زیادہ نہیں یہی کوئی ایک صدی کی بات ہے۔ اس کم سنی کے باوجود ہمارے ناول کی اٹھان نے ادب سے پیمانِ وفا باندھے ہیں اور اس ایفائے عہد کے لئے کچھ ایسے جیتے جاگتے کردار دیئے ہیں جو ہماری معاشرتی تبدیلیوں اور سیاسی و معاشی حالات کا انعکاس لئے ہوئے ہیں۔

۱۹ ویں صدی میں جب نذیر احمد ایک پرابلم سیریز ترتیب دے رہے تھے تو گویا وہ اسی سیاسی شکست و ریخت کی ترجمانی کر رہے تھے جس سے اُن دنوں ہمارا معاشرہ دوچار تھا۔ طالستائی، چرڈسن اور ہنیان کے طرز پر لکھے گئے ان اصلاحی ناولوں میں پامیلا کے سے کردار تھے جس پر فیلڈنگ کو بجا طور پر اعتراض تھا کہ ایسے نامساعد حالات میں عصمت کی پاسبانی کس طرح ممکن ہوئی۔ نذیر احمد خود کو اس دُگدے میں بھی نہ ڈالنا چاہتے تھے۔ وہ کردار کو یہ اجازت ہی کب دینا چاہتے تھے کہ وہ تنہا ہو کر کسی آزمائش میں پڑ جائے۔ "پاسبانِ عقل" کے سخت پہرے میں بھلا کیوں کر کسی کردار کے جوہر کھلتے۔ نتیجے میں اُن کو یک رُخہ ہونا ہی تھا۔ اسی سے گمان گزرتا ہے کہ نذیر احمد اپنے کرداروں کے دوسرے رُخ سے واقف نہیں یا اُن کی نفسیات سے بے خبر ہیں۔ صحیح بات یہ ہے کہ وہ جانتے بوجھتے دوسرے رُخ کو دبا جاتے۔ اس کے باوجود ان کے چند کردار انھیں ہے دست و پا چھوڑ کر نمایاں طور پر سامنے آئے ہیں اور اپنا نقشِ دوام چھوڑ گئے ہیں۔ قاری اُن سے مانوس ہے۔ شاکی ڈپٹی کلکٹر کا کردار "ابن الوقت" کے "تقشف زدہ" ماحول میں شعلے کی لپک ہے جس میں وہ نسل نظر آتی ہے، جو انگریزوں کے زیرِ سایہ پروان چڑھی ہے۔ انگریزی رعونت اور سرکاری کل پُرزوں کی بدعنوانیوں کے ساتھ ساتھ "خان بہادروں" اور "رائے صاحبوں" کا بچپن بھی گھٹنوں چلتا نظر آتا ہے جسے آزادی کے جیالوں سے بیر تھا اور جنھیں غلامی میں آسودگی حاصل تھی!

مرزا ظاہر دار بیگ کا کردار ایک خاص ٹائپ کا حامل ہے وہ نہ جغرافیائی حدود کا گرفتار ہے اور نہ کسی خاص عہد کا پابند۔ وہ "شعلہ مستعجل" ضرور ہے مگر دُور رس اثرات رکھتا ہے۔ اس میں سنسنی خیزی کی جگہ دلآویزی ہے۔ گو چند ہی گوشے سامنے آتے ہیں تاہم جو کچھ سامنے آیا ہے ایک خاص مزاج کو بے نقاب کرتا ہے۔ کس طرح کم سواد لوگ پچھے دار باتوں اور لفاظی سے اپنی ظاہر داری کا بھرم قائم رکھنے کے لئے کیسے کیسے پاپڑ بیلتے ہیں اور پھر کس آسانی سے اس فریب کا پردہ یکلخت چاک بھی ہو جاتا ہے۔ اس میں نذیر احمد کی انفرادیت کی چھوٹ ہے۔ ہمارے طنزیہ و مزاحیہ ادب کی کوئی تاریخ ظاہر دار بیگ کے کردار سے بے نیاز نہیں ہو سکتی۔

نوتہ النصوح میں جہاں اصلاح کی گھٹائیں اور اخلاق کے بادل یوں بسیرا کئے ہیں کہ شیطان کا کہیں گزر نہیں۔ لب تشنہ تقریر نہیں رہتے۔ دماغ معطل اور عقل دنگ رہ جاتی ہے، محسوس ہوتا ہے کیفیات ابھرتی ہی نہیں یا جذبات کے سوتے خشک ہو گئے وہیں سلیم، حلیم اور فہمیدہ کے کرداروں سے کبھی کبھی کوندے بھی لپکتے ہیں اور ظاہر دار بیگ کا کرداریوں جگمگا اٹھتا ہے گویا فضا میں کوئی پھلجھڑی چھوٹی کوئی انار جلا یا کوئی تارا ٹوٹا:

روشنی کی یہ لکیر مستقبل کے ان امکانات کی طرف واضح اشارے کرتی ہے، جو اپنی آمد کے لئے بے قرار خود کو ظاہر کرنے کے لئے کسی بہانے کی تلاش میں ہیں۔ سرشار کی صورت میں یہ بہانہ ہاتھ آتا ہے۔ سرشار اپنی والہانہ شیفتگی سے دنیائے ادب کو اپنی طرف متوجہ کر لیتے ہیں۔ ان کی لاطائل نویسی ہمارے کام کی نہیں۔ فسانہ آزاد کا بے ربط پلاٹ ہماری مشکل میں اضافہ کرتا ہے۔ سرشار کا وسیع مطالعہ و مشاہدہ اور ان کارواں دواں اسلوب بھی ہماری الجھنوں میں کمی کرنے سے قاصر رہتا ہے۔ گو ولایتی میمیں، روسی میڈیا اور دیسی مہ وشان سیم تن کی برق پاشی بھی بھلا دینے کی چیز نہیں باوجودیکہ سرشار کی چشم تصور ان کے اندرون کو نہ ٹٹول سکی اور وہ اُن کے خیالی نقشے بنا کر چپ بیٹھ رہے تاہم وہ ایک اشتعلہ چھوڑ گئے، ان مولوی صاحب کی صورت میں جنہوں نے "عقل بڑی یا بھینس" کے استفتار پر فتویٰ دیا تھا کہ "گو لن بڑی جو دودھ دیتی ہے" وہ سرائے والی بھلائے نہیں بھولتی جس نے دعوت نظارہ دے کر اوسان ہی خطا نہ کئے وہ درگت بھی بنائی کہ غریب کچھ دیر کے لئے "ابے او گیدی نہ ہوئی مری قرولی" کا نعرہ مستانہ بھی بھول گیا۔ وہ گل بدن بھی ناقابل فراموش ہے جس نے "بوالہوس" سے اس شرط پر پنکھا جھلوایا تھا کہ پنکھا تو ہلائیں تاہم نظر بھر کر نہ دیکھیں اور پھر اس عجیب و غریب شرط کے بعد ہی ستم ظریف نے جیب کی نقدی بھی گنوائی تھی اور جوتے بھی لگائے تھے، شاید وعدہ شکنی پر! ہمایوں فر اور سپہر آرا کی مہتابیوں سے جلوہ طرازیاں اور نگاہوں کی ساقی گری کے مناظر مجسم ہو کر سامنے آ کھڑے ہوتے ہیں مگر یہ سب رنگین مناظر ہی رہتے ہیں کردار نہیں بن پاتے۔ واقعات کے اس جنگل میں بھانت بھانت کے کردار ناول کو چڑیا گھر بنا دیتے ہیں اس کے باوجود نواب آزاد خوجی اور الہ رکھی کا رکھ رکھاؤ آنکھوں میں بس جاتا ہے۔

الہ رکھی کا حسن آنکھوں کو روشن کرے نہ کرے اس کا الھڑپن اور اُچھلنا تمام توجہ اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ وہ کسی بازاری شغل اور گھر گرہستن دونوں سے مختلف ہے۔ اس میں نہ بیگمات کی سی شرافت ہے نہ خانگیوں کی رذالت اور یہ درمیانہ حیثیت اُسے عجوبۂ روزگار بنائے ہوئے ہے۔ وہ ایسی جنس ہے جو نہ ابھی بازار میں آئی ہے نہ گھر کے اندر ہی ہے۔ حویلی کے ارد گرد منڈلاتی دروازے پر کھڑی ہے۔ اس چڑھتی اور پھیلتی بیل سے "گھر کی بار آور ڈالیاں" خوف زدہ ہیں۔ محلے کے لونڈے کنکریاں مارنے پر تلے ہیں خود حویلی والوں کو اس بیری پر سنتروں کا دھوکہ ہوتا ہے۔ اسی کارن ان کے قدموں کا وہ اتھاس صاف پہچانا جاتا ہے جو چاہتا ہے کہ وہ بھی کسی "لغزش مستانہ" کی مجرم ٹھہرے۔ الہ رکھی کا یہ ایک کردار اپنی برق پاشی اور فتنہ گری کے سبب باہر بھیتر ادنیٰ و اعلیٰ نہ جانے کتنے طبقوں اور شخصیتوں کو بیک وقت متاثر کر رہا ہے۔ سرشار نے ایک کردار سے نہ جانے کتنے دلوں کے سکون برباد کئے ہیں۔

نواب آزاد کا کردار ایک ایسے انسان کا کردار ہے جو جتنا قدیم ہے اتنا ہی جدید بھی ہے۔ اُسے قدیم و جدید کا سنگم کہنا غلط نہ ہوگا۔ وہ ماضی سے وابستہ ہونے کے باوجود ماضی کا گرفتار نہیں، جدید کا دلدادہ ضرور ہے۔ جدیدیت کا خانہ زاد نہیں۔ وہ حسن کی حشر خیزیوں سے لطف بھی لیتا ہے اور عمل کی خو بھی رکھتا ہے بوٹ کے ہاتھ اور ضلع جگت کی گھات سے وقوف اُسے الف لیلوی ہیرو بھی بنا دیتا ہے۔ اس عیب کے ساتھ وہ حسن بھی آگیا ہے جو ہماری داستانوں کی جان ہے۔ یعنی سرتاپا راستی سراپا عمل! آزاد کا کردار ترجمان ہے اس بات کا کہ اب اعلیٰ اقدار سے وہ پہلا جیسا معاملہ نہیں رہا ہے۔ اب روایت کے ساتھ جدیدیت کی لے تیز سے تیز تر ہو چکی ہے۔ گو ابھی معاشرے میں قدامت سے کلیتہً آزادی کی خواہش نہیں پائی جاتی اور جدیدیت کو اپنانے کی اس خواہش کے پہلو بہ پہلو پرانی معاشرت

کا رکھ رکھاؤ بھی باقی ہے۔ آزادی میں یہ فرق معاشرے کے جائز مطالبوں سے آیا ہے۔ زمانے کی بدلتی ہوئی کروٹوں سے ہر لحظہ باخبر رہنا اور ہر دم کوئی مثبت پروگرام پیش نظر رکھنا یہ ہے کائنات میں اصل ترقی کا راز۔ اٹھتے ہوئے طوفانوں کے سامنے بے حس و حرکت کھڑے ہو جانا نہ ہوشمندی ہے اور نہ ہی خود کو طوفانی موجوں کے حوالے کر دینا جرارت مندی سنگلاخ چٹانیں سیلِ بے کراں سے ریزہ ریزہ ہو جاتی ہیں یا خس و خاشاک کی مانند بہہ جاتی ہیں۔ جوابی طوفان بن کر اٹھ کھڑا ہونا ہی طوفان بلاخیز کا موثر جواب ہو سکتا ہے۔ آزادی میں اتنی سکت تو نہیں ہے البتہ وہ اس بے حسی پر دل گرفتہ ضرور ہے جس کا سچا مرقع خوجی کا کردار ہے۔

خوجی ایک طرف مظلومیت کا مظہر ہے دوسری طرف بے عملی کا جواز ساتھ ہی بے حسی کا نمونہ بھی ہے۔ اور دوسروں کے سہارے جینے والوں کا ترجمان بھی! اس میں زعم باطل بھی ہے اور خود فریبی بھی۔ یہ پندار ہے جو اسے زمین کا گز بنائے ہوئے ہے۔ وہ ہر پہاڑ سے ٹکرا جانے کا انوکھا عزم لئے پھرتا ہے جس میں اس کے دولے کا نہیں حماقت اور بوالعجبی کا دخل ہے۔ اُسے اپنے جسم ناتواں کا بڑا غلط اندازہ ہے پٹتا ہے اور اکڑتا ہے۔ اس کے پاس وہ ذہن نہیں جس سے اپنی اوقات کا پاس کرے۔ اس میں ایک ایسے مظلوم کی نفسیات کام کر رہی ہے جو ہر نئے حادثے پر تجزیہ و تدارک کی فکر کے بجائے ضد اور ہٹ دھرمی پر اتر آئے۔ اس میں آفاقیت ہے ہر ملک و قوم کے دورِ انحطاط میں کچھ ایسی ذہنیت پروان چڑھتی ہے جو ساختہ پر بے ساختہ چلاتی ہے "وقت خراب ہے ورنہ بتاتا" ان چند نقطوں میں جو احساس محرومی کام کر رہا ہے وہ محتاجِ بیان نہیں۔ اسی حسرت میں اس قبیل کے لوگ زندہ درگور ہو جاتے ہیں۔ خوجی اور سروانٹز کے سانکو پانزا میں بڑی خاندانی مشابہت ہے اس کے باوجود خوجی میں اپنی ایک انفرادیت بھی ہے۔ اس کے یہاں عقل کا گذر نہیں سانکو عقل رکھتے ہوئے امید موہوم کا شکار ہے۔ ڈاکٹر احسن فاروقی نے صحیح احساس کیا کہ "خوجی ڈکنس کے پکوک کے ساتھی سام ویکر سے کافی مشابہ ہے"

سرشار کے بعد شرر کا نام لینا بے جا نہ ہوگا۔ اُن کی شعلہ بیانیوں سے ہمیں سروکار نہیں۔ اہلِ نظر نے "فردوسِ بریں" اور اس کے تین محکم ستونوں کو بار بار خراج ادا کیا ہے جنہوں نے اپنی خلاقی سے ایک طلسم اٹھا کھڑا کیا تاہم "فلورا فلورنڈا" محتاجِ توجہ ہے۔ فلورا کی معصومیت اور پادری یولاجیس کی شیطنت چاہے بھلائی جا سکے۔ ہیلن کا شوخ و شنگ ہر دم مسکراتا ہوا چہرہ بھلائے نہیں بھولتا۔ فلورا اور ہیلن کی ملاقاتوں میں خوش مذاقی اور فقرے بازی دو مختلف الخیال اور بالکل مختلف ماحول کی پروردہ سکھیوں کی بڑی سچی ترجمانی ہے۔ خصوصاً ہیلن کی شوخ ادائی تو گھر کر لیتی ہے۔ بالکل ابتدا میں ایسے چونچال کردار کا پایا جانا اُردو ناول کے روشن مستقبل کی غمازی کر رہا ہے۔ جہاں کلیسا کے بہت سے راز افشا ہوتے ہیں وہیں فن کار کی اس جرأت پر بھی دلالت کرتے ہیں۔ جو بعد کے ادوار میں آزادی کی جنگ میں حصہ لینے والے قلم کاروں کے بہت کام آئی۔ جنگِ آزادی کے دوران جو شعور پریم چند کے کئی کرداروں میں جھلکتا ہے شرر سے اس کی توقع نہیں کی جا سکتی۔ تاہم اتنا ضرور کہا جا سکتا ہے کہ پریم چند کو یہ شعور اپنے جن پیش روؤں سے ورثے میں ملا ان میں شرر کا نام سرِ فہرست آئے گا۔ یہاں شرر نے ہنستے ہنستے وہ بات کہہ دی ہے جس کے اظہار کی جرأت زبانوں کو مدتوں بعد بھی نہ ہو۔ شرر سے بہتوں نے اکتسابِ نور کیا ہوگا جس کا سبب شرر کی عظمت نہیں ادب کی تہی دامنی تھی۔ لیکن شرر سے رسوا تک آتے آتے ادب کا مقدر بدل گیا، اور قدرت بھی۔

نذیر احمد سے رسوا تک معاشرہ بڑے کٹھن دور سے گذرا ہے۔ نذیر احمد کے وقتوں کی دلی میں ہریالی قابلِ نفریں تھی۔ رسوا کے لکھنؤ میں امراؤ قابلِ صد آفریں ہے۔ معاشرے کا یہ فرق ملاحظہ ہو اب طوائفوں کے بالاخانے "شرفا" کے لئے درس گاہیں ہیں۔ کل تک جو درسِ عبرت تھیں آج وہی اپنی رسوائی کے ہوتے ہوئے، درسِ حیات دینے چلی ہیں۔ خانم کا بالاخانہ ایک سنہری جال ہے جس میں مشلہ و مطربہ اور مے گسار اپنا اپنا رول ادا کر رہے ہیں جس میں گھاگھوں کو گھاس بنا کر نیواڑی پلنگوں کی ریشمی ڈوریوں سے

باندھ دیا جاتا ہے۔ کرمیو اور فیفو کے سے بدمعاش اس کاروبار کی رونق بڑھانے کے لئے چھٹے پھرتے ہیں۔ بسم اللہ کے تریا چرتر، کا کوئی توڑ نہیں وہ مولوی کو تگنی کا ناچ نچاتی پھونگل پھونگل دوڑاتی ہے۔ نواب زادوں اور اُن کے ساختہ پرداختہ حسنو کے سے بدقماش سے بڑے ڈرامائی انداز میں سونے کے کڑے ہتھیا لیتی ہے۔ خورشید لاکھ جتن کرنے پر بھی بیواڑے کے زمیندار کی لڑکی ہی رہتی ہے۔ اسے بیوائی 'جوفن ہے' آتی نہیں۔ اسی لئے وہ اس ماحول سے پیچھا چھڑا لیتی ہے۔

امراؤ جان بھی اس ماحول سے بیزار ہے مگر اس میں نکل جانے کی سکت نہیں۔ وہ اس ماحول پر کڑھنے کے باوجود اس سے نباہ بھی کرتی ہے اور کبھی کبھی اس کا لازمی جزو بھی نظر آتی ہے۔ امراؤ کا کردار ایک ایسی عورت کا کردار ہے جو نہ پوری طرح گرہستن ہے نہ طوائف اس کے باوجود وہ اس منزل سے کوسوں دور نکل آئی ہے جہاں ہم نے اللہ رکھی کو کھڑے دیکھا ہے۔ وہ ہریالی سے قریب ہے مگر اس کی طرح رستا ہوا ناسور نہیں۔ طبیعت کی سلامت روی اسے دل تنگ بھی رکھتی ہے۔ اس کی اپنی شخصیت کا جادو بہت سوں پر اثر کرتا ہے بعض حالات میں وہ خود نرگسیت کا شکار نظر آتی ہے۔ معاشرتی لحاظ سے وہ ہریالی سے مختلف ہے۔ رسوا کو اس کی دانشائی پر ناز ہے اور بے جھجک اعتراف کی جرأت بھی! محسوس ہوتا ہے کہ ہریالی پر نکھار آیا ہے تو وہ امراؤ بن گئی ہے۔ اب سوسائٹی کا بڑا حصہ اُسے قدر و منزلت دے چکا ہے۔ گو معاشرہ بالکل گیا گذرا اب بھی نہیں ہے۔ اب بھی اکبر علی کے مکان کی عورتیں اس پر لعن طعن کرتی ہیں۔ اس سے امراؤ کی ٹھہری ہوئی زندگی میں اضطراب کی لہریں اُٹھتی ہیں۔ لیکن یہ عورتیں بھی دور نگی کا شکار ہیں۔ وہ اپنی آغوش سے ایسی نسل اٹھا رہی ہیں جو خود اپنے بڑوں کی چہلیوں سے تعلقات زن و شو قائم کرتی ہے۔ یہی عورتیں "میاں" کے "لڈن کی ماں" سے تعلقات کی نوعیت پر روشنی ڈالتی ہیں۔ اس ناجائز تعلق سے جس لڈن نے جنم لیا ہے، انھیں نہیں معلوم کہ کل وہ اپنی ماں کا بدلہ لے سکتا ہے اور حرم کے تقدس کو پامال بھی کر سکتا ہے۔ اُردو ادب کے بعد کے ادوار میں اس کی صدائے بازگشت سُنی جا سکتی ہے۔ ان عورتوں کی آواز مخالفت نہ صرف پست ہے بلکہ آوازہ بغاوت گلوں میں گھٹ گیا ہے یہی وہ دبی دبی بغاوت ہے جو ابھی گئودان کی مالتی میں نظر آئی ہے۔ پریم چند نے مالتی کے رُوپ میں اس ردِعمل کی پیکر تراشی کی ہے جو ہندوستانی سماج میں برسوں کے بندغلامی کو توڑ کر باہر آگیا ہے۔ مالتی اس سے مکمل گلوخلاصی ہی حاصل نہیں کرتی بلکہ وہ اپنی جیسی عورتوں کے لئے دعوت عمل بھی بنتی ہے۔ مالتی بظاہر ایک چنچل لڑکی ہے تاہم وہ ایک ذمہ دار عورت بھی ہے۔ اس کا دامن پھیلا ہوا ہے مگر داغ دار نہیں۔ یہ ناتراشیدہ ہیرا اپنی لطافتوں کے ساتھ کچھ کثافتیں بھی رکھتا ہے۔ جن کے تدارک کے لئے پریم چند اُسے پروفیسر مہتا سے ملاتے ہیں۔ مہتا روشن خیال، مساوات مرد و زن کے حامی ہیں مگر عورتوں کا دائرہ کار محدود رکھنا چاہتے ہیں۔ انھیں خطوط پر وہ مالتی کو ڈھالنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ دوسری طرف مالتی مہتا کی خامیوں کا مداوا ہے۔ وہ مہتا کی بے راہ رویوں پر اپنی سوجھ بوجھ کے پہرے بٹھا دیتی ہے۔ یہ دونوں مل کر معاشرے کے دشمنوں کو وہ سبق دیتے ہیں جو دھنیا اور ہوری کے بس کی بات نہ تھی۔

ہوری گئودان کا مرکزی کردار ہے۔ ہمارے ادب کا وہ زندہ جاوید عوامی کردار جو ہم میں سے اکثر کا ہر روز کا مشاہدہ ہے۔ یہ کچھ کے دلوں کی دھڑکن اور کچھ کا اپنا وجود ہے۔ وہ ایک درماندہ کسان ہے۔ اس پر ایک پورے کنبے کا بار ہے۔ دوسری طرف اس کے اپنے خاندان کے چند باغی عناصر ہیں جو اس کی ضرورت سے زیادہ شرافت اور حد سے سوا بھلمنساہٹ کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ اُس کی بیوی دھنیا اور لڑکا گوبر دھن اس مخالفت میں پیش پیش ہیں۔ گوبر باپ کی "دیالوتا" سے تنگ آکر اس کی ہر قسم کی مدد سے ہاتھ اُٹھا لیتا ہے جب کہ اُس کی بیوی دھنیا اپنے نصیبوں کو کوستی، لڑتی جھگڑتی اور شوہر کی مان مریادا کی خاطر اس سے سن بھی جاتی ہے۔ ہوری مہاجنوں کے مکروفن سے خوب واقف ہے۔ پھر بھی ان کا دم بھرتا ہے اس لئے کہ

اس کی فطرت میں حلیمی ہے۔ اس کی سرشت میں بغاوت کا کوئی عنصر نہیں اس لئے بھی کہ اس نے جب سے آنکھ کھولی ہے خود کو ایسی ہی مظلومی و محکومی میں گھرا پایا ہے۔ اس کی جہاندیدگی اور وقت سے پہلے پیرانہ سالی نے اسے باور کرا دیا ہے کہ دریا میں رہ کر مگرمچھ سے بیر حماقت محض ہے۔ پریم چند کی ژرف بینی نے ایک ایک جز سے پردہ ہٹایا ہے وہ گاؤں کے مظلوم کسان کی بڑی کامیاب عکاسی ہے۔ انھوں نے بالخصوص چیخوف سے کرداروں کے تجزیے کا فن اور اس سے پیدا ہونے والی انسان دوستی کی فضا کو جزو طبیعت بنا کر اپنے کرداروں میں وہی رُوح بھر دی ہے۔ ہوری کی اس درد مندی کا جواز اس کا یتیم و یسیر بچپن ہے۔

دھنیا اس سے مختلف ہے۔ ہوری میں جتنا دھیما پن ہے دھنیا میں اسی تناسب سے سخت گیری ہے۔ وہ پتی کے لئے لاجونتی ضرور ہے مگر دُنیا زمانے کے لئے شیرنی ہے۔ دھنیا کے شعلہ جوالہ کردار کے آگے ہوری ٹمٹماتا چراغ نظر آتا ہے جو بھڑکتا ضرور ہے مگر جلد ہی بے نور بھی ہو جاتا ہے۔ ہوری کا کردار قاری کو بے بسی اور گھٹن کا احساس دلاتا ہے۔ دھنیا کا کردار قارئین کی پوری ہمدردیاں حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ اپنا ہم نوا بنا لیتا ہے۔ ہوری دُکھ درد بانٹ لینے کا قایل ہے دھنیا اس ماحول سے ساز کرنے کو تیار نہیں۔ وہ پنچوں کے فیصلے کو ٹھکراتی ہے ہوری سُلیا چمارن تک کو شرن دیتا ہے۔ دونوں میں دانتا کلکل ہوتی ہے۔ اور پھر دونوں روٹھے لڑے من بھی جاتے ہیں۔ اس لئے کہ دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لئے بڑی گنجائش ہے۔ ہوری اس پر کڑھتا ہے کہ وہ اُسے آسائش نہ دے سکا۔ دھنیا مردوں کی کٹھورتا پر انھیں نامرد کا طعنہ دیتی ہے مگر شوہر کا ساتھ نہیں چھوڑتی۔ اس کے لئے اپنے پران تجنے کو تیار رہتی ہے۔ پریم چند کا قلم فن کی نزاکتوں سے بڑی کامیابی سے عہدہ برآ ہوا ہے۔

ہوری ایک مظلوم ہے جو بڑی پامردی کے ساتھ زندگی کی تلخ کامیوں سے نبرد آزما ہے۔ اس کا ذہن فرار کی طرف مائل نہیں ہوتا۔ ساتھ ہی اس کا وہ یقین جو انسانیت کے تئیں ہے شکستہ نہیں ہوتا دھنیا اس سے ایک قدم آگے ہے۔ وہ اس سماج سے متصادم ہے وہ اپنی پیہم شکستوں پر لحظہ بھر کے لئے بھی ہراساں نہیں ہے بلکہ اس کے ولولوں میں اضافہ ہی نظر آتا ہے۔ وہ گوبردھن کی شکل میں ایک سماج باغی بیٹے کو جنم دے کر سماج کے ٹھیکہ داروں کو مستقبل کی یہ چیتاونی بھی دیتی ہے کہ اب کوئی دل بے رحم کسی فلاکت زدہ سے من مانی نہ کرا سکے گا جو اس بات کی علامت بھی ہے، بہت مدھم ہے میں سہی، کہ اب معاشی ناہمواری اور اخلاقی پستی کسی حد پر کہیں نہ رُکے گی۔

پریم چند عملی آدمی تھے اُن کا آدرش واد ڈاکٹر مہتا کا ایک مثبت کردار پیش کرتا ہے جو جہالت کا دشمن ہے اور معروف نیکیوں کا علمبردار ہے۔ اس کی برائیوں پر مالتی کی دلآویز شخصیت کے پہرے ہیں۔ تاہم یہ پہرے رچرڈسن کی پامیلا اور نذیر احمد کی تمثیلوں سے مختلف ہیں۔ پریم چند کے ان دلکش پیکروں میں تجربے و مشاہدے اور تجزیہ و تحلیل کی وسیع کائنات ہے، فن کار چاؤ ہے، تصویروں کے مختلف رنگ و رخ ہیں۔ مالتی اور مہتا سے اس مقصد کی تکمیل ہوتی ہے جو پریم چند کے پیش نظر تھا اور یہی ان کرداروں کی عظمت کا راز بھی ہے۔

آئینۂ غالب

غالب سے متعلق آجکل میں جو مضامین شائع ہوتے رہے ہیں۔ اُن کا ایک بہت اچھا انتخاب کتابی صورت میں شائع ہوا ہے۔ قیمت فی جلد: ۵ روپے

بزنس منیجر: پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی



غزلیں



صاف میرا ہے، اگر عکس تمہارا ہوتا
گرد آلود نہ آئینے کا چہرہ ہوتا

یوں بھی اچھا ہے، مگر اور بھی اچھا ہوتا
اُس کے دل میں جو وفاؤں کا اُجالا ہوتا

آنکھ پر لاکھ حجابوں کا نہ پہرہ ہوتا
وہ جو آیا تھا مرے گھر تو اکیلا ہوتا

میں ہی میں اُس کو نظر آتا ہر اک ذرّے میں
کاش نزدیک سے اُس نے مجھے دیکھا ہوتا

ذہن کا بوجھ، نگاہوں کی خلش سانس کی پھانس
وقت سوغات میں یہ سب تو نہ لایا ہوتا

لوگ مرتے ہیں روز جنم لیتے ہیں
یہ نہ ہوتا تو کوئی اور تماشہ ہوتا

چاشنی لب کی ترے اور ترے رُخ کی مٹھاس
تلخیٔ وقت نے انکو بھی تو چکھا ہوتا

اے قضا موت یہاں اتنی نہ مہنگی ہوتی
ورنہ جینے کے لئے کوئی بہانہ ہوتا

فضا کوثری

ہزار مہر بہ لب لاکھ آبدیدہ سہی
حیات پھر بھی ہے نعمت ستم رسیدہ سہی

نگاہِ دوست نہیں ہے کہ تاب لا نہ سکوں
مزاجِ وقت کشیدہ ہے تو کشیدہ سہی

نکل تو آئی ہے تسکینِ دل کی گنجائش
یقینِ چشمِ کرم وہم آفریدہ سہی

وہ سر اُٹھا بھی تو سکتا ہے کل محل پاکر
کسی کے آگے کوئی آج سر خمیدہ سہی

گل فسردہ بھی رکھتا ہے کچھ ادائے کشش
بظاہر آئینۂ رونقِ پریدہ سہی

ہے زندگی کے تقاضوں پہ بھی نگاہِ عشق
مہکتی زلفوں کے سائے میں آرمیدہ سہی

نہیں ہیں اہلِ ہوس کی طرح دریدہ دہن
بھری بہار میں گل پیرہن دریدہ سہی

رہِ حیات میں پھر بھی کسے قرار آمرؔ
کوئی ہزار نشیب و فراز دیدہ سہی

محمد حسین آمر

ہمسفر پیار کی منزل نہ رہی اب دشوار
ہو گئے تیرے قدم عشق کی راہوں کا وقار

کون سمجھے گا یہ رنگین حقیقت جس کو
غم کا افسانہ بناتے ہیں مرے لیل و نہار

چند کلیوں کے لئے جذبۂ تخریبِ چمن
باغباں اتنی تو محدود نہ کر فکرِ بہار

ہائے یہ خونِ شہیداں جو کبھی مٹ نہ سکا
ایک خاموش گواہی ہے یہی رنگِ بہار

ہر نشاں جس پہ ٹھہرتا ہوں صدا آتی ہے
تیری منزل یہ نہیں رہروِ ہستی ہشیار

ظلمتِ شب سے نہ گھبرا کہ یقین ہے مجھ کو
یہ اندھیرے ہی تو ہوتے ہیں سحر کے آثار

سوچتا ہوں کہ ہر اک گام پہ یہ تلخیٔ زیست
میرا احساس ہے یا طولِ غمِ لیل و نہار

فیصلہ ہو نہ سکا اور نہ ہوگا سلمان
وہ تبسم تھا کہ چٹکی ہوئی کلیوں کا نکھار

سلمان شمسی



ایک رات

اظہر افسر

کردار:
شوہر
بیوی
نوجوان لڑکا
ایک بچہ
ایک بچی

ایک خوبصورت سجا سجایا کمرہ، درمیان میں مسہری ہے۔ چھر دان اٹھا ہوا ہے، شوہر اس طرف، بیوی اُس طرف منہ کئے ہے، دونوں سو رہے ہیں، دیوار پر گھڑی لگی ہے، جس میں دو بجنے میں چند ہی سیکنڈ باقی ہیں کمرے میں ہلکی نیلی روشنی ہے، ایسی کہ ہر چیز نظر آ رہی ہے۔ پردہ اٹھتا ہے تو گھڑی دو بجاتی ہے — اور —

(بیوی چیخ مار کر اٹھ بیٹھتی ہے)

شوہر: ہوں — بیگم — (پلٹ کر بیوی کی طرف دیکھتا ہے)

بیوی: تم کہاں ہو — تم کہاں ہو؟

شوہر: کیا بات ہے، میں یہاں ہوں تمہارے پاس ہی تو ہوں۔

بیوی: میرے قریب آئیے، میرے قریب آئیے۔

شوہر: ڈر گئی ہو کیا؟

بیوی: ہاں: میں ڈر گئی ہوں، بہت بری طرح ڈر گئی ہوں، ذرا اپنا ہاتھ لائیے

شوہر: (اُٹھ بیٹھتا ہے) اور اپنا ہاتھ بڑھاتا ہے) — لو۔

بیوی: یہاں رکھئے میرے دل کے پاس —

شوہر: (ہاتھ رکھتا ہے) تمہارا دل تو بہت بری طرح دھڑک رہا ہے

بیوی: میرا دل بہت زور سے دھڑک رہا ہے نا۔

شوہر: تم ڈر گئی ہو۔

بیوی: سچ مچ میں ڈر گئی ہوں۔

شوہر: (اُٹھتے ہوئے) ٹھہرو میں روشنی جلاتا ہوں۔

بیوی: (کندھا پکڑ لیتی ہے) نہیں، نہیں خدا کے لئے روشنی مت کرو، ایسا ہی رہنے دو — اندھیرا ہی رہنے دو —

شوہر: تمہارے بال بکھرے ہوئے ہیں، تم پسینے پسینے ہو رہی ہو، تمہاری سانس زور زور سے چل رہی ہے — کیا بات ہے — کوئی خواب دیکھا ہے کیا۔

بیوی: ہاں — خواب دیکھا ہے ایک بھیانک خواب،

شوہر: (ہنستا ہے)

بیوی: آپ ہنس رہے ہیں

شوہر: بیگم، تم کیسی باتیں کر رہی ہو، — دراصل تم خواب دیکھ کر ڈر گئی ہو۔ اور اب تک ڈری ہوئی ہو۔ چھوڑو ان فضول خیالات کو۔ آؤ میں تمہیں ایک مزیدار قصہ سناؤں۔

بیوی: جو قصہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے۔ اس کے بعد میں اب اور کوئی قصہ سننا نہیں چاہتی۔

شوھر: پانی پیوگی ــــ ؟

بیوی: ہاں ــــ

(شوہر ایک طرف رکھی ہوئی صراحی سے گلاس میں پانی انڈیلتا اور بیوی کو دیتا ہے۔ بیوی پانی غٹا غٹ پی جاتی ہے۔ اور لمبا سانس لیتی ہے)

شوھر: تمہارا دل اب تک دھڑک رہا ہے۔ بیگم اپنے آپ کو سنبھالو، بیسیوں آفتوں اور پریشانیوں میں تم نے مجھے دلاسا دیا ہے، سنبھالا ہے۔ تم تو بڑی ہمت والی ہو۔ اب خود ہی ہلکان ہوئی جا رہی ہو، ایسی بھی کیا بے ہمتی۔ تم ہی تو کہتی تھیں۔ انسان کو چٹان کی طرح مضبوط ہونا چاہیے۔ اور اب خود ہی موم ہوئی جا رہی ہو، اور وہ بھی ایک خواب کی وجہ سے۔ بھلا خواب کی بھی کوئی اہمیت ہے۔

بیوی: (لمبا سانس لیتی ہے)

شوھر: ہم دن رات خواب دیکھتے ہیں۔ اچھے بُرے رنگین سہانے، یہ بھی ایک خواب تھا۔

بیوی: ہاں خواب تھا مگر بے حد ڈراؤنا ــ ایسا دہشت ناک کہ میں کہہ نہیں سکتی۔

شوھر: ٹھہرو میں پھونکتا ہوں

بیوی: خدا کے لئے کچھ پڑھو۔ اللہ کے کلام میں بڑی تاثیر ہے۔

شوھر: میں پڑھتا ہوں (منہ ہی منہ میں کچھ پڑھتا اور بیوی پر پھونکتا ہے)

بیوی: اُف

شوھر: اب بتاؤ کیا دیکھا تم نے، ہماری شادی کو چار سال گذر چکے ہیں، میں نے تمہیں آج تک اس طرح ڈرا ہوا نہیں دیکھا۔ کیا دیکھا تم نے آخر خواب میں۔

بیوی: آپ سُن سکیں گے؟

شوھر: لو بھلا تم اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتی ہو تو کیا میں تم سے سُن بھی نہیں سکوں گا ــــ دیکھو ایسا ہے کھانے پینے میں کوئی بے احتیاطی ہو جائے تو ایسے خواب نظر آجایا کرتے ہیں۔ تم نے کوئی ثقیل چیز رات میں کھائی ہوگی۔

بیوی: آپ کے ہی ساتھ تو کھایا ہے جو کچھ کھایا ہے، میں نے رات کوئی ثقیل چیز نہیں کھائی۔ آپ سمجھتے ہیں ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے میں نے یہ سب کچھ دیکھا۔

شوھر: آخر کیا دیکھا تم نے ــــ

بیوی: میں نے دیکھا۔ میں نے دیکھا یہ صوفے، پلنگ، میزیں، یہ کرسیاں، یہ ساز و سامان کچھ بھی نہیں ہے، ریڈیو نہیں ہے۔ پنکھا نہیں ہے، سلائی کی مشین نہیں ہے، الماری نہیں ہے الماریاں نہیں ہیں۔ آرائش و زیبائش کا کوئی سامان نہیں ہے۔

شوھر: کچھ نہیں ہے؟

بیوی: کچھ نہیں۔

شوھر: (ایک لمبا سانس لیتا ہے) کوئی بات نہیں، گھر میں چوری ہو جاتی ہے۔ پل بھر میں ساری زندگی کی کمائی لُٹ جاتی ہے۔

بیوی: یہ گھر بھی نہیں ہے،

شوھر: ہاں ہاں ایک آن میں آگ لگ جاتی ہے، خود اپنے گھر کو آپ جلتا ہوا دیکھنا پڑتا ہے۔

بیوی: ایک کچی دیواروں والا گھر ہے، گز بھر کا دالان ہے۔

شوھر: آدمی ایسی جگہ بھی گزارا کرتے ہیں۔

بیوی: دالان میں ایک طرف بنِ قلعی کے جھوٹے برتن پڑے ہوئے ہیں۔

شوھر: بعض بدسلیقہ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں

بیوی: ایک کونے میں میلے کپڑوں کا ڈھیر ہے۔ لوٹا اوندھا پڑا ہے گلاس سے پانی بہہ بہہ کر اُن چار بچوں تک پہنچ رہا ہے جن کے بدن پر کوئی کپڑا نہیں ہے۔

شوھر: بچے۔

بیوی: ہاں بچے۔ سوکھے دبلے، پتلے، جن کے گال ہی نہیں پیٹ بھی پچکے ہوئے ہیں۔ ہاتھ پاؤں ایسے جیسے کاڑیوں سے بنائے ہوئے ہوں، اُن سے پیچھے دو چھوٹی چھوٹی بچیاں میلے پھٹے پہنے اکڑوں بیٹھی ہیں، اُن کے پاس . . . .

شوھر: اُن کے پاس؟

بیوی: اُن کے پاس ہی دو بچے کھڑے ہیں، جن کے بدن پر کپڑے

تو ہیں مگر جگہ جگہ سے پھٹے ہوئے ۔ اور سب سے پیچھے ایک نوجوان لڑکا کھڑا ہے جس کے گال کبھی سرخ ہوں گے مگر اب سیاہی مائل ہیں۔ آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئیں بکھرے میلے اور کہنیوں اور ٹخنوں کو ڈھکنے سے مجبور

شوہر: توبہ توبہ

بیوی: میں نے ایک بچے سے پوچھا تم کون ہو اُس نے کہا

بچے کی آواز: (اسٹیج کے باہر سے سنائی دیتی ہے) مجھ سے پوچھتی ہو میں کون ہوں؟

بچی کی آواز: ( ) مجھ سے پوچھو میں کون ہوں۔

بیوی: پھر ہر ایک پکارنے لگا، مجھ سے پوچھو میں کون ہوں

بچہ: میں تمہارا بچہ ہوں

بچی: میں تمہاری بچی ہوں

لڑکا: میں تمہارا لڑکا ہوں

بچی: میں تمہاری للی ہوں

بیوی: سب سے آخر میں اُس مدقوق لڑکے نے جو سب سے بڑا تھا کہا . . . . .

نوجوان لڑکا (اسی طرح آواز اسٹیج سے باہر سے سنائی دیتی ہے) میں تمہارا سب سے پہلا بیٹا ہوں، میں اسکول سے نکال دیا گیا ہوں دوستوں اور رشتہ داروں سے ملنا تو دُور رہا میں باہر تک نہیں نکل سکتا، سب میری حالت اور کپڑوں کا مذاق اُڑاتے ہیں۔ ان میرے دو چھوٹے بھائی بہنوں کو دیکھ رہی ہو . اُن کے پاس کتابیں نہیں ہیں۔ چھ مہینے سے یہ فیس نہیں دے سکے ہیں ان کا بھی وہی حال ہوگا جو میرا ہوا ہے، ہم میں سے کسی کے پاس کوئی ڈھنگ کا کپڑا نہیں ہے۔ ہم سب نے دو دن سے کچھ نہیں کھایا ہے،

شوہر: (جو باہر کی جانب دیکھ رہا ہے) اُف۔

نوجوان لڑکا: (دائیں جانب سے آواز آتی ہے) ادھر دیکھو یہ تمہارا تازہ ترین بچہ ہے،

(دائیں جانب سے کسی شیر خوار کے بلک بلک کر رونے کی آواز سنائی دیتی ہے)

نوجوان لڑکا: یہ تمہاری آٹھویں اولاد ہے۔

بیوی: سب کے رونے اور چلانے کی آوازیں بڑھنے لگیں، میں نے گھبرا کر اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ لئے۔ اتنے میں گھر کے ادھ کھلے دروازے میں آپ نظر آئے۔

شوہر: میں؟

بیوی: ہاں، مگر خدا بہتر جانتا ہے میں آپ کو نہیں دیکھ سکی، آپ کی ڈاڑھی بڑھی ہوئی تھی، آنکھیں باہر نکل پڑتی تھیں، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے تھے، آپ ننگے سر ایک نہایت میلی کچیلی شیروانی پہنے کھڑے تھے۔ اور شیروانی سے بھی زیادہ میلا آپ کا پاجامہ تھا، جو تا پیر میں تھا مگر ایسا کہ بائیں پیر کا پنجہ جوتے سے باہر نظر آرہا تھا، آپ نے میرے آگے اپنی بند مٹھیاں پھیلا دیں۔

شوہر: پھر ——

بیوی: میں نے لپک کر دونوں ہاتھ تھام لئے۔ . . . .

شوہر: پھر ——

بیوی: آپ نے میری طرف دیکھ کر اپنی بند مٹھیاں کھول دیں۔

شوہر: کیا تھا میرے ہاتھوں میں۔

بیوی کیا تھا ——؟

شوہر: ہاں ہاں کیا تھا میرے ہاتھوں میں ——

بیوی: آپ کے ہاتھ خالی تھے، بالکل خالی، آپ لڑکھڑانے لگے، میں نے آپ کو سنبھالنے کی کوشش کی، یکایک مجھے محسوس ہوا کہ میری ناک کی نتھ وزنی ہوتی جارہی ہے، وزنی ہوتی جارہی ہے، اس قدر وزنی کہ میرا سنبھلنا بھی مشکل ہے، ایسا معلوم ہوتا تھا کہ جیسے کئی کیلو وزن کی کوئی چیز میری ناک سے بندھی ہے۔ میں تڑپ رہی ہوں، چیخ رہی ہوں، چلا رہی ہوں۔

شوہر: (اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔) میں سمجھ گیا، میں سمجھ گیا رقیہ اسپیچ ہم تمہاری نتھ بوجھل سے بوجھل ہوتی چلی جائے گی۔ اگر میں کچھ نہ سمجھوں، کچھ نہ سوچوں۔ میں سب کچھ سمجھ گیا۔ میں سب کچھ سمجھ گیا۔ لیکن رقیہ میں تمہارے اس خواب کو حقیقت نہیں ہونے دوں گا۔ کبھی نہ ہونے دوں گا۔ (شوہر دائیں جانب جانے لگتا ہے)

(پردہ گرتا ہے)

نئی کتابیں

امیر خسرو: مصنف: علی عباس حسینی۔ مطبوعہ پنجابی پستک بھنڈار دہلی ۱۹۶۸ء صفحات ۱۷۶۔ قیمت تین روپے ۷۵ پیسے

امیر خسرو ہمارے ادب اور فن کی رنگا رنگ شخصیت ہیں اُن کے قصّے، پہیلیاں، لطیفے اور اشعار اُن کی اور اُن کے دور کی جیتی جاگتی تصویر پیش کرتے ہیں۔ علی عباس حسینی نے جو ملک کے مشہور اور مستند افسانہ نگار ہیں، امیر خسرو کی رنگین شخصیت کو پوری رنگینی کے ساتھ "فلمی ڈھنگ کے اس ڈرامے" میں پیش کیا ہے۔ مقدمہ میں اُن کا یہ بیان خاص طور پر قابلِ غور ہے۔

"امیر خسرو سے متعلق یہ کہانی نہ کوئی تاریخی چیز ہے اور نہ کوئی تحقیقی مقالہ یہ اُن کہانیوں کا ایک گُل دستہ ہے جو اُن کے سلسلے میں عام طور پر مشہور ہیں۔ ظاہر ہے کہ اُن کو ایک سلسلے میں گوندھنے اور دلچسپ بنانے کے لئے میں نے خود بھی رنگ آمیزی کی ہے۔ اس کی تکنیک ڈراما یا موجودہ افسانے سے الگ ہے۔ یہ اس ڈھنگ پر لکھی گئی ہے جس میں فلمی کہانیوں کو فلمانے کے پہلے تحریری صورت دی جاتی ہے۔"

اس بیان میں حسینی صاحب نے اس ڈرامے کو پرکھنے کے لئے گویا ایک میزان وضع کی ہے اور تبصرہ نگار کا کام اسی نسبت سے اور دشوار ہو جاتا ہے۔ اس ڈرامے کو اسٹیج ڈرامے یا افسانہ کے معیار پر جانچنے کے بجائے فلم سینریو کے معیار پر پرکھنا چاہئے۔ ہر سین یا شاٹ چھوٹا ہے۔ شروع کے مختلف مناظر بکھرے بکھرے سے ہیں لیکن بعد کو اُن میں سے ہر منظر ربط و آہنگ اختیار کر لیتا ہے۔ کہانی کی دلچسپی اور رنگینی میں کوئی شبہ نہیں اور حسینی صاحب نے اس واقعہ کو مشاق قصّہ گو کی طرح بیان کیا ہے۔ مکالموں کی زبان پر لطف اور متنوع ہے البتہ سینریو کی ہدایات نہ ہونے کی وجہ سے بعض غیر ضروری مکالمے بھی شاملِ ہو گئے ہیں جس سے مکالمے کی ڈرامائیت مجروح ہو گئی ہے۔

سب سے دلچسپ اور دلنواز کردار مراری کا ہے، جو اپنی بیٹی کی شادی کے بہانے ایک گاڑی سونا امیر خسرو کی بیٹی کے جہیز کے لئے وصول کرتا ہے۔ پھر معصوم اور دلکش شخصیت مہرافروز کی ہے جو امیر خسرو کی سرمدی محبت کے نشے میں جان دے دیتی ہے۔ ارکلیک مہرافروز کے جسم کا طلب گار تھا اور مہرافروز کی روح خسرو کی محبت سے سرشار تھی۔ جسمانی اور روحانی محبت کی اس کش مکش کا خاتمہ مہرافروز کی خودکشی پر ہوتا ہے اور عین اسی وقت جب امیر درد سے بے قرار مہرافروز کی قبر سے لپٹے رو رو کر کہہ رہے تھے۔

خسرو رین سہاگ کی جاگی پی کے سنگ
تن میرو، من پیو کو دو دو بھئے اک انگ

خسرو کے پیر و مرشد اور روحانی پیشوا حضرت نظام الدین اولیا کی آواز گویا ڈرامے کے مرکزی تصور کو دو جملوں میں بیان کر دیتی ہے۔

"مٹی میں دبے ہوئے مٹنے والے حسن کو نہ ڈھونڈھو۔ اپنے دل میں درخشاں جمال کو دیکھو۔ وہی امر ہے۔ وہی غیر فانی ہے۔ یہ وقتی درد جدائی بھی اس حسن لازوال کا جلوہ ہے اٹھو اور اس کی روشنی میں دنیا کو دکھ درد بھول جانے کا طریقہ بتاؤ۔"

آخری جملہ شاید ناصحانہ سا ہو گیا ہے لیکن اس کے باوجود ڈراما ایک پر اثر انجام تک پہنچتا ہے۔ حسینی صاحب نے مختلف تاثر پاروں کے ذریعے خسرو کے دور کی تہذیبی جھلکیوں کو خوبصورتی کے ساتھ پیش کیا ہے۔ تاثر کی لطافت اور پیش کش کی رنگینی کی بنا پر یہ ڈراما یقیناً قابلِ قدر ہے۔ اب تک ہماری کسی ادبی شخصیت پر کوئی ایسا دلچسپ اور پُر اثر ڈراما نہیں لکھا گیا ہے ——— محمد حسن

"نیلے مرام" حسین محمد اسلم عظیم آبادی کے افسانوں، ریورتاژ اور انشائیوں کا مجموعہ ہے۔ اس مجموعے میں چھ افسانے ایک ریورتاژ اور دو انشائیے ہیں جیسا کہ مختار الدین احمد صاحب کے تعارف سے ظاہر ہوتا ہے، افسانے مصنف کی طالب علمی کے عہد کے لکھے ہوئے ہیں۔ اس لحاظ سے اُن کے مطالعے سے مصنف کے ذہنی ارتقا اور سفر کی جھلک مل سکتی ہے۔ آج جب افسانہ ہیئت، تکنیک، موضوع اور اظہار کے اعتبار سے بنیادی تبدیلیوں کے مراحل سے گذر چکا ہے۔ ان افسانوں کی محض تاریخی اہمیت رہ جاتی ہے۔ زیر نظر مجموعہ میں اسلم عظیم آبادی کا ریورتاژ "نقش قدم" مجھے خاص طور پر پسند آیا۔ اُردو میں ریورتاژوں اور سفرناموں کی کمی کو دیکھتے

ہوئے اس کتاب کی قدر و اہمیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ یہ تخلیق اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ یہاں مصنف نے سیدھا سادھا اور غیر مرصع اسلوب اختیار کیا ہے جو موضوع کے عین مطابق ہے۔ اس رپورتاژ کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ اس میں بعض مفید تاریخی و ثقافتی معلومات بھی اکٹھا کر دیئے گئے ہیں۔

دونوں انشائیے اُردو ادب کی دو مشہور شخصیتوں اختر اورینوی اور کلیم [illegible] سے متعلق ہیں۔ مصنف نے ان دونوں شخصیتوں کا قریب سے مطالعہ کیا ہے اور اپنے مخصوص شاعرانہ اسلوب میں انھوں نے دونوں کے خاکے مرتب کئے ہیں۔

مجموعی حیثیت سے اس کتاب کا مطالعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

کتابت، طباعت غنیمت اور قیمت ساڑھے چار روپئے ہے۔

کتاب مکتبہ اُردو، ودیا پیٹھ، پٹنہ ۴ سے مل سکتی ہے۔

(بدیع الزماں)

غبار رنگ (مجموعہ کلام) اندر سروپ دت ناداں

یہ پہلا مجموعہ ہے، ناداں صاحب کی ۷۰ غزلیات کا، جیسے قصرِ اُردو، اُردو بازار دہلی نے شائع کیا ہے۔

ناداں صاحب دُنیائے شاعری میں نسبتاً نووارد ہیں۔ لیکن اُن کی غزلیات پختگی کی ایک واضح چھاپ لئے ہوئے ہیں۔ بنیادی طور پر اُن کی شاعری ردِعمل کی شاعری ہے۔ ناموافق حالات نے اُن کے کلام میں یاسیت کا عنصر شامل کر دیا ہے لیکن وہ مزاجی نہیں۔ وہ ماضی کو متاعِ عزیز تو سمجھتے ہیں لیکن نظر حال اور مستقبل پر رکھتے ہیں۔ وہ امید و حوصلہ کی تلقین کرتے ہیں اور ایسا کرتے ہوئے کہیں کہیں اُن کا لب و لہجہ بلند آہنگ ہو گیا ہے۔ لہجے کی یہ بلند آہنگی اس اعتبار سے فطری بھی ہے کہ وہ ایسے شخص کے مزاج کا حصہ ہے جس نے تقسیمِ ملک کے ہنگامے میں اپنا سب کچھ گنوایا ہے۔ لیکن جسے وہ سب کچھ ابھی میسر نہیں آیا۔ اُن کے ماضی کے نقوش ایک کسک کی صورت میں اُن کے کلام میں جا بجا نمایاں ہیں۔ کرب کا ایک احساس اُن کے بیشتر کلام میں پایا جاتا ہے۔ اُن کا یہ احساس جہاں ذاتی ہے وہاں آفاقی بھی ہے۔

اُن کے موضوعات غزل کے مروج موضوعات ہیں۔ تاہم انھوں نے ان موضوعات کو اپنے اندازِ فکر کے مطابق اپنانے کی کوشش کی ہے۔ جن جذبات کی ترجمانی ــــ ناداں صاحب نے اپنے اشعار میں کی ہے، وہ ہمارے آپ کے، سب کے سا سمجھے ہیں۔ اُن کے اشعار میں مختلف عوامل کے زیرِ اثر بڑھتی ہوئی بے چینی، بے بسی، بے حسی اور تنہائی کا احساس کا اظہار بڑی شدت کے ساتھ ہوا ہے۔ تاہم یہ عوامل اُنہیں بے دست و پا نہیں کر پاتے۔ وہ زندگی کے اداشناس ہیں۔ وہ دلِ دردمند رکھتے ہیں۔ لیکن مسکرانے کی خواہش اُن کے مزاج کا حصہ اور خاصا ہے۔ وہ ہر حال میں زندگی کو سر اور بسر کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔

اُن کے اشعار کی زبان سادہ و سہل اور بیان راست ہے۔

غبار رنگ کا دیباچہ ڈاکٹر قمر رئیس نے لکھا ہے۔ نیز اس میں ایک مختصر مضمون ظفر ادیب کا شامل ہے۔

۱۲۸ صفحات پر مشتمل اس مجموعے کی لکھائی چھپائی، معقول، سرورق دیدہ زیب ہے اور قیمت تین روپے ہے (ادارہ)

مہاتما گاندھی : مصنف صفدر حسین۔ ناشر: پارس پبلیکیشنز جام باغ حیدرآباد (آندھرا) صفحات ۱۵۴۔ قیمت: تین روپے

صفدر حسین کی کتاب 'مہاتما گاندھی' ایک کتاب کارآمد ہے اور بڑی محنت سے لکھی گئی ہے جس پہلو کو بھی لیا گیا ہے اس پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔ زبان اور اندازِ بیان بھی دلکش ہے لیکن اس کتاب میں اگر کوئی خامی ہے تو وہ ہے جذبۂ عقیدتمندی کی زیادتی۔ اگر مقصد محض یہ ہے کہ مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کیا جائے تو یہ کتاب اپنے مشن میں کامیاب ہے لیکن چونکہ مہاتما گاندھی تاریخ میں اپنے لئے ایک ایسا مقام پیدا کر چکے ہیں، جو ہمارے خراج ہائے عقیدت سے مستغنی ہے۔ لہٰذا سنجیدہ قاری کو محسوس ہوتا ہے کہ مصنف نے یہ کتاب شاید بچوں کو پیشِ نظر رکھ کر لکھی ہے جنہیں مہاتما گاندھی کے بارے میں کوئی علم نہیں۔ شاید اسی لئے اس کتاب میں واقعات اور محرکات کو سہل اور عام فہم بنانے کی کوشش کی گئی ہے اور ایسی بحثوں سے اجتناب کیا گیا ہے جو اختلافی نوعیت کی ہو سکتی تھیں مثلاً یہ کہ مہاتما گاندھی نے سردار ولبھ بھائی پٹیل کو نظر انداز کر کے جواہر لال نہرو کو اپنا جانشین کیوں نامزد کیا۔ یا یہ کہ سبھاش چندر بوس اور مہاتما گاندھی کے درمیان کیا اختلافات تھے۔ امید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں فاضل مصنف بالغ قاریوں کا بھی لحاظ رکھیں گے۔ اور اس کتاب کو زیادہ سیر حاصل اور غیر جذباتی بنانے کی کوشش کریں گے۔

(مہدی عباس حسینی)

عورت

زندگی کا سرچشمہ...



عورت خدا کی
عظیم ترین تخلیق ہے،
اپنی عملی
دُنیا میں
اُس کا مقام
اعلیٰ
ترین ہے۔

مہاتما گاندھی




12 سالہ نیشنل
ڈیفنس سرٹیفکیٹ
100 روپے کی رقم کے
180 روپے۔
ٹیکس سے بری۔
6.66 فی صد سالانہ
سادہ سود
یا
5 فی صد سالانہ سود مرکب
میعاد پوری ہونے پر
10 سالہ ڈیفنس
ڈیپازٹ سرٹیفکیٹ
100 روپے پر آپ کو ٹیکس سے
بری 4.5 فیصد سالانہ
سود ملے گا۔ آپ کا سرمایہ
برقرار رہے گا۔
میعاد پوری ہونے پر آپ کو
5 فیصد سود مزید ملے گا۔
لہٰذا میعاد پوری ہونے پر اصلی
شرح سود 5 فی صد سالانہ ہوگی۔
10 سالہ قومی
بچت سرٹیفکیٹ
100 روپے کی رقم
180 روپے ہو جاتی ہے۔
8 فی صد سالانہ سود سادہ اور
6.05 فی صد سالانہ سود
مرکب۔
ٹیکس بہت کم شرح پر دینا
پڑتا ہے۔
محتاط بچت کیجیے
ٹیکس سے بری
معقول آمدنی بڑھائیے۔
براہ مہربانی مزید جانکاری اپنے قریب ترین
ڈاک گھر سے حاصل کریں۔
قومی بچت آرگنائزیشن

dwp 69/160







Osmania University Library,
HYDERABAD 7. (A.P.)















گاندھی جی کی والدہ پتلی بائی



گاندھی جی کے والد: کرم چند اتم چند گاندھی

× گاندھی جی (عمر ۱۷ سال)
اپنے بڑے بھائی لکشمی داس کے ساتھ



گاندھی جی اور کستوربائی



پوربندر میں واقع آبائی مکان جہاں گاندھی جی پیدا ہوئے تھے



اُردو کا مقبول عوام مصور ماہنامہ

آج کل

دہلی

ایڈیٹر
شہباز حسین

اسسٹنٹ ایڈیٹر
راج نرائن راز

سب ایڈیٹر
نند کشور وکرم

جلد ۲۸ —— شمارہ ۳
اکتوبر ۱۹۶۹ء
آسون کارتک شک سمت ۱۸۹۱

ترتیب

ملاحظات		۲
بہرِ آزادی جئے اور بہرِ آزادی مرے	کرشن کرپلانی	۲
پاکیزہ لہو	جگن ناتھ آزاد	۱۴
گاندھی جی کی وراثت	اندرا گاندھی	۱۵
اخلاقی بیداری	ذاکر حسین	۱۸
مہاتما گاندھی — ایک حقیقی دوست	لارڈ ماؤنٹ بیٹن	۲۱
یادیں	خان عبدالغفار خاں	۲۳
امر بانی	بدیع الزماں خاور	۲۶
عالم انسانیت کو گاندھی جی کا پیغام	محمد مجیب	۲۷
گاندھی جی اور اقلیتیں	آصف فیضی	۲۹
گاندھی جی کے چند مسلمان ساتھی	گوپی ناتھ امن	۳۳
مہاتما گاندھی اور خلافت تحریک	سعید انصاری	۳۶
ترے خواب کی حسیں تعبیر	والی آسی	۴۰
روشنی کی کرن	چندر پرکاش سپرا	۴۱
مہاتما گاندھی اور پٹھان	رام سرن نگینہ	۴۴
مہاتما گاندھی اور ہندوستانی عورت کے مسائل	نریندر نشچل	۴۷
پہاڑی گاندھی بابا کانشی رام	پریم پکھرولوی	۵۳
نئی کتابیں		۵۵

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ
شہباز حسین ایڈیٹر "آج کل" پبلیکیشنز ڈویژن
پٹیالہ ہاؤس۔ نئی دہلی

سرورق: مدن موہن ملک

مرتبہ و شائع کردہ
ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

اگر گاندھی جی کی تحریروں اور تقریروں کا بغور مطالعہ کیا جائے اور اپنی زندگی سے انہوں نے جو مثال قائم کی ہے اس کو سامنے رکھا جائے تو ان سب کی تہہ میں استغناء محبت، بے غرض خدمت اور سچی انسان دوستی کے جذبات کارفرما نظر آئیں گے انھیں معلوم تھا کہ محبت کی طاقت نفرت کی طاقت سے کہیں برتر اور ارفع ہے اور اس جذبے کو اجتماعی طور پر اُبھار کر انسانیت کی خدمت کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اس میں بنی نوع انسان کا خیر ہے۔ تشدد، نفرت اور عدم اعتماد سے بھری اس دنیا میں ان کا پیغام محبت وقت کی ایک اہم ترین ضرورت ہے۔

مہاتما گاندھی صرف گفتار کے غازی نہ تھے۔ انہوں نے اپنے عمل سے ثابت کر دیا تھا کہ اُن کی نصیحتیں اور ہدایتیں قابل عمل ہیں اور اُن پر عمل کرنے کے لئے کتنی مردانگی ثابت قدمی اور پاکیزگی کی ضرورت ہے۔ اُن کی زندگی میں بعض بڑے کٹھن مراحل آئے مگر انہوں نے اپنے بنیادی اصولوں سے انحراف نہیں کیا۔ انتہائی سنگین حالات میں وہ اپنے آدرشوں پر ڈٹے رہے اور بعض اوقات بالکل اکیلے اور تن تنہا رہ کر بھی ان فیصلوں سے اختلاف کیا جنھیں وہ صحیح نہیں سمجھتے تھے۔

ان کے دل میں کسی قسم کے تعصبات نہ تھے۔ وہ ہر مذہب و ملت اور رنگ و نسل کے لوگوں کو یکساں عزیز رکھتے تھے وہ بار بار اعلان کرتے تھے کہ سچائی اور اچھائی کسی ایک قوم، ملک یا فرقے کی اجارہ داری نہیں ہے۔ سب انسان برابر ہیں سب مذہب یکساں احترام کے قابل ہیں اور ساری دنیا ایک عالمی برادری ہے جس میں سبھوں کو مل جل کر رہنا ہے۔

مہاتما گاندھی کی صد سالہ سالگرہ کی تقریبات تقریباً ساری دنیا میں منائی گئی ہیں جو اُن کی ہمہ گیر مقبولیت کی شاہد ہیں۔ اُن کی تعلیمات ساری دنیا کے لئے سچی اور تفرقہ نفرت اور بے اعتمادی کی موجودہ فضا میں ان کی افادیت اور اہمیت روز بروز بڑھتی جا رہی ہے۔

ہندوستانیوں پر بالخصوص یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ جو اقدار انہیں عزیز تھے اُن پر صدق دلی سے عمل کریں۔ ہم گاندھی جی کی عظمت کا دم تو بھرتے ہیں لیکن ہمیں چاہئے کہ ہم اپنی چھوٹی چھوٹی وفاداریوں اور فائدوں کو بالائے طاق رکھ کر اُن کی تعلیمات پر صدق دلی سے عمل بھی کریں۔ گاندھی صدی کا یہ سال اپنے اندر جھانکنے کا ایک اچھا موقع فراہم کرتا ہے۔ آیئے ہم عہد کریں کہ ہم صحیح معنوں میں اُن کی پیروی کریں گے اور اُن کے خوابوں کے ہندوستان کی تعمیر میں اپنا سب کچھ لگا دیں گے۔

مہاتما گاندھی سے متعلق اس خصوصی شمارے میں ہم نے کوشش کی ہے کہ اُن کی زندگی، شخصیت اور تعلیمات کے مختلف پہلو یکجا ہو جائیں۔ ڈاکٹر ذاکر حسین، شریمتی اندرا گاندھی، خاں عبدالغفار خاں اور لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے مضامین کی شمولیت کے لئے "ہم گاندھی پیس فاؤنڈیشن" کے شکر گذار ہیں۔ یہ شمارہ آپ کو کیسا لگا ہمیں ضرور لکھئے۔

شمالی ویٹ نام کے صدر ڈاکٹر ہوچی منہ ایشیا کے عظیم رہنماؤں میں تھے۔ اُن کی موت یقیناً ایک سانحہ ہے۔

آنہوں نے انتہائی مشکل حالات میں اپنے ملک کی آزادی کی لڑائی لڑی اور بالآخر فتح یاب ہوئے۔ وہ اسی طرح اپنے عوام میں مقبول اور ہر دلعزیز تھے جس طرح مہاتما گاندھی تھے ان دونوں رہنماؤں میں کئی باتیں مشترک تھیں۔ جس طرح گاندھی جی نے کبھی بدی کے آگے سر نہیں جھکایا اور ثابت قدمی اور جرأت کے ساتھ اپنے اصولوں اور عقائد پر قائم رہے اس طرح ویٹ نام کے اس رہنما نے کبھی اپنے پائے استقلال کو متزلزل نہ ہونے دیا۔ وزیر اعظم ہند کے الفاظ میں "وہ اب زندہ نہیں ہیں۔ لیکن اپنی غیر فنا پذیر قوم کی طرح ہمیشہ لازوال رہیں گے۔

ہندوستانی عوام شمالی ویٹ نام کے عوام کے اس غم میں برابر کے شریک ہیں

کرشن کرپلانی

بہر آزادی جئے
بہرِ آزادی مرے

جس وقت گاندھی جی پیدا ہوئے تھے اُس وقت ہندوستان میں برطانوی حکومت کی جڑیں کافی مضبوط ہو چکی تھیں۔ ۱۸۵۷ء کی بغاوت نے، صرف انگریزوں کو اپنے قدم جمانے اور ایک عظیم سلطنت قائم کرنے کا موقع ہی فراہم نہیں کیا بلکہ ہندستان پوری طرح انگریزی غلبے کے تحت آگیا ذہنی طور پر بھی اس حد تک مغلوب ہو گیا کہ ہندوستان کی تعلیم یافتہ نئی نسل نے غیر ملکی حکومت کو ناپسند کرنے کے بجائے اپنے غیر ملکی آقاؤں کے ہندوستان کو مہذب اور متمدن بنانے کے عمل کا پوری طرح ساتھ دیا۔ ذہنی اور اخلاقی غلامی نے سیاسی غلامی کو مزید مستحکم کر دیا اور ایسا لگتا تھا کہ برطانیہ اظلمی کی یہ سلطنت صدیوں تک قائم رہے گی۔

جب گاندھی جی کا انتقال ہوا تو ہندوستان آزاد ہو چکا تھا۔ لاکھوں گمنام لوگوں نے قوت گویائی پائی تھی اور نہتے لوگوں نے ایک بڑی لڑائی جیت لی تھی۔ اور اس جدوجہد میں ایک ایسی قوت کے مالک ہو گئے تھے جس نے دنیا کو اپنی طرف متوجہ ہونے بلکہ ایک حد تک پسند کرنے پر مجبور کیا۔ اس عجیب و غریب کارنامے کی کہانی مہاتما گاندھی کی زندگی کی کہانی ہے۔

مہاتما گاندھی کا نام موہن داس تھا اور وہ ۲ اکتوبر ۱۸۶۹ء کو پوربندر میں پیدا ہوئے یہ چھوٹا سا شہر ہندوستان کے مغربی کنارے پر واقع ہے وہ ایک متوسط درجے کے ویش خاندان میں پیدا ہوئے۔ اُن کے دادا ترقی کرتے کرتے پوربندر کے دیوان (وزیر المہام) کے عہدے تک پہنچ گئے تھے اُن کے بعد اُن کے بیٹے کرم چند گاندھی اسی عہدے پر فائز ہوئے۔ موہن داس کی ماں تیلی بائی بڑی نیک سیرت اور شریف خاتون تھیں۔ ان کا گاندھی پر بڑا گہرا اثر پڑا ہے۔

موہن داس ابھی اسکول میں ہی پڑھ رہے تھے کہ ۱۳ سال کی عمر میں ان کی شادی کستور بائی سے کر دی گئی۔ جو ان کی ہم عمر ہی تھیں۔ میٹرک پاس کرنے کے بعد انھوں نے بھاؤ نگر کے ڈگری کالج میں داخلہ لیا۔ یہاں انھیں اپنی پڑھائی مشکل اور اپنا ماحول غیر موافق نظر آیا۔ اسی اثنا میں ۱۸۸۵ء میں ان کے والد کی موت ہو گئی۔ خاندان کے ایک ہمدرد نے مشورہ دیا کہ اگر نوجوان گاندھی ریاست کی ملازمت میں اپنے والد کی جگہ لینا چاہتے ہیں، تو انھیں بیرسٹر بننا چاہیے۔ اور وہ انگلینڈ جا کر تین سال میں بیرسٹر بن سکتے ہیں۔

گاندھی جی کو یہ تجویز پسند آئی۔ ماں کا اعتراض انھوں نے یہ عہد کر کے ختم کر دیا کہ وہ وہاں شراب، گوشت اور عورت سے قطعی پرہیز کریں گے۔ انگلستان روانہ ہونے کے لئے وہ بمبئی آئے اور ۴ ستمبر ۱۸۸۸ء کو بذریعہ سمندری جہاز ساؤتھ ہیمپٹن روانہ ہو گئے۔ اس وقت ان کی عمر ۱۸ سال تھی اور کچھ مہینے پہلے ہی اُن کی رفیقۂ حیات کستور بائی نے ایک بچے کو جنم دیا تھا۔

انگلستان میں قیام کے ابتدائی دور میں گاندھی جی نے وہ طریقہ بود و باش اختیار کیا جسے انہوں نے انگریزوں کی نقالی کے نام سے موسوم کیا ہے۔ انہوں نے نئے لباس خریدے، ۱۹ شلنگ کا ایک ریشمی ٹوپ خریدا اور ۱۸ پونڈ بانڈ سٹریٹ میں تیار کردہ شام کے لباس پر ضائع کئے اور گھڑی کی دوہری طلائی زنجیر کی فخریہ نمائش کرتے رہے۔ انہوں نے فرانسیسی اور فن خطابت سیکھنے کی کوشش کی اور بال روم ڈانس سیکھنے کے لئے تین اشرفیاں خرچ کیں۔ مگر جلد ہی انہوں نے محسوس کر لیا کہ یہ باتیں پسندیدہ نہیں ہیں۔

لندن میں قیام کے دوسرے سال کے آخیر میں اُن کی ملاقات تھیوسوفی میں عقیدہ رکھنے والے دو بھائیوں سے ہوئی جنہوں نے انہیں سر ایڈون ارنلڈ کے گیتا کے انگریزی ترجمے "دی سانگ سیلیشیل" سے متعارف کرایا۔ جس سے وہ بے حد متاثر ہوئے۔

اسی زمانے میں ایک عیسائی دوست نے جو انہیں سبزی خوروں کے ایک بورڈنگ ہاؤس میں ملے تھے، انہیں بائبل پڑھنے کے لئے دی

بخیل کا حضرت عیسیٰ کے مشہور پہاڑی واعظ والا حصہ خصوصاً انہیں بے حد پسند آیا۔ انہی دنوں انہوں نے مہاتما بدھ کی زندگی سے متعلق سر ایڈون آرنلڈ کی کتاب 'لائٹ آف ایشیا' اور کارلائل کی کتاب 'ہیروز اینڈ ہیرو ورشپ' 'پیغمبر اسلام' سے متعلق باب کا مطالعہ کیا، اس طرح تمام مذاہب کی عزت و احترام کرنے اور ان میں سے ہر ایک کی اچھائیوں کو سیکھنے کی خواہش اوائل عمر میں ہی ان میں پیدا ہو گئی تھی۔

۱۰ جون ۱۸۹۱ء کو گاندھی جی نے وکالت کا امتحان پاس کر لیا اور دو دن بعد وہ ہندوستان کے لئے روانہ ہو گئے۔

جب وہ بمبئی پہنچے تو انہوں نے یہ دکھ بھری خبر سنی کہ ان کی ماں کا انتقال ہو گیا ہے۔ یہ خبر ان سے جان بوجھ کر چھپا لی گئی تھی تاکہ پردیس میں وہ گھبرا نہ جائیں۔

کچھ عرصہ راجکوٹ میں گذارنے کے بعد انہوں نے بمبئی میں وکالت کرنے کا فیصلہ کیا۔ وہ چند مہینے بمبئی میں قیام پذیر رہے لیکن اس مدت میں ایک چھوٹا سا مقدمہ ملا۔ جب وہ عدالت میں بحث کے لئے کھڑے ہوئے تو وہ گھبرا گئے اور ایک لفظ بھی ان کے منہ سے نہ نکل سکا۔

بمبئی میں اپنی وکالت جمانے میں ناکام رہنے کے بعد گاندھی جی راجکوٹ واپس آ گئے اور وہیں پریکٹس کرنے لگے۔ لیکن وہاں بھی وہ زیادہ کامیابی حاصل نہ کر سکے۔ نیز وہ کاٹھیاواڑ کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں ہونے والے جھگڑوں اور ہنگاموں سے بھی بڑے ملول اور افسردہ تھے۔ اس ناخوشگوار صورت حال میں انہیں دادا عبداللہ اینڈ کمپنی کی جانب سے یہ پیغام ملا کہ وہ جنوبی افریقہ جائیں اور ان کے قانونی مشیر کی حیثیت سے انہیں ایک مقدمے میں ہدایت اور مشورہ دیں۔ یہ پیش کش خدا کی دین تھی۔ وہ فوراً راضی ہو گئے۔ اور اپریل ۱۸۹۳ء میں بذریعہ بحری جہاز جنوبی افریقہ کے لئے روانہ ہو گئے۔

اُس وقت انہیں بالکل احساس نہ تھا کہ وہ کیا کرنے جا رہے ہیں انہوں نے صرف ایک بات یہ سوچی تھی کہ وہ راجکوٹ کے ناخوشگوار ماحول سے چھٹکارا پا رہے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ وہ کچھ روپیہ بھی کما لیں گے۔ مگر قسمت میں کچھ اور ہی لکھا تھا۔ افریقہ آ کر اس ۲۴ سالہ شرمیلے ناتجربہ کار اکیلے اور بے یار و مددگار کو سابقہ ایسی طاقتوں سے پڑا کہ اسے اپنے اندر نہاں اخلاقی طاقت کو بروئے کار لانا پڑا۔ اور جس نے آلام و مصائب کو ایک تخلیقی روحانی تجربے کی شکل دیدی۔

ڈربن میں ایک ہفتے کے قیام کے بعد گاندھی جی ٹرانسوال کی راجدھانی پری ٹوریا کے لئے روانہ ہو گئے۔ جہاں ایک مقدمے کے سلسلے میں اُن کی ضرورت تھی ان کے موکل نے اُن کے لئے پہلے درجے کا ٹکٹ خریدا۔ جب تقریباً نو بجے رات میں ریل گاڑی نٹال کی راجدھانی مارز برگ پہونچی تو ایک انگریز مسافر اسی ڈبے میں سوار ہوا اور اس نے اس ڈبے میں ایک کالے آدمی کی موجودگی پر اعتراض کیا۔ ریلوے کے ایک افسر نے انھیں تیسرے درجے میں چلے جانے کا حکم دیا مگر جب انھوں نے انکار کیا تو ایک کانسٹبل نے انھیں زبردستی ڈبے سے نیچے اتار دیا اور ان کا سامان ریلوے کے حکام نے لے لیا۔ جاڑوں کے دن تھے اور بڑی شدید سردی تھی۔ گاندھی جی ساری رات ویٹنگ ہال میں بیٹھے ٹھٹھرتے رہے اور سوچتے رہے کہ کیا مجھے اپنے حقوق کے لئے لڑنا چاہئے یا ہندوستان واپس چلا جانا چاہئے۔" انھوں نے فیصلہ کیا کہ اس طرح بھاگ جانا بزدلی ہوگی۔

دوسرے دن شام کو وہ پھر گاڑی پر سوار ہوئے اور اس موقع پر کوئی ناخوشگوار واقعہ نہیں پیش آیا لیکن چارلس ٹاؤن سے جوہانسبرگ کے سفر میں انہیں ریلوے کے سفر کے مقابلے میں زیادہ ذلت کا سامنا کرنا پڑا۔ ان دونوں علاقوں کے درمیان سرکاری بگھی گاڑی چلتی تھی۔ انھیں کوچوان کے ساتھ اوپر بیٹھنے کے لئے مجبور کیا گیا جبکہ انگریز کنڈکٹر خود انگریز مسافروں کے ساتھ بگھی کے اندر بیٹھا۔ گاندھی نے اس خیال سے اس ذلت کو برداشت کر لیا کہ کہیں بگھی چھوٹ نہ جائے۔ راستے میں انگریز کنڈکٹر کو سگریٹ پینے کی خواہش ہوئی اس نے پائدان پر ایک گندہ سا ٹاٹ کا ٹکڑا بچھا دیا اور گاندھی جی کو وہاں پر بیٹھنے کے لئے کہا تاکہ وہ اُن کی جگہ بیٹھ کر سگریٹ نوشی کر سکے۔ مگر گاندھی جی نے اپنی سیٹ چھوڑنے سے انکار کر دیا۔ کنڈکٹر غصہ سے آگ بگولہ ہو گیا، اور گاندھی جی پر گھونسوں کی بوچھاڑ شروع کر دی اور انہیں گاڑی سے نیچے دھکیلنے کی کوشش کی۔ گاندھی جی بگھی میں لگی پیتل کی سلاخ کو مضبوطی سے تھامے بیٹھے رہے وہ نہ اپنی جگہ سے ہلے اور نہ ہی انھوں نے اپنے حملہ آور پر ہاتھ اٹھایا۔ کچھ مسافروں نے کنڈکٹر کے اس بزدلانہ حملے پر احتجاج کیا اور اس نے گاندھی جی کو مارنا بند کر دیا۔ اس دوران میں گاندھی جی اپنی سیٹ پر ڈٹے رہے۔

پری ٹوریا میں گاندھی جی کو مقدمے کی پیروی کے علاوہ کوئی اور کام نہ تھا۔ مگر ذاتی تجربے نے اس احساس کو بیدار کر دیا تھا کہ ان کے ہم وطنوں کے ساتھ یہاں کتنا ذلت آمیز سلوک کیا جاتا ہے۔ انھوں نے جلد ہی مقامی لوگوں سے رابطہ پیدا کیا اور وہاں رہنے والے ہندوستانیوں جن کی

اکثریت مسلمان تاجروں اور دکان داروں کی تھی، کی ایک میٹنگ بلائی۔ یہ اُن کی پہلی تقریر تھی جو انہوں نے کامیابی کے ساتھ کی۔ انہوں نے تجویز پیش کی کہ ہندوستانی آبادکاروں کی فلاح و بہبود کے لئے ایک ایسوسی ایشن قائم کی جائے۔ اس انجمن کو صلاح و مشورے دینے کے لئے انہوں نے اپنی خدمات مفت پیش کیں۔

پرٹوریا میں اپنا کام ختم کرنے کے بعد گاندھی جی ڈربن آگئے اور ہندوستان واپس آنے کی تیاریاں کرنے لگے۔ ان کے اعزاز میں ہونے والی الوداعی دعوت میں ایک شخص نے انھیں ایک خبر دکھائی جو "نٹال مرکری" نامی اخبار میں شائع ہوئی تھی۔ اس میں لکھا تھا کہ نٹال کی حکومت ایسا قانون بنانے کا ارادہ رکھتی ہے جس سے ہندوستانیوں کو ووٹ دینے کے حق سے محروم کر دیا جائے گا۔ گاندھی جی فوراً تاڑ گئے کہ اس قانون کے منظور ہو جانے پر کیا کیا بُرے نتائج برآمد ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ قانون ہمارے تابوت میں پہلی کیل ہوگی۔ انہوں نے اپنے ہم وطنوں کو مشورہ دیا کہ وہ اس قانون کی مخالفت کریں۔ مگر وہاں جو لوگ موجود تھے انہوں نے اپنی مجبوری اور بے بسی کا اظہار کیا اور گاندھی جی سے درخواست کی کہ وہ ایک ماہ ٹھہر جائیں۔ گاندھی جی مان گئے۔ اس وقت اُنہیں کیا معلوم تھا کہ یہ ایک مہینہ بیس سال کا عرصہ بن جائے گا۔

گاندھی جی نے اسی وقت اسی الوداعی دعوت کو مجلس عمل میں بدل دیا اور نٹال کی مجلس قانون ساز کے لئے ایک درخواست تیار کی۔ اس درخواست کی نقلیں کرنے اور لوگوں کے دستخط حاصل کرنے کے لئے کئی رضاکار تیار ہو گئے۔ یہ سارا کام رات میں ہو گیا۔ دوسرے دن صبح کو اس درخواست کے بارے میں اخباروں میں تفصیل سے خبریں چھپی تھیں۔ بہرحال نٹال کی حکومت نے یہ قانون پاس کر دیا۔ مگر گاندھی جی نے ہمت نہ ہاری اور لارڈ رپن کے نام جو اُس وقت نوآبادیوں کے وزیر تھے ایک دوسری درخواست لکھی اور اس کی ایک ہزار کاپیاں تقسیم کرنے کے لئے چھپوائیں۔ حتیٰ کہ "ٹائمس" اخبار نے بھی لکھا کہ ہندوستانیوں کا دعویٰ انصاف پر مبنی ہے۔ ہندوستان میں پہلی بار معلوم ہوا کہ افریقہ میں اُن کے ہم وطنوں کو کتنی مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

جنوبی افریقہ میں تین سال کے قیام کے بعد گاندھی جی کو یقین ہو گیا کہ وہ اس کام کو ادھورا نہیں چھوڑ سکتے جسے انہوں نے نہایت جوش و خروش سے شروع کیا ہے۔ لہٰذا وہ ۶ مہینے کے لئے ہندوستان لوٹ آئے تاکہ اپنی بیوی اور بچوں کو ہمراہ لے جا سکیں۔ وہ ہندوستان آرام کرنے کی غرض سے نہیں آئے تھے۔ انہوں نے ہندوستان کے کئی شہروں کا دورہ کیا اور متعدد اخباروں کے ایڈیٹروں اور ملک کے مشہور رہنماؤں کو جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کے حالِ زار سے باخبر کرانے میں کافی دوڑ دھوپ کی۔ انہوں نے اس مسئلہ سے متعلق ایک چھوٹا سا کتابچہ بھی شائع کیا۔ اس کتابچے میں ہندوستانیوں کے معاملے کو بڑے سنجیدہ اور محتاط طریقے سے پیش کیا گیا تھا، مگر رائٹر خبر رساں ایجنسی نے اس کا جو خلاصہ بھیجا اس کی وجہ سے نٹال میں کافی غلط فہمیاں پیدا ہو گئیں جس کا ناخوشگوار نتیجہ بعد میں رونما ہوا۔

ہندوستان کے اس سفر میں اُن کی ملاقات بدرالدین طیب جی، فیروز شاہ مہتہ، سریندر ناتھ بنرجی اور تلک جیسے چوٹی کے رہنماؤں سے ہوئی۔ اُن کی ملاقات گوکھلے جیسے زیرک اور نیک انسان سے بھی ہوئی۔ گاندھی جی اُن سے بہت متاثر ہوئے۔ انہوں نے بمبئی میں ایک بہت بڑے جلسے میں تقریر کی۔ اُنہیں کلکتہ میں بھی ایک تقریر کرنی تھی مگر نٹال کے ہندوستانیوں کا تار ملا کہ وہ جنوبی افریقہ چلے آئیں۔ وہ اپنی بیوی کے ساتھ جلد ہی ڈربن کے لئے روانہ ہو گئے۔

جب ان کا جہاز ڈربن پہونچا تو اسے پانچ دنوں کے لئے قرنطینہ میں رکھا گیا وہاں کے یوروپینوں کو ہندوستان میں مہاتما گاندھی کی سرگرمیوں کے متعلق برابر غلط اور مبالغہ آمیز خبریں ملی تھیں۔ یہ افواہ بھی پھیلی ہوئی تھی کہ گاندھی جی جہاز بھر بھر کر ہندوستانیوں کو افریقہ میں بسانے کے لئے لا رہے ہیں۔ ان خبروں کی وجہ سے وہاں کے انگریز بے حد ناراض تھے۔ اور دھمکی دے رہے تھے کہ وہ اس جہاز کے تمام ہندوستانی مسافروں کو سمندر میں غرق کر دیں گے، لیکن دیگر تمام مسافروں کو بخیر و خوبی اُتر جانے دیا گیا۔ اور تھوڑی دیر بعد جب گاندھی جی اُترے اور لوگوں نے انھیں پہچانا تو غصے سے بپھرا ایک ہجوم ان پر ٹوٹ پڑا اور انہیں پتھروں گھونسوں اور لاتوں سے مارنے لگا۔ اگر ایک بہادر انگریز عورت اُن کی مدد نہ کرتی تو شاید لوگ انہیں جان سے مار ڈالتے۔

افریقہ میں دوسری بار قیام کے دوران ہی گاندھی جی کے رہن سہن میں تبدیلی آئی۔ پہلے وہ ایک انگریز بیرسٹر کے معیارِ زندگی کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتے تھے۔ اب انہوں نے اپنی ضرورتوں اور اپنے اخراجات کو کم کرنا شروع کیا۔ خود اپنے کپڑے دھونے لگے۔ انہوں نے

اپنے بال کاٹنا بھی سیکھ لیا۔ وہ اپنے پاخانے بلکہ بعض اوقات اپنے مہمانوں کے پاخانے کے برتن خود صاف کرتے تھے گو کہ وہ اتنے کام خود کرتے تھے مگر اس سے بھی وہ مطمئن نہ تھے۔ ایک وکیل کی حیثیت سے اُن کی پریکٹس چل نکلی تھی اور عوامی کاموں کے لئے اُنہیں کافی وقت دینا پڑتا تھا۔ مگر اس کے باوجود وہ ایک خیراتی اسپتال میں دو گھنٹہ روز کمپاؤنڈر کی حیثیت سے کام کرتے تھے۔ وہ گھر پر اپنے بچوں اور بھتیجوں کو پڑھاتے بھی تھے۔ آپ نے نرسنگ اور بچہ خانے سے متعلق کتابیں پڑھیں اور اپنے چوتھے اور آخری بیٹے کی پیدائش کے موقع پر خود ہی مڈوائف کے فرائض انجام دیئے۔

۱۸۹۹ء میں بوئر کی لڑائی چھڑ گئی۔ انہوں نے ایک انڈین ایمبولنس کور قائم کی جس میں ۱۱ سو والنٹیر تھے۔ ڈاکٹر بوتھ کی مدد سے اُنہوں نے اس کور کو ٹریننگ دی اور اس کی خدمات حکومت کو پیش کر دیں۔ گاندھی جی کی قیادت میں اس کور نے بڑی نمایاں خدمات انجام دیں اور ان کاموں کی تعریف کی گئی۔ گاندھی جی اس بات سے بہت خوش ہوئے کہ ہر مذہب وملت اور ہر ذات کے ہندوستانیوں نے مل جل کر کام اور خطروں کا مقابلہ کیا اپنی زندگی میں اُنہیں اس سے زیادہ خوشی اور کسی بات سے نہیں ہوئی تھی کہ تمام انسان ذات، فرقے، اور مذہب کے اختلافات کو بھول کر بھائیوں کی طرح مل جل کر کام کریں۔

۱۹۰۱ء کے آخیر میں گاندھی جی کو احساس ہوا کہ انہیں اب ہندوستان واپس جانا چاہیئے۔ اُنہیں ڈر تھا کہ اُنہیں اپنے پیشے میں جو کامیابی حاصل ہوئی ہے اس کی وجہ سے وہ محض روپیہ کمانے میں لگ کے رہ جائیں گے۔ بڑی مشکلوں سے انہوں نے اپنے دوستوں کو آمادہ کیا کہ وہ اُنہیں ہندوستان جانے دیں اور اگر اُن کی ضرورت محسوس کی گئی تو وہ ایک سال میں پھر افریقہ واپس آئیں گے۔

ہندوستان واپس آنے کے بعد وہ کلکتہ میں ہونے والے انڈین نیشنل کانگرس کے اجلاس میں شریک ہوئے۔ اس اجلاس میں جنوبی افریقہ سے متعلق ان کا ریزولیوشن بڑے جوش وخروش کے ساتھ پاس کیا گیا۔ لیکن ابھی قدرت کو اُنہیں ہندوستان میں رہنے دینا منظور نہ تھا۔ ابھی اُنہوں نے بمبئی میں اپنی پریکٹس بہ مشکل شروع کی تھی کہ ٹال کے ہندوستانیوں کا بلاوا آگیا۔ انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ اگر ضرورت ہوئی تو وہ ضرور آئیں گے۔ بیوی بچوں کو ہندوستان میں چھوڑ کر وہ خود افریقہ کے لئے روانہ ہو گئے۔

اُنہیں جوزف چیمبرلین کے سامنے ہندوستانیوں کا مسئلہ پیش کرنے کے لئے جنوبی افریقہ بلایا گیا تھا مگر نوآبادیوں کے وزیر مسٹر چیمبرلین وہاں ۳ کروڑ ۵۰ لاکھ پونڈ کا تحفہ وصول کرنے آئے تھے اور جنوبی افریقہ کے یورپین باشندوں کو کسی حال میں ناراض کرنے کے لئے تیار نہ تھے۔ گاندھی جی چیمبرلین کی ہمدردیاں حاصل کرنے میں ناکام رہے مگر اس عمل میں اُنہیں پتہ چلا کہ ٹرانسوال کی صورت حال ہندوستانیوں کے لئے بڑی تشویشناک بن گئی ہے۔ اس لئے انہوں نے جوہانسبرگ میں ٹھہرنے کا فیصلہ کیا اور سپریم کورٹ کے ایڈوکیٹ کی حیثیت سے اپنے آپ کو رجسٹر کرا لیا۔

حالاں کہ وہ انگریزوں کے غرور ونخوت اور ہندوستانیوں کے خلاف ہونے والی ناانصافیوں کو ختم کرنے کے لئے ٹھہرے تھے مگر اُن کے دل میں انگریزوں کے خلاف کوئی نفرت نہ تھی اور اپنے مخالفوں کو جب کبھی مصیبت میں دیکھتے تھے تو اُن کی مدد کرنے کو تیار رہتے تھے۔ گاندھی جی کی شخصیت کا یہ بڑا عجیب اور انوکھا پہلو تھا کہ ایک طرف تو وہ اپنے مخالف کے کسی غلط کام اور ناانصافی کی سخت مخالفت کرتے تھے مگر دوسری طرف اُس کی ذات سے کوئی عناد نہ رکھتے تھے بلکہ جب کبھی انہیں کسی مصیبت میں دیکھتے تھے تو فوراً اُن کی مدد کرنے کو تیار ہو جاتے تھے۔ یہ اُن کی شخصیت کا ایک ایسا عجیب وغریب پہلو تھا جس سے اُن کا کٹر سے کٹر مخالف بھی حیرت زدہ رہ جاتا اور ان کا احترام کرنے پر مجبور ہو جاتا تھا

جب نام ونہاد زولو بغاوت ہوئی تو انہوں نے پھر جنوبی افریقہ کی حکومت کو اپنی خدمات پیش کیں۔ اور ایک انڈین ایمبولنس کور تیار کیا اُنہیں اس بات کی خوشی تھی کہ اُنہیں اور اُن کے ساتھیوں کو بیمار اور مرتے ہوئے زولو قبائلیوں کی دیکھ بھال کا کام کرنا پڑا جنھیں سفید ڈاکٹر اور نرس چھونے کو تیار نہ تھے

اس سلسلے میں انہیں زولو قبائل کے علاقے سے کئی بار گزرنا پڑا۔ ان ہی دنوں میں اُنہوں نے اس بات پر بڑی سنجیدگی سے غور کیا کہ انسانیت کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دینے کے لئے اُنہیں کس طرح کی زندگی گزارنی چاہیئے۔ اُنہیں احساس ہوا کہ اس کام کے لئے مکمل تجرد یا پھر چرخے کی زندگی گزارنی ہوگی کیونکہ آدی

جسم کی پکار اور رُوح کی پکار بیک وقت نہیں سن سکتا۔ ۱۹۰۶ء میں زولو مہم کے خاتمے کے فوراً بعد اُنہوں نے یہ عہد کیا کہ اب سے وہ بالکل برہم چاری کی زندگی گزاریں گے۔ اُنہوں نے اپنے اس فیصلے سے اپنے چند مخصوص دوستوں کو آگاہ بھی کر دیا۔

کچھ دنوں سے ہر صبح وہ باقاعدگی کے ساتھ بھگوت گیتا کا مطالعہ کرتے تھے اور اسے حفظ کرتے تھے۔ یہ فیصلہ انھوں نے اسی کے تعلیمات کے زیر اثر کیا تھا۔ گیتا کے بعد جس کتاب نے اُنہیں سب سے زیادہ متاثر کیا وہ رسکن کی کتاب Unto This Last تھی جو ان کے دوست پولک نے انھیں ۱۹۰۴ء میں پڑھنے کو دی تھی۔ رسکن کی تعلیم یہ تھی یا گاندھی جی نے اس کا مطلب یہ سمجھا تھا کہ وہ جسمانی محنت کے اخلاقی وقار اور بالکل برابری کی بنیادوں پر رکھے جانے کا داعی تھا۔ رسکن کے برعکس گاندھی کسی ایسے نظریے کو پسند نہیں کر سکتے تھے جس پر وہ خود عمل نہ کر سکیں اس لئے اُنہوں نے ایک فارم خریدنے کا فیصلہ کیا جہاں ایسی زندگی گذار سکیں اس طرح ڈربن سے ۱۴ میل دور مشہور فونکس فارم کا قیام عمل میں آیا ہے جو سو ایکڑ قطعۂ آراضی پر مشتمل تھا۔

گاندھی جی فونکس میں زیادہ دن ٹھہر نہیں سکتے تھے۔ ایک ضرورت سے انہیں جوہانسبرگ آنا پڑا۔ یہاں بھی انہوں نے شہر سے ۲۱ میل کی دوری پر اسی طرح کی ایک کالونی بسائی۔ اس کا نام انھوں نے ٹالسٹائی فارم رکھا۔ ان دونوں آشرموں میں، آشرم نواسی سارا کام۔ کھانا پکانے سے لے کر غلاظت کی صفائی تک خود کرتے تھے۔

اُنہیں یہ محسوس ہو گیا تھا کہ جلد یا بدیر جنوبی افریقہ کی حکومت کے ساتھ ٹکر ہونی لازمی ہے اور اُنہیں اپنے ذاتی تجربے سے یہ معلوم تھا کہ جبر کی کوئی بھی طاقت انسان کی رُوح کو کچل نہیں سکتی۔ اگر وہ ظلم و جبر کے خلاف سینہ سپر ہو جائے اور اس کے لئے دکھ جھیلنے کو تیار رہے جو کام وہ خود کر سکتے تھے اس پر عمل پیرا ہونے کے لئے دوسروں کو تیار کر سکتے تھے۔ انفرادی ستیہ گرہ کو وسیع پیمانے پر منظم کر کے ایک عوامی جدوجہد کی شکل دی جا سکتی ہے اور یہ جدوجہد ایک اخلاقی لڑائی کی صورت اختیار کر سکتی ہے۔ اُنہوں نے ٹالسٹائی اور تھورو کا مطالعہ کیا تھا اور ان کی تحریروں میں اُنہیں اپنے خیالات کی عکاسی نظر آئی تھی۔ تھورو نے سول نافرمانی کی جو اصطلاح استعمال کی تھی اُس سے گاندھی جی کے اپنے تصور کی پوری ترجمانی نہیں ہوتی تھی۔ اور نہ ہی وہ "انفعالی احتجاج" کی اصطلاح استعمال کرنا چاہتے تھے۔ ان کا مقصد کیا تھا وہ تو پوری طرح ان کے ذہن نشین ہو گیا تھا مگر اس کے اظہار کے لئے مناسب لفظ نہیں مل رہا تھا۔ ان کے بھتیجے مگن لال نے "سداگرہ" (سچائی پر قائم رہنا یا کسی صحیح اور جائز مقصد پر اٹل رہنا) کا سجھاؤ دیا۔ گاندھی جی نے اس اصطلاح کو پسند کیا اور اسے ستیہ گرہ کا نام دیا۔ اس طرح گاندھی جی نے ایک ایسی اصطلاح وضع کی جو بالکل نئی تھی اور جس نے سیاسی دائرہ کار میں اُن کے عمل کی راہ کا نہ صرف تعین کیا بلکہ اس کی وضاحت بھی کر دی۔ گاندھی جی کو اپنے سیاسی نظریے کو عملی روپ دینے میں زیادہ وقت نہیں لگا۔ ۱۹۰۷ء میں جب ٹرانسوال میں ذمہ دار حکومت قائم ہوئی تو اس نے ایک ایسا قانون پاس کیا جسے بعد میں کالے قانون کا نام دیا گیا۔ اس قانون کے تحت یہ فیصلہ کیا گیا کہ تمام ہندوستانی مرد اور عورتوں کو اپنے آپ کو رجسٹر کرانا پڑے گا اور انگلیوں کے نشان دینے ہوں گے۔ گاندھی جی نے ہندوستانیوں کو مشورہ دیا کہ وہ اس ذلت کو گوارا نہ کریں اور اس قانون کی خلاف ورزی کر کے اپنے آپ کو گرفتار کرائیں۔ جنوری ۱۹۰۸ء میں انھیں گرفتار کر کے دو ماہ قید محض کی سزا دی گئی۔ ان کی پیروی دوسرے ستیہ گرہیوں نے کی۔

۱۹۱۱ء میں ٹرانسوال میں ایشیائی مسئلے پر ایک عارضی سمجھوتہ ہوا اور اس طرح یہ ستیہ گرہ ملتوی کر دیا گیا۔ ۱۹۱۲ء میں گوکھلے جنوبی افریقہ گئے اور اپنی واپسی کے موقع پر اُنہوں نے گاندھی جی کو یقین دلایا کہ وہاں کی حکومت اس کالے قانون کو منسوخ کرنے، افریقہ آنے کے قانون میں نسلی پابندی کے خاتمے اور تین پاؤنڈ کا ٹیکس ختم کرنے پر راضی ہو گئی ہے مگر گاندھی جی کے ذہن میں جو اندیشے تھے وہ صحیح ثابت ہوئے۔ حکومت اپنے وعدے سے پھر گئی۔ اور اس سے جو آگ بھڑکی اس میں جنوبی افریقہ کے سپریم کورٹ کے اس فیصلے نے تیل کا کام کیا کہ جنوبی افریقہ میں صرف عیسائیوں کی شادیاں جائز سمجھی جائیں گی۔ اس طرح ایک جنبش قلم سے جنوبی افریقہ کے رہنے والے تمام ہندوستانیوں کی شادیاں کالعدم قرار پائیں اور ہندوستانی بیویوں کی حیثیت داشتاؤں کی ہو گئی۔ اس سے ہندوستانی عورتوں میں بڑا اشتعال پھیلا اور اُنہوں نے اس کے خلاف آواز اٹھائی جس میں کستوربا بھی شامل تھیں۔

ہندوستانیوں کے لئے پرمٹ کے بغیر ٹرانسوال سے نٹال یا نٹال سے ٹرانسوال آنا جانا غیر قانونی تھا۔ ٹالسٹائی آشرم میں رہنے والی ہندوستانی عورتوں نے اجازت نامے کے بغیر سرحد پار کی اور نیوکاسل

کی طرف بڑھیں تاکہ وہاں کان کنی کرنے والے ہندوستانیوں کو ہڑتال کرنے کے لئے آمادہ کریں۔ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوئیں اور اُنہیں گرفتار کر لیا گیا۔ ہڑتال پھیل گئی اور کانوں میں کام کرنے والے اور دوسرے ہزاروں ہندوستانی گاندھی جی کی قیادت میں ٹرانسوال کی سرحد کی طرف جانے کے لئے تیار ہوئے تاکہ متفقہ طور پر اور اہنسا کے ذریعے قانون کی خلاف ورزی کی جائے۔ گاندھی جی نے ستیہ گرہیوں کو سخت تاکید کر رکھی تھی کہ اُنہیں بے عزتی، کوڑے کی مار یا گرفتاری کو بالکل خاموشی اور صبر و تحمل کے ساتھ برداشت کرنا ہوگا۔ گاندھی جی کو قید کر لیا گیا۔ مگر ستیہ گرہ پھیل گیا۔ ایک وقت ایسا آیا کہ تقریباً ۵۰ ہزار ہندوستانی مزدور ہڑتال پر تھے۔ اور کئی ہزار ہندوستانی جیلوں میں تھے حکومت نے بڑی سختی کے ساتھ اسے کچلنا چاہا اور گولیاں بھی چلیں جن سے کئی جانیں ضائع ہوئیں۔ اور آخر کار، گاندھی جی کے ایک امریکی سوانح نگار کے الفاظ میں:

"جنرل اسمٹس نے وہی کیا جو گاندھی جی کی مخالفت کرنے والی ہر حکومت کو کرنا پڑتا تھا یعنی انھیں گاندھی جی کے سامنے جھک جانا پڑا۔"

اپریل ۱۸۹۳ء میں گاندھی جی ایک نوجوان اور ناتجربہ کار بیرسٹر کی حیثیت سے تلاشِ معاش میں جنوبی افریقہ گئے تھے۔ جنوری ۱۹۱۵ء میں وہ ہندوستان واپس چلے آئے ایک ایسے مہاتما کے روپ میں جس کے پاس کچھ نہ تھا مگر دل میں جنتا کی سیوا کی سچی لگن تھی۔ ہندوستان کا پڑھا لکھا اور ہوشمند طبقہ تو جانتا تھا کہ انہوں نے جنوبی افریقہ میں کیا کیا مگر اس وقت ہندوستان کے لوگ عام طور سے ان سے ناواقف تھے اور اس سے بے خبر تھے کہ فقیر کے بھیس میں ایک عظیم ہستی "(جیسا کہ مہاکوی ٹیگور نے بعد میں گاندھی جی کے متعلق کہا) ہندوستان کے ساحل پر پہنچ چکی ہے۔ گاندھی جی بھی ہندوستان کے حالات سے اچھی طرح واقف نہ تھے اسی لئے انہوں نے اپنے سیاسی گرو گوکھلے سے بڑی آسانی کے ساتھ یہ وعدہ کر لیا کہ وہ ایک سال تک صورتِ حال کا جائزہ لیں گے اور اپنے کان تو کھلے رکھیں گے مگر منہ بند رکھیں گے۔

سال بھر کی سیاحت کے خاتمے کے بعد گاندھی جی نے احمد آباد کے نواح میں سابرمتی ندی کو اپنا مستقر بنایا اور مئی ۱۹۱۵ء میں یہاں ایک آشرم کی بنیاد ڈالی جسے انھوں نے ستیہ گرہ آشرم کا نام دیا۔ اس وقت اس آشرم میں صرف ۲۵ مرد اور عورتیں تھیں اور انھیں ہمیشہ سچ بولنے، اہنسا پر چلنے، تجرد کی زندگی گذارنے، چوری نہ کرنے، مال و اسباب نہ رکھنے، ذائقہ دار کھانوں سے پرہیز کرنے اور عوام کی خدمت کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دینے کا عہد کرنا پڑا۔

ہندوستان میں انہوں نے اپنا پہلا ستیہ گرہ چمپارن (بہار) میں کیا۔ یہاں وہ غریب کسانوں کے بلاوے پر آئے تھے جنھیں نیل کی کاشت کرنے والے انگریز تاجروں کے ظلم و ستم کا نشانہ بننا پڑ رہا تھا۔ یہ خبر جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی کہ ایک مہاتما ان کے دکھوں کو دور کرنے آئے ہیں اور ہزاروں کسان ان کے درشنوں کے لئے اور اپنا دکھ سنانے اپنے گاؤں سے چل پڑے حاکموں کو یہ بات بری معلوم ہوئی اور سپرنٹنڈنٹ پولیس نے گاندھی جی کو ضلع چھوڑ دینے کا حکم دیا۔ انہوں نے یہ حکم ماننے سے انکار کر دیا اور اگلے دن انہیں عدالت میں طلب کیا گیا۔ ہزاروں کسان ان کے ساتھ کچہری پہنچ گئے۔ مجسٹریٹ کو کھلا گیا اور اس نے مقدمہ ملتوی کر دیا اور گاندھی جی کو بلا ضمانت رہا کر دیا گیا کیونکہ انہوں نے ضمانت دینے سے انکار کر دیا تھا۔

اس کے فوراً ہی بعد گجرات کے کھیدا ضلع میں کسانوں میں بے چینی پیدا ہوئی۔ کسانوں کے پاس بھر پیٹ کھانے کو بھی اناج نہ تھا۔ مگر حکومت انہیں مالیہ ادا کرنے پر مجبور کر رہی تھی گاندھی جی نے انہیں ستیہ گرہ کرنے کا مشورہ دیا اور خوشحال اور غریب تمام کسانوں سے یہ وعدہ لیا کہ وہ اس وقت تک مالیہ ادا نہیں کریں گے جب تک کہ ان کسانوں کو جو مالیہ ادا کرنے کے قابل نہیں ہیں، معافی نہیں مل جاتی، مالیہ ادا نہ کرنے کا یہ ستیہ گرہ ۴ مہینوں تک چلتا رہا۔ حتیٰ کہ حکومت کو غریب کسانوں کو معافی دینی پڑی۔

رولٹ بل کے پاس ہونے اور اس کے تحت شہری حقوق سے سلب ہونے کی وجہ سے مہاتما گاندھی ہندوستان کی سیاست میں پوری طرح حصہ لینے لگے۔

چونکہ رولٹ بل کوئی مقامی مسئلہ نہیں تھا، اس لئے ملک گیر پیمانے پر جدوجہد کرنے کی ضرورت تھی۔ مہاتما گاندھی نے بڑی سنجیدگی سے یہ سوچا کہ اسے کون سی شکل دیں۔ انہیں لوگوں کے جذبات ابھارنا تھا مگر اس کے ساتھ ہی یہ بھی دیکھنا تھا کہ ان کے جذبات تشدد کی شکل نہ اختیار کر لیں۔ آخر کار انہوں نے یہ طے کیا کہ اس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ دکانوں اور تجارت کی جگہوں کو بند کر کے قومی پیمانے پر احتجاج کا اظہار کیا جائے۔

سارے ملک میں ہندو اور مسلمان دونوں نے یکساں طور پر بڑے جوش و خروش سے اس ہڑتال میں حصہ لیا اور اس کی مکمل کامیابی نے لوگوں

کو حیرت میں ڈال دیا۔ گاندھی جی کو بھی یہ اندازہ نہیں تھا کہ عوام پر ان کا کتنا زبردست اثر ہے۔ حکومت نے اس کو کوئی اہمیت نہ دی تھی مگر ہڑتال کی کامیابی سے اسے سخت دھکا لگا۔ اب ملک کے ہر حصے سے گاندھی جی کو بلاوے آنے لگے وہ دہلی اور امرتسر کے لئے روانہ ہوئے کہ انھیں پلول کے اسٹیشن پر نوٹس ملا کہ وہ پنجاب میں داخل نہ ہوں۔ اس حکم کو ماننے سے انکار کرنے پر انھیں گرفتار کر کے بمبئی لے جایا گیا۔

ان کی گرفتاری سے لوگوں میں زبردست ہیجان پیدا ہو گیا۔ سیکڑوں کی تعداد میں ہجوم جمع ہونے لگا اور بعض جگہوں پر تشدد کے واقعات ہو گئے۔ جب گاندھی جی احمد آباد پہونچے اور انھیں معلوم ہوا کہ لوگوں نے ایک پولس افسر کے گلے میں ہار ڈالا ہے تو انھیں بڑا دکھ ہوا اور انہیں لگا کہ اگر ان کے جسم میں کٹاری بھی لگ جاتی تو انھیں اس سے تکلیف نہ ہوتی جتنی اس چیز سے ہوئی۔ انھوں نے ستیہ گرہ ختم کر دیا اور تین دنوں کا برت رکھا تاکہ لوگوں کے تشدد کا کفارہ ادا ہو سکے۔

۱۳ اپریل ۱۹۱۹ کو گاندھی جی نے احمد آباد میں اپنے تین روزہ برت کا اعلان کیا۔ ٹھیک اسی دن انگریز جنرل ڈائر نے نہتے اور پُرامن شہریوں پر گولیاں چلائیں، جو جلیانوالہ باغ امرتسر میں ایک جلسے میں شریک تھے بعد میں سرکاری طور پر یہ اعتراف کیا گیا کہ اس فائرنگ کے نتیجے میں ۴ سو افراد مارے گئے اور ایک سے دو ہزار کے درمیان گھائل ہوئے لیکن گاندھی جی نے غیر سرکاری طور پر خود جو تحقیقات کی اس سے پتہ چلا کہ مرنے والوں کی تعداد ۱۲۰۰ اور زخمی ہونے والوں کی تعداد ۳۶۰۰ تھی۔ معصوم اور بے گناہ انسانوں پر اس بزدلانہ حملے کے بعد پنجاب میں مارشل لا لاگو کر دیا گیا۔ وسیع پیمانے پر گرفتاریاں کی گئیں۔ لوگوں کو کوڑوں سے پیٹا گیا اور اس کے ساتھ ایک نہایت ذلت آمیز حکم یہ پاس کیا گیا کہ ایک مخصوص راستے کو کوئی بھی ہندوستانی پیٹ کے بل رینگ کر ہی پار کر سکتا ہے۔ اس روز کے واقعات سر ولینسائن شیرول کے الفاظ میں "برطانوی عہد کی تاریخ کا ایک سیاہ دن تھا اور اس نے ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد کو ایک نیا موڑ دیا"۔ انگریزوں کے اخلاقی وقار کو سخت دھکا لگا۔ اس واقعہ کے بعد گاندھی جی کو آزادی کی لڑائی سے اپنے آپ کو الگ رکھنا ممکن نہ تھا۔

جہاں ایک طرف گاندھی جی کو پنجاب کے واقعات سے تشویش تھی وہاں انھیں ہندوستانی مسلمانوں کے جذبات کا پورا خیال تھا جو ترکی کے سلطان جو ان کے لئے خلیفۃ المسلمین تھے، کی شکست سے بڑے مشتعل تھے۔ دہلی میں نومبر ۱۹۱۹ء میں مسلمانوں کی جو کانفرنس ہوئی اس میں گاندھی جی نے پہلی بار انگریزوں سے عدم تعاون کا پرچار کیا۔

یہ ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ۴ سال پہلے جب وہ کانگرس کے لکھنؤ سیشن میں شریک ہوئے تھے تو ان کی سیاست شریک کار سے زیادہ ایک مبصر کی تھی اور اس وقت وہ جواہر لال نہرو کو بڑے الگ تھلگ مختلف اور غیر سیاسی نظر آئے تھے۔ ۱۹۲۰ء میں وہ سیاسی فضا پر چھا گئے، یہ کہنا صحیح ہوگا کہ ان کے ہاتھوں کانگرس کا پنر جنم ہوا، انھوں نے صرف تقریر کرنے والے ہندوستانی سیاست دانوں کو سرگرم انقلابی بنا دیا اور سماج کے ایسے رہنماؤں کو جو انگریزی معاشرت کے دلدادہ تھے عوام کا خادم بنا دیا اور ان کا لباس کھادی ہو گیا۔ انھوں نے ملک کے دانشور طبقے اور عوام کے بیچ حائل خلیج پر پل باندھا اور سوراج کے تصور کو اتنا وسیع کر دیا کہ اس میں ہر طرح کی سماجی اور اخلاقی تبدیلی اور اصلاح کو شامل کر لیا۔

گاندھی جی نے عدم تعاون کا جو نعرہ دیا تھا اس سے سارے ملک میں بے حد جوش و خروش پھیل گیا۔ بہت سے ہندوستانیوں نے اپنے خطابات اور اعزاز واپس کر دیئے۔ وکیلوں نے وکالت چھوڑ دی۔ طلبا اسکولوں اور کالجوں سے نکل آئے اور شہروں کے ہزاروں افراد گاؤں گئے تاکہ عوام کو اس "شیطانی" حکومت سے عدم تعاون کرنے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے کے لئے تیار کریں۔ سوئے ہوئے ہندوستانی جاگ اٹھے اور اپنی ہمت اور قربانی کا شاندار مظاہرہ کیا۔ ہر جگہ بدیشی کپڑوں کو آگ لگائی جانے لگی اور ہر طرف گھر چرخے کی آواز سے گونجنے لگے اور گھر گھر کھادی کی بنائی ہونے لگی۔ عورتیں جو صدیوں سے گھروں میں بند تھیں، اپنے گھروں سے باہر نکل آئیں اور مردوں کے شانہ بشانہ ہر طرح کے مصائب جھیلے۔ اس طرح انھیں صدیوں کے رسم و رواج کو توڑنے کا موقع بھی ملا۔ گاندھی جی کی تقریروں اور تحریروں نے جو ان کے دو ہفتہ وار ینگ انڈیا اور نوجیون میں شائع ہوئی تھیں لوگوں میں برقی رو دوڑا دی تھی۔ ہزاروں آدمی جیل میں ٹھونس دئے گئے۔

لیکن فروری ۱۹۲۲ء میں سارا جوش و خروش وقتی طور پر معرض التواء میں آگیا۔ چوری چورا میں تشدد کے واقعات سے گاندھی جی کو اتنا صدمہ اور دکھ ہوا کہ انھوں نے ترک موالات کی اس تحریک کو جاری رکھنے سے انکار کر دیا اور عوام نے جس تشدد کا ارتکاب کیا تھا اس کا کفارہ ادا کرنے کے لئے انھوں نے ۵ دن برت رکھا۔ ان کے بہت سے ساتھیوں نے ان کے اس فیصلے کے خلاف احتجاج کیا اور خود انھوں نے یہ اعتراف کیا،

سارے جوش و خروش اور پوری تحریک کو اچانک بالکل ختم کر دینا سیاسی لحاظ سے نامناسب اور غیر دانشمندی ہو سکتی ہے مگر اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ قدم مذہبی لحاظ سے بالکل درست ہے۔" جب بھی گاندھی جی کے ضمیر کا سوال پیدا ہوتا تھا وہ بالکل تنہا رہ جانے کے لئے بھی تیار رہتے تھے۔

جیل کی زندگی اُن کے لئے زیادہ آرام دہ ہوتی تھی جیل میں وہ زیادہ وقت عبادت، مطالعہ اور کتائی میں لگا سکتے تھے۔ لیکن جنوری ۱۹۲۴ء میں وہ سخت بیمار ہو گئے۔ انھیں اپنڈی سائٹس (التہاب زائدہ) ہو گیا تھا انھیں پونا کے ایک اسپتال میں لایا گیا۔ جہاں ایک انگریزی سرجن نے ان کا آپریشن کیا۔ آپریشن کے بعد وہ آرام کر رہے تھے کہ انھیں حکومت نے رہا کر دیا۔

آئندہ پانچ سال بظاہر گاندھی جی سرگرم اور ہیجانی سیاست سے علیحدہ رہے اور ایسے قومی مسائل کو سلجھانے میں لگے رہے جن کی نظروں میں بنیادی اہمیت رکھتے تھے جیسے ہندو مسلم اتحاد، چھوت چھات کا خاتمہ، عورتوں کا مساوی درجہ ہاتھ سے کتائی کو مقبول بنانا اور دیہی معیشت کی تعمیر نو۔ انھوں نے جون ۱۹۲۳ء میں لکھا: "مجھے ہندوستان کو محض انگریزوں کی غلامی کے جوئے سے آزاد کرانے میں دلچسپی نہیں ہے۔ میں ہندوستان کو ہر قسم کے جوئے سے آزاد کرانے کا تہیہ کر چکا ہوں ان کے خیال میں سیاسی آزادی اور سماجی اور معاشی آزادی کی دونوں تحریکیں ساتھ ساتھ چلنی چاہئیں۔

سیاست سے الگ تعلق رہنے کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ جب وہ جیل سے رہا ہوئے تو کانگرس میں اختلافات پیدا ہو چکے تھے۔ تاہم ۱۹۱۹ء تک کانگرس کے مختلف گروہ اُن کی قیادت کے گرد جمع ہو گئے۔ اور جب اس سال کے آخری دن انھوں نے کانگرس کے اجلاس میں یہ تجویز پیش کی کہ کانگرس کا مقصد مکمل سوراج ہے تو یہ ظاہر ہو گیا کہ ایک بار پھر وہ برطانوی سامراج سے ٹکر لینے کے لئے ہندوستانیوں کی رہنمائی کرنے کے لئے تیار ہیں۔ انھوں نے "پورن سوراج" کا ایک حلف نامہ تیار کیا اور ۲۶ جنوری ۱۹۳۰ء کو کروڑوں ہندوستانیوں نے یہ حلف لیا اس کے بعد ہر سال ۲۶ جنوری یوم آزادی کی حیثیت سے منایا جاتا رہا اب ۲۶ جنوری ۱۹۵۰ء سے "یوم جمہوریہ" کی حیثیت سے منایا جاتا ہے اب ساری آنکھیں سابرمتی کی طرف لگی ہوئی تھیں۔ سب لوگ اس کے منتظر تھے کہ اب کیا ہوتا ہے یہ جادوگر اب کون سے کھیل دکھائے گا؟

وائسرائے کو باقاعدہ اطلاع دینے کے بعد ۱۲ مارچ ۱۹۳۰ء کو گاندھی جی نے اپنے آشرم کے ۷۸ ساتھیوں کے ساتھ ڈانڈی کے تاریخی ۲۴ روزہ مارچ کا آغاز کیا تاکہ وہ سمندر کے کنارے پہنچ کر نمک بنائیں اور اس قانون کو توڑ دیں جس نے غریبوں کو اپنا نمک خود بنانے کے حق سے محروم کر دیا ہے۔ بظاہر یہ بڑی معمولی بات معلوم ہوتی تھی۔ مگر جس طریقے سے انھوں نے اس کا اعلان کیا اور اس پر عمل کیا اس نے ان کے ۲۴۱ میل کی اس پیدل یاترا کو ایک غیر معمولی اہمیت دی جس راستے وہ گزرتے ہزاروں گرام واسی اُن کے درشنوں کو آتے اور اپنا سر عقیدت و احترام سے جھکاتے پوری قوم میں ایک آگ بھر گئی اور ان میں ایسا جوش و خروش پیدا ہوا جو کسی نے سوچا بھی نہ تھا۔ ۶ اپریل کو صبح کی پرارتھنا کے بعد وہ سمندر کے کنارے گئے اور تھوڑا سا وہ نمک اٹھا لیا جو موجوں نے کنارے لگایا تھا اُن کی اس سادہ اور معمولی سی حرکت سے قوم میں ایک نیا ولولہ پیدا ہوا اور ہزاروں ہندوستانیوں نے قانون کی خلاف ورزی شروع کر دی۔ ہزاروں مرد اور عورتیں، سادہ لوح گاؤں والے اور پڑھے لکھے شہر والے شانہ بشانہ اپنے آپ کو گرفتار کرانے اپنے گھروں سے نکل پڑے۔ پولس کا لاٹھی چارج جس کی گولیاں بھی ان کا راستہ بھی نہ روک سکیں۔ گاندھی جی کو ۴ مئی کی آدھی رات کو فوراً بعد گرفتار کر لیا گیا چند ہفتوں کے اندر ایک لاکھ ہندوستانی مرد اور عورتوں نے جیل خانے بھر دیئے اور برطانوی حکومت کو اتنے وسیع پیمانے پر کی گئی عوامی جدوجہد پر قابو پانا مشکل ہو گیا۔

گاندھی جی اور اُن کے ساتھیوں کو ۲۶ جنوری کو پورن سوراج کا حلف اٹھانے کے ٹھیک ایک سال بعد رہا کر دیا گیا۔ اس کے فوراً ہی بعد یعنی ۱۴ فروری سے گاندھی ارون بات چیت شروع ہو گئی۔ مسٹر ونسٹن چرچل کو یہ بات بڑی بُری لگی۔ وہ بھڑک اٹھے: "انر ٹمپل کا یہ وکیل جو اب ایک باغی فقیر ہے اور جو ایک نیم برہنہ حالت میں وائسرئیگل لاج کی سیڑھیاں چڑھتا ہے تاکہ شہنشاہ معظم کے نمائندے کے ساتھ بالکل برابری کی سطح پر گفت و شنید کرے یہ نظارہ بڑا ہی کراہت آمیز ہے۔"

۵ مارچ کو گاندھی ارون پیکٹ پر دستخط ہوئے اور ۲۶ اگست کو وہ کانگرس کے واحد نمائندے بن کر دوسری گول میز کانفرنس میں شریک ہونے کے لئے لندن روانہ ہو گئے۔ جہاز پر سوار ہوتے وقت انھوں نے کہا تھا کہ اس کا پورا امکان ہے کہ میں خالی ہاتھ واپس آؤں۔ اُن کا خیال صحیح نکلا۔

ابھی گاندھی جی لندن سے ہندوستان واپس بھی نہ پہونچے تھے کہ نئے وائسرائے لارڈ ولنگڈن کی سخت گیر پالیسی کی وجہ سے گاندھی ارون سمجھوتے کے اثرات بڑی حد تک زائل ہو گئے تھے۔ ہندوستان پر آرڈیننسوں کے ذریعے حکومت کی جا رہی تھی اور گرفتاریاں اور پولیس کی گولیاں ایک عام واقعہ بن گئی تھیں۔ جواہر لال نہرو گاندھی جی کا استقبال کرنے بمبئی آ رہے تھے کہ انھیں راستے میں گرفتار کر لیا گیا۔

جب گاندھی جی ۲۸ دسمبر ۱۹۳۱ء کو ہندوستان واپس پہنچے تو انہوں نے کہا: "میں سمجھوں گا کہ یہ سب کچھ ہمارے وائسرائے لارڈ ولنگڈن کی طرف سے کرسمس کا تحفہ ہے۔" ایک ہفتہ کے بعد گاندھی جی خود قید کر لئے گئے اور بغیر مقدمہ چلائے بڑودا جیل میں ڈال دیئے گئے۔

مگر اس بار وہ "قفس" میں خوش نہ تھے جیسا کہ وہ عام طور پر ہوتے تھے کیونکہ وہ اس خبر سے متردد تھے کہ برطانوی حکومت ہندوستان کے لئے ایک نیا دستور نافذ کرنے والی ہے جس میں نہ صرف مسلمانوں کو بلکہ "اچھوتوں" کو بھی الگ الگ انتخابی گروہوں میں بانٹ دیا گیا ہے جس سے ان فرقوں اور ہندوؤں کے درمیان ایک مستقل خلیج بن جائے گی۔ اس لئے انھوں نے ریمزے میکڈانلڈ کو لکھا کہ اس کے خلاف انھوں نے "مرن برت" رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

پانچ دنوں تک پوری قوم بڑی تشویش اور تردد میں مبتلا رہی بالآخر اونچی ذات کے ہندوؤں اور اچھوتوں (جنھیں گاندھی جی ہری جن کہتے تھے) میں ایک سمجھوتہ ہوا جو گاندھی جی کے لئے قابلِ قبول تھا۔ دوسرے دن جب برت کی وجہ سے گاندھی جی کی حالت ڈاکٹروں کے لئے تشویش کا باعث ہوئی تو یہ خبر آئی کہ برطانوی حکومت نے نیا فارمولا منظور کر لیا ہے۔ دوپہر میں انہوں نے اپنا برت توڑ دیا۔

۱۹۳۹ء میں دوسری جنگ عظیم چھڑ گئی۔ کانگریسی لیڈروں کی اکثریت اس بات کی حامی تھی کہ ہندوستان اس جنگ میں شریک ہو سکتا ہے بشرطیکہ ہندوستان کی حیثیت برابر کے شریک کی ہو۔

لیکن برطانوی حکومت اس کے لئے تیار نہ تھی۔ مسٹر ونسٹن چرچل نے تو بڑی صاف گوئی سے کام لیا۔ انھوں نے کہا "وہ شہنشاہ معظم کے وزیر اعظم اس لئے نہیں ہیں کہ برطانیہ عظمیٰ کے خاتمے کی کارروائیوں کی صدارت کریں"۔ اس دوران میں صورت حال تیزی کے ساتھ بگڑ گئی۔ انگریز ہندوستان کی سرحدوں کی طرف جاپان کی یلغار کو نہ روک سکے۔ ہندوستانی عوام کے صبر و ضبط کا پیمانہ لبریز ہوتا نظر آ رہا تھا اور گاندھی جی نے دیکھا کہ اگر جوش اور ہیجان کو اہنسا کے راستے پر نہ موڑا گیا تو ملک میں جا بجا انتشار پھیل جائے اور تشدد کے واقعات رونما ہونے کا اندیشہ ہے۔ چونکہ اس وقت انگریز اس قابل نظر نہیں آ رہے تھے کہ وہ ہندوستان کا دفاع کر سکیں گے اور نہ ہی وہ اس کے لئے تیار تھے کہ ہندوستانی اپنا بچاؤ خود کریں۔ اس لئے گاندھی جی نے انھیں "ہندوستان چھوڑ دو" کا مشورہ دیا اور وہ ستیہ گرہ منظم کرنے میں لگ گئے۔

اس سلسلے میں ابھی انھوں نے کوئی پلان نہیں بنایا تھا اور کوئی قدم اٹھانے سے پہلے وہ وائسرائے سے ملنا چاہتے تھے۔ لیکن انھیں اس کا موقع نہیں دیا گیا اور ۹ اگست کو صبح سویرے انھیں اور دوسرے کانگریسی رہنماؤں کو گرفتار کر لیا گیا۔ فوراً ہی سارے ملک میں تشدد کے واقعات رونما ہونے لگے حکومت نے تشدد کا جواب زیادہ تشدد سے دیا اور تقریباً سارا ہندوستان ایک ایسا ملک بن گیا جو فوج کے قبضے میں ہو۔

گاندھی جی کو پونا کے نزدیک آغا خاں کے محل میں نظر بند رکھا گیا۔ ملک میں دہشت پھیلی ہوئی تھی اور حکومت نے گاندھی جی پر الزام لگایا تھا کہ تشدد کے وہی ذمہ دار ہیں۔ ان باتوں کی وجہ سے وہ بڑے دکھی تھے۔ اس سلسلے میں انھوں نے حکومت سے بڑی لمبی چوڑی خط و کتابت کی اور جب کوئی خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہیں ہوا تو انھوں نے ۲۱ دنوں کا برت رکھا۔ یہ برت۔ ۱۰ فروری ۱۹۴۳ء کو شروع ہوا۔ برت کے دوران ان کی حالت بڑی خراب ہو گئی اور یہ خطرہ پیدا ہو گیا تھا کہ وہ زندہ نہیں بچیں گے مگر خوش قسمتی سے وہ زندہ رہے۔ نظر بندی کا یہ زمانہ گاندھی جی کے لئے بڑے اضطراب کا زمانہ تھا۔ اس زمانے میں صدمے بھی سہنے پڑے۔ ان کی گرفتاری کے ۶ دنوں کے بعد ان کے سکریٹری اور ۲۴ برسوں تک ساتھی مہادیو ڈیسائی حرکتِ قلب بند ہو جانے سے اچانک انتقال کر گئے۔ دسمبر ۱۹۴۲ء میں ان کی رفیقہ حیات کستوربا بیمار پڑیں اور اگلے سال فروری میں ان کا انتقال ہو گیا۔

اپنی گرفتاری کے بعد سے وہ جس ذہنی اضطراب میں مبتلا رہے اس کا اثر ان کی صحت پر پڑا۔ اور کستوربا کی موت کے ۶ ہفتے بعد ان پر ملیریا کا زبردست حملہ ہوا۔ ۳ مئی کو ان کی صحت کے بارے میں ڈاکٹروں کا جو بلٹن شائع ہوا، اس میں کہا گیا تھا: "حالت تشویش پیدا کر رہی ہے"۔ ان کی بیماری کی خبروں سے عوام میں جو ہیجان پیدا ہو گیا تھا۔ اسی سے گھبرا کر حکومت نے ۶ مئی کو انھیں غیر مشروط طور پر رہا کر دیا۔

چاہے وہ پوری طرح صحت یاب نہ ہوئے ہوں مگر وہ ملک کی بگڑتی ہوئی صورت حال کے خاموش تماشائی نہیں رہ سکتے تھے۔ انھوں نے وائسرائے سے ملنے کی خواہش کی مگر لارڈ ویول نے ملنے سے انکار کر دیا۔ وہ جانتے تھے کہ انگریز ایسی چالیں چل رہے ہیں کہ ہندو اور مسلمان الگ الگ رہیں اور کبھی متحد نہ ہو سکیں اور اس طرح ان کے اختلافات کو انگریز اپنے جمے رہنے کے جواز کے طور پر استعمال کر سکیں۔ اپنی ساری سیاسی زندگی میں انھوں نے ہندو مسلم اتحاد کی بڑی پرخلوص کوششیں کی تھیں۔ ۱۹۱۹ء میں انھوں نے خلافت کی تحریک

کو اپنی تحریک بنا لیا تھا اور بعد میں ہندو مسلم اتحاد کے لئے برت رکھا تھا لیکن مسلم لیگ تقسیم ملک کے مطالبے پر ڈٹی ہوئی تھی۔

ہندوستان کے حالات بتدریج بدتر ہوتے جا رہے تھے اور برطانیہ جنگ میں تو کامیاب ہوا مگر برطانوی حکومت کی جڑیں ہل گئی تھیں۔ ۱۹۴۵ء کے عام انتخابات میں لیبر پارٹی کامیاب ہوئی اور نئے برطانوی وزیر اعظم مسٹر اٹیلی نے مسٹر چرچل کی زور زبردستی اور جبر و تشدد کی پالیسی کو اپنانا مناسب نہ سمجھا لہٰذا انھوں نے اعلان کیا کہ وہ جلد ہی ہندوستان میں خود اختیار حکومت قائم کریں گے۔ اس دوران میں ہندوستان میں انتخابات ہوئے اور ایک دستور ساز اسمبلی بلائی گئی تاکہ متحدہ ہندوستان کے لئے ایک دستور تیار کیا جا سکے۔ انگلینڈ سے ایک وزارتی مشن ہندوستان آیا تاکہ ہندوستان کے مستقبل کے بارے میں ہندوستانی رہنماؤں سے بات چیت کرے لیکن یہ مشن کانگرس اور مسلم لیگ کے اختلافات کو ختم کرانے میں ناکام رہا۔

۱۲ اگست ۱۹۴۶ء کو وائسرائے نے سری جواہر لال نہرو کو ایک عارضی حکومت بنانے کی دعوت دی۔ مسٹر جناح نے بنگال میں "راست اقدام کا دن" منانے کا اعلان کر دیا جس کے نتیجے میں وسیع پیمانے پر قتل و غارت گری کے واقعات ہوئے اور ہندوستان کے متعدد مقامات پر فرقہ وارانہ تشدد کے واقعات رونما ہوئے۔ پھر خبریں آئیں کہ مشرقی بنگال میں نواکھالی میں بڑے پیمانے پر تشدد کے واقعات ہو رہے ہیں۔ اب گاندھی جی کے لئے چپ چاپ بیٹھنا ممکن نہ تھا۔ انھوں نے فیصلہ کیا کہ ہر حال میں اس فرقہ وارانہ منافرت کو ختم کرنا ہے۔ دونوں فرقوں کو یہ سکھانا ہے کہ وہ بھائیوں کی طرح مل جل کر رہیں، خواہ اس کے لئے ان کی جان بھی کیوں نہ چلی جائے۔ لہٰذا اپنے دوستوں کے مشورے کے خلاف اپنی جان کو خطرے میں ڈال کر وہ نواکھالی کے لئے روانہ ہو گئے۔ ۷۷ سال کی عمر میں وہ نہایت دشوار گذار راستوں پر ننگے پیر چلتے ہوئے اور ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں میں گئے۔ ان کا کھانا مقامی پھل اور سبزیاں تھیں۔ وہ دن رات ہندوؤں کے دلوں میں اعتماد و ہمت اور مسلمانوں کے دلوں میں محبت اور رواداری پیدا کرنے میں لگے رہے۔

اس طرح دکھ اور تکلیف اٹھانے اور محبت کا سبق پڑھانے ہوئے وہ ۷ نومبر ۱۹۴۶ء سے ۲ مارچ ۱۹۴۷ء تک نواکھالی میں رہے۔ وہ نواکھالی سے اس وقت روانہ ہوئے جب بہار سے انھیں بار بار بلاوا آ رہا تھا کیونکہ وہاں بھی فرقہ وارانہ تشدد کے واقعات ہوئے تھے۔ یہاں بھی انہوں نے وہی کیا جو نواکھالی میں کیا تھا وہ زیادہ تر پیدل ہی گاؤں میں جاتے رہے اور لوگوں کو مل جل کر رہنے کی تلقین کرتے رہے۔

مئی ۱۹۴۷ء میں انھیں دہلی بلایا گیا جہاں نئے وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن، مسٹر جناح کی ہٹ دھرمی کے پیش نظر کانگرسی رہنماؤں کو ملک کی تقسیم قبول کرنے کے لئے راضی کر چکے تھے تاکہ انگریز ہندوستان سے چلے جائیں۔ گاندھی جی ملک کی تقسیم کے زبردست مخالف تھے مگر وہ کانگرسی رہنماؤں کو اپنا ہم نوا نہ بنا سکے۔

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء کو ہندوستان تقسیم کر دیا گیا اور ملک آزاد ہو گیا۔ راجدھانی میں آزادی کے موقع پر ہونے والی تقریبات میں شامل ہونے سے گاندھی جی نے احتراز کیا، اور کلکتہ چلے گئے جہاں اب تک فرقہ وارانہ فسادات ہو رہے تھے۔ آزادی کے دن ایک معجزہ رونما ہوا۔ ایک سال سے ہونے والے فسادات اچانک رک گئے اور ہندوؤں اور مسلمانوں میں بھائی چارے کے جذبات ابھرنے لگے۔ گاندھی جی نے یہ پورا دن برت اور پرارتھنا میں گذارا۔

جب گاندھی جی ستمبر ۱۹۴۷ء میں دہلی آئے تو شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کا زور تھا۔ خوف و دہشت اور نفرت و وحشت کی اس فضا میں لگاتار بانھے یہ دبلا پتلا شخص ہر اس خوف میں مبتلا لوگوں میں ہمت و اعتماد پیدا کرنے، ستائے ہوئے لوگوں کو دلاسہ اور تشفی دینے اور بھرے ہوئے لوگوں کو پرسکون بنانے میں لگ گیا۔

اُن کی موجودگی سے دہلی کے حالات بڑی حد تک بہتر ہو گئے تھے مگر تشدد کے اکا دکا واقعات جاری تھے، فضا میں تناؤ باقی تھا اور مسلمانوں کا آزادانہ گھومنا پھرنا۔ اب بھی ممکن نہ تھا۔ گاندھی جی پاکستان جانا چاہتے تھے تاکہ وہاں خوف و ہراس میں مبتلا اقلیت کی ڈھارس بندھائیں مگر وہ اس وقت تک دہلی سے جانا نہیں چاہتے تھے جب تک کہ یہاں کے حالات سے انھیں اطمینان نہیں ہو جائے تاکہ اب پھر لوگ فرقہ وارانہ دیوانگی کا شکار نہ ہوں مگر وہ حالات کے آگے بے بس تھے لیکن وہ خاموش تماشائی نہیں رہ سکتے تھے خود اپنے الفاظ میں: "میں ساری زندگی میں کبھی ایک بے بس تماشائی نہیں رہا۔" ۱۳ جنوری ۱۹۴۸ء کو انھوں نے برت رکھا۔ "بھگوان نے میرے لئے برت تجویز کیا ہے۔" انھوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ اُن کی فکر نہ کریں بلکہ اپنے من کی روشنی کی طرف توجہ دیں۔

حالانکہ گاندھی جی کے اس رد عمل نے دنیا کے لاکھوں افراد کے دلوں

میں تشویش پیدا کر دی تھی اور وہ اُن کی انسان دوستی کے اس مظاہرے سے بے حد متاثر ہوئے تھے مگر ہندو انتہا پسندوں پر اس کا اچھا اثر نہیں ہوا۔ گاندھی جی کے برت کی وجہ سے فرقہ وارانہ فسادات بالکل بند ہو گئے لہٰذا ان انتہا پسندوں نے یہ سوچا کہ انھوں نے پاکستان کو خوش کرنے کی لیے ہندوؤں کے مفاد کو قربان کر دیا ہے۔

برت توڑنے کے دوسرے دن جب گاندھی جی شام کو حسب معمول اپنی پرارتھنا سبھا میں گئے تو اُن پر ایک بم پھینکا گیا۔ خوش قسمتی سے وہ بچ گئے۔ گاندھی جی اپنی جگہ سکون و شانتی سے بیٹھے رہے۔ بم پھینکے جانے کے دس دنوں کے بعد ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو گاندھی جی برلا ہاؤس کے لان میں تیزی سے سیڑھیاں اتر رہے تھے تاکہ پرارتھنا سبھا میں وقت پر پہنچ سکیں۔ انھیں نائب وزیر اعظم سردار پٹیل سے گفتگو کرنے میں دیر ہو گئی تھی۔ اور پرارتھنا سبھا پہنچنے میں چند منٹوں کی تاخیر ہو گئی تھی وہ وقت کے بڑے پابند تھے اور انھیں اس خیال سے پریشانی ہو رہی تھی کہ انھوں نے لوگوں کو اپنا منتظر رکھا "مجھے یہاں پہونچنے میں دس منٹ کی دیر ہو گئی" انھوں نے دھیمی آواز سے کہا "مجھے جلدی ہی مجھے یہاں پہونچ جانا چاہیئے تھا۔" انھوں نے اپنے ہاتھ اوپر اٹھائے اور نمستے کرنے کے انداز میں اپنے دونوں ہاتھ جوڑے۔ سبھا میں موجود شخص نے اُن کے سلام کا جواب دیا۔ بہت سے لوگ آگے بڑھے تاکہ اُن کے پیر چھو سکیں مگر انھیں ایسا کرنے سے روکا گیا۔ کیونکہ پہلے ہی دیر ہو چکی تھی مگر پونا کا ایک ہندو نوجوان زبردستی آگے بڑھ آیا بظاہر ایسا لگتا تھا کہ وہ تعظیم دینے کے لئے آگے بڑھا ہے مگر اچانک ایک چھوٹے سے خودکار پستول سے اس نے تین گولیاں چلائیں اور مہاتما جی کے دل کو اپنا نشانہ بنایا۔ گولی ٹھیک نشانے پر لگی اور گاندھی جی گر پڑے اور منہ سے خدا کا نام (ہے رام) نکلا اور ڈاکٹروں کی آمد سے پہلے دل نے دھڑکنا بند کر دیا تھا۔ یہ دل صرف انسان کی محبت کے سہارے ہی دھڑک سکتا تھا۔

اس طرح ایک مہاتما اس دُنیا سے چلا گیا۔ اس کی موت اس کے اپنے ہی ایک آدمی کے ہاتھوں ہوئی۔ جن آدرشوں اور اصولوں کے لئے وہ ساری عمر زندہ رہے اُن ہی آدرشوں کے لئے اُن کی جان بھی گئی۔ جن لوگوں نے اسے غلط سمجھا اور اس کی موت کا باعث بنے اُن کے سر ہمیشہ شرم سے جھکے رہیں گے۔

اُن کی موت پر پوری قوم کے جذبات و احساسات کی ترجمانی وزیر اعظم جواہر لال نہرو کے ان کے الفاظ سے ہوتی ہے جو انھوں نے ریڈیو سے لوگوں کو اُن کی موت کی خبر دیتے ہوئے کانپتی ہوئی آواز اور دکھ بھرے دل کے ساتھ کہے تھے۔

"ہماری زندگیوں سے روشنی چلی گئی ہے اور ہر طرف اندھیرا ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ کو کیا کہوں اور کیسے کہوں۔ ہمارے رہنما اور راشٹر پتا جنھیں ہم پیار سے باپو کہتے تھے اب نہیں رہے۔ میں نے کہا ہے کہ روشنی چلی گئی ہے۔ مگر میں نے صحیح نہیں کہا۔ کیونکہ اس ملک میں جس روشنی کی چمک دمک تھی وہ کوئی معمولی روشنی نہیں تھی۔ جس روشنی نے اتنے برسوں سے اس ملک کو جگمگا رکھا تھا اور اب بھی برسوں تک اس ملک کو تابناک بنائے رکھی گی اور ایک ہزار سال کے بعد بھی یہ روشنی اس ملک میں نظر آئے گی اور دنیا اُسے دیکھے گی اور ہزاروں دلوں کو اس سے تسکین ملے گی کیونکہ یہ روشنی زندہ سچائی کی مظہر تھی اور وہ ابدی شخص اپنی ابدی سچائی کے ساتھ ہمارے درمیان تھا۔ اور ہمیں صحیح راستہ دکھاتا رہتا تھا۔ غلطیوں سے بچاتا تھا۔ اور اس قدیم ملک کو آزادی کی طرف لے جا رہا تھا۔ . . . . ."

بقیہ عالم انسانیت کو گاندھی جی کا پیغام

ہمدردی کا علمبردار بنایا اور جہاں ضرورت ہوئی زخمی دلوں کی مرہم پٹی کرنے کو پہونچ گئے۔ جس وقت معلوم ہو رہا تھا کہ شمالی ہندوستان کی آبادی کے لئے لڑنے مرنے کے سوا کوئی چارہ نہیں اور سیاسی رہنما ہمت ہار گئے تھے، یا نفرت کی آگ کو بھڑکا رہے تھے۔ گاندھی جی ایسی زبان میں، جو الہامی زبان کی مثال رکھتی تھی، قوم کو بتلاتے رہے تھے کہ ایک راستہ اور ہے۔ اسی راستے کو بند کرنے کے لئے انھیں شہید کر دیا گیا۔ ایسی شہادت حق پرستی کی معراج ہوتی ہے اور صداقت کے نور کو دل سے دل تک پہنچاتی ہے شاید گاندھی جی کا پیغام یہی ہے کہ صداقت اور حق پرستی کے نور کو اپنے دلوں میں پیدا کرو، اس کی روشنی میں زندگی کے مسائل کو دیکھو اور جو کچھ دیکھو اسے دوسروں کو دکھاتے رہو، صداقت کی روشنی کو پھیلاتے رہو۔

(بہ شکریہ آل انڈیا ریڈیو۔ دہلی)

جگن ناتھ آزاد

حاصل نہ ہو کیوں طبع کو دریا کی روانی — آزاد! مرے لب پہ ہے گاندھی کی کہانی
گاندھی کہ اگر اُس کی سیاست پہ کریں غور — اِس دیس میں تھا اکبرِ اعظم کی نشانی
اور آئے اگر بحث میں روحانیت اُس کی — ہر آنکھ کو آئے وہ نظر بدھ کا ثانی
جاں اُس کی پریشان غم و درد بشر میں — دل اُس کا نہاں خانۂ افکار و معانی

آزادیِ انساں کے تصور میں گرفتار
مرکوز اسی نقطے پہ اُس کی ہمہ دانی

وہ جس کے خیالوں کی جہانگیر تجلی — کرتی رہی ظلمات میں تنویر فشانی
جس دیس میں آباد غلامی رہی صدیوں — اُس دیس میں اک حریتِ فکر کا بانی

یوں پیکرِ خاکی میں تھا پوشیدہ دل اُس کا
الفاظ میں جیسے ہو نہاں گنجِ معانی

گھر اُس نے بنایا دلِ ہر اہلِ وطن میں — کہتر تھے کہ مہتر تھے اعالی کہ ادانی
ہر دور رہا نذرِ وطن زیست کا اُس کی — تھا اُس کا لڑکپن کہ ضعیفی کہ جوانی
شاداب کیا یوں چمنستانِ وطن کو — ہر رنگِ چمن اُس کی ہے خونناب فشانی
جب عمر کے آخر میں بھی اُس کو نظر آیا — افزوں ہے وطن کا مرضِ تشنہ دہانی
وہ اپنا لہو دے کے گیا خاکِ وطن کو — تھی خاکِ وطن کی جو اُسے پیاس بجھانی

رگ رگ میں وطن کی یہ لہو دوڑ رہا ہے
پاکیزہ لہو اُس کی محبت کی نشانی

پیالیرے لہو

گاندھی جی کی وراثت

—— اندرا گاندھی

ہر شخص نے اپنی دماغی نشوونما اور صلاحیتوں کے مطابق گاندھی جی کو سمجھا ہے۔ گاندھی جی جب بقید حیات تھے، اس وقت میری عمر کے بہت سے لوگوں کے لئے انھیں سمجھنا مشکل تھا۔ اُن کی کچھ باتوں کو ہم اُن بنے خیالات سمجھتے تھے اور کبھی کبھی اپنا تحمل کھو بیٹھتے تھے۔ ہمیں ان کے ت سے اصول غیر واضح معلوم ہوتے تھے۔ ہم انھیں مہاتما ضرور مانتے تھے ن سیاست میں تصوف کا عنصر لانے کے سبب سے ہم اُن سے جھگڑ پڑتے تھے۔

یہ بات میری ہی نسل کے لئے سچ ہو، ایسا نہیں ہے۔ اپنی سوانح ری میں میرے والد نے ان مشکلات کا ذکر کیا ہے، جس کا احساس انھیں ر ان کی نسل کے دوسرے لوگوں کو گاندھی جی کے خیالات اور اپنے خیالات ساہم آہنگی پیدا کرنے میں ہوا۔ لیکن آہستہ آہستہ قومی تحریک کے اُتار چڑھاؤ ، دوران میں جو تجربہ ہوا اُس سے میرے والد کو گاندھی جی کو پوری طرح سمجھنے ور اُن کے بنیادی خیالات کو اپنے خیالات سے ہم آہنگ کرنے کا موقع ا۔ میرے والد انھیں "جادوگر" کہا کرتے تھے۔ اور انھوں نے اُن کے خیالات نئے اصطلاح دینے اور نوجوانوں و دانشوروں کے سامنے انھیں واضح شکل میں یش کرنے اور اُن پر اثر ڈالنے کی کوشش کی تھی۔ گاندھی جی اتنی فرمانبرداری ہیں چاہتے تھے کہ اُن کے سامنے کوئی اپنا منہ نہ کھول سکے۔ وہ نہیں چاہتے تھے بغیر مکمل احتساب کے کوئی اُن کے اصولوں کو مان لے۔ وہ کھل کر تبادلہ خیال کرنے ے عمل کی حوصلہ افزائی کرتے تھے۔ جب میں چھوٹی بچی تھی، تو نہ معلوم کتنی بار اُن سے بحث کرنے لگتی تھی۔ ایمانداری سے دی گئی کسی بھی رائے کو وہ حقیر نہیں سمجھتے تھے جو لوگ گاندھی جی سے ناراض تھے اُن کے پاس اُن سے بھی بات کرنے کا وقت تھا

گاندھی جی کی جنم شتابدی کا سال جلیانوالا باغ کے المیے کی ۵۰ ویں سالگرہ کا سال بھی ہے۔ جو لوگ اپنی خام خیالی کے سبب سخت گیری اور تشدد ہی کو طاقت کا دوسرا نام سمجھتے ہیں انھیں اس بات پر غور کرنا چاہئے کہ جلیانوالا باغ کے ایسے جیسے ظالمانہ اقدام کا برطانوی سامراج کے مستقبل پر کیا اثر پڑا۔ شاید ہی پہلے کبھی کوئی ایسا واقعہ پیش آیا ہو جس نے پوری قوم کو جھنجھوڑ دیا ہو اور اتنا غمگین بنا دیا ہو کہ اُسے اپنی قدروں اور مقاصد پر پھر سے غور کرنے پر مجبور ہونا پڑا ہو۔ اس واقعہ نے پنڈت موتی لال نہرو اور شاعر اعظم رابندر ناتھ ٹیگور جیسی ہستیوں پر بھی زبردست اثر ڈالا۔ شری ٹیگور نے اپنا 'سر' کا خطاب واپس کر دیا اور نوآبادیاتی نظام کے مسئلوں پر اثر انگیز نظمیں لکھیں۔ میرے دادا اپنے پورے خاندان کے ساتھ گاندھی جی کے حلقے میں شامل ہو گئے۔ ہم سب کی پوری زندگی بدل گئی۔ اسی سال گاندھی جی ہماری سیاسی تحریک کے روح رواں بن کر ابھرے۔ گذشتہ ۵۰ برسوں پر نظر ڈالیں تو ہم بخوبی سمجھ سکیں گے کہ اُن کی شخصیت اور اُن کے خیالات کا کتنا زبردست اثر پڑا۔ ویسے اُن کے اثر کو پوری طرح سمجھنا اب بھی ہماری طاقت سے باہر ہے۔ گاندھی جی کے کام کا بھارت اور تمام انسانیت پر کتنا گہرا اثر پڑا۔ اس کا صحیح اندازہ ہم ابھی بیسیوں برس تک نہ کر پائیں گے۔ پھر بھی ہم ششدر رہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ جلیانوالا باغ کے ایسے کے اس ایک ہی سال میں گاندھی جی نے ہماری تاریخ کو ایک

آج کل دہلی (مہاتما گاندھی نمبر)

اکتوبر ۱۹۶۹ء

نیا موڑ دیا۔ گاندھی جی نے اپنے دو دُبلے پتلے ہاتھوں سے تمام قوم کو اونچا اُٹھا دیا۔ اُنھوں نے معمول اور ممتاز سبھی طرح کے ہزاروں لوگوں کی سبھی زندگی میں بے مثل انقلاب برپا کر دیا۔ ملک کی سیاست کی رُوحِ رواں ہونا اتنی بڑی کامیابی نہیں ہے جتنی یہ کہ گاندھی جی لوگوں کے دلوں کو اتنی شدت سے متاثر کر پائے۔ گاندھی جی نے اس سیاست کو ٹھکرا دیا جس میں کچھ بڑے لوگوں ہی کو عزت ملتی ہے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ کامیابی کی کنجی عوامی تحریکوں میں ہے۔ اس معاملے میں اپنے پیش رَوؤں سے اُن کا نظریاتی اختلاف بھی رہا ہے۔ گاندھی جی ایسے رہنما تھے جنھیں عوام کی نفسیات اور اُن کی ذہنی کیفیات کا گہرا علم تھا۔ وہ عوام کے ذہنوں کے تاثرات کو سمجھ کر اُن کی تشریح بھی کرتے تھے اور اُنھیں نیا موڑ بھی دیتے تھے۔

گاندھی جی نے ہمیں خوف سے نجات دلائی۔ ملک کی سیاسی آزادی کا حصول ہی تنہا مقصد نہ تھا، وہ تو روح کی نجات کے راستے میں ایک ضمنی کامیابی ہے۔ بھارت کی سماجی زندگی میں اُن کی بدولت جو انقلاب آیا وہ اور بھی زیادہ دُور رس تھا۔ گاندھی جی نے سماجی روایت کی دیواروں اور بیڑیوں سے بھی ہمیں نجات دلائی۔ چھوت اور مرد کے درمیان اونچے اور غریب گھرانے میں جنم لینے والے کے درمیان، دیہاتی اور شہری کے بیچ مکمل مساوات میں اُن کا یقین تھا، اس لئے اُن کی تحریکوں نے انسانی ذہن کو متاثر کیا۔ بھارت کی لمبی تاریخ میں ہر مصلح نے ذات پات کے تصور اور عورتوں کو کمتر سمجھنے کی لعنت کے خلاف جدوجہد کی ہے، لیکن ان امتیازات کی دیواروں کو توڑنے میں جس حد تک گاندھی جی کامیاب ہوئے اتنا کوئی نہیں ہوا۔ بھارت کی عورتوں پر گاندھی جی کے خاص احسانات ہیں اور وہ تمام طبقے بھی اُن کے احسان مند ہیں، جو کہ صدیوں پرانے بندھنوں کا شکار رہے ہیں۔

مہاتما گاندھی نے ایک جگہ لکھا ہے۔

"میں نہیں چاہتا کہ کوئی شخص میرا پیروکار ہونے کا دعویٰ کرے۔ میں خود اپنا مقلد بنا رہوں، یہی کافی ہے۔ میں جانتا ہوں کہ میں اپنا کتنا نااہل مقلد ہوں کیونکہ جو میرے عقائد ہیں، میں انھیں نباہنے سے قاصر رہتا ہوں۔"

گزشتہ تیس برسوں میں ہم نے منصوبہ بند صنعتی ترقی کی جو پالیسی اپنائی ہے اس پر کبھی کبھی یہ کہہ کر نکتہ چینی کی جاتی ہے کہ یہ جان بوجھ کر گاندھی واد سے انحراف ہے۔ جو لوگ ایسا الزام لگاتے ہیں اور گھریلو صنعتوں کی وکالت کرتے ہیں وہ بھی ہوائی جہاز، موٹر گاڑی اور ٹیلیفون جیسی بھاری صنعتوں کے مدد کے بغیر اپنا کام نہیں چلا سکتے۔ گاندھی جی نے ریلوں سے پرہیز نہیں کیا اور گھڑیوں کا بھی وہ باقاعدہ استعمال کرتے تھے۔ جب ہم ریلوں اور گھڑیوں کا استعمال کرتے ہیں، تو اس میں کیا بُرائی ہے کہ ہم ان چیزوں کی تیاری اپنے ملک میں کریں۔ گاندھی جی نے گھریلو صنعتوں کی جس طرح وکالت کی ہے، اُسے صحیح طور پر سمجھنے کی ضرورت ہے۔ وہ تو غریبی کا نام و نشان مٹانا چاہتے تھے انھیں فضول خرچی سے سخت نفرت تھی۔ وہ چاہتے تھے کہ گاؤں کے بیروزگار لوگوں کی طاقت ملک کے لئے زیادہ مقدار میں سامان تیار کرنے اور اپنے لئے بھی کچھ دولت کمانے میں صرف ہو۔ صنعت کاری کے عمل کے پہلے مرحلے کا چھوٹی صنعتوں پر جو بُرا اثر پڑ رہا تھا، اُس سے وہ اپنے وقت کے دیگر حساس لوگوں کی طرح ہی متاثر تھے۔ وہ ایک مہاتما تھے اور انسان کی مجبوریوں سے واقف تھے۔ وہ ہمیں خبردار کر دینا چاہتے تھے کہ ہم اپنی خواہشات کے غلام نہ بنیں۔ مشین کی افادیت کے بارے میں انھوں نے جو لکھا ہے اُس میں کئی اقتباسات ایسے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ اس ضمن میں گاندھی جی کا زاویۂ نگاہ کتنا وسیع اور عملی طور پر ہمدردانہ تھا۔

میرے لئے گاندھی جی خشک خیالات کا مجموعہ نہیں ہیں، بلکہ وہ ایک زندۂ جاوید ہستی ہیں جو ہمیشہ انسانیت کے اس اعلیٰ ترین معیار کی یاد دلاتے ہیں جس پر کوئی انسان پہنچ سکتا ہے۔ ماضی سے بہترین استفادہ حاصل کرکے اور مستقبل کا خیال ذہن میں رکھ کر گاندھی جی زمانۂ حال میں کام کرتے تھے۔ اُن کے بلند خیالات ملک اور زمانے کی حدود سے ماورا تھے۔ جو کچھ انھوں نے کہا اور لکھا اس میں سے زیادہ تر مواد فوری ضرورت کے مسئلوں کو فوری سلجھانے کے بارے میں تھا۔ انھوں نے افراد کی باطنی رہنمائی کے لئے بھی کچھ لکھا ہے۔ ان کی عقل و فراست ادھر اُدھر کی معلومات پر مبنی نہیں تھی۔ اپنی زندگی کی آزمائش گاہ میں تجربات کے دوران میں گاندھی جی اپنے خیالات کو آلات کی شکل میں استعمال کرتے تھے۔

جنوبی افریقہ میں گاندھی جی کے کام کا ذکر کرتے ہوئے گوپال کرشن

کوکھلے نے کہا تھا کہ گاندھی جی نے مٹی میں سے سورما تیار کیے۔ کبھی کبھی مجھے تعجب ہوتا ہے کہ کہیں ہم پھر سے تو مٹی نہیں ہو گئے ہیں۔ ایک عظیم لیڈر شپ اپنے زمانے میں جو امنگ پیدا کرتا ہے وہ امنگ بہت عرصے تک قائم نہیں رہ سکتی لیکن ایسے لوگوں کے لیڈر شپ ملک اور زمانے کی حدود سے ماورا ہوتے ہیں۔ ہم لوگوں پر جو گاندھی جی کے دور اور اُن کے ملک میں پیدا ہوئے، اس بات کی خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم اُن کی صحیح تصویر اپنے سامنے رکھیں۔ الفاظ سے زیادہ خود اُن کی زندگی اُن کا پیغام ہے سچی آفاقیت اور عالمی بھائی چارہ کوئی شخص اپنے ہی دور اور ملک میں حاصل کر سکتا ہے۔ گاندھی جی بھارت کے عام لوگوں کے ساتھ گھل مل گئے تھے اس کے لیے اُنھوں نے اپنا لباس تک بدل ڈالا پھر بھی وہ دُنیا کے دیگر حصّوں سے حاصل ہونے والے بہترین خیالات کا خیر مقدم کرنے کو تیار تھے۔ انگلینڈ اور جنوبی افریقہ میں قانون کے طالب علم اور بیرسٹر ہونے کے رشتے سے اُن کے جو دن گزرے اُن کا اثر ان کی آئندہ زندگی پر پڑا۔ یہ اس بات ہی سے ظاہر ہوتا ہے کہ گاندھی جی صفائی و ستھرائی اور ہر بات کی تہہ تک پہنچنے پر زور دیتے تھے۔ جس چیز کو وہ اختیار کرتے تھے، اس پر پوری طرح سے قابو حاصل کر لیتے تھے۔ وہ بھارتی مسائل کا بھارتی حل ہی تلاش کرتے تھے۔

اُن کی ایک اور قابلِ فخر وراثت سیکولرازم کا اصول ہے جس کے لئے انھوں نے اپنی زندگی کو ہی قربان کر دیا۔ سیکولرازم کا مطلب نہ تو مذہب ہی سے انحراف ہے اور نہ مذہب کے تئیں بے توجہی، اس کا مطلب ہے تمام مذاہب کے لئے، مساوی جذبۂ احترام اور یہ صرف رواداری کی حد تک ہی نہیں بلکہ حقیقی جذبۂ احترام ہے۔ سیکولرازم کی کامیابی کے لئے مسلسل احتسابِ نفس اور لگاتار کوشش کرتے رہنے کی ضرورت ہے مہاراجہ اشوک نے اس سچائی کو چٹانوں پر اس طرح کندہ کرایا ہے کہ "کوئی شخص اپنے مذہب کا احترام اس وقت تک نہیں کرتا جب تک کہ وہ دوسروں کے مذاہب کا احترام نہ کرے" جب حکمراں اس سچائی کو عملی طور پر استعمال کرتے تھے تو بھارت عظیم تھا اور ترقی کی چوٹی پر پہنچ گیا تھا۔ ہمارے دور میں گاندھی جی اور جواہر لال نہرو نے ہمارے لئے اِن اصولوں کو زندہ حقیقت کے رُوپ میں پیش کیا۔

گاندھی جی کے دوسرے عظیم پیغام 'عدم تشدد' پر کچھ کہنے میں مجھے ہچکچاہٹ ہوتی ہے۔ اس لئے نہیں کہ تشدد کو صحیح یا حق بجانب سمجھتی ہوں۔ انسان نے اتنے مہلک اور تباہ کن ہتھیار جمع کر رکھے ہیں کہ میں کبھی یہ سوچتی ہوں کہ کیا ہمیں اچھی امید رکھنے کا کوئی حق ہے بھی یا نہیں۔ اب بھی کہیں کہیں جنگ کے شعلے بھڑک اٹھتے ہیں لیکن اس سے زیادہ فکر و تشویش کی بات یہ ہے کہ دُنیا کے تمام حصوں کے خیالات میں نفرت کا عنصر پیدا ہو گیا ہے، اور کاموں میں تشدد کا دخل ہو گیا ہے۔ گاندھی جی کہتے تھے — "بھیانک اندھیرے میں روشنی ہوتی ہے۔" ہمیں اعتماد رکھنا چاہئے۔ گاندھی جی نے یہ دکھا دیا کہ مسلح طاقت کا مقابلہ ہتھیاروں کے بغیر پُرامن طریقے پر کس طرح کیا جا سکتا ہے۔ جب کرامات ایک بار سامنے آ چکی ہے تو کیا دوبارہ نہیں آ سکتی۔

زندگی کا نام جدوجہد ہے۔ آپ کا مقصد جتنا اونچا ہوگا، کامیابی حاصل کرنے کی آپ کی خواہش جتنی شدید ہوگی، آپ سے اتنا ہی عظیم کام اور اتنی ہی بڑی قربانی مانگی جائے گی۔ تمام مذاہب کے لوگوں نے ابدی سچائی پر عمل کیا ہے۔ یہ شرف بھارت ہی کو حاصل ہے کہ اس نے ایسے عظیم سپوتوں کو جنم دیا ہے، جنھوں نے بھارت کے قدیم خیالات کو مستحکم بنایا ہے اور انھیں لوگوں کی زندگی کا جزو بنایا ہے۔ اپنی زندگی میں بھی مشکل موقعوں پر ہم نے دیکھا تھا گاندھی اور جواہر لال نہرو سے رہنمائی حاصل کی۔ اِن دونوں عظیم ہستیوں نے عوام کی بھلائی کے کام میں خود کو پوری طرح کھپا دیا تھا۔ دونوں اس بات پر یقین رکھتے تھے کہ ہر معاملے پر عوام کی بھلائی کو کسوٹی پر رکھ کر غور کرنا چاہئے۔ جواہر لال نہرو نے کہا تھا۔

"گاندھی جی کے لئے سب سے بڑی دعا ہم یہ کر سکتے ہیں کہ ہم اپنے آپ کو سچائی اور اُن زرّیں اصولوں کے لئے وقف کرنے کا عہد کریں جن کے لئے ہمارے ملک کا یہ عظیم سپوت جیا اور مرا"

اخلاقی بیداری

ڈاکٹر ذاکر حسین

جون ۱۹۲۶ء کی ایک صبح کو میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تین رفقائے کار کے ساتھ گاندھی جی کے درشن کے لیے سابرمتی آشرم آیا تھا۔ ہم رات کو دیر سے پہونچے تھے۔ ہمیں بتایا گیا تھا کہ صبح ہم گاندھی جی کی کٹیا میں ناشتہ کریں گے۔ اس وقت ہم چاروں ایک قطار میں باورچی خانے کی طرف منہ کر کے بیٹھے ہوئے تھے با کھانا پروس رہی تھیں۔ اچانک ہم نے پیچھے کی طرف سے ایک آواز سنی۔

"واہ، بہت خوب!"

ہم سب پیچھے کی طرف مڑے اور دیکھا کہ گاندھی جی ہماری طرف چلے آرہے ہیں۔ وہ آکر مسکراتے ہوئے اپنی چارپائی پر بیٹھ گئے اور ہنس ہنس کر ہم سے اس بے تکلفی کے ساتھ باتیں کرنے لگے، جیسے ہمیں برسوں سے جانتے ہوں۔

گاندھی جی کا جرمنی میں بہت چرچا تھا۔ وہاں رومین رولاں کی کتاب کا ترجمہ کثیر تعداد میں بکا تھا۔ میں جب وہاں تھا، تو میں نے بھی گاندھی جی پر ایک کتاب لکھی تھی اور اُن کے عدم تشدد کے پیغام سے متعلق تقاریر بھی کی تھیں۔ لیکن یہ میری اُن کے ساتھ پہلی ملاقات تھی۔ آشرم میں دو تین روز کے قیام کے دوران، میں نے ان کے ساتھ کافی طویل گفتگو کی تھی۔ میں جامعہ ملیہ میں کام کرنے کے لیے پہلے ہی سے عہد کر چکا تھا اس کی وجہ سے مجھے حکیم اجمل خاں، ڈاکٹر انصاری، مولانا محمد علی، مولانا ابوالکلام آزاد جیسی ممتاز ہستیوں کے بہت قریب آنے اور اُن سے گہرا رابطہ قائم کرنے کا موقع ملا تھا، اور یہ بات فطری تھی کہ میں یہ جاننے کے لیے بے چین ہوتا کہ مجھے ان اصحاب سے کتنی رہنمائی اور مدد مل سکے گی اور کس طرح کے طریقۂ عمل سے بہترین نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔ گاندھی جی کے پاس ملاقات کے لیے آنے کا میرا مطلب بھی یہی تھا۔ میں یہ جاننا چاہتا تھا، کہ جامعہ ملیہ کے بارے میں گاندھی جی کے خیالات کیا ہیں۔ اور وہ کس طرح اس کی دیکھ بھال اور توسیع کے کام میں مدد کر سکتے ہیں۔ انہوں نے اسے ۱۹۲۰ء میں بھی بچایا تھا، جب اس کے کتنے ہی بااثر حامیوں نے یہ اعلان کیا یا اشارہ دیا تھا کہ اُسے چلانا اب ضروری یا ممکن نہیں ہے۔ اس بار وہ اس کے لیے کیا کریں گے؟

ایسا محسوس ہوتا تھا کہ اس وقت وہ پھیلے ہوئے شبہات اور تناؤ کے سبب سے زیادہ مدد نہیں کر سکیں گے۔ اگر انہوں نے کچھ دوسرے ڈھنگ سے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہوتا اور فراخدلانہ مالی امداد کا وعدہ کیا ہوتا، تو شاید میں اتنا زیادہ متاثر نہ ہوتا اور مجھ میں اتنا اعتماد پیدا نہ ہوتا جتنا مجھے یہ روپیہ مل سکتا تھا، لیکن تب مجھے یہ بھی محسوس ہوتا کہ افراد کی وجہ سے نہیں، بلکہ روپے کی وجہ سے جامعہ ملیہ بنے گا۔ وہ جس ڈھنگ سے بات کرتے تھے، بات کہتے وقت جس انداز سے دیکھتے تھے، اس سے میں متاثر ہوا۔ مجھے یہ نہیں محسوس ہوا کہ جامعہ ملیہ یا میرے لیے زندگی آسان رہے گی۔ لیکن میں نے جو کچھ کرنے کا فیصلہ کیا تھا، اس کے لیے میں نے اپنا ارادہ اور پختہ کر لیا ــــ وجہ؟

گاندھی جی جس انداز سے بات کر رہے تھے، اس سے یہ صاف ظاہر تھا کہ وہ سچائی کی تلاش میں تھے، اس سچائی کی تلاش جو جامعہ ملیہ کے

ساتھ اُن کے تعلقات کی بنیاد ہو گی۔ اس میں کوئی غیر یقینی بات نہیں تھی۔ گاندھی جی چاہتے تھے کہ جامعہ ملیہ کی جڑیں جمیں اور مضبوط ہوں اور وہ اُس خیال کی ترجمانی کر سکے جو اُن کے دماغ میں واضح تھا لیکن اسے ان کے ذریعہ سے نہیں بلکہ اپنے آپ ترقی کرنا ہو گا۔ اس کی تعمیر میں اُن کی گہری دلچسپی رہے گی، وہ اُس کی ترقی کو دیکھتے رہیں گے اور اُس کی کامیابی کے لئے پُر اُمید رہیں گے لیکن وہ امداد کی شکل میں ایسا کچھ نہیں کریں گے، جس سے جامعہ ملیہ کی اپنی انفرادیت کو فروغ دینے کی آزادی خطرے میں پڑے۔ انسانوں کی طرح اداروں کو بھی وہی بننا چاہئے، جو وہ بننا چاہتے ہیں۔ گاندھی جی نے جو کچھ کہا، اس سے میں بے حد متاثر ہوا اور میں اسکی وجہ جانتا تھا۔ اُن کی تمام شخصیت اُن کے خیالات اور باتوں سے عیاں ہوتی تھی۔ ان کی شخصیت قدرت کی دین یا وراثت میں ملی ثقافت کی پیداوار نہ تھی بلکہ انہوں نے اس کو خود اپنی کوششوں سے سنوارا تھا۔ اُنہوں نے ایک اخلاقی ڈھانچے میں اپنی شخصیت کو ڈھالا تھا۔ اُنہوں نے اس سمت میں ایک صناع کی طرح صبر و استقلال کے ساتھ طویل عرصہ تک کام کیا تھا اور پھر بھی وہ اس سے مطمئن نہیں تھے۔ انہوں نے خلوت یا تنہائی میں نہیں، بلکہ زندگی کے میدانِ عمل میں یہ کام کیا تھا، جہاں سب لوگ اُن کے اس مستحکم ارادے اور انتھک طاقت کو دیکھ سکتے تھے جس سے انہوں نے اپنی شخصیت کو اپنی پسند کا روپ دیا تھا اور اس کی طاقت کی آزمائش کر سکتے تھے ان کی مسکراہٹ، ان کی ہنسی، ان کی دلکشی ان کی سچائی اور انکساری۔ سب اس ڈھانچے کے لازمی جزو تھے۔ وہ اس شخص کی طرح بات نہیں کرتے تھے، جو اپنا مقصد پورا کر چکا ہو، بلکہ وہ اس شخص کی طرح بات کرتے تھے، جو اپنے مقصد کے حصول کے لئے کوشاں ہو، جو غلطی کر سکتا ہو اور جس کی اپنے مقصد کے حصول کے طریقوں پر گرفت ابھی ڈھیلی ہو سکتی ہو یا جس کے قدم اپنے ارادے سے ابھی ڈگمگا سکتے ہوں۔ اصول اور عمل میں مکمل ہم آہنگی ہمیشہ کے لئے حاصل نہیں کی جا سکتی ہے اس کے لئے مسلسل کوشش اور لگاتار اپنے نفس کی جانچ کی ضرورت ہوتی ہے اور اس عمل میں سچائی اور انکساری میں ایک نادر وصف آجاتا ہے۔ گاندھی جی کی ستیہ گرہ نہ صرف ایک کوشش تھی، بلکہ اس سے مجھے بھی اُن کے برابر سچا اور حق پرست بننے کا چیلنج ملا، اور مجھے یہ بھی محسوس ہوا کہ مجھے اپنے کام کو احترام کے جذبے سے، انکساری کے ساتھ کرنا ہو گا، کیوں کہ جتنا بڑا کام ہو گا اُسے کرنا اتنا ہی مشکل ہو گا۔ ہر شخص کو اپنا کام کرنے کے لئے ہمیشہ ہر طرح سے لائق ہونا چاہئے۔

جن مخصوص سرگرمیوں کے ذریعے سے کوئی شخص اپنے ساتھیوں کی خدمت کرنا چاہتا ہے، وہ فطری طور پر وقت اور حالات کے تابع ہوتی ہیں۔ وہ جن طریقوں کو اختیار کرتا ہے، اُن پر اُس صورتِ حال سے الگ ہٹ کر غور نہیں کیا جانا چاہئے، جس میں انہیں اپنایا گیا ہو۔ عظیم ہستیوں کے بارے میں اس بات کو دھیان میں رکھنا ضروری ہے۔ مثال کے طور پر گاندھی جی کے برت اُن کے اس یقین کا جزو تھے کہ مقاصد کی پاکیزگی دل کی پاکیزگی پر منحصر ہوتی ہے اور وہ اگر کسی اہم مقاصد کی تکمیل میں ناکام رہے ہیں تو اس کا سبب ان کا مناسب طریقے پر پاک نہ ہونا ہے۔ ایک اصول کی صورت میں برت رکھنے کا مشورہ وہ اُن لوگوں کو دیتے تھے، جو اپنی ذات پر پورا کنٹرول چاہتے تھے۔ مقصد کے حصول کی شکل میں اُسے انہوں نے اپنے لئے محفوظ رکھا تھا کیوں کہ اس کے غلط استعمال کے خطرے واضح ہیں۔ آج جو لوگ گاندھی جی کی یاد کو زندہ رکھنا چاہتے ہیں، اُنھیں گاندھی جی کے برتوں کے اسباب یا مواقع کو یاد رکھنا اتنا ضروری نہیں ہے جتنی یہ سادہ حقیقت یاد رکھنا ضروری ہے کہ اقتدار اُن لوگوں کو خراب کر دے گا جو اُسے بجا طور پر اور اُن کے مقاصد کے لئے، جن کے لئے اُسے بروئے کار لایا جانا چاہئے، استعمال کرنے کے لئے موزوں طریقے پر پاک نہیں ہیں۔ جو لوگ اقتدار حاصل کرنا چاہتے ہیں، اُنہیں مقصد کی وہ پاکیزگی حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے، جس کی گاندھی جی نے ایک قابلِ فخر مثال قائم کی ہے اور جو ان لوگوں کو اقتدار دلانا چاہتے ہیں، اُنہیں ان میں مقصد کی پاکیزگی کی مانگ کرنی چاہئے۔

جس عدم تشدد کا گاندھی جی نے دلی خلوص اور انتہائی گرم جوشی کے ساتھ اُپدیش دیا اور جس میں بڑی ثابت قدمی سے انہوں نے عمل کیا تھا، اس کے بارے میں ہم صرف زبانی باتیں کرتے ہیں اور ایسے سوالات اٹھاتے ہیں، جس سے یہ محسوس ہونے لگے کہ عدم تشدد پر عمل کرنا ناقابلِ عمل ہے۔ اگر یہ بھی مان لیا جائے کہ عدم تشدد کی پالیسی اس دشمن کے سامنے بے اثر ہے، جو مہلک ہتھیاروں سے لڑنا چاہتا ہے، لیکن کیا ہم آپس کے تعلقات میں اس پر عمل نہیں کر سکتے؟ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہئے کہ کریم النفسی، فراخدلی، ہمت اور اخلاقی قوت کا ظاہری پہلو عدم تشدد ہے جب تک اخلاقی قانون کی برتری تسلیم کی جاتی ہے، ان تمام اوصاف کو فروغ دینے کے لئے ہر جگہ اور ہمیشہ کوشش کی جانی چاہئے۔ ہمارے جیسے ملک میں جہاں امن اور تعاون تقریباً مکمل طور سے مذہب، زبان اور

ثقافت کے تنوع کے تئیں فراخدلانہ رواداری کا جذبہ اپنانے پر منحصر ہے، وہاں ان اوصاف کو فروغ دینا نہ صرف زندگی کی مغلمت برقرار رکھنے کے لئے، بلکہ بقائے تحفظ کے لئے بھی ضروری ہے۔

ہم جانتے ہیں کہ گاندھی جی اخلاقی قانون کی برتری میں یقین رکھتے تھے اور ستیہ گرہ اُن کا اس یقین کا اظہار کرنے اور اس کا پرچار کرنے کا طریقہ تھا۔ جنوبی افریقہ اور بھارت میں برطانوی حکومت نے ان کے ستیہ گرہ کو ایک تاریخی روپ دیا لیکن اگر ہم یہ جاننا چاہتے ہیں کہ ستیہ گرہ مختلف صورت حالات میں استعمال کیا جا سکتا ہے تو ہمیں اس کے مخصوص سیاسی اظہار سے پرے دیکھنا ہوگا۔ بنیادی اصول یہ ہے کہ اخلاقی بیداری کو مسلسل فروغ دیکر ہی سچائی اور انصاف کو قائم کیا جا سکتا ہے۔ اخلاقی بیداری طاقت کے استعمال سے نہیں بلکہ لوگوں کو یہ سمجھا کر پیدا کی جا سکی ہے وہ بنیادی طور پر آزاد ہیں اور اس اخلاقی قانون کے مطابق کام کر رہے ہیں جس پر عمل کرنا ان کا فرض ہے۔ یہ بات دیکھنے میں بڑی آسان لگتی ہے لیکن اگر ہم اس کے عملی مضمرات پر غور کرنے لگیں، تو ہم اُن کی قدر و اہمیت سے بے حد مرعوب ہو جائیں گے۔ جو شخص دوسروں میں اخلاقی بیداری پیدا کرنا چاہتا ہے، اُسے خود اپنے مقاصد کی تکمیل کے لئے طاقت یا اختیار کا استعمال کرنے کی خواہش کو ترک کرنا ہوگا۔ اسے اپنی ذات کے تئیں بے چین ہونے کے باوجود دوسرے لوگوں کے لئے لامحدود صبر و تحمل کا جذبہ رکھنا ہوگا۔ اُسے ہر وقت حقیقی 'اخلاقی' بیداری پیدا کرنے کے نہایت موزوں طریقوں کی تلاش کرنا ہوگی۔ جہاں اخلاقی بیداری موجود ہے وہاں اُسے مضبوط اور مستحکم بنانا ہوگا۔ اُسے ذاتی اظہار کے مواقع فراہم کر کے زیادہ سے زیادہ پُر اثر اور قابلِ عمل بنانا ہوگا۔ یہ ایک طرح کے ایثار ہی سے ممکن ہے۔ اس کے لئے رہنما کو اپنے پیروکاروں ہی سے رہنمائی حاصل کرنے کے لئے تیار ہونا ہوگا۔ اُسے مسلسل احتساب ذات کے ذریعے سے وقار کا سوال اپنے دماغ سے نکالنا ہوگا۔

ہم سب اس بات پر متفق ہیں کہ اصول کے مطابق ہی عمل ہونا چاہئے لیکن کتنے لوگوں میں اتنی سچائی ہے کہ وہ اپنی تمام زندگی کو اصول اور عمل میں یکسانیت کی مثال بنا سکیں۔ گاندھی جی نے عمل اور اصول میں مکمل یکسانیت لانے کی کوشش کی۔ ہم اُس کے لئے اُن کی زندگی، اُن کے لباس، اُن کے کھانے اور اُن کے معمولات زندگی کی تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے لئے ہم سب سے اہم بات اپنے رفقائے کار کے تئیں اُن کے رجحان کو لے سکتے ہیں۔ اُسے نظر انداز کئے جانے کا زیادہ امکان ہے کیوں کہ اس کے لئے انتہا درجے کی ذمہ داری کی ضرورت ہوگی۔ سچے لوگ صرف الفاظ ہی سے مطمئن نہیں ہو جاتے بلکہ وہ کام بھی کرنا چاہتے ہیں مثلاً گاندھی جی کے الفاظ میں "تعمیری کام" اس کا ایک پہلو کام ہے اور دوسرا جس پر کارکردگی کا معیار منحصر ہے کام کرنے والا خود ہے۔ گاندھی جی کے سن بلوغ کی زندگی کا ہر لمحہ اور ہر تفصیل اس بات کی شاہد ہے کہ وہ جس بات میں یقین رکھتے تھے اُس پر عمل کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

اس وقت سب سے زیادہ ضرورت یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ آزاد ہونے کے رشتے سے ہم لوگوں کو جن کی سرکار کو اپنا اقتدار چلانا ہے ایسی قیادت رکھنا ہوگی جو طاقت کے بجائے اپنی سچائی کے وقار تعمیری کام کے تئیں جذبۂ ایثار و انہماک اور ایسے افراد کو جو لنسلاً درنسلاً کام کرتے رہیں گے، تیار کرنے کی صلاحیت پر دار و مدار رکھے۔

مہاتما گاندھی اور اقلیتیں

اُن کی زندگی رواداری، وسیع المشربی اور انسان دوستی کے واقعات سے بھری پڑی ہے۔ انہوں نے ہندوستان کی مشترک زبان کی حیثیت سے ہندوستانی کو جو ناگری اور فارسی دونوں رسم الخط میں لکھی جائے، اپنانے کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے ملک کو فرقہ وارانہ تشدد اور خون خرابی سے بچانے کے لئے سرتن بہت رکھا۔ پاکستان سے خوشگوار تعلقات نہ ہونے کے باوجود انہوں نے حکومتِ ہند پر دباؤ ڈالا کہ پاکستان کو وہ روپیہ ادا کر دیا جائے جو ایک معاہدے کے ذریعے . . . . طے ہو گیا تھا۔ غرضیکہ ایسی مثالوں کی کوئی کمی نہیں ہے، جن سے مہاتما گاندھی کی روشن خیالی کا پورا پورا اظہار نہ ہوتا ہو۔

ہمارے خوابوں کے ہندوستان کی ترقی اہنسا، سچائی اور نظم و ضبط کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ یہ میرا پیغام ہے جو آپ تک پہنچایا جا رہا ہے اور جو میں نے گاندھی جی سے سیکھا ہے۔

(انگریزی سے ترجمہ)

مہاتما گاندھی

— ایک حقیقی دوست



— لارڈ ماؤنٹ بیٹن

خوش قسمتی سے مجھے دُنیا کے بہت سے رہنماؤں سے ملنے کا موقع ملا ہے اور میں اپنی عملی زندگی میں غیر معمولی صلاحیت اور قابلیت کے بہت سے لوگوں کے ساتھ کام کر چکا ہوں۔ اس طویل فہرست میں مجھے صرف چند نام ہی ایسے یاد آتے ہیں، جنھیں میں بلا جھجک، صحیح معنیٰ میں عظیم آدمی کہہ سکتا ہوں۔ اپنے عہد کی چیدہ ہستیوں کی اس بہت مختصر فہرست میں میں مہاتما گاندھی کا نام لیتے ہوئے تذبذب محسوس نہیں کرتا۔

اُن سے پہلی ہی ملاقات کے بعد سے میں اور میری بیوی اس بات سے آگاہ تھے کہ ہمارے سامنے ایک انوکھی شخصیت ہے۔ ایک ایسی شخصیت جس کے اختیارات انسانی رہنمائی کی عام حدوں سے بہت آگے ہیں۔ اور ایک ایسا شخص جو بڑی جلدی ہی ایک سچا دوست بن گیا۔

اپنی زندگی کے آخری سال کے زبردست واقعات میں انہوں نے جو کام انجام دیا وہ اب تاریخ کا ایک حصہ بن چکا ہے وہ جانتے تھے کہ اُن کا فرض کیا ہے اور یہ بھی جانتے تھے کہ یہ فرض حقیقی گفت و شنید میں حصہ لینے سے کہیں آگے ہے۔ بنیادی طور پر اُن کے اس فرض میں یہ بات شامل تھی کہ وہ ایسے وقت میں جب فرقہ وارانہ جنون پورے سماجی ڈھانچے کو اپنی تباہ کن لپیٹ میں لیے ہوئے تھا وہ اپنا زبردست اثر اپنے ملک کے عوام پر استعمال کریں۔" اگر میں یہ کہوں تو مبالغہ نہ ہوگا کہ اگست ۱۹۴۷ء میں لگتے کے میدان میں گاندھی جی کا موجود ہونا اس صدی کے عظیم واقعات میں سے ایک تھا، اور یہ ایک ایسی واحد کرامات تھی جسے تقریباً معجزہ سمجھا جا سکتا ہے۔

جو لوگ عوامی نفسیات کے طالب علم ہیں اُن کے لیے یہ ایک زبردست مثالی واقعہ ہے۔ بھڑکے ہوئے جذبات اور کھلے ہوئے چاقوؤں کے ساتھ جو ہزاروں لاکھوں لوگ خون آشامی اور انتقام کے ذریعے اپنے جذبات کی تسکین چاہتے تھے اُن کو اس راستے سے ہٹا کر اُن کا رخ بھائی چارے کی اہمیت کے احساس کی طرف موڑ دیا گیا اور یہ کام اُن کے روحانی قائد گاندھی کی سکھائی اور پیدا کی ہوئی محبت ہی نے کیا

یہ مثال اُن کی اس طاقت کے اظہار کی ہے، جو اُنہیں بطور مہاتما حاصل تھی اور یہ طاقت محض سیاسی اقدار سے بہت بالاتر تھی۔ اس طاقت میں ذاتی ذمہ داری کا وہ جذبہ شامل تھا جس نے ان کی زندگی کی آخری قربانی کو اُس شہادت میں بدل دیا جس سے دوسروں کے زخم مندمل ہو گئے۔

ان کی موت اُن کی زندگی کے مفہوم اور مقاصد کی صحیح تعبیر بن گئی جب لاکھوں لوگ جمنا کے کنارے اپنی عقیدتوں کے پھول نچھاور کرنے اور اُن کے نحیف جسم کو شعلوں کی نذر ہوتے دیکھنے کے لئے آئے تو گاندھی جی کی جے ہو کا نعرہ ایک فتح کا نعرہ تھا۔ یہ وہ منظر کبھی نہیں بھولوں گا۔ میں نے اس کے بعد کئی بار سوچا ہے کہ کس طرح ہمارے عہد پر یہ مذہبی انسان گہرا نقش چھوڑ گئے ہیں۔ اُن کی موت کی خبر ایک لرزا دینے والی لہر کی طرح ساری دُنیا میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک دوڑ گئی۔

میں سمجھتا ہوں کہ اس کا راز یہ تھا کہ وہ ۲۰ ویں صدی کے مروجہ رجحانات کے لئے ایک زبردست چیلنج کی علامت تھے۔ اس دَور کو بلاوجہ تشدد کا دَور نہیں کہا گیا ہے جس میں مادّی طاقت کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے ذاتی اور عوامی دباؤ کی خیال میں آسکنے والی تمام تدبیریں استعمال کی جاتی ہیں۔

میرے خیال میں ساری دنیا اس بات کو سمجھ گئی تھی کہ اس چیلنج کے لئے اُن کا جواب بالکل نیا اور طبع زاد تھا۔ طاقت کا مقابلہ عدم تشدد سے کرنے کا اُن کا پورا تصور کسی مینیٹ پسند کا ایک خواب نہیں تھا بلکہ معاملے کی رُوح تک پہنچنے کی ایک کوشش تھی، فرد کی امنگوں اور کردار سے ایک اپیل تھی اور ضبطِ نفس کا ایک مطالبہ تھا جس کے بغیر تہذیب آخرکار تباہ ہوجاتی خواہ دوسرے اعتبار سے وہ کتنی ہی ترقی یافتہ کیوں نہ رہی ہو۔ میں نے سنا ہے کہ جب ایک امیرالبحر کو وائسرائے بنانے کے بارے میں اُن سے پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ انہیں فوجی آدمیوں سے معاملت کرنے میں کوئی اعتراض نہیں ہے کیوں کہ ان فوجیوں کا کام تنظیم کا کام ہے اور وہ طاقت جس کو اپنے قابو میں کر لیا جائے، جیسا کہ تیری اور بحری فوجوں میں ہوتا ہے، مجمعوں کے بے قابو تشدد سے زیادہ قابلِ ترجیح ہے۔

اُنہیں تمام دُنیا کی عزت و احترام اور توجہ نہ صرف اس لئے حاصل تھی کہ ملک کے درپیش سنگین مسائل کے حل کرنے کے لئے اُن کا طریقۂ کار بالکل نیا تھا بلکہ اس لئے بھی کہ وہ اپنی تمام عملی زندگی میں مستقل مزاج رہے۔

یہ کہنا کہ اُن کا طریقۂ کار پیچیدار تھا اور یہ کہ اُن کے بارے میں وثوق سے کوئی بات کہنا مشکل تھی، میرے خیال میں اُن کے الفاظ اور اُن کے افعال کے طویل تسلسل کو نہ سمجھ سکنے کا نتیجہ ہے۔ اپنے سامنے موجود تمام دوسرے عظیم انقلابیوں کی مثالوں کی طرح ان کی کوشش بھی ڈھانچے کو محفوظ رکھنا تھا نہ کہ اُس کو ڈھا دینا۔ اس بات کی تین شہادت سوراج کے سلسلے میں اُن کا طرزِ عمل ہے کیونکہ اس کا اثر آگے چل کر آزاد ہندستان اور اس برطانیہ کے درمیان تعلق پر پڑ سکتا تھا جس کے پنجۂ اقتدار سے نکلنے کے لئے وہ کوشاں تھے۔

۱۹۴۷ء میں جب کوئی ایسا فارمولا تلاش کرنے کا وقت آیا جس کے تحت انتقالِ اختیارات کیا جا سکے تو ہم نے ڈومینین اسٹیٹس کا تصور پیش کیا۔ اس وقت بہت سے لوگوں کے نزدیک تمام متعلقہ فریقوں کا اس تصور سے اتفاقِ رائے حیرت انگیز تھا لیکن بہت پہلے ۱۹۲۴ء ہی میں بیلگام میں انڈین نیشنل کانگرس کے ۳۹ ویں اجلاس میں اپنے خطبۂ صدارت میں گاندھی جی نے پیشین گوئی کی تھی۔

"مذکورہ بالا خاکہ اس خیال پر مبنی ہے کہ برطانیہ کے تعلق کو مکمل طور پر باعزت اور بالکل برابر کے انداز میں برقرار رکھا جائے۔ میں جانتا ہوں کہ کانگریسیوں کا ایک طبقہ ایسا ہے جو ہر ممکن حالات میں برطانیہ سے مکمل آزادی چاہتا ہے۔ اہلِ برطانیہ کو برابر کی حصہ داری حاصل نہیں ہوگی۔ میری رائے یہ ہے کہ اگر برطانوی سرکار جو کچھ کہتی ہے دل سے بھی وہی چاہتی ہے اور ایمان داری کے ساتھ مساوات حاصل کرنے میں ہماری مدد کرنا چاہتی ہے تو یہ بات برطانوی تعلق کے بالکل قطع ہو جانے کے مقابلے میں ایک عظیم تر فتح ہوگی۔ اس لئے میں سلطنتِ برطانیہ کے اندر رہتے ہوئے سوراج کے قیام کے لئے کوشش کروں گا اور اگر برطانیہ کی اپنی غلطیوں کی بنا پر تعلقات کو منقطع کرنا ضروری ہو گیا تو ہر قسم کا تعلق قطع کرنے سے بھی نہیں جھجکوں گا۔ اس طرح میں علیحدگی کی ساری ذمہ داری برطانوی قوم پر رکھ دوں گا۔ آج دنیا کے بہترین دانشور مطلقاً ایسی آزاد ریاستوں کے خواہاں نہیں ہیں جو آپس میں برسرِ پیکار ہیں بلکہ دوستانہ اور ایک دوسرے پر منحصر ریاستوں کے ایک وفاق کے خواہش مند ہیں۔ اس امر کی تکمیل ممکن ہے ابھی بہت دور ہو۔"

اُن کی سیاسی بصیرت اور اخلاقی قوتِ فیصلہ کی اس سے بہتر مثال اور کیا ہو سکتی ہے۔ اور بلاشبہ یہی دونوں وصف اُن کے عظیم پیرو ہنرو اور ٹیپل کے حصے میں بھی آئے۔

کسی جدید تکنیک پر منحصر نہ رہتے ہوئے بھی وہ عوامی رابطے کے ایک زبردست ماہر تھے وہ فطری طور پر اس سے آگاہ تھے کہ کس موقعوں جگہ اور

(باقی ص ۲۵ پر)

خان عبدالغفار خاں

یادیں



گاندھی جی سے میری پہلی ملاقات ۱۹۲۰ء میں دلی میں خلافت کانفرنس میں ہوئی تھی ان کے ساتھ جواہر لال نہرو، مولانا آزاد اور دیگر رفقائے کار تھے۔ مجھے ان سب سے ملاقات کا فخر اس سے پہلے کبھی حاصل نہ ہوا تھا لیکن میں نے محسوس کیا کہ یہ ایسے لوگ ہیں جو دلیش کی خوشحالی اور آزادی کے لئے کام کر سکتے ہیں اور قربانی دے سکتے ہیں۔

گاندھی جی سے میری دوسری ملاقات ۱۹۲۸ء میں کلکتہ میں ہوئی جب کانگرس اور خلافت کانفرنس کے اجلاس ہو رہے تھے۔ کانگرس کے اجلاس میں ہم گاندھی جی کی تقریر سن رہے تھے کہ ایک بپھرا ہوا آدمی کود کر ڈائس پر چڑھا اور تقریر میں رکاوٹ ڈالنا چاہی۔ وہ چلایا "مہاتما جی! آپ بزدل ہیں، آپ بزدل ہیں" گاندھی جی نے یہ الفاظ سنے اور مسکرا دیئے۔ اور اپنی تقریر جاری رکھی۔ میں اس ذہنی سکون پر عش عش کر اٹھا اس سے اُن کی عظمت ظاہر ہوتی تھی۔

مجھے ہزاری باغ جیل سے اگست ۱۹۳۴ء میں رہا کیا گیا رہائی کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ میں پنجاب اور شمال مغربی سرحدی صوبے کو چھوڑ کر جہاں چاہوں جا سکتا ہوں۔ گاندھی جی نے مجھے تار سے وارد ھا آنے کی دعوت دی۔ جمنا لال بجاج کی بھی یہی خواہش تھی۔ میں نے ایسا ہی کیا۔

گاندھی جی میں ایک اور بات پائی کہ گاندھی جی کبھی بھی کڑوا نہیں تھے۔ وہ اپنے نظریے میں کبھی بھی سمجھوتہ کا پہلو اختیار نہیں کرتے تھے اس کی ایک مثال میں آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ میں وارد ھا میں گاندھی جی کے پاس گیا۔ تو میرے بچے بھی جو میرے ساتھ تھے کبھی کبھی میرے ساتھ جاتے تھے۔ ایک دن گاندھی جی کا جنم دن تھا جب ہم اُن کے پاس گئے۔ اور کھانا کھانے بیٹھ گئے، تو میرے بیٹے غنی نے گاندھی جی سے کہا "مجھے یہاں آکر بہت خوشی ہوئی ہے۔ میں دل میں سوچتا تھا کہ آج گاندھی جی کا جنم دن ہے تو ہمیں کیک پلاؤ مرغا وغیرہ کھانے کو ملیں گے۔ اور ہم مزے مزے یہ سب کھائیں گے لیکن آج بھی حسب معمول کدو ہی کی ترکاری ہے ہر روز کدو۔ آج یہ اُبلا ہوا ہے۔ یہ سُن کر گاندھی جی ہنس پڑے اور مجھے ایک طرف لے جا کر کہنے لگے "دیکھئے! یہاں بچے آئے ہیں اور ہمیں اُن کی من پسند غذا دینی چاہئے۔ ہمیں اُن کے لئے گوشت انڈا وغیرہ فراہم کرنا چاہئے۔

میں نے جواب دیا کہ وہ صرف مذاق کر رہے ہیں۔ ہم جہاں کہیں بھی جاتے ہیں تو صرف وہی کچھ کھاتے ہیں جو میزبان کی طرف سے پیش کیا جائے اگر

آپ انہیں کچھ اور کھلانا بھی چاہیں گے تو وہ نہیں کھائیں گے۔ اس لئے میں نے مہاتما جی کی بات سے اتفاق نہ کیا۔ میرے بچوں نے بھی یہ بات نہ مانی۔ اپنی طرف سے مہاتما جی لوگوں کو اُن کی من چاہی غذا دینے کو تیار تھے مجھے اُن کی ایک اور بات نے بے حد متاثر کیا تھا۔ وہ تھی ان کا پُرمذاق مزاج۔ وہ بچوں، بچیوں، جوانوں اور بوڑھوں کے ساتھ ہنسا کرتے تھے۔ ان میں مزاح کی صلاحیت بدرجۂ اتم تھی۔ اُن کا دل محبت سے بھرپور تھا۔ وہ خدا کی مخلوق کی خدمت کرنے کے لئے فکرمند رہا کرتے تھے۔

ایک بار ایسا ہوا کہ وارد ھا میں بھنگی نے اپنا کام چھوڑ دیا اور بھاگ گیا جب گاندھی جی کو یہ خبر پہنچائی گئی تو انہوں نے کہا کہ ہمیں ایک جھاڑو بالٹی لے کر جانا چاہئے اور صفائی کرنی چاہئے۔ چنانچہ صفائی سے متعلقہ فرائض ہم نے انجام دیئے۔

گاندھی جی ۱۹۳۸ء میں دوسری بار صوبہ سرحد میں گئے۔ انہیں چارسدھا میں ٹھہرائے کا پروگرام تھا۔ اس مقام پر سنتری تعینات کر دیئے گئے تھے۔ یہ صرف احتیاطی تدبیر تھی۔ گاندھی جی نے سنتریوں کو دیکھ کر پوچھا کہ یہ کیوں! میں نے کہا تاکہ کوئی غیر آدمی داخل نہ ہو سکے لیکن گاندھی جی اس بات پر راضی نہ ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اُن کی ضرورت نہیں ہے چنانچہ محافظوں سے بندوقیں لے لی گئیں۔ ہمارے لوگوں پر اس واقعہ سے گہرا اثر پڑا۔ انہوں نے کہا کہ اس اہنسا دیوتا کو دیکھو، اس کا خدا پر اتنا بھروسہ ہے کہ اُسے ہتھیاروں کی مطلق ضرورت نہیں۔

ابتدا میں صوبہ سرحد میں بڑے پیمانے پر تشدد کی کارروائیاں ہوتی تھیں بعد میں عدم تشدد اپنا لیا گیا۔ میں آپ کو بتاؤں کہ تشدد کے جواب میں برطانیہ نے اس قدر جبر سے کام لیا کہ بہادر آدمی بھی بزدل ہو گئے اور عدم تشدد کی راہ کھلی تو بزدل پٹھان بھی دلیر ہو گئے۔ اس سے پہلے پٹھان سپاہیوں اور جیل سے ڈرتے تھے اور سپاہیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بھی خوف کھاتے تھے لیکن عدم تشدد نے انہیں ہمت بخشی اور اس کے سبب وہ بہادر بن گئے اور بھائی چارے کے اصولوں سے آشنا ہو گئے۔ اب بچے مسکراتے ہوئے جلوسوں میں جاتے تھے۔ ان میں اتنی ہمت آگئی کہ وہ بڑے سے بڑے آدمی کا سامنا کر سکتے تھے آپ سمجھتے ہیں کہ پٹھان بہادر ہوتا ہے اور اس کی بہادری اس بات میں ہوتی ہے کہ وہ جوابی حملہ کرتا ہے۔ اگر پٹھان پر کوئی حملہ کرے تو اس کے جواب میں وہ بھی حملہ کرے گا لیکن دراصل یہ بزدلی ہے۔ اصل بہادری یہ ہے کہ وہ جوابی کارروائی سے باز رہے۔ یہ انسان کی عظیم ترین صفت ہے۔ ہم اگر پُرتشدد ہوتے تو برطانوی حکام اس کوشش کو آسانی سے کچل ڈالتے اور دبا دیتے لیکن ہمارا عدم تشدد ایک ایسی قوت ہے جسے برطانیہ نہ دبا سکا۔

میں عدم تشدد کا حامی ہوں۔ ہم میں سے کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ صرف تشدد سے ہی مقصد حاصل ہو گا میں اس بات سے متفق نہیں۔ میرا مقصد عوام کی خدمت ہے اور یہ مقصد صرف عدم تشدد سے ہی حاصل ہو سکتا ہے۔ جو لوگ تشدد کے ذریعے عوامی خدمت کے کام انجام دینا چاہتے ہیں، مجھے ان سے کوئی گلہ نہیں ہے لیکن ہمارے طریقے مختلف ہیں۔ میں ان کی دیش بھگتی اور دیش سے ان کے پیار و محبت کی قدر کرتا ہوں۔

۱۹۴۶ء میں جب مجھے رہا کیا گیا تو میں بیمار تھا۔ گاندھی جی بمبئی میں برلا ہاؤس میں قیام پذیر تھے۔ انہوں نے مجھے خط لکھا اور بمبئی آنے کی دعوت دی۔ میں گیا۔ ایک دن وہ تشدد کے موضوع پر بات چیت کر رہے تھے میں نے گاندھی جی سے کہا "آپ کہتے جوش و خروش سے لوگوں کو عدم تشدد کی تعلیم دیتے ہیں لیکن کیا آپ کے کارکن بھی آپ کے ساتھ ہیں۔ بہت سے ایسے رئیس ہیں جو آپ کو مالی امداد دیتے ہیں۔ اس کے باوجود دیش کے بہت سے حصوں میں تشدد کی کارروائیاں ظہور میں آتی ہیں اور ہمارے صوبے میں بھی امیر آدمی ہیں۔ وہ کسی کو بھی کھانا اور رقم دے سکتے ہیں لیکن دیش اور عوام کے لئے وہ زیادہ رقم نہیں دیں گے۔ پھر صوبہ سرحد میں تشدد کے زیادہ امکانات ہیں اور وہاں اس طرح کے مواقع زیادہ ہیں جو یہاں نہیں۔ لیکن ان سب باتوں کے باوجود صوبہ سرحد میں عدم تشدد کا راستہ اپنا لیا گیا ہے جب کہ یہ بات یہاں نہیں ہے۔ ایسا کیوں ہے؟ گاندھی جی اس سوال پر ہنسے۔ انہوں نے کہا لوگ کہتے ہیں کہ عدم تشدد بزرگوں کے لئے ہے لیکن دراصل یہ بہادری کے لئے ہے صوبہ سرحد میں تشدد اس لئے نہیں ہے کہ وہاں کے لوگ یقیناً بہادر ہیں۔

تقسیم وطن کے دوران فسادات میں بہار میں جب ہم دیہات کا دورہ کر رہے تھے تو کچھ مسلم پناہ گزیں گاندھی جی کے پاس آئے اور کہا کہ گاندھی جی ہم کیا کریں۔ یہاں تشدد قتل و غارت گری اور عدم تحفظ کی فراوانی ہے۔ گاندھی جی نے جواب دیا، میں تو صرف بہادری کا سبق دے سکتا ہوں آپ اپنے گھروں کو لوٹ جائیں۔ انہوں نے پوچھا کہ ہم کیسے جا سکتے ہیں۔ اس بات کی کیا ضمانت ہے کہ ہم کو قتل نہیں کر دیا جائے گا۔ گاندھی جی نے کہا کہ میں آپ کو کیا ضمانت دے سکتا ہوں۔ لیکن اگر تم میں

سے کوئی بھی مارا گیا تو ہندوؤں کو اس کی قیمت گاندھی جی کی زندگی کی صورت میں ادا کرنی ہوگی۔ میں صرف آپ کی اس طرح یقین دہانی کرا سکتا ہوں۔ اس پر مسلمانوں میں ہمت پیدا ہوئی اور وہ گھر واپس چلے گئے، ایک پرارتھنا سبھا میں گاندھی جی نے کہا۔ میں نے اس جگہ کے مسلمانوں کو یہ یاد دلایا ہے کہ اگر ان میں سے کوئی بھی مارا گیا تو بہار کے ہندو اس کی قیمت گاندھی جی کی زندگی سے چکائیں گے۔

گاندھی جی کے الفاظ عجز اور اخلاص سے بھرے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ عوام پر ان کا پورا اثر تھا۔ انہوں نے لاکھوں انسانوں کو خدمت سے مسحور کیا اور محبت اور خدائی محبت سے ان پر اثر ڈالا۔

میں ایک چھوٹے سے گاؤں میں کھانا کھا رہا تھا کہ ریڈیو پر اطلاع آئی کہ گاندھی جی کو قتل کر دیا گیا ہے۔ یہ سن کر میں اور میرے ساتھ جو کھانے میں شریک تھے، کھانا چھوڑ بیٹھے۔ ہم سکتہ کے عالم میں تھے اس کے بعد ہم کھانا نہیں کھا سکے۔ ہم باہر گئے، اور خدائی خدمت گاروں کو اکٹھا کیا۔ سب کے سب اس خبر سے حیران و پریشان تھے۔ انھوں نے محسوس کیا کہ سچی محبت کرنے والا انسان معاون اور دوست ان سے جدا ہو گیا۔

گاندھی جی کا قتل خدا کے خلاف ایک جرم تھا۔ ایک ایسے آدمی کی جان لینا جس نے اپنی پوری زندگی سب کی خاطر تیاگ میں گزاری ہو، دیش کی خاطر ظلم و ستم سہے ہوں اور خدمت کی ہو، خوفناک جرم تھا۔

گاندھی جی کی سب سے بڑی دین کیا تھی؟ اس بارے میں کسی ایک چیز کی نشاندہی مشکل ہے۔ اس طرح کی بہت سی باتیں ہیں جو انھوں نے بھارت واسیوں کو دیں۔ سب سے پہلے انہوں نے اہلِ وطن کو نڈر دلی کی جگہ ہمت دی سب سے بڑی بات جو انہوں نے کی اور جو نہ صرف بھارت کے لئے تھی بلکہ پوری دنیا کے لئے اہم تھی، وہ تھی عدم تشدد کا سبق۔ گاندھی جی کے عدم تشدد کا مطلب کمزوری نہیں تھا بلکہ بہادری تھا۔ جو کچھ برائی واقع ہوئی وہ اس لئے نہیں کہ عدم تشدد کو اپنایا گیا بلکہ اس لئے کہ عوام نے اسے پوری طرح نہیں اپنایا۔ میں صرف یہ کہہ سکتا ہوں کہ بھارت کو مہاتما گاندھی کا طریقہ اپنانے سے ہی آزادی حاصل ہوئی ہے بلاشبہ انتقالِ اختیارات کے لئے ایک موافق فضا پیدا ہوئی لیکن گاندھی جی کے علاوہ اور کون تھا جو اس بدلتی ہوئی فضا سے فائدہ اٹھاتا۔

مہاتما گاندھی ایک حقیقی دوست

کون سے مناسب وقت پر کون سا موزوں علامتی کام کیا جائے جس سے تمام لوگ اُن کے مقاصد سے آگاہ ہو سکیں اُن کا صرف یہی وصف ایک نابغہ کی نشانی ہوتا ہے اس اتحادِ فکر و عمل کے حصول میں وہ کسی بھی قسم کے مصنوعی ذرائع استعمال کرنے میں یقین نہ رکھتے تھے۔ انہوں نے ایک بار میرے عملے کے ایک ممبر سے کہا تھا کہ وہ واقعی اتنے اگلے وقتوں کے ہیں کہ ریڈیو کی جادوگری پر مہارت نہیں پا سکے۔ انہوں نے کہا تھا کہ وہ اصولی طور پر ریڈیو کو استعمال کرنے کے بالکل خلاف نہیں تھے۔ لیکن انہیں بہرحال یہ جاننا ضروری تھا کہ وہ کس سے خطاب کر رہے ہیں اور اُن کے مخاطبین پانچ افراد پر مشتمل ہیں یا پانچ لاکھ پر۔ اسی لئے جب پنجاب کے بحران کے موقع پر وہ آل انڈیا ریڈیو پر تقریر کرنے کے لئے راضی ہوئے تو اس شرط پر کہ صرف براہِ راست اور قطعی طور پر اپنے سامعین ہی سے یعنی اس وقت کرو کشیتر کیمپ کے پناہ گزینوں سے مخاطب ہوں گے۔ اس معاملے میں بھی قدیم فیشن کا ہونے کے بجائے وہ شاید اپنے زمانے سے کہیں آگے تھے۔ مخلصانہ پیغام کو ایک مخصوص محدود حلقے ہی کی ضرورت ہو سکتی ہے اُن کی عظمت یہ تھی کہ وہ مظلوم افراد اور اُن کے مصائب کی ایک علامت بن گئے تھے اور سچ جہاں کہیں ہو اُس کے متلاشی تھے۔ اُن کے معیار کے مطابق دل کی تبدیلی ذہن کی تبدیلی سے زیادہ اہم ہو سکتی ہے۔ اناطول فرانس کے مشہور الفاظ میں "وہ نوعِ انسانی کے ضمیر کا ایک راہم تھے"

مہاتما گاندھی اور پٹھان

نازک دور سے گزر رہا ہے گاندھی جی کی موت ہماری سب سے بڑی بدقسمتی ہے، ان تاریک ایام میں ہماری مدد کرنے والی وہی تو ایک روشنی کی کرن تھی، مجھے یقین ہے کہ محبت اور اہنسا سکھلانیوالی ان کی آتما ہمیں راہ دکھلائیگی۔" اور واقعی سچائی اور عدم تشدد کی راہ دکھلانے کے لئے گاندھی جی کی آتما ہی رہنمائی کرتی رہے گی۔ گاندھی جی جسمانی طور پر چلے ہی ہمارے درمیان نہیں رہے لیکن ان کی آواز تو آج بھی سنائی دیتی ہے۔ وہ آج بھی خاموش نظروں سے ہماری جانب دیکھ رہے ہیں۔ ہمیں چاہیئے کہ ان کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں تاکہ ان کی آتما کو شانتی ملے۔

بدیع الزماں تھاور

امریاں

مہاتما گاندھی کے چودہ صوفیانہ اقوال کا منظوم روپ

۱
کوئی سمجھے رحمٰن زباں سے، چاہے بولے رام
دل جس سے خالی ہوتا ہے، جھوٹا ہے وہ نام

۲
جب اپنے مرنے جینے میں، ہے تقدیر کا ہات
ماتم اور خوشی کی ناحق کون کرے پھر بات

۳
دل ہو پاک نر، دور بدن سے رہتے ہیں آزار
انساں اپنے پاپ کے کارن، پڑتا ہے بیمار

۴
پہچانیں گے اپنے جسم کو جس دن، ہم انسان
ہو جائے گا اس دھرتی کا، ہم کو سچا گیان

۵
دُکھ ہو یا گیانی کوئی، پاپی ہو یا نیک
جگ کے سارے انسانوں کا پالن ہار ہے ایک

۶
پوجا کے استھانوں میں بھی رہتا ہے شیطان
نہیں دکھاتے جلوہ، ہر اک مندر میں بھگوان

۷
دل میں اگر شیطان کے بدلے، ہو بھگوان کا واس
اسی جہاں میں جنت ہم کو آسکتی ہے راس

۸
لاکھوں جانوں کی جو رکشا کرتا ہے دن رات
کیسے انشا سے گا وہ تمہارے مرسے اپنا ہات

۹
اُن کے سوا میں لاؤں کس پر اور بھلا ایمان
جاں داروں میں نظر مجھے جو آتے ہیں بھگوان

۱۰
اپنے گناہوں پر بیکار نہ کوئی پردہ ڈال
تیرے چہرے پر لکھا ہے، تیرے دل کا حال

۱۱
نام کے رٹنے سے نہ بنے گا کوئی رام کا داس
پیاسا نہ جائے پانی جب تک، بجھ نہ سکے گی پیاس

۱۲
ہوتا ہے آغاز میں پنہاں، ہر شے کا انجام
نہیں ہے مقصد سے قدرت کا خالی کوئی کام

۱۳
اندھا ہے، ہر چند نہ ہو، وہ آنکھوں سے محروم
اپنے عیب نہیں ہوتے، جس انساں کو معلوم

۱۴
جو انسان بنا لیتا ہے خاموشی کو میت
سننے لگتا ہے آخر میں روحانی سنگیت



عالم انسانیت کو گاندھی جی کا پیغام

محمد مجیب

مجھے بڑے بڑے الفاظ اور بڑے بڑے دعووں سے ڈر لگتا ہے۔ میں جانتا ہوں کہ صحیح اور سچی بات وہی ہے جو سب کے لئے صحیح اور سچی ہو اور گاندھی جی سمجھتے تھے کہ انسان دوستی، اہنسا اور ستیاگرہ ایسے اصول ہیں جن کا پرچار ساری دنیا میں کرنا چاہئے۔ لیکن مجھے یہ حق کسی طرح نہیں پہنچتا کہ گاندھی جی کا نمائندہ بن جاؤں اور عالم انسانیت کو ان کا پیغام اس انداز سے سناؤں کہ گویا میں خود اس پر عمل کر چکا ہوں یا اس کی گہرائیوں کو ناپ چکا ہوں اور اس لئے دوسروں کے سامنے اسے پیش کر رہا ہوں۔ پھر اس فرضی مخاطب، اس عالم انسانیت پر غور کیجئے کہ یہ کیا چیز ہے۔ اگر اس سے مراد دنیا ہے تو دنیا میں افراد ہیں، قومیں ہیں۔ خوف اور غرض اور ہوس کی کشمکش ہے کہیں موت کا سا سکوت ہے کہیں قیامت کے ہنگامے۔ دنیا میں وہ لوگ ہیں جن کے کان اور دماغ اور دل بند ہیں۔ وہ جو نئی نئی باتیں سننے نئے نئے تماشے دیکھنے کے شوقین ہیں۔ جن کے لئے ہر سنی ہوئی بات فوراً پرانی ہو جاتی ہے اور وہ جو نیک بات سن کر ٹھنڈی سانس بھرتے ہیں اور صرف اپنے کاموں میں لگ جاتے ہیں۔ اس دنیا کو مخاطب کرنے والا، اگر اس کی پشت پر دولت اور اقتدار، اخبار اور ریڈیو نہ ہوں، اپنے آپ کو کچھ ایسی حالت میں پاتا ہے جیسی کہ لندن کے ہائڈ پارک کے ان مقرروں کی ہوتی ہے جو کسی کرسی یا بنچ یا لکڑی کے بکس پر کھڑے ہو کر بھاشن دیتے ہیں۔ سننے والے چاہے ہوں یا نہ ہوں۔

اس تمہید کا مقصد یہ بتانا ہے کہ گاندھی جی کی شخصیت اور ان کی تعلیمات کا ذکر اس طرح نہ کرنا چاہئے کہ گویا ساری دنیا اسے سننے کے لئے تیار بیٹھی ہے، اور ہمارا کام صرف ان تعلیمات کو بیان کر دینا ہے اور بس۔ اور عالم انسانیت ساری دنیا کی آبادی نہیں ہے اس آبادی کا کوئی منتخب حصہ نہیں ہے۔ بلکہ وہ مجموعی نام ہے، دل کی ان کیفیتوں کا جن میں انسان اپنی حقیقت سے آگاہ ہوتا ہے، ان ارادوں اور امنگوں کا جس جد و جہد کا خواہ اس آبادی کو ایک ظاہری سماجی شکل دیتی ہے وہ لوگ جن کا ذہن اور عمل اس آبادی سے متاثر ہوتا ہے، خود بخود ایک دوسرے کے قریب آتے ہیں ایک دوسرے کے لئے مثال بنتے ہیں اور کامیابی کی امید ہو یا نہ ہو اس کوشش میں لگ جاتے ہیں کہ یہ سیاسی، معاشی اور سماجی طاقتوں کے تصادم کے بجائے محبت اور خیر خواہی کا میدان عمل بن جائے۔ اگر حق اور انصاف کے سچے احترام اور اپنے آپ کو ان کا خادم بنانے کے یہ دو لے عالم انسانیت مانے جائیں تو گاندھی جی کی ساری زندگی اور جد و جہد ایک پیغام معلوم ہوگی۔

ایک زمانے میں یہ خیال عام تھا کہ ولی ماں کے پیٹ سے ولی پیدا ہوتا ہے۔ اس کے برخلاف قرآن کہتا ہے "لیس الانسان الا ما سعیٰ" انسان میں کچھ نہیں ہے سوا اس کے کہ جو اس کی کوشش پیدا کرتی ہے۔ گاندھی جی میں کوئی خاص خوبی نہیں تھی جو بچپن سے نمایاں ہوئی ہو۔ وہ جو کچھ بنے اپنی کوشش سے بنے اور یہ کوشش انھوں نے لڑکپن سے شروع کر دی۔ اس کا محرک خدا کا خوف تھا۔ جو برے کاموں سے روکتا اور صحیح راستہ اختیار کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ ہمارے ملک میں آج کل یہ بات سمجھانا بہت

مشکل ہے۔ اس لئے کہ یہ دلوں سے بالکل نکل گیا ہے۔ گاندھی جی کی ماں بڑی عبادت گزار اور دیندار تھیں۔ مگر اس زمانے میں کسی عورت کا پرارتھنا اور پوجا پاٹھ میں مصروف رہنا کچھ غیر معمولی نہیں تھا۔ گاندھی جی کے والد فرض شناس اور دیانت دار تھے پھر بھی ایسے نہیں کہ انہیں لاکھوں یا ہزاروں میں ایک کہا جا سکے۔ لڑکپن میں گاندھی جی کی صورت شکل یا مزاج میں ایسی خوبی نہیں تھی جو ان کی بعد کی عظمت کا پتہ دیتی ہے لیکن ماں باپ کی مرضی کے خلاف کچھ کرنے، اپنی کسی حرکت سے ان کا دل دکھانے کا خوف انہیں تھا اور کبھی کبھی یہ خوف اتنا شدید ہو جاتا کہ وہ صحیح بات کہنے یا کرنے پر مجبور ہو جاتے تھے۔

خدا کے خوف میں یہ تاثیر ہے کہ وہ ہر دوسرے خوف پر غالب ہو جاتا ہے۔ گاندھی جی جنوبی افریقہ گئے تو وہاں ریل کے پہلے سفر کے دوران ان کی بڑی سخت توہین کی گئی۔ دوسرے ہندوستانی اس توہین کے ڈر سے ان تمام قاعدوں کی پابندی کرتے تھے جو گوروں اور کالوں کو الگ رکھنے کے لئے بنائے گئے تھے۔ گاندھی جی کو یہ گوارا نہ ہوا۔ قاعدوں کو نہ ماننے میں جو جسمانی خطرے تھے ان سے کہیں زیادہ خطرناک وہ نتیجے تھے جو ان قاعدوں کو ماننے سے نکلتے تھے۔ یہ خطرے اخلاقی تھے۔ ان سے ڈر جانا گویا خدا کے ہوتے ہوئے شیطانی قاعدوں کے سامنے سر جھکانا تھا۔ لیکن یہ مناسب اور صحیح نہیں کہ ایک اکیلا آدمی اپنے لئے طے کرے کہ خدا کے حکم کی پیروی کس بات میں ہے اور کس بات میں نہیں اور لڑنے کے لئے میدان میں کود پڑے۔ گاندھی جی نے جب طے کیا کہ ایسے قاعدوں کی مخالفت کریں گے جن سے جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کی توہین ہوتی تھی، تو انہوں نے اپنے خیالات بیان کئے۔ ہندوستانیوں کی خاصی بڑی جماعت کو قاعدوں کی خلاف ورزی پر آمادہ کیا اور اپنی صداقت کے امتحان کے لئے یہ شرط رکھی کہ تشدد کا مقابلہ عدم تشدد سے، اہنسا سے کیا جائے گا۔

اس تحریک کی داستان سنانے کا یہ موقع نہیں۔ اسی سلسلے میں گاندھی جی نے تمام مذہبوں کا مطالعہ کیا، اور اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ سب ایک دین کی مختلف شکلیں ہیں۔ حقیقت ایک ہے۔ قومی مزاج اور حالات نے اسے بیان کرنے کے طریقوں میں فرق پیدا کر دیا ہے۔ ظاہر ہے کہ گاندھی جی کی بھی اپنی زبان تھی۔ وہ خاص روایات اور اصولوں سے متاثر ہوئے تھے اور دین کی بنیادی باتوں کو اپنے خاص انداز سے بیان کرتے تھے۔ جو خدا کو مانتا ہے اور اپنے آپ کو زنجیروں میں نہیں جکڑتا، اپنی روحانی اور اخلاقی طاقت کو عمل میں لانے کے لئے آزاد ہو جاتا ہے! اہنسا کے پرانے اصول کو گاندھی جی نے خیر خواہی کا اصول بنا دیا کہ جب تک انسان دل سے سب کا اور ہر حالت میں خیر خواہ نہ ہو، وہ اہنسا برت نہیں سکتا۔ خیر خواہی عمل سے الگ کر دی جائے تو وہ بے سود اور بے اثر ہو جاتی ہے۔ اسے ایک ظاہری سماجی شکل دینا لازمی ہے اور یہی ہے بنیاد اس جدوجہد کی جس کے لئے گاندھی جی نے اپنی زندگی وقف کر دی۔ انسانیت کا دوست انسان کا دشمن نہیں ہو سکتا۔ اسی وجہ سے گاندھی جی ہر قدم پر اپنی جانچ کرتے رہے کہ انہیں یقین ہو جائے کہ جس کی وہ مخالفت کرتے رہے ہیں، اس سے صرف یہ نہیں کہ نفرت نہیں کرتے بلکہ اسے دل سے عزیز رکھتے ہیں اور اس کی مخالفت اس کی اپنی بھلائی کے لئے خیر خواہی میں کرتے ہیں۔ ملن پر یہ الزام لگایا گیا ہے کہ وہ ایسے مسئلوں میں جو دراصل مذہبی نہیں ہیں خدا کا دل کی آواز کا ذکر بیچ میں لے آتے ہیں۔ اگر غور کیجئے تو زندگی کا کون سا ایسا مسئلہ ہے جس کا کوئی اخلاقی پہلو نہیں، جس میں حق اور انصاف کی بات نہ آئے۔ گاندھی جی کا اس میں کوئی قصور نہیں، اگر لوگ انھیں سنت اور مہاتما سمجھتے تھے اور اس لئے فرض کر لیتے تھے کہ وہ اصولاً اور مصلحتاً متعلقہ لوگوں کے مزاج کو نظر انداز کرتے ہیں اور اب جبکہ کافی زمانہ گزر گیا ہے، ہم ان اختلافات پر نظر ڈالیں جن کا آخری نتیجہ ۱۹۴۷-۴۸ء کا کشت و خون اور ملک کی تقسیم تھی، تو ماننا پڑے گا کہ ہمیں اصل نقصان ایسی سیاست سے پہنچا جس کی پشت پر کوئی اخلاقی اصول نہ تھے۔

دراصل حق کا معیار اور ہے، دنیا کا معیار اور۔ دنیا یہ دیکھتی ہے کہ کامیابی کتنی ہوئی۔ حق کے ترازو میں خلوص اور تمنا کی شدت کو تولا جاتا ہے۔ دنیا دیکھتی ہے کہ لیڈر کے ساتھ پیرو کتنے ہیں، حق کی جانچ میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ رہنما سب کا ساتھ چھوٹ جانے پر بھی اپنے ارادے پر قائم رہتا ہے یا نہیں؟ ۱۹۴۲ء میں چوری چورا کے بلوے کے بعد گاندھی جی کے سامنے یہ سوال تھا کہ وہ قوم کا ساتھ دیں گے یا عدم تشدد کے اصول کا، اور انھوں نے اصول کو ترجیح دی۔ اپنی اردو زبان میں ہم کہیں گے کہ خدا کے خوف نے انھیں اپنی تحریک کو بند کرنے، کامیابی کو صداقت پر قربان کرنے پر مجبور کیا۔ یہ ایسی ہمت کی دلیل ہے جو اس دنیا میں بہت کم دیکھی جاتی ہے۔ پھر ۱۹۴۶ء کے فسادات کے زمانے کو دیکھئے۔ اس وقت کون تھا جس میں اتنی ہمت تھی کہ بھائی چارہ اور محبت کا نام لے اور انسانی ہمدردی کے جذبے پر بھروسہ کرے اور کرائے۔ گاندھی جی نے اپنے آپ کو محبت اور

(بقیہ ص ۱۳ پر)

آصف نعیمی

گاندھی جی اور اقلیتیں

گاندھی جی کا جنم ۱۸۶۹ء میں ہوا۔ انھوں نے ہندوستان اور انگلستان میں تعلیم پائی، محبت، صداقت اور عدم تشدد کے اصولوں کا پرچار کیا، عدم تعاون کا بے مثل ہتھیار وضع کیا اور ہندوستان سے دُنیا کی ایک بہت بڑی اور انتہائی طاقت ور حکومت کا خاتمہ عدم تشدد کے ہتھیار ہی سے کیا۔ اور ۷۹ برس کی عمر میں جب اُن کا کام مکمل ہوا اور ہندوستان آزاد ہوا تو ایک ہندوستانی نے ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو اُن کا کام تمام کر دیا اور اس طرح دُنیا کی ایک عظیم ہستی ہمارے درمیان سے رخصت ہو گئی۔

"اُن کی زندگی علم و خاکساری کا نمونہ تھی۔ اُن کی ذات میں اوصاف حسنہ اس طرح جمع ہو گئے تھے کہ قدرت خود کھڑی ہو کے یہ اختیار کہہ اُٹھی کہ انسان یہی تھا۔" جلیس سیز

ایک اعلیٰ و مکمل زندگی کا یہ انتہائی مناسب انجام تھا۔ نجات دہندہ نے ہندوستان کے گناہوں کے لیے اپنی جان دے دی تھی۔ اس لیے کہ "خدا اپنے خادموں کی رُوح کو نجات دیتا ہے اور اُس میں یقین رکھنے والوں میں کوئی بھی اکیلا و واماندہ نہیں ہوگا" (سام ۲۴-۲۲) اور جیسا کہ قرآن شریف میں آیا ہے۔ "اللہ تعالیٰ کی راہ میں جانیں قربان کرنے والوں کو مرے ہوؤں میں شمار نہ کرو۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے حضور میں زندہ ہیں اور اُسی سے روزی پاتے ہیں۔" (۱۱-۶۴) اُن کی موت مسلمانوں کے لیے خاص طور سے اہمیت رکھتی ہے کیونکہ گاندھی جی نے اُنھیں کے لیے اپنی جان قربان کی۔

گاندھی جی اپنے بارے میں کہتے ہیں "جن مذہبی آدمیوں سے میری ملاقات ہوئی ہے، اُن میں سے بیشتر بھیس بدلے ہوئے (یا اندھے) سیاست دان تھے اور میں جو بہ ظاہر ایک سیاست دان کے بھیس میں ہوں دل سے مذہبی انسان ہوں۔"

(مائنڈ آف مہاتما گاندھی۔ سرورق)

ڈاکٹر رادھا کرشنن نے گاندھی جی کے کردار کو ان لفظوں میں بیان کیا ہے — "شاذ و نادر ہی کوئی ایسی ہستی عام سطح سے اوپر اُٹھتی ہے جو پرماتما کے بارے میں اتنی گہرائی کے ساتھ سوچ بچار کرے، اس کے اعلیٰ مقصد کو سمجھتی اور ایزدی ہدایت پر بڑی جرأت سے عمل کرتی ہے۔ اس کے وجود کی مثال روشنی کے مینار کی سی ہے جو تاریک اور انتشار کی شکار دنیا میں مشعل راہ کا کام دیتا ہے۔ گاندھی جی کا تعلق پیغمبروں کی اس نسل سے ہے جو دل سے بلند حوصلہ تھی، جن کی رُوح مجسم اخلاق تھی اور جو نڈر ہو کر قہقہہ لگا سکتی تھی۔ اپنی زندگی اور تعلیمات میں اُن اقدار کے شاہد و امین رہے جو صدیوں سے اس ملک کا خاصہ اور حصہ ہیں۔ یہ اقدار ہیں — رُوح میں اعتقاد، اس کے اسراروں کا احترام، تقدس کا حسن، فرائض کی قبولیت، کردار کی راستی — اور یہ قدریں قومی ہیں اور نہ بین الاقوامی بلکہ آفاقی ہیں۔" (ایضاً۔ پیش لفظ)

گاندھی جی عدم تشدد میں گہرا عقیدہ رکھتے تھے۔ اس کے بارے میں وہ خود لکھتے ہیں۔

"عدم تشدد میرے عقیدے کی پہلی شرط ہے اور یہ میرے مسلک کی آخری شرط بھی ہے۔"

"میری عوامی زندگی میں ایسے متعدد مواقع پیش آئے جب میں جوابی کارروائی کر سکتا تھا، لیکن میں نے اس سے احتراز کیا اور اپنے دوستوں کو بھی ایسا ہی کرنے کا مشورہ دیا۔ میں نے اپنی زندگی کو اس اصول کی تبلیغ کے لئے وقف کر رکھا ہے۔ اس اصول کا درس میں نے دنیا کے سبھی عظیم مبلغوں ـــــ زرتشت، مہاویر، ڈینیل، عیسیٰ، محمد گورونانک اور متعدد دوسرے مبلغوں کی تعلیمات سے لیا ہے۔"

یہاں یہ امر لائق ذکر ہے کہ حال میں مارٹن لوتھر کنگ نے امریکہ میں انھیں اصولوں کے لئے شہادت پائی۔ مارٹن لوتھر کنگ اپنے آپ کو گاندھی کا پیروکار کہا کرتے تھے۔ اور مسلمانوں کے لئے یہ امر غور طلب ہے کہ سرحدی گاندھی خان عبدالغفار خاں عدم تشدد میں گہرا یقین رکھتے ہیں۔ اگر اسلام کو صحیح طور پر سمجھا جائے تو معلوم ہوگا کہ اسلام کا مسلک تشدد کا مسلک نہیں۔ بلکہ یہ ممکن حد تک عدم تشدد کی تعلیم دیتا ہے۔ پیغمبر اسلام نے فرمایا ہے کہ آپ کو چاہئے کہ آپ اپنے دشمن کو ستر بار معاف کر دیں اور جب کوئی چارۂ کار نہ رہے تو بھی اپنے دفاع میں معمولی طاقت سے کام لینے کی اجازت دی گئی ہے اس بات کی وضاحت ہندوستان میں قرآن کریم کے سب سے بڑے مفسر مولانا ابوالکلام آزاد نے بخوبی کی ہے۔

گاندھی جی کہتے ہیں ـــ "عدم تشدد ایک بہت بڑی قوت ہے، جس سے بنی نوع انسان کام لے سکتا ہے۔ انسان نے اپنی طباعی سے کام لے کر تباہی و بربادی کا جو سب سے زیادہ طاقتور ہتھیار بنایا ہے، یہ اس سے کہیں زیادہ طاقتور ہے۔ تباہی قانون انسانی نہیں انسان آزادانہ طور پر زندگی بسر کرتا ہے اور ضرورت ہو تو اپنے بھائی کے ہاتھوں مرنے کے لئے تیار رہتا ہے، اسے مارنے کے لئے نہیں۔ ہر قتل جو کیا جاتا ہے، ہر زخم جو لگایا جاتا ہے، خواہ اس کی وجہ کچھ بھی ہو، انسانیت کے خلاف ایک جرم ہے۔"

گاندھی جی کی تعلیم کا ایک بنیادی اصول تمام مذاہب کا یکساں احترام تھا۔ آج مارکسی عقیدے کے حامیوں اور اس عقیدے سے انکار کرنے والوں، ہندوؤں اور مسلمانوں، اچھوتوں اور غیر اچھوتوں اور حد تو یہ ہے کہ سنیوں اور شیعوں میں مذہبی کشمکش کا چرچا عام ہے ایسے حالات میں ہمارے لئے لازم ہے کہ ہم اپنی توجہ کا مرکز گاندھی جی کے مذہب کو بنائیں وہ تمام مذاہب کو مساوی سمجھتے تھے۔ گورونانک کے بیش بہا لفظوں میں: "نہ کو مسلمان ہے نہ کو ہندو ہے"۔ ہندومت، عیسائیت اور اسلام کے بارے میں گاندھی جی کے خیالات کیا اور کیسے ہیں، یہ میں آپ کو بتاؤں گا۔ میری ناچیز رائے میں وہ بہت سے ہندوؤں سے بہتر ہندو، بہت سے عیسائیوں سے بہتر عیسائی اور بہت سے مسلمانوں سے بہتر مسلمان تھے۔ فی الواقع وہ سچے شہید تھے۔ انہوں نے بالخصوص مسلمانوں کے لئے اپنی جان قربان کی۔ اس سلسلے میں گاندھی جی نے خود یہ کہا ہے "ہندومت کوئی جداگانہ مذہب نہیں ہے۔ ہندومت ہر کسی کو اپنے عقیدے کے مطابق خدا کی عبادت اور دوسرے تمام مذاہب کے ماننے والوں کے ساتھ پُرامن طریقہ پر رہنے کی تلقین کرتا ہے۔"

"ہندومت کا بنیادی عقیدہ ہے کہ کل کائنات کا ایک آفاقی سرچشمہ ہے۔ آپ اسے اللہ، خدا یا پرمیشور بھی کہہ سکتے ہیں۔"

"میرا عقیدہ ہندومت فرقہ پرستی پر مبنی نہیں۔ میرے علم کے مطابق اس میں اسلام، بدھ مت، عیسائیت اور زرتشتیت کے تمام اوصاف شامل ہیں۔ ستیہ (سچائی) میرا مذہب ہے اور اس کے حصول کا واحد ذریعہ اہنسا ہے۔ تشدد کے عقیدے کو میں نے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے مسترد کر دیا ہے۔"

میں ہندو اور مسلمان دونوں کے لئے ایک سی محبت رکھتا ہوں میرے دل میں جتنی ہمدردی ہندو کے لئے ہے اتنی ہی مسلمان کے لئے بھی ہے۔ اگر میں اپنا سینہ چاک کر کے دکھا سکتا تو آپ دیکھتے کہ میرے دل میں کوئی خانے نہیں بنے ہوئے ہیں۔ . . . ." اس امر کے پیش نظر کہ ہندومت کے بیشتر فرقے خدائے واحد میں یقین رکھتے ہیں اور ہندوستان میں رام، کرشن اور بدھ جیسے پیغمبر پیدا ہوئے ہیں، ایک مسلمان رہنما ہمایوں کبیر (مرحوم) ہندوؤں کو "اہل کتاب" میں شمار

کرتے ہیں مسلم پولیٹکس کلکتہ بکھو پادھیائے ۱۹۶۹ء صفحات ۳۳-۱۳۱)

عیسائیت اور حضرت عیسیٰ کے لئے گاندھی جی کے دل میں خاص جگہ تھی۔ لوئی فشر نے ایک بڑا خوبصورت واقعہ بیان کیا ہے: "یہ بات ۱۹۴۲ء کی ہے۔ میں ہفتے بھر کے لئے گاندھی جی کا مہمان تھا۔ گاندھی جی کی کچی مٹی کی دیواروں والی جھونپڑی میں آرائش کی فقط ایک شے تھی اور وہ حضرت عیسیٰ کی ایک تصویر تھی۔ جس کے نیچے لکھا تھا "وہ ہمارا امن ہے"۔ میں نے اس کے بارے میں گاندھی جی سے پوچھا۔ بولے "میں عیسائی ہوں اور ایک ہندو اور مسلمان اور ایک یہودی بھی ہوں"۔ (لائف ۳۶۰)

وہ کہتے ہیں: "میری رائے میں آج یورپ خدا یا عیسائیت کی روح کا نہیں شیطان کی روح کا مظہر ہے۔ . . . واقعہ یہ ہے کہ یہاں دولت کے بت کی پرستش ہوتی ہے یہاں اونٹ کے لئے سوئی کے ناکے سے گذرنا آسان ہے لیکن ایک امیر آدمی کے لئے حکومت الٰہی میں بار پانا مشکل ہے۔ حضرت یسوع مسیح نے ایسا ہی کہا تھا۔ . . ."

"میں الوہیت یا تقدس کو صرف حضرت عیسیٰ کی ذات سے منسوب نہیں کر سکتا۔ وہ اتنے ہی مقدس ہیں جتنے کہ کرشن یا رام یا محمد یا زرتشت ہیں۔ . . . میرے نزدیک بائبل اتنی ہی مقدس کتاب ہے جتنی مقدس گیتا اور قرآن ہیں۔ (مائنڈ آف مہاتما-۳-۹۲)"

"میں اسلام کو اسی طرح امن کا مذہب سمجھتا ہوں جس طرح کہ عیسائیت، بدھ مت اور ہندو مت کو مانتا ہوں۔ . . . میں اپنی اس رائے کا اظہار کر چکا ہوں کہ اسلام کے پیروکار تلوار کے استعمال میں ذرا زیادہ آزاد رہے لیکن یہ قرآن کی تعلیم کا نتیجہ نہیں۔ یہ نتیجہ ہے اس ماحول کا جس میں اسلام نے جنم لیا تھا۔ قرآن نے بہ زور شمشیر اسلام کی توسیع کی تعلیم کبھی نہیں دی۔ مقدس کتاب میں یہ بات صاف صاف لفظوں میں درج ہے: "مذہب میں کسی جبر کی گنجائش نہیں" (لا اکراہ فی الدین) اور حضرت محمد کی ساری زندگی مذہبی معاملوں میں جبر کی نفی کرتی ہے۔ جہاں تک مجھے علم ہے کسی مسلمان نے جبر و زبردستی کو پسند نہیں کیا ہے۔ اگر اسلام نے توسیع و تبلیغ کے لئے طاقت پر تکیہ کیا ہوتا تو ظاہر ہے کہ یہ ایک عالمی مذہب نہ بن پاتا۔"

ہندوستان کی قومی تہذیب کو اسلام کی ممتاز دین خدا کی وحدت کا تصور ہے یعنی اس کی ذات میں کوئی شریک نہیں ہے اور یہ کہ سارے انسان برابر اور بھائی بھائی ہیں۔ اسلام نے اس کا عملی مظاہرہ کیا . . . میرے نزدیک یہ دونوں باتیں اسلام کا ممتاز ترین عطیہ ہیں۔

یہ نظریہ ہندوستان میں اسلام کے بڑے بڑے شارحین بشمول مولانا ابوالکلام آزاد کا ہے۔ اور یہی نظریہ مغرب کے اُن تمام لوگوں کا ہے جنہوں نے سائنسی بنیادوں پر اسلام کا مطالعہ کیا ہے۔ گاندھی جی دن کا آغاز متعدد مقدس صحیفوں کے پاٹھ سے کیا کرتے تھے۔ اس سے اُن کی مراد اپنے پیروکاروں پر یہ ظاہر کرنا تھا کہ وہ تمام مذاہب کو ایک جیسا مقدس اور ایک سا سچا سمجھتے اور مانتے ہیں اور یہی درس ہے جو وہ آج ہمیں دیتے ہیں۔ اگر ہم اس پر عمل کر سکیں اور اُسے محض موضوع سخن نہ بنائیں۔

گاندھی جی بڑی نیک نیتی اور ایمانداری کے ساتھ ہندو مسلم اتحاد کے حامی تھے۔ اُن کی ساری زندگی اس مقصد کیلئے وقف رہی اور پھر موت بھی اس مقصد کی تکمیل کرتے ہوئے پائی۔

مسٹر جناح کی قیادت میں مسلم لیگ کا مطالبۂ تقسیم زور پکڑتا جا رہا تھا۔ ۹ ستمبر ۱۹۴۴ء سے ۲۷ ستمبر ۱۹۴۴ء تک مسلسل ۱۹ دن گاندھی جی مسٹر جناح کے مکان پر جاتے رہے۔ اور ملکی مسائل پر تبادلۂ خیالات کرتے رہے۔ یہ اقدام اُن کی انکساری اور خلوص نیت کی ایک روشن مثال ہے۔ انجام کار دونوں میں کوئی سمجھوتہ نہ ہو سکا۔ بات چیت بند ہو گئی اور اُن کے خطوط شائع کر دئے گئے۔ یہ مراسلت حالیہ برسوں کی نہایت اہم سیاسی دستاویزوں میں شمار کی جا سکتی ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان دونوں کی شخصیت میں کتنا فرق تھا۔ جناح ایک عظیم مدبر اور بہت بڑے وکیل تھے لیکن بدقسمتی سے انہیں ایک ایسے شخص سے واسطہ پڑا تھا جو ایسے ہتھیار استعمال کرتا تھا جو نہ عدالتوں میں استعمال ہوتے تھے نہ جنگ کے میدانوں میں۔ بظاہر مسٹر جناح کی جیت ہوئی۔ لیکن ان کی یہ جیت ہندوستان کی تاریخ کا ایک بہت بڑا المیہ ہے۔

آزادی ملی مگر اس کی قیمت ملک کی تقسیم کی صورت میں چکانی پڑی۔ ہندو پاکستان میں ہندو مسلم فسادات بھڑک اٹھے۔ ہزاروں مارے گئے جائداد تباہ ہوئی اور عورتوں کی عصمت دری کی گئی۔ ہندوستان میں ایک فرد تھا جو ایک اور غیر منقسم ہندوستان کا حامی تھا۔ جو سیکولر اور جمہوری نظام چاہتا تھا۔ جو محبت، عفو اور درگذر اور بدلہ نہ لینے کا سبق پڑھاتا تھا وہ گاندھی تھا لیکن جنونی فرقہ پرستوں کے ایک طبقے کے لئے یہ باتیں ناقابل برداشت تھیں۔ ۳۰ جنوری ۱۹۴۸ء کو برلا ہاؤس میں شام کے ۵ بجے پونا کے ایک ہندو نے انھیں اپنی گولی کا نشانہ بنا دیا۔ اس طرح اس عظیم انسان کی زندگی کا خاتمہ ہوا جو ہندوستان نے گذشتہ ایک ہزار برس میں پیدا کیا تھا۔

پیار عفو اور درگذر سے متعلق اُن کے خیالات سنئے۔

میں نے تلوار، ایک طرف پھینک دی ہے اور صرف میرے پاس محبت سے بھرا ہوا ایک پیالہ ہے جو میں اپنے مخالفوں کو پیش کرتا ہوں عفو اور درگذر روح کی خاصیت ہے اور اس لئے ایک مثبت صفت ہے۔ یہ کوئی منفی رویہ نہیں ہے۔ بدھ نے کہا تھا "غصے پر غصہ نہ کرکے قابو پاؤ، غصہ نہ کرنا کیا ہے؟ یہ ایک مثبت صفت ہے اور محبت جیسی عظیم خوبیوں کی مظہر ہے۔ محبت کا یہ جذبہ مسلسل کوشش کے ذریعے پیدا کیا جا سکتا ہے۔"

اپنی سیاسی زندگی کی ابتدا ہی سے گاندھی جی ہری جنوں کی حالت زار سے بے حد متاثر تھے۔ انھوں نے ایک ہری جن لڑکے کے ساتھ دوستی کی جس کے ساتھ وہ کھیلا کرتے تھے۔ اُن کی بیوی کستور با نے بھی اس دوستی کو پسند کیا۔ بعد میں انھوں نے لکشمی نامی ایک ہری جن لڑکی کو اپنی بیٹی بنا لیا تھا۔ لوئی فشر کے الفاظ میں ان کا یہ فعل اس طرح کا تھا جیسے کوئی امریکہ کی خانہ جنگی سے پہلے کے زمانے میں جنوبی حصے کی کسی خاتون کے حمل میں ایک نیگرو بچہ لے آئے۔

اچھوتوں، پس ماندہ ذاتوں اور دبے کچلے لوگوں کو انھوں نے ہری جن — خدا کے بچے کہا۔ اچھوتوں کے جداگانہ حلقہ انتخاب کے سوال پر انھوں نے ۱۹۳۲ء میں برت رکھا جس کی وجہ سے ان کی جگہوں کی تخصیص ہوگئی مگر وہ جداگانہ انتخاب کی مضرت رسانیوں سے بچ گئے۔ یہ ان کی تعلیمات اور ذاتی مثال کا بھی نتیجہ تھا کہ ہریجنوں کو مندروں میں داخلے کا دستوری حق ملا۔ ۱۹۳۳ء میں انھوں نے ہریجنوں کی خدمت کے لئے ہریجن سیوک سنگھ قائم کیا۔ غرضیکہ مہاتما گاندھی کی طرح کا دوسرا کوئی شخص نہیں تھا جس نے اچھوتوں کے حقوق کے لئے اتنا کچھ کیا ہو۔

تقسیم ملک کے بعد گاندھی جی کے بارے میں مسلمانان ہند کے متضاد خیالات سننے میں آتے ہیں۔ اسی وجہ سے میں بتانا چاہتا ہوں کہ وہ مسلم اقلیت کے زبردست حامیوں اور مخلص دوستوں میں تھے۔ مذہبی معاملوں میں ان کے خیالات نانک اور کبیر کی طرح کسی مخصوص عقیدے تک محدود نہ تھے اور مذہب کی ظاہری شکلیں اُن کے نزدیک کوئی اہمیت نہ رکھتی تھیں اُن کے معمولات ہر روز صبح تین چار مذہبی کتابوں کی تلاوت سے شروع ہوتے تھے۔ دراصل وہ سارے مذاہب میں یقین رکھتے تھے۔

بہت سے مسلمانوں سے ان کے ذاتی تعلقات تھے جس شخص نے پہلے پہل انہیں افریقہ میں کام دیا، وہ مسلمان تھا۔ طیب جی خاندان سے اُن کے خاص تعلقات تھے۔ میرے خالو عباس طیب جی ان کے گہرے دوست تھے۔ بارڈولی ستیہ گرہ کے زمانے میں وہ پہلے شخص تھے جنھیں لیڈر نامزد کیا گیا تھا۔

فشر اور ان کے دوسرے سوانح نگاروں نے لکھا ہے کہ مہاتما گاندھی کو یقین تھا کہ ہندو مسلم اتحاد کے بغیر سوراج ممکن نہیں ہے۔ ہندوستان کے اتحاد کے لئے وہ عمر بھر کام کرتے رہے۔ ان سے ایک دو غلطیاں سرزد ہوئیں مگر اس کے باوجود مجھے یہ کہنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہے کہ تمام سمجھدار مسلمانوں کی رائے میں وہ مسلمانوں کے گہرے دوست اور مددگار تھے۔ ملک کے بہت سے مسلمانوں نے ان کے ساتھ اور ان کی رہنمائی میں ملک کی آزادی کے لئے سختیاں جھیلیں۔ سرحدی گاندھی خان عبدالغفار خاں نے سرحد کے پٹھانوں کو منظم کیا اس تنظیم کے کارکن خدائی خدمتگار کہے جاتے تھے۔ اُن کی ہمت اور عدم تشدد پر مکمل اعتماد کی وجہ سے میری نوجوانی کے زمانے میں بڑے مشہور تھے۔ مسلم خاتون امتہ الاسلام اور عباس طیب جی کی طرح کے بہت سے سیاسی کارکنوں کو ان سے تحریک ملی تھی۔

(بقیہ ص۲ پر)



گاندھی جی
کے چند مسلمان ساتھی

گوپی ناتھ امن

گاندھی جی کا پہلا تعارف حکیم اجمل خاں سے اس تار کے ذریعے ہوا جو انہوں نے گاندھی جی کو دہلی کے واقعات کے بارے میں بھیجا تھا۔ خلافت کی تحریک ۱۹۱۸ء میں شروع ہو چکی تھی۔ گاندھی جی نے اس میں نمایاں حصہ لیا پھر ۱۹۲۰ء میں ناگپور میں جو کانگرس کا اجلاس ہوا اس میں مسٹر جناح نے گاندھی جی کی ترکِ موالات کی تجویز کی مخالفت کی۔ لیکن یہ تجویز کثرت رائے سے پاس ہو گئی۔ خلافت تحریک میں گاندھی جی اس طرح گھل مل گئے تھے کہ مسلمانوں کے جلسوں میں اُن کے نام کے نعرے لگائے جاتے تھے اگرچہ یہ تحریک خلیفہ ترکی سے متعلق تھی جنھیں بعد میں تخت سے اُتار بھی دیا گیا لیکن چونکہ ہندوستانی مسلمانوں کے جذبات اِن دنوں بہت مشتعل تھے اس لئے گاندھی جی نے اُن کا ساتھ دیا۔ مصطفےٰ کمال پاشا نے سلطان ترکی کو تخت سے اُتار



حکیم اجمل خاں

دیا تو یہ تحریک سرد پڑ گئی۔

خلافت کی تحریک کے زمانے میں مولانا محمد علی و مولانا شوکت علی سے گاندھی جی کی ملاقات ہوئی۔ یہ دونوں بھائی پہلی جنگِ عظیم کے شروع ہونے پر چھندواڑہ میں نظر بند کر دیئے گئے۔ ۱۹۱۹ء میں اُن کی رہائی ہوئی۔ اور رہا ہوتے ہی یہ امرتسر کانگرس میں شریک ہوئے، جہاں اُن کا زبردست خیر مقدم کیا گیا۔ گاندھی جی اور علی بھائیوں کا ہندوستان کا دورہ ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے اس سے تحریکِ خلافت اور کانگرس کو بہت تقویت پہنچی۔ اسی سال امرتسر میں کانگرس کا اجلاس ہوا کیونکہ مولانا محمد علی کا یہ پہلا موقع تھا کہ وہ کانگرس میں شریک ہوئے اس لئے انہوں نے ۱۹۲۳ء میں جب وہ کانگرس کے صدر ہوئے، تو فخریہ کہا کہ اتنے تھوڑے عرصے کانگرس سے وابستہ رہنے کے بعد کوئی اور شخص کانگرس کا صدر نہیں ہوا گاندھی جی کی ملاقات دہلی کانگرس کے اجلاس یعنی ۱۹۱۸ء میں حکیم محمد اجمل خاں سے بھی ہوئی۔ یہی حکیم صاحب ۱۹۲۱ء میں انڈین نیشنل کانگرس کے صدر ہوئے۔

خلافت کی تحریک کے دنوں میں گاندھی جی کی ملاقات مولانا ابوالکلام آزاد سے بھی ہوئی علی برادران کی طرح یہ پہلی جنگِ عظیم میں نظر بند رہ چکے تھے۔ رہائی کے بعد گاندھی جی سے بھی ملے۔

اُن کے متعلق گاندھی جی نے یہ رائے ظاہر کی کہ میں نے ان سے زیادہ عقلمند اور کوئی شخص نہیں دیکھا۔ دراصل خلافت کی تحریک کے دنوں میں بہت سے مسلمانوں سے گاندھی جی کی ملاقات ہوئی

۱۹۲۱ء میں یہ کانگرس اور گاندھی جی سے الگ ہوگئے۔ کیونکہ جو تجویز کانگرس نے احمد آباد کے اجلاس میں کہا یا ۱۹۲۱ء میں پاس کی اس کے الفاظ یہ تھے کہ اگر ممکن ہو تو برطانوی سلطنت کے اندر سوراج اور اگر یہ ناممکن ہے تو برطانوی سلطنت کے باہر ملک کو آزادی دی جائے۔ مولانا حسرت موہانی یہ چاہتے تھے کہ پہلی شرط نہ لگائی جائے وہ برطانوی سلطنت کے باہر ہی سوراج چاہتے تھے۔ اسی لئے وہ ۱۹۲۱ء کے بعد کانگرس سے الگ ہوگئے اور مسلم لیگ میں چلے گئے۔ وہاں مسٹر جناح سے ان کی نہیں بنی تو مسلم لیگ کو بھی چھوڑ دیا۔ ان کا کچھ کچھ رجحان کمیونسٹوں کی طرف بھی ہو چلا تھا۔ گاندھی جی کے آشرم کے ساتھیوں میں شری عباس طیب جی تھے۔ جب نمک ستیہ گرہ میں گاندھی جی گرفتار ہوگئے تو طیب جی نے ہی اس تحریک کی رہنمائی کی۔ اور ان کے گرفتار ہونے پر شریمتی سروجنی نائڈو نے چارج سنبھالا۔ گاندھی جی کے پیروؤں میں منظر علی سوختہ بھی تھے۔ یہ پہلے ہم پارٹی میں انقلابی لیڈر تھے۔ بعد کو گاندھی جی کے اثر میں آگئے۔ آخر عمر میں گاندھی جی کی طرح لنگوٹی پہنے اور چادر اوڑھتے تھے۔ اناؤ میں انھوں نے اپنا ایک آشرم قائم کیا۔ جو ان کے بعد نہ چل سکا۔ دلی میں گاندھی جی اکثر ڈاکٹر انصاری کے یہاں ٹھہرتے تھے۔ دریا گنج میں دلی دروازے کے باہر پہلے نمبر پر ڈاکٹر انصاری کی کوٹھی تھی، جس کا نام دارالسلام تھا۔ ہندوستان کے تمام بڑے بڑے لیڈر اسی کوٹھی میں آکر ٹھہرتے تھے اور ڈاکٹر صاحب سارے اخراجات برداشت کرتے تھے۔ اس لیے ہندوستان کے چند گنے چنے ڈاکٹروں میں



گاندھی جی اور مولانا شوکت علی



مولانا محمد علی

ان میں سے ایک مولانا حسرت موہانی بھی تھے۔ مولانا حسرت موہانی پہلے لوک مانیہ تلک کی انقلابی پارٹی میں تھے۔ بعد میں گاندھی جی کے ساتھ ہوگئے۔



ڈاکٹر انصاری

ہوتے ہوئے بھی وہ اپنی زندگی میں کچھ بچا نہیں سکے۔ دلی کے تیسرے لیڈر مسٹر آصف علی تھے۔ ڈاکٹر انصاری اور حکیم اجمل خاں کے بعد ان کا شمار ہوتا تھا۔ گاندھی جی کی تحریک ستیہ گرہ سے ۱۹۲۱ء میں جب دلی میں مقرروں پر پابندی لگ گئی تو مسٹر آصف علی دلی کی حد کے باہر غازی آباد جا کر تقریریں کیا کرتے اور سینکڑوں آدمی ان کی تقریر سننے کے لئے دلی سے غازی آباد جاتے تھے۔ مولانا ظفر علی خاں بھی تحریک خلافت کے ساتھ ساتھ کانگرس سے وابستہ ہو گئے۔ اور کانگرس ورکنگ کمیٹی تک کے ممبر رہے۔ یہ اخبار زمیندار کے ایڈیٹر تھے۔ شاعر بھی بہت اچھے تھے اور کئی بار جیل بھی گئے۔ جمعیۃ العلماء کے سب ہی لیڈر گاندھی جی کے ساتھ تھے۔ دیوبند کے مولانا محمود الحسن کی سرکردگی میں جمعیت کے مفتی کفایت اللہ اس کے پہلے صدر تھے اور مولانا انور سعیدی جو بعد کو اس کے صدر بھی رہے، شروع شروع میں سکریٹری ہوئے۔ سب سے زیادہ مدت تک مولانا حفظ الرحمٰن اس کے سیکریٹری رہے۔ خواجہ عبدالمجید صاحب کا ذکر بھی اس سلسلے میں لازمی ہے جب گاندھی جی نے یہ چاہا کہ ہندو یونیورسٹی کے لڑکے نکل کر کاشی ودیا پیٹھ میں آجائیں اور مسلم یونیورسٹی کے جامعہ ملیہ میں تو اس میں انہیں پوری کامیابی تو نہیں ہوئی لیکن کئی سو لڑکے جو ہندو یونیورسٹی سے نکلے وہ کاشی ودیا پیٹھ چلے گئے۔ جہاں کے پڑھانے والوں میں ڈاکٹر سپورنانند آچاریہ کرپلانی، آچاریہ نریندر دیو اور ڈاکٹر بھگوان داس کے نام خاص طور سے قابلِ ذکر ہیں۔ اسی طرح جو لڑکے مسلم یونیورسٹی سے نکلے وہ جامعہ ملیہ میں شریک ہو گئے۔ خواجہ عبدالمجید اس کے پہلے پرنسپل ہوئے اور مولانا محمد علی درختوں کے نیچے چٹائیوں پر طلبا کو بٹھا کر شیکسپیئر اور ملٹن کے سبق دیا کرتے تھے۔ ان میں سب سے نمایاں ہستی جو بعد میں ہندوستان بھر میں چمکی وہ ڈاکٹر ذاکر حسین کی تھی۔

پنجاب میں مولانا ظفر علی خاں کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر عالم بھی بڑے پُرجوش کارکن تھے۔ بعد میں انہوں نے اپنی روش بدل لی۔ سرحدی گاندھی بادشاہ خان کا نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔ اُن کی رہنمائی میں قصہ خوانی بازار میں سینکڑوں پٹھان سینہ تان کر گولیوں کی بوچھاڑ کے آگے کھڑے ہو گئے۔ ہندوستان میں ایسی دلیری کی مثالیں بہت کم ملتی ہیں۔

بلوچستان میں عبدالصمد خاں لیڈر تھے۔ وہ گاندھی جی کے معتقد خاص تھے۔ بہار میں مولانا عبدالباری کا نام سب سے زیادہ قابلِ ذکر ہے۔ راجندر بابو نے اپنی سوانح حیات میں تفصیل سے اس کا ذکر کیا ہے کہ کس طرح عبدالباری صاحب پر لاٹھیاں برسیں اور وہ گر کر بے ہوش ہو گئے۔

یہ امر خاص طور پر قابلِ ذکر ہے کہ مولانا آزاد جب انڈین نیشنل کانگرس کے پہلی بار صدر ہوئے تو اُن کی عمر ۳۵ سال تھی۔ اتنی چھوٹی عمر میں کوئی کانگرس کا صدر نہیں ہوا۔

اس طرح مسلمانوں میں گاندھی جی کی تحریک کے ساتھ دینے والوں میں ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں مسلمان ہوئے ہیں۔ اس سلسلے میں



اُمتہ الاسلام اپنا بربت توڑ رہی ہیں

(باقی ص ۵۲ پر)

مہاتما گاندھی
اور
خلافت تحریک

سعید انصاری

ہندوستان کی قومی سیاست میں گاندھی جی کے نزدیک سب سے بڑا مسئلہ ہندو اور مسلمانوں کے اتحاد کا تھا۔ وہ اپنی آپ بیتی' میں ایک جگہ لکھتے ہیں کہ مجھے جنوبی افریقہ میں اس کا احساس ہو چکا تھا کہ ہندو اور مسلمانوں کے دل ایک دوسرے کی طرف سے صاف نہیں ہیں اور میں انتہائی کوشش کرتا تھا کہ باہمی اتحاد کی راہ میں جو رکاوٹیں ہیں، وہ دُور ہو جائیں۔ اپنی خودداری کھو کر یا خوشامد کر کے لوگوں کو خوش کرنا مجھے نہیں آتا تھا۔ مگر جنوبی افریقہ کے تجربوں سے مجھے یقین ہو گیا تھا کہ ہندو مسلم اتحاد کے معاملہ میں میری 'اہنسا' کا بڑا سخت امتحان ہوگا اور مجھے اہنسا کے نئے تجربوں کے لئے بڑا وسیع میدان ملے گا" (تلاش حق حصہ دوم، صفحہ ۲۶۲-۲۶۱) ان چند مختصر جملوں میں گاندھی جی نے اپنا مقصد اور اس مقصد کے حصول کے لئے اپنا طریقۂ کار سب کچھ واضح کر دیا ہے۔ اسی کے ساتھ اُن کی یہ خواہش بھی دیکھئے۔ وہ لکھتے ہیں کہ مجھے اچھے مسلمانوں کی صحبت کی تلاش تھی۔ میں چاہتا تھا کہ ان میں جو پاک نفس اور وطن پرست لوگ ہیں ان سے مل کر مسلمانوں کی طبیعت کا اندازہ کروں۔ اس لئے میں ہر جگہ ان کے ساتھ جانے کے لئے تیار رہتا تھا تاکہ اُن سے اچھی طرح ربط ضبط ہو جائے۔ (صفحہ ۲۶۱)

اسی اثنا میں وائسرائے نے جنگ میں امداد دینے سے متعلق ایک کانفرنس دہلی میں طلب کی جس میں ہر فرقہ اور ہر خیال کے لوگوں کو مدعو کیا تھا۔ اس کانفرنس میں وائسرائے نے گاندھی جی کو بھی شرکت کی دعوت دی تھی لیکن گاندھی جی کو اس میں شرکت سے اس وجہ سے انکار تھا کہ انہوں نے مہاراشٹر سے تلک اور مسلمانوں میں سے علی برادران کو نہیں بلایا تھا۔ اس لئے کہ اُن کے خیالات ذرا انتہا پسندانہ تھے۔ اسی اثنا میں حکومت نے مسئلہ خلافت کے سلسلہ میں انھیں گرفتار کر کے ہول جیل میں نظر بند کر دیا گیا تھا۔ گاندھی جی نے علی برادران کے اصل خیالات معلوم کرنے کی کوشش کی اور یہ کہ انہوں نے اب تک کیا کیا ہے۔ اب گاندھی جی کی مسلمانوں کے ساتھ وابستگی اور ان کے مسئلہ خلافت کے ساتھ ہم آہنگی کا وقت آیا۔ اپنی خود نوشت سوانح عمری میں وہ ایک جگہ لکھتے ہیں "مجھے یہ محسوس ہوا کہ اگر میں مسلمانوں کا سچا دوست بننا چاہتا ہوں تو مجھے چاہئے کہ علی برادران کی رہائی اور مسئلہ خلافت کے تصفیہ کی کوشش میں ہر طرح کی مدد دوں۔ آخر میں وہ مزید برآں لکھتے ہیں کہ "مجھے اس سے بحث نہ تھی کہ اس مسئلہ کی مذہبی صورت کیا ہے۔ میرے لئے یہی کافی تھا کہ یہ مسلمانوں کا مطالبہ ہے اور اس میں کوئی بات اخلاق کے منافی نہیں۔" پھر آگے چل کر وہ خود ہی لکھتے ہیں۔ "مجھے معلوم ہوا کہ انگلستان کے

وزیر اعظم نے تسلیم کر لیا ہے کہ مسلمانوں کا مطالبہ خلافت کے بارے میں صحیح ہے، اس لئے میں نے اپنا فرض سمجھا کہ وزیر اعظم کو عہد کی پابندی پر مجبور کرنے میں مسلمانوں کا ساتھ دوں۔ یہ عہد اس قدر صاف لفظوں میں تھا کہ مجھے اس کے بعد مسلمانوں کے مطالبات کی زیادہ چھان بین کرنے کی ضرورت نہ تھی۔
(" ص ۲۶۳)

سطور بالا سے آپ نے اندازہ کر لیا ہوگا کہ گاندھی جی کس طرح رفتہ رفتہ ہندوستان کی سیاست پر چھا رہے تھے، ایک متحدہ قومیت کی بنیاد اور ایک ہمہ گیر قومی تحریک کی تیاری کر رہے تھے۔ جو ۲۰ء میں "نان کوآپریشن" یا تحریک خلافت کے نام سے شروع ہوئی۔ ان کی تحریک خلافت کی اس شرکت پر اس زمانہ میں بعض لوگوں نے اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کیا جن میں ایک انگریز جرنلسٹ مسٹر ایڈمنڈ کینڈ بھی تھے۔ ان کے جواب میں گاندھی جی لکھتے ہیں: "مجھے اعتراف ہے کہ ترکوں کے مطالبہ کے معاملہ میں میرا خیال کلیتاً میرے اپنے ہم وطن مسلمان بھائیوں کے خیال سے تھا۔ میں انھیں ہم وطن بھائی کہنے کا حق نہیں رکھتا اگر مجھے ان کے ساتھ ہر ایسے معاملہ میں ہمدردی نہ ہو جو انھیں متاثر کرتا ہو، بشرطیکہ وہ معاملہ انصاف پر مبنی ہو۔ میرے ملک کا امن خطرے میں پڑ جائے گا۔ اس وجہ سے نہیں کہ میں نے مسلمانوں کے جذبات کی صحیح راستے پر رہنمائی نہیں کی، بلکہ جتنا یہ برطانوی وزرا کے غیر معقول یا نادانستہ طرز عمل سے پڑے گا۔ میں دعوے سے کہہ سکتا ہوں کہ میں نے ایک بڑی خدمت انجام دی ہے جو میں نے ہندوستان کے مسلمانوں کو اپنے جذبات قابو میں رکھنے اور ہندوؤں کو دل کے ساتھ شریک کار ہونے کے لئے صلاح دی ہے۔ آپ یقیناً صحیح سمجھتے ہوں گے کہ میں نے گلیڈ اسٹون، مارلے اور برائس جیسے مدبروں کی رائے کے خلاف کام کیا جن کا میرے دل میں بہت احترام ہے۔ لیکن آپ کا بھی اعتراض کرنا اس پر مبنی ہے کہ آپ ترکی کے متعلق مسلمانوں کے مطالبہ سے بالکل ناواقف ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ ان کے نقطۂ نظر کا مطالعہ کریں۔ وہ اس سے زیادہ اور کچھ نہیں مانگتے جو اور طاقتوں کو دیا گیا ہے۔ جس کا برطانوی وزرا نے ان سے وعدہ کیا تھا۔ ان کے مطالبہ کی سابق گورنروں اور ممتاز انیگلو انڈین لوگوں نے بھی تائید کی ہے۔ ترکوں کا اپنی ماتحت رعایا کے ساتھ اچھا یا برا سلوک کرنے اور خلافت کے مسئلہ سے کیا تعلق ہے ترکوں کا مسئلہ تو صرف ترکوں کی سالمیت اور اسلام کے مقدس مقامات کو ان کے تحت رکھے جانے سے تعلق رکھتا ہے۔ کیا قسطنطنیہ کا ترکوں سے اس بنا پر چھین لینا ضروری ہے کہ وہاں کی دوسری قوموں کے حقوق کا تحفظ ہو سکے؟ اگر آپ بہ حیثیت ایک جرنلسٹ اور انگریز کے ہندوستان میں امن دیکھنا چاہتے ہیں، اور یہ کہ ہندوستان جشن صلح صحیح طور پر منائے تو آپ کو چاہئے کہ جو انگریز ہندوستان میں رہتے ہیں ان سے آپ کہیں کہ وہ بھی مسلمانوں کا اس معاملہ میں ساتھ دیں۔ تاکہ برطانوی وزرا ہندوستان کے جذبات کا صحیح طور پر اندازہ کر سکیں اور ان کے ساتھ انصاف ہو سکے جس کے لئے ابھی وقت ہے"

گاندھی جی خلافت کے مسئلہ کو مسلمانوں کا ایک جائز اور حق بجانب مسئلہ تو سمجھتے ہی تھے، لیکن اس کے ساتھ وہ یہ بھی جانتے تھے کہ ان کے مشتعل جذبات کو اگر ٹھنڈا نہ کیا گیا تو خود ہندوستان امن خطرے میں پڑ جائیگا۔ اور آئندہ ہندوستان کو جو اصلاحات اور حکومت خود اختیاری ملنے کو ہے وہ مسلمانوں کی عدم شرکت سے بے کار رہ جائے گی۔ اس لئے انھوں نے ہز ایکسیلینسی وائسرائے کے سکریٹری سر ایس۔ آر ہگنیل کے نام ۷ اگست ۱۹۱۹ء کو ایک خط لکھا جس میں انھوں نے مسئلہ کے اونچ نیچ سمجھانے کی پوری کوشش کی اور یہ کہ وہ ہز ایکسیلینسی پر پورا زور ڈالیں کہ وہ یہاں کے مسلمانوں کو بھی مطمئن کرنے کی کوشش کریں۔ چنانچہ گاندھی جی لکھتے ہیں کہ ترکی کے ساتھ شرائط صلحنامہ اگر باعزت ہیں تو ہندوستان میں ان کا کوئی اثر نہ ہونا چاہئے۔ میں اور بھی زیادہ متاثر ہوا جب میں نے ان بڑے بڑے اشخاص کا خط جو انگلستان میں رہتے ہیں، وزیر اعظم کے نام دیکھا۔ ان میں ہز ایکسیلینسی آغا خاں، جسٹس امیر علی، سر عباس علی بیگ وغیرہ کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ مجھے امید ہے کہ ہز ایکسیلینسی نے بھی یہ خط دیکھا ہوگا جو ترکی کے حصے بخرے کئے جانے کے متعلق ہے اور پھر اس کا جو اثر مسلمانوں پر ہوگا۔ میں روزانہ ایسے مسلمان دوستوں سے ملتا ہوں جو یہ کہتے ہیں کہ ہم بیچ دیے جائیں گے۔ میں انھیں برابر سمجھاتا ہوں کہ ہز ایکسیلینسی ایسا نہ ہونے دیں گے اور انھیں ہز میجسٹی کے وزرا پر اعتماد رکھنا چاہئے۔ . . . . . .

اگر مسلمانوں کے یہ خطرات صحیح ثابت ہوئے تو ہندوستان میں ہتھیاروں کے ذریعہ امن ہوگا۔ صحیح امن نہ ہوگا۔ مجھے یقین ہے کہ کوئی بھی اصلاحات خواہ وہ کتنی فیاضی پر مبنی کیوں نہ ہوں، وہ مسلمانوں کو ترکی کے حصے بخرے کرنے اور ان کے مقامات مقدسہ چھن جانے پر انھیں مطمئن نہیں کر سکتی ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ ہز ایکسیلینسی ان باتوں سے باخبر ہوں گے، لیکن سلطنت برطانیہ کے ایک بہی خواہ کی حیثیت سے میں اپنا یہ فرض سمجھتا ہوں، کہ

ہز ایکسیلنسی کے علم میں ان معاملات کو لاؤں جو میرے سامنے آتے رہتے ہیں مجھے امید ہے کہ ہز ایکسیلنسی کی طرف سے ترک کے متعلق اگر ایک بیان شائع ہو جائے تو بہت بہتر ہوگا۔"

اسی تاریخ کو ایک اور خط گاندھی جی نے وائسرائے کے نام بھیجا تھا جس میں لکھا تھا کہ "مولانا محمد علی کے خط کے سلسلے میں میں ایک حیرت انگیز مضمون بھیج رہا ہوں جو [illegible] کی مارماڈیوک پکتھال کے قلم سے نکلا ہے۔ اس میں جو باتیں [illegible] صحیح اور مستند معلوم ہوتی ہیں۔ اگر یہ صحیح ہے تو بہت افسوسناک ہے [illegible]۔ میں ہز ایکسیلنسی کی توجہ نہایت پُرزور طریقہ پر جہاں تک میرے بس میں [illegible] اس امر کی طرف مبذول کرانے کی کوشش کروں گا کہ اگر ممکن ہو تو عام پبلک کو [illegible] ایک بیان شائع کر دیا جائے میری ناچیز رائے میں صلح ایک بڑی مضحکہ خیز چیز بن کر رہ جائے گی اگر کمزور قوموں کے ساتھ اسی طرح برتاؤ کیا گیا جیسے ترکی کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔ لیکن اس کے منصفانہ پہلو کے علاوہ کیا حکومت ہند سلطنت برطانیہ کے لاکھوں شہریوں کی بے چینی اور بے اطمینانی کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہے۔ میں نہیں سمجھتا [illegible] ہز ایکسیلنسی کے اختیار سے باہر ہے کہ خلافت کے مسئلہ کا کوئی مناسب حل [illegible]"

گاندھی جی کی یہ پیشین گوئی کہ صلح ایک بڑی مضحکہ خیز چیز بن کر رہ جائے گی، بالآخر صحیح ثابت ہو کر رہی جبکہ اس سے چند سال بعد مصطفیٰ کمال اتاترک نے برطانوی اور یونانی فوجوں کو سمرنا کے میدان میں شکست دی اور اسی سلطنت عثمانیہ کے خاکستر سے ایک نئی سلطنت وجود میں آئی۔ جزیرۃ العرب کی آزادی اور مسلمانوں کے لاکھ مقدسہ کی حفاظت کے لئے قدرت نے اور انتظام کر دیا۔ دوسری طرف جرمنی میں صلحنامہ ورسائی کے غیر منصفانہ ہونے کے احساس نے ہٹلر کو پیدا کیا جس کی سرگرمی اور رہنمائی میں ایک نئے جرمنی نے جنم لیا جس نے صلحنامہ ورسائی کا ایک ایک ورق پارہ پارہ کر کے رکھ دیا۔ اس سے زیادہ مضحکہ خیزی اور کیا ہو سکتی ہے!

تحریک خلافت سے متعلق سطور بالا سے یہ نہ سمجھنا چاہئے کہ یہ تنہا گاندھی جی کا مسئلہ تھا جو اس کے متحرک تھے اور اس سے ہمدردی رکھتے تھے، بلکہ دوسرے ہندو اکابرین بھی اس میں برابر کے شریک تھے۔ اور مسلمانوں میں بھی یہ سمجھنا کہ صرف علماء اور کم خیال کے لوگ اس تحریک میں شریک تھے، غلط ہے۔ جنوری ۱۹۲۰ء میں ایک وفد ہز ایکسیلنسی وائسرائے سے ملنے کے لئے شملہ جاتا ہے۔ اس وفد کے شرکاء میں جن کے نام خاص طور پر ملتے ہیں ان میں سے چند ملاحظہ ہوں۔ سرفہرست گاندھی جی کا نام ہے، اس کے بعد حکیم اجمل خاں، پھر علی برادران کا نام آتا ہے آگے چل کر مولانا عبدالباری فرنگی محلی، مولانا ابوالکلام آزاد اور حسرت موہانی کے نام آتے ہیں، پھر مسلم لیگ کے سکریٹری ظہور احمد صاحب اور مسٹر محمد علی جناح، سید حسن امام اور مسٹر فضل الحق کے نام ہیں اور پھر ان سب کے علاوہ سب سے حیرت انگیز بات یہ کہ ان کے ساتھ ساتھ پنڈت رام بھج دت چودھری، سوامی شردھانند جی، پنڈت مدن موہن مالوی اور پنڈت موتی لال نہرو جیسے لوگوں کے نام بھی ہیں۔

اس وفد نے ہز ایکسیلنسی کے سامنے جو ایڈریس پیش کیا تھا اس کی عبارت سے بھی یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ ایک ہندو مسلم مشترک وفد تھا اور وفد کے مطالبات میں مسلمانوں کے مسئلہ کے علاوہ ہندوستان کا عام مفاد اور امن عالم کے قیام کا مقصد بھی شامل تھا۔ نیز یہ وفد نہ صرف ۷ کروڑ مسلمانوں کے جذبات کی نمائندگی کے لئے گیا تھا بلکہ ۲۱ کروڑ ہندوؤں کی ترجمانی بھی کر رہا تھا۔ اس ایڈریس کے آخری حصہ [illegible] خاص طور سے قابل ذکر ہیں:

> [illegible] ممکن ہے ختم ہو گئی ہو لیکن امن ابھی کوسوں دور ہے۔ [illegible] برطانوی حکومت سے یہ درخواست کریں گے کہ وہ اسلامی دوستی اور ہندوستانی وفاداری کی قدر و قیمت کو حقیر نہ سمجھے۔ ایک ایسا فیصلہ جو مسلم اور غیر مسلم دونوں کے لئے ناقابل قبول ہو اور جو خوش قسمتی سے اس وقت مل جل گئے ہیں اور ایک دوسرے کے شانہ بہ شانہ کھڑے ہیں، وہ ہرگز امن نہیں لا سکتا اس لئے کہ اس سے نہ انصاف کا حق ادا ہوگا اور نہ انھیں اطمینان حاصل ہوگا۔۔۔۔

آگے چل کر یہ کہا گیا ہے۔

> "لیکن اگر اس کے برعکس ہندوستان کا دل برطانوی دولت مشترکہ کے ایک رکن کی حیثیت سے اپنے معاملات کے خود سنبھالنے کی صلاحیت تسلیم کر کے، جیتا جا سکتا ہے۔ اور دوسری طرف عالم اسلامی کو اسلامی ذمہ داریاں تسلیم کر کے مطمئن کیا جا سکتا ہے تو یہ مجھے کہ نصف دنیا کے مسلمانوں کے جذبات برطانیہ عظمیٰ کے ساتھ ہوں گے اور دنیا کی کوئی طاقت اس کے

ان حقوق سے محروم نہیں کر سکتی ہے جو اس کے اور سلطنت برطانیہ کے ایک دوسرے پر ہیں۔ اس وقت جو خطرہ سامنے نظر آ رہا ہے وہ بغیر کسی ضرب کاری کے یا انسانی خون کا ایک قطرہ بہائے ہوئے اس طرح غائب ہو جائے گا جیسے کبھی تھا ہی نہیں۔ اس وقت دنیا نہ صرف جمہوریت کے لئے محفوظ ہو جائے گی بلکہ خدا اور حق کے لئے بھی مامون بن جائے گی۔ اور اس جذبے کے ساتھ ہم اپنا مشن یور ایکسیلینسی کی مدد سے برطانیہ اور دوسرے اتحادی ملکوں کے پاس بھیجنا چاہتے ہیں"

Collected Works Of Mahatma Gandhi

یہ مسئلہ نہ صرف بے ضابطہ طور پر ہندو اور مسلمانوں کا مشترک مسئلہ بن گیا تھا، بلکہ باضابطہ طور پر کانگرس کے اجلاس منعقدہ امرت سر میں بھی پیش ہوا۔ امرت سر کا یہ اجلاس کئی حیثیتوں سے بہت اہم تھا، ایک تو اصلاحات پر رزولیوشن پاس ہوا جس میں لفظ 'مایوس کن' پر بڑی بحث رہی۔ گاندھی جی اس لفظ کے ہٹانے پر مصر تھے اور کہتے تھے کہ ملک معظم کے اعلان میں ہندوستان کے ساتھ ہمدردی کا جو اظہار کیا گیا ہے اس کا تقاضا یہ ہے کہ ہم شکریہ کا اظہار کریں اور ہمیں اگر اصلاحات چلانی منظور ہیں تو انھیں 'مایوس کن' نہ کہیں، یا پھر اگر ہمت ہو تو انھیں ٹھکرا دیں۔ دوسرا اہم رزولیوشن خلافت کے مسئلہ میں مسلمانوں کے جذبات کے ساتھ ہمدردی کے اظہار کا تھا۔

لیکن آگے چل کر آپ دیکھیں گے کہ گاندھی جی جیسے پر امید شخص کو بھی برطانوی حکمت عملی سے مایوس ہونا پڑا۔ اور پھر ہندو اور مسلمان دونوں دو قالب اور یکجان ہو گئے۔ اس اثناء میں پنجاب کے مظالم پر رولٹ کمیٹی کی رپورٹ جاری ہو گئی تھی۔ جس میں جنرل ڈایر اور گورنر پنجاب او ڈائر کو بے گناہ قرار دیا گیا تھا اور اس کے ساتھ اس کمیٹی کی سفارشات پر ایک رولٹ بل کا مسودہ بھی تیار ہوا، جو بڑے سے بڑے قانون داں لوگوں کے ہوتے ہوئے مجلس آئین ساز میں ایک قانون کی شکل میں پاس کر دیا گیا۔ پھر کیا تھا، اس نے تمام سیاسی حلقوں میں آگ لگا دی اور اس طرح ایک مشترکہ اور متحدہ قومیت کی بنا پر ہی گاندھی جی اپنی تمام صلح و آشتی کی کوششوں کے باوجود ہکے بکے رہ گئے اور اسی فکر و خیال میں وہ رات میں سو گئے۔ اس واقعہ کے اثر اور اس کے نتیجہ کے طور پر اس کا جو حل ان پر القاء ہوا، اس کا تذکرہ وہ اپنی آپ بیتی میں بڑے دلچسپ انداز میں کرتے ہیں۔ "پچھلے پہر میری آنکھ معمولی وقت سے ذرا پہلے کھل گئی۔ ابھی میں خواب و بیداری کی سرحد پر تھا کہ یکایک اس مسئلہ کا حل میری سمجھ میں آ گیا۔ رات مجھے خواب میں یہ خیال آیا کہ اس قانون کے جواب میں ہمیں سارے ملک میں ہڑتال کرنی چاہئے ستیاگرہ تزکیہ نفس کا نام ہے۔ میرے خیال میں یہی مناسب ہے کہ ہم اس کا آغاز تزکیہ نفس سے کریں۔ اس لئے ایک دن مقرر کیا جائے اور اس دن سارے ہندوستانی برت رکھیں، اپنا کاروبار موقوف رکھیں، اور اپنا وقت عبادت میں صرف کریں۔ مسلمانوں کے ہاں ایک دن سے زیادہ کاروبار ناجائز ہے، اس لئے یہ برت ۲۴ گھنٹے کا رکھا جائے۔ (تلاش حق" [illegible])

چنانچہ ۳۰ مارچ ۱۹۱۹ء ہڑتال کی تاریخ مقرر ہوئی۔ جو بعد میں وقت کی کمی کی وجہ سے ۶ اپریل کر دی گئی، لیکن دہلی میں چونکہ اس التوا کی اطلاع دیر سے پہنچی تھی، اس لئے یہاں ہڑتال ۶ مارچ ہی کو ہوئی۔ اس قومی اتحاد کا پر کیف منظر گاندھی جی خود ان لفظوں میں بیان کرتے ہیں:

"دہلی میں سوامی شردھانند جی اور حکیم اجمل خاں کا طوطی بولتا تھا۔ یہاں جیسی ہڑتال اس دن ہوئی اس سے پہلے کبھی نہیں ہوئی تھی۔ ہندو مسلمان ایک دل ہو گئے۔ سوامی شردھانند جی سے جامع مسجد میں تقریر کرائی گئی۔ بھلا حکام ان باتوں کو کیسے برداشت کر سکتے تھے۔ پولیس نے ہڑتال کے جلوس کو اسٹیشن کی راہ میں روکا اور ان پر گولی چلائی۔ بہت سے لوگ زخمی ہوئے بہت سے مارے گئے دہلی میں جبر و تشدد کا دور دورہ ہو گیا" (ص ۲۸۷)

ہندوؤں نے مسلمانوں کا دل اس قدر موہ لیا تھا کہ یہی نہیں کہ سوامی شردھانند جی کو دہلی کی شاہجہانی مسجد میں بلایا گیا اور انھیں امام کے ساتھ منبر پر جگہ دی گئی بلکہ ہندو برادران وطن کی دلجوئی کی خاطر مسلمانوں نے ذبیحہ گاؤ کی رسم ترک کر دینے کا بھی فیصلہ کیا گیا تھا اور ایک مشترک کانفرنس اس غرض سے بلائی گئی لیکن گاندھی جی کسی وقتی مجبوری سے فائدہ اٹھانے کے قائل نہ تھے اور نہ وہ اس کو سودے کا معاملہ سمجھتے تھے۔ چنانچہ انھوں نے کانفرنس کے مدعوئین کو لکھ دیا کہ وہ خلافت اور ذبیحہ گاؤ کے مسئلے کو آپس میں گڈمڈ نہ کریں۔ کانفرنس کے سامنے بھی صاف صاف یہی کہا کہ "اگر خلافت کا مسئلہ جیسا کہ میں سمجھتا ہوں

پر مبنی ہے، اور اگر حکومت نے اس معاملے میں صریحی بے انصافی کی ہے تو ہندوؤں
فرض ہے کہ وہ اس کی تلافی کے مطالبہ میں مسلمانوں کا ساتھ دیں۔ ان کے لئے یہ
ت نازیبا ہے کہ اس موقع پر گئو رکشا کا مسئلہ بیچ میں لائیں اور صورتِ حال سے
ائدہ اٹھا کر مسلمانوں سے سودا چکائیں۔ اور مسلمانوں کے لئے بھی اس شرط پر گاؤکشی
بند کرنا نامناسب ہے کہ ہندو خلافت کے مسئلہ میں ان کا ساتھ دیں۔ یہ دوسری بات
ہے کہ مسلمان ہندوؤں کے مذہبی جذبات کے لحاظ سے ہمسائیگی اور ملکی برادری کے
حقوق کو مدِ نظر رکھتے ہوئے عمومی گاؤکشی اپنی خوشی سے ترک کر دیں۔ ان کا یہ طرزِ عمل بہت
روشنما اور قابلِ تعریف ہوگا لیکن ظاہر ہے کہ اگر مسلمان گاؤکشی بند کرنا فرض ہمسائیگی
سمجھتے ہیں تو انھیں ہر حال میں بند کر دینا چاہئے، چاہے ہندو خلافت کے مسئلہ میں ان کا
ساتھ دیں یا نہ دیں۔" (ص ۳۰۹)

لیکن مسلمانوں کی طرف سے اس وقت اسی پایہ کی فیاض دلی اور مخلصانہ
رویہ کا ثبوت دیا گیا چنانچہ گاندھی جی اپنی "آپ بیتی" میں لکھتے ہیں کہ "اس کے
باوجود مولانا عبدالباری صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ "خواہ ہندو ہماری مدد کریں
یا نہ کریں، مسلمانوں کو اپنے برادرانِ وطن کے جذبات کا لحاظ کر کے گاؤکشی ترک
کر دینا چاہئے" (ص ۳۰۹)

اس طرح گاندھی جی ہندو اور مسلمانوں کو ایک خالص ہندوستانی قومیت
کی بنیاد پر ایک دوسرے سے قریب لانا چاہتے تھے! اور جس طرح انھوں نے ایک دوسرے
کو مذہبی سودے بازی سے روکا۔ اس طرح تحریک کو وقتی اور ہنگامی بھی نہ ہونے دیا۔
اس لئے وہ اس کے ساتھ کسی مقامی مسئلہ یا فوری انتقامی تدبیر کو شریک نہیں کرنا
چاہتے تھے بلکہ اسے ایک بلند سطح اور اعلیٰ اصولوں پر مبنی رکھنا چاہتے تھے۔ وہ طریقۂ کار
اور لائحہ عمل کیا ہو، ان کے ذہن میں کوئی نپا تلا پروگرام نہ تھا بلکہ اس مشترک
کانفرنس کے سامنے انھوں نے جو خیال پیش کیا، اسی میں وہ طریقۂ کار بھی مضمر تھا۔
خود انھیں کے الفاظ میں سنئے:۔

"اگر خدانخواستہ صلح کی شرائط آپ کے خلاف ہوئیں تو آپ حکومت
سے استمدادِ عمل ترک کر دیں گے۔ اگر حکومت ہمارے ساتھ خلافت
جیسے اہم بالشان مسئلہ میں عہد شکنی کرے تو ہمارے لئے بجز "ناں کوآپریشن"
یا ترکِ موالات کے کوئی چارہ نہیں اور ہمارا یہ "ناں کوآپریشن" بالکل
جائز ہوگا۔"

یہ تھا ٹیپ کا وہ بند جو گاندھی جی نے اپنی اس تقریر میں ظاہر کر دیا، اور
اس کے بعد سے تحریکِ خلافت اور تحریکِ ترکِ موالات، دونوں گنگا جمنا کے
دوآبے کی طرح متحدہ قومیت کے سنگم میں ہیں کہ اس سے پہلے ہندوستان کی
[illegible] میں کبھی ایسی یک جہتی اور یگانگت نہیں دیکھی گئی تھی۔

ترے خواب کی حسیں تعبیر

مہاتما گاندھی کی تصویر دیکھ کر

خیال آتا ہے یہ دیکھ کر تری تصویر
کہ ہے یہ ملک ترے خواب کی حسیں تعبیر
تری ہی ذات تھی ظلمت کدے میں اک تنویر
جفا و جور و ستم کی فضاؤں میں بھی رہا
ترا عمل ترا خنجر تری خوی شمشیر
ترے عمل کا کرشما تری اہنسا ہے
تری خودی کا نتیجا تری اہنسا ہے
ہر اک دل پہ یہی نقش ہے زمانے میں
کہ تیرے دل کی تمنا تری اہنسا ہے
تو رہنمائے رہِ کاروانِ آزادی!
تری ہی فکر تھی دراصل جانِ آزادی
یہ حوصلہ کہ لہو نذر کر دیا اپنا
پڑی تھی جب کہ بنائے مکانِ آزادی
جو مردہ دل تھے انھیں تو نے زندگی بخشی
تری نظر نے اندھیرے کو روشنی بخشی
تری ہی چشمِ بصیرت نے کور ذہنوں کو
ادائے خاص سے ادراک و آگہی بخشی
ہے تیری ذات ابھی جاگزیں ہر اک دل میں
ترا ہی نور ہے اب بھی ہماری محفل میں
کوئی بھی مسئلہ درپیش ہو وطن کے لئے
ترے ہی فیض سے آسانیاں ہیں مشکل میں
خیال آتا ہے یہ دیکھ کر تری تصویر
کہ ہے یہ ملک ترے خواب کی حسیں تعبیر

ولی آسی

چندر پرکاش سپرا

روشنی کے کرن



یہ واقعہ جنگ کا ہے۔

۲۶ اگست کی شام کو جب مسٹر ٹامسن سپرنٹنڈنٹ پولیس جن سے میری کچھ رسم و راہ تھی سے میری ملاقات ہوئی تو انھوں نے بتایا کہ کل سے اتنے بڑے پیمانے پر ہندو مسلم فسادات ہونے کا اندیشہ ہے کہ ان پر قابو پانا مشکل ہوگا۔ معلوم نہیں حالات کیا صورت اختیار کریں۔ نہیں کہا جا سکتا کہ اس صورت میں لوگوں کی جان و مال کس حد تک محفوظ رہ سکے گا۔ جب میں نے پوچھا کہ ان حالات میں آپ میری کیا مدد کر سکتے ہیں تو انہوں نے کہا اگر آپ یہاں سے جانا چاہیں تو میں حفاظت کیلئے پولیس کے دستے کا انتظام کر دوں گا جو لاہور تک آپکے ساتھ جا سکتا ہے حالات ایسے مخدوش تھے کہ اگلے دن چار بجے صبح ہی روانگی کا وقت مقرر ہوا۔ ٹامسن صاحب نے مسٹر پی ساہنی، بیرسٹر سردار جیون سنگھ اور بعض اور دوستوں کو بھی یہی مشورہ دیا۔ چنانچہ اگلی صبح سردار جیون سنگھ کی لاری پر جھنگ سے روانگی ہوئی۔ ٹامسن صاحب دستے سمیت ہمارے ساتھ تھے۔ ہم چھ بجے لائلپور پہنچے۔ چونکہ لائلپور اور لاہور کے درمیان بڑی خونریزی ہوئی تھی اس لئے لائلپور میں کرفیو لگا ہوا تھا اور بہت سے لوگ جو لاہور جا رہے تھے راستے ہی سے واپس لوٹ آئے تھے۔ چنانچہ ہم نے بھی لاہور جانے کا ارادہ ترک کر دیا اور لائلپور ہی میں ٹھہر گئے۔

بعد کو یہ طے پایا کہ مسٹر ساہنی بذریعہ ہوائی جہاز دلّی جائیں اور وہاں سے سب کے لئے ہوائی جہاز بھیجنے کا انتظام کریں۔ دلی سے ہوائی جہاز آتے جاتے تھے۔ ہوائی جہاز جن لوگوں کے لئے آتے تھے ان کے نام ریڈیو پر بتائے جاتے تھے تاکہ وہ ٹھیک وقت پر ہوائی اڈے پہنچ جائیں۔ اس سلسلے کے دو واقعات جو کہ دلچسپ معلوم ہوتے ہیں آپ بھی سنئے:

(آج کل دلی (مہاتما گاندھی نمبر)

ہوائی اڈہ پر ایک ہوائی جہاز اترا تو کپتان نے زور زور سے نام پکارنا شروع کیا۔ ڈاکٹر ترہن نے اپنے بھائی کے لئے ٹکٹ بھیجا تھا لیکن وہ وہاں موجود نہ تھے اس پر مسٹر ساہنی بیرسٹر جن کا ذکر اوپر ہوا ہے ڈاکٹر ترہن کے بھائی بنکر آگے بڑھے اور جہاز پر سوار ہو گئے۔ بیس آدمی پورے ہو گئے تو جہاز اڑان کے لئے تیاری کرنے لگا۔ جہاز ابھی چلا نہیں تھا کہ اتنے میں ہانپتے کانپتے ڈاکٹر ترہن کے بھائی بھی آ پہنچے اور لگے شور مچانے کہ اصل مسافر میں ہوں۔ لطف یہ کہ ڈاکٹر ترہن کے بھائی اور مسٹر ساہنی دونوں ایک دوسرے کو خوب جانتے تھے۔ اس کے باوجود ہر ایک کہہ رہا تھا کہ اصل آدمی وہی ہے۔ میرا خیال ہے کہ بالآخر جہاز ۲۰ کی بجائے ۲۱ سواریاں لے کر اڑا۔

ایک اور واقعہ یوں ہوا۔ جہاز اترا تو میرے ایک قریبی عزیز لالہ منوہر لال کپتان کے پاس پہنچے اس سے کہا کہ دو ہزار روپیہ لے لو اور مجھے ساتھ لے چلو۔ کپتان نے انکار کر دیا۔ اس پر انہیں ایک ترکیب سوجھی۔ سواریاں جہاز پر جانے والی تھی ان کا سامان وہیں رکھا تھا۔ جب سامان جہاز پر چڑھانے کا وقت آیا تو لالہ منوہر لال بھی مل بنکر یہ سامان چڑھانے لگے۔ وہ ایک بڑا سا بستر اٹھا کر جہاز پر گئے تھے کہ شور مچا "مارنے والے آ گئے۔ مارنے والے آ گئے"۔ لالہ منوہر لال نے وہ بستر اپنے اوپر ڈال لیا اور دبک کر بیٹھ گئے۔ منٹوں میں ان کے اوپر بہت سا سامان ڈال دیا گیا لیکن انہوں نے اف تک کی۔ چپکے پڑے رہے جب جہاز اڑنے لگا تو لالہ منوہر لال نے سامان ڈھکیل کر ادھر ادھر کیا اور اٹھ کھڑے ہوئے تعجب ہوئی تو لالہ منوہر لال پکڑے گئے جہاز کے کپتان نے دو ہزار کا مطالبہ کیا جو انہوں نے

پندرہ بیس منٹ پہلے پیش کیے تھے۔ منوہر لال جی نے سکون سے کہا۔ بھائی میں غریب اور پردیسی ہوں مشکل سے تو جان بچا کر بھاگ رہا ہوں۔ میرے پاس دو ہزار روپیہ کہاں؟ مجھے لے چلیں تو آپ کی مہربانی اگر یہ منظور نہیں تو صاحب مجھے بیچ میں اتار دیجئے۔ ہوائی جہاز لائلپور سے چلنے کے بعد امرتسر سے پہلے رک نہیں سکتا تھا غرض امرتسر پہونچ کر لالہ منوہر لال جہاز سے اتار دیئے گئے۔ اس طرح وہ پاکستان سے ہندوستان آ گئے اور روپیہ بھی بچ گیا۔

۳۰ اگست ۱۹۴۷ء کو ریڈیو سے اعلان ہوا کہ سرحدی دستہ اگلے دن صبح سات بجے لائلپور سے روانہ ہو کر اسی دن شام کو امرتسر پہونچے گا۔

۳۱ اگست کو کرفیو لگا ہوا تھا۔ میں کرفیو کی خلاف ورزی کر کے کسی طرح سرحدی دستے کے صدر دفتر پہونچا۔ دیکھا کہ برآمدے میں دو انگریز افسر بیٹھے ہوئے شراب نوشی میں مشغول ہیں۔ قریب گیا تو معلوم ہوا کہ میجر پیٹرسن اور کپتان بلانک ہیں۔ انہوں نے مجھے بھی دعوت دی جسے میں نے قبول کر لیا دو تین جام پیش کرنے کے بعد انھوں نے پوچھا کیسے تکلیف کی۔ میں نے بتایا کہ آپ کے دستے کے ساتھ ۷۰ ٹرک جا رہے ہیں اگر ہو سکے تو مجھے اور میرے خاندان کو بھی ساتھ لیتے چلئے کیوں کہ میری نوے سالہ دادی اور کسی طرح نہیں جا سکتیں۔ انہوں نے کہا کہ انہیں آرام سے لے جائیں گے اور انہیں کسی طرح کی تکلیف نہ ہوگی صبح، بجے آجائیے۔ لیکن کوشش کیجئے کہ سامان زیادہ نہ ہو۔ اگلی صبح میں نے گلی میں ادھر ادھر دیکھا تو ایک خالی ریڑھی دکھلائی پڑی ہم نے کچھ کھانے پینے کا سامان اس پر رکھا اور دادی اماں کو بھی بٹھایا کیوں کہ وہ چل نہیں سکتی تھیں۔ ریڑھی ڈھکیلتے ہوئے ہم نوچی دفتر پہنچے۔ جہاں سے ٹرک روانہ ہونے والے تھے پیٹرسن صاحب کے حکم سے ہمیں ایک ٹرک سوار ہونے کی اجازت ملی۔ راستے میں قتل و غارت گری کے بھیانک اور الم ناک مناظر دیکھتے ہوئے شام کے سات بجے امرتسر پہنچے۔

اب سوال یہ تھا کہ ہمارا بارہ افراد کا قافلہ کہاں پناہ گزیں ہو؟ سوچتے سوچتے یاد آیا کہ سردار صاحب سردار لال سنگھ یہاں ایڈیشنل ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ ہیں اور میرے پرانے دوست اور مہربان بھی ہیں ان کے گھر قیام کیا جائے۔ اس پر ہم سامان سروں پر اٹھائے ان کے گھر پہنچے۔ سردار صاحب حسب معمول بہت تپاک سے ملے۔ مل کر خوش ہوئے۔ خیر و عافیت پوچھی کھلایا پلایا اور رات گئے تک باتیں کرتے رہے معلوم ہوا کہ ان کے اور سب قریبی رشتہ دار تو پاکستان سے بخیریت آ چکے ہیں لیکن ان کے والد صاحب جن کی عمر ۷۵، ۸۰ کے قریب ہوگی ہنوز نہیں آئے ہیں اور ان کی وجہ سے سب لوگ حیران و پریشان ہیں۔ سردار صاحب نے یہ انتظام کیا تھا کہ ملٹری لاریاں مسلمانوں مہاجروں کو گجرات لے جائیں اور واپسی میں ہندو غیر متاثرین کو یہاں لے آئیں۔ انھوں نے لاری والوں کو اپنے والد کا پتہ وغیرہ دیدیا کہ انہیں ساتھ لیتے آئیں۔

جب یہ لاریاں واپس آئیں تو سردار صاحب ان میں سے کسی پر موجود نہ تھے روزانہ سینکڑوں کیا بلا مبالغہ ہزاروں پناہ گزیں آ رہے تھے جتنے منہ اتنی باتیں۔ سچی جھوٹی خبریں پھیلنے لگیں۔ پنجاب کے دونوں حصوں میں قتل و غارت گری کا بازار گرم تھا۔ رہنماؤں نے بار بار اپیلیں کیں۔ مگر بے سود۔ دونوں فریق ایک دوسرے کو مورد الزام ٹھہراتے تھے عجیب بے بسی کا عالم تھا اور ساری فضا انتہائی سوگوار اور المناک تھی۔

اسی دن یہ خبر ملی کہ سردار لال سنگھ کے والد قتل کر دیے گئے ہیں۔ سب کو اس خبر سے بیحد دکھ ہوا خصوصاً سردار لال سنگھ کو اس کا بیحد صدمہ تھا کہ وہ اپنے والد کو بچانے کے لئے کچھ بھی نہ کر سکے۔

اگلے دن سات بجے کے قریب میں اور سردار صاحب بیٹھے تھے اور مختلف قسم کی باتیں ہو رہی تھیں اتنے میں ایک جیپ آئی جس پر سے سٹی انسپکٹر پولیس اترا اور فوجی سلامی کے بعد کھڑا ہو گیا۔ سردار صاحب نے اسے اشارے سے بلایا تو وہ برآمدے میں آیا اور کہنے لگا "حضور مسلمانوں کا ایک مکان اندر سے بند ہے اور باہر سے بھی مقفل ہے۔ اندر آنے جانے کا کوئی راستہ نہیں ہے کبھی کبھی وقت آوازیں آتی ہیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ مکان کے اندر کچھ مرد عورتیں اور بچے ہیں ہمسایوں کے بیانات کے مطابق یہ لوگ دس دن سے مکان کے اندر بند ہیں۔ اس مکان کا پانی اور بجلی فسادات کے باعث کٹا ہوا ہے اندر سے کسی کسی وقت ایک چھوٹے بچے کے رونے کی آواز بھی سنائی دیتی ہے۔ مکان کے دروازے پر غنڈوں کا ہجوم بھی کھڑا ہے جو گنڈاسے تلوار کرپان بندوق سے مسلح ہے۔ وہ ان سب کو قتل کرنے پر تلا ہوا ہے۔ پولیس پر زور ڈالا جا رہا ہے کہ وہ وہاں سے ہٹ جائے اور انہیں شکار کھیلنے دے آپ موقع پر چلیں اور مناسب حکم دیں، تاخیر ہوئی تو اندیشہ ہے کہ وہ لوگ قانون اپنے ہاتھ میں لے لیں گے اور مسلمان سب کے سب تہ تیغ کر دیے جائیں گے۔ یہ سنکر سردار صاحب فوراً اٹھ کھڑے ہوئے اور مجھے بھی ساتھ چلنے کے لئے کہا چنانچہ ہم دونوں اکٹھے کوتوالی پہنچے۔ سردار صاحب نے حکم دیا کہ فوراً پچیس مسلح سپاہی جائے واردات پر پہونچیں اس کی تعمیل ہوئی۔ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس چند سپاہیوں کے ساتھ وہاں پہلے سے موجود تھا۔ سردار صاحب نے اس سے بات چیت کی اور پھر ہجوم سے کہا۔

بھائیو۔

مجھے اطلاع ملی ہے کہ اس مکان میں کچھ مسلمان مرد عورتیں اور بچے موجود ہیں جنھیں آپ جان سے مارنا چاہتے ہیں۔ اس کام کے لئے ضروری ہے کہ مکان کا دروازہ کھولا جائے اور انہیں باہر نکالا جائے۔

آپ سب صاحبان دس دس فٹ سڑک چھوڑ دیں لوگ فوراً دس فٹ پیچھے ہٹ گئے اور دس فٹ سڑک خالی ہو گئی۔ پانچ پانچ قدم پر سپاہی کھڑے ہو گئے۔ تالا توڑا گیا لیکن اب مشکل یہ تھی کہ دروازہ اندر سے بند تھا اور اندر کے لوگ مارے جانے کے ڈر سے دروازہ نہ کھولتے تھے۔ سردار صاحب نے چار سپاہیوں کو حکم دیا کہ دیوار پھاند کر اندر جائیں اور پھر دروازہ کھولدیں۔ ایسا ہی ہوا سردار صاحب اندر گئے اور حکم دیا کہ سب لوگ باہر آجائیں پہلے مرد باہر آئے آٹھ بانو ہوں گے اس کے بعد پانچ چھ عورتیں نکلیں۔ ان سب کی حالت ایسی تھی جیسی ان لوگوں کی ہونی چاہیئے جنھیں دس دن سے کچھ کھانے پینے کو نہ ملا ہو اور موت کا ڈر ہر وقت طاری رہا ہو۔ زرد چہرے، ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے آنکھیں اندر دھنسی ہوئیں غرض دیکھنے کو یہ لوگ زندہ تھے۔ لیکن دراصل سب کے سب مُردوں سے بدتر۔ اب آخر میں صرف ایک عورت اور بچہ اندر رہ گئے تھے۔ دوبارہ اندر جانے پر معلوم ہوا کہ چار روز ہوئے اس عورت کے لڑکا پیدا ہوا ہے جو اتنے دن دودھ پانی پیئے بغیر زندہ ہے اور اب زچہ اور بچہ اتنے کمزور ہیں کہ محض چند لمحوں کے مہمان معلوم ہوتے ہیں۔ سردار صاحب نے انہیں اسٹریچر پر باہر نکلوایا۔ اور خود دوبارہ ہجوم سے یوں مخاطب ہوئے:

"صاحبان

مکان کے اندر سے جو مرد عورتیں نکلی ہیں وہ آپ کے سامنے موجود ہیں۔ ان کے علاوہ ایک عورت اور ہے اور ایک اس کا چار دن کا بچہ ہے پانی نہ ملنے کی وجہ سے بچے اور زچہ دونوں کا دم لبوں پر ہے۔ انھیں تو میں کوتوالی بھیج رہا ہوں تاکہ وہ پیاسے نہ مر جائیں"

اتنا کہکر انھوں نے انسپکٹر صاحب کو حکم دیا کہ اسٹریچر جیپ پر رکھکر دونوں کو کوتوالی پہنچا دیا جائے۔ سردار صاحب کے اس رویے سے مجمع ذرا چونکا۔ بپھرے ہوئے لوگ مسلمانوں پر ٹوٹ پڑنے کیلئے بیتاب ہو رہے تھے۔ مجمع کے مقابلہ میں پولیس کی تعداد ناکافی تھی۔ میں یہ سوچ سوچ کر اداس ہوا جا رہا تھا کہ ان لوگوں کی بچنے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ جب جیپ چلی گئی تو اب سردار صاحب نے ہجوم پر ایک نظر ڈالی اور کہا۔ میرے والد بھی پاکستان میں مارے گئے ہیں۔ آپ کی طرح میرے دل میں بھی غم و غصہ ہے آپ کوتوالی کے سامنے والے میدان میں میرے ساتھ چلیں اور وہاں پہونچکر میں ایک ایک کر کے یہ مرد اور عورتیں آپ کے حوالے کردوں گا ان کے ساتھ آپ جو سلوک چاہیں کریں۔"

پورا مجمع سردار صاحب زندہ باد کے نعرے لگانے لگا۔ سردار صاحب مسلمانوں کو ساتھ لئے پیدل چل کھڑے ہوئے۔ آگے آگے سردار صاحب تھے اور ان کے پیچھے پولیس تھی۔ اور اس کے بعد جوش سے بپھرا ہوا ہجوم جو پہلے سے کم رہ گیا تھا کوتوالی کے سامنے اچھا خاصا میدان تھا سب لوگ یہاں جمع ہو گئے۔ کوتوالی پہونچکر سردار صاحب نے حکم دیا کہ مسلمان عورتوں اور مردوں کو فوراً حوالات میں بند کر دیا جائے اور ان پر پہرہ لگا دیا جائے۔ پولیس نے بڑی سرعت کے ساتھ مسلمانوں کو حوالات میں بند کر دیا اور مسلح سپاہی پہرہ دینے لگے جب یہ کام ہو چکا تو انہوں نے کہا "میں اپنے ساتھی کسی جرم کا ارتکاب نہیں ہونے دوں گا کیوں کہ اس طرح مجھ پر عائد جرم کی ذمہ داری مائد ہوگی اور میرا کام جرم کی روک تھام ہے۔ پھر میرا ضمیر بھی مجھے ملامت کرے گا کیوں کہ جو کچھ ہو رہا ہے اس کی ذمہ داری ان بے گناہ لوگوں پر نہیں ہوتی ہے۔ میں ڈپٹی کمشنر صاحب کو بلاتا ہوں جو حکم وہ دیں گے اس پر عمل کیا جائے گا آپ لوگ بھی ان کے آنے کا انتظار کریں" ڈپٹی کمشنر کا نام سنتے ہی ہجوم تتر بتر ہو گیا۔ اب سردار صاحب کوتوالی کے اندر گئے سب مسلمانوں مردوں اور عورتوں کو پولیس کی حفاظت میں کیمپ بھیجنے کا حکم دیا۔ اور اس کے نوزائیدہ بچے کو فوجی ہسپتال روانہ کیا اور ہدایت کی کہ دونوں کی صحت سے متعلق اطلاع انہیں باقاعدہ ملتی رہے۔

کوئی ایک بجے سب کام ختم کر کے ہم دونوں جیپ پر سوار ہوئے۔ گھر پہنچے کھانا کھایا اور لیٹ گئے میں سردار صاحب کو بہت دنوں سے جانتا تھا مگر آج کے واقعہ کے بعد میرے دل میں ان کے لئے عقیدت پیدا ہو گئی جیسے ہی انہیں اپنے والد کے مارے جانے کی اطلاع ملی تھی۔ ان حالات میں انہوں نے خود پر قابو پایا پھر کس طرح انہوں نے مجمع اپنے قابو میں کیا۔ اگر وہ حکمت عملی سے کام لیکر مسلمانوں کو کوتوالی نہ لاتے تو ہجوم انہیں کبھی زندہ نہ چھوڑتا۔

شام کو چار بجے سردار صاحب سے ملاقات ہوئی تو ان پر بڑے شانت دکھائی دے رہے تھے مگر چہرے سے رنج و غم کا اظہار ہو رہا تھا۔ باپ کی موت کا غم تازہ تھا۔ میں چاہتا تھا کہ کچھ ایسے کلمات کہوں جس سے ان کا غم ہلکا ہو۔ اتنے میں ہم کیا دیکھتے ہیں کہ ایک بوڑھا آدمی بغل میں گٹھری دبائے ان کے احاطے میں داخل ہو رہا ہے۔ ایسے کتنے ہی بے کس اور بے گھر انسان ان کے بنگلے میں آتے رہتے تھے مگر جب وہ شخص نزدیک آیا تو سردار صاحب اچانک اٹھ کھڑے ہوئے اور بے تحاشا اس سے لپٹ گئے۔ وہ ان کے والد تھے۔

مجھے بھی بیحد خوشی ہوئی اور میں نے دل میں سوچا نیکی کبھی رائیگاں نہیں جاتی۔

آج کل دہلی (مہاتما گاندھی نمبر)

رام سرن نگینہ



مہاتما گاندھی اور پٹھان

"گاندھی جی کے ملک پر بڑے احسانات ہیں۔ انہوں نے ہندوستانی لوگوں میں بزدلی مٹا کر بہادری کا پاکیزہ جذبہ پیدا کیا۔ انہوں نے عدم تشدد کا راستہ دکھلا کر لوگوں کو انسانیت کا پجاری بنا دیا۔ عدم تشدد تو محبت ہے۔ ہندوستان آزاد ہوا تو اسی کی بدولت ..... گاندھی جی کے اس جذبے نے اس اور خوشحالی کی راہیں کھول دیں! گاندھی جی اس یگ کے عظیم انسان تھے وہ بڑے تھے بہت ہی بڑے ....."

خان عبدالغفار خاں نے یہ الفاظ اس وقت کہے جب میں ان سے جلال آباد افغانستان میں ملا۔ میری یہ ملاقات ۲۵ برسوں کے بعد ہوئی اس سے قبل مجھے ڈھائی برس تک جیل میں ان کے ساتھ رہنے کا موقع ملا تھا۔ بات ۱۹۴۲ء کی ہے جب گاندھی جی کی قیادت میں سارا ہندوستان آزادی کے گیت گاتا ہوا برطانوی سامراج سے برسرپیکار تھا۔ اٹک پار کے پختون بھی آگ اور خون کی اس فیصلہ کن لڑائی میں مردانہ وار کود پڑے۔ شہر گاندھی اور آزاد قبائل کے باشندے مجاہدانہ انداز سے فرنگیوں کے مقابلہ میں ڈٹ گئے۔ باچا خان کے ایک ہی اشارہ پر لاکھوں پختون مرد اور عورتیں "کردیا مرو" کا نعرہ لگا کر گاندھی جی کی راہ پر چل پڑے۔ گاندھی جی سارے ہندوستان کے راہ نما تھے لیکن پختونوں سے انہیں بے پناہ محبت تھی وہ پختونوں کے نیتا تو تھے ہی لیکن انہیں فخر بھی کرتے! اسی لئے کہا کرتے تھے!

"مجھے پٹھانوں سے اس لئے محبت ہے کہ وہ بہادر ہیں، ایماندار ہیں، اور کھری کھری باتیں کرتے ہیں۔ آگ لپٹ سے انہیں نفرت ہے۔ عبدالغفار خاں نے پٹھانوں میں ایک نئی روح پھونک دی ہے۔"

آج کل دہلی (مہاتما گاندھی نمبر)

اکتوبر ۱۹۶۹ء

اطلاع ہی نہیں پختون بھی گاندھی جی کے گرویدہ تھے۔ ہندوستان کے لوگوں نے پیار سے باچا خان کو "سرحدی گاندھی" کہنا شروع کر دیا اور ادھر پٹھانوں نے گاندھی جی کو "ملنگ باباؔ" کا لقب دیا۔ واقعی گاندھی جی ملنگ باباہی تھے، وہ بہت بڑے سیاست داں بھی تھے اور سادھو بھی .....

ایک دن اچانک اطلاع ملی کہ گاندھی جی نے مرن برت رکھ لیا ہے۔ جیل میں اس اطلاع سے ایک ہنگامہ اٹھ کھڑا ہوا۔ گاندھی جی اگر نہ رہے تو پھر کیا ہوگا اس ملک کا ..... انگریز تو خوش ہوں گے۔ اس قسم کی نیکڑوں باتیں خدائی خدمت گار سوچتے تھے۔ اسی دن جیل میں ایک میٹنگ ہوئی اور فیصلہ کیا گیا کہ ہمدردی کے طور پر ایک دن کا برت رکھا جائے۔ اس فیصلہ نے جیل والوں کو پریشان کر دیا۔

خدائی خدمت گاروں کے لیڈروں سے کہا گیا کہ جیل میں ایسی کوئی بات نہ ہونے پائے جو سرکار کے خلاف ہو۔ خدائی خدمت گاروں نے کہا "فاقہ کرنا تو انسان کی اپنی مرضی پر ہے اس سے جیل کے قوانین پر کیا اثر پڑے گا۔ بتھی ثابت ہوگا کہ پٹھان بھی گاندھی جی کے اس فیصلہ کی حمایت کرتے ہیں۔

جیل والے کہتے تھے اس میں دو قسم کی بدنامیاں ہوں گی پہلی بات جیل میں ایجی ٹیشن دوسری بات ایک کافر سے مسلمان کی عقیدت ..... لیڈر کہتے تھے پہلی بات کی ذمہ داری آپ پر ہے دوسری بات کی ذمہ داری ہم پر ہے۔ ہمارا فیصلہ اٹل ہے۔ آپ اپنا فیصلہ کیجئے۔ مقررہ دن پر سارے پٹھانوں نے برت رکھا۔ گاندھی جی کے لئے دعائیں مانگیں گئیں۔ قرآن پاک ختم کئے گئے۔ یہ سودا بڑا مہنگا پڑا۔ دوسرے ہی دن ان پختونوں کا طوفانی چکر چلا

سیاسی قیدیوں کی خوراک آدھی کر دی گئی۔ سردیوں کے دن تھے اوڑھنے کے لئے ایک ایک گندہ کمبل دیا گیا۔ مشقتیں دگنی کر دی گئیں، قیدیوں کو اکیلی کوٹھڑیوں میں بند کر دیا گیا۔ جیل کے افسروں کے خیال میں یہ ایک طرح سے بغاوت تھی۔ جبر و تشدد کا سلسلہ کئی دن چلتا رہا جب گاندھی جی کا برت ختم ہوا تو اسی دن پھر قیدیوں نے دعائیں مانگیں۔ یہ سب کچھ بے پناہ عقیدت تھی۔ عقیدت مندوں میں صرف سیاسی قیدی ہی نہ تھے، اخلاقی قیدی بھی تھے۔ برت کے دشمن میں باچا خان فرماتے ہیں!

"جب پچھلے دنوں مہاتما جی نے سات دن کا برت رکھا تھا تو میں نے بھی سات دن کا روزہ رکھا اور شام کو صرف نمک ملا ہوا پانی پیتا تھا"

انگریزی حکومت نے گاندھی جی کے بارے میں بڑی غلط فہمیاں پھیلا رکھی تھیں، انگریزوں کے پٹھو گاندھی جی کو کانگریس اور سرمایہ داروں کا ایجنٹ کہا کرتے تھے جن دنوں سرحد کے پٹھانوں پر تشدد ہوتا تھا تو وہ پوری طاقت سے گاندھی جی زندہ باد اور خدائی خدمت گار تحریک زندہ باد کے نعرے لگاتے تھے! جیل والے ان بیچاروں پر اندھا دھند لاٹھیاں برساتے تھے تنگ و تاریک بدبودار کوٹھڑیوں میں بند کرتے تھے اور بید لگاتے تھے۔ حکومت کے جاسوس جیلوں میں آ چکے تھے وہ سیدھے سادے پٹھانوں کو بہکاتے تھے اور کہتے تھے کہ گاندھی جی مسلمانوں کے بھی خواہ نہیں ہیں۔

پٹھان جواب دیتے "وہ تو انگریزوں کا دشمن ہے، آزادی چاہتا ہے آزادی ..... پٹھانوں کے لئے آزادی ..... غریبوں کے لئے آزادی ..... مظلوموں کے لئے آزادی ..... اور دیکھو ہمارے باچا خان بھی تو ان کے ساتھ ہیں"، انگریزوں کے ایجنٹ باچا خان کے خلاف بھی غلط نہیں پھیلاتے تھے۔ جاسوس کئی قسم کی من گھڑت باتیں سنا کر خدائی خدمت گاروں کو بہکانے کی بے سود کوشش کرتے تھے لیکن ان کی کوئی بھی چال کارگر نہ ہوتی تھی، الٹا گاندھی جی سے عقیدت بڑھتی تھی وہ پٹھان لیڈروں سے گاندھی جی کے قصے کہانیاں سنتے تھے۔ ایک وقت ایسا بھی تھا جب سرحد کا پٹھان یہ بھی نہ جانتا تھا کہ گاندھی جی ہندو ہیں یا مسلمان! جوان ہیں یا بوڑھے گاؤں میں تو کہیں کہیں اس بات کا چرچا بھی ہوتا تھا کہ گاندھی جی بڑے پہنچے ہوئے بزرگ ہیں، وہ انگریز کی جیل والی بند کوٹھری سے رات کو بھاگ آتا ہے جیل سے باہر آ کر راتوں رات لوگوں میں آزادی کا پرچار کرتا ہے اور پھر دن نکلتے ہی بند کوٹھری میں پہونچ جاتا ہے، کبھی کبھی تو یہ بھی سننے میں آتا تھا کہ انگریز گاندھی جی سے آنکھ تک نہیں ملا سکتا، کیوں کہ گاندھی جی کی آنکھوں سے شعلے نکلتے ہیں وہ انگریز سے لپٹ جاتے ہیں اور وہ وہیں بھسم ہو جاتا ہے

عقیدت کے جذبے سے سرشار ہو کر کچھ لوگ کہتے تھے کہ گاندھی جی جادوگر ہیں، جادوگر..... اور میں سوچتا ہوں کہ واقعی گاندھی جی جادوگر ہی تھے اگر جادوگر نہ ہوتے تو پٹھانوں کے ہاتھوں سے بندوق کیسے پھنکوا دیتے۔ جنگ باز پٹھان امن کی راہ پر کیسے چلتے۔ ۱۹۳۸ء سے قبل پٹھانوں نے گاندھی جی کا نام ضرور سنا تھا لیکن بہت ہی کم لوگوں نے انھیں دیکھا بھی تھا۔

عام طور پر وہ گاندھی جی کی تصویروں کو دیکھتے تھے یا کبھی کبھار ان کی تقریریں پڑھنے کو مل جایا کرتی تھیں جب تحریک خلافت کا زمانہ تھا تو گاندھی جی کا ذکر لوگوں کی زبان پر آنے لگا۔ سرحد کے پٹھان جب یہ سنتے تھے کہ ایک ہندو لیڈر خلافت کی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہا ہے تو وہ حیران ہو جاتے تھے، اور جب انھیں پتہ چلا کہ گاندھی جی کی قیادت میں مسلمانوں نے انگریزوں کے خلاف لڑنے کا فیصلہ کر لیا ہے تو وہ بڑے اشتیاق سے گاندھی جی کو دیکھنے کے خواہش مند ہو گئے اور جب سرحد کی برطانوی حکومت کو پختونوں کے جذبات کا علم ہوا تو وہ بڑے سٹ پٹائے۔ وہ جانتے تھے کہ اگر ایک بار پٹھانوں نے گاندھی جی کا دامن تھام لیا تو پھر دنیا کی کوئی بھی طاقت اس دامن کو چھڑا نہیں سکتی اور ہوا بھی ایسا ہی ..... لاہور کانگرس میں جب چند سرخ پوشوں نے گاندھی جی کو دیکھا تو اس قدر متاثر ہوئے کہ ہمیشہ کے لئے اُن کے ہو گئے! خدائی خدمتگار بار بار باچا خان سے کہتے تھے کہ گاندھی جی کو بلاؤ..... اور باچا خان یہی جواب دیتے کہ تم ابھی تھوڑے ہو اور بکھرے ہوئے ہو سارے صوبے میں خدائی خدمتگار بناؤ وہ آئیں گے تو تمھیں دیکھ کر خوش ہوں گے، پختونوں نے کہا..... بابا..... ہم سارے صوبے میں پھیل جائیں گے پھر تو وہ آئیں گے ہی! یہی پاکیزہ جذبہ تھا جس نے لاکھوں خدائی خدمتگار بنائے۔ گھر گھر آزادی کی فوج تیار ہو گئی، مردوں، عورتوں اور بچوں نے کہا ہم ہندوستان کی آزادی کی لڑائی لڑیں گے اور یہ حقیقت ہے کہ پٹھانوں نے صرف اسی جذبے سے تحریک کو پھیلایا کہ ایک بار گاندھی جی ان کے دیش میں آئیں تو وہ اس بات کا بدلہ بھی اتارنا چاہتے تھے کہ جب گاندھی جی نے ہمارے باچا خان کو سات برس تک اپنے پاس رکھا ہے تو پھر ہم چند دنوں کے لئے بھی انھیں اپنے گھر نہیں بلا سکتے؟ گاندھی جی سے ان کا پیار بڑھتا گیا اور آخر پٹھانوں کے خلوص اور محبت نے گاندھی جی کو اس قدر متاثر کر لیا کہ ایک دن وہ پٹھانوں کے دیش میں آ ہی گئے! جب گاندھی جی پہلی بار اٹک کے اس پار تشریف لائے تو سرحد کی زندگی میں انقلاب آ گیا۔ گاؤں قصبوں، اور شہروں کے در و دیوار تک لال رنگ میں رنگ دیئے گئے! جانور بھی لال ہو گئے! درختوں کے تنے لال ہی لال نظر آنے لگے ہر سمت لال رنگ دکھلائی پڑنے لگا قدم قدم پر ڈھولک اور

شہنائی کی مدھر تانیں فضاؤں میں گونجنے لگیں۔ اٹک سے پشاور تک کا ۴۵ میل لمبا راستہ دلہن کی مانند سجایا گیا۔ رنگا رنگ جھنڈے اور جھنڈیوں سے سارا راستہ دلکش نظر آنے لگا اس کا ایک منظر ملاحظہ ہو.....

"اٹک پل سے ایک موٹر داخل ہوئی۔ پنجاب کی حدختم ہوئی اور سرحد کی شروع ہو۔ موٹر پر نرسنگا لہرا رہا تھا اور درمیان میں ایک ننگے سر دھوتی باندھے ہڈیوں کا ڈھانچہ براجمان تھا۔ گاندھی زندہ باد کے فلک شگاف نعروں نے لوگوں کو موٹر کی طرف متوجہ کر دیا۔ سادہ مزاج پٹھان آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھ رہے تھے اور پوچھتے تھے کہاں ہیں گاندھی جی؟ وہ بچارے تو اس خیال میں تھے کہ گاندھی جی کوئی مضبوط جسم کا آدمی ہوگا۔ اچھی سی پوشاک پہنی ہوگی آخر ہندوستان کا بڑا لیڈر ہے لیکن ان کی حیرت کی کوئی حد نہ رہی جب انہوں نے دیکھا ایک ننگے دھڑنگے فقیر کو گاندھی جی کے روپ میں..... یہ ہیں گاندھی جی؟ آواز آئی..... ہاں ہاں یہی تو ہیں۔ یہ تو ملنگ بابا ہیں ملنگ بابا..

اور بچوں نے کہا "ہمارا ملنگ بابا"..." ملنگ بابا زندہ باد" کے نعروں سے آسمان گونج اٹھا۔ پٹھان بڑے ضبط کے ساتھ انہیں دیکھتے رہے اور پھول برساتے رہے کوئی چار گھنٹہ میں یہ طویل راستہ طے ہوا۔ موٹر ڈاکٹر خان صاحب کے بنگلہ پر آکر رکی جہاں ہزاروں آدمی گاندھی جی کا سواگت کرنے کیلئے کھڑے تھے گاندھی جی کا یہ تاریخی دورہ بڑا کامیاب رہا۔ انہوں نے بہت قریب سے خدائی خدمتگاروں کو دیکھا۔ سرخ پوشوں کی سرگرمیوں کو جانچا۔ آخر اس نتیجہ پر پہنچے کہ پٹھانوں نے ایمانداری سے عدم تشدد کو اپنا لیا ہے۔ وہ بڑے خوش ہوئے اور بڑے فخر سے کہا....

"میں صحیح انسان اسے سمجھتا ہوں جو بلا معاوضہ خدا کے بندوں کی خدمت کرے۔ کچھ لے کر خدمت کرنا خدمت نہیں ہوتی! خدائی خدمتگاروں میں مجھے سچائی اور بے لوث سیوا کا جذبہ کام کرتا نظر آتا ہے میں چاہتا ہوں کہ ہندوستان کے لوگ بھی مخلصانہ طور پر خدمت کرنے کا پاکیزہ جذبہ پیدا کریں.....

پختونوں کے اخلاص اور محبت نے مجھے اپنا گرویدہ بنا لیا ہے ان کی بڑھتی ہوئی تعداد نے مجھے حیرت میں ڈال دیا ہے جانے یہ طاقت کہاں استعمال ہوگی؟ یہ لاکھوں سرخ پوشوں کا لشکر بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے ایسے معلوم ہوتا ہے کہ جیسے یہ خدائی طاقت ہی ملک کو آزادی سے ہمکنار کرائے گی... اور شاید اسی لئے گاندھی جی نے یہ بھی فرمایا تھا

"سارا ہندوستان بھی اہنسا کا مظاہرہ کرنے میں چاہے ناکام رہا ہو مگر سرحد کا عدم تشدد ثابت کرنے کے لئے کافی ہے کہ وہ اس آگ کے امتحان میں پورا اترے گا"

خدائی خدمتگاروں نے اپنے عمل سے یہ ثابت کر دیا کہ وہ دل و جان سے عدم تشدد کو مانتے ہیں اور ان کے نزدیک گاندھی جی کا درجہ بہت بلند ہے۔ انہوں نے محسوس کر لیا تھا کہ گاندھی جی صرف لیڈر ہی نہیں ایک محسن بھی ہیں ایک مفکر بھی ہیں ایک مجاہد بھی ہیں اور سب سے بڑھکر وہ انسانیت کے پجاری ہیں۔

گاندھی جی دوبار سرحد آئے دونوں بار پٹھانوں نے ان کی راہ میں آنکھیں بچھا دیں، مجھے بھی اس بات کا فخر ہے کہ میں نے بھی گاندھی جی کو بہت قریب سے دیکھا ہے اور ان سے ملاقات بھی ہوئی مجھے خوب یاد ہے کہ جب ہم لوگ ملاقات کے لئے گاندھی جی کے پاس جا رہے تھے تو ایک بڑھیا راہ میں ملی وہ بچاری آزاد قبائل کا سنگین راستہ طے کر کے محض گاندھی جی کو دیکھنے کے لئے آرہی تھی۔ اس کے پاؤں سوج گئے تھے جب وہ گاندھی جی کے سامنے گئی تو خوشی سے رو پڑی اور بات تک نہ کر سکی بت بنی گاندھی جی کو اس دور میں کوئی قسم کے تحفے بھی ملے جو دوسرے شخصوں سے مختلف تھے مثلاً ایک جگہ بڑی روٹی انہیں پیش کی گئی جس کا وزن چھ سیر تھا گولائی ایک فٹ اور اونچائی ۱۲ انچ کے برابر..... پیش کرنیوالوں نے کہا کہ یہ روٹی اس وقت پکائی جاتی ہے جب جنگ کے لئے مورچے پر جانا ہوتا ہے..... اس کا ایک ایک ٹکڑا بانٹ دیا جاتا ہے۔

ایک اجتماع میں باپو کو ایک بوڑھے پختون نے پستول نذر کرنا چاہا۔ گاندھی جی نے ہاتھ جوڑ کر کہا یہ میرے کام کی چیز نہیں ہے میں تو عدم تشدد کا آدمی ہوں اسی سے حکومت کا مقابلہ کرتا ہوں، پٹھان نے پستول پھینک دیا اور گاندھی جی سے بغلگیر ہو گیا.....

ایک چھوٹے سے بچے نے پھولوں کا خوبصورت ہار باپو کے گلے میں ڈالنا چاہا بچے کا قد چھوٹا تھا اور وہ اچھل کر باپو کی گردن تک پہنچنا چاہتا تھا باپو نے اسے کندھے پر بٹھا لیا اور پیار کرتے ہوئے کہا.... لو ڈالدو اپنے باپو کے گلے میں پھول، اس پر پٹھان بڑے خوش ہوئے! گاندھی جی پٹھانوں کے جھرمٹ میں رہتے ہوئے اتنے خوش تھے کہ انہوں نے ایک بار کہا تھا کہ اگر حالات اجازت دیں تو میں ساری زندگی پٹھانوں کے ساتھ ہی گذار دوں۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اگر گاندھی جی زندہ ہوتے تو آج پٹھانوں کی زندگی میں انقلاب آگیا ہوتا۔ پٹھانوں کو گاندھی جی پر بھروسہ تھا وہ انہیں اپنا نجات دہندہ سمجھتے تھے اس لئے جب باپو کی شہادت ہوئی تو پٹھان تڑپ کر رہ گئے تھے۔ اس موقع پر خان عبدالغفار خاں نے کہا تھا۔ ایسے وقت میں جب کہ ملک ایک

(بقیہ ص ۲۵ پر)

نریندر نشچل

گاندھی جی اور ہندوستانی عورت کے مسائل

نبیل جبران نے ایک جگہ حضرت یسوع مسیح کی ماں میری سے یہ الفاظ کہلوائے ہیں:

"عورت ہمیشہ کو کھلونا بنا رہے گی، مقہور نہیں۔ ہم مرتے ہیں، تاکہ ہم زندگی کو چاند داں بنا سکیں۔ ہماری انگلیاں اس کپڑے کے لئے سوت کاتتی ہیں، جو ہم کبھی پہن نہیں پائیں گے، اور ہم اُن چھلیوں کے پکڑنے کے لئے جال بنتے ہیں، جو ہم کبھی چکھ نہیں پائیں گے۔ اس بات کا ہمیں افسوس ہے، تاہم ان تمام باتوں میں ہماری خوشی ہے۔"

عورت حیات کا سرچشمہ ہے اس کی اہمیت سے منکر یا بے نیاز آدمی یا تو خود کو دھوکے میں رکھتا ہے، یا دوسروں کو دھوکہ دیتا ہے۔ تاہم یہ واقعہ ہے کہ مغرب و مشرق میں پڑھے لکھے اور اَن پڑھ لوگوں نے، اہل ثروت اور نادار لوگوں نے عورت کو کبھی وہ مقام نہیں دیا، جس کی وہ مستحق ہے اور ہندوستان بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔

ہندوستان پر برطانوی تسلط کے بارے میں کئی باتوں پر اختلاف رائے ہو سکتا ہے، لیکن اس حقیقت سے اختلاف ممکن نہیں کہ بھارت پر برطانیہ کی فتح سے بھارت کے سماجی ڈھانچے میں بعض بنیادی تبدیلیاں ہوئیں، اور ان بنیادی اور نفسی عوامل کا جنم ہوا جنہوں نے لوگوں کو جمہوری قدروں سے روشناس کرایا۔ سماج میں واقع طبقاتی خلیج کی جانب لوگوں کو توجہ مبذول کرکے ناواجب نابرابری کے خلاف ایک احتجاجی ردعمل کا آغاز کیا اور اس ردعمل کے نتیجے میں بھارت کے روشن دماغ افراد کوشش کرنے لگے کہ وہ قوانین اور رسم و رواج منسوخ کر دیئے جائیں جن کی بنا پر عورت پر طرح طرح کے ظلم ڈھائے جاتے رہے ہیں۔ ان عملی اقدامات کا ایک نتیجہ یہ ہوا کہ عورتوں میں اپنے حقوق کا احساس بیدار ہونے لگا۔ ۱۹۲۶ء میں آل انڈیا وومنز کانفرنس کی بنیاد کے ساتھ اس بیداری نے عملی صورت اختیار کر لی۔ لیکن اس سے پیشتر بھی ہمارے متعدد سماجی مصلحوں نے انگریزی حکومت کے توسط سے اُن بہت سی سماجی برائیوں کو ختم کرنے کی انتھک کوششیں کیں۔ اس ضمن میں راجہ رام موہن رائے کا نام سرفہرست آتا ہے۔ اُن کے علاوہ ایشور چندر ودیاساگر، سوامی للا بھاری کیشب چندر سین، ایم جی رانا ڈے، پنڈتا رما بائی رانا ڈے، سوامی دویکانند، گوپال کرشن گوکھلے کے اسمائے گرامی قابلِ ذکر ہیں۔ چند برطانوی خواتین نے بھی ہندوستان کی سیاسی تحریک کے پردے میں، بھارتی عورتوں کو قعرِ مذلت سے نکالنے کے سلسلے میں بہت نمایاں کام کیا۔ اُن میں سے مارگریٹ نوبل (جو بعد میں سسٹر نویدیتا کے نام سے مشہور ہوئیں) اور اینی بیسنٹ اور مارگریٹ کزنز کا ذکر ناگزیر ہے۔ نیز اس کے بغیر اس بات کا اندازہ لگانا مشکل ہو جائے گا کہ گاندھی جی نے کن حالات میں کس فضا میں بھارتی عورتوں کی فلاح و بہبود کی تحریک کو تقویت بخشی۔

بھارتی عورتوں کی حالت سدھارنے، اُن کو سماجی اور گھریلو زندگی میں مناسب مقام دلانے کے لئے گاندھی جی کا کام ایک اہم مقام

رکھتا ہے، اگر انہوں نے سچے دل سے عورتوں کے مسائل کے بارے میں نہ سوچا ہوتا اور ان کے حل کے لئے ٹھوس قدم نہ اٹھائے ہوتے تو وہ کبھی یہ کہنے کی جسارت نہ کرتے کہ بے غرض خدمت کے اس جذبہ میں مرد کبھی عورت کی برابری نہیں کر سکتا، جو قدرت نے عورت کو دیا ہے۔"

گاندھی جی نے ایک جگہ لکھا ہے: "عورت ایثار اور قربانی کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ جس بے لوث محبت کے ساتھ وہ اپنے بچوں کو پالتی ہے۔ جس صدق دلی کے ساتھ وہ اپنے خاوند کی خدمت کرتی ہے، اور جس انکساری کے ساتھ وہ اپنی انا کو اپنے مالک کی بے راہ رویوں میں مدغم کر دیتی ہے، وہ صرف اسی کا حصہ ہے۔ اس کے باوجود جن بے انصافیوں کا اسے تختۂ مشق بنایا جاتا رہا ہے، وہ اس وقت تک ہماری رسوائی کا باعث رہیں گی جب تک کہ ہم عورت کو وہ مقام نہیں دے دیتے، جہاں پہنچ کر وہ خود کو کمتر کی بجائے برتر محسوس کرنے لگے۔ نیز یہ نہیں سمجھے کہ عورت ہونا کوئی بدقسمتی ہے۔"

بھارت کی جنگ آزادی کے آغاز سے پہلے بھارتی عورت ایک عجیب شرمناک جہالت اور بے انصافی کا شکار تھی۔ اس زمانے میں اس کی حالتِ زار کا ذکر کرتے ہوئے آج بھی حساس اور ذی شعور مرد کا سر شرم سے جھک جائیگا۔ گاندھی جی شروع ہی سے عورتوں اور بالخصوص ہندوستانی عورت کی بہتری کے کام میں عملی دلچسپی رکھتے تھے۔

۱۹۰۹ء میں جب گاندھی جی لندن گئے تو وہاں وہ عورتوں کے حق رائے دہندگی کی تحریک کے رہنماؤں سے ملے۔ انہوں نے اس تحریک کا مطالعہ بھی کیا۔ بعد میں وہ اس کا ذکر کیا کرتے اور کہا کرتے تھے کہ انہوں نے عدم تشدد پر مبنی احتجاج کا کارآمد طریقہ ان انگریز عورتوں سے سیکھا تھا۔

۱۹۱۵ء میں بھارت آنے کے بعد گاندھی جی نے عورتوں کی آزادی اور ان کے حقوق کے لئے آواز بلند کی۔ دراصل گاندھی جی سمجھتے تھے کہ عورت کی آزادی بھارت کی آزادی سے الگ نہیں کی جا سکتی۔ اپنی اس سوچ میں گاندھی جی کس درجہ حق بجانب تھے یہ بعد کی تاریخ سے ہم بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں۔ تاہم یہ واضح ہے کہ بھارت کی آزادی کے ساتھ ہی ہندوستانی عورت کے بہت سے مسئلے حل ہوئے ہیں۔ اسے سماج میں، سیاسی زندگی میں وہ مقام ملا ہے جو دوسرے ملکوں کی عورتوں کو کڑی جدوجہد کے بعد نصیب ہوا۔ آج ہمارے ملک میں عورت کو جو درجہ حاصل ہے وہ بہت کم ملکوں میں عورتوں کا حصہ ہے۔ وزیراعظم کے عہدے پر شریمتی اندرا گاندھی فائز ہیں۔ اس کے علاوہ اس سے پیشتر شریمتی سروجنی نائیڈو، شریمتی وجے لکشمی پنڈت، راجکماری امرت کور، پدماجا نائیڈو وغیرہ ہماری سیاسی زندگی میں اہم رول ادا کر چکی ہیں اور بہت سی خواتین آج پارلیمنٹ کی رکن ہیں۔ بعض افسروں کی حیثیت سے اعلیٰ سے اعلیٰ عہدے پر فائز ہیں۔

آج ہمارے جمہوری معاشرے میں عورت اور مرد ہم دوش ہو کر اور قدم سے قدم ملا کر بہتر مستقبل کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ مرد اور عورت کے مساوی حقوق آج معمولات زندگی میں سے ہیں اور ان کے بارے میں ہم تخصیص کے ساتھ سوچتے تک نہیں لیکن یہ صورتِ حال بچشم زدن میں پیدا ہوئی ہے اور نہ آسانی سے۔ اس کے لئے قومی راہنماؤں اور بالخصوص گاندھی جی کی مساعی قابل ذکر ہیں۔ اپنی ان مساعی میں گاندھی جی نے صدیوں پرانے نظریات کی نفی تک سے انحراف نہ کیا اور اپنی ہر بات اپنی مثالی سچائی کے ساتھ کہی۔

گاندھی جی نے محسوس کیا کہ عورت کو جو مقام ہندو سماج میں حاصل ہے وہ شرمناک ہے۔ چنانچہ انہوں نے کہا: "منو مہاراج کی یہ کہاوت کہ عورتوں کو آزادی نہیں ملنی چاہئے، میرے نزدیک مقدس نہیں۔" وہ عورت کو مرد کے تابع رکھنے کے جذبے کو نامناسب سمجھتے تھے۔

ہندو گرنتھوں میں عورت کو اردھانگنی، دسمہ دھرمنی، کہا گیا ہے اور پھر جب خاوند اپنی بیوی کو دیوی کہہ کر مخاطب ہوتا ہے تو اس میں کسی تضحیک کے جذبے کا شائبہ نہیں ملتا۔" چنانچہ عورت کے بارے میں کچھ لوگوں کی رائے جو اسے گاندھی جی نے اپنی ذہانت کی کسوٹی پر پرکھا، اور عورت کے تئیں مروجہ بے انصافیوں کو بھارت کی پرانی قدروں کے منافی دیکھا تو عورتوں کے حق میں صدائے

احتجاج بلند کی، منوسمرتی کے کچھ حصّوں کو قابلِ افسوس بتایا۔ لیکن اس کے ساتھ ہی سمرتی کے اُن حصّوں کی تعریف بھی کی جس میں عورت کو عزّت و احترام کا سزاوار سمجھا گیا ہے۔

گاندھی جی کے خیال کے مطابق ہندوستانی عورتوں کے بیشتر مسئلے ایک دوسرے سے اُلجھے ہوئے ہیں۔ لیکن کچھ مسئلے ایسے ہیں، جن کے حل ہو جانے سے بہت سے مسئلے خود بخود حل ہو سکتے ہیں۔ عورت کے مسائل جہالت سے پیدا ہوتے ہیں۔ جوں جوں جہالت دُور ہوتی جائے گی، عورتوں کے مسئلوں کی شدّت بھی کم ہوتی جائے گی۔ عورتوں کے تعلیم یافتہ ہونے پر انہیں دوسرے مسئلوں کا حل ڈھونڈھنے میں سرگرمی سے شریک کیا جائے گا اور اُس کے ساتھ ساتھ مردوں کو بھی اس بات کا علم ہو جائے گا کہ وہ عورت کے بارے میں اپنے نظریوں میں تبدیلی لائیں۔ یہ کوئی آسان کام نہ تھا۔ یہ تو عورت کے عدم تشدد پر مبنی احتجاج اور روشن دماغ آدمیوں کی بے غرض لگن سے ممکن تھا۔ تاہم اس سارے کام کی بُنیاد عورتوں میں تعلیم کو عام کر کے ہی اُٹھائی جا سکتی تھی۔ اس امر کے پیشِ نظر گاندھی جی نے ایک جگہ لکھا ہے: "عورتوں کے لئے تعلیم ضروری ہے تاکہ وہ اپنے حقوق کا تقاضا کر سکیں، انہیں شعور سے برتیں اور مزید حقوق کے حصول کے لئے کام کر سکیں۔

گاندھی جی عورت کو کسی لحاظ سے بھی مرد سے کم تر نہیں سمجھتے تھے۔ اُن کا خیال تھا کہ عورت جسمانی طور پر مرد سے کمزور ہو سکتی ہے، لیکن جہاں تک اُس کی دوسری صلاحیتوں کا تعلق ہے وہ مرد سے کم تر نہیں۔ آج کی دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ گاندھی جی کا یہ نظریہ کسی جذباتیت پر مبنی نہ تھا۔ اُن کے نزدیک "عورت زندگی کی تمام اعلیٰ قدروں کی محافظ ہے مذہب اور اخلاق سے متعلق عام قدروں کی ضامن ہونے کے ناتے سے یہ اُس کا فرض ہے کہ وہ توہم پرستی کے جنگل سے خود کو آزاد کرے کیونکہ عورت فطرتاً پرانے خیالوں کی ہوتی ہے۔ اس لئے خواہ عورت خود کو توہمات کے جال سے جلدی آزاد نہ کر پائے، تو بھی وہ زندگی کی اعلیٰ ارفع، پاک اور نیک قدروں کو آسانی سے خیرباد نہیں کہے گی۔"

لیکن عورتوں کے حقوق کی طرف داری کرتے ہوئے وہ یوروپ کے FAMINISTS کے طرح ایسی آزادی کے علمبردار نہ تھے۔ جو عورتوں کو گھریلو زندگی سے بے پروا بنا دے یا اُن میں اُن کی دلچسپی کم کر دے اس سلسلے میں اُن کا نظریہ روسو کے نظریے سے متاثر معلوم ہوتا ہے۔ گاندھی جی یوں تو عورتوں کو بھارت کی جنگِ آزادی میں شریک کرنا چاہتے تھے۔ اس کے باوجود اُنہوں نے اس بات پر خاص طور پر زور دیا کہ عورتوں کو اپنے میدان کے زیادہ واسطہ رکھنا چاہئے۔ ان کا خیال تھا کہ قدرت نے جسمانی طور پر مرد و عورت کو علٰحدہ علٰحدہ ذمہ داریوں کے لئے پیدا کیا ہے۔ جنس کی برابری کا مطلب پیشوں اور کاموں کی برابری نہیں۔

تاہم اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ وہ رجعت پسندانہ نظریوں کے حامی لوگوں کی طرح یہ چاہتے تھے کہ عورت غلامانہ زندگی بسر کرے۔ وہ البتہ یہ ضرور چاہتے تھے کہ سماج اور ملک کے بہبود کے پیشِ نظر عورت گھر کے کام کاج میں زیادہ دلچسپی لے۔ اپنے اسی نظریے کے زیرِ اثر گاندھی جی چاہتے تھے کہ عورتیں نمک ستیہ گرہ میں سرگرم حصّہ نہ لیں۔ یہ ۱۹۳۰ء کی بات ہے۔ اور نہ ہی وہ تاریخی اہمیت کی ڈانڈی یاترا میں عورتوں کی شرکت کے حق میں تھے۔ لیکن گاندھی جی کے اس نظریہ کا عورتوں میں فوری ردِ عمل ہوا۔ وومنز انڈین ایسوسی ایشن نے اس تحریک میں شامل نہ کئے جانے پر احتجاج کیا اور مارگریٹ کزنز (MARGARET COUSINS) نے اپنے جذبات کا بڑے موثر طریقے سے اظہار کیا۔ اُنہوں نے لکھا: گاندھی جی نے آشرم کی دیکھ بھال کا کام عورتوں کو سونپ دیا ہے۔ عدم تشدد کی تحریک میں جنس کا یہ امتیاز ہمیں غیر قدرتی لگتا اور آج کی عورتوں کے بیدار شعور کے منافی نظر آتا ہے۔ ہندوستان کی قسمت میں ان چونکانے والے نازک مواقع پر خدمت علیحدہ علیحدہ خانے نہیں ہونے چاہئیں . . . . اس لئے عورتوں کو یہ کہنے کا حق ہے کہ ہندوستان کی بھلائی کے لئے منظم کئے گئے کسی مارچ، کسی قید، کسی مظاہرے میں حصّہ لینے سے عورتوں کو منع نہ کیا جائے۔ اور ان عورتوں نے جو کہا، کر دکھایا۔ گاندھی جی کے یہ کہنے پر بھی کہ وہ ستیہ گرہ کی سرگرمیوں کو شراب کی دکان اور بدیشی کپڑے کی دکانوں کے آگے پکٹنگ کرنے تک محدود

رکھیں، دیش کی خدمت کے جذبے سے معمور عورتوں نے اس حد بندی کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ عورتوں میں اس درجہ بیداری کی یہ کیفیت بھی بالواسطہ گاندھی جی کی کوششوں کا نتیجہ تھی۔

گاندھی جی نے عورتوں میں سماجی و سیاسی بیداری لانے کے علاوہ اُن برائیوں کے تدارک پر بھی خاص توجہ صرف کی جو جنس لطیف کے تعلق سے ہمارے معاشرے میں راہ پا گئی تھیں۔ اُن میں سے ایک بچپن کی شادی تھی۔ معصوم کم سن بچیوں کی شادی رچا دینا، جب خود گڈے گڑیوں کے بیاہ رچا رہی ہوں۔ اُن کے ساتھ زبردست بے انصافی کرنا ہے۔ دوسری جنگ عظیم سے پہلے تک کے زمانے میں یہ بدعت دیہات قصبوں اور شہروں میں عام تھی۔ اور ہمارے سماجی رہنما اس بدعت کی روک تھام کے لئے ہر طرح کی کوششیں کرتے رہے تھے۔ گاندھی جی نے بھی اس سماجی برائی کے خلاف لوگوں کے دلوں میں نفرت کا جذبہ پیدا کرنے اور اس کا مقابلہ کرنے کے لئے لوگوں کو ہر قسم کی تحریک دی۔ "ینگ انڈیا" میں ۱۹۲۶ء میں وہ لکھتے ہیں:

"بچپن کی شادی کا رواج اخلاقی اور جسمانی برائی ہے۔ کیونکہ اس سے ہمارے اخلاق پر برا اثر پڑتا ہے اور اس سے ہماری جسمانی صحت بگڑتی ہے۔ اسے رسم و رواج کو برداشت کر کے ہم خدا اور سوراج (آزادی) سے دور جا رہے ہیں۔

بچپن کی شادی کو روکنے کے لئے قانون موجود تھے، اس کے باوجود لوگ کھلے عام کم سن بچوں بچیوں کی شادیاں رچاتے۔ چنانچہ گاندھی جی نے حقیقت پسندی سے کام لیتے ہوئے کہا: محض قانون نافذ کر دینے سے یہ عام برائی دور نہیں کی جا سکتی۔ اسے تو رائے عامہ ہی سے دور کیا جا سکتا ہے۔" گاندھی جی شادی کے قابل عمر کو بڑھانے کے قانون کے حق میں ضرور تھے، لیکن وہ اس بات پر زور دیتے تھے کہ لوگوں میں اس سماجی برائی کے خلاف رائے بیدار کی جائے۔

اکثر روشن دماغ لوگوں کا خیال ہے کہ گاندھی جی آدرش وادی تھے اور وہ ایسی مثالی زندگی بسر کرنے کی تلقین کرتے تھے، جو گوشت پوست کے آدمی کے بس میں نہیں، جو آدمی کی جسمانی معذوریوں کے باعث ناقابل حصول ہے لیکن یہ اُن کا یکطرفہ فیصلہ ہے۔ گاندھی جی کے آدرش ایسے نہ تھے جن کو عملی شکل دینا اشکل یا ناممکن ہو۔ چنانچہ بچپن کی شادی کی بدعت کے تدارک کے لئے اُن کے نظریوں میں ہمیں ایک حقیقت پسندانہ اعتدال نظر آتا ہے۔ وہ بخوبی سمجھتے تھے کہ عورتوں کے مسائل صرف آدمیوں کی باتوں سے حل نہیں ہوں گے اور نہ ہی بڑی بڑی کانفرنسوں کا اہتمام کرنے سے کوئی عملی نتیجہ نکلے گا۔

"بچپن کی شادی کی بدعت تو دیہات اور شہروں میں یکساں پھیلی ہوئی ہے۔ یہ بنیادی طور پر عورتوں کا کام ہے۔ یہ بات الگ ہے کہ مردوں کو بھی اس سلسلے میں بہت کچھ کرنا ہے لیکن جب آدمی وحشی ہو جاتا ہے، تو وہ عقل اور دلیل کو غیر باد کہہ دیتا ہے . . . آل انڈیا وومنز کانفرنس کو دیہات میں جا کر کام کرنا چاہیئے۔ اُن کے بلیٹین تو شہر میں انگریزی داں طبقے تک محدود ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ (وومنز کانفرنس کے کارکن) دیہاتی عورتوں کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔"

گاندھی جی یہ بات بھی جانتے تھے کہ ورکروں کے دیہات میں جانے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا وہ تو صرف اس بات پر زور دینا چاہتے تھے کہ شروعات ٹھیک مقام سے ہو۔

گاندھی جی نے اس بات کو بھی ہمیشہ ذہن میں رکھا کہ عورت کی بدحالی، بچپن کی شادی، اور ایسی دوسری سماجی برائیوں میں آدمی کی جارحیت کو دخل ہے۔ اس کے باوجود وہ اس بات پر برابر زور دیتے رہے کہ عورتوں کے حقوق کے لئے روشن دماغ عورتوں کو لڑنا ہوگا۔ انہوں نے اس مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے کہا: "لیکن کیا بہت سی عورتیں ہمیشہ آدمی کو تمام تر قصوروار ٹھہرائیں گی اور اپنے ضمیر کو غلام رکھیں گی؟ کیا پڑھی لکھی روشن دماغ عورتوں کا اپنی جنس کے تئیں کوئی فرض نہیں کہ وہ سدھار کا بوجھ اپنے ذمہ لیں؟ اس تمام

تعلیم کا کیا فائدہ۔ اگر شادی کے بعد وہ اپنے اپنے خاوندوں کی غلام ہو جائیں گی۔"

شادی کے ضمن میں جہیز کی رسم قبیح کا ذکر ناگزیر ہے یہ بُری رسم اب بھی ہمارے سماج میں موجود ہے۔ لیکن اس صدی کی دوسری اور تیسری دہائی میں لڑکی کی شادی کرنا ایک مسئلہ تھا۔ اقتصادی بحران کے دنوں میں بارعذگار لڑکوں کا مل جانا بہت بڑی نعمت سمجھا جاتا تھا۔ لیکن وہ بہت بڑا جہیز طلب کرتے تھے۔ اس وجہ سے لڑکیوں کے خودکشی کرنے کی وارداتیں عام تھیں۔ اس زمانے کے بنگالی ناولوں میں اس بدعت کی بھیانک تصویریں ہمیں اکثر ملتی ہیں۔ منشی پریم چند نے بھی اپنے بعض ناولوں میں اس لعنت کے خلاف آواز اٹھائی تھی اور یہ دراصل ایک حد تک گاندھی جی کے خیالات کا اثر تھا۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ گاندھی جی واحد شخص تھے جنہوں نے جہیز کے خلاف لوگوں کے دلوں میں نفرت کا بیج بویا لیکن دوسرے رہنماؤں کی نسبت اُن کی آواز زیادہ ہمہ گیر تھی۔ اُن کے الفاظ زیادہ اثر رکھتے تھے۔

جہیز کی بدعت کے تدارک کے لئے انہوں نے ایک نہایت ہی معقول سجھاؤ بھی دیا تھا۔ انہوں نے شادی کے قابل لڑکیوں کے والدین کو ذات پات کی حد بندیوں سے باہر لڑکیوں کی شادی کرنے کی تحریک کی۔ اُن کا خیال تھا کہ اس طرح جہیز کی بُری رسم کا خاتمہ کیا جا سکے گا۔ اس کے علاوہ انہوں نے نوجوان لڑکوں کو بھی جہیز نہ لینے کی ترغیب دی۔ اس کے نتیجے میں کامیابی بھی حاصل ہوئی۔ گاندھی جی نے خود اپنے لڑکوں کے بیاہ ذات پات سے اوپر اُٹھ کر کئے۔ بہت سے سرکردہ کانگریسی رہنما بھی اُن کے نقشِ قدم پر چلے۔

لیکن عورتوں کے بعض مسئلے نہایت سنگین تھے یہ مسئلے بیواؤں کی شادی اور طلاق کے تھے۔ چنانچہ گاندھی جی نے جب بیواؤں اور ناخوش عورتوں کے حق میں آواز بلند کی، تو یہی عوامل اُن کے پیشِ نظر تھے۔ وہ بچپن کی شادی ان میل اور بے جوڑ شادی کی قباحتوں سے باخبر تھے۔ انہوں نے حساس اور سماجی شعور سے مالا مال ادیبوں اور شاعروں کی طرح نام کی "صنفِ نازک" کو واقعی بے بس دیکھا اور اپنے مخصوص لہجے میں اپنی صدائے حق میں دوسروں کو شریک کرنے کی کوشش کی۔ چنانچہ ایک جگہ وہ یوں لکھتے ہیں:

"پچھلے بیس برسوں کے مقابلہ میں ۱۹۲۱ء میں بیواؤں کی تعداد قدرے زیادہ ہی رہی۔

"اس سے یہ اور بھی واضح ہو جاتا ہے کہ ہم ہندو کم سن بیواؤں کے ساتھ کس قدر بے انصافی سے کام لیتے ہیں۔ ہم دھرم کے نام پر گائے کے تحفظ کے لئے واویلا کرتے ہیں، لیکن کم سن بیواؤں کے تحفظ کے لئے کچھ نہیں کرتے۔ دھرم کے نام پر ہم اُن تین لاکھ کم سن بیواؤں کو بیوگی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔ جو شادی کی رسم کا مطلب تک نہیں سمجھتیں۔ کم سن لڑکیوں کو بیوگی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کرنا ایک وحشیانہ جرم ہے اور ہندو روزانہ اس جرم کا کڑا خمیازہ بھگت رہے ہیں۔"

گاندھی جی یہ تو برداشت کر سکتے تھے کہ کوئی عورت اپنی مرضی سے شادی شدہ زندگی کا مطلب اچھی طرح جانتے ہوئے، بیوگی کو دوبارہ شادی پر ترجیح دے، لیکن یہ بات اُن کے نزدیک مذموم تھی کہ ۱۵ برس سے کم عمر لڑکیوں کو ہمیشہ کے لئے بیوگی سے بیاہ دیا جائے۔ اس لئے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بیواؤں کی شادی کو بُرا نہ سمجھا جائے لیکن اُن کی رائے میں یہ اصلاحی کام اُن لوگوں کو شروع کرنا چاہئے، جن کی لڑکیاں بدقسمتی سے کم سنی میں بیوہ ہو گئی ہیں۔ اُن کے نزدیک بیوہ کی دوبارہ شادی کوئی گناہ نہیں ہے۔

طلاق کے ضمن میں بھی گاندھی جی کے خیالات انتہائی حقیقت پسندانہ تھے۔ وہ ہندوستانی عورت کے مساوی حقوق کے حامی تھے۔ ساتھ ہی ساتھ وہ ہندوستانی عورت کے روایتی یک طرفہ خلوص و ایثار کے حق میں نہ تھے۔ اُنہوں نے برملا اس کی حمایت کی کہ اگر عورت یہ سمجھتی ہے کہ وہ اپنے خاوند کے ساتھ کسی معقول وجہ سے نباہ نہیں کر سکتی، تو اُسے یہ حق پہونچتا ہے کہ وہ طلاق حاصل کرے۔ مسلمانوں کے نزدیک

طلاق کی حمایت انقلاب پسندانہ بات نہیں لیکن ہندو سماج میں یہ ایک چونکا دینے والا قدم تھا۔ آج ہندو کوڈ بل نے ہندو عورت کے اختیارات و حقوق کا تحفظ کر دیا ہے۔ لیکن ۱۹۲۵ء میں جب گاندھی جی نے طلاق کی حمایت کی تھی، تو اس وقت شہری عورتوں کو بھی یہ حق حاصل نہ تھا کہ وہ خاوند سے الگ ہو سکیں یا الگ ہو کر دوبارہ شادی کر سکیں۔ لوگ اس وقت ایسی عورت کو، جو نااہل اور بدکردار خاوند سے طلاق حاصل کرنے کی بات کرتی تھی نفرت و حقارت کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔

پنڈت جواہر لال نہرو نے ایک جگہ لکھا ہے: "ایک فرانسیسی نے ایک بار لکھا تھا کہ کسی قوم کے معیار اور مرتبے کو پرکھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ وہاں عورت کا مقام کیا ہے"۔ آج سے بیس برس پہلے بھارت میں عورتوں کا کیا مقام تھا۔ اس کا کچھ اندازہ تو ہم اب کر ہی سکتے ہیں۔ لیکن باپو کے جذبے اور جد و جہد کی بدولت جہاں ہمیں سیاسی آزادی کی خوشی میسر آئی، ہمیں ایک اور وجہ سے فخر سے سر بلند کرنے کا موقع بھی ملا۔ بھارتی عورت آج تعلیم کے زیور سے مالا مال ہے۔ اس کے حقوق محفوظ ہیں، اسے مرد کے مساوی حقوق حاصل ہیں، وہ اپنی قسمت کی خود مالک و مختار ہے۔ ہندوستانی عورت کی یہ حیثیت اور مرتبہ باپو کی بدولت ہے۔ اس باپو کی بدولت، جو والٹ وہٹ مین کی طرح سوچتا تھا:

میں عورت اور مرد دونوں کا شاعر ہوں
اور میں سمجھتا ہوں، عورت عظیم ہے۔
اتنی ہی، جتنا کہ مرد ہے۔
اور میں یہ سمجھتا ہوں کہ مردوں کی ماں سے زیادہ عظیم اور کوئی ہستی نہیں"

(ویٹ مین)

بقیہ: گاندھی جی کے چند مسلمان ساتھی

رفیع احمد قدوائی کا نام بھی خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔ انہوں نے جس طرح جنگِ آزادی میں اپنے جوہر دکھائے۔ اسی طرح ملک کے آزاد ہونے پر اتر پردیش میں ہوم منسٹر کی حیثیت سے اور مرکزی حکومت وزیرِ خوراک کی حیثیت میں شہرت اور کامیابی حاصل کی۔ ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب کا نام جامعہ ملیہ کے سلسلے میں آ ہی چکا ہے۔ اُن کے ساتھیوں میں ڈاکٹر عابد حسین، مولانا شفیق الرحمٰن قدوائی بھی خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں اُن میں سے قدوائی صاحب دلی کے وزیرِ تعلیم بھی ہوئے۔ مگر افسوس کہ وہ پورا سال بھر بھی اس حیثیت سے کام نہ کر سکے اور اُن کا انتقال ہو گیا۔ گاندھی جی کے آشرم نواسیوں میں ایک مسلمان خاتون اُمتہ السلام بھی تھیں جنھوں نے نواکھالی کے فرقہ وارانہ فسادات کے موقع پر برت بھی رکھا تھا۔

ان ممتاز قائدین کے علاوہ لاکھوں اور کروڑوں مسلمان ایسے تھے جو گاندھی جی کو اپنا رہنما اور سچا دوست سمجھتے تھے کیونکہ انہوں نے اپنی زندگی اور اپنی تعلیمات سے یہ ثابت کر دکھایا تھا کہ ہندوستان کے سبھی لوگ اُنہیں یکساں عزیز ہیں۔

****

غالبیات میں اضافہ

آئینہ غالب: ۲۲ مقالات۔ بڑا سائز۔ ٹائپ کی عمدہ چھپائی
صفحات ۲۷۸ قیمت: ۵ روپے

گنجینۂ غالب: ۱۴ مقالات۔ بڑا سائز۔ ٹائپ کی عمدہ چھپائی
صفحات ۱۸۶ قیمت ۴٫۵۰ روپے

محصول ڈاک ہمارے ذمے۔ تین روپے اور اس سے زائد کی کتابیں وی پی سے منگوائی جا سکتی ہیں۔

بزنس منیجر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

پہاڑی گاندھی

بابا کانشی رام



پریم پکھرولوی

ضلع کانگڑہ میں دریائے بیاس کے کنارے ایک چھوٹا سا گاؤں آباد ہے ڈاڈاسیبا۔ ۱۱ جولائی ۱۸۸۲ء کے مبارک دن وہاں پنڈت بھنو رام جی کے ہاں ایک بچے نے جنم لیا۔ نام پڑا کانشی رام جو آگے چل کر بابا کانشی رام بن گیا۔

پنڈت کانشی رام کی تعلیم گھر پر ہی شروع ہوئی جب آپ بیتی برس کے ہوئے تو لاہور چلے آئے۔ لاہور ان دنوں مختلف قسم کی سیاسی، ادبی، سماجی اور تہذیبی سرگرمیوں کا گہوارہ تھا۔ فن موسیقی سے پنڈت جی کو بچپن لگاؤ تھا۔ غالباً اسی شوق کی وجہ سے وہ پہاڑ چھوڑ کر میدان آ گئے تھے۔ آپ کا گلا نہایت سُریلا تھا۔ آپ کی جادو بھری آواز سے متاثر ہو کر شریمتی سروجنی نائیڈو نے آپ کو "بلبل پہاڑ" کا لقب دیا تھا۔ کلاسیکل موسیقی اور پہاڑی گیتوں کو ریاض کر کے گاتے تھے۔ ہر سال ہریلھ کے سالانہ میلے میں شوق سے شرکت کرتے تھے۔ ——— لاہور میں پنڈت جی کافی دنوں تک لالہ ہردیال کی صحبت میں رہے۔ ۱۹۱۱ء میں آپ دلی دربار دیکھنے گئے جب راس بہاری بوس نے لارڈ ہارڈنگ پر بم پھینکا تو آپ وہاں موجود تھے جب ایک طرف تو راس بہاری بوس کے جذبۂ حب الوطنی نے تو دوسری طرف انگریزوں کی بربریت نے آپ کے حساس دل کو بہت متاثر کیا۔ ان کے دل میں انگریزوں کے خلاف نفرت کا جذبہ ابھرتا رہا۔ بعد ازاں آپ دلی سے لاہور لوٹ آئے اور قومی سیاسیات میں گہری دلچسپی لینے لگے۔ مہاتما گاندھی کے اثر میں آ کر کانگریس کے ممبر بن گئے۔ ادھر رولٹ ایکٹ کے نفاذ اور جلیانوالہ باغ کے خونیں سانحہ نے جب مہاتما گاندھی کو ستیہ گرہ کرنے پر مجبور کیا تو اس پہاڑی آنچل سے پنڈت کانشی رام واحد فرد تھے جو اس ستیہ گرہ میں شامل ہوئے۔ نتیجے کے طور پر ۱۹۱۹ء میں آپ کو دو سال کی قید بامشقت کا حکم صادر ہوا اور آپ کو گورداسپور جیل میں رکھا گیا۔



بابا کانشی رام

گاندھی جی کی قیادت میں رہ کر لوگوں خصوصاً پہاڑی جنتا کو بیدار کرنا اور جنگِ آزادی کی تحریک کو شہروں کی بجائے دیہات تک پھیلانا آپ کا مقصدِ حیات بن گیا۔ ہاں ادب دوست ہونے کے ناتے شعر و شاعری میں بھی انہیں کافی دلچسپی تھی۔ پہاڑی بھاشا کے پرستار تھے لہٰذا لوک گیتوں لوک کہانیوں سے رغبت رہی۔ اب سیاسی اور قومی سرگرمیاں تیز رفتار ہوتی جا رہی تھیں۔ آزادی کی خاطر آپ کو گیارہ بار جیل جانا پڑا اور کل ملا کر نو سال کی قید بھگتنی پڑی۔ تاہم جیل کی زندگی کی تمام دشواریوں اور محرومیوں کو خندہ

پیشانی سے جھیلتے رہے۔

عوام سے اپنا رابطہ قائم رکھنے کی خاطر آپ نے ضلع ہوشیار پور اور کانگڑہ کے دور دراز کے تمام دیہات کا مسلسل دورہ کیا اور رنگ بھگ ہر مشہور جگہ پر سیاسی جلسے منعقد کئے ان جلسوں میں اکثر ملک کے چوٹی کے رہنما شرکت کرتے تھے۔ پنڈت جی کی انتھک کوششوں کی وجہ سے ان دور افتادہ علاقوں میں بھی آزادی کی لہر دوڑ گئی۔ ایسے ہی ایک جلسہ میں سورگیہ پنڈت جواہر لال نہرو بھی شریک ہوئے تھے جو گڑھ دیوالیں منعقد ہوا تھا۔ اس جلسہ کی صدارت پنڈت کانشی رام جی نے کی تھی۔ نہرو جی کی پارکھی نظروں نے آپ کی شخصیت کو بھانپ لیا تھا۔ ممکن ہے پہلے بھی وہ ان کے بارے میں کچھ سن چکے ہوں، مگر اس موقع پر انہوں نے کہا "یہ چھوٹے سے قد کا انسان واقعی پہاڑی گاندھی معلوم ہوتا ہے" ان کا یہ کہنا تھا کہ ہزاروں کی تعداد میں بیٹھے سامعین نے فوراً فلک شگاف نعرہ بلند کیا "پہاڑی گاندھی زندہ باد" "پہاڑی گاندھی زندہ باد"۔۔۔ اور اس طرح بابا کانشی رام پہاڑی گاندھی مشہور ہوگئے۔

جس وقت سردار بھگت سنگھ، راج گورو اور سکھدیو وغیرہ کو پھانسی کی سزا ہوئی تو بابا کانشی رام نے یہ عہد کیا تھا کہ جب تک ملک آزاد نہ ہوگا میں سیاہ لباس ہی پہنا کروں گا۔ اس فیصلے پر عوام نے انہیں ایک اور خطاب سے نوازا۔ یعنی اب وہ بھارت کے سیاہ پوش جرنیل کہلانے لگے اسی فیصلہ کی وجہ سے لاہور جیل میں جیل کے حکام سے ان کی ٹھن گئی۔ جیلر کا حکم تھا کہ جیل کے اندر انہیں مقررہ وردی پہننی پڑے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حصول آزادی تک یہی سیاہ کپڑے پہننے کی قسم کھائی ہے تنازعہ کچھ اس حد تک بڑھا کہ پنڈت جی نے بھوک ہڑتال شروع کر دی۔ اظہار ہمدردی کے طور پر دیگر قیدیوں نے بھی بھوک ہڑتال کا اعلان کر دیا۔ جب معاملہ اس نازک مرحلے پر جا پہونچا تو سر منوہر لال جو محکمہ جیل کے وزیر تھے، کو مداخلت کرنی پڑی اور انہوں نے اس بہادر جرنیل کی بات ماننے کا حکم دیا تب جا کر بھوک ہڑتال ختم ہوئی۔

پہاڑی گاندھی مختلف جیلوں میں رہے۔ گورداسپور جیل کے علاوہ آپ نے ملتان، لاہور، سب جیل ہوشیار پور، فیروز پور، اٹک لائلپور اور دھرمسالہ (کانگڑہ) کی جیلوں میں نیند کاٹی ہے۔ قید میں رہ کر آپ نے پہاڑی اور پہاڑی بھاشا کی خوب خدمت کی۔ ان کے بھتیجے شری سرایا رام جی کا کہنا ہے کہ پہاڑی گاندھی نے لگ بھگ ۵۰ کتابیں (نظمیں) اور آٹھ دس کہانیاں لکھی ہیں۔ آپ کی ان نظموں اور کہانیوں میں روحانیت، سماج واد، اچھوتوں کی بھلائی، پہاڑی زندگی کی بڑی دلکش جھلکیاں ملتی ہیں۔

لوک گیتوں کے بارے میں آپ نے بالکل بجا طور پر کہا ہے کہ یہ لوک گیت ان پربتوں کے باسیوں کے لئے سب کچھ ہیں۔ ان گیتوں کے سہارے ہی غریب پہاڑی کسان اپنی زندگی کی بیشتر محرومیوں دکھ اور تکلیفوں کو بھول جاتے ہیں ان لوگوں کی زبان سلیس اور پرسوز ہے ان کے ایک طویل لوک گیت کے ایک بند کا ترجمہ درج ذیل ہے۔

گاؤں کے سب جوان آزادی کی خاطر اس وعدے پر کہ "اگر انگریز یہ جنگ (دوسری جنگ عظیم) جیت گئے تو بھارت کو آزاد کرائیں گے، مورچوں پر کام آچکے ہیں ان کی جوان بیویاں بیوہ ہوگئی ہیں اور ان کی سرخ مانگوں سے سندور مٹ گیا ہے۔ ان پر چلتی پھرتی لاشوں کا گمان ہوتا ہے۔ بھرا سی بے سہارا بوڑھی مائیں بھی ہیں۔ جو آزادی کی قیمت چکانے کی خاطر گاؤں میں رہ گئی ہیں ان کے مغموم چہروں کی جھریاں ان کے درد و غم کی مظہر ہیں۔

بستی کی حالت ایسی ہوگئی ہے جیسے شمشان کی خاموشی ہو۔ وہ اتنی بری طرح اجڑ چکی ہے کہ وہاں الو بولتے ہیں۔ اس ہولناک ماحول میں شاعر و گیت کار کو ہر طرف اندھیرا دکھائی دیتا ہے۔ آسمان میں ان بیوہ عورتوں کی روحیں، جو اپنے شوہر کے مرنے کی خبر پا کر سستی ہوگئی ہیں، بے قرار ہو کر روتی ہوئی سنائی دیتی ہیں۔ ان ملی جلی ڈراؤنی آوازوں میں شاعر کو ایک پیغام ملتا ہے۔ وہ پیغام ہے آزادی کا۔ دیش کو فرنگی حکومت سے نجات دلانے کا سندیش۔"

پہاڑی گاندھی کی گھریلو زندگی خوشگوار نہیں رہی۔ شادی کے ۹ سال بعد ہی آپ کی رفیقۂ حیات شریمتی سرسوتی دیوی آپ کو داغ مفارقت دے گئیں۔ ان کے بطن سے آپ کے دو بیٹے ہیں۔ بیوی کی موت کے بعد آپ نے گھر گرہستی کے تمام بندھن توڑ ڈالے تھے اور جنگ آزادی کے بے خوف سپاہی بن گئے۔ ایک ہی لگن اور ایک ہی نصب العین آپ کے سامنے تھا کہ ملک کب آزاد اور کیسے آزاد ہو؟ آخر ۱۵ اکتوبر ۱۹۴۷ء کو وہ چوماہ کی مسلسل علالت کے بعد اس جہان فانی سے کوچ کر گئے۔ صد حیف شمع آزادی کے اس سچے پروانے کو آزادی دیکھنا نصیب نہ ہوئی وہ آخری دم تک سیاہ پوش رہے اور جب سفید لباس پہنا تو وہ کفن ہی تھا۔

بابا کانشی رام اب ہم میں نہیں ہیں مگر ان کی قربانی اور بے لوث خدمت ہمیں ہمیشہ روشنی دکھاتی رہے گی اور ڈاڈا سیبہ کا ہائی اسکول ان کا نام ہمیشہ روشن اور تابندہ رکھے گا۔



افکارِ میر :۔ مرتبہ ایم حبیب خاں، تقطیع متوسط، ضخامت ۲۲۴ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد نو روپے، پتہ، مکتب خانہ انجمن ترقی اُردو جامع مسجد، اُردو بازار، دہلی-۶

۱۹۴۷ء سے پہلے میر کی طرف کم التفات کیا گیا۔ اُن کے حالات اور کلام پر کوئی مستقل تصنیف نہیں تھی صرف کچھ متفرق کام تھے جن میں ڈاکٹر عبدالحق مرحوم کا انتخاب کلام میر" اور اس کا مقدمہ۔ حضرت اثر لکھنوی کا مقدمہ "مزامیر" اور چند دوسرے مضامین قابلِ ذکر ہیں۔ ڈاکٹر عبدالحق ہی نے ۱۹۲۸ء میں میر کی خود نوشت "ذکرِ میر" شائع کی جس کا اُردو ترجمہ "میر کی آپ بیتی" کے نام سے جناب نثار احمد فاروقی نے ۱۹۵۷ء میں مکتبہ برہان دہلی سے شائع کیا۔ اس کے علاوہ رسالہ فیضِ میر کو پروفیسر مسعود حسین رضوی ادیب نے مرتب کر کے مع ترجمہ شائع کیا اور عبدالباری آسی مرحوم نے "کلیاتِ میر" پہلی بار سلیقے سے چھاپا (۱۹۴۱ء) ۱۹۵۴ء میں پروفیسر خواجہ احمد فاروقی کی کتاب "میر تقی میر" حیات اور شاعری چھپی۔ اپنی بعض کوتاہیوں کے باوجود یہ میر کی زندگی اور شاعری پر پہلی مبسوط کتاب تھی۔ ۱۹۶۳ء میں جناب نثار احمد فاروقی کی ادارت میں دہلی کالج میگزین کا "میر نمبر" شائع ہوا جس میں اُردو کے ممتاز ناقدوں اور محققوں کے مضامین شامل تھے۔ اب اسی میر نمبر کے خطوط پر جناب ایم حبیب خان (علی گڑھ) نے منتخب مضامین کا ایک مجموعہ "افکارِ میر" کے نام سے مرتب کر کے چھاپا ہے جس میں کچھ مضامین "میر نمبر" سے اخذ کئے گئے ہیں اور بعض نئے شامل کئے گئے ہیں۔

افکارِ میر بھی چار ابواب پر مشتمل ہے۔ باب اول: حیات اور تصانیف باب دوم: فکر و فن، باب سوم: میر کی دوسری اصناف، اور باب چہارم انتخاب کلام میر۔ دوسرے اہلِ قلم کے مضامین کے علاوہ ایم حبیب خاں نے اپنے دو مضامین "میر اہم تذکرہ نگاروں کی نظر میں اور میر کلو عرش بھی شامل کر دیئے ہیں۔ مشہور و معروف اہلِ قلم کے مندرجہ ذیل مضامین لائقِ مطالعہ ہیں۔ مختصر حالاتِ زندگی (قاضی عبدالودود) میر کی آپ بیتی (نثار احمد فاروقی) میر اور ہم (مجنوں گورکھپوری) زبان میر کی خصوصیات (ڈاکٹر تیواڑی) میر کی عالم گیر مقبولیت (فراق گورکھپوری) میر اور نئی غزل (محمد حسن عسکری) میر کی مثنویاں (ڈاکٹر سید عبداللہ) میر کی قصیدہ نگاری (ڈاکٹر ابو محمد سحر) یہ سب مضامین مطبوعہ ہیں۔، صرف ڈاکٹر نعیم احمد کا مضمون "میر کی شہر آشوب شاعری" غیر مطبوعہ ہے۔

جناب ایم حبیب خان صاحب نے ان منتشر شہ پاروں کو یکجا جمع کر کے بہت اچھا اور مفید کام انجام دیا ہے۔ اس سے میر کا مطالعہ کرنے والوں کو بہت سہولت ہوگی اور اپنے مفید مطلب مضامین یک جا مل جائیں گے۔

(محمد عمر)

داستانے چند : مصنف: راز چاندپوری، قیمت: ۲ روپیہ صفحات ۱۲۷

اس کتاب کی افادیت کا احاطہ یوں کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ صلائے عام کے عنوان سے ایسے پانچ موضوعات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ جن پر سیماب اکبرآبادی پر تحقیق ممکن ہے۔

۲۔ رسائل، پری خانہ (۱۹۱۹ء) تماشائی (۱۹۲۸ء) اور پیمانہ ۱۹۲۲ء وغیرہ کے بارے میں کچھ معلومات ہیں

۳۔ ۱۹۲۰ء سے ۱۹۳۲ء تک کچھ ایسے مشاعروں کا حال ہے جن میں سیماب اور اُن کے چند اہم شاگرد شریک ہوئے۔

۴۔ سیماب اکبرآبادی کے مجموعے "نیستاں" کا تعارف اور اُن کی نثر کے کچھ نمونے پیش کئے گئے ہیں۔

۵۔ ذات وصفات کے عنوان سے صفحہ ۷۰ سے ۱۰۱ تک میں سوانح مرتب کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو اُن کی ادبی معرکہ آرائیوں اور فتوحات کا اشاریہ ہے۔ اس سلسلے میں سیماب اور سائل نظامی کے کچھ خطوط بنام راز چاندپوری شامل ہیں۔ یہ خطوط سیماب

اور ساغر کی کشیدگی کے درمیان لکھے گئے ہیں۔ ان چند خطوں میں ساغر کی شخصیت ایک خود دار شریف اور حوصلہ مند نوجوان کی ابھرتی ہے اس لئے ان خطوں کی اہمیت ہے۔

۶۔ ادبی خدمات کے تحت ان کی تصانیف کا مختصر تعارف کراتے ہوئے پروفیسر آل احمد سرور، نیاز فتحپوری، حامد حسن قادری، مجنوں گورکھپوری اور کلیم الدین احمد وغیرہ کی تنقیدی رائیں بھی شامل کی گئی ہیں۔ جو مجموعی طور پر سیماب کی طرف داری نہ کرتے ہوئے اُن کے مرتبہ کا تعین کرنے میں مددگار ہوتی ہیں۔

۷۔ آخری دس صفحوں میں مصنف نے سیماب کی غزلوں کا مختصر سا انتخاب ۱۸۹۸ء سے ۱۹۵۰ء تک کا پیش کیا ہے جس سے اُن کی غزلوں کا ارتقا سمجھا جا سکتا ہے۔

ظاہر ہے کہ یہ کتاب مختلف جھلکیوں کی وجہ سے مفید ہے مصنف کا طرز تحریر سادہ اور پُرخلوص ہے۔ لیکن دو باتیں کھٹکتی ہیں۔ ایک تو اکثر تنقید و تجزیے کے مراحل پر ناز چاندپوری موضوع کو کسی دوسرے وقت کے لئے ٹال دیتے ہیں۔ دوسرے دیباچہ میں اُن کا دعویٰ ہے کہ "یہ مختصر مجمل داستانیں سیماب صاحب کی سیرت کو سمجھنے کے لئے کافی ہوں گی — یہ دعویٰ درست نہیں، اس لئے کہ سیرت نگاری ایک فرد کی پوری زندگی کو حقائق کے ساتھ اس طرح تخلیق کرنا ہے کہ اس کے کردار کا ارتقا حالات، واقعات اور اُن کے تجربات کے ساتھ ہوا اور اس کی شخصیت واقعی محسوس ہونے لگے لیکن اِن جھلکیوں میں ان کی سیرت کی مربوط اور واضح تصویر نہیں ابھرتی اس لئے کہ اُن میں خارجی زندگی اور ادبی فتوحات کا بیان ہے، نجی زندگی کو یکسر نظر انداز کیا گیا ہے۔

مجموعی طور پر یہ کتاب ادب کے طالب علم کے لئے کارآمد اور دلچسپ ہے۔

"اصناف ادب کا ارتقاء"

مصنف۔ سید صفی مرتضیٰ ایم اے۔ ناشر۔ نسیم بکڈپو، لکھنو
صفحات ۸۴، قیمت ۱/۵۰

اس کتاب میں غزل، قصیدہ، مثنوی، مرثیہ، نظم جدید (معریٰ و آزاد) داستان، ناول، افسانہ، ڈراما اور تنقید کی تعریف اور اُن کا ارتقاء بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

غزل، قصیدہ اور مرثیہ وغیرہ کی تعریفیں، مناسب، اور قسل بخش ہیں۔ اور ادب کے طالب علم کو ابتدائی مراحل میں ان سے مدد مل سکتی ہے لیکن اُن کے ارتقاء کے نام پر جو چند جملے لکھے گئے ہیں وہ ناقص ہیں مثلاً پورے "ترقی پسند دور کے ناول نگاری کا احاطہ بس یوں ہے۔

"کسی کا موضوع جنسی مسائل ٹھہرا، کسی نے روٹی پر دال بھگوئی، عریانی اِن ناولوں کی خصوصیت بن گئی، بہرحال سجاد ظہیر، کرشن چندر عصمت چغتائی اور ظفر قریشی نے کسی قدر قلم سنبھال کر لکھا۔" اس سے بڑی دلچسپ بات یہ ہے کہ ناول کا بیان اس کے بعد بالکل ختم ہو جاتا ہے اور صفی مرتضیٰ صاحب نے اس کی ضرورت قطعی نہیں سمجھی کہ معلوم کریں کہ اُردو ادب میں حالیہ ۲۰، ۲۵ سال میں کیا ہوا۔ یہی حال غزل، نظم اور افسانے کے ضمن میں ہے۔ مصنف نے ترقی پسندی اور طنز و مزاح کو بھی اصناف ادب کہا ہے۔

اُردو شاعری کی ہندوستانی رُوح

مصنفہ زرینہ ثانی ایم اے (اُردو، فارسی) صفحات ۱۱۲
قیمت ایک روپیہ پچاس پیسہ۔ ناشر نسیم بکڈپو، لکھنو

یہ کتاب مصنفہ کے ۹ مختلف مضامین کا مجموعہ ہے، پہلا مضمون وہی ہے جو کتاب کا نام ہے۔ سارے مضامین کا رویہ تنقید سے زیادہ تحسین ہے مصنفہ اپنے موضوع کی بے جا وکالت ضروری خیال کرتی ہیں۔ مثلاً "شکیل کے یہاں ہیں جگر کا والہانہ انداز سرمستی، داغ کی شوخی اور زبان کا نکھار اور فن کی شان شیرو شکر ہوتی نظر آتی ہے۔ جس میں ایک منفرد رنگ پیدا ہو گیا ہے جو شکیل کا اپنا رنگ ہے" "شکیل بدایونی اور غزل"۔

یہی انداز مضمون "رباعیات آہ" میں ہے۔

اُن (آہ) کا فلسفہ نشاط خیام اور حافظ سے مشابہت رکھتا ہے۔

"ڈاکٹر آہ کے یہاں خمریات، عشقیہ، فلسفیانہ، اخلاقی المیہ، متصوفانہ سماجی، سیاسی ہر قسم کے خیالات رباعیوں کے پیکر میں بڑی خوبصورتی اور حسن کے ساتھ ڈھالے گئے ہیں جن سے اُن کی عمیق نظری، بلند تخیل، قدرت زبان سیاسی اور سماجی بصیرت، وسیع مشاہدہ اور فلسفیت ظاہر ہوتی ہے۔"

غالباً زرینہ صاحبہ کا خیال ہے کہ تحسین کے جتنے الفاظ ممکن ہیں وہ سارے کے سارے لکھے بغیر کسی کو اچھا شاعر یا ادیب نہیں کہا جا سکتا۔

مضامین اردو شاعری کی ہندوستانی روح" اور "عصر جدید اور عزائیہ شاعری" میں بھی موضوع کی وکالت ہے۔ اپنی بات کے ثبوت میں کمزور شاعروں کے کمزور اشعار پیش کرنے میں انھیں تکلف نہیں ہوتا اس کم احتیاطی سے ان کا بنایا ہوا مقدمہ کمزور پڑ جاتا ہے۔

مصنفہ کی تحریر میں اعتماد و ذہانت کی جھلکیاں ہیں۔ اگر وہ تحسین و تنقید میں واضح فرق قائم کر سکیں اور ادب کو وقت کی طرح متحرک سمجھیں تو اُن کی تحریروں سے اچھی توقعات کی جا سکتی ہیں۔

رنگ و روشنی مصنف: رضا امروہوی۔ ناشر: دلنواز پبلیکیشنز پی ٹی ۲۴، جی پوائنٹ نئی دہلی۔ قیمت تین روپے صفحات ۱۶۰

میں یہ نہیں کہتا کہ ادب و صحافت میں بنیادی فرق نہیں ہے لیکن قدر اول کی صحافت، تیسرے درجے کے ادب سے برتر ہے۔ پھر دونوں کا مقابلہ ہی درست نہیں۔

نثر میں تو ہم نے صحافتی نثر کی اہمیت اور ضرورت کو مان لیا ہے۔ مقبول اور ذمہ دار اخبار، اُن کے اداریوں اور کالموں کی ہم قدر کرتے ہیں۔ لیکن شاعری کو ہم تخلیقی عمل سمجھتے ہیں۔ لیکن صحافت کو نثر کی طرح، شاعری کی بھی ضرورت ہے۔ میرا خیال ہے کہ صحافت کا شاعرانہ عمل جو یقیناً تخلیقی عمل نہیں ہے اس کی اپنی ایک اہمیت ہے، اور ہم کو اُسے خالص شاعری کے معیار سے نہیں پرکھنا چاہئے۔ یعنی جس طرح اخباری نثر تخلیقی نہیں ہوتی۔ اسی طرح غیر تخلیقی شاعری کی ضرورت کو تسلیم کر لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ میں اس مجموعے کو صحافتی شاعری کا مجموعہ سمجھتا ہوں ہندوستان کے اہم سیاسی، سماجی، واقعات اور حادثات پر اُس میں صحافتی نظمیں ہیں۔ جن کی اپنی اپیل ہے۔

اس مجموعے میں مہاتما گاندھی، آنجہانی نہرو (معمارِ اعظم) مولانا ابوالکلام آزاد، سبھاش چندر بوس، ڈاکٹر راجندر پرشاد، لال بہادر شاستری، اے وادیٔ کشمیر اعلان تاشقند اور بہت سی نظمیں تقریروں کی طرح پُر اثر ہیں۔ اُن میں زبان و بیان کی صفائی ہے۔

خواب و بیداری مصنفہ: ایس کے صغریٰ سبزواری

ملنے کا پتہ: نمبر ۳۵ کنٹونمنٹ لین قیمت تین روپے

صفحات ۱۹۶

اس ناول کی کہانی معمولی اور مختصر ہے۔ ۱۷ سالہ سیما سید، اور ۲۴ سالہ سلیم خاں میں محبت ہو جاتی ہے اختلاف ذات کی وجہ سے شادی نہیں ہوتی۔ مجبوراً دونوں بھاگ جاتے ہیں۔ گرفتاری عمل میں آتی ہے سلیم خاں کو سزا ہو جاتی ہے۔ سیما بدنامی کی ذلت میں خاندان کا بوجھ بنی رہتی ہے۔ ۱۶ سال سیما کے لئے شادی کا پیغام بمبئی اور پونا کے ایک دولت مند رئیس کی طرف سے آتا ہے۔ شادی کے عین وقت معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی سلیم خاں ہے مگر اب شادی بخیر انجام پاتی ہے۔ اس لئے کہ وقت اور غربت نے سید صاحبان کا کس بل نکال دیا تھا اور سلیم خاں، شہزادوں کی سی زندگی بسر کر رہا تھا۔

اگرچہ کہانی میں ذرا بھی نیا پن نہیں بلکہ واقعات کی پُر سلیقہ ترتیب سے ہلکی پُر اسراریت پیدا ہو جاتی ہے جو عام قاری کو قابو میں رکھ سکتی ہے۔ خوبصورت جزئیات نگاری، سادہ اور موثر اسلوب اور بھی مددگار ہوتے ہیں۔ ناول سیما کی یادوں کے سہارے آگے بڑھتا ہے۔ یہ لڑکی آج سے پچاس سال پہلے کی ہے لیکن اس کے احساسات جو اُس کی گرم جوش محبت، فطری خوف، اور محرومیوں سے بھرپور ہیں، پڑھنے والے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ سیما محسوس ہونے لگتی ہے۔ اس طرح اس کا کردار سادہ کردار کی تعریف میں آجاتا ہے۔

مصنفہ کے خلوص، سادہ اسلوب، مختصر کامیاب جزئیات نگاری اور کہانی کو سلیقے سے بیان کرنے کی وجہ سے عورتوں اور نئی عمر والوں کے لئے یہ ناول خاصی دلچسپی رکھتا ہے۔

(بشیر بدر)

گوہر نایاب : مجموعہ قطعات۔ مصنف: کشن دت طوفان۔

یہ مجموعہ جناب کشن دت طوفان کا دوسرا مجموعہ کلام ہے۔ ان قطعات میں انھوں نے اپنے بزرگوں سے ورثے میں پائے اخلاقی موضوعات اور خیالات کو روایتی ڈھنگ سے اور سیدھے سادے لفظوں میں ادا کیا ہے

قیمت: ایک روپیہ پچاس پیسے ناشر: قصر ادب، اردو بازار دہلی

قابلِ مطالعہ

کتابیں

ہمارا جھنڈا	ایک روپیہ	ہندوستان کی تاریخ (بچوں کے لئے)	۲ روپے ۷۵ پیسے
بھارت آج اور کل (جواہر لال نہرو)	۷۵ پیسے	ہندوستان کی نامور ہستیاں (حصہ اوّل)	۲ روپے ۲۵ پیسے
دو شہروں کی کہانی (چارلس ڈکنس)	۵ روپے	ہندوستان کی نامور ہستیاں (حصہ دوم)	۲ روپے ۵۰ پیسے
جوالا مکھی (ناول) (انند گوپال شیوڈے)	۲ روپے ۵۰ پیسے	ہندوستان کی نامور ہستیاں (حصہ سوم)	۲ روپے ۵۰ پیسے
ہندوستان کا دستور	۲ روپے	سوامی وویکانند (بچوں کے لئے)	ایک روپیہ ۵۰ پیسے
آئینہ غالب	۵ روپے	جواہر لال نہرو (خراج عقیدت)	۲ روپے ۵۰ پیسے
آجکل کی کہانیاں	۴ روپے ۵۰ پیسے	ہندوستان میں تعلیم کی از سرِ نو تنظیم (ڈاکٹر ذاکر حسین)	ایک روپیہ ۲۵ پیسے
وطن کے نغمے	ایک روپیہ ۷۵ پیسے		
امرجوت	۲ روپے		
سائنس کے چند پہلو	ایک روپیہ ۲۵ پیسے		

اردو کے علاوہ انگریزی، ہندی، اور تمام علاقائی زبانوں میں کتابیں شائع ہوتی ہیں

(فہرست کتب طلب کیجئے)

منی آرڈر کا پتہ

بزنس منیجر پبلیکیشنز ڈویژن

پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

(محصول ڈاک ہمارے ذمہ ہوگا)



نئے نظریئے اپنایئے

آپ کا ڈاک گھر
(بڑا یا چھوٹا) آپ کو آپ کے سیونگز
بنک کھاتے کے لئے چیک کی جدید ترین
سہولتیں پیش کرتا ہے۔

سیونگز بنک کھاتے کے لئے چیک استعمال کیجئے

- چیک کھاتے میں کم از کم ۱۰۰ روپے کی رقم باقی رہنی چاہیئے۔
- حسب خواہش چیک جاری کر سکتے ہیں۔
- مقامی چیکوں کی وصولی پر کمیشن نہیں لیا جاتا۔
- چیک بھی حساب میں جمع کروائے جا سکتے ہیں۔



چیکوں سے ادائیگی
آسان اور
محفوظ ہے
ڈاک گھر کے
سیونگز بنک میں
آج ہی کھاتا کھولئے

قومی بچت
آرگنائزیشن

davp 89/236

کھُلا گھر



میں نہیں چاہتا کہ میرے گھر کے آس پاس، چاروں طرف دیواریں کھڑی کر دی جائیں۔ میرے گھر کی کھڑکیاں بند رہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ تمام مُلکوں کی تہذیبوں کی ہوائیں میرے گھر کے گرد و نواح میں بلا روک ٹوک چلتی رہیں۔ لیکن میں یہ نہیں چاہوں گا کہ وہ مجھے اپنے ساتھ اُڑا لے جائیں۔ میرا دھرم قید خانہ کا دھرم نہیں۔ اس میں پرماتما کی ہر مخلوق کے لئے گنجائش ہے۔ نسلی، مذہبی یا معاشرتی برتری جیسے بیہودہ جذبات اس پر اثر انداز نہیں ہو سکتے۔

(ینگ انڈیا، جون ۱۹۲۱ء)

مہاتما گاندھی

MAHATMA GANDHI
BIRTH CENTENARY
OCT. 2, 1968 TO
FEB. 22, 1970
महात्मा गांधी
जन्म शताब्दी
अक्तूबर 2, 1968 से
फरवरी 22, 1970



گاندھی جی اور اُن کے رفقا



سردار پٹیل، گاندھی جی، پنڈت نہرو



گاندھی جی، رابندر ناتھ ٹیگور

سبھاش چندر بوس گاندھی جی



مولانا آزاد گاندھی جی





مہاتما گاندھی کی سمادھی۔ راج گھاٹ جہاں دُنیا کے بڑے بڑے مدبر اور دانش ور عقیدت کے پھول چڑھانے آتے ہیں۔
تصویر میں: عالی جناب رچرڈ نکسن صدر ریاست ہائے متحدہ امریکہ مہاتما گاندھی کی سمادھی پر پھول چڑھا رہے ہیں۔

Vol. 28 No. 3 **AJKAL (Monthly)** October 1969

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by the Asian Art Printers Private Ltd., D. B. Gupta Road, New Delhi.
Regd. No. D-509

آج کل

نومبر ۱۹۶۹ء

قیمت ۶۰ پیسے





خوش آمدید

عظیم رہنما اور مہاتما گاندھی کے ساتھی خان عبدالغفار خاں یکم اکتوبر ۱۹۶۹ء کو نئی دہلی تشریف لائے آپ گاندھی پیدائش صدی کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔

سرحدی گاندھی آزاد ہندوستان میں پہلی بار تشریف لائے ہیں پالم ہوائی اڈے پر آپ کا شاندار استقبال کیا گیا (تصویر میں) شریمتی اندرا گاندھی اور شری جے پرکاش نرائن سرحدی گاندھی کے ساتھ کھڑے ہیں (نیچے) ۲ اکتوبر کو قوم نے مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ہزاروں لوگ اُن کی سمادھی راج گھاٹ پر پہونچے۔ (بائیں سے دائیں) شریمتی اندرا گاندھی، شری گوپال سروپ پاٹھک نائب صدر، شری وی وی گری صدر، خان عبدالغفار خاں اور دلائی لامہ۔



اردو کا مقبول عوام مصور ماہنامہ

آج کل

دہلی

ایڈیٹر
شہباز حسین

اسسٹنٹ ایڈیٹر
راج نرائن راز

سب ایڈیٹر
نند کشور وکرم

سرورق - گورچرن اروڑہ

ترتیب

ملاحظات		۲
ذکر نانک	جاوید وششٹ	۳
گرو نانک کے حالات زندگی	ادارہ	۴
سکھ مذہب کیا ہے ؟	سادھو سنگھ ہمدرد	۹
گرو نانک کی تعلیم	خواجہ غلام السیدین	۱۳
گرو نانک، اسلام اور تصوف	محمد عمر	۱۶
گرو نانک اور مذہبی رواداری	رام آسرا راز	۲۲
گرو نانک کا ظہور مقدس (نظم)	منور لکھنوی	۲۵
گرو نانک جی (نظم)	رضا امروہوی	۲۵
سکھوں کے مقدس مقامات	جنگ بہادر سنگھ	۲۸
منصور	میکش اکبرآبادی	۳۸
مخدوم مرحوم	عرش ملسیانی	۴۴
غزلیں	مظفر حنفی، رفعت سروش، مسعودہ حیات	۴۵
جدید ہندوستانی شاعری نمبر کے باب میں		۴۶

جلد ۲۸ ——— شمارہ ۴

نومبر ۱۹۶۹ء

کارتک اگراہن سک ۱۸۹۱

مضامین اور توسیلہ زر کا پتہ
شہباز حسین ایڈیٹر آج کل (اردو) پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

سالانہ چندہ: ہندوستان میں: سات روپے، پاکستان میں، سات روپے (پاک)
دیگر ممالک سے ۱۰ شلنگ ۲ پنس یا ڈیڑھ ڈالر
قیمت فی پرچہ: ہندوستان میں: ۶۰ پیسے ؛ پاکستان میں ۱، ۶۰ پیسے (پاک)
دیگر ممالک سے: ۱ شلنگ یا ۱۵ سینٹ

مرتبہ و شائع کردہ
ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

ہندوستان میں زمانۂ قدیم سے ایسی ہستیوں کا ظہور ہوتا رہا ہے جنہوں نے پیار و محبت، امن اور بھائی چارے اور انسان دوستی کا پیغام دیا ہے۔ دورِ متوسط میں تو ایسے بہت سے مسلمان صوفی اور بھگت موجود تھے، جنہوں نے اوہام پرستی، اندھی تقلید، بے روح مذہب پرستی اور ذات پات کے خلاف زبردست آواز اٹھائی۔ یہ تحریک بھگتی تحریک کہلائی اور جنوبی ہند میں اس کے پرچارک گیانیشور، تکارام، نام دیو وغیرہ تھے اور شمالی ہند میں کبیر، نانک دادو اور روی داس وغیرہ تھے۔

یہ لوگ گاؤں گاؤں اور شہر شہر گھومتے رہے اور لوگوں تک اُن کی اپنی زبان میں اپنا پیغام محبت پہنچاتے رہے۔ ان لوگوں میں گرونانک کی ہستی بڑی ممتاز ہے کیونکہ انہوں نے بڑی وضاحت کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے اور اپنی عملی زندگی کو ایک نمونہ بنا کر پیش کیا ہے۔

ان کی تعلیمات کا نچوڑ یہ ہے کہ کوئی چھوٹا بڑا، اونچا اور نیچا نہیں ہے۔

سارے انسان ایک ہی خالق کے تخلیق کردہ ہیں اور اُن میں کسی قسم کی کوئی تفریق جائز نہیں۔ ان کا پیغام محبت اور رواداری کا پیغام ہے۔ اُن کی آواز ایک ایسی آواز ہے جو دلوں کو چھوتی ہے اور انسانی ذہن کو بلندی عطا کرتی ہے۔

حق و انصاف، محبت اور صداقت کی آواز ہندوستان میں گذشتہ پانچ سو برسوں سے گونج رہی ہے۔ اور ابدالاباد تک انسانیت کو خدا ترسی اور انسان دوستی کا درس دیتی رہے گی۔ بلاشبہ گرو نانک ہندوستان کے اُن مایۂ ناز سپوتوں میں سے تھے جن پر ہم جتنا بھی ناز کریں کم ہے۔

گذشتہ مہینے (۲۵ اگست) میں اردو کے مشہور شاعر مخدوم محی الدین اچانک ہم سے بچھڑ گئے تھے۔ ابھی یہ غم تازہ ہی تھا کہ جناب علی عباس حسینی کے انتقال پر ملال (۲۷ ستمبر) کی خبر آئی۔ حسینی صاحب ایک عرصے سے بیمار اور صاحبِ فراش تھے۔ ان کی موت اردو دنیا کے لئے ایک نقصانِ عظیم ہے۔ حسینی صاحب اُن گنے چنے لوگوں میں تھے جن پر اُردو زبان ہمیشہ فخر کرے گی۔

آپ موضع پارہ ضلع غازی پور میں ۱۸۹۷ء میں پیدا ہوئے تعلیم کی تکمیل کے بعد اتر پردیش کے محکمۂ تعلیم سے منسلک ہو گئے، اور ۱۹۵۴ء میں حسین آباد گورنمنٹ ہائر سیکنڈری اسکول کے پرنسپل کے عہدے سے ریٹائر ہوئے۔

حسینی صاحب اعلیٰ پائے کے مصنف اور ادیب ہونے کے ساتھ ساتھ نہایت وضیع اور شریف انسان تھے۔ ادارہ ان کی موت پر اپنے دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے اور اس غم میں ان کے پسماندگان کا شریک ہے۔

ذکرِ نانک

*

*

جاوید وششٹ

ذکرِ نانک پہ سر جھکاتا ہوں ؛ پھر میں لوح و قلم اُٹھاتا ہوں
نکہتِ نوبہار آئی ہے ؛ اُس کا سندیس ہی تو لائی ہے
ذات اس کی ہے چشمۂ عرفاں ؛ نام اُس کا ہے نانکِ دوراں
نام نانک کا، جام امرت کا ؛ آج نانک ہے نام امرت کا
رازداں زندگیٔ فطرت کا ؛ آشنا درد آدمیت کا
اشکِ شبنم ہے وہ گُلِ تر ہے ؛ درد انسانیت کا پیکر ہے
وہ گرو اک دماغ روشن ہے ؛ معرفت کا چراغ روشن ہے
نوعِ انساں کا ہے گرو، نانک ؛ اک فرشتہ سا ہے گرو نانک
یہ سنہری کلس، یہ گرو دوارے ؛ سب ہیں انسانیت کے گہوارے
اُن میں گونجے ہے وہ مدھر بانی ؛ جس طرح جل ترنگ میں پانی
روح کو فتح مند اُس نے کیا ؛ حق کا پرچم بلند اُس نے کیا
درسِ توحید کا دیا سب کو ؛ مل گیا جیسے اک دیا سب کو
ہے وہی روشنی کا سرچشمہ ؛ ہے وہی زندگی کا سرچشمہ
بول سب اُس کے سانچ ہیں پیارے ؛ اُس کی سیوا میں پانچ ہیں پیارے
اُس نے جھوٹے بتوں کو توڑا تھا ؛ اُس نے ٹوٹے دلوں کو جوڑا تھا
چاک داماں بھی سی دیا سب کا ؛ سب کے زخموں پہ رکھ دیا پھاہا

پانچ صدیاں گذر گئیں، نانک!
دُور ہم سے مگر نہیں، نانک:

رُوحِ صد کائنات، وحدت ہے ؛ رازِ وحدانیت، محبت ہے
شبد اک اک "گرنتھ صاحب" کا ؛ جیسے کوزے میں بھر دیا دریا!
ایک ہی نور چاند تاروں میں ؛ ایک ہی رنگ ماہ پاروں میں
جو نہیں دیکھتے وہ اندھے ہیں ؛ آدمی سب خدا کے بندے ہیں
ہیں غلط ذات پات کے جھگڑے ؛ بھید سب اونچ نیچ کے جھوٹے
وصل ہے جب تو فصل[1] کچھ بھی نہیں ؛ مذہب و رنگ و نسل[2] کچھ بھی نہیں
وہ نراکار بھی ہے نرگن بھی! ؛ گیت بھی ہے وہ گیت کی دھن بھی
تیرگی جب جہاں پہ چھائی ہے ؛ اُس کی ہی جوت جگمگائی ہے
اس کی گفتار پیار کا بادل ؛ اُس کا کردار جیسے گنگا جل

بڑھ چلی ہے بہت ہماری پیاس
اُس سے جاوید کی ہے یہ ارداس[3]
"من کے مندر میں تیری مورت ہے
وقت کو پھر تری ضرورت ہے
سب ترا احترام کرتے ہیں
ہم ادب سے سلام کرتے ہیں

[1] صوتی قوافی استعمال کئے ہیں
[2] عرضداشت کو کبیر، تلسی، گرو نانک اور نظیر اکبرآبادی نے ارداس لکھا ہے۔

گرو نانک کے حالاتِ زندگی



گرودوارہ ننکانہ صاحب

گرو نانک پنجاب کے ایک قصبے رائے بھوئی دی تلونڈی میں ایک ہندو کھتری گھرانے میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد کا نام مہتہ کالو اور ماں کا نام ترپتا تھا۔ اُن کے سنِ پیدائش کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ بعضوں کا خیال ہے کہ وہ اپریل ۱۴۶۹ء میں پیدا ہوئے اور کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ وہ نومبر ۱۴۶۹ء میں پیدا ہوئے تھے۔ عام طور پر اسی تاریخ کو صحیح مانا جاتا ہے کہتے ہیں کہ جب اُن کی پیدائش ہوئی تو اُن کے خاندانی پروہت ہردیال نے اُن کی جنم پتری دیکھ کر بتایا کہ اس بچے کے سر کے اوپر چھتر لہرائے گا اور ہندو اور مسلمان دونوں اس کی تعریف و توصیف کے گیت گائیں گے۔

سات سال کی عمر میں انہیں پڑھنے کے لئے بھیج دیا گیا۔ پہلے ایک ہندو اُستاد کے پاس سنسکرت زبان کے حروفِ ابجد اور حساب کتاب سیکھتے رہے۔ اس کے بعد وہ ایک مولوی قطب الدین سے عربی اور فارسی کی تعلیم حاصل کرتے رہے لیکن درسی اور دُنیاوی تعلیم میں ان کا جی نہ لگا۔ وہ قریبی جنگل میں جا کر سادھوؤں، مہاتماؤں کے پاس بیٹھتے اور اُن کی باتیں دھیان سے سنتے۔ شروع ہی سے اُن کا رجحان دنیاداری کی طرف نہیں تھا اور اپنے والدین کی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ ایک دُنیادار انسان نہ بن سکے۔

جب اُن کے والد نے دیکھا کہ ان کا پڑھنے لکھنے میں دل نہیں لگتا تو ۹ برس کی عمر میں انہیں گائیں اور بھینسیں چرانے کا کام سونپ دیا۔ کہتے ہیں کہ ایک دن جب نانک مویشیوں کو چرانے کے لئے جنگل میں گئے تو ایک درخت کی چھاؤں میں اُن کی آنکھ لگ گئی۔ تھوڑی دیر بعد جب سورج کی روشنی اُن کے چہرے پر پڑنے لگی تو ایک ناگ نے اُن کے چہرے پر سایہ کرنے کے لئے اپنا پھن پھیلا دیا۔ جب لوگوں نے یہ معجزہ دیکھا تو کہنے لگے کہ یقیناً یہ ایک خدا رسیدہ انسان ہوگا۔ اسی سلسلے میں یہ واقعہ بھی مشہور ہے کہ آپ ایک برگد کے نیچے بیٹھ کر سستانے لگے اور اپنے خیالات میں محو ہو گئے۔ بھینسوں نے ایک کسان کے کھیت کو اُجاڑ



شری گرو نانک دیو جی گائیں اور بھینسیں چراتے ہوئے

کر دیا۔ وہ کسان ہرجانہ طلب کرنے گیا۔ تلونڈی کے حاکم رائے بلار نے یہ ہرجانہ خود ادا کر دیا کیوں کہ وہ اُن کا عقیدت مند تھا۔ بعضوں کا کہنا ہے کہ نانک جی کے کہنے پر وہ کھیت پھر سرسبز ہو گیا۔

گرو نانک کی دُنیاوی معاملات سے بے نیازی دیکھ کر بزرگوں نے اُن کے والد کو رائے دی کہ اُن کی شادی کر دی جائے، جس سے شاید اُن کا دِل دُنیا کی طرف راغب ہو جائے۔ مہتہ کالو کو یہ صلاح پسند آئی اور اُنہوں نے جون ۱۴۸۸ء میں اُن کی شادی بٹالہ کے کشتری مولا کی لڑکی سلکھنی سے کر دی ۔ جن کے بطن سے دو بیٹے سری چند اور لکھمی داس پیدا ہوئے تاہم اُن کا دِل دُنیا سے پہلے کی طرح بیزار ہی رہا۔

اب اُن کے والد نے اُنہیں دکان کھول دینے کا فیصلہ کیا۔ اس مقصد کے لئے اُنہوں نے اُنہیں کچھ روپے دیئے کہ چوہڑکانہ منڈی سے دکان کے لئے سودا سلف لے آئیں۔ لیکن ابھی وہ منڈی نہیں پہونچے تھے کہ اُنہیں راستے میں چند بھوکے سادھو مل گئے۔ انہوں نے اپنی پونجی اُن بھوکے سادھوؤں کو کھانا کھلانے میں خرچ کر دی اور خالی ہاتھ گھر لوٹ آئے۔ والد نے جب حساب مانگا تو اُنہوں نے جواب دیا۔ "پتا جی آپ نے مجھے کھرا سودا کرنے کے لئے بھیجا تھا۔ اس لئے میں نے بھوکے سادھوؤں کو کھانا کھلا دیا۔ بھلا اس سے اچھا اور کھرا سودا کیا ہو سکتا ہے؟"

اُن کی دُنیا سے بیزاری دیکھ کر سب نے اُن کا ماحول بدلنے کا مشورہ دیا۔ اس پر اُنہیں اپنی بہن نانکی کے ہاں سلطان پور بھیج دیا گیا۔ جہاں نواب دولت خاں کے دربار میں اُن کے بہنوئی جے رام ملازم تھے۔ نانک جی کو وہاں نواب کے مودی خانے میں رسد تولنے کا کام مل گیا۔ کہا جاتا ہے کہ اُنہیں جو رسد اپنے گزارے کے لئے ملتی تھی، وہ اسے فقیروں اور ضرورت مند افراد کو دے دیتے تھے۔ نیز جب وہ رسد کو تولتے تولتے تیرہ کی گنتی پر پہنچتے تھے تو تیرا تیرا کہتے کہتے عالمِ بے خودی میں پہنچ جاتے تھے۔ حاسدوں نے نواب سے شکایت کی کہ نانک مودی خانے کو لٹا رہا ہے مگر جب پڑتال ہوئی تو رسد پوری نکلی اور حساب میں کوئی گڑبڑ نہ تھی۔

اس کے کچھ عرصہ بعد ایک دن وہ ندی پر نہانے گئے تو تین دن تک نہ لوٹے۔ لوگوں نے اُنہیں بہت ڈھونڈا مگر وہ کہیں نہ ملے۔ تیسرے دن وہ عالمِ مستی میں سلطان پور واپس آئے تو اُن کے لبوں پر "نہ کوئی ہندو ہے نہ کوئی مسلمان" کا نعرہ تھا۔ اُن کا یہ اعلان ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کو بُرا لگا۔ سلطان پور کے نواب سے شکایت کی گئی۔ نواب نے اُنہیں بُلایا اور پوچھا تو اُنہوں نے جواب دیا۔ "کوئی کہتا ہے کہ میں دیوانہ ہوں اور کوئی کہتا ہے کہ میرے قدم لڑکھڑا رہے ہیں۔ لیکن میں تو اپنے شاہ یعنی اپنے خدا کا شیدائی ہوں۔ اُس کے سوا میں کسی کو نہیں جانتا۔"

قاضی نے کہا کہ ہو سکتا ہے کہ تمہیں کوئی سچا ہندو دکھائی نہ دیتا ہو۔ لیکن کیا تمہیں سچا مسلمان بھی نظر نہیں آتا۔

نانک جی مسکرائے اور کہنے لگے۔



گردوارے کے دروازے ہر مذہب وملت کے لوگوں کے لئے کھلے ہیں۔
(نقوش میں) مولانا سعید مسعودی کو گردوارہ فتح گڑھ صاحب سرہند میں سروپا پیش کیا جارہا ہے

کرتے ہوئے چلے جاتے تھے۔ وہ جنگل کے بیر اور پھل کھاکر اپنا پیٹ بھر لیتے۔ گھومتے گھومتے وہ سید پور پہنچے، جسے آج کل امین آباد کہا جاتا ہے۔ وہاں کسی امیر کے گھر ٹھہرنے کی بجائے اُنہوں نے ایک غریب بڑھئی لالو کے گھر ٹھہرنے کو ترجیح دی اور وہاں کے حاکم ملک بھاگو کی دعوت نامنظور کردی۔ ملک بھاگو نے قاصدوں کو حکم دیا کہ وہ اُنہیں پکڑ لائیں لیکن زبردستی کرنے پر بھی اُنہوں نے ملک بھاگو کے گھر کھانا کھانے سے انکار کر دیا۔ اس پر ملک نے غصّے سے کہا کہ آپ میرے گھر کے بجائے شودر کے گھر کھانے کے لئے کیوں بضد ہیں۔ کیا آپ مجھے ذلیل کرنا چاہتے ہیں؟ گرو جی نے جواب دیا۔ ملک صاحب میں جان بوجھ کر ایسا نہیں کر رہا ہوں۔ دراصل آپ کی ظلم و زبردستی کی کمائی اور خون سے لتھڑی



"اگر کسی کے لئے رحم و کرم مسجد ہو، اعتقاد جانماز ہو اور ایمانداری اور دیانت کی زندگی قرآن ہو۔ مجز و انکسار سنت ہو، پرہیزگاری روزہ ہو تو اسے مسلمان کہا جا سکتا ہے۔ نیک اعمال کعبہ کی زیارت ہوں اگر سچ رہ نما ہو اور خدائے کریم کی نماز ادا کی جائے اور خدا کی رضا تسبیح ہو تو خدا ایسے شخص کی لاج ضرور رکھے گا۔"

ان باتوں سے نواب صاحب کو علم ہو گیا کہ نانک جی کی رُوح بیدار ہو چکی ہے اور اُنہیں خدا کا عرفان حاصل ہو گیا ہے لہٰذا اُنہوں نے عزت و احترام کے ساتھ گذارش کی کہ اُنہیں ملازمت نہیں ترک کرنی چاہیئے لیکن گرو نانک یہ کہہ کر چل پڑے کہ اب میں اپنے مالک کی نوکری کروں گا۔ اُن کے ساتھ اُن کا مسلمان چیلا مردانہ بھی تھا۔

مردانے کو ساتھ لیے ہوئے گرو نانک ویران اور سنسان جنگلوں سے گذرتے ہوئے، پنجاب کے جنوب مغربی علاقے میں گھومتے رہے۔ وہ کسی آبادی میں قیام نہیں کرتے تھے اور بستیوں سے کنارہ

روٹی میرے حلق سے نیچے نہیں اترتی۔ کہتے ہیں اس کے بعد گرو جی نے ایک مٹھی میں بھاگو کا پکوان اور دوسری میں لالو بڑھئی کے گھر کی سوکھی روٹی پکڑ کر دبائی اور تب سبھی لوگ حیران رہ گئے کیونکہ لالو کی سوکھی روٹی سے دودھ اور بھاگو کے عمدہ پکوان سے خون ٹپک رہا تھا۔ یہاں سے وہ تلونڈی گئے جہاں وہ اعزہ و اقارب سے ملے۔ اس کے بعد وہ لاہور اور سیالکوٹ چلے گئے۔ گرو نانک نے اپنی زندگی کا ایک طویل عرصہ مختلف ممالک کی سیر و سیاحت میں گزارا۔ انہوں نے چار بڑے سفر کئے۔ اُن کے پہلے سفر کا آغاز ۱۵۰۵ء میں ہوا اور اس کے دوران انہوں نے کوروکشیتر، کرنال، پانی پت، ہردوار، دہلی، متھرا، برندابن، نانک متھ (پیلی بھیت) ایودھیا، لکھنؤ، وارانسی، پٹنہ، گیا، راج محل، مالار، ڈھاکہ دھان پور، کامروپ، دھبری، چٹاگانگ اور جگن ناتھ پوری کی سیاحت کی۔ واپسی پر وہ مدھیہ پردیش اور راجستھان بھی گئے۔ دوسری بار ۱۵۰۶ء میں وہ جنوبی ہندوستان کی طرف روانہ ہوئے اور سر ابیکانیر، اجمیر، پشکر، آبو، ابین، بیدر، پونگل، مدراس، ناگاپٹم اور لنکا تشریف لے گئے۔ واپسی کا سفر انہوں نے براستہ رامیشورم، مالابار، سومنات پوری، دوارکا، سندھ، منٹگمری اور لاہور کیا۔ اس کے بعد تیسری بار وہ ۱۵۱۴ء میں گھر سے روانہ ہوئے اور مانسرور، تبت، کشمیر، کیلاش، ریاسی اور جموں گئے۔ ۱۵۱۸-۲۲ء کے درمیان گرو نانک مکہ، مدینہ، یروشلم، دمشق اور بغداد گئے اور ایران، ترکستان، کابل اور پشاور کے راستے پنجاب لوٹ آئے بغداد میں ترکی زبان میں ایک کتبہ ہے جسے گرو نانک سے منسوب کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب بابر نے ابراہیم لودھی کو شکست دی اور پنجاب اور دہلی پر قبضہ کیا تو انہیں کچھ عرصہ بابر کی قید میں بھی رہنا پڑا۔

گرو نانک جہاں بھی گئے، اُنہوں نے عوام کو پیار، اور اتحاد، رواداری اور بھائی چارہ کا پیغام دیا۔ انہوں نے بتایا ہے کہ اصل مذہب ظاہری رسم و رواج کی پیروی نہیں ہے بلکہ خدا کی ذات کا عرفان حاصل کرنا اور اس کے بندوں کے ساتھ بھلا کرنا ہے وہ عہدِ وسطیٰ کے ممتاز ترین ہستیوں میں سے تھے۔

وہ ذات پات کو نہیں مانتے تھے اور سب انسانوں کو برابر سمجھتے تھے اُن کا لنگر سبھوں کے لئے کھلا رہتا تھا۔ وہ ظاہری مذہبی رسوم کے بہت خلاف تھے اور انہوں نے ہندو مسلمانوں میں رائج اس طرح کی رسوم کی زبردست مخالفت کی تھی۔ کہتے ہیں کہ جب وہ ہردوار گئے تو وہاں پنڈے گنگا میں کھڑے مشرق کی جانب منہ کئے پانی اچھال رہے تھے۔ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ وہ اپنے مرحوم بزرگوں کو پانی دے رہے ہیں۔ یہ سن کر نانک نے مغرب کی طرف منہ کرکے، پانی اچھالنا شروع کر دیا۔ لوگوں نے



بغداد میں گرو نانک دیو سے متعلق ایک کتبہ



گرو انگد دیو جی کو گرو نانک جی کا جانشین مقرر کرنے کی تقریب

جب پوچھا کہ وہ مغرب کی طرف پانی کیوں اچھال رہے ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ وہ پنجاب میں اپنے کھیتوں کو پانی دے رہے ہیں۔ لوگ ہنسنے لگے اور بولے یہاں سے اچھالا ہوا پانی آپ کے کھیتوں تک کیسے پہنچ جائے گا۔ اس پر انہوں نے جواب دیا "اگر آپ کا پانی دوسری دنیا تک پہنچ سکتا ہے تو میرا پنجاب کے کھیتوں تک کیوں نہیں پہنچ سکتا"

وہ اپنے آپ کو نہ ہندو کہتے تھے نہ مسلمان بلکہ انسان کہتے تھے اور وہ ساری زندگی مذہب انسانیت کی تبلیغ کرتے رہے۔ ۱۵۲۹ء میں گرو نانک بٹالہ اور ۱۵۳۰ء میں ہردوار تشریف لے گئے اور اس کے بعد ۱۵۳۱ء میں واپسی پر کرتار پور آکر مستقل طور پر مقیم ہوگئے۔ کچھ عرصہ بعد انہوں نے اپنے ایک چیلے بھائی لہنا کو اپنا جانشین بنا دیا جو بعد میں گرو انگد کے نام سے مشہور ہوئے۔ ۱۵۳۹ء (۱۰ آشون سمت ۱۵۹۵ء) میں وہ مراقبے میں چلے گئے اور اپنے معبود حقیقی سے جا ملے۔

روایت ہے کہ اس موقع پر ان کے ہندو اور مسلمان مریدوں میں تنازعہ اٹھ کھڑا ہوا کیونکہ مسلمان انہیں دفنانا چاہتے تھے جبکہ ہندو داہ سنسکار کرنا چاہتے تھے۔ آخر فیصلہ ہوا کہ دونوں فریق اپنے اپنے پھول ان کے جسم پر رکھ دیں۔ جن کے پھول کم پتر مردہ ہوں وہ فریق ان کے جسم کا وارث ہوگا۔ لیکن دوسرے دن صبح دیکھا گیا تو دونوں کے پھول پہلے ہی کی طرح شگفتہ تھے اس کے بعد جب چادر اٹھائی گئی تو ان کا جسم غائب تھا۔ اس پر ہندوؤں مسلمانوں نے چادر نصف نصف بانٹ لی اور اپنے عقیدے کے مطابق ہندوؤں نے اسے نذر آتش کر دیا اور مسلمانوں نے دفنا دیا۔



سکھوں کی مقدس کتاب گرو گرنتھ صاحب



سکھ مذہب کیا ہے

سادھو سنگھ ہمدرد

مذاہب عالم کی تاریخ پر اگر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ اکثر مذاہب کو رواج دینے کی کوئی شعوری کوشش نہیں کی گئی تھی بلکہ بعد میں بانیٔ مذہب کی تعلیمات کی ترتیب و تدوین ہوئی اور ایک واضح مسلک یا مذہب وجود میں آیا۔

گرو نانک دیو نے جب اپنے خیالات کی تبلیغ شروع کی تو ان بنیادی طور پر ان کی حیثیت ایک مصلح کی تھی۔ انہوں نے اپنی تعلیمات میں یہ نہیں کہا ہے کہ وہ کسی نئے مذہب کی داغ بیل ڈال رہے ہیں اور نہ ہی انہوں نے کسی مخصوص طریقۂ عبادت کا پرچار کیا ہے بلکہ انہوں نے بار بار ہندوؤں اور مسلمانوں کو مذہب کا صحیح راستہ سمجھایا شاید اسی لئے دبستان مذاہب میں گرو نانک کے پیروکاروں کو "نانک پنتھی" جس طرح کبیر کے معتقدوں کو کبیر پنتھی کہا گیا ہے۔

سکھ کے لغوی معنی چیلے یا پیرو کے ہیں اور اس فرقے یا مذہب کا نام سکھ بہت بعد میں پڑا۔

جب گرو نانک سن وشعور کو پہونچے تو انہوں نے دیکھا کہ ہندو اور مسلمان دونوں مذہب کی اصلی روح سے بیگانہ ہو چکے ہیں اور مذہب چند ظاہری رسوم کا نام رہ گیا ہے۔ اسی لئے جب انہیں خدا کا عرفان حاصل ہوا تو پہلا جملہ ان کے منہ سے یہی نکلا — "نہ کوئی ہندو ہے اور نہ کوئی مسلمان" جس سے مراد یہ بھی کہ دونوں "جڑ" یا بنیاد سے ایک دور ہو چکے ہیں اور شاخوں یعنی فروعی باتوں میں الجھے ہوئے ہیں۔

مذہب کی بنیاد ی سچائیاں ایک ہوتی ہیں۔ خدا کی عبادت انسان دوستی، نیکی و پارسائی یہ سب بنیادی باتیں ہیں۔ عبادت کس طرح کی جائے۔ مختلف مذہبی رسوم کس طرح ادا کی جائیں یہ ذیلی چیزیں ہیں اور گرو نانک نے ان باتوں سے کوئی واسطہ نہیں رکھا ہے۔

گرو نانک دیو مہاراج نے مول منتر اور اس کے بعد جپ جی کی پوڑی کے پہلے شعر میں ہی سکھ مذہب کا تمام فلسفہ بیان کر دیا ہے۔ اس بانی کو سکھ ہر روز بلا ناغہ پڑھتا ہے۔ مذکورہ شبد کے بعد گرو گرنتھ صاحب میں باقی سب اس کی وضاحت ہی ہے۔ اس شبد میں کوزے میں سمندر کو بند کر دیا گیا ہے اس میں گرو مہاراج نے فرمایا ہے

ایک اونکار ستنام۔ کرتا پرکھ۔ نربھو نرویر
اکال مورت اجونی سے بھنگ۔ گور پرساد جپ
آد سچ جگاد سچ ہے بھی سچ نانک ہوسی بھی سچ

یعنی "خدا ایک ہے۔ وہ سچ ہے۔ ہمیشہ قائم بالذات ہے۔ اسی نے ساری دنیا کو پیدا کیا۔ وہ کسی سے نہیں ڈرتا اور نہ ہی اسے کسی سے

عبادت ہے۔ وہ وقت کی قید سے آزاد یعنی جنم اور موت کے بندھنوں نیز زمان و مکان کی حدود سے مبرا ہے۔ نہ مرتا ہے اور نہ ہی جنم لیتا ہے۔ وہ اپنے آپ سے ہی ہے۔ یعنی اپنے آپ سے پیدا ہوا ہے اُسے گرو کی مہربانی سے جانا جا سکتا ہے۔ وہ یگ شروع ہونے سے پہلے تھا اور یگ ہونے کے بعد بھی ایک حقیقت کی صورت میں قائم رہے گا۔"

خدا کی مندرجہ بالا توصیف کے بعد گرو گرنتھ صاحب میں زندگی کے سارے مسائل پر غور کیا گیا ہے مگر سارے مسئلے کی بنیاد نام (ریاضت) یعنی خدا کی بھگتی پر رکھی گئی ہے (سکھوں میں گرو گرنتھ صاحب کو وہی تقدس حاصل ہے جو مسلمانوں میں قرآن شریف اور عیسائیوں میں انجیل مقدس کو حاصل ہے۔

نام کیوں جپنا چاہئے۔ اس سوال کا جواب گرو گرنتھ صاحب میں دیا گیا ہے۔ نام جپنے سے روح خدا کی صفات سے متاثر ہوتی ہے۔ بار بار خدا کے اوصاف یاد کئے جائیں گے تو روح پر ضرور اُن کا اثر ہوگا۔ روح میں وہی اوصاف اجاگر ہونا شروع ہو جائیں گے اور اُسے گیان ہو جائے گا کہ خدا کیا ہے؟

سکھ مذہب میں مانا جاتا ہے کہ پرم آتما (خدا) یعنی سب سے بڑی آتما نے اپنا ایک حقیر سا حصہ اپنے سے علیحدہ کر کے انسان کے جسد خاکی میں ڈال دیا ہے۔ اُسے آتما کہا گیا ہے۔ جانداروں میں جو روح ہے وہ بھی خدا کا ایک چھوٹا سا حصہ ہے مگر انسان کو خدا نے عقل سلیم دے کر اشرف المخلوقات بنا دیا ہے۔ یہ سوجھ بوجھ بھی دے دی ہے کہ وہ اپنا بھلا برا پہچان سکے حیوان کو عقل سلیم نہیں دی۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کو عقل سلیم دے کر روح کو انسانی جسم میں مقید کرنے کا مقصد جاننے اور اپنے نصب العین کے حصول کی ضرورت کو پہچاننے کا احساس دلایا ہے لیکن جسم کی قید میں آتما بھول جاتی ہے کہ وہ پرماتما کا ایک حصہ ہے۔ اس طرح وہ اس وجود کو بھول جاتی ہے جس میں سے اُسے علیحدہ کیا گیا تھا۔ اسے گیان کہا گیا ہے۔ انسانی زندگی کا نصب العین اس گیان کو دور کر کے آتما کو "اصل" کی پہچان کرانا ہے اور جب اُسے یہ گیان (علم) ہو جائے کہ وہ پرماتما کا ہی ایک حصہ ہے تو جسم خاکی کی قید سے آزاد ہونے کے بعد وہ پرم آتما میں سما جائے گی۔

سکھ مذہب اسے مکتی کا نام دیتا ہے۔ مکتی کا مطلب ہے نجات حاصل کرنا ——— آتما کو کس سے نجات حاصل کرنی ہے؟ ظاہر ہے اسے اُس عذاب سے آزاد ہونا ہے جو جنم لینے اور موت کے وقت دکھوں کی صورت میں آتما کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں آتما کو آواگون کے چکر سے آزاد ہونا ہے۔ یہی انسانی زندگی کا نصب العین ہے۔

یہ نجات (مکتی) کیسے حاصل ہو سکتی ہے؟ واضح ہے کہ یہ آتما کے پرماتما میں سما جانے ہی سے مل سکتی ہے۔ خدا لا انتہا ہے وہ جنم نہیں لیتا اور نہ ہی مرتا ہے۔ اس لئے جب اس کا علیحدہ کیا گیا چھوٹا سا حصہ پھر اس میں ضم ہو جاتا ہے تو آتما جنم اور موت کے بندھنوں سے مصائب اور اذیتوں سے آزاد ہو جاتی ہے۔

سکھ مذہب کی رو سے پرماتما کے نام لینے سے روح میں پرماتما کے وہ اوصاف اجاگر ہونے شروع ہو جاتے ہیں، جو آتما میں پہلے سے موجود ہیں۔ بھگتی سے ان اوصاف کو بیدار کرنے کی ضرورت ہے اور جب یہ اوصاف روح میں بیدار ہوتے ہیں تو اُسے احساس ہو جاتا ہے کہ وہ تو خود ان اوصاف کی مالک ہے۔ اُسے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کا مرکز اور منبع پرماتما ہے۔ یہ گیان اُسے مکتی (نجات) کا حامل بنا دے گا۔ اسی بھگتی پر سکھ دھرم کی بنیاد رکھی گئی ہے۔ بھگتی کے جذبات کا حامل بننے کے لئے آتما کو نیک بننا ہوتا ہے۔ اس لئے سکھ مذہب نے قرار دیا ہے کہ انسان کو نیک بننا چاہئے۔ تب ہی وہ بھگتی کے جذبات کا حامل ہو سکتا ہے۔ نیک بننے کے لئے اُسے جدوجہد کرنا ہوتی ہے۔ جدوجہد کو سکھ دھرم نے لازم قرار دیا ہے۔ نیک بننے کے لئے ضروری ہے کہ آدمی اپنی کمائی پر قانع رہے۔ بھیک مانگنے والا جدوجہد نہیں کر سکتا وہ آرام طلب ہو جاتا ہے اور آرام طلب آدمی کبھی جسمانی طور پر صحت مند، مضبوط اور طاقت ور نہیں ہو سکتا۔ کمزور و ناتواں جسم کیا خاک جدوجہد کر سکے گا؟ یہی وجہ ہے کہ سکھ دھرم نے ضروری

قرار دیا ہے کہ آدمی کو جسمانی طور پر تندرست اور چاق و چوبند ہونا چاہئے اُسے مضبوط ہونا چاہئے تاکہ وہ خود محنت و مشقت سے روٹی کمانے کے قابل ہو اور اُسے حرام خوری کی عادت نہ پڑ جائے۔ سکھ دھرم قدم قدم پر یاد دلاتا ہے کہ آتما مضبوط جسم میں ہی مضبوط بن سکتی ہے اور تنومند آدمی ہی نیک بن سکتا ہے۔ بیمار کمزور اور ناکارہ جسم میں آتما پنپ سکتی ہے تو کیسے ؟

گرو نانک نے یہ باتیں محض پرچار کے طور پر ہی نہیں کہیں بلکہ اُنہوں نے خود اِن باتوں پر عمل کیا۔ گرو جی نے اپنی آخری عمر میں کرتارپور (راوی) میں خود ہل چلا کر کھیتی باڑی کا کام کافی عرصہ تک کیا اور اپنے ہاتھ سے روٹی کما کر کھانے کا عملی اُپدیش دیا۔

گرو نانک نے لگ بھگ تیس سال تک سیاحت کی۔ دھرم کے پرچار کے لئے آپ چار دفعہ چاروں سمتوں کے دورے پر نکلے مختلف ملک میں گئے۔ اُس زمانے میں جب کہ سواری کا انتظام نہیں تھا۔ اتنا سفر کرنا کس قدر مشکل تھا اس کا اندازہ کرنا ناممکن نہیں۔ اِن دوروں میں آپ نے توحید، مساوات، نیک بننے اور بھگتی کرنے کا پرچار کیا۔ ان دوروں سے ایک تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جسم کو مضبوط بنانے کے لئے سفر کرنے کو آپ کتنا ضروری سمجھتے تھے دوسری بات یہ ثابت ہوتی ہے کہ وہ کسی خاص مذہب کا پرچار لے کر نہیں نکلے تھے۔ بلکہ جس ملک میں گئے وہاں کے لوگوں کو وہاں کے مذہب کے مطابق نیک سچا اور اچھا بننے کا اُپدیش دیا اپنا مذہب چھوڑنے کی تلقین نہیں کی بلکہ اُس کی سچائیوں پر پوری طرح سے کاربند رہنے کا اپدیش دیا۔

مساوات کا سبق سکھ مذہب کی سب سے بڑی مذہبی کتاب گرو گرنتھ صاحب سے بھی ملتا ہے۔ ہر مذہب کی کتاب میں اُس کے ہادیوں کی ہی کا کلام ہوتا ہے مگر گرو گرنتھ صاحب میں گرو صاحبان کے علاوہ تین درجن کے قریب ہندو مسلمان اور اُن سنتوں کی بانی (کلام) ہے جن کو اُس وقت اچھوت سمجھ کر نفرت کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے۔ گرو گرنتھ صاحب میں سکھ گرووں کے شانہ بشانہ کبیر، سدنا روی داس فرید وغیرہ کے ارشادات بھی ہیں اور ایک سکھ احترام سے جیسی سانی کے وقت ان سب سنتوں اور بھگتوں کو اسی طرح مقدس سمجھتا ہے جس طرح اپنے گرووں کا احترام کرتا ہے اس ذیل میں کوئی بھید بھاؤ نہیں رکھتا۔

اسی مرحلہ پر یہ بتا دینا بھی ضروری ہے کہ سکھوں کے سب سے بڑے (تیرتھ) دربار صاحب کی بنیاد بھی ایک مسلم فقیر نے رکھی تھی جب چوتھے گرو گرو رام داس صاحب نے دربار صاحب (امرتسر) کی تعمیر شروع کی تو سوال پیدا ہوا کہ اس کی عمارت کا سنگ بنیاد کون رکھے۔ اُس وقت میاں میر نام کے ایک بہت بڑے مسلم فقیر مشہور تھے۔ چنانچہ اُنہی سے دربار صاحب کا سنگ بنیاد رکھوایا گیا۔ جس مذہب کے سب سے بڑے دھرم استھان کا سنگ بنیاد ایک مسلم فقیر نے رکھا اور جس کی سب سے بڑی مقدس کتاب میں دوسرے مذاہب کے بھگتوں اور اچھوت سمجھے جانے والے سنتوں کی بانی درج ہو اور جس کے پجاری ہر صبح و شام عبادت کے اختتام پر یعنی ارداس کرتے وقت کہیں ؎

"نانک نام چڑھدی کلا تیرے بھانے سربت کا بھلا"

یعنی وہ بلا امتیاز مذہب و ملت اور ذات پات کے سربت یعنی ساری دُنیا کا بھلا مانگتا ہے۔ یہ امر اس دھرم کے عالمگیر ہونے اور مساوات کا علمبردار ہونے کی دلیل ہے۔

گرو نانک صاحب کے ساتھی کون تھے ؟ ایک تو مردانہ تھے جو مسلمان ربابی تھے دوسرے بالا جی تھے جو ہندو جٹ تھے۔ مردانہ کو گرو مہاراج بال سکھا یعنی بچپن کے ساتھی کہا کرتے تھے۔ آپ ہمیشہ ہی گرو جی مہاراج کے ساتھ رہے۔

وہ کمائی کر کے کھانے پر زور دیتے تھے۔ لنگر (کھانا) مشترک طور پر تیار ہوتا تھا اور سب لوگ اونچ نیچ۔ ذات برادری اور مذہب کے بھید بھاؤ مٹا کر شانہ بشانہ بیٹھ کر ایک ساتھ کھانا کھاتے تھے ـــــ جب لنگر تیار ہو جاتا تو نقارہ سجایا جاتا تھا اُن کا مطلب تھا کہ لنگر تیار ہے جو کوئی بھی کھانا چاہتا ہے اور بھوکا ہے خواہ اُس کا مذہب کوئی بھی ہے اور بے شک اسے اچھوت سمجھا جاتا ہو وہ آکر اس میں شامل ہو سکتا ہے۔ عام طور پر گرو مہاراج

خود لنگر تقسیم کرتے تھے۔

سکھ مذہب میں دھرم اور سیاست دونوں کو ایک ہی شے کے دو پہلو مانا گیا ہے۔ دونوں کو اکٹھے ہی رکھا گیا ہے۔ حکم یہ ہے کہ دھرم کا سیاست پر کنٹرول رہے اگر دھرم کے زیر اثر سیاست رہے گی تو دھوکا مکاری اور فریب کی صورت اختیار نہیں کرے گی۔ جو لوگ سیاست کے لئے دھرم کو استعمال کرتے ہیں وہ سکھ دھرم کی روایت کی خلاف ورزی کرتے ہیں۔ سیاست اچھائی کا پہلو لے کر زندہ تب ہی رہ سکتی ہے اگر وہ دھرم کے تابع ہو۔

یہی وجہ تھی کہ گرو نانک نے اس سیاست کی زبردست مخالفت کی تھی جو دھرم کے حلقۂ اثر سے آزاد ہو کر بدعنوانیوں کا روپ اختیار کر چکی تھی

اس نکتہ نظر سے چھٹے گرو صاحب نے "میری اور پیری" کی دو تلواریں زیب تن کیں۔ "میری" سے مراد سیاست تھی اور پیری کا مطلب دھرم تھا۔ اس بات کو گرو گوبند سنگھ مہاراج نے خالصہ کو جنم دیکر پایۂ تکمیل تک پہونچایا۔ آپ نے خالصہ کو "سنت سپاہی" بنایا۔ سنت کا مطلب ہے دھرم پر کاربند رہنے والا اور سپاہی ہے دھرم اور دیش کی حفاظت کرنے والا۔ سنت دھارمک حیثیت کا حامل ہے اور سپاہی سیاست کا۔

دسویں اور آخری گرو شری گوبند سنگھ نے اعلان کر دیا کہ ان کے بعد کوئی گرو نہیں ہوگا اور سکھوں کی رہنما ان کی مقدس کتاب گورو گرنتھ صاحب ہوگی۔ انہوں نے ہی خالصہ (خالص) کی بنیاد رکھی۔ جن پانچ سکھوں نے ان کے ساتھ امرت پیا وہ پانچ پیارے کہلائے۔ گرو گوبند نے ہی سکھوں کے لئے پانچ چیزیں لازم قرار دیں۔

۱۔ بال نہ کٹانا ۲۔ ہاتھ میں لوہے کا کڑا پہننا ۳۔ بالوں میں کنگھا رکھنا ۴۔ کرپان رکھنا اور ۵۔ کچھ (زیر جامہ) پہننا۔

ان ہی خصوصیات کی وجہ سے سکھ ایک الگ فرقہ بن گئے اور سکھ مذہب جو شروع میں ایک اصلاحی تحریک یا ہندو مذہب کی شاخ سمجھا جاتا رہا تھا ایک الگ اور باضابطہ مذہب بن گیا۔

تاریخ کا ایک صفحہ

ایک بار اس نے (سکندر لودھی) کروکشیتر پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ اس بارے میں عالموں کی رائے جاننے کے لئے تواہیں اکٹھا کیا گیا۔ اس زمانے کے سب سے بڑے عالم مولانا عبداللہ اجودھنی بھی حاضر تھے۔ سب نے ان کی طرف اشارہ کیا کہ ان کی موجودگی میں ہم کچھ بھی نہیں کہہ سکتے۔ مولانا عبداللہ نے پوچھا۔ "وہاں کیا ہوتا ہے؟"

سلطان نے کہا: "اس جگہ پر ہر صوبے سے ہندو اکٹھے ہو کر اشنان کرتے ہیں"

مولانا عبداللہ نے پوچھا "کہ یہ رواج کب سے مروج ہے؟"

سلطان نے جواب دیا کہ یہ ایک پرانا رواج ہے۔

مولانا عبداللہ نے پوچھا "آپ سے پہلے کے مسلمان بادشاہوں نے اس سلسلے میں کیا کیا۔

سلطان نے کہا کہ اس سے پہلے کے بادشاہوں نے کچھ بھی نہیں کیا

مولانا نے کہا کہ پرانے مندروں کو تباہ کرنا مناسب نہیں۔

سلطان نے ناراض ہو کر کٹار نکال لی اور کہا کہ سب سے پہلے میں تمہیں قتل کروں گا اس کے بعد وہاں حملہ کروں گا۔

مولانا عبداللہ نے کہا کہ سبھی کے لئے مرنا ضروری ہے۔ اللہ کے حکم بغیر کوئی بھی نہیں مرتا۔ جب بھی آدمی کسی ظالم کے پاس جاتا ہے تو اپنے لئے موت کو مقرر کر کے ہی جاتا ہے جو کچھ ہونا ہے وہ ہوگا مگر چونکہ آپ نے مجھ سے قرآن اور حدیث کی تعلیمات کی روشنی میں استفسار کیا ہے اس لئے میں نے وہی جواب دیا ہے جو صحیح ہے۔ اگر آپ کو قرآن کی فکر نہیں تو پھر پوچھنے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔

سلطان نے اپنے غصے پر قابو پایا اور کہا کہ اگر رضامندی ظاہر کر دیتے تو میں ہندوؤں کو زبردست نقصان پہنچاتا۔ مولانا عبداللہ نے کہا کہ مجھے جو کچھ کہنا تھا کہہ چکا اب آپ جانیں وہ دربار سے اٹھ کھڑے ہوئے اور اس کے بعد دوسرے عالم بھی دربار سے چلے گئے۔ سلطان نے کروکشیتر پر حملہ کرنے کا ارادہ ترک کر دیا اور مولانا عبداللہ سے کہا کہ آپ کبھی کبھی مجھ سے ملتے رہا کیجئے۔

(باقیات مشتاقی)



خواجہ غلام السیدین

گرونانک کی تعلیم

مذہب کا اصلی کام زندگی کو سدھارنا اور اس کو شرافت اور محبت کے اُصول اور طریقوں سے آشنا کرنا ہے۔ وہ اس فرض کو اُس صورت میں ادا کر سکتا ہے، جب وہ دلوں کو ملائے اور اُن اثرات کو زائل کرے جو انسان کو ایک دُوسرے سے جدا کرتے ہیں اور نفرت تعصب اور تنگ دلی کے زہریلے بیج بوتے ہیں۔ ایک مرتبہ ڈاکٹر رادھا کرشنن نے دھرم اور ادھرم کی بہت دل لگتی تعریف کی تھی۔ اُنہوں نے کہا تھا ہر وہ چیز جو دلوں کو ملاتی ہے، دھرم ہے، جو دلوں کو ایک دوسرے سے جدا کرتی ہے ادھرم ہے۔ اِس حقیقت کو مولانا رُوم نے بلاغت کی سادگی کے ساتھ یوں ادا کیا تھا۔

تو برائے وصل کردن آمدی
نے برائے فصل کردن آمدی

یعنی اے انسان تو دنیا میں میل محبت بڑھانے کے لئے آیا ہے۔ پھوٹ ڈالنے نہیں آیا۔

نگاہ حقیقت شناس صرف اُنہی لوگوں کی قدر اور عزت کر سکتی ہے جو اس کسوٹی پر پورے اُتریں، خواہ وہ مذہبی راہنما ہوں یا سیاست کے نیتا۔ گرُونانک کی اخلاقی عظمت اور رُوحانی کشش کا اصلی راز یہی ہے کہ اُن کی تعلیم محبت اور رفاقت کی تعلیم ہے۔ اُنہوں نے سب انسانوں کو اُن کی مشترک انسانیت کی یاد دلائی اور ذات پات، رنگ رُوپ، امیری غریبی کے بھید بھاؤ کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ جس وقت اِس دیس کے بہت سے باسی مذہب کی سچی تعلیم کو بھلا چکے تھے اور اس کی ظاہری رسموں اور شکلوں میں اُلجھ کر رہ گئے تھے، اُنہوں نے سب کو یہ قدیم لیکن انقلاب آفریں پیغام سُنایا کہ زندگی کا قانون ایک دوسرے سے محبت کرنا ہے۔ یہی محبت کا جذبہ ہے جو عقیدت اور بھگتی کی رُوح پیدا کرتا ہے اور اُس کے ذریعے انسان کی رسائی خدا تک ہوتی ہے۔

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ گرُونانک کی نظر اُس ابدی اور بنیادی حقیقت تک پہونچ گئی تھی، جو مختلف مذہبوں میں الگ الگ رُوپ اختیار کر لیتی ہے لیکن باوجود اس ظاہری فرق کے باطن میں ایک ہی ہے۔ حضرت مسیح نے ہمدردی اور محبت کا پیغام ہی نہیں دیا، بلکہ اپنی زندگی میں اس کی اعلیٰ ترین مثال دکھائی۔ اسلام نے سکھایا کہ "تمام مخلوق خدا کا کنبہ ہے" اس لئے سب کو ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور شرافت کا سلوک کرنا چاہئے، جیسا وہ اپنے قریبی عزیزوں سے کرتے ہیں۔ رنگ و نسل اور ذات پات کے امتیاز بالکل جھوٹے اور مصنوعی ہیں۔ اصل چیز خدا شناسی، خدا ترسی اور نیک عمل ہے۔ عبادت کے آداب اور رسوم بدل سکتے ہیں لیکن یہ بنیادی اصول اٹل ہے۔ بھگوت گیتا نے بھی انسانی وحدت کے اصول کی بُنیاد اس خدا شناسی پر رکھی ہے۔" جو شخص ہر کام میری خاطر کرتا ہے، جو مجھ کو سب سے مقدم اور اعلیٰ سمجھتا ہے، مجھ سے عقیدت رکھتا ہے، جس سے دوسری چیزوں سے لگاؤ نہیں، جو دُنیا کے کسی جاندار سے دشمنی نہیں رکھتا ہے، وہی میرے حضور میں باریاب ہوگا" —— دیکھئے یہاں بھی شرط وہی ہے۔ پرماتما سے

خلوص اور عقیدت اور اُس کے بندوں سے محبت۔ جو اس شرط کو پورا کرتے ہیں، اُن کی ایک برادری ہے خواہ وہ خود کو کسی نام یا مذہبی لیبل سے پکاریں۔ آپ کو ابوبن آدم کا خواب یاد ہوگا۔ کہ اگر میرا نام خدا کے محبوب بندوں میں نہیں لکھ سکتے تو اُس فہرست میں لکھ لو جس میں خدا کے بندوں سے محبت کرنے والوں کے نام ہیں۔ اور اس کا نتیجہ؟ ان کا نام خدا کے محبوب بندوں کی فہرست میں سرِعنوان تھا۔ خدا کی رضا اور توفیق حاصل کرنے کا یہی راستہ ہے۔

انسانوں سے یہ محبت ایک عام جذبہ بھی ہے اور خاص بھی۔ خاص طور پر وہ لوگ اس کے مستحق ہیں جو مصیبت زدہ اور مسکین اور کمزور ہیں، جن کو ذات پات کے بندھنوں اور دولت مند یا اونچی ذات والوں کے ستائے نے اپنے انسانی حقوق سے محروم کر دیا ہے۔ وہ سب ایک ہی خدا کے بندے ہیں یعنی گاندھی جی کی اصطلاح میں "ہری جن" ہیں۔ گرو نانک کا ایک بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنے ہم عصروں اور بعد کے آنے والوں کو یہ بھولا ہوا سبق یاد دلایا کہ ان گرے ہوؤں کو اٹھانا انسان کا سب سے بڑا فرض ہے۔ گرو نانک نے ایک غریب گھرانے میں ایک پٹواری کے یہاں جنم لیا۔ شاید قدرت کو یہ دکھانا مقصود تھا کہ یہ ضروری نہیں کہ اصلاح اور ہدایت کے سوتے کسی بڑے گھرانے یا عالم فاضل خاندان میں ہی پھوٹیں۔ لیکن اُنہوں نے اپنے خلوص اور محبت اور میٹھے بولوں کے ذریعے ہر قسم کے لوگوں کے دل میں گھر کر لیا۔ اس طرح نہیں کہ ان غلطیوں اور توہمات کو جو ہر طرف پھیلے ہوئے تھے مان لیں اور لوگوں کی ہاں میں ہاں ملائیں بلکہ انھوں نے نرمی اور سمجھداری کے ساتھ اُن پر تنقید کی اور ایسی مثالوں کے ذریعے اپنی تعلیم کو پیش کیا کہ وہ دل سے نکل تھیں اور دل میں اُتر جاتی تھیں۔ مشہور واقعہ ہے کہ جب اُن سے جنیو پہننے کے لئے کہا گیا تو اُنہوں نے اس سے انکار کر دیا۔ کیوں؟ اس لئے کہ انھیں شروع ہی سے ظاہری علامتوں کی نہیں بلکہ چھپی ہوئی حقیقت کی تلاش تھی۔ اُنہوں نے سوال کیا "روئی کے دھاگے میں روحانیت کہاں سے آگئی"۔ روحانیت تو رحم اور محبت، قناعت اور سچائی اور بے نفسی سے پیدا ہوتی ہے۔ جب سیرت ان صفات کے تانے بانے سے ترتیب پائے گی، اس وقت انسان انسانیت کے اصلی مقام پر پہنچ سکتا ہے۔ تبھی من و تو کے امتیاز مٹ سکتے ہیں جس کے بغیر نہ انسان دوسرے انسانوں کے دلوں میں گھر کر سکتا ہے نہ خدا تک پہنچ سکتا ہے۔ ایک مشہور ویدان کے علاج کے لئے بلایا گیا لیکن اُنہوں نے اس سے بہت نرمی سے کہا کہ تم میرا کیا علاج کرو گے خود مریض ہو۔ اس نے پوچھا میرا مرض کیا ہے؟ جواب ملا "انانیت"، خود نمائی، اپنے کو دوسروں سے برتر اور الگ تھلگ سمجھنا" یہ جذبہ نہ صرف ہمارے اور ہمارے ہم جنسوں کے درمیان دیواریں کھڑی کرتا ہے بلکہ ہمیں خدا سے بھی دُور رکھتا ہے جو تمام زندگی کا سرچشمہ ہے۔ یہ وہی انانیت ہے، جس کی طرف غالب نے اپنے مخصوص انداز میں اشارہ کیا تھا۔

ہر چند سبک دست ہوئے بت شکنی میں
ہم ہیں تو ابھی راہ میں ہیں سنگِ گراں اور

یہ وہی پیغام ہے جو دُنیا کے مختلف زمانوں میں صوفیوں، رشیوں اور خدا شناسوں نے اپنی اپنی زبانوں میں دیا ہے۔ گرو نانک کا پیغام ہمارے لئے صرف ذاتی حیثیت ہی سے نہیں بلکہ جماعتی لحاظ سے بھی بہت ضروری اور قابلِ قدر ہے۔ اس دیس میں جہاں ہزاروں برس سے مختلف مذہبوں کے ماننے والے بستے ہیں، ابھی تک باہمی مفاہمت اور رواداری اور یکجہتی کی وہ رُوح، وہ فضا پیدا نہ ہو سکی جو ہر قسم کی مادی اور اخلاقی ترقی کے لئے پہلی شرط ہے۔ مثلاً ہندوؤں اور مسلمانوں کے اختلافات کو لیجئے جو اُن کے زمانہ میں بھی تھے اور پھر اس زمانے میں تو اتنے بڑھے کہ اُنھوں نے ملک کی تقسیم کرا کے بھی دم نہ لیا۔ گرو نانک نے کبھی مذہبوں کے باہمی جھگڑوں اور ناسمجھیوں کے بنائے اختلافات کو تسلیم نہیں کیا۔ وہ اُن کی بنیادی تعلیم کی وحدت کے اس طرح قائل تھے جس طرح مثلاً اسلام قائل ہے۔ ایک دفعہ اُنہوں نے کہا کہ "نہ کوئی ہندو ہے نہ مسلمان"۔ اس پر بہت چہ میگوئیاں ہوئیں اور اُن سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ سمجھائیں کہ اُنہوں نے یہ بات کیسے کہی۔ اس کے جواب میں اُنہوں نے کہا "مسلمان ہونا بہت مشکل ہے۔ مسلمان میرے نزدیک وہ ہے جو اپنے ایمان میں پختہ ہو جس کے روزمرہ کے کاموں میں پیغمبرِ اسلام کی تعلیم کی جھلک

پائی جائے جس کا دل غرور اور لالچ سے پاک ہو اور موت زندگی کے دھوکوں سے بلند، جو رضائے الٰہی کے سامنے سرِ تسلیم خم کرکے اور یہ جانتے کہ جو کچھ کرتا ہے وہ خدا کرتا ہے دراصل وہی شخص اپنے کو مسلمان کہہ سکتا ہے۔ جو خود پرستی کے بندھنوں سے خود کو آزاد کرے اور جس کے رحم کی چھایا خدا کی ساری مخلوق پر ہو" کس قدر بلند اور سچا ہے یہ تصور جو گرو صاحب کے نزدیک ایک اچھے مسلمان ہی کا نہیں بلکہ ہر اچھے انسان کا ہے چنانچہ اس بیان کا مقابلہ اگر آپ اس تعریف سے کریں جو انہوں نے ایک سچے سکھ کی بتائی ہے تو آپ کو اندازہ ہوگا کہ ان کو مذہبوں کی تعلیم کی وحدت اور خیر و شر کے بنیادی مفہوم کا کس قدر گہرا احساس تھا۔ بھگیرتھ نے ان سے پوچھا کہ ایک سچے سکھ کی کیا خصوصیت ہونی چاہئے۔ انہوں نے فرمایا" وہ جو سچا ہو، قناعت کی صفت رکھتا ہو اور سب پر دیا کرے، جو لالچ اور نفرت سے پاک ہو، جو کسی کو نقصان یا دکھ نہ پہونچائے جو خواہش کے پھندے سے رہا ہو چکا ہو۔ جس کو اپنے اوپر قابو ہو اور خیر و شر میں تمیز کر سکے جو خدائے بزرگ و برتر کی رضا کے سامنے اپنا سر جھکا دے اور اس کی خوشنودی کو اپنا معیار بنائے ایسا ہی ہم آہنگ شخص اس حلقہ میں شریک ہونے کے قابل ہے۔"

دیکھا آپ نے یہ تھا ان کا تصورِ انسانیت جس میں ہندو، مسلمان، سکھ عیسائی، یہودی، پارسی سب شامل ہیں۔ اس لئے انہوں نے کہا تھا کہ میں نہ ہندو ہوں نہ مسلمان۔ مذہب کا سچا پیرو وہی ہے جو خدا کے کلام پر ایمان لاتا ہے۔ جو سارے مذہبوں کے بانی اور پیغام بر دنیا میں لائے ہیں۔ میرے لئے سب یکساں ہیں کیوں کہ سب خدا کا پیغام ہیں۔" گرو نانک کے شبد پڑھتا ہوں تو اس میں اسی سچی مذہبیت کا جلوہ نظر آتا ہے اور محبت، رحم، ہمدردی، خدمت اور زندگی کی سچی قدروں کا وہ پیغام ملتا ہے جس کے لئے آج دنیا بھوکی اور پیاسی ہے، یہ دنیا جس کے دل و دماغ دونوں امن کی دولت سے محروم ہیں، جس کے ہاتھوں میں قوت ہے لیکن اس کا استعمال نہیں آتا جس کی رفتار میں بجلی کی سی تیزی پیدا ہو گئی ہے لیکن منزلِ مقصود آنکھوں سے اوجھل ہے۔ ان کی تعلیم پکار پکار کر ہمیں یہ سبق سکھاتی ہے کہ زندگی کی اصلیت، وحدت اور ایکتا ہے محبت اور پریم ہے، آپس کی خونریزی اور مہین جھپٹ نہیں۔ آپس کے ان چھوٹے چھوٹے اختلافات کی کوئی اہمیت نہیں جو ہمیں اپنے بھائیوں کی دشمنی پر اکساتے ہیں۔ مانا کہ قدرت کے" دانت اور پنجے خون سے رنگین ہیں" لیکن یہ جنگل کا قانون انسانی زندگی کا چراغ نہیں بن سکتا۔ انسان کو انسان بننے کے لئے بھٹی میں تپنے کی ضرورت ہے تاکہ اس کی سیرت کا سونا جس میں بہت سا کھوٹ ملا ہے، کندن بن سکے۔ اُسے اپنے دل و دماغ کی کھڑکیوں کو کھولنا ہے اور اُن میں سے ہنسا اور نفرت کو خارج کرکے محبت اور شرافت کو جگہ دینی ہے۔ یہی وہ پیغام ہے جس کو مختلف الفاظ اور انداز میں حضرت ابراہیمؑ، عیسیٰؑ، موسیٰؑ، مہاتما بدھ، حضرت محمدؐ، گرو نانک اور خدا کے بہت سے نیک اور پاک بندوں نے پیش کیا ہے۔

بقیہ: منصور

" باب ۵۶ اس کے بیان میں کہ مذہب کی اصل ایک ہی ہے۔ اس کے طریقے اور راستے مختلف ہوا کرتے ہیں۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ خدا نے تم کو دین کا وہی راستہ بتایا ہے جس کی نوحؑ کو وصیت کی تھی اور جو وحی ہم نے تم پر نازل کی۔ ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو بھی اسی کی وصیت کی تھی اور وہ یہی بات تھی کہ دین حق کو ٹھیک رکھنا اور اس میں تفرقہ نہ ڈالنا۔ مجاہد کا قول ہے کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم نے تم کو اور نوح کو ایک ہی دین کی وصیت کی تھی۔ اور خدا تعالیٰ فرماتا ہے۔ تم سب کی امت ایک ہی ہے۔ میں ہی تمہارا رب ہوں مجھی سے ڈرتے رہو"

غرض حضرت منصور کی شخصیت اور ان کا واقعۂ قتل ایک ایسا معمہ ہے جس کے حل بہت مختلف اور متضاد ہیں۔ ان کو حضرت سرمد شہید کی طرح ملکی سیاست کا شکار بھی نہیں کہا جا سکتا البتہ یہ ظاہر ہے کہ عوام کا ان کے ساتھ اعتقاد اور خود ان کے اعمال و اقوال علمائے ظاہر کے لئے ایک آزمائش اور فتنہ بن گئے تھے اور اس لئے ان کا انجام بھی وہی ہوا جو ہر ایسی شخصیت اور ہر ایسی تحریک کا ہوتا آیا ہے۔ یہ مضمون میں نے غالب کے شعر سے شروع کیا تھا اور فانی کے اس شعر پر ختم کرتا ہوں

صور و منصور و طور ارے تو بہ بہ ایک ہے تیری بات کا انداز

محمد عمر

گرونانک اسلام اور تصوف

گرونانک کی تعلیمات اور اسلامی عقائد میں بڑی حد تک مماثلت اور مطابقت پائی جاتی ہے۔ اسلام کے اہم عقائد میں سے بالخصوص توحید کا عقیدہ، جس کی رو سے خدا بالاتر اور محیط کل ہے جو تمام مخلوق کا خالق اور رب ہے اور بلا کسی شکل و شبیہ کا ہے، بنی نوع انسان آپس میں برابر ہیں۔ دنیاوی اور روحانی زندگی میں یکسانیت اور عبادت، لوگوں کا آپس میں ایک برادری کی حیثیت سے زندگی بسر کرنا، اور محنت و مشقت کے ذریعہ اپنی روزی کمانا اور جو کچھ اس سے حاصل ہو اس کو بڑی فراخدلی سے آپس میں تقسیم کرنا، سدھ سنگت، ایک منظم برادرانہ سماجی زندگی گزارنا جو ایک مذہبی عقیدہ کا آئینہ دار ہو۔ ذکر یعنی خدا کے نام کا ورد کرنا جو ایک عبادت کا طریقہ ہے۔ یہ تمام باتیں دونوں میں مشترک ہیں۔

ان مشترک اجزاء و عقائد کے اسباب و علل کی توضیح و تشریح کرنے کے لئے یہ لازمی ہے کہ ہم گرونانک کے ماحول ہسلمانوں کے توحید کے تصور اور مروجہ ہندوستانی سوسائٹی کے مذہبی اور سماجی نظام کا جائزہ لیں جسکی بنیاد ذات پات پر تھی جو اخلاقی نقطہ نظر سے آج بھی غیر مناسب ہے اور یہ دیکھیں کہ صوفیوں نے کچھ اس طرح اسلامی عقائد کی اشاعت کی جس نے ہندوستانی سوسائٹی کے خیالات و احساسات میں ایک زبردست اضطراب پیدا کر دیا اس اضطراب کا دور رس نتیجہ یہ ہوا کہ عقائد کے امتزاج کے لئے بھگتی تحریک کے لئے میدان ہموار ہو گیا۔ ہمیں ان امور کا مطالعہ تاریخ اور اسناد کی روشنی میں کرنا چاہئے۔

آریوں کے رسم و رواج، عقائد اور طور طریق کی وہ سادگی جو ابتدائی زمانہ رگ وید میں تھی وہ آخر زمانہ رگ وید میں چند وجوہ کی بناء پر مٹ چکی تھی اور رفتہ رفتہ مٹتی جا رہی تھی اور زمانہ کے ساتھ ساتھ اُن کے مذہبی عقائد، پوجا، ہون، اور رسم و رواج میں کتنی ہی نئی باتیں داخل ہو گئی تھیں۔ ابتدائی زمانہ میں سماج کی تشکیل کی وجہ آپسی تحفظ اور منفعت تھی، جب ایک سماج وجود میں آ گیا تو لوگوں کی ضروریات زندگی بھی بڑھ گئیں لہٰذا ہر شخص اپنی تمام اشیائے ضرورت خود مہیا یا فراہم نہیں کر سکتا تھا۔ اس سبب سے لوگوں نے باہمی آسانی کے لئے مختلف کاموں کو آپس میں بانٹ لیا مگر رفتہ رفتہ ہر ایک کام کو ایک مخصوص گروہ سے مختص کر دیا گیا اور ہندوستانی سوسائٹی چار بڑے فرقوں یعنی برہمن، چھتری، ویش اور شودر، میں منقسم ہو گئی اور پہلے کی آزادی جس میں ہر شخص کو یہ اختیار تھا کہ جس کام کو چاہے کرے، سلب کر لی گئی۔

رفتہ رفتہ ان چار بڑے فرقوں کی شاخیں وجود میں آ گئیں اور ان چھوٹی چھوٹی ذاتوں کے پیدا ہوتے ہی دو مختلف ذاتوں میں شادی بیاہ کا ہونا اور ساتھ ساتھ کھانا پینا بالکل بند ہو گیا۔ غرضکہ ایک ذات کا دوسری ذات سے کسی قسم کا تعلق باقی نہ رہا۔ اس زمانے میں بچپن کی شادی کا رواج زور پکڑ گیا۔ ستی کی رسم چل پڑی اور لوگ اپنے دیوتاؤں پر بھینٹ چڑھانے لگے اور سیکڑوں اوہام ہندو سماج اور مذہب میں سرایت کر گئے۔

مسلمان حملہ آوروں سے پہلے ہی شمالی ہندوستان میں صوفیوں کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری ہو چکا تھا۔ پروفیسر گپ کی یہ بات بڑی اہمیت کی حامل ہے کہ اگر مسلمان صوفی ان ممالک میں پہلے نہ پہونچتے اور وہاں سیاسی اسلام کے لئے زمین ہموار نہ کرتے، جہاں بعد میں سیاسی اسلام پہونچا، تو دنیا کے کسی ملک میں بھی اسلامی حکومتیں قائم نہیں ہو سکتی تھیں۔

قرونِ وسطیٰ میں شمالی ہند میں پنجاب صوفہ کا مرکز تھا جو محمود غزنوی کی حکومت کا ایک انگ تھا۔ ان صوفیوں نے اسلام کے بنیادی عقائد کو عملی جامہ پہنا کر اُن کی غیر محسوس طور پر اشاعت کی۔ اُن کی زندگی بذاتِ خود دوسروں کے لئے نمونہ عمل بن گئی۔ ان بنیادی اصولوں میں توحید اور انسانی مساوات کے اصول سب سے زیادہ اہم تھے۔ مثلاً حضرت شیخ اسمٰعیل بخاری ۱۰۰۰ء میں بخارا سے لاہور پہونچے۔ آپ وہ پہلے بزرگ تھے جنہوں نے پنجاب میں اسلام کی تعلیمات کا پرچم بلند کیا۔ آپ بلند پایہ بزرگ تھے، علوم ظاہری اور باطنی دونوں میں دسترس رکھتے تھے۔ اُن کی مجلس وعظ میں عوام کثرت سے شریک ہوتے تھے۔ اور ہر روز صدہا لوگ مشرف بہ اسلام ہوتے تھے۔

شیخ اسمٰعیل کے علاوہ جس بزرگ نے پنجاب میں زیادہ نام پیدا کیا وہ غزنی کے شیخ علی بن عثمان ہجویری تھے جو داتا گنج بخش کے نام سے زیادہ مشہور ہیں۔ کہا جاتا ہے کئی لوگ آپ کے ہاتھ پر اسلام لائے ان میں سے رائے راجو، جو سلطان مودود ابن مسعود غزنوی کی طرف سے لاہور کا نائب تھا، بالخصوص قابلِ ذکر ہے۔ مسلمان کرنے کے بعد آپ نے اُس کا عرف شیخ ہندی رکھا اور اس کی نسل کے لوگ پانچ دس سال پہلے تک آپ کے مزار کے خدام و مجاور تھے۔ آپ کی وفات ۱۰۷۲ء کے قریب ہوئی۔

حضرت داتا گنج بخش کے بعد جس بزرگ نے پنجاب میں نام پایا وہ سلطان سخی سرور تھے۔ آپ کا نام سید احمد تھا اور سلطان سخی سرور یا لکھ داتا کے لقب سے مشہور ہیں۔ آپ یادِ الٰہی اور ہدایتِ خلق میں مشغول رہتے تھے۔ خلقت کے ٹھٹھ کے ٹھٹھ حصولِ مراد کے لئے آپ کے پاس آتے اور کوئی نامراد نہ واپس جاتا! اس لئے آپ سلطان سخی سرور کے لقب سے مشہور ہوئے۔ پنجاب میں شاید ہی کوئی مسلمان اہل اللہ ہوگا جس کے اس کثرت سے ہندو معتقد ہوں۔ آپ کے ہندو معتقدوں کو سلطانی کہتے ہیں اور مشرقی پنجاب میں خاص طور پر جالندھر ڈویژن میں ایسے لوگ کافی تعداد میں آباد ہیں[1]

علاوہ ازیں میر حسن زنجانی، شیخ حسام الدین لاہوری اور بابا فرید گنج شکر اور اُن کے خلفاء نے تبلیغ و اشاعت اسلام کی خدمت انجام دی۔ پنجاب میں شاہ شمس الدین نامی ایک بزرگ تھے جن کے ہاتھ پر دیپالی نے بیعت کی تھی۔ سبحان رائے بھنڈاری کا بیان ہے کہ دوسرے اولیائے اللہ کے مزارات کے برخلاف اس مزار کے خادم اور مجاور ہندو ہیں۔ جو دیپالی کی اولاد میں سے ہیں[2]

ان صوفیوں کی زندگی سادگی پسند ہوتی تھی۔ وہ لوگ شہر کے باہر اپنی خانقاہوں میں قیام کرتے تھے۔ دن رات، عبادت اور ریاضت میں مشغول رہتے تھے۔ انکی خانقاہوں میں بلاتفریق مذہب و ملت

---

[1] برائے تفصیلی حالات ملاحظہ ہو۔ صفت تماشا ص ۱۰۰، ۱۰۴۔ خزینۃ الاصفیا ج ۲ ص ۲۴۵-۲۴۸۔ خلاصۃ التواریخ (سبحان رائے بھنڈاری) ص ۶۱-۶۲

[2] دھونکل میں اب بھی اُن کا مزار موجود ہے۔ ہر سال اساڑھ کی پہلی جمعرات کے روز اس مقام پر ایک شاندار عرس منایا جاتا ہے اس میں بے شمار سلطانی جو آپس میں "پیر بھائی" کہلاتے ہیں بال بچوں کے ساتھ قافلہ در قافلہ شرکت کے لئے جاتے ہیں مرزا قتیل رقمطراز ہیں کہ

ہندو اور مسلمان دونوں ہر سال پنجاب کے ہر شہر کے باہر سرور کے نیزے کھڑے کرتے تھے اور پرا ہی ہر جھنڈے کے نیچے ڈھول بجاتے تھے اور اپنے پیر کی مدح میں گیت گاتے تھے نچ دناچتے تھے اور دوسروں کو بھی نچاتے تھے ہفت تماشا ص ۱۰۳-۱۰۴۔ نیز ملاحظہ ہو۔ آب کوثر (از شیخ محمد اکرام) ص ۸۳-۸۴ — [3] برائے تفصیل ملاحظہ ہو خلاصۃ التواریخ ص ۶۸

ہر قسم کے لوگ حاضر ہوتے تھے۔ اور اُن کے ساتھ مساوات کا برتاؤ کیا جاتا تھا، امیر و غریب، ہندو مسلمان میں کسی قسم کی تفریق نہیں کی جاتی تھی۔

خدا کی پرستش کیوں ہوتی ہے؟ یہ سوال بڑا اہم ہے۔ اگر تاریخ کی روشنی میں ہم اس سوال کا جواب تلاش کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ دُنیا کی تمام قوموں میں یہ بات مشترک طور پر پائی جاتی ہے کہ بنی نوع انسان ابتدائی زمانے سے طاقت (شکتی) کا پجاری رہا ہے وہ [illegible] طاقت جس میں نفع اور نقصان پہونچانے کا وصف ہو۔ لوگ خدا سے ڈرتے تھے اس سے اُمیدیں وابستہ رکھتے تھے، اِس لئے اس کی عبادت کرتے تھے۔ صوفیوں نے انسانی ذہنوں کو اس خوف سے نجات دلادی۔ اُنہوں نے عوام کو یہ بتایا کہ خدا سے ڈرنا نہیں چاہئے۔ اس کی عبادت کا مقصد مراد برآری نہیں ہونا چاہئے۔ اللہ اور بندے کا بہت گہرا تعلق ہے۔ انسانوں کو اس سے محبت کرنی چاہئے اور جس طرح ایک عاشق اور معشوق کے مابین ربط و ضبط ہوتا ہے، ویسا ہی خدا اور بندے کا ہونا چاہئے۔ اس سلسلے میں رابعہ بصری کا ایک واقعہ بہت اہمیت رکھتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک دن رابعہ ایک ہاتھ میں پانی اور دوسرے میں آگ لئے شہر کے باہر بڑی تیزی سے جا رہی تھیں چونکہ وہ مجذوبہ تھیں اس لئے لوگوں نے اُنہیں برائے تسخر روک لیا اور آگ اور پانی لے جانے کا سبب دریافت کیا انہوں نے کہا کہ میں اس آگ سے جنت کو جلادوں گی تاکہ لوگ جنت کی ہوس میں اللہ کی عبادت نہ کریں اور اس پانی سے دوزخ کی آگ بجھادوں گی تاکہ لوگ دوزخ کے عذاب کے خوف سے عبادت نہ کریں بلکہ مالعبد اللہ کی عبادت صرف اسکی محبت کی وجہ سے کریں۔ چشتی سلسلہ کے صوفیاء کرام نے اسی اصول کو عملی جامہ پہنایا اور اُنہوں نے عوام میں اللہ کی محبت کا جذبہ پیدا کیا۔ اُس کا دُور رس نتیجہ یہ نکلا کہ ہندوستان کی سرزمین میں ایک انقلابی تحریک وجود میں آئی جو بھگتی تحریک" کے نام سے موسوم کی جاتی ہے۔ یہ تحریک تیز روسیلاب کے مانند تھی جس نے ہندوستانی سماج کے ڈھانچے کو جڑ سے ہلا دیا۔ اس تحریک کا مقصد دیگر مقاصد کے علاوہ، یہ تھا کہ لوگوں میں اللہ کی محبت پیدا کی جائے۔ اور اس محبت کے جوش میں وہ اللہ کی عبادت و پرستش کریں اور نفع و نقصان کا خیال اُن کے ذہن سے نکل جائے۔

اس طرح تیرھویں اور چودھویں صدی عیسوی کے ہندوستان میں ساتھ ساتھ دو تحریکیں کام کر رہی تھیں۔ ایک کے مسلم صوفی علمبردار تھے اور دوسری کے ہندی الاصل بھگت، جنہوں نے اسلامی تعلیمات کو اپنے میں جذب کر لیا تھا مگر مسلمان نہیں ہوئے تھے بھگتی تحریک نے ہندو سماج کے مذہبی عقائد اور سماجی تنظیم کے قوانین کو سخت دھکا پہونچایا۔ اس تحریک نے ایک خدا کی عبادت اور بنی نوع انسان میں مساوات کی تعلیم کا بڑے پُرجوش انداز میں پرچار کیا۔ یہ بات بھی ذہن میں رکھنا لازمی ہے کہ بعض ہندی الاصل مبلغوں کا تعلق نام نہاد پسماندہ ذاتوں سے تھا جیسے کبیر، دھنا، سائن، رام داس اور وادو دیال وغیرہ

اس ماحول میں ۱۴۶۹ء میں گرونانک تلونڈی نامی گاؤں میں ایک کھتری گھرانے میں پیدا ہوئے۔ رواج زمانہ کے مطابق پہلے اُنہیں ہندی اور سنسکرت کی تعلیم دلوائی گئی۔ بعد ازاں ملا قطب الدین سے فارسی کا درس لیا۔ مالبعد ان کو گھریلو کاموں میں لگا دیا گیا مگر ان کا دل دنیاوی کاموں میں نہیں لگا۔ کیونکہ جس ماحول میں اُنہوں نے آنکھ کھولی تھی اور جن اساتذہ سے درس لیا تھا قدرتی طور پر ان کے ذہن کو بالواسطہ متاثر کیا ہوگا اور اُن تمام باتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ گرونانک نے دُنیاوی علائق سے بے تعلقی اختیار کر لی۔ اور مسلم صوفیوں اور سنیاسیوں کی زیارت اور اُن سے روحانی استفادہ کی غرض سے نکل پڑے مسلم صوفیاء میں بالخصوص اُنہوں نے شیخ شرف الدین پانی پتی اور شیخ ابراہیم (خلیفہ بابا فرید گنج شکر) سے تبادلۂ خیالات کیا۔

بیکدوایت کے مطابق انہوں نے ہندوستان کے تمام تیرتھ استھانوں کی زیارت کی اور وہاں کے بزرگوں کی صحبت سے فیض یاب ہوئے۔ لنکا بھی گئے۔ اور عرب ممالک کی سیاحت کی۔ گوپال سنگھ نے لکھا ہے کہ اب تک بغداد میں گرونانک دیو کی یاد میں ایک مقام موجود ہے جس کی دیوار پر یہ الفاظ کندہ ہیں" بابا نانک درویش اور ولی اللہ کی یاد میں یہ مقام سات فرشتوں کی مدد

سے تعمیر کیا گیا۔ (۹۲۷ھ / ۱۵۲۱ء سنہ ۱۵۲۱ء)

بالآخر واپس آکر پنجاب میں سکونت اختیار کی اور ایک ایسے پنتھ[1] کی اشاعت کے کام میں سرگرم ہو گئے جس کی اکثر تعلیمات اسلامی اصولوں اور عقائد سے ماخوذ تھیں اور جس کا دیگر مقاصد کے علاوہ ایک مقصد ہندو اور مسلمانوں میں یگانگت اور ہم آہنگی پیدا کرنا تھا کیوں کہ جیسا بالعموم ہوتا ہے کہ دو متضاد مذہبی فرقوں میں مغائرت پائی جاتی ہے وہی حال ابتداء میں ہندوؤں اور مسلمانوں کا تھا۔ گرونانک کا وصال ۱۵۳۹ء میں ہوا اس موقع پر ہندوؤں اور مسلمانوں میں جو تنازعہ ہوا تھا اس کا ذکر بعد میں کیا جائے گا۔

گرونانک کی چند تعلیمات کا جائزہ لینا مناسب ہوگا۔

توحید : توحید کا ذکر کرتے ہوئے گرونانک فرماتے ہیں۔

"اے رب : تو ایک ہے، واحد اور یکتا ہے، اے رب! تو صداقت ہے ہمہ جائی ہے، خالق ہے۔ ایک ہستی ہے۔ بے خوف ہے، نفرت کے بغیر ہے : زماں و مکاں سے بالاتر ہے، تیری کوئی تجسیم نہیں، تو روشنی اور آگہی عطا کرنے والا ہے، رحیم و کریم ہے۔"

"اے خدا۔ ہم سب تیری مرضی سے تخلیق کئے گئے ہیں۔ تیری ہی مرضی سے ہی ہم سب عمل کرتے ہیں۔ تیری ہی مرضی سے ہمیں موت آتی ہے اور تیری ہی مرضی سے ہم وجودِ حقیقی میں جا ملتے ہیں۔"

قناعت و توکل : صوفیائے کرام نے صرف اللہ پر بھروسہ کرنے اور دُنیاوی طاقتوں سے بے نیاز رہنے کی تلقین کی ہے۔ گرونانک فرماتے ہیں۔ "اے خدا! جب تو ہی مسبب الاسباب ہے تو پھر میں دُنیا کا کیوں سہارا لوں اور کس کے لئے لوں۔"

"مبارک ہے وہ دیارِ جسم جس میں پانچ عظیم عناصر آباد ہیں سچائی رحم و کرم، قناعت، شعور و پارسائی۔"

[1] دبستان مذاہب (ص ۲۲۳) میں نانک پنتھی لکھا ہے اور ہفت تماشا (ص ۴۸) میں نانک شاہی لکھا ہے۔

شیخ یا گرو : صوفیا کا یہ ایک اہم اصول تھا کہ روحانی زندگی کے منازل طے کرنے کے لئے کسی گرو کا ہونا ضروری ہے، جس کی رہنمائی کے بنا سالک کے راہ میں بھٹکنے کا قوی امکان رہتا ہے۔ انہوں نے ابتدائی مراحل طے کرنے اور عبادت و ریاضت میں دل لگانے کی غرض سے تصورِ شیخ کا فلسفہ مروج کیا۔ اسی ہندوستان کے صوفی سلسلوں میں شیخ طریقت کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ اور اُن کے افعال و اعمال کی پیروی کرنا ایک مرید اپنے لئے فرض عین سمجھتا تھا مثلاً کسی بشر کو سجدہ کرنا حرام ہے مگر صوفیاء کرام نے سجدۂ تعظیم اور دست و پا کو بوسہ دینا روا رکھا۔ گرونانک نے گرو کی اہمیت پر بار بار زور دیا ہے۔ فرماتے ہیں۔

"سب لوگ کہتے ہیں کہ" تو بلند سے بھی بلند تر ہے" لیکن اے خدا تجھے کس نے دیکھا ہے : یہ تو گرو ہی مجھے دکھاتا ہے اور پھر میں جدھر بھی دیکھتا ہوں، تجھے دیکھتا ہوں۔"

فلسفۂ وحدت الوجود گرو کی اہمیت کے علاوہ اس ضمن میں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ گرونانک وحدت الوجود کے فلسفہ کے قائل تھے۔ جو چشتی صوفیوں کا ایک اہم فلسفۂ حیات تھا۔ گرونانک فرماتے ہیں۔

"اے خدا تو ہی سچا ہے۔ اور تو ہی صداقت بن کر ہر چیز میں جھلک رہا ہے۔"

"اے خدا تیری مخلوق میں تیری تجلی ہی سے تجھے پہچانا جاتا ہے اگرچہ تیری کوئی صفت نہیں مگر تو ہر صفت موجود ہے۔"

"خدا روح میں بستا ہے اور روح خدا میں۔"

نیکی و بدی : گرو جی نے خاکساری اور عملِ صالح کی تلقین کی ہے۔ آپ کا ارشاد ہے :

"اگر انسان اپنی بھلائی چاہتا ہے تو اُسے چاہئے کہ وہ نیکی کرتے ہوئے اپنے آپ کو ادنیٰ اور خاکسار محسوس کرے۔"

"جس کے اعمال نیک ہوں اس کا ذہن بھی کامل ہوتا ہے۔"

سکھ دکھ : اسلام دُنیاوی زندگی کو عارضی تصور کرتا ہے اور اس نظریے

کے تحت یہاں کے سکھ دکھ کو چند روزہ بتاتا ہے اصلی خوشی اور دکھ کا سامنا تو دوسری دُنیا میں کرنا پڑتا ہے، لہٰذا انسان کو اپنی اس چند روزہ زندگی میں رنج و الم سے گھبرانا نہیں چاہیئے اور نہ یہاں کی خوشی میں دُنیا و مافیہا کو فراموش کر دینا چاہیئے۔ اور نہ خدا کی یاد سے غافل ہونا چاہیئے۔ گرونانک فرماتے ہیں۔

"غم مداوا ہے اور عیش و عشرت ایک بیماری ہے۔ جہاں عیش و عشرت ہے، اے خدا وہاں تو نہیں ہوتا ہے۔"

"دانش مند وہ ہے جو خدا کی رضا پر چلتا ہے اور جو سکھ اور دکھ کو ایک ہی سمجھتا ہے۔"

خدا کی رضا : خدا کی مرضی سب سے اولیٰ اور افضل ہے۔ انسانی زندگی میں جو بھی رنج و الم کے ادوار آتے ہیں اُسے قدرت کی طرف سے سمجھنا چاہیئے اور اس لئے اُن کو بہ خوشی صبر و استقلال سے برداشت کرنا چاہیئے۔ گرونانک نے ایک بڑی عمدہ اور عام فہم مثال سے اس خیال کی توضیح و تشریح کی ہے۔

"خدا کا قول دُلہن کا ہار سنگار ہوتا ہے۔ وہ اس طرح بن سنور کر اپنے آپ کو اپنے مالک کے سپرد کر دیتی ہے اور ہاتھ جوڑ کر اس کی منتظر کھڑی رہتی ہے اور پورے خلوص کے ساتھ دعا کرتی ہے۔ ایسی دلہن ہی سچی دلہن ہوتی ہے جس کے دل میں اپنے مالک کی محبت ہوتی ہے۔"

رسم و رواج اور اوہام پرستی : جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ سماج میں رسومات اور اوہام پرستی کا بہت زور تھا اور اُن کی ادائیگی پر انسانی نجات کا انحصار تھا۔ گرونانک نے اپنے عہد کے رسم و رواج اور ان مذہبی عقائد کی جن کی بنیاد ریاکاری پر تھی، سختی سے مذمت کی ہے اور اعمال صالح اور پاک باطنی کی تلقین کی ہے۔ فرماتے ہیں۔

"وہ مقدس کتابیں پڑھتے ہیں، پوجا کرتے ہیں، اور پھر لڑتے ہیں وہ زر و مال اور پتھروں کی پرستش کرتے ہیں اور پھر بگلوں کی طرح جھوٹی سرمستی میں مگن ہو جاتے ہیں۔ ان کا جسم پارسائی سے آراستہ ہوتا ہے مگر ان کے منہ میں جھوٹ ہوتا ہے وہ دن میں تین مرتبہ گائتری کی سطروں کا جاپ کرتے ہیں ان کی گردن میں مالا ہوتی ہے اُن کے ماتھے پر کیسر کا ٹیکہ ہوتا ہے۔ ان کی کمر میں ان سلی لنگوٹی ہوتی ہے اور ان کے سروں پر ٹوپی ہوتی ہے۔ لیکن اگر وہ اپنے بھگوان کی نوعیت اور فطرت سے واقف ہوتے تو وہ ان رسوم کی جھوٹی رسوم سمجھتے۔"

انانیت : انانیت ایک ناپسندیدہ فعل ہے۔ اسلام بھی خاکساری کو مستحسن سمجھتا ہے اور انانیت کی قرآن میں بار بار مذمت کی گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پیغمبر اسلام نے ہمیشہ یہی فرمایا تھا کہ وہ دوسرے انسانوں کی طرح ایک انسان ہیں۔

انانیت انسان کے باطن کو سیاہ اور دماغ کو شکوک اور اوہام کا بھنڈار بنا دیتی ہے لہٰذا صوفیاء کرام نے انانیت کا سدباب کرنے کی غرض و غایت سے شاہان اور امراء سے بے تعلقی اختیار کرلی تھی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ لوگ اپنی کمتری کے احساس سے مغلوب رہے اور بڑی انکساری سے صوفیاء کے در پر جبیں فرسائی کرتے رہے۔ گرونانک فرماتے ہیں۔

"انانیت پسند لوگوں کا دل پاگل کی طرح شکوک سے بھرا ہوتا ہے۔ جب کوئی شخص انا، اور میری، میری کے احساس سے کام لیتا ہے تو وہ امید و آرزو کی رَو میں بہہ جاتا ہے اور وہ حقیقتاً فریب کی خاک اور زہر کے سوا اپنے ساتھ کچھ نہیں لے جاتا"

"میں کے احساس ہی سے دنیا میں اختلاف ہے"

دُنیا کی ناپائیداری : دُنیاوی زندگی عارضی ہے اور دنیا کی دلفریبی و دلکشی سراب کے مانند ہے۔ یہاں کی ہر شے زوال پذیر ہے۔ اس لئے انسان کو، یہاں کی دلفریبیوں کو جو (مایا کی مانند ہیں) ترک کر کے دوسری زندگی کے بعد جو مرنے کے بعد شروع ہوتی ہے، اور قائم و دائم ہے، کی تیاری کرنی چاہیئے۔ اور یہاں کی محرومیوں کا صلہ دوسری دنیا میں ملے گا۔ گرونانک فرماتے ہیں۔

" دُنیا آنی جانی مایا ہے۔ اے میرے من! اس حقیقت کو اپنی گرہ میں باندھ لے۔"

عالم آخرت : حالانکہ گرونانک آواگون کے قائل تھے مگر وہ قیامت اور آخرت کے دن پر بھی عقیدہ رکھتے تھے۔ فرماتے ہیں۔

" دوسری دُنیا میں صرف نیک اعمال ہی شمار کئے جاتے ہیں۔ بدی کرنے والے کو زدوکوب کیا جاتا ہے اور وہ آہ وزاری کرتا ہے لیکن اس کے نالے سننے والا کون ہوتا ہے؟ اندھے من نے اپنی زندگی بے کار گنوادی ہے۔"

آخرت کے عقیدے کے ساتھ گرونانک دوزخ اور جنت کے بھی قائل تھے۔ یہ دونوں مقامات اعمال کے بنا پر اللہ اپنے بندوں کو عطا کرتا ہے۔ ہندو مذہب میں بھی نرک "و سورگ" کا نظریہ موجود ہے مگر ہر حالت میں انسان کو آواگون سے نجات نہیں ملتی۔ گرونانک فرماتے ہیں۔

"جھوٹے کو کہیں پناہ نہیں ملتی، اُن کے چہرے پر کالک پوت دی جاتی ہے اور اُن کو جہنم میں لے جایا جاتا ہے۔"

ذات پات : اسلام میں ذات پات کا تصور مفقود ہے! اعمال صالح ہی انسان کی اولیت اور افضلیت کا سبب ہو سکتے ہیں۔ نسل اور خاندانی شان وشوکت، دول وحشمت بے معنی ہیں۔ کبیر داس نے یہ بات اس طرح کہی ہے۔

ذات پات کوئی پوچھت ناہیں
ہری کو بھجے تو ہری کا ہووے

گرونانک اس سلسلے میں فرماتے ہیں۔

" عالم آخرت میں ذات پات اور طاقت کسی کے کام نہیں آتی ہیں کیونکہ عالم خدا میں ایک نیا انسان جنم لیتا ہے۔ خدا کی نظر میں جن لوگوں کی عزت ہے۔ وہی باعزت انسان ہوتے ہیں"

علاوہ ازیں گرونانک کی بہت سی دوسری تعلیمات اور اسلامی تعلیمات میں مماثلت اور مطابقت پائی جاتی ہے۔ جگہ کی تنگی کی وجہ سے ان کا ذکر تفصیل سے نہیں کیا گیا ہے۔ گرو گرنتھ صاحب میں ایک باب ایسا ہے جس کا عنوان ہے "سلوک بابا فرید کے" اس سے یہ بات پایۂ اسناد کو پہنچ جاتی ہے کہ گرونانک اسلامی تصوف اور مسلم صوفیاء کی تعلیمات سے متاثر تھے۔

گرو نانک نے اپنی تعلیمات کے ذریعہ ہندو مسلمانوں کے درمیانی بعد کو دُور کرنے اور اُن میں اخوت اور برادرانہ تصورات پیدا کرنے کی کوشش کی تھی اور اس سلسلے میں اُن کو پوری کامیابی حاصل ہوئی تھی یہی وجہ ہے کہ آج بھی ہندو مسلمان گرونانک کو بڑی احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اور علامہ اقبال اور نظیر اکبر آبادی نے اُن کی تعریف و توصیف میں نظمیں لکھی ہیں۔ اگر یہ واقعہ صحیح مان لیا جائے کہ ان کی وفات پر ہندو اور مسلمان آپس میں لڑنے جھگڑنے لگے تھے اور ایک گروہ کہتا تھا کہ وہ مسلمان تھے اور دوسرا اُن کو ہندو بتاتا تھا تو اس تنازعہ کی تاریخی اہمیت ہے کہ ایک شخص اپنے اعمال وافعال کی بنا پر ایسا ہر دلعزیز تھا کہ اس کو ہندو اپنا سمجھتے تھے اور مسلمان اپنا۔ علاوہ ازیں اس سے یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ انسان کی عزت واحترام اس کے اعمال کے بنا پر ہوتی ہے نہ کہ اس کی ذات اور مذہبی عقائد کی بنا پر، گرونانک اپنی وسیع المشربی رواداری اور غیر تعصبی کی وجہ سے امر ہو چکے ہیں اور ہمیشہ ہندو اور مسلمان اُن سے دلی عقیدت کا اظہار کرتے رہیں گے۔

بقیہ: سکھوں کے مقدس مقامات

ثابت کرنے کے لئے لکھا تھا۔ گرو جی نے انہیں کہتے کا اعزاز بخشا اور اس صحرا میں گرو جی کے ورود سے شہر آباد ہو گیا۔ یہ واقعہ ۱۷۰۶ء کا ہے ماگھی کا مشہور میلہ ہر سال یہاں لگتا ہے۔ ان کے علاوہ بہت سے گرودوارے اور متبرک مقامات اور بھی ہیں جن کا ذکر طوالت کے خیال سے نہیں کیا گیا ہے۔

گرونانک اور مذہبی رواداری

رام آسرا راز

انسان کا ہر وہ فعل جو ہمدردی، رفاقت، محبت اور رواداری سکھاتا ہے اور پاکیزہ اور رُوحانی جذبات کو اُبھارتا ہے، دھرم یا مذہب ہے۔ اس کے برعکس ہر وہ فعل جو نفرت تعصب اور تنگ نظری سے دلوں میں تفرقات پیدا کرتا ہے، ادھرم ہے۔ دُنیا کے تمام مذاہب اسی ابدی سچائی کو پیش کرتے ہیں۔ اُن کے راستے حالانکہ الگ الگ ہیں لیکن منزلِ مقصود ایک ہے، جو انسان کو خالق اور مخلوق کے ساتھ صحیح رابطہ قائم کرنے میں رہنمائی کرتی ہے۔ یہی مذہب کی اصل روح اور انسانیت کا سب سے پہلا اور آخری قانون ہے۔ اسی بات نے بنی نوع انسان کو اپنے فرائض سے آگاہ کیا اور ایک مخصوص روش پر چل کر رواداری، انسان دوستی، ہمدردی اور محبت کے ساتھ مل جل کر زندگی بسر کرنے کی ترغیب دی۔ کمزور اور تباہ حال لوگوں نے مذہب کی اسی قوت سے اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا سیکھا۔ اسی بے پناہ قوت نے اکثر قوموں کی غلامی کی زنجیریں توڑ کر انھیں آزاد کرایا۔ وحشی اور خوں خوار قومیں مذہب کی روشنی میں ہی تہذیب اور شائستگی سے منور ہوئیں اور اپنی مذہبی رواداری کے ذریعے انہوں نے اپنے غیر مذہب دشمنوں کو بھی اپنے اندر اس طرح جذب کر لیا کہ من و تو کا فرق باقی نہ رہا۔ کسی بھی زمانے میں جب لوگ مذہب کی سچی تعلیم کو بھول کر اس کے ظاہری رسموں، رواجوں اور نمائشی پہلوؤں میں اُلجھ کر رہ جائیں اور سماج میں ذات پات، رنگ و روپ، امیری غریبی، نفرت، حقارت، حق تلفی اور بے ایمانی کا بول بالا ہو جاتا ہے تو کسی سچے رہنما کی ضرورت محسوس ہوتی ہے جو دُکھی دلوں کی پکار سُنے اور اپنی اخلاقی عظمت اور رُوحانی کشش سے یکتا، محبت اور رواداری کا درس دے کر انسانیت کے دُکھ درد کا مداوا تلاش کرے۔ پندرھویں صدی میں ہندوستان کے اُفق پر بھی غفلت اور گمراہی کے بادل چھا گئے تھے جس کی وجہ سے سماج کے رنگ ڈھنگ ایسی ہی نازک صورت اختیار کر لی تھی جسے ڈاکٹر اقبال نے ان الفاظ میں بیان کیا ہے ؎

قوم نے پیغامِ گوتم کی ذرا پروا نہ کی
قدر پہچانی نہ اپنے گوہرِ یک دانہ کی
آشکار اُس نے کیا جو زندگی کا راز تھا
ہند کو لیکن خیالی فلسفہ پر ناز تھا
شمع حق سے جو منور ہو یہ وہ محفل نہ تھی
بارشِ رحمت ہوئی لیکن زمیں قابل نہ تھی
آہ، شودر کے لیے ہندوستاں غم خانہ ہے
دردِ انسانی سے اس بستی کا دل بیگانہ ہے
بُجھ رہا تھا آخر صدا توحید کی پنجاب سے

ہند کو ایک مردِ کامل نے جگایا خواب سے

بچپن ہی میں آپ کو پنڈت برج لال اور مولوی قطب الدین جیسے قابل اُستادوں کے پاس تعلیم حاصل کرنے کے لئے بھیجا گیا لیکن دُنیاوی علوم اُن کی رُوحانی پیاس بجھانے میں کامیاب نہ ہو سکے، اس کے بعد اُنہیں مویشی چرانے، کھیتی باڑی کرنے، دکانداری چلانے کے عام دیہاتی کاروبار میں لگانے کی کوشش کی گئی۔ لیکن اُن میں بھی دلچسپی لینے کے بجائے وہ یادِ خدا میں اور بھی زیادہ مگن رہنے لگے۔ رفتہ رفتہ اُن کی ایشور بھگتی اور رُوحانی قوت کے چرچے ہونے لگے۔ ست کرتار کا انوکھا کھیل، اُستادوں سے عجیب و غریب سوال و جواب، رائے بلار کے پاس اُن کی پیشی، اور سچا سودا جیسے مشہور واقعات جنیو پہننے سے انکار اور علاج کے لئے آنے والے ویدکو خود مریض بتانا اُن کی اُفتادِ طبع کو ظاہر کرتے ہیں۔

عام لوگوں کے لئے اُن کا طور طریقہ اور باتیں بعید از فہم تھیں لہٰذا عاجز آکر پتا جی نے اُنہیں اُن کی بڑی بہن نانکی دیوی کے پاس سلطان پور بھیج دیا جہاں اُن کے بہنوئی جے رام ملازم تھے۔ اُنہوں نے گرو نانک کو دولت خاں لودھی کے مودی خانے میں ملازمت دلوادی

سلطان پور کے قیام کے زمانے میں جو واقعات پیش آئے اُن کے اعادے کی ضرورت نہیں لیکن یہیں اُن کی زندگی میں زبردست تبدیلی آئی اور اُنہوں نے غریبوں اور دکھیوں کے درد کا مداوا ڈھونڈھنے کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دینے کا فیصلہ کر لیا۔ وہ ملازمت سے کنارہ کش ہو گئے، بھائی بالا اور مردانا کو ساتھ لیا اور حقیقت کی تلاش میں دیش بدیش کی یاترا کے لئے نکل کھڑے ہوئے۔

جنم ساکھیوں کے مطابق آپ اپنے وقت کے سب سے بڑے سیاح تھے آپ نے مشرق میں بنگال، آسام، کاشی جگن ناتھ پوری وغیرہ تک، مغرب میں ایران، کابل، قندھار، بغداد، مکہ، مدینہ تک، شمال میں ہمالیہ کی پہاڑیوں کی چوٹیوں پر جوگیوں اور سدھوں کے دھرم استھانوں اور جنوب میں لنکا تک کا سفر کیا۔ جہاں اُنہوں نے ہندو بزرگوں، جوگیوں بھگتوں، سنتوں، سادھوؤں، رشیوں، منیوں، سنیاسیوں وغیرہ سے استفادہ کیا وہاں مسلمان عالموں، فاضلوں، صوفیوں اور درویشوں سے بھی فیض حاصل کیا۔ اپنے سفر کے دوران وہ جہاں کہیں بھی گئے، لوگوں کو اندھی مذہبی عقیدت کے باعث بداخلاقیوں اور گمراہیوں میں مبتلا پایا، جس سے اُنہیں سخت مایوسی ہوئی۔ اُن کی چاروں دشاؤں کی یاترا کو چار اُداسیوں کے نام سے موسوم کیا گیا۔

سیاحت کے بعد اُنہوں نے کرتار پور کو اپنا مرکز بنایا اور یہیں سے علم و روشنی اور فیض آگہی کی کرنیں نکل نکل کر ملک کو منور کرنے لگیں۔ گرو نانک خدا واحد میں یقین رکھتے تھے۔ وہ لکھتے ہیں۔

"خدا ایک ہے۔ اُسی کا نام سچا ہے۔ وہ خالقِ حقیقی ہے۔ اُسے کسی کا خوف نہیں کسی سے عداوت نہیں۔ وہ لازوال اور جنم مرن سے پاک ہے۔ اُس کا کوئی آکار (شکل رُوپ) نہیں۔ سب کچھ اعمال پر منحصر ہے۔ نیک اعمال ہی سے اچھا پھل مل سکتا ہے۔ اے نانک: انا، حرص، غصہ وغیرہ آگ کی ندیاں ہیں جو اِن میں گرتا ہے وہ ان میں بھسم ہو جاتا ہے، ڈوب جاتا ہے۔ جو لوگ اُس سچے ایشور کی حفاظت میں آجاتے ہیں وہ دُنیا کے سب دکھوں سے نجات پاتے ہیں۔ انسان دوستی، رواداری اور محبت ہی انسان کا مذہب یا دھرم ہے۔ جس کے لئے طریقہ، عبادت کے بظاہر اختلافات میں کوئی برائی نہیں بشرطیکہ اس پر عمل کرنے والوں کے اعمال و عقائد راستی پر مبنی ہوں۔ نفرت، حقارت، تعصب، تنگ نظری، بدگمانی، غرور، لالچ وغیرہ ایسے مہلک امراض ہیں جن میں مبتلا ہونے سے قومیں تاریکیوں کی تہ بہ تہ ظلمتوں میں دب کر رہ جاتی ہیں اور عقل و فہم، بصیرت و تدبر کی بانک ڈور ہاتھ سے کھو بیٹھتی ہیں۔ سطحی اعمال بے رُوح عبادات۔ جھوٹے رسم و رواج، خود ساختہ عقائد و نظریات کو چھوڑ کر رام، جیم، اللہ یا ایشور جس نام سے بھی چاہو اُسی ایک اونکار کی پرستش کرو۔ تمام تر کائنات اُسی ایک کا رُوپ ہے۔ اُس کی پیدا کی ہوئی تمام خلقت آپس میں بھائی بھائی ہے اور وہ سب کے اندر یکساں موجود ہے۔ جب انسان اِس حقیقت کو پا جائے گا تو بلا امتیاز مذہب و ملت کسی کی بھی بھلائی سے انکار نہیں کر سکے گا۔ اس صورت میں پریم، محبت، ایکتا، ہمدردی، انسان دوستی اور رواداری کے چشمے ہر طرف اُبلنے لگیں گے۔ نفرت، تعصب اور خود

غرضی کو بھول کر مخلوق اپنے خالق کو ہر وقت حاضر و ناظر سمجھنے لگے گی تو دنیا کی تمام برائیاں آنکھوں سے اوجھل ہو جائیں گی جس سے انسان کو مشترکہ زندگی بسر کرنے کا ایک ایسا راستہ ہاتھ آئے گا جس پر کہ سبھی مذاہب اور ذات پات کے لوگ ایک دوسرے کو تکلیف پہنچائے بغیر آسانی سے چل سکیں گے۔

گرونانک کا یہ بھی ایک کارنامہ ہے کہ

انہوں نے اپنے ہم عصروں اور پیروؤں کو یہ بھولا ہوا سبق یاد دلایا کہ ان گرے ہوئے انسانوں کو اٹھانا بھی انسان کا سب سے بڑا فرض ہے۔ مذہب وصل کا پیغام دیتا ہے نہ کہ فصل کا۔ وہ ہر انسان کے جذبات کا احترام کرنا سکھاتا ہے۔ باہمی نفرت، تعصب اور دل شکنی مذہب کے قانون میں سب سے بڑا جرم ہے۔ گرو نانک "من جیت جگ جیت" کے قائل تھے۔ ان کے نزدیک نہ کوئی ہندو تھا اور نہ کوئی مسلمان، وہ ان تمام امتیازات سے بالاتر رہے۔

امن، اتحاد، اخوت، مساوات اور بے لوث خدمت کا پیغام، ہمدردی، حق پرستی، محبت، انسان دوستی اور رواداری کی تعلیم، چھوت چھات، اندھی عقیدت اور مذاہب کے ظاہری رسوم و رواج انسداد آپ کے عظیم کارنامے ہیں۔ آپ کے چیلوں میں سے بھائی بالا (ہندو) اور بھائی مردانا (مسلمان) کا ساتھ کی طرح آپ کے ساتھ رہنا، تینوں کا ایک ساتھ اٹھنا، بیٹھنا، کھانا پینا، اور سونا نہ صرف ہندو مسلم ایکتا بلکہ انسانی نیک جہتی کا بے مثال ثبوت ہے۔ حقیقی لوک سیوا کی عملی زندگی نے آپ کو ہندوؤں اور مسلمانوں میں اس قدر ہر دل عزیز بنا دیا کہ وہ ہندو اور مسلمان دونوں کے مشترکہ مذہبی رہنما سمجھے جانے لگے۔

آئینہ غالب: ۲۲ مقالات۔ بڑا سائز
ٹائپ کی عمدہ چھپائی۔ صفحات ۲۷۸۔ قیمت ۵ روپے
گنجینۂ غالب: ۱۴ مقالات۔ بڑا سائز۔ ٹائپ کی عمدہ چھپائی، صفحات: ۱۸۶ قیمت ۴ روپے
بزنس منیجر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ضروری اعلان

پبلیکیشنز ڈویژن سے وقتاً فوقتاً اردو میں کتابیں اور کتابچے شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ملکی، قومی اور ترقیاتی مسائل سے متعلق یہ ایسی مطبوعات ہیں جن کے مطالعے سے بہت ہی کارآمد باتیں معلوم ہوتی ہیں۔

ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ "آج کل" کے خریداروں کو ایسی مطبوعات تحفتاً ارسال کی جائیں۔ آئندہ مہینوں میں ہم مندرجہ ذیل کتابیں اپنے خریداروں کو بھیجیں گے۔

۱۔ مہاتما گاندھی کا پیغام
۲۔ ذاکر حسین
۳۔ جواہر لال نہرو کے بارے میں ڈاکٹر رادھا کرشنن کے خیالات۔

ان کے علاوہ دیگر مطبوعات بھی جاتی رہیں گی۔

"آج کل" کا سالانہ چندہ صرف سات روپے ہے
دو سال کا رعایتی چندہ ۱۲ روپے
اور تین سال کا ۱۷ روپے ہے

ترسیل زر کا پتہ:-

شہباز حسین ایڈیٹر آج کل "(اردو) پبلیکیشنز ڈویژن
پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

منور لکھنوی

گورو نانک کا ظہورِ مقدس

پانچ سو سال پہلے کی یہ بات ہے

خانۂ حق سے اک نور پیدا ہوا　　کیا قریب اور کیا دور پیدا ہوا
ہند میں شعلۂ طور پیدا ہوا　　سرفروشی کو منصور پیدا ہوا
معجزہ ایک یہ ایک کرامات تھی
پانچ سو سال پہلے کی یہ بات ہے

تھا ستارہ یہ تلونڈی پاک کا　　تھا یہ حامل بلندیٔ افلاک کا
جاگ اٹھا بخت پنجاب کی خاک کا　　دُر تھا یہ شرق کے سینۂ چاک کا
ذات اس کی بڑی بیکراں ذات تھی
پانچ سو سال پہلے کی یہ بات ہے

لودیوں کے زمانے میں نازل ہوا　　فرد یکتا ہوا مردِ کامل ہوا
آگہِ معرفت صاحبِ دل ہوا　　دل کا پروانہ یہ شمعِ محفل ہوا
اسی کی ہستی تھی کیا اک طلسمات تھی
پانچ سو سال پہلے کی یہ بات ہے

نسل کپٹ دھرم تھا ظلم نشکام تھا　　شد جو تھا محبت کا پیغام تھا
کفر تھا اس کے سائے میں اسلام تھا　　جلوۂ صبح تھا جلوۂ شام تھا
نفی بھی اس کی رشکِ صد اثبات تھی
پانچ سو سال پہلے کی یہ بات ہے

ہر طواے میں تکریم نانک کی تھی　　طاقتا ہوں میں تعظیم نانک کی تھی
پاک سے پاک تنظیم نانک کی تھی　　درس نانک کا تعلیم نانک کی تھی
منزلت یہ بنائے مباہات تھی
پانچ سو سال پہلے کی یہ بات ہے

رضا امروہوی

گورو نانک جی

گورو نانک ! تری ذاتِ گرامی
فروغِ آدمیت کی پیامی :
نظامِ جبر پر اک تازیانہ
سبھی مظلوم ، انسانوں کا حامی

صداقت کے دیئے تو جلا گئے
تشدد کے علم بڑھ کر گرا گئے
تری راہوں میں جو کانٹے بھی ابھرے
وہ کانٹے تو نے رشکِ گل بنائے

ترا پیغام ہے شرحِ محبت
تری تعلیم ہے روحِ صداقت
ترے افکار میں ڈوبی ہوئی ہے
خلوص و حق پرستی کی حقیقت

چراغوں سے فضاؤں کو سجا کر
نفاق و بغض ، دھرتی سے مٹا کر
زمانے پر کئے ہیں تو نے احساں
جبیں ، انسان کی تو نے اٹھا کر

تری ہستی دکھی انساں کی ہمدم
تری عظمت ، فروغِ صحنِ عالم
ادب کے ساتھ اے فخرِ محبت
عقیدت پیش کرتے ہیں تجھے ہم



گاندھی پیدائش صدی

(اوڈیپی) یکم اکتوبر کو وزیراعظم شریمتی اندرا گاندھی نے راج گھاٹ میں گاندھی درشن نمائش کا افتتاح کیا اس نمائش میں گاندھی جی کی زندگی سے متعلق واقعات تصویروں اور مجسموں وغیرہ کے ذریعے پیش کئے گئے ہیں۔

(تصویر میں) وزیراعظم نمائش دیکھ رہی ہیں۔

(نیچے) مہاراشٹر پویلین کے باہر مہاتما گاندھی کا ایک مجسمہ جس میں وہ ایک ہریجن بچے کو پیار کر رہے ہیں۔





کی تقریبات

(اوپر) گاندھی جی کی زندگی اور تعلیمات سے متعلق ایک چلتی پھرتی نمائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ گاندھی درشن کی ریل گاڑی ملک کے مختلف حصوں کا دورہ کرے گی۔

یکم اکتوبر کو امرتسر ریلوے اسٹیشن پر صدر جمہوریہ ہند نے اس نمائش کا افتتاح کیا۔

(نیچے) صدرِ جمہوریہ ہند نے ۲ اکتوبر کو گاندھی میموریل میوزیم، راج گھاٹ نئی دہلی میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں ان خاص ڈاک ٹکٹوں کا اجراء کیا جو گاندھی جی کی یاد میں جاری کئے گئے ہیں۔

سکھوں کے مقدّس مقامات

جنگ بہادر سنگھ



سکھ مذہب کے بانی گرو نانک اور سکھوں کے دس گروؤں کا تعلق عام طور سے پنجاب سے رہا ہے۔ اس لئے اُن کے مقدس مقامات زیادہ تر پنجاب (مشرقی اور مغربی) میں واقع ہیں۔ گروؤں نے ہندوستان کے مختلف مقامات کی سیاحتیں بھی کی ہیں۔ مغلوں سے ان کی جنگیں بھی ہوئی ہیں۔ تقریباً ہر واقعہ کی یاد میں گردوارہ قائم ہے۔ ذیل میں جو مضمون درج کیا گیا ہے۔ اس میں صرف سکھوں کے اعلیٰ اور مقدس گردواروں کا ذکر کیا گیا ہے

(ایڈیٹر)

ننکانہ صاحب

سکھ مذہب کے بانی شری گرو نانک نومبر ۱۴۶۹ء میں تلونڈی میں پیدا ہوئے تھے۔ یہ جگہ ضلع شیخوپورہ میں ہے اور لاہور سے تقریباً چالیس میل دور ہے۔ اب اس کو ننکانہ صاحب کہا جاتا ہے۔ ننکانہ صاحب کو سکھوں میں ویسی ہی عقیدت حاصل ہے جیسی مسلمانوں کو خانہ کعبہ سے ہے۔ اس مقدس جگہ پر ہر سال کارتک کی پورنماسشی کے موقع پر ان کا جنم دن منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر ہر سال ہندوستان سے سکھوں کا جتھہ ننکانہ صاحب جاتا ہے۔

گرو جی کا جنم دن سارے ہندوستان میں بڑی عقیدت اور



گرو نانک کے جنم دن کا جلوس
گردوارہ سیس گنج (دہلی) کے سامنے نومبر ۱۹۶۹ء

جوش و خروش سے منایا جاتا ہے

گرودوارہ بال لیلا

ننکانہ صاحب میں متعدد ایسے گرودوارے بھی ہیں جن کا تعلق ست گرو نانک کے ابتدائی زندگی سے ہے، جیسے بال لیلا کا گرودوارہ۔ یہ گرودوارہ اس جگہ بنایا گیا ہے جہاں بچپن میں گرو نانک 'ست کرتار' کا جاپ کرتے تھے یہیں آپ نے اکثر راتیں ریاضت میں گذاریں۔ اس علاقے کے مسلمان زمیندار رائے بلار نے آن کی بچپن کی یاد میں ایک تالاب کھدوایا تھا۔ اس تالاب کو دیوان کوڑا مل (جسے سکھ عقیدت سے دیوان منھا مل کہتے ہیں) نے وسیع کروایا تھا۔ تالاب کے ساتھ گرودوارے کی عمارت بعد میں تعمیر ہوئی ہے

گرودوارہ کیارہ صاحب

اس طرح ننکانہ صاحب کا تیسرا گرودوارہ کیارہ صاحب بھی اُن کے بچپن کی زندگی سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ اس مشہور واقعے کی یاد میں ہے جب وہ مویشی چرانے جاتے تھے اور یادِ الٰہی میں محو ہو جاتے تھے۔ ایک کسان نے یہ شکایت کی کہ مویشی اس کے کھیت چر گئے ہیں مگر جب موقع پر جا کر دیکھا تو کھیت بالکل سرسبز و شاداب تھے۔ یہ مقام سکھوں کے نزدیک بہت ہی متبرک ہے اور ان تمام کھیتوں کو گرودوارے میں شامل کر لیا گیا ہے۔

گرودوارہ مال جی صاحب

ننکانہ صاحب کا چوتھا گرودوارہ مال جی صاحب بھی گرو نانک کی ابتدائی زندگی سے تعلق رکھتا ہے جن دنوں آپ مویشیوں کو چرانے لے جاتے تھے تو اکثر ایک درخت کے سائے میں آرام فرماتے۔ ایک بار رائے بلار کا ادھر سے گذر ہوا تو اس نے دیکھا کہ دوپہر ڈھل جانے کے باوجود اس درخت کا سایہ جس کے نیچے آپ آرام کر رہے تھے۔ بدستور اپنی جگہ رکا ہوا ہے۔ ایک دوسرے موقع پر رائے بلار نے دیکھا کہ آپ کے رُخِ انور کو دھوپ کی تمازت سے بچانے کے لئے ایک پھنیرا سانپ اپنا پھن پھیلائے ہوئے ہے۔ یہ گرودوارہ اُن ہی واقعات کی یاد میں تعمیر کیا گیا ہے۔

گرودوارہ مولوی دی پٹی

ننکانہ صاحب کا پانچواں گرودوارہ مولوی دی پٹی ہے۔ یہ اس واقعے کی یادگار ہے جب آپ بچپن میں مولوی صاحب سے فارسی کی تعلیم حاصل کرنے گئے تھے۔ اپنی تعلیم شروع کرنے کے دوسرے ہی دن آپ نے صرف تمام حروف تہجی نہیں سنا دئے بلکہ انہیں لکھ کر دکھا دیا۔ پھر مولوی صاحب کے سوالوں کے جواب میں ایسے عارفانہ اور دقیق مسائل بیان کئے کہ وہ حیرت زدہ رہ گئے۔

گرودوارہ سچا سودا چوہڑکانہ

اس مشہور واقعے کی یاد میں تعمیر کیا گیا ہے جب آپ نے تجارت کے لئے اپنے والد سے ملی ہوئی رقم سادھوؤں کو کھلانے میں خرچ کر دی تھی۔

لاہور سے بذریعہ ریل ننکانہ صاحب جائیں تو راستے میں چوہڑکانہ منڈی آتی ہے۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد میں اس واقعے کی یاد میں عالیشان گرودوارہ تعمیر کیا گیا تھا

گرودوارہ تمبو صاحب

ننکانہ صاحب کا یہ گرودوارہ اس واقعہ سے تعلق رکھتا ہے جو کھرا سودا کے بعد پیش آیا۔ جب سنگھ بالا کے ساتھ واپس آئے تو بالا نے انہیں اُن کے والد مہتہ کالو کے غصے سے بہت ڈرایا۔ گرو تلونڈی کے باہر ایک درخت کے نیچے بیٹھ گئے۔ بالا گھر گیا۔ اور مہتہ کو سب بات بتائی۔ مہتہ کالو غصے میں آ گئے اور اس جگہ انہوں نے سنگھ رو کو طمانچہ مارا۔ وہ درخت اب تک موجود ہے اور یہاں گرودوارہ بنایا گیا ہے جس کا نام تمبو صاحب ہے۔ تمبو صاحب غالباً ستھیم کی بگڑی ہوئی شکل ہے

گرودوارہ بابے دی بیر

سیالکوٹ شہر کے مشرق کی سمت تقریباً دو میل دور سیالکوٹ پسرور روڈ پر یہ گرودوارہ شری گرو نانک جی کی سیالکوٹ میں تشریف آوری کی ایک خوبصورت یادگار ہے۔ اس کے ساتھ مہاراجہ رنجیت سنگھ نے کافی جاگیر وقف کی تھی۔ اس جگہ گرو نانک جی بیری کے ایک درخت کے نیچے تشریف فرما ہوئے تھے اور


گرودوارہ پنجہ صاحب

اسی لئے اس کا نام بابے دی بیریا بیری صاحب مشہور ہے۔

پنجہ صاحب حسن ابدال

یہ تیرتھ راولپنڈی اور کیمل پور کے درمیان حسن ابدال اسٹیشن سے قریباً ڈیڑھ میل دور ہے۔ یہاں ست گورو نانک نے اپنے معجزہ سے اس چشمہ کو جو ایک پہاڑ کی چوٹی پر تھا بند کرکے پہاڑ کے نیچے میدان سے جاری کردیا۔ روئداد یوں بیان کی جاتی ہے کہ گرو جی کے ایک چیلے کو پیاس لگی اور پانی نظر نہ آیا تو ست گرو غریب نواز نے اُسے پہاڑ کی چوٹی پر جانے کا مشورہ دیا جہاں کہ ایک درویش بالی جنہیں ولی قندھاری اور بابا حسن ابدال بھی کہا جاتا ہے مقیم تھے۔ ولی نے اس سے کہا کہ اگر تیرا گرو سچا ہے تو وہ تمہیں پانی نیچے بھیج سکتا ہے۔ میں تمہیں پانی نہیں دوں گا۔ گرو جی نے حکم دیا کہ اے زمین تو پانی اگل دے کہتے ہیں کہ آناً فاناً پہاڑ کی چوٹی پر چشمہ خشک ہوگیا اور پہاڑ کے قدموں سے شفاف میٹھے پانی کا چشمہ جاری ہوگیا۔ ولی قندھاری کو یہ بات پسند نہ آئی اور انہوں نے ایک بہت بڑا پتھر جہاں ست گرو بیٹھے تھے لڑھکا دیا جب پتھر ان کے قریب پہنچا تو ست گرو نے اپنا ہاتھ آگے بڑھایا۔ پتھر فوراً رک گیا اور اس پر ان کے دست مبارک کا نشان "پنجہ" یعنی پورے ہاتھ کی چھاپ لگ گئی۔ جب مہاراجہ رنجیت سنگھ سریر آرائے حکومت ہوئے تو سردار ہری سنگھ نلوہ نے یہاں چشمہ والی جگہ کو ایک پکے تالاب اور دھرم سالہ کو ایک پختہ عمارت میں بدل دیا۔

چوہا صاحب روہتاس

ضلع جہلم مغربی پاکستان میں گرودوارہ چوہا (چشمہ) صاحب وہ تیرتھ استھان ہے جہاں کہ ست گرو نانک نے علاقہ کے لوگوں کی تکلیف اور پانی کی نایابی سے متاثر ہوکر چشمہ جاری ہونے کا حکم دیا تھا۔ یہاں بھی بیساکھی کے موقعہ پر تقسیم وطن سے پہلے سکھوں کا بھاری میلہ لگتا تھا۔

گرودوارہ ڈیرہ چاہل

علاقہ برکی پولیس اسٹیشن ضلع لاہور کا یہ گرودوارہ شری


گرودوارہ گرو ارجن دیو۔ لاہور

گرو جی کی بار ہا تشریف آوری کی یادگار کے طور پر تعمیر کیا گیا تھا۔ ڈیرہ چاہل گرو کا ننھیال تھا اور بیان کیا جاتا ہے کہ ست گرو کی بڑی بہن بی بی نانکی جی کا یہاں سورگباش بھی ہوا تھا۔

گرو دوارہ چھوٹا نانکیانہ

یہ دھرم سالہ موضع اٹہا تحصیل لاہور میں ست گورکی آمد کی یادگار کے طور پر قائم کی گئی تھی۔ اسے چھوٹا نانکیانہ بھی کہا جاتا ہے

گرو دوارہ چکی صاحب

جب لودھیوں کے خلاف بابر نے ہندوستان پر حملہ کیا تو سید پور تباہ و برباد ہوا۔ اسے اب ایمن آباد کہا جاتا ہے اور مغربی پاکستان کے ضلع گوجرانوالہ میں واقع ہے۔ دوسرے لوگوں کے ساتھ گرو نانک بھی گرفتار کر لئے گئے۔ سنت سمجھ کر گرو نانک مہاراج کو چکی ان دنوں سید پور میں موجود تھے کوئی بڑی سزا تو نہ دی گئی البتہ انہیں جیل خانہ میں ڈال دیا اور جو پیسنے کی سزا دی گئی لیکن کرتا خدا کا یوں ہوا کہ ان کی چکی خود بخود چلنے لگی اور وہ صرف اپنے ہاتھ سے اس میں جوڑا لئے اور خود ریاضت میں محو رہتے۔ جب اس کی خبر بابر کو ہوئی تو وہ خود جیل میں دیکھنے آیا اور ان کے روحانی جلال اور کمال کا معترف ہو گیا اور سری گرو جی کی ایما پر بابر نے سید پور کے تمام گرفتار شدہ لوگوں کو رہا کر دیا۔ یہ چکی سید پور کے عقیدت گذاروں نے اس واقعہ کی یاد میں اب تک سنبھال کر رکھی ہے اور اس جگہ کو گرو دوارہ چکی صاحب کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

گرو دوارہ روڑی صاحب

سید پور (ایمن آباد) میں اپنے قیام کے دوران میں ست گرو نے یہاں کے باشندوں کو بہتیرا کہا کہ وہ فسق و فجور کی زندگی سے توبہ کریں، اور اس شہر سے نکل جائیں کیونکہ اس شہر پر تباہی آنے والی ہے لیکن شہر کے لوگوں نے ان کی باتوں پر دھیان نہ دیا بلکہ انہیں پتھر مارے اور شہر سے نکال دیا۔ رات کو حضور نے جس جگہ قیام کیا وہ جگہ کنکر، روڑی اور پتھروں سے بھری ہوئی تھی۔ یہ جگہ بعد میں ستگور کے عقیدت مندوں کے نزدیک متبرک بن گئی۔ اور جب سکھ راج آیا تو یہاں ایک پلیٹ فارم کی جگہ جہاں کہ ستگور نے قیام فرمایا تھا گرو دوارہ قائم کیا گیا۔ ان پتھر اور روڑی کے کچھ ٹکڑوں کو جن پر ست گور کے مبارک قدم پڑے تھے سنبھال کر رکھا گیا ہے اور دیوالی اور بیساکھی کے مواقع پر عقیدت مندوں کو ان کے درشن کروائے جاتے ہیں۔

کھوئی بھائی لالو

ایمن آباد میں واقع اس مکان کو دھرم سالہ میں بدل دیا گیا ہے جہاں بھائی لالو ترکھان رہا کرتا تھا۔ ست گرو امیروں کے گھروں میں رہنے سے انکار کر کے اس نیک مرد کے گھر مہمان رہے تھے۔ ست گرو نانک جی نے ایک مشہور رشید بھائی لالو کو مخاطب کرتے ہوئے یہاں ہی اچارن فرمایا تھا جس میں اس زمانے کے مظالم اور گھناؤنے رسم و رواج کی مذمت کی گئی ہے۔

دھرم سالہ ست گرو نانک لاہور

ایمن آباد سے ست گرو نانک ۱۵۲۶ء میں لاہور تشریف لائے۔ آپ بابر کی لاہور میں آمد سے پہلے ہی لاہور پہنچ گئے تھے یہاں آپ نے جس مکان میں قیام فرمایا وہ آج کل محلہ کے زنیاں چوہٹہ مفتی باقر (اندرون موچی دروازہ) میں واقع ہے وہاں اب بھی ان کی آمد کی یاد میں گرو دوارہ قائم ہے۔

گرو دوارہ کنگن پور

تحصیل چونیاں ضلع لاہور کے موضع کنگن پور کا گرو دوارہ ایک افسوسناک واقع کی یاد میں تعمیر کیا گیا تھا جس کا تعلق ست گرو نانک کی زندگی سے ہے جب پہلی بار ست گور غریب نواز یہاں تشریف لائے تو گاؤں کے لوگوں نے انہیں یہاں ٹھہرنے کی اجازت نہ دی اور ان سے بدسلوکی کی۔ ان کے سلوک سے ست گور مطلقاً ناراض نہ ہوئے بلکہ اُلٹا انہیں دردان دیا کہ "وسدے رہو" بس بستے رہو بعد میں کسی نے سوال کیا کہ انہوں نے آپ کو تکلیف دی ہے اور آپ نے انہیں بردان دے دیا ہے، تو گرو جی نے جواب دیا کہ اگر ان لوگوں کو اکھاڑا گیا تو یہ جہاں جائیں گے وہاں لوگوں کو تنگ اور گمراہ کریں گے اس لئے ان کا اس گاؤں میں بسنا ہی بہتر ہے۔

جس درخت کے نیچے آپ چند لمحے رکے تھے وہاں اب مال صاحب کے نام کا گرودوارہ قائم ہے۔

گرو دوارہ دیپال پور

ضلع منٹگمری میں دیپال پور کے مقام پر گرو جی نے اس وقت قیام فرمایا جبکہ حضور ملتان تشریف لے جا رہے تھے۔ جس سوکھے ہوئے پیپل کے درخت کے نیچے حضور نے قیام فرمایا وہ انہیں چھاؤں دینے کے لئے آناً فاناً سرسبز ہوگیا۔ اس کے پتے نکل آئے اور شگوفے پھوٹنے لگے۔ یہ درخت اب بھی سرسبز ہے۔ یہاں ایک کوڑھی نوری نے حضور کی دعا سے شفا پائی۔ اس کی قبر گرودوارے کے قریب ہی واقع ہے۔ سکھ عہد میں یہاں گرودوارہ تعمیر کیا گیا اور ہر سال یہاں میلہ لگتا تھا۔

گرودوارہ نانک سر پٹرہ

پٹرہ کے قدیم شہر کو بھی ست گرو نے اپنے مبارک قدموں سے نوازا۔ اس وقت یہاں کا حکمراں بہت بے رحم اور ظالم تھا اور ناانصافی کا دور دورہ تھا۔ ست گرو نے اسے اپدیش کیا اور اس نے ظالمانہ حرکات چھوڑ دیں۔ جس درخت کے نیچے ست گرو بیٹھے تھے اور حاضرین میں جل تقسیم فرمایا تھا وہاں اب ایک خوبصورت گرودوارہ اور تالاب قائم ہے۔

گرو دوارہ دیوان چاؤلی مشائخ

یہ مشہور گرودوارہ چک ۱۷۱ تحصیل پہاڑی ضلع ملتان میں ہے۔ جب ست گرو نانک ملتان تشریف لائے تو اس جگہ بھی گئے جہاں چاؤلی مشائخ کے دیوان صاحب رہتے تھے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یہاں حضرت بابا فرید گنج شکر بھی حضور کے ساتھ مقیم تھے اور دونوں نے یہاں عبادت و ریاضت کی تھی۔ بعد ازاں یہاں ایک بہت بڑا گرودوارہ تعمیر کیا گیا۔

گرودوارہ نانک جھیرہ بیدر

ریاست میسور میں گرو نانک مہاراج کی آمد کی یادگار میں یہ عالیشان گرودوارہ قائم ہے۔ یہاں بھی پانی کی کمی کی، لوگوں نے ست گرو



گرودوارہ نانک جھیرہ بیدر

ت شکایت کی کہ سو سو فٹ گہرے کنویں کھودنے پر پانی نکلتا ہے۔ ست گرو نے ایک پتھر پر اپنا مبارک پاؤں رکھ کر دبایا تو نہ صرف اس کے نیچے سے پانی کا چشمہ جاری ہو گیا بلکہ پتھر پر قدم مبارک کا نشان بھی پڑ گیا ہزاروں لوگ ہر سال یہاں درشن اور منت ماننے کے لئے آتے ہیں۔

بیر صاحب سلطان پور لودہی

سابق ریاست کپورتھلہ اور حال پنجاب میں سلطان پور لودہی میں "وے ایں" ندی کے کنارے گرودوارہ بیر صاحب کی شاندار عمارت ہے۔ سلطان پور میں گرو نانک جی اپنے بہنوئی جیرام کے پاس رہتے تھے اور انہیں مووی خانہ کا انچارج مقرر کیا گیا تھا آپ "وے ایں" ندی کے کنارے بیٹھ کر ریاضت فرماتے۔ اور یہاں سے ہی آپ ایک دن اشنان کرتے ہوئے ندی میں غائب ہو گئے۔ اور تین دن بعد جب آپ دریا سے باہر آئے تو آپ نے فرمایا تھا۔

"نہ کوئی ہندو ہے نہ مسلمان۔"

دربار صاحب کرتار پور

موضع جسر تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ میں دریائے راوی کے مغربی کنارے پر جو شاندار گرودوارہ بنا ہوا ہے وہ گرو نانک جی کی یادگاروں میں سب سے آخری ہے۔ ست گور دنیا بھر میں درس روحانیت دینے کے بعد اس جگہ مقیم ہو گئے اور کرتار پور کے نام کا قصبہ آباد کیا۔ یہاں ہی ست گرو نے عملی زندگی کا پھر سے آغاز فرمایا۔ خود زمین کی کاشت کرتے اور تمام اناج کو لنگر میں بھیج دیتے۔ صبح و شام ہری کیرتن ہوتا اور بالآخر اسوج ودی ۱۰ سمت ۱۵۹۶ کو اسی جگہ سے ہی نور میں نور سما گیا۔ یہ گرودوارہ سکھوں میں بہت متبرک خیال کیا جاتا ہے۔ ہندو مسلمانوں نے یہاں ہی ان کی چادر کو آدھا آدھا بانٹ کر عزت و احترام کے ساتھ اپنے اپنے مذہبی رسوم کے مطابق جلایا اور دفنایا تھا۔

شری دربار صاحب امرتسر

نانک [illegible] گرو رام داس جی نے اپنے جانشین گرو رام داس جی کو حکم دیا کہ وہ گمٹالہ، سلطان ونڈ اور آس پاس کے علاقہ کو ملا کر ایک نیا گاؤں بسائیں جس میں ایک سرودر (تالاب مقدس) بھی ہو بعد میں یہ سرور ہی امرتسر یا تالاب آب حیات کہلایا۔ جہاں نہانے اور جس کا پانی پینے سے بیماروں کی بیماریاں دور ہو جاتی ہیں۔ پہلے اس نئے گاؤں کا نام "گرو کا چک" رکھا گیا۔ یہ سمت ۱۶۳۱ کا واقعہ ہے۔ گرو ارجن مہاراج کے عہد میں اس گاؤں کا نام رام داس پور اور تالاب کا نام امرت سر مشہور ہوا۔ بعد میں رام داس پور بھی امرت سر میں جذب ہو گیا۔ گرو ارجن دیو جی نے موجود سرودر اور ہری مندر یعنی خانہ خدا کا نقشہ خود بنایا تھا اور



شری دربار صاحب امرت سر

اس کا سنگ بنیاد آپ نے ایک برگزیدہ مسلمان فقیر سائیں میاں میر جی کے دست مبارک سے رکھوایا اور ثابت کر دیا کہ سکھ دھرم کی بنیاد میں کسی ذات یا مذہب یا قوم کے خلاف کوئی جذبۂ نفرت، بیگانگی اور علیحدگی رکھنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ دربار صاحب کے چار دروازے ہیں جو چاروں ورنوں اور سب قوموں پر کھلے ہونے کی وضاحت کرتے ہیں۔ بنیادی پتھر بلم ماگھ سمت ۱۶۴۵ مطابق ۱۴ جنوری

۱۵۸۸ء کو رکھا گیا تھا۔

یہ سکھوں کا شری ننکانہ صاحب کا ہم پلہ اور مرکزی گرودوارہ ہے

شری اکال تخت امرتسر

شری گرو گوبند سنگھ جی سے پہلے اُن کے پیشرو نانک ششم شری گرو گوبند جی نے سرکاری مداخلت سے سکھوں اور اُن کے دھرم کو بچانے کے لئے دو تلواریں زیب تن فرمائیں یہ پہلی بار تھا کہ سکھ ست گرو نے تلوار دھارن کی ہو۔ دو تلواریں تھیں تو مقاصد بھی دو ہی تھے۔ ایک تلوار دھرم کی حفاظت کے لئے اور دوسری عزت، حرمت اور آزادی بحال رکھنے کے لئے تھی۔ آپ نے روحانیت کے مرکزی مقام کے بالکل قریب یعنی دربار صاحب امرتسر کے صحن مقدس میں اکال بنگہ قائم کیا جو بعد میں تخت اکال صاحب کے نام سے مشہور ہوا۔ جس کا مطلب ہے خداوند تعالیٰ کا تخت۔ یہ تخت سکھوں کی سیاسی آزادی کی نشانی ہے سکھوں کے تمام اہم مذہبی اور قومی مسائل کا حل بھی تخت اکال صاحب سے ہوتا ہے۔ سکھوں کے چار تخت صاحبان میں تخت اکال صاحب سب سے اہم ہے۔

تخت شری پٹنہ صاحب

دوسرا تخت خالصہ جی شری پٹنہ صاحب بہار میں ہے۔ یہاں پر ہ شدی ۷ سمت ۱۷۲۳ کو شری گرو گوبند سنگھ جی منصہ شہود پر تشریف لائے۔ اور حضور نے بچپن کے چند سال یہاں گزارے۔ اس تخت کی عمارت پہلے شیر پنجاب مہاراجہ رنجیت سنگھ نے تعمیر کرائی تھی۔ بعد میں وہ عمارت بہار کے مشہور زلزلے میں گر گئی۔ بعد میں وہاں ایک شاندار عمارت تعمیر کرائی گئی۔

تخت شری کیش گڑھ صاحب

ضلع ہوشیار پور (پنجاب) میں آنند پور نامی قصبہ سری گرو تیغ بہادر جی نے پہاڑی راجاؤں سے زمین مول لے کر بسایا تھا۔ یہاں ہی وہ اتہاسک سکھ تیرتھ استھان ہے جہاں یکم بیساکھ سمت ۱۷۵۶ (۱۶۹۹ء) کو شری گرو گوبند سنگھ جی نے خالصہ پنتھ کی بنیاد ڈالی تھی۔ چنڈی گڑھ سے بھاکڑہ کو جائیں تو راستے میں آنند پور کا شہر آتا ہے۔ پانچ پیاروں نے یہاں ہی گرو مہاراج سے پوہل (امرت) لیا تھا اور پھر انہوں نے گرو جی کو بھی پوہل (امرت) دیا تھا اور خالصہ پنت کے بانی نے قوم کو جمہوریت اور مساوات کی عملی تعلیم دی۔ سکھ دھرم میں اس تیرتھ کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ گرو گوبند سنگھ جی کا کھنڈا اور حضرت علی کی تلوار جو بہادر شاہ اول نے ست گورو کو بھینٹ کی تھی اب بھی دوسرے ہتھیاروں کے ساتھ موجود ہے۔

تخت شری حضور صاحب

شہر ناندیڑ (مہاراشٹر) کا یہ تخت بھی سکھوں میں بہت متبرک اور قابل احترام تصور ہوتا ہے۔ اس مقام پر کاتک شدی سمت ۱۷۶۵ کو شری گرو گوبند سنگھ جی جوتی جوت سما گئے۔ خالصہ پنتھ کی تنظیم کا کام یہاں مکمل ہوا۔ یہاں ہی ہیرا گھاٹ کا وہ گرودوارہ گوداوری کے کنارے بنا ہوا ہے، جہاں بہادر شاہ اول ست گور کے حضور پنجاب میں بابا بندہ کی



حرمندر صاحب پٹنہ

فتحیابی کی خبریں سنکر آیا تھا۔ بادشاہ نے سنگور کو ایک بہت قیمتی ہیرا نذر کیا تو سنگور نے شانِ بے نیازی سے ہیرا گوداوری میں پھینک دیا بادشاہ مایوس ہوا تو سنگور نے اُسے کہا کہ گوداوری میں جھانک کر دیکھو۔ بادشاہ نے دیکھا کہ دریا کی تہ میں ہزاروں ایسے ہیرے پڑے ہوئے ہیں۔ سنگور نے فرمایا اے بادشاہ فقیر دُنیاوی دولت سے غرض نہیں رکھا کرتے۔ شکار گھاٹ، سنگت صاحب، گوبند باغ، نگینہ گھاٹ بندہ ستھان۔ گرُودوارہ ماتا صاحب دیوان جی اور گرُودوارہ مال ٹیکری ایسے دُوسرے گرُودوارے سے ناندیڑ (دکن) کی زمین جگمگا رہی ہے۔



گرُودوارہ آنند پور صاحب (کرتارپور)

دہلی کے گرُودوارے

دہلی میں کئی گرُودوارے ہیں جنہیں مشہور گرُودواروں کے نام حسب ذیل ہیں سیس گنج، رکاب گنج، بنگلہ صاحب، بالاصاحب، موتی باغ، ماتا سندری، مجنوں کا ٹلہ، اور نانک پیاؤ۔ گرُودوارہ سیس گنج مغلیہ دَور میں کوتوالی تھی۔ یہاں ہی نہری گرُو تیغ بہادر کو شہید کیا گیا۔ گرُو گوبند سنگھ جی نے بہادر شاہ کے عہد میں جو کہ اُن کا عقیدت مند تھا، اس جگہ چبوترہ بنوا کر خود جب جی صاحب کا پاٹھ کیا۔ سیس گنج کی پہلی عمارت جنید کے راجہ سروپ سنگھ نے ۱۸۵۵ء میں پختہ بنوائی تھی

رکاب گنج

یہاں گرُو تیغ بہادر کے جسم مبارک کو ان کا ایک سکھ لے آیا اور اپنی جھونپڑی کو آگ لگا کر اس کا سنسکار کیا تھا۔ اور سنگور تیغ بہادر کا سر مبارک آنند پور صاحب پہنچ گیا۔ جہاں اس کا سنسکار گرُو گوبند سنگھ جی نے کروایا۔

بنگلہ صاحب : اس مقامِ مقدس پر جو کہ رکاب گنج سے ایک کلو میٹر کے فاصلے پر نئی دہلی میں ہے۔ آٹھویں گرُو، گرُو ہرکشن مہاراج نے قیام فرمایا تھا۔ یہاں ہی ۳ بیساکھ سمت ۱۷۲۱ مطابق ۳۰ مارچ ۱۶۶۴ء کو آپ تقریباً ۸ برس کی عمر میں اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ اس تیرتھ استھان کی سکھوں میں ہی نہیں سب فرقوں میں بڑی مہانتا ہے۔ اس کے پانی میں شفا کی تاثیر ہے

بالاصاحب : یہاں گرُو ہرکشن جی کا داہ کرم سنسکار کیا گیا۔

موتی باغ : نئی دہلی کا وہ گرودوارہ جہاں گرو گوبند سنگھ جی نے قیام فرمایا۔ روایت ہے۔ یہاں سے حضور نے اپنے تیر کے ساتھ ایک پیغامِ انتباہ لکھ کر لال قلعہ کی طرف پھینکا اور وہ عین معلات شاہی کے قریب آگرا تھا

ماتا سندری : شری گرُو گوبند سنگھ جی کی رفیقہ حیات سندری جی کا استھان ہے۔ ماتا سندری نے گرُو جی کی دکن کو روانگی کے بعد دہلی میں اقامت اختیار کر لی تھی۔ یہیں اُن کا سورگباش ہوا اور یہ گرُودوارہ جو کہ اروِن اسپتال کی پشت پر ہے۔ بہت اہمیت رکھتا ہے۔

مجنوں واٹلہ مجنوں نام کا ایک فقیر سائیں یہاں رہتا تھا۔ شری گرو نانک جی سے یہاں ہی اُن کی ملاقات ہوئی۔ ستگور نے سائیں مجنوں کو آشیرواد دیا اور وہ ان کا سکھ بن گیا۔ دہلی میں گرو نانک جی کی تشریف آوری کی یہ یادگار ہے۔

نانک پیاؤ : یہاں ایک بزرگ، لوگوں کو پانی پلانے کے لئے پیاؤ (چھیل) لگاتے تھے۔ گرو جی کی اُس نے بہت خاطر و مدارات کی۔ کہتے ہیں ستگور نے کچھ دیر خود بھی یہاں بیٹھ کر پیاسوں کی پیاس بجھائی تھی۔ یہ گرو دوارہ آزاد پور کے قریب ہے۔

گرو دوارہ ڈیرہ صاحب لاہور

اس زمانہ میں اس جگہ دریائے راوی بہتا تھا۔

قلعہ لاہور کی فصیل کے بالکل نیچے آجکل گرو دوارہ ڈیرہ صاحب موجود ہے۔ جب گرو ارجن سنگھ (پانچویں گرو) کو جہانگیر کے حکم سے ایذا دے کر شہید کرنے کے منصوبے پر عمل شروع کیا گیا تو آپ نے خواہش ظاہر کی کہ میں دریائے راوی میں غسل کرنا چاہتا ہوں۔ آپ کی اس خواہش کی تکمیل کے لئے دریائے راوی کے کنارے لایا گیا۔ یہاں آپ نے واہگورو اکال پورکھ کی حمد و ثنا میں شبد اُچارن فرمائے۔ راوی میں اشنان کے لئے ایسے داخل ہوئے کہ پھر لوٹ کر واپس نہ آئے۔ اس مقام پر گرو گوبند سنگھ نے ایک تیرتھ استھان قائم کیا اور بھائی لہنگا کو اس کا نگراں مقرر فرمایا۔ بعد میں مہاراجہ رنجیت سنگھ نے اس جگہ ایک خوبصورت عمارت اور چونے کا گنبد تعمیر کروایا اس گرو دوارے کے تمام فرش اور اندرونی دروازے اور دیواروں کے حصے سنگِ مرمر کے ہیں۔

گرو دوارہ باؤلی صاحب لاہور

مشہور ڈبی بازار لاہور کے مرکز میں سنہری مسجد کی پشت پر گرو دوارہ باؤلی صاحب ہے۔ تاریخی لحاظ سے یہ سکھ تیرتھ استھان بہت اہم اور متبرک ہے۔ یہاں گرو ارجن دیو گرو گدی پر بیٹھنے سے پہلے کافی عرصہ دھرم پرچار کی غرض سے مقیم رہے اور یہاں سے ہی اُنہوں نے ــــ "میرا من لوچے گور درشن تائیں" کا شبد اچارن فرمایا تھا اور اپنے نامور پتا اور گرو شری گرو رام داس جی کو بھیجا تھا۔ یہاں ایک باولی تھی جو امتداد زمانے سے بے نشان ہو گئی تھی۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ ایک بار بیمار ہوئے تو اُنہیں خواب آیا کہ جب تک تم اسی باؤلی کو نکلوا کر اسمیں اشنان نہیں کرو گے تو شفایاب نہ ہو گے مہاراجہ کو ایک بوڑھے مسلمان نے اس جگہ کا پتہ دیا جہاں کہ بہت سے مکانات بن چکے تھے۔ مہاراجہ نے سب لوگوں کو معقول معاوضہ دے کر یہ تمام جگہ حاصل کر لی۔ باؤلی وہاں سے برآمد ہو گئی۔ پرانی سیڑھیوں کے آثار بھی مل گئے۔ تو مہاراجہ نے اس میں اشنان کیا اور صحت یاب ہو گیا۔ بعد ازاں یہاں گرو دوارہ تعمیر کروایا گیا۔

گرو ہرگوبند جی کے گرو دوارے

گرو ہرگوبند جی سکھوں کے چھٹے (چھبیسویں) گرو تھے۔ ان کی یادگار میں مندرجہ ذیل مقامات پر اہم گرو دوارے قائم ہیں۔

سرینگر : گرو دوارہ چھبیسویں پادشاہی۔ اسی طرح بارہ مولا اور سنگھ پورہ (کشمیر) میں اُن کی یاد میں گرو دوارے قائم ہیں۔

وزیر آباد۔ گرو کا کوٹھا : جہاں کشمیر سے واپسی پر بھائی وزیر چند کے مہمان رہے۔

گجرات : کشمیر سے واپسی پر یہاں مسلمان فقیر شاہ دولا سے ملاقات کی یادگار۔

امرسدھو : مزنگ (لاہور) سے امرتسر جاتے ہوئے گرو جی یہاں بھی آئے۔

مزنگ : لاہور یہاں گرو ہرگوبند جی کافی دن مقیم رہے۔ مزنگ کو اب ٹمپل روڈ بھبونڈ پورہ کہا جاتا ہے۔ سکھوں کے نزدیک یہ مقام متبرک خیال کیا جاتا ہے۔

گورو مانگٹ، ڈھلواں، بڈھانہ، بڈپارہ، رام پور کلاں ضلع لاہور کے گرو دوارے ضلع راولپنڈی میں نڑالی تحصیل گوجر خاں میں ہربنس نامی ست گرو کا ایک سیوک رہتا تھا۔ گرو خود اس سے ملنے کے لئے یہاں تشریف لائے۔ اسی طرح ننکانہ صاحب میں بھی آپ کی یاد میں ایک

گرُو دوارہ قائم ہے۔

گرُو دوارہ بھائی بنوں مانگٹ

ضلع گجرات میں گرُو ارجن دیو جی کے مشہور سیوک بھائی بنوں کی یاد میں بنا ہوا گرو دوارہ بنوں سے پہلے گرُو جی کے حکم سے شری گرو گرنتھ صاحب تحریر کیا تھا۔ جو اب ہندوستان لے آیا گیا ہے۔

گوئند وال صاحب

ضلع امرتسر میں ترن تارن شہر سے ۱۵ میل مشرقی کی طرف دریائے بیاس کے کنارے گوئند وال کا تاریخی قصبہ ہے، جسے تیسرے گرُو شری گرُو امرداس جی نے بسایا تھا۔ یہاں کے گرُو دوارہ کے ساتھ ایک باولی ہے اور گرُو امرداس جی یہاں ۱۲ سوج سمت ۱۶۳۱ مطابق یکم ستمبر ۱۵۸۱ء کو اپنے مالک حقیقی سے جا ملے تھے۔

ڈیرہ صاحب کیرت پور

چھٹے گرُو، گرُو ہرگوبند جی کے صاحبزادے بابا گورداتہ جی (۱۶۱۳ء-۱۶۴۸ء) جی کا یہاں انتقال ہوا تھا اور اُن کے سمادھ پر ڈیرہ صاحب کا گرُدوارہ ہے۔ کیرت پور میں ساتویں گرُو شری رائے جی نے ۲۶ فروری ۱۶۳۰ء کو جنم لیا تھا اور یہیں آپ ۴ اکتوبر ۱۶۶۱ء کو شری گرُو ہرکشن جی کو گرُو گدی سونپ کر اپنے خالق سے جا ملے تھے۔ کیرت پور دریائے ستلج کے کنارے پہاڑی علاقہ سے گھرا ہوا ہے اور عام طور پر سکھوں کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ موت کے بعد اُن کی راکھ کو کیرت پور میں جل پرواہ کیا جائے۔

دربار صاحب ترن تارن

امرتسر سے تقریباً ۱۴ میل کے فاصلے پر واقع اس شہر کو سمت ۱۶۵۳ (۱۵۹۶ء) کو گرُو ارجن مہاراج نے آباد کیا تھا اور اس سے پہلے ۱۷ بیساکھ سمت ۱۶۴۷ کو آپ نے تالاب کی کھدائی شروع کی تھی۔

دربار صاحب امرتسر کی طرح دربار صاحب ترن تارن کا نقشہ بھی ست گرُو نے خود بنایا تھا۔

سرہند میں گرُدوارہ **فتح گڑھ صاحب** ہے، جہاں گرُو گوبند سنگھ صاحب کے دو کم سن بچوں جوجھار سنگھ جی اور فتح سنگھ



گرُدوارہ تودنے تارن

جی کو دیوار میں چن دیا گیا تھا۔ ہر سال ۲۷ دسمبر کو اُن کی یاد میں ایک بہت بڑا میلہ لگتا ہے

شری دربار صاحب مکتسر

مکتسر فیروز پور کی تحصیل ہے اور یہ شہر تالاب اور گرُدوارہ ان چالیس مکتوں (موکش پراپت) کی یاد میں تعمیر ہوئے جنہوں نے آنند پور کے محاصرہ کے وقت گرو گوبند سنگھ جی سے تحریری طور پر لاتعلقی کا اظہار کیا تھا۔ بعد میں جب اُنہیں احساس ہوا تو وہ مائی بھاگو کی سرکردگی میں معافی حاصل کرنے یہاں آئے۔ ستگور کا کیمپ ایک میل آگے تھا۔ یہ شرم کے مارے سامنے جانے سے گھبرا رہے تھے کہ اتنے میں گرو جی کا پیچھا کرتا ہوا مغل لشکر سامنے آگیا۔ انہوں نے اس بہادری سے جنگ کی کہ گرُو جی کی فوج کا سامنا ہونے سے پہلے ہی مغلوں کے قدم اکھڑ گئے۔ بعد میں لڑائی کا شور سنکر گرُو جی خود وہاں آئے اور اُنہوں نے زخمی بھائی مہان سنگھ کی درخواست پر اُن کی موت سے پہلے وہ تحریر پھاڑ دی جو اُنہوں نے اپنے آپ کو بے تعلق

(بقیہ ۲۱ پر)

میکش اکبرآبادی

منصور

حضرت منصورؒ کی شخصیت فارسی شاعری کی طرح اُردو شاعری میں بھی موضوعِ سخن رہی ہے ان کی شہرت ان کے اناالحق کے نعرے کی وجہ سے ہے۔ اُردو شاعروں نے کبھی اُن پر طنز بھی کیا ہے۔ مرزا غالب کا مشہور شعر ہے۔

قطرہ اپنا بھی حقیقت میں ہے دریا لیکن
ہم کو تقلید تنک ظرفیِ منصور نہیں

کسی اور شاعر نے کہا ہے۔

حضرتِ منصورؒ "انا" بھی کہہ رہے ہیں حق کے ساتھ
دار تک تکلیف فرمائیں جو اتنا ہوش ہے

علامہ اقبال نے اپنے کسی مکتوب میں کہا ہے کہ میرے خیال میں کتاب الطواسین (منصورؒ کی ایک تصنیف) میں سوائے الحاد و زندقہ کے کچھ نہیں ہے۔

خود صوفیوں میں منصورؒ کی شخصیت اور عقائد کے بارے میں اختلاف ہے۔ اُن کے زمانے کے اکثر صوفی اُن کے موئد نہ تھے لیکن بعد کے تقریباً تمام صوفی ان کو حق پر اور خدا رسیدہ سمجھتے ہیں۔ ان کے متعلق کئی رائیں پائی جاتی ہیں۔

ایک گروہ اُن کو ملحد اور بے دین سمجھتا ہے۔ اس گروہ میں علمائے ظاہر کے علاوہ صوفی بھی شریک ہیں۔

کچھ لوگ ان کے بارے میں متوقف ہیں اور خاموشی کو بہتر سمجھتے ہیں نہ انہیں اچھا کہتے ہیں نہ بُرا۔ دوسرے بہت سے لوگ ان کو برگزیدہ عالم، عارف اور ولی سمجھتے ہیں۔ ان لوگوں میں بعض وہ ہیں جن کا خیال ہے کہ منصور ایک مقام پر پہونچ کر رہ گئے اور اس سے بلند مقام تک نہ پہونچ سکے اور بعض کہتے ہیں کہ منصور ولایت کے انتہائی مقام پر فائز ہو چکے تھے۔ یہ آخری رائے شیخ فریدالدین عطارؒ کی ہے۔ مولانائے روم بھی تقریباً اُن کے ہم نوا ہیں۔

عطارؒ نے کہا ہے۔

لیکن اندر قمار خانۂ عشق
بہ ز منصور کس نہ باخت قمار

عطارؒ کی شان میں مولانا روم کا یہ شعر مشہور ہے۔

ہفت شہر عشق را عطار گشت
ما ہنوز اندر خم یک کوچہ ایم

منصور کا ذکر نفحات الانس، تذکرۃ الاولیا اور سفینۃ الاولیاء نیز دوسرے تذکروں میں بھی ہے۔ ایک مشہور روایت ہے کہ جب اُن کے قتل کا محضر جنید بغدادیؒ کے سامنے پیش ہوا تو آپ نے فقر و فنا کا لباس اتار کر علمائے ظاہر کا لباس پہنا اور اس محضر پر دستخط کر دیئے۔ یہ واقعہ شیخ فریدالدین عطار نے اپنی مشہور تصنیف تذکرۃ

الاولیا میں بھی نقل کیا ہے لیکن داراشکوہ نے سفینۃ الاولیا میں اس واقعہ کو غلط لکھا ہے اور کہا ہے کہ یہ افسانہ محض ہے کیونکہ جنید بغدادیؒ کی وفات اس واقعہ سے گیارہ بارہ سال پہلے ہو چکی تھی جیسا کہ ان دونوں کی وفات کی تاریخ سے ظاہر ہے۔[1]

منصور کے ذکر سے پہلے صوفیوں کے ان چند نظریوں کا ذکر کر دینا مناسب ہوگا جن سے منصورؒ کے مسلک کو سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

وحدۃ الوجود یا ہمہ اوست

اس کا خلاصہ یہ ہے کہ خدا کے سوا کوئی موجود نہیں ہے۔ اس پر اسلامی اور غیر اسلامی تمام صوفیوں کا اتفاق ہے۔ بعض یونانی فلسفیوں خصوصاً فلاطونیوں کا بھی یہی عقیدہ ہے اور اپنشدوں میں بھی یہ اصول جگہ جگہ بیان کیا گیا ہے۔ جس طرح اپنشدوں کے اس نظریئے کی شرح سری شنکر آچاریہ نے کر کے شہرت دوام حاصل کی ہے اسی طرح قرآن سے اس نظریئے کا استنباط شیخ محی الدین ابن عربی کی طرف منسوب ہے لیکن ابن عربی سے پہلے کے تمام صوفی بھی اس پر متفق تھے خود منصور کا زمانہ ابن عربی سے بہت پہلے ہے۔

لیکن جب یہ سوال کیا جاتا ہے کہ یہ نظر آنے والا عالم کیا ہے تو وحدۃ الوجود کے ماننے والے اس کے مختلف جواب دیتے ہیں۔ ویدانت (اپنشد) کے شارح سری شنکر اس عالم کو فریب نظر اور مایا سمجھتے ہیں۔[2] اسلامی صوفیوں کا ایک گروہ جو ایرانی نظریوں سے متاثر ہے اس عالم کو حقیقت اعلیٰ کا ظل اور سایہ قرار دیتا ہے۔ لیکن اسلامی صوفیوں کا بڑا گروہ اس عالم کو عین حقیقت سمجھتا ہے اور جو فرق و اختلاف کہ نظر آتا ہے اسے موج اور حباب کا سا فرق سمجھتا ہے۔

تعلق روح سے مجھ کو جسد کا ناگوار اہے
نہایت غم ہے اس قطرے کو دریا کی جدائی کا — آتش

ان کے خیال میں یہ تمام دنیا حقیقت لاتعین کے تعینات ہیں۔ جس طرح دریا کے مظاہر اور تعینات جو موج و حباب کی صورت میں نمودار ہوتے ہیں، دراصل دریا ہی ہیں۔ یہ فرق اور غیریت جو ہمیں نظر آتی ہے حقیقت نہیں ہے بلکہ ہمارے ذہن کی غلطی ہے۔ ابن عربیؒ نے کہا ہے۔ الحق محسوس والخلق معقول" یعنی جو کچھ ہمیں محسوس ہوتا ہے وہ حق ہی ہے لیکن ہم اسے مخلوق سمجھ لیتے ہیں۔ مخلوق کا وجود صرف ہمارے ذہن میں ہے خارج اور واقع میں مخلوق کا وجود نہیں ہے صرف حق ہی موجود ہے۔ اسی قول کی ترجمانی علامہ اقبال نے کی ہے۔

بہ بزم ما تجلی ہاست ہنگر
جہاں ناپیدو او پیداست ہنگر

اور اسی قول کا ترجمہ اصغر گونڈوی نے اس طرح کیا ہے۔

آنکھ ہو جب محو حیرت تو نمایاں ہے وہی
فکر ہو جب کارفرما تو وہی مستور ہے

فانی کی صناعی نے اسی بات کو کتنا حسین بنا کر پیش کیا ہے

یہ جستجو ہے کہ ہے عالم مجاز کہاں
تلاش چشم حقیقت نگر نہیں ہے مجھے

وحدۃ الوجود کا یہ نظریہ مثبت ہے منفی نہیں۔ اس میں ترک دنیا اور رہبانیت کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ دنیا کے کسی ترقی پسند نظریئے کا مخالف نہیں ہے کیونکہ یہ نظریہ پستی کو غیر محض مانتا ہے اور کسی شے کو باطل نہیں سمجھتا

جاننا باطل کسی کو یہ قصور فہم ہے
حق اگر سمجھے تو سب کچھ حق ہے یاں باطل ہے کیا — میر

وحدۃ الشہود۔ ہمہ از اوست

وحدۃ الشہود کا مطلب یہ ہے کہ یہ عالم خدا کے علاوہ اور خدا کا غیر ہے۔ صوفیوں نے جو انا الحق یا وحدۃ الوجود کا نعرہ لگایا ہے وہ اُن کی کشفی غلط فہمی اور حال کا تقاضا تھا حقیقت وہ نہیں ہے جو اُن کو

---

[1] حضرت جنید بغدادی کا سال وفات سنہ ۲۹۷ھ/۹۰۹ء ہے

[2] غالب اکثر اسی نظریئے کی تائید کرتے ہیں : (نفحات الانس)

ہاں کھائیو مت فریب ہستی
ہر چند کہیں کہ ہے نہیں ہے

فانی نے اسی خیال کی ترجمانی کی ہے۔

تجلیات وہم ہیں مشاہدات آب و گل

نظر آئی۔ دن کو طلوع آفتاب کی وجہ سے جو ستارے پوشیدہ ہو جاتے ہیں وہ معدوم نہیں ہوتے اسی طرح صوفیوں کو ایک حالت میں سب خدا ہی نظر آنے لگتا ہے اور یہ عالم اُن کی نظروں سے پوشیدہ ہو جاتا ہے مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا لیکن یہ لوگ جب عالم کی حقیقت کی تشریح کرتے ہیں تو نظریہ ویدانت کی مانند اس عالم کو معدوم ماننے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

حلول: حلول فلسفے میں دو چیزوں کے ایسے خاص تعلق کو کہتے ہیں کہ ایک چیز کی صفت بالکل دوسرے کی صفت اور ایک کی طرف اشارہ بعینہ دوسرے کی طرف اشارہ قرار دیا جائے۔ **اتحاد**: دو چیزوں کے ایک ہو جانے کو کہتے ہیں خواہ کسی حیثیت سے ہوں۔

شیخ فریدالدین عطار نے شیخ منصور کا تذکرہ قدرے تفصیل سے کیا ہے۔ کشف و کرامات کے واقعات سے قطع نظر کرتے ہوئے چند اہم واقعات کا ذکر کیا جاتا ہے جس سے اُن کے واقعۂ قتل پر روشنی پڑتی ہے۔

منصورؒ کی تصانیف بہت ہیں لیکن عبارت نہایت مشکل اور الفاظ مغلق ہیں۔ آپ بیانِ حقائق و اسرارِ معانی میں بہت کامل تھے اور نہایت فصیح و بلیغ تھے۔ بعض اصحاب ظاہر نے آپ کو کفر سے منسوب کیا ہے اور بعض کی رائے میں آپ حلول کے قائل تھے اور ملحد تھے۔ لیکن جس نے توحید کی بُو بھی سونگھی ہوگی اسے ہرگز الحاد یا حلول کا شک نہیں ہو سکتا۔ اس میں شک نہیں کہ بغداد میں ایک جماعت ایسی تھی جو حلول و اتحاد کی قائل تھی اور اپنے کو حلاجی کہتی تھی۔ حالانکہ وہ لوگ منصور کی باتوں کو بالکل نہیں سمجھ سکتے تھے محض اُن کے مارے جانے پر تقلیدی طور پر فخر کرتے تھے چنانچہ ان میں سے دو آدمیوں کو بلخ میں وہی صورت پیش آئی جو منصور کو آئی تھی اور وہ قتل کیے گئے۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ حسین منصور حلاج دوسرے ہیں اور حسین منصور ملحد دوسرا شخص ہے کیونکہ حسین ملحد بغداد کا رہنے والا تھا اور محمد ذکریا کا استاد اور ابوسعید قرمطی کا رفیق تھا۔ یہ لوگ جادوگر تھے اور ان لوگوں نے شہر واسط میں پرورش پائی تھی۔ لیکن حضرت منصور ہمیشہ عبادت و ریاضت میں مصروف رہتے تھے اور شرع و سنت کے پیرو تھے۔

منصور پہلے تستر میں آئے اور دو سال تک عبداللہ تستری کی صحبت میں رہے پھر بغداد تشریف لے گئے۔ پہلے سفر کے وقت آپ کی عمر اٹھارہ سال تھی۔ آپ نے پہلے حضرت عمر بن عثمان مکی سے رشتۂ عقیدت قائم کیا پھر عمر بن عثمان اُن سے ناخوش ہو گئے پھر آپ بغداد پہونچے اور وہاں حضرت جنید بغدادی کی صحبت میں رہے۔ آپ نے خراسان ماوراء النہر ہندوستان اور فارس کا سفر کیا اور تصانیف کیں۔ سب کے بعد مکہ معظمہ میں دو سال تک مجاور رہے۔ وہاں سے واپسی پر آپ میں ایک تغیر رونما ہوا اور آپ نے لوگوں کو حقیقت کی طرف بلانا شروع کیا لیکن لوگ آپ کی باتیں سمجھنے سے قاصر رہے۔ کہتے ہیں کہ ان کو پچاس شہروں سے نکالا گیا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ منصور رات دن میں چار سو رکعت نماز پڑھتے تھے اور اسے اپنے اوپر لازم سمجھتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے مقام عرفات میں ایک ریت کے ٹیلے پر پیشانی رکھ دی اور خدا سے کہا

> اے بادشاہ! اے عزت والے میں تجھے پاک جانتا ہوں اور تیری پاکی بیان کرتا ہوں۔ تمام تسبیح و تہلیل کرنے والوں کی تسبیح و تہلیل کے بقدر۔ الٰہی تو جانتا ہے کہ ——— میں تیرا شکر ادا کرنے سے کتنا عاجز ہوں۔ میں تیرا شکر ادا نہیں کر سکتا تو میری بجائے اپنا شکر کر کیوں کہ دراصل یہی شکر ہے اور یہی کافی ہے۔

کسی نے آپ سے پوچھا صبر کیا چیز ہے۔ جواب دیا صبر یہ ہے کہ اگر ہاتھ پاؤں کاٹ ڈالیں اور سولی پر چڑھا دیں جب بھی آہ نہ کریں۔

منصور کو قید کیا گیا پھر تازیانے لگائے گئے۔ اس کے بعد جب سولی پر چڑھانے لے گئے تو قریب ایک لاکھ آدمی کا مجمع تھا آپ ہر ایک طرف دیکھتے اور کہتے حق حق انا الحق۔ ایک درویش اسی حال میں آپ کے پاس پہونچا اور پوچھا عشق کیا ہے۔ آپ نے کہا تو آج دیکھے گا، کل دیکھے گا اور پرسوں دیکھے گا۔ چنانچہ پہلے روز آپ کو قتل کیا گیا۔ دوسرے روز جلایا گیا اور تیسرے روز آپ کی خاکستر

کو ہوا میں اُڑا دیا گیا۔ آپ کے خادم نے آپ سے وصیت کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا اپنے نفس کو کسی شے میں مشغول رکھ۔ ورنہ وہ تجھے کسی شے میں مشغول کر دے گا۔ یاد رکھو اپنی حفاظت کرنا بڑے زبردست لوگوں کا کام ہے آپ کے صاحبزادے نے وصیت کے لئے عرض کیا تو فرمایا جب زمانے کے لوگ اعمال میں کوشش کریں تو تم ایسی شے میں کوشش کرو جس کا ایک ذرہ تمام جہاں سے بہتر ہو اور وہ علم حقیقت کا ایک ذرہ ہے۔

منصورؒ نہایت ذوق شوق سے سولی کی طرف خراماں خراماں جا رہے تھے لوگوں نے کہا ایسے وقت میں خوشی کا کیا سبب ہے؟ فرمایا "ہم اپنی خیمہ گاہ کی طرف جا رہے ہیں اس سے بڑھ کر ہمارے لئے خوشی کا اور کوئی وقت نہیں۔" اس وقت وہ بلند آواز سے یہ شعر پڑھ رہے تھے۔

فدیمی غیر منسوب الی شئی من الحیف
سقانی مثل مایشرب کفعل الضیف بالضیف
فلما دارت الکاس دعا بالنطع والسیف
کذا من یشرب الراح مع الطنین بالصیف

میرا دوست ظالم نہیں ہے۔ اُس نے مجھے ایسی شراب دی ہے جو ایک مہمان کو دی جاتی ہے۔ لیکن جب جام گردش میں آیا تو اس نے تلوار مانگی کیونکہ جو گرمی کے موسم میں اژدہے کے ساتھ شراب پیتا ہے اس کا یہی انجام ہوتا ہے۔

جب آپ سولی کے نیچے پہونچے تو اُسے بوسہ دیا پھر سیڑھی پر چڑھ گئے۔ ایک چادر ان کے کندھوں پر تھی اور ایک چادر باندھے ہوئے تھے۔ لوگوں نے پوچھا کیا حال ہے فرمایا مردوں کی معراج دار پر ہوتی ہے۔ پھر انہوں نے ہاتھ اُٹھائے اور منہ قبلے کی طرف کر لیا۔ سولی پر چڑھتے وقت آپ کے مریدوں نے سوال کیا "آپ اُن لوگوں کے بارے میں کیا فرماتے ہیں جو آپ کے ساتھ ایسا سلوک کر رہے ہیں اور ہمارے حق میں کیا ارشاد ہے"۔ اُنہوں نے جواب دیا "اُن کے لئے دو ثواب ہیں اور تمہارے لئے ایک ثواب اس لئے کہ تمہیں میرے ساتھ حسن ظن ہے اور وہ لوگ توحید اور حفظ شریعت میں مستحکم ہیں اور توحید اصل ہے، اور حسن ظن فرع۔ پھر لوگوں نے آپ کو پتھروں سے مارنا شروع کیا۔ حضرت شبلی نے بھی ایک مٹی کا ڈھیلا آپ کی طرف پھینکا تو آپ نے آہ کی۔ لوگوں نے پوچھا اتنے پتھروں پر آپ خاموش رہے اور ایک مٹی کے ڈھیلے پر آہ کرتے ہیں۔ جواب دیا۔ یہ لوگ نہیں جانتے اس لئے معذور ہیں اور شبلی میرے حال سے واقف ہیں۔

پہلے اُن کے ہاتھ کاٹے گئے اُنہوں نے ہنس کر کہا "ان ظاہری ہاتھوں کا کاٹ لینا آسان ہے۔ مرد اُنہیں اور میرے صفات کے وہ ہاتھ کاٹیں جنہوں نے کلاہ ہمت کو عرش کے سر سے اُتارا ہے"۔ پھر جب اُن کے پاؤں کاٹے گئے تو مسکرا کر کہا اگرچہ ان پاؤں سے میں نے جہان کا سفر کیا ہے لیکن میرے دوسرے پاؤں بھی ہیں جن سے میں دونوں عالم کا سفر کر سکتا ہوں پھر انہوں نے اپنا خون اپنے ہی چہرے پر ملا۔ لوگوں نے اس کا سبب پوچھا تو کہا "میرا بہت خون نکل گیا ہے۔ اس لئے میرا چہرہ زرد ہو گیا ہوگا۔ لوگ کہیں یہ خیال نہ کریں کہ یہ زردی خوف کی وجہ سے ہے۔ مردوں کے چہرے کا غازہ اُن کا خون ہوتا ہے"۔ آخر میں منصور نے اپنا منہ آسمان کی طرف کیا اور کہا الٰہی جو لوگ مجھے اس قدر تکلیف محض تیرے لئے دے رہے ہیں اُن کو محروم نہ رکھیو اور اس دولت سے اُن کو بے نصیب نہ کیجیو۔" ان کا آخری کلام یہ تھا۔

حب الواحد افراد الواحد حب الواحد افراد الواحد

(واحد کی محبت اس کی تفرید ہے) پھر یہ آیت تلاوت کی یستعجل بہا الذین لا یؤمنون بہا والذین آمنوا مشفقون منہا ویعلمون انہ الحق (جو ایمان نہیں لاتے وہی اس کے ساتھ جلدی کرتے ہیں اور جو ایمان لاتے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ وہی حق ہے یہ ان کا آخری کلام تھا اس کے بعد اُن کو قتل کر دیا گیا۔[1]

ڈاکٹر مصطفےٰ حلمی پروفیسر فواد یونیورسٹی مصر نے تاریخ تصوف[2]

---

[1] تذکرۃ الاولیاء سے اقتباس
[2] مترجمہ رئیس احمد جعفری

اسلام میں منصور کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اور خود منصور کی تصانیف سے اقتباس دئے ہیں، وہ اس موضوع پر بہت اہم معلومات کی حیثیت سے تلخیص و تبصرے کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں۔

حسین بن منصور الحلاج شہر بیضا (فارس) میں پیدا ہوئے۔ ان کا سنہ ولادت ۲۴۴ھ/۸۵۶ء ہے۔ اُن کو سیر و سیاحت کا بڑا شوق تھا اُن کی عمر کا بڑا حصہ مختلف ملکوں کی سیر و سیاحت میں بسر ہوا وہ تین بار مکہ معظمہ گئے اور ہر مرتبہ فریضۂ حج ادا کیا۔

طبیعت بے باک اور غیور پائی تھی جو بات دل میں آتی تھی اُسے زبان پر لانے میں تامل نہیں کرتے تھے اپنے مسلک میں بہت سخت تھے، رواداری اور مصلحت کے قائل نہ تھے۔

۲۹۷ھ/۹۰۹ء میں علامہ ابن داؤد ظاہری کے فتوے کی بناء پر پہلی مرتبہ گرفتار ہوئے لیکن ایک سال بعد ۲۹۸ھ/۹۱۰ء میں قیدخانے سے نکل بھاگے اور سوس میں پوشیدہ طور پر رہنے لگے۔ ۳۰۱ھ میں دوبارہ گرفتار ہوئے اور آٹھ سال تک مسلسل قیدخانے میں رہے اُن کو بغداد کے مختلف قیدخانوں میں منتقل کیا جاتا رہا غالباً اس لئے کہ وہ پھر فرار نہ ہو جائیں۔

۳۰۹ھ/۹۲۲ء میں اُن کے مقدمے کا آخری فیصلہ ہوا اور ۱۸ ذیقعد کو اُن کی زندگی ختم کر دی گئی حکم یہ تھا کہ پہلے اُن کو کوڑے مارے جائیں پھر ہاتھ پاؤں کاٹے جائیں، اُن کا سر تن سے جدا کر دیا جائے اور اس کے بعد دجلے کے پانی میں بہا دیا جائے۔ چنانچہ تعمیل حکم کی گئی۔

منصورؒ کی جان اس جُرم میں لی گئی کہ وہ انا الحق یعنی میں خدا ہوں کا نعرہ لگاتے تھے۔ اس قول سے ان کا مطلب یہ تھا کہ وہ اتحاد ذاتِ الٰہی کے قائل تھے یعنی اپنی ذات کو ذاتِ الٰہی میں گُم کر کے ذات الٰہی کا ایک جزو اور حصہ بن گئے تھے۔ حلاج کے اور بھی عقیدے تھے مثلاً یہ کہ حج کوئی ایسا فریضہ نہیں ہے کہ انسان اس کی ادائیگی پر مکلف ہو۔ حج ظاہر یہ ہے کہ انسان ارض مقدس حجاز تک کا سفر کرتا ہے اور وہاں مناسک حج ادا کرتا ہے لیکن اس کے علاوہ ایک دوسرا حج بھی ہے اور وہ روحانی حج ہے۔

تصانیف اور مذہب

منصور حلاج نے تصوف میں اور اپنے مخصوص نظریات کی شرح و توضیح میں کتنی ہی کتابیں لکھی ہیں۔ ابن ندیم نے الفہرست میں اُن کی تعداد سینتالیس تک شمار کی ہے۔

منصور نے اپنی نظم و نثر میں جن خیالات کا اظہار کیا ہے، وہ تین چیزوں پر مشتمل بیان کئے جاتے ہیں۔

۱۔ ذاتِ الٰہی کا حلول ذاتِ بشری میں
۲۔ حقیقت محمدیہ کا قدیم ہونا
۳۔ سارے دین درحقیقت ایک ہیں

حلول کے بارے میں پروفیسر حلمی نے منصور کے یہ اشعار پیش کئے ہیں۔

"ہم دو روحیں ہیں
جنہوں نے ایک بدن کی صورت اختیار کر لی ہے
جب وہ مجھے دیکھتا ہے
میں اُسے دیکھتا ہوں
جب میں اُسے دیکھتا ہوں
وہ مجھے دیکھتا ہے۔"

ایک اور مقام پر محبوب کو مخاطب کر کے کہتے ہیں۔

"تو میری رگ و پے میں اور قلب میں جاری و ساری ہے۔"
جس طرح
آنسو میری آنکھوں سے جاری ہیں
ضمیر، قلب میں اس طرح حل ہو گیا ہے۔
جس طرح
رُوح بدن میں جذب ہو جاتی ہے۔

[illegible] مصر نے تاریخ تصوف

انسان اور خدا کی روحوں کے امتزاج کے ثبوت میں اُن کے یہ شعر پیش کئے جاتے ہیں۔

" اے اللہ

تیری رُوح میری رُوح میں اِس طرح سما گئی ہے۔
جس طرح
شراب آبِ زلال میں
جب کوئی چیز
تجھ سے مس ہوتی ہے تو مجھ سے بھی مس ہوتی ہے
کیونکہ تو اور میں ہر حال میں ایک ہیں"

اسی کے ساتھ ڈاکٹر حلمی نے اعتراف کیا ہے کہ بعض تحریروں میں حلاج اس امتزاجِ بشریت والوہیت کے نظریئے سے اختلاف بھی کرتے ہیں۔ اس کے ثبوت میں منصور حلاج کی تصنیف کتاب الطواسین سے یہ عبارت پیش کی گئی ہے۔

"جس شخص کا یہ خیال ہے کہ الہیت بشریت میں حلول کر سکتی ہے یا بشریت الہیت میں ممزوج ہو سکتی ہے وہ کافر ہے کیوں کہ خدائے بزرگ و برتر اپنی ذات وصفات کے اعتبار سے فرد ہے۔ ان لوگوں کے مقابلے میں جو اس کے پیدا کئے ہوئے ہیں اور جن کی صفات عارضی ہیں، وہ کسی طرح بھی مخلوق سے مشابہت نہیں رکھ سکتا، نہ مخلوق خدا سے کسی درجے میں مشابہت رکھ سکتی ہے اس لئے کہ یہ محالِ عقلی ہے" فانی نے کہا ہے ؎

قطرہ دریا سہی کس قطرے کو دریا کہئے

اس عبارت سے واضح ہو جاتا ہے کہ حلول و اتحاد کی تہمت منصور پر کسی غلط فہمی کا نتیجہ تھی۔ جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے کہ حلول اور اتحاد کا عقیدہ لازمی طور سے دو وجود چاہتا ہے جب کہ تمام صوفی بشمول منصور رح وجود اور حقیقت کو ایک مانتے ہیں منصور کے جس نظریئے کو حلول و اتحاد کہا گیا ہے وہ دراصل وہی نظریہ ہے جس کو حدیث قربِ نوافل کہا گیا ہے اور صحیح حدیث سے ثابت ہے جو بخاری اور مسلم کی متفق علیہ ہے اس حدیث کی جو بھی تعبیر یا تاویل کی جائے گی وہی منصور کے اس نظریئے کی بھی کی جائے گی۔ اس نظریئے کے علاوہ دو نظریئے اور ہیں جن میں منصور کو منفرد اور اُن کا موجد بتایا گیا ہے اُن میں پہلا نظریہ حقیقت محمدیہ کے قدیم ہونے کا ہے جیسا کہ کتاب الطواسین میں کہا گیا ہے۔

"آپ غیب کے نور کی روشنی تھے۔ ظاہر ہوئے اور واپس ہوئے اور لوٹ گئے۔ اس کے علاوہ منصور نے اپنی دوسری تصنیف نفس المرجع میں کہا ہے۔

"آپ کے اوپر بادل تھے جن سے بجلیاں کوندتی تھیں، آپ کے نیچے بجلیاں تھیں جو چمکتی دمکتی تھیں آپ کا سحاب نور برساتا اور پھل لاتا تھا، تمام علوم آپ کے بحرِ بے پایاں کا ایک قطرۂ ناچیز تھے۔ تمام حکمتیں آپ کے حکمت کے سمندر کے سامنے ایک چھوٹی سی نہر کی مانند تھیں۔ تمام زمانے آپ کے زمانے کے سامنے ایک ساعت سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے۔"

توحیدِ ادیان

اسی کے ساتھ حلاج کا خیال تھا کہ تمام دین اپنی حقیقت کے اعتبار سے ایک ہیں ان کا اختلاف فروعات میں ہے لیکن اصل کا جہاں تک تعلق ہے وہ ایک ہے۔ تمام دینوں کا مرکز اور منبع خدا ہے۔

یہ تینوں نظریئے منصور سے مخصوص نہیں۔ حلول و اتحاد کی نفی سطور بالا میں کی جا چکی ہے۔ حقیقتِ محمدیہ کی قدامت کا نظریہ بھی اصل میں صوفیوں کی اصطلاحات نہ سمجھنے کی وجہ سے معرضِ بحث میں آگیا ہے صوفی تنزلات[1] کے قائل ہیں ان تنزلات کے ایک درجے کا نام لاہوت ہے۔ لاہوت ہی کا ایک نام حقیقت محمدیہ ہے۔ حقیقت محمدیہ سے مراد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی جہت بشریت یا نبوت نہیں ہے بلکہ وہ حقیقت ہے جس کا مظہر یہ عالم ہے اور خود محمد رسول اللہ کی ذات ہے۔ رہا وحدتِ ادیان کا معاملہ تو یہ نظریہ بھی منصور کا نہیں ہے۔ اس موضوع پر شاہ ولی اللہ دہلوی رح کی حجۃ اللہ البالغہ سے عبارتِ ذیل نقل کر دینا کافی معلوم ہوتا ہے۔

[1] تفصیل کے لئے صوفیوں کی تصانیف کی طرف رجوع کرنا چاہئے نقد اقبال میں بھی بالاجمال تنزلات کا بیان کیا گیا ہے۔

(باقی ص ۱۵ پر)

عرشؔ ملسیانی

مخدوم مرحوم

اب وہ آواز نہیں آئے گی
جس کے ہر لوچ میں انگڑائی تھی
جس کے ہر بول میں شہنائی تھی
درد تھا جس میں محبت تھی فسوں کاری تھی
آگ ہی آگ
ہر رگِ ملک میں جو ساری تھی
زندگی اس کو کہاں پائے گی
اب وہ آواز نہیں آئے گی

کبھی اک مردِ سیاست وہ کبھی اک شاعر
نغمۂ زیست سناتا ہی رہا
پرچمِ عشق اڑاتا ہی رہا
ایک شعلہ تھا کہ ہر بزم کا ستیارہ تھا
نور ہی نور
درد کے شہر میں آوارہ تھا
کبھی خود ایک شکاری وہ کبھی اک طائر
کبھی اک مردِ سیاست وہ کبھی اک شاعر

بھری برسات سے کھیلا برسوں
مرمریں جسم کبھی چاندنی رات
حسن کی بات تھی اس کی ہر بات
قصۂ سہاگ مئی سوز سے معمور کیا
سوز ہی سوز
ساز و آہنگ سے مسحور کیا
درد کو جان پہ جھیلا برسوں
بھری برسات سے کھیلا برسوں

خدمتِ اہلِ وطن کر کے بنا تھا مخدوم
اس کی ہر لے پہ ستارے رقصاں
حیدرآباد کے پیارے رقصاں
مردِ آہن تھا عقیدے کا جو پابند رہا
جنگ ہی جنگ
جنگ جو ہو کے بھی خورسند رہا
ہائے افسوس کہ ہے اب وہ مجاہد مرحوم
خدمتِ اہلِ وطن کر کے بنا تھا مخدوم



مظفر حنفی

اظہار کا سوال جب آیا ہے سامنے
محسوس یہ ہوا کہ وہ بیٹھا ہے سامنے

ویرانیٔ خیال مبارز طلب تو ہے
لفظوں کا شہسوار کب آتا ہے سامنے

صحرائیوں کے غول نے پیچھا کیا وہاں
گھر آکے دیکھتا ہوں تو صحرا ہے سامنے

خود ہی نہ ڈوب جاؤں کہ فرصت ملے مجھے
نیکی لدی ہے پشت پہ، دریا ہے سامنے

جنت نہیں ہے کرۂ خاکی تو کس لیے
ہر موڑ پر گناہ کا پودا ہے سامنے

نزدیک جب وہ آئے تو حیران رہ گیا
ایسا لگا کہ اپنا سراپا ہے سامنے

ہر آگہی کے ساتھ بڑھی کائنات اور
زنجیرِ نقشِ پائے تمنا ہے سامنے



رفعت سروش

کبھی قطرہ، کبھی میں طوفاں ہوں
بحرِ ہستی میں موجِ عرفاں ہوں

پوچھتے ہیں مجھ سے وہ میرا نام
جیسے میں صرف ایک انساں ہوں

موت آئے گی ہوش آتے ہی
سازِ دیوانگی پہ رقصاں ہوں

بزمِ یاراں سے بھاگ آیا ہوں
دشتِ تنہائی میں غزلخواں ہوں

گیت گاتا رہا ہوں پھولوں سے
اور خود سر بہ سر بیاباں ہوں

میرا ماضی نہ میرا مستقبل
اور میں حال سے بھی نالاں ہوں

روشنی میں نہ مجھ کو لے جاؤ
اپنے سایہ سے بھی گریزاں ہوں

میری ہستی ہے سر بہ سر ابہام
میں نئی شاعری کا عنواں ہوں

معنویت ہے اک اضافی چیز
ہائے کس دور میں غزلخواں ہوں



مسعودہ حیات

دل کے جذبات میں پہلی سی وہ شدت بھی نہیں
اب محبت نہیں اُن سے، تو عداوت بھی نہیں

آج کچھ رنگ محبت کا عجب نکھرا ہے
اب ہمیں اُن کے تغافل کی شکایت بھی نہیں!

کوئی پامالِ غمِ عشق ہوا جاتا ہے!
اور اُدھر پرسشِ احوال کی فرصت بھی نہیں

وہ مرے سامنے جاتے ہیں مری محفل سے
اس قیامت سے سوا کوئی قیامت بھی نہیں

اب بھی دل کو ترے ملنے کا خیال آتا ہے
گرچہ مدت سے رہ و رسمِ محبت بھی نہیں

وہ مری چشمِ تصور میں نہاں رہتے ہیں
اب حیات اُن کو بلانے کی ضرورت بھی نہیں

جدید ہندوستانی شاعری نمبر

کے باب میں

قاضی عبدالودود

یہ خیال کہ ۱۹۶۰ء کے بعد کی شاعری کا جائزہ لیا جائے، بہت ہی پسندیدہ خیال تھا، اور آپ نے وہ شمارہ جو اس کے لیے مخصوص ہے، سلیقے سے مرتب کیا ہے۔

اختر اورینوی

جدید ہندوستانی شاعری نمبر ملا۔ آپ نے محنت کی ہے لیکن جدید اردو شاعری کی نمایندگی بے حد یک طرفہ ہے۔ کیا جدید سے مراد خاص میلان "جدیدیت" کی شاعری ہے؟ اس کی تعریف "جدیدیت" کے علم بردار روز بدلتے رہتے ہیں۔

میرا خیال تو یہ ہے کہ ہر مکتب فکر و فن کی شاعری کا نمونہ ہونا چاہئے تھا اور جدید دور میں اعلیٰ اردو شاعری زیر تنقید آئی نہ کہ صرف "جدیدیت" سے بے کنار والی ہر درجے کی شاعری آپ کے نمبر کا جواب نہیں۔

گیان چند

جدید از دہ شاعری نمبر ملا۔ بعض رسالوں کے ہزار ڈیڑھ ہزار صفحوں کے خاص نمبر نکلتے ہیں۔ ادھر کئی رسالوں نے قابل قدر خاص نمبر نکالے لیکن میری رائے میں 'آج کل' کا یہ شمارہ کسی ضخیم خاص نمبر سے کم زور نہیں۔ یہ رسالہ نہیں مستقل کتاب ہے۔ اسے آپ کتابی شکل میں شائع کر کے دائم و قائم نہ کریں گے تو ظلم کریں گے۔ ساہتیہ اکادمی نے انڈین لٹریچر کے نام سے آزادی کے بعد کے ۱۴ زبانوں کے ادب پر ایک کتاب شائع کی تھی۔ آپ کا شمارہ اس بات کا تتمہ ہے۔ فوقیت یہ ہے کہ آپ کے پرچے میں منتخب نظموں کے ترجمے بھی ہیں۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ مختلف زبانوں کی جدید شاعری سے متعلق مضمون کو زیادہ اہم قرار دوں کہ اس کی منتخب نظموں کے ترجمے کو۔ اردو کی دوسرے ہندوستانی ادبوں سے یا دالتہ ضروری ہے۔ آپ نے اس ضمن میں ایک اہم اقدام کیا ہے۔

بشیر بدر

'آج کل' کا ہندوستانی جدید شاعری نمبر بلاشبہ ایک وقیع کارنامہ ہے۔ اس انداز کا اتنا جامع نمبر اردو میں آج تک نہیں نکلا ہندوستان میں رہ کر ہم اردو یا ہندی والے دیگر زبانوں کے بارے میں اگر کچھ نہ جانیں تو یہ بڑے افسوس کی بات ہے۔ اس نمبر سے اتنی بہت سی واقفیت ایکدم ہو جاتی ہے کہ ہندوستانی ادبیات کا کوئی طالب علم مختلف زبانوں کے برسوں مطالعے کے بعد بھی اتنا آسانی سے نہیں جان سکتا۔

گوپی ناتھ امن

یہ بہت اچھی بات ہے کہ ہندوستان میں ایک زبان کے جاننے

والے دوسری زبانوں کے ادب سے واقف ہوں یا کم از کم اس سے نابلد نہ رہیں۔ ہندوستان کی چودہ مستند زبانوں میں سے آپ نے ان تمام زبانوں کے ادب کے نمونے پیش کئے ہیں جو اس کے شیڈول میں ہیں۔ ان میں سے صرف تین سے واقف ہوں اور یہ کہہ سکتا ہوں کہ ان کے ترجمے بہت اچھے ہیں

خلیل تنویر

آپ نے جدید ہندوستانی زبانوں کی اچھی تخلیقات جمع کی ہیں۔ وقت کی اہم ضرورت بھی ہے کہ غیر ضروری دیواریں توڑ ڈالیں اور ایک دوسرے کے جذبات اور احساسات کو پرکھنے کی کوشش کریں۔

جگتار

عمیق حنفی کا مضمون بہت پسند آیا۔ بلراج کی نظم پرندہ بھی خوب ہے، لیکن جس طرح اُردو ادب کی نمایندگی اس نمبر میں کی گئی ہے شاید دوسری زبانوں کے شعراء کی نہیں۔ خاص طور پر پنجابی شعراء کی۔ جناب عطر سنگھ کا مضمون بہت تشنہ ہے۔ میری نظم کا ترجمہ بہت غلط ہے۔

ابوالفیض سحر

یہ وقیع، پُراز معلومات اور معیاری خصوصی اشاعت نہ صرف قابلِ قدر ہے بلکہ لائقِ تقلید بھی ہے۔ قومی یک جہتی کی راہ پر آپ نے جو چراغ روشن کیا ہے اس کی پاک وصاف روشنی میں عظیم ہندوستان کے مختلف علاقوں میں رہنے والے ایک دوسرے کی علم وادب اور تہذیب وتاریخ کو صحیح رنگ و رُوپ میں دیکھ سکیں گے

محبوب جام

۱۹۶۰ء کے بعد مختلف زبانوں کا جائزہ قیمتی سرمایہ ہے۔

واحد پرتمی

"آج کل" کا جدید ہندوستانی نظم نمبر نظر نواز ہوا۔ بے حد مفید اور اہم نمبر ہے۔ ہر زبان کی جدید نظم کا جائزہ اور منتخب نظموں کی شمولیت نے اس کی افادیت میں اضافہ کر دیا ہے۔ عمیق حنفی صاحب کا مضمون "نئے کے بعد اُردو شاعری" بہت تشنہ ہے۔ اس میں موجودہ دور کے بہت سے قابلِ ذکر شعراء اور اُن کے مجموعوں کا ذکر ہونے سے رہ گیا ہے۔ مثال کے طور پر اس مضمون میں میرے مجموعہ "مکمل نو" کا کہیں ذکر نہیں ہے۔

محمد امین بیگھ

اگست کے شمارے میں عزیزی یوسف ٹینگ کا مضمون قابلِ مطالعہ ہے۔

چرنداس باغی

ایک دوسرے کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔ ہر حصے کے لوگ ایک دوسرے کے ادب کی تہہ تک پہونچیں۔ نظم ونثر اور طرزِ تحریر کو ایک دوسرے کے نزدیک لایا جائے۔ اس شمارہ میں نظم اور ادبی مضامین جدید دور کی شاعری کا ایک خصوصی پہلو پیش کرتے ہیں۔ اُردو کے پرچوں میں یہ بالکل نئی کوشش ہے۔

عابد منا وری

سرورق کی جتنی بھی داد دی جائے وہ کم ہے۔ اُردو نمبر کے بعد اس بار بھی آج کل نے اپنی روایت کو برقرار رکھا ہے۔ ہندستان کی چودہ زبانوں کی شاہ کار تخلیقات کو یکجا کرنا کوئی آسان کام نہیں۔ مگر آپ نے یہ کام جس خوش اسلوبی سے سرانجام دیا ہے۔ قابلِ داد ہے۔ جناب محمد یوسف ٹینگ کے مضمون سے مجھے اختلاف ہے۔ انہوں نے غیر جانبداری سے کام نہیں لیا۔

اب تو ڈوگری کو بھی زبان کا درجہ دیا گیا ہے اور مرکزی ساہتیہ اکادمی نے اسے بھارت کی SCHEDULED زبان تسلیم کر لیا ہے۔ کیا ہی اچھا ہوتا اگر چند صفحات ڈوگری زبان کے لئے بھی وقف کر دیئے جاتے۔

اختر بستوی

ہندوستان کی تمام اہم زبانوں میں ۱۹۶۰ء کے بعد جو تبدیلیاں رُونما ہوئی ہیں۔ اُن کی بابت آپ نے بہت اچھے مضامین حاصل کئے ہیں اور ہر زبان کی نمائندہ جدید نظموں کا انتخاب اور اُن کا ترجمہ بھی بہت ہی عمدہ ہے۔ یہ خاص نمبر ایک ناقابلِ فراموش ادبی دستاویز ہے۔

30 لاکھ عورتیں غلط نہیں ہو سکتیں

پچھلے چار برسوں میں 30 لاکھ عورتوں نے اپنی مرضی سے لوپ لگوائے۔ اُنہیں معلوم ہے، کہ لوپ مؤثر ہے۔ یہ حمل روکنے کا سب سے زیادہ قابلِ اعتبار طریقہ ہے۔

یہ سادہ ہے۔ لیڈی ڈاکٹر اسے چند ہی منٹوں میں لگا دیتی ہے۔

یہ نکلوایا جا سکتا ہے۔ جب آپ چاہیں کہ آپ کے دوسرا بچہ ہو تو آپ لوپ نکلوا سکتی ہیں۔

یہ کارآمد ہے۔ اگر لوپ آپ کو راس ہے، تو آپ کو کسی اور طریقے کی ضرورت نہیں۔ لوپ آپ کی جنسی مسرت میں دخل انداز نہیں ہوتا۔

یہ بے ضرر ہے۔ اس سے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ تکلیف ہو بھی جائے، تو اُسے آسانی سے دُور کیا جا سکتا ہے۔

محتاط مطالعہ اور مشاہدے کے بعد ڈاکٹروں نے رائے دی ہے کہ لوپ عورتوں کے لئے موافق ہے۔ جن عورتوں کو لوپ راس نہیں، وہ دوسرے طریقوں سے اپنے بچوں کی پیدائش میں وقفہ رکھ سکتی ہیں۔ وہ بچوں کی تعداد بھی اپنے اختیار میں رکھ سکتی ہیں۔

مزید جانکاری اپنے قریب ترین فیملی پلاننگ سینٹر سے حاصل کریں۔

فیملی پلاننگ سے متعلق مشورہ اور خدمت مفت ہے۔



لیڈی ڈاکٹر کا اعتبار کریں

افواہ کا اعتبار نہ کریں

کیا خبر تھی کہ کھائیں گے وہ زخم

جس کا ہوگا نہ اندمال کبھی

دوستو! کب کسی نے دیکھے تھے

ایسے تاریک ماہ و سال کبھی



علی عباس حسینی (۱۹۶۹ء - ۱۸۹۷ء)

اُردو کے مشہور افسانہ نگار، ناول نویس اور
ناقد، علی عباس حسینی جو ۲۷ ستمبر کی صبح
کو اس دارِ فانی سے کوچ کر گئے۔

شاعر، ادیب اور سیاست دان
مخدوم محی الدین جو اچانک ہم سے
۲۵ اگست کی شام کو بچھڑ گئے۔



مخدوم محی الدین (۱۹۶۹ء - ۱۹۱۰ء)



گرُو دوارہ ننکانہ صاحب

Vol. 28 No. 4 AJKAL (Monthly) November 1969

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by the Asian Art Printers Private Ltd., D. B. Gupta Road, New Delhi.
Regd. No. D-509

دسمبر ۱۹۶۹ء

۶۰ پیسے

آجکل

Osmania University Library,
HYDERABAD 7. (A.P.)





۳۰ اکتوبر ۱۹۶۹ء کو نئی دہلی میں انٹر پارلیمنٹری یونین کا ۵۷ واں اجلاس منعقد ہوا جس میں ۶۳ ممالک کے ۶۰۰ مندوبین نے شرکت کی یہ پہلا موقع ہے کہ یہ کانفرنس ہندوستان میں منعقد ہو رہی ہے۔ اس کا افتتاح صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری نے کیا۔

شرکائے کانفرنس



آج کل

دہلی

...ity Library,

ایڈیٹر

شہباز حسین

سب ایڈیٹر

نند کشور وکرم

جلد ۲۸ —— شمارہ ۵
دسمبر ۱۹۶۹ء
اگر ہائن دیوس شک سمت ۱۸۹۱

ترتیب

ملاحظات		۲
داستاں کہتے کہتے	علی جواد زیدی	۳
غزلیں	روش صدیقی	۹
غبارِ کارواں	صالحہ عابد حسین	۱۰
اُردو اخبارات میں ہندی الفاظ	خالد زائیف تاش مرزا	۱۳
تین نظمیں	مظفر عازم	۱۹
زندگی اور موت (نظم)	احمد علی قادری	۱۹
چشم بد دور	صالحہ بیگم	۲۰
پانڈوا ـ بنگال کا ایک قدیم تاریخی مقام	شانتی رنجن بھٹاچاریہ	۲۴
غزلیں	ناظر انصاری جلگانوی، اظہار رامپوری، ہوش عظیم آبادی، کاظم مظفر پوری	۲۹
محسن کاکوروی	غلام احمد فرقت	۳۰
کشمیر میں فنون لطیفہ کا احیاء نو		
سنگیت	علی محمد لون	۳۵
بالآخر ہم کامیاب ہوئے	فرحت قمر	۳۷
بے کراں سکون	دیوان تاراچند	۴۰
نئی کتابیں		

سرورق ـ گورچرن اروڑہ

خط و کتابت و ترسیلِ زر کا پتہ
شہباز حسین ایڈیٹر "آج کل" پبلیکیشنز ڈویژن
پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

مرتبہ و شائع کردہ
ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی



انسانی حقوق کے تحفظ کا اعلان ایک تاریخی اعلان ہے جس نے انسان کو محض ایک انسان کی حیثیت سے اہمیت دی ہے اور مذہب جنس، نسل یا زبان کی بنیاد پر کسی انسان کو کمتر اور کسی کو اعلیٰ و افضل تسلیم نہیں کیا ہے۔ ایسے امتیازات کا نہ کوئی عقلی جواز ہے اور نہ سائنسی۔ مگر اس کے باوجود مذہب، رنگ اور نسل کے نام پر دُنیا میں بڑے کشت و خون ہوئے ہیں اور اب بھی نسلِ انسانی ان توہمات اور تعصبات کا شکار رہے۔

اقوام متحدہ نے اپنے قیام کے فوراً بعد ہی اس اہم مسئلے کی طرف توجہ کی اور ۱۰ دسمبر ۱۹۴۸ء کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے اس اعلانیے کو اتفاق رائے سے منظور کر کے انسانی تاریخ کے باب میں ایک زرّیں باب کا اضافہ کیا۔

اس اعلان نامے میں ۳۰ دفعات ہیں۔ جن میں شخصی، تہذیبی، سماجی، شہری، معاشی اور سیاسی حقوق کا تحفظ کیا گیا ہے، رہوڈیشیا جنوبی افریقہ اور پرتگال جیسے چند ملکوں کے سوا دُنیا کے تمام ممالک نے نہ صرف اعلان نامے کو منظور کیا ہے بلکہ اس پر صدق دلی سے عامل ہیں۔

۲۴ اکتوبر ۱۹۴۵ء کو ادارہ اقوام متحدہ کا قیام عمل میں آیا تھا جس کا مقصد امن کی بنیاد پر ایک عالمی نظام قائم کرنا ہے، مختلف قوموں کو ایک دوسرے کے نزدیک لانا اور رواداری اور بقائے باہم کو فروغ دینا ہے۔ اپنے قیام کے بعد سے اس ادارے نے امن عالم کے سلسلے میں بڑی گراں قدر خدمات انجام دی ہیں اور آج بھی ساری دنیا کی امیدوں کا مرکز یہی ادارہ ہے۔

یوم اقوام متحدہ کے موقع پر اپنی نشری تقریر میں صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری نے باہمی رواداری بلند نظری اور اعلیٰ انسانی اقدار پر زور دیا اور کہا کہ ہم سب بڑی آزمائشوں اور دشواریوں کے دور سے گزر رہے ہیں اور ہمیں انسانی مسائل سے انسانیت کے انداز میں نپٹنا ہوگا۔ آپ نے مزید کہا کہ دنیا کے اکثر ممالک میں تبدیلیوں کی ہوا چل رہی ہے اور پرانے زمانے کی راضی بہ رضا رہنے کی ذہنیت کی جگہ یہ یقین ابھر رہا ہے کہ غربت ایک ایسا مرض ہے جس کا علاج کیا جا سکتا ہے۔ آپ نے انتباہ دیا کہ چاند تک پہنچنے کی دوڑ جیت جانا اور سب کے لئے بہتر زندگی کی دوڑ ہار جانا ہمارے لئے ایک المیہ ہوگی۔

دنیا میں امن، خوشی اور خوشحالی کا انحصار اس بات پر ہے کہ ادارہ اقوام متحدہ دنیا کے سبھی ملکوں کے لئے ایک بہتر معیار زندگی کے حصول میں کس حد تک کامیاب ہوتا ہے۔

جناب اجمل خاں صاحب (ممبر پارلیامنٹ) کا ۱۸ اکتوبر کو نئی دہلی میں انتقال ہو گیا موصوف ایک بالغ نظر سیاسی کارکن اور بلند پایہ ادیب تھے۔

اُن کی سیاسی زندگی کا آغاز تحریک خلافت سے ہوا۔ ملک کی آزادی کی لڑائی میں آپ نے قید و بند کی سختیاں بھی جھیلی تھیں۔ بعد میں اُن کا رابطہ مولانا ابوالکلام آزاد سے قائم ہوا جو اُن کی زندگی تک قائم رہا۔

آپ نے متعدد کتابیں لکھی ہیں۔ جن میں صرف چند ہی شائع ہوئی ہیں آپ نے گیتا اور جپ جی کا ترجمہ بھی کیا ہے۔

آپ نے ۷۲ سال کی عمر پائی (سن پیدائش ۱۸۹۷) اور درگاہ نظام الدین کے قریب سپرد خاک کئے گئے۔

ادارہ اس غم میں ان کے پسماندگان سے اپنی دلی ہمدردی کا اظہار کرتا ہے۔

داستاں کہتے کہتے . . .

علی جواد زیدی

میں نے وہ لمحے دیکھے ہیں جب علی عباس حسینی کی کوئی نئی کتاب ختم ہوتی تھی۔ مدتوں کی محنت ٹھکانے لگتی اور مہینوں بلکہ برسوں کی تخلیقی کاوشیں تکمیل کا لباس پہنتی تھیں۔ حسینی کے چہرے پر ایک خلاقانہ اطمینان اور فاتحانہ تبسم ہوتا تھا۔ اس مسرت میں اُن کا بہت قریبی حلقہ بھی اپنی بساط بھر شریک ہو لیا کرتا تھا۔ میں ایک طویل مدت تک اس قریبی حلقے کا ایک رکن رہا ہوں اور ان لمحاتِ مسرت میں شریک۔ آج خود حسینی کی زندگی کی کتاب ختم ہو گئی ہے اور گرد و پیش کی ساری فضا ایک عظیم محرومی اور مایوسی کے کرب میں ڈوب گئی ہے۔

میں کانپتے ہاتھوں سے اس کتابِ زندگی کے اوراق ادھر اُدھر سے اُلٹ پلٹ کر دیکھ رہا ہوں۔ نقوش دھندلے ہوتے جا رہے ہیں کیوں کہ بار بار آنکھوں میں آنسو چھلکے آ رہے ہیں۔ کافی دنوں سے دل کی کمزوری یا زود حسی کا یہی عالم ہے کہ پڑھتے وقت اکثر آنکھیں نم ہو جاتی ہیں۔

علی عباس حسینی کی زندگی ایک بھرپور زندگی تھی، فتوحات اور شکستوں سے لبریز زندگی، مسرتوں اور المیوں سے ہم کنار زندگی۔ انھوں نے اس زندگی سے اطمینان و مسرت کا ایک ایک قطرہ نچوڑ لیا اور وہ جب کبھی اپنے ماضی پر نظر کرتے ہوں گے تو انہیں پچھتانے یا افسوس کرنے کا خیال بھی نہ آتا ہوگا۔ پھر بھی اُن کی زندگی ایک تخلیق کار مصنف کی زندگی تھی جو مسلسل جدوجہد میں گزرتی ہے اور مصالحتوں سے زیادہ تصادم اور سکون سے زیادہ خلش کی نذر ہوتی ہے۔ مسلسل تلاش، مسلسل دریافت، مسلسل تجربہ، مسلسل کاوش، مسلسل اظہار، مسلسل انکار اور مشروط اقرار کے کتنے ہی رواں دواں لمحوں کو یہ زندگی اپنی گرفت میں لے لیتی ہے۔ ادیب کی زندگی کسی بادشاہ، کسی امیر، کبیر، کسی کروڑپتی صنعت کار کی زندگی نہیں ہے جو ایک رُخ پن سے گزر جانے کو کامیابی سمجھے۔ ادیب کی زندگی کا اُتار چڑھاؤ ہی اُسے عظمتِ جاوید عطا کرتا ہے۔

علی عباس حسینی اتر پردیش کے مشرقی اضلاع کے ایک دُور افتادہ گاؤں میں پیدا ہوئے۔ مشرقی اضلاع کی بھی ایک کہانی ہے۔ ان اضلاع نے ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا اور اس کی پاداش میں اُن پر بیرونی سامراج نے ترقی کی تمام راہیں بند کر دی تھیں۔ سڑکیں، نہریں، ریلیں، جنہوں نے مغربی اضلاع کی اقتصادیات کو نسبتاً بہتر بنا دیا تھا وہ اس حصۂ اتر پردیش میں گو باتیں ہی نہیں۔ ویسے میرٹھ کے آس پاس ہی پہلی جنگِ آزادی کی آگ بھڑکی لیکن پاداش میں بھگتنا پڑا مشرقی اضلاع کو زیادہ۔ اس میں ایک طرف مغربی اضلاع کے حوصلۂ عمل و ترقی کا بھی دخل ہے۔ یورپ والے اس پاداش کے بوجھ تلے دب کے انحطاط اور بے عملی کا شکار ہو گئے، لیکن دلوں میں بارود بھری تھی۔ ذرا گرمی دکھانے سے دھماکا ہو جاتا تھا۔ سن بیالیس میں بھی یہی ہوا اور اس بار بھی بھون اور بلیا کا بھگتان پورے علاقے کو بھگتنا پڑا۔ آزادی کے بعد تو حالات سنبھلی ہے لیکن آزادی کے پہلے یہاں ہر طرف غریبی اور افلاس کا دور دورہ تھا۔ کسانوں کی حالت تو قابلِ گفتہ بہ تھی ہی زمینداروں کی حالت بھی کچھ زیادہ اچھی نہ تھی۔ چھوٹی چھوٹی زمینداریاں تھیں۔ گھر کے کام مشکل سے چلتے تھے۔

لیکن ٹھاٹھ باٹ رئیسانہ تھے۔ اصراف اور نمائش تو اہم وصف تھے جو زمیندار طبقے میں عام تھے۔ یہ تصویر بالکل ہی ایک رخی نہیں تھی۔ دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہونا، آڑے وقت کام آنا، مخالفت میں ثابت قدمی کا اظہار کرنا آن پر جان دیدینا اور کمزوروں اور زیردستوں کی مدد کرنا ان کا طرۂ امتیاز تھا۔ گاؤں کا ایک مختصر معاشرہ تھا جو کئی اعتبار سے خود کفیل تھا۔ گاؤں میں رقابت بھی ہوتی تھی لیکن بھائی چارہ بھی تھا۔ ہفتہ وار بازاروں میں، میلوں ٹھیلوں، شادیوں اور غموں میں لوگ ایک دوسرے سے ملتے جلتے رہتے تھے۔ کبڈیاں ہوتیں، کشتیاں ٹھنتیں، کجری اور برہے کے مقابلے ہوتے، چوپال میں خوش گپیاں ہوتیں، مقدمہ بازیاں بھی عام تھیں اور کھیت کھلیان کے معاملوں میں کبھی کبھی سر بھی پھوٹ جاتا کرتے تھے۔ ضلع غازی پور بھی اسی ماحول کا ایک حصہ تھا اور اس کا گاؤں پارہ بھی۔ اس گاؤں سے میری بہت سی قرابت داریاں تھیں اور ہمارے یہاں سے آمد و رفت رہا کرتی تھی۔ اعظم گڑھ اور غازی پور میں فاصلہ ہی کتنا تھا۔ دونوں ہی مشرقی اضلاع کے حدود میں داخل تھے۔ اور تقریباً سبھی صفات و عیوب مشترک تھے۔

پارہ، غازی پور اسٹیشن سے بہت دور نہیں تھا لیکن عرصے تک پختہ سڑک بھی نہیں تھی۔ لوگ پیدل، پالکی گھوڑے سے یا یکے سے سفر کرتے تھے۔ تانگے جیسی نازک چیز اس اوبڑ کھابڑ سڑک پر نہیں چلتی تھی۔ موٹر کار کا تو ذکر ہی نہیں۔ نہ گاؤں میں ڈاک خانہ تھا، نہ تھانہ تھا، نہ تحصیل تھی۔ غالباً باقاعدہ اسکول بھی نہیں تھا۔ لیکن زمیندار گھرانوں میں علم و ادب کے چرچے تھے اور یہیں کئی افراد صاحبانِ علم و قلم بھی رہ چکے تھے۔ پھر قریب ہی نونہرہ اور زنگی پور جیسی علم نواز بستیاں تھیں۔ اسی گاؤں کے ایک زمیندار گھرانے میں علی عباس حسینی نے ۳ فروری ۱۸۹۹ء کو آنکھ کھولی۔ والد مولوی سید محمد صالح صاحب فارغ التحصیل عالم تھے۔ چچا مولوی سید محمد اسحاق الحسینی عرف راجے میاں بھی اچھا علمی و ادبی ذوق رکھتے تھے اور اخبارات میں اکثر قومی مسائل پر مضامین لکھا کرتے تھے۔ بعد میں انہیں کی صاحبزادی سے حسینی کی پہلی شادی بھی ہوئی۔

پیدا تو ہوئے مولویوں کے گھرانے میں، لیکن مولوی ہوتے ہوتے رہ گئے۔ ابتدا میں شرفا کے گھرانوں کے عام رواج کے مطابق حسینی نے گھر ہی پر عربی اور فارسی کی تعلیم حاصل کی۔ دس برس کے سن میں ابھی "جامع عباسی" اور "گلستان" ختم کی تھی کہ پارہ سے پٹنہ چلے گئے۔ وہاں عربی کے مدرسۂ سلیمانیہ میں نام لکھا گیا۔ "شرائع" پڑھ رہے تھے کہ انگریزی تعلیم دلوانے کا فیصلہ ہوا اور محمڈن اسکول میں داخل کر دیئے گئے لیکن اگلے ہی سال صحت کی خرابی کی بنا پر گھر واپس آئے اور غازی پور کے جرمن مشن اسکول میں داخل ہوئے۔ کچھ دنوں بورڈنگ میں رہے۔ پھر اپنے گاؤں چلے آئے اور وہاں سے روزانہ سات میل پیدل چل کر شہر غازی پور جاتے اور شام کو واپس آکر گاؤں میں کرکٹ کھیلتے۔ دو برس تک یہ تگ و دو جاری رہی اور والد نے یہ فیصلہ کیا کہ غازی پور میں رہ کر تعلیم اچھی نہیں ہو سکتی اس لئے گھر سے دور الٰہ آباد بھیج دیئے گئے۔ وہاں سے ۱۹۱۵ء میں لکھنؤ آئے۔ ۱۹۱۷ء میں ایف اے اور ۱۹۱۹ء میں بی اے علی الترتیب کرسچین اور کیننگ کالجوں سے پاس کیا۔ کچھ دنوں کے لئے علی گڑھ بھی گئے اور وہاں ایم اے او ال ال بی میں داخلہ بھی لیا۔ وہاں ملیریا کا حملہ ہوا اور یہ تعلیم ناتمام چھوڑ کر گھر چلے آئے۔ اور پھر ۱۹۲۰ء میں گورنمنٹ کالج الٰہ آباد میں داخل ہو کر ۱۹۲۱ء میں ال ٹی کی ڈگری اور اسی سال گورنمنٹ کالج رائے بریلی میں انگریزی اور تاریخ کے اسسٹنٹ ماسٹر مقرر ہوئے۔ پھر ۱۹۲۴ء میں پرائیوٹ طور پر ایم اے کیا۔

پٹنہ کے نواب زادہ محمد مہدی کے خاندان سے ان کی قرابت قریبہ تھی۔ راجے میاں کا قیام بھی پٹنہ ہی میں تھا۔ حسینی کی زندگی کا یہ ابتدائی زمانہ جاگیردارانہ اور مذہبی ماحول میں گزرا۔ لیکن پارہ کے مقابلے میں یہاں انگریزی اثرات زیادہ تھے۔ نواب زادہ کے اہلِ خاندان انگریزی تعلیم حاصل کرنے لگے تھے اور وہاں ایک محتاط آزاد خیالی کی فضا پیدا ہو چلی تھی۔ بے فکری، آرام و آسائش اور وسیع النظری کی اس فضا میں اچھے لباس، اچھے کھانے اور کتابوں بالخصوص افسانوی ادب کے مطالعے کا شوق

بیدار ہوا۔

پٹنہ میں علمی اور ادبی ماحول بھی تھا۔ شاد عظیم آبادی کے نغمے گونج رہے تھے اور جمیل مظہری کی شاعری نئی پہنائیوں کی تلاش میں آگے بڑھ رہی تھی۔ دوسرے صاحبانِ علم و ادب بھی تھے جن میں سے اکثر نواب زادہ محمد مہدی کے یہاں آتے جاتے رہتے تھے۔ ان سے ملاقاتوں میں تخلیقی جذبے نے کروٹ لی مگر راہِ اظہار لکھنؤ آنے کے پہلے نہ ملی۔

حسینی کے والد سید محمد صالح صاحب عربی و فارسی کے عالم تو تھے ہی، فارسی اور ادب سے بھی دلچسپی رکھتے تھے اور اُن کے کتب خانے میں مذہبی کتابوں کے علاوہ شرر اور طبیب کے ناول بھی تھے۔ میر حسن اور منیر شکوہ آبادی کی مثنویاں بھی تھیں اور انیس و دبیر وغیرہ کے مرثیے بھی۔ یہی نہیں بلکہ دیوانِ حرکین اور رواسوخت امانت کو بھی ایک گوشے میں جگہ دیدی گئی تھی جو حسینی ان میں کچھ تو پٹنہ میں نواب زادہ کے کتب خانہ ہی سے چکھ چکے تھے۔ باقی انہوں نے یہاں پڑھ ڈالیں۔ گویا غازی پور ہی کے زمانہ قیام میں ان کی رسائی نامبردہ کتابوں کے علاوہ الف لیلہ، شاہنامہ، باغ و بہار تک تھی اور بیسیوں دیوان بھی چاٹ ڈالے تھے۔ پھر نونہرہ میں ایک عزیز کے یہاں اسکاٹ اور رینالڈس کے ناولوں کا ایک پورا بکس مل گیا۔ رینالڈس کی "مسٹری آف دی کورٹ آف لندن" وغیرہ ہاتھ لگیں تو پوری پوری راتیں، اقراری طور پر، لالٹین کی روشنی میں پڑھنے میں گزاریں"۔ پھر کرسچین کالج لکھنؤ میں پہنچ کر رسٹی ون سن، ڈکنس اور تھیکرے کے ناول پڑھ ڈالے اور پھر تو یہ عالم ہوا کہ رطب و یابس جو ناول بھی ہاتھ لگتا اُسے ختم کئے بغیر دم نہ لیتے۔ ناول بینی کا شوق گویا فطرتِ ثانیہ بن گیا تھا۔ پروفیسر مسعود حسن رضوی ادیب نے یہ بیان مشاہدت کی بنا پر لکھا ہے۔

"طالب علمی کے زمانے میں بھی ناول پڑھنا ان کا بہترین مشغلہ تھا۔ وہ سال بھر میں اتنے ناول پڑھ ڈالتے تھے، جتنے میں نے عمر بھر میں نہیں پڑھے ہوں گے۔ شاید ہی کوئی ایسا ناولِ نگار ہو، جس کے ناول انگریزی زبان میں مل سکتے ہوں اور علی عباس حسینی نے اُن کو پڑھ نہ ڈالا ہو۔"

یادش بخیر، اس دور کا لکھنؤ علم و ادب کا گہوارہ تھا۔ صفی، عزیز تمنا قب، محشر، یگانہ، اور چکبست جیسے شاعر، سید جالب، ممتاز حسین عثمانی، ظفر الملک جیسے صحافی، مرزا رسوا اور عبدالحلیم شرر کی قامت کے ادیب موجود تھے۔ علماء کا تو یہ گہوارہ ہی تھا۔ اس فضا میں حسینی کا ذوقِ تخلیق ابھر تا ہی گیا۔ اور اُن کے اشتہاء مطالعے سے اس ذوق پر نکھار آتا گیا۔ یہ تھا اُن کی افسانوی زندگی کا ادبی پس منظر۔

اس میں حسینی کے ذوقِ شعری کو بھی شامل کر لیجئے۔ انہیں شروع ہی سے شاعری سے دلچسپی تھی۔ زنگی پور، پارہ، نونہرہ، گنگولی، غازی پور، پٹنہ، لکھنؤ، الہ آباد سبھی جگہ انہیں شاعروں سے سابقہ پڑا اور اُن کے مطالعے میں شعراء کے دواوین رہے، فرصت کے اوقات میں شعر سننا اور پڑھنا اور مشاعروں میں شرکت آخر تک اُن کے محبوب مشاغل رہے اور اس صنفِ شاعری کا حق ایک تفصیلی کتاب لکھ کر انھوں نے آخر عمر میں ادا کیا۔ یہ کتاب ہنوز غیر مطبوعہ ہے لیکن میں نے اس کو مسودے کی شکل میں دیکھا تھا۔ اس سے حسینی کی وسعتِ نظر اور تنوعِ مطالعے کا اور ثبوت فراہم ہوتا ہے۔

علی عباس حسینی ۱۹۱۵ء میں لکھنؤ میں آئے اور یہاں مسعود حسن رضوی ادیب کی صحبت ملی۔ انہوں نے حسینی کو اردو میں کچھ لکھنے پر آمادہ کیا اور ۱۹۱۸ء میں حسینی نے اپنا پہلا افسانہ لکھا۔ لیکن یہ افسانہ لکھنؤ میں نہیں بلکہ پٹنہ میں لکھا گیا جہاں وہ گرمیوں کی چھٹیاں گزارنے گئے ہوئے تھے۔ یہ افسانہ اس چیلنج پر لکھا گیا تھا کہ پریم چند جیسے افسانے نہیں لکھے جا سکتے۔ یہ افسانہ ایک ہی نشست میں لکھ کر ختم ہوا لیکن چھپنے کو نہ بھیجا گیا۔ سب سے پہلا افسانہ ستمبر ۱۹۲۵ء میں "ضربِ کاری" کے عنوان سے "زمانہ" کانپور میں شائع ہوا اور پہلی کہانی اسی رسالے میں تقریباً سات برس بعد شائع ہوئی۔

ساتھیوں نے پہلی کہانی "پژمردہ کلیاں" کی بڑی تعریف کی تو کچھ اور لکھنے کی تحریک ہوئی اور ۱۹۱۹ء کی گرمیوں کی چھٹیوں میں پارہ کی تخلیق انگیز دیہاتی فضا میں حسینی کا پہلا رومانی ناول "سرسید احمد پاشا" تخلیق و تکمیل کی منزلوں سے گذرا۔ یہ ناول بھارگو بکڈپو، لکھنؤ سے ۲۳-۱۹۲۲ء میں شائع ہوا اور اس کے بعد سے اس کے کئی ایڈیشن نکل چکے ہیں۔ اس وقت تک حسینی کے افسانوں کے

سات مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔

(۱) رفیق تنہائی (۲) باسی پھول (۳) میلہ گھومنی (۴) آئی سی۔ ایس (۵) کچھ ہنسی نہیں ہے (۶) ہمارا گاؤں اور (۷) پھولوں کی چھڑی (ہندی)

ان کے علاوہ کوئی ساٹھ کے قریب افسانے ایسے ہیں جو اب تک کسی مجموعے میں شامل نہیں ہو سکے ہیں اور مختلف رسائل میں بکھرے پڑے ہیں۔ حسینی کے افسانوں کی مجموعی تعداد کوئی سوا دو سو کے قریب تو یقیناً ہوگی۔ حسینی نے اب سے چار برس پہلے لکھا تھا کہ اُن کے افسانوں کے دو مجموعے سندھ اکادمی کراچی شائع کر رہی ہے۔ پتہ نہیں کہ یہ مجموعے شائع ہوئے یا نہیں۔ ایک درجن کے قریب افسانوں کے ترجمے انگریزی میں ہندوستان اسٹینڈرڈ (کلکتہ) اور یوجنا (دلی) میں شائع ہوئے اور تقریباً بیس کے قریب افسانے ہندی میں۔ سر سید احمد پاشا کے علاوہ "ندیا کنارے" اور شاید کہ بہار آئی۔ دو ناول بھی لکھے ہیں موخر الذکر کا ہندی ترجمہ بھی "کومل نگری" کے نام سے چھپ چکا ہے

اِن کے علاوہ ایک ناول اور ہے جو اُنہوں نے لکھ کر ایک نواب صاحب کے ہاتھ بیچ دیا تھا۔ غالباً اس کا نام "انوکھی راتیں" ہے۔ وہ اس کے حقوق مالکانہ سے دست بردار ہو گئے تھے لیکن جاننے والے جانتے ہیں کہ یہ ناول انہیں کا لکھا ہوا ہے۔ اس طرح دو کتابیں ڈاکٹر حفیظ سید کے لئے لکھیں۔ ان میں ایک اشوک (یا اشوک اعظم) ہے۔ اِن کا ایک ایک حرف حسینی کا لکھا ہوا ہے۔ حفیظ سید کو اِن باتوں کا جو معاوضہ ملا وہ اُنہوں نے پورا حسینی کے حوالہ کر دیا۔ منوہر لال زتشی کی کتاب کبیر کی تصنیف میں بھی ان کا مصنفانہ تعاون شامل تھا، کیوں کہ منوہر لال زتشی نے خود بھی کافی حصہ لکھا ہے اور آخری نظر انہوں نے ہی ڈالی ہے۔ کچھ نصاب کی کتابیں بھی لکھی ہیں۔

ملازمت سے ریٹائر ہونے کے بعد فلمی دنیا میں جانے کا خیال ہوا۔ اسی خیال سے بمبئی گئے۔ بڑی مشکلوں سے سہراب مودی سے تیمور لنگ کی کہانی کا دس ہزار میں سودا ہوا لیکن دس ہزار کی رقم میں کل پانچ ہزار اُنہیں مل پائے اور فلم آج تک مکمل نہ ہو پائی۔ پھر فلمستان کے مکرجی نے بلایا لیکن معاملہ نہ ہو سکا۔ ایک بار ریٹائر ہونے سے پہلے نخشب جارچوی کے طلبیدہ بمبئی گئے تھے لیکن وہ کہانی بھی فلمائی نہ جا سکی۔ دس پندرہ کہانیوں کے خاکے، اور نامکمل و مکمل مسودے اب بھی موجود ہیں۔ اور اُن میں سے کچھ میں نے حسینی کی زبان سے سُنے بھی ہیں۔

"نورتن" کے نام سے ایک ایکٹ کے ڈرامے بھی لکھے تھے۔ ان کا مقصد یہ تھا کہ اسکول اور کالجوں میں کھیلے جائیں۔ "نورتن" شائع ہو چکا ہے۔ حال میں امیر خسرو کے نام سے بھی ایک ڈرامہ شائع ہوا ہے۔

تنقیدی مضامین، تبصرے اور مقدمے بھی کافی لکھے ہیں۔ اُن کا سب سے بڑا تنقیدی کارنامہ "ناول کی تاریخ و تنقید" ہے بہت دنوں تک یہ اپنے موضوع پر واحد کتاب تھی۔ اس کی تاریخی اور تنقیدی اہمیت اب بھی باقی ہے۔ اس پر نظر ثانی کرنے کا ارادہ تھا۔ معلوم نہیں کہ یہ ارادہ شرمندۂ تکمیل بھی ہوا یا نہیں۔ دراصل علی عباس حسینی کے یہاں دوسرے مواقع کے علاوہ، اصراف کی زائیدہ معاشی ضروریات بھی تھیں اس لئے وہ ایسے کاموں کی طرف بار بار جھک پڑتے تھے۔ جس سے نقد اور جلد پیسے مل سکیں۔ دوسروں کے نام سے جو کتابیں لکھیں، وہ بھی ایسی ہی ضروریات کے ماتحت لکھی گئی تھیں۔

حسینی کا آخری تنقیدی کارنامہ ایک بے نام مگر ضخیم کتاب ہے۔ اس میں حسینی نے اُن تمام اعتراضات کا تفصیلی جواب دیا ہے جو اُردو شاعری پر وقتاً فوقتاً کئے گئے ہیں۔ کتاب شروع تو ہوئی تھی۔ کلیم الدین احمد کے چند غیر رسمی اعتراضات کو پڑھ کر لیکن پھر اس کا دائرہ بڑھ گیا۔ موجودہ حالت میں یہ اُردو شاعری کا ایک تفصیلی تبصرہ اور تجزیہ بن گئی ہے۔ ابھی حال میں اس کے بعض اجزا "صبح نو" پٹنہ اور بعض دوسرے رسائل میں شائع ہوئے ہیں، لیکن پوری کتاب ہنوز غیر مطبوعہ ہے۔

حسینی کی تخلیقی راہ کی ایک بڑی رکاوٹ اُن کی سرکاری

ملازمت بھی تھی۔ وہ ذاتی طور سے ہمیشہ نیشنلسٹ اور مسلم لیگ کی سیاست کے مخالف رہے۔ سخت صحبتوں میں وہ اپنے مسلم لیگی دوستوں سے زوردار بحثیں کرتے تھے اور قوم پرور سیاست میں کافی دور تک چلے جاتے تھے۔ چنانچہ انگریزی سیاست کے خلاف دو چار مضمون انہوں نے فرضی نام سے اخبار سرفراز میں لکھے تھے۔ اس کا علم صرف مدیر سرفراز خواجہ اسد اللہ اسد کو تھا۔ بعد میں خواجہ اسد سے کچھ ان بن ہو گئی تو صحافتی اصولوں کی پروا کئے بغیر خواجہ اسد نے حسینی کی اصل تحریریں برطانوی سی۔ آئی۔ ڈی کے حوالے کر دیں اور حسینی معرض عتاب میں آ گئے۔ دوڑ دھوپ کے بعد ملازمت تو بچ گئی لیکن ان کا تبادلہ ایک دور افتادہ مقام پر کر دیا گیا۔ ملازمت کی مصلحتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے حسینی نے کچھ افسانے ممتاز حسین کے نام سے بھی لکھے ہیں۔ (ممتاز اُن کا عرف تھا) ایسی کہانیوں میں "سنجیتا رک کا نسخہ" بھی شامل ہے۔ بعض اوقات حسینی اپنی قوم پروری میں کافی دلیری کا اظہار کرتے تھے چنانچہ جب میں قید فرنگ میں تھا تو حسینی نے مجھے ایک تفصیلی خط لکھا اور ایک دوست کی وساطت سے جیل میں بھجوا دیا۔ یہ دوسری عالمی جنگ کا زمانہ تھا۔ اگر یہ خط کہیں جیل حکام کے ہاتھ لگ جاتا تو یقیناً حسینی کی ملازمت پر بن آتی۔ قومی کاموں میں چندے بھی دیدیا کرتے تھے۔ جب ۱۹۴۲ء میں نیشنل ہرالڈ سے ضمانت طلب ہوئی تو حسینی نے اس کے لئے چندہ دیا۔ درآنحالیکہ وہ سرکاری ملازم تھے۔

حسینی نے ۱۸ جولائی ۱۹۲۱ء سے ۳۰ جون ۱۹۵۴ء تک چونتیس برس سرکاری ملازمت میں گزارے۔ یوں کہئے کہ ایک جگ بیت گیا۔ ملازمت کی پابندیوں نے بہت سی تخلیقی قوتوں کا گلا گھونٹ دیا۔ پھر بھی حسینی نے ہمیں بہت کچھ دیا۔ اگر ملازمت نہ ہوتی تب بھی حسینی انتہا پسندوں میں نہ پائے جاتے۔ وہ طبیعت و مزاج کے اعتبار سے خالص اعتدال پسند تھے۔ اُن کے افسانوں پر گاندھیائی فلسفوں کی چھاپ ہے لیکن وہ سو فیصدی گاندھیائی بھی نہیں تھے۔ اُن میں سوشلزم کے رجحانات بھی پائے جاتے تھے۔ سائنسی طور سے نہیں بلکہ جذباتی طور سے وہ ترقی پسند تھے۔ انجمن ترقی پسند مصنفین میں کچھ دنوں شریک بھی رہے لیکن انجمن کو کج رویوں اور انتہا پسندیوں پر ٹوکتے بھی رہے اور بالآخر اُس سے کنارہ کش بھی ہو گئے۔ حسینی کے کچھ افسانے (اگر میری یاد غلطی نہیں کرتی) "نیا ادب" میں بھی چھپے تھے۔ یہ تعلقات دوستانہ کا نتیجہ تھے ورنہ حسینی کا یہ عقیدہ تھا اور اُنہوں نے سند کے طور پر لکھ بھی دیا ہے کہ

"فن سیاسی پروپیگنڈے کی اجازت نہیں دیتا اور نہ کسی خاص سانچے میں ڈھلنے کی۔ وہ تو صانع قدرت کی طرح نئے نئے ڈھانچوں کی خود تخلیق کرتا ہے۔"

اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ وہ زندگی کی ترجمانی کے منصب سے دست بردار ہونا چاہتے ہیں۔ اپنے بارے میں خود یہ رائے دی ہے۔

"میں افسانوں کو زندگی کا ترجمان بنانے کا قائل ہوں۔ بھوک ہو یا جنس، زندگی کے عناصر ترکیبی ہیں۔ ایک کے پیٹ سے تمدن و تہذیب یعنی سیاست نکلتی ہے، دوسرے کے بطن سے اس سیاست کے برتنے والے ہم انسان ..... اس لئے جب بھی زندگی کی مرقع کشی کی جائے گی، زندگی اور جنس کی جھلک اُن میں ضرور آئے گی ..... میں نے خود بھی سیاسی کہانیاں لکھی ہیں اور جنس کے موضوع پر بھی لکھا ہے... لیکن ہر جگہ اس کا خیال رکھا ہے کہ نظریات کے ہاتھوں فن کا خون نہ ہونے پائے۔"

جب علی عباس حسینی نے افسانہ نویسی شروع کی تو اس میدان میں پریم چند، سجاد حیدر یلدرم اور نیاز فتح پوری کچھ ہی پہلے وارد ہوئے تھے۔ اس ورثے میں بہت زیادہ جان نہیں تھی کیونکہ خود پریم چند اُس وقت تک مبتدی تھے اور اُن کے یہاں وہ عروج فن و فکر ابھی بلوغ کی ابتدائی منزلوں میں تھا جو بعد میں اُن کے افسانوی ادب کا طرۂ امتیاز بنا۔ اس لئے حسینی پریم چند سے متاثر بھی تھے اور پہلو بہ پہلو مدارج ارتقاء بھی طے کر رہے تھے شروع میں اُن کے یہاں رومانی ماحول بہت زیادہ تھا یا ں تھا لیکن اس کے ساتھ مشاہدہ اور ادراک میں ایک بڑی سادگی اور

ہمدردی بھی تھی جو انھیں زندگی سے قریب رکھتی تھی۔ البتہ اُن کی گہری انسان دوستی اور اصلاح پسندی بعض اوقات انھیں ایک خاص اخلاقی نصب العین کے تعاقب میں وہاں دھکیل دیتی تھی جہاں بعد میں جب شخصی اور ذہنی کرب زیادہ اُجاگر ہوا اور سماجی اور عوامی مسائل کے پس منظر میں وہ اپنے کرداروں کی سیرت اور اپنے پلاٹ کو دیکھنے لگے تب اُن کے یہاں تیکھا پن بڑھ گیا اور اُن کے کرداروں میں آفاقیت بھی آگئی لیکن ایک "نصب العینیت" باقی رہی جو بعض اوقات جذباتیت کی حدوں میں بھی پہنچ جاتی تھی۔ یہ تفصیلی تنقید کا محل نہیں ہے لیکن اتنا ضرور کہا جائے گا کہ اُنہوں نے انیسویں صدی کے اقدار کی آغوش میں پرورش پانے کے باوجود بیسویں صدی کے اقدار کو بھی لبیک کہی اور بقول غالب ہر راہرو کے ساتھ تھوڑی دور چلنے کی کوشش بھی کی۔ یہ کوشش بھی کم کارنامہ نہیں ہے لیکن اس سے بڑی کامیابی یہ تھی کہ انھوں نے اپنی انفرادیت کو برقرار رکھا۔

گذشتہ نصف صدی میں افسانہ کی تکنیک اور اسلوب ان گنت تبدیلیوں سے دوچار ہوا ہے لیکن حسینی کے افسانے ہر زمانے اور ہر دور میں مقبول رہے ہیں۔ اس سے یہ صاف ظاہر ہے کہ انھوں نے رفتار زمانہ اور مزاج عصر کو پہچان کر ہر قدم آگے بڑھایا ہے۔ اُن کے ناقدین اور معرفین میں ملّا سے مکتبہ تک سے لے کر ترقی پسند اور جدیدیت دوست تک سبھی رہے ہیں۔ اس سے بھی اُن کے فن کی استواری اور پہلو داری نمایاں ہے۔ ہندوستانی دیہاتوں کی تہ در تہ شخصیت کو جن لوگوں نے پوری صناعانہ ہمدردی سے اُجاگر کیا ہے، اُن میں پریم چند کے ساتھ ساتھ علی عباس حسینی کا نام بھی لیا جائے گا۔ پریم چند کا قلم آزاد اور حسینی کا محبوس تھا، اس لئے جہاں پریم چند سیاسی اور اقتصادی پہلوؤں پر ایک وطنی مجاہد کی حیثیت سے بھرپور چوٹیں کرتے تھے حسینی کے یہاں دور کی اشاریت، اصلاح پسندی کا رُخ اختیار کرلیتی تھی۔ فی الحقیقت یہ ایک ہی تصویر کے دو رُخ ہیں۔ دونوں ہی کی مشترکہ مساعی نے ملک کا حوصلہ بلند رکھا اور اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کا ولولہ دیا۔ دونوں نے مشترک خامیوں اور جماعتی کمزوریوں پر وار کیا دونوں ہی نے رستے ہوئے ناسور اور سڑے گلے زخم سے بندھی ہوئی ریشمی پٹی ہٹائی۔ دونوں نے وسیع النظری، استحاد اور امداد باہمی کو قومی زندگی کے تانے بانے میں بننا چاہا لیکن اس استحاد کے باوجود دونوں الگ الگ پہچانے جا سکتے ہیں۔ پریم چند کے یہاں سیاسی اور نظریاتی رنگ گہرا ہے، اُن کا تاریخی احساس زیادہ سائنسی ہے، لیکن اس حد تک اُن پر مشروطیت غالب ہے جسینی کے یہاں ایک نظریہ نہیں بلکہ کئی نظریوں کی جھلک ہے جو کبھی تو امتزاج کا رنگ اختیار کرلیتی ہے، اور کبھی حسینی کی انفرادی پسند اور ناپسند کا۔ حسینی زندگی کے زیادہ عام پہلوؤں پر، بالخصوص جنسی ناآسودگی اور بے راہ روی یا سماجی و اخلاقی کوتاہیوں پر زیادہ کڑی نظر رکھتے ہیں۔ تکنیک اور پلاٹ کی تکمیل میں وہ خلّاقانہ صناعی دکھاتے ہیں اور عینیت اور مثالیت تک کو افسانوی صداقت کی سطح پر کھینچ لاتے ہیں۔ سب سے زیادہ نمایاں اُن کے افسانوں کی ادبی چاشنی ہے۔ جو اُن کہانیوں میں بھی نمایاں ہوتی ہے جو حد بدرجحانات کی حامل ہیں۔ اُن کے حقیقت پسندانہ افسانوں کا ادبی ماحول خاصے کی چیز ہے۔ جو حسینی کے افسانوی اسلوب کا جزو لاینفک ہے۔ حسینی کے کرداروں میں سبھی طبقوں اور جماعتوں کے افراد ہیں۔ ہر عمر اور ہر ذوق کے افراد ہیں، لیکن فنی دیانت نے ان سب کرداروں میں جان ڈال دی ہے۔ یہی سبب ہے کہ جب میں نے اس صدی کی تیسری دہائی میں اُن کے افسانے پڑھے، اُس وقت بھی اُن میں جاذبیت پائی اور آج بھی اُن کی معنویت تازہ ہے۔ اچھا فن سدا بہار ہے۔

حسینی کی یہ خصوصیت بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ تقریباً مرتے دم تک انھوں نے ہاتھ سے قلم نہیں چھوڑا۔ قلم بدست مرنے والا اس مجاہد سے کم نہیں جو مرتے دم تک قومی پرچم کو سرنگوں نہیں ہونے دیتا۔ حسینی مرے نہیں ہیں، بلکہ داستان کہتے کہتے سو گئے ہیں اور ہر محبت کرنے والے کے قدموں کی چاپ سُن کر جاگ جایا کریں گے۔

غزلیں

یہ فیضانِ چشمِ کرم دیکھتے ہیں
حوادث کو زیرِ قدم دیکھتے ہیں
وہ راحت پرستی، کہ ہے ننگ ہستی
ترے دردمندوں میں کم دیکھتے ہیں
زمانے کی نیرنگیوں کا گِلہ کیا
تری وضع داری کو ہم دیکھتے ہیں
جنھیں شوقِ منزل لیے جا رہا ہے
وہ کب راہ کے پیچ و خم دیکھتے ہیں
تخیل سے اعلیٰ تصور سے برتر
یہ کس کی جھلک ہے جو ہم دیکھتے ہیں
نہ موجِ گریزاں، نہ آغوشِ ساحل
بس اک جلوۂ یم بہ یم دیکھتے ہیں
حجاباتِ کون و مکاں سے گذر کر
انھیں لاکھ پردوں میں ہم دیکھتے ہیں
ہم اہلِ محبت وہ صاحب نظر ہیں
خوشی دیکھتے ہیں نہ غم دیکھتے ہیں
عجب ماجرا ہے کہ واعظ کو اکثر
برِ راہ بیت الصنم دیکھتے ہیں

روشؔ، ہم تو اُس شوخ کی جستجو میں
تماشائے دیر و حرم دیکھتے ہیں!

شاید ہے کوئی چارۂ غم ہائے نہاں اور
ہے حرفِ تسلی دلِ نازک پہ گراں اور
پینے کا سلیقہ ہو تو ہے لطف مکرر!
خود ساقیِ محفل کو ہے اصرار کہ ہاں اور
دل خون ہوا ہے تو فغاں آئی ہے لب تک
باقی ہے ابھی مرحلۂ ترکِ فغاں اور
پروردۂ آغوشِ چمن یوں تو ہیں دونوں
کانٹوں کی زباں اور ہے پھولوں کی زباں اور
جو بات ہے لب پر وہ عطائے ازلی ہے
دل اور ہمارا ہے نہ اے دوست زباں اور
کہدوں سرِ محفل شبِ فرقت کی کہانی
لاؤں تری آنکھوں کے لئے خوابِ گراں اور

اے خضر! چلو منزلِ جاناں کی خبر لیں
فرصتِ شب، تری زلفوں کی کہانی مانگے
یہ کہانی مری آشفتہ بیانی مانگے
دوست کہتا ہوں جو سمجھو کو تو بیجا کہتا ہوں
دوستی بھی تو کوئی دشمنِ جانی مانگے
حرمِ عشق ہے خلوت کدہ حسن و سکوت
عقل، بت خانہ و الفاظ و معانی مانگے
ہم نشیں، حشرِ زلیخا کے لئے خواب کہاں
مسندِ گل، طنبِ زنداں کی کہانی مانگے
یہ تری چشمِ سخن گو کا اشارہ تو نہیں
خامشی، حوصلۂ شوخ بیانی مانگے
زندگی محوِ طوافِ رسن و دار و صلیب
کون شیدا دو صنوبر سے جوانی مانگے
جسے دل کہتے ہیں، اشکوں میں جو ڈھل جائیں
وہ قیامت ہو کہ طوفاں کبھی نہ پانی مانگے
داغِ دلِ کاش کبھی زینتِ داماں ہو روشؔ
حسنِ معصوم محبت کی نشانی مانگے

آنکھیں ترے کوچے کا پتہ پوچھ رہی ہیں
اے خضر! چلو منزلِ جاناں کی خبر لیں
آتا ہے وہ ایک قافلۂ گرمِ سخناں اور
کھلتے ہی رہے، بندِ قبائے گل و لالہ
بڑھتا ہی رہا سایۂ دامانِ فشاں اور
دیکھو جسے، اک مہرِ خموشی ہے لبوں پر
اس شہر میں ہے اہلِ محبت کی زباں اور
لاریب کہ پاکیزگیٔ ذوقِ روشؔ سے
افکارِ تغزل کو ملا حسنِ بیاں اور

روشؔ صدیقی

صالحہ عابد حسین

غبارِ کارواں

ہم نے اردو کے ادبا اور شعرا سے گذارش کی ہے کہ وہ ہمیں یہ لکھ بھیجیں کہ اُن کی شخصیت کے تعمیر میں کون سے عناصر کارفرما رہے ہیں اور وہ کن افراد، واقعات یا کتابوں سے متاثر ہوئے۔ "غبارِ کارواں" کے عنوان سے اس سلسلے کا پہلا مضمون اس شمارے میں شامل ہے۔ (ایڈیٹر)

آج کل کہا جاتا ہے کہ بچے کی ذہنی نشوونما پر اس کی پیدائش سے پہلے ہی ماں کے خیالات کا اثر پڑنا شروع ہو جاتا ہے۔ یہ بات کس حد تک صحیح ہے یہ تو ماہرین نفسیات ہی بتا سکتے ہیں لیکن یہ تجربہ اور مشاہدہ کی بات ہے کہ بچہ ماں باپ کی خاص طور پر ماں کی شخصیت اور خیالات کا اثر اس تربیت سے بھی زیادہ قبول کرتا ہے جو وہ اسے دینے یا دینا چاہتے ہیں اور اس کے نقوش اتنے گہرے اور پائیدار ہوتے ہیں جس کے نتائج سے زندگی بھر وہ دوچار ہوتا رہتا ہے۔ ماں کے پاؤں تلے جنت [illegible] معنی پنہاں ہو سکتے ہیں کہ یہ ماں ہی ہے جو بچے کی زندگی [illegible]

[illegible] پڑا (اور اس میں ذہنی نشوونما بھی آجاتی ہے) سب سے گہرا اثر [illegible] شخصیت کا پڑا؟ اس سوال کا میرا ذہن پہلا اور بے اختیار جواب یہ ہوتا ہے کہ یہ ہستی میری ماں مشتاق ناظمہ مرحومہ کی ہے۔ یوں تو عام طور پر ہر انسان اور ہر فن کار خصوصاً اپنی ماں سے متاثر ہوتا ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ (الا ماشاء اللہ) عام طور پر ہر شریف انسان اپنی ماں کو بہت اونچا درجہ دیتا ہے لیکن میں جب اپنی والدہ کے بارے میں جذباتی تعلق سے قطع نظر کر کے بھی سوچتی ہوں تو بھی وہ ایک بلند اور غیر معمولی شخصیت کے روپ میں نظر آتی ہیں۔ جب وہ چار سال کی تھیں اس وقت ان کی والدہ فوت ہو گئی تھیں اور والد صوفی منش آدمی تھے جن کو گھر بار بچوں سے کچھ زیادہ تعلق نہ تھا اسی لئے ان کی تمام تربیت اور نگرانی دادا دادی نے کی اور اسی طرح قدرت نے انہیں اس لاثانی انسان کی تربیت سے فیض یاب ہونے کا موقع دیا جس کو دنیا خواجہ الطاف حسین حالی کے نام سے جانتی ہے میں بلا خوف و تردید کہہ سکتی ہوں کہ ان کی پوتی میں وہ ساری بنیادی خوبیاں موجود تھیں جنھوں نے حالی کی شخصیت کو بے مثال بنا دیا ہے وہ اپنے گھرانے کی پہلی پڑھی لکھی لڑکی تھیں جس کی تعلیم میں مولانا حالی نے خود دلچسپیاں لی تھی۔ اگرچہ آج کل کی اعلیٰ تعلیم یافتہ عورتوں سے ان کا کیا مقابلہ لیکن اگر علم کا مقصد اخلاقی قدروں کو پرکھ کر ان کو روح کی گہرائیوں میں اتار لینا ہے، اگر اس سے انسان کی ذاتی صفات اجاگر ہوتی ہیں اگر اس کی بدولت انسان درد دل کی نعمت سے فیضیاب ہو سکتا ہے اور خدمت، ایثار صبر اور محبت کی بیش بہا اور کم یاب جواہر سے اس کی جھولی بھر جاتی ہے یا بھر سکتی ہے تو میں کہہ سکتی ہوں کہ میری والدہ نے اپنے بہت محدود علم سے لامحدود فائدے حاصل کئے تھے۔ وہ اپنی اولاد کی تربیت، نگرانی اور اخلاقی تعلیم میں بھی ہمیشہ یہ چیز پیش نظر رکھتی تھیں کہ وہ دنیاوی کامیابی، دولت، شہرت یا عیش یا نہیں مگر اچھے، سچے، با عمل انسان ضرور بنیں۔ خوش قسمتی سے ان کو شوہر بھی وہ ملا جو خاندان بھر کا ہیرا کہا جاتا تھا اور جس کی شرافت اور نیکی ہی کا نہیں قابلیت، ذہانت اور قومی خدمات کا بھی دور دور شہرہ تھا۔ میرے والد خواجہ غلام الثقلین اور ان کی بیوی میں جو گہری اور سچی رفاقت تھی اس کا سمجھتی ہوں کہ اس کی وجہ سے دونوں نے ایک دوسرے کا گہرا اثر قبول کیا ہوگا لیکن والدین جوانی میں اپنے سب کام ادھورے اور ننھے ننھے بچے چھوڑ کر خدا کو پیارے ہو گئے تھے۔ میں اس وقت پورے دو سال کی بھی نہ تھی اس لئے میں نہ ان کی ذہنی صلاحیتوں سے فیضیاب ہو سکی اور نہ ان کی تعلیم و تربیت کی نعمت پا سکی۔ لیکن بچپن سنبھالتے ہی ان کا نام، ان کا ذکر ان کی ذہانت اور قابلیت کا شہرہ ہر کسی کی زبان سے سنا۔ اپنی ماں کھو بھیوں

اور چچاؤں کو ان کے ذکر کے ساتھ آنسوؤں کا دریا بہاتے پایا۔ ان کی تصنیف کردہ کتابیں اور ان کی وسیع لائبریری (جو انمول کتابوں سے بھری پڑی تھی) دیکھی اور غیر شعوری طور پر ان سب کا گہرا اثر قبول کیا اور میرے کچے ذہن میں ایک آئیڈیل انسان کا جو تصور کسی گوشے میں پلتا بڑھتا رہا وہ والد کے خیالی ہیولے سے بہت کچھ ملتا جلتا تھا۔ (اگر خوش قسمتی سے اپنے شوہر میں مجھے وہ بہت سی ذہنی دماغی خوبیاں اور شخصیت کی وہ سادگی نہ ملی ہوتی جو میرے ابا میاں کی خصوصیات تھیں تو کیا ہوتا ؟؟) جوں جوں میری عمر بڑھتی رہی یہ احساس شدت پکڑتا گیا کہ مجھے اس بڑے انسان کی بیٹی کہلانے کے لائق بننا ہے۔ والدہ کی شخصیت اور صفات اور والد کے تصور کا میرے ذہن نے کتنا گہرا اثر قبول کیا اس کو صرف میں محسوس کر سکتی ہوں، بیان نہیں کر سکتی۔

ایک اور شخصیت میرے بڑے چچا خواجہ غلام الحسنین کی ہے جس نے میرے مذہبی عقیدوں اور اسلام کے تصور پر بہت اثر چھوڑا ہے۔ وہ بہت بڑے عالم دین تھے جنھوں نے اسلام کا بڑی گہری نظر سے مطالعہ کیا تھا اور اس کی روح کو سمجھ کر اس کی صحیح تعلیم دینے کو اپنی زندگی کا مقصد بنایا تھا لیکن ان کا دامن ایسی تنگ نظری اور تعصب سے پاک تھا جو عام طور پر مذہبی لوگوں میں پایا جاتا ہے۔ ساتھ ہی وہ توہمات سطحی مذہبی رسموں، غلط عقیدوں اور اوہام کا جو جال مذہب کے گرد پھیلا ہے اس کے بڑے مخالف تھے اور انہیں اسلام کی صحیح تعلیم کے منافی سمجھتے تھے۔ اپنے خاندان کے بچوں کو اسلام کی صحیح تعلیم سے روشناس کرانے کی انھوں نے ہمیشہ کوشش کی۔ میرے بڑے بھائی سیدین صاحب نے ان ہی سے عربی اور مذہبی تعلیم کا درس لیا تھا۔ ان کے کردار میں ایک سچے عالم ایک مرد فقیر ایک باخدا انسان کا ایسا دلکش جلوہ نظر آتا تھا جو اسلام کے ابتدائی دور کے بعض سچے عالموں اور خادموں کا طرۂ امتیاز تھا اور جن کو خاصانِ خدا کا رتبہ ملا تھا۔ مجھے لوگ آئیڈیل پرست کہتے ہیں۔ میری کہانیوں اور ناولوں کی سب سے بڑی خامی بعض نقاد (اور نکتہ چین) یہ بتاتے ہیں کہ میرے بعض کردار "آئیڈیل" ہوتے ہیں جن میں وہ صفات نظر آتی ہیں جو اس دنیا میں نہیں ہوتیں۔ شاید بدقسمتی سے انھیں وہ ماحول اور وہ شخصیتیں نہیں ملیں (یا انھوں نے ان کو پوری طرح پہچانا نہیں) جو مجھے خوش نصیبی سے ملی تھیں اور جن میں میں نے وہ بنیادی خوبیاں اور اعلیٰ قدریں بڑے حسن و امتزاج کے ساتھ سموئی پائی تھیں جن کی ناقص سی جھلک انہیں میرے کرداروں میں نظر آتی ہے اور وہ یہ کہتے سنائی دیتے ہیں کہ بھلا ایسے لوگ ہوتے کہاں ہیں ؟

بچپن سے میرے دل میں اعلیٰ تعلیم پانے کی تمنا تھی اپنے ابا میاں اور بھائی جان کی طرح خوب پڑھوں گی، ڈگریاں لوں گی، ڈاکٹر بنوں گی [illegible] اس میں یہ جذبہ پنہاں تھا کہ اپنی بیمار رہنے والی اماں کا علاج کروں گی [illegible] یہ خواب پورے نہ ہوئے۔ ہاں ایک دوسرے میدان [illegible] باپ کی ذہنی رفاقت اور روحانی شاگردی قدرت نے [illegible] کی تھی۔

لیکن یہ سب تو سوچنے سے خیال میں آتا ہے حقیقت میں جس [illegible] صلاحیت کو پرکھا اور میری ذہنی نشوونما میں نمایاں حصہ لے کر مجھے [illegible] وہ میرے بھائی خواجہ غلام السیدین ہیں وہ پیدائشی معلم ہیں جن کی [illegible] سب سے بڑی مسرت اور مقصد یہ رہا ہے کہ بچوں کو تعلیم کا شوق دلائیں علم کی پیاس پیدا کریں اور ان کی قدرتی صلاحیتوں کو ابھرنے اور پنپنے کا موقع دیں اور ہمت افزائی کریں۔ مجھے یہ فخر حاصل ہے کہ میں ان کی سب سے پہلی طالب علم ہوں۔ مطالعے کا شوق تو مجھے ورثہ میں ملا تھا (اور سارا گھر طرح طرح کی کتابوں سے بھرا پڑا تھا) جن کتابوں کا کچھ بھی حصہ سمجھ میں آجاتا وہ بس میں پڑھ لیتی تھی۔ لیکن بھائی جان نے صحیح قسم کی کتابیں پڑھنے کا شوق پیدا کیا اور اچھی اچھی کتابیں لا کر دیں۔ انگریزی کتابیں پڑھنے ہی کی قابلیت نہ تھی سمجھنے کی صلاحیت کہاں سے ہوتی مگر انہوں نے ہمیشہ مجھے ابھارا کہ سمجھ میں آئیں یا نہ آئیں مگر میں انگریزی کتابیں پڑھتی رہوں چنانچہ مجھے یہ چاٹ بھی لگ گئی اور اس طرح انگریزی ادب اور اس کے ذریعے دوسری زبانوں کی بعض بلند پایہ کتابوں سے میری شناسائی ہوئی۔ وہ شروع سے میری لکھی اوندھی سیدھی چیزوں کو پڑھتے مشورہ دیتے اور زبان ٹھیک کرتے تھے اور بقول [illegible] ان کے مذاق مذاق میں انہوں نے مجھے ادیب بنا دیا۔ تیرہ یا چودہ سال کی عمر میں میری جو سب سے پہلی کہانی رسالہ نور جہاں میں چھپی وہ انہیں کی سنائی ایک انگریزی کہانی کا چربہ تھی۔ برسوں تک میری کوئی کہانی کوئی مضمون ان کی اصلاح کے بغیر شائع نہیں ہوا۔ اب کہ وہ اتنے مصروف اور میں اتنی مشہور ہوں، اب بھی کوئی اہم چیز لکھتی ہوں تو اکثر مدت تک وہ اس انتظار میں پڑی رہتی ہے کہ وہ پڑھ کر اس پر تنقید کریں یا صاد کر دیں۔

جی ہاں یہ بات کوئی عورت، خصوصاً فن کار عورت کم ہی مانتی [illegible] اس کا اعتراف ہے کہ میری ذہنی نشوونما میں جن شخصیتوں کا اثر پڑا [illegible] شوہر ڈاکٹر عابد حسین بھی ہیں۔ انیس سال کی عمر میں میری ان سے شادی [illegible] ذہن اس وقت کچا، تعلیم ناقص، تجربہ محدود تھا۔ گذشتہ [illegible] میں میں نے، میرے فن نے میرے خیالات نے ان سے کتنا اثر لیا [illegible] لمبی داستان ہے جس کو بیان کرنا آسان نہیں [illegible] بہت [illegible]

خاندانی ورثہ ہے، یہ جوہر بھی ہے اور خامی بھی۔

میرے والد مرحوم بھی بہت زود نویس تھے اور یہی صفت بھائی جان میں بھی ہے۔ آمد میں قدرت سے دولت ہوئی ہے اور میں اسے اپنی بڑی خوبی سمجھتی تھی۔ ساتھ ہی میری تحریر میں جذباتی شدت پسندی اور زور بیان کی خامیاں بھی رچی بسی تھیں۔ عابد صاحب سے دھیرے دھیرے غیر شعوری طور پر میں نے یہ سیکھا کہ جذبات اور احساسات کو کس طرح متوازن کیا جاتا ہے آمد کے دھارے پر کس طرح بند باندھکر اسے فن کے سانچے میں ڈھالا جاتا ہے اور میں نے یہ سیکھا کہ جرنلزم اور ادب دو الگ الگ چیزیں ہیں اور ناول اور افسانہ ادب کا وہ روپ ہے جو وقت کے دھارے کے ساتھ نہیں بہتا بلکہ وقت کو اپنے اندر سمیٹ لیتا ہے۔ سنجیدہ مطالعے اور کلاسکی ادب کے شوق نے بھی انھیں کیوجہ سے نشو و نما پائی جس کا گہرا اثر میرے ذہن اور فن پر پڑا۔ میرے شعری ادب کے ذوق میں بھی ان کی وجہ سے وسعت پیدا ہوئی کہ پہلے میں شاعروں میں بس حالی، اقبال اور انیس کے سوا کسی کے کلام کو اہمیت ہی نہ دیتی تھی اور یہاں غالب جن سے لڑکپن سے ہی جانے کیسے اور کیوں دلچسپی پیدا ہو گئی تھی۔ برسوں تک انھوں نے میری کہانیوں اور مضمونوں کی زبان درست کی ہے آج جب وہ میرے پچاس صفحے کے مضمون یا پانسو صفحے کے ناول کا ایک جملہ کاٹے بغیر اسے پاس کر دیتے ہیں تو مجھے شک ہوتا ہے کہ انھیں پوری طرح دیکھنے کی فرصت نہیں ملی یا کاہلیت ہوتی ہے کہ آپ توجہ ہی نہیں کرتے اب۔ دل ابتک یہ نہیں مانتا کہ ان کی شاگرد کی زبان کو اب اصلاح کی ضرورت نہیں رہی۔

ان محبوب زندہ شخصیتوں کے علاوہ کچھ عظیم فن کار ہیں جن کا اثر بالواسطہ میری ذہنی نشو و نما نے قبول کیا ہے۔ ان میں سب سے زیادہ جس ہستی نے مجھے متاثر کیا، وہ حالی کی ہے جن کی نثر کی تصانیف کی ہر سطر اور نظم کا ہر ہر شعر میں لڑکپن ہی میں پڑھ چکی تھی اور آج تک پڑھتی رہتی ہوں۔ ان کی تصانیف میں جو خیالات پیش کئے گئے ہیں اور اخلاقی تعلیم کی جو روح ہے وہ میرے ذہن و دماغ میں اتر گئی ہے۔ دوسری طرف ان کے انداز بیان کی سادگی اور خلوص نے مجھے بہت متاثر کیا ہے۔

پھر اردو کا عظیم شاعر انیس جس کا نام پیدا ہوتے ہی کان میں پڑنا شروع ہو گیا تھا انیس کے کلام کا بے پناہ حسن اور فن کا کمال اور وہ اخلاقی تعلیم اور اعلیٰ قدریں (جن کی مرتع کشی انہوں نے ہزاروں رنگ میں کی ہے) ہمیشہ میرے دل کے تاروں کو چھوتی اور روح کو وجد میں لاتی رہی ہیں۔ یہ سمجھنا تو تعلی ہوگا کہ اس عظیم فنکار کا میرے فن پر کوئی اثر پڑا ہے لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہ میرے روحانی استاد ہیں اور کسی نہ کسی شکل میں میرے ذہن اور فن دونوں نے ان کے اثرات ضرور قبول کئے ہوں گے۔

اقبال کا کلام جب منہ سے پورے بول بھی نہ نکلتے تھے تب سے زبانی یاد کرایا گیا تھا اور پھر جب ذرا پڑھنا آیا تو بچے کی تمنا سے لیکر شکوہ و جواب شکوہ سے گذرتی ساقی نامہ، مسجد قرطبہ تک تو نوعمری ہی میں پہونچ چکی تھی اور پھر جوں جوں عمر عقل اور مطالعہ بڑھا ذہن میں پختگی آئی ان کے اور زیادہ بلند پایہ کلام نے دماغ اور دل پر گہرے اثرات چھوڑے۔

ہے تو چھوٹا منہ بڑی بات لیکن بعض باتوں میں مجھے اقبال سے اختلاف ہے۔ ان کی نثر کی تصانیف میں نے بہت کم پڑھی ہے اور اس کے بغیر اقبال کے کلام کی گہرائی اور صحیح روح تک پہنچنا مشکل ہے۔ ان کا فارسی کلام بھی پورا نہیں پڑھا لیکن جتنا پڑھا ہے اس نے مجھے ان کا گرویدہ بنا دیا ہے اقبال کے کلام کی گہرائی، وسعت اور عظمت کچھ اس طرح دماغ میں رچ بس گئی ہے کہ میں نے غالب تک پر چھ سات مضامین لکھے ہیں انیس پر کتنے ہی مضمون لکھے اور حال ہی میں پانسو صفحے کی ایک کتاب مکمل کی ہے حالی پر بہت کچھ لکھا ہے مگر اقبال پر دو تین ریڈیو کی تقریروں کو چھوڑ کر) لکھنے کی ہمت آج تک نہیں ہوئی یہ آج تک سب سے بڑا اعتراف ہے ان کی عظمت کا۔ لیکن اقبال کے کلام نے بہت بچپن ہی سے میری ذہنی نشو و نما پر اثر ڈالا ہے اس میں مجھے ذرا بھی شک نہیں۔

منشی پریم چند ان ادیبوں میں ہیں جنھوں نے میرے ذہن اور فن پر براہ راست اثر ڈالا ہے میں بارہ سال کی ہوں گی جب سب سے پہلے ان کی پریم پچیسی اور پریم بتیسی پڑھی اسی زمانہ میں سیدین صاحب نے ہمارے لئے یہ کھیل ایجاد کیا تھا کہ وہ پریم چند کی بعض کہانیاں پڑھکر سناتے اور ادھورا چھوڑ دیتے اور ہم سے پورا کرنے کے لئے کہتے — چنانچہ میں نے ان ادھوری کہانیوں کو پورا بھی کیا ہے لیکن میں نے کبھی شعوری طور پر پریم چند کی نقالی کرنے کی کوشش نہیں کی۔

یہ ممکن بھی نہ تھا کہ ان کا خاص میدان سیاسی جدوجہد تھا اور ان کے پلاٹ دیہاتی زندگی کے محور کے گرد گھومتے ہیں جبکہ میری کہانیاں اقتصادی ماحول اور گھریلو زندگی کی عکاسی اور معاشرتی انقلاب کی آئینہ داری کرنا چاہتی تھیں ہاں پریم چند کا فنی خلوص گہری اور سچی جذبات نگاری اور جیتی جاگتی کردار نگاری کا جو ان کے ناولوں کی جان ہے ضرور میرے ذہن نے اثر قبول کیا ہے۔ جب بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ میرے ناول پریم چند کے ناولوں سے مشابہ ہوتے ہیں تو اس کا مطلب میں یہ سمجھتی ہوں (انسان بروجہ غلط ہوتا ہے) کہ انہیں میرے کرداروں میں بھی وہی جیتی جاگتی زندگی اور میرے فن میں وہی

(بقیہ ص ۱۳)

اُردو اخبارات میں ہندی الفاظ

خالد مرزا یف تاش مرزا

اُردو جس کا جنم اور فروغ ہندوستان کی سرزمین میں ہوا، بہت سی زبانوں کے اجزار کے میل ملاپ کا نتیجہ ہے اس کا لغت دوسری زبانوں سے مسلسل نئے نئے الفاظ لیتا رہا۔ رام بابو سکسینہ نے تاریخ ادب اُردو میں یہ لکھا ہے: "ہر طرح کے الفاظ جو اُردو کی اصل سے میل کھاتے ہوں اس میں ضرور داخل ہونے چاہئیں۔ خواہ وہ انگریزی ہوں خواہ وہ فارسی ہوں یا سنسکرت۔ صرف یہی ایک طریقہ زبانِ اُردو کی تکمیل اور اس کی ترقی کا ہے۔ اس طرح وہ ایک اعلیٰ درجہ کی زبان اور ہندوستان کی عام زبان بن سکے گی"[1] اس کا ایک سرچشمہ ہمیشہ ہندی رہا ہے۔ اُردو اور ہندی میں جو اپنی بنیاد میں ایک ہیں، بہت سے ایسے مشترک الفاظ پائے جاتے ہیں جو دونوں میں یکساں استعمال ہوتے ہیں حتا کہ کبھی کبھی یہ پرکھنا مشکل ہوجاتا ہے کہ وہ اُردو کے ہیں یا ہندی کے۔ ہندی سے الفاظ مستعار لینے کا رُجحان کبھی تیز ہوجاتا ہے اور کبھی سست لیکن ہمیشہ جاری رہا۔ اگر میر امّن کے "باغ و بہار" "گنجِ خوبی" یا نظیر اکبرآبادی یا حالی کی شاعری کو زبان کے معیار سے دیکھیں تو اُن کی زبان نہایت آسان اور عام فہم پائیں گے، جہاں ہندی کے کافی الفاظ موجود ہیں۔ حیات اللہ انصاری صاحب نے اس قسم کے ادب کو اپنے ایک مضمون میں "ٹھیٹھ ادب" کا نام دیا۔ اس سلسلہ میں آپ لکھتے ہیں۔ اس ٹھیٹھ ادب کے الفاظ سماج کی تہوں میں گہرے اُترتے جاتے ہیں۔ ان میں برسوں کی روایتیں بھری ہوتی ہیں۔ اس کے گیتوں اور مثلوں وغیرہ میں ہندوستانی سماج کے گہرے جذبات ادا ہوتے ہیں۔ یہ ہندو اور مسلم کلچروں کے سنگم پر بنا ہے اور اس میں دونوں کے ادا کرنے کی طاقت ہے۔ یہ فارسی اور عربی لفظوں کو اسی رواداری سے قبول کرلیتا ہے جیسے سنسکرت کے لفظوں کو اور گانوں کے لئے اُردو اس کی بالکل محتاج ہے"[2] لیکن ہماری بحث اس قسم کے ادب سے نہیں ہے جن میں ہندی الفاظ کے ساتھ ہندی کی کہاوتیں ضرب الامثال ہیں بلکہ صرف اُردو اخبارات کی زبان سے ہے جس میں آخری بیس پچیس سال کے دوران کافی تبدیلی ہوئی ہے۔ پہلے ان کے صفحوں پر آج کل کے مقابلہ میں ہندی الفاظ کم استعمال ہوتے تھے (یہاں اور آئندہ لفظ "ہندی" سے ہندی اور سنسکرت دونوں کے الفاظ سمجھے جائیں جو ہندی زبان کے ذریعے سے اُردو میں آئے یا آتے ہیں)۔

پہلے یہ عام طور پر ہندی کے عام فہم اسمائے صفات ہوتے تھے لیکن بیسویں صدی کے شروع سے نئے قسم کے ہندی الفاظ بھی آنے لگے جن میں جدوجہدِ آزادی کے دور کی پوری طرح عکاسی ملتی ہے۔ ان کو ہم سیاسی اصطلاحات بھی کہہ سکتے ہیں۔ مثلاً سماج، سوراج۔

---

[1] حیات اللہ انصاری "ٹھیٹھ اُردو۔ اُردو ادب۔ جنوری اپریل سنہ ۱۹۵۱ء صفحہ ۳۰۵

سودیشی راج (انگریزی راج۔ برطانوی راج) نیتا، دیش بھگت، دیش بھگتی، اہنسا، سامراج، بلیدان، ستیہ گرہ وغیرہ۔

آزاد ہندوستان میں ہندی الفاظ کا اُردو میں آنا نہ صرف باقاعدہ رہا بلکہ تیز بھی ہوگیا۔ بول چال کی زبان، فلموں اور اُردو افسانوں کی زبان میں کافی ہندی الفاظ نے مستقل طور پر اپنی جگہ بنالی۔ اس کی بڑی وجہوں میں سے دو یہ کہی جاسکتی ہیں کہ ہندی کو ہندوستان کی سرکاری زبان ہونے کا شرف حاصل ہوا اور دوسری طرف خود اُردو دانوں کی خواہش رہی کہ اپنی زبان کو آسان اور عام فہم بنایا جائے۔ ہندی الفاظ کو مستعار لینے کا رجحان اُردو اخبارات میں دیکھا جاسکتا ہے۔ اب نہ صرف عام فہم بول چال کے ہندی الفاظ آرہے ہیں بلکہ سیاسی اور سماجی زندگی سے متعلق اصطلاحات بھی جو آزاد ملک کے بعد بدلے ہوئے حالات کا عکس پیش کررہی ہیں۔ کبھی کبھی اُردو گرامر پر ہندی کی چھاپ بھی نظر آتی ہے۔ لیکن ہندی کی سائنس اور ٹکنالوجی سے متعلق اصطلاحات، ۔ ۔ ۔ ۔ ابھی تک اُردو اخبارات کی زبان میں استعمال نہیں ہوتی ہیں۔ راقم الحروف نے ہندوستان کے مختلف ہفتہ وار سے شائع ہونے والے اُردو کے قابلِ ذکر پینتیس کے قریب اخبار دیکھے اور مثالیں جمع کیں۔ یہاں ان مثالوں سے کام لیا جائے گا۔ کوئی بھی مثال اس وقت تک نہیں دی گئی جب تک وہ کئی بار، تین چار اخباروں کے صفحوں پر نہ ملتی ہو۔ اس مضمون کو مختصر بنانے کی غرض سے عام طور پر مثالیں بغیر تاریخ کے دی گئی ہیں۔ تاریخ ایسی صورت میں لکھی گئی ہے جب یہ محسوس کیا گیا ہے کہ فلاں مثال سے قارئین کو اختلاف ہوسکتا ہے۔ حوالوں کے اخبار کے نام کے بعد کی تشریح یوں ہے۔ ۶۰، ۵، ۳، ۲ صفحہ دو، تاریخ تین ۵ مہینہ مئی، سال سنہ ۱۹۶۰ء۔ اگر ۲ کی جگہ ۶ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ مثال "ایڈیٹوریل" سے لی گئی ہے۔ ہمارے پاس موجود مثالوں سے یہ کہا جاسکتا ہے کہ اُردو میں ہندی الفاظ لینے کا رجحان اُردو کے ہر ایک اخبار میں پایا جاتا ہے۔ البتہ ان میں یہ بات ایک جیسی نہیں ہے۔ مثلاً ابن الوقت (حیدرآباد) "مسلمان" (مدراس) دعوت (دہلی) میں ہندی [illegible] اور نئیم "افکار" (بھوپال) سیاست (حیدرآباد) ہماری زبان" (علی گڑھ) میں نسبتاً زیادہ ہیں۔ یہاں "ملاپ" "پرتاپ" "تیج" پردیپ یا ہمالچل پردیش کے "کیلاش" جیسے شائع ہونے والے اخباروں سے مثالیں نہیں دی گئی ہیں جن میں ہندی الفاظ زیادہ ملتے ہیں۔

ملک میں واقع ہونے والی باتوں سے متعلق ہندی اصطلاحیں اور الفاظ

زبان جو بذاتِ خود سوسائٹی کی پیداوار ہے سماج سے الگ ہوکر زندہ نہیں رہ سکتی۔ اس لئے وہ تبدیلیاں جو سماج میں رونما ہوتی ہیں۔ اُن کا زبان پر اثر ہونا قدرتی بات ہے۔ شاید ہی دنیا کی کوئی ایسی زبان ہو جس کا لغت موجودہ سائنس اور ٹکنالوجی کی تبدیلیوں سے اثر پذیر نہ ہو۔ زبان میں جو بھی نئی نئی باتیں آتی ہیں وہ سب سے پہلے تحریری شکل میں اخباروں کے صفحوں پر ملتی ہیں۔ کئی الفاظ یا اصطلاحیں تھوڑی مدت کے بعد متروک ہوجاتی ہیں، جیسے کہ اُردو میں "ہز ہائنس" "راج پرمکھ" "سر" "وائسرائے" "لاٹ صاحب" "چیف کمشنر راج" وغیرہ دوسری دیرپا ہوتی ہیں۔

تقسیم ملک کے بعد اُردو اخباروں میں نکاس، شرنارتھی نکاسی اپنی جگہ لے لیتے ہیں۔ لفظ "راج" جو اُردو میں آزادی سے پہلے کبھی کبھی استعمال ہوتا تھا آج کل بہت مستعمل ہوگیا ہے۔ اس کے ساتھ ہمیں اس طرح کے مرکب الفاظ ملتے ہیں، گورنر راج، کانگرس راج، ظلم وتشدد کا راج، "جہالت کا راج"۔ "کمیونسٹوں کا راج" "ہمارا اپنا راج" "ساہوکاروں کا راج" "پنچایت راج۔ راج گدی" بدیشی راج۔ اس کا مطلب ہے کہ یہ لفظ اُردو میں چل گیا۔

پہلے اُردو میں لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے لئے ایوانِ عام (دارالعوام) ایوان بالا لکھا جاتا تھا۔ مثلاً سردار بلدیو سنگھ دارالعوام کے لئے منتخب ہوگئے۔ (ڈی آواز۔ ۵۲-۲-۱۷) ایوانِ بالا میں بحث" (الجمعیۃ ۴۹-۸-۲۱) لیکن اب سب اخبار ہندی اصطلاحیں لیتے ہیں۔ اس طرح مختلف سرکاری عہدیداروں اور پروگراموں وغیرہ کے نام جو ہندی میں پڑتے ہیں۔ عام طور پر انھیں اُردو اخباروں میں بغیر ترجمہ کئے جوں کا توں لے لیا جاتا ہے۔ راشٹرپتا، آکاشوانی، پردھان منتری، راشٹرپتی، راجیہ منتری، ساہتیہ سمارہ، ودھان پریشد۔ گنترنتر پریشد ضلع پریشد۔ ودھان سبھا۔ راشٹرپتی بھون۔ راج بھون۔ دیبان بھون۔ پنچایت سمتی۔ سیوانیکتن پنچالک

(آر ایس ایس کے چیف سنچالک مسٹر گولوالکر نے کہا۔ جرس ۶۹، ۷، ۸)
پردھان (ہندو مہا سبھا کے پردھان نے اطلاع دی ہے۔ قومی آواز ۵۲-۴-۲۱) بینک اسکول، وششٹ میڈل (انہوں نے مسلح افواج کے افسروں وششٹ میڈل عطا کیا۔ روزانہ خلافت ۶۹-۴-۲۶-۴) گاندھی سمارک ندھی۔ سبھاش جینتی، گاندھی شتابدی یوجنا (دو سال ہو گئے ہماری یوجنا نہیں بنی۔ جرس۔ ۶۹-۱-۷-۷)

اس طرح اگر کسی پارٹی یا تحریک کا نام ہندی میں ہو تو عام طور پر وہ بھی اُردو اخباروں میں ایسے ہی لیا جاتا ہے یا کبھی جزواً ترجمے کے ساتھ ــــ پرگتی شیل۔ ودھایک دل، سمیکت (سن یکت) ودھایک دل، پرانتیہ رکھشک دل۔ سمارت سیوک سماج، گرام سیوک سماج۔ گرام رکھشا (رکشا) سمتی گئو اندولن گئو ہتیا، ناری سدھار سدن، اکل ہند سماج وادی یووک سبھا، ہندی سمتی، اور کبھی گئو کشی، گرام دان تحریک۔ گئو رکھشا کمیٹی وغیرہ

یہاں یہ کہنا ضروری ہے کہ اُوپر دی ہوئی مثالیں جو دو یا تین الفاظ پر مشتمل ہیں، انہیں ایک واحد یونٹ سمجھنا چاہئے جن کا ایک ہی مفہوم ہے۔ اس لئے انہیں ایک خاص قسم کی اصطلاحیں سمجھنا ضروری ہے۔ اُن کے الگ حصے اُردو میں ابھی تک زیادہ تر مستعمل نہیں ہیں مثلاً بھون۔ ہتیا۔ پرگتی، رکھشا، سنچالک، پردھان، سمتی جیسے الفاظ کے ساتھ جو اُوپر کی مثالوں میں ہیں، اُردو میں دوسرے مرکب الفاظ نہیں بنتے ہیں یعنی اس طرح کے الفاظ "راج" جیسے لفظ کی طرح ابھی تک مستعمل نہیں ہو سکے ان کے مقابلہ میں نیچے دیئے ہوئے الفاظ جو اصطلاحیں ہو گئی ہیں زیادہ مستعمل ہیں" راجدھانی" "بدیشی" "دھرنا" "بھارت" "بھارتی" "سامراج" "مرن برت" "دھڑے بندی" "سمجھتہ" "آدرش" "سدھار" "گھیراؤ" "دل بدلی نیتا"

ہندی بول چال کے مزید نئے الفاظ

ہندی کے بہت سے الفاظ اُردو میں تقسیم ملک سے پہلے ہی اس کے

۱- اخبار "افکار" (بھوپال) میں اسی کی بنیاد پر بنی دوسری اصطلاح ملی۔ "نراج" (نراج پھیلانے کا پروگرام بنایا جا رہا ہے ۵۷-۹-۲۲-۱)

جزو بن گئے تھے مثلاً بھروسہ، ان پڑھ۔ دھیان۔ انمول۔ ہڑپ۔ ٹھکر اجالا۔ پرچار۔ کرن۔ اداس، سندر، انگنت جیسے الفاظ کثرت سے استعمال ہوتے تھے اور اُردو کے مختلف لغات میں درج ہیں۔ فیروز اللغات جو ۱۹۴۰ء کے آس پاس کی اُردو زبان کی عکاسی کرتا ہے۔ اس کو دیکھنے کے بعد ہمارا یہ خیال ہے کہ وہ صرف اُردو ہی کا لغت نہیں بلکہ یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ "ہندوستانی" کا بھی لغت ہے، اس میں بہت سے ہندی اور سنسکرت کے الفاظ شامل ہیں، جو شاید ہی اس زمانے میں اُردو میں، خاص کر فصیح اُردو میں کثرت سے مستعمل تھے مثلاً پُتر (بیٹا)، سوگ، دیا، لگان، اجاگر، جاگرن، دھرم، ریت، کرتوت، پتر (خط) لیکن اس کے باوجود "گیت کار" شانت "بھیانک پن تا" نواسی، چناؤ، "گراوٹ" "من گھڑت، پوجاری راجدھانی، چیتاؤنی، جنتا، بھارتی، انتھک، وچار، دھارا، اٹوٹ ارب پتی، جیسے اور دوسرے الفاظ جو ہمیں اُردو اخباروں کے صفحوں پر ملے ہیں، وہ فیروز اللغات میں درج نہیں کئے گئے اور چھاپ (اثر) کلاکار (فن کار)، دل (پارٹی) میلہ (فیسٹی ول) کے الفاظ دئے تو گئے ہیں اور ہر ایک کے چار پانچ مطالب ہیں۔ مثلاً کلاکار کے لئے یہ لکھا ہے مکار، فریبی، دغاباز، شور مچانے والا۔ فسادی۔ لیکن الفاظ کے وہ معانی جو ہم نے بریکٹ میں دیا، لغت میں غیر موجود ہیں۔ ہمارے یہ کچھ ان پر انگریزی تہذیب کی چھاپ ہے (ندیم ۶۸-۳-۱۱-۷) اس دل کے اندر اختلاف رونما ہو گئے" (روزانہ آزاد ۶۹-۲-۲۱-۴)

اب اس قسم کے الفاظ اُردو اخبارات میں دھیرے دھیرے آ رہے ہیں اور پہلے سے اُردو میں رائج لیکن کم مستعمل ہندی الفاظ کے ساتھ زور پکڑتے جا رہے ہیں۔ نیچے دی ہوئی مثالیں اُردو اخباروں کے صفحات میں آج کل کافی ملنے لگی ہیں۔ جیسے کرتا دھرتا۔ کام کاج۔ میل ملاپ۔ چھان بین۔ روک تھام۔ میل جول۔ گٹھ جوڑ۔ سوچ بچار۔ مال مٹول۔ بندھن۔ نیا پن۔ پاگل پن۔ ہٹ دھرمی۔ بگھیر۔ پونجی جھگڑالو کھوج۔ جنم بھومی۔ پکوان۔ اڑان۔ لوک ناچ۔ اکتا۔ بیاج۔ لاگت۔ بیٹھک نوچی گٹھ جوڑ کی بیٹھک (افکار ۶۶-۷-۲۹-۳)

فیروز اللغات میں ہندی کے کافی الفاظ کے ساتھ لفظ "ہندو"

بھی لکھا ہے یعنی یہ لفظ ہندوؤں سے متعلق استعمال ہوتے تھے اور ہندوؤں کے مذہب اور کلچر کی عکاسی کرتے تھے اب اس قسم کے بہت سے الفاظ سے وہ تہذیبی یا مذہبی رنگ مٹ رہا ہے۔ مثالیں "قوم ۳۰ جنوری کو ان شہیدوں کو شردھانجلی پیش کرے گی" (آزاد ہند ۶۵-۱-۲۸-۳) "موبوتو کی حکومت کو امریکہ کی آشیرواد حاصل ہے۔" (سیاست ۶۱-۱-۱۵ ع) اس بات کی خوشی ہر سچائی کے پجاری کو ہونی چاہئے "(ندیم ۵۴-۱۰-۲۶-۳) لیکن ابھی یہ کہنا کہ ایسے سب الفاظ اس طرح کے ہوتے ہیں، بے محل ہوگا، ہندی کے کئی الفاظ تب استعمال ہوتے ہیں، جب بات ہندوؤں یا ان کے رسم و رواج دھرم، رہن سہن، تہواروں کے بارے میں ہو، یا کسی ہندو کی کہی ہوئی بات کا اقتباس پیش کیا جاتا ہو۔ مثلاً ہندو دھارمک کتابیں "سمادھی"، پاٹھ، ارتھی کا جلوس، تیرتھ استھان، تیرتھ یاترا، سورگیہ، سورگباش ہندی کے پرچارک، کرشن اوتسو وغیرہ۔

کبھی کبھی ہندی کے دیش، دھرتی، آتما، اُجالا، جنم بھومی، اُپدیش، دیر، سپوت، آدرش جیسے الفاظ کی مدد سے انداز میں زور پیدا ہوتا ہے۔ مثالیں "گاندھی جی کے اُپدیش خاص اہمیت رکھتے ہیں" (غازی ۶۸، ۸، ۱۵، ۶) "مادر وطن کے بہادر سپوتوں نے جان و مال کی قربانیاں کیں" (ندیم ۵۷-۸، ۱۵، ۳) گوا کے مشہور ویر شہری موہن رانا ڈے (آج ۶۹-۴-۲۲ ع) وہ اپنے آپ کو اس دھرتی کے لال نہیں سمجھتے ہیں۔" (قاید ۶۹، ۱۲، ۱۵، ۲) ہمارے راشٹر پتا ایکتا کے آدرش کے کارن ایک نوجوان کے ہاتھوں سرگباش ہوگئے" (سیاست ۵۹، ۸، ۱۵، ۲) "دیوالی ہماری آتما کے جوت بھی جگا سکتی ہے۔" (ندیم ۵۴، ۱۰، ۲۶ ع) "ہم ان اصولوں کو اپنا آدرش بنائے ہوئے ہیں (انکار ۵۹، ۷، ۱۶ ع) اگر ان الفاظ کی جگہ اُردو کے دوسرے الفاظ لکھیں تو ان جملوں کے معنی تو وہی رہیں گے لیکن اسلوب میں ضرور فرق آجائے گا۔ اس طرح ان اشعار اور گیتوں میں جو کبھی کبھی اُردو اخبارات میں آجاتے ہیں یہی بات پائی جاتی ہے۔ ان میں حسب ذیل سندر، پرمعنی اور پرکشش الفاظ ملتے ہیں۔ جھاپ، پاپ، ویر، سنت، نگھرش، پریت، رتو، آشا، پون، دھن، دیپ، امٹ (امٹ آس، امٹ پیاس) روپ، اوتار، ریت، پریم وغیرہ۔ البتہ گیتوں میں ہندی الفاظ کا استعمال پہلے ہی سے رائج ہے۔

بعض اوقات کسی بات یا مفہوم کو ادا کرنے کے لئے اردو اخبار ہندی کا لفظ لیتے ہیں۔ لیکن اس بات یا مفہوم کو ادا کرنے والے دوسرے مستعمل الفاظ کی جگہ نہیں بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اس کے نتیجہ میں دو الفاظ ایک ہی بات کا اظہار کرتے ہیں۔ عام طور پر ان کے بیچ حرف ربط "اور" آجاتا ہے اور کم موقعوں پر حرف ربط "و" آتا ہے۔ یا کوئی بھی نہیں ہوتا۔ مثالیں: امن اور شانتی (امن اور شانتی ہماری دوستی کی بنیاد ہے" غازی ۶۸، ۸، ۱۵، ۲) "پریم اور محبت" "پھوٹ اور انتشار" "یکایک اور اچانک" (یکایک اور اچانک انہوں نے اپنا دورہ ختم کر دیا۔ روزانہ ہند ۶۵، ۶، ۱۱) "اصول اور سدھانت"، "کٹھن اور دشوار" (یہ سب کٹھن اور دشوار مسئلہ ہے۔ اُردو ٹائمز ۷۰، ۱، ۲۶) "آدرش اور نصب العین" (یہ بات اخبار سیاست کا آدرش اور نصب العین ہے۔ سیاست ۵۹، ۸، ۱۵، ۱) "متبرک اور پوتر" (جس چیز پر ان کی نظر پڑتی وہ متبرک اور پوتر ہو جاتی ہے۔ اُردو ٹائمز ۶۲، ۳، ۱، ۸) "سود بیاج" "شادی بیاہ"، "ظلم و ہتیا چار"، "امن و شانتی"۔ (یہ سب فیروز اللغات میں نہیں) اس دوہرے استعمال کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟ اُردو کے ایک نامور نقاد نے یہ کہا "جب میں کچھ لکھنے بیٹھ جاتا ہوں تو میں ہمیشہ یہ بات ذہن میں رکھتا ہوں کہ میری زبان عام فہم ہو۔ اس لئے جب میں اُردو کا کوئی لفظ استعمال کرتا ہوں جو میرے خیال میں مشکل ہے تو اس کے آگے میں ہندی یا انگریزی کا اسی مفہوم کا عام لفظ بھی لکھتا ہوں۔" کسی حد تک یہ بات قابل قبول ہے۔ خاص طور پر جب اس طرح کا جملہ ہو۔ "راج گدی یا تخت پر بیٹھنے والے" (سیاست ۶۸، ۸، ۱۵، ۴) اس کے علاوہ یہ بھی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ دو مختلف الفاظ استعمال کرنے سے شاید اس مفہوم پر زیادہ زور دینا مقصود ہے جب ان دونوں کے بیچ حرف ربط "اور" ہے (کٹھنائیوں اور دشواریوں کا سامنا کرنا ہوگا۔" (آزاد ہند ۶۹، ۶، ۱۰۱) اگر ان دو الفاظ کے بیچ میں حرف ربط "و"

ہو یا کوئی بھی نہ ہو تب اسلوب کی ایک نئی خصوصیت پیدا ہو جاتی ہے "سوگ و ماتم کے عالم میں (ندیم ۶۰-۱۱-۲۰ ء) ان دو مثالوں میں یہ فرق ضرور ہے کہ "سوگ و ماتم کو ہم ایک یونٹ ایک ہی لفظ "گفت و شنید" کی طرح دیکھتے ہیں اور "کٹھنائیاں اور دشواریاں" کو ہم الگ الگ حصہ کی حیثیت سے قبول کرتے ہیں۔

قواعد کی بنیاد پر نئے الفاظ بنانے کا رجحان جاری ہے "بچانا" سے "بچاؤ" کی طرز پر نئے اسم پیدا ہو گئے "چناؤ" "گھیراؤ" "پتھراؤ" حالانکہ "پتھرنا" کوئی مصدر نہیں ہے، غالباً انگریزی Stoning کا ترجمہ ہے "سچاوٹ" کی طرز پر گراوٹ بنا ہے (اخلاقی گراوٹ کا ثبوت یہ ہے۔ ندیم ۶۸-۱۲-۲۹-۶) اگر پہلے کسی سیاسی نظریہ کو ادا کرنے کے لئے "ازم" (مارکسزم) یا سابقہ "یت" (اشتراکیت) لگایا جاتا تھا جیسا "دعوت" (دہلی) آج کل بھی کرتا ہے۔ آخری دنوں میں ہندی کا سابقہ "واد" بھی کئی اخباروں میں آنے لگا "ماؤ واد کی شکست یقینی ہے" (نیا آدم ۹-۲-۷۰) اگر یہ اصطلاح سابقہ "یت" کی مدد سے بن بھی جائے تو یہ بات اردو کے صوتیاتی نظام کے مطابق نہیں ہوگی۔ ماؤیت اردو میں کھپتی نہیں۔

مصدر "سدھنا" اور اسی سے بنا اسم "سدھار" جو پہلے ہندی میں ہی استعمال ہوا۔ آج کل اردو میں بھی "اصلاح" کی جگہ "اصلاح کرنا" اکثر ملنے لگا ہے۔

اردو اخبارات میں ہندی کے دخیل الفاظ کے بارے میں چرچا کرتے وقت کئی باتوں کی طرف اشارہ کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ یہ بات نہیں کہ اوپر دیئے ہوئے ہندی کے سب کے سب الفاظ اردو میں پہلے سے مستعمل الفاظ کی جگہیں لے کر کثرت سے استعمال میں لائے جا رہے ہیں۔ ہاں "پرچار" "راجدھانی" "پتھراؤ" جیسے لفظوں کے بارے میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ ان مفہوموں کو ادا کرنے والے اردو کے ہر ایک اخبار میں ملتے ہیں لیکن ایسی بات "ویر" "کلاکار" "بلیک" "لگان" جیسے الفاظ کے بارے میں یقین کے ساتھ نہیں کہی جا سکتی۔ وہ ابھی تک اپنی جگہ نہیں لے سکے۔ اس کے علاوہ ان مفہوموں کو ظاہر کرنے کے لئے اردو میں پہلے سے ہی اپنے الفاظ موجود ہیں اور دوسری زبانوں سے بھی آئے ہیں۔ جیسے "ہیرو" "ایکٹر" "نیشن" "ٹیکس" اور یہ کہنا کہ ان میں سے کسی قسم کے الفاظ اردو میں چل جائیں گے یا زبان کی باریکیوں کو ادا کرنے کے لئے ساتھ ساتھ مستعمل ہوں گے؟ اس وقت بے محل ہے۔

مہذب اللغات (جو کئی جلدوں میں ہے) سنہ ۱۹۶۰ء سے لکھنؤ سے شائع ہوا۔ یہ ہندوستان میں اردو کی سب سے آخری اور نئی ڈکشنری ہے اور آزاد ہندوستان میں سب سے پہلی بھی ہے جو صرف حروف "ا۔ ب۔ پ" پر مشتمل ہے۔ اس قسم کی ڈکشنریوں کی ضرورت میں کسی قسم کا شک و شبہ نہیں ہو سکتا ہے۔ اس کی پہلی تین جلدیں نظر سے گذریں جو صرف حروف "ا۔ ب۔ پ" پر مشتمل ہیں ایک بدیشی ہوتے ہوئے اس کے بارے میں اپنی کوئی قطعی رائے دینا دانشمندی کی بات نہیں ہوگی، لیکن پھر بھی اس ڈکشنری کی ایک کوتاہی کی طرف قارئین کی توجہ مبذول کرانے کی جرأت کرتا ہوں۔ آزاد ہندوستان میں اردو کے لغات میں کافی اضافہ ہوا ہے اور ہر روز نئے نئے الفاظ اور اصطلاحیں اردو کو مالا مال کر رہی ہیں۔ میرے خیال میں اس میں ان اہم تبدیلیوں کی عکاسی پوری طرح نہیں ہوتی ہے۔ کیونکہ یہ مضمون صرف ہندی الفاظ سے متعلق ہے اس لئے ہندی ہی کے چند الفاظ پیش خدمت ہیں جو مہذب اللغات میں موجود نہیں ہیں۔ انگنت آشیرواد۔ ایکتا، پرچار، اٹوٹ، انتھک پریم، بھارتی۔ پوجاری، ارب پتی (ارب ہے) بیاج، امن و شانتی (امن و امان ہے) پونجی، آشا اور اس لغت میں اجالا، اٹال، اڑان، پتھراؤ، اجاگر، بیاہ، انیڑھ جیسے الفاظ شامل تو ہیں لیکن غیر فصیح اور بدیسی تاجروں کی زبان قرار دیئے گئے ہیں۔

عام فہم ہندی الفاظ کو اردو اخباروں میں لینے سے صحافتی زبان کا دامن اور وسیع ہو گیا ہے لیکن ہندی الفاظ مستعار لینے کے عمل میں مختلف اخباروں میں یکسانیت نہیں ہے۔ اس معاملہ میں کوئی واضح اور ٹھوس پالیسی اپنائی نہیں گئی۔ اردو میں معیار بندی کا کام، جس کی ضرورت اردو داں طبقے میں شدت سے محسوس ہو رہی ہے، شاید اس خامی کو دور کر سکتا ہے۔

آخر میں یہ کہہ سکتے ہیں کہ ۱۹۴۷ء کے بعد اُردو اخبارات میں ہندی الفاظ کا استعمال کافی زور پکڑ گیا ہے۔ ایک طرف پہلے سے دخیل الفاظ زیادہ استعمال ہونے لگے اور دوسری طرف سے ہندی کے نئے نئے الفاظ آنے لگے۔ اگر آزادی کے دور کو دو حصوں میں تقسیم کردیں تو یہ بات معلوم ہوجاتی ہے کہ دوسرے حصے میں پہلے کے مقابلے میں ہندی الفاظ آنے کا رجحان زیادہ تیز ہے مثلاً ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۲ء کے دوران کی "سیاست" "افکار" "الجمعیۃ" "آزاد ہند" "قومی آواز" اور دوسرے اخباروں کی فائلیں دیکھی گئیں، اُن میں ہندی کے نئے الفاظ نہ ہونے کے برابر ہیں — اور سیاسی اور سماجی زندگی سے متعلق اصطلاحیں ۱۹۵۰ء کے بعد سے ملتی ہیں۔ اور وہ بھی کم تعداد میں۔ اس سے یہ اندازہ کرسکتے ہیں کہ مستقبل میں بھی اُردو اپنے لغت میں اضافہ کرنے کے لئے سب سے پہلے ہندی سے الفاظ لیتا رہے گا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ سہ لسانی فارمولے کے مطابق بچے ایک زبان کی حیثیت سے ہندی پڑھتے ہیں۔ اور جب وہ بچے جن کی مادری زبان اُردو ہے، اپنی زبان میں لکھیں گے یا بات کریں گے تو وہ شاید "لاینفک" جیسے لفظ کی جگہ (تیہ ہندوازم کا لاینفک جُز ہے سالا [illegible]) ہندی کا "اٹوٹ" لفظ استعمال کریں گے۔ اور [illegible] صحافتی زبان پر بھی پڑنا قدرتی بات ہوگی۔

بقیہ:- غبارِ کارواں

خلوص اور زندگی کی حقیقتوں کی عکاسی نظر آتی ہوگی جو پریم چند کا طرۂ امتیاز ہے اور اسی لحاظ سے وہ سچ مچ میرے روحانی استاد ہیں۔

لیکن جس ادبی شخصیت کا سب سے گہرا پائیدار اثر میری ذہنی نشوونما پر پڑا وہ میرے محترم بزرگ مولانا ابوالکلام آزاد کی ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ میرے فن اور زبان پر مولانا کے اندازِ تحریر کی ذرا سی بھی چھاپ محسوس نہیں ہوتی لیکن میرے دل اور دماغ کو اپنے وسیع معنوں میں ان کی شخصیت اور فن دونوں نے بہت متاثر کیا ہے۔

یوں تو میں نے قریب قریب ان کی سبھی تصانیف پڑھی ہیں غبارِ خاطر نے مجھے بیحد متاثر کیا ہے۔ لیکن ان کی جس تصنیف نے میرے دل میں ان کی عظمت دلیوں کی سی پیدا کردی وہ تفسیر سورۂ فاتحہ اور ترجمان القرآن ہے۔ پھر انکی دلکش پُر وقار شخصیت، ان کی دلنشیں باتیں ان کے دل کا درد اور عالی ظرفی اور سچی عالمانہ شان ان کی محبت اور خلوص (جن کا اظہار بہت کم ہوتا مگر سمجھنے والا خود بخود محسوس کرلیتا تھا) ان سب کا ملا جلا اثر میں نے اس حد تک قبول کیا جسے زمانہ کا ہاتھ مٹا نہیں سکتا۔

پھر بہت سی کتابیں ہیں جنھوں نے میری ذہنی نشوونما میں حصہ لیا ہے۔ ان میں بعض بڑی معمولی سی کتابیں بھی ہیں جیسے گوڈر کا لال جو اس دور کی ایک بہت کم پڑھی لکھی خاتون نے داستان کے انداز میں لکھی تھی یہ صرف میں جانتی ہوں کہ میری زندگی کے بعض پہلوؤں پر اس ناول نے کتنا گہرا اثر ڈالا ہے۔ بنگلہ کے ناول جن میں سرت چندر چٹرجی اور ٹیگور کے بعض ناول شامل ہیں اور جن سے میں ترجموں کے ذریعے روشناس ہوئی اسی لسٹ میں آتے ہیں جنہوں نے مجھے متاثر کیا ہے۔ اس کے علاوہ انگریزی کے بعض مصنف ہیں جیسے جین آسٹن جین آئر اور ڈکنس یا وہ مصنف جن سے میں انگریزی ترجموں کی بدولت واقف ہوئی جیسے ٹالسٹائے اور ترگنیف ان کی تصانیف کو میں نے بار بار پڑھا ہے، پڑھتی رہتی ہوں مگر دل سیر نہیں ہوتا لیکن سب سے زیادہ جس کتاب نے میری ذہنی نشوونما پر اثر ڈالا وہ مولانا آزاد کی عظیم تصنیف — ترجمان القرآن ہے جس کا تذکرہ میں اوپر کرچکی ہیں اسی کی بدولت مذہب کی سچی روح کو سمجھنے کی لگن میرے دل میں لگی اور اسلام کی روح اور صحیح تعلیم کو تھوڑا بہت سمجھ پائی۔ اسی کی بدولت میں نے دوسرے مذہبوں کا احترام کرنا سیکھا اور ان کو سمجھنے کی کوشش کی — اسلام کی عظمت کا راز کیا ہے اور علم و عقل کا کتنا گہرا رشتہ اس نے انسانی زندگی سے بتایا ہے اور فرد کی زندگی میں یہ تعلیم کس طرح کام آسکتی ہے یہ میں نے اسی کی بدولت جانا۔

یہ ہے ایک مختصر اور مجمل سا خاکہ ان خیالات کا جو اپنے دل کو ٹٹول کر میں نے مرتب کیا ہے، ورنہ حقیقت یہ ہے کہ انسان پر، خاص کر فن کار پر (جو بدقسمتی یا خوش قسمتی سے بہت زیادہ حساس ہوتا ہے) اور اس کے ذہن اور فن پر اتنے لاتعداد اثرات شب و روز پڑتے رہتے ہیں جن کو نہ وہ ناپ سکتا ہے نہ تول سکتا ہے۔

****

تین نظمیں

مظفر عازم

ترجمہ: حکیم منظور



جل، دل کش تھا اور حسیں تھا
میں خود کو کھو بیٹھا، میرا دل برمایا
میں تو اپنی جان پہ کھیلا، دام لگایا
سیٹی بجائی
سیٹی دل برمانے والی اور مدھر سی
جل، (اپنی سدھ بدھ کھو بیٹھا)
دام میں آیا
دام میں آکے ہوش سنبھالا
ہوش میں آکے تڑپا پھڑکا
اور اس کے سارے پر ٹوٹے
جب سے میرا دل بے کل ہے
یہ مجھ سے کیا بھول ہوئی ہے

(۲)

امن، محبت، بھائی چارہ
ڈھونڈتے ڈھونڈتے ہم اک گلشن میں پہنچے
اور وہاں دل کھول کے گائے گیت رسیلے
کون یہ جانے
کیا اس گلشن کے مالی بھی سن پائے
گیت ہمارے
کیونکہ چمن میں شور بپا تھا
توپ و تفنگ و سازِ حرب کا!

(جل، ایک کشمیری پرندے کا نام ہے۔)

(۳)

میری پسلی کے نیچے سے
جو اک مشتِ خاک کریدی
(حوا کی تخلیق تھا اس مٹی کا مصرف)
اس کا خلاء ابتک باقی ہے،
جب سے اس کو پاٹ رہا ہوں
لیکن اب تک سرگرداں ہوں

زندگی اور موت



چین جاتا رہا صبر رخصت ہوا
زندگی، زندگی کو ترسنے لگی
لختِ دل نوکِ مژگاں پہ آنے لگے
خون بہتا رہا دم اکھڑتا رہا
پھر بھی انسان نے ہار مانی نہیں
یاد آئے مذاہب کے پیغام سب
یہ جہاں عارضی وہ جہاں جاوداں
زندگی موت ہے، موت ہے زندگی
صرف دو دن ہے انساں کو رہنا یہاں
زندگی سے مگر سب کو الفت رہی
زیست دھوکا سہی ایک سپنا سہی
زندگی پھر بھی پیاری ہے ہر حال میں
زندگی نیش ہے تو نہیں اس کا غم
زندگی زہر اگر ہے تو کیا فکر ہے!
زہر پی کے انسان جیتا رہا
عزم نے یہ کہا مجھ کو للکار کے
یاں ہے مر مر کے جینے میں مردانگی
عزم کی یہ صدا جب کہ دل نے سنی
دل نے پُر زور لہجے میں تائید کی
زندگی ہنس پڑی موت گھبرا گئی

احمد علی قادری

صالحہ بیگم

چشم بددور

ہندوستان کے قدیم بت تراش پہلے بت کے مختلف عضو بناتے تھے اور آنکھیں آخر میں۔ دستور کے مطابق آنکھیں کاڑھنے کے قبل بت تراش ایک معین وقت مراقبہ اور نینوں ملن، پوجا میں گذارتے تھے اور اس کام کی تکمیل کے بعد بت کی چشم کشائی کے لئے ایک الگ پوجا ہوتی۔ یہ رسم اسی یقین پر مبنی تھی کہ بچہ اپنی ماں کے شکم میں ہر عضو کو تو حرکت میں لا سکتا ہے لیکن آنکھیں صرف پیدائش کے بعد ہی کھولتا ہے۔ یعنی انسانی اعضا میں یہ سب سے آخر میں حرکت میں آتی ہیں۔ دوسری وجہ یہ عقیدہ تھا کہ آنکھوں کی غیر معمولی اہمیت ہے اور اُن میں لامعلوم طاقتیں پنہاں ہیں۔ بت تراشی میں بھی اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا تھا۔

آنکھوں کی طاقت سے کم و بیش ہم سبھی واقف ہیں۔ یہ دھمکی بھی دے سکتی ہیں اور ذلیل بھی کر سکتی ہیں۔ اُن کی پھنکار سانپ سے زیادہ دہشت ناک ہے اور ضرب لوہے سے زیادہ سخت۔ انہیں اضطراب بھی ہے اور خوشی بھی، غم بھی ہے اور ہراس بھی۔ یہی وجہ ہے کہ آنکھیں شاعر کے تخیل کا مرکز رہی ہیں۔ میر کی 'نیم باز' آنکھیں شاد کی ویران آنکھیں، اور جلیل کی ترستی آنکھیں۔ ایک چیز کے تین الگ الگ زاویے ہیں۔ ایسے زاویے اور بھی ہیں۔ قہر آلود آنکھیں اور سحر آنکھیں، سوالیہ آنکھیں اور متلاشی آنکھیں، چبھتی آنکھیں اور بد آنکھیں۔ یعنی آنکھوں کی جتنی قسمیں تصور کی گئی ہیں۔ انمیں کچھ اچھی ہیں اور کچھ بری بھی، کچھ روح پرور اور کچھ دلشکن۔ لیکن یہ امر حیرت ناک ہے کہ صرف چشم بد ہی ہمارے خیالوں پر چھائی ہے اور ہماری روزمرہ زندگی پر گہرا اثر ڈالتی ہے۔

نظر بد پر یقین نہ تو حالیہ ہے اور نہ اتفاقیہ۔ انسانی تاریخ کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اس عقیدہ کی بنیاد اس وقت پڑی جب انسانی نے ہوش سنبھالا۔ مصر کی قدیم روایات کے مطابق سارے دیوتاؤں کا باپ پتاہ تھا اور اُس نے دوسرے دیوتاؤں کو اپنی آنکھوں سے پیدا کیا تھا اور انسان کو اپنے مُنہ سے۔ مطلب یہ ہے کہ جو آنکھوں سے پیدا ہوئے وہ طاقت ور ہیں بہ نسبت اُن کے جو منہ سے پیدا کئے گئے۔ سترھویں صدی کا ایک مصنف پکوک (Pococke) جو مصریات کا ماہر تھا اپنے سفر نامہ میں مصریوں کے چشم بد کے عقیدہ پر تفصیلی نگاہ ڈالی ہے۔ پکوک کے مطابق مصری جادوگری پر اور خصوصاً چشم بد پر، یقین رکھتے تھے اور اُن کے پاس اس مضمون پر متعدد کتابیں تھیں۔ نظر بد سے بچنے کے لئے مختلف طریقے رائج تھے۔ ان میں گنڈے اور تعویز کا استعمال، آگ پر نمک چھڑکنا، اور دیواروں پر خوفناک شکلیں بنانا مقبول طریقے تھے۔ پہلی صدی کے یونانی مورخ پلینی نے مغربی ایشیا کے رہنے والے طرابلی اور ایلیاری قوموں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ان میں کچھ ایسے جادوگر تھے جو صرف نظروں ہی سے جان سلب کر لیتے تھے اس لئے ایک جادوگر کی قہر آلود نظریں موت کا پیش خیمہ سمجھی جاتی تھی۔ پلینی نے ہندوستان :

میں بھی چشم بد پر اعتقاد بہت گہرا پایا۔ اٹلی میں لوگ ایک خوفناک شکل کا دیوتا 'منیا' کی تصویر یا بت بنا کر دروازوں کے سامنے لٹکا دیتے تھے۔ نظر بد سے محفوظ رہنے کا یہ طریقہ قدیم اسیریا کے رواج سے مشابہ تھا۔ وہاں بھی لوگ کثرت سے ڈراؤنے دیوتاؤں کے بت اور دہشت ناک شکلیں بنا کر گھر کے سامنے کسی نمایاں جگہ پر رکھتے تھے۔

پروفیسر ریس کے مطابق جزیرہ مین (Isle of Man) کے باشندے کبھی صحت مند ہونے کا اعتراف نہیں کرتے تھے چونکہ ان کو یقین تھا کہ اگر وہ اپنے کو صحت مند ظاہر کریں تو بد روحیں ان پر جھپٹ پڑیں گی اور وہ چشم بد کے فوراً شکار ہو جائیں گے۔ مراقش میں عوام قہر الٰہی اور آفتوں سے اتنا خائف نہیں ہوتے تھے جتنا بد نظر سے اس زمانے کے ایک مصنف کے مطابق شہر میں دو تہائی موتوں کی وجہ نظر بد تھی۔

ترکستان میں گاؤں کے رہنے والے اکثر اپنے گھروں کی دیواروں پر اور خصوصاً داخل ہونے کے دروازوں پر قرآن شریف کی آیتیں تحریر کرتے تھے تاکہ اس کے یکسی نظر بد سے محفوظ رہیں۔ چین، جاپان، روس اور دیگر ممالک کے ادب میں اور وہاں کے تمدن میں چشم بد کا اکثر حوالہ ملتا ہے۔

مذہبی کتابوں میں بھی نظر بد کا تذکرہ ہے۔ انجیل کے پرانے عہد نامہ میں چشم بد سے بچنے کی تاکید ہے۔ نیا عہد نامہ میں متی کی انجیل (سورہ ۲۰) میں بھی اس کی طرف اشارہ ہے۔ ——— کیا مجھے روا نہیں کہ اپنے مال سے جو چاہوں سو کروں۔ یا تو اس لئے کہ میں نیک ہوں ——— قرآن پاک میں نظر بد کا حوالہ سورۂ یوسف میں ملتا ہے۔ آیت ۶۶ میں حضرت یعقوب کی زبان سے کہا گیا ہے: "اور کہا اے میرے بیٹو ایک دروازہ سے (قاہرہ میں) مت داخل ہونا بلکہ متفرق دروازوں سے داخل ہونا"۔ مطلب یہ ہے کہ حضرت یعقوب نہیں چاہتے تھے کہ لوگ بہت سے بھائیوں کو ایک ساتھ قاہرہ میں داخل ہوتے دیکھیں چونکہ اس سے انکو بری نظر لگنے کا اندیشہ تھا۔ ولی الدین عبداللہ نے اپنی مرتب کردہ کتاب مشکوۃ المصابیح (حصہ دوم) میں یہ واقعہ لکھا ہے۔

"اسما بنت عمیس بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے رسول کریم سے کہا کہ یا رسول اللہ جعفر کا خاندان چشم بد کے اثرات سے تباہ ہو رہا ہے۔ کیا میں اس اثر کو زائل کرنے کی تدبیر کروں۔ رسول کریم نے فرمایا "بیشک چونکہ دنیا میں کوئی چیز اگر تقدیر کے آڑے آ سکتی ہے تو وہ چشم بد ہے۔"

یہ بات شروع سے تسلیم کی گئی ہے کہ انسانی جذبہ کا اظہار جتنا پر اثر آنکھوں سے ہو سکتا ہے جسم کے کسی دوسرے عضو سے نہیں ہو سکتا۔

رنگین کہانیاں سنا دیتی ہیں
کہنے کو خموش ہیں تمہاری آنکھیں

آنکھیں دل کا آئینہ ہیں۔ محبت اور نفرت۔ خوشی اور غم جیسے جذبوں کا فوری اثر آنکھوں پر پڑتا ہے اور اس طرح ہر جذبہ کی، خواہ وہ کتنا ہی پیچیدہ ہو، آنکھوں کے ذریعہ صحیح ترجمانی ہو جاتی ہے۔ ہمارے لئے موجودہ علوم نے آنکھوں کی طاقت کی تشریح کر دی ہے لیکن قدیم انسان کے لئے آلۂ بصارت کی غیر معمولی طاقتیں انتہائی پیچیدہ معمہ تھیں۔ یہ وہ معجزہ تھا جو اس کی سمجھ سے بالا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ جب وہ پاگل پن، اندرونی امراض، بے وقت موت جیسے غیر معمولی واقعوں سے دوچار ہوا اس نے جھٹ ان کو چشم بد سے موسوم کیا۔ دھیرے دھیرے یہ یقین گہرا اور عام ہوتا گیا اور چشم بد کے انسداد کے لئے مختلف طریقے اپنائے گئے۔ روم میں بدنظری کو قانوناً جرم قرار دیا گیا اور ایسے ملزم کو جس پر بدنظری کا جرم ثابت ہو جائے، قید بامشقت تا زندگی کی سزا مقرر کی گئی۔ پولینڈ میں بھی حکومت نے ایسے لوگوں تو ملک سے نکال دینے کی سزا تجویز کی۔ یونانیوں نے اپنی زبان میں ایک خاص لفظ باسکینوس آنکھوں کی لا معلوم طاقتوں کو بیان کرنے کے لئے رائج کیا اور اس کے برے اثرات کے ازالے کے لئے کئی کتابیں لکھی گئیں۔ سترھویں صدی میں لوین (Lowin) کے ایک راہب نے اپنی ایک تصنیف میں بدنظر کی وضاحت اس طرح کی: "یہ ایک ایسی طاقت ہے جو شیطان سے دوستی کر کے ملتی ہے" اسی

صدی کا دوسرا مصنف فرانسس نے بھی چشم بد پر کئی کتابیں لکھی ہیں۔ انگلستان کی ملکہ الزابتھ اول کے زمانہ میں بھی جبکہ انسان ذہنی ترقی کر رہا تھا اور مادی ترقی کے نئے نئے دروازے کھل رہے تھے، بدنظری پر عقیدہ بدستور قائم تھا۔ دستاویزی ثبوت سے پتہ چلتا ہے کہ کچھ لوگوں کو اسی جرم میں پھانسی دی گئی کہ وہ بدنظری سے مویشیوں میں بیماری پھیلا رہے تھے۔ ہندوستان میں مغل بادشاہ چشم بد پر یقین رکھتے تھے۔ اور خصوصاً تاجپوشی یلغار وغیرہ کے موقع پر اس امر پر خاص توجہ دی جاتی تھی۔ مغلیہ خاندان کا دوسرا تاجدار ہمایوں اپنی بدقسمتی کی ایک نمایاں مثال ہے۔ اس زمانے میں عام خیال تھا کہ اس کے شیر شاہ سے شکست کھانے اور ہندوستان کے تخت سے دست بردار ہونے کی ایک بڑی وجہ چشم بد کا اثر تھا۔

بعد کی صدیوں میں اس عقیدہ میں کوئی کمی نہیں آئی۔ یہ کہنا بھی درست نہیں کہ اس عقیدہ کی بنیاد دقیانوسیت پر ہے اور تعلیم، مادی ترقی اور تمدنی بلندی سے اس عقیدہ کی جڑیں کھوکھلی ہو جاتی ہیں۔ غیر ترقی یافتہ قوموں میں یہ عقیدہ تو مستحکم ہے ہی لیکن ترقی یافتہ ملکوں میں بھی نظر بد پر یقین قائم ہے۔ پچھلے ایک سو پچاس برسوں میں مغربی ممالک میں چشم بد پر عقیدہ بہت نمایاں رہا ہے۔ اور ہر طبقہ اس سے متاثر ہوا ہے۔ اوروں کے علاوہ روم کے بعض پوپ کے متعلق یہ عام خیال تھا کہ ان کی نظریں بڑا اثر رکھتی تھیں۔ انگلستان کے شاعر لارڈ بائیرن، فرانس کے شہنشاہ نپولین سوم اور موسیقار جاکس فینک اور اسپین کے بادشاہ الفانسو تیرہ (۱۳) بھی بدچشم خیال کیے جاتے تھے۔ امریکہ میں آج بھی ہلال نما تعویز کی کثرت سے مانگ ہے۔ موجودہ گریس، ہنگری اور آئرلینڈ میں اگر بچے کے متعلق شبہ ہو کہ اس پر نظر بد کا اثر پڑا ہے یا اس کی عقل یا خوبصورتی کی تعریف کی گئی ہے تو دھتکارا مائیں بچوں پر فوراً تھوکتی ہیں۔ جنوبی امریکہ اور مغربی ایشیا میں نظر بد پر عقیدہ بدستور قائم ہے۔

ہندوستان کی رسومات سے بھری فضا میں نظر بد پر یقین کو پھلنے اور پھولنے کا خوب موقع ملا۔ مذہب ہو یا تمدن، شہری فضا ہو یا دیہاتی ماحول، مادیت ہو یا روحانیت کوئی شعبہ اس یقین سے خالی نہیں۔ ہندوؤں کے مذہبی روایات کے متعلق شیو دیوتا کی ایک تیسری آنکھ تھی جو اپنی نظر سے دنیا کو تہہ و بالا کر سکتی تھی۔ شیو دیوتا نے اس آنکھ سے ایک بار کام دیوتا کو جلا کر خاک کر دیا۔ یہ تیسری آنکھ پیشانی کے بیچ میں دونوں بھوؤں کے ذرا اوپر تھی۔ ہندو عورتیں بندی اور مرد تلک اسی جگہ لگاتے تھے۔ آسام کے انگامی ناگا اس جگہ کو دوسروں کی نظروں سے چھپانے کے لئے ایک پتے سے ڈھک لیتے ہیں۔ مقدس کتاب اتھروید جلد نمبر ۱۹ میں بری نظر یا کو درشتی کی قسمیں اور اس کے انسداد کے مختلف طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ چندن کی لکڑی جادو ٹونا کی کاٹ ہے۔ کانسا بدنظر سے پیدا ہوئی۔ بیماریوں کو دور رکھتی ہے۔ سونے، چاندی اور لوہے سے بنے تعویز پہننے والوں پر نظر بد کا اثر نہیں ہوتا۔

ان مذہبی روایات کے مطابق دیوی اور دیوتا بھی نظر بد سے بری نہیں۔ ایسے بہت سے واقعات ہیں جب انہوں نے اس کی طاقت ایک دوسرے پر یا انسان پر استعمال کی۔ انسان کی بے انتہا دولت اور خوبصورتی یا اس کی بے پایاں خوشی دیوتاؤں کے حسد کا موجب بنی۔ مندر میں دیوتاؤں کی آرتی تقریباً روزانہ ہوتی ہے لیکن آرتی کی رسم بالخصوص اس وقت ہوتی ہے جب دیوتاؤں کو جلوس میں ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجایا جاتا ہے اور ان پر ہزاروں کی نظریں پڑتی ہیں۔

عام عقیدہ کے مطابق نظر بد کی دو قسمیں ہیں۔ اول اکتسابی اور دوسری پیدائشی۔ اول قسم کا تعلق دماغ سے ہے یعنی یہ حربہ جان بوجھ کر کسی خاص مقصد یا جذبہ کے تحت استعمال کیا جاتا ہے۔ دوسری قسم پیدائشی ہونے کے سبب قدرتی ہوتی ہے۔ یہ زیادہ طاقتور اور تباہ کن ہے۔ ہندوستانی عوام دوسری قسم پر زیادہ یقین رکھتے ہیں۔ جوتشیوں کے خیال میں جو بچے منحوس گھڑی میں پیدا ہوتے ہیں ان کی نظر بد قدرتی ہوتی ہے اس لئے تعویذ اور گنڈے تیار کرتے وقت بچے کے پیدا ہونے کی صحیح تاریخ اور وقت ضرور معلوم کرتے ہیں۔

تحقیق سے پتہ چلتا ہے کہ اس عقیدہ کی تہہ میں لالچ اور

تمنا ہے۔ کانا آنکھ والوں کو دیکھ کر ضرور آنکھوں کی تمنا کرتا ہے۔ بانجھ عورت دوسری عورت کے بچوں کو دیکھ کر قدرتاً خوش نہیں ہوتی۔ بدصورت انسان خوبصورت شکل کو للچائی نظروں سے دیکھتا ہے۔ غریب بہت خوشحال کو دیکھ کر اُس کی دولت کی ضرور تمنا کرتا ہے۔ شادی کے موقع پر ملّہ اور پیسہ نچھاور کرنا اور دولہا کو نظر بد سے بچانے کے لئے شہ بالا بنانا، چہرے پر کالا داغ لگانا ہماری کچھ رسومات ہیں جن کا مقصد صرف نظر بد کا انسداد ہے۔

جنوبی ہندوستان میں ہندوؤں کی شادی کے وقت دلہا دلہن کے سر پر ایک زیور رکھا جاتا ہے یہ سنہرے کاغذ میں لپٹا ہوا زیور نئے جوڑے کو چشم بد سے محفوظ رکھتا ہے۔ عام یقین کے مطابق جواں، خوبصورت اور حاملہ عورتیں نظر بد کی خصوصاً شکار ہوتی ہیں۔ اگر کسی بہو پر نظر بد کا گمان ہو تو پھر اس کی زندگی محال ہو جاتی ہے۔ والدین اپنے بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لئے کئی ترکیبیں کرتے ہیں۔ حقیر دام پر کسی رشتہ دار کے ہاتھ بیچ دینا، اُسے پھٹے کپڑے پہنانا یا لڑکے کو لڑکی کا اور لڑکی کو لڑکے کا لباس پہنانا عام رواج ہے۔ بچوں کو نفرت آمیز یا گندے نام سے پکارا جائے تو نظر بد کا اثر نہیں ہوتا۔ اس لئے لڑکوں کو کوڑیا، کھدیڑن، گھسیٹا، دکھیا، پھٹنگا، جھینگر، بھیکو، بلاکی، ننھو اور لڑکی کو اندھری تنکوڑیا۔ دھوریا، مچیا وغیرہ ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ مدھیہ پردیش، مدراس، اور چھوٹا ناگپور کے کچھ علاقوں میں اس عقیدہ کا گہرا اثر ہے۔ پیداوار خراب ہو، گائے دودھ نہیں دے یا بچہ بیمار ہو تو فوراً اُسے نظر بد سے منسوب کیا جاتا ہے اس سے بچنے کے لئے گھر کی دیواروں پر خوفناک شکلیں بنانا گھر کے سامنے یا کھیت کے وسط میں جوتے یا جھاڑو ٹانگنا، مویشیوں کے سر پر سیندور لگانا مقبول رواج ہیں۔ دہلی جیسے شہر میں بھی زیر تعمیر مکانوں کے سامنے والے رُخ پر رنگوں سے بنی ڈراؤنی شکلیں اکثر ٹنگی ہوئی نظر آتی ہیں۔ ان کا مقصد بھی یہی ہے کہ کہیں اس مکان کو نظر لگ جائے۔

ہندوستان کی ملی جلی تہذیب جتنا اس عقیدے میں نمایاں ہے۔ شاید زندگی کے کسی اور شعبہ میں نہیں چشم بد سے بچنے کی ایک ہی طرح کی رسومات ہر فرقہ اور ہر طبقہ میں پائی جاتی ہیں۔ تعویذ اور گنڈے پر ایک ہندو کو اتنا ہی یقین ہے جتنا ایک مسلمان کو اور ملک کے اکثر علاقوں میں ہندوؤں کو مسلمان فقیر سے لی گئی تعویذ پر اتنا ہی اعتقاد ہے جتنا مسلمانوں کو پنڈتوں سے لی ہوئی تعویذ پر۔ امام ضامن کا بنیادی مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس کو پہننے والا نظر بد سے دور رہے۔ قبائلی عیسائی صلیب باہن کر اپنے کو ہر آفت سے محفوظ سمجھتے ہیں۔

عوام نے چشم بد سے بچنے کے جو طریقے اپنائے اس کی تین قسمیں ہیں اول وہ جن کا مقصد بُرے اثرات کو اپنی طرف رجوع کر کے اُن کو زائل کرنا ہوتا ہے۔ انہیں دیواروں پر نقشی تحریر، گھر کے سامنے جوتے ٹانگنا مندروں اور رتھوں پر خوفناک شکلیں بنانا، مرچ جلانا، شادی کے موقع پر شہ بالا بنانا مقبول طریقے ہیں۔ دوسری قسم وہ ہے جو تعویذ گنڈے وغیرہ کی شکل میں جسم کے مختلف حصوں میں پہنی جاتی ہے عقیدہ کے مطابق اُن کو پہننے والے پر نظر بد کے اثرات نہیں ہوتے۔ تیسری قسم مذہبی کتابوں سے لی ہوئی آیتیں اور منتر وغیرہ ہیں جو مختلف طریقوں سے استعمال ہوتے ہیں۔ اگر ہم اپنی رسومات، زندگی کے مختلف شعبے اور روزمرہ زندگی پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ کم و بیش اس عقیدہ کا اثر ہماری زندگی کے ہر موقع پر پڑتا ہے اور کبھی کبھی قسمت کے دھارے کو بھی موڑ دیتا ہے۔

کھلنا کم کم کلی نے سیکھا ہے
اُس کی آنکھوں کی نیم بازی سے
(میر)

آفت کی سفیدی ہے قیامت کی سیاہی
نیرنگِ دو عالم مجھے دکھلا گئیں آنکھیں
(امیر مینائی)

دیکھو تو چشمِ یار کی جادو نگاہیاں
ہر ایک کو ہے گماں کہ مخاطب ہمیں رہے
(حسرت موہانی)

نہ اور کھول ابھی نیم باز آنکھوں کو
ترے نثار یہ جادو ابھی جگائے جا
(فراق گورکھپوری)

بنگال کا ایک قدیم تاریخی مقام

پانڈوا



شانتی رنجن بھٹاچاریہ

مغربی بنگال کے ایک قدیم تاریخی مقام پانڈوا میں ہر سال جو میلا لگتا ہے اُسے "پیر کا میلا" یا "پیر میلا" کہتے ہیں چونکہ یہاں ایک صوفی کا مزار ہے۔ اس میلے کی وجہ سے پانڈوا کا یہ محلہ "میلا تلا" یعنی میلے کی جگہ کہلاتا ہے۔ سینکڑوں کی تعداد میں ہندو اور مسلمان اس میلے میں جاتے ہیں خرید و فروخت کرتے ہیں اور ساتھ ہی صوفی کے مزار پر عقیدت کے پھول چڑھاتے ہیں اور مرادیں مانگتے ہیں۔

بنگال کے چپے چپے پر سینکڑوں صوفیوں اور پیروں کے مزار ہیں۔ یہاں چند غازیوں کے مزار بھی ہیں جہاں ہندو اور مسلمان دونوں جاتے ہیں۔ چند مقامات کے نام بھی ان غازیوں کے نام سے وابستہ ہیں۔ حالانکہ اب کئی نام اس طرح بگڑ گئے ہیں کہ اس کا پتا لگانا مشکل ہے کہ موجودہ نام کیوں کر پڑا ہے۔ مثلاً جنوبی کلکتہ کے مقام گوڑیاں سے تقریباً تین میل کے فاصلے پر، وہ موڑ جہاں سے ایک سڑک سونارپور کی طرف چلی گئی ہے، کا موجودہ نام بنگالی تلفظ کے لحاظ سے "لکل گاچھی" ہے جو لفظ "کمال غازی" کی بگڑی ہوئی شکل ہے۔ کمال غازی کا یہاں مزار ہے اور اس مزار پر اب بھی علاقہ کے عقیدتمند ہندو مسلمان اپنی عقیدت کے پھول نچھاور کرتے ہیں۔

تاریخ بنگال میں مزید ایسے غازیوں کا ذکر ہے اور اب بھی ان کے درگاہ اور مزار ہیں جہاں ہندو بھی جاتے ہیں اور احترام کرتے ہیں۔

پانڈوا — ضلع ہگلی، مغربی بنگال کا ایک ایسا قدیم تاریخی مقام ہے جس کی تاریخ کا ہمیں علم نہیں ہے۔ چند عالموں کے مطابق پانڈوا کا قدیم نام "پانرو۔ بسنت پور" Panro Basant Pur ہے۔ شری ناگیندر ناتھ باسو رقمطراز ہیں کہ راجا "آدی سور" کے بعد پال راجاؤں نے گوڑ پر فتح پائی اور آدی سور کا بیٹا "باہو سور" نے اس علاقے میں آکر اپنی سلطنت قائم کی اور یہ سلطنت "پانڈوا" کہلائی۔ نیز پانڈوا اس سلطنت کا پایہ تخت قرار پایا۔ لیکن روایت یہ ہے کہ گوتم بدھ کے چچا امرتادن کے ایک بیٹے کا نام "پانڈوسکا" تھا۔ جو پانڈو راجا خاندان کا بانی ہے اور جس نے یہاں حکومت قائم کی تھی۔ ایک مشکل یہ بھی ہے کہ مغربی بنگال میں پانڈوا نامی دو قدیم آبادیاں ہیں۔ ایک ضلع مالدہ میں اور ایک ہمارا یہ پانڈوا جو ضلع ہگلی میں واقع ہے۔ دونوں قدیم ہونے کے علاوہ تاریخی اہمیت کے بھی حامل ہیں۔ آج کل ضلع ہگلی کا پانڈوا، چھوٹا پانڈوا کہلاتا ہے اور ضلع مالدہ کا پانڈوا،

بڑا پانڈوا، شری بنئے گھوش نے بالکل سجا لکھا ہے کہ "مغربی بنگال کے مسلمانوں کی تاریخ کی نشانیاں ضلع ہگلی کے پانڈوا، ترویٹی اور سپت گرام میں بہت سی ہیں اور سب ملا کر ضلع ہگلی کا یہ پورا علاقہ بنگال کے مسلمانوں کا ایک میوزیم بنا ہوا ہے۔"

آپ پانڈوا کے کسی بوڑھے سے دریافت کیجئے۔ ہر بوڑھا بڑی عقیدت سے پیر شاہ صوفی کا ذکر کرے گا چاہے وہ ہندو ہو یا مسلمان وہ آپ سے پیر کی کرامات کی سینکڑوں باتیں نہایت دلچسپی اور عقیدت سے بیان کرے گا۔ ایسی باتیں جس پر آپ مشکل سے یقین کریں گے۔ مثلاً مجھے ایک بوڑھے نے بتایا کہ شاہ صوفی کی درگاہ میں جو تالاب ہے، اس میں پہلے بڑے بڑے مگرمچھ رہتے تھے۔ عورتیں جو شاہ صوفی کے مزار پر آکر گود بھرنے کی منت مانگتی تھیں اور یہ وعدہ کرتی تھیں کہ لڑکا ہونے پر وہ اس لڑکے کو شاہ صوفی کی نذر کر دیں گی، ان کی گود ضرور بھرتی تھی۔ ماں بننے کے بعد مائیں پہلے بچے کو لے کر یہاں آتیں اور تین بار شاہ صوفی کو یاد کر کے بچے کو تالاب کے پانی میں چھوڑ دیتیں۔ کچھ دیر بعد ایک مگرمچھ آتا اور وہ بچے کو لے جاتا۔ ماں تالاب کے گھاٹ پر بیٹھی شاہ صوفی کو یاد کرتی رہتی کوئی گھنٹہ بھر بعد پھر وہی مگرمچھ نظر آتا جو اس بچے کو واپس لے آتا اور بچے کے گلے میں پھولوں کا ہار ہوتا یعنی شاہ صوفی نے بچے کو دعا دی ہے۔ لوگوں کا یہ بھی عقیدہ ہے کہ اس تالاب میں نہانے سے تمام امراض دور ہو جاتے ہیں، اور گناہ دھل جاتے ہیں۔ اس طرح کی سینکڑوں باتیں آپ پانڈوا کے بڑے بوڑھوں کی زبانی آج بھی سن سکتے ہیں۔ لیکن بوڑھے آخر کار ایک ٹھنڈی سانس لے کر افسوس سے کہیں گے کہ صاحب لوگوں نے اس تالاب کو ناپاک کر دیا ہے۔ اب نہ تالاب کے پانی میں وہ خوبیاں ہیں اور نہ وہ مگرمچھ۔

پانڈوا — ہوڑہ (کلکتہ) سے صرف ۴۲ میل کی دوری پر ہے اور لوکل ٹرین سے کوئی ۱½ گھنٹے کا سفر ہے۔ پانڈوا میں اب دیکھنے کے لائق جو تاریخی عمارات ہیں اور جنہیں دیکھنے کے لئے دور دور سے لوگ آتے ہیں وہ ہیں پانڈو راجا کا راج محل، پانڈوا کا مینار، شاہ صوفی کا مزار اور وہاں کی مسجد۔ حکومت ہند نے تاریخی مقامات کے تحفظ کے تحت یہاں کی ذمہ داری قبول کی ہے اور اب یہاں حکومت کے نگراں مقرر ہیں۔ کون جانے کس پانڈو راجا نے یہ عالی شان راج محل بنوایا تھا جسے آج لوگ ۲۲ دروازے کا محل کہتے ہیں۔ کیونکہ اس کے دروازوں کی تعداد ۲۲ ہے۔ حالانکہ اب ایک دروازہ بھی مکمل طور پر صحیح سلامت نہیں ہے۔ لیکن اینٹوں اور پتھروں پر مشتمل یہ کھنڈر زبانِ حال سے کہہ رہے ہیں کہ کسی زمانے میں اُن کی کیا شان رہی ہوگی۔ کون



پانڈوا کے راج محل کا ایک حصہ

جانے وہ کون سا پانڈو راجا تھا جس کے شاہی تخت کا پتھر اب بھی عمارت کے درمیانی حصے میں موجود ہے۔ اس ۲۲ دروازہ محل کی دیواروں کی چوڑائی ۱۶ تا ۱۸ انچ اینٹوں کی ہے اور صحن کے درمیانی حصے میں دو ستونوں کے قطار تھے جو اب سب کے سب ٹوٹے پڑے ہیں۔ کئی ستون جو کالے کالے پتھروں کے ہیں اب محل کے ایک کونے میں جما کر رکھ دیئے گئے ہیں۔ چند ایک اب بھی اپنی جگہ کھڑے ہیں۔ کالے پتھروں کے ان ستونوں کو ایک دوسرے کو لوہے کے ذریعے جوڑا گیا تھا۔ لوہے کی کیل ستونوں کے درمیانی حصے میں ہیں۔ یہ بڑے بڑے کالے کالے بہترین پتھر

نہ معلوم کہاں سے لائے گئے تھے۔ ان ستونوں کے نقش و نگار، گل بوٹے اور مندر کی گھنٹیاں وغیرہ ہندو فن تعمیر اور تہذیب کی نشانیاں ہیں۔ عمارت کی تعمیر میں جن اینٹوں کا استعمال ہوا اور اس سے جو کاریگری کی گئی ہے وہ خالص بنگال کی کاریگری ہے۔ بنگال کا مشہور ٹراکوٹا آرٹ کے جو نقش و نگار ان اینٹوں سے بنائے گئے ہیں وہ بنگال کے ان نامعلوم عظیم فن کاروں کی یاد کو تازہ کر دیتے ہیں اور دیکھنے



پانڈوا کی دیوار و دیگر پر مشہور آرٹ ٹراکوٹا کا کام

والا چند لمحوں کے لئے اپنے آپ کو بھول جاتا ہے۔ فن تعمیر میں گل بوٹوں کا کام قدیم اور قبل تاریخ کے دور ہی سے مختلف ممالک میں ہوتا رہا ہے۔ کنول کے پھول تو مصر کی قدیم عمارات میں بھی پائے گئے ہیں اور زمانہ ماقبل تاریخ میں بھی ایسے گل بوٹوں کی کاریگری کو مصر، روم اور ہندوستان اہمیت حاصل رہی ہے۔ سترہویں اور اٹھارہویں صدی میں بنگال میں اینٹوں سے مندر اور محل بنانے والوں نے بھی اس روایت کو برقرار رکھا اور اس کے حسن میں اضافہ کیا ہے۔

شاہی محل سے چند قدم پر پانڈوا کا مشہور مینار ہے۔ اس مینار کو اب لوگ شاہ صوفی کا مینار کہتے ہیں لیکن گمان غالب ہے کہ یہ مینار شاہ صوفی کے دور سے بہت زیادہ قدیم ہے اور اس کی تعمیر بھی پانڈوا کے ہندو راجاؤں میں سے کسی نے کی ہوگی۔ مینار کے دروازے



پانڈوا کا مشہور مینار شاہ صوفی کا مینار

پر بھی بالکل وہی ستون ہیں اور وہی نقش و نگار ہیں، جو اس سے قبل ہم شاہی محل میں دیکھ آئے ہیں۔ لیفٹیننٹ کرنل کرافورڈ رقمطراز ہیں کہ "پانڈوا کا یہ مینار بنگال میں گچ کاری کا سب سے قدیم نمونہ ہے"۔ تاریخ بنگال کے مطابق بنگال کے ہندو راجے طلوع آفتاب کو دیکھنے اور آفتاب کا خیر مقدم کرنے یا پوجا کرنے کے لئے ایسے اونچے اونچے مینار تعمیر کیا کرتے تھے۔ پانڈوا کے ہندو راجاؤں نے پانڈوا کے قریب ایک مندر کے اطراف کئی مینار تعمیر کئے تھے جن میں سے مسلم دور حکومت کے بعد صرف یہی ایک مینار رہ گیا ہے جسے آج شاہ صوفی کا مینار کہا جاتا ہے۔ لیکن ایسٹ ایشیاٹک سوسائٹی کے مسٹر بلاخ مین کی رائے ہے کہ یہ مینار مؤذن کے اذان دینے کے کام آتا رہا ہے۔ بہرحال اگر یہ مینار شاہ صوفی نے تعمیر کیا ہو تب بھی انہوں نے اس کی تعمیر میں راج محل کے ستونوں اور اینٹوں کو استعمال کیا ہے۔ پانڈوا کا یہ مینار جو دہلی کے قطب مینار سے مطابقت رکھتا ہے، اب ۱۲۷ فٹ بلند ہے لیکن کہتے ہیں کہ اس کی اصل بلندی ۱۳۵ فٹ تھی اور ۱۸۸۵ء کے زلزلے میں اس کا کچھ حصہ زمین میں دھنس گیا ہے۔ اس پانچ منزلہ مینار پر چڑھنے کے لئے ۱۶۱ سیڑھیاں ہیں۔

اس کے بعد شاہ صوفی کا مقبرہ اور تالاب ہے جہاں آج

بھی سیکڑوں عقیدت مند زیارت کرنے جاتے ہیں اور جس کی وجہ سے پانڈوا مشہور ہے۔ مزار کا ذکر کرنے سے قبل یہ ضروری ہے کہ شاہ صوفی اور اُن کے کارناموں پر روشنی ڈالی جائے۔ یہ شاہ صوفی کون تھے؟ کہاں سے آئے تھے؟ اُن کی تاریخی اہمیت کیا ہے؟ ــــ یہ تمام باتیں آج تک دُھندلکے میں ہیں۔ لیکن مختلف حکایات اور روایتوں میں کچھ نہ کچھ حقیقت پوشیدہ ہوگی، لہٰذا اس سلسلے میں مروجہ داستانوں اور روایتوں کو نقل کرتا ہوں۔

محمد انعام الحق مصنف بنگلہ تصنیف "بنگال پر صوفی اثر" رقمطراز ہیں: غالباً اتنی بھاری تعداد میں بنگال کے اس حصے میں درویشوں کی آمد کی وجہ سے یہاں آج مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ بنگال کے سب سے قدیم درویش و صوفی اس علاقے (ہگلی) میں آتے رہے ہیں۔ یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ گیارھویں اور بارھویں صدی میں بھی کئی صوفی و درویش اس علاقے میں اسلام کا پرچار کرتے رہے ہیں۔ ڈاکٹر سین کمار چٹرجی کا بھی یہی خیال ہے۔ ہاں چند واقعات ایسے بھی ہیں کہ صوفیوں کے بھیس میں مسلم بادشاہوں نے جاسوسوں کو بھی بھیجا ہے۔ ڈاکٹر چٹرجی اور مسٹر ٹمپل جیسے عالم، محقق، اور تاریخ داں اس بات پر متفق ہیں کہ دہلی کے چند مسلم سلطان ایسے رہے ہیں جنہوں نے دہلی سے اپنے کسی جاسوس کو درویش یا صوفی کے بھیس میں بنگال کے کسی ہندو راجا یا بڑے زمیندار کے علاقے میں جاسوسی کرنے اور ہندو راجا کی طاقت کا سراغ لگانے کے لئے بھیجا یہ نیا وئی درویش جاسوسی کرتے اور ہندو راجا کے دربار نیز فوج کا حال معلوم کرتے پھر موقع کی تلاش میں رہتے کہ کس طرح ریاست میں کوئی ہنگامہ برپا کیا جائے۔ پھر کوئی بہانہ گھڑ کے وہ شاہ دہلی کے دربار میں جاتے اور بادشاہ اس بہانے بھاری فوج روانہ کر کے اس چھوٹے راجا یا زمیندار پر حملہ کر دیتا اور جاسوس کی مدد سے جو پہلے ہی سے جال پھیلائے رکھتا تھا۔ شاہی فوج بڑی آسانی سے راجا کو شکست دینے میں کامیاب ہو جاتی۔ اس طرح کئی چھوٹی چھوٹی ہندو ریاستوں کو دہلی کے بادشاہوں نے اپنے قبضے میں کر لیا۔"

مذکورہ حالات کی روشنی میں اب اُن داستانوں پر غور کریں جو شاہ صوفی کے سلسلے میں مشہور ہیں۔ پہلی کہانی میں نے پانڈوا کے کئی بوڑھوں نیز عالم صاحب جو وہاں کے میلے کے منتظم ہیں، کی زبانی سنی ہے۔ کہتے ہیں کہ قدیم زمانے میں یہاں پانڈوں نامی ایک راجا تھا جس کے راج میں قربانی ممنوع تھی۔ ایک بار ایک شخص نے اپنے بیٹے کے "اَن پراسن" (وہ رسم جو بچے کو پہلی بار کھانا کھلانے کے سلسلے میں ادا کی جاتی ہے) میں لوگوں کی دعوت کی اور ایک بکرے کی قربانی کی۔ اس بات کی خبر پاکر راجا غصہ سے لال پیلا ہو گیا اور اُس نے اُس شخص کو یہ سزا دی کہ اُس کے سامنے اس کے ننھے بچے کو قتل کر دیا جائے۔ اُس کے بعد وہ غریب باپ کسی طرح بھاگ کر دہلی آگیا اور شاہ دہلی کے دربار میں انصاف کے لئے فریاد کی۔ تب شاہ دہلی جس کا نام داستان کے مطابق فیروز شاہ ہے، نے اپنے بھائی کے بیٹے شاہ صوفی کو بہت بڑی فوج دے کر پانڈوا فتح کرنے کے لئے روانہ کر دیا، لیکن جنگ میں شاہ صوفی کے ہزاروں سپاہی مارے گئے اور اُن کی جیت کی کوئی صورت نظر نہ آتی تھی۔ اس موقع پر جب شاہ صوفی شکست کے قریب تھے۔ ایک مقامی گوالا جس کا نام فخری بتایئے گھوش (مصنف بنگلہ تصنیف "مغربی بنگال کا کلچر") کے مطابق نگر گھوش ہے، شاہ صوفی کے پاس گیا اور اُس نے بتایا کہ مہاند (یہ مقام پانڈوا سے ۵، ۶ میل کے فاصلے پر ہے اور اب بھی وہاں قدیم شیو جی کا مندر ہے جو اُس مشہور تالاب کے کنارے ہے) کے راجا کا جو تالاب ہے اُس تالاب میں دیوتا رہتے ہیں۔ اور اس کے پانی میں یہ خوبی ہے کہ مردے زندہ ہو جاتے ہیں۔ اسی لئے راجا کی فوج کا کوئی سپاہی مرتا ہی نہیں ہے۔ کیونکہ راجا اس تالاب کے پانی کو استعمال میں لا رہا ہے، لہٰذا اگر شاہ صوفی فتح پانا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے مہاند کے اس تالاب کے پانی کو ناپاک کرنا ہوگا۔ شاہ صوفی نے نگر گھوش کو مالا مال کر دیا اور اُس نے اسلام قبول کر لیا۔ پھر نگر گھوش بھیس بدل کر گیا اور اُس تالاب پر نہاتے ہوئے ایک غوطہ لگایا اور کسی طرح تالاب کا پانی ناپاک کر دیا اور دیوتا تالاب سے رخصت ہو گئے۔ پانی کا اثر جاتا رہا۔ راجا کے سپاہیوں نے نگر گھوش کو گرفتار کر لیا جو ایک سادھو کے لباس میں تھا۔ کہتے ہیں کہ شاہ صوفی نے نگر گھوش کو چند کرامات

سکھائی تھیں لہذا جب نگر گھوش کو گرفتار کر کے راجا کے دربار میں لایا گیا تو وہ ایک پرند بن کر اڑ گیا۔ راجا کے تیر اندازوں نے اُسے تیر کا نشانہ بنا ڈالا اور نگر گھوش مر گیا۔ خیر نگر گھوش تو جان سے گیا لیکن چونکہ تالاب کا پانی ناپاک ہو چکا تھا لہذا شاہ صوفی کے لئے راستہ صاف ہو گیا اور وہ لڑائی جیت گئے۔ اور پھر اُنہوں نے پانڈوا کا مشہور مینار تعمیر کیا۔ یہ پانڈو راجا کی وہ داستان ہے جو نہایت مشہور ہے اور جسے چند بنگالی مسلم شعرا نے بھی قلم بند کیا ہے مثلاً شانتی پور کے می الدین اُستاگر کا "پانڈوا گچھا" یعنی پانڈوا کا قصہ اس سے ملتے جلتے ایک دو واقعات اور مشہور ہیں۔

جناب محمد انعام الحق مصنف بنگلہ تصنیف "بنگال پر صوفی اثر" کے مطابق شاہ صوفی کا نام شاہ صفی الدین شہید رہا ہے اور آپ "برخوردار" نامی دہلی کے کسی امیر کے بیٹے تھے۔ نیز وہ جلال الدین فیروز شاہ (۱۲۹۰ء تا ۱۲۹۵ء) کے بھتیجے تھے ضلع ہگلی کے گاؤں "مہانڈ" (یہ مقام پانڈوا سے تقریباً ۵ میل ہے) میں ایک راجا بنام پانڈو کی حکومت تھی۔ تب وہ وہاں مقیم تھے اور یہیں اُن کے بیٹا پیدا ہوا۔ کسی بات سے راجہ ناراض ہو گیا اور اس نے صوفی کے بیٹے کو قتل کرنے کا حکم دیا۔ اس کے بعد صوفی دہلی گئے اور فریاد کی اور اپنے ماموں جلال الدین شاہ دہلی سے فوج لے کر اپنے بیٹے کا بدلہ لینے کے لئے وہ پانڈو روانہ ہوئے۔ صوفی خود بھی اس جنگ میں شہید ہو گئے لیکن مسلمانوں نے ظفر خاں کو سپہ سالار بنا کر جنگ جاری رکھی اور آخر کار پانڈوا پر قبضہ کر لیا۔ انہیں شاہ صوفی کا مزار آج بھی پانڈوا میں ہے۔

ان داستانوں میں کتنی حکایت ہے اور کتنی سچائی، کہنا محال ہے چونکہ شاہ صوفی کا ذکر کسی نامور مورخ نے نہیں کیا ہے اور تمام روایتیں محض داستانیں ہی ہیں۔ چونکہ ہر داستان میں شاہ صوفی کا شاہ دہلی سلطان فیروز شاہ سے کوئی نہ کوئی رشتہ بتایا گیا ہے لہذا یہ گمان ہو سکتا ہے کہ ان میں کسی نہ کسی قسم کی کوئی قرابت ضرور ہو۔

لیکن آج بھی پانڈوا میں ہزاروں لوگ اُس گمنام ہندو راجا کا ۲۲ دروازہ راج محل کا کھنڈر، شاہ صوفی کا مینار، مزار، تالاب اور پانڈوا کی قدیم مسجد دیکھنے جاتے ہیں۔ عقیدت مند شاہ صوفی کے مزار پر پھول چڑھاتے اور منتیں مانگتے ہیں خوب دھوم دھام سے میلا لگتا ہے اور ایک ماہ تک یہ میلا لگا رہتا ہے۔ مسلمان تالاب میں وضو کرنے کے بعد مسجد میں نماز ادا کرتے ہیں۔ مزار نہایت ہی عالی شان ہے۔ گھاٹ کے کنارے ایک مسافر خانہ ہے۔ مزار کے پیچھے دو کالے پتھر ہیں جن پر عربی میں کچھ کندہ ہے (میں عربی سے ناواقف ہوں اور ان کتبوں کی نقاشی لینے کی مزار والوں نے اجازت نہیں دی) میرا خیال ہے کہ اگر راج محلوں کے اطراف کے قدیم تالابوں کو خشک کر کے کھدائی کی جائے تو اس زمانے کی بہت سی ایسی چیزیں مل سکتی ہیں جس سے پانڈوا کی قدیم تاریخ پر روشنی پڑ سکتی ہے۔

شاہ صوفی کے مینار سے تقریباً دو فرلانگ کے فاصلے پر جہاں سب سے قدیم مسجد ہے جسے پڑھے لکھے لوگ "غازی مسجد" کہتے ہیں لیکن عام طور پر جسے جنات کی مسجد کہا جاتا ہے۔ اب یہ مسجد ویران



پانڈوا کی قدیم مسجد یعنی غازی مسجد عرف جنات کی مسجد

اور شکستہ حالت میں ہے۔



اظہار رامپوری

ہوا سوزِ دروں سے جل کے دل خاک
جلو اچھا ہوا خس کم جہاں پاک
وہی سمجھے مرا دامن ہے کیوں چاک
جسے اللہ دے توفیقِ ادراک
حیات و موت کا اب کیا ہمیں باک
محبت نے یہ قصہ کر دیا پاک
جنوں ہے شوقِ تعمیرِ نشیمن
مری تقدیر میں خس ہے نہ خاشاک
تمنا دل کو ہے اُس شعلہ رو کی
کہاں جلوہ کہاں اک ذرۂ خاک
نظر میں برہمی لب پر تبسم
سمو کر دے رہے ہیں زہر و تریاک
مٹا ڈالا وفا میں دل کو اظہارؔ
جنوں میں لاکھ کا گھر کر لیا خاک

ناظر انصاری جلگانوی

معدنِ فکر و تدبر کے گہر بھی دیکھو
عیب ہی دیکھتے رہتے ہو ہنر بھی دیکھو
حسن تو دیکھ چکے حسنِ نظر بھی دیکھو
اے مسیحا نفسو! زخمِ جگر بھی دیکھو
ایک ہی رُخ پہ نظر اس کے نہ ڈالو ہرگز
زندگانی کو بعنوانِ دگر بھی دیکھو
کیوں ہراساں ہو مرے ہم سفرِ ظلمت سے
شب کی آغوش میں تنویرِ سحر بھی دیکھو
تم تو امواجِ حوادث ہی سے ڈر جاتے ہو
ظلمتِ بحر میں تخلیقِ گہر بھی دیکھو
شومیٔ بخت کے شاکی نہ رہو اے ناظرؔ
دستِ محنت کا زمانے میں ثمر بھی دیکھو

ہوش عظیم آبادی

اب تک تو اعترافِ شکستِ نظر نہیں
کل کیا کریں گے آپ کے جلوے خبر نہیں
اے زندگی خموش! یہ قسمت کی بات ہے
میں گھر کا ہو رہا ہوں مگر میرا گھر نہیں
صیاد کے خلوص نے سب کچھ بھلا دیا
ہم ہیں وہی مگر وہ غم بال و پر نہیں
بے ساختہ کسی سے تصادم نگاہ کا
ہے مختصر سی بات مگر مختصر نہیں
رونا ہے تا بہ عمر تو اشکوں کی قید کیا
اس پر نہ جائیو کہ مری چشم تر نہیں
مدت ہوئی کہ ہوشؔ زمانہ بدل گیا
اب در خورِ نگاہ یہ جنسِ ہنر نہیں



کاظم مظفر پوری

دیئے پھر آنسوؤں کے جل رہے ہیں طاقِ مژگاں پر
زمانہ دم بخود ہے پھر مرے جشنِ چراغاں پر
میں اپنی آستیں سے اپنے آنسو خشک تو کر لوں
مگر ڈر ہے کہ الزام آ نہ جائے تیرے داماں پر
مرے تپوا کی غلطت سے دریا خوب واقف ہے
طمانچوں کے نشاں ہیں آج بھی رخسارِ طوفاں پر
حقارت سے ہمیں دیکھو نہ ہرگز اے چمن والو
ہمارا بھی نشیمن تھا کبھی شاخِ گلستاں پر
عجب انداز سے پھر یاد تیری جاگ اٹھی ہے
ہنسی سبھی لب پہ ہے آنسو بھی ہیں دامانِ مژگاں پر
جسے پڑھ پڑھ کے کاظمؔ ہر مفکر نقشِ حیرت ہے
لکھی ہے عشق نے تاریخ اک خاکِ بیاباں پر



محسن کاکوروی

غلام احمد فرقت

ایک ایسا شاعر جس نے زندگی بھر نہ کسی عورت سے عشق کیا ہو، نہ کسی کی بہو بیٹیوں کو نگاہ اٹھا کر دیکھا ہو اگر آپ مجھ جیسے رند مشرب انسان سے کہیں کہ اس پر ایک مضمون لکھ دو تو وہ مضمون بہ اعتبار جاذبیت اور کشش کسی کے شجرۂ نسب سے زیادہ حیثیت نہ رکھے گا جسے پڑھنے کے لیے اگر آپ کسی کو پیسے بھی دیں تو وہ یہ کہنے پر مجبور ہوگا کہ حضور! ہم زندگی سے لاکھ بیزار سہی مگر اتنے بھی بیزار نہیں۔

فقرا اور ادبا کے بارے میں میں ایک عرصہ تک اس غلط فہمی میں رہا کہ یہ دو علاحدہ علاحدہ الفاظ ہیں، مگر اردو ادب کی تاریخ کا مطالعہ کرنے کے بعد مجھے اپنی رائے بدلنا پڑی اور میں اس نتیجہ پر پہنچا کہ یہ دونوں الفاظ بڑی حد تک ہم معنی اور ایک ہی چیز کے دو نام ہیں چنانچہ ولی دکنی سے لے کر موجودہ دور تک اگر آپ نظر دوڑائیں تو آپ کو ایسا محسوس ہوگا کہ اردو میں جتنے بڑے بڑے ادیب گذرے ہیں اُن میں سے چند کو چھوڑ کر سارے کے سارے فقیر اور مفلوک الحال تھے۔ ان میں کچھ ایسے شعرا اور ادیب تھے جن کی بیویوں نے اُن کی بیکاری سے تنگ آکر انہیں گھر سے نکال دیا تھا اور انہوں نے پیشہ حبیب اللہ سمجھ کر فقیری اختیار کر لی اور کچھ جن کی فقیری نہیں چل پائی انہوں نے ادب اور شاعری میں آکر پناہ لی مگر یہ عجیب بات ہے کہ ہندوستان کی بیشتر بستیاں ان ہی شعرا، ادبا اور فقیروں کے نام سے مشہور ہوئیں۔ چونکہ فقرا اور درویش زیادہ تر گوشہ نشین ہوتے ہیں اور اُن مقامات پر رہتے ہیں جہاں آبادی کم ہو اسی لیے ہندوستان کے بہت سے قصبات فقرا، ادبا اور علما کی وجہ سے مشہور ہیں۔ مثلاً اتر پردیش میں کاکوری، امیٹھی، سندیلہ، بجنور، ردولی، جگور، خیرآباد، بارہ، موہان، گوپامئو، بلگرام وغیرہ وغیرہ کچھ قصبات اپنے طبیبوں، درویشوں اور شاعروں کی وجہ سے مشہور ہیں اور کچھ اپنی بعض اشیا یا اپنے باشندوں کے خصوصی کردار کے تحت زبان زد خاص و عام ہو گئے۔ مثلاً بلیح آباد اپنے آموں اور پٹھانوں کے علاوہ حضرت فقیر محمد گویا، جوش بلیح آبادی اور عبدالرزاق بلیح آبادی کے سبب ایک خاص شہرت کا مالک ہے۔ دیوا شریف حضرت حاجی وارث علی شاہ اور بیدم شاہ وارثی کے علاوہ اپنے میلے کے لیے مشہور ہے۔ اسی طرح کاکوری حضرت تراب علی شاہ قلندر، حضرت محمد کاظم قلندر، حضرت انور قلندر، سعدی کاکوری، محسن کاکوروی اور نادر کاکوروی، کے علاوہ اپنے کبابوں اور سیاسی ڈکیتی کے لئے مشہور رہے۔ مگر شروع سے آخر تک ان تمام بستیوں اور قصبات میں آپ کو ایک چیز ضرور مشترک ملے گی اور وہ ہیں وہاں کے ادیب اور درویش۔ کاکوری کو ان تمام قصبات پر ان معنوں میں بھی ایک خاص فوقیت حاصل ہے کہ یہاں تکیہ شریف کے جو سجادہ نشین گذرے ہیں ان میں سے اکثر و بیشتر بلند پایہ شاعر بھی ہیں مثلاً شاہ تراب علی قلندر جو تراب تخلص کرتے

تھے اور جن کے دوہے، گیت اور نظمیں زبان زد خاص و عام ہیں۔ اس سرزمین کی ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ سیاسی ڈکیتی میں بھی جو لوگ شریک تھے ان میں اشفاق اللہ خاں شہید، رام پرشاد بسمل، ہمنت ناتھ گپت، سچندر ناتھ سانیال جیسے شاعر، ادیب اور صحافی شریک تھے جو ملکی سیاست میں ایک خاص شہرت کے مالک ہیں۔ ضرورت اس کی ہے کہ تمام قصبات اپنے اپنے شعراء ادباء اور علماء کی یادگار منا کر اپنے علمی اور ادبی جواہر پاروں کو دنیا کے سامنے پیش کریں۔

اُردو کے نعت گو شعراء میں جو مقام علامہ محسن کاکوروی کو حاصل ہے وہ کسی نعت گو کو نصیب نہ ہو سکا۔ اور بے جا نہ ہوگا اگر یہ کہا جائے کہ وہ اپنی باطنی لطافتوں اور خوبیوں میں میر درد دہلوی مرحوم کے صحیح سجادہ نشین تھے۔ باوجود ایک ممتاز وکیل ہونے کے انہوں نے کبھی کسی جھوٹے مقدمہ کی وکالت نہیں کی۔

میری نانی صاحبہ (جو اُن کی حقیقی بھانجی تھیں) نے اُن کے بارے میں ایک ایسی روایت بیان کی کہ ایک کمزوری جو ہر شادی شدہ مرد سے عبارت ہے وہ اُن میں بھی بدرجہ اتم موجود تھی یعنی یہ کہ وہ دُنیا میں اگر کسی سے ڈرتے تھے تو وہ اُن کی زوجہ محترمہ تھیں مگر وہ اس معاملے میں قابلِ معافی تھے۔ کیونکہ کسی شوہر کو آج تک ایسی بیوی میسر نہیں ہوئی جو اپنے شوہر کی صلاحیت کا احترام کرتی چنانچہ بڑے بڑے شوہروں کو آج تک راقم الحروف نے اپنی بیوی کے سامنے سوالیہ جملہ کا نشان ہی بنا ہوا دیکھا۔

۱۸۵۷ء کی بغاوت میں جب ملک میں ایک زبردست انتشار پیدا ہوا اور بڑے بڑے شرفاء، ادباء اور ذی علم حضرات کو اپنی عزت و آبرو بچانے کی خاطر مع اہل و عیال ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا پڑا تو علامہ محسن کاکوروی جو اُن دنوں آگرہ میں پریکٹس کرتے تھے مجبور ہو گئے، اور اپنے اہل و عیال کو لے کر اپنے وطن مالوف کاکوری کا رُخ کیا۔ اُس زمانے میں چونکہ سڑکیں غیر محفوظ تھیں اور ذرائع آمد و رفت میں وہ سہولتیں نہ تھیں جو آجکل لوگوں کو حاصل ہیں۔ اس لئے سبیل گاڑیوں پر یہ اپنے اہل و عیال کو لیکر کاکوری روانہ ہوئے۔ اس زمانہ میں اُن کے یہاں ایک لڑکی پیدا ہوئی اور بیوی زچہ خانہ میں ہی تھیں کہ اُن کو یہ سفر اختیار کرنا پڑا۔

میرے حقیقی ماموں جو علامہ محسن کے انتقال کے وقت کاکوری مڈل اسکول کی کسی ابتدائی جماعت میں پڑھتے تھے، ان کا بیان ہے کہ اچھے بابا مرحوم (علامہ محسن) کو پتنگ بازی سے بڑی دلچسپی تھی اور گرمیوں کی چھٹیوں میں جب کچہریاں بند ہو جاتیں تو وہ دس پانچ دن کے لئے کاکوری ضرور آتے۔ اُن کی آمد کی خبر سن کر محلے کے بچے مارے خوشی کے بغلیں بجانے لگتے کیونکہ وہ گھر اور محلے کے تمام لڑکوں کو دو دو آنے پیسے، ایک ایک ڈور کا گولا اور دو دو پتنگ دیتے جب کوئی اعتراض کرتا تو فرماتے کہ پتنگ بازی سے آنکھ کی بینائی بڑھتی ہے۔ پتنگ لڑاتے وقت بچوں سے کہتے کہ ڈور پر درود شریف پڑھ کر پتنگ اُڑایا کرو جتنی بار درود شریف پڑھو گے اُتنے ہی پیچ کاٹو گے۔ اگر کسی لڑکے کی پتنگ کٹ گئی تو کہتے کہ معلوم ہوتا ہے فریق مخالف نے کٹنے والے سے زیادہ بار درود پڑھا تھا اس لئے پتنگ کٹ گئی یہ بھی عجیب بات ہے کہ اُردو ادب میں بعض مشاہیر سخن ایسے گذارے ہیں جن کو پتنگ بازی کا بے حد شوق تھا چنانچہ مولانا حسرت موہانی مرحوم جب بھی اپنے وطن موہان جاتے تو ٹیلے پر کھڑے ہو کر اپنے بچپن کی یاد میں پتنگ ضرور اُڑاتے اور یہ ہی روایت علامہ بیخود دہلوی کے بارے میں مشہور ہے۔

جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ فقراء ادباء اور شعراء میں ہمیشہ سے مفلسی و ناداری میں ایک جنس مشترک رہی ہے۔ چنانچہ حضرت محسن کاکوروی نے وکالت کے پیشہ میں اگرچہ لاکھوں کمائے مگر خیر خیرات میں اسے صرف کر کے ایک روحانی کیف محسوس کرتے رہے اور شاہی میں فقیری کے مزے لوٹتے رہے۔ مرنے سے بارہ چودہ سال قبل مشہور ہے کہ کسی موکل نے ان پر جادو کر دیا تھا جس سے اُن کی حلق سے پوری آواز نکلنا بند ہو گئی تھی چنانچہ اُن کو وکالت کا پیشہ ترک کر دینا پڑا۔

پوری بستی میں وہ "اچھے بابا" کے نام سے مشہور تھے اور سینکڑوں بیواؤں یتیموں اور مسکینوں میں مٹھی بھر بھر کر روپئے اور گنیاں تقسیم کرتے رہے۔ اُن کی بیوی حساب سے اس درجہ نابلد تھیں کہ گنتی تک نہ جانتی تھیں، اس لئے وہ محتاجوں کو بجائے گن کر روپیہ دینے کے مٹھیاں بھر بھر کر روپئے تقسیم کرتی تھیں۔ حضرت محسن کی ساری زندگی دولت کو ہاتھ کا میل سمجھتے گذری

اچھا ہوا وہ اس ہورڈنگ کے دور میں نہیں پیدا ہوئے ورنہ ان کو سانس لینا دشوار ہو جاتا۔ ان کے یہاں (۲۱) اکیس بچے ہوئے جن میں کل چار اولادیں زندہ رہیں۔ لڑکوں میں علامہ نور الحسن نیر بی اے ایل ایل بی اور مولوی انوار الحسن علوی بی اے۔ ایل ایل بی اور دو لڑکیاں تھیں۔

جہاں تک اُن کے کلام کا تعلق ہے وہ شروع سے آخر تک حمد و نعت میں رچا بسا ہے اور قصائد اور مثنوی دونوں میں انداز بیان آناد بکش ہے کہ انہیں پڑھئے اور سر دُھنیے۔ اُردو شاعری کی ایک بڑی خصوصیت یہ رہی ہے کہ اس میں بڑے بڑے متقی اور صوفی شعرا نے شیخ اور محتسب کا مذاق اڑایا ہے حتیٰ کہ میر درد جیسے صوفی اور خدا پرست شاعر تک کو بھی کہنا پڑا۔

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں

اُردو شعرا رشیب و شباب کی یاد میں اب تک کبھی کبھی میٹھی آہیں اور سسکیاں بھرتے اپنے اپنے کلام میں نشر کر چکے ہیں مگر اس میں علامہ محسن کاکوروی کے اس شعر کا آج تک جواب نہ ہو سکا۔

حالت نہ پوچھئے میرے شیب و شباب کی
دو کروٹیں سی عالم غفلت میں خواب کی

جناب خضر نے عمر جاوداں حاصل کر لی اور شعرائے کرام محبوب کو یاد کرنے کی غرض سے عمر جاوداں کے طالب رہے مگر علامہ محسن کاکوروی نے عمر جاوداں کی طلب کے ساتھ ایک ایسی شرط لگا دی کہ شب فراق اور شام انتظار دونوں کے جنازے نکل گئے فرماتے ہیں۔

شب فراق نہ ہو تیرا انتظار نہ ہو
تو ہم بھی فکر کریں عمر جاوداں کیلئے

علامہ محسن کا ایک مشہور قصیدہ نعت رسول میں ہے جس کا آغاز ایسی مطلع سے ہوتا ہے۔

سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل
برق کے کاندھے پہ لاتی ہے صبا گنگا جل

اس کے بعد تشبیب میں متھرا، گوکل، کنھیا اور گوپیوں کا ذکر ہے اور گریز تک اسی قسم کے اشعار کا ایک سلسلہ چلا گیا ہے۔ اس کی تشبیب کے کچھ اشعار آپ بھی سنتے چلئے۔

سمت کاشی سے چلا جانب متھرا بادل
برق کے کاندھے پہ لاتی ہے صبا گنگا جل
گھر میں اشنان کریں سرو قدان گوکل
جا کے جمنا پہ نہانا بھی ہے اک طول عمل
خیر اڑتی ہوئی آئی ہے مہابن میں ابھی
کہ چلے آتے ہیں تیرتھ کو ہوا پر بادل

دھر کا ترسا بچہ ہے برق کے جل میں آگ
ابر چوٹی کا برہمن ہے لئے آگ میں جل

نہ کھلا آٹھ پہر میں کبھی دو چار گھڑی
پندرہ روز ہوئے پانی کو منگل منگل
دیکھئے ہوگا سری کرشن کا کیونکر درشن
سینہ تنگ میں دل گوپیوں کا ہے بیکل
راکھیاں لے کے سلونوں کی برہمن نکلیں
تار بارش کا تو ٹوٹے کوئی ساعت کوئی پل
ایکے میلا تھا ہنڈولے کا بھی گرداب بلا
نہ بچا کوئی محافہ نہ کوئی رتھ نہ بہل
ڈوبنے جاتے ہیں گنگا میں بنارس والے
نوجوانوں کا سنیچر ہے یہ بڑھوا منگل
نہر و بالا کئے دیتے ہیں ہوا کے جھونکے
بیڑے بھادوں کے نکلتے ہیں بھرے گنگا جل

شاہد کفر ہے کھڑے سے اٹھائے گھونگٹ
چشم کافر میں لگائے ہوئے کافر کا جل
جوگیا سبھیں کئے جوگ لگائے ہے بھبھوت
یا کہ بیراگی ہے پربت پہ بچھائے کمل

قصیدے میں مذکورہ بالا تشبیب کے اشعار پڑھ کر کسی کو اس کا وہم و گمان بھی نہیں ہو سکتا کہ یہ کسی نعتیہ قصیدے کے تشبیب کے اشعار ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ اس میں متھرا، گوکل، کنہیا اور گوپیوں اور ہندوؤں کے اُن میلے ٹھیلوں کا ذکر ہے، جن کا براہِ راست تعلق ہندو مذہب اور اس کے رسم و رواج سے ہے اور اردو ادب میں شاید یہ پہلا اور آخری قصیدہ ہے جس میں بجائے محبوب کے سراپے یا بہار کی آمد نظم کرنے کے حضرت محسن نے اپنی مذہبی رواداری اور تمام مذاہب کے یکساں احترام کا ثبوت دیا ہے۔ اور سب سے زیادہ دلچسپ چیز جو اس سے واضح ہوتی ہے وہ یہ ہے کہ ہند کے ان میلے ٹھیلوں کی بہاروں کا انہوں نے نہایت عمیق مشاہدہ کیا ہے۔ بٹر ھو امنگل اُس منگل کو کہتے ہیں جس میں مہابیر جی کے پجاری اور عقیدت مند دُور دُور سے پیدل چل کر مہابیر جی کے مندروں میں جا کر اپنی دلی عقیدت کا اظہار کرتے ہیں۔ اس تشبیب کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ پڑھنے والے کو اسلامی تصوف اور ہندی تخیل کا ایک سنگم نظر آتا ہے۔ ڈاکٹر ابو اللیث صدیقی نے یہ کتنی اچھی بات کہی ہے کہ

"جو لوگ سری کرشن کی داستانِ عشق اور اس رومانی فضا سے آشنا ہیں جو اُن کے وجود سے برج کے علاقہ میں موجود تھی، وہ اس کی تاثیر کو خوب محسوس کرتے ہوں گے۔ ہمارے ناقدین نے ہماری عام شاعری پر یہ اعتراض کیا ہے کہ ہندوستان میں رہ کر بھی ہمارے شاعروں کا تخیل عرب کے بے برگ و گیاہ صحراؤں اور ایران کے نغمہ زار، سبزہ زار و جویبار" میں بھٹکتا پھرتا ہے۔ وہی تشبیہات استعارات اور تلمیحات جو متقدمین شعرائے فارس کے یہاں عام ہیں، وہی ان کا ورثہ ہیں۔ لیکن چونکہ ان کا تعلق براہِ راست ایران کی سرزمین، تاریخ یا خاص ایرانی تہذیب و معاشرت سے ہے، اس لئے ہندستانی شاعری کو بے مزہ بنا دیتے ہیں۔ سری کرشن کی داستانِ حیات رومان و محبت کی کہانی ہے لیکن اس میں ابتذال رکاکت، اور سوقیانہ حالات و واقعات کا شائبہ نہیں بلکہ ہر جگہ خلوص و عقیدت، مذہبیت اور احترام کی جھلک زیادہ ہے، چونکہ ہندوستان عام طور پر اس قصہ سے واقف ہیں، اور بعض رسمیں اور تہوار ابھی تک اُن پرانے واقعات کی یاد تازہ کرنے کے لئے منائے جاتے ہیں، اس لئے تشبیب میں ان کے ذکر سے رومانی فضا پیدا ہو گئی ہے جو اثر سے لبریز ہے کسی اور مضمون سے یہ کیفیت یا تشبیب میں یہ زور پیدا کرنا مشکل ہے۔"

مضمون کے اعتبار سے اس قصیدے اور محسن کی شاعری کے دوسرے کارناموں کو پرکھئے تو ان میں سب سے ممتاز صنف جدت کی نظر آئے گی۔ ہماری شاعری بالعموم تقلیدی ہے اور ہمارے شاعر تقلیدی آرٹسٹ، غزل، مثنوی، قصیدہ، مرثیہ غرض ہر صنف کے مخصوص مضامین پیدا ہو گئے تھے۔ بقول حالی یہی ہزار بار کی چچوڑی ہوئی ہڈیاں تھیں جو ہمارے شاعروں کے لئے سرمایہ افتخار بنی ہوئی تھیں۔ محسن کے معاصرین بھی اس رسمی اور تقلیدی شاعری کے چکر سے آزاد نہ ہوئے۔ اس لئے ان کے یہاں ہجر و وصال کی داستانیں، شکوے شکایتیں خاص خاص حکایتیں، گل و بلبل کے مضامین، مے و مینا کی گردش سے پرانے زمانے کی یادگاروں کا ایک عجائب خانہ نظر آتا ہے جو رفتہ رفتہ اصلیت سے دور اور ابتذال و رکاکت سے قریب تر آ گیا، لیکن محسن نے اپنے دامن کو اپنے ہی پھولوں سے بھرا ہے۔ محسن نے اپنے عقیدے میں جو نرالی تشبیب لکھی ہے آپ کو اردو کے کسی دوسرے شاعر کے یہاں نہیں ملے گی۔ ذوق اور سودا قصیدے کے بادشاہ ہیں۔ لیکن اُن کی کسی تشبیب میں ایسی جدت اور زور نہیں، یہ مضامین تشبیہات استعارات اور خیالات جو خالص ہندوستانی فضا کی پیداوار ہیں، محسن ہی کا حصہ ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محسن کی پاکیزہ طبیعت عوام کی پامال شاہراہ سے بچ کر اپنا راستہ الگ بنانا چاہتی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے سرزمینِ نعت میں اپنی جدت پسندی سے رنگ رنگ کے پھول کا ایک گلزار کھلایا ہے۔

علامہ محسن نے کوئی دنیاوی عشق کیا ہو یا نہ کیا ہو مگر "فغانِ

محسن" کے عنوان سے جو مثنوی اُن کی کلیات میں ہے وہ اور اس پر جو نوٹ ہے وہ قابلِ غور ہے۔ وہ نوٹ حسب ذیل ہے۔

"یہ مثنوی سچی ہمدردی اور پرانی محبت کا نوٹو ہے حضرت محسن کے ایک دوست پر سرکاری معاملے میں گرفت ہوئی جس میں اندیشہ تھا کہ اُن کی عزت و آبرو میں فرق آئے۔ حضرت محسن اپنے دوست کی پریشانی و اضطراب کا صدمہ نہ اُٹھا سکے، بیمار ہو گئے، جب خدا کے فضل سے وہ معاملہ رفت و گزشت ہو گیا۔ حضرت محسن کو بھی صحت ہو گئی بعد صحت یہ مثنوی لکھی تھی جو نظرِ ثانی سے محروم رہی۔"

مگر اس پوری مثنوی سے اگر آخری دو شعر نکال کر اُسے کوئی ایسا شخص پڑھے جسے مذکورہ بالا واقعہ کا علم نہ ہو تو وہ کسی قیمت پر یہ باور کرنے کو تیار نہ ہوگا کہ حضرت محسن نے کسی دوسرے سے عشق کیا ہی نہیں۔

فغانِ محسن

یہ بیٹھے بٹھائے مجھے کیا ہوا ؛ تڑپنے لگا دل اُچھلنے لگا
زمیں تک مرے آنسو آنے لگے ؛ فلک تک مرے نالے جانے لگے
جگر میں تپش لب پہ شیوہ ہے کیوں ؛ مجھے آپ ہی آپ اُلجھن ہے کیوں
مری چشمِ تر کا یہ کیا حال ہے ؛ کہ دامن سے تا آستیں لال ہے
مرا رنگ فق ہوتا جاتا ہے کیوں ؛ بدن خود بخود سنسناتا ہے کیوں
سبب کیا جو میں سر کو دھننے لگا ؛ ہوا کیا کہ میں تنکے چننے لگا
ہنسی میں مرے آنسو بہنے لگے ؛ مجھے لوگ سودائی کہنے لگے
نیا راگ لاتی مری بے کسی ؛ چھٹا دیس جنگلے کی دھن ہو گئی
مرے منہ پہ زردی سی کیوں چھا گئی ؛ چمن میں مرے کیوں خزاں آ گئی
پسینے بھی دیکھے نکلتے ہوئے ؛ ہے گھبراہٹ اتنی مجھے کس لئے
کروں اپنے ہاتھوں اُٹھائے چلا ؛ کھلے بند میں قید خانے چلا
چمن سے مجھے شوقِ صحرا ہوا ؛ نئے رنگ کا مجھ کو سودا ہوا
خزاں آئے تو دل کو کھٹکا نہیں ؛ بہار آئے تو مجھ کو پروا نہیں
طبیب آئیں بالیں پہ تو دم گھٹے ؛ مری نبض دیکھیں تو نبضیں چھٹیں
کوئی فصد لے یا اثر تک نہ ہو ؛ کوئی پہچنے دے یاں خبر تک نہ ہو
عجب طرح کا ہے یہ دیوانہ پن ؛ نہ شوقِ خموشی نہ ذوقِ سخن
اگر بے محل گفتگو کی ٹھنی ؛ بلا نطق کو خلعتِ سوسنی
خموشی ہوئی گر بجائے سخن ؛ بلا نالہ کو سرمئی پیرہن
جو سوتے میں شب کو رہی بے کلی ؛ تو خوابِ پریشاں سے نیند اڑ گئی
جو داغ کو یہی سوزِ باطن رہا ؛ تو دن بھر مرا کیا بُرا دن رہا
خوش آتی نہیں اب مجھے کوئی شے ؛ نہ دریا نہ گلشن نہ مینا نہ مے
نہیں کوئی ساماں مجھے سازوار ؛ نہ ساقی نہ مطرب نہ فصلِ بہار
کبھی مری کیفیت ایسی نہ تھی ؛ یہ شورش یہ سوزش یہ گرمی نہ تھی
نہ ایسی کبھی بے قراری ہوئی ؛ نہ مجھ پر غشی ایسی طاری ہوئی
نہ آنکھوں کے پردے گلابی ہوئے ؛ نہ تار آنسوؤں کے شہابی ہوئے
گھڑی بھر میں میں ہو گیا گرد برد ؛ ستم ہے غضب ہے کلیجہ کا درد
نہ کیا کیا ہوس زندگانی کی تھی ؛ مگر موت آئی جوانی ہی تھی
کوئی دم میں دم ہی نکلتا ہے آج ؛ کلیجا کوئی میرا ملتا ہے آج
چلی آتی ہیں ہچکیاں دم بدم ؛ مجھے یاد کرتے ہیں اہلِ عدم
اندھیرا مری آنکھوں میں چھا گیا ؛ جبیں پر بھی دیکھو عرق آ گیا
تڑپنے مجھے دو نہ بولو ذرا ؛ مرے ہاتھ اور پاؤں کھولو ذرا
نہ للہ مجھ کو سنبھالے کوئی ؛ مرے منہ میں پانی نہ ڈالے کوئی
میرے فاتحہ کو نہ آئے کوئی ؛ جنازہ نہ میرا اٹھائے کوئی
میں کس واسطے خاطر آزار ہوں ؛ کسی کے دلِ دوش کا بار ہوں
ہوا آنکھوں سے آبِ رواں موجزن ؛ اُسی میں نہاؤں وہی ہو کفن
وضو کر کے محسن نہ سپریں مجھے ؛ فرشتوں سے کہہ دو نہ گھبریں مجھے
سمجھتا نہیں میں حساب و کتاب ؛ یہ لکھتا ہوں ایک مختصر سا جواب
نہ میں نے کیا کچھ نہ جانا کبھی ؛ مگر سجدۂ آستانِ نبی
خطا بخش بدیو انگہ کبریا ؛ حبیبِ خدا اشرفِ انبیاء
ز اسمائے اُو رد ز امید و بیم ؛ شفیعِ متاعِ نبی کریم

کشمیر میں فنونِ لطیفہ کا احیاء نو

سنگیت

علی محمد لون

بات میرے لڑکپن کی ہے سب سے پرانی بات۔ نمائش گاہ کے ہال میں زندہ ناچ گانے والی ایک ٹولی آئی تھی۔ اس میں شامل ایک کشمیری گانے والی نے ہجور کشمیری کی اُس زمانے کی مشہور غزل گائی تھی۔

"باغِ نشاط کے گلو ناز کران کران وولو"

سب تماشائیوں کو حیرت ہوئی تھی، بے حد خوشی ہوئی تھی اور اس حیرت اور مسرت کا نتیجہ یہ نکلا تھا کہ زندہ ناچ گانے والی پارٹی نے بہت پیسے کمائے۔

اور اب جب ہم اپنے ریڈیو اسٹیشن سے ملک کی مشہور گلوکارآشا بھونسلے کی زبان سے رسول میر کی غزل 'لالس وطن' سے چھو سوال، سنتے ہیں تو ہمیں مسرت تو ہوتی ہے تاہم اس میں حیرت کا کوئی شائبہ شامل نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ آج کان کشمیری غزل سے آشنا ہیں۔ ہلکی پھلکی موسیقی بہت مقبول ہوئی ہے۔ فلمی سنگیت کی بے پناہ مقبولیت کے ساتھ ساتھ مقامی موسیقی بھی بہت مقبول ہو چکی ہے۔ اس کا اندازہ اس فرمائشی پروگرام سے ہوتا ہے، جو مقامی ریڈیو سے ہر روز صبح نشر کیا جاتا ہے۔ اس میں کشمیری موسیقی کے شوقین بڑھ چڑھ کر دلچسپی لیتے ہیں۔ ہلکی پھلکی موسیقی کے ساتھ ساتھ ریڈیو کی بدولت مقامی لوک سنگیت اور کلاسیکی موسیقی بھی اپنی محدود دُنیا سے نکل کر قبولِ عام کی سند حاصل کر چکی ہے۔ کم از کم یہ بات لوک سنگیت کے بارے میں وثوق کے ساتھ کہی جا سکتی ہے۔ بعض خاص تہواروں اور تقریبات کی یہ چیز اب ہم سب کی میراث بن چکی ہے۔ اس طرح صوفیانہ کلام بھی اپنی سابقہ محدود محفلوں سے نکل کر ہمارا مشترکہ تہذیبی سرمایہ بن چکا ہے۔ آپ سوچتے ہوں گے کہ آج سے ۲۰-۲۲ سال اِدھر گوشۂ گمنامی میں پڑی ہوئی مقامی موسیقی میں یہ انقلاب سا کیوں آگیا؛ بات سیدھی سی ہے۔ آزادی کے بعد جہاں زندگی کے تقریباً سبھی شعبوں میں ایک خاموش انقلاب ظہور میں آرہا ہے، وہاں بالکل اسی طرح ہماری تمدنی زندگی بھی اس خاموش انقلاب سے دوچار ہو رہی ہے۔ مادی اور معاشی ترقی تب تک اُدھوری ہے اور انسانی ضروریات کے لئے ناکافی جب تک کہ اسی ترقی کے ساتھ ساتھ تمدن کے شعبوں میں بھی ترقی نہ ہو۔ اس شعور اور احساس کی بدولت جہاں معاشی اور مادّی شعبوں میں ترقی کرنے کی کوشش ہو رہی ہے، وہاں تمدنی ترقی پر بھی کما حقہٗ توجہ دی جا رہی ہے۔ مقامی ریڈیو اسٹیشن کا قیام اس سلسلے میں پہلا قدم تھا۔ ریڈیو کی نشریات میں موسیقی کو ایک اہم مقام حاصل ہے۔ مختلف اوقات میں، چھوٹے چھوٹے موزوں وقفوں کے بعد موسیقی کی نشریات نے ہر ایک سننے والے کو یہ احساس بخشا ہے کہ ہماری موسیقی بھی پُراثر ہے، پُردرد ہے پُرمسرت ہے اور اس سے ہمیں جسمانی اور روحانی تسکین حاصل ہوتی ہے۔ لوک سنگیت اور کلاسیکی موسیقی کی باقاعدہ نشریات کے علاوہ ہلکی پھلکی موسیقی یعنی کشمیری غزل "وچن" "ونون وروف وغیرہ میں جو نئے تجربے مقامی ریڈیو اسٹیشن نے کئے ہیں، ان کی وجہ سے اس موسیقی میں زندگی کی نئی رُوح آگئی ہے۔

مقامی ریڈیو کے قیام کے کوئی نو سال بعد ریاست میں فنون تمدن اور زبانوں سے متعلق اکادمی کا قیام دوسرا اہم قدم تھا جس نے مقامی سنگیت کی آبیاری اور ہمت افزائی کا فرض انجام دیا۔ اکادمی نہ صرف بڑے بڑے کنسرٹوں کا اہتمام کرتی ہے بلکہ بچوں اور نوجوانوں میں موسیقی کا

شوق پیدا کرنے کے لئے انعامی مقابلوں کا اہتمام بھی کرتی ہے۔ اس کے علاوہ، ریاست میں جتنے بھی غیر سرکاری ادارے موسیقی کی تعلیم دیتے ہیں اُن کی مالی امداد بھی اکادمی نے اپنے فرائض میں شامل کر لیا ہے۔ اکادمی ہر سال کئی محفلوں کا انتظام کراتی ہے۔ ان میں لوک سنگیت کے علاوہ ہلکی پھلکی موسیقی، ہندوستانی کلاسیکی سنگیت اور صوفیانہ کلام کے ماہر فنکاروں کو اپنا فن پیش کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔ اس سلسلے میں زیادہ اہم کام یہ ہے کہ لوگوں میں ہندوستانی کلاسیکی سنگیت کے تئیں دلچسپی پیدا کرنے کی غرض سے بڑے اُستادوں کو اپنے فن کے مظاہرے کی دعوت دی جاتی ہے۔ سری نگر کا ٹیگور میموریل ہال ہو یا سیاحوں کے مرکز کا ہال۔ ایسی محفلوں میں لوگ بڑے شوق کے ساتھ شریک ہوتے ہیں اور اُستادوں کے فن سے محظوظ ہوتے ہیں۔ اس طرح دھیرے دھیرے کلاسیکی موسیقی میں بھی لوگوں کی دلچسپی بڑھنے لگی ہے۔

موسیقی کے سالانہ مقابلوں میں سینکڑوں بچے اور نوجوان حصہ لیتے ہیں اور ہر سال اُن کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ مقابلوں میں امتیازی پوزیشن پانے والوں کو نقد انعاموں کے علاوہ اسناد بھی دی جاتی ہیں۔ اور اس طرح اس شوق کی آبیاری کی جاتی ہے۔ اکادمی نے حال ہی میں ایسے لائق اور مستحق اُمیدواروں کو وظیفے دینے کا سلسلہ بھی شروع کیا ہے، جو ریاست کے باہر بعض اعلیٰ تربیتی اداروں میں ڈپلوما اور ڈگری کورس لینا چاہتے ہیں۔ چنانچہ رقص اور موسیقی کے علاوہ سنگیت کے اداروں میں بھی ایسے اُمیدواروں کو ہر سال تربیت حاصل کرنے کے لئے بھیجا جاتا ہے۔ اکادمی کی طرف سے پچھلے چار برسوں میں ایک انسٹی ٹیوٹ بھی کام کر رہا ہے جس میں مصوری اور رقص کے علاوہ سنگیت کی تعلیم اور تربیت کا انتظام بھی موجود ہے اس کام کو پورا کرنے کے لئے ماہر فن کی خدمات حاصل کی جاتی ہے۔ موسیقی کے شعبے میں گانے کے علاوہ مختلف ساز بجانے کی تربیت بھی دی جاتی ہے۔ جن میں طبلہ، ستار، سنتور وغیرہ شامل ہیں۔ اس میں صوفیانہ موسیقی کی ایک شاخ بھی کام کر رہی ہے۔ لیکن تجربے سے ہمیں معلوم ہوا ہے کہ لوگ ادھر کچھ زیادہ متوجہ نہیں ہوتے۔ کشمیر کی کلاسیکی موسیقی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ اب اس کی بقا کے کام کو بھی بڑی سنجیدگی سے ہاتھ میں لینے کی ضرورت ہے۔ ہم عصر ماہرین فن کی رکارڈنگ محفوظ کر لی گئی ہے۔ لیکن ان اُستادوں کے بعد اس میدان کے لئے مزید فن کاروں کو پیدا کرنے کا کام ابھی کچھ ڈھنگ سے نہیں ہوا۔ ہماری بہت بڑی بدنصیبی ہوگی اگر ہماری یہ شاندار تمدنی وراثت ہم سے چھن جائے۔ مقامی ریڈیو اس سلسلے میں اپنے فرض ادا کر رہا ہے۔ لیکن ریاست کی اکادمی کو اس ضمن میں ٹھوس اقدام کرنے چاہئیں۔ کوتور سرگم کے نام پر اکادمی نے صوفیانہ موسیقی کی جو نوٹیشن شائع کی ہے، وہ اپنی جگہ پر ٹھیک ہے لیکن اس سے بھی کام بننا نہیں۔ نوجوان فن کاروں کو اس موسیقی کی طرف راغب کرنے کے لئے مناسب سہولتوں مثلاً موجودہ اُستادوں کی خدمات حاصل کرنے کے علاوہ وظیفوں، مفت کتابوں اور سازوں کا انتظام کیا جانا چاہئے۔ یہ ہو جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ لوگ موسیقی کے دوسرے شعبوں کی طرح اس شعبے میں بھی دلچسپی نہ لیں۔ ہمارے پچھلے ۲۲ سال کے تجربے نے ہمیں دکھایا ہے کہ جہاں جہاں مناسب سہولیات ہیں، موزوں ماحول ہے اور حوصلہ افزائی کی گئی ہے وہاں ترقی ہوئی ہے۔ آج یہ صورت ہے کہ موسیقی کے اداروں میں اور طالبات کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ موسیقی کی محفلوں میں لوگ شوق سے شریک ہوتے ہیں۔ گھر گھر موسیقی کے چرچے ہیں۔ لوگ اپنی تمدنی وراثت پر نازاں ہیں اور اُسے آگے بڑھانے اور اُسے نئے آفاق سے روشناس کرانے کا جذبہ بھی۔ خدا کرے یہ جذبہ سلامت رہے اور وہ دن بھی آئے جب ملک کے دوسرے حصوں کی طرح اس حصے میں بھی ایسے موسیقار پیدا ہوں جو اپنے فن سے ہمارے ملک کی گنگا جمنی تہذیب کی ترجمانی کریں۔

بچوں کے لئے کتابیں

۱- ہندوستان کی تاریخ (بچوں کے لئے)	۳/-	۳- سوامی وویکانند	۱/۵۰
۲- اچھا شہری	۱/-	۴- ہندوستان کی نامور ہستیاں	
		جلد اول، جلد دوم، جلد سوم	۲/۱۹ ۲/۵۰

ملنے کا پتہ:- بزنس منیجر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

بالآخر ہم کامیاب ہوئے

فرحت قمر

ہماری صحت ماشاءاللہ اچھی خاصی تھی۔ بچپن میں گھر کے دودھ پر پلے تھے اور مکھن سبزی کی طرح کھایا تھا لیکن جب ہم جوان ہوئے اور کالج جانے لگے تو ہم نے دیکھا کہ آس پاس کے لوگوں کے، ساتھیوں کے چہرے اُداس اور بے رونق ہیں۔ فٹ بال کے میدان میں اکثر کھلاڑیوں کی ننگی ٹانگیں یوں لگتیں جیسے ہوسٹل کے چوکیدار آغا کا افغانی ڈنڈا۔ سڑکوں اور بازاروں میں بھی زندگی کو بغور دیکھا تو اُداسی کو زندگی کی ایک ٹھوس حقیقت پایا۔ ان لوگوں کے درمیان ہم اپنے کو ایسا سمجھتے تھے جیسے کسی دوسری دنیا کی مخلوق ہوں۔ شہر میں تو صحت کا اسٹینڈرڈ ہی یہ تھا کہ بدن دبلا پتلا ہو۔ عادتاً ہم نے اس مسئلہ کے دوسرے رُخ پر بھی غور کیا اور سمجھا کہ شہر میں رہنے کے لئے صحت مند ہونا ضروری بھی نہیں ہے۔ کیوں کہ شہر کا دھول، دھوئیں اور شور سے بھرا ماحول صحت مند لوگوں کے مزاج کے مطابق ہے بھی نہیں اور پھر کوئی صحت مند آدمی دن بھر بیٹھ کر دفتری کام کر بھی کیسے سکتا ہے۔ صحت مند لوگ تو جسمانی طور پر مستعد ہوتے ہیں۔ اِدھر اُدھر گھومنا دوڑ دھوپ کرنا پسند کرتے ہیں۔ اگر دفتروں میں اچھی صحت کے آدمی کام کریں تو سپرنٹنڈنٹ صاحب کے دورے کے وقت اکثر اپنی کرسی سے غائب ہی دکھائی دیں۔ دفتری کام کے لئے سست ہونا ضروری ساہے۔ عمرانیات میں پڑھا وہ اصول کہ وقت کی ضرورتوں کے مطابق انسانی زندگی کے مختلف پہلو تغیر پذیر ہوتے رہتے ہیں، اس طرح بالکل سمجھ میں آگیا اور ہم مطمئن سے ہو گئے۔

لیکن یہ اطمینان صرف مردوں کی طرف سے ہوا۔ اِدھر اُدھر گھومی۔ عورتوں کے سُرخ سرخ رخسار اور تروتازہ چہرے دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا تھا کہ صحت ابھی اس صنف میں کافی موجود ہے۔ ان ہوہے واقعات کی بات سوچی تو کئی منظر ذہن میں اُبھر آئے — بچوں کو اسکول اور شوہروں کو کام پر بھیج کر عورتیں مکان کے پچھلے حصوں میں بیٹھی گپ شپ کر رہی ہیں۔ گلی سے گذرنے والے سے گول گپے اور پھلوں کی چاٹ لے کر کھا رہی ہیں۔ جذبات کے کھنچاؤ کو آنسوؤں کے ذریعے نکال رہی ہیں۔ وغیرہ وغیرہ — ہم نے تھوڑے مشاہدہ کے مطابق یہ تھیوری بنائی کہ عورتوں کی زندگی میں وہ ذہنی کشمکش، وہ اعصابی تناؤ بہت کم ہے۔ جو مردوں کی زندگی میں ہوتا ہے اور اسی لئے اُن کی صحت مردوں کے مقابلہ بہتر رہتی ہے لیکن ایک دن ہماری ساری اسٹڈی پر پانی پھر گیا۔ ہوا یوں کہ ہمارے ایک دوست ہیں جن کے والد ماجد کسی دوسرے ملک میں ملازمت کرتے ہیں۔ اور جن کی تعلیمی سرگرمیوں کی خبر لینے، صحیح نفسیاتی معلوم کرنے یا یہ پوچھنے کہ کیا اُس ماہ امتحان کے سلسلہ میں پچاس روپیہ واقعی لے سمجھا رہے ہیں، کبھی کبھی اُن کی ماں کالج آتی تھیں۔ اتفاق کی بات تھی کہ ہمارے یار ہم کو پہلو میں لئے ہمیشہ وہاں ملے جہاں کالج کے پرانے بورڈوں کے سائبان

تلے ایک قریبی دیہات کا شخص ایک کالے ساس پان میں (جو کسی زمانے میں ایلومینیم کا رہا ہوگا) صبح سے شام تک بقول مولانا آزاد "سیال حلوہ" بنا بنا کر طلبا کو پلایا کرتا تھا۔ اور جہاں پڑی ہوئی کرسیوں پر ہم بیٹھنے کم اور جھولتے زیادہ تھے اور جس کو ہم اپنی عزت اپنے آپ بنائے رکھنے کے لئے "کیفے" کہا کرتے تھے۔ اکثر اس جگہ ہم نے اس ادھیڑ عمر کی سرخ رو عورت کو بارہا دیکھا۔ ایک دن کسی ضرورت سے (اب آپ سے کیا چھپانا میس کے پیسے پورے کرنے کے لئے ادھار مانگنے کے لئے) ہم اپنے یار کے گھر علی الصباح پہنچے۔ ایک عورت دروازے سے باہر "کھانا بنانے کا کارخانہ" چلو کر رہی تھی دروازہ کھلا ہوا تھا اور اس عورت کی پشت ہماری طرف تھی اس لئے ہم بنا اس سے بولے اندر داخل ہوئے (نوکروں سے ویسے بھی ہم کم بولتے ہیں کیونکہ ہمارے ایک کالے انگریز چچا نے بچپن میں ہم کو ایسا نہ کرنے کی سخت ہدایت کی تھی) اندر پہونچکر ہم نے اپنے یار سے غرض مدعا کی تو اس نے آواز دی "ممی" اور ہمارے تعجب کی انتہا نہ رہی جب اس کی ممی آئیں۔ وہ تو وہی بوڑھی سی عورت تھی جو باہر کھڑی تھی۔ ہم نے سوچا صبح صبح آنکھیں نیند کی وجہ سے بوجھل ہونگی لیکن آنکھیں ملنے کے باوجود اس کی عمر اتنی ہی رہی اور وہ ہمارے یار کی وہ ماں نہ بن سکیں جن کو ہم کالج میں دیکھا کرتے تھے۔ اس وقت تو ہم پیسے لے کر وہاں سے چلے آئے لیکن دماغی بھوک کو دور کرنے کے لئے فیس جمع کراتے ہی اپنے ساتھی سے اپنی بجائے حاضری بولنے کی ہدایت کر کے ہم سیدھے ان کی رہائش گاہ کی طرف ہو لئے۔ اتفاق سے وہ گھر سے باہر نکل رہی تھیں اور نہ جانے کیسے ان کی عمر کوئی دس بارہ سال گھٹ چکی تھی۔

سوال اور بھی ٹیڑھا ہو گیا اور دماغ میں کنگھورے کی لوح جم کر رہ گیا۔ ہم نے اس پر ریسرچ کرنے کی ٹھانی لیکن سوال عورتوں کا تھا۔ لوگوں سے سنا تھا کہ عورتوں سے عمر کے بارے میں سوال نہیں کرنا چاہئے۔ لیکن ایک دن یہ مشکل حل ہو گئی۔ ہم ایک دوسرے دوست کے گھر تھے اور گھر میں سوائے اس کے اور کوئی نہ تھا۔ ہم نے فرمائش کی "یار آج تو گھر کی بنی ہوئی چیزیں کھانے کو طبیعت کر رہی ہے" اور تلاش شروع ہو گئی۔ ایک کمرے میں ایک شیشہ والی میز پر بہت سی شیشیاں ڈبے دیکھ کر ہم نے پوچھا

"یار تیرے ڈیڈی کیا دواؤں کے ایجنٹ ہیں؟"

"کیوں؟"

"یہ سب ڈبے شیشیاں کیسی ہیں؟"

وہ ہمارے گنوارپن پر ہنسا اور بولا — "ابے یہ تو ممی کے میک اپ کا سامان ہے۔" اس دن ہمیں پتہ چلا کہ عورتوں کے چہرے کی سرخی کا راز کیا ہے۔ دراصل ہم گاؤں سے آئے تھے اور ہم کو اپنے گھر میں اس قسم کے تجربات نہیں ملے تھے۔ بہرحال ایک بھرم دور ہوا اور انسانی زندگی کی حقیقت ہمارے سامنے بالکل واضح ہو گئی کہ آج کے دور میں صحت مند کوئی نہیں۔

غور و فکر کی تلیا میں غوطے کھا کر جب ہم نکلے تو ہم نے فیصلہ کر لیا کہ گھر کے دودھ اور سبزی کی طرح کھائے گئے کمپن سے بنی یہ صحت ایک خصوصی رعایت ہے ایک "SPECIAL PRIVILEGE" ہے جو ماحول کے مطابق نہیں۔ بس اسی دن سے ہم نے فیصلہ کر لیا کہ اب اپنی صحت کو خراب کر کے دوسروں کی طرح ہو جائیں گے لیکن غور طلب سوال یہ تھا کہ صحت خراب کیسے کی جائے؟ کالج کے ڈاکٹر سے خدا کو حاضر ناظر جان کر پوری سنجیدگی سے یہ سنجیدہ بات پوچھی تو جواب دینے کی بجائے انہوں نے ایسی نظروں سے ہمیں دیکھا جیسے پوچھ رہے ہوں "دماغ تو نہیں چل گیا تمہارا" اور اس کے بعد کسی سے پوچھنے کی نہ ہمت ہوئی اور نہ ہم نے ضرورت سمجھی۔ ہم نے اپنی ہی ذہانت سے ایک حل نکالا۔ آج ہر وہ شخص جو کوئی بھی طبی مشورہ دینے کے اہل یا نااہل تھا صحت بنانے کے سلسلے میں جو کچھ بھی کہتا آیا تھا ہم اس کے خلاف کرنا شروع کریں گے۔

پروگرام شروع ہو گیا۔

ہم نے صبح کی سیر بند کرنی چاہی لیکن سویرے اٹھنے کی عادت اتنی پختہ تھی کہ آنکھ ایک بار اپنے وقت پر کھل جاتی تو پھر نہ لگتی۔ پلنگ پر بیکار بھی نہ لیٹا جاتا تھا اور اگر سیر کو جاتے تو مقصد فوت ہوتا تھا۔ ہم نے ایک سمجھوتہ کیا کہ سیر کو جائیں گے لیکن شہر کی گلیوں کی۔ گلیوں میں صبح صبح سنکڑوں کھانا بنانے کے کارخانے" دھواں اگلتے رہتے ہیں اور وہاں کی آب و ہوا میں آکسیجن سے زیادہ کاربن بھر جاتا ہے۔ اپنی صحت کو زد کرنے کے لئے ہم نے ہر صبح اس صورت حال سے فائدہ اٹھانا شروع کر دیا۔ شام کو بھی کھیلنے کے بجائے

بازاروں میں گھومنا شروع کر دیا کیونکہ بھیڑ کی وجہ سے وہاں بھی کاریں کی کوئی کمی نہیں ہوتی۔ رات کا کھانا کھانے کے بعد ٹہلنے کی بجائے فوراً سو جانا اور صبح ناشتے میں دودھ کی بجائے چائے پینا شروع کر دیا۔ پہلے تو پہلے ہی اس لئے بند کر چکے تھے کہ اُن سے خون تو کھانے کے بعد بڑھتا ہے لیکن کھانے سے پہلے اس سے زیادہ خون دام چکاتے وقت خشک ہو جاتا ہے۔

ایک ماہ گذر گیا لیکن صحت تس سے مس نہیں ہوئی۔ ہم نے اور تدبیریں سوچیں۔ چائے کی مقدار بڑھا دی اور زیادہ سے زیادہ اسٹرانگ پینے لگے۔ سگریٹ کی عادت بھی ڈالی۔ ان سب سے بھی کوئی خاص فرق نہیں پڑا تو ہم نے سوچا کہ کوئی بنیادی ترکیب ڈھونڈنی چاہئے۔ بزرگوں سے سنا تھا کہ رات کو دیر تک جاگنا اور صبح کو دیر تک سونا صحت کے لئے مضر ہے۔ اس نسخہ کو آزمایا تو ایک ہفتہ میں ہی تسلی بخش نتیجہ نکلا صبح کو اُٹھنے کی عادت ختم ہو گئی اور زیادہ نہ سہی تو صبح کو دو تین گھنٹوں تک تو چہرہ پھیکا رہنے ہی لگا۔ تین ماہ تک ہم نے اس تیر بہدف نسخہ کو جاری رکھا اور خدا خدا کر کے چہرے کی سرخی کم ہوئی۔ لیکن صحت تو اب بھی بہت اچھی تھی یعنی کہ ہم جوان لگنے لگے۔ تھے چہرا بھرا بھرا اور جسم سڈول سا تھا۔ کچھ اور کیا جاتے؟ اور ہم کو وہ کہانی یاد آ گئی جو مکتب میں سنی تھی کہ ایک حکیم عرب گیا تو اُس کی دوکان پر کوئی مریض ہی نہ آیا۔ سال بھر اسی طرح گذر گیا تو حکیم نے بوریا بستر گول کیا اور اپنے وطن بغداد پہنچ گیا لوگوں نے اسکی وجہ پوچھی تو بتایا عرب والے جب بھوک لگتی ہے تب کھاتے ہیں اور ذرا سی بھوک رہ جاتی ہے تو کھانا بند کر دیتے ہیں۔" وہ مارا" کہتے ہوئے ہم نے فی الفور اس پر عمل شروع کیا اور وقت بے وقت بغیر بھوک کے کھانے لگے۔ جو بھی ملتا جب بھی ملتا معدہ کے فطری پروٹسٹ یعنی ڈکار کی پروا کئے بنا ڈکار جاتے۔ ڈکار کو ہم ایسا سمجھتے تھے جیسے آئے دن کی ہڑتال کے نعرے لگا رہے ہوں اور جن کی طرف دھیان دینا بیکار سا ہو غرض کہ چائے کبھی خالی نہ پیتے اور ہوٹل کے ان ساتھیوں کی دال پی جاتے جو اتنے ماڈرن ہو چکے تھے کہ دال ہضم نہیں کر سکتے تھے۔

دو سال یونہی گذر گئے۔ کالج چھوٹا ملازمت لگی تب بھی ہم نے اپنا پروگرام جاری رکھا کیوں کہ دفتر میں ہم نے زندگی کی حقیقت کو اور بھی بے نقاب دیکھا اور کام کرنے کے لئے سست و مجہول ہونا ضروری سمجھا۔ ہم نے ایک ایسا ہوٹل ڈھونڈا جو روٹیاں گن کر دام نہیں لگاتا تھا بلکہ خوراک کے حساب پر پیٹ بھر کر کھلاتا تھا۔ ایک سال تک ہم نے اپنے مقصد کو پورا کرنے کے سلسلے میں اس ہوٹل میں محنت کی تو ہم بھی اپنے کو دوسروں کی طرح پانے لگے اور پھر ظاہر ہے کہ اس ہوٹل میں کھانا کھانا بیکار تھا۔

اب ہم ایک ایسے ہوٹل میں کھاتے ہیں جو گن کر روٹیوں کے دام لگاتا ہے اور ہم دو روٹی سے زیادہ نہیں کھاتے۔ ایک اور فائدہ بھی اس ہوٹل میں ہے کہ ایک وقت کے ناغہ کے بھی پیسے کاٹ دیتا ہے اور ہم چونکہ ہر دوسرے تیسرے دن بغیر کھانا کھائے رہتے ہیں، رہتے کیا ہیں رہنا پڑتا ہے، اس لئے مزے میں ہیں۔ تین سال کی مسلسل جد و جہد سے ہمارا مقصد پورا ہو گیا ہے۔ وزن کافی گھٹ گیا ہے اور جسم دُبلا ہوتے ہوتے موجودہ زمانے کی نوجوان نسل کے "سینکیا اسٹینڈرڈ" تک پہونچ چکا ہے۔ اب ہم اپنے کو سماج میں اجنبی نہیں پاتے۔ جیسے سب کا چہرہ اداس ہے ویسے ہی ہمارا ہے، جیسے بس پکڑنے کے سلسلے میں سب کا دم پھولتا ہے۔ اسی طرح ہمارا بھی حال ہے جس طرح سب صبح سے دوپہر تک معدہ کی گیس کی زیادتی کی وجہ سے جس میں سستی اور آنکھوں میں بھاری پن کا احساس کرتے ہیں اُسی طرح ہم کو بھی محسوس ہوتا ہے اور جس طرح شام کی سیر کے نام پر لوگ اپنے آنگن کے چھ سات چکر لگا لیتے ہیں، اسی طرح ہم بھی اپنے جسم کو گھسیٹتے پھرتے ہیں۔ کبھی کبھی کھوئی صحت کا افسوس ہوتا ہے تو ہم اپنے کو تسلی دے لیتے ہیں کہ اپنے علم و عزم محکم کے سہارے اپنی صحت گنوا کر ہم انسانی کردار کی اس بلندی تک جا پہنچے ہیں جہاں آج ہم اپنے کو دوسروں سے برتر نہیں سمجھتے سوچتے ہیں کہ اس معیار سے گر کر اور اپنے گاؤں جا کر کیا کریں گے۔



دیوان تاراچند

بیکراں سکون

لابھ سنگھ دو سال کے بعد اپنے گاؤں جا رہا تھا۔ رات کا وقت تھا۔ بارش ابھی تک پوری طرح بند نہیں ہوئی تھی شاہی مقبروں سے ہوتی ہوئی سڑک نکودر سے نواں پنڈ شونکھیاں کو جاتی تھی۔ تیرہ سال پہلے وہ اسی سڑک سے ہو کر آریہ ہائی اسکول نکودر پڑھنے جایا کرتا تھا۔ سڑک کسی جوان بیوہ کے جذبات کی مانند سنسان اور اداس تھی۔ چلتے چلتے لابھ سنگھ رک گیا۔ اس نے قمیص کے اندر ایک کرتی پہنی ہوئی تھی۔ اس کی جیب میں اس نے ڈیڑھ ہزار روپے کی رقم سی رکھی تھی۔ یہ رقم وہ اپنے نابازاد بھائی ہردیال کے لئے لایا تھا۔ ہردیال گاؤں میں کپڑے کی دکان کرتا تھا۔ اس نے قمیص کے اندر ہاتھ ڈال کر کرتی کی جیب ٹٹولی۔ روپے بدستور جیب میں موجود تھے۔ لابھ سنگھ اپنی اس بے وقوفی پر ہنسا۔ پھر اس نے کلائی پر بندھی ہوئی گھڑی میں وقت دیکھا۔ ساڑھے نو بج رہے تھے۔ موسم سرما کی راتوں کو نو دس بجے بھی آدھی رات معلوم ہوتے ہیں۔ چلتے چلتے وہ سوچنے لگا کہ آخر ہردیال کو کیا اشد ضرورت پڑی کہ اسے تار دیکر دہلی سے گاؤں آنے کو کہا اور ڈیڑھ ہزار روپے بھی طلب کئے۔ وہ یہ عقدہ نہ سلجھا سکا۔

ہردیال اور وہ ہم عمر تھے۔ بچپن ہی سے دونوں میں سگے بھائیوں سے زیادہ پیار تھا۔ انتہا درجے کی الفت تھی۔ ہردیال چونکہ پڑھائی میں کمزور تھا۔ اس لئے اس نے آٹھویں جماعت پاس کر کے سکول چھوڑ دیا اپنے باپ کے ساتھ بزازی کی دکان پر بیٹھ گیا۔ لابھ سنگھ نے تعلیم جاری رکھی۔ بی اے پاس کرنے کے بعد کسی سرکاری دفتر میں ملازم ہو گیا دونوں بھائیوں میں محبت قائم رہی۔ رشتہ داری سے دوستی بڑھ چڑھ کر تھی۔

بس کے اڈے سے ڈیڑھ میل کی دوری پر نہنگوں کا گوردوارہ بنا ہوا تھا۔ گوردوارے کے قریب پہونچ کر لابھ سنگھ کے لبوں پر ہلکی سی مسکراہٹ نمودار ہوئی۔ کیونکہ اسے ایک بھولا ہوا واقعہ یاد آگیا۔ کئی برس پہلے کی بات تھی وہ اور ہردیال آٹھویں جماعت کے طالب علم تھے۔ سکول سے واپس لوٹتے ہوئے کبھی کبھار گوردوارے میں سستانے ٹھہر جاتے۔ شام کے وقت نہنگ بھنگ رگڑتے۔ اس میں بادام، مصری الائچی، سونف خدا جانے اس میں کیا کیا چیزیں ملاتے تھے۔ سب اشیاء یکجا کر کے اس میں کیوڑے کے عرق کی چند بوندیں ڈالتے۔ پھر نعرہ حق لگا کر ٹھنڈائی سب نہنگوں میں بانٹتے۔ سونٹے میں جس سے وہ بھنگ رگڑتے تھے چھوٹے چھوٹے گھنگھرو بندھے ہوئے تھے۔ جب سونٹا کونڈے میں زور سے چلتا تو گھنگھرو ایک رقص انگیز ترنم پیدا کرتے جس کو سن کر بھنگ کے سب رسیا خوشی سے جھوم جاتے۔ نہنگوں کا جتھے دار بلٹو ہا سنگھ ان دونوں بھائیوں کو بھی ٹھنڈائی کا ایک ایک گلاس دیتا اور ساتھ ہی ساتھ پیلے دانت نکال کر مخاطب ہو کر کہتا: اوے منڈیو۔ بابے کی ٹھنڈائی جنت کی سیر کرواتی ہے۔ لو تم بھی ایک ایک گھونٹ چکھ لو۔ پھر دیکھنا آج کا پڑھا ہوا سبق کتنی جلدی یاد ہوتا ہے۔

لابھ سنگھ اور ہردیال نے جب نہنگوں کو دنیا و مافیہا سے یوں بے فکر اور بے نیاز پایا تو ایک دن دونوں نے دیوی تالاب پر بیٹھ کر فیصلہ کیا کہ وہ بھی نہنگوں میں شامل ہو جائیں گے۔ پڑھائی

میں سوائے مغز بھی کے اور کچھ نہ تھا انہوں نے تحصیلدار تو بننا ہی نہ تھا۔ دوسرے دن سکول جانے کی بجائے وہ گوردوارے کی جانب چل پڑے۔ جب وہ وہاں پہونچے۔ تو کیا دیکھتے ہیں کہ گوردوارے کے صحن میں نہنگوں کی دو ٹولیوں میں ڈٹ کر خونریز جنگ ہو رہی ہے۔ دونوں اطراف سے نیزوں، بلھاڑیوں، اور برچھیوں کا کھلا استعمال ہو رہا ہے۔ لوگ احاطے کے باہر نظارہ دیکھ رہے ہیں۔ احاطے کے اندر جاکر صلح کرانے کا حوصلہ کسی آدمی میں نہ تھا۔ نہنگوں کے بلند نعرے سن کر بڑے بڑے دل گردہ والوں کا دل دہل رہا تھا۔ اس منظر کو دیکھ کر دونوں بھائی اپنے گاؤں کو لوٹ گئے۔ اس کے بعد پھر انہوں نے گوردوارے کی ٹھنڈائی نہ لی۔

لابھ سنگھ نے سوچا کہ اگر اس دن نہنگوں میں لڑائی نہ ہوتی۔ تو خدا جانے نہنگ بننے کے بعد اس کا کیا حشر ہوتا۔ اس خیال کے آتے ہی لابھ سنگھ نے جسم میں جھرجھری محسوس کی۔ گوردوارے کے دربار صاحب والے کمرے میں روشنی تھی۔ شاید وہاں کا گرنتھی پاٹھ کر رہا تھا۔

ان کا گاؤں نواں پنڈ شونکیاں ایک ٹیلے پر بسا ہوا ہے۔ ہردیال کا مکان اس ٹیلے کی چوٹی پر واقع تھا۔ دور ہی سے لابھ سنگھ نے اس کی بیٹھک میں روشنی دیکھ کر اطمینان کا سانس لیا۔ روشنی کا مطلب یہ تھا کہ ہردیال اتنی رات گئے بھی اس کا انتظار کر رہا ہے۔

ٹیلے کی تلہٹی میں، لابھ سنگھ نے بہت سی نئی دکانیں دیکھیں۔ گویا گاؤں میں ایک دوسرا بازار بس گیا تھا۔ چاندنی چاند میں اس نے دکانوں کے سائن بورڈ پڑھے۔ ایک دکان ڈرائی کلینگ کی تھی، دوسری ریڈیو اور بجلی کے سامان کی۔ دو تین ہیر کٹنگ سیلون بنے ہوئے تھے۔ دو سال کے عرصے میں اپنے آبائی گاؤں میں اتنی تبدیلی دیکھ کر لابھ سنگھ کا سینہ مارے خوشی کے چوڑا ہو گیا۔ بجلی کی دکان کے بازو میں ہوٹل نو بہار دیکھا۔ اس ہوٹل کے سامنے سے پکی سیڑھیاں ٹیلے کے اوپر کی طرف جاتی تھیں۔ سیڑھیاں دیکھ کر چند لمحوں کے لئے لابھ سنگھ تھکاوٹ، سردی اور لمبے سفر کی بدمزگی کو بھول گیا۔ اس کے خواب و خیال میں کبھی نہ آیا تھا کہ نواں پنڈ شونکیاں تھوڑے عرصے میں اتنی ترقی کرے گا۔

ٹیلے کی سیڑھیاں سو کے قریب تھی۔ سیڑھیاں چڑھتے چڑھتے لابھ سنگھ کا دم پھولنے لگا۔ مگر گاؤں آنے کی خوشی میں اس نے اپنے آپ کو بہت ہلکا محسوس کیا۔ مکان پر پہنچ کر اس نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ مکان کی ڈیوڑھی میں اجالا نمودار ہوا۔ پھر دروازہ کھلا۔ اس کو ہردیال کی والدہ نظر آئی۔ لابھ سنگھ نے ہاتھ جوڑ کر نمسکار کیا۔ تائی نے اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے درازیٔ عمر کی دعا دی۔ پھر دونوں دالان کی جانب چلے۔

ہردیال بستر پر دراز تھا۔ سامنے میز پر لیمپ جل رہا تھا۔ کمرے کے سب دروازے اور کھڑکیاں بند تھیں۔ سوائے ایک کھڑکی کے جو دالان کی طرف کھلتی تھی۔ لابھ سنگھ نے کمرے میں داخل ہوتے ہی مسکرا کر ہردیال کو نمستے کہا۔

ہردیال کچھ کہنا چاہتا تھا کہ کھانسی نے اس کے منہ کے الفاظ کو باہر نکلنے نہ دیا۔ دو منٹ کے وقفے کے بعد ہردیال سنبھل کر بولا "لابھے بھیا تم نے اچھا کیا کہ آ گئے۔ میں تمہارے انتظار میں بستر پر لیٹا لیٹا خدا جانے کیا سوچ رہا تھا۔"

"کیا معاملہ ہے کہ مجھے تار دے کر یہاں بلایا ہے۔ میں تو گھبرا گیا تھا اور ساتھ . . . . . "

اس نے ابھی فقرہ پورا بھی نہیں کیا تھا۔ کہ ہردیال نے اپنے سانس پر قابو پاتے ہوئے کہا "سب سے پہلے تم گرم پانی سے منہ ہاتھ دھولو کھانا تیار ہے، کھا لو۔ پھر آرام سے بیٹھ کر ہم باتیں کریں گے۔ تمام رات ہمارے ہے" لابھ سنگھ کو ہردیال سے پتہ چلا کہ اس کی بیوی بچے بھگوڑہ گئے ہوئے تھے۔ گھر میں وہ اور اس کی بوڑھی والدہ کے سوا کوئی اور دوسرا نہ تھا۔

تائی تھالی میں مکئی کی گرم گرم روٹیاں اور کٹورے میں سرسوں کا ساگ لائی۔ ساگ سے دھواں نکل رہا تھا۔ مکئی کی روٹی اور سرسوں کا ساگ لابھ سنگھ کا من بھاتا کھاجا تھا۔ کھانا کھاتے کھاتے لابھ سنگھ نے ہردیال سے پوچھا "تم نے کب کھانا کھایا؟"

"میں رات کے وقت کھانا نہیں کھاتا۔ صرف ڈبل روٹی کے دو

"بڑے اور بغیر دودھ کی چائے پیتا ہوں۔"

"کیوں"

"پچھلے سال سے مجھے دمے کا موذی مرض ہو گیا ہے۔ بہتیرے حکیموں، وید وں اور ڈاکٹروں کا علاج کروایا ہے مگر کسی کی دوا سے افاقہ نہیں ہوا بلکہ بیماری بڑھتی جا رہی ہے۔ اب تو لابھ سنگھ یوں جانو کہ صحت کے ساتھ ساتھ اندوختہ بھی ختم ہونے کو ہے۔"

"تمہیں آس نہیں چھوڑنا چاہئے۔ پھر تمہاری عمر پینتیس کی بھی نہ ہوگی۔ آج کل سائنس نے ہر بیماری کا علاج ڈھونڈ لیا۔ تم میرے ساتھ دہلی چلو میں وہاں تمہارا علاج کرواؤں گا۔"

"ہوں۔ علاج۔ اب میرا کیا علاج ہوگا . . . خیر چھوڑو اس علاج ولاج کی باتوں کو۔ میں نے تمہیں ایک بات بتانے کے لئے یہاں بلایا ہے اپنی چارپائی میرے نزدیک کھسکا لو۔ مجھ سے بلند آواز میں بولا نہیں جاتا۔ ہاں ذرا اُٹھ کے دیکھو کہ ماں سو گئی ہے یا جاگ رہی ہے۔ بچاری کو بڑھاپے میں بھی آرام نہیں۔ اس کی کوٹھڑی کا دروازہ بند کر دو۔ سردی بڑے زور کی پڑ رہی ہے۔"

لابھ سنگھ نے اپنی چارپائی ہردیال کے نزدیک کر دی۔ اس نے کوٹھڑی میں جھانک کر دیکھا۔ تمام دنیا و مافیہا کو بھولی ہوئی تھی۔ کوٹھری کا دروازہ بند کر کے لابھ سنگھ چارپائی پر دراز ہو گیا۔ ہردیال کو کھانسی نے پھر تنگ کرنا شروع کر دیا۔ بچارے ہردیال کا کھانسی کے مارے چہرہ سرخ ہو گیا تھا۔ اس کی آنکھیں اپنی جگہ سے باہر نکلتی معلوم ہو رہی تھیں۔ اس نے ہاتھ کے اشارے سے لابھ سنگھ کو آتش دان پر پڑی ہوئی دوا کی شیشی اُٹھانے کو کہا۔

دوا کی گولی پانی سے نگل کر ہردیال آہستہ آہستہ کہنے لگا۔ "لابھ سنگھ تو میرا چچازاد بھائی ہی نہیں بلکہ میرے بچپن کا جگری یار ہے۔ جگری یار سے کوئی بھید چھپایا نہیں جاتا۔ ہم دونوں اکٹھے ایک ہی ماحول میں پروان چڑھے۔ میں نے آج تک ایک بات تجھ سے چھپائی ہے کیونکہ وہ میری ذات سے تعلق رکھتی ہے۔ اب جبکہ مجھے اپنا انت نظر آ رہا ہے۔ میں نے تمہیں تار دے کر دہلی سے اپنے پاس بلایا ہے۔ تاکہ اس جہان سے کوچ کرنے سے پہلے تمہیں تمام حالات سے آگاہ کر دوں۔"

لابھ سنگھ ہمہ تن گوش ہو کر ہردیال کی بات سننے لگا۔

ہردیال نے اپنے جسم کو لحاف سے اچھی طرح لپیٹا۔ دو تین بار کھانس کر گلا صاف کیا۔ کھانسی نے اس میں کرب کی سی حالت پیدا کر رکھی تھی۔ لابھ سنگھ کو مخاطب کر کے وہ بولا "ہاں میں کہہ رہا تھا۔ کہ اب میری زندگی کی منزل قریب آ گئی ہے۔ سفر ختم کرنے سے پہلے میں ایک مشکل کام کو نپٹانا چاہتا ہوں۔ تمہیں شاید اس بات کا پتہ نہیں۔ کہ تمہاری بھابھی نرملا کی بدکلامی، شکی مزاج۔ کرخت پن اور بے پروائی نے ہم دونوں میں ہزاروں میلوں کا فاصلہ پیدا کر دیا ہے۔ میں نے انتہائی کوشش کی کہ وہ ضد، حقارت اور زبان کے کڑوا پن کو ترک کر کے میرے ساتھ پیار اور عزت سے پیش آئے مگر اس کا ہر قدم میرے خلاف اُٹھتا ہے میں ابھی تک سمجھ نہیں سکا کہ وہ کس مٹی کی بنی ہوئی ہے اور وہ مجھ سے کیا چاہتی ہے۔ اس نے میری محبت اور پیار کو جان بوجھ کر ہمیشہ ٹھکرایا ہے۔ میں منت سماجت کر کے اُسے سیدھے راستے پر لانے کی بہت کوشش کی مگر اُس نے میری ایک نہ مانی۔ وہ میرے نزدیک آنے سے اس طرح بدکتی ہے گویا میں کسی چھوت کی بیماری کا مریض ہوں۔ وہ میرے نزدیک آنے سے وہ بھی کسی مرض میں مبتلا ہو جائے گی۔ میں نے جب کبھی پیار بھری بات کہی اُس نے فوراً ناک بھوں چڑھا کر طعنہ دے دیا کہ دنیا میں جب اور بھی خوبصورت عورتیں موجود ہیں تو مجھ نصیبوں جلی سے تم کیا حاصل کرنا چاہتے ہو۔ میں نے اُسے بہت سمجھایا کہ میری نظر میں سوائے اس کے اور کوئی عورت نہیں ٹھہر سکتی لیکن وہ شکی مزاج عورت ہمیشہ اپنی ضد پر قائم رہی۔ لابھ سنگھ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہم بھی ایک دوسرے سے دُور ہوتے گئے۔ اب حالات یہ ہیں کہ ایک دوسرے کی شکل دیکھتے ہی پاگل پن کا بھوت سر پر سوار ہو جاتا ہے۔"

لابھ سنگھ نے گردن اونچی کی، چند لمحوں کے لئے ہردیال کے چہرے پر طائرانہ نگاہ ڈالی۔ وہاں یاس [illegible] کے سوا اُس نے کچھ نہ دیکھا۔ اُسے ہردیال کا چہرہ سوکھا اور اُجڑا ہوا کھیت نظر آنے لگا۔

"دیالے تمہارے تین بچے ہیں۔ . . ." لابھ سنگھ آگے

بول سکا۔

"تم ٹھیک کہتے ہو۔ لابھ سنگھ۔ مگر بات نہ بھولنا۔ بچے کتوں اور بلیوں کے بھی ہوتے ہیں۔ کیا کبھی تم نے اُن میں محبت کی پاسبانی دیکھی مگر بچے ہر موسم میں پیدا ہوتے رہتے ہیں۔"

"نہیں۔"

"یہی حال ہمارا ہے۔ کئی سال اسی تگ و دو میں اور ذہنی کوفت میں گذر گئے۔ میں نے ہر ممکن کوشش کی کہ کسی طرح نرملا کی روح کا میری روح کے ساتھ ملاپ ہو۔ وہ اپنی ڈگر چھوڑ کر نئے اور خوشگوار ماحول کو اپنائے مگر اس کوشش کے عوض اس نے جھڑکیاں طعنے اور گالیاں دیں۔"

"ان سب نفرت انگیز حرکتوں کا آغاز کیسے ہوا" لابھ سنگھ نے دیوار کا سہارا لیتے ہوئے کہا۔

کافی عرصے کی بات ہے ایک دن میں کندن سے جس کا مکان ہمارے مکان کے پچھواڑے ہے۔ اُردو کا رسالہ نئی روشنی پڑھنے کے لئے لایا۔ میری بدقسمتی سے کندن نے اس رسالے میں ننگی عورتوں کے دو فوٹو رکھے ہوئے تھے۔ میں جب وہ فوٹو دیکھ رہا تھا تو نرملا کمرے میں داخل ہوئی۔ میں نے وہ فوٹو نرملا سے فوراً چھپا لئے۔ عورت ذات بڑی نکتہ مزاج ہوتی ہے اور اپنی موت تک اپنے شوہر کو شک کی نظر سے دیکھتی ہے۔"

"وہ فوٹو بھابی نے دیکھ لئے ہوں گے۔"

"ہمارے درمیان شکر رنجی کی بنیاد وہی فوٹو تھے۔ اس کے پوچھنے پر میں نے قسمیں کھائیں۔ خدا اور بچوں کا واسطہ دیا کہ میرا ان فوٹوؤں سے کوئی تعلق نہیں۔ وہ تو کندن سے لئے ہوئے رسالے سے برآمد ہوئی ہیں۔ مگر اس نیک سخت نے میری ایک نہ سنی۔ بلکہ فرضی قصے اور کہانیاں میرے کردار کے ساتھ منسلک کر دیں۔"

"کیا اس دوران میں تم کبھی نرملا کے ساتھ سخت کلامی سے پیش آئے؟"

"میں سخت کلامی سے پیش آؤں۔ لابھ سنگھ تم میری طبیعت سے اچھی طرح واقف ہو۔ مجھے کبھی طیش نہیں آتا۔"

"آگے چلو۔"

"ہمارے درمیان نفرت کی خلیج حائل ہو گئی۔ گھر میں دونوں وقت کھانا پینا مشکل ہو گیا۔ میں تو ایک طرف رہا نرملا۔ اماں اور بچوں کے ساتھ بدسلوکی کے ساتھ پیش آنے لگی۔ . . . . . کہتے کہتے ہردیال پر کھانسی کا دورہ پڑا۔ دمہ کی وجہ سے اُس نے چارپائی پر اکڑوں ہو کر اپنی دونوں پسلیوں کو دبایا۔ لابھ سنگھ نے دوا کی شیشی اٹھا کر ہردیال کو گولی دی۔ گولی کھاتے ہی ہردیال کی طبیعت ٹھیک ہو گئی۔

"اگر یہ گولی نہ ہوتی۔ تو تم مجھے زندہ نہ دیکھتے۔ اسی گولی کے سہارے سانس چل رہی ہے۔" ہردیال پھر چپ ہو گیا۔ تھوڑی دیر بعد بولنے لگا۔

"لابھ سنگھ بلاوجہ اس عورت نے میری زندگی اجیرن کر دی۔"

"کیا فقط فوٹو دیکھ کر نرملا پر دہشت طاری ہو گئی یا اور بھی واقعات ہوئے؟"

"کوئی خاص بات تو نہیں ہوئی۔ مگر شکی مزاج انسان ہر کوئی پرند سمجھتا ہے اور رسی کو سانپ۔ اُس نے میرے خلاف کتنے ہی من گھڑت قصے کہانیاں بنا کر گاؤں والوں اور رشتہ داروں کے درمیان نشر کیں۔ لابھ سنگھ تم اچھی طرح جانتے ہو کہ کپڑے کی دکان پر ہر کس و ناکس کپڑا خریدنے آتا ہے۔ ایک دن دوپہر کا وقت تھا درگا داس پٹواری کی سب سے بڑی بیٹی پاروتی میری دکان پر دوپٹہ خریدنے آئی۔ کسی بات پر ہم دونوں ہنس رہے تھے کہ نرملا وہاں سے گذری میری طرف اُس نے ٹیڑھی نظر سے دیکھا۔ بغیر کچھ کہے گھر کو لوٹ گئی۔ رات کو جب میں گھر گیا تو وہاں مکمل طور پر اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ میں نے اندھیرے کی وجہ پوچھی اُس نے جواب دیئے بغیر چیخنا چلانا شروع کیا۔ اپنے سر کے بال نوچ ڈالے بیلن اٹھا کر میرے سر پر دے مارا۔ میں شور مچانے پر ناصر پکڑ کر زمین پر بیٹھ گیا۔ خون سے میرا چہرہ اور کپڑے سرخ ہو گئے۔ مگر میں نے زبان تک نہ ہلائی۔ مجھے خاموش دیکھ کر اُس نے مجھے جوتیوں سے پیٹنا شروع کیا۔ میں جوتیاں کھا رہا تھا مگر صبر و تحمل کی تصویر بنا بیٹھا تھا۔ یوں معلوم ہوتا تھا جیسے میں زندہ انسان نہیں۔ بلکہ بے زبان مکئی کے بھٹے ہوں جو لاٹھیاں کھا کر بھی صدائے احتجاج پیدا نہیں کرتے۔ میری خاموشی اُس کے غصے کو ہوا دے رہی تھی۔ محلے کے سب لوگ اکٹھے ہو گئے۔ انہوں نے نرملا کو بہت سمجھایا مگر اُس پر رتی بھر اثر نہ ہوا۔"

"تم نے اس بربادی کا ذکر مجھ سے کبھی نہیں کیا"

"ذکر کرنے کا کوئی فائدہ نہ تھا۔ میاں بیوی کے درمیان جھگڑے خود بخود پرورش پاتے ہیں۔ وقت گذرنے پر خود ہی کافور ہو جاتے ہیں۔ [illegible] میں انسان ہوں کہاں تک روزانہ بے عزتی برداشت کرتا، میں ان حالات میں آوارہ ہو گیا۔ سکون کی تلاش میں میں مارا مارا پھرا۔ جن لوگوں کے سائے سے میں کبھی دور بھاگتا تھا اب اُن کی قربت حاصل کرنے لگا۔"

"ناچاقی اور فساد کا بچوں پر بُرا اثر پڑا ہو گا۔"

لازمی پڑنا تھا۔ اُن کی تعلیم ختم ہو گئی۔ بڑا لڑکا کیلاش ہڈیوں کا پنجر نظر آتا ہے۔ وٹو کی نظر کمزور ہو گئی۔ چھوٹی لڑکی تین سال کی ہے مگر اپنے پاؤں پر کھڑی نہیں ہو سکتی۔ بچوں کی پرورش کی ذمہ داری ماں پر ہوتی ہے، باپ پر نہیں۔ باپ روپے کما کر گھر لاتا ہے۔ ماں اُن کا پالن پوسن کرتی ہے۔ جب ماں اپنے آپ کو ماں نہیں سمجھتی تو پھر بچوں کا خدا حافظ۔ انہیں حالات میں میں نے درگا داس کے گھر آنا جانا شروع کر دیا۔ وہ ہمارے گھریلو حالات سے اچھی طرح واقف تھا اس کی بیوی نے کئی مرتبہ نرملا کو سمجھایا کہ اگر اسی طرح طعنہ بازی رہی تو گرہستی تباہ ہو جائے گی اس نے اپنی ہٹ دھرمی نہ چھوڑی بلکہ مجھ پر ان گنت تہمتیں لگائیں جن کا وجود تک نہ تھا جس جگہ انسان کو سکون شانتی ملتی ہے وہ وہیں کا ہو جاتا ہے۔ درگا داس کی بیٹھک میں جا کر مجھے چین اور آرام ملتا تھا۔ مجھے اپنے مکان پر گئے ہوئے دنوں بیت جاتے۔ بچے دکان پر یا درگا داس کی بیٹھک پر آ کے مجھے ملتے۔ رو دھو کے چلے جاتے۔ میں اُن کو گھر کے واسطے خاطر خواہ خرچ دیتا رہتا۔"

"نرملا نے گھر سے غیر حاضر رہنے کے سلسلے میں تمہیں کچھ نہیں کہا؟"

"ہوں۔ اُس پر جب غصے کا دورہ پڑتا دکان پر مجھے بے تحاشا گالیاں دیتی۔ پھر تھک ہار کر واپس لوٹ جاتی۔ بازار والے لوگ چونکہ اُس کی عادت سے واقف ہو چکے تھے لہٰذا اُس کی گالیوں میں دخل انداز نہ ہوتے تھے۔

اس جھگڑے کے سلسلے میں کیا تم نے نرملا کے والدین کو کچھ لکھا تھا؟"

میں نے سب پاپڑ بیل لئے مگر فیصلہ کسی صورت میں نہ ہوا، بلکہ اُلٹا اثر ہونے لگا۔ نرملا کو گھر سے میری غیر حاضری کی رتی برابر پروا نہ تھی۔ بلکہ بچوں کو بٹیتی ہوئی چلا چلا کر کہتی۔ کتے کی اولاد کتا ہی ہوتی ہے۔ جہاں تمہارا باپ بھاگ گیا وہاں تم بھی بھاگ جاؤ۔ میرا تو بھگوان مالک ہے۔ میں اُن کی شرن مانگتی ہوں۔

"یہ معاملہ سُن کر میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔ "بھائی اس کا حل کیا ہے؟"

"موت، یا میں مر جاؤں یا نرملا مر جائے۔ لابھ سنگھ جو لوگ گھر والوں سے خواہ مخواہ جھگڑتے ہیں اُن کے ساتھ بدتمیزی سے پیش آتے ہیں اور کسی دوسرے کی بات سمجھنے کی کوشش نہیں کرتے اُلٹا اپنی ہر ناجائز بات منوانے پر در پے رہتے ہیں، اپنے آپ کو معصوم اور درست گردانتے ہوئے بھگوان کی مدد اور سہارا چاہتے ہیں، اُن کا ایسا سوچنا غلط ہوتا ہے وہ خود کو اندھیرے اور دھوکے میں رکھتے ہیں وہ لاکھ کوشش کریں وہ کسی طور پر چین حاصل نہیں کر سکتے۔ بلکہ دن بدن چڑچڑا پن اُن کے سر پر سوار ہو جاتا ہے۔ اُن کو ہر وقت بڑبڑانے کی عادت پڑ جاتی ہے۔ بسا اوقات غصے کے مارے اُن کو اپنے تن بدن کا ہوش نہیں رہتا۔"

ہردیال کی باتیں سُن کر لابھ سنگھ سہم گیا۔

"چونکہ درگا داس کے گھر میرا آنا جانا میرے معمول میں داخل ہو گیا تھا لہٰذا پاروتی اور میرے درمیان فاصلہ کم سے کم تر ہو گیا۔ اس کو دیکھنے سے میرے دل کو ٹھنڈک محسوس ہوتی۔ ہفتے میں ایک دو بار ندی کے کنارے جو مندر بنا ہوا ہے وہاں پوجا کرنے کے بہانے ہم ایک دوسرے کو ملا کرتے۔ اُداسی دُور ہو جاتی۔

"کیا درگا داس کو ان خفیہ ملاقاتوں کا علم تھا۔"

"شاید نہیں"

"کسی دوسرے شخص کو"

"میں کہہ نہیں سکتا"

"آگ راکھ کے اندر ہی اندر سلگتی رہی۔ کوئی چنگاری ظاہر نہ ہوئی۔"

"یوں ہی سمجھ لو"

تمہیں اپنے بچوں کا خیال تو آنا چاہئے تھا کہ اُن کے ہوتے ہوئے تم کون سے راستے پر گامزن ہو۔"

" بیوی کے فوت ہونے پر خاوند دوسری شادی کر لیتا ہے"

" معاف کرنا میں تمہاری اس منطق کو سمجھنے سے عاری ہوں"

" میری طبیعت خراب ہو رہی ہے۔ مجھے بات ختم کرنے دو۔ پانچ مہینے ہوئے درگا داس کی ہیضے کی وجہ سے موت ہوگئی۔ اُس کی آخری رسمیں ادا کرنے کا تمام خرچ میں نے اپنی گرہ سے کیا۔ درگا داس نے سے پہلے ہی پاروتی کی سگائی مہت پور والے آڑھتی دھنی رام کے بیٹے برج لال کے ساتھ کر گیا تھا۔ باپ کی وفات کے بعد پاروتی نے اپنی ماں کی منت سماجت کی، کہ اس کی سگائی منسوخ کر دی جائے کیونکہ وہ نہیں چاہتی کہ شادی کے بندھنوں میں پڑے۔ اُس کی ماں نے مجھے رو رو کر سب حالات بتائے۔ اگر پاروتی کی سگائی ٹوٹ گئی تو تمام گاؤں اور رشتہ داروں میں اُن کی بے حد بدنامی ہوگی۔ اس لئے میں پاروتی کو سمجھاؤں کہ انکار سے باز آئے۔ سگائی کے ٹوٹنے سے بدنامی ہی نہیں جگ ہنسائی بھی ہوگی اور گناہِ عظیم بھی ہوگا۔

"تم نے پاروتی کو شادی کرنے پر آمادہ کر لیا۔"

" ہاں۔ بلکہ بہت غور کرنے کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ میری بیماری کی وجہ سے اس کی شادی ہونا ضروری ہے۔ مجھے کچھ پتہ نہیں۔ میری صحت کب جواب دے جائے۔

" تمہیں ایسا کرتے ہوئے پاروتی کے جذبات کا بھی خیال نہیں آیا

" بے حد خیال ہے بلکہ وہ میری رگ رگ میں بسی ہوئی ہے۔

پاروتی نے مجھ سے پوچھا کہ جب میں نے اس کے ساتھ دلوں کا سودا کیا تو کیا اب میں اپنی آنکھوں سے اس کی بارات چڑھتی دیکھ سکوں گا۔ بینڈ باجے کی دھنیں سن کر میرے کان بہرے نہ ہونگے، تھوڑے سے تحمل کے بعد میں نے اُس کو جواب دیا کہ کیا اپنے اُن عزیزوں اور رشتہ داروں اور دوستوں کو جن کے ساتھ ہم نے مزے سے دن بتائے ہیں۔ اُن کے مرجانے پر اپنے دل پر جبر کر کے اُنہیں سپردِ آگ نہیں کرتے۔ اپنی آنکھوں کے سامنے اُن کو راکھ بنتے نہیں دیکھتے۔ کیا اپنے اُنہیں ہاتھوں سے جنہیں ہم اُن کی بلائیں لیتے ہیں، سپردِ خاک نہیں کرتے۔ میری دلیل سن کر پاروتی چپ ہوگئی۔ میں نے اُسے یہ بھی بتایا کہ بیماری کی وجہ سے میری زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں۔ میں چراغِ سحر ہوں۔ کچھ پتہ نہیں کب بجھ جاؤں"۔

" پاروتی نے کچھ اور کہا ہوگا۔"

" ہاں کہا تھا کہ اگر میری تمنا اور خوشی یہی ہے کہ وہ شادی کر لے تو وہ یہ قربانی دینے کے لئے تیار ہے لابھ سنگھ پاروتی کی شادی بڑے اطمینان کے ساتھ ہوگی تمہیں یہ سن کر حیرانی ہوگی کہ مجھے اس کی شادی میں پانچ ہزار روپے کی رقم خرچ کرنا ہے"

یہ سنتے ہی لابھ سنگھ نے کرتی کے اندر ہاتھ ڈالکر روپوں کو نکالا، اُن کو ہردیال کو دیتے ہوئے بولا" شاید یہ رقم بھی تم نے پاروتی کے بیاہ کے لئے منگوائی ہوگی۔"

روپوں کو دیکھ کر ہردیال کی آنکھوں میں چمک آگئی۔ اس کے چہرے پر روشنی اور تازگی پھیل گئی۔

" تم روپے لے آئے۔ شاباش میرے شیراب میری پاروتی کی شادی سات روز کے بعد بڑی دھوم دھام سے ہوگی۔ جالندھر سے پولیس کا بینڈ آکر برات کو خوش آمدید کہے گا۔ میری پاروتی ۔۔۔۔ کہتے کہتے ہردیال کی آنکھوں سے آنسوؤں کا آبشار بہنے لگا۔ ساتھ ہی کھانسی نے زور پکڑا۔

" اور تم "

تھوڑی دیر چپ رہنے کے بعد ہردیال نے جواب دیا۔ پاروتی کی شادی کے بعد میں اپنے گھر کے سوگوار ماحول میں پھر سے داخل ہو جاؤں گا۔ جب تک سانس چلے گی۔ نرملا کی بے نقط گالیاں جھڑکیاں اور طعنے سنوں گا۔"

لابھ سنگھ نے ہردیال کے چہرے پر جہاں بے رونقی اور اُداسی رقص کر رہی تھی ایک بیکراں سکون دیکھا۔

نئی کتابیں

تذکرہ ۔ از مولانا ابوالکلام آزاد - مرتب : مالک رام
پبلشرز : ساہتیہ اکیڈمی ، رابندر بھون نئی دہلی۔ قیمت : پندرہ روپے مجلد
ضخامت : ۱۶ + ۵۴۲ صفحات - ۲۲۶/۸

تذکرہ مولانا آزاد کی مشہور تصنیف ہے۔ دراصل یہ کئی تصنیفات کا مجموعہ ہے۔ جب انھیں حکومت بنگال نے ۱۹۱۶ء میں حدود بنگال سے باہر چلے جانے کا حکم دیا اور رانچی میں انھیں نظر بند کر دیا تو وہ یہاں ۱۹۲۰ء تک رہے۔

اُن کے رانچی کے قیام کے دوران اُن کے ایک دوست فضل الدین احمد مرزا نے ان سے درخواست کی کہ وہ اپنی سوانح عمری قلم بند کریں۔ کافی لیت ولعل کے بعد انھوں نے یہ درخواست منظور کر لی اور اپنے ایک بزرگ شیخ جمال الدین (ہم عصر بادشاہ اکبر) کے حالات سے آغاز کیا تذکرہ دراصل انھیں شیخ جمال الدین کو محیط ہے۔ لیکن اس میں اکبری عہد کی تاریخ، سید محمد جونپوری کی تحریک، اسلامی فقہ، اسلام میں اصلاحی تحریکوں اور نفس مذہب سے متعلق اتنی تفصیلی بحثیں ہے کہ ان میں سے ہر ایک بجائے خود ایک تصنیف کا درجہ رکھتی ہے۔

مولانا آزاد نے یہ کتاب جس پریشانی میں لکھی اس کا اندازہ اُس سے ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے مستقر اور کتاب خانے سے دور جلاوطنی کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ جو کچھ لکھتے اسے ساتھ کے ساتھ فضل الدین احمد مرزا کو بھیج دیتے۔ پورا مسودہ کبھی اُن کے سامنے نہیں رہا۔ یہی سبب ہے کہ قاری کو بعض اوقات اُلجھن محسوس ہونے لگتی ہے مزید براں یہ اس دور کی تحریر ہے جب الہلال کا طرز تحریر ان پر حاوی تھا یعنی عبارت عربی، فارسی الفاظ اور ترکیبوں سے بوجھل، لمبے لمبے فقرے حاشیہ در حاشیہ تحریریں۔

ایسی کتاب کو مرتب کرنا آسان کام نہیں تھا۔ اس کے لئے نہ صرف عربی فارسی پر قدرت ضروری تھی بلکہ اسلامی علوم کی مختلف شاخوں کا وسیع علم بھی لازم تھا۔ ہمیں خوشی ہے کہ مالک رام ایسے سبھی ادیب اس سے عہدہ برآ ہوئے ہیں۔

انھوں نے متن کی تصحیح کی ہے جس میں ان کے سامنے مولانا آزاد کا ذاتی نسخہ رہا ہے۔ پوری کتاب میں موزوں اوقاف لگا دیئے گئے ہیں جن سے عبارت کا سمجھنا آسان ہو گیا ہے۔ کتاب میں عربی، فارسی اور اردو اشعار کثرت سے آئے ہیں اور یہ مولانا آزاد کے طرز نگارش کا طرۂ امتیاز تھا۔ ان کا حافظہ بہت قوی اور مطالعہ وسیع تھا۔ لکھتے ہوئے جب موقعے کی مناسبت سے کوئی شعر انھیں یاد آتا تو وہ اُسے بلا تکلف اضافہ کر دیتے۔ مالک رام صاحب نے ان تمام اشعار اور عبارتوں کی تخریج کی ہے اور مکمل حوالے دے دیئے ہیں، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ شعر کس شاعر کا ہے۔ جہاں کہیں اصل سے اختلاف ہے اس کی بھی نشاندہی کر دی گئی ہے۔ کتاب میں جہاں کہیں قرآن کی آیتوں یا حدیثوں کا متن دیا ہے۔ مرتب نے ان کا حوالہ اور اردو میں ترجمہ دے دیا ہے۔

چونکہ کتاب متنوع مضامین کا مجموعہ ہے اس لئے اس میں سینکڑوں تاریخی اشخاص اور علمائے اسلام کے نام آئے ہیں۔ ان سب کے سوانح یہ اختصار حواشی میں قلم بند کر دیئے ہیں۔ یہ بجائے خود اتنا بڑا کام تھا کہ اس کے لئے وسیع مطالعہ اور محنت کی ضرورت تھی۔ مرتب کی کاوش اور محنت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے حواشی کی ترتیب کے لئے جن اردو فارسی اور عربی کتابوں سے مدد لی، ان کی فہرست چودہ صفحوں میں آگئی ہے اور تعداد تین سو کے قریب ہے۔

ان معنوی خوبیوں کے علاوہ کتاب ظاہری حسن کے لحاظ سے بھی مثالی ہے۔ کتابت، طباعت، تجلید، ہر ایک چیز اس پایے کی ہے کہ ساہتیہ اکیڈمی اس پر بجا طور پر فخر کر سکتی ہے۔

عیارِ غالب : مرتبہ : مالک رام۔ ناشر : علمی مجلس دہلی۔
قیمت : سات روپے ستر پیسے

یہ کتاب دراصل سہ ماہی رسالہ "تحریر" کا غالب نمبر ہے۔ جو کتابی صورت میں شائع ہوا ہے اور رسالے کی دو اشاعتوں کا حامل ہے۔ اس میں بڑے قابلِ قدر مضامین شامل ہیں۔ جن میں ڈاکٹر نریندر ناتھ دگ کا مضمون "غالب ایک نفسیاتی مطالعہ" خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔ اس مضمون کے مصنف نفسیاتی امراض کے معالج خصوصی ہیں۔ انہوں نے غالب کے کلام سے اس کی شخصیت کے باب میں نتائج اخذ کئے ہیں۔ اس رُخ سے یہ غالب کا پہلا مطالعہ ہے۔

پروفیسر ضیا احمد بدایونی کا مضمون، غالب کا نعتیہ کلام، نعت گوئی کی ابتدائی تاریخ کو محیط ہے۔ غالب کی مثنوی معراج کا اس میں تنقیدی جائزہ ہے اور آخر میں قدسی کی مشہور نعت پر غالب کی بے مثال تضمین بھی درج ہے۔

سید محمد حسین رضوی نے غالب کی تاریخ ولادت کے باب میں ایک بحث کا آغاز کیا ہے۔ اور ۱۲۱۲ ہجری کے بجائے ۱۲۱۱ ہجری ثابت کیا ہے۔ لیکن یہ کلیاتِ فارسی طبع دوم میں مندرج مزاشجے کی مدد سے ہے۔ حالانکہ خود غالب نے ایک جگہ نہیں کئی جگہ اپنی تاریخ ولادت ۱۲۱۲ ہجری مطابق ۱۷۹۷ عیسوی لکھی ہے بعض معلوماتی ہے اور قابلِ مطالعہ۔ سید مسعود حسن رضوی، فراق گورکھپوری، ڈاکٹر عبدالجلیل اور دوسرے لکھنے والوں کے مضامین بھی معیاری اور دلچسپ ہیں۔ یہ کتاب غالبیات میں بہت اچھا اضافہ ہے کتاب ۲۲۲/۱۸ تقطیع کے ۲۷۲ صفحوں پر مشتمل ہے اور مجلد ہے۔

(عرش ملسیانی)

صبح و شام (افسانے) مصنف : ل۔ احمد اکبرآبادی

گو کتاب کے عنوان کے نیچے "افسانے" لکھا ہوا ہے لیکن ۲۲ اندراجات میں زیادہ سے زیادہ صرف دس ہی افسانے کہے جا سکتے ہیں۔ آٹھ (۸) خالص انشائیوں کی صنف میں شامل کئے جا سکتے ہیں اور باقی ماندہ چار (۴) مخلوط قسم کی تحریریں ہیں۔ خود مصنف کے الفاظ میں یہ کتاب اُن تحریروں پر مشتمل ہے جو سن ۴۲ء کے بعد لکھی گئی تھیں۔ سب مضامین اور افسانے مختلف سماجی موضوعات پر ہیں۔ ان میں ہندو مسلم مذاہب کا باہمی تعصب اور تنگ نظری، کانگرس اور مسلم لیگ سیاسیات، مسلمانوں کی سماجی اور اقتصادی پسماندگی۔ مرد کے مقابلے میں عورت کی بے بسی اور اس کا ایثار وغیرہ اہم ہیں۔ مصنف کا مطالعہ وسیع ہے اور وہ مغربی مدارسِ فکر سے بھی واقف ہیں۔ ازدواج اور عشق کے موضوع پر مصنف کی جدت پسندی تیس برس گذرنے کے بعد بھی شگفتہ معلوم ہوتی ہے لیکن اس کے علاوہ باقی خیالات پر ایک خاص عہد سن ۳۵ اور ۴۰ کے درمیان کی مہر لگی ہوئی ہے۔ پڑھتے وقت ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جس دور کی یہ کتاب عکاسی کرتی ہے۔ وہ بہت پیچھے رہ چکا ہے۔

تمام تحریروں پر مقصدیت حاوی ہے۔ مصنف نے اپنے خیالات کی تبلیغ کے لئے پلاٹ کو "بنیاد" کے طور پر استعمال کیا ہے کئی جگہ یہ بنیاد نہایت کمزور ثابت ہوتی ہے جگہ جگہ حالی اور اقبال کی "ملت" کی جھلک دکھائی پڑتی ہے۔ کہیں کہیں توسیت کا دباؤ ہے۔ بطور مجموعی افسانے دلچسپ ہیں۔ خاص کر "کامیابی کی قیمت" "نزاعِ کفر و ایمان"، "گلدستہ" اور "ایثار" قابلِ ذکر ہیں۔ طنزیہ مضامین میں "جنت کے اوقات" سب سے بہترین ہے۔ "قربانی کا بکرا" بھی اچھا ہے۔ باقی غنیمت ہیں۔ "میں اور میرا ضمیر" نہ افسانہ ہے نہ انشائیہ "ڈپٹی" کا طنز کچھ اثر انگیز نہیں۔ کہیں کہیں مغربیت بار گزرتی ہے مثلاً زلیخائے جدید" میں قاہرہ کا ذکر ہے۔ وہاں ایک دن میں سیر و پچاس گنی کے سگریٹ خریدتا ہے۔ گنی کوئی سکہ نہیں صرف انگلستان میں ۱۱ شلنگ کو گنی کہا جاتا ہے۔ قاہرہ میں گنی کہاں سے آئی؟

مضامین اور افسانوں کی فہرست کے فوراً بعد مصنف نے پانچ صفحوں کی ۱۴۳ "اہم غلطیوں" کی ایک فہرست مرتب کی ہے ان اہم غلطیوں کے علاوہ بھی بہت سی غلطیاں اس کتاب میں موجود ہیں جو کتابت اور کاپیوں کی تصحیح کی طرف سے لاپروائی برتنے کا نتیجہ ہیں۔ کتاب کا گیٹ اپ اچھا ہے۔ ۲۴۷ صفحات کی اس کتاب کی قیمت پانچ روپے ہے۔ ناشر انجمن ترقی اردو مغربی بنگال کلکتہ

(نریندر لوتھر)



یونٹوں میں سرمایہ لگانا آسان ہے



یونٹ ٹرسٹ آپ کی محنت کی کمائی کو آپ کے فائدے کے لئے کام میں لاتا ہے۔

1 یونٹوں پر ٹیکس سے بری منافع ملتا ہے۔ (-/1000 روپے تک)
2 ضرورت پڑنے پر آپ انہیں آسانی سے بھنا سکتے ہیں۔
3 یونٹ خرید کر آپ ملک کی خدمت کرتے اور معقول منافع حاصل کرتے ہیں۔
4 16000 ڈاک گھروں یا بڑے بڑے بنکوں کی 7000 شاخوں میں سے کہیں بھی آپ یونٹ بڑے آسانی کے ساتھ خرید سکتے ہیں۔ آپ ہمیں براہ راست لکھیں یا مزید جانکاری ہمارے ایجنٹوں یا منظور شدہ دلالوں سے حاصل کریں۔

یونٹوں میں لگائے سرمائے پر ہمیشہ بھروسہ کر سکتے ہیں۔

یونٹ ٹرسٹ آف انڈیا

بمبئی • کلکتہ • دہلی • مدراس

davp 69/300



۱۷ اکتوبر ۱۹۶۹ء کو نئی دہلی میں بچوں کے بین الاقوامی میلے کا انعقاد ہوا جس میں بہت سے غیر ممالک نے حصّہ لیا اس میلے کا افتتاح وزیر اعظم شریمتی اندرا گاندھی نے کیا

۱۲-۱۰ اکتوبر کو وزیر اعظم نے جزائر ہائے نکوبار، منی کائے اور امن ولیمی کا دورہ کیا جہاں اُن کا شاندار استقبال کیا گیا۔ کلپنی جزیرے کے باشندے اُن کا سواگت کر رہے ہیں





رومانیہ کے صدر نکولائی چیوسیکو اور وزیر اعظم جارجی مورٹر ایک ہفتہ کے دورے پر ہندوستان تشریف لائے۔ پالم ہوائی اڈے پر صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری اور وزیر اعظم شریمتی اندرا گاندھی نے ان کا استقبال کیا۔
(بائیں سے دائیں) شریمتی سروتی بائی گری، شری وی وی گری، شری اور شریمتی چیوسیکو۔

Vol. 28 No. 5 AJKAL (Monthly) December 1969

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by the Asian Art Printers Private Ltd., D. B. Gupta Road, New Delhi.
Regd. No D-509

آج کل

جنوری ۱۹۷۰ء

۶۰ پیسے





۱۵ دسمبر ۱۹۶۹ء کو صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری نے نہرو میوزیم نئی دہلی میں منعقدہ ایک شاندار تقریب میں خان عبدالغفار خاں کو بین اقوامی مفاہمت کا جواہر لال نہرو ایوارڈ دیا۔ یہ ایوارڈ ایک لاکھ روپے کا ہے اس سے پہلے یہ ایوارڈ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل اوتھانٹ اور امریکہ کے ممتاز نیگرو رہنما مارٹن کنگ لوتھر (مرحوم) کو دیا جاچکا ہے۔

اُردو کا مقبول عوام مصور ماہنامہ

آجکل

دہلی

ایڈیٹر
شہباز حسین

سب ایڈیٹر
نند کشور وکرم

جلد ۲۸ ——— شمارہ ۶

جنوری ۱۹۷۰ء
پوس ماگھ سک ۱۸۹۱

ترتیب

ملاحظات			۲
نیا سال	(نظم)	فضا ابن فیضی	۳
آزادی کیا ہے		ایس ایم سعید	۴
گاندھی		سلام مچھلی شہری	۹
ایک نظم		ساجدہ زیدی	۹
سایہ	(کہانی)	بلراج کومل	۱۰
کھاجوراہو	(نظم)	تنویر احمد علوی	۱۳
شیر		رشید الدین	۱۴
آربندو گھوش		نذیر رحمانی	۱۷
مورتیں	(کہانی)	شری کانت	۲۰
جدید عربی شاعری		محمد الحسن صدیقی	۲۴
غزلیں		دشوانا تھ درد، راشد قریشی میکش بدایونی، قاسم شبیر نقوی	۳۰
کائنات اور اس میں حیات کے امکانات		کاظم علی خاں	۳۱
عکس آگہی۔ بہتات	(نظمیں)	حیدر نایاب	۳۷
شہید آزادی حاجی امداد اللہ		فقی احمد ارشاد	۳۸
غزلیں		اظہر احمد کمالی، حامدی کاشمیری سلیمان خمار، عبدالمتین نیاز	۴۰
پشتو زبان ایک جائزہ		منوہر سنگھ بترا	۴۱
نئی کتابیں			۴۴

سرورق : گورچرن اروڑہ
پشت پر : یوم جمہوریہ کی پریڈ

مضامین اور ترسیلِ زر کا پتہ
شہباز حسین ایڈیٹر آجکل (اردو) پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

مرتبہ و شائع کردہ
ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

"یوم جمہوریہ" کا دن ہر سال ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمارے ملک کو دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کا امتیاز حاصل ہے۔ اس لحاظ سے ہم پر یہ خصوصی ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم اپنے افعال و اعمال کے ذریعے دنیا کے سامنے ایک ایسا نمونہ پیش کریں جس سے دنیا میں جمہوریت کا اعتبار بڑھے۔ ملک میں مختلف انتشار پسند جماعتوں اور گروہوں کی ریشہ دوانیوں کے باوجود ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ہندوستان میں جمہوری نظام اور طریقۂ زندگی کی جڑیں استوار ہو چکی ہیں۔ اس کی ان گنت مثالیں ہمارے سامنے ہیں۔

ہندوستان میں مختلف لسانی اور نسلی گروہ کے لوگ آباد ہیں لہٰذا اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ ہو بھی نہیں سکتا کہ ملک کی بھلائی اور بہتری کو پیش نظر رکھتے ہوئے جو فیصلے کئے جائیں وہ عوام کی مرضی سے کئے جائیں۔ اس میں کسی قسم کے جبر یا زبردستی کو دخل نہ ہونا چاہئے۔

ملک سیاسی غلامی سے آزاد ہو گیا ہے مگر ابھی تک عوام کی اکثریت معاشی بدحالی کا شکار ہے۔ آزادی کے بعد اناج کی زیادہ پیداوار، تعلیم، صحت، صنعتی ترقی اور روزگار جیسے قومی زندگی کے لئے اہمیت رکھنے والے تقریباً تمام مسائل پر توجہ کی گئی ہے اور ناکامیوں کے باوجود گزشتہ ۲۰، ۲۲ برسوں میں صورت حال بہت بہتر ہوئی ہے لیکن ابھی وہ منزل بہت دور ہے جب آزادی کی برکتیں ملک کے ہر فرد و بشر کو حاصل ہوں۔ اس سلسلے میں حکومت کی حالیہ پالیسیوں نے امید و اعتماد کی ایک نئی فضا پیدا کی ہے اور عوام میں ایک نیا جذبہ پیدا کیا ہے جو ملک کی تعمیر و ترقی کے لئے فالِ نیک ہے۔

ہمارے رہنماؤں نے اپنی قربانیوں سے ملک کے سامنے ایک روشن مثال قائم کی۔ اب اس کو سنبھالنے، سنوارنے اور آگے بڑھانے کی ذمہ داری ہماری ہے۔ یوم جمہوریہ کے دن ہمیں اپنے دلوں کو ٹٹولنا چاہئے کہ اس ذمہ داری کو نبھانے کے لئے ہم کس حد تک آمادہ ہیں۔

گزشتہ برس ہم نے آج کل کے کئی خصوصی نمبر شائع کئے جنہیں عام طور پر پسند کیا گیا خصوصاً "جدید ہندوستانی شاعری نمبر" کو جس طرح سراہا گیا اس سے ہماری بڑی حوصلہ افزائی ہوئی۔ ہر سال ہم اپنے طور پر کوئی موضوع طے کر کے اگست کا خصوصی نمبر شائع کرتے رہے ہیں۔ اس بار آپ ہمیں لکھئے کہ ہم کس موضوع پر خصوصی نمبر شائع کریں۔

گزشتہ دنوں میں آج کل کی بکری میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور ہندوستان کے متعدد شہروں میں ہماری ایجنسیاں قائم ہوئی ہیں۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ سنجیدہ رسائل کے پڑھنے والوں کی کمی کا جو عام احساس پایا جاتا ہے وہ صحیح نہیں ہے مگر اس کے باوجود یہ بھی درست ہے کہ علمی و ادبی رسائل پڑھنے والوں کی تعداد پھر بھی کم ہے۔

جب ہم اردو کے سلسلہ میں کوئی بات کہتے ہیں تو دوکروڑ سے زائد وہ افراد ہمارے پیش نظر ہوتے ہیں جن کی مادری زبان (۱۹۶۱ء کی مردم شماری کے مطابق) اردو ہے۔ اور عالم یہ ہے کہ اردو کی ادبی کتابیں پانچ سو کی تعداد میں چھپتی ہیں اور وہ بھی دو تین سو سے زائد نہیں بکتیں۔ اور یہ خریداری بھی زیادہ تر لائبریریاں کرتی ہیں۔ اس سلسلے میں ہم نے اگست ۱۹۶۸ء کے اردو نمبر میں بڑی تفصیل سے لکھا تھا مگر بات جہاں تھی وہیں ہے۔ اس بات کی سخت ضرورت ہے کہ اردو کی انجمنیں اور کارکن ان تمام مسائل کا جائزہ لیں جو اردو کتابوں اور رسائل کی بکری کے راہ میں سنگ گراں بنی ہوئی ہیں۔

فضا ابن فیضی



وقت کے اجلے دریچوں پہ نئے سال کا پھول
نزہت و تازگی و حسن کا گہوارہ ہے
اپنے آذر کا گل اندام صنم پارہ ہے
شاخ پر جیسے ہنسے کوئی تر و تازہ گلاب
طاق میں جیسے جلے کوئی سنہرا فانوس
جیسے صبحوں کے افق پر کوئی تارا چمکے
جس طرح چاند کوئی تاج محل میں اترے
جس طرح آئنہ خانے میں سنوارے خود کو
کوئی ہنستا ہوا پیکر، کوئی ذی روح صنم
اپنی تخلیق گرامی پہ ہو نازاں جیسے
کسی شاعر کا جوان و طرب آہنگ قلم
جس طرح بزم سخن میں کوئی شاداب غزل
اپنی رعنائی نوخیز کا اظہار کرے
جس طرح دست مصور کی بہاریں جنبش
کینوس کے ورق سادہ کو گل زار کرے

اس کا ہر لمحہ سبک، پھول کی پتی کی طرح
اس کا ہر جلوہ حسیں، خندۂ گل کی مانند
اس کی ہر صبح میں رخسار کے سونے کی جھلک
اس کی ہر چھاؤں میں غلطیدہ جواں زلفوں کی مہک

اس کی رفتار کے شرمائے ہوئے لوچ میں کم
ابروئے ناز کا خم، نازنیں پلکوں کا جھکاؤ
اُس کے پیکر کے مہکتے ہوئے آہنگ میں جذب
شعر و صہبا کا فسوں، جذبہ و مستی کا رچاؤ

یہ نیا سال — بہاروں کا یہ نو عمر رسول
عشرتِ تازہ کا پیغام لئے آیا ہے
خوشبو و کیف کا انعام لئے آیا ہے
تم "نئے سال" کے "گلدستۂ رعنائی" کو
اپنے گلدانِ تمنا میں سجا کر رکھ لو
اپنی محفل میں یہ فانوس جلا کر رکھ لو
اور یہ گزرے ہوئے سال کا سوکھا ہوا پھول
جس میں خوشبو ہے نہ رنگت نہ لطافت ہے نہ رس
ہے جو خود اپنی ہی خوں گشتہ امیدوں کا قفس
اب اُسے پھینک دو تم نوچ کے گلدانوں سے
جھاڑ دو دامنِ لمحات پہ بیٹھی ہوئی گرد
مانگ لو ایک نیا عیش طرب خانوں سے

میں نے مانا کہ نئے سال کی روشن راہیں
ہیں ابھی حسرت و اندیشہ کے ظلمات میں گم
یہ نئی صبح ہے راتوں کے حجابات میں گم
کتنے ایسے ہیں جو دریا پہ رہیں گے پیاسے
کتنے ایسے ہیں جو قطروں سے نچوڑیں گے فرات
کتنے ایسے ہیں جو سائے میں جلیں گے بیٹھے
دھوپ کتنوں کے لئے چاندنی بن جائیگی

کتنے ایسے ہیں تپائے گی جنہیں اوس کی آنچ
کتنے ایسے ہیں جو شعلوں کو بھی پی جائیں گے
کتنے ایسے ہیں سجائیں گے جو زخموں کی دکاں
کتنے ایسے ہیں جو اندوہِ خزاں سے آزاد
کاروبارِ گل و لالہ میں رہیں گے مصروف
کتنے ایسے ہیں جنھیں "نغمۂ ونیم" کا غرور
عرش و اورنگ سے نیچے نہ اترنے دے گا
کتنے ایسے ہیں کہ افلاس کا جن کے زنگار
اُن کے پہلو کا کوئی زخم نہ بھرنے دے گا
کتنے ایسے ہیں جو با وصفِ چمن پیرہنی
خود کفِ دست پہ شعلوں کی حنا باندھیں گے
کتنے ایسے ہیں جو چھاؤں میں ارمانوں کی
عمرِ خوش مایہ سے پیمانِ وفا باندھیں گے
لیکن اس صورتِ حالات کا شکوا کیسا
زندگی تو انہیں حالات کا مجموعہ ہے
شہد و صبر و سم و تریاق کا آمیزہ ہے
یہ دکھوں، حسرتوں، اندیشوں کی چھائی ہوئی کہر
حزن و مایوسی و محرومی کے پھیلے ہوئے دام
حوصلے ہوں جو طرب خیز تو پھر کچھ بھی نہیں
نشۂ شوق جو ہو تیز تو پھر کچھ بھی نہیں

تم نئے سال کی لائی ہوئی سوغاتوں سے
منتخب اپنے لئے کر لو وہ سوغاتِ جمیل
کہ انھیں ایک قرینے سے جہاں بھی رکھ دو
وہ جگہ ایک حسیں آئنہ خانہ بن جائے
زندگی مرحلۂ کیف شبانہ بن جائے
رنگ و نکہت کے جزیرے کھلے رختِ سفر
خیر مقدم کرے مستقبلِ زریں کی سحر
وقت کے اجلے دریچوں پہ نئے سال کا پھول
نزہت و تازگی و حسن کا گہوارہ ہے
اپنے آذر کا گل اندام صنم پارہ ہے۔

ایس ایم سعید



آزادی کیا ہے

آزادی کا مطلب عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ہر شخص اپنی مرضی کے مطابق جو بھی چاہے کر سکتا ہے۔ ہر آدمی کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اپنی فطری قوتوں کو جس طرح چاہے بروئے کار لائے اور ایسا کرنے میں کوئی مداخلت نہ کی جائے۔ اگر آزادی کے اس تصور کو صحیح مان لیا جائے تو آزادی اور طاقت دونوں مترادف ہو جائیں گے کیوں کہ اس طرح سے آزادی کی اساس سماجی انصاف پر نہ ہو کر طاقت پر ہو گی۔ سماج میں جو آدمی جتنا کمزور ہو گا اس کی آزادی اتنی ہی کمزور ہو گی یہ تو ظاہر ہی ہے کہ ہر فرد اپنی ذہنی اور جسمانی قوتوں کے اعتبار سے فطری طور پر یکساں نہیں ہوتا اس لیے جب آزادی کا تعین طاقت کی بنیاد پر ہو گا تو آزادی کے مختلف مدارج وجود میں آئیں گے، جو ہر فرد میں اس کی طاقت کی کمی یا زیادتی کے لحاظ سے مختلف ہوں گے اور آزادی ایک اضافی چیز ہو جائے گی یہاں تک کہ سماج کے وہ انتہائی طاقتور افراد بھی جن کو تمام سہولتیں اور آزادیاں حاصل ہوں گی وہ بھی پُر اطمینان اور محفوظ زندگی نہ گزار سکیں گے کیوں کہ ان میں سے ہر ایک کو یہی فکر ہو گی کہ کہیں دوسرا طاقتور شخص اُسے اپنے ماتحت نہ کر لے۔ دوسری طرف سماج کا ایک بڑا حصہ چند طاقتور افراد کی مرضی و خوشی کا تابع ہو کر رہ جائیگا اور ایسی آزادی انھیں چند طاقتور افراد کا غلام بنا دے گی۔ ایک ایسے معاشرہ میں جہاں آزادی کی بنیاد حق پر نہ ہو کر طاقت پر ہو، آزادی کا وجود ہی ختم ہو جائے گا۔ ایسی آزادی تو ہماری اجتماعی زندگی کے نظام کو درہم برہم اور پورے معاشرہ کے شیرازے کو ہی منتشر کر دیگی۔ اس طرح ہر فرد آزاد رہنے کے لیے ایک دوسرے سے نبرد آزما ہو گا۔ لیکن اُن میں سے کوئی بھی اس ماحول کو نہ پا سکے گا جس میں وہ اپنی شخصیت کو اپنی فطری صلاحیتوں کے بموجب پروان چڑھا سکے کیوں کہ ان حالات میں آزادی کا کیا سوال کسی کی زندگی کی ہی کوئی ضمانت نہ ہو گی۔ ایسی لامحدود آزادی شاید اُس وقت ممکن ہوتی اگر ہمارے مفاد میں کوئی تضاد نہ ہوتا اور آدمی میں خود غرضی کا عنصر نہ پایا جاتا۔ لیکن صورت یہ ہے کہ مختلف افراد کے مفاد مختلف ہیں اور ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ وہ اپنے مقاصد کو زیادہ سے زیادہ پورا کر سکے اس لیے سماج کے وہ چند طاقتور افراد جنھیں محض طاقتور ہونے کی وجہ سے آزادی ملے گی اُن میں بھی کشمکش کا ہونا لازمی ہے کیوں کہ اُن میں بھی سب طاقت کے اعتبار سے بالکل برابر نہ ہوں گے اور وہ بھی ایک دوسرے پر اپنے اقتدار کو قائم کرنے کی کوشش کریں گے۔ نتیجہ یہ ہو گا کہ سماج میدان جنگ بن کر رہ جائے گا جس میں آزادی کے لئے ایک طرف تو طاقتور اور کمزور افراد کے درمیان اور دوسری طرف خود طاقتور افراد کے بیچ ایک نہ ختم ہونے والی جنگ چھڑ جائیگی جس کا خاتمہ شاید پورے معاشرے کی تباہی و بربادی کے بعد ہی ہو سکے گا۔ اس طرح نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ وہ آزادی جسے ہم ہر دور میں انسان کا پیدائشی حق سمجھ کر حکومتوں سے مانگتے رہے ہیں، اس آزادی سے مختلف ہے جس کے معنی "جو چاہو

کرو" سمجھے جاتے ہیں۔

عصرِ حاضر کے مشہور مفکر ہرالڈ لاسکی کا کہنا ہے کہ "آزادی سے مراد ایک ایسے ماحول کو پیدا کرنا و برقرار رکھنا ہے جس میں انسان کو اپنی شخصیت کو پروان چڑھانے کا پورا موقع مل سکے۔" درحقیقت آزادی کا مقصد ایسی سہولتوں کو حاصل کرنا ہے جو ہمیں اپنی فطری صلاحیتوں کے بموجب ترقی کرنے اور ایک خوشگوار زندگی کی تعمیر کرنے کے لئے عام طور پر ضروری سمجھی جاتی ہوں۔ اس لئے لاسکی کا کہنا ہے کہ "میری نظر میں آزادی کا مطلب سماجی حالات پر سے اُن پابندیوں کا ختم ہونا ہے جو موجودہ تہذیب میں انسان کی خوشحالی کے لئے ضروری تصور کی جاتی ہوں۔" حقیقت یہ ہے کہ سچی آزادی پابندیوں میں پنہاں ہوتی ہے لامحدود طریقے پر اپنی قوتوں کو برسرِ کار لانے میں نہیں۔ یہ تو صحیح ہے کہ ہمارا جسم ہمارا دل و دماغ اور ہماری قوتیں ہماری اپنی ملکیت ہیں لیکن اُن کو استعمال کرنے کا غیر محدود حق ہمیں نہیں ہوتا ہے۔ سماج کا ایک رکن ہونے کے ناتے ہمیں دوسروں کے مفاد کا بھی خیال رکھنا پڑتا ہے اور ہم سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ ہم اپنی فطری قوتوں کو محض اُس حد تک استعمال کریں گے جس سے دوسرے افراد کی آزادی میں خلل نہ پڑے، ورنہ پھر تو یہ سماجی رشتے ہی ختم ہو جائیں گے، کیونکہ اپنے مفاد اور مفادِ عامہ کے بیچ توازن برقرار رکھنا ہی سماج کی بنیاد ہے۔ ہماری ذہنی اور جسمانی قوتوں کے استعمال پر ایک پابندی ہے اور وہ ہے مفادِ عامہ کی۔ یعنی اگر ہم مفادِ عامہ کو بالکل نظر انداز کر کے من مانے ڈھنگ سے کام کرنے لگیں تو ایک طرح کا نراج پیدا ہو جائے گا اور کوئی بھی شخص پرسکون زندگی نہ گزار سکے گا۔ ان حدوں یا پابندیوں کو جو ہم مفادِ عامہ کے پیشِ نظر اپنی فطری قوتوں کے استعمال پر عائد کرنا قبول کرتے ہیں فرائض کہلاتے ہیں۔ اور اگر سماج میں رہنے والے افراد اپنے سماجی فرائض کو نظر انداز کر دیں گے تو وہ اپنے حقوق سے بھی محروم ہو جائیں گے، کیونکہ حقوق و فرائض لازم و ملزوم ہوتے ہیں اس لئے ایک باوقار زندگی گزارنے کے لئے اور سماج کے ہر فرد کو اپنی فطری صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کا موقع دینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہر فرد پر کچھ ایسی پابندیاں ہوں جو انھیں صرف اس حد تک کام کرنے کی آزادی دیں جو یقیناً اُن کی ترقی کے لئے ضروری ہوں، جو یہ طے کر سکیں کہ ہمیں کون سا کام کرنا چاہئے اور کون سا نہیں، جو یہ بتا سکیں کہ اگرچہ جسمانی قوت ہماری اپنی ملکیت ہے مگر اس کا استعمال دوسرے کی زندگی کا خاتمہ کرنے کے لئے نہ ہونا چاہئے جو یہ سمجھا سکیں کہ اگرچہ ہمیں اپنے ذہن و زبان پر قدرت حاصل ہے مگر ہمیں اپنی زبان کھولنے کا حق صرف اُس حد تک ہے جس سے دوسروں کی زبان پر پابندی نہ لگنے پائے۔ جو یہ بتا سکیں کہ اگرچہ چلنے پھرنے کی طاقت ہم میں ہے مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم جس کسی کے گھر میں چاہیں گھس جائیں۔ مختصر یہ کہ ایسی پابندیوں کا ہونا ضروری ہے جو اُن حدود کو متعین کر سکیں جن کے خلاف عمل کرنا مفادِ عامہ کے لئے مہلک اور سماج کے وجود کے لئے خطرناک ہو۔ اس لئے آزادی کے لئے ضروری ہے کہ ہم پر کچھ پابندیاں ہوں اور جیسا کہ ولوبی کا کہنا ہے کہ "آزادی کا وجود اُسی وقت ممکن ہے جب کہ پابندیاں بھی ہوں۔" ہربرٹ سپینسر کا بھی کہنا ہے کہ "ہر آدمی اپنی مرضی کے مطابق کام کرنے کے لئے آزاد ہے بشرطیکہ وہ کام دوسروں کی آزادی میں کوئی رکاوٹ نہ ڈالے۔"

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آزادی کے لئے پابندیاں ضروری ہیں تو یہ پابندیاں ہم پر کون لگائے۔ یہ کون طے کرے گا کہ ہمیں کس حد تک کام کرنا چاہئے اور کہاں تک نہیں۔ یہ کون بتائے کہ ہم اپنی ذہنی و جسمانی قوت کا استعمال کہاں تک کریں کہ اس سے دوسرے افراد کی آزادی میں کوئی خلل نہ پڑے۔ ظاہر ہے کہ خود افراد کو اس بات کا حق دینا کہ وہ جہاں تک یہ محسوس کریں کہ اُن کا کام کرنا مفادِ عامہ کے خلاف نہیں ہے وہ کسی کام کو کر سکتے ہیں، ایک بے معنی بات ہوگی۔ کیونکہ آدمی میں بہرحال خود غرضی پائی جاتی ہے اس لئے وہ اپنے مفاد کے لئے اپنے کام کرنے یا اپنی آزادی کی حدود کو وسیع کرتا رہے گا اور سماج میں پھر ایک سنگھرش پیدا ہو جائے گا کیونکہ ہر شخص جو چاہے کرے گا اور یہ کہے گا کہ اس کا وہ فعل مفادِ عامہ کے خلاف نہیں ہے۔ اسی طرح مفادِ عامہ کی وضاحت کہ وہ کیا ہے ایک نزاعی مسئلہ بن کر رہ جائے گا۔ اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ یہ پابندیاں کسی ایسی

طاقت کے ذریعہ لگائی جائیں جو غیر جانبدار ہو اور جس پر عوام کو اعتماد ہو ایسی طاقت ریاست ہی ہو سکتی ہے جس کا مقصد ہی عوام کے لئے ایک خوشگوار زندگی کی تعمیر کرنا ہے۔ ریاست اپنے مقاصد کی تکمیل قانون کے ذریعے کرتی ہے اس لئے قانون ہی وہ طاقت ہے جو ایک ریاست میں رہنے والے تمام افراد کے لئے ایسے ماحول کو پیدا کرتا ہے جو لوگوں کو خاطر خواہ ترقی کرنے کا موقع فراہم کر سکے اور جو کمزور پر سے طاقتور کے ناجائز اقتدار کو ختم کر کے ہر آدمی کو اپنی صلاحیتوں کے مطابق آزادانہ طور پر زندگی گذارنے کا موقع دیتا ہے۔ جو ہماری فطری قوتوں پر کچھ پابندیاں عائد کر کے سماجی امن کو ممکن بناتا ہے اور جس کے تابع رہ کر ہی ہم اپنے سماجی رشتوں کو مستحکم بناتے ہیں۔ دراصل قانون ہی یہ پابندیاں لگا سکتا ہے کہ ہم کون سا کام کس حد تک کر سکتے ہیں اور ان پابندیوں میں ہی آزادی پوشیدہ ہوتی ہے۔ شاید یہی وجہ تھی کہ آزادی کے علمبردار جان لاک نے کہا تھا "جہاں قانون نہیں ہے وہاں آزادی کا وجود ممکن نہیں ہے۔"

قانون اور آزادی کا باہمی رشتہ کیا ہے، اس پر مفکرین میں اختلاف ہے کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ قانون سے ہماری آزادی محدود ہوتی ہے۔ جبکہ دوسروں کا کہنا ہے کہ آزادی محض قانون کے ذریعہ ہی پیدا ہوتی ہے۔ یہ تو یقینی ہے کہ ایک ایسے سماج میں جہاں لاقانونیت کا دور دورہ ہو آزادی کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ وہاں ہر آدمی من مانے ڈھنگ سے کام کرے گا۔ قانون جو پابندیاں ہم پر عائد کرتا ہے اس کا مقصد دوسروں کو آزاد رہنے کا موقع دینا ہے۔ وہ قانون جو اس بات کا اعلان کرتا ہے کہ کسی آدمی کو قتل کرنا جرم ہے اور قاتل پھانسی کا مرتکب ہوتا ہے، بظاہر اپنی فطری آزادی پر پابندی عائد کرتا ہے اس کے بموجب ہم اپنے ہاتھ پیر کا استعمال ضرور اس حد تک ہی کر سکتے ہیں جس سے کسی کی جان و مال کو نقصان نہ پہونچے اگر یہ قانون جو ہم پر ایک پابندی لگا کر ہماری آزادی کو محدود بنا دیتا ہے نہ ہوتا تو پھر سماج میں رہنے والوں کی آزادی تو درکنار ان کی زندگی کا ہی کچھ یقین نہ ہوتا۔ اس لئے وہ قانون جو قتل کرنے کو جرم قرار دیتا ہے بظاہر چند افراد کی جسمانی قوت کے استعمال پر پابندی لگا کر سیکڑوں افراد کو زندہ رہنے کا موقع دیتا ہے۔

اس طرح یہ قانون کہ سڑک پر ایک محدود رفتار میں موٹر چلائی جائے بظاہر موٹر چلانے والوں پر پابندی لگاتا ہے، مگر یہ اس پابندی ہی کا نتیجہ ہے کہ ہم سڑک پر اطمینان سے آجا سکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ قوانین عام طور سے آزادی کو جنم دیتے ہیں۔ اگر قانون ہمیں کسی کام کرنے کو منع کر دے تو ہم اس کام کو نہیں کر سکتے۔ کیونکہ وہ ریاست میں رہنے والے تمام افراد کے اعمال کو کنٹرول کرتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر قانون تحریر و تقریر کی آزادی پر کچھ پابندیاں لگا دے تو ہماری آزادی یقیناً محدود ہو جائیگی۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ہماری آزادی بہت کچھ اس بات پر منحصر ہے کہ قانون کس حد تک ویسا کرتا ہمارے لئے اور مفاد عامہ کے لئے سودمند اور ضروری سمجھتا ہے۔ اس طرح قانون دو طرح سے ہماری آزادی کو متاثر کرتا ہے۔ ایک طرف تو یہ ہم پر کچھ پابندیاں عائد کرتا ہے مثلاً ہم کسی کو قتل نہ کریں، کسی کی ملکیت پر ناجائز طور پر قبضہ نہ کریں، امن و امان میں مزاحمت نہ کریں وغیرہ ایسی پابندیاں ہیں جو ہمیں کچھ کاموں کو کرنے سے روکتی ہیں لیکن انہی پابندیوں میں دوسروں کے لئے پیغام آزادی پوشیدہ رہتا ہے۔ دوسری طرف قوانین ایسے حالات و ماحول کو بھی پیدا کرتے ہیں جن میں ہم زیادہ سے زیادہ آزاد رہ سکیں یعنی اپنی فطری صلاحیتوں کو اجاگر کر سکیں۔ مثال کے طور پر حکومت کی طرف سے تعلیم سے متعلق دی جانے والی سہولتیں، طبی امداد، مزدوری کی شرح کو مقرر کرنے والے قوانین کسی نہ کسی طرح سے ہماری آزادی کو متاثر کرتے ہیں۔ اور ان کا مقصد بالآخر یہی ہوتا ہے کہ انسان اپنی زندگی کے مختلف شعبوں میں ترقی کرنے کے لئے ان تمام سہولتوں کو حاصل کر سکے جو ضروری ہوں۔

آزادی اور قانون کے متعلق دوسرا نظریہ یہ ہے کہ قانون آزادی کے لئے مضر ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہ ہم پر پابندیاں عائد کرتے ہیں جن سے ہماری آزادی سلب ہو جاتی ہے۔ اگرچہ اس نظریہ کو پوری طرح تسلیم نہیں کیا جا سکتا پھر بھی اس میں صداقت کا کچھ عنصر ضرور ہے حقیقت یہ ہے کہ نہ تو ہر قانون آزادی کا پیدا کرنے والا ہوتا ہے اور نہ ہی

ہر قانون کو آزادی کا دشمن کہا جا سکتا ہے ایک قانون ہماری آزادی کے لئے ضروری ہے یا اُس کے لئے مضر، یہ خود اُس قانون کی فطرت پر منحصر ہے اور قانون کی فطرت کا انحصار طرزِ حکومت پر ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک انانیت پسند حکومت کے قوانین عوام کے مفاد کے بجائے حکمراں کے مفاد کو پیش نظر رکھ کر بنائے جاتے ہیں، اور اسی کی مرضی پر مبنی کرتے ہیں جب کہ جمہوریت میں بننے والے قوانین کے پیچھے عوام کی حمایت شامل ہوتی ہے۔ اسی سبب سے جمہوریت ہی وہ طرزِ حکومت ہے جس میں عوام کی آزادی کو سب سے اہم تصور کیا جاتا ہے روسو کا کہنا کہ "آزادی ایسے قوانین کی پابندی کا نام ہے جو ہم خود اپنے اوپر عائد کرتے ہیں" اسی طرح گرین کا یہ عقیدہ تھا کہ "آدمی اُس وقت آزاد ہوتا ہے جب وہ ایسے قوانین کا تابع ہوتا ہے جنھیں وہ اپنی شخصیت کو مکمل بنانے کی غرض سے مانتا ہوں اور جس میں خود اُس کی مرضی شامل ہو۔ کہنے کا مقصد یہ ہے کہ ایسے قوانین جن کا مقصد محض حکومت کے مفاد کو پورا کرنا ہوتا ہے آزادی کے لئے بلاشبہ مضر ثابت ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے لاسکی کا کہنا ہے کہ "جو پابندیاں قانون کی شکل میں ہم پر عائد کی جائیں وہ ایسی ہونا چاہئیں جن کی اہمیت و افادیت کو ہماری عقل تسلیم کرنے پر تیار ہو لیکن جہاں آدمی کو ایسے کاموں کو کرنے سے روکا جا رہا ہو جنھیں کرنا وہ اپنی ترقی کے لئے ضروری سمجھتے ہوں، وہاں یہ پابندیاں آزادی کو سلب کر لیتی ہیں۔" ایک حکومت ایسے قوانین کو وضع کر سکتی ہے جس کا مقصد عوام کی آزادی ہی کو ختم کر دینا ہو۔ مختلف ممالک میں ہونے والی بغاوتیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ جب ان ملکوں کی حکومتوں نے ایسے قوانین وضع کرنا شروع کر دیے جنھیں عوام اپنی آزادی کے لئے خطرناک محسوس کرنے لگے تو انہوں نے اس حکومت کے خلاف علم بغاوت بلند کر کے اسی کا تختہ اُلٹ دیا۔ جمہوریت میں بھی ایک ایسی منزل آسکتی ہے، جہاں حکومت کے قوانین عوام کے مزاج کے خلاف ہوں یا جب حکومت عوام کے حقوق میں بے جا مداخلت کرنے لگے۔ حکومت کی بے جا مداخلت اور عوام کی آزادی کے تحفظ کے لئے ہی تقریباً سب ہی جمہوری ممالک کے دستور میں عوام کو کچھ بنیادی حقوق دیئے گئے ہیں جو حکومت کے ذریعہ بنائے جانے والے قوانین سے بالاتر ہوتے ہیں۔ اس طرح قوانین نہ صرف ایک فرد کی آزادی کا تحفظ دوسروں کی بے جا مداخلت سے کرتے ہیں بلکہ وہ حکومت کی بے جا مداخلت سے بھی عوام کے حقوق کی محافظت کرتے ہیں اس لئے قانون آزادی کے لئے ایک بنیادی شرط ہے۔

آزادی اور قانون کے اس باہمی ربط کا لازمی نتیجہ سماجی مساوات کا قیام ہوتا ہے۔ یہ تو ہم تسلیم کر ہی چکے ہیں کہ بغیر پابندیوں کے آزادی ممکن نہیں اور یہ پابندیاں قانون کی شکل میں لگائی جاتی ہیں۔ ان پابندیوں کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ جو لوگ جسمانی اعتبار سے کمزور ہیں وہ طاقتور افراد کی ناانصافیوں سے محفوظ رہ سکیں اور اپنی فطری صلاحیتوں کے مطابق بغیر کسی دشواری کے اپنی شخصیت کو پروان چڑھا سکیں۔ دوسرے الفاظ میں قانون کے ذریعہ لگائی جانے والی پابندیاں آزادی کو کسی ایک طبقے کی جاگیر نہ بنا کر اُسے عام انسانوں کے ایک حق کی شکل میں ہر انسان کو دلانا چاہتی ہیں۔ اسی سے مساوات کا جنم ہوتا ہے کیونکہ ہماری فطری قوتوں پر لگائی جانے والی پابندیاں سماج کے ہر فرد کو اس بات کا موقع فراہم کرتی ہیں کہ وہ آزادانہ زندگی گزار سکے۔ اس طرح آزادی و مساوات لازم و ملزوم بن جاتی ہیں۔

اگرچہ جمہوریت کی اساس ہی آزادی اور مساوات پر ہوتی ہے پھر بھی کچھ مفکرین ایسے ہیں جن کا یہ خیال ہے کہ سماج میں آزادی اور مساوات دونوں ساتھ ساتھ ممکن نہیں اور ایک کا وجود دوسرے کے خاتمے کا باعث ہوتا ہے۔ یہ ایک انتہا پسندانہ نظریہ ہے جس کی بنیاد آزادی اور مساوات کی دی جانے والی غلط تعریفوں پر ہے۔ اگر آزادی اور مساوات کو ہم اُس کے لغوی معنوں کے اعتبار سے مانتے ہیں، تو یقیناً آزادی اور مساوات ایک دوسرے کے لئے خطرناک ہیں۔ اگر آزادی کا مطلب بلا کسی پابندی کے کسی بھی کام کو کرنے کے لئے با اختیار ہونا اور آزاد ہونا ہے تو ایسی صورت میں سماج سے مساوات کا فنا ہو جانا لازمی ہوگا۔ کیونکہ پھر تو چند طاقتور افراد ہی آزاد رہ سکیں گے اور باقی لوگ اُن کے غلام بن کر رہ جائیں گے۔ اسی طرح اگر مساوات کے معنی

لئے جائیں کہ ہر آدمی کو ہر معاملے میں بغیر اس کی صلاحیتوں کے دیکھے ہوئے برابر بنا دیا جائے تو اس سے سماج سے آزادی مفقود ہو جائے گی۔ مثال کے طور پر اگر برابری کا مطلب یہ لیا جائے کہ ہر آدمی کو کھانے پینے رہن سہن زبان، مذہب، پیشے مختصر یہ کہ زندگی کے ہر شعبے میں یکساں بنا دیا جائے تو اول تو ایسا ممکن ہی نہ ہوگا کیونکہ فطری اعتبار سے ہر شخص ایک سا پیدا نہیں ہوتا دوسرے یہ کہ اگر قانون طاقت کے ذریعے ہر آدمی کو برابر بنانا بھی چاہے گا تو اس سے آزادی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ اس سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اگر مساوات کو اس کے لفظی معنوں میں قائم کرنے کی کوشش کی جائے گی تو آزادی فنا ہو جائے گی لیکن آزادی کی طرح مساوات کے بھی کچھ مخصوص معنی ہوتے ہیں۔ مساوات کا مطلب ہے برابر والوں میں برابری؛ یعنی ایک ہی قسم کی صلاحیت رکھنے والے افراد میں مذہب، ذات رنگ، دولت وغیرہ کی بنیاد پر کوئی امتیاز نہ کرتے ہوئے انھیں مساوی حقوق اور سہولتیں دی جائیں۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ قانون فرد اور فرد کے درمیان کوئی تفریق نہ کرتے ہوئے تمام سہولتیں ہر شخص کو مساویانہ طریقے پر دے اور ان معنوں میں مساوات آزادی کی بنیاد ہے۔ مشہور مفکر لاسکی نے آزادی کے لئے جو شرطیں بتائی ہیں ان میں پہلی شرط یہ ہے کہ سماج میں حقوق خصوصی کا فقدان ہو یعنی ریاست اور قانون کے ذریعے کسی خاص فرد یا طبقے کو مخصوص سہولتیں جانبدارانہ طور پر نہ دی جائیں ورنہ جنھیں زیادہ سہولتیں اور آزادی ہوگی وہ یقیناً برتری حاصل کر لیں گے اور نتیجتاً دوسرے نظر انداز کئے گئے افراد اس مخصوص طبقے کے ہاتھوں میں اپنی زندگی کو سپرد کرنے کے لئے مجبور ہوں گے۔ سماج کے تمام افراد آزاد رہ سکیں اس کے لئے ضروری ہے کہ سماج میں سماجی اور سیاسی مساوات ہو، ورنہ ایسی آزادی جو چند افراد تک محدود ہو درحقیقت آزادی نہ ہوگی۔

ان تمام باتوں سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ آزادی اگرچہ ہمارا بنیادی حق ہے اور یہ ایک انسان ہونے کے ناتے ہمیں ملنا چاہیے مگر اس آزادی کا مطلب من مانے ڈھنگ سے کام کرنا نہیں ہے کیونکہ ایسی آزادی تو انسانیت کش اور سماج دشمن ہوگی۔ اسی لئے ہم کہتے ہیں کہ آزادی کی اساس پابندیوں پر ہے ایسی پابندیاں جو دوسروں کو مساویانہ طور پر آزاد رہنے کا موقع دے سکیں اور جن پابندیوں کی بنیاد انصاف پر ہو ان پابندیوں کا نام قانون ہوتا ہے اس لئے آزاد رہنے اور دوسروں کو آزاد زندگی گزارنے کا موقع دینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم ان قوانین کا احترام کریں جو حکومت مفاد عامہ کے پیش نظر بناتی ہے جب تک ہم اپنے فرائض کو پورا نہ کریں گے اس وقت تک حقیقی معنوں میں آزادی کا تصور ہی ممکن نہ ہوگا۔

ہمیں اس پر غور کرنا چاہئے کہ آزادی کی جو امانت ہمارے جنگ آزادی کے شہیدوں نے ہمارے سپرد کی ہے اس کی حفاظت کے لئے ہمیں کیا کرنا ہے اور آزادی کا وہ حق جو دستور نے بنیادی حقوق کی شکل میں دیا ہے انہیں پانے کے لئے ہمیں کن فرائض کی تکمیل کرنا ہے؟ ہمیں یہ بھی نہ بھولنا چاہئے کہ آزادی قانون شکنی کے ذریعہ ممکن نہیں۔ وہ قانون کا احترام کر کے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم ہر جائز و ناجائز قانون کو ماننے کے لئے مجبور ہیں۔ ہمیں یقیناً ایسے قوانین کی مخالفت کرنے کا حق حاصل ہے جو ہم مفاد عامہ کے لئے مضر سمجھتے ہوں۔ مگر ایک جمہوری حکومت میں حکومت کی مخالفت کرنے کے بھی کچھ دستوری طریقے ہوتے ہیں۔ ملک کی سالمیت اور امن و امان کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم ان دستوری حدود کو نظر انداز کریں کوئی ایسا طریقہ نہ اپنائیں جس سے ہمارے ملک کے وقار کو کوئی ٹھیس پہنچے۔ ہمارے دستور نے عوام کی برتری کو تسلیم کرتے ہوئے ہمیں حکومت کے بنانے اور بدلنے کا حق دیا ہے اور جب اتنا اہم ترین حق ہمارے پاس ہے تو پھر ہم قانون شکنی کے راستے کو کیوں اپنائیں۔ کیونکہ ایسا کرنے سے ہم ایک آزاد معاشرت کی تشکیل کرنے اور ایک خوشگوار زندگی کے لئے خوشگوار ماحول پیدا کرنے میں کامیاب نہ ہو سکیں گے۔

سالانہ چندہ: ہندوستان میں، روپے؛ پاکستان میں: ۷ روپے (پاک)
دیگر ممالک سے: ۱۰ شلنگ ۶ پنس یا ڈیڑھ ڈالر
قیمت فی پرچہ: ہندوستان میں: ۶۰ پیسے، پاکستان میں، ۶۰ پیسے (پاک)
دیگر ممالک سے، ۱ شلنگ یا ۱۵ اسینٹ



سلام مچھلی شہری

گاندھی

گاندھی کیا تھے
"بھارت ماں کے" سپنوں کا کومل پرتیک
اُن کی بدولت جاگی — پہونچی، منزل تک اپنی تحریک
گاندھی کیا تھے
بھوکی، پیاسی دھرتی کے ذی ہوش فقیر
اُن کی بدولت بے شک ٹوٹی اپنے پیروں کی زنجیر
گاندھی کیا تھے
خواب دل جمہور کا دلکش ردِ عمل
"مادرِ ہند" کے ویران چہرے پر اک نورانی آنچل

گاندھی کیا ہیں
اک حقیقت — جس کو ہم سمجھے ہیں خواب
پرتبس کی شعبدہ حسیں کی کھوج میں دنیا ہے بے تاب
گاندھی کیا ہیں
اِس سائنسی دور میں روحانی آواز
یعنی جب ہونے والا ہے ایک سحر کا پھر آغاز
گاندھی کیا تھے
ایک حقیقت
گاندھی کیا ہیں
ایک خیال
لیکن اُن کی یاد سے روشن عہدِ ماضی — بزمِ حال —!!



ساجدہ زیدی

کتنا بوجھل ہے یہ احساس کا سارا ماحول
آگہی کتنی گراں بار ہوئی جاتی ہے

پھر نہ آئے کوئی غم خانے کی دیواروں میں
پھر نہ دینا پڑے مجبور وفاؤں کا حساب
منتظر ہوں نہ نگاہیں، کہ کوئی شوخ نظر
پھر اِن آنکھوں میں جگا دے گا کوئی خوابِ جمیل
سانس روکے نہ تمنا، کہ کوئی نرم قدم
دھیرے دھیرے درِ احساس پہ دستک دے گا
چیخ اُٹھے نہ یہ پہلو میں دھڑکتا ہوا دل
پھر کوئی مشعلہ بدن رُوح کی آتش دہکائے
اپنے انجام کا ہی بار اُٹھانا ہوگا
شب کے دامن میں نہ بکھریں کبھی شبنم کے گہر
پھر نہ تھرائیں، کبھی پلکوں کے اشکوں کے نجوم
درد پروردہ نگاہوں میں کوئی خواب نہ ہو
غم سے بوجھل دل بیتاب بھی بیتاب نہ ہو
پھر نہ رشتہ کہیں ٹوٹے ہوئے دل کا جڑ جائے
گرتی دیواروں سے، پتھرائی ہوئی آنکھوں سے
زرد رخساروں سے، مرجھائی ہوئی کلیوں سے
روزنِ در میں جو پیوست ہیں اِن نظروں سے
اپنی قبروں میں جو زندہ ہیں اِن آوازوں سے
کرب ہی کرب یہ فکر و نظر کی دُنیا
آگ ہی آگ ہے یہ مستیٔ کردار کا دور
ذہن بیدار ہو کیوں، رُوح طلبگار ہو کیوں؟
پھوڑ لوں دیدۂ بیدار، بجھا دوں شمعیں
زخم جس طرح سے ہونٹ بھی سی لوں اُسی طور
دُور تک شہرِ جنوں میں کوئی آواز نہ ہو

آج احساس کا یہ بارِ گراں بھی پھینک آؤں
زندگی یوں بھی سبک بار گزر جائے گی



سایہ

—— بلراج کومل

"گٹر... گٹر... گٹر... سال بھر میں دس مکان بدل ڈالے لیکن اس گٹر سے چھٹکارا نہ ملا۔ یہ وہیں کا وہیں رہا۔" —— نرمل نے جھنجھلا کر کہا اور کھڑکی بند کر دی۔

مشکل یہ ہے کہ آپ کو گٹر سے اس قدر دلچسپی ہو گئی ہے کہ آپ اُسے ہر جگہ ڈھونڈ نکالتے ہیں۔"

"تمہارا مطلب ہے۔ اس غلاظت کے لئے میں ذمہ دار ہوں؟"

"ایک ڈھنگ سے شاید آپ ہی ہیں کیونکہ آپ کی نگاہ صرف غلاظت پر ہی پڑتی ہے۔ آپ دوسری باتوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ اس مکان کو ہی لے لیجئے۔ اس میں کیا نقص ہے بھلا! کھلا ہے، ہوادار ہے، دھوپ اچھی طرح آتی ہے، تمام سہولتیں ہیں لیکن آپ ہیں کہ ہر روز کھڑکی کھول دیتے ہیں اور ذرا سی غلاظت سے پریشان ہو کر گٹر گٹر چلانا شروع کر دیتے ہیں"۔ —— کلپنا متوازن آواز میں بولتی چلی گئی۔

"میں غلاظت برداشت نہیں کر سکتا۔"

"تھوڑی بہت تو آپ کو زندگی بھر برداشت کرنی پڑے گی کیونکہ یہ دنیا آپ کی بنائی ہوئی نہیں ہے اور اس میں میرے اور آپ کے علاوہ بھی بہت سے لوگ رہتے ہیں" —— کلپنا نے مسکرا کر کہا۔

"آخر انسان اور حیوان میں کچھ فرق ہے۔"

"آپ یہ کیوں نہیں سوچتے کہ جہاں انسان رہتے ہیں وہاں غلاظت ضرور ہوگی۔ مجھے کئی بار محسوس ہوتا ہے کہ آپ غلاظت سے نفرت کرتے کرتے کئی بار انسانوں سے نفرت کرنے لگے ہیں۔ میں دن بھر صفائی کرتی رہتی ہوں، لیکن آپ کی تسلی نہیں ہوتی۔ اس دن آپ نے پڑوسی کے بچے کو پیٹ دیا۔ اگر بات بڑھ جاتی تو کیا ہوتا..."

"دیکھو کلپنا تم خواہ مخواہ مجھ پر الزام لگا رہی ہو۔ زندگی گزارنے کا میرا اپنا ڈھنگ ہے۔ میری مجبوری صرف یہ ہے کہ میں صاف ستھرے ماحول میں رہنے کا عادی ہو چکا ہوں۔ شادی سے پہلے میں فورتھ اوینیو میں رہا کرتا تھا۔ شادی کے بعد مکان کا مسئلہ اس قدر ٹیڑھا ہوا کہ حل ہونے میں آتا ہی نہیں"

کلپنا کمرے کا سامان ترتیب سے لگا رہی تھی۔ نرمل کی تصویر سے گرد صاف کرتے ہوئے بولی۔

"لیکن کب تک مکان تبدیل کرتے رہیں گے آپ! خیر چھوڑیئے قصہ، وہ بونس کیا ہوا جس کا آپ کئی مہینوں سے ذکر کر رہے ہیں؟"

"بونس! تم نے بڑے مناسب وقت پر یاد دلایا۔ آج بونس کا اعلان ہو جائے گا اور امید ہے ہمیں تین مہینے کی تنخواہ کے برابر بونس مل جائے گا!" —— نرمل کی آواز نرم رو موج کی طرح بہہ رہی تھی۔

"سچ! اگر تین مہینے کی تنخواہ کے برابر بونس مل جائے تو بڑا مزا آئے گا۔ آپ کو معلوم ہے میں کیا کروں گی" —— کلپنا نے اشتیاق سے پوچھا۔

"میں صرف یہ جانتا ہوں کہ میں کیا کروں گا" نرمل نے جواب دیا

"میں بھی جانتی ہوں کہ آپ کیا کریں گے۔ آپ نیا مکان تلاش کریں گے جس کا کرایہ اُس مکان سے بھی زیادہ ہوگا۔"

"جاننا چاہتی ہو، میں کیا کروں گا؟"

"نہیں! پہلے میں بتانا چاہتی ہوں کہ میں کیا کروں گی"

"پہلے میری بات سنو۔"

"نہیں پہلے آپ میری بات سنئے"

"پہلے میں کہوں گا۔ تمہیں سُننا ہی ہوگا"

"اچھا یہ بات ہے"۔ کلپنا نے نرمل کے چہرے کا غور سے جائزہ لیا۔ "نیا مکان، چلئے سُنائیے"

"اگر تین مہینے کی تنخواہ کے برابر بونس مل گیا تو میں ایک مہینے کی چھٹی لوں گا اور پورا ایک مہینہ کسی پہاڑ پر گذاروں گا۔ میں اس شہر کی غلاظت سے تنگ آچکا ہوں۔ میں کچھ دن اس غلاظت سے دُور رہنا چاہتا ہوں۔ میں کچھ دن سکون سے گزارنا چاہتا ہوں۔"

"بس! یہ تو بڑی معمولی بات ہے۔ مجھے بھلا کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔ میں بھی آپ کے ساتھ جاؤں گی۔ بڑا مزا رہے گا۔ بلکہ پہاڑ کا سفر میری اسکیم میں بالکل فٹ ہوتا ہے۔ لیکن جس غلاظت سے آپ بھاگ کر پہاڑ پر پناہ لینا چاہتے ہیں وہ واپسی پر زیادہ بھیانک بن گئی تو کیا کریں گے آپ؟

"اس کی فکر تم مت کرو۔ تم اپنا پروگرام بتاؤ"

"میں دو تین نئی ساڑھیاں خریدوں گی۔ پہاڑ کے سفر کے لئے ایک نیا کوٹ سلواؤں گی اور کانوں کے لئے نئی بالیاں بنواؤں گی۔ اور" ـــــ کلپنا کے پاؤں زمین سے اُکھڑ گئے۔

"مجھے منظور ہے لیکن بالیوں تک اس سے آگے نہیں"

"مجھے بھی منظور ہے بالیوں تک اس سے آگے نہیں"

خاوند اور بیوی ہنسنے لگے اور ایک دوسرے سے لپٹ گئے۔

نرمل اور کلپنا درمیانہ آمدنی کے اِن جوڑوں میں شمار ہوتے تھے جو شادی کے دسویں یا پندرھویں سال میں اگر یہی گفتگو کرتے تو اس کا انداز اور مواد مختلف ہوتا۔ خوش قسمتی سے اُن کی شادی کو ابھی ایک ہی برس ہوا تھا اس لئے اُن کی گاڑی ٹھیک پٹری پر چل رہی تھی۔ کلپنا ان صحت مند اور خوبصورت عورتوں میں سے تھی جو زندگی سے لُطف اندوز ہونے کے فن سے پیدائشی طور پر واقف ہوتی ہیں۔ اُن کو بھوک خوب لگتی ہے، نیند خوب آتی ہے اور مزاج میں غصہ نہیں ہوتا۔ اور اگر اُن کی جسمانی اور ذہنی خواہشات کی مناسب تسکین ہوتی رہے تو وہ پورے خاندان کو خوشیوں سے بھرپور کر دیتی ہیں۔ نرمل جسمانی اور ذہنی لحاظ سے کلپنا کے بالکل اُلٹ تھا۔ نیند کم آتی تھی اور مزاج میں غصہ تھا۔ نوجوان تھا اس لئے خواہشات کی تسکین کے قابل تھا لیکن اعصاب کی زود حسی کا شکار تھا۔ غلاظت کا وہم اس کے دل و دماغ پر سوار تھا۔ تنخواہ اچھی تھی اس لئے اس وہم کی پرورش کر سکتا تھا۔ شادی ہونے کے بعد ایک سال کے قلیل عرصے میں اس نے دس مکان بدل ڈالے کیونکہ اُن کے گرد و نواح میں غلاظت تھی اور غلاظت اُس کے اعصاب پر سوار تھی۔ شادی کے بعد کلپنا کو نرمل کا یہ وہم عجیب سا لگا لیکن وہ آہستہ آہستہ اس کی عادی ہو گئی۔ قریب قریب ہر روز غلاظت کا موضوع بات چیت میں آجاتا لیکن وہ بڑی خوش اسلوبی سے ہر کٹھن مرحلے کو پار کر جاتی بلکہ اپنے ساتھ نرمل کو بھی بہا کر لے جاتی۔

تین مہینے کے بونس کا اعلان ہو گیا۔ نرمل کو ایک مہینے کی چھٹی مل گئی۔ سکیم کا وہ حصہ جس کا تعلق کلپنا کے ساتھ تھا پورا ہو گیا۔ اُس کو اپنی پسند کی سب چیزیں مل گئیں۔ اس لئے خاوند اور بیوی اب اس بس میں سفر کر رہے تھے جو اُن کی منزلِ مقصود سے صرف دس میل دور تھی۔ سڑک کے ایک طرف بلند پہاڑ تھے اور دوسری طرف چیل کے جنگلوں کا دور تک پھیلا ہوا سلسلہ۔ جنگلوں کے پار اونچے پہاڑوں کی برف سے لدی ہوئی چوٹیاں نظر آرہی تھیں۔ غروب کا وقت تھا اس لئے چوٹیوں پر سورج کا سونا بکھر گیا تھا۔ دونوں بہت مسرور تھے اور اپنی مسرت کا اظہار قہقہوں اور خوش کُن باتوں سے کر رہے تھے۔ اب بس پہاڑوں کے اس حصے سے گذر رہی تھی جہاں کچھ چھوٹے چھوٹے گاؤں تھے۔ شام کے وقت یہ گاؤں کھلونوں کی طرح نظر آرہے تھے۔ مکانوں سے ہلکا ہلکا دھواں اُٹھ رہا تھا۔ کہیں کہیں کوئی مبہم سی آواز فضا میں تیر جاتی جو پُرسکون ماحول کو اور بھی پُرسکون بنا دیتی۔ بس کا شور بھی کانوں میں خوشگوار راگنی کی طرح اُتر رہا تھا

"میرا جی چاہتا ہے میں بس سے اُتر جاؤں اور دوڑنے لگوں، دوڑتی جاؤں، میرے بال کھل جائیں اور ہوا میں لہرانے لگیں۔ میں پہاڑ پر چڑھتی جاؤں اور سب سے اونچی چوٹی کو چوم لوں۔" کلپنا نے اُڑان بھرتے ہوئے کہا۔

"ہر شے صاف ستھری ہے، دُھلی ہوئی ہے، نکھری ہوئی ہے۔ میں تو شہر کی غلاظت سے تنگ آچکا تھا۔ سوچتا ہوں کچھ دن تو سکون سے گزریں گے"۔ ـــ نرمل بولا۔

"میں اونچے پربتوں کو باہوں میں لینا چاہتی ہوں" کلپنا نے کہا

"ایک مہینے کی چھٹی گزارنے کے بعد جب میں واپس جاؤں گا تو مکان ایسا تلاش کروں گا جس کے چاروں طرف صفائی ہو۔ غلاظت کا نام نہ ہو"

"غلاظت، صفائی، مکان، اس وقت تو ان باتوں کا خیال چھوڑ دیجئے"

ان سے تو میں بچنا چاہتا ہوں۔ ان کا خیال کیسے چھوڑ دوں"

"اگر اُن کا خیال نہیں چھوڑ سکتے تو اُن سے بچ کیسے سکتے ہیں آپ" ـــ کلپنا نے کہا اور سڑک پر جاتی ہوئی ایک پہاڑی لڑکی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بولی۔

—" دیکھئے کتنی پیاری لڑکی ہے۔"

" میں پہاڑ پر پہنچ کر سب سے اچھے ہوٹل میں رہنا چاہتا ہوں"۔ نرمل بولا

" وہ سیب دیکھئے۔ کیا سرخ و سپید اور گول مٹول ہے اور آنکھیں! دیکھئے بھی۔ آپ تو کچھ بھی نہیں دیکھتے"

بس چلتی رہی

بس فاصلے طے کر کے جب منزلِ مقصود پر پہنچی تو اندھیرا ہو چکا تھا۔ نرمل نے گلیوں سے اور ہوٹلوں کے ایجنٹوں سے ہوٹلوں کے بارے میں پوچھ تاچھ کی۔ ایک ہوٹل کا فیصلہ کرنے کے بعد نرمل اس کے ایجنٹ کے ساتھ ہوٹل کا معائنہ کرنے کے لئے چل دیا۔ کلپنا نے یاد دلایا۔

" اچھی طرح اپنی تسلی کر لیجئے۔ آپ کو صفائی کا وہم رہتا ہے۔ آپ کو کوئی شکایت نہیں ہونی چاہئے۔ فلش لیٹرین آپ کے لئے خاص طور پر ضروری ہے اور آس پاس کوئی گڑھ نہیں ہونا چاہئے۔"

نرمل تھوڑی دیر میں واپس آگیا۔ ہوٹل درمیانہ درجہ کا تھا لیکن نرمل کو پسند آگیا تھا۔ صاف ستھری جگہ پر تھا۔ کمرے سے منسلک فلش لیٹرین تھی اور آس پاس کسی گڑھے ہونے کا کوئی امکان نہیں تھا۔ سامان اٹھوا کر میاں بیوی ہوٹل کی طرف چل دیئے جو کمرہ انہیں ملا، واقعی بڑا خوبصورت تھا۔ دونوں کو پسند آگیا۔ نرمل کو صفائی کی وجہ سے اور کلپنا کو سلیقے کی وجہ سے۔ دونوں سامان کو ترتیب سے لگا کر جلدی جلدی کپڑے بدل کر تیار ہو گئے اور ہوٹل کے مختصر سے لاؤنج میں چائے پینے کے لئے آگئے۔ چائے پی کر وہ سڑک پر ٹہلنے کے لئے نکل آئے۔ کچھ دیر ٹہلنے کے بعد انہوں نے ایک ریستوران میں کھانا کھایا۔ جب وہ اپنے کمرے میں پہنچے تو نشے سے سرشار تھے۔ نرمل پہاڑ کے نکھرے ستھرے ماحول کے نشے سے اور کلپنا فرحت بخش ہوا، نئی ساڑھی نئے کوٹ، لوگوں کے خوبصورت چہروں اور پرلطف ماحول کے نشے سے۔ دونوں جوان تھے اور خوش تھے۔ دونوں نے جلدی جلدی کپڑے تبدیل کئے اور اپنے اپنے پلنگ پر آرام کرنے کے لئے لیٹ گئے۔

" میں نے آج تک ایسی خوبصورت شام نہیں گزاری"۔ کلپنا نے کہا

" میں آج بہت خوش ہوں" نرمل بولا۔" اور کلپنا تم دنیا کی حسین ترین عورت ہو"

کمرے میں خاموشی تھی۔ ماحول میں سکون تھا۔ دونوں کے دل دھڑک رہے تھے۔ دونوں ایک ہی جذبے کے تحت پلنگ چھوڑ کر یکایک لپکے اور ایک دوسرے سے دیوانہ وار لپٹ گئے۔

" سنئے۔ یہ کیسی آواز ہے"۔ کلپنا بولی

" کسی پہاڑی جھرنے کی آواز ہے"

" لیکن یہ تو بڑے قریب سے آرہی ہے"

" ہاں! یہ تو ہوٹل کے پچھواڑے سے آرہی ہے۔"

" ہوٹل، پہاڑ، سرد رات، پہاڑی جھرنا اور ہم دونوں۔ دیکھئے میں کوی بن گئی ہوں"

" میں کھڑکی کھول کر پہاڑی جھرنے کا نظارہ کرنا چاہتا ہوں۔ بڑا خوبصورت منظر ہوگا"

" نہیں اس وقت نہیں۔ باہر سردی ہے۔ پھر اس وقت تاریکی میں نظر بھی کیا آئے گا۔"

پہاڑی جھرنے کی آواز ان کے کانوں سے ہوتی ہوئی اُن کے جسموں میں اُتر گئی اور پھر اُن کی روحوں میں سرایت کر گئی۔ رات بھر وہ ایک دوسرے کی باہوں میں سوتے رہے۔ پہاڑی جھرنا اُن کے جسموں، اُن کے ذہنوں، ان کی روحوں میں بہتا رہا اور اُن کی زندگیوں کی کثافت کو دھوتا رہا۔ نرمل نیند میں پہاڑی جھرنے سے باتیں کرتا رہا کہ اس میں ننھے ننھے پتھر پھینکتا رہا، اس کے صاف شفاف پانی کے چھینٹے اڑاتا رہا۔ کلپنا ایک جل پری کی طرح پہاڑی جھرنے کے پانی میں اُتر گئی اور دور تک تیرتی چلی گئی۔

صبح ہو گئی۔ کمرے کے دروازے پر دستک ہوئی۔ نرمل نے کلپنا کو جگایا۔ کپڑے ٹھیک ٹھاک کئے اور دروازہ کھولا۔ ویٹر ناشتہ لے کر آیا تھا۔ دونوں نے ناشتہ کیا۔ ناشتہ کرتے ہوئے بھی وہ پہاڑی جھرنے کی باتیں کرتے رہے۔

نرمل بولا" ناشتہ کرنے کے بعد ہم سیر کے لئے چلیں گے اور پہاڑی جھرنے کا نظارہ کریں گے۔"

کلپنا بولی۔" میں رات بھر خواب میں جھرنے کے صاف شفاف چاندی جیسے پانی میں نہاتی رہی۔

" میں رات بھر پہاڑی جھرنے کے کنارے بیٹھا ہوا اس میں ننھے ننھے پتھر پھینکتا رہا۔"

" میں نے محسوس کیا کہ میں خود پہاڑی جھرنا بن گئی ہوں"

ناشتہ ختم کر کے دونوں باہر چلنے کی تیاری کرنے میں مصروف ہو گئے۔ نرمل پہلے تیار ہو گیا۔ کلپنا کو تیار ہونے میں ابھی کچھ دیر تھی۔

" سبھی کھڑکیاں تو کھول دی ہوتیں۔ کوئی تازہ ہوا کا جھونکا آتا۔ کوئی خوبصورت نظارہ

(بقیہ ص ۴۳ پر)

نذیر رحمانی



آربندو گھوش



آربندو گھوش ۱۵ اگست ۱۸۷۲ء کو کلکتہ میں پیدا ہوئے۔ اُن کے والد شری کے ڈی گھوش ڈاکٹر تھے اور انگریزی تعلیم اور طرزِ معاشرت کے بے حد دلدادہ تھے۔ انہوں نے حصولِ تعلیم کے لئے دو بڑے بیٹوں کے ساتھ اوائل عمر میں آربندو گھوش کو انگلستان بھیج دیا تھا جہاں ۱۸۹۵ء سے ۱۸۹۲ء تک رہے۔

لندن کے دورانِ قیام میں ہی اُنہیں ہندوستان کی آزادی کے مسئلے سے دلچسپی پیدا ہوگئی تھی۔ وہ کیمبرج میں ہندوستانی مجلس کے ممبر اور کچھ دنوں کے لئے سیکریٹری بھی رہے۔ یہیں اُنہوں نے ملک کی آزادی سے متعلق بڑی پُرجوش تقریریں کی تھیں۔ اسی وجہ سے گھوڑسواری کے امتحان میں ناکامی کو بہانہ بنا کر آنہیں انڈین سول سروس میں نہیں لیا گیا۔

ہندوستان آنے سے پہلے وہ [illegible] سوسائٹی کے ممبر بن چکے تھے۔ یہ ایک خفیہ انجمن تھی جس کے ممبروں کو یہ حلف اٹھانا پڑتا تھا کہ وہ ملک کی آزادی کے لئے کام کریں گے

وہ فروری ۱۸۹۳ء میں ہندوستان واپس آئے اور آتے ہی انھوں نے "اندو پرکاش" نامی رسالے میں ہندوستان کی آزادی سے متعلق سات مضامین لکھے۔ جس میں انڈین نیشنل کانگرس کو نئے طریقہ کار اور نئے نقطۂ نظر کو اپنانے کا مشورہ دیا گیا تھا۔

اُنہیں لندن میں ہی مہاراجہ بڑودہ نے ریاست کی اسٹیٹ سروس میں ملازمت دیدی تھی لہٰذا وہ بڑودہ چلے گئے۔

شری آربندو گھوش ان عظیم المرتبت شخصیتوں میں سے تھے جنہوں نے ہندوستان کی عزت و سربلندی کی آبیاری اپنے خونِ حیات سے کی۔ انہوں نے آزادی کی جوت جلائی اور آزادی چاہنے والے بیسیوں پروانے اُن کے گرد جمع ہوگئے۔ انہوں نے اپنے کردار و عمل سے ایک مثال قائم کی۔ بلاشبہ ایسی ہی ہستیاں آنے والی نسلوں کے لئے منارۂ نور ثابت ہوتی ہیں۔

انیسویں صدی کے اواخر میں ہندوستان کے سیکڑوں مجاہد سر سے کفن باندھے جان ہتھیلی پر رکھے مادرِ وطن کو غلامی سے آزاد کرانے میں لگے ہوئے تھے۔ آزادی کے ان متوالوں اور سرفروشوں کے جوش و خروش سے انگریزوں کا سارا طلسم ٹوٹ رہا تھا۔ آربندو گھوش اس حقیقت کو سمجھ چکے تھے کہ محض باتوں سے کام نہیں چلے گا۔ ان کے دل و دماغ میں یہ تصور جاگزیں ہوگیا تھا کہ کاغذی قراردادوں سے مسئلہ حل نہ ہوسکے گا اور انگریز جیسے چالاک اور شاطر حکمراں اس آسانی سے دیش کی سرزمین کو پاک نہ کریں گے۔ بہرصورت حصولِ آزادی تھا جس کے لئے آپ نے انقلابی خفیہ انجمن کی بنیاد رکھ دی اور پھر سارے ہندوستان میں ایسی جماعتوں اور انجمنوں کا جال سا بچھ گیا۔ ۱۹۰۲ء میں آپ ایک خفیہ انجمن کے قیام کے سلسلہ میں بنگال پہنچے اس وقت تک انہوں نے مدناپور میں انقلابی سرگرمیوں کا مرکز قائم کرلیا تھا۔ انہوں نے جانباز کارکنوں کا ایک جتھا بنایا جس میں خود ان کے ایک بھائی برینڈر کمار گھوش شامل تھے۔ پھر وہ بڑودہ چلے گئے۔ وہ اپنے کارکنوں کو کلکتہ چھوڑ گئے تھے تاکہ وہ آزادی کی مشعل کو بجھنے نہ دیں۔ آپ یہ قطعی اور آخری فیصلہ کرچکے تھے کہ انقلابی سرگرمیوں تنظیموں اور تحریکوں میں اپنے آپ کو پوری طرح جھونک دیں گے تاکہ ہندستان جلد سے جلد آزاد ہوجائے۔ اگست ۱۹۰۵ء میں آپ نے اپنی شریکِ حیات کو جو خط لکھا تھا اس میں انہوں نے اپنی ذہنی انجمن اور آزادی کی لگن کا واضح طور پر ذکر کرتے ہوئے اپنے مقصد و مطمعِ نظر کی مکمل تصویر پیش کی تھی۔ عین اسی زمانے میں بنگال میں ایک ایسا واقعہ رونما ہوگیا جس نے آربندو جی کو واپس اپنے صوبہ میں بھجوا دیا اور انہیں اس طوفان میں ڈھکیل دیا جو بعد میں شروع ہوا۔ ۱۹۰۵ء کی ۱۶ اکتوبر تھی جب بنگال کو بنگالی عوام کی مرضی و منشا کے خلاف دو حصوں میں بانٹا گیا تھا۔ لارڈ کرزن اس وقت ہندوستان کے وائسرائے اور گورنر جنرل تھے اور یہ کام انہی کے فرمان واجب الاذعان سے عمل پذیر ہوا تھا۔ رائے عامہ مشتعل ہوگئی۔ اور دونوں بنگالوں کے درمیان اتحاد و یک جہتی کی فضا نے طوفان و بحران جیسی شکل اختیار کرلی۔ طالب علموں اور عام نوجوانوں پر لرزہ خیز مظالم ڈھائے گئے۔ انہیں مختلف سزائیں دی گئیں، طرح طرح کی صعوبتوں اور آزمائشوں میں مبتلا کیا گیا۔ لیکن آزادی کا جو جادو جاگ چکا تھا اس کا اثر زائل ہونے والا نہیں تھا۔ بلکہ اس ظلم و ستم، بربریت، فرعونیت کا نتیجہ غلامی کی زنجیروں کو اور زیادہ کمزور کرنے والا ثابت ہوا۔ سیاسی، صحافی، معاشی اور تمدنی غرضیکہ ہر شعبۂ زندگی میں اتھل پتھل واقع ہوگئی۔ سودیشی تحریک کا سیلاب پوری طاقت سے بہہ نکلا۔ دیش کے دوسرے لوگ بھی بنگالیوں کے حق و حمایت میں مارنے مرنے پر تیار ہوگئے۔ جگہ جگہ تشدد کے واقعات بھی ظہور پذیر ہوئے۔ آربندو نے کلکتہ میں اپنے ورکروں کو پیغام دیا کہ وہ اولوالعزمی اور جواں مردی سے قدم آگے بڑھاتے رہیں اور اس انقلاب کی چنگاری کو ہوا دیں تاکہ منزلِ آزادی قریب سے قریب تر ہوجائے۔

کلکتہ میں ۱۹۰۶ء میں نیشنل کالج قائم ہوا تو وہ اس کے پرنسپل بن کر کلکتہ چلے گئے اور یہاں بپن چندر پال کے ساتھ مل کر مشہور بنگلہ اخبار 'بندے ماترم' میں کام کرنے لگے۔ آربندو گھوش کے مشورے سے یہ اخبار ایک جوائنٹ اسٹاک کمپنی کی صورت میں چلایا جانے لگا۔ اس کے اصل ایڈیٹر تو گھوش ہی تھے مگر ذمہ داری پورے بورڈ کی تھی اگر کبھی ایسی کوئی تحریر شائع ہوتی جو حکومت کی نظروں میں قابلِ مواخذہ ہوتی تو بورڈ کا کوئی ایک ممبر اس کی ذمہ داری قبول کرلیتا اور جیل جانے کے لئے تیار ہوجاتا لیکن ایسا کم ہی ہوتا تھا۔ اور مضامین بڑی ہوشیاری سے لکھے جاتے تھے۔ تاکہ وہ قانونی گرفت میں نہ آسکیں۔ کلکتہ میں دسمبر ۱۹۰۶ء میں دادا بھائی نوروجی کی صدارت میں کل ہند کانگرس کا سالانہ اجلاس ہوا۔ اس میں پہلی بار یہ تجویز پاس کی گئی کہ کانگرس کا منتہائے مقصود ملک

کی آزادی ہے۔ اس قرارداد کو منظور کرانے میں آربندو گھوش نے زیادہ حصہ لیا

جولائی ۱۹۰۷ء میں حکومت نے "بندے ماترم" پر مقدمہ چلایا اور اس کے اوپر بوس کو تین مہینے کی سزا ہوگئی۔ آربندو پر بھی مقدمہ چلا مگر وہ بری ہو گئے۔

۳۰ اپریل ۱۹۰۸ء کو مظفر پور کے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ پر قاتلانہ حملہ ہوا یہ حملہ دو نڈر نوجوانوں خودی رام بوس اور پرفل چکی نے کیا تھا۔ پرفل نے خودکشی کر لی اور پولیس کے ہاتھ نہیں آیا۔ خودی رام گرفتار ہوئے۔ اور اُن پر مقدمہ چلایا گیا جس پر انہیں سزا دی گئی۔ اس دوران مئی ۱۹۰۸ء کی ایک صبح کو پولیس نے کلکتہ کے اردگرد چھاپہ مارا۔ مانک ٹولہ باغ میں جہاں خفیہ انجمن قائم تھی اور انقلابی سرگرمیوں اور تجویزوں کی اسکیمیں اور منصوبے تیار کئے جاتے تھے وہاں بھاری مقدار میں دیسی ساخت کے بم، تلواریں، چھرے اور پستولیں پولیس کو دستیاب ہوئیں ان سب کو سرکار نے اپنے قبضہ میں لے لیا۔ اسی پر بس نہیں کیا گیا بلکہ بہت سے پُرجوش انقلابی نوجوان بھی گرفتار کر لئے گئے۔ آربندو جی بھی اسی روز کلکتہ کے ایک دیہات سے گرفتار کر لئے گئے۔ شری آربندو اور دوسرے پینتیس ساتھیوں کا مقدمہ علی پور کے سیشن جج کے سامنے پیش ہوا یہ سیشن جج اتفاق سے وہی صاحب تھے جو انڈین سول سروس کے امتحان میں آربندو جی کے ساتھی تھے اور فہرست میں آپ سے بہت نیچے تھے مقدمہ کی کارروائی اپنی نوعیت کی عجیب تھی حکومت نے آزادی کے ان پرستاروں کو سخت اور لمبی سزائیں دلوانے کے لئے اپنی ساری مشینری جھونک دی تھی اس مقدمہ کی روئداد جب اخبارات میں شائع ہوتی تھی تو ہزاروں افراد اسے بڑے اشتیاق و جوش و خروش سے پڑھتے تھے اس مقدمہ کا عجیب و غریب پہلو یہ ہے کہ وعدہ معاف گواہ کو زیر تفتیش ہی قیدیوں نے پستول سے مار ڈالا تھا اور دونوں قاتلوں کو موقع پر ہی گرفتار کر لیا گیا تھا اور پھر انھیں موت کی سزا بھی دیدی گئی۔ سب سے پہلے اُن میں سے ایک کو پھانسی دی گئی۔ اور اس کی لاش کو اس کے رشتہ داروں کے حوالہ کر دیا گیا۔ جیالے جوانوں نے اس شہید آزادی کا جنازہ اس شان و شوکت سے اٹھایا کہ دشمنوں کے دل دہل گئے عام جنتا کا یہ جوش و خروش دیکھ کر انگریز حکمراں گھبرا گئے جس کے نتیجے میں دوسرے ساتھی کو جیل کے اندر پھانسی دے کر وہیں اس کا واہ سنسکار کر دیا تاکہ عام جنتا میں بے چینی اور ہیجان نہ پھیلے۔ معاملہ یہیں آکر ختم نہیں ہو گیا۔ چیف پریسیڈنسی مجسٹریٹ کو دن دہاڑے ہلاک کر دیا گیا۔ اسی طرح کلکتہ ہائی کورٹ کے حدود میں ایک پولیس انسپکٹر کو گولی سے اُڑا دیا گیا۔ علی پور کورٹ میں اس مقدمہ کی کارروائی چلتی رہی۔ قانونی بحث و مباحثہ کے بعد جب عدالت کا وقت ختم ہو جاتا تھا تب قیدیوں کو پولیس گاڑی میں بھجوا دیا جاتا تھا۔ شری آربندو سب سے آگے بٹھائے جاتے تھے۔ ایک ایک کر کے سب ہی قیدی گاڑی میں بیٹھ جایا کرتے تھے۔ وعدہ معاف گواہ کو گاڑی بان اور محافظ پولیس کے درمیان بٹھایا جاتا تھا۔ جیسے ہی گاڑی جیل خانے کی طرف روانہ ہوتی تھی سب قیدی ایک ساتھ مل کر گاتے تھے۔

جلدی جلدی لو ہتھیار
آزادی کے لئے ہو تیار

۶ مئی ۱۹۱۹ء کو سیشن جج نے مقدمہ کا فیصلہ سنا دیا۔ سریندر کمار گھوش اور شری بھاسکر کو سزائے موت دیدی گئی۔ دوسرے حریت پسندوں کو لمبی لمبی اور سخت سزائیں سنائی گئیں۔ شری آربندو اور اُن کے کچھ ساتھی رہا کئے گئے۔

شری آربندو دیش کی ان مہان ہستیوں میں سے تھے جنہوں نے آزادی کی خاطر اپنا بہت کچھ قربان کیا ہے اور اپنے بعد آنے والوں کے لئے ایسا پیغام دیا ہے جس سے ہمیشہ روشنی ملتی رہے گی۔

ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور نے اپنی ایک نظم میں آپ کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ آپ نے اپنے جیل کے قیام میں اور تیرہ تار زندگی میں اپنا بیشتر وقت گیتا اور اپنشدوں کے مطالعہ اور یوگ میں صرف کیا انھیں جیل کے گھٹا ٹوپ اندھیرے میں نور دکھائی دیا جس نے اس کی زندگی کی دھارا کو یکسر بدل کر رکھ دیا۔ آپ نے ایک اخبار "کرم یوگی" بھی جاری کیا تھا جس میں آپ نے ہندوستانی وطن پرستی کی اہمیت اور روحانی تجربوں کا اظہار کیا ہے لیکن ایسا محسوس ہوتا ہے کہ محض "کرم یوگی" کی زندگی ہی ان کی تسکین کا باعث نہ بن سکی۔ اور ان کی رُوح کسی قیمتی لمحہ کی تلاش کے لئے مضطرب اور

(بقیہ ص ۲۹ پر)

(کنڑ کہانی)

شری کانت



مورتیں

باہر کے اندھیرے کو اندر آنے سے روکتی ہوئی ہریکین لالٹین، اس مدھم روشنی میں بھی اُبھر کر نظر آتے ہوئے شیاملا کے دلکش خطوط کھڑکی سے جھانکتی ہوئی کالی رات کا ہے کا ہے چمکتی بجلیاں، بادلوں کی دھیمی دھیمی گرج، اندھیرے کو چیرتی ہوئی گیدڑ کی پکار، بغل والے کمرے سے ابھرتے ہوئے پروفیسر شیر سنگھ کے خراٹے ــــ یہ تھی ہماری ریسرچ کیمپ کی ایک رات۔

شیاملا کے قریب پہنچ کر میں نے پوچھا "کیا تمہیں اندھیرے سے پیار ہے؟"

بجھی بجھی سی نظروں سے مجھے دیکھتے ہوئے اس نے کہا،

"نہیں تو!ــــ میں، اس بت کے بارے میں سوچ رہی تھی۔"

سویرے پجاری نے اس جگہ کی مہیما یوں سنائی تھی:

ماضی میں اس جنگل پر راجہ چولا کا قبضہ تھا۔ وہ جو دکھائی دے رہا ہے، وہ شوالہ اور یہ کنواں اسی نے تعمیر کروائے تھے اور ہر صبح پوجا کے لئے اس مندر میں جانا اس کا معمول تھا۔ ایک دن، جب بادشاہ شیو پوجا کے لئے مندر جا رہا تھا تو اس کی نظر ایک عریاں جل پری پر پڑی جو اس وقت اس کنوئیں پر نہانے میں مگن تھی۔ راجہ اس پے نظر حسن کی تاب نہ لا سکا، دل دے بیٹھا اور بھگوان کو فراموش کر کے اس نے پوجا کے پھول و صندل اس حسین پری پر چڑھا دیئے۔ بھگوان کا عتاب شاپ بن کر ظاہر ہوئے اور وہ پری پتھر کا بت بن گئی! اور تب ہی سے عورتوں کا کنوئیں کے اس پار جانا منع ہے۔ اگر گئیں تو وہ بھی اسی طرح بت بن جائیں گی۔

اور کنوئیں کے کنارے ایستادہ تھا وہ بت، جل پری جو پتھر بن گئی تھی۔

"بیچاری!" شیاملا کی نظریں اس بت پر گڑی تھیں۔ "آخر اس میں اس کا قصور ہی کیا تھا؟"

شیاملا کا سوال شاید پروفیسر شیر سنگھ کے کانوں تک نہ پہنچ پایا، انہوں نے اپنی چرمی بیگ سے ایک چھوٹی سی ہتھوڑی نکال لی اور جونہی وہ بت کے انگ سجا سجا کر دیکھنے لگے شیاملا کا چہرہ زرد پڑ گیا۔ "دوسرے ہی لمحے وہ پروفیسر پر جھپٹی، پلیز سر، ایسا نہ کیجئے۔ مجھے . . . . مجھے کچھ ہونے سا لگا ہے۔" وہ بے قرار ہو اٹھی۔

پروفیسر کی ہتھوڑی لمحہ بھر کو رکی اور چرمی بیگ میں بند ہو گئی۔ اُن کے سگار ٹکے منہ سے صرف ایک لفظ نکلا "SENTIMENTAL"

"اس من گھڑت کہانی پر تمہیں یقین آتا ہے؟" میں نے پوچھا

"نہیں، مجھے اس عورت پر یقین آتا ہے۔" شیاملا نے کہا۔

سویرا ہوا۔ رات کے خوابوں کو جھٹکتا ہوا جو اٹھا تو سیدھے شیاملا کے پاس پہنچا۔ چائے پی اور جماہی لیتے ہوئے پوچھا "میرے ساتھ مندر چلو گی؟"

"رات بھر نیند نہیں آئی۔" وہ کہنے لگی۔ اس کا چہرہ سفید تھا اور آنکھیں بھی بجھی بجھی سی۔

"گیدڑ کی چیخوں سے تمہیں تکلیف نہیں ہوتی؟" استفسار کرتے

ہوئے وہ جو اٹھنے لگی تو لڑکھڑا گئی، لگا کہ گر پڑے گی۔

"سنبھال لو، پلیز!" اس نے التجا کی

"ڈرتے ہو؟" وہ مسکرائی، (طنز اور مایوسی کی ایک انوکھی آمیزش تھی اس مسکراہٹ میں) اور سہارے کے بغیر ہی سنبھل کر آگے بڑھ گئی۔

مجھے اُس کے متناسب کولہے بہت پیارے لگے۔

دراصل رات کو مجھے بھی نیند نہیں آئی تھی۔ لحاف کا کپڑا بنا، بے طرح کھبلاتا رہا۔ جی چاہا تھا کہ لگاتار چیختے ہوئے اس گیدڑ کو گولی مار دوں اور مسلسل خراٹے بھرتے ہوئے اس پروفیسر کی گردن مروڑ دوں۔

اور جب آنکھ لگی تھی تو خواب میں میں نے اس بت کو آغوش میں لے لیا تھا۔ مگر اس سے پہلے، ایک بار سارے کپڑے اتار کر اس بت کے پاس دوڑا تھا۔

پروفیسر نے کمرے میں داخل ہوتے ہی اپنا بھاری سہرکم ہاتھ شیاملا کے شانے پر رکھ دیا اور اپنی بیلون سی توند ہلاتے، سگار چباتے پوچھا،

"Did you get nice sleep my child?"

جی چاہا کہ بڈھے کا بھرکس نکال دوں۔ شیاملا کی عمر کی تو اس کی اپنی بیٹی ہوگی، مگر ابھی جنون نہیں اترا۔

جب وہ وہاں سے ٹلا تو شیاملا نے کہا، کتنے اچھے ہیں ہمارے پروفیسر!"

"I hate him every inch" جی چاہا کہ کہہ دوں؛ اور کہہ دوں کہ رات کو اس کی گردن مروڑ دیتا!" مگر آواز حلق میں گھٹ کر رہ گئی۔

جب میں اور پروفیسر مندر کا ایک چکر لگا آئے تو شیاملا پری کے بت کے پاس اکڑی ہوئی تھی۔ صبح کی نرم دھوپ اس کے گالوں میں سمٹ آئی تھی۔ نہ جانے اس نے اپنے بالوں میں وہ کونسا جنگلی پھول اڑس لیا تھا کہ سر چکرا گیا۔

"آج ان سب کبوتوں سے نپٹ لیں گے ہم" اُس نے پروفیسر سے کہا، پھر مجھ سے مخاطب ہوئی۔ "ابتدا اسی مجسمہ سے کریں گے۔"

مجسمہ؟ اس بے ڈھب سے بت کو مجسمہ کہنا مجھے ٹھیک نہ لگا۔ فٹ بال کی مانند بڑا سا سر، مبالغہ کی حد تک اُبھرا ہوا سینہ، پھیلے ہوئے کولہے بلا کی تگڑی عورت رہی ہوگی وہ پری بھی۔ یہ خیال کیا آیا، میری نظریں شیاملا کی طرف اُٹھ گئیں اور نہ جانے اُسے میری آنکھوں میں کیا نظر آیا کہ فوراً اُس نے اپنا آنچل کھینچ لیا، اس کا چہرہ سرخ ہوگیا۔

ایک بار پہلے بھی وہ یونہی شرمائی تھی، ہمارے گاؤں میں۔ چھٹیاں تھیں اور وہ سہیلیوں کے ساتھ ہمارے ہاں آئی ہوئی تھی۔ خوب سیر ہو کر کھایا تھا، جی بھر کے کھیلی تھی، تھک گئی تو لیٹ گئی، پھر اٹھ کر جنگلی پھول چنے تھے، پیڑوں پر چڑھی تھی۔ رنگیتے سانپ سے ڈر کر چلائی تھی۔ اور ندی کے ٹھنڈے پانی میں پیر لٹکائے اُس نے کہا تھا:

"اوہ، کتنا حسین ہے ان کا گاؤں! جنت ہے جنت!! اب پھر کالج لوٹ کر وہاں کی لوریٹ کیسے سہیں؟"

"کیوں ری، یہیں پر مستقل رہنے کا انتظام کروا دیں؟" کسی شریر سہیلی نے چھیڑا تھا، سب کی سب ہنس پڑی تھیں اور شیاملا کے چہرے پر شرخ گلاب کھل اٹھے تھے۔

جب ماں کو تنہا پا کر میں نے پوچھا تھا، "ماں، اس لڑکی کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟"

"ذات اور ہوئی تو کیا ہوا، ماں؟" میں نے ہر لفظ پر زور ڈالتے ہوئے اونچی آواز میں کہا تھا۔

"آخر تم سے یہ کس نے کہہ دیا کہ پڑھی لکھی سبھی لڑکیاں بداخلاق ہوتی ہیں؟"

میں خفا ہوا، روٹھا، میں نے دھمکیاں دیں۔ بہت اچھلا کودا بالآخر ٹھنڈا پڑ گیا، خاموش! اچھل اچھل کر رک گئے گیند کی طرح۔

ماں روتی ہے تو میں بھی روتا ہوں۔ ماں کی انگلی کے زخم کا نشان میرے لئے جادو کا اثر رکھتا ہے۔ جب میں تین چار سال کا تھا تو نہ جانے کس موذی مرض میں مبتلا ہو گیا تھا کہ ہاتھ پیر سوکھ کر کانٹا بن گئے تھے، اور موت سر پر منڈلانے لگی تھی۔ اس وقت ماں نے نہ جانے اپنی انگلی سے صندل گھس کر وہ کونسا بربت رکھا تھا اور مجھے بچا لیا تھا۔

— ماں اُٹھ کر گھر میں جھاڑو دیتی ہے، زمین دھوتی ہے،

گائے دوہتی ہے، پھر ہمیں گرم گرم دودھ پینے کو دیتی ہے۔ مگر نہا دھو کر پوجا پات کر لینے تک خود ایک بوند پانی تک نہیں پیتی۔ وہ سب سے پہلے جاگتی ہے اور سب کے بعد سوتی ہے۔ گنگا (گائے) کا بچھڑا جو سب سے سینگیں لڑاتا ہے، ماں کو دیکھ کر خوشی سے چھدکنے لگتا ہے۔

ماں جب اس گھر میں آئی تھی تو گیارہ سال کی تھی، اب اُس کی عمر پچاس کے قریب ہے۔

ماں نے سبھی مہمانوں کو پرشاد دیا تھا، اُن کے جوڑوں میں پھول لگائے تھے اور اُنہیں وہ لوک گیت سکھلائے تھے جو سہاگ رات سے متعلق تھے۔

اس دن شیاملا نے مجھ سے کہا تھا،

"خوش نصیب ہو تم، جو تمہیں دیوی دیوتا جیسے ماں باپ ملے ہیں۔ اُن کے خیالات، اُن کا برتاؤ، اُن کا حسن سلوک ... اوہ، اُن کی صحبت تو پچھلے جنموں کے پُن کا پھل ہے!"

اور میرا جی چاہا تھا کہ کہہ دوں "I love you" شیاملا، مگر ماں کی انگلی سامنے آگئی اور کہنے لگا،

"پُن؟ ... اب بھی ٹھیٹر جاتا ہوں تو لگتا ہے کہ ماں بغل میں بیٹھی ہے۔ اتنا بڑا ہو گیا ہوں مگر ایک سگریٹ پینے کی ہمت نہیں ہوتی۔ اور عورتیں ... وہ تو بس ماں ہیں، اور ..."

میری بات سن کر، شیاملا ہنسی سے دوہری ہو گئی تھی۔ جی چاہا تھا اس کے لچکور سے لیتے سینے پر سر رکھ دوں، ہوائیں لہراتے ہوئے اس کے آنچل میں منہ چھپا لوں، اُس کی پیشانی پر مچلتی زلفوں سے کھیلوں، مگر ....

رات۔ چاندنی۔ جنگل۔ کنواں۔ کنوئیں پر نہاتی شیاملا۔ ننگی! میں نے دوڑ کر اسے اپنی باہوں میں بھر لیا۔ پھر اُسے دیوانہ وار چومنے لگا، چومتا ہی چلا گیا، یہاں تک کہ وہ بُت بن گئی — میری آنکھ کھل گئی۔

مارچ جلا کر میں شیاملا کے پاس پہنچ گیا۔ وہ بے سُدھ سو رہی تھی۔ اس کا آنچل ڈھلک گیا تھا۔ چند لمحے وہیں کھڑا رہا۔ آخر، سناٹے کو چیرتی ہوئی گیدڑ کی پکار کو نظر انداز کرتے ہوئے، میں نے، اُسے چادر ٹھیک سے اُڑھا دی۔

صبح کو میں نے اس سے کہا "شیاملا، تم سندر میں نہ جاؤ۔ میں تمہارے ساتھ نہیں چلوں گا۔"

"کیوں؟ ڈر لگتا ہے؟ جناب، پتھر تو عورت بنتی ہے! تم مرد ہوتا، تمہیں کچھ نہیں ہوگا!"

"یہ بات نہیں، شیاملا، تمہارا وہاں جانا مجھے پسند نہیں۔"

"مگر مجھے پسند ہے۔"

"مت جاؤ، شیاملا، مت جاؤ!"

"میں سمجھتی تھی کہ تم مجھ سے پیار کرتے ہو۔" وہ دھیرے دھیرے بولنے لگی۔ ہونہہ! — اس دنیا میں تو لاکھوں عورتیں ہیں۔ اُن سب کو چھوڑ کر، تم مجھی سے پیار کرو، یوں کہنے کا مجھے حق ہی کیا ہے؟!

"اب رہنے دو، شیاملا، کبھی اور سہی۔"

مگر نہیں، وہ تو اسی وقت سب کچھ کہہ دینے پر مصر تھی۔ اور اس کی حالت بھی کچھ عجیب سی ہو رہی تھی — سانس اُلجھنے لگی تھی، پیشانی پر پسینے کی بوندیں چمکنے لگی تھیں اور آنکھیں بھیگنے لگی تھیں۔

میں سننے پر مجبور ہو گیا۔

اس نے بتایا کہ وہ بیوہ ہے۔ اس کا شوہر — اسی کے لفظوں میں — شراب پی پی کر مرا تھا، سگریٹ پھونک پھونک کر مرا تھا۔ دادِ عیش دے دے کر مرا تھا۔ ایک دن جب وہ حد سے زیادہ پی گیا تھا، اس کی کار راستے سے ہٹ کر ایک کھڈ میں گر گئی اور چور چور ہو گئی۔ پھر شیاملا نے ہمارے کالج میں داخلہ لے لیا تھا۔

میں سب سُن کر خاموش رہا۔ ایک — دو — تین — چار؛ نہ جانے کتنے منٹ خاموش رہا۔

شیاملا کی ہچکی سے خاموشی کی برف میں دھماکا سا ہوا۔ وہ پھر کہنے لگی: "میں جانتی تھی کہ تم میرے ساتھ کنواں پار نہیں کر پاؤ گے۔ پھر بھی میں نے قدم بڑھایا، یہ جان کر کہ تم مرد ہو۔ اور پتھر ٹوٹے گا تو مجھ پر، پتھر بنوں گی تو میں! مرد چاہے جو بھی کرے، اس کے لئے کوئی شاپ نہیں! کہیں بھی نہیں، کبھی بھی نہیں! اس بُت کی طرح بارش طوفان اور ٹھنڈ میں ٹھٹھرنے والی تو ہم ہیں نا!"

شیاملا کے سامنے، میں نے، دفعتاً جیب سے ایک سگار نکال

کر جلا لیا۔

وہ بولی: "پروفیسر کے ڈبے سے سگار اڑانے کی ہمت کر ڈالی تم نے؟ شاباش!"

دھوئیں سے آنکھ اور ناک میں پانی آنے لگا۔ گلے میں خلش اور جلن سی ہوئی تو کھانسنے لگا۔ اس نے منع نہیں کیا۔

اپنے آپ پر قابو پاتے ہوئے میں نے کہا، "شیاملا، میں تم سے شادی کروں گا۔"

اس نے ایک ہلکا قہقہہ لگایا، پھر بولی، "کیا تم اپنی ماں کے آگے سگار پینے کی جرأت کر سکو گے؟"

"دیکھو بری عادتیں نہیں ڈالتے۔ یہ سب جسم کو نقصان پہنچاتی ہیں۔" اس نے بڑی نرمی سے کہا، "جاؤ، سو جاؤ۔"

رات دیر تک گیدڑ پکارتا ہی رہا اور پروفیسر خراٹے بھرتا رہا۔ اور میں گیدڑ کو گولی نہ مار سکا۔ میں نے بندوق کو ہاتھ ہی کب لگایا ہے! میں نے پروفیسر کی گردن بھی نہیں مروڑی، اس خوف سے کہ وہ میری تھیسیس نہ لوٹا دے۔ میں بزدل ہوں، کائر ہوں! میں نے یونہی یہ پتلون پہن رکھی ہے۔ مجھے تو چاہیے کہ سیدھے شیاملا کے پاس چلوں اور کہوں، شیاملا مجھے اپنی ایک ساڑی دے دو"

نہیں، میں ان حالات کا سامنا کر نہیں پاؤں گا۔ اپنے گرد بنے ہوئے خول کو توڑ کر باہر آنا میرے بس کی بات نہیں۔

باہر کھلی، ٹھنڈی ہوا میں آجانے پر کچھ سکون ملا

پیچھے چوڑیاں چھنکیں، مڑا تو شیاملا تھی

"مجھے بھی نیند نہیں آئی" وہ کہنے لگی: "دماغ میں عجیب سے خیالات منڈلا رہے ہیں۔ لگتا ہے کہ میں ہی وہ جل پری ہوں اور فوراً یہاں سے نہ چلی گئی تو خود ایک بت بن جاؤں گی۔ جیسے یہ سب کافی نہیں یہ گیدڑ الگ چلائے جا رہا ہے۔"

ا۔ صرف ایک دن باقی رہ گیا ہے۔ کل کیمپ ختم ہو جائے گا۔ کام تو تقریباً سبھی ختم ہو چکا ہے۔ ہم نے کنوئیں کی، کنبوں کی، تبوں کی بلکہ اطراف واکناف کے ہر پتھر کی تصویر کھینچ لی ہے، ہر چیز کا ناپ نوٹ کر لیا ہے۔ فرصت ہے، ہم بیٹھے ہیں۔ شیاملا میرے سامنے ہے۔ اور ہمارے درمیان ماں کی انگلی ہے، شیاملا کا مرحوم شوہر ہے، پری کا بت ہے۔

شیاملا کی آواز فضا کی منجمد خاموشی کو توڑتی ہے۔

"ریسرچ ختم کرنے کے بعد کیا ارادے ہیں؟"

"اور کیا؟ شیر سنگھ کو ہاتھ جوڑیں گے اور کسی کالج میں نوکری کر لیں گے!"

"پھر کیا کرو گے؟"

میں خاموش رہا۔ اسی نے بات آگے بڑھائی۔

"میری سنو، پوجا پاٹ میں ماں کا ساتھ دینے والی کسی اچھی سی لڑکی سے شادی کر لو۔"

میں شرم سے پانی پانی ہو گیا۔ اس سے آنکھیں چار نہ کر سکا: بچپن میں جب بھی ماں 'مڑی'[1] سے ہوتی تو مجھے کپڑے اتار کر ہی اپنے پاس جانے دیتی اور میں دوڑ کر اس کی باہوں میں سما جاتا۔ جی چاہا کہ پھر سے پتلون اتار کر ماں کے پاس دوڑ جاؤں۔

کچھ دیر بعد، پھر اسی نے سوال کیا، "یہ نہیں پوچھو گے کہ میں کیا کرنا چاہتی ہوں؟"

پھر وہ ہنسی، ایک مردہ ہنسی!

دوسرے دن وہ مندر چلنے کو تیار ہو گئی۔ اس کی ضد کے آگے میری اور پروفیسر کی ایک نہ چلی۔

"تن پاک وصاف ہو اور من میں خلوص اور بھگتی ہو تو ایشور کے درشن کرنے میں حرج ہی کیا ہے؟" مگھیر تھی اس کی آواز: "میں پتھر نہیں بنوں گی، غیر ممکن!"

میں دوڑ کر اس مورت کے پاس پہنچا۔

"تھو!" میں نے اس پر تھوکا، پھر پتھر برسائے۔ جی چاہا کہ رو پڑوں، رو دیا۔

(بقیہ ص ۴۳ پر)

---

[1] برہمن غسل کے بعد پوجا پاٹ کرنے تک 'مڑی' سے ہوتے ہیں۔ اس حالت میں انہیں چھو لینے کی کسی کو اجازت نہیں ہوتی، مگر کم سن بچے انہیں چھو سکتے ہیں۔ بشرطیکہ وہ نرینہ ہوں۔



جدید عربی شاعری

محمود الحسن صدیقی

جدید عربی شاعری کے ارتقائی مرحلوں کا جائزہ لیتے وقت ان تمام بنیادی تبدیلیوں کی طرف ذہن متوجہ ہوجاتا ہے جو اٹھارہویں صدی میں واقع ہورہی تھیں ان تبدیلیوں کو جانے بغیر عربی شاعری کے جدید میلانات کو سمجھنا اور اس سے لطف لینا مشکل ہوگا۔ اٹھارہویں صدی کے خاتمے پر ایک زبردست سیاسی حادثہ نے ان تبدیلیوں کے لئے راہ ہموار کیا اس سے میری مراد ۱۷۹۸ء کے دوران مصر پر نپولین کے قبضہ سے ہے چنانچہ یہ بات بڑی آسانی سے کہی جاسکتی ہے کہ نپولین کے قبضہ سے مشرق وسطیٰ کا نیا دور شروع ہوتا ہے۔

نپولین نے مصر میں "المجمع العلمی المصری" کے نام سے ایک اکیڈمی قائم کی اور اس کے کاموں کو ریاضیات، طبیعیات، سیاست اور ادبیات کی شاخوں میں تقسیم کر دیا۔ اس علمی انجمن کی صدارت ایک فرانسیسی عالم کے سپرد ہوئی۔ نپولین خود بھی اس کی نگرانی اور کاموں سے دلچسپی لیتا تھا اس کے علاوہ دوسرے بہت سے علماء فرانس سے مصر آئے اور انہوں نے مدارس قائم کئے۔ رسائل کا اجراء عمل میں آیا، مطابع قائم کئے۔ اور کیمیائی تجربہ گاہیں قائم کیں۔ یہ کام انہوں نے جدید خطوط پر شروع کیا اس جدوجہد کے نتیجہ میں مغرب کی علمی اور تحقیقی روح کا پودا مصر میں پہلی بار لگایا گیا۔ جدید علوم سے دلچسپی اور اس کی اشاعت کا موثر فریضہ ایک اور شخص نے انجام دیا جس کو تاریخ محمد علی کے نام سے یاد کرتی ہے۔

محمد علی ترک روایات سے خاصی واقفیت رکھتا تھا کیونکہ محمود ثانی نے جو اصلاحی کوششیں ترکی میں کی تھیں، محمد علی کو جاننے اور سمجھنے کا پورا موقع ملا تھا۔ جب وہ مصر پر پوری طرح قابض ہوگیا تو ان اصلاحی اسکیموں کو عملی شکل دینے کا سنہرا موقع ہاتھ آیا۔ اس نے اپنے طویل دور حکومت میں جدید علوم و فنون کی اشاعت کا شاندار کارنامہ انجام دیا۔ اس دشوار کام میں بہت سے فرانسیسی علماء اور ماہرین فن بطور مشاور کے اس کا ہاتھ بٹاتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ سینکڑوں نئے مدارس کھولے گئے جن کے اندر جدید علوم کی تعلیم کا انتظام کیا گیا۔ پہلی بار محکمہ تعلیم آزاد ادارے کی حیثیت سے وجود میں آیا۔ مصری طلباء کو وظائف دیکر بڑی تعداد میں یورپ بھیجا گیا۔ علمی وفود کے بتادلے کی ہمت افزائی کی گئی۔ طباعت کے لئے چھاپہ خانوں کا قیام عمل میں آیا، متعدد رسائل و اخباروں کا اجراء ہوا اور ٹیکنیکل کتابوں کا ترجمہ ہوا۔ اور فرانسیسی تعلیم کے لئے سہولتیں فراہم کی گئیں۔ اس ہمہ گیر علمی جدوجہد کو بعد میں آنے والے حکمرانوں نے بھی اپنی بساط کے مطابق قوت بہم پہنچائی اس کے بعد پہلی بار عالمگیر جنگ شروع ہوئی۔ اس لڑائی نے مشرق وسطیٰ کو سیاسی طور پر مغرب سے قریب تر کر دیا۔ مغرب سے اس نئے تعلق کی بنا پر مغربی افکار، رجحانات اور سائنٹفک نتائج کو مشرق میں آنے کا براہ راست موقع ملا۔ اس سے تجدید کا کام تیز تر ہوگیا۔ مصر اور لبنان میں علمی و تعلیمی سرگرمیوں کو بڑھاوا ملا۔ لبنان کی عیسائی مشنریوں نے اپنے تعلیمی منصوبوں کو زیادہ سرگرمی سے عملی جامہ پہنایا۔

نپولین کا حملہ محمد علی کی اصلاحی سرگرمیوں اور لبنان کے عیسائی مشنریوں کی تعلیمی کوششوں اور پہلی عالمی جنگ کے نتائج نے مل جل کر اسلامی مشرق کو نشاۃ ثانیہ کی راہ پر لگایا۔ اس سے حیرت انگیز بیداری پیدا ہوئی۔ اس ہمہ گیر بیداری کا ایک اثر ہمیں جدید عربی شاعری کی صورت میں نظر آتا ہے۔ یہ اثر براہ راست بھی ہے اور بالواسطہ بھی۔ براہ راست سے میرا مطلب یہ ہے کہ مغرب کے شعری نمونوں

کی تقلید میں لکھنے کا رجحان ابھی حال میں اُبھرا ہے۔ اس سے پہلے عربی شاعری فنی طور پر اپنے قدیم طرز پر قائم رہی اور اس نے بہ حیثیت صنف کوئی تبدیلی عرصہ تک قبول نہیں کی۔ البتہ بالواسطہ مغربی ادب کا اثر اس معنی میں ضرور ملتا ہے کہ جدید تہذیبی افکار کے نتیجہ میں جو تبدیلیاں مشرق وسطیٰ میں پیدا ہو رہی تھیں اس کو شعراء نے محسوس کیا اور انھیں افکار و احساسات کی ترجمانی کرنے لگے، اس سلسلہ میں محمود سامی البارودی احمد بک شوقی، حافظ محمد ابراہیم اور جمیل الزہاوی کے نام خاص طور پر لئے جا سکتے ہیں۔ بارودی کے اشعار میں ذاتی تجربات کو سمونے کا رجحان ملتا ہے۔ وہ معانی کی صداقت اور حریت فکر کو خاصی اہمیت دیتا ہے اس سے اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ وہ شعر و ادب کی نئی فضا کو دیکھ رہا تھا۔ اس سلسلہ میں اسماعیل حجری کو بھی اونچا مقام حاصل ہے۔ اس نے فرانس میں اعلیٰ تعلیم کی تکمیل کی تھی وہ نئے رجحانات کا واضح علمبردار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی غزلوں میں صداقت گرمی اور گہرے احساسات کی کارفرمائی ملتی ہے احمد بک شوقی شروع ہی سے ذہین تھا۔ اعلیٰ تعلیم فرانس میں مکمل کرنے کے بعد دیگر یورپین ملکوں کا سفر کیا

شوقی عرصہ تک عوامی زندگی سے دُور رہا۔ اس لئے اس کی شاعری جدید رجحانات سے خالی رہتی تھی لیکن جب سیاسی تبدیلیوں نے اس کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا تو پھر وہ جدید مسائل سے قریب ہو گیا اور اس کی شاعری مصری زندگی کی ترجمانی کرنے لگی۔ مصر پر انگریزوں کے تسلط سے شوقی کی ذہنی زندگی میں حقیقت پسندی کا رجحان نظر آتا ہے۔ اس واقعہ کے بعد وہ دربار سے دور ہو کر مصری عوام کی زندگی سے قریب ہو گیا۔ چنانچہ اسپین میں جلا وطنی کے دوران شوقی نے بعض بڑی عمدہ نظمیں لکھیں

شوقی کے فن پر جدید فنی تجربات کا اثر پڑا۔ اس کا تجربہ اس نے اپنے منظوم ڈراموں میں کیا ہے۔ ان پر مغربی ڈراموں کا اثر ہے بلکہ اسی لہجے میں لکھے گئے ہیں ان ڈراموں کے ذریعے نئی صنف کا آغاز ہوا لیکن بدقسمتی سے شوقی کے بعد پھر عرصہ تک کوئی تخلیق اس طرح پیش نہیں ہوئی۔ حال میں ڈاکٹر ابوشادی نے چند ڈرامے لکھے تھے۔ لیکن اس کے بعد کوئی قابلِ ذکر کام نہیں ہوا۔ غالباً عربی شاعری کا مزاج، ڈراموں کے لئے موزوں ہی نہیں ہے۔

شوقی کے بالمقابل ابراہیم، حافظ جدید رجحانات کا ممتاز علمبردار ہے۔ حافظ کو کوئی بہت اعلیٰ تعلیم یافتہ نہیں تھا کیونکہ اسے کا موقع ہی نہیں مل سکا مگر اپنے طور پر اس نے جدید مغربی ادب سے کافی استفادہ کیا ہے۔ مصر کی سیاسی تحریکات سے نہ صرف یہ کہ متاثر تھا بلکہ عملاً حصہ بھی لیتا رہا اور تحریک آزادی کے صف اول کے لیڈروں سے گہرے مراسم تھے۔ مفتی محمد عبدہٗ کی شخصیت سے وہ خاصہ متاثر تھا اسی اثر کی بنا پر حافظ نے تحریک آزادی میں حصہ لیا اور مشہور لیڈر مصطفےٰ کی قیادت میں بڑی قربانیاں دیں۔ اس اعتبار سے حافظ کو جدید شاعری کا بانی کہا جا سکتا ہے۔ اس نے قوم پرور اور وطن دوست خیالات و جذبات کو اپنے اشعار کے ذریعہ پیش کیا۔ زیارت نے بہت صحیح لکھا ہے۔ حافظ اپنے ہم عصر شعراء میں اس لئے ممتاز ہے کہ اس نے اپنے ذاتی غم کو سچائی سے بیان کیا ہے اور اپنے قوم کی تمناؤں اور آرزوؤں کو شعر کے قالب میں سمویا ہے۔" اس طرح حافظ جدید مصری زندگی کے ترجمان کی حیثیت سے ہمارے سامنے آتا ہے۔

جدید شاعری کا مطالعہ کرتے وقت جمیل الزہاوی کو نظر انداز کرنا ممکن نہیں ہے۔ زہاوی بچپن سے فلسفہ کی طرف مائل تھا۔ یہ دلچسپی اُن مضامین کے ذریعہ پیدا ہوئی جو مغربی زبانوں سے عربی میں منتقل کئے گئے تھے۔ یہ فلسفیانہ رجحان اُن کی شاعری کے اندر بھی ملتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بعض ناقدین نے اس کی شاعری پر زبردست تنقیدیں کی ہیں شوقی، حافظ اور زہاوی جدید عربی شاعری کے اولین معمار قرار دیے جا سکتے ہیں۔ اگرچہ اُن کے دور میں عرب سماج مجموعی طور پر پوری طرح صنعتی دور میں داخل نہیں ہوا تھا جس کی بنا پر متوسط طبقے کا وجود بھی نہیں ہو پایا تھا۔ اسی لئے طبقاتی جدوجہد کا باقاعدہ آغاز بھی نظر نہیں آتا تاہم امیر و غریب کے مابین فرق کا احساس پیدا ہو رہا تھا۔ مغرب سے آئے ہوئے علوم نے عقل کی اہمیت، تحقیق و تنقید کا رجحان آزادی و حریت کا تصور، انسانیت اور رواداری کے خیالات کو عام کرنا شروع کر دیا تھا۔ لیکن رفتہ رفتہ سیاسی بیداری کے نتیجہ میں زبردست قوم پرستانہ تحریکیں اُبھریں جنہوں نے سماج کے نچلے طبقوں کو آزادی کی روح سے گرمایا۔ اُن کے اندر سیاسی بیداری پیدا کی،

اور حب الوطنی، غلامی سے نفرت کا قومی جذبہ ابھارا اس طرح وہ بڑی سے بڑی قربانی دینے پر آمادہ ہونے لگے۔ استعمار کی انتقامی کارروائیوں نے آزادی کے علمبرداروں کی ہمتوں کو اور بلند کیا اور فلسطین پر صیہونیت کے غلبہ نے آگ پر تیل کا کام کیا۔ اس سانحہ نے سیاسی طور پر عربوں کو زیادہ ہوشیار اور چوکنا کر دیا۔ مذہبی میدان میں متعدد تحریکیں ابھریں۔ ان سب موثرات اور عوامل نے عوام و خواص کو جھنجھوڑ کر اور ان کے اندر اسلام کی سادہ تعلیمات سے ایک نئی لگن پیدا کی اس طرح دیکھتے دیکھتے مشرق اوسط عقلی سرگرمیوں کا آماجگاہ بن گیا اس دور میں شاعری دراصل اسی ہمہ گیر سماجی بیداری اور کشاکش میں پوری طرح شریک نظر آتی ہے۔ اس دوران کئی ادبی انجمنیں قائم ہوئیں جن کا مقصد عربی شاعری کو سماجی بیداری میں شریک کرنا اور اس کی رہنمائی کرنے کے لئے تیار کرنا تھا۔ تاکہ وہ ایک طرف تو زندگی سے بھرپور ہو اور دوسری طرف عالمی شعر و ادب کے شانہ بشانہ چلنے کے قابل ہو سکے۔ "رابطۃ الادب الحدیث" "اخوۃ العرب" اور "انجمن شباب المسلمین" نے اپنے اپنے دائروں میں اس عظیم الشان مقصد کی قابل قدر خدمت انجام دیا ہے۔ ان اداروں سے منسلک رہنے والے شعراء و ادباء، جدید دور کے اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ذہین نوجوان تھے۔ انہوں نے مغربی شعر و ادب سے عام طور پر استفادہ کیا تھا بالخصوص "رابطۃ الادب الحدیث" سے متعلق رہنے والے شعراء بڑی تعداد میں عرب ملکوں میں پھیلے ہوئے تھے۔ اس گروہ کے روحانی پیشوا ڈاکٹر احمد زکی ابوشادی تھے اس گروہ کے ممتاز ارکان میں ڈاکٹر ابراہیم ناجی، سحرتی، حیرتی، رفیع فلسطین، ابراہیم ہاشم الغلالی، عبدالجبار، ذکریا الانصاری، عبدالمنعم الحقاجی، احمد الفاسی، خلیل جرجیس خلیل، عبدالحمید ربیع، احمد ابوالمجد عیسیٰ، احمد محمود عرفۃ جیسے جلیل القدر شعراء تھے۔

ڈاکٹر ابوشادی ۱۹۵۵ء میں انتقال کر گئے۔ ان کے اندر بلا کی ذہانت طباعی اور سوجھ بوجھ تھی اور مغربی تہذیب کا گہرا مطالعہ کر چکے تھے یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں متعدد رجحانات کے اثرات ملتے ہیں۔ بالخصوص رومانیت کا اثر زیادہ گہرا اور قوی ہے۔ اس لئے وہ رومانی شاعری کے اولین علمبردار کی حیثیت سے مصر میں معروف رہے ہیں۔ آزادی خواہ وہ کسی قسم کی ہو ان کے خیالات کا بنیادی عنصر ہے اسی لئے جمہوریت پر یقین رکھتے تھے اور اس کے قیام کی جدوجہد میں انہیں مصر سے جلاوطن ہونا پڑا۔ ان کی مشہور نظم "الاتیمواطیہ" مطلق العنانیت اور ہر طرح کی آمریت کے خلاف شمشیر برہنہ کی حیثیت حاصل کر چکی ہے۔ اس کا ایک شعر ڈاکٹر ابوشادی کے اس گہرے یقین کو ظاہر کرتا ہے جو انھیں جمہوری اداروں پر تھا مثلاً کہتے ہیں۔

الشعب علی من ارادۃ حاکم - ولوازہ فی بزۃ نبویۃ :-

ترجمہ۔ قوم کی خواہش ایک آمر کے ارادہ پر فوقیت رکھتی ہے۔ چاہے وہ حاکم نبی کی حیثیت میں ہو۔

ابوشادی کی شاعری رنگ برنگ کے جلوؤں سے آراستہ ہے۔ انھوں نے ہر صنف سخن پر طبع آزمائی کی ہے غزل، قصیدہ اور مرثیہ میں قابل قدر اضافے کئے ہیں اس موقع پر یہ بات قابل ذکر ہے کہ وہ پہلے شاعر ہیں جنہوں نے تمثیلی اشعار کہے ہیں۔ ان کے عقائد میں معنوی جدت، فکر کی ندرت عام طور پر پائی جاتی ہے۔ زبان بھی بڑی آسان مگر خوبصورت استعمال کرتے ہیں۔ جوانی کے کلام میں جذبات کی گرمی، سپردگی اور بے ساختگی پائی جاتی ہے۔ عمر کے تقاضہ کے ساتھ ساتھ صوفیانہ رجحانات، حکیمانہ خیالات مرکزی اہمیت اختیار کر لیتے ہیں۔ اس طرز کی آواز محمد مہدی الجواہری کی سنائی دیتی ہے۔ یہ عراقی شاعر وقت کے استحصالی قوتوں سے لڑتا ہوا نظر آتا ہے۔ آزادی و حریت کا ترانہ گاتا ہے عراقیوں کی افلاس و غربت پر آنسو بہاتا ہے۔ ان کے اندر معاشی بدحالی کی وجہ سے جو غلامانہ ذہنیت، خوف اور مسکینی پیدا ہو گئی تھی اس کے خلاف وہ آواز اٹھاتا ہے۔ اس نے قدیم فنی روایات کو ملحوظ رکھا ہے لیکن ساتھ ہی اپنے نفس کی گرمی سے کلام میں سادگی، بے تکلفی اور جزالت کا جادو پھونک دیا ہے۔ اس کے برخلاف مصطفےٰ عاصی کا اسلوب غنائی ہے۔ اس کی شاعری میں پاک و لطیف روح جلوہ گر ہے۔ ایسی لطافت جو اس کی شخصیت کو جانے بغیر محسوس نہیں کی جا سکتی۔ اس کے اسلوب میں عجیب نغمگی ہے اس کی موسیقی ایک ایسا سرچشمہ ہے جو ابن زیدون اور شوقی کے اشعار سے پھوٹتا ہے۔ اس نے قدیم فنی خوبیوں کو بڑی مہارت سے برتا ہے۔ اس کی شاعری کے بنیادی عناصر حب الوطنی، اسلام دوستی عربیت اور اسلام پسند رجحانات سے عبارت ہیں۔

ڈاکٹر ابراہیم الناجی جدید رجحانات کی نمایندگی میں قابل احترام خدمات کر چکے ہیں۔ ان کی شاعری، ندرت خیال، جدت معانی کے اعتبار سے شہرت

حاصل کر چکی ہے۔ یہ بات اگر صحیح ہے کہ شاعر کی آپ بیتی اس کی شاعری کا اہم جز ہوتی ہے تو ناجی کے بارے میں یہ قول زیادہ صحیح ہے وہ ایک محروم انسان کی زندگی رکھتے تھے جو خوشی و مسرت سے خالی اور رنج و محن سے بھری ہوئی تھی۔ اس کا بہترین ثبوت ناجی کا وہ مشہور قصیدہ ہے جو "العودۃ" کے نام سے مشہور ہے۔ شاعر کارزارِ حیات میں ایک عرصہ تک مخالفانہ قوتوں سے لڑتا رہا۔ بالآخر تھک کر اپنے وطن لوٹتا ہے وہ حقائقِ حیات سے فرار اختیار کر کے بچپن کی حسین اور معصوم زندگی کی آرزو کرتا ہے۔ وہ اُن فطری مناظر میں پناہ ڈھونڈھتا ہے، جو وطن میں موجود ہیں وہ ایک چھوٹے سے درخت مخاطب ہو کر بڑے والہانہ انداز میں نغمہ سنج ہوتا ہے۔ ؎

رجعت الیک من بعد غربتی ٭ وفی النفس آلام تفیض ثوائر

غریب الوطنی کے بعد ترے پاس لوٹ کر آیا ہوں اس حال میں کہ میرے اندر آلام جوش مار رہے ہیں۔

بیسویں صدی میں عرب دنیا ایک نئے دور میں داخل ہوئی۔ اس دور میں آئے دن کے سیاسی حوادث سے قوم پرست اور وطن دوست خیالات کو بڑی تقویت ملی اور حرکت و زندگی کا دور دورہ ہوا۔ شعراء نے بھی اِن تقاضوں کو محسوس کیا اور اپنی فطری صلاحیتوں کو حریت و استقلال پرور جذبات کی نشو و نما کے لئے وقف کر دیا حجاز میں ابراہیم ہاشم الغلالی، احمد الفاسی، عراق میں عبدالوہاب البیاتی اور فلسطین میں ابراہیم طوقان کے نام خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔ ہاشم الغلالی نے فلسطین کی جنگِ آزادی میں نمایاں حصہ لیا۔ اس نے ہر موضوع پر طبع آزمائی کی ہے اور عربوں کے ہر مسئلہ پر رُوح پرور نظمیں لکھی ہیں۔ عربیت، اسلام، استقلال سماجی مساوات کے قیام کے لئے فکری محاذ پر بھرپور جدوجہد کی ہے۔ اس نے اپنے اشعار میں ذاتی تجربات کو بھی بیان کیا ہے جو اپنی لطافت اور عمدگی کے لئے مشہور ہیں۔ وہ چھوٹی بحروں میں اکثر گنگناتا ہے۔ احمد الفاسی نے بھی انہیں موضوعات کو اپنی شاعری کے لئے منتخب کیا ہے۔ اس کے اندر واقعیت اور رمزیت سے کام لیا ہے۔ عراق کے نامور شاعر البیاتی انقلابی افکار کا حامل تھا۔ اس نے نوری السعید کی پالیسیوں سے اختلاف کیا جس کے پاداش میں جلا وطن ہونا پڑا۔ لیکن وہ اپنے خیالات و افکار سے باز نہیں آیا اور برابر اخبارات و رسائل کی مدد سے اُن کی اشاعت کرتا رہا۔ اس سلسلے میں متعدد رسائل میں بطور اڈیٹر کے کام بھی کیا۔ اس کا پہلا دیوان "ملائکہ و شیطان" کے نام سے ۱۹۵۵ء میں شائع ہوا۔ دوسرے دو دیوان "اباریس مہشمۃ" اور "المجد لاطفال وانریون" ترتیب وار شائع ہوئے۔ اس کی زندگی حرکت سے بھری ہوئی تھی۔ اس لئے شاعری میں جدوجہد کی تبلیغ ہے۔ وہ جمود اور رجعت کے خلاف لوگوں کے جذبات اُبھارتا ہے۔ سیاسی اختلال اور ظلم پر زبردست چوٹیں کرتا ہے اور انسان کو امید و حرکت پر آمادہ کرتا ہے۔ یہی لے طوقان نے بھی چھیڑی ہے اس کے یہاں بھی خیال کی بلندی جذبات کی گرمی پائی جاتی ہے۔ اس کے خیالات اور جذبات پر مایوسی کا سایہ بھی محسوس ہوتا ہے۔ کیونکہ فلسطین کی غلامی نے اس کو بے حد مغموم کر دیا تھا اور اسی غم میں یہ جواں سال شاعر اس دُنیا سے رخصت ہو گیا۔ اس کے قصائد "الغدائی"، "فی مخرب الشوق"، "الی الاصرار" آج بھی پڑھنے والے کو متاثر کرتے ہیں "معین الجمال" اُس کی بہترین غزل ہے۔

جدید سوڈانی شعراء کی صف میں تیجانی نئے فکر کا حامل ہے۔ اس نے یہاں کی شاعری میں فنی پختگی عطا کی اور اُسے اپنی ذہانت سے نئے رجحانات مثلاً سماجی مسائل، قومی افکار، اور قومی رنج و الم کا ذریعہ بنا کر اس کی قدر و قیمت کو بلند کیا۔ اس طرح اس کی تاثیر کو وسعت عطا کی ہے۔ اس کے علاوہ اس نے فطری شاعری کے بعض عمدہ نمونے چھوڑے ہیں "الخرطوم مدینۃ النشور الجمال"، "توتی فی الصباح" اور "فن انوار القلب" اس طرح کی نظمیں ہیں صنفِ غزل میں اس نے بڑے خوبصورت اور اعلیٰ شاہکار تخلیق کئے ہیں۔ بالخصوص "نعیم الحب"، "الغائم المسحور" اور "فی الموحی"، شہ پارے ہیں۔ "القمر المجنون" جذبات کی پاکیزگی کا عمدہ نمونہ ہے۔ تیجانی کے یہاں صوفیانہ رجحانات بھی پائے جاتے ہیں اس نے اپنے خیالات "قلب الفیلسوف" میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اس نے ہمیشہ مصر و سوڈان کے اتحاد کا خواب دیکھا ہے: "فی محراب النیل"، "الزورق الاخضر" میں انھیں خوابوں کو بیان کیا ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ تیجانی کا انتقال صرف ۲۵ سال میں ہو گیا مگر اس مختصر عرصے میں اس نے بڑے

ت چھوڑے اور نئے شعراء "فیقوری"، "تاجر السر" "جیلی" "محی الدین فارس وغیرہ اسی کے خرمن فکر کے خوشہ چین ہیں۔

حجازی شاعری میں نئے رجحانات کی بات کرنے میں کسی سے پیچھے نہیں ہے۔ اس نے بھی نئے خیالات اور نئے فنی تجربوں کو اپنایا ہے اس سلسلہ میں محمد سرور الصبان کی ذاتی کوششوں کا بڑا دخل ہے۔ اُن کا شمار اُن لوگوں میں ہے جو علم دوست اور شعر و ادب کے مربی کہے جاتے ہیں صبان خود بھی شاعری کرتے تھے اور وطن دوست خیالات کو انہوں نے اپنی شاعری میں پیش کیا ہے۔ نئی نسل کے شعراء میں محمد حسن عواد، حمزۃ شحاتہ، محمد سعید العامودی، عبدالقدوس الانصاری، احمد ابراہیم الفزادی، عبدالوہاب آشی، طاہر الزمخشری، حسن عبداللہ قریشی اور محمد عامر رمیح وغیرہ ممتاز حیثیت کے مالک ہیں۔ بالخصوص محمد حسن عواد، حمزۃ شحاتہ اور عامر رمیح کی تخلیقات اعلیٰ شعری خصوصیات کی حامل ہیں۔

عربی شاعری کی روایت رہی ہے کہ اس میں عورتیں بھی قابل قدر حصہ لیتی رہی ہیں۔ اور انھوں نے قیمتی اضافے کئے ہیں۔ اس دور میں بعض شاعرات نے بڑی شہرت حاصل کی ہے۔ انھیں جمیلۃ العلایلی، جلیلۃ رضا، فدوی طوقان، نازک الملائکۃ اور صفیۃ ابو شادی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ جمیلۃ کا تو شمار اساتذہ میں ہوتا ہے انہوں نے ہفتہ وار ادبی مجلسوں کے ذریعے جو اُن کے گھر ہی پر منعقد ہوتی تھیں، شعراء کے لئے مناسب اور ہمت افزا موقع پیدا کیا تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار ایسے ماحول میں کر سکیں جہاں مستند نقاد موجود ہوتے تھے۔ یہ خود بھی شعر و ادب کا بڑا ستھرا، اعلیٰ، ذوق رکھتی تھیں۔ اُن کی تنقیدی صلاحیتوں کے بڑے بڑے نقاد معترف تھے۔ اس صلاحیت سے انہوں نے اپنے شاگردوں کی رہنمائی کی۔ جمیلۃ کا رجحان بچپن سے ادب کی طرف تھا چنانچہ "می" کے مقالات بڑے شوق سے پڑھتی تھیں یہ روحانی رابطہ آئندہ ذاتی تعلقات میں بدل گیا۔ اور اُن سے گہرے مراسم ہو گئے۔ عمر کی رفتار کے ساتھ وہ سنجیدہ اور ٹھوس ادب کی طرف مائل ہوئیں۔ اور فلسفیانہ اعلیٰ پایہ کے ادب سے دلچسپی بڑھ گئی، اس دوران وہ عالمی شہرت رکھنے والے ادیبوں اور شعراء کے کارناموں سے متعارف ہوئیں اور اُن سے کسب فیض کیا وہ لکھتی ہیں میں نے ٹیگور، گاندھی، اقبال اور احمد حسن زیارت کا گہرا مطالعہ کیا۔ ان کی تصنیفات بیحد پسند آئیں، رفتہ رفتہ انھیں برگزیدہ لوگوں کی ذہنی دنیا میں رہنے لگی" آگے مزید لکھتی ہیں" میری زندگی کا بڑا حصہ ٹیگور اور گاندھی کی شاگردی میں گذرا۔ ٹیگور کی فکری یونی ورسٹی سے میں نے انسانیت کے موضوع پر ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی، ایسی انسانیت جس کی راہ میں اپنی تخلیقی صلاحیتوں اور اپنے خون کو بہایا ہے"۔ جمیلۃ شعر کے علاوہ نثر میں بھی لکھتی تھیں" سعادۃ المرأۃ" اُن کی پہلی کتاب ہے مقالات کا مجموعہ" النسمات" کے عنوان سے شائع ہوا۔ اگرچہ وہ تعلیم و تدریس کے فرائض انجام دیتی رہیں لیکن یہ حقیقت ہے کہ وہ بنیادی طور پر شاعرہ تھیں۔ منصورۃ میں "اسرۃ الثقافۃ" کے نام سے ایک ادبی انجمن قائم کی جس میں ممتاز شعراء اور ادباء کو دعوت دے کر لیکچر دلواتی تھیں۔ ڈاکٹر ابو شادی کے دواوین "الینبوع" اور "اطیاف الربیع" کی اکثر نظمیں اسی انجمن میں پڑھنے کے لئے لکھی گئی تھیں اسی طرح ڈاکٹر ابراہیم ناجی کے دیوان اسی انجمن میں پڑھے گئے یہ بعض قصائد پر مشتمل ہیں ڈاکٹر ذکی مبارک کی کتاب "یعلی المرینعۃ" میں کئی مقالات ایسے ہیں جو جمیلۃ کی انجمن میں سنائے گئے تھے۔ جمیلۃ نے اپنا پہلا دیوان "حدی احلامی" ڈاکٹر ابو شادی کے مشورہ سے مرتب کیا وہ لکھتی ہیں" میری شاعرانہ صلاحیت کو تخلیق کی طرف مائل کرنے میں ابو شادی کی حوصلہ افزائی خلیل مطران، ڈاکٹر ذکی مبارک اور ڈاکٹر ابراہیم ناجی کی قدر شناسی کا بڑا اہم حصہ رہا ہے جمیلۃ کے اشعار میں جذبات کی گرمی خلوص اور بڑی پاکیزگی ملتی ہے وہ آپ بیتی کو کبھی آپ بیتی کی حیثیت سے نہیں پیش کرتیں ان کی مشرقی نسوانیت شرم و حیا کے پردوں میں ہمیشہ چھپی رہتی ہے۔

جلیلۃ کے اشعار کا مطالعہ کرنے کے بعد حقاجی کے خیال کی توثیق کرنی پڑتی ہے" عرب عورتوں نے ثقافتی، ادبی، فنی میدان میں جس جدوجہد کا آغاز کیا ہے اور عائشہ، تیموریا، ملک حنفی ناصف اور می نے جو روشن کارنامے انجام دیئے وہ تاریخ ادب کا روشن صفحہ ہیں اور جدید

تاریخ مرتب کرنے والی شاعرات مثلاً جمیلۃ العلایلی، صفیہ ابوشادی فدوی طوقان اور نازک الملائکۃ کے نام یادگار بن جائیں گے۔ اور جمیلۃ جدید عربی ادب کے آسمان پر بنت الشاطئ، سہیر القلماوی، امینہ السعید، سلوی المحمانی، وداد السکاکینی اور وعد الکالی جیسے ماہ پاروں کے ساتھ ستارہ بن کر چمکے گی۔ فدوی طوقان کی تخلیقات کچھ کم اہمیت کی حامل نہیں ہیں۔ اس کا دیوان "وحدی مع الایام" عرب قوم کی ایک حسین دھڑکن بن کر رہ گیا ہے۔

فدوی طوقان فلسطین کی نامور شاعرہ ہے۔ اس نے عربوں کی غریب الوطنی، بدنصیبی اور بے بسی کا منظر اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اس لئے اس کی شاعری اس عظیم انسانی المیہ کی چھاپ ہے، اس کے خوبصورت لفظوں سے فلسطینی عربوں کی چیخ و پکار سنائی دیتی ہے مگر طوقان نے اپنی امید پرور روح سے ان تخلیقات میں امید کی جان ڈال دی ہے وہ فلسطین کی آزادی کا خواب دیکھتی ہے اور پڑھنے والے کو بھی وہی خواب دیکھنے پر آمادہ کرتی ہے۔ اس کو اس خواب کی تعبیر کا یقین ہے۔ اس لئے وہ زندگی سے غیر معمولی پیار کرتی ہے۔ داخلی تجربات بیان میں صفیہ ابوشادی کو بھی بڑا ملکہ حاصل ہے وہ ایسے خاندان کی صاحبزادی ہیں جس کے یہاں شعر و ادب خانہ زاد کی حیثیت رکھتے ہیں مشہور شاعر و نقاد ابوشادی کی صاحبزادی ہیں۔ اپنے باپ کے ساتھ امریکہ چلی آئی ہیں۔ یہ شعر کہتی ہیں مگر قافیہ و بحر کی پابندی سے آزاد شاعری کی قائل ہیں۔ اُن کا دیوان "اغنیۃ الخالدۃ" کے نام سے طبع ہوا ہے، وہ فطری مناظر کی عکاسی بڑی قابلیت و گہرے مشاہدے سے کرتی ہیں۔ اپنے ذاتی تجربات کو بھی قلم بند کرتی ہیں۔ اس طرح لذت و الم، خوشی و غم کو شعری قالب عطا کرنے کا انھیں بڑا موثر انداز ملا ہے۔ انھیں کے نقش قدم پر نازک الملائکۃ بھی گامزن ہیں۔ یہ بھی آزاد شاعری میں مصروف ہیں اور اسی فن کو اپنے لئے مشعلِ راہ بنایا ہے۔ اُن کے دو دیوان "عاشقۃ اللیل" اور "شظایا و رماد" چھپ کر منظرِ عام پر آچکے ہیں۔

اس مختصر گفتگو سے یہ بات آسانی سے واضح ہوتی ہے کہ عرب شعراء نے جدید تقاضوں کو سمجھا اس سے متاثر ہوئے اور اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی سعی بلیغ کی۔ وہ ذمہ داری کے ساتھ بدلتے ہوئے حالات میں سماج کی ترجمانی بلکہ رہنمائی کرتے تھے انھوں نے اچھے تجربات، قومی و ملکی مسائل سیاسی و تہذیبی تبدیلیوں کو محسوس کیا اور اپنے اشعار کے ذریعہ دوسروں تک پہنچایا۔ اس طرح وہ سماج سے قریب ہوئے اور دوسروں کے جذبات و احساسات سے اپنا رشتہ پیدا کیا۔ فنی طور پر انھوں نے پرانی روایتوں سے ہٹ کر بھی جدید روایتیں قائم کیں اور اُن کو مقبول بنانے کی کوشش کی۔ دوسرے ملکوں کے ادیب و شاعر جس ذہنی اور فنی تجربے سے گزر رہے تھے اس میں شریک ہو کر عربی شاعری کو عالمی شعر و ادب سے آنکھیں ملانے کے قابل بنایا۔ اس طرح اس کو اتنا بلند اور وقیع بنا دیا کہ مغربی زبانوں میں ترجموں کی بھرمار ہو گئی۔ اس طرح عربی شاعری آج اپنے فکر و فن کے اعتبار سے کسی بھی زبان کی اچھی شاعری کی ہم پلہ ہو گئی ہے۔

بقیہ: آر بندو گھوش

پریشان تھی۔ ۱۹۱۰ء میں وہ یکایک اور بالکل چپ چاپ کلکتہ سے چلے گئے جو کم و بیش چار پانچ سال تک اُن کی انقلابی اور سیاسی سرگرمیوں کا مرکز رہا تھا۔ چندر نگر میں ایک مختصر سے قیام کے بعد آپ پانڈیچری چلے گئے۔ وہاں انہوں نے اپنی بقیہ زندگی انتہائی خاموشی اور دھیان میں گزاری یہیں انہوں نے وہ مشہور و معروف آشرم قائم کیا جو دنیا والوں کو آج بھی حق و انصاف رواداری اور نیکی کا پیغام دے رہا ہے۔

جس ملک کی آزادی کے لئے انہوں نے زبردست قربانیاں دی تھیں اور قید و بند کی سختیاں جھیلی تھیں۔ وہ اُن کی زندگی میں ہی آزاد ہو گیا اور آزادی کے بعد ملک کو جن اخلاقی اور روحانی قدروں کی ضرورت تھی اس کی ایک عملی درس گاہ قائم کرنے میں اپنی زندگی کے تقریباً ۴۰ سال لگائے۔

۵ دسمبر ۱۹۵۰ء کو ہندوستان کا یہ نامور سپوت ابدی نیند سو گیا۔

غزلیں



میکش بدایونی

تری کافر نگاہی اور کیا ہے
دلوں کی ہے تباہی اور کیا ہے
کسی کی زُلف کی آوارہ نکہت
نسیم صبح گاہی اور کیا ہے
سرِ مژگاں ستارہ ایک لرزاں
کسی کی عذر خواہی اور کیا ہے
مرے عجزِ تمنا کا تصدق !
غرورِ کج کلاہی اور کیا ہے
سمجھتا ہے ہر اک جلوہ کو پردہ
بشر کی کم نگاہی اور کیا ہے

قاسم شبیر نقوی

لوگ اس عالمِ اسباب سے کیا کیا نہ اُٹھے
تیرا غم لے کے جو اُٹھے کبھی رُسوا نہ اُٹھے
ہم تری رہگزرِ غم پہ ٹھہر جاتے ہیں
راہِ ہستی میں جو بارِ غم دُنیا نہ اُٹھے
اصل میں بندگیٔ شوق کی معراج یہ ہے
خم ہو اک بارِ جہاں پھر سرِ سجدہ نہ اُٹھے
میں تو ناواقفِ تہذیبِ محبت سمجھوں
تیری محفل سے اگر کوئی رقیبا نہ اُٹھے
اُن کے ہاتھوں میں ہے تشکیلِ نشیمن قاسم
برمحل ہاتھ سے جن کے کوئی تنکا نہ اُٹھے



راشد قریشی

وہی عالم ہے غم میں جو خوشی میں
عجب دَور آگیا ہے زندگی میں
شعورِ حُسن جذبِ عاشقی میں
ہے کتنا ہوش اس دیوانگی میں
عجب ہے وعدۂ فردا کی تاثیر
نکل آئے ہیں آنسو تک خوشی میں
قدم اُٹھیں تو اُٹھنا بھی سکھائیں
کمالِ رہبری ہے رہروی میں
بھنور میں خود ہی کشتی غرق کردی
کسے آواز دیتا بے کسی میں
خودی میں صرف اپنی جستجو تھی
دو عالم ہاتھ آئے بے خودی میں
طلب رنگینیوں کی کیا کروں خاک
بلا کی دل کشی ہے سادگی میں
سکوں ہے موت کا پیغام راشد
سکوں ملنا ہے مشکل زندگی میں

وشوا ناتھ درد

بہت اُکتا گیا ہوں اپنے جی سے
مرا دل بھر گیا ہے ہر کسی سے
نہ جانے کس گلی میں کھو گیا ہوں
میں کٹ کر آپ اپنی زندگی سے
مرا ماضی مری یادیں کہاں ہیں
یہ پوچھوں اب تو کیا پوچھوں کسی سے
نہ جانے کتنے عنواں رشک کرتے
جو اپنی داستاں کہتے کسی سے
جو آئے جس کے جی میں درد کہہ لے
سنوں گا ہر کسی کی میں خوشی سے

کاظم علی خاں



کائنات اور اس میں حیات کے امکانات

اس وسیع کائنات میں پھیلے ہوئے بے شمار شمسی نظاموں کے سیاروں میں کیا صرف کرۂ ارض (ہماری زمین) ہی واحد و یکتا ایسا سیارہ ہے جہاں زندگی موجود ہے؟ اس کائنات میں کرۂ ارض کا انسان تنہا ہے یا دوسرے سیاروں پر بھی کچھ جاندار مخلوقات موجود ہیں؟ یہ ایک ایسا اہم سوال ہے جو عرصے سے انسانی ذہن کو پریشان کرتا رہا ہے اور انسان کے لئے دورِ حاضر میں بھی ایک دلچسپ موضوع کی حیثیت رکھتا ہے۔ اب ہم اس سوال کا جواب انسانی علم کی مدد سے دریافت شدہ حقائق کی روشنی میں پیش کرنے کی کوشش کریں گے۔

اس وسیع کائنات میں پائی جانے والی لاتعداد دنیاؤں میں کہیں کوئی مخلوق آباد ہے یا نہیں؟ ہم اس سوال کا جواب دورِ حاضر تک کے دریافت شدہ حقائق کی روشنی میں واضح مختصر اور غیر مبہم طور پر یہ دے سکتے ہیں کہ ابھی ہمیں کرۂ ارض کے علاوہ اس کائنات کی کسی بھی دوسری دنیا پر کسی مخلوق کے آباد یا موجود ہونے کی کوئی واضح اور یقینی شہادت دستیاب نہیں ہو سکی ہے۔ چاند سے انسان جو سنگ ریزے لا چکا ہے ان پر تجربات ہو رہے ہیں۔ تادمِ تحریر ان میں حیات کے وجود کی تصدیق نہیں ہو سکی ہے دوسرے سیاروں پر زندگی کے موجود ہونے کی ہمارے پاس کوئی مضبوط شہادت تو نہیں لیکن کائنات میں حیات کے امکانات محدود شکل میں ضرور موجود ہیں۔ کائنات میں حیات کے امکانات کے کیا حدود ہیں؟ حقائق، نظریات اور قیاس کی بنیاد پر اس سوال کا دلچسپ جواب دیا جا سکتا ہے۔

زمین کے علاوہ دوسرے سیاروں پر کسی انسان جیسی باشعور یا ذہانت میں انسان سے بلند و برتر یا پست و کم تر مخلوق کی موجودگی کا امکان اور اس امکان کی حدوں کو سمجھنے کے لئے ہمیں دو اہم باتوں کا لحاظ رکھنا ہوگا۔ اوّل تو یہ کہ اس وسیع کائنات میں پائی جانے والی دنیاؤں کی تعداد و نوعیت کیا ہے اور دوسرے وہ کون سے امور یا شرائط ہیں جن کے بغیر حیات کا وجود ممکن نہیں۔ ہمارے موضوع کے لئے یہ دونوں اہم سوال ناگزیر ہیں اور ان کے جوابات ہمارے موضوع کی وضاحت کے لئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس کائنات میں نہ تو کرۂ ارض یا ہماری زمین اپنے نظام شمسی میں واحد اور تنہا سیارہ ہے اور نہ ہمارا نظامِ شمسی کوئی واحد و یکتا نظام ہے۔ ہمارا شمسی نظام اجسامِ فلکی کا ایک ایسا خاندان ہے جس میں نو اہم سیاروں، اکتیس ذیلی سیاروں یعنی چاندوں، لاتعداد چھوٹے چھوٹے سیاروں

یا سیارچوں (ASTEROIDS) اور متعدد مدار سیاروں (COMETS) کو سورج بحیثیت ایک حکمراں نہ صرف روشنی اور حرارت بخشتا رہتا ہے بلکہ اپنی زبردست مقناطیسی کشش سے ان کی گردشوں کو بھی قابو میں رکھتا ہے۔ نظام شمسی کے سیارے اپنے محور پر گردش کرتے ہوئے اپنے اپنے مخصوص مداروں پر سورج کے گرد بھی گردش کرتے رہتے ہیں یہ سیارے اپنے محور پر ایک خاص زاویئے میں جھکے بھی رہتے ہیں ان سیاروں کی محوری گردش (۲) مداری گردش اور (۳) اپنے محور پر کسی زاویہ میں جھکے رہنے سے بہ ترتیب یہ تین اہم نتائج نکلتے ہیں (۱) محوری گردش کے باعث ان سیاروں پر دن اور رات ہوتے ہیں۔ مداری گردش اُن کے سال کی گردشوں کا تعین کرتی ہے اور محور پر جھکاؤ سے ان سیاروں پر موسم بدلتے رہتے ہیں ہیں۔ اور زندگی کے لئے سیاروں پر یہ تمام باتیں ہونا ضروری ہیں اس کے علاوہ جس طرح یہ اصل سیارے سورج کے گرد گردش کرتے رہتے ہیں اسی طرح ہمارے نظام شمسی کے نو (۹) سیاروں میں سے چھ (۶) سیاروں کے پاس مجموعی طور پر اکتیس (۳۱) ماتحت یا ذیلی سیارے (چاند) ہیں جو اپنے اپنے مداروں میں اپنے اپنے سیاروں کے گرد چکر لگاتے رہتے ہیں۔ ہماری زمین کے پاس صرف ایک ذیلی سیارہ (SUB PLANET) ہے جو ہمارا اور آپکا جانا پہچانا چاند ہے جب کہ کچھ دوسرے سیاروں کے پاس کئی کئی چاند ہیں۔

جس طرح کرۂ ارض یا ہماری زمین اپنے نظام شمسی میں کوئی واحد دیکھتا سیارہ نہیں اسی طرح ہمارا نظام شمسی بھی کائنات (UNIVERSE) میں اکیلا اور تنہا شمسی نظام نہیں۔ اس وسیع کائنات میں ہمارے نظام شمسی کی طرح (اس سے بڑے اور چھوٹے) اور بھی بے شمار شمسی نظام ہیں۔ رات کو آسمان پر نظر آنے والے تیارے (STARS) دراصل کائنات کے اُن لاتعداد شمسی نظاموں کے سورج ہیں جو ہمارے شمسی نظاموں سے اس قدر زیادہ دُور ہیں کہ اُن کے فاصلے عام پیمائش (میل اور کلومیٹر) کے بجائے نوری سال (LIGHT YEAR) کے ذریعے ناپے جاتے ہیں۔

"نوری سال سے مراد وہ فاصلہ ہے جو شعاع نور یا روشنی کی کرن ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل یا تین لاکھ کلومیٹر فی سکنڈ کی زبردست رفتار سے ایک سال میں طے کرتی ہے اس حساب سے ہمارے نظام شمسی کا قریب ترین سورج چار نوری سال کے فاصلے پر اور دوسرے بعید شمسی نظام ہم سے بے شمار نوری سال کے فاصلوں پر ہیں۔ اس امر سے کائنات کی بے کراں وسعتوں کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

جس طرح متعدد قریبی سیاروں سے مل کر ایک نظام شمسی بنتا ہے اسی طرح بے شمار شمسی نظاموں کے کسی ایک مجموعہ کو کہکشاں (GALAXY) کہتے ہیں ہمارا نظام شمسی جس کہکشاں کا رکن ہے اس میں کم از کم ڈیڑھ لاکھ ملین MILLION (ایک ملین = دس لاکھ) سورج یا شمسی نظام ہیں جس طرح کسی شمسی نظام میں سیارے اپنے ایک مخصوص و متعین مرکز (سورج) کے گرد گردش کرتے رہتے ہیں اسی طرح کسی کہکشاں میں پائے جانے والے بے شمار شمسی نظام اپنے مخصوص مرکز (GALACTIC CENTRE) کے گرد گھوما کرتے ہیں جس طرح کسی سیارے کی اپنے سورج کے گرد ایک مداری گردش کی مدت سے اس سیارے کے ایک سال کی مدت کا تعین ہوتا ہے اسی طرح کسی کہکشاں میں ایک نظام شمسی کا اپنے مرکز کہکشاں کے گرد ایک چکر ایک کائناتی سال (Galatic Year) کہلاتا ہے ہمارا سورج جو اپنے مرکز کہکشاں سے تیس (۳۰) ہزار نوری سال کے فاصلے پر ہے۔ اس مرکز کے گرد تقریباً ڈھائی سو ملین (MILLION) سال میں ایک چکر پورا کرتا ہے اس حساب سے ہماری چار ہزار ملین سال کی زمین کی عمر صرف ۱۵ یا ۱۶ کائناتی سال (COSMIC YEAR) ہے یا دوسرے الفاظ میں ہماری زمین کی مدت حیات کے دوران ہمارے شمسی نظام کے سورج نے کہکشاں میں اپنے مرکز کے گرد صرف پندرہ یا سولہ چکر لگائے ہیں۔

جس طرح ہماری کہکشاں میں ہمارا نظام شمسی کوئی اکیلا نظام نہیں اسی طرح اس وسیع و بے کراں کائنات میں ہماری کہکشاں

بھی کوئی تنہا کہکشاں نہیں۔ اس کائنات میں بے شمار کہکشائیں (GALAXIES) ہیں جن میں لاتعداد شمسی نظام اپنے بے گنتی اور بے شمار سیاروں کے ساتھ حرکت و گردش میں مصروف ہیں۔ اس طرح ہماری زمین اس کائنات کی لاتعداد کہکشاؤں میں سے ایک کہکشاں اور اس ایک کہکشاں میں بے حساب شمسی نظاموں کے ایک شمسی نظام اور اس ایک شمسی نظام کے متعدد سیاروں میں ایک عام سیارہ ہے لیکن اس کی سب سے انوکھی اور حیرتناک شے اُس پر پائی جانے والی زندگی ہے جس کی تلاش میں اب ہمیں اس وسیع کائنات کی لاتعداد دنیاؤں کا جائزہ لینا ہے۔

اس وسیع اور بے کراں کائنات میں انسان اور اس کے علم کی کیا کیفیت ہو سکتی ہے؟ اس مسئلہ پر مشہور یونانی مفکر افلاطون (PLATO) نے بڑے پتہ کی بات کہی ہے۔ افلاطون نے اس بکراں کائنات میں انسان اور اس کے علم کی حیثیت کا تعین ایک دلچسپ مثال کے ذریعہ کیا ہے۔ افلاطون کے خیال کے مطابق اس وسیع کائنات میں ہم (کرۂ ارض کے انسان کی حیثیت سے) کسی غار کے ایسے قیدی کی حیثیت رکھتے ہیں جو اپنے غار (یعنی کرۂ ارض) کے باہر کی دنیا (مراد کائنات) کے بیرونی حقائق کو اپنے غار کی دیواروں پر پڑنے والے سائے کی مدد سے سمجھنے کی کوشش کرے۔ اصل بیرونی حقیقت تک تو شاید ہی ہماری رسائی ہو سکے لیکن اس امر کا امکان ضرور ہے کہ ہم ایک دن اپنے قرب و جوار کے دوسرے غاروں کے قیدیوں تک پہنچ جائیں جہاں شاید ہمیں اپنے غار سے مختلف کچھ نئے حقائق کو دیکھنے اور سمجھنے کا موقع مل سکتا ہے۔

کائنات کی وسعت اس میں پائے جانے والے سیاروں کی تعداد و نوعیت اور اس بے کراں کائنات میں انسان اور اس کے علم کی حیثیت کو سمجھ کر اب ان میں حیات کے امکانات کا جائزہ ہم انھیں خصوصیات حیات کی بنیاد پر لے سکتے ہیں جو کرۂ ارض یا ہماری زمین پر ملنے والی زندگی سے بالکل مختلف ہو۔ ظاہر ہے کہ ہم اس کے بارے میں کچھ زیادہ نہ کہہ سکیں گے۔

اس کائنات میں حیات کے وجود و امکان کے لئے پہلی بات یہ ملحوظ رکھنا چاہئے کہ زندگی کے وجود کا امکان کائنات کے سارے کے سارے سیاروں اور دوسرے نکلی اجسام پر نہیں ہو سکتا کیونکہ زندگی کا نشو و نما نہ تو ناقابل بیاں و زبردست حدت رکھنے والے ستاروں (سورجوں) پر شدت کی حدت اور حدت کی شدت سے کھولتے ہوئے ابخرات کے بادلوں میں ممکن ہے اور نہ ایسے سیاروں پر ممکن ہے جو اپنے سورج سے اتنی دوری پر ہوں کہ جہاں زندگی کے چراغ کو ٹھنڈا کر دینے والی سردی پڑتی ہو۔ اس طرح کائنات میں پائے جانے والے سیارے ہی زندگی کا مسکن بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور ان سیاروں میں بھی صرف وہی سیارے زندگی کے لئے مناسب ہیں جن میں نہ بہت زیادہ گرمی ہو اور نہ بہت زیادہ سردی۔ زندگی کا امکان ستاروں (سورجوں) پر تو ممکن ہی نہیں ہے۔

کسی سیارے پر کسی جاندار مخلوق کی زندگی کے لئے پہلی بات تو یہ ضروری ہے کہ وہ سیارہ اپنے سورج سے ایک مخصوص مقدار میں یکساں اور متوازن طور پر مسلسل گرمی حاصل کرتا رہے۔ اس امر کے لئے ضروری ہے کہ اپنے سورج کے گرد گردش کرنے میں اس سیارے کا مدار گول یا تقریباً گول ہو اور اس کا سورج دوہرا یا تہرا (DOUBLE or MULTIPLE) نہ ہو۔ (بدقسمتی سے کائنات میں دوہرے اور تہرے سورجوں کی تعداد اسی (۸۰) فی صد ہے اور اکہرے سورج صرف بیس (۲۰) صد ہیں کیونکہ دوہرے اور تہرے سورج کے گرد گردش کرنے والے سیاروں کے مدار میں یکسانیت اور گولائی نہ رہے گی جس کے بغیر زندگی کا امکان نہیں، ساتھ ہی ساتھ زندگی رکھنے والے سیارے کا اکہرا سورج (SINGLE STAR) روشنی اور گرمی میں تبدیلی رکھنے والا سورج (VARIABLE STAR) بھی نہ ہو بلکہ روشنی اور حرارت میں توازن و یکسانیت رکھنے والا سورج (STABLE SI) ہو۔ (بدقسمتی سے اکہرے سورجوں میں کل دس فی صدی سورج (STABLE STAR) ہی حیات کے لئے موزوں بتائی گئی قسم

کے ہیں جبکہ نوّے (۹۰) فیصد اکہرے سورج (VARIABLE STARS) اور مہلک گیسوں (GASES) کے درمیان زندگی کے پنپنے کا کوئی حیات کے لئے ناموزوں بتائی جانے والی قسم کے ہیں۔

زندگی رکھنے والے سیارے کو سورج کے گرد اپنی گردش کے دائرے کا نصف قطر (RADIUS) بھی نہ تو بہت زیادہ طویل رکھنا چاہئے اور نہ بہت زیادہ قلیل۔ بلکہ اس نصف قطر کی لمبائی اوسط درجہ کی ہی ہونا چاہئے۔ گویا کسی سیارے کو اپنے سورج سے نہ تو بہت زیادہ دور ہونا چاہئے اور نہ بہت زیادہ قریب۔ بلکہ مناسب اور موزوں فاصلے پر رہنا چاہئے۔ کیونکہ روشنی اور حرارت کی موزوں و مناسب مقدار جو زندگی کے لئے اہم ترین شے ہے کسی سیارے کو اسی وقت ملے گی جب وہ سورج سے اوسط درجے کے مناسب فاصلہ پر ہو۔ ہمارے نظام شمسی کے نو (۹) عدد سیاروں میں سے صرف تین سیارے (۱) زہرہ (VENUS) (۲) زمین (EARTH) اور (۳) مریخ (MARS) ہی زندگی کے متعلق اس شرط کو کسی نہ کسی حد تک پورا کرنے والے بتائے جاتے ہیں اور اُن کے علاوہ ہمارے نظام شمسی کے بقیہ چھ (۶) سیارے اس لحاظ سے زندگی کا مسکن بننے کے اہل نہیں معلوم ہوتے (کائنات میں اس لحاظ سے زندگی کے لئے موزوں سیارے صرف دس فیصدی ہیں جبکہ نوّے ۹۰ فیصد ایسے سیارے ہیں جو اس لحاظ سے زندگی کے لئے ناموزوں ٹھہرتے ہیں)

کسی سیارے پر زندگی کے لئے یہ امر بھی ضروری ہے کہ اس سیارے کی جسامت یا مقدار (MASS) بھی نہ بہت زیادہ ہو اور نہ بہت کم ہو بلکہ اس کی جسامت اوسط درجے کی ہو۔ بہت بڑی جسامت والا سیارہ اول تو سورج ہی کی طرح اپنی شدید حدت کی باعث زندگی کا مسکن بن سکنے کے لئے نااہل ہوگا، دوسرے بڑی جسامت کے باعث یہ اپنی زیادہ اور زبردست مقناطیسی کشش کے سبب سے ہائیڈروجن امونیا اور میتھین (HYDROGEN, AMMONIA & METHANE) جیسی ہلکی مگر زہریلی اور مہلک گیسوں کو بھی خلا میں خارج ہونے سے روکے رہے گا اور ظاہر ہے کہ ان زہریلی امکان نہیں! اس کے برعکس بہت زیادہ کم جسامت کا سیارہ اپنی کمزور مقناطیسی کشش کی مدد سے اپنے کرہ پر ہوا کے اُن عناصر کو بھی نہ روک سکے گا جو زندگی کے لئے ضروری ہوتے ہیں۔ اوسط درجے کی جسامت والا سیارہ زندگی کے لئے متذکرہ دونوں قسم کے ناموزوں حالات سے پاک ہوگا۔ اوسط جسامت کا ایسا ایک سیارہ ہماری زمین بھی ہے جو اپنی مناسب اور اوسط درجے کی مقناطیسی کشش کے ذریعے زندگی کے لئے ہوا کے ضروری اجزاء (آکسیجن وغیرہ) کو تو اپنے کرے میں روکے رہتی ہے۔ لیکن ہائیڈروجن اور میتھین جیسی ہلکی مگر زہریلی گیسیں زمین کے اوسط درجے کی مقناطیسی کشش کے دائرے سے نکل کر (SPACE) میں غائب ہو جاتی ہیں اور زمین پر زندگی کے لئے سازگار حالات قائم رہتے ہیں۔ اس کے برخلاف ہمارے نظام شمسی کے بڑی جسامت والے سیارے مشتری (JUPITER) زحل (SATURN) اور یورانس Uranus وغیرہ اپنی زبردست مقناطیسی کشش کے باعث زندگی کے لئے مہلک امونیا اور میتھین جیسی گیسوں (GASES) میں غرق رہ کر زندگی کے لئے ناموزوں ٹھہرتے ہیں۔ کم جسامت والے اجسام فلکی میں ہمارا چاند اور سیارہ عطارد (MERCURY) اپنی کمزور مقناطیسی کشش کی مدد سے زندگی کے لئے ضروری شے ہوا کو سرے سے اپنے کرہ پر روک ہی نہیں پاتے۔ اسی لئے ہمارے چاند میں ہوا نہیں اور ہوا کے نہ ہونے سے وہاں پانی بھی نہ ہوگا۔ ایسی حالت میں چاند جیسی بے باد و بے آب دنیا زندگی کے لئے بے کار دنیا ہوگی۔

زندگی کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ کوئی سیارہ اور اس کا سورج اپنی عمر کی اُن ارتقائی ابتدائی منزلوں سے گذر چکا ہو جو زندگی کے لئے موزوں و مناسب نہیں ہوتیں۔ ہماری زمین اپنی چار ہزار ملین (MILLION) (ایک ملین، دس لاکھ) سالہ عمر کے ابتدائی ایک ہزار ملین سال کے دوران آج کل کے مقابلے میں اپنی سطح اور

دوسرے حالات کے لحاظ سے بہت زیادہ مختلف نہ ہوتے ہوئے بھی بظاہر زندگی کے آثار و وجود سے محروم رہی ہے۔ اس طرح زندگی رکھنے والے سیارے کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنی عمر کے ارتقائی ابتدائی منزلوں سے گذر چکا ہو، جن کے دوران قدرت زندگی کے وجود و امکان کے لئے حالات کو سازگار بناتی رہتی ہے۔ اس لئے کم عمر ستاروں (سورجوں) کے قریب واقع کم عمر سیاروں پر جو ابھی پیدا ہو رہے ہوں یا جن کو پیدا ہوئے دسیوں یا سیکڑوں ملین سال بھی ہو چکے ہوں زندگی کے آثار و وجود کا امکان نہ ہوگا۔

زندگی کے وجود و امکان کے لئے ان تمام شرائط کو پورا کرنے والے سیاروں کی تعداد و نوعیت کا جائزہ لینا بھی مفید و مناسب معلوم ہوتا ہے کیونکہ اسی جائزے کی مدد سے ہم کائنات میں حیات کے امکانات کے حدود کو سمجھ سکیں گے۔

کسی سیارے پر زندگی کے لئے پہلی ضروری بات یہ بتائی جا چکی ہے کہ اس سیارے کا اپنے سورج کے گرد مدار گول یا تقریباً گول ہو تاکہ اس سیارے کو سال کے دوران برابر یکساں اور متوازن طور پر مناسب حرارت اور روشنی ملتی رہے کیونکہ گرمی اور روشنی کی مناسب اور متوازن مقدار میں کوئی بھی قابل لحاظ تبدیلی اس سیارے پر زندگی کے امکانات کو تاریک کر سکتی ہے لہٰذا زندگی کے لئے کسی سیارے کے مدار کا گول یا تقریباً گول ہونا ضروری ہے لیکن کسی دوہرے اور تہرے سورج (DOUBLE OF MULTIPLE STAR) کے گرد گھومنے والے سیاروں کے مدار کا گول رہنا چونکہ ناممکنات کی حد تک مشکل ہے لہٰذا دوہرے اور تہرے سورجوں کے گرد گردش کرنے والے سیارے شاید زندگی کی نعمت سے محروم ہی رہیں گے اس لحاظ سے اب ہمارے سورج جیسے ہی اکہرے سورجوں (SINGLE STARS) سے قربت رکھنے والے سیاروں پر ہی کسی جاندار مخلوق کے ملنے کا امکان باقی رہ جاتا ہے۔

لیکن ان اکہرے سورجوں کے نزدیک ملنے والے سیاروں کے بھی مدار گول یا تقریباً گول شکل کے ہونا زندگی کے لئے اس بنا پر ضروری ہیں کیونکہ کسی سیارے کے مدار کی گولائی میں ایک چوتھائی (۱/۴) فرق بھی ہو جانے پر اس سیارے کو اپنے سورج سے ملنے والی روشنی اور حرارت میں ایک ہی مداری گردش کے دوران تین گنی تبدیلی ہو جاتی ہے اب اس بات کا لحاظ رکھتے ہوئے جب ہم اس تلخ حقیقت سے دوچار ہوتے ہیں کہ اس کائنات کے اسّی فی صدی سورج دوہرے یا تہرے سورج ہیں جن کے گرد گردش کرنیوالے سیاروں کا مدار گول نہیں رہ سکتا اور باقی بچے ہوئے صرف بیس (۲۰) فیصدی اکہرے سورجوں کے بھی تمام سیاروں کے مدار کی شکل گول نہیں تو مجبوراً ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ کائنات میں حیات کے امکانات کی حدیں کافی سمٹ کر صرف اکہرے سورجوں سے متعلق گول مدار رکھنے والے سیاروں تک محدود رہ جاتی ہیں جن کی تعداد یقیناً ایسے اجسام فلکی کے مقابلے میں بہت کم ہے جن میں حیات کے امکانات معدوم یا تاریک ہیں۔

لیکن افسوس یہ ہے کہ زندگی کے شرائط کی تعداد و حدود ابھی اور بڑھ کر کائنات میں حیات کے امکانات کو اور بھی محدود کر دیتی ہیں کیونکہ اکہرے سورجوں سے متعلق گول مدار میں گردش کرنے والے سارے کے سارے سیارے اول تو مناسب جسامت (MASS) نہ رکھنے کے باعث یا تو زہریلی گیسوں (GASSES) میں غرق رہتے ہیں یا زندگی کے لئے ہوا کے ضروری اجزاء بھی اپنے کرہ پر روکے رکھنے میں ناکام رہتے ہیں جن پر دونوں ہی صورتوں میں زندگی ممکن نہیں۔ دوسرے ان اکہرے سورجوں سے متعلق گول مدار والے سیاروں میں سے بہت سے سیارے ابھی اپنی عمر کے ابتدائی دور سے گذر کر اس منزل تک نہیں پہونچے ہوں گے جو زندگی کے لئے موزوں و مناسب ہوا کرتی ہے۔

اس طرح کائنات میں حیات کے امکانات اب اور زیادہ محدود ہو کر صرف اکہرے سورجوں سے متعلق گول مدار میں گھومنے والے موزوں جسامت اور مناسب عمر رکھنے والے سیاروں میں ہی باقی رہ جاتے ہیں لیکن ان اکہرے سورجوں میں بھی بہت سے (نوٹ فیصدی)

سورج ایسے ہیں جن کی حدت اور روشنی میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے ایسے سورجوں VARIABLE STARS کی قوت کشش میں بھی تبدیلی ہوتی رہتی ہے لہٰذا روشنی، حدت اور مقناطیسی کشش میں تبدیلی رکھنے والے سورجوں کی اکہرے سورجوں میں سے نوّے (۹۰) فی صدی تعداد نکال کر باقی بچے ہوئے دس (۱۰) فی صدی اکہرے اور اپنی روشنی و حرارت میں توازن رکھنے والے سورجوں (STABLE STARS) کے گرد ہی گھومنے والے سیاروں میں زندگی کے امکانات باقی رہ جاتے ہیں۔ گویا حیات کی اس شرط نے کائنات کے سیاروں پر حیات کے امکانات کو اور بھی محدود کر دیا ہے۔

زندگی سے متعلق متذکرہ بالا تمام شرائط کو پورا کرنے والے سیاروں میں اب بھی ایک بڑی تعداد میں ایسے سیارے موجود ہیں جن میں زندگی کا امکان نہ ہوگا کیونکہ ان تمام سیاروں میں صرف دس (۱۰) فی صدی سیاروں کے سورج سے فاصلے حیات کے موزوں اور مناسب حدود میں رہتے ہیں۔ باقی نوّے فی صدی سیارے یا تو اپنے سورج سے بہت قریب ہیں اور زندگی کے لیے ناقابلِ برداشت حدت رکھتے ہیں یا سورج سے اتنی دور ہیں کہ اُن میں حیات کے لیے موزوں و مناسب حرارت مفقود ہوتی ہے اور اس میں زندگی کے چراغ کو ٹھنڈا کر دینے والی سردی ہوتی ہے۔ لہٰذا زندگی کی اس شرط نے بھی کائنات میں مسکنِ حیات بن سکنے والے سیاروں کی تعداد کو بہت زیادہ گھٹا دیا ہے۔ اس طرح زندگی کی ہر نئی شرط کے بڑھنے پر زندگی کا مسکن بن سکنے کے قابل سیاروں کی تعداد گھٹتی چلی جاتی ہے۔ گویا حیات کی شرائط کائنات میں حیات کے امکانات کو کم کرتی جاتی ہیں اور اب زندگی اپنی تمام شرائط کے ساتھ صرف اُنہی سیاروں پر پل سکتی ہے جو کسی اکہرے اور اپنی روشنی اور حرارت میں مناسب توازن اور یکسانیت رکھنے والے سورج (SINGLE & STABLE STAR) کے گرد اپنی مناسب جسامت اور زندگی کے لیے موزوں عمر کے ساتھ سورج سے مناسب و موزوں فاصلے پر گول یا تقریباً گول شکل کے مدار میں گردش کر رہے ہیں۔ گو یا زندگی اپنی پیدائش کے لیے کچھ شرطیں تو ستاروں یا سورجوں سے منوانا چاہتی ہے اور کچھ سیاروں سے۔

ایک اندازے کے مطابق ہماری کہکشاں میں ہر دس لاکھ ستاروں یا سورجوں میں سے صرف ایک سورج کے پاس کسی ایک ایسے ستارے کے بننے کا امکان ہے جس پر زندگی اپنے ارتقار کی کسی نہ کسی منزل پر پل سکتی ہے جبکہ لاتعداد فلکی اجسام مسکنِ حیات بننے سے محروم ہیں اور اُن میں سے بہت سے تو اس نعمت سے ہمیشہ محروم رہیں گے۔

اصلیت یہ ہے کہ اس وسیع و بے کراں کائنات میں بے شمار کہکشائیں ہیں اور ہر کہکشاں میں بے حساب ستارے یا سورج ہیں جن کی مدد سے لاتعداد شمسی نظام چل رہے ہیں جن میں ناقابلِ شمار سیارے موجود ہیں صرف اس کہکشاں میں جس کا ایک رکن ہمارا سورج بھی ہے تقریباً ڈیڑھ لاکھ ملین (MILLION) (ایک ملین = دس لاکھ) سورج ہیں جن سے متعلق سیکڑوں ہزاروں ایسے سیارے موجود ہیں جن پر زندگی کی پیدائش و نشو و نما کے امکانات موجود ہوں جب ہماری کہکشاں میں مسکنِ حیات بننے کے لائق سیاروں کی تعداد اتنی بڑی ہے تو اس وسیع کائنات میں اس حساب سے بے شمار ایسے سیارے موجود ہوں گے جن پر زندگی اپنی تمام بیان کردہ شرائط کے ساتھ جنم لے سکتی ہے لیکن بدقسمتی سے کرۂ ارض کے علاوہ اس کائنات کی کسی بھی دوسری دنیا پر کسی مخلوق کے آباد یا موجود ہونے کی کوئی واضح اور یقینی شہادت ابھی ہمارے پاس موجود نہیں مستقبل اپنے پردے میں اس سلسلے میں ہمارے لیے کن حیرتناک حقائق کو چھپائے ہوئے ہے۔ وہ ہمارے سامنے اسی وقت آسکیں گے جب وقت کے ہاتھ مستقبل کے دبیز پردوں کو موجودہ زمانے اور آنے والے دور کے درمیان سے اٹھا دیں۔

عروجِ آدمِ خاکی کے منتظر ہیں تمام!
یہ کہکشاں، یہ ستارے یہ نیلگوں افلاک (اقبال)

عکسِ آگہی



اُونچ نیچ کی تکرار !
ذات پات کے جھگڑے
اس قدر ترقی کے
بعد بھی زمانے میں
دیکھنے کو ملتے ہیں!
کاش ہم سمجھ سکتے
زندگی کی آرائش
آدمی کی پیدائش
اُونچ نیچ سے اونچی
ذات پات سے اعلیٰ
خوبیوں کی حامل ہے!
ایشور کہیں اُس کو
یا اُسے خدا سمجھیں
ہم کہیں اُسے فطرت
یا "کوئی نہیں" کہہ کر
دادِ خوش خیالی دیں
جس کے اک اشارے پر
زندگی کی آرائش!
آدمی کی پیدائش

مدتوں ، زمانوں سے
صبح و شام جاری ہے
اُس کے سامنے ہر اک
آدمی ہی ہوتا ہے!
زندگی کے ساحل پر
موت کے سفینے میں
جب سوار ہوں گے ہم
آخرت کی منزل سے
ہم کنار ہوں گے ہم
تب ہمارے ہونٹوں پر
ذکر ذات کا تو کیا
نام تک نہیں ہوگا !
اور زندگی کے اس
چند روزہ عرصے میں
ہم سے جو ہوا ہوگا
جو بُرا بھلا ہوگا
اک کتاب کی صورت
سب لکھا ہوا ہوگا!

حیدر نایاب

بہتات

آتش و گل ، خاک و آب ،
ان کے عزمِ مشترک نے وسعتِ گلزار میں
اک نرالے گل کی جب تخلیق کی
اُس کے پہلو سے ہوا اک اور گل پھر جلوہ بار
جس نے مغلوبِ تمنا ہو کے پہلے سے کہا
"دیکھ میں تجھ سے حسیں ہوں
آ ! مجھے اپنا بنا
تیری آنکھیں پائیں گی مجھ سے نظر کا مدعا
اک سکونِ بیکراں دل کو ترے ہاتھ آئے گا
ہر ادا میری ، تجھے بخشے گی پائندہ خوشی
بے خودی اک لذتِ نو سے کرے گی آشنا !"

دو گلوں کے اس وصالِ اوّلیں میں تھا چھپا
رازِ ہستی کا وجود،
گل سے گل ، پھر گل سے گل ، پھر گل سے گل
کھل رہے ہیں سلسلہ در سلسلہ ،
ان گلوں کے بوجھ سے
تھرتھراتی ہے زمیں
لڑکھڑاتی ہیں بہاریں
فطرتِ تخلیق کا ماتھا عرق آلود ہے ،
آتش و گل ، خاک و آب
کس قدر مایوس ہیں
دیکھ کر اب یہ بلکتی زندگی کا المیہ !

نقی احمد ارشاد



شہید آزادی
حاجی احمد اللہ

حاجی احمد اللہ مرحوم تاریخ کے صفحوں پر بھارت کی پہلی جنگ آزادی کے سلسلہ میں اُبھرے۔ اُن کے معاصرین نے جو کچھ لکھا اس کا تعلق صرف ۱۸۵۷ء کے واقعات سے ہے ۷ جون ۱۸۵۷ء کو پٹنہ کے کمشنر ولیم ٹیلر نے اُن کو معہ اُن کے دو ساتھیوں شاہ احمد حسین اور مولوی واعظ الحق کو کانفرنس کے بہانے سے اپنی کوٹھی پر طلب کیا اور اس بہانے سے گرفتار کر کے نظر بند کر دیا تھا۔

شاد عظیم آبادی تاریخ بہار مطبوعہ ۱۸۷۶ء ص ۱۲۶ میں تحریر کرتے ہیں۔

"کمشنر نے حکمتِ عملی سے بہت سے اہلِ شہر کو اپنی کوٹھی پر طلب کیا۔ اس پردہ میں گرفتاری مولوی احمد اللہ صاحب خلف مولوی الٰہی بخش و مولوی واعظ الحق صاحب و شاہ احمد حسین صاحب کی منظور تھی۔ ان لوگوں سے اندیشہ یہ تھا کہ وہابی ہیں اور اپنے مریدوں کو جہاد کی طرف مائل کرتے ہیں۔

پہلے تو کمشنر نے درباب سد خلفشار بہت دیر تک تقریر کی۔

قریب شام جب جلسہ برخواست ہونے لگا تو اُن تینوں مولویوں سے ٹھہرنے کو کہا گیا۔ کمشنر نے ان سے بیان کیا کہ جب تک یہ خلفشار دفع نہ ہو تب تک آپ لوگوں کا ہمارے پیش نظر رہنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ مولوی احمد اللہ صاحب نے سر جھکا کر طوعاً و کرہاً اس حکم کی تعمیل پر رضامندی ظاہر کی۔"

شعلۂ بغاوت بجھ گیا دار و رسن کا قصہ تمام ہوا۔ مگر حاجی مرحوم پر بابِ مصائب بعد واقعات ۱۸۵۷ء کھلا۔

صوبہ شمالی و مغربی سرحد (موجودہ مغربی پاکستان کا علاقہ) میں آزادی کی جدوجہد شروع ہوئی اور وہاں جاں بازوں نے سروتن کی بازی لگا دی۔ ۱۸۶۴ء میں "ستنہ" میں بغاوت ہوئی جس کا ذکر خود ولیم ٹیلر (کمشنر پٹنہ ۱۸۵۷ء) اپنی کتاب "ہندوستان میں ۳۸ سال ص ۶۸۹ میں یہ الفاظ کرتا ہے۔

"۱۸۶۴ء میں ایک غیر متوقع واقعہ کی وجہ سے صوبہ سرحد جاتے ہوئے چند وہابی ستنہ کے مقام پر گرفتار کیے گئے۔"

یہ تو اُس انگریز کا بیان ہے جس کا تعلق حکومت سے تھا۔ محمد جعفر

"ہندوستان میں ۳۸ سال" مصنفہ ولیم ٹیلر صفحہ ۴۳۷

تھانیسری جنہوں نے خود اس بغاوت میں حصہ لیا تھا اپنی "آپ بیتی" مطبوعہ نقوش جلد اوّل ۱۹۶۴ء ص۱۷۶ میں تحریر کرتے ہیں۔

"اخیر ۱۸۶۳ء مطابق ۱۲۸۰ھ سرحدِ مغربی پر ملکِ یاغستان میں خود سرکارِ انگریزی کی زبردستی سے ایک جنگِ عظیم شروع ہوگئی۔"

۱۱ ستمبر ۱۸۶۳ء مطابق ۲۸ جمادی الثانی ۱۲۸۰ھ ایک سوار پولس متعینہ چوکی پانی پت ضلع کرنال مسمی عزن خان نام ایک ولایتی افغان نے کسی ذریعہ سے میرے حال سے واقف ہوکر ایک لمبی چوڑی جھوٹی کیفیت خیر خواہانہ کے ساتھ بحضور صاحب ڈپٹی کمشنر کرنال کے حاضر ہوکر یہ مخبری کی کہ یہ جنگ جو ہندوستانی مجاہدوں کے ساتھ سرحد پر ہو رہی ہے ان لوگوں کو محمد جعفر نمبردار تھانیسری پیسے اور آدمیوں سے مدد دیتا ہے۔"

الغرض محمد جعفر کے گھر کی تلاشی ہوئی۔ اس مقام پر لکھتے ہیں۔

"بھیک میں تلاشی ہونے لگی اور وہی خط جس کا ڈر تھا سب سے پہلے پولیس کے ہاتھ آیا۔"

حکومت نے اس مقدمہ کی تحقیق کیپٹن پارسن کے حوالے کی۔ اس نے دو قیدیوں محمد رفیع اور محمد تقی کو طلب کیا۔ اور ان کی مخبری اور شہادت پر پارسن اُن کے ساتھ پٹنہ آیا اور مولوی یحییٰ علی برادر حاجی احمداللہ، مولوی عبدالرحیم الٰہی بخش اور میاں عبدالغفار کو گرفتار کرکے انبالہ بھیجدیا۔ یہ چاروں محلہ صادق پور عظیم آباد کے رہنے والے تھے۔ اس طرح حاجی احمداللہ مرحوم بار دوم قید فرنگ میں پہونچے اور اُن کے مصائب شدید کا آغاز ہوا۔ اس مقام پر ان کے بدترین دشمن ولیم ٹیلر سابق کمشنر پٹنہ جس نے ملازمت سے سبک دوش ہوکر وکالت شروع کردی تھی۔ کہتا ہے۔

"پٹنہ واپسی کے ذرا بعد ایک دلچسپ اور اہم واقعہ رونما ہوا۔ وہابی لیڈر مولوی احمداللہ جنھیں میں نے ۱۸۵۷ء میں احتیاطی طور پر گرفتار کرلیا تھا اور جنھیں بعد میں لیفٹننٹ گورنر کی منظوری سے مسٹر سیٹون ایک بے گناہ اور بے ضرر انسان قرار دے چکے تھے۔ اور جنھیں واٹسرائے کے سامنے پیش کیا گیا ان پر پٹنہ کے جج مسٹر این سے کی عدالت میں مقدمہ چل رہا تھا۔"

اس مقدمہ میں حاجی احمداللہ مرحوم کے حق میں پھانسی کی سزا تجویز ہوئی۔ مقدمہ کے زمانہ کا ایک واقعہ یہ ہے کہ ایک دن جب جج مسٹر این سے بگھی گاڑی پر سوار ہوکر کچہری سے واپس جارہے تھے کہ ایک شخص نے اُن پر قاتلانہ حملہ کردیا، وار بجائے جج گھوڑے پر پڑا اور وہ شخص گرفتار کیا گیا۔

اس لئے بجائے تخفیفِ جرم پھانسی کی سزا کے ساتھ ساتھ منقولہ مکان اور املاک کا بھی حکم صادر ہوا۔ اس لوٹ میں اشخاص شامل تھے کیپٹن پارسن لی رون شا چارلس ہوورڈ۔

لوٹ کے مال میں سے چارلس ہوورڈ نے فخریہ طور سے حاجی احمداللہ مرحوم کا ایک چشمہ جس کا شیشہ سبز رنگ کا تھا بطور تحفہ ولیم ٹیلر کو دیا۔ ولیم ٹیلر خود اپنی کتاب "ہندوستان میں ۳۸ سال ص۶۸۸" میں ناقل و معترف ہے۔

"ہوورڈ نے ازراہِ تکلف مجھے ایک چھوٹا سا تحفہ دیا جو احمداللہ کا سبز رنگ کا چشمہ تھا۔ اُن کی تمام جائداد نیلام کردی گئی تھی۔"

جس وقت پھانسی کی سزا تجویز کی گئی حاجی احمداللہ مرحوم ضعیف ہوچکے تھے اس لئے حکومتِ وقت نے پھانسی کی سزا کو دائم الحبس عبور دریائے شور میں تبدیل کردیا۔ یعنی حاجی احمداللہ مرحوم جزیرہ انڈمان بھیج دیئے گئے۔ اس مقام پر محمد جعفر تھانیسری کہتے ہیں۔

"محمد شفیع اور عبدالکریم وغیرہ سرکاری گواہ ہوگئے اور اُن کی شہادت پر مولوی احمداللہ صاحب بہ ماہ مئی ۱۸۶۵ء دائم الحبس عبور دریائے شور بضبطی جائداد کے سزایاب ہوکر ہم سے پہلے جون کے مہینے میں داخلِ انڈمان ہوگئے۔"

۱۵ جون ۱۸۶۵ء سے نہایت ۱۵ سال تک حاجی احمداللہ قید فرنگ میں جزیرہ انڈمان میں رہے اور ۲۱ نومبر ۱۸۸۱ء مطابق ۲۸ محرم ۱۲۹۸ھ شب دوشنبہ کو ایک بجے رات کو اُن کی رُوح فردوس بریں کو پرواز کرگئی۔



اظہر احمد کمالی

جرمِ وفا پر اہلِ وفا کو اتنا کیوں تڑپاؤ ہو
خلوتِ دل پر دستک دیکر جانے کہاں چھپ جاؤ ہو
منزل تک کیونکر پہونچو گے ہم سفر سوچو تو ذرا
راہ کے پیچ و خم جانو ہو، پھر بھی ٹھوکر کھاؤ ہو
آؤ ہو تو ساتھ میں لیکر نغمۂ و لو رونکہت و رنگ
جاؤ ہو تو دل کے نگر کو میر کا گھر کر جاؤ ہو
ترکِ وفا کو مدت گذری اب بھی مگر پرچھائی کے ساتھ
سیما بیٹھا درد اٹھے ہے اور تم یاد آجاؤ ہو
دشمن مہر و وفا ہو مانا، لیکن پیارے یہ تو کہو
جب بھی ہمارا نام آئے ہے سوچ میں کیوں پڑجاؤ ہو
نغمے اور فریاد کی لے تو سب کی ہوئی تبدیل مگر
اظہر صاحب تم تو اب بھی میر کی دھن میں گاؤ ہو



حامدی کاشمیری

وہ حیرت گہہ سکوتِ راز
تو کہاں ہے کہیں سے دے آواز
آسماں گرکے آرہا سر پر
جلے کھولوں کہاں پہ پرواز
چپ کی دیوار میں ہوا نہ شگاف
سر پٹکتی رہی مری آواز
تپتی راہوں میں کوئی سایہ نہیں
ہے مرے ساتھ اک بہارِ ناز
تھا وہ طوفاں سموم و صرصر کا
میں نے کیوں کر لئے دریچے باز
آتشیں لمس کو ترستا ہے
حشر خوابیدہ، تیرے جسم کا ساز
ایک کوندا فضا میں لپکے ہے
میرا انجام کیا ہے، کیا آغاز
تیرے خوں میں شرر فشاں ہی ہو
میرا سوزِ نفس ہے سنگ گداز
میری جانب سیاہ ہاتھ بڑھے
سائے پتوں کے ہو رہے تھے دراز
ہے مرا نقش، نقشِ فریادی
فکرِ غالب کا دیکھئے اعجاز



سلیمان خمار

قدم قدم پہ غموں کا غبار جیسا ہے
تمہارا شہر تو اک رہگذار جیسا ہے
ہر اک مکان پہ وحشت برس رہی ہے یہاں
ہر اک مکان شکستہ مزار جیسا ہے
تمہاری یاد کو دل میں بسا کے دیکھ لیا
تمہاری یاد کا سایا بھی خار جیسا ہے
اک ایک لمحے کی آنکھوں سے خون ٹپکتا ہے
اک ایک لمحہ لمبیت پہ بار جیسا ہے
میں انتظار تو کرتا نہیں مگر پھر بھی
ہر ایک پل کو ترا انتظار جیسا ہے
خمار سلسلۂ درد بھی طوالت میں
دراز سلسلۂ زلفِ یار جیسا ہے



محمد الیاس نیاز

ہم نے جب تک آگہی کی روشنی پائی نہ تھی
زندگی سے اس قدر گہری شناسائی نہ تھی
جسم کے اندر بھی جھانکیں کل نہ تھا اتنا شعور
دور کے نظارے دیکھیں اتنی بینائی نہ تھی
میں کہ بے چہرہ نہ تھا چہرے کے ہوتے دو ستو
فلسفوں کی دھند جب تک ذہن پر چھائی نہ تھی
شہر سے تیرے چلا ہوں لیکے یہ سوغات تو
میں جب آیا تھا مرے ہمراہ تنہائی نہ تھی
وقت نے کچھ سوچ کر رنگِ طرازاں بکھرا دیا
موسمِ گل کی تمنا لب پہ بھی آئی نہ تھی
میرے زخموں کی طرف پھر تم نے دیکھا کیوں نیاز
اے مسیحاؤ! اگر تابِ مسیحائی نہ تھی
خواہشوں نے اپنے میرا من بدل ڈالے نیاز
ورنہ کل تک زندگی میں ایسی رعنائی نہ تھی

پشتو زبان

ایک جائزہ

منوہر سنگھ بترا



پشتو افغانوں کی زبان ہے۔ افغان ایرانیوں کا دیا ہوا نام ہے۔ افغان اپنے آپ کو پشتون یا پختون بھی کہتے ہیں اور اپنی زبان کو پشتو۔ شمال مغرب کی بولی میں اس زبان کو پختو بھی کہا جاتا ہے۔ رگ وید میں اس علاقہ کے لوگوں کے لئے پختہ کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔

افغان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ ایرانی لفظ ہے اور افغانا سے مشتق ہے۔ کہا جاتا ہے کہ افغانا اسرائیل کے بادشاہ سال کا پوتا تھا اور یہاں کے باشندے اسی کی نسل سے ہیں۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ افغان "اسواکاس" سے نکلا ہے جس کا ذکر پورانوں میں کیا گیا ہے۔

ہندوستانی ماہر نجوم ورہ مہر (چھٹی صدی عیسوی) کی تصانیف میں "آوگانا" کا لفظ ملتا ہے۔ بعض عالم کہتے ہیں کہ افغان کا ماخذ یہی ہے

پشتو افغان اور صوبہ سرحد شمولہ پاکستان کے بڑے حصے کی زبان ہے۔ پشتو کا علاقہ یا غستان یا روح بھی ہے۔ فرشتہ نے روح کے علاقے کا تعین اس طرح کیا تھا۔ شمال اور جنوب میں سوات باجور سے سوی اور بھکر تک اور شرقاً غرباً حسن ابدال سے کابل تک۔ اس میں قندھار بھی شامل کیا ہے۔

یہ بات نہیں ہے کہ اس پورے علاقے میں صرف پشتو ہی بولی جاتی ہے۔ پشتو کے ساتھ ساتھ بعض دوسری زبانیں بھی رائج ہیں۔ خود پشتو میں لفظ اور لہجے کا اختلاف پایا جاتا ہے۔ ریورٹی (Reverty) انھیں مشرقی پشتو اور مغربی پشتو قرار دیتا ہے۔ شمال مشرقی علاقے کی پشتو غلزیوں اور آفریدیوں کی زبان ہے اور جنوب مغربی علاقے کی پشتو وزیریوں کی۔

چونکہ یہ خیال کیا جاتا ہے کہ افغان، افغانا (اسرائیل کے پہلے بادشاہ سال کا پوتا) کی اولاد ہیں اس لئے کچھ دنوں کے لئے لوگوں کو یہ یقین رہا کہ پشتو عبرانی زبان سے نکلی ہے۔ لیکن اب یہ امر طے شدہ ہے کہ اس زبان کا تعلق آریائی خاندان سے ہے۔ کچھ دنوں یہ بات موضوع بحث بنی رہی کہ آریائی خاندان میں اس کا تعلق ہند آریائی زبان سے ہے یا ایرانی زبان سے لیکن بعد میں لسانی ماہروں کی تحقیق سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ گئی کہ اس کا تعلق ایرانی خاندان سے ہے۔ ایرانی زبان کو دو گروپوں، مشرقی اور مغربی میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مغربی گروہ کی ممتاز زبان آج کی جدید ایرانی ہے۔ مشرقی گروپ کی سب سے قدیم زبان ژند ہے۔ اسی سے علمچاچ زبانیں نکلی ہیں، جو پامیر کے علاقے میں بولی جاتی ہیں۔ بلوچی کا تعلق بھی اس گروپ سے ہے۔ پروفیسر فادر ملر نے ۱۸۸۲ء میں پہلی بار یہ دعویٰ کیا کہ پشتو کا

تعلق بھی اسی مشرقی گروپ سے ہے۔ ڈاکٹر ٹرپ نے اپنی کتاب پشتو قواعد (سن تصنیف ۱۸۷۳ء) میں یہ خیال پیش کیا کہ اس زبان کا تعلق ایرانی زبان سے نہیں ہے بلکہ یہ ہند آریائی خاندان سے ہے اور بڑی حد تک سندھی زبان کے قریب ہے۔ بعد کے عالموں پروفیسر دان اسپیگل اور ڈاکٹر ہورن لے نے اس خیال کی تائید کی۔ لیکن ۱۸۹۰ء میں ڈاکٹر ڈرامس میٹر نے اپنی فاضلانہ تصنیف میں بالکل واضح طور پر ثابت کر دیا کہ پشتو کا تعلق ایرانی زبان کے مشرقی گروپ سے ہے اور یہ زندیا اس سے بڑی حد تک مشابہ کسی بولی سے نکلی ہے۔ اس زبان نے شمالی اور مغربی ہندوستان کی بولیوں سے بہ کثرت الفاظ لئے ہیں مگر بنیادی طور پر یہ ایرانی خاندان کی زبان ہے۔

اس زبان میں ادب کا بہت بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس زبان کی پہلی تصنیف وہ ہے جس میں یوسف زئیوں کے سوات فتح کرنے کا حال قلم بند کیا گیا تھا۔ مگر اس کتاب کا کوئی نسخہ دستیاب نہیں ہے۔ ابتدائی زمانہ تصنیف کی جو چند کتابیں ملتی ہیں اُن میں خیر البیان بھی ہے جو چار زبانوں عربی، فارسی، ہندی، اور پشتو میں لکھی گئی ہے۔ ابتدائی تصانیف میں پیر روشن بایزید انصاری (سن وفات ۱۵۸۵ء) کی تصانیف بھی شامل ہیں۔ پیر روشن کی تعلیمات کے جواب میں آخون درویزے نے اپنی مشہور و معروف کتاب مخزن الاسلام لکھی ہے۔ انہوں نے پچاس سے زائد کتابیں لکھی ہیں جن میں مخزن افغانی کو بڑی شہرت حاصل ہوئی۔ اس میں زمانہ قدیم سے افغانوں کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔

اولین شاعروں میں مرزا انصاری کا نام لیا جاتا ہے۔ اُن کا کلام صوفیانہ اور عارفانہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ پشتو کی سب سے پہلی نظم امیر کروڑ نے لکھی تھی جس کا عنوان "دیاڑہ نہ" ہے اس نظم میں امیر نے اپنی جسمانی طاقت اور شجاعت کا ذکر کیا ہے۔

افغانوں نے شروع ہی سے اپنی زبان کی آبیاری کی طرف خصوصی توجہ کی۔ حالانکہ اس وقت فارسی ایران و افغانستان کے علاوہ برصغیر ہند کی علمی و ادبی و سرکاری زبان تھی۔ مذہبی زبان ہونے کی وجہ سے عربی کا بھی دور دورہ تھا۔ مگر افغانوں نے پشتو کو ہی اپنایا جو غالباً اُن کی قومی حمیت کا تقاضہ بھی تھا جن لوگوں نے ابتدا میں پشتو کو اپنایا وہ ایسے نہ تھے جو فارسی یا عربی سے ناواقف ہوں یا اس زبان میں اپنے خیالات کا اظہار نہ کر سکتے ہوں۔

پشتو کی ابتدائی تصانیف خصوصاً شعری کارناموں میں عشق و محبت کے جذبات کے ساتھ ساتھ جرأت و بے باکی اور بہادری کے ولولہ انگیز واقعات پیش کئے گئے ہیں۔ پختون شروع سے آزادی پسند تھے اور مغلوں کی برائے نام اطاعت بھی ان کے لئے گراں بار تھی۔ سترھویں صدی میں فتح خاں (یوسف زئی) اور خوشحال خاں (خٹک) کے قومی نغمے پختونوں کے جذبۂ حریت کو ابھار رہے تھے۔

خوشحال خٹک کو ایک عظیم قومی شاعر تسلیم کیا جاتا ہے۔ خوشحال خاں ۱۶۱۳ء میں پیدا ہوئے تھے۔ اُن کے والد کا نام شہباز خاں تھا۔ والد کی موت کے بعد شاہ جہاں نے انھیں خٹک قبیلے کا سردار تسلیم کر لیا۔ لیکن اورنگ زیب کے عہد میں خوشحال خاں نے مغلوں کے خلاف تلوار اٹھائی۔ اُنھیں کچھ دنوں تک مغلوں کی قید میں رہنا پڑا مگر وہ جلد ہی رہا ہو گئے اور اپنی پرجوش قومی نظموں سے اپنے اہل وطن کے دلوں کو گرماتے رہے۔ آپ نے ۸۰ سال کی عمر پائی۔

ملا عبدالرحمان کی تصانیف مذہبی اور صوفیانہ جذبات کی حامل ہیں۔ اور رحمان بابا کو پشتو ادب میں نہایت ممتاز مقام حاصل ہے۔ عبدالحامد نے شاہ تیمور سادوزئی کے زمانۂ حکومت میں کیف آور اشعار کہے ہیں۔ بعض لوگ انہیں افغانستان کا شیخ سعدی کہتے ہیں۔

ابو محمد ہاشم بن زید السروانی البستی "دسالوورثی" کتاب کے مولف ہیں۔ وہ اور اسعد سوری دونوں سوری بادشاہوں کے درباری شاعر تھے۔

غوریوں کے دربار سے خکارندوی، تایمنی، ملکیار اور دیگر شاعر متوسل تھے۔ بی بی ناندہ، سیدال خاں ناصر، مولا بیرمحمد، اور میاں جی مشہور شاعر گذرے ہیں۔ اُن کے علاوہ بالوجان بابی۔ ملا نور محمد خلجی، ملا یار محمد ہوتک، ملا محمد یونس، محمد ہوتک جس نے کہ "پٹہ خزانہ" کتاب تالیف

کی، ملا زعفران ترکی اور بہادر خاں وغیرہ نے بھی شہرت پائی ہے۔

امیر دوست محمد خاں کے زمانے سے امیر امان اللہ خاں کے دور تک پشتو نے وسعت اور بلندیوں کی طرف قدم بڑھایا۔

اعلیٰ حضرت نادر شاہ اور اُن کے جانشین اعلیٰ حضرت ظاہر شاہ شاہ افغانستان کے دورِ حکومت میں پشتو کو خاص اہمیت دی جانے لگی اس عرصے میں تین سو سے زیادہ پشتو کتابیں شائع ہوئیں۔ افغانستان کے سب اسکولوں کالجوں میں پشتو پڑھائی جاتی ہے۔ پشتو افغانستان کی قومی زبان بنادی گئی ہے۔ سرکاری کام کاج پشتو اور دری دونوں ہی زبانوں میں ہوتا ہے لیکن ہر سرکاری ملازم کے لئے پشتو سیکھنا لازمی ہے اور اُس کے لئے خاص کورسوں کا بندوبست کیا گیا ہے۔

افغانستان میں کچھ اخباریں اور رسالے صرف پشتو میں شائع ہوتے ہیں اور باقی کے اخباروں اور رسالوں وغیرہ کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک مخصوص حد تک پشتو خبریں اور مضامین شامل کریں۔

افغانستان کے نئے آئین کی رُو سے حکومت کے لئے ضروری ہے کہ وہ پشتو کی ترقی کے لئے قدم اٹھائے۔

موجودہ شاعروں میں جناب گل پاچا، اُلفت، عبدالرؤف بینوا صدیق اللہ رشتین، شمس الدین مجروح، قیام الدین خادم، عبدالرحمٰن پژواک، محمد ارسلان سلیمی، سعد الدین شپون، عبداللہ بختانی، سلیمان لائق محمد دین ژواک، اور محمد گلاب ننگرہاری بہت مشہور ہیں۔ اُن کے علاوہ جناب عبدالحی حبیبی نے جو کہ افغانستان کے نامور مصنف اور مورخ ہیں پشتو ادب کے فروغ میں نمایاں حصہ لیا ہے۔

مختصر یہ کہ دیگر زبانوں کی طرح پشتو زبان و ادب نے بھی ترقی کے منازل و مدارج طے کئے ہیں اور آج پشتو زبان دُنیا کی کسی بھی ترقی یافتہ زبان کے مقابلے میں کم مایہ نہیں ہے اور اس کی ترقی کے امکانات بیحد روشن ہیں۔

بقیہ سایہ

دکھائی دیتا۔

نرمل خود ہی کھڑکیاں کھولنے لگا۔

پہلی کھڑکی اس سڑک پر کھلتی تھی جو ہوٹل کے بالکل سامنے سے گزرتی تھی۔ اس وقت سڑک پر سکول کے بچے جا رہے تھے۔ کچھ لوگ کھانے پینے کی چیزیں خریدنے کے لئے نکلے ہوئے تھے۔ دوسری کھڑکی بغل کے ایک اور ہوٹل کی سمت کھلتی تھی۔ وہاں اس وقت ایک لڑکی کھڑکی سے نیلگوں آسمان کو گھور رہی تھی۔ اب صرف ایک کھڑکی باقی تھی یہ ہوٹل کے پچھواڑے میں کھلتی تھی۔ نرمل کو یقین تھا کہ پہاڑی جھرنا اور اس کے گرد و نواح کا منظر نہایت حسین ہوگا اور اس کے دل و دماغ کو تر و تازہ کر دے گا۔

نرمل نے کھڑکی کھول دی۔

کلپنا سنگار میں مصروف تھی۔ اچانک اس کو ایک عجیب و غریب لیکن جانی پہچانی سی آواز سنائی دی۔

"گٹر.. گ... ٹ... ر....."

اور اس کے بعد کسی کے فرش پر گرنے کی آواز آئی۔ نرمل بیہوش ہو کر گر پڑا تھا کلپنا دوڑ کر کھڑکی کے پاس پہنچی۔ ہوٹل کے عقب میں تھوڑے فاصلے پر غلیظ پانی کا ایک نالا بہہ رہا تھا اور اس کا بھیانک شور ماحول میں پھیلا ہوا تھا۔

کلپنا کے ہونٹوں پر ایک حسین پُراسرار اور شرارت آمیز مسکراہٹ اُبھری اور پھر اس کے پورے چہرے پر پھیل گئی۔ شوہر کو اٹھا کر اُس نے پلنگ پر لٹا دیا اور اس پر لحاف ڈال دیا اور خود اپنے سنگار میں مصروف ہو گئی۔

بقیہ: مورتیں

تبھی ایک کتا وہاں سے گذرا۔ اس نے ٹانگ اُٹھا کر بُت پر پیشاب کر دیا اب شیاملا آئے گی۔ کنویں پر نہائے گی اور گیلے کپڑوں میں لپٹی مندر کی طرف جانے لگے گی۔ میں دہاڑیں مار مار کر رونے لگوں گا اور وہ بُت بنی مجھے دیکھتی رہ جائے گی۔

دیکھو، شیاملا دھیرے دھیرے چلی آ رہی ہے۔ سامنے وہ ہے، پیچھے پری کا بت ہے اور درمیان میں میں بُت بنا کھڑا ہوں۔

(مترجم: محمد شریف الدین)

نئی کتابیں

فارسی ادب بعہد اورنگ زیب

از ڈاکٹر نورالحسن انصاری، استاد زبان وادبیات فارسی دہلی یونیورسٹی۔

ناشر:۔ انڈو پرشین سوسائٹی دہلی، صفحات ۶۲۰

قیمت:۔ سولہ روپے

ہندوستان کے فارسی ادب کو ایرانیوں نے ہمیشہ درجہ دوم کی چیز سمجھا ہے حالانکہ اگر مقامی اور لسانی عصبیت سے بلند ہوکر فارسی ادب کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ فارسی کا بہترین ادب موجودہ ایران کی محدود سرزمین کے باہر وجود میں آیا۔ رود کی نے سمرقند و بخارا میں اپنے نغمے چھیڑے۔ شاہنامہ کی تکمیل غزنی (افغانستان) میں ہوئی۔ مولانا رومؒ نے قونیہ (ترکی) میں مثنوی معنوی لکھی اور خسرو، بیدل، غالب اور اقبال نے ہندوستان کی سرزمین پر فارسی کی آبیاری کی۔

ہندوستان کے فارسی ادب کی تاریخ میں یہ نکتہ بھی اہم ہے کہ محمود غزنوی کے بعد یعنی پانچویں صدی ہجری کی ابتدا ہی میں لاہور فارسی ادب کا مرکز بن گیا تھا اور اس طرح آج سے نو سو سال پہلے ہندوستان کی سرزمین میں فارسی ادب کی جڑیں پختہ ہو چکی تھیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ کشمیر سے راس کماری اور اٹک سے کٹک تک سارا ہندوستان فارسی نغموں سے گونجنے لگا۔ مغل دور میں یہاں کے حکمرانوں نے اس فیاضی سے فارسی شعراء کی سرپرستی فرمائی کہ پورے ایران میں ایک عرصہ تک اول درجہ کا شاعر نہ رہا۔

لیکن جب اورنگ زیب تخت طاؤس پر جلوہ افروز ہوا تو ملکی اور سیاسی حالات بدل چکے تھے۔ اورنگ زیب نے ملک الشعراء کا عہدہ ختم کر دیا اور شعراء کو بے پناہ داد و دہش کا سلسلہ بھی منقطع کر دیا مگر ہجرت کا سلسلہ اب بھی جاری تھا۔ اس عہد تک ہند میں فارسی کی اتنی عظیم روایتیں قائم ہو چکی تھیں کہ فارسی کا ایک عظیم ترین شاعر مرزا عبدالقادر بیدل اسی عہد کی تخلیق ہے۔ الغرض ہندوستان کے فارسی ادب کی تاریخ اتنی جاندار اور پائدار ہے کہ اس کا مطالعہ نہ صرف زبان و ادب کی حیثیت سے ضروری ہے بلکہ ہندوستان کی نو سو سالہ تاریخ کو صحیح طور پر سمجھنے کے لیے بھی اس کا مطالعہ ناگزیر ہے۔

ہندوستان کے فارسی ادب کی مکمل تاریخ ابھی تک تشنۂ تکمیل ہے۔ علامہ شبلی نے شاہجہاں کے دور تک کے شعراء پر بحث کی۔ شمس العلماء عبدالغنی نے غزنوی دور سے اکبر تک کے فارسی ادب پر انگریزی میں دو کتابیں لکھیں۔ اب ڈاکٹر نورالحسن انصاری استاد فارسی، دہلی یونیورسٹی نے پہلی بار عہد اورنگ زیب کے فارسی ادب کی مکمل تاریخ مرتب کی ہے۔ انہوں نے اس تحقیقی مقالہ پر دہلی یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی تھی۔ انصاری صاحب نے بڑی تحقیق اور تفصیل سے اس دور کے تمام شاعر، انشاپرداز، داستان نویس مترجم، مورخ اور دیگر علوم و فنون کے ماہروں کا جائزہ لیا ہے اور سینکڑوں مخطوطات کی چھان بین کر کے اس عہد کے شعری اور نثری ادب کو انتہائی دلچسپ انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔

اس کتاب کے مطالعے سے اورنگ زیب اور اس کے عہد کی جو تصویر ابھرتی ہے وہ عام مورخین کی بتائی ہوئی تصویر سے مختلف

بھی ہے اور دلچسپ بھی۔ مثلاً اورنگ زیب نے ملک الشعراء کا عہدہ ختم کر دیا۔ مگر اس کے عہد کے تمام مشہور ادیب اور شاعر سرکاری عہدوں پر فائز تھے۔ شہزادی زیب النساء اور شہزادہ اعظم کی طرف سے بہت سے مشہور ادیبوں اور شاعروں کی سرپرستی کی جاتی تھی۔ اورنگ زیب نے اپنے دربار میں موسیقی بند کر دی تھی مگر موسیقی کی نایاب کتاب راگ درپن اسی کے ایک امیر کی تالیف ہے۔ اس عہد کے تمام ہندو مصنفین نے اورنگزیب کی انصاف پسندی اور مذہبی رواداری کو خاص طور پر سراہا ہے۔ بہرحال اس کتاب کے مطالعے سے عہد اورنگزیب کی صحیح اور سچی تصویر ہمارے سامنے آتی ہے اور اس اعتبار سے یہ کتاب تاریخ اور ادب دونوں کے طالب علم کے لئے بہت اہم ہے۔ (محمد یوسف)

بنتِ لمحات

اختر الایمان

ناشر: رخشندہ کتاب گھر بمبئی ۵۰

ملنے کا پتہ: مکتبہ جامعہ لمیٹیڈ، ابراہیم رحمت اللہ روڈ بمبئی ۳

قیمت: پانچ روپے

بنتِ لمحات، — اختر الایمان کی نظموں کا نیا مجموعہ ہے۔ ابتداء میں مصنف کے پیش لفظ سے زاویۂ نگاہ اور نقطۂ نظر کو سمجھنے میں آسانی ہوتی ہے۔ "یادیں" کے دیباچے کے ساتھ اس پیش لفظ کا مطالعہ کیا جائے تو اس ذہن کے پس منظر اور محرکات کی تصویر مکمل بن جائے گی جو ان نظموں کے پیچھے موجود ہے۔

اختر الایمان نے لکھا ہے — "یہ کھردری، شہات سے پُر، انتشار آمیز شاعری، اس خلوص اور جذبۂ محبت کے تحت وجود میں آئی ہے جو مجھے انسان سے ہے۔"

"بنتِ لمحات" میں چالیس منتخب نظمیں ہیں جو ۱۹۶۲ء سے ۱۹۶۸ء تک کہی گئی ہیں۔ "بے تعلقی" — "بنتِ لمحات" — "ازیت پرست" "ساتویں دن کے بعد"، "سبزہ بیگانہ" "درد کی حد سے پرے" اور "شیشہ کا آدمی" جیسی خوبصورت نظمیں مجموعے میں شامل ہیں، ان نظموں سے یہ مجموعہ ذہنی تخلیقی فکر کا ایک سنگ میل بن جاتا ہے۔

ماضی پسندی — (یادوں کی روشن اور نیم تاریک دنیا)
گزرتے ہوئے لمحے — انسان کا خارجی اور داخلی سفر
'ک' سے شروع ہو کر 'ک' پر ختم — اور اس ایک
دائرے سے بہت سے دائروں کا وجود —
وقت کا تصور — وقت شاعر کی ذات کا حصہ
تنہائی احساس — گھٹن، اُلجھنیں، اضطراب، کرب
ٹریجیڈی — المیہ تجربے

اور طنز — 'بنتِ لمحات' کے آئینے پر وہ وژن کے یہ حیاتی شعری تجربے غور و فکر چاہتے ہیں، یہ تجربے شدت سے متاثر بھی کرتے ہیں اور قاری کے حسی تجربوں کے نقش بھی ابھارتے ہیں، اُن کی تکمیل بھی کرتے ہیں۔

اختر الایمان کی فکر، جذبہ اور حقیقت کی کشمکش میں شدت پیدا کرتی ہے، لمحوں کی روشنی، تاریکی، خوشبو اور لمحوں کے آہنگ کو ابھارتی ہے۔ جذباتی امیجز کی تخلیق کرتی ہے، تنہائی کے احساس کو شدید تر بناتی ہے۔ اصل حقیقت کے تاثرات کو داخلی بیانات سے جذب کر کے تخلیق کے عمل میں شدت پیدا کرتی ہے۔ یادوں کے آئینوں پر ہونٹ رکھتے ہوئے، تلخ اور شیریں یادوں میں سانس لیتے ہوئے، عصری ہیجانات میں گزرتے ہوئے لمحوں سے گہری دلچسپی لیتے ہوئے اور تنہائی کے زہر کو پیتے ہوئے، اختر الایمان جدید اردو شاعری کے ایک مستقل عنوان بن گئے ہیں۔

حسن پسندی اور جمالیاتی شعور، حیاتی اور نفسیاتی کیفیتیں نرگسیت اور اعلیٰ تہذیبی اور اخلاقی قدروں کو آگے بڑھتے دیکھنے کی تمنا اور شکست و ریخت کے عہد کا شعور مضطرب شخصیت میں المیہ قدروں کا شدید احساس، عقیدت اور محبت کے جذبوں کے ساتھ خوف، وحشت، ہراسیگی اور حیرت کے ملے جلے جذبات — ٹریجیڈی کو شدت سے محسوس کرتے ہوئے گہرا طنزیہ آہنگ — بنتِ لمحات

کی نظموں میں یہ حقائق متاثر کرتے ہیں۔

اخترالایمان نے وقت کے خارجی تجربوں کو فنکارانہ طور پر جس طرح داخلی اور حیاتی تجربہ بنا دیا ہے یہی ایک حقیقت انہیں اس عہد کی شاعری کی تاریخ میں زندہ رکھنے کو کافی ہے۔

یادوں کی علامتوں اور آرچ ٹائپس (ARCHETYPES) کے تحت الشعوری اور لاشعوری دباؤ سے اخترالایمان کی شاعری "نئی وژن" کے ایک اہم ترین رجحان کو پیش کرتی ہے۔ اخترالایمان کی اکثر مختصر نظموں کا داخلی کینوا اس بھی ہے جو ایک بیک پڑھتا ئوس ہوتا ہے اور ایک ساتھ روشنی اور تاریکی کا احساس مختلف انداز سے دلاتا ہے۔

اخترالایمان کی طنزیہ نظموں میں سچائیوں اور شاعر کی ذہنی اور جذباتی کیفیتوں کا اثر ایک ساتھ ہوتا ہے۔ ایسی نظموں سے ایک نئے رجحان یا تحریک کے پیدا ہونے کی خبر مل رہی ہے۔ جذباتی ارتعاش (EMOTIONAL VIBRATION) میں فطری توازن ہے۔ تلخیوں کے شدید احساس کا یہ منفرد رجحان بھی توجہ چاہتا ہے: قبر کے آخری ایک مصرعے میں کہانی مکمل ہو جاتی ہے، نقطۂ عروج کے فوراً بعد اختتام کی منزل ہے: قبر، اور سبزۂ بیگانہ، اور چند اور نظموں میں (THE VICTIM BLEEDS) کے مناظر ذہن پر نقش ہو جاتے ہیں۔

کتابت اور طباعت عمدہ ہے۔ گیٹ اپ خوبصورت ہے۔ بلاشبہ "بنتِ لمحات"، نئے ادب میں ایک مستقل اضافہ ہے۔

(شکیل الرحمٰن)

غزال (شعری مجموعہ) شاعر۔ کرشن موہن

ناشر: انڈین اکیڈیمی۔ ۲۹ نرینڈر پلیس۔ نئی دہلی

قیمت: سات روپے

کرشن موہن کا پہلا مجموعہ "شبنم شبنم" ۱۹۶۰ء میں شائع ہوا تھا۔ اس مجموعے کی خوبصورت کتابت، طباعت اور دیدہ زیب گٹ اپ نے اُردو ادب میں کتابوں کی پیش کش کی ایک نئی اور حسین روایت کا آغاز کیا تھا۔ دو سال کے مختصر عرصے میں کرشن موہن نے اپنا دوسرا مجموعہ کلام "دلِ ناداں" پیش کیا۔ یہ معانی اور پیکر معانی کی رنگارنگی کا دُوسرا نقش تھا۔ اس کے بعد شاعر کے چار اور مجموعے شائع ہوئے۔ تماشائی، نگاہِ ناز، رُوپ رس (ہندی رسم خط میں) اور آہنگِ وطن ان تمام حُسن آفرینیوں پر مستزاد ساتواں مجموعہ "غزال" کے نام سے ۱۹۶۸ء کے اوائل میں منصۂ شہود پر جلوہ گر ہوا۔

کرشن موہن کی ایک قابلِ ذکر خصوصیت یہ ہے کہ ان کی شاعری میں ایک آواز کی یکسانیت نہیں بلکہ اُن کی شاعری آوازوں کا آرکسٹرا ہے۔ یہی وہ خصوصیت ہے، جسے محمود ہاشمی نے "غزال" کے دیباچے میں "اسالیب کی شاعری" کہا ہے۔ ہر شاعر یا ادیب کا اپنا ایک اسلوب ہوتا ہے۔ چاہے وہ کتنا ہی کمزور، بے رنگ اور بے جان ہو یا کتنا ہی توانا، رنگین اور جاندار ہو۔ کرشن موہن کی شاعری کو ایک اسلوب کا پابند نہیں بنایا جا سکتا۔ اُن کے یہاں رنگوں و آوازوں کا وہ ہجوم وہ ریل پیل اور وہ کثرت ہے کہ وحدت بین نگاہیں اور لہجے کی یک رنگی تلاش کرنے والا سامعہ مبہوت رہ جاتا ہے۔ اگر کرشن موہن کے یہاں یہ رنگارنگی نہ ہوتی تو وہ یکساں طور پر مستور لکھنوی ایسے روایتِ غزل کے پاسدار اور محمود ہاشمی ایسے جدیدیت کے طرفدار سے داد سخن پانے میں کامیاب نہ ہوتے۔ ممکن ہے کچھ ناقدینِ شعر اس تنوع کو اسلوب کی عدم موجودگی کا نتیجہ اور شاعر کے اپنے لہجے کی تلاش کا المیہ کہیں، لیکن میرے خیال میں یہی کرشن موہن کی کامیابی کا راز ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کرشن موہن انیس کے اس شعر کو اپنی شعر گوئی کا اُصول متعارفہ مان کر چلے ہیں۔

رکاؤ خوب نہیں، طبع کی روانی میں
کہ بُو فساد کی آتی ہے بند پانی میں

اس لیے وہ یہ کہہ کر اپنا ساتواں مجموعہ پیش کر رہے ہیں کہ

اشعارِ کیف خیز و دل افزا کی منتظر
تحسین و آفرین ہے غزل ابتدا کرو

اور اس مجموعے کو پڑھ کر کہیں کہیں مان لینا پڑتا ہے، کہ ؎

محدود اب نہیں ہے غزل ابتدا کرو

کرشن موہن کی شاعری ترسیل کی ناکامی کا المیہ نہیں، بلکہ ترسیل کی کامیابی کا طربیہ ہے۔ کرشن موہن کے یہاں غزل کی روایتی زبان اور عجمیت کی لے بھی اتنی ہی نمایاں ہے جتنی کلاسیکی غزل یا کلاسیکیت زدہ غزل میں مل سکتی ہے۔ کرشن موہن کے رنگا رنگ کلام سے مختلف آوازوں، لہجوں، اسالیب اور رنگوں کے شعر پیش کرنا اس تبصرے میں ممکن نہیں لیکن ان تمام رنگوں کے مطالعے اور ان کے تجزیئے سے میں جس نتیجہ پر پہنچا ہوں اس کا ذکر ضروری ہے، اور وہ یہ ہے کہ اگر کرشن موہن ٹھیٹ اردو اور بھاشا کی آمیزش کے امکانات ہی کو زیادہ کھنگالیں تو انہیں کے الفاظ میں "مچھلیاں ڈھونڈھتے، موتی بھی میسر ہوں گے"۔ ان کے جال میں سات دریاؤں کا مال جمع ہے۔ اگر وہ اس ایک اسلوب پر ہی زیادہ توجہ کریں تو شاید وہ سے زیادہ موتی فراہم کر کے اردو شاعری کو دے سکیں۔

(وحید اختر)

Muslim Political Thought And Activity in India - During The First Half of the Nineteenth Century By Toufiq Ahmed Nizami.

سیاست کو سائنس کہا جاتا ہے مگر یہ کوئی ایسی سائنس نہیں ہے جس کے اصول و قاعدے منضبط اور طے شدہ ہوں۔ اس کا تعلق انسان کے ذہن و شعور سے ہے جن میں وقتاً فوقتاً تبدیلی ہوتی رہتی ہے اور ہر طبقے اور ہر فرقے کا رویہ الگ الگ ہوتا ہے اس لئے کسی فرقے یا طبقے یا قوم کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ اُن کے سیاسی اطوار کا گہرا مطالعہ کیا جائے۔ صرف چند مفروضات یا پیش یا افتادہ اصول پر اُن کا جائزہ لینا درست نہیں۔

ہندوستانی مسلمانوں کے سیاسی افکار و خیالات اور سیاسی سرگرمیوں کے بارے میں بہت کم لکھا گیا ہے اور جو کچھ لکھا گیا ہے اس میں اُن امور کا غیر جانبدارانہ اور صحیح مطالعہ نہیں کے برابر ہے۔ آزادی سے قبل مسلمانوں کے مسائل سے متعلق کئی کتابیں شائع ہوئی ہیں لیکن اُن میں سے بیشتر کے مصنف انگریز تھے اور اُن کا اپنا سوچنے کا ڈھنگ تھا کیونکہ اُنہیں تقاضائے جہانبانی کو بھی پیش نظر رکھنا ہوتا تھا۔ کچھ اچھی کتابیں اُردو میں بھی لکھی گئی ہیں لیکن زبان کی وجہ سے اُن کا حلقہ محدود رہا۔

ملک میں مسلمانوں کے سیاسی کردار کے بارے میں اکثریت کے ذہنوں میں جو غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔ اُن کی ایک بڑی وجہ یہی ہے کہ مسلمانوں کے سیاسی کردار کے روشن پہلو بہت کم منظرِ عام پر آتے ہیں مسلمانوں نے کس طرح روزِ اوّل ہی سے انگریزی حکومت سے لوہا لیا اور ملک کی آزادی کے لئے کیا کیا قربانیاں کی ہیں، ضرورت اس بات کی ہے کہ ان امور کو خصوصاً انگریزی زبان میں، زیادہ سے زیادہ تعداد میں پیش کیا جائے اس لحاظ سے جناب توفیق احمد نظامی کی زیر نظر کتاب ہندی مسلمانوں کے سیاسی افکار و اطوار کے علم میں ایک اہم اضافہ ہے

مصنف نے اپنا جائزہ صرف انیسویں صدی کے پہلے پچاس برسوں تک محدود رکھا ہے جو مسلم سیاست کے نقطہ نظر سے ایک اہم دور تھا ان کا جائزہ شاہ ولی اللہ کی تصنیف حجۃ البلاغہ سے شروع ہوتا ہے۔ پھر اُن کے فرزند شاہ عبدالعزیز کے کارنامے اور ان کی مختلف تصانیف پر روشنی ڈالی گئی ہے اس کے بعد ہندی مسلمانوں کے سیاسی کردار پر ایک خصوصی رنگ چڑھنے لگا جس میں بغاوت، سرکشی، مذہبیت الگ الگ زمانے میں نمایاں ہوئیں۔ وہابی تحریک، سید احمد شہید کا جہاد، شاہ محمد اسمٰعیل شہید کے کارناموں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

یہ کتاب محض ایک تاریخی دستاویز نہیں ہے بلکہ جہاد اور ہجرت اور انگریزی حکومت کے معاشی حالات پر بھی مختلف پہلوؤں سے بحث کی گئی ہے۔ انداز تحریر شگفتہ ہے بحیثیت مجموعی یہ ایک کارآمد کتاب ہے جس کا مطالعہ ہندوستانی مسلمانوں کے مسائل سے دلچسپی رکھنے والے ہر شخص کو کرنا چاہئے۔

کتاب کی قیمت دس روپے ہے اور تحریر مینر پبلیکیشنز علی گڑھ سے دستیاب ہو سکتی ہے۔

(سید آفتاب احمد)

30 لاکھ عورتیں غلط نہیں ہو سکتیں

پچھلے چار برسوں میں 30 لاکھ عورتوں نے اپنی مرضی سے لوپ لگوائے۔ اُنہیں معلوم ہے، کہ لوپ مؤثر ہے۔ یہ حمل روکنے کا سب سے زیادہ قابلِ اعتبار طریقہ ہے۔

یہ سادہ ہے۔ لیڈی ڈاکٹر اسے چند ہی منٹوں میں لگا دیتی ہے۔

یہ نکلوایا جا سکتا ہے۔ جب آپ چاہیں کہ آپ کے دوسرا بچہ ہو تو آپ لوپ نکلوا سکتی ہیں۔

یہ کارآمد ہے۔ اگر لوپ آپ کو راس ہے، تو آپ کو کسی اور طریقے کی ضرورت نہیں۔ لوپ آپ کی جنسی مسرت میں دخل انداز نہیں ہوتا۔

یہ بے ضرر ہے۔ اس سے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ تکلیف ہو بھی جائے، تو بہ آسانی سے دور کیا جا سکتا ہے۔

محتاط مطالعہ اور مشاہدے کے بعد ڈاکٹروں نے رائے دی ہے کہ لوپ عورتوں کے لئے موافق ہے۔ جن عورتوں کو لوپ راس نہیں، وہ دوسرے طریقوں سے اپنے بچوں کی پیدائش میں وقفہ رکھ سکتی ہیں۔ وہ بچوں کی تعداد بھی اپنے اختیار میں رکھ سکتی ہیں۔

مزید جانکاری اپنے قریب ترین فیملی پلاننگ سینٹر سے حاصل کریں۔

فیملی پلاننگ سے متعلق مشورہ اور خدمت مفت ہے۔



لیڈی ڈاکٹر کا اعتبار کریں

افواہ کا اعتبار نہ کریں



گرونانک کی پانچ سویں سالگرہ کی تقریبات کے موقع پر امرتسر میں گرونانک یونی ورسٹی کا قیام عمل میں آیا۔ صدر جمہوریہ ہند نے ۲۴ نومبر ۱۹۶۹ء کو اس یونی ورسٹی کا سنگ بنیاد رکھا۔

تصویر میں (دائیں سے بائیں) سری اجل سنگھ گورنر تامل ناڈو، سری جی ایس ڈھلوں اسپیکر لوک سبھا، سری ڈی سی پاؤٹے گورنر پنجاب، سری گری۔ سنت فتح سنگھ، سری گورنام سنگھ وزیر اعلیٰ پنجاب۔

گرونانک کی پانچ سویں سالگرہ کے موقع پر ۲۲ نومبر کو دہلی میں ایک بڑا ہی رنگا رنگ اور شاندار جلوس نکالا گیا جس میں لاکھوں افراد نے شرکت کی۔





Vol. 28 No. 6 AJKAL (Monthly) January 1970

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by the Asian Art Printers Private Ltd., D. B. Gupta Road, New Delhi.

آجکل

۶۰ پیسے

فروری ۱۹۷۰ء

Osmania University Library
HYDERABAD 7 (A.P.)





۱۹۶۸ء کا بھارتیہ گیان پیٹھ انعام ہندی کے عظیم شاعر سمترا نندن پنت کو دیا گیا۔ اُنہیں یہ انعام اُن کی نظموں کے مجموعے "چدمبرا" کے لئے دیا گیا ہے۔ اس مجموعے میں پنت جی کی ۱۹۳۷ء سے ۱۹۵۷ء کے درمیان لکھی گئی نظموں کا انتخاب شامل ہے۔

ملک کا یہ سب سے بڑا ادبی انعام ۱۹ دسمبر کو ایک شاندار تقریب میں وگیان بھون (نئی دہلی) میں صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری نے دیا۔ وسط میں سری بی گوپالا ریڈی گورنر یوپی کھڑے ہیں۔

"چدمبرا" کو ۱۹۴۵ء سے ۱۹۶۱ء کے درمیان ہندوستان کی تمام علاقائی زبانوں کی تخلیقات میں اعلیٰ ترین تخلیقی اور ادبی شاہکار قرار دیا گیا اور اس کا اعتراف کرتے ہوئے اُنہیں واگ دیوی کا کانسی کا ایک مجسمہ اور ایک لاکھ روپے کا چیک پیش کیا گیا۔

۷۹ سالہ سمترا نندن پنت ۴۰ کتابوں کے مصنف ہیں جن میں سے ۳۳ شعری مجموعے ہیں۔

اُردو کا مقبول عوام مصور ماہنامہ

آجکل

دہلی

ایڈیٹر

شہباز حسین

سب ایڈیٹر

نند کشور وکرم

جلد ۲۸ ——— شمارہ ۷

فروری ۱۹۷۰ء

ماگھ پھاگن شک سمہ ۱۸۹۱

سرورق، گورچرن اروڑہ

ترتیب

ملاحظات		۲
غالب کا اُنا	عرش ملسیانی	۳
غزلیں	غلام ربانی تاباں۔ کنول پرشاد کنول	۷
کشمیری شاعری پر غالب کا اثر	غلام نبی خیال	۸
نظمیں	سوچ — کرشن موہن	۱۲
	ساکار — صادق	
مکالمۂ غالب (ڈرامہ)	مرتضیٰ حسین بلگرامی	۱۳
بنگلہ شاعری پر غالب کا اثر	انل برن گنگولی	۲۱
غزل	انیس امام	۲۲
شیش محل (کہانی)	بدیع الزماں	۲۳
اُردو کے چند مسیحی شعراء	ڈی اے ہیریسن قربان	۲۹
غزل	سلطان اختر	۳۵
قیمتی کھلونے	ظہیر صدیقی	۳۵
سمندروں کی افادیت	بدیع الزماں اعظمی	۳۶
بچہ (کہانی)	شردن کمار	۴۰
غزلیں	قاسم صہبا جیلی۔ عبدالرحیم نشتر	۴۳
	رسا جاودانی۔ ایم اے نسیم سرونجی	
جدید اُردو شاعری — میری نظر میں	بدرالزماں	۴۴
نئی کتابیں		۴۶

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ

شہباز حسین ایڈیٹر آجکل پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

سالانہ چندہ ہندوستان میں: سات روپے : پاکستان میں: سات روپے (پاک)

دیگر ممالک میں: ۱۰ شلنگ ۶ پنس یا ڈیڑھ ڈالر

قیمت فی پرچہ ہندوستان میں: ۶۰ پیسے : پاکستان میں: ۶۰ پیسے (پاک)

دیگر ممالک سے: ۱ شلنگ یا ۱۵ سنیٹ

مرتبہ و شائع کردہ

ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

مئی دہلی میں سماجی ترقی کی کونسل کی طرف سے منعقدہ ایک سمینار میں تقریر کرتے ہوئے صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری نے فرمایا ہے کہ ہندوستان کے دستور میں ہر شہری کو کام کرنے کا حق اور زندہ رہنے کا حق دیا گیا ہے۔ لیکن ہم آبادی سے متعلق ایک مناسب اور موزوں پالیسی پر عمل کئے بغیر ہر شخص کی بنیادی ضرورتوں کو پورا نہیں کر سکتے۔

آپ نے کہا کہ اس مسئلے کو دو طرح سے حل کیا جانا چاہئے۔ مانع حمل طریقوں سے متعلق جو شکوک و اندیشے خصوصی طور سے دیہی آبادی میں پائے جاتے ہیں، انہیں دور کیا جائے اور نئے شادی شدہ جوڑوں کو خاندانی منصوبہ بندی کی اہمیت اور افادیت سے باخبر کیا جائے اور شادی کی عمر بڑھا دی جائے۔

عالمی ادارۂ خوراک کے سابق ڈائرکٹر جنرل سری بی۔ آر سین نے کہا کہ ادارۂ مذکور کے ایک جائزے کے مطابق ۱۹۸۵ء تک دنیا کی آبادی میں ایک بلین (۱۰۰ کروڑ) کا اضافہ ہو جائے گا جس میں سے ہندوستان کی آبادی میں ۳۰۰ ملین (۳۰ کروڑ) کا اضافہ ہو جائے گا۔

ملک کی موجودہ صورت حال اس بات کی متقاضی ہے کہ ملک کا ہر فرد خاندانی منصوبہ بندی کی اہمیت کو سمجھے اور ملک کے مسائل کو حل کرنے میں ہاتھ بٹائے۔

کسی ملک کی تعمیر و ترقی میں اس ملک کے باشندوں کی اختراعی صلاحیتیں بے حد اہمیت رکھتی ہیں۔ آزادی کے بعد ملک کی دانش گاہوں، علمی اداروں اور کارخانوں میں تلاش و تحقیق کا عمل جاری ہے اور ان کے نتیجے میں بہت سی ایسی مشینیں یا طریقہ کار دریافت کئے گئے ہیں جن پر عمل کرنے سے وقت اور پیسے کی بچت خصوصاً غیر ملکی زرمبادلہ کی بچت ہو سکتی ہے۔ حکومت نے ایک ایسا ادارہ قائم کر رکھا ہے جو اس طرح کی تمام اختراعات کی چھان بین کرتا ہے اور جن افراد اور اداروں نے قابل تعریف کام کیا ہے انہیں نقد انعامات، اعزاز اور سرٹیفکٹ بھی دیتا ہے۔

۱۷ دسمبر کو ایسی ہی ایک تقریب میں صدر جمہوریہ ہند نے ۳۶ اشخاص اور متعدد اداروں کو مختلف قسم کی اختراعات کے لئے انعامات اور اعزازات دیئے۔

---

۲۴ اکتوبر ۱۹۶۹ء کو جناب ندرت کانپوری کا کانپور میں انتقال ہو گیا وہ



ایک قادر الکلام، کامل فن اور خوش فکر شاعر تھے۔ انہیں حسرت موہانی کے معاصر جناب سخا شاہ جہاں پوری سے شرف تلمذ حاصل تھا لیکن وہ اپنے میلان طبع کے باعث حسرت اور مومن کے رنگ میں لکھتے رہے۔ ان کا دیوان "موج رنگ" کے نام سے طبع ہو چکا ہے۔ ادارہ ان کی موت پر اپنے دلی رنج کا اظہار کرتا ہے۔

علمی اور ادبی حلقوں میں یہ بات نہایت افسوس کے ساتھ سنی جائے گی کہ ۱۵ اور ۱۶ دسمبر کی درمیانی شب کو دہلی میں جناب واقف مراد آبادی کا انتقال ہو گیا۔



سید یعقوب الحسن واقف ۲۶ اکتوبر ۱۹۰۴ء کو سنبھل ضلع مراد آباد میں پیدا ہوئے۔

مرحوم اپنے مزاحیہ کلام خصوصاً اپنے مزاحیہ قطعات کی وجہ سے مشاعروں میں بے حد مقبول تھے۔ اپنے اس مخصوص رنگ سے قطع نظر انہیں مرثیہ گوئی قصیدہ گوئی اور نعت و منقبت سے خاص شغف تھا اور انہوں نے ہر صنف سخن میں طبع آزمائی کی ہے۔ ان کی موت یقیناً ایک سانحہ ہے اور ادارہ اس غم میں ان کے پسماندگان کا شریک ہے۔



غالب اور انا

عرش ملسیانی

انا انسان کی انتہائے خودی سے پرورش پاتا ہے نفسیاتی طور پر یہ کہنا غلط نہیں کہ ہر شخص میں تھوڑا بہت انا ضرور ہوتا ہے، لیکن کہیں بیدار اور کہیں خفتہ۔ افتخارِ نسب، غیر معمولی ذہانت یا پیغمبرانہ کمال اس کے موجب ہوتے ہیں پہلے یہ تعلّی یا تفاخر کی صورت اختیار کرتا ہے۔ ان حدوں سے گزرتا ہے تو گرد و پیش کے عالم کو ہیچ قرار دیتا ہے کسی کی دل شکنی ہو تو اس کی پروا نہیں کرتا بلکہ شیخ علی حزیں کے قول کے مطابق دل شکنی کو ایک فریضہ قرار دیتا ہے ؎

گر دلِ ایں مخزن کین است کہ مردم دارند
ہر کہ یک دل شکند کعبہ آباد کند

انا کو حسبِ حال خوراک مل جائے تو اس کا زور کم ہو جاتا ہے البتہ اگر مایوسی اور نامرادی شاملِ حال رہے تو اس کی شدّت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ہمارے اُردو شعراء میں غالبؔ اور یگانہ ایسے شاعر ہوئے ہیں جو نامرادی کا شکار ہوئے اور ان کے انائے شدّت کی صورت اختیار کی۔

یگانہ کا مطمحِ نظر یہ تھا ؎

خود پرستی کیجئے یا حق پرستی کیجئے
یاس کس دن کے لئے ناحق پرستی کیجئے

لیکن اپنی تمام تعلّیوں، تفاخر اور انا پسندی کے باوجود انہوں نے شکست کا اعتراف کیا۔ ؎

خدا بنے تھے یگانہ مگر بنا نہ گیا

لکھنؤ والوں نے جب اُن کے منصب کو نہ پہچانا تو وہ کہہ گئے ؎

مزارِ یاس پہ کرتے ہیں شکر کے سجدے ؛ دُعائے خیر تو کیا اہلِ لکھنؤ کرتے

اردو اور فارسی شعراء میں تعلّی اور تفاخر کا رواج عام رہا ہے۔ کچھ لطفِ سخن کی خاطر، کچھ سخن گسترانہ طور پر اور کچھ معاصرانہ چشمک کی وجہ سے یہ دوں کی لیتے رہے ہیں۔

غالبؔ اور ذوق کے سہروں کے مقطعے تعلّی کی نمایاں مثال ہیں۔

غالبؔ نے کہا۔

ہم سخن فہم ہیں غالبؔ کے طرفدار نہیں ؛ دیکھیں اس سہرے سے کہہ دے کوئی بہتر سہرا

کسی نے اس کا مذاق اُڑاتے ہوئے تعرّف کیا ؎

ہم طرف دار ہیں غالبؔ کے سخن فہم نہیں ؛ دیکھیں اس سہرے سے کہہ دے کوئی بہتر سہرا

تعلّی کی چند اور مثالیں ملاحظہ فرمائیے۔

سوداؔ۔ سوداؔ کی جو بالیں پہ مچا شور قیامت
خدّام ادب بولے ابھی آنکھ لگی ہے

میرؔ۔ طرف ہونا مرا مشکل ہے میرؔ اس شعر کے فن میں
یونہیں سودا بھی ہوتا ہے سو جاہل ہے کیا جانے

انیسؔ ۔ خبر کرو مرے خرمن کے خوشہ چینوں کو
ہم آسمان سے لائے ہیں اِن زمینوں کو

جوشؔ ملیح آبادی کہاں تصوّر پستی بلند بینوں کو
ہم آسمان سے لاتے نہیں زمینوں کو

دبیرؔ ۔ مشتاق سخن خلق چلی آتی ہے
لو مرثیہ پڑھنے کو دبیر آتا ہے

انشاءؔ اک طفلِ دبستاں ہے فلاطوں مرے آگے
کیا مُنہ ہے ارسطو کا کرے چوں مرے آگے

مصحفیؔ ۔ مجنوں منم چرا دگرے رنج می بَرد
در حصّۂ من آمدہ لیلائے شاعری

ناصر علی سرہندیؔ ۔ ایں شوخیٔ غزل گفتن علی از کس نمی آید
بہ ایراں می فرستم تا کہ بنویسد جوابش را

عرفی شیرازی کی انانیت تو ضرب المثل ہے۔ حکیم ابوالفتح کی خدمت میں رہا۔ اُس کی موت کے بعد خان خاناں سے وابستہ ہوگیا۔ اس نے عرفی تخلص اس لئے اختیار کیا کہ وہ معزز خاندان سے تھا اور ایران کے اکثر شعراء معمولی خاندانوں سے تھے۔ خاقانی پڑھئی تھا۔ فردوسی باغبانی کرتا تھا اور باقر کاشانی خردہ فروش تھا۔ اساتذۂ سلف کا نام بڑی تحقیر سے لیتا تھا۔

انصاف بدہ ابوالفرج وانوری امروز ؛ بہر چہ غنیمت نشمارند عدم را
رُوح اللہ زاعجاز نفس دشمن شاں باد ؛ تامن قلم انداز م دیگرند قلم را

نازش سعدی بہ شست خاک شیراز چہ بود ؛ گر نمی دانست باشد مولد و ماوائے من
دم عیسیٰ تمنا داشت خاقانی کہ برخیزد ؛ بہ امداد صبا اینک فرستادم سبزانش

اس نے یہ یک وقت دو ممدوح نہیں بنائے۔ چنانچہ فخریہ کہتا ہے

یک منعم و یک نعمت و یک منت و یک شکر
صد شکر کہ تقدیر چنیں راند قلم را

اُردو میں نسیم دہلوی اور داغ اپنی زبان پر ناز کرتے رہے اور تعلّی آمیز شعر کہتے رہے۔ اب آئیے غالب اور اُس کے انا کا جائزہ لیں۔

غالب نے "سو پشت سے ہے پیشۂ آبا سپہ گری" کی بات کہی۔ ایک قطعے میں اپنے آبا و اجداد پر فخر کیا۔

غالب از خاک پاک تورانیم ؛ لاجرم در نسب فرہ مندیم
ترک زادیم و در نژاد ہمے ؛ بستر گانِ قوم پیوندیم
ایکیم از جماعۂ اتراک ؛ در تمامے زماہ دہ چندیم
فن آبائے ماکشا ورزیست ؛ مزرباں زادۂ سمرقندیم
ورز معنی گزار دہ ؛ خود چہ گویم تا چہ و چند بم
ہم بہ تالش ببرق ہمنفسیم ؛ ہم بہ بخشش بہ ابر مانندیم
تبلا شیکہ ہست فیروزیم ؛ تبلا شیکہ نیست خرسندیم
ہمہ بر خویشتن ہمی گریم ؛ ہمہ ہر روزگار می خندیم

یہ قطعہ غالب کے نسبی انا کی بہت ہی بدیہی مثال ہے۔ اسی غرور نسب نے غالب کو عمر بھر چین نہ لینے دیا۔ وہ انا کی اُن منزلوں پر اُڑا کہ اُس کے پیش رَوؤں میں عرفی کے سوا کوئی مثال نہیں ملتی۔ اس کے ہم عصروں میں تو کہاں ملے گی۔ اپنی بے کسی اور محرومی کا جواز بھی غالب نے شرافت نسبی کو قرار دیا۔

ہر آنکہ در نگری جز بہ جنس مائل نیست
عیار بے کسیٔ من شرافت نسبی است

غالب نے ساقی سے خطاب کیا ہے تو بھی اپنی عالی نسبی کا ذکر کرکے کہا ہے کہ شراب مرے حوالے کر۔

ساقی چو من پشنگے و افراسیا بیم ؛ دانی کہ اصل گوہر ہرم از دودۂ جم است
میراث جم کرمے بود اینک بمن سپار ؛ زیں پس رسد بہشت کہ میراث آدم است

غالب کلکتے گئے، پنشن میں اضافہ چاہتے تھے وہ نہ ہونا تھا نہ ہوا۔ غالب کا انا اور تیز ہوا۔ قتیل کے شاگردوں اور مداحوں سے جھگڑا مول لے لیا۔ جب دیکھا کہ یوں کام نہیں چلے گا تو مثنوی باد مخالف لکھی جو بہ ظاہر معذرت مگر دراصل ایک بھرپور طنز ہے سخنوران کلکتہ کی تعریف کی ہے۔ اپنا انکسار ظاہر کیا ہے۔ اس کے بعد بلا تکلف کہہ گئے۔

دامن از کف کم چگو نہ رہا ؛ طالب و عرفی و نظیری را
خاصہ رُوح و روان معنی را ؛ آن ظہوری جہان معنی را
آنکہ از سرفرازیٔ قلمش ؛ آسماں ساست پرچم علمش
فتنۂ گفتگوئے اینانم ؛ مست لائی سبوئے اینانم

آنکہ مے کردہ ایں مواقف را
چہ شناسد قتیل و واقف را

ہندوستان کے فارسی لکھنے والوں میں، امیر خسرو، ابوالفیض فیضی مرزا عبدالقادر بیدل، ناصر علی سرہندی علی، یہ صف اوّل کے لوگ ہیں۔ اُن کے بعد دوسری صف میں ہیں، مولوی غیاث الدین عزت رام پوری، مرزا محمد حسن قتیل دہلوی، احسن اللہ ممتاز، عبدالواسع ہانسوی، ملا محمد اکرام غنیمت کنجاہوی، نورالعین واقف پٹالوی (ثم لاہوری) ان میں سے غالب نے امیر خسرو دہلوی کو مانتے تھے۔ قتیل و واقف کی شان میں تو آپ ملاحظہ فرما چکے کہ کس بے تکلفی، برجستگی اور بے باکی کے ساتھ انہوں نے کہہ دیا ؎

آنکہ مے کردہ ایں مواقف را
چہ شناسد قتیل و واقف را

غالب کے ہم عصروں میں اُن کے پائے کا کوئی شاعر اور ادیب نہ تھا وہ بقول خود مبدار فیاض سے اپنی صلاحیتیں لے کر پیدا ہوئے تھے۔ فارسی نظم ہر صنفِ سخن میں، فارسی نثر، اردو نظم، اردو نثر سب میں ماہر، الغرض وہ چہار پہلو فن کار تھے، نئی طرزِ فکر، نئی طرزِ نگارش اور ترقی پسند ذہنیت لے کر آئے۔ وہ چھوٹے بھیوں کو کس طرح خاطر میں لاتے اُن کا انا کسی طرح بھی برخود غلط نہیں تھا وہ نئی نسل کے لئے ترقی اور تیز روی کے پیغام بر بھی تھے۔

با من میاویز اے پدر فرزند آذر را نگر
ہر کس کہ شد صاحب نظر دینِ بزرگاں خوش نہ کرد

تیشے بغیر مر نہ سکا کوہکن اسد
سرگشتۂ خمارِ رسوم و قیود تھا

ظریف طبع تھے۔ کبھی ظرافت کے پھول کھلاتے تو بھی ایسی بات کہہ جاتے، جس سے اُن کی افضلیت ظاہر ہو۔ میر مہدی مجروح نے خط میں پوچھا کہ دلی میں وبا کا کیا حال ہے۔ تو جواب میں لکھتے ہیں کہ وبا تھی، مرتو جاتا لیکن وبائے عام میں مرنا گوارا نہیں۔ اللہ رے شانِ پندار کہ مرنا بھی اس وقت چاہتے ہیں جب عام لوگ نہ مر رہے ہوں۔

زمانے نے اُن کو کم پہچانا اور وہ ؎

"شہرتِ شعرم بہ گیتی بعد من خواہد شدن،
الا پتے مرگے"، بادشاہ کے دربار میں بھی رسائی کم تھی۔ ذوق بادشاہ کے اُستاد تھے۔ یوں تو ذوق کے ایک شعر پر اپنا پورا دیوان دینے کو آمادہ تھے، وہ شعر یہ تھا۔

؎ اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے
مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے

لیکن مولوی ذکاء اللہ نے لکھا ہے کہ جب ذوق کا انتقال ہوا تو غالب نے کہا سبھٹیاروں کی زبان بولنے والا مر گیا۔ ایک فارسی قطعے میں ذوق کو مخاطب کر کے کچھ شکر کہے ہیں۔ جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُن کا انا انھیں آسودہ ذہن نہیں رہنے دیتا تھا۔ وہ احساسِ برتری کا شکار ہو گئے تھے۔ خیریت گزری کہ وہ احساسِ برتری بہت حد تک حقیقت پر مبنی تھا۔ ذوق کی طرف روئے سخن ہے۔

(۱) فارسی بیں تا بہ بینی نقش ہائے رنگ رنگ
بگذر از مجموعۂ اردو کہ بے رنگ من است

(۲) کے درخشد جوہر آئینہ تا باقیست زنگ
صیقلِ آئینہ ام ایں جوہرِ آن زنگ من است

(۳) راست می گویم من و از راست سر نتواں کشید
ہر چہ در گفتار نمخوتست آن ننگ من است

سہروں کے حادثے کے بعد جو "معذرت" لکھی اس میں بھی جگہ جگہ ذوق پر چوٹیں ہیں۔ مفتی صدرالدین آزردہ اُن کی فارسی دانی کے قائل نہ تھے۔ ایک دن ایک غزل اُن کو سنائی اور کہہ دیا کسی ایرانی کی غزل ہے وہ داد دینے لگے۔ پھر کیا تھا انھیں مخاطب ہو کر یہ مقطع پڑھا۔

تو اے کہ محوِ سخن گستراں پیشینی
مباش منکرِ غالب کہ در زمانہ تست

مردہ پرست دُنیا کے لئے یہ شعر تازیانۂ عبرت ہے۔ غالب کی نظر میں وسعت تھی، وہ ایجاد پسند تھے اور تقلید کے قائل نہ تھے جب انھیں پتہ چلا کہ کوئی اور شخص اسد تخلص کرتا ہے تو انہوں نے اپنا تخلص اسد سے غالب کر لیا۔

قاطع برہان ۱۸۶۲ء میں چھپی تو ایک ہنگامہ بپا ہو گیا اس

کشمیری شاعری پر غالب کا اثر

غلام نبی خیال



سب سے پہلے سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کسی شاعر یا ادیب کا کسی دوسرے قلم کار یا ادیب پر اثر کیا معنی رکھتا ہے اور اس کی حقیقت کس طرح نمایاں کی جاسکتی ہے۔ بابائے نے ایک بار کہا تھا کہ یہ اثر رفتہ رفتہ دل میں اُترتا جاتا ہے اور بعد میں یا تو دیر تک یا شاعر کے کسی خاص دَور میں اس کے اپنے اسلوب اور ہیئت کا جامہ اوڑھ کر ظاہر ہوجاتا ہے۔

گوئٹے نے جب حافظ کو پڑھا تو بلبلِ شیراز کی نغمہ باریاں اس کے دل و دماغ پر اس والہانہ انداز سے چھا گئیں کہ اثر پذیری کے اس خوش گوار ماحول میں دیوانِ مغربی کی تخلیق ہوئی اور یہی دیوانِ مغربی بعد میں اقبال کے پیامِ مشرق جیسے شہرۂ آفاق مجموعہ کا باعث بن گیا۔ اثر قبول کرنے کا عمل بعض اوقات اس انداز سے بھی ظہور میں آجاتا ہے۔ کہ خود غالب جب کسی فارسی شاعر کا یہ شعر پڑھتا ہے ؎

بوئے گل نالۂ دل دودِ چراغِ محفل

ہر کہ از بزم تو برخاست پریشاں برخاست

تو وہ کہتا ہے ؎

بوئے گل نالۂ دل دودِ چراغِ محفل

جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

اسی شعر کو اثر پذیری کی حدود سے نکال کر توارد ہی نہیں بلکہ سرقہ تک کہا جاسکتا ہے۔

ایک شاعر سے دوسرے کا اثر لینا ہی اس تاثر کی قوت اور افادیت کو ثابت نہیں کرتا بلکہ آئینے کے مطابق جب یہ اثر دوبارہ کسی نہ کسی شکل میں ظاہر ہوجائے تو اس کے وجود کو تسلیم کیا جاسکتا ہے۔ آج اگر کشمیری شاعری میں چند ایسے اشعار بھی نظر آرہے ہیں جن پر غالب کے اندازِ بیان یا تخیل کا گمان ہوتا ہے تو اس کے یہ معنی نہیں ہوتے کہ یہ شاعری غالب سے متاثر ہوئی ہے۔ پڑھنے کو یوں تو غالب کے تقریباً سبھی کشمیری شاعروں نے پڑھا ہوگا اور دیوانِ غالب کے صفحات اُلٹنے کے بعد بار بار کہا ہوگا۔

؎ میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے

لیکن آج تک ہمارا ایسا کوئی سخن ور نہیں گزرا ہے جس کا بھرپور مطالعہ کرنے کے بعد ہم اس اثر کے موجود ہونے کا دعویٰ کرسکتے ہیں۔

غالب کا ذکر ہی کیا آج تک کشمیر کا کوئی شاعر برصغیر کے کسی شاعر سے پوری طرح متاثر نہیں ہوپایا ہے۔ جہاں تک اقبال کا تعلق ہے وہ تو یوں سمجھئے کہ مذہبی لحاظ سے ہمارے چند سخن وروں نے اُس کی تقلید کی ہے۔ اس لاتعلقی کی کئی وجہیں ہیں۔ جن میں کشمیر کی جغرافی

حد بندی کو بھی دخل ہے اس سلسلے میں اگر تاریخی، لسانی اور تہذیبی پس منظر کو زیر بحث لایا جائے تو وہ بجائے خود ایک طویل مقالہ کی شکل اختیار کر سکتا ہے جس کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔

میرے خیال میں ہمارے شاعروں کے غالب سے متاثر نہ ہونے کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ غالب کو ایک محبوب شاعر اور مشاق استاد کی حیثیت سے پڑھنے اور سمجھنے میں جس دلچسپی اور انہماک کی ضرورت ہے وہ انہیں شاید کبھی پیش ہی نہیں آئی اور غالب کے گہرے اور سرور بخش مطالعے سے کسی حد تک وہ محروم ہی رہے۔ نتیجے کے طور پر جب آج کشمیری شاعری پر غالب کے اثر پر قلم اٹھایا جاتا ہے تو یہ اثر مجھے معشوق کی مکر کی طرح دکھائی دیتا ہے۔ اور میں خود سے سوال کرتا ہوں۔

؎ کہاں ہے کس طرف ہے اور کدھر ہے ؟

ماسٹر زندہ کول یوں تو بہت بے باکی کے ساتھ کہتے ہیں ؎

یُتھ اثر کرہِ غالبن اکھ شارتیتھ سپڈیا اثر
واعظ ہئے کرہِ تیر واعظکی ممبرس پیٹھ خالے

(اگر واعظ منبر پر اپنے واعظ کے سبھی تیر خالی کر دے پھر بھی سامعین پر اتنا اثر نہیں ہو سکتا جتنا غالب کا ایک شعر کر سکتا ہے۔)

—— بہر حال ذرا غور سے دیکھا جائے تو یہ حقیقت بھی صاف نظر آتی ہے کہ کشمیری زبان کے بالخصوص جدید شعراء کے ذہنی دریچوں میں سے وہ روشنی ضرور گزری ہے جو غالب کا آفتاب شاعری سالہا سال سے دنیا کے بے شمار سخن فہموں اور سخن سنجوں کے فکر اور تخیل پر برسا رہا ہے۔

کشمیر میں فارسی مدتوں تک سلاطین اور حکام کی مادری زبان رہی ہے۔ ایک طویل عرصہ پھیلے ہوئے اس دور میں فارسی زبان کشمیر کی علمی اور ثقافتی فضاؤں پر اس حد تک حاوی رہی کہ ہر شاعر نے فردوسی۔ نظامی اور سعدی و حافظ کو دل و جان سے پڑھا اور ان سے خوشہ چینی کر کے کشمیری شاعری کے دامن کو مالا مال کیا یہ وہ زمانہ ہے جب ہماری شاعری میں مثنوی داخل ہوئی اور فارسی زبان کی رزمیہ اور بزمیہ مثنویوں کے تراجم یکے بعد دیگرے کشمیری شاعری کے سرمایہ میں اضافہ کرتے رہے کلاسیکی فارسی ادب سے حد درجہ متاثر ہونے کی وجہ سے کشمیری شاعری نے اردو کی طرح بحور و اوزان بھی فارسی ہی سے لے، اور ہماری شاعری میں مثنوی کے ساتھ ساتھ غزل اور نظم جیسی اصناف نے بھی جگہ پائی۔ ممکن ہے کہ محمود گامی اور رسول میر کی نظروں سے غالب کی چند غزلیں گزری ہوں لیکن غالب کی بدقسمتی یہ تھی کہ وہ خود زندگی میں کبھی مقبول شاعر نہیں بنا اور زمانے کی بے اعتنائی کے شکار اس شاعر کو محمود اور رسول میر نے بھی حسب توقع نظر انداز ہی کیا ہوگا۔

غالب کی شاعری کی صدائے بازگشت کشمیر میں سب سے پہلے اس وقت سنائی دیتی ہے جب ہم مہجور کا یہ شعر پڑھتے ہیں۔

چانہ کیتھ مہجور چاوان عارفن آبِ حیات
مانہ منتھ درویشِ کامل آسہ ہکھ نے حلقہ دار

(مہجور اتمہاری باتیں عارفوں کے لئے آب حیات ہیں۔ اگر تو پٹواری نہ ہوتا تو ہم تجھے درویش کامل مانتے۔)

اور ہر ایک کو غالب کا یہ مقطع یاد آجاتا ہے ؎

یہ مسائلِ تصوف یہ ترا بیان غالب
تجھے ہم ولی سمجھتے جو نہ بادہ خوار ہوتا

مہجور کا ہی ایک اور مشہور شعر ہے ؎

چھِ کرِ نازنین کانہہ سیود روئے ہاوان
توکہ آب منزہ زون ڈلان ٹانٹھ یارد

(نازنین کسی کو اچھی طرح سے چہرہ نہیں دکھاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ پانی میں عکس ماہ ہمیشہ تھرتھراتا رہتا ہے)

اس شعر کا شمار مہجور کے حسین ترین ابیات میں ہوتا ہے۔ غالب کا بھی ایک مصرع ہے ؎

کہ عکس ماہ در آبِ رواں بجنباند

اور صاف نظر آتا ہے کہ مہجور نے اپنے شعر کا حسن غالب ہی سے مستعار لیا ہے۔

مہجور نے یہ مصرع کہہ کے بھی ؎

داتہِ عشقہِ دینہ موجب حسنہ کس مالس زکواۃ

(عشق کے مذہب کے مطابق حسن کے مال پر زکوٰۃ عائد ہوتی ہے۔)

غالب کے اس شعر سے استفادہ کیا ہے ؎

زکوٰۃِ حُسن دے اے جلوۂ بینش کہ مہر آسا
چراغِ خانۂ درویش ہو کاسہ گدائی کا

اور غالب کا شعر پڑھ کر حافظ شیرازی کا یہ شعر یاد آجاتا ہے ؎

تو صاحبِ نعمتی من مستحقم
زکوٰۃِ حُسن دہ حق دارم امشب

عبدالاحد آزاد کے سوانح حیات پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنے مطالعہ میں دیوانِ غالب پر کلام اقبال کو ترجیح دی ہے۔ ایک غریب کشمیری گھرانے میں پیدا ہونے کے ناتے اور حد درجہ حساس ہوتے ہوئے اُن کے ذہن کی نشو و نما طبقاتی امتیاز سے بھرے ہوئے ماحول میں ہوئی۔ آزاد اتنے پڑھے لکھے نہیں تھے کہ وہ غالب کی نزاکتوں میں ڈوبنے کی فکر کرتے اور اقبال کی اُن ہنگامہ خیز اور جذبات انگیز نظموں سے لطف نہیں لیتے جو انہیں اپنے محسوسات کی ترجمان معلوم ہوئیں۔ پھر بھی کبھی کبھی ایسا گمان ہوتا ہے کہ آزاد غالب سے غافل نہیں رہے بلکہ انہوں نے بھی دانستہ یا نادانستہ طور پر غالب کو اپنے ذہن سے خارج کرنے کی جرأت نہیں کی ہے۔ اُن کے ایک گیت کے دو شعر ہیں ؎

بالی سہ ہے چھ بے وفا میون امارتس کیاہ کرے
سورہ وُنس محبتس زور تہ زار کیاہ کرے
نیرہ بر سینہ ڈاری ڈاری زندہ یہ پان ماری ماری
تیر کمان چاری چاری میر شکار کیاہ کرے

(اے سہیلی وہ بے وفا ہے۔ میری محبت اُس پر کوئی اثر نہیں کرتی ہے۔ اس کا پیار تو اب ختم ہو رہا ہے اور میری آہ و زاری سے کیا فائدہ ہو سکتا ہے۔ میں اپنا سینہ تان کر اور جان بکف ہو کے نکلوں گا۔ مجھے یہ دیکھنا ہے کہ وہ شکاری تیر و کمان لے کر کے میرے ساتھ کیا سلوک کرنے والا ہے۔)

اب غالب کو بھی ملاحظہ کیجئے۔ وہ کہتا ہے ؎

نکالا چاہتا ہے کام کیا طعنوں سے تو غالب
ترے بے مہر کہنے سے وہ تجھ پر مہرباں کیوں ہو

اور

آج واں تیغ و کفن باندھے ہوئے جاتا ہوں میں
عذر میرے قتل کرنے میں وہ اب لائیں گے کیا

آزاد کے یہاں سے چند مثالیں دینے کے بعد غالب کو اگر کشمیر کی جدید شاعری میں ڈھونڈھنے کی کوشش کی جائے تو اُسے ایک ایسی مبہم اور موہوم شکل ہی میں تلاش کیا جا سکتا ہے جس کے خط و خال کبھی صاف صاف ہو کے سامنے آجاتے ہیں اور بسا اوقات اُن میں تفصیلات کو دیکھنے اور جانچنے کا کوئی راستہ نظر نہیں آتا۔

راہی کے اس شعر پر ؎

ہاؤسن ہندی حدمتیہ ژھانجالے بارہا
زانھ تہ نواند وُاتی یم افسانہ تے

(میں نے بار بار اپنی تمناؤں کی حدیں تلاش کیں لیکن یہ افسانے کبھی تکمیل کو نہیں پہنچے)

غالب کے اس شعر کی چھاپ اور گہرا تاثر نمایاں طور پر نظر آتا ہے جس میں اُس نے ہر شے کو پانے کے بعد بھی ہر شے کو پانے کی تمنا کرتے ہوئے کہا ہے ؎

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
بہت نکلے مرے ارمان لیکن پھر بھی کم نکلے

البتہ ہماری شاعری میں ایسے بھی متفرقات اور مفردات ملیں گے جن کو پڑھ کے گمان ہوتا ہے کہ شاعر نے غالب کو ضرور پڑھا اور سمجھا ہے اس کے فکر و خیال کی داد دی ہے لیکن اپنے خیال پر اس کے تصورات کو حاوی نہیں ہونے دیا ہے۔ مثال کے طور پر غالب کا شعر ہے ؎

عشرتِ پارۂ دل زخمِ تمنا کھانا
لذتِ ریشِ جگر غرقِ نمک داں ہونا

اور کشمیری میں اس شعر کی دھیمی دھیمی صدائے بازگشت اس شعر میں سنائی دیتی ہے ؎

شوق لاگان چھُ خونِ دل داوس
زانھ تہ عاشق کھیا کلک خیرات

(شوق اپنے خونِ دل کو داؤ پر لگا دیتا ہے اور عشاق سر کی خیرات

قبول نہیں کرتے۔

کشمیری شاعری پر غالب کے ہمہ گیر اثر کو ثابت کرنے کے لئے ممکن ہے کہ بعض متوقع قسم کی شعری یا اصطلاحی یا تصوری مماثلت کا سہارا لیا جائے لیکن اس قسم کے نوادر تو ہر زمانے میں اور ہر شاعری میں پائے جاتے ہیں

خواجہ اکرم دردمند کشمیری زبان کا ایک ناخواندہ شاعر گزرا ہے جس کی علمی استعداد "کریما نام حق" کے صفحات تک ہی محدود تھی اُس کا ایک مصرع ہے ؎

چھ تقدیر شیشہ تہ تدبیر سنگ

(تقدیر شیشہ ہے اور تدبیر سنگ)

یہ کیسے کہا جا سکتا ہے کہ دردمند نے یہ مصرع چاسر کو پڑھ کر موزوں کیا ہے جس نے کہا تھا ؎

اپنے مٹی کے برتن کو قضا کی آہنی دیوار کے ساتھ مت ٹکراؤ

غالب کا ایک مشہور شعر ہے ؎

تھا خواب میں خیال کو تجھ سے معاملہ
جب آنکھ کھل گئی تو زیاں تھا نہ سود تھا

ہمارے ایک ہم عصر شاعر عارض نے بھی، جن کا حال ہی میں انتقال ہوا ہے لاشعوری طور پر اور یقیناً غالب سے اثر لئے بغیر دیکھئے اسی خیال کا کتنا ہی پیارا شعر کہا ہے ؎

خابہ منزٔ سوٗوم نرہ درف تراوتھ نرہ شاند تھاوتھ گوم
خاب اوس خابی چشمہ مژ راوتھ سئ ژور ژھیپ دتھ گوم

اس نے خواب میں اپنے محبوب کو اپنی بانہوں میں سلایا لیکن خواب تو خواب ہی تھا اور جب میں جاگا تو وہ دزدِ دل دل لے کر کے بھاگ چکا تھا)

غالب اور کشمیری شاعری کے تعلق کے پیشِ نظر میں سمجھتا ہوں کہ یہ مضمون تشنۂ تکمیل ہی رہے گا جب تک کہ اُن شاعروں کا بھی تھوڑا سا تذکرہ سامنے نہ آجائے جو کشمیری الاصل تھے اور جنہیں غالب کی شاگردی کی سعادت حاصل ہوئی۔

سرزمینِ کشمیر سے جتنے بھی سخن ور غالب کے شاگرد ہو گزرے ہیں، بدقسمتی سے اُن کے حالاتِ زندگی اور کلام کے بارے میں مکمل تفصیلات آج دستیاب نہیں لہذا یہاں پر ایسے صرف تین شاعروں کا ذکر کیا جائیگا۔

کشمیر میں رہنے والے خواجوں کا ایک خاندان جب بسلسلہ تجارت ڈھاکہ چلا گیا تو اس خاندان میں عبدالغفار اختر جیسا چشم و چراغ پیدا ہوا۔ اختر کو فارسی اور اُردو پر مکمل دسترس حاصل تھی اور دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ فارسی میں وفا، ریختہ میں نزاکت اور اُردو میں اختر تخلص تھا۔ اختر نے صرف فارسی کلام پر غالب سے اصلاح لی ہے اُن کے کچھ اشعار یہ ہیں ؎

گر خضر نے عمرِ جاودانی پائی
یا آبِ حیات کی نشانی پائی
کیا ناز کرے اُس پہ کہ جب اختر
مرنے کے لئے یہ زندگانی پائی

پنڈت لچھمی نراین مفتوں کے آبا و اجداد کشمیر میں اُونچے عہدوں پر فائز تھے۔ اپنے وطن پر نامساعد حالات کی ستم ظریفی سے عاجز آکر مفتوں فرخ آباد میں جا کر بس گئے جہاں وہ ترقی کرتے کرتے شہر کے میونسپل کمشنر بن گئے اور اعزازی مجسٹریٹ کا رتبہ پایا۔ فارسی شاعری میں مہارت کے علاوہ نستعلیق خط میں بھی جانکاری حاصل کی۔ نمونے کے چند شعر یوں ہیں ؎

عمر گزری کہ تری راہ میں ہم بیٹھے ہیں
پر ابھی شوق یہ کہتا ہے کہ کم بیٹھے ہیں
کیونکہ بیت الصنم عشق سے اُٹھیں مفتوں
اب تو اللہ کی ہم کھا کے قسم بیٹھے ہیں

نواب سید محمد ذکریا خاں ذکی کشمیر سے جا کر دکن میں آباد ہوئے۔ ۱۸۵۷ء کے پُرآشوب زمانے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ بھاگتے رہے اور ۱۹۰۳ء میں بدایوں میں وفات پائی۔ دیوانِ ذکی اُن کی زندگی ہی میں شائع ہوا جس پر غالب کی لکھی ہوئی چند سطور بھی رقم تھیں ذکی کا نمونۂ کلام یہ ہے ؎

تمکین وضع طرزِ تبسم میں دیکھئے
انداز اس کی شوخیٔ طبعِ سلیم کا
حیف صد حیف ذکی زندگی تلخ تیری
بے کسی کا اگر انجام یہ ہو مر جانا

●●

سوچ

سوچ سے ہوں اس لئے ہیں پاؤں بھاری
ہر قدم سنکوچ جیسے
سوچ میرے پاؤں کی ہو موج جیسے
سوچ میری انگلیوں میں سوچ میرے بازوؤں میں
سوچ میرے پاؤں میں ہے
سوچ بیداری کی دھوپ اور نیند کی بھی چھاؤں میں ہے
سوچ ہے آنکھوں میں ساری
سوچ ہے پلکوں پہ طاری
سوچ میری پیٹھ میں، کانوں میں سوزاں
سوچ شانوں میں فروزاں
سوچ ہر اک رنگ میں ہے
ذہن و دل ہی میں نہیں یہ جسم کے ہر انگ میں ہے
سوچ میرا جسم جیسے
خود سے بھی انجان سا، ہلکان سا ہوں
نوچتی ہے سوچ ایسے

سوچتا تیرا زور اتنا شور اتنا
چھوڑ بھی دے سوچ آخر موت سے بڑھ کر نہیں تو
زیست سے باہر نہیں تو

خود فراموشی کہاں ہے تو کہاں ہے
تیری مدہوشی کہاں ہے
تیری خاموشی کہاں ہے
اے فراموشی، وفا کوشی، ہم آغوشی تری، ہے آرزو اب
دل کو تیری جستجو اب
آ بھی جا اب، چھا بھی جا تو،
سوچ کر اب کھا بھی جا تو

کرشن موہن

آج کل دہلی



صادق

سا کار

پہاڑوں کی تنہائیاں
خود عذابی کے احساس کا کوئی اظہار
زخموں کی تضحیک سے اس طرح نہ کریں
کہ مسائل کے چہرے بگڑتے بگڑتے
بگڑتے چلے جائیں، لیکن

چٹانوں کے اسرار
عظمت کے کھسکتے ہوئے زاویوں کے لئے
پتھری راستوں کے تراشوں پہ چوکور
بدقسمتی لیپ کر
اپنے گھوڑوں پہ تہذیب کی ہڈیاں لاد دیں

. . . اور سارے محقق وہیں
ایک ماقبل تاریخ یگ کا ادھورا شلا لیکھ
پڑھنے کی کوشش میں یوں ہی
سمندر، سمندر، سمندر پکاریں
اور دیکھیں کہ سارے سمندر وہیں
اُن کے پیروں تلے ریت میں
ڈوبتے ڈوبتے
ڈوبتے جا رہے ہیں مگر

چند تبدیلیاں
جھاگ کے رُوپ میں
یوں اُپھنتی چلی جا رہی ہیں
کہ سوچوں کے پھیلاؤ
پھر سے سکڑتے چلے جا رہے ہیں
اور ہزاروں برس قبل کے لوگ
ہاتھوں میں پتھر کے ہتھیار لے کر
کسی غار سے
جوق در جوق نکلے چلے آ رہے ہیں
تمہیں یاد ہے
اُن سے پہنے میں اک دیوتا نے کہا تھا
کہ تم
ایک بے لفظ تاریخ میں کچھ اضافی تصور سجا کر
کسی بھی طرح
اپنے بے آربٹ ذہن کو
ساری انسانیت کی بقا کے لئے
ایک زنجی مقدر بنا کر
ادھورے شلا لیکھ کی شکل دینا
کہ گزرے زمانوں میں جب کچھ محقق
انھیں ڈھونڈ لیں بھی تو پڑھنے کی کوشش میں یوں
سمندر، سمندر، سمندر پکاریں
اور دیکھیں کہ سارے سمندر وہیں
اُن کے پیروں تلے
ریت میں . . .





افراد

غالب : اسداللہ خاں غالب

مہر : مرزا حاتم علی مہر

کلو : ملازم غالب

مقام : دہلی

(غالب ایک چارپائی پر نصف لیٹے بیٹھے کسی کتاب کے مطالعہ میں مصروف دکھائی دیتے ہوں قریب ہی تپائی پر دو گلاس اور دو بوتل رکھی دکھائی دے۔ دیوار پر کیلنڈر آویزاں ہو۔ چارپائی کے پاس ایک مونڈھا جس پر خوش نما گدا اور جھالر دار غلاف چڑھا ہوا ہو، رکھا ہو۔ فرش بچھا ہو۔ ایک کونے میں گاؤ تکیہ اور چھوٹا سا قالین بچھا ہوا دکھائی دے۔ مرزا کی چارپائی کے دوسرے رخ ایک اسٹول پر قلم دوات رکھی دکھائی دے کچھ سادہ کاغذ بھی)

کلو : (سامنے حاضر ہو کر) مہر صاحب آئے ہیں

غالب : (چونک کر) ارے کلو تمہاری عمر ساٹھ سے زائد ہونے کو آئی مگر کلام کا طریقہ نہیں آیا۔

کلو : (حیران ہو کر) آخر کیا بات ہو گئی

غالب : لوہا پارس ہو جائے گا۔ سونا کندن ہو جائے گا مگر تم کو تمیز نہ آئے گی۔

کلو : کہاں سے آئے۔ لڑکے بالے۔ بیگم، پوتا، پوتی سب بھرے ہیں مگر آپ نہ شراب سے بچتے ہیں۔ نہ اناپ شناپ سے

غالب (خفا ہوتے ہوئے) یہ اناپ شناپ کیا ہوتی ہے۔

کلو : میں کیا جانوں۔ مگر سنا ہے بڑھاپے میں زہر ہے۔ باہر میاں مہر کھڑے ہیں۔

غالب : کیا مصرع کہا ہے میں تو بھول ہی گیا۔ جاؤ پیشوائی کرو، اور ہمارے صاحب کو لے آؤ

کلو : (جاتے ہوئے) الفاظ بھی مجرے والوں کے استعمال کریں گے

غالب : کیا کہا .... (کچھ سمجھ کر) مجرے والے ؟

(کلو باہر دروازے کے چلا جاتا ہے، مہر کو بلانے کے لئے مرزا بولے تے رہتے ہیں)

ارے بوڑھے کون اس بدعت کا ہے۔ تو، تیرا باپ یا تیرا دادا؟ دیکھو بستو .....

مہر : (کمرے میں داخل ہوتے ہوئے) تسلیم! (مگر مرزا اپنا کلام جاری رکھتے ہیں۔) دیکھو مرزا مہر۔ تم گواہ ہو کہ "سو پشت سے ہے پیشہ، آبا سپہ گری" — یہ تو وقت کے کھیل ہیں جنھوں نے مجھے سان پر رکھ کر اور بھی زنگ آلود کر دیا ہے۔ ایک طرف دنیا کا غم، دوسری جانب امراؤ بیگم کا ستم۔ نہ اندر چین، نہ باہر سکون۔ اسی غم سے نجات کی خاطر کبھی کبھی "سادہ پانی" یا "عرق بادہ" لے لیتا ہوں جی بہلا لیتا ہوں۔

مہر : حضرت تسلیم۔ آپ اس وقت سوانیزہ کا آفتاب کیوں بنے ہوئے ہیں۔

غالب : بھئی کیا کروں۔ یہ منہ چڑھے لوگ۔ غالب کے منہ آتے ہیں اور

بے جا کلام کرتے ہیں۔ کبھی مجرے والا کہتے ہیں۔ کبھی پانی والا۔

کلو : (مونڈھا مہر کے قریب کرتے ہوئے) اے میاں کیوں گنہگار ہوتے ہیں۔ میں نے یہ بات نہ سوچی۔ نہ کہی۔ میں تابعدار۔ سدا کا غلام۔ جیتے جی مر رہا ہوں۔ نمک کھایا ہے۔ جو ایسی بات خیال میں بھی آئی ہو۔

غالب : تم پھر کلام کرنے لگے۔ بات کو طول دینے لگے۔ حالاں کہ تم۔ اور تم بھی (مہر کی طرف) گواہ ہو کہ شراب کو حرام اور ساقی کوثر پر ایمان رکھتا ہوں۔

مہر : ہاں ابھی کچھ دن ہوئے اس مسئلہ پر آپ نے جو خط مجھے لکھا تھا . . . . . اس میں اپنے مسلک کا یہ شعر لکھا تھا۔

غالب شعر نہ کہو۔ حقیقت کہو۔ ہاں۔ کیا تھا۔

مہر : بہت سہی غم گیتی شراب کم کیا ہے
غلام ساقیٔ کوثر ہوں مجھ کو غم کیا ہے

غالب : ہاں : علاقۂ محبت ازلی کو برحق مان کر اور پیوندِ غلامی جناب مرتضیٰ علی کو سچ مان کر ایک بات کہتا ہوں کہ بنیائی اگرچہ سب کو عزیز ہے مگر شنوائی بھی تو آخر ایک چیز ہے۔

مہر : بیشک۔ مگر اس بات کا یہ محل کیا ہے؟

غالب : لو۔ تم بھی میر کلو کے ہم نشیں، حاشیہ نشیں ہو گئے، کیا؟۔

مہر : اب آپ جو بھی خیال کریں

غالب : خیال کیا۔ یہ مردود ازلی۔ نامراد۔ ناگفتار میر کلو ناہنجار میرے باب میں اول فول بکتا رہتا ہے۔ ہر آئے گئے کے سامنے ذلیل و خوار کرتا ہے۔ خیر۔ ہم تم دوست دیرینہ ہیں۔ تم نے سلام کا جواب نہ پاکر بھی گلہ، شکوہ نہ کیا . . . .

مہر : بخدا۔ میرے تو حاشیۂ خیال میں بھی یہ بات نہ رہی تھی۔

غالب : اب تو آگئی۔ سبحان اللہ۔ چشم بد دور۔ کیوں نہ ہو۔ اردو کی راہ کے تو سالک ہو۔ گویا اس زبان کے مالک ہو۔ فارسی بھی خوبی میں کم نہیں۔ مشق شرط ہے۔ اگر کہے جاؤ گے لطف پاؤ گے۔

مہر : عنایت ہے کرم ہے۔

غالب : خیر۔ اپنا حال سناؤ۔ میں نے سنا تھا کہ تم کہیں کے صدر امین ہو گئے ہو۔ اگر ایسا ہے تو پھر کیوں اکبرآباد میں خانہ نشین ہو۔ اس ہنگامے میں تمہاری صحبت حکام سے کیسی ہے؟

مہر : شکر ہے۔ غنیمت ہے۔

غالب : ہاں یہ تو بتاؤ کہ راجہ بلوان سنگھ کو جو دو ہزار مہینا سرکار انگریزی سے مقرر ہوا تھا۔ اب بھی ملتا ہے یا نہیں؟

مہر : خدا علیم ہے۔ ہندو مسلمان، اہلِ صنعت و حرفہ سب تباہ حال ہیں۔ شہر فارکی مٹی پلید۔ غربا بہ مرگ قریب۔ دلی اجڑ گئی۔ لکھنؤ ویران ہو گیا . . . .

غالب : ہائے تم نے کیا بات یاد دلا دی۔ لکھنؤ کچھ نہیں کھلتا کہ اس بہارستان پر کیا گزری؟ اموال کیا ہوئے؟ اشخاص کہاں گئے؟ خاندان شجاع الدولہ کے زن و مرد کا کیا انجام ہوا؟ قبلہ و کعبہ حضرت مجتہد العصر کی سرگزشت کیا ہے؟ گمان کرتا ہوں کہ بہ نسبت میرے تم کو زیادہ آگہی ہو۔

مہر : لکھنؤ کی بہار پر خزاں نے ڈیرا ڈال دیا ہے۔ نواب اور اُن کے محل، بے محل ہو گئے۔ ڈیرہ دارنیاں ادھر اُدھر اور متوسلین دربدر پھر رہے ہیں۔ مجتہد العصر سے آپ کی مراد کس سے ہے۔ اُن کا پتہ بتایئے۔ تو کچھ عرض کروں۔

غالب : پتا مسکن مبارک کا "کشمیری بازار" سے زیادہ نہیں معلوم ظاہرا اس قدر کافی ہوگا۔

مہر : کوشش کروں گا۔ لیکن عرصہ دراز سے نہ آپ نے مجھے دعا لکھی۔ نہ خیریت منگائی۔ یہ شکوہ نہیں زمانے کا اقتضا ہے . . .

غالب : بندہ پرور آج ۵ مارچ ۱۸۵۸ء ہے۔ یاد کرو، لکھو، فقیر شکوے سے بُرا نہیں مانتا۔ مگر شکوے کے فن کو سوائے میرے کوئی نہیں جانتا۔ شکوے کی خوبی یہ ہے کہ راہ راست سے منہ نہ موڑے اور دوسرے کے واسطے جواب کی گنجائش نہ چھوڑے۔ کیا میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ مجھ کو تمہارا فرخ آباد جانا معلوم ہو گیا تھا۔ اس واسطے خط نہیں لکھا تھا۔ کیا میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں نے اس عرصے میں کئی خط بھجوائے اور وہ اُلٹے پھر آئے۔

مہر : کہہ دیجئے۔ سنا تو رہے ہیں۔

غالب : ارے تم شکوہ کاہے کا کرو۔ اپنا گناہ میرے ذمہ دھرتے

ہو۔ نہ جاتے وقت لکھا کہ کہاں جاتے ہو، نہ وہاں جاکر لکھا کہ کہاں رہتا ہوں؟ آج تم آئے ہو تو دید و ادید ہو رہی ہے۔ کہو! اپنے وعدے پر صادق ہوں یا نہیں۔

مہر : آپ کی صداقت تو ہر حال میں رہے گی۔

غالب: لغو بات۔ بس دردمندوں کو زیادہ ستانا اچھا نہیں۔ مجھے معلوم ہے کہ مرزا تفتہ سے تم فقط ان کے خط نہ لکھنے کے سبب سرگراں ہو میں بھی نہیں جانتا وہ ان دنوں کہاں ہیں۔ آج توکلت علی اللہ سکندرآباد خط بھیجتا ہوں۔ دیکھوں کیا دیکھتا ہوں:۔

مہر : آپ کا فرمانا بجا۔ مگر آپ ہی بتایئے عجب راہ و رسم کا یہی ایک بہانہ رہ گیا ہو تو پھر اور کیا کیا جائے۔ نہ مجروح کا علم، نہ مرزا تفتہ کی خبر، نہ شیونرائن کیفیت، نہ آپ کا حال معلوم؟

غالب: میری کیا خیریت و حال، جیسا ہوں تمہارے سامنے ہوں (آواز دے کر) کلو۔ اے کلو۔

کلو : (سامنے حاضر ہو کر) جی حضور

غالب : ذرا بھائی طاقت و توانائی کی دوا لے آؤ۔ تھک گیا ہوں۔ قویٰ جواب دے رہے ہیں۔

کلو : (جاتے ہوئے پھر تپائی پر سے گلاس لے کر) دوا حاضر ہے آپ کی۔

غالب : (تیکھی نظر سے) یہ آپ کی تخصیص کیا ضروری تھی؟ یہاں میرے سوا اور کوئی بیٹھا ہے ناشدنی؟

کلو : (سر جھکا کر) حضور مرزا مہر بھی تو حاضر ہیں۔

غالب: انہیں مہر نہ کہو صدر امین کہو، عہدہ وکالت کی مبارکباد دو اور کہو کہ موکلوں سے کام لیا کیجیے۔ جھوٹ بولنا میرا شعار نہیں۔ کیا خوب بول چال ہے۔ انداز اچھا۔ روزمرہ صاف، جھڑکیوں کا استغاثہ کیا کہوں کیا مزا دے رہا ہے۔ ہاں مرزا مہر تو تم شاکی ہو کہ مرزا علائی خاں کو میں نے جو خط لکھا تھا، اس کی تفصیل سے تم کو بے بہرہ رکھا۔

مہر : شکوہ کیسا اور گلہ کیسا؟ حق بات تھی۔ عرض کی گئی۔

غالب: میں نے غالباً . . . . ایک اور خط بھی علائی خاں کو لکھا تھا جس کا خلاصہ یہ تھا۔

"۔ . . . میری بی بی اور بچوں کو، کہ یہ تمہاری قوم کے ہیں مجھ سے لو کہ میں اب اس بوجھ کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے بھی یہ شوشہ ان لوگوں کے لوہار ہو جانے کے۔ اس خواہش کو قبول کیا، میرا قصد سیاحت کا ہے۔ پنشن اگر کھل جائے گی تو وہ اپنے صرف میں لایا کریں گی جہاں جی لگا، وہاں رہ گیا، جہاں سے دل اکھڑا چل دیا۔"

مہر : (قطع کلام کرتے ہوئے) آپ کو ایسا نہیں لکھنا چاہئے تھا۔

غالب کیوں بھئی کیوں۔ سولہ برس کی عمر سے بیڑی پڑی ہے ستر برس کی عمر ہونے کو آئی۔ آخر کب تک گلے کا کٹھلا بنائے رکھو گے۔ حد بھی ہے، نہ یار، نہ مددگار، آمدنی مفقود، وسائل محدود کیا مسدود، اس پر بوڑھی قصور کا بوجھ، کہاں تک اٹھاؤں۔ تم کیا جانو۔ افتاد کیسی ہے، زمانہ کا کیا اقتضا ہو گیا ہے؟

مہر : کوئی خاص بات؟

غالب : مرزا یوسف علی خاں سے تو تم واقف ہو گئے؟ وہ آٹھ دس ماہ سے اس شہر میں مقیم ہیں۔

مہر : (حیرت سے) اچھا

غالب : ہاں ایک ہندو امیر کے گھر مکتب کا سا طور کر لیا ہے۔ میرے ہی مسکن کے پاس ایک مکان کرایہ پر لے لیا ہے۔ اس میں رہتے ہیں۔

مہر : میں ان سے ملوں گا۔

غالب : اکثر تمہارا ذکر خیر ہوتا ہے۔ دو روز سے "شعاع مہر" کو دیکھ رہے تھے وہ اب ہر وقت یہیں تشریف رکھتے ہیں۔ رات کو تو پھر چھ گھڑی کی نشست روز رہتی ہے۔ ابھی یہیں سے اٹھ کر مکتب کو گئے ہیں۔

مہر : افسوس بھی ہوا، خوشی بھی، افسوس ان کی مجبوری کا، خوشی آپ کے قرب کی۔

غالب : خیر اس میں خوشی کی کیا بات ہے۔ تم کو سلام کہا کرتے ہیں۔ اور "شعاع مہر" کے مداح و "بیان بخشالیش" کے مشتاق ہیں ان کو خط بھیجنا ہو تو میرے مکان کا پتہ لکھ دینا۔ یہ بھی تم کو معلوم رہے کہ میرے خط کے سرنامے پر محلے کا نام لکھنا ضروری نہیں، شہر کا نام اور میرا نام۔ قصہ تمام۔ ہاں۔ یار عزیز کے خط پر میرے مکان کے قریب کا پتا ضرور رہے۔

(کچھ یاد کرتے ہوئے) ارے یار مہر۔ یہاں دو خبریں مشہور ہیں۔ اُن کے باب میں تمہاری تصدیق چاہتا ہوں۔

مہر : وہ کون سی ؟

غالب : ایک تو یہ کہ لوگ کہتے ہیں کہ آگرے میں اشتہار جاری ہوگیا ہے اور ڈھنڈورا پٹ گیا ہے کہ کمپنی کا ٹھیکہ ٹوٹ گیا ہے اور بادشاہی عمل ہندوستان میں ہوگیا . . . .

مہر : اور دوسری ۔

غالب : دوسری یہ کہ جناب ایڈمینسٹن صاحب بہادر، گورنمنٹ کلکٹر کے چیف سکرٹر ۔ اکبر آباد کے لیفٹیننٹ گورنر ہوگئے۔ خبریں دونوں اچھی ہیں خدا کرے سچ ہوں۔ اور سچ ہونا اُن کا تمہارے کہنے پر منحصر ہے۔

مہر : یہ تو حقیقت ہے۔ لیکن ایڈمینسٹن صاحب سے آپ کے کیا تعلق ؟ دشمن قوم کا فرد۔ دشمن !۔

غالب : سب درست مگر ایڈمینسٹن صاحب بہادر قدرشناس اور قدر افزا شخص ہیں۔ اُن کو اپنا محسن اور مربی جانتا ہوں۔ کافر نہیں جو احسان نہ مانوں ؟۔

مہر : میں نے یہ کب کہا ؟

غالب : اچھا۔ یہ تو بتاؤ۔ کہ "دستنبو" کا چھاپا تمام ہوا۔ اور قصیدہ چھاپے کر ابتدا میں لگا دیا گیا ؟۔

مہر : "دستنبو" زیر طبع ہے۔ قصیدہ کا مسودہ منشی شیو نرائن کے پاس پہنچ گیا ہے اور انہوں نے اس کا چھاپنا شاید قبول کر لیا ہے۔

غالب : پھر یہ بتاؤ۔ مدت انتظار کب انجام پائے گی ؟ کتابوں کی روانگی کی خبر مجھ کو کب آئے گی ؟ تمہاری فرط توجہ کا سب طرح یقین ہے مگر سیاہ قلم کی پانچوں وصیں بھی بن گئی ؟۔ جلدوں کا بنانا تو چھاپے کے اختتام پر موقوف ہے ؟

مہر : امید ہے کہ اکتوبر (۱۸۵۸ء) تک یہ کام انجام پا جائے اور چالیس جلدوں کا پشتارا آپ کے پاس آجائے۔

غالب : خوب ہو۔ خدا کرے نثر کی تحریر انجام پا گئی ہو۔ قصیدے نے چھپنے کی نوبت بھی آگئی ہو اور قصیدے کا نثر سے لگانا از راہ اکرام و اعزاز ہے ورنہ تم واقف ہو کہ نثر میں اور صنعت۔ نظم کا اور انداز ہوتا ہے۔ لہٰذا یاد رکھنا۔ قصیدے اور "دستنبو" کے بیچ میں ایک ورق سادہ چھوڑ دیا جائے گا۔

مہر : ایسا ہی ہوگا۔

غالب : ایک کام اور ہے۔

مہر : وہ کیا ؟

غالب : رائے امید سنگھ کو اندر خط لکھو کہ اب وہ کتابیں تیار ہونے کو آئی ہیں۔ آپ کی خدمت میں کہاں بھیجی جائیں ؟ کیا پتہ لکھا جائے۔ یہ خط جواب طلب ہو جائے گا۔ اور اُن کو جواب لکھنا پڑے گا۔

مہر : تعمیل ارشاد ہوگی اور جیسے ہی جلدیں تیار ہوئیں پانچ سات ارسال کرا دی جائیں گی۔

غالب : نہیں۔ توجہ کی ضرورت ہوگی۔ اگرچہ جانتا ہوں کہ کاریگروں کے دیر لگانے سے تم بھی مجبور ہو گئے مگر ایسا کچھ کرنا ہے کہ آنکھوں کی نگرانی اور دل کی پریشانی دور ہو۔ خدا کرے ایسا ہو اور منشی شیو نرائن کی قلمی و تحریر کے مطابق ۳۳ جلدیں اور تمہارے قول کے مطابق سات جلدیں عنقا بھی جلد آجائیں۔ تاکہ خاص و عام کو جا بجا جا سکیں۔

مہر : مناسب ہے مگر اب کچھ ارشاد اس کے سوا بھی تو ہو۔

غالب : وہ کیا بھئی ؟

مہر : کچھ واردات قلبی ! کچھ کلام تازہ !!

غالب : میرا کلام میرے پاس کبھی کچھ نہیں رہا۔ نواب ضیاء الدین خاں اور حسین مرزا جمع کر لیتے تھے۔ انہوں نے لکھ لیا۔

مہر : اُن کا تو گھر ہی لٹ گیا نا ؟۔

غالب : گھر لٹا، ہزاروں روپے کا کتاب خانہ برباد ہوا۔ اب میں اپنے کلام کو دیکھنے کو ترستا ہوں۔

مہر : پھر بھی کچھ تو حافظہ میں ہوگا۔

غالب : نہیں بھئی۔ کئی دن ہوئے ایک فقیر، کہ وہ خوش آواز بھی ہے اور زمزمہ پرداز بھی ہے۔ ایک غزل میری کہیں سے لکھوا لایا۔ اس نے وہ کاغذ مجھ کو دکھایا یقین سمجھنا کہ مجھ کو رونا آیا۔

مہر : غزل کون سی تھی۔

غالب : کیا کروگے ؟ سن لو۔ مرثیہ ہے مرثیہ۔

مہر : پھر عطا ہو۔

غالب : تو لو سنو۔ مگر شرط یہ ہے کہ رونا نہیں، گریہ نہ کرنا۔ عتاب نہ نازل کرنا۔ صبر و شکر سے سننا۔ اور مرضی مولا کا اقرار کرنا۔

غزل یہ ہے۔

درد منت کشِ دوا نہ ہوا ؛ میں نہ اچھا ہوا برا نہ ہوا
جمع کرتے ہو کیوں رقیبوں کو ؛ اک تماشا ہوا گلا نہ ہوا
ہر زنی ہے کہ دل ستانی ہے ؛ لے کے دل دل ستاں نہ ہوا
ہے خبر گرم اُن کے آنے کی ؛ آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا
زخم گر دب گیا لہو نہ تھما ؛ کام گر رک گیا روا نہ ہوا
کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب ؛ گالیاں کھا کے بے مزا نہ ہوا
کیا وہ نمرود کی خدائی تھی ؛ بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا
جان دی، دی ہوئی اسی کی تھی ؛ حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

کچھ تو پڑھیے کہ لوگ کہتے ہیں
آج غالبؔ غزل سرا نہ ہوا

مہر : سبحان اللہ، کیا مرصع غزل ہے۔ لیکن مجھ پر عمدہ طنز ہے۔ کیا اور بھی کلام یاد تھا اُسے ؟

غالب : یہ دو شعر خصوصیت سے سنائے تھے۔

کسی کو دے کے دل کوئی نوا سنجِ فغاں کیوں ہو
نہ ہو جب دل ہی پہلو میں تو پھر منہ میں زباں کیوں ہو

مہر : اور دوسرا ؟

غالب : (پڑھتے ہیں)

دلا، یہ درد و الم ہے تو مغتنم ہے کہ آخر
نہ گریۂ سحری ہے، نہ آہ نیم شبی ہے

مہر : خوب، خوب۔ مرزا صاحب: "سحر ہوگی" "خبر ہوگی" کی زمین میں یہاں کوئی شعر حافظے میں ہے۔ ؟

غالب : (یاد کرتے ہوئے) ایک شعر سن لو۔

تمہارے واسطے دل سے مکاں کوئی نہیں بہتر
جو آنکھوں میں تمہیں رکھوں، تو ڈرتا ہوں نظر ہوگی

مہر : واہ، خوب، خوب اُردو کا کیا اچھا اسلوب ہے۔ اور کچھ ؟

غالب : ہاں یاد آیا۔ "کیا کہیئے" "بھلا کہیئے" کی زمین میں یہاں ایک بار طرح ہوئی تھی مگر بحر اور ہی تھی۔ کچھ شعر سن لو۔ یہی یاد ہیں۔

کہوں جو حال تو کہتے ہو مدعا کہیئے ؛ تمہیں کہو کہ جو تم یوں کہو تو کیا کہیئے
نہ جان تو جو قاتل کو خوں بہا دیجے ؛ کٹے زبان تو خنجر کو مرحبا کہیئے
سفینہ جب کہ کنارے پہ آ لگا غالبؔ ؛ خدا سے کیا ستم و جور ناخدا کہیئے

مہر : سبحان اللہ۔ خدا کا شکر بجا لاتا ہوں کہ آپ کو اپنی طرف متوجہ پاتا ہوں۔

غالب : یہ تم نے کیا کہا ؟ میرا مام گواہ، خدا گواہ، دنیا والوں میں یہ میرا کلو گواہ ہیں کہ تم برابر یاد آتے ہو اور شاید یہ شعر خاص تمہارے واسطے ہوا ہے۔

لاگ ہو تو اُس کو ہم سمجھیں لگاؤ
جب نہ ہو کچھ بھی تو دھوکا کھائیں کیا

یہی نہیں بلکہ یہ بھی کہتا ہوں۔

موجِ خوں سر سے گزر ہی کیوں نہ جائے
آستانِ یار سے اُٹھ جائیں کیا

تم نے اس وقت میرا دل دکھایا۔ سنتا تھا کہ بلکہ یقین تھا کہ مرزا حاتم علی مہر، طرح دار آدمی ہیں۔ اور تمہاری طرح داری کا ذکر "مغل جان" سے بھی سنا تھا۔

مہر : وہ کب ؟

غالب : جس زمانے میں کہ وہ نواب حامد علی خاں کی نوکر تھیں اور اُن میں مجھ میں بے تکلفانہ ربط تھا۔

مہر : آپ بھی تو اُن کے شیدا تھے ؟

غالب : (قطع کلام کر کے) ہاں، تو میں کہہ رہا تھا کہ ربط تھا، اور اکثر "مغل" سے پہروں اختلاط ہوا کرتے تھے۔ اُس نے تمہارے شعر اپنی تعریف کے بھی مجھ کو دکھائے تھے۔

مہر : (شرماتے ہوئے) شاعری اور حقیقت میں بُعد ہے۔

غالب : اب شرماؤ نہیں۔ بہر حال، تمہارا حلیہ دیکھ کر تمہارے کشیدہ

قامت ہونے پر مجھ کو رشک نہ آیا تھا۔ ؟

مہر: وہ کیوں ؟

غالب: کس واسطے کہ میرا قد بھی درازی میں انگشت نما ہے۔

مہر: کبھی تو رشک آیا ہی ہوگا؟

غالب: ہاں مجھ کو رشک آیا اور میں نے خونِ جگر کھایا تو اس بات پر کہ داڑھی خوب گھٹی ہوئی ہے۔ وہ مزے یاد آگئے۔ کیا کہوں جی پر کیا گزری۔ . . .

مہر: تو اب بھی کیا گیا ہے ؟

غالب: اب ؟ ارے جب داڑھی مونچھ میں سفید بال آگئے، تیسرے دن چیونٹی کے انڈے گالوں پر نظر آنے لگے، اس سے بڑھ کر یہ ہوا کہ آگے کے دو دانت ٹوٹ گئے۔ ناچار مسی بھی چھوڑ دی اور داڑھی بھی۔

مہر: نہ چھوڑتے، کس نے فرمائش کی تھی ؟

غالب: فرمائش کون کرتا۔ کہتا کون ؟ مگر یہ یاد رکھنا کہ اس بھونڈے شہر میں ایک وردی عام ہے۔ ملا۔ حافظ۔ بساطی۔ نیچہ بند، دھوبی، سقہ، بھٹیارا، جولاہا، کنجڑا منہ پر داڑھی، سر پر بال۔ فقیر نے جس دن داڑھی رکھی، اس دن سر منڈوایا، لاحول ولا قوۃ، کیا بک رہا ہوں۔

مہر: یہ خوب کہی۔ اور کچھ . . . .

غالب: ہاں اور اسی طرح کھانے میں اناج کھاتا ہی نہیں ہوں، آدھ سیر گوشت دن کو اور پاؤ بھر شراب رات کو مل جاتی ہے۔ شکر کرتا ہوں اور بس۔

مہر: وضع قطع کی حد تک تو ٹھیک ہے مگر اناج نہ کھانا تو لاغری، کمزوری کو دعوت دینا ہے۔

غالب: ارے میاں۔ اب عمر رواں ہے سیل رواں ہے۔ جو کچھ ہے بہت ہے۔ نہ مال، نہ دولت، نہ در، نہ گھر، یہ دنیا سرا ہے اور وہاں کا سفر پیش راہ ہے۔

مہر: آپ نے ان باتوں میں اپنی اور مغل جان کی رام کہانی اڑا دی۔

غالب: میں نے سنوا دی یا تم اور کچھ سننے کے خواہاں ہو؟

مہر: کچھ اور سے کیا مطلب ؟ میرا ان کا کوئی خاص واسطہ نہیں تھا۔ بس دور کی ملاقات تھی، مدارات نہ تھی۔

غالب: ہم سے نہ کہو منہ نہ کھلواؤ۔ اللہ اللہ ایک وہ زمانہ بھی تھا کہ "مغل" نے تمہارا ذکر مجھ سے کیا تھا اور وہ اشعار جو تم نے اس کے حسن و وصف میں لکھے تھے۔ تمہارے ہاتھ کے لکھے ہوئے، مجھ کو دکھائے تھے۔

مہر: ارے یہاں تک راز دروں بستہ کا انکشاف آپ پر ہو چکا ہے۔ میں نہ سمجھتا تھا کہ "مغل جان" کو واقعی مجھ سے اتنی نفرت اور آپ سے الفت ہو جائے گی کہ وہ میرا نوشتہ بھی آپ کو دکھا دیں گی۔

غالب: ہوش کے ناخن لو۔ اس میں شرم کیسی۔ حجاب کیسا ؟

مہر: حجاب کی بات تو ہے۔

غالب: خیر انشاء اللہ تعالیٰ وہ دن بھی آجائے گا کہ ہم تم باہم بیٹھیں گے اور باتیں کریں گے۔ قلم بے کار ہو چکا ہوگا۔ ہاتھ بھی قلم ہو چکا ہوگا۔ بس زبان برسرِ گفتار آئے گی۔

مہر: مرزا صاحب۔ اب یہ سب نہ ہوگا۔ آپ ہی نے تو کہا تھا۔

گھر میں تھا کیا جو ترا غم اُسے غارت کرتا
وہ جو رکھتے تھے ہم اک حسرتِ تعمیر سو ہے

اب یہاں کیا دھرا ہے جو کوئی لوٹے گا۔ یہ فکر غلط ہے۔ اگرچہ کچھ ہے تو بدیں نمط ہے۔ بس یہی میرا جواب ہے۔

غالب: ایں، کیا ناراض ہو گئے ؟ بھئی میں تو تمہارے استاد اور اپنے دوست صادق الولا ناسخ مرحوم کا ہم خیال ہوں اور اس شعر کا مبلغ۔

خدا سے میں بھی چاہوں از رہ مہر
فروغ میرزا حاتم علی مہر

مہر: وہ بہار اب خزاں رسیدہ ہو گئی، نہ عشق رہا، نہ محبوب، اب تو صرف غمِ عشق باقی رہ گیا ہے۔

غالب: (حیران ہو کر) تم کیا کہنا چاہتے ہو؟ متوحش نہ کرو۔

مہر: حیرت ہے میں یوسف علی خاں عزیز سے نامہ غم افزا آپ کو

روانہ کرا چکا ہوں۔ پھر یہ بے تعلقی ؟

غالب : کیسا نامہ غم افزا بھائی ؟ ۔ میں قطعی لاعلم ہوں۔

مہر : مغل جان سے گفتگو اور باہم اختلاط کا وقت ختم ہو چکا۔ وہ اس دُنیا میں نہ رہی۔

غالب : ہائے یہ کب ؟ سانحہ ۔ شہر آشوب ۔ حادثہ ۔ واقعہ فاجعہ ۔

مہر : اس لئے تو میں نے حسرت تعمیر کا شعر پڑھا تھا۔ مغل جان مری اور میرے گھر مری۔

غالب : واللہ ۔ اس سانحہ سے میں لاعلم تھا۔ یوسف علی خاں نے میرے سامنے اس کا اور تمہارا معاملہ بیان ضرور کیا تھا مگر وہ اس کی اطاعت اور تمہاری اس سے محبت کی داستان تھی۔ سخت اور رنج کمال ہوا۔

مہر : صرف رنج ہی نہیں۔ دل کی دُنیا کی تباہی بھی کہیئے۔

غالب : (سمجھانے کے انداز میں) خیر۔ سنو صاحب۔ شعراء میں فردوسی فقراء میں حسن بصری اور عشاق میں مجنوں۔ یہ تین آدمی تین فن میں سرور اور پیشوا ہیں۔ شاعر کا کمال یہ ہے فردوسی ہو جائے۔ زہد و فقر کی انتہا یہ ہے کہ حسن بصری ہو جائے۔ عاشق کی نمود یہ ہے کہ مجنوں کی ہم طرحی نصیب ہو۔

مہر : مرزا صاحب میں نہ فردوسی ہوں۔ نہ حسن بصری۔ مجنوں تو بے ریا تھا۔

غالب : یہ تمہاری نادانی ہے۔ لیلیٰ اس کے سامنے مری تھی۔ تمہاری محبوبہ تمہارے سامنے مری۔ بلکہ تم اس سے بڑھ کر ہوئے کہ لیلیٰ اپنے گھر میں اور تمہاری معشوقہ تمہارے گھر میں مری۔

مہر : اب جو چاہے کہیئے۔

غالب : تم بھی جو چاہو کہو۔ میں یہی کہوں گا کہ مغل بچے بھی غضب کے ہوتے ہیں۔ جس پر مرتے ہیں اس کو مار رکھتے ہیں۔ میں بھی مغل بچہ ہوں۔ عمر بھر میں ایک بڑی ستم پیشہ ڈومنی کو میں نے بھی مار رکھا تھا۔ خدا ان دونوں کو بخشے اور ہم تم دونوں کو بھی۔ کہ زخم مرگب دوست کھائے ہوئے ہیں۔ مغفرت کرے۔

مہر : (نظر ملاتے ہوئے) یہ کب کا قصہ ہے۔

غالب : چالیس بیالیس برس پہلے کا یہ واقعہ ہے۔ بات یہ کہ یہ کوچہ چھوٹ گیا۔ اس فن سے میں بے گانہ محض ہو گیا۔ لیکن اب بھی کبھی کبھی وہ ادائیں یاد آتی ہیں۔ اس کا مرنا زندگی بھر نہ بھولوں گا۔

مہر : میرا بھی یہی عقیدہ ہے۔

غالب : جانتا ہوں کہ تمہارے دل پر کیا گزرتی ہو گی۔ صبر کرو اور اب ہنگامہ عشق مجازی چھوڑو۔ سعدی کا شعر ہے۔

سعدی اگر عاشقی کنی و جوانی
عشق محمدؐ بس است و آل محمدؐ

اللہ بس ماسوی ہوس

مہر : آپ کا فرمانا بجا، درست۔ مگر حضرت آپ ہی نے تو کہا تھا کہ۔

ہر چند سبک دست ہوئے بت شکنی میں
ہم ہیں تو ابھی راہ میں ہیں سنگ گراں اور

غالب : لیکن اب یہ شعر پڑھا کرو

یارب وہ نہ سمجھیں گے نہ سمجھیں ہیں میری بات
دے اور دل اُن کو جو نہ دے مجھ کو زباں اور

مہر : لیکن میں اب سوا اس کے کیا کہوں ؟ ۔۔ کہ

مرتا ہوں اس آواز پہ، ہر چند سر اڑ جائے
جلاد کو لیکن وہ کہے جائیں کہ ہاں اور

غالب : ہم کو یہ باتیں پسند نہیں۔ پینسٹھ برس کی عمر ہے۔ پچاس برس عالم رنگ و بو کی سیر کی۔ ابتدائے شباب میں ایک مرشد کامل نے یہ نصیحت کی تھی کہ ہم کو زہد و ورع منظور نہیں۔ ہم مانع فسق و فجور نہیں۔ پیو، کھاؤ۔ مزے اُڑاؤ۔ مگر یاد رہے کہ مصری کی مکھی بنو۔ شہد کی مکھی نہ بنو۔

مہر : کس میں یارا ہے جو آپ کا تتبع کرے۔

غالب : بھئی میرا تو اس نصیحت پر عمل رہا ہے۔ کسی کے مرنے کا وہ غم کرے، جو آپ نہ مرے۔ کیسی اشک فشانی، کہاں کی مرثیہ خوانی، آزادی کا شکر بجا لاؤ، غم نہ کھاؤ، اور اگر ایسے ہی اپنی گرفتاری سے خوش ہو تو چنتا جان نہ سہی، متاع جان سہی۔

مہر : یہ تو بوالہوسوں کا شعار رہا۔

غالب : بھائی سنو جب بہشت کا تصور کرتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ اگر

مغفرت ہوگئی اور ایک قصر ملا اور ایک حور ملی۔ اقامت جاودانی ہے اور اسی ایک نیک بخت کے ساتھ زندگانی ہے۔ اس تصور سے جی گھبراتا ہے کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ ہے ہے، وہ حور اجیرن ہو جائے گی۔ طبیعت کیوں نہ گھبرائے گی، وہی زمرد کا خاخ اور وہی طوبیٰ کی ایک شاخ چشم بد دور وہی ایک حور۔ بھائی ہوش میں آؤ، کہیں اور دل لگاؤ۔

مہر: یہ خیالات آپ کو مبارک۔ آپ کا کیا۔ آپ کبھی غالب ہیں کبھی مغلوب۔

غالب: چہ معنی دارد؟

مہر: اور کیا۔ آپ نے علائی خاں کو نہیں لکھا تھا کہ "اپنا نام بدل کر مغلوب رکھ لیا ہے"

غالب: (ہنس کر) بھائی۔ تم تو ہندی کی چندی نکالتے ہو۔ غالب کہو، مغلوب کہو، میں نے جو سوجھی کہا۔ جو خیال میں آیا، سنا دیا۔ میں نے تو یہ بھی کہا تھا۔

ان پری زادوں سے لیں گے خلد میں ہم انتقام
قدرت حق سے یہی حوریں اگر واں ہوگئیں

مہر: خیر حضرت۔ میرا مدعا یہ نہ تھا۔ آپ ناراض نہ ہوں۔ اُف پہر دن ہوئے آیا تھا۔ باتوں میں دوپہر ڈھل گئی۔ اب اجازت مرحمت فرمایئے۔

غالب: اچھا۔ جاؤ۔ رخصت۔ نواب محمد علی خاں، عبدالوہاب، مرزا تفتہ، منشی عبداللطیف اور منشی شیونرائن جو جو ملے سب کو میرا واجب کرنا۔ دعا دینا، دعا کہنا اور دعا کی فرمائش کرنا۔ ●●

جواب طلب امور کے لئے
مناسب سائز کا لفافہ اور
ڈاک کے ٹکٹ ضرور بھیجیے۔

بقیہ غالب کا انا

غالب ایک زندہ اور پائندہ شاعر ہے۔ اس کی محرومیوں نے اس کے انا میں شدت اور کرب کا اضافہ کر دیا اور کبھی کبھی شاعری کو الہام کے درجے تک پہنچا دیا۔ اور وہ بے اختیار کہنے لگا۔

بیا کہ قاعدۂ آسماں بگردانیم

اس کی نظروں میں معمولی شاعر یا کم ظرف افراد تو ایک طرف یہ کائنات کی کائنات ہیچ تھی۔ جبھی تو اس نے مستی میں جھوم کر یہ غزل کہی ہوگی جس کا مطلع ہے ؎

بازیچۂ اطفال ہے دنیا مرے آگے
ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے

شرح بہجم میں سعدی کے باب میں ایک حکایت درج ہے۔

"ایک دفعہ لوگوں کی صحبت سے تنگ آکر بیت المقدس کے صحرا میں بادیہ نورد کی شروع کی۔ اتفاق سے عیسائیوں نے پکڑ لیا اور طرابلس میں خندق کھودنے کے کام پر لگا دیا۔ بہت پریشان ہوئے مگر مجبور تھے۔ اتفاق سے ایک قدیم دوست ادھر سے گزرا۔ پوچھا خیر ہے۔ فرمایا۔

ہمے گریختم از مردماں بہ کوہ و بہ دشت
کہ از خدائے نبودم بہ دیگرے پرداخت
قیاس کن کہ چہ حالت بود دریں ساعت
کہ با طویلۂ نامردمم بباید ساخت

یعنی جو شخص آدمیوں سے بھاگتا پھرتا تھا جب جانوروں میں پھنس جائے تو اس کی کیا حالت ہوگی۔"

یہی حال غالب کا تھا، وہ بھی جانوروں میں پھنس گیا تھا اگر ارد گرد آدمی تھے تو کثرت سے مردم آزار۔ اس لئے اس کی انانیت اس سے یہ لافانی شعر کہلوا گئی، جو اس دور کی نہیں ہر دور کی تصویر ہے اور انا کی غیر مبہم مثال۔

پانی سے سگ گزیدہ ڈرے جس طرح اسد
ڈرتا ہوں آئینے سے کہ مردم گزیدہ ہوں

بنگلہ شاعری پر غالب کا سایہ



انل برن گنگولی

مرزا غالب ۱۸۲۷ء میں کلکتہ روانہ ہوئے۔ یہ سفر پنشن کے مقدمے کے سلسلے میں تھا۔ اس سفر کی تفصیلات بیان کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

غالب غالباً اُردو کے پہلے شاعر ہیں جس نے اس زمانے میں اتنا دُور دراز سفر کیا جب سفر کرنا واقعی ایک بے حد مشکل کام تھا۔ اس امر سے بھی اُن کی ہمہ جوئی اور اندازِ طبیعت کا پتہ چلتا تھا۔ پٹنہ سے اُنہوں نے کشتیوں کے ذریعے سفر کیا تھا اور پہلے مرشد آباد پہونچے۔ ۲ فروری ۱۸۲۸ء کو کلکتہ میں وارد ہوئے۔

کلکتہ اس زمانے میں کوئی بہت بڑا شہر نہیں تھا۔ شمالی اور مرکزی علاقے میں نئے نئے مکانات بن گئے تھے اور لوگ آکر بس رہے تھے۔ غالب نے شملہ بازار کے علاقے میں دس روپے کرائے پر ایک مکان لیا اور جلد ہی یہاں کے بعض اکابرین سے اُن کے تعلقات استوار ہو گئے۔

حیدر اور ٹیپو سلطان کے خاندان کے لوگ ٹالی گنج کے علاقے میں رہتے تھے اور اُن کے اردگرد اُردو اور فارسی سے دلچسپی رکھنے والوں کا جمگھٹا رہتا تھا۔ اس طرح راجہ رام موہن رائے اور اُن کے دوستوں کا بھی ایک حلقہ تھا جو اُردو اور فارسی کا اچھا مذاق رکھتا تھا۔ شمالی کلکتہ کے سوا بازار کے علاقے میں راجہ رادھا کانت دیو بھی اپنے علمی مذاق کے لئے معروف تھے۔ جوراسنکو کا ٹیگور خاندان بھی اُردو اور فارسی کا شغف رکھتا تھا۔ اور مہا کوی رابندر ناتھ ٹیگور کے دادا دوارکا ناتھ ٹیگور اُردو اور فارسی کے بڑے اچھے عالم تھے اور انہوں نے اُردو میں شعر بھی کہے ہیں۔ قرینہ اغلب ہے کہ دوارکا ناتھ ٹیگور اور راجہ رام موہن رائے کی غالب سے ملاقاتیں ہوئی ہونگی۔ ان لوگوں کے علاوہ راجہ کالی کرشن ٹیگور، جگن ناتھ پرشاد ملک، ہری ہردت، راجہ رام بوس، دوندر ناتھ ٹیگور، اور پیارے چند مترا بھی تھے۔ جو فارسی اور اُردو میں اچھی دستگاہ رکھتے تھے اور باذوق لوگوں میں شمار ہوتے تھے۔ ان کے علاوہ کلکتے میں غالب کو ایسے دوست اور قدردان بھی ملے جن سے ساری زندگی کے لئے تعلقات قائم ہو گئے۔ ان لوگوں میں گہر علی طباطبائی، مولوی سراج الدین احمد، بشیر الدین، خواجہ فخر الدین اور عبدالغفور خاں نساخ قابلِ ذکر ہیں۔

یہیں غالب نے چکنی ڈلی پر اپنا ۱۳ شعر کا مشہور قطعہ کہا تھا جو "مرقع دلکشا" میں بھی شائع ہوا تھا۔ جس کے مؤلف مشہور مصنف راجندر لال مترا تھے۔

۱۸۳۷ء سے پہلے فارسی تقریباً سارے ہندوستان کی سرکاری

نیز تہذیبی زبان تھی۔ فارسی کے واسطے سے اردو تک رسائی آسان تھی اس لئے بنگال کے ایسے پڑھے لکھے خاندان جن کی مادری زبان بنگلہ تھی مگر جو فارسی سے واقف تھے مرزا غالب کے فارسی اور اردو کلام سے محظوظ ہو سکتے تھے لہٰذا مرزا غالب کے افکار و خیالات نے بنگلہ زبان کے بعض شاعروں کو متاثر کیا۔ ایسے شعراء میں انیسویں صدی کے دو شاعر سب سے ممتاز نظر آتے ہیں۔ ان میں سے ایک ایشور چندر گپتا اور دوسرے کرشن چندر مجمدار ہیں۔

ایشور چندر گپتا اپنی نوجوانی کے زمانے میں مرزا غالب سے بھی مل چکے تھے اور ان کی شعر و سخن کی محفلوں میں شریک بھی ہوتے رہتے تھے۔ بنگلہ ادب میں انہیں "گپتا کافی" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے خصوصی طور پر غالب سے طرزِ اظہار کو اپنانے کی کوشش کی ہے۔ ان کی ایک مشہور نظم جس کا پہلا مصرع ہے۔ "بیبیاں پُولی (چلی) جان، لب جان کری" ان کا یہ تجربہ بنگلہ ادب میں کافی مشہور ہے۔ انیسویں صدی کے وسط تک بنگلہ شاعری روایات کے بندھنوں میں جکڑی ہوئی تھی۔ ایشور گپتا پہلے شاعر ہیں جنہوں نے ان روایات کو توڑا اور بنگلہ شاعری کو نیا رنگ و آہنگ عطا کیا۔ انہوں نے ایسے اَن گنت اشعار اور بہت سی ایسی نظمیں لکھی ہیں جن میں غالب کی شوخی اور ظرافت ہے اس کے علاوہ انہوں نے غالب کے بہت سے اشعار کا بنگلہ میں ترجمہ کیا ہے۔

کرشن چندر مجمدار نے زیادہ تر غالب کی فارسی شاعری سے استفادہ کیا ہے۔ مجمدار کا ایک شعری مجموعہ ہے جس کا نام "سد بھاباستک" ہے۔ اس مجموعے میں جو کلام شامل ہے اس پر غالب کی فارسی شاعری کی چھاپ صاف نظر آتی ہے۔ انہوں نے غالب کے بہت سے فارسی اشعار کا ترجمہ کیا ہے۔

غالب نہا کوی رابندر ناتھ ٹیگور کے محبوب شاعر تھے۔ ان کے والد اور دادا غالب سے مل چکے تھے ٹیگور کی ایک نظم کا عنوان "ہوری کھیلا" ہے۔ اس نظم پر غالب کے اسٹائل کا پرتو صاف نظر آتا ہے۔ ان کے علاوہ ٹیگور نے ایسے بہت سے شعر لکھے ہیں جن میں غالب کی شوخی اور ظرافت ہے۔ اس طرح کے اشعار ان کے مجموعۂ کلام "کنیکا" میں شامل ہیں۔

زندہ شاعروں میں قاضی نذرالاسلام کا نام لیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اردو اور فارسی شاعری کے بہت سے علائم اور استعارے کو بنگلہ شاعری میں متعارف کیا ہے اور انہوں نے پہلی بار اردو فارسی کی ہیئت کو بنگلہ میں روشناس کرایا ہے۔

نذرل کی شاعری میں جا بجا غالب کا تفکر، گہرائی اور وسیع مشاہدہ نظر آتا ہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ غالب کا منتخب کلام بنگلہ میں شائع کیا جائے ایسے لوگوں کی کمی نہیں ہے جو یہ کام حسن و خوبی سے انجام دے سکیں۔ صحیح معنوں میں غالب کی قدر یہی ہوگی کہ انہیں زیادہ سے زیادہ بڑے حلقے میں روشناس کرایا جائے۔ ●●

غزل

انیس امام

(نذرِ غالب)

خود ہی عنوان و فا ہیں خود ہی اک افسانہ ہم ۔ داد چاہیں بھی تو کس سے اے دلِ دیوانہ ہم
قید ہستی سے نہیں رکھتے کبھی یارانہ ہم ۔ بزم امکاں میں ہیں مثلِ شعلۂ کاشانہ ہم
کیا کریں اے دوست تو ذکرِ پیمانہ ہم ۔ بھر رہے ہیں خونِ دل سے عمر کا پیمانہ ہم
دور منزل سے گھبراتے نہیں اہلِ جنوں ۔ آبلوں کو جانتے ہیں راہ کا نذرانہ ہم
میرِ گل اک رہگزارِ منزلِ انوار ہے ۔ رات سے رکھتے نہیں اسکے سوا یارانہ ہم
آسماں کیا ہے بجز اک پردۂ ذراتِ ارض ۔ اوج پر ہیں صورتِ خاک پرِ پروانہ ہم
بدنصیبی ساکنانِ دہر کی جاتی نہیں ۔ تیغِ قاتل سے کبھی اچھے نہ بیگانہ ہم
دردِ تنہائی کا شکوہ کیا کریں اپنوں میں بھی ۔ اپنی یکتائی کے باعث ہو گئے بیگانہ ہم
قرض پر دار و مدارِ زندگی ٹھہرا انیس
اس فقیری میں کریں کیا عزۂ شاہانہ ہم

شیش محل

بدیع الزماں

ٹرین کے رکنے پر بلرام نے ایک ہاتھ میں رسّی سے بندھا ہوا بستر سنبھالا اور دوسرے ہاتھ میں ٹین کا بکس۔ بستر کی رسّی سے ٹین کا ایک اور ڈبہ لٹک رہا تھا۔ اس کی بیوی کے دونوں ہاتھ بھی پھنسے ہوئے تھے۔ ایک ہاتھ میں گھی کا لوٹا تھا جو ایک موٹے کپڑے میں بندھا ہوا تھا۔ دوسرے ہاتھ میں چھوٹی سی گٹھری تھی جس میں باندھ کر وہ اپنے کپڑے لتّے لائی تھی۔ ڈبے میں اتھل پتھل مچی ہوئی تھی۔ ہر آدمی سب سے پہلے اترنے کی کوشش کر رہا تھا۔ اس دھکم دھکا میں بلرام کی بیوی کے ہاتھ سے گھی کا لوٹا چھوٹ کر گر پڑا۔

بلرام نے بڑی مشکل سے بستر کی رسّی کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پھنسا۔ بڑھ کر گھی کا لوٹا اٹھایا۔ لوٹا بیوی کے ہاتھ میں دیتے ہوئے بولا۔ "کہہ رہے تھے اتنا سامان ساتھ نہ لو۔ بیٹے کے گھر ہی تو جا رہے ہیں۔ کوئی سمدھیانے تو جا نہیں رہے ہیں۔"

"بہو کیا کہتی۔ گھر سے آئے اور پوتوں کے لئے کچھ بھی نہیں لائے۔" بلرام کی بیوی نے جیسے اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے آہستہ سے کہا۔

"وہ تو جاڑے کی وجہ سے گھی جم گیا تھا۔ ورنہ ابھی سارا گھی گوبر ہو گیا ہوتا۔" بلرام بولا۔

پلیٹ فارم سے اتر کر بلرام نے اپنا بستر اور ٹین کا بکس زمین پر رکھ دیا اس نے آنکھیں پھاڑ کر اسٹیشن کا ایک جائزہ لیا۔ ہر طرف لوگوں کی ریل پیل دکھائی دے رہی تھی۔ بجلی کی روشنی میں اسٹیشن قیمتی گہنوں کی طرح جگمگا رہا تھا سچ مچ دلی کا اسٹیشن بہت بڑا ہے۔ اتنی بھیڑ تو کیول جنکشن پر بھی نہیں ہوتی۔ ہاں ہاوڑہ کا اسٹیشن دلی سے بھی بڑا ہوگا۔ بلرام کو برسوں پرانی بات یاد آ گئی۔ تب انل کتنا چھوٹا تھا۔ اس کا پیٹ خراب رہتا تھا۔ کبھی سرائے سے لے کر پٹنہ تک کے ڈاکٹروں کو دکھا چکا تھا۔ لیکن کوئی فائدہ نہیں ہو رہا تھا۔ لوگوں نے صلاح دی کہ کلکتے لے جاؤ۔ وہاں بڑے بڑے ڈاکٹر ہیں۔ اس طرح انل کو لے کر وہ کلکتے پہنچا تھا۔ وہاں کے ڈاکٹر کی دوا سے انل بالکل ٹھیک ہو گیا تھا۔ اس کے دل میں انل کی کتنی ہی تصویریں دبی پڑی تھیں۔ کلکتے کا خیال آتے ہی ایک جانی پہچانی تصویر ابھر کر سامنے آ گئی۔

اس کی بیوی ایک ہاتھ میں گٹھری اور دوسرے ہاتھ میں گھی کا لوٹا لئے اس کا منہ تک رہی تھی۔

"انل کے گھر کیسے چلیں گے" اس نے دھیرے سے پوچھا۔

"چلو چلتے ہیں۔" بلرام جیسے چونک کر بولا

اس نے بستر اور ٹین کا بکس دونوں ہاتھوں میں سنبھالا اور آگے چلنے لگا۔

اسٹیشن سے باہر نکل کر بلرام نے ایک قلی سے پوچھا۔ "بھائی دلی نگر جانے کے لئے اس وقت کون بس چلے گی؟" قلی نے اسے غور سے دیکھ کر جواب دیا۔ "معلوم ہوتا ہے پہلی بار یہاں آئے ہو۔ بھورین بس کہاں ملتی ہے۔ ٹیکسی کر لو یا اسکوٹر۔ اسکوٹر میں پیسے کم لگیں گے۔" قلی یہ کہہ کر آگے بڑھ گیا۔

بلرام سوچنے لگا۔ اچھا ہوتا انل کو پہلے سے خبر کر دیتے۔ وہ اسٹیشن آجاتا تو کوئی دقت نہیں ہوتی۔ لیکن دلی آنے کا فیصلہ بھی تو یکایک کیا تھا اس نے۔ انل کو دہلی میں رہتے ہوئے پانچ سال ہو چکے تھے۔ وہ بار بار دلی آنے کو لکھتا بھی تھا لیکن کہاں لکھی سرائے اور کہاں دلی۔ یہ بھی سوچا تھا کہ اچانک انل کے گھر پہنچے گا تو وہ اور بھی زیادہ خوش ہو جائے گا۔ دلی آنے کا خیال اچانک ہی دل میں آیا۔ ڈاک گھر کے بڑے بابو کا سالا پچھلے سال ۲۶ جنوری کے موقعہ پر دلی گیا تھا۔ اس نے ۲۶ جنوری کی دھوم دھام اور ٹرک بھر کی بہت تعریف کی تھی۔

اس روز وہ ملا تو کہنے لگا "بلرام بابو، اس بار ۲۶ جنوری جا کر ضرور دیکھئے۔ آپ کا لڑکا تو دہلی میں رہتا ہے۔ آپ کو کس بات کی تکلیف ہوگی؟"

انل نے بھی چھبیس جنوری کے بارے میں بہت سی باتیں بتائی تھیں کس طرح راشٹرپتی فوج کی سلامی لیتے ہیں۔ ہوائی جہاز بالکل سر کے پاس سے اڑتے ہوئے گزرتے ہیں۔ کس طرح ہوائی جہاز اپنے رنگین دھوئیں سے ترنگے جھنڈے بناتے ہوئے گزرتے ہیں۔ اس روز دلی دلہن کی طرح سجتی ہے۔ لوگ دور دور سے چھبیس جنوری دیکھنے کو نکلتے ہیں۔ اس نے ارادہ کر لیا کہ چھبیس جنوری دیکھنے ضرور جائے گا۔ انل کو دیکھ بھی لے گا۔ اس سے ملے ہوئے تو دو برس ہو چکے تھے۔ دوسرے روز وہ اپنی بیوی کے ساتھ دلی کی گاڑی میں سوار ہو گیا۔

سڑک کے اس پار ٹیکسیاں اور اسکوٹر رکشے کھڑے تھے۔ ایک اسکوٹر رکشے والے کے پاس پہونچ کر اس نے پوچھا "وہ نئی گے چلو گے؟"

"چلوں گا کیوں نہیں۔ پانچ روپے لگیں گے۔"

پانچ روپے کی بات سن کر بلرام کچھ چونکا۔ انل نے ایک بار اس سے کہا تھا کہ دہلی میں ٹیکسی اور اسکوٹر رکشے کا کرایہ میٹر کے حساب سے دیا جاتا ہے۔

"تمہارے اسکوٹر میں میٹر نہیں ہے کیا؟" اس نے پوچھا

"میٹر خراب ہو گیا ہے۔ میٹر میں بھی اس سے کم نہیں بنتے۔"

بلرام نے سوچا کہ اب بحث کرنا بے کار ہے لیکن اسے یقین تھا کہ پانچ روپے بہت زیادہ ہیں۔ اتنے روپے میں تو ستر اسی میل کا سفر کیا جا سکتا ہے۔

بلرام اور اس کی بیوی اسکوٹر رکشے میں بیٹھ گئے۔

جب وہ انل کے گھر پہونچے تو ابھی پوری طرح سویرا نہیں ہوا تھا۔ چاروں طرف پھیلی ہوئی ایک طرح کے کوارٹروں کی قطاریں دھند لکے سے آہستہ آہستہ ابھر رہی تھیں۔

انل اور اس کے بچے ابھی سو رہے تھے۔ دستک کی آواز سے انل کی آنکھ کھل گئی۔ اس نے اٹھ کر دروازہ کھولا تو دیکھ کر چونک اٹھا۔

"ارے بابو جی آپ! کوئی چٹھی بھی نہیں لکھی" اس نے بلرام اور پھر ماں کے پیر چھوتے ہوئے کہا۔

"چٹھی لکھنے کا وقت ہی کہاں تھا۔؟ یکایک ہی سوچا کہ دلی چلنا ہے۔"

انل نے اپنے پتا کو غور سے دیکھا۔ ان کا لباس اور پہناوا بالکل ویسا ہی تو تھا جیسا وہ ہمیشہ دیکھتا آیا تھا۔ دھوتی اور قمیص اور اس کے اوپر کمر تک کا کھلے کالر کا کوٹ۔ انل کی نگاہیں ماضی کے لمبے دور تک پھیلے ہوئے راستے پر پھیلتی ہوئی چلی گئیں۔ بلرام اسے ہر جگہ اسی لباس میں کھڑا دکھائی دیا۔ پھر بھی انل کو عجیب سا لگا جو بات بلرام کے لئے اس قدر فطری تھی۔ وہی بات اسے کچھ غیر فطری اور بے موقع سی دکھائی دے رہی تھی۔ لیکن اس نے کچھ کہا نہیں۔ کمرے کا دروازہ کھول کر وہ بالکنی میں گیا۔ نیچے جھانک کر دیکھا تھا تو ہر طرف گہرا سناٹا تھا۔ دھند لکے کی ایک پرت ابھی کوارٹروں پر چڑھی ہوئی تھی۔ سب لوگ سو رہے تھے۔ اور دن کی گہما گہمی ابھی شروع نہیں ہوئی تھی۔ اس نے اطمینان کی سانس لی اور کمرے کے اندر آ گیا۔

بلرام اور اس کی بیوی اب تک کھڑے تھے۔ دونوں کمرے کی ہر چیز کو حیرت سے اور خوش ہو ہو کر دیکھ رہے تھے۔ سرمئی رنگ کا صوفہ سیٹ اور اسی رنگ کی دری فرش پر بچھی ہوئی تھی۔ بیچ میں چمکتی ہوئی شیشے کی میز۔ کمرے کے دو کونوں میں لال رنگ کے گدے منڈھے ہوئے موڑھے۔ دیوار پر خوبصورت سی گھڑی لگی ہوئی تھی۔ ایک طرف دیوار سے لگی ہوئی کھانے کی لمبی میز تھی جس پر سفید پلاسٹک کا کور پڑا تھا۔ میز کے تینوں طرف چھوٹی چھوٹی بغیر بازو والی کرسیاں پڑی تھیں۔ ایسا سجا ہوا کمرہ نکھی سرائے میں شاید ہی کسی کے یہاں ہو۔ بلرام کے دل میں غرور کی ایک ترنگ اٹھی

زندگی بھر وہ جو سپنا دیکھتا آیا تھا۔ وہ ایسی ہی زندگی کا سپنا تو تھا۔ اس کا انل سچ مچ بڑی شاندار زندگی گزار رہا ہے۔

"بابو جی بیٹھئے نا" آپ لوگ کھڑے کیوں ہیں؟" انل نے کہا

بلرام صوفے پر بیٹھ گیا۔ اس کے پاس ہی اس کی بیوی بھی بیٹھ گئی۔ ماں کے ہاتھ میں لوٹا دیکھ کر انل نے پوچھا۔

"اس میں کیا ہے ماں؟" لائیے میں اسے رکھ دوں۔"

"تھوڑا سا خالص گھی لائی ہوں تم لوگوں کے لئے۔ رام پیاری گوالن تو تجھے یاد ہوگی نا۔ وہی جو روز دودھ لے کر آتی ہے۔ اسی سے منگوایا تھا تجھے بہت یاد کرتی ہے۔ ہمیشہ پوچھتی ہے تیرے بارے میں۔"

"اور اس میں تھوڑے سے پیٹے ہیں بچوں کے لئے" بلرام کی بیوی نے بستر کی رسّی میں بندھے ہوئے ڈبہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

"اچھا!!! اچھا!" انل نے مسکراتے ہوئے اور بستر پر ایک نظر ڈالتے ہوئے کہا۔ پھر بولا۔ "بابو جی سفر کے لئے ایک ہولڈال رکھنا اچھا رہتا ہے۔ بستر گندا نہیں ہوتا۔"

"ہاں بیٹا تو ٹھیک کہتا ہے۔ پھر ہولڈال خریدنے کا وقت ہی نہیں ملا"

"گھر کا سب حال تو ٹھیک ہے نا؟" انل نے پوچھا۔

"ہاں سب ٹھیک ٹھاک ہے۔ لکھی سرائے میں لوگ تجھے بہت یاد کرتے ہیں۔ اپنے بڑے بابو ہیں نا۔ وہ کہہ رہے تھے کہ ان کا ایک بھتیجا بی اے پاس ہے۔ اس کی نوکری کے لئے کہا ہے۔"

"جو ہو سکے گا کروں گا۔ پر نوکری کا معاملہ آج کل بہت ٹیڑھا ہے اور دلّی میں ڈیڑھ دو سو روپے کی نوکری سے کام بھی کیا بنے گا بابا" انل نے معمولی دلچسپی دکھاتے ہوئے کہا۔

"لائیے میں بستر اور بکس برآمدے میں رکھ دوں۔ ڈرائینگ روم میں یہ چیزیں اچھی نہیں لگتیں۔" یہ کہتے ہوئے انل بستر اور بکس اٹھا کر کمرے کے باہر چلا گیا۔

بلرام سوچنے لگا۔ انل ٹھیک ہی تو کہتا ہے۔ اس کا میلا کچیلا بستر اور ٹین کا پرانا بکس اس کمرے میں ویسا ہی لگتا ہے۔ جیسے محل میں ٹاٹ کا پیوند۔ انل ماں کے ہاتھ سے گھی کا لوٹا لے جانا بھول گیا تھا۔ وہ اب تک لوٹے کو دونوں ہاتھوں سے پکڑے بیٹھی تھی۔

"اسے بھی برآمدے میں لے جا کر رکھ دو نا" بلرام نے کہا۔

"بہو آئے گی تو لے جائے گی" وہ بولی۔

بلرام چپ ہو گیا۔

انل ابھی لوٹا نہیں تھا۔ شاید وہ دوسرے کمرے میں چلا گیا تھا۔ اس کی بیوی شاید جاگ گئی تھی کیونکہ دوسرے کمرے سے کھسر پھسر کی آواز سنائی دے رہی تھی۔

بلرام کو اب کمرے کے ماحول میں نئے پن کے ساتھ ساتھ اجنبی پن کا احساس ہو رہا تھا۔ وہ دیواروں پر ٹنگی ہوئی تصویروں کو دیکھنے لگا۔ سامنے دو تصویریں ٹنگی ہوئی تھیں ایک میں انل اپنی بیوی اور دو بچوں کے ساتھ کھڑا تھا۔ چھوٹا بچہ انل کی گود میں تھا اس کی شکل انل سے بہت ملتی تھی۔ بلرام کو لگا جیسے وہ خود انل کو گود میں لئے کھڑا ہے۔ ننھا انل اس کی نگاہوں میں گھوم گیا۔ اس نے تصویر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اپنی بیوی سے کہا۔

"دیکھو انل کی ماں۔ بچپن میں انل ایسا ہی لگتا تھا نا۔"

"ایک دم انل لگتا ہے" اس کی بیوی نے تصویر کی طرف دیکھتے ہوئے کہا۔

دوسری تصویر میں انل کے ساتھ بہت سے لوگ تھے۔ یہ شائد دفتر کا گروپ فوٹو تھا۔ بائیں طرف دیوار پر انل کے سسر کی تصویر ٹنگی تھی۔ داہنی طرف کی دیوار میں بیچ میں ایک اور تصویر تھی جس میں طوفان زدہ سمندر کا منظر دکھایا گیا تھا اور پس منظر میں پہاڑوں کا ایک سلسلہ چلا گیا تھا۔ سب تصویریں دیکھ لینے کے بعد بلرام کو ایک کمی کا احساس ہوا۔ اس کی یا اس کی پتنی کی وہاں کوئی تصویر نہیں تھی۔ اس احساس نے کمرے کے اجنبی پن کو اور بڑھا دیا۔ انل کا اب تک پتہ نہیں تھا۔ اس نے اٹھ کر بالکنی کا دروازہ کھولا اور وہاں کھڑا ہو کر باہر کی طرف دیکھنے لگا۔ سامنے کوارٹروں میں ہلچل شروع ہو گئی تھی۔ سڑک پر بچے کتابوں کا تھیلا بغل میں ٹکائے اسکول جا رہے تھے۔ بلرام کے من میں پھر اسکول جاتا ہوا بالک انل سر اٹھانے

لگا۔ انل کی تعلیم کے لئے اس نے کتنی مصیبتیں برداشت کی ہیں۔ زندگی کا سارا سکھ نچھاور کر کے ہی وہ انل کو اس قابل بنا سکا ہے۔ اسے گجا دھر بابو کی بات یاد آگئی۔ انل نے مڈل کا امتحان پاس کیا تھا۔ گجا دھر بابو اس وقت پوسٹ ماسٹر تھے اور اُسے بہت عزیز رکھتے تھے ایک گجا دھر بابو کیا جو بھی پوسٹ ماسٹر آتا اسے بہت عزیز رکھتا تھا۔ گجا دھر بابو نے کہا تھا۔ "انل نے مڈل پاس کر لیا ہے۔ اُسے پوسٹ مین بنوائے دیتا ہوں"، بلرام کو گجا دھر بابو کی یہ بات بہت بُری لگی تھی۔ وہ تو انل کو اُونچی سے اونچی تعلیم دلوانا چاہتا تھا۔ خواہ اس میں اسے کتنی ہی مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑے۔ اس نے گجا دھر بابو کو جواب دیا تھا۔" بڑے بابو میں انل کو اونچی تعلیم دلوانا چاہتا ہوں۔ میں نہیں چاہتا کہ وہ بھی میری طرح چٹھیاں بانٹ کر گزارہ کرے۔"

"تمہارا تو دماغ خراب ہے بیں تو تمہارے ہی بھلے کے لیے" کہتا تھا۔" گجا دھر بابو ہنس کر بولے تھے۔

بالکنی میں کھڑے کھڑے اُسے کتنی پرانی بات یاد آئی تھی۔ وقت کا پہیہ کتنی تیزی سے آگے بڑھ چکا تھا۔ پیچھے چھوٹا ہوا راستہ جس کے ایک سرے پر اس کا دو کوٹھریوں والا کھپریل مکان تھا ملائین کی ٹمٹماتی مٹیالی روشنی تھی۔ اور اس روشنی میں کتابوں سے الجھتا ہوا اُس کا انل تھا۔ اور دوسرے سرے پر انل کا شاندار فلیٹ تھا جہاں وہ خود اپنے گوشت پوست کے ساتھ کھڑا تھا۔ اگر اُس دن اس نے گجا دھر بابو کی بات مان لی ہوتی تو کیا آج انل اتنا بڑا افسر بن سکتا تھا۔ اب جو لوگ اس کی اتنی عزت کرتے ہیں کیا یہ عزت اُسے تب حاصل ہو سکتی تھی۔ گجا دھر بابو نے خود کتنی بڑی بھول کی۔ اُن کے لڑکے نے جب میٹرک پاس کیا تو آگے پڑھانے کے بجائے اُسے پوسٹ آفس میں کلرک رکھوا دیا۔ باپ بیٹے دونوں ایک ہی سرائے میں فروکش رہتے ہیں۔ انل اس سے بچھڑ سا گیا ہے لیکن یہ سکھ کیا کم ہے کہ اُس کا بیٹا ایک بڑا افسر ہے۔

"بابو جی آپ یہاں کیوں کھڑے ہیں؟ اندر بیٹھئے نا۔ بالکنی میں اس طرح کھڑا ہونا اچھا نہیں لگتا۔" انل بالکنی میں آکر کہہ رہا تھا۔

بلرام نے پیچھے مڑ کر دیکھا۔ اس کی سمجھ میں نہ آسکا کہ اُس کا بالکنی میں کھڑا ہونا کس طرح ٹھیک نہیں تھا۔ لیکن وہ کچھ کہہ نہ سکا۔

وہ اندر آگیا۔ انل نے جھٹ سے بالکنی کا دروازہ بند کر دیا۔ اور کہنے لگا۔

"بابو جی آپ تھک گئے ہوں گے۔ نہا لیجئے۔ ایک بات یہ ہے بابو جی کہ آپ کا یہ کوٹ یہاں اچھا نہیں لگتا۔ آپ کوٹ کی جگہ اونی چادر اوڑھ لیں تو زیادہ اچھا ہو۔ میں اپنی اونی چادر دے دیتا ہوں۔"

بلرام کو دھکا سا لگا۔ وہ جس لباس کو پچھلے چالیس سال سے پہنتا آیا ہے، وہ کبھی اعتراض کا سبب بھی بن سکتا ہے، یہ خیال اُس کے دل میں کبھی نہیں آیا تھا۔ اُسے زیادہ دکھ اس بات پر ہو رہا تھا کہ خود اس کا بیٹا اس کے لباس پر اعتراض کر رہا تھا اسے یکایک محسوس ہوا کہ وہ اپنے بیٹے کے گھر نہیں آیا ہے بلکہ کسی ایسی جگہ پہنچ گیا ہے جہاں کی ہر چیز اس کے لئے نئی اور اجنبی ہے۔ لیکن اس نے اس احساس کو اپنے اوپر حاوی ہونے نہیں دیا۔ انل شاید ٹھیک ہی کہتا ہو۔ جیسا دیس ویسا بھیس۔ گھر بیٹے کا ہی سہی لیکن اس کے طور طریقوں کا لحاظ تو کرنا ہی پڑے گا۔

اس عرصہ میں انل نے ایک اونی چادر لا کر اس کے پاس رکھ دی تھی۔ انل کی بیوی بھی اب کمرے میں آگئی تھی۔ اس نے ساس سسر کے پاؤں چھو کر پرنام کیا اور دروازے سے لگ کر کھڑی ہو گئی۔

بلرام یہ محسوس کئے بغیر نہ رہ سکا کہ اُس کی بہو میں بھی اب تبدیلی آچکی ہے۔ پہلے جب کبھی اس کے پاس آتی تو گھونگھٹ ضرور نکالتی تھی لیکن اس بار اس نے ایسا نہیں کیا۔

یکایک بلرام کی نظر انل کے بڑے لڑکے پر پڑی جو ماں کے پیچھے کھڑا خاموشی سے نئے مہمانوں کو دیکھ رہا تھا۔

"ارے یہ گلو ہے؟ اتنا بڑا ہو گیا یہ" بلرام نے بڑھ کر اسے گود میں لینا چاہا لیکن وہ اپنی ماں سے چمٹ گیا۔

"ارے یہ تیرے بابا ہیں نا۔ تو بھول گیا؟" انل بولا۔

بلرام کو وہ بچپن میں بابا ہی کہتا تھا۔ دو سال پہلے جب انل دو ماہ کی رخصت لے کر گھر گیا تھا تو وہ اپنے دادا سے بہت مانوس ہو گیا تھا۔ یہاں تک کہ رات میں وہ اس کے ساتھ ہی سوتا تھا لیکن دو سال کے عرصہ میں وہ اسے بالکل بھول چکا تھا۔

اب بلرام کی بیوی گلو کو اس کی ماں سے الگ کرنے کی کوشش کرنے لگی۔ اس نے اس کا کندھا پیار سے تھپکتے ہوئے کہا۔

"آجا بیٹے۔ دیکھ میں تیرے لئے کتنی چیزیں لائی ہوں۔ لیکن گلو کسی طرح اس کے پاس آنے کو تیار نہیں ہو رہا تھا۔ دادی نے اپنی طرف آئے زور سے کھینچنا چاہا تو وہ چلا اٹھا۔

"تمہارے ہاتھ میں کوئلے کا چولا لگا ہوا ہے۔ ہمارے ہاتھ گندے ہو جائیں گے۔"

بلرام کی بیوی کا ہاتھ اپنی جگہ پر لوٹ آیا۔ انل اور اس کی بیوی کھلکھلا کر ہنس پڑے۔ بلرام بھی ہنسنے لگا۔ گلو نے بات تو ٹھیک ہی کہی تھی۔ اس کے اور اس کی بیوی کے ہاتھ اور کپڑے انجن کے دھوئیں اور کوئلے کی سیاہی سے اٹے ہوئے تھے لیکن ہنستے ہوئے بھی اسے اپنی ہنسی کہیں سے کھوکھلی اور بے موقع محسوس ہوئی۔

"آپ لوگ اب نہا لیجئے یا ہاتھ منہ دھو لیجئے اتنے میں چائے تیار ہو جاتی ہے۔" انل نے کہا۔

بلرام اٹھ کر باتھ روم کی طرف چلا گیا۔ برآمدے سے گزرتے ہوئے اس نے دیکھا کہ کمرے دو ہی ہیں لیکن ہر چیز صاف ستھری اور چمکتی ہوئی نظر آ رہی ہے۔

چائے کے دوران ۲۶ جنوری کا ذکر بھی چھڑ گیا انل نے بتایا کہ پاس کے بغیر بہت دقت ہوتی ہے۔ پہلے سے اسے معلوم ہوتا تو وہ پاس حاصل کرنے کی کوشش کرتا لیکن اتنے کم وقت میں اب یہ ممکن نہ تھا۔ بلرام کو یہ جان کر بہت حیرت ہوئی کہ اس کا بیٹا افسر ضرور ہے لیکن وہ اتنا بڑا افسر نہیں ہے کہ ۲۶ جنوری کا پاس اسے مل سکے۔

چائے کے بعد انل دفتر جانے کی تیاری کرنے لگا۔ برآمدے میں ایک پلنگ بچھا دیا گیا تھا۔ بلرام کی بیوی اس پر جا کر لیٹ گئی۔

بلرام بہت دیر تک بیٹھا کمرے کی ایک ایک چیز کو غور سے دیکھتا رہا۔ اکتاہٹ کا احساس اس پر حاوی ہونے لگا تھا۔ اس نے سوچا کچھ دیر آس پاس گھوم لیا جائے۔

اس نے اٹھ کر باہر کا دروازہ کھولا اور سیڑھیاں اتر کر نیچے آ گیا۔ باہر چمکیلی دھوپ پھیلی ہوئی تھی۔ کوارٹر کے سامنے کا میدان بالکل سنسان پڑا تھا۔ میدان کے باہر نکل کر اس نے دیکھا کہ کچھ دوری پر خاصہ بڑا بازار تھا۔

وہ بازار میں بہت دیر تک گھومتا رہا وہاں سے لوٹا تو دیکھا کہ نیچے کے کوارٹر کے برآمدے میں ایک بوڑھا آدمی کرسی پر بیٹھا اخبار پڑھ رہا ہے۔ بلرام کو دیکھ کر وہ مسکرایا اور پاس کی کرسی پر بیٹھنے کا اشارہ کرتے ہوئے بولا — "آپ انل بابو کے یہاں آیا ہے نا؟"

"جی ہاں میں انل کا پتا ہوں۔"

"آپ انل بابو کا پتا ہے۔ بہت اچھا۔ انل بابو فرسٹ کلاس آدمی ہے۔ ہم اسے بہت چاہتا ہے۔ آپ بھی ریٹائر ہو گیا ہے میرا مانک؟"

"جی نہیں، میری نوکری ابھی دو سال اور ہے۔"

"آپ کس ڈیپارٹمنٹ میں کام کرتا ہے؟"

"پوسٹ آفس میں"

"بہت اچھا، بہت اچھا۔ ہم ریلوے میں کام کرتا تھا۔ دونوں ڈیپارٹمنٹ ایک مافک ہے۔ آپ کیا کام کرتا ہے؟"

"میں پوسٹ مین ہوں"

"پوسٹ مین؟ پوسٹ مین؟ یعنی کہ چٹھی بانٹتا ہے آپ؟ بہت اچھا، بہت اچھا۔"

بوڑھا بنگالی یکایک چپ ہو گیا۔ بلرام کچھ دیر اس انتظار میں رہا کہ بات چیت آگے بڑھے گی۔ لیکن اسے خاموش دیکھ کر وہ بھی کرسی سے اٹھ کھڑا ہوا۔

"اب جاتا ہے بہت اچھا۔ پھر ملے گا" بلرام کو کرسی سے اُٹھتے دیکھ کر وہ بولا۔

بلرام نے زینہ چڑھتے ہوئے دیکھا کہ نیچے کے کوارٹر کا دروازہ کھلا تھا اور اس کمرے میں بھی ویسا ہی صوفہ سیٹ رکھا تھا جیسا کہ انل کے کمرے میں تھا۔ اُسے انل کی بیوی اس وقت اسی کمرے میں بیٹھی دکھائی دی۔ اس نے یہ بھی نوٹ کیا کہ انل کی بیوی کی نگاہیں نیچے جھکی ہوئی تھیں۔

وہ اوپر پہونچا تو اس کی بیوی سو کر اُٹھ چکی تھی۔ کھانا کھا کر وہ بھی صوفے پر ایک چادر ڈال کر پڑ رہا۔ اور جب اٹھا تو شام ہو چکی تھی۔ اور انل دفتر سے آچکا تھا۔

رات کے کھانے پر انل بولا: "بابوجی آپ کے لئے پوسٹ مین کی نوکری کرنا ٹھیک نہیں ہے۔"

"ٹھیک کیوں نہیں ہے؟" بلرام نے چونک کر کہا: "اٹھاون سال کا ہونے میں ابھی تو دو سال رہتے ہیں۔ لوگ تو اس کے بعد بھی نوکری کرنا چاہتے ہیں۔"

آپ کی نوکری ایسی نہیں ہے بابوجی۔ گھر گھر گھوم کر آپ کا چھٹی بانٹنا اچھا نہیں لگتا۔"

"کیوں اچھا نہیں لگتا"؟ کیا تجھے چھٹیاں بانٹنی پڑتی ہیں" بلرام کو غصہ آگیا تھا۔

"آپ سمجھتے کیوں نہیں بابوجی۔ نوکری کرنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟ پنشن آپ کو ملے گی ہی۔ ہر مہینے میں بھی کچھ روپے بھیجا کروں گا۔ آپ لوگ چاہیں تو یہاں بھی رہ سکتے ہیں"۔ انل کے لہجے میں بڑی عاجزی تھی۔

بلرام چپ ہو گیا۔ انل کے عاجزی بھرے لہجے نے اس کے غصے کو جیسے ٹھنڈا کر دیا۔ گھلو جو بہت دھیان سے دونوں کی بات چیت سن رہا تھا یکایک بول پڑا۔

"بابا پوٹ مین، بابا پوٹ مین، چھٹی بانٹتے ہیں" یہ کہہ کر وہ تالیاں بجانے لگا۔

"چپ بھی رہ سور" انل نے اُسے ڈانٹا۔

بلرام چپ بیٹھا رہا۔ اُسے یکایک کُن مُن کی یاد نے گھیرا تھا — کُن مُن — اُس کے پڑوسی کا پوتا۔ اس کی تنہائی کا ساتھی۔ سویرے جب وہ کھاٹ پر ہی ہوتا کن من اس کی چھاتی پر آدھمکتا۔ اپنی ننھی ننھی انگلیوں سے اس کے بالوں میں کنگھی کرتا۔ اس کے گالوں پر اُگی ہوئی داڑھی کو چھو کر اپنی توتلی زبان میں کہتا — "دادا والی گلے ہے"۔

کن من کتنا اُداس ہوگا۔ اپنے گھر والوں سے برابر پوچھتا ہوگا۔ — دادا کب آئیں گے؟"

رات میں لیٹے لیٹے بہت دیر تک بلرام سویرے سے شام تک کی باتوں کے بارے میں سوچتا رہا۔ واقعات کا دھارا جیسے ایک ہی سمت بہہ رہا تھا ایسی سمت میں جو اس کی خواہش کے مطابق نہیں تھا۔ تمام واقعات جیسے مل کر ایک درد بھری کہانی کا روپ لے رہے تھے سامنے دیوار پر ٹنگی ہوئی تصویر میں طوفان زدہ سمندر کی موجیں اُوپر اُٹھ رہی تھیں۔ وہ بہت دیر تک سمندر کی اٹھتی ہوئی لہروں کو دیکھتا رہا۔ اُسے لگا کہ وہ زندگی بھر طوفان کے تھپیڑوں سے گزرتا رہا ہے لیکن پہلے ہر تھپیڑے سے گزرتے ہوئے جیسے چاندی کا ایک چمکتا ہوا تار اس کی نگاہوں کے سامنے رہتا تھا، آج چمکتا ہوا وہ تار کسی اونچے پہاڑ کی اوٹ میں چھپ گیا ہے اور وہ اندر سے خود کو ٹوٹا ہوا سا محسوس کر رہا ہے نامعلوم طریقے سے یہ احساس اس کی رُوح میں سرایت کرتا جا رہا تھا کہ انل کی دُنیا بالکل الگ تھی۔ وہ اس کی دُنیا کا حصہ نہیں تھی۔

دوسرے روز اتوار تھا۔ بلرام نے اپنی بیوی سے کہا "چلو تمہیں برلا مندر اور لال قلعہ دکھا دوں۔"

انل بولا — بابوجی آپ دوپہر تک لوٹ آئیں گے نا — میں نے اپنے دوستوں کو چائے پر بلایا ہے۔ اُن سے آپ کو ملانا چاہتا تھا۔"

"میرا کوئی ٹھیک نہیں ہے۔ آگیا تو مل لوں گا۔ میرا انتظار نہ کرنا۔"

(باقی ص ۳۹ پر)

اُردو کے چند مسیحی شعراء



ڈی اے ہیرلسن قربان

اُردو زبان کسی ایک مذہب یا فرقے کی زبان نہیں ہے۔ مسلمان، ہندو، سکھ، عیسائی سب اس زبان کی ترقی و توسیع دینے، اُس کے ادب کو سنوارنے اور مالا مال کرنے میں برابر کے حصہ دار ہیں۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ یہ زبان ہندوستان کے کسی ایک خطے میں محدود نہیں۔ بنگال سے بمبئی اور کشمیر سے کنیا کماری تک کی سرزمین نے اُردو شاعروں اور ادیبوں کو جنم دیا ہے اور اُن کی تخلیقات کی نقادوں اور سخن فہموں نے قدر دانی کی ہے۔ چنانچہ میدانِ سخن میں دیگر شعراء اور ادیبوں کے ہمدوش ہندی مسیحی شعراء اور ادیب بھی گامزن رہے ہیں۔ لیکن یہ ان کی بدقسمتی رہی کہ اہلِ ادب کی نظریں اُن کے کمال کی جانب متوجہ نہ ہوسکیں۔ حالانکہ متذکرہ نوٹسوں نے یورپین شعراء کے فن کا تو اعتراف کیا مگر ہندی مسیحی شعراء و ادیبوں کی طرف سے تغافل سے کام لیا۔

اس کی کئی وجہیں ہوسکتی ہیں۔ اوّل تو شاید یہ کہ ہندی مسیحوں کے بارے میں اہلِ ادب اس غلط فہمی میں مبتلا رہے کہ عیسائی اُردو زبان پر خاطر خواہ دسترس نہیں رکھتے۔ حضرت نادر مرحوم نے اوّل اوّل جب علامہ عشرت لکھنوی کے سامنے زانوے تلمذ تہہ کرنے کی خواہش ظاہر کی تو انہوں نے یہ کہہ کر ٹال دیا کہ عیسائی اُردو نہیں جانتے (باحوالہ رسالہ زندگی دہلی جولائی ۱۹۶۳ء) کچھ اس قسم کے واقعات راقم الحروف کے ساتھ بھی پیش آچکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر مسیحی شعراء فنی صلاحیت رکھنے کے باوجود کاملانِ فن سے استفادہ نہ کرسکے۔ حقیقت یہ ہے کہ تقسیم ہند سے قبل نوّے فی صد مسیحی طلبا کی مادری زبان اُردو تھی۔ اُن کی مذہبی کتابیں، نمازیں، دعائیں، عبادتیں، رسومات سب اُردو زبان میں ادا کئے جاتے رہے ہیں۔ دوسری جانب مسیحی جماعت میں عموماً ادبی ذوق کا فقدان رہا جس کے باعث مسیحی شعراء اور ادیبوں کی خاطر خواہ قدردانی نہ ہوئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان میں احساس کمتری پیدا ہوگیا اور اس جذبے کے ماتحت انہوں نے منظرِ عام پر آنے کی کوشش نہیں کی۔ انہوں نے جو کچھ کہا اس کو ایک خاص حلقے تک ہی محدود رکھا۔ اچھی استعداد رکھنے اور فن کار ہونے کے باوجود وہ مقامی مشاعروں تک سے دامن بچاتے رہے۔

ایک اور مشکل جو اُن کی راہ میں حائل رہی، یہ تھی کہ اُن کا موضوعِ سخن صرف مذہب اور مذہبیات کی حدود میں رہا۔ مثلاً توصیف حضرت عیسیٰ علیہ السلام، واقعات ولادت حضرت مسیح۔ توصیف حضرت بی بی مریم واقعات مناظر صلیب اور صلیبی موت و قربانی۔ دوبارہ زندہ ہونا، عید قیامت وغیرہ۔ یہ موضوعات ایسے ہیں جن کو قبولیت عام کا شرف حاصل ہونا مشکل امر تھا حالانکہ اُردو ادب میں مذہبی شاعری کا فقدان نہیں رہا ہے۔ مذہبیات میں شاعر اپنے تخیلات اور زبان کے زور سے نئے نئے گل کھلا سکتا ہے۔ شاندار تخلیق کرسکتا ہے۔ مسیحی شعراء نے

ایک ہی مضمون کو نئے ڈھنگ سے باندھا ہے لیکن انہوں نے کبھی محض مسیحی رسالوں سے آگے قدم نہیں بڑھایا جن کی اشاعت محدود تھی اور ادبی حلقوں میں اُن کی باریابی کا کوئی سلسلہ نہیں تھا یہی وجہ تھی کہ مسیحی فن کاروں کو پبلسٹی نہ مل سکے۔ ان کا کلام اُن کی بیاضوں میں ہی دم توڑتا رہا۔ کوئی مسیحی شاعر صاحبِ دیوان نہ ہو سکا۔ بقول نادرؔ مرحوم میرا دیوان میرے ساتھ مرجائے گا اور اس طرح میں دہری موت مروں گا۔

اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے کہ مسیحی شعراء اور ادیبوں کو ادبی حلقوں سے روشناس کرایا جائے اور اُن کی تخلیقات کی قدر کی جائے۔

ہم چند مسیحی شعراء کو روشناس کرنے کی جسارت کر رہے ہیں۔

اشعار مسیحی رسالوں سے انتخاب کر کے ہدیۂ ناظرین کئے گئے ہیں۔ اور قدر دانوں کو اُن کی جانب متوجہ ہونے کے لئے دعوتِ عمل دیتے ہیں کہ وہ گوشۂ گمنامی میں پڑے ان فنکاروں کو اہلِ ذوق کے سامنے پیش کریں جن شعراء کے حالات مجھے دستیاب ہو سکے اُنہیں اس مضمون میں شامل کیا گیا ہے۔

ابوالخیال جان البرٹ پال نادرؔ شاہجہاں پوری

۲۶ فروری ۱۸۸۹ء کو پیدا ہوئے۔ مختلف مقامات پر مدرس اور ہیڈ ماسٹری کے فرائض انجام دیئے۔ ابتدائے شعور سے طبیعت شعر و شاعری کی جانب راغب ہوئی اور شعر موزوں کرنے لگے ابتداء میں فارسی میں شعر کہے اور پروفیسر الٰہی بخش صاحب قریشؔ نیازی سے اصلاح لی۔ بعد ازاں اردو میں طبع آزمائی کی اور خواجہ محمد عبدالمعروف صاحب عشرتؔ لکھنوی کے تمام شاعروں میں شریک ہوئے۔ آپ نے ۳۱ مئی ۱۹۶۳ء کو انتقال کیا۔ آپ نے متعدد شاگرد چھوڑے ہیں۔

آپ کا کلام مسیحی اور غیر مسیحی حلقوں میں بہت مقبول ہوا۔ کلام نہایت فصیح و بلیغ ہے۔ غزلوں میں روانی بدرجہ اتم موجود ہے۔ زبان شگفتہ اور شستہ ہے۔ آپ کو ابوالخیال کے خطاب سے نوازا گیا تھا مکمل دیوان موجود ہے لیکن بدقسمتی سے زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہوا ضرورت ہے کہ اس کو منظرِ عام پر لایا جائے۔

نمونہ کلام :-

وہ کیوں نقاب کا گوشہ اٹھائے جاتے ہیں
کہ پائے ہوش مرے ڈگمگائے جاتے ہیں
جفا و جور کے ایام رنج آگیں کو
بھلا رہا ہوں مگر کب بھلائے جاتے ہیں

تیری صلیب ہے عیسیٰ کلیدِ فطرت کی
تیری صلیب ہے آقا سبیلِ جنت کی

درد لا دوا ندیمو اگر مل سکے ÷ کچھ تو دل کے لئے کچھ جگر کیلئے
منہ کھول کے کچھ مانگیں یہ کام نہیں کرتے ÷ ہم شانِ کریمی کو بدنام نہیں کرتے
لاکھ غمزے دکھلائے گی دنیا ÷ ہاتھ تیرے نہ آئے گی دنیا
جیتے جی اُٹھ سکا نہ اس در سے ÷ سر پہ احساں ہے ناتوانی کا
قدر داں ہی کوئی نہیں نادرؔ ÷ کیا نتیجہ گہر فشانی کا

۲۔ پادری اے۔ آر۔ بیلی شفاؔ لکھنوی

آپ ۱۸۸۶ء میں بمقام لکھنؤ پیدا ہوئے یہ وہ وقت تھا کہ جب لکھنؤ میں گھر گھر شاعری کا چرچا تھا۔ چنانچہ آپ کو بھی شوق پیدا ہوا اور شعر کہنے لگے۔ ابتداء میں حضرت فلکؔ سے رجوع کیا بعد میں حضرت عطاؔ بدایونی، وسیمؔ خیر آبادی اور دلؔ شاہجہاں پوری سے فیض حاصل کیا۔ آخر میں جناب افضل علی خاں بہادر خلف حضرت رشیدؔ لکھنوی سے تلمذ حاصل ہوا اور استادی کا مرتبہ پایا۔ ریاست سنیر کوٹ کی سرکار سے افسر الشعراء کا اعزاز عطا ہوا۔ نثر میں بھی قلم کا زور دکھایا۔ رسالہ دلیس، ہنکاری، اور روشنی کے ایڈیٹر رہے۔ کئی تصنیفات آپ کی یادگار ہیں۔ فغانِ ہند المعروف سیلابِ عظیم مثنوی خونِ ناحق، قوم کی فریاد، قصہ ہری درس منظوم اور چند ڈرامے غیر طبع ہیں۔

آپ کے شاگردوں میں وحشیؔ برنوی۔ ذاکر میرٹھی، ناصر حکوپالی وغیرہ اہم ہیں۔ آپ کے خلف رشید حضرت رضاؔ لکھنوی نے بھی استادی کا مرتبہ حاصل کیا۔ ۳۱ دسمبر ۱۹۵۲ء کو دہلی ریلوے اسٹیشن پر حرکتِ قلب بند ہو جانے سے انتقال ہوا۔ آپ کی وفات پر متعدد شعراء نے عقیدت کے پھول چڑھائے۔

نمونہ کلام

وہ کیوں نقاب کا گوشہ اٹھائے جاتے ہیں
کہ پائے ہوش مرے ڈگمگائے جاتے ہیں
جفا و جور کے ایام رنج آگیں کو
بھلا رہا ہوں مگر کب بھلائے جاتے ہیں

تیری صلیب ہے عیسیٰ کلیدِ فطرت کی
تیری صلیب ہے آقا سبیلِ جنت کی

تیری صلیب ہے مولا شبیہ الفت کی
تیری صلیب ہے گویا دلیل رحمت کی

(۳) پادری ایس ایس ریحانی لکھنوی۔

۱۹۱۲ء میں مرکز شعر و سخن سرزمین لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ آج کل حیدرآباد دکن میں قیام ہے۔ وہاں "زندگی کا فوارہ" ادارے کے ڈائرکٹر ہیں۔ اردو ادب پر عبور حاصل ہے اور فارسی ادب کا بھی گہرا مطالعہ ہے۔ آثر لکھنوی سے تلمذ ہے۔ کہنہ مشق شاعر ہیں اور خود استادی کا درجہ رکھتے ہیں۔ بیشتر کلام غزلیات کی صورت میں ہے



ایک مجموعہ غزلیات "موج گل" شائع ہو چکا ہے جس کو ادب نواز حلقوں میں سراہا گیا۔ علاوہ ازیں دو گلدستے "رنگ زار" اور "نوائے ازل" مرتب کئے جو شائع ہو چکے ہیں۔ ان میں چند مسیحی شعراء کا منتخب کلام ہے۔

اردو ادب کی خدمت ان کا مشغلہ ہے۔ مسیحی شعراء کو منظر عام پر لانے کے اور ادبی حلقوں میں ان کو روشناس کرانے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہتے ہیں۔ آپ کا کلام نہایت صاف سلیس اور سلجھا ہوا ہے زبان میں لکھنؤ کی نزاکت اور گھلاوٹ ہے۔ بحریں مترنم اور رواں ہیں۔ لکھنؤ اسکول کی خصوصیات کلام میں نمایاں ہیں۔ طبیعت کو تصوف سے شغف ہے۔ میدان نثر کے بھی شہسوار ہیں۔

نمونہ کلام

جو رنگ شیخ و برہمن قریب سے دیکھا
تو دور سے حرم و دیر کو سلام کیا

ہماری خاک بھی اٹھ اٹھ کے بیٹھ بیٹھ گئی
ہمیشہ آپ کے دامن کا احترام کیا

عزم منزل جب ہے دل میں
لب پہ کیوں ہے رہبر رہبر

کافر نظر آیا نہ مسلماں نظر آیا
انساں میرے آئینہ میں انساں نظر آیا

ہیں سنگ و خشت ایک زمانے سے منتظر
تعمیر کو حیات کے عنوان نئے نئے

جوش عصیاں دریا دریا ؛ اشک ندامت گوہر گوہر
نہیں دشوار اے واعظ حرم کا راستہ ملنا
مگر انساں کے دل کا راستہ مشکل سے ملتا ہے

۴۔ ڈاکٹر سیموئیل وکٹر بھجن طالب شاہ آبادی

۱۹۲۴ء میں پیدا ہوئے۔ طالب علمی کے زمانے میں شوق سخن پیدا ہوا اور جماعت مشتم تک پہنچتے پہنچتے جولانی طبع رنگ دکھلانے لگی اردو اور فارسی کے جید عالم ہیں۔ فارسی کی تعلیم ایران جا کر حاصل کی اور طہران یونی ورسٹی سے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔ اسلامیات کا گہرا مطالعہ کیا ہے اور امریکہ میں ہارٹفرڈ یونی ورسٹی سے اسلامیات میں ایم اے پاس کیا۔ اس وقت ہنری مارٹن انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز کے ایسوسی ایٹ ڈائرکٹر ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ کا سہ ماہی مجلہ آپ کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ فارسی اور اردو



دونوں زبانوں میں طبع آزمائی کرتے ہیں۔ ہر قسم کے صنف شاعری میں طبیعت کی جولانی گل کھلاتی ہے۔ حضرت بسمل شہر پرشاد منور لکھنوی کے خاص شاگردوں میں شمار کئے جاتے ہیں۔ شعر نہایت بلیغ کہتے ہیں۔ زبان صاف اور شستہ

ہے۔ نثر نگاری میں یکتائے قلم ہیں

نمونۂ کلام: بُت خانہ و کعبہ کے پابند ہیں فرزانے
ہر قید سے مذہب کی آزاد ہیں دیوانے
ٹوٹے ہوئے دل کیا ہیں ٹوٹے ہوئے پیمانے
کچھ عشق کی تقدیریں کچھ عشق کے افسانے
باغِ عدن میں ہے نہ وہ دشتِ ختن میں ہے
وہ بو جو ناصرت کے گلِ یاسمن میں ہے
اے ناصرت کے چاند اے مریم کے نورِ چشم
پوشیدہ آفتاب تیری ہر کرن میں ہے

(۵) سیموئیل ڈانیل شوق جالندھری

پنجاب کے موضع سنسار پور میں پیدا ہوئے۔ اس مناسبت سے ابتداء میں نام کے آگے سنسار پوری لکھتے تھے بعد میں شوق جالندھری لکھنے لگے۔ آج کل رائے پور (مدھیہ پردیش) میں مقیم ہیں۔ وہاں گاس میموریل سنٹر میں ایک ذمہ دار عہدہ پر فائز ہیں۔ نہایت خوش گو اور خوش فکر شاعر ہیں۔ کلام میں فصاحت و بلاغت ہے۔ بعض اشعار فارسی کے دل و دماغ پر گہرا اثر چھوڑتے ہیں۔ مشاعروں میں بہت کامیاب رہتے ہیں۔ زبان میں سادگی اور روانی پائی جاتی ہے۔ جناب شمیم کرہانی سے تلمذ ہے۔



دُعا دیتے نہ گر جامِ شہادت پی کے دشمن کو
سرِ مقتل ترے جانباز پہچانے کہاں جاتے
کب آ کے اُن کا تیر لگا جب رہا نہ خوں
شرمندہ ہیں کہ خاطرِ مہماں نہ کر سکے
گو بجے تو جہاں کیسے انا الحق کی صدا سے
منصور کوئی آج سرِ دار نہیں ہے
یہ مانا آج چھونے جا رہا ہے مہرِ تاباں کو
مگر انسان بننے میں لگے گی دیر انساں کو
جاگ اُٹھے نہ فتنۂ محشر
غم کے ماروں کو نیند آتی ہے

(۶) بیتاب سنسار پوری

پنجاب کے موضع سنسار پور کے رہنے والے ہیں۔ مسیحی جماعت کے بہت مقبول شاعر ہیں۔ حضرت محمود جالندھری سے شرف تلمذ ہے۔ کلام نہایت پاکیزہ اور شستہ ہے۔ زبان صاف اور سادہ ہے۔ بائبل مقدس کے بعض حقائق کو بڑی حسن و خوبی کے ساتھ شعر کے سانچے میں ڈھالا ہے۔ ایک مجموعہ کلام شائع ہو چکا ہے جس کا ادبی حلقوں میں گرمجوشی سے خیر مقدم کیا گیا۔

نمونۂ کلام: اس واسطے کہ زیست میں کچھ کشمکش رہے
ہم نے ہر ایک موج کو طوفاں بنا دیا
جو تو پیار کرتا نہ اہلِ جہاں کو ؛ جہاں کو تیرا نام پیارا نہ ہوتا
جامۂ انسانیت میں عجز الفت سادگی
کون دیتا ایسا مشکل امتحاں تیرے بغیر
آ دیکھ میں ہوں حیرتِ آئینہ کا جواب
پتھرا گئی ہے آنکھ تیرے انتظار میں

(۷) عمانوئیل جوزف انور اجمیری

۳ دسمبر ۱۹۲۸ء بمقام اجمیر پیدا ہوئے۔ ذریعہ معاش ریلوے کی ملازمت ہے اور سابرمتی میں قیام ہے۔ زمانۂ طالب علمی سے شعر و سخن کا شوق ہوا اور طبع آزمائی کرنے لگے۔ اس طرح شاعری کی عمر بیس پچیس برس ہوتی ہے۔ موضوعِ سخن زیادہ تر غزلیں ہیں۔ غزلیں معیاری ہوتی ہیں۔

کلام میں روانی ہے۔ زبان صاف ہے اکثر ہندی الفاظ کا استعمال کرتے ہیں۔ کلام میں درد پایا جاتا ہے اور ناکامی و مایوسی جھلکتی ہے۔ شوق مطالعہ ہے اور اوقات فرصت میں کتب بینی مشغلہ ہے۔

نمونہ کلام:۔ نینوں کے آنچل میں اپنی شردھا کے کچھ پھول چڑھائے
آج تمہاری یاد نے من میں چپکے چپکے دیپ جلائے
ظلمتِ شب سے بھی ہو سکتی ہے تاسیدِ سحر
کچھ اجالے بھی نہ شام نکل سکتے ہیں
زندگی دھوپ چھاؤں میں کٹ بھی گئی
ناپتے رہ گئے ہم تو پرچھائیاں

(۸) ۔ی۔ اے ہیریسن قربان

راقم الحروف ۱۲ مارچ ۱۹۱۹ء میں ضلع مراد آباد میں پیدا ہوا۔ زمانہ طالب علمی سے شعر و سخن کا شوق پیدا ہوا اور مقامی مشاعرہ میں شرکت کرنے لگا۔ اسی وقت نثر نگاری کی طرف متوجہ ہوا اور بچوں کے مختلف رسالوں میں لکھنے لگا۔ تحصیل علم کے بعد مصروفیات و فکرِ روزگار نے اس شوق پر ضرب لگائی اور مدت تک قلم سے بے نیازی رہی۔ جب ذرا سکون نصیب ہوا تو رئیس الشعراء جناب محبوب علی خاں اخترؔ فیروز آبادی کا شاگرد ہو۔ آپ کی وفات کے بعد کسی سے مشورہ سخن نہ کیا۔ اب عرصۂ دراز کے بعد استادِ زماں علامہ بشیشور پرشاد منوّر لکھنوی کی نظر کرم کا شرف حاصل ہے۔ تمام اصناف سخن میں طبع آزمائی کی ہے بیشتر کلام نعتیہ ہے متعدد افسانے اور ڈرامے مختلف رسالوں میں شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ایک ڈرامہ ترجمہ غلام انڈر وکلس و شیر (برنارڈ شا) شائع ہو چکا ہے۔ چند مسودے برائے اشاعت تیار ہیں۔ اردو فارسی کے استاد کی حیثیت سے ملازمت کا آغاز ہوا۔ فی الحال انگریزی ادب کا استاد ہوں۔ انگریزی اور اردو ادب میں ایم اے الہ آباد سے فارسی کا امتحان اعلیٰ کامل پاس کیا ہے۔ اس وقت مغربی بنگال میں قیام ہے۔

نمونہ کلام:۔ چھوڑ کر عرشِ بریں وہ آ گیا
عشق میں ہوتی ہیں یوں دلداریاں

طور پر جو ہو چکی تھی واردات
دار پر رنگیں حکایت ہو گئی
تم نے نقابِ رُخ تو اُٹھائی ہزار بار
ہم امتیازِ روئے درخشاں نہ کر سکے
ہر ایک شے میں جلوہ اسی کا ملے گا
نگاہوں سے پردہ اُٹھا کر تو دیکھو

(۹) ایف سردار مسیح روزؔ امرتسری

۲۶ دسمبر ۱۹۱۵ء کو شہر امرتسر میں پیدا ہوئے۔ محکمہ پولیس میں ملازم ہیں۔ شعر و سخن کا شوق رگ و پے میں سمایا ہوا ہے فصیح الملک حضرت الیاس داس صاحب رسا لکھنوی جن کا سلسلہ حضرت مصحفی سے ملتا ہے سے تلمذ ہے۔ نہایت زود نویس و بسیار گو شاعر ہیں بعض موقعوں پر زبان گنجلک نظر آتی ہے۔ مگر اشعار اچھے کہتے ہیں۔



کلام بیشتر نعتیہ ہے۔ ہر قسم کے اصناف سخن میں زورِ قلم دکھاتے ہیں۔ مسیحی رسالوں میں آپ کا کلام شائع ہوتا ہے۔ کلام روایتی ہے نئے نئے قافیوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔

نمونہ کلام

گرے تھے جو عدن میں تری آنکھوں سے اے انساں
درخشاں ہو گئے آنسو نجومِ آسماں ہو کر
نہیں گلشن ہے یہ دُنیا ہے یہ جنگل ہے یہ صحرا
سمجھ کے جس کے کانٹوں کو گل و گلزار بیٹھے ہیں

(۱۰) جیکب ڈین شاد

۱۹۱۶ء میں موضع نیگن آباد ضلع شیخوپورہ (پاکستان) میں پیدا ہوئے۔ سیالکوٹ کالج سے بی اے پاس کیا۔ دوسری جنگِ



عظیم میں افریقہ اور مصر وغیرہ ممالک میں فوجی خدمات انجام دیں۔ آجکل ہماچل پردیش میں مقام چمبہ ڈسٹرکٹ انڈسٹریز آفس میں ملازم ہیں۔ ابتدائے شعور سے شعر و شاعری کا آغاز ہوا۔ حضرت ہری داس رسا کے شاگردوں کے حلقے میں شامل ہوئے۔ شاعری کی محرک آپ کی ناکام محبت ہے جس کی وجہ سے کلام آپ بیتی کا مظہر ہے اور ایک خاص قسم کے درد کا حامل ہے

نمونہ کلام

خوں میری حسرتوں کا ہوگیا تو کیا عجب
عاشقی میں کس کے دل کی آرزو بر آئی ہے
شاکی ہو جو کسی کا نہ ایسا دہاں ملے
یارب نہ زندگی میں مجھے وہ زباں ملے
بہزاد کو حیرت ہے مانی کو تحیر ہے
اے شاد یہ کس بت کی تصویر بنا ڈالی

(۱۱) بی۔ ایس۔ جارج۔ جارج

آپ کی پیدائش راولپنڈی (پاکستان) میں ہوئی۔ اس کے بعد دہلی میں قیام ہوا وہیں تحصیل علم کیا۔ فارسی میں بھی خاصی دسترس رکھتے ہیں۔ حضرت عباسی اجمیری سے تلمذ ہے اور مسیحی رسالوں میں آپ کا کلام شائع ہوتا ہے۔ کلام صاف اور نکھرا اور ستھرا ہوتا ہے۔ مستقل طور پر آبو پہاڑ (راجستھان



میں اقامت پذیر ہیں۔ نمونہ کلام

رہ گئی ہے ایک قصہ بن کے میری زندگی
کر دیا قسمت نے افسانہ در افسانہ مجھے
دار فتگانِ عشق کی وحشت نوازیاں
منزل کو چوم چوم کے پھر لوٹ آئے ہیں
جو ہوگی موت کی تکلیف ایک دن ہوگی
یہ زندگی تو مگر ایک دردِ پیہم ہے

(۱۲) ای۔ ایکس۔ فالس خستہ برملوی

۸ جنوری ۱۹۰۵ میں پیدا ہوئے۔ مراد آباد پارکر ہائی اسکول میں زیر تعلیم تھے اس وقت حضرت مولوی ظفر حسین عاصی جیسے قابل و مشفق اُستاد سے بہرہ ور ہوئے۔ عاصی صاحب کی ترغیب سے میدانِ سخن میں قدم رکھا اور عاصی صاحب کے وسیع حلقہ شاگردان میں شریک ہو گئے۔ غزل، رباعی، قصیدہ سب میں زورِ طبع دکھایا ہے۔ زبان عموماً صاف اور عام فہم ہے۔

زمیں سلام کرے آسماں سلام کرے
مسیح پاک کو سارا جہاں سلام کرے

۱۳۔ جے۔ ایس۔ فانی اکبر آبادی

مسیحی جماعت کے ممتاز شعراء میں آپ کا شمار ہوتا ہے حضرت ابوالخیال نادر شاہجہانپوری کے عزیز ترین شاگردوں میں سے ہیں۔ ہر قسم کے اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کرتے ہیں نعتیہ، غیر نعتیہ وطنی



غرضکہ ہر قسم کا کلام موجود ہے جو اکثر رسالوں میں شائع ہوتا ہے کلام میں تخیل کی بلند پروازی کے نمونے بھی ملتے ہیں اور فصاحت و بلاغت بھی

نمونہ کلام

کیا قیامت ہے یہ زمیں والے
چاند تاروں کی بات کرتے ہیں
چراغ فکر کہن بجھ چلے تو کیا غم ہے
شعور نو کے لئے آفتاب لایا ہوں



سلطان اختر

نئی لہریں

عمل

بارش کے ساتھ ساتھ ہی طوفاں کا قہر بھی
میری طرح لرزتی ہے دیوارِ شہر بھی

ایسی گھٹن کہ سانس لبوں کو نہ چھو سکے
سر سے گزر رہی ہے ہواؤں کی لہر بھی

تو اس قدر نہ اپنے بکھرنے پہ رنج کر
ذرّوں میں بٹ گئے ہیں طلسماتِ دہر بھی

یوں تو اتر چکا تھا نشہ رات کا مگر
سویا نہ ایک پل کو کوئی پچھلے پہر بھی

کھل کھیلنے کی موج پلٹ کر نہ آسکی
سوکھی پڑی ہے اب تو تکلف کی نہر بھی

مٹ جائیں گی لبوں سے گناہوں کی تلخیاں
رکھ لیجئے زبان پہ لذّت کا زہر بھی

میں ہی حریصِ سنگِ ہوس مدّتوں رہا
میرے ہی سر پہ ٹوٹا ہے شیشوں کا قہر بھی

شعلے کو بازوؤں میں جکڑ تو لیا مگر
اخترؔ رگوں میں دوڑ گئی سرد لہر بھی

یہ گرم سورج زمیں پہ اُترے گا
اور ہمارے سروں پہ شعلوں کا تاج ہوگا
پلک جھپکتے ہوئے ستاروں کی
ساری قندیلیں کوئلہ ہوں گی
چاند جل بجھ کے راکھ ہوگا
اور آسمانوں کی کھال اُدھڑے گی
اور لعل و گہر اُگلتے ہوئے سمندر
کے نیلے پانی میں زہر ہوگا
اور آگ اُگلتی ہوئی ہواؤں کے دوش پر
مثلِ گرد
ساکت پہاڑ اُڑیں گے

میرا یہ ایمان ہے کہ ایسا ضرور ہوگا
میری یہ تشکیک ہے کہ ہوگا
تو کون ہے جس کے اک اشارہ پہ ایسا ہوگا
خدائے برتر؟
خدائے برتر جو ایک چیونٹی کے مارنے کو بھی
ایک معصوم اجنبی راہ گیر کے بے ارادہ تلوے



کا منتظر ہے!
خدائے نادیدہ اپنے ہر فعل کے لئے
کوئی ایک مرئی وسیلہ ہر لحظہ ڈھونڈھتا ہے
ہم اونچی شاخوں کی تتلیوں کے حسیں تعاقب
میں دوڑنے والے
آگ کو پھول جان کر
اپنے نرم ہاتھوں سے چھونے والے
سیاہ نادیدہ رسیوں میں بندھے
کھلونوں سے کھیلنے والے
طفلِ ناداں
اُس آخری دن کے منتظر ہیں
خدائے برتر کے اس ارادہ سے بے خبر ہیں
کہ تجربہ گاہوں میں رکھے قیمتی کھلونے
(جنہیں ہمارے ہی دستِ مشاق نے گھڑا ہے
اُس آخری دن کی ساری تبدیلیوں
کے مرئی وسیلہ ہوں گے۔

ظہیر صدیقی

سمندروں کی افادیت

بدیع الزماں اعظمی

مہذب دُنیا کے سامنے بروقت سیاسی، سماجی، معاشی اور اقتصادی مسائل کے علاوہ اور بھی بہت سی الجھنیں ہیں۔ جو دردِ سر بنی ہوئی ہیں۔ جن میں دو خاص طور پر باعثِ تشویش ہیں۔

۱۔ غذائی مسئلہ ۲۔ محدود معدنی ذخائر

انسانی آبادی جس تیزی کے ساتھ بڑھ رہی ہے اس کا اندازہ یوں کیا جاسکتا ہے کہ ہر چوبیس گھنٹہ کے بعد تین لاکھ اٹھائیس ہزار نفوس کا اضافہ ہوجاتا ہے لہٰذا اضافہ کی اس شرح سے اس صدی کے اختتام تک دنیا کی مجموعی آبادی تین ارب تیس کروڑ سے تجاوز کر کے سات ارب چالیس کروڑ تک پہنچ جائے گی۔ آبادی جس رفتار سے بڑھ رہی ہے اُس تناسب سے غذائی پیداوار میں اضافہ نہیں ہو رہا ہے اس لئے نسلِ انسانی کو عالمگیر غذائی بحران کا سامنا کرنا بعید از قیاس نہیں۔

یہی وجہ ہے کہ دنیا کی بیشتر حکومتیں نس بندی کی طرف رجوع کر رہی ہیں اور پوری کوشش سے کام لے کر آبادی کو بڑھنے سے روک رہی ہیں مگر محض نس بندی اس مسئلہ کا واحد حل نہیں ہے۔ اشیائے خوردنی کی پیداوار میں معتدبہ اضافہ کی بھی ضرورت ہے۔ دوسرے یہ کہ قدرتی معدنی ذخائر میں بھی روز بروز کمی آتی جارہی ہے۔ بالخصوص کوئلہ اور مٹی کا تیل جو موجودہ دور کی صنعتی دنیا کے دو اہم ستون ہیں جس رفتار سے کھودے جارہے ہیں اس کے پیشِ نظر گمان غالب ہے کہ ان کے ذخائر مستقبل قریب میں ختم ہوجائیں گے اگر ایسا ہوا تو پھر کیا ہوگا؟ یہ ایک بھیانک سوال ہمارے سامنے آتا ہے۔ مگر ہمیں ہراساں ہونے کی کوئی ضرورت نہیں۔ ہمارے پاس ان دونوں مسئلوں کا ایک معقول حل ہے اور وہ ہے وسیع سمندر!

کرۂ ارض کا تین چوتھائی حصہ کرۂ آب سے ڈھکا ہوا ہے جس کا مجموعی رقبہ ۱۴۲ کروڑ مکعب میل ہے ہمارے سمندر نہ صرف وسیع ہیں بلکہ ہماری ضروریات کے ضامن بھی۔ آج انسان کی دوڑ دھوپ چاند اور مریخ پر پہنچنے کی ہے۔ اس سلسلے میں وہ اپنی دولت پانی کی طرح بہا رہا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ جو سرمایہ روس اور امریکہ کی کمین گاہوں سے چاند پر کمندیں ڈالنے پر صرف ہو رہا ہے اگر اس کا عشر عشیر بھی سمندر کی گہرائیوں میں اترنے پر صرف کیا جائے تو یہی دُنیا بے شک جنت نشان بن سکتی ہے۔ آیئے اپنے سمندروں کی دولت کا ایک طائرانہ جائزہ لیں۔

ہمارے سائنسدانوں کا خیال ہے کہ سمندر کے پانی میں پانچ کروڑ ارب پاپچاس پدم ٹن نمک گھلا ہوا موجود ہے جو اگر حاصل کیا جاسکے اور اسے سطح ارض پر پھیلایا جاسکے۔ تو یقین مانئے کہ نمک کی ۵۰۲ فٹ موٹی تہہ کرۂ ارض کو ڈھک لے گی۔ نمک کے علاوہ پچاس کروڑ ٹن چاندی، سات کھرب ٹن یورون، پندرہ پندرہ ارب ٹن تانبا اور مینگنیز، ڈھائی کروڑ ٹن میگنیشیم، چالیس لاکھ ٹن پوٹاشیم ہونے کے امکانات ہیں۔ سونا تو سمندروں میں اتنا موجود ہے کہ ہر آدمی کروڑ پتی بن سکتا ہے۔ ان کے علاوہ اور دیگر معدنیات کی بھی کثرت ہے۔

سمندر کی اس بے پایاں دولت کا تصور ہی ہمارے دل و دماغ میں مسرت اور اطمینان کی لہر دوڑانے کے لئے کافی ہے مگر جب ہمیں اس حقیقت کا احساس ہوتا ہے کہ یہ سارے اربوں اور کھربوں ٹن معدنی خزانے سنکھا سنکھ ٹن پانی میں گھلے ہوئے ہیں تو ہم امید و بیم کے بھنور میں غوطے لگانے لگتے ہیں۔ مگر ہمیں مایوس ہونے کی کوئی وجہ نہیں۔ ہمارے سائنسداں ایسے ذرایع کی کھوج میں لگے ہوئے ہیں کہ جن کی مدد سے ہم اس دولت کو آسانی کے ساتھ سمندر سے حاصل کر سکیں گے۔

ہمارے سائنسداں اور ماہرین علم طبقات الارض کا خیال ہے کہ ہماری ندیاں ہر سال تین ارب پچاس کروڑ ٹن فاسفورس بہا کر سمندروں میں لے جاتی ہیں۔ خوش قسمتی سے ہم پچھلے سمندروں سے اسے دستیاب کر سکتے ہیں۔ بحر ہند کی بحری تحقیقاتی مہم کے سلسلہ میں اس بات کی کھوج کی گئی ہے کہ جزائر انڈونیشیا کے متصل سمندر کی تہہ پر فاسفورس والی چٹانیں کثیر تعداد میں موجود ہیں۔ جن کی کان کنی سے ہم کھاد کا مسئلہ آسانی سے حل کر سکتے ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ یخ کے زمانہ میں سمندروں کی سطح موجودہ سطح سے ۳۰۰ فٹ نیچے تھی۔ اس وقت کی ندیوں کے ڈیلٹے اور ساحلی میدان یخ کا زمانہ ختم ہوتے ہی زیر آب ہو گئے کیونکہ سیلہائے یخ کے پگھلنے سے سمندر کی سطح ۳۰۰ فٹ اونچی اٹھ گئی۔ معدنی مادے جو اُن میں موجود تھے۔ آج تقریباً پندرہ بیس ہزار برس سے زیر آب ہیں اب ہم انھیں کھود کر نکال رہے ہیں۔ ملایا۔ انڈونیشیا اور تھائی لینڈ کی حکومتیں اپنے اپنے ساحلی سمندروں سے رانگا نکال رہی ہیں۔ جاپان خلیج ٹوکیو سے لوہے کے ذرات برآمد کر رہا ہے۔ الاسکا (شمالی امریکہ) کے ساحلی سمندر سے سونے کے ذرات حاصل کئے جا رہے ہیں اور جنوب مغربی افریقہ کے ساحلی سمندر سے ہیرے نکالے جا رہے ہیں۔

گہرے سمندروں کے فرش پر فاسفورس اور مینگنیز کی چٹانیں بکھری ہوئی پڑی ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ انھیں کھود کر نکالا جائے اور کام میں لایا جائے۔ شمالی امریکہ کے مغربی ساحل سے چار سو میل کی دُوری پر گہرے سمندر کے فرش پر ہر مربع فٹ کے رقبہ پر پانچ سے سات پونڈ وزنی چٹانیں بے شمار تعداد میں موجود ہیں جن میں تانبا جستہ اور کوبالٹ ہر ایک دو دو فیصد اور مینگنیز پچاس فیصد کی اوسط سے موجود ہے۔ پروفیسر گیلن جونس آف بوسٹن یونی ورسٹی (امریکہ) کے اندازہ کے مطابق ان چٹانوں کی ساخت حشرات البحر کی مرہون منت ہے۔ یہ حشرات بحری سمندر سے نباتاتی غذا کے ساتھ ساتھ معدنی غذا بھی لیتے رہتے ہیں جسے وہ فضلہ کی شکل میں کسی بے جان شے جیسے شارک کے دانت یا وھیل کی ہڈیوں پر جمع کرتے رہتے ہیں۔ جن کی دبازت ایک ہزار سال میں ۱/۱۰۰ انچ سے ۱/۱۰ انچ تک ہو جاتی ہے۔ ان کی ساخت چاہے جس طرح بھی ہو مگر ان کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اگر ہم اپنی موجودہ ضرورت کے مطابق ہی ان معدنیات کو سمندر کی تہہ سے حاصل کرتے رہیں تو ان ذخیروں میں کمی آنے کا کوئی احتمال نہیں ہے۔ اس واسطے کہ سمندر کی تہہ میں اس قسم کی چٹانیں مسلسل بنتی رہتی ہیں۔

بروقت ساحلی سمندروں سے مٹی کا تیل اور اس کے ساتھ ساتھ نیچرل گیس بھی دستیاب کیا جا رہا ہے۔ تیل کی کمپنیاں اگرچہ کئی سال سے پچھلے سمندروں میں ہی اس کام کو انجام دے رہی ہیں مگر وہ بتدریج گہرے سمندروں کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ خیال یہ ہے کہ ۱۹۷۵ء تک ایک ہزار فٹ گہرے سمندر تک تیل نکالا جا سکے گا۔ رائل ڈچ پٹرولیم کے چیرمین مسٹر جان لنڈن کا اندازہ ہے کہ ۱۹۹۵ء تک بہت سی کمپنیاں دو ہزار فٹ گہرے سمندر تک تیل نکالنا شروع کر دیں گی۔ جزائر برطانیہ کے مشرقی ساحل کے قریب بحیرہ شمالی میں تیل کی کھوج کے سلسلے میں نیچرل گیس کا خزانہ دستیاب ہو گیا ہے جس سے برطانیہ میں گیس کی ضرورت تیس سال تک پوری ہوتی رہے گی چنانچہ گیس کی پائپ لائینوں کے بچھانے کا کام شروع ہو گیا ہے خیال ہے کہ ۱۹۷۰ء تک اہل برطانیہ کو سمندر سے گیس سپلائی ہونے لگے گی۔

براعظمی پلیٹ فارم کے نیچے تو کرۂ ارض پر پائے جانے والے تیل کے خزانوں کا پچاس فیصدی تیل موجود ہے جو آسانی کے ساتھ نکالا جا سکتا ہے مگر گہرے سمندروں کے فرش کے نیچے تیل کا ایک

سمندر ہے جسے قدرت نے جگہ جگہ دفن کر رکھا ہے۔ اگر ہم نے اسے حاصل کر لیا تو یہ ہماری ٹیکنالوجی کا عظیم کارنامہ ہوگا۔ پھر تو ہمیں سمندر کی گہرائیوں میں اترنا ہوگا۔ وہیں پر تیل کے کنویں کھودنے ہوں گے، وہیں پر تیل صاف کرنے کے کارخانے بنانے ہوں گے۔ کام کرنیوالوں میں بے جان آہنی انسان ہوں گے۔ آبدوز کشتیاں، ٹرول، تیل اور دیگر اشیاء کو لے کر اڑیں گی تاکہ آباد دنیا اُن سے مستفید ہو سکے۔ کھدائی، صفائی اور باربرداری کا سارا کام آٹومیٹک ہوگا۔

مٹی کے تیل سے مختلف اشیاء حاصل کی جاتی ہیں اور ہم اس کے استعمال سے کماحقہ واقف بھی ہیں۔ مگر جدید تحقیق یہ ہے کہ اس کا استعمال بطور غذا بھی ہو سکے گا اس سے ہم پروٹین حاصل کر سکیں گے۔ اندازہ لگایا گیا ہے کہ تیل کی موجودہ پیداوار کے ڈھائی فیصدی تیل سے ۲ کروڑ ٹن پروٹین حاصل ہو سکتی ہے جو دنیا کے تمام جانوروں سے حاصل ہونے والی پروٹین کے برابر ہوگی۔ اس طور پر مٹی کے تیل کا ایک نیا استعمال پروٹین کی شکل میں ہوگا۔

ہمارے سمندر انواع و اقسام کے کیڑے مکوڑوں اور آبی حیوانات اور نباتات سے بھرے پڑے ہیں۔ ان میں سے بعض بہترین کیمسٹ ہیں۔ مثال کے طور پر کیکڑے سمندر کے پانی سے کوبالٹ اخذ کرتے رہتے ہیں۔ ان کے خون کے اندر تانبے کا جز ..... ۱/۱ کی اوسط میں اسی طرح پایا جاتا ہے جس طرح انسان کے خون میں لوہے کا جز۔ ایک دن آئے گا کہ ہم ان سمندری کیڑے مکوڑوں اور جانوروں سے سمندر کے پانی میں حل شدہ معدنیات کے حاصل کرنے کا گر بھی معلوم کر سکیں گے۔

تاریخ کی ابتدا کے قبل سے ہی انسان نے سمندروں کو اپنی شکار گاہ بنا رکھا ہے۔ مچھلی پکڑنا اس کا قدیم پیشہ ہے۔ یوں تو دنیا کے سارے سمندر خواہ وہ گرم ہوں یا سرد یا سرد ترین مختلف قسم کی مچھلیوں سے بھرے پڑے ہیں مگر مچھلی پکڑنے کا دھندا بڑے پیمانے پر منطقہ معتدلہ کے ساحلی سمندروں میں ہوتا ہے چونکہ اُن کی گہرائی چھ سو فٹ سے کم ہی ہے اس لئے سورج کی کرنیں سمندر کی تہہ تک پہنچ جاتی ہیں اور وہاں ایک قسم کی سوا جسے پلینکٹن کہتے ہیں پیدا کرتی ہیں۔ اسی نباتات پر پلینکٹن نامی چھوٹے چھوٹے کیڑے پرورش پاتے ہیں جو مچھلیوں اور ان کے بچوں کی خاص خوراک ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مچھلیوں کی ایک کثیر تعداد انڈے بچے دینے کے لئے ان چھچلے سمندروں میں آجاتی ہے جہاں بچے اپنی خوراک پاکر تیزی سے بڑھتے ہیں۔ ان بچوں کو کھانے کے لئے گہرے سمندروں سے بڑی بڑی مچھلیاں بھی بے شمار تعداد میں آجاتی ہیں جو بالآخر شکار کر لی جاتی ہیں۔ مچھلی پکڑنے کے کاروبار میں چلی اور جاپان کے ممالک سب سے آگے ہیں۔ جاپان کے ماہی گیر سورج غروب ہوتے ہی بڑے بڑے جال جن کو ٹرال (TRAWL) کہتے ہیں، سمندر میں ڈالتے ہیں۔ ان میں بجلی کے ٹائم بلب لگے ہوتے ہیں جو وقت مقررہ پر اپنے آپ 'آن' اور آف ہوتے رہتے ہیں۔ مچھلیاں ان قمقموں کی روشنی کے سہارے جھنڈ کے جھنڈ جال کے اندر آجاتی ہیں۔ یکے بعد دیگرے قمقمے 'آف' اور 'آن' ہوتے رہتے ہیں۔ اور مچھلیاں روشن قمقموں تک پہونچتی رہتی ہیں۔ بالآخر جال کے اندرونی آخری حصہ کا بلب بھی پچھلے پہر کے قریب آف ہو جاتا ہے اور جال مشین کے ذریعہ سمیٹ لیا جاتا ہے اور جب اسے اٹھا کر اسٹیمر پر رکھا جاتا ہے تو منوں مچھلیوں کا انبار لگ جاتا ہے۔ قطبی سمندروں میں وھیل، سیل، اور والرس کا شکار کیا جاتا ہے ان سے گوشت بھی حاصل ہوتا ہے اور چربی بھی۔ ان میں وھیل سب سے بڑی ہوتی ہے ۱۱۲ فٹ لمبی، ۲۵ ٹن چوڑی اور ۵ فٹ اونچی وھیل کا شکار کیا جا چکا ہے۔ وھیل کا اوسط وزن دو سو ٹن یعنی ساڑھے پانچ ہزار من کے لگ بھگ ہوتا ہے۔ کھال کے نیچے بیس انچ موٹی چربی کی تہہ بھی ہوتی ہے جس کی وجہ سے یہ قطبی خطے کے برفیلے سمندروں کی ٹھنڈک برداشت کر لیتی ہیں۔

ہمارے ملک میں بھی ساحلی علاقوں میں ماہی گیروں کی بستیاں ہیں۔ بھارت سرکار ان ماہی گیروں کو جدید قسم کے جال اور اسٹیمر فراہم کر رہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ مچھلیاں پکڑی جا سکیں تاکہ اناج کی کمی کسی حد تک پوری ہو سکے۔ اس میں شک نہیں کہ مچھلیاں غذائی بحران دور کرنے میں بڑی حد تک معاون ہیں اور رہیں گی۔ کیکڑے جنھیں کوئی کھانا ناپسند نہ کرتا تھا آج ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے لئے ۲۴ کروڑ ڈالر سالانہ کی آمدنی کا ذریعہ ہیں۔

سمندر کے پانی میں بے پناہ قوت بھی ہے۔ انسان نے اس طاقت سے فائدہ اٹھانے کا منصوبہ بھی بنا لیا ہے۔ ہندوستان میں بھی بڑے پیمانے پر آبی بجلی پیدا کی جا رہی ہے۔ دنیا کے دوسرے ممالک میں بھی جن ندیوں میں مدوجزر آتا ہے اسی طرح آبی بجلی پیدا کرنے کی اسکیمیں بنائی جا رہی ہیں۔

سمندر کا پانی کھارا ہے۔ اسے استعمال میں لانے کے لیے اس کا کھارا پن دور کرنا پڑتا ہے۔ ہر وقت صرف چند کروڑ گیلن پانی صاف کیا جا رہا ہے مگر ایسے ذرائع ایجاد کیے جا رہے ہیں کہ جن کی مدد سے کم سے کم خرچ پر زیادہ سے زیادہ پانی کا کھارا پن دور کیا جا سکے۔ اس لیے پورے وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ وہ دن دور نہیں جب ہم اس مقدار میں پانی صاف کرنے لگیں گے جو ہمارے موجودہ ریگستانوں کو سرسبز میدانوں میں تبدیل کر سکیں گے۔ پھر یہی ریگستان اپنی لہلہاتی فصلوں سے غذائی بحران دور کرنے میں ہمارے معاون ثابت ہوں گے۔

سمندر کی افادیت کے پیش نظر سمندروں کی باقاعدہ جان بین کرنے اور ان کے رازہائے سربستہ کو معلوم کرنے کے لیے دنیا کے بڑے بڑے ملکوں کی ایک کانفرنس ۱۹۶۵ء میں بہ مقام جنیوا منعقد ہوئی تھی۔ اس میں طے پایا کہ شد و مد کے ساتھ بحری مہم چلائی جائے اور یہ بھی طے پایا کہ ہر ملک کے سمندری پلیٹ فارم پر ۶۵۰ فٹ کی گہرائی تک جو کچھ بھی پایا جائے وہ اس ملک کی ملکیت قرار پائے گی۔ چناں چہ سمندروں کی دولت کی کھوج کی مہم جاری ہو گئی۔ بڑی بڑی حکومتیں اس کام میں آگے ہیں۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے اپنی اس مہم پر ساٹھ کروڑ ڈالر سالانہ صرف کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اس مہم سے ہمیں ایک فائدہ یہ بھی ہو گا۔ کہ ہم اپنے گم شدہ خزانوں کو بھی ڈھونڈھ نکالیں گے۔ جو ہر سال جہازوں کے تباہ ہو جانے اور ڈوب جانے پر سمندر کی تہہ میں بیٹھتے جاتے ہیں۔ یہ اندازہ لگایا گیا ہے کہ سنہ ۱۵۰۰ء کے بعد سے آج تک تقریباً دس لاکھ جہاز ڈوب کر سمندر کی تہہ تک پہنچ چکے ہیں جو اپنے ساتھ آج تک کھودے گئے سونے اور چاندی کی چوتھائی مقدار بھی لیتے گئے۔ جب ہم ان ڈوبے ہوئے جہازوں کا سراغ لگا لیں گے تو ہم اپنے گم شدہ خزانوں کو بھی برآمد کر سکیں گے۔ خدا کرے وہ دن جلد آئے!

●●

بقیہ: شیش محل

بلرام نے کہا۔

اس نے سوچا انل شاید رات کی بات کا اثر اس کے دل سے مٹانا چاہتا ہے۔ اس نے جان بوجھ کر اپنا دھی پرانا کوٹ پہنا تھا۔ لیکن انل نے جیسے اس بات پر کوئی دھیان نہیں دیا تھا۔ اس کے اس بناوٹی رویہ کو بلرام محسوس کیے بغیر نہ رہ سکا۔

دن بھر دونوں برلا مندر، چاندنی چوک اور لال قلعہ کی سیر کرتے رہے۔ رات کے نو بجے جب بس سے اتر کر انل کے گھر کی طرف چلے تو بلرام کی بیوی آہستہ سے بولی — انل کی بہو بہت بدل گئی ہے اس نے تو انل کو بہکایا ہے۔ رات والی بات . . . ."

"تو تو ہمیشہ بہو کو ہی دوش دے گی۔ عورت جات ہے نا۔" بلرام نے کہا۔

"نہیں دوش تو انل کا بھی ہے جو ماں باپ کو اس طرح بھول گیا۔"

"اس کا کوئی دوش نہیں ہے انل کی ماں۔ سوچتا ہوں تو اس کی بات ٹھیک لگتی ہے۔ خود بڑا افسر ہے۔ اپنے دوستوں اور پڑوسیوں سے یہ کہتے کیا اسے اچھا لگتا ہوگا کہ اس کا باپ ایک معمولی پوسٹ مین ہے۔ آخر اس کی بھی تو عزت کا سوال ہے۔"

بلرام کی بیوی خاموش رہی۔

"لیکن انل کی ماں میرا من یہاں نہیں لگ رہا ہے۔ انل اور اس کے بچوں کو دیکھ لیا۔ ہم لوگ کل لوٹ جائیں گے۔" بلرام یکایک بولا۔

"اتنی جلدی۔ ۲۶ جنوری نہیں دیکھنا ہے کیا؟" بلرام کی بیوی نے تعجب سے پوچھا۔

"چھوڑو بھی کیا رکھا ہے ۲۶ جنوری میں۔ انل کو پاس بھی تو نہیں ملتا۔ بغیر پاس کے کوئی مزا بھی نہیں آئے گا۔ پھر کن من بھی تو بہت یاد کرتا ہوگا۔ پہلی بار اس سے الگ ہوئے ہیں۔"

بلرام کی نگاہوں میں لال قلعہ کا شیش محل جگمگا اٹھا۔ گائڈ کی جلائی ہوئی روشنی میں شیش محل کتنا خوبصورت لگ رہا تھا — وہ سوچنے لگا۔

●●

شرون کمار



بچہ

وہ تینوں کناٹ پلیس کے کارنیڈورس میں بھٹک رہے تھے یہاں بیوی اور بچہ۔ ہر دکان کے سامنے وہ چند لمحے رکتے اُن کے اندر رکھی ہوئی چیزوں کو دیکھتے اور پھر گھٹنے گھٹنے سے آگے بڑھ جاتے۔ کبھی یہ بھی ہوتا کہ بھیڑ کا ریلا انھیں اپنے ساتھ ڈھکیل لے جاتا۔

تہوار کا دن تھا۔ ہر دکان پر، ہر کونے پر خریدار ایسے ٹوٹے پڑ رہے تھے جیسے مکھیاں شہد پر ٹوٹتی ہیں۔ ایسا لگتا تھا جیسے آج ہی کے دن کے لیے لوگوں نے اپنی ساری پونجی جمع کر رکھی تھی۔ جیسے وہ اپنے آپ کو لٹا دینا چاہتے تھے۔ جہاں انھیں ایک چیز کی ضرورت تھی وہاں وہ دو خرید رہے تھے۔ بازار میں جیسے پیسے کی باڑھ آئی تھی۔ کچھ لوگ جو کچھ خریدتے جاتے تھے اپنی کاروں میں جمع کیے جا رہے تھے۔ کچھ نے اس کام کے لیے چھوٹے چھوٹے مزدور بچوں کا سہارا لیا تھا جو اپنی جھلی میں اُن کے دو دو چار بنڈل لادے اُن کے ساتھ ٹنگے ٹنگے سے ایک دوکان سے دوسری دکان کی طرف گھسٹتے چلے جا رہے تھے۔ اِن چمچماتی کاروں والوں کے اُجلے، قیمتی کپڑوں کا کچھ اپنا ہی رعب تھا۔ ان کا بھڑکیلا پن ایک عجیب کیفیت لیے ہوئے تھا۔ ایسا نکھار دلی پر کبھی کبھی ہی آتا ہے۔

اچانک بچے نے انگلی چھڑانی چاہی "ممی مجھے گبارا لے دو" عورت نے غصے سے بچے کی طرف دیکھا اور اپنے بازو پر جھٹکا دیتے ہوئے اُسے گھسیٹتی ہوئی آگے بڑھ گئی۔ باپ نے بھی گھرکی دی اور بچے کی طرف دیکھا جس سے اس کا مقصد یہ تھا کہ بھئی ابھی بازار میں آئے ہی ہیں اور تم نے اپنی فرمائش شروع کر دی۔

وہ چند ہی قدم آگے بڑھے تھے کہ بچے نے پھر ضد کی "پاپا ہم قلفی کھائیں گے۔" "ہم رچھگلے کھائیں گے۔"

اور پاپا ایک بھڑک اٹھے "اس کی عادتیں روز بروز بگڑتی جا رہی ہیں۔ اس کو ڈانٹ کر رکھا کرو۔"

لیکن بچے کی فرمائشیں جاری تھیں۔ "ہمیں بوٹ لے دو نا! ہمیں چمکنے والی چھینڈل لے دو نا! دیکھو میری چھینڈل تو ٹوٹ بھی گئی ہے۔"

"لے دیں گے، لے دیں گے بیٹے۔" میاں نے کہا "تم ضد نہ کیا کرو۔" "ضد مجھے بالکل اچھی نہیں لگتی۔"

اتنے میں بیوی ایک ہاکر کے سامنے رُکی۔ وہ جوڑے کے نیٹ بیچ رہا تھا۔ یہ نیٹ انگلش ہیں۔" وہ کہہ رہا تھا "دو سال تک ان کا کچھ نہیں بگڑے گا۔"

بیوی نے بنا زیادہ سوچے اس سے دو نیٹ خرید لئے۔ ہاکر کے پاس جوتے کے فیتے بھی تھے۔ میاں کو یاد آیا کہ اس کے بوٹ کے فیتے ٹوٹ رہے ہیں اور اس نے فیتوں کے لئے بھی بیوی کو پیسے دیدینے کو کہا۔ بچے کا شوق پورا کرنے کے لئے انہوں نے اس کو بالوں کی سوئیاں بھی خرید دیں اب وہ تینوں پھر چلنے لگے تھے۔

اب تک وہ کناٹ پلیس کے دو چکر لگا چکے تھے اور تیسرا لگا رہے تھے۔ بیوی چاہتی تھی کہ اس کے لئے ایک سفید کارڈیگن خریدا جائے جو وہ ہر ساڑی کے ساتھ پہن سکے۔ تین سال پہلے اس نے خود ہی ایک کارڈیگن خریدا تھا جو اب بدرنگ ہو رہا تھا۔ خاوند چاہتا تھا کہ اس کے لئے ایک کوٹ کا کپڑا خریدا جائے کیونکہ وہ پچھلے آٹھ برسوں سے کوئی کوٹ نہیں بنوا سکا تھا۔ اور اس کی حالت یہ تھی کہ وہ آستینوں سے اُدھڑ رہا تھا اور اس کی رنگت بے جان سی دکھائی دے رہی تھی اس میں اب آتنا دم بھی نہیں رہا تھا کہ اسے پلٹوایا ہی جاتا۔

بڑی مشکل سے کسی طرح کھینچ تان کر کے وہ پچھلے چار مہینوں میں ساٹھ روپے بچا پائے تھے۔ چار سو کی ماہانہ تنخواہ میں سے پچیس تیس تو دفتر میں کٹ جاتے ہیں۔ پھر ہر مہینے سو روپے مکان کا کرایہ پانچ بجلی پانی، پندرہ بیس بس کا کرایہ، پندرہ بیس جیب خرچ۔ پہلے انہوں نے سوچا تھا کہ کسی سستی سی جگہ میں رہیں تاکہ مکان کا کرایہ پچاس سے زیادہ نہ دینا پڑے لیکن پھر یہ سوچا کہ غلط لوگوں میں رہ کر بچے پر غلط اثر نہ پڑے، انہوں نے راجہ گارڈن میں ہی رہنے کا فیصلہ کیا تھا۔ پھر بچے کو بھی اچھے اسکول میں بھیجنا پڑا۔ ہر مہینے اس کی فیس وغیرہ کے ہی تیس روپے ہو جاتے ہیں۔ پھر کتابوں اور کاپیوں کے پیسے الگ، سردی، گرمی کی ڈریس پر خرچ الگ، شوہر نے ایک بار بیوی کو سمجھایا بھی تھا کہ بچے کو میونسپلٹی کے اسکول میں بھرتی کروا دیا جائے۔ آخر وہ بھی تو انہیں اسکولوں میں پڑھے ہیں۔ لیکن بیوی نہ مانی تھی۔ اس کا کہنا تھا کہ ایک تو میونسپلٹی کے اسکولوں میں نرسری کلاس ہوتی ہی نہیں اور دوسرے وہاں بچے کی شخصیت نہیں بنتی۔ پبلک اسکول میں بچے کی شخصیت کا صحیح ارتقاء ہوتا ہے۔

میاں بیوی کی بات سن کر ہنس دیا تھا۔ اور پھر اس نے کہا تھا لیکن تمہیں معلوم نہیں۔ ہمارے بعض رہنما پبلک اسکولوں کی کتنی بُرائی کرتے ہیں۔"

"ہاں برائی تو کرتے ہیں" بیوی نے تڑاک سے جواب دیا تھا۔ "لیکن سب سے زیادہ ان کے بچے ہی ان اسکولوں میں پڑھتے ہیں" اور پھر دونوں ایک ساتھ ہنس دیئے تھے۔ اور انہوں نے بھی اپنا بچہ پاس ہی کے ایک اسکول میں داخلہ کروا دیا تھا جہاں سے "نمستے" کی بجائے "گڈ مارننگ" کرنا سکھایا جاتا ہے۔

دراصل خرچے کا حساب ان کا کبھی بن ہی نہیں پایا تھا۔ ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو انہیں تنخواہ ملنے کا ہلکا سا احساس ہوتا تھا ورنہ حالت ویسی کی ویسی ہی رہتی تھی۔ وہی مکان کا کرایہ، وہی راشن والے کے پیسے، وہی دودھ کا خرچ، وہی بیبی کی اسکول فیس۔ کبھی کبھی تو گہری سوچ میں ڈوب جاتے تھے کیونکہ وقت بے وقت کے لئے ان کے پاس کچھ نہ بچتا تھا۔ اور کئی چیزیں تو ایسی تھیں جو ان کی فہرست سے ہی نکل چکی تھیں۔ جیسے فروٹ اور انڈے۔ اور آہستہ آہستہ اور کئی چیزیں بھی نکلتی جا رہی تھیں اور جو کام بیچ میں رہ جاتا وہ بیچ میں ہی رہ جاتا تھا۔ جیسے ان کے پاس ایک کھڑکی کے لئے تو پرانا پردہ تھا۔ لیکن دوسری کھڑکی کو وہ ڈھک ہی نہ پا رہے تھے۔ اور رات کو سوتے وقت اس پر ایک معمولی سی سفید چادر اوڑھا دیتے تھے۔ تاکہ "پرائویسی" کسی طرح بنی رہے۔ ہاں یہ تو غنیمت تھا کہ ڈاکٹری علاج سرکاری نوکری ہونے کی وجہ سے مفت تھا۔ اور نہ بیماری آنے پر جان کے لالے پڑ سکتے تھے۔

ان کے پاس پڑوس میں نت نئے ڈیزائنوں کی روزمرہ اٹھتی بلڈنگوں کو دیکھ کر ایک دن شوہر نے خود ہی کہا تھا "میں نے کبھی تو ایک سرکاری نوکری جس سے ٹھیک ڈھنگ سے پیٹ بھی نہیں بھر پاتا۔ ورنہ دیکھو ہمارے ان پڑوسیوں کو کتنی شاندار کوٹھیاں بنواتے ہیں۔" اور پھر میاں بیوی دیر تک "چور بازاری اور جلد امیر بننے کی نسخے کی باتیں کرتے رہے تھے۔

تمہیں یاد ہے وہ پراپرٹی ڈیلر جس نے ہمیں یہ مکان کرایہ پر دلوایا تھا۔" شوہر نے بات شروع کی۔ "اس نے کچھ گھنٹوں کی محنت سے ہی ہم سے کمیشن کے پچاس روپے کما لئے تھے۔ جبکہ میں تمام دن دفتر

میں گھستے رہنے پر بھی تیرہ سو اتیرہ روپے سے زیادہ نہیں کما سکتا۔ اس کی ایک لاکھ کی تو بلڈنگ ہی ہے۔ اب اس کے نچلے حصے میں دکانیں بنوا رہا ہے اور باقی حصے میں ویسے ہی کرایہ دار بٹھائیگا۔ اسکوٹر اس نے لے ہی لیا ہے جلد ہی کار بھی خریدے گا۔ ٹیلیفون بھی اس کے پاس ہے ہی۔ کہتا تھا پہلے وہ بھی سرکاری نوکر تھا۔ ایل ڈی سی مشکل سے میٹرک پاس ہوگا۔"

اور بیوی نے اس سامنے والے پڑوسی کی بات کہی تھی جس پر روز بروز چربی چڑھتی جا رہی ہے۔ "پتہ ہے گھئی بھی الیکشن لڑ رہا ہے۔"

"ہیں" پتی کو جیسے بجلی سے شاک لگا "سچ" چمگادڑ کی اولاد جب اس محلے میں آیا تھا تو سالا پھٹیچر سا لگتا تھا۔ پچھواڑے میں ایک کمرہ ہی کرائے پر لے سکا تھا۔ پھر کالا دھندا شروع کر دیا۔ اور اب الیکشن۔ امید ہے جیت بھی جائے گا۔"

اور بات کرتے کرتے خاوند نہ جانے کیوں غصے سے بھر گیا۔ اس کی آواز بے قابو ہو گئی۔

"کب ایسے لوگوں سے چھٹکارا ملے گا۔ کب تک ہم اُن کے پھندوں میں پھنسے رہیں گے۔" لیکن جلد ہی شانت ہو گیا۔ جیسے زیادہ بھڑکنے والی آگ جلد ہی راکھ بننے لگتی ہے۔

میاں، بیوی نے ایسے کئی دھندوں کا ذکر بھی کیا جن میں منافع کافی ہوتا ہے۔ اور لاگت تقریباً کچھ بھی نہیں۔ جیسے نکلی اسکیمیں چلانا اور چٹ فنڈ کھولنا اور لوگوں کو اپنے چنگل میں پھنسانا اور بعد میں دیوالیہ بن جانا۔ پھر بچوں کو غیر ملکوں میں پڑھنے بھیجو اور کوئی انڈسٹری کھول لو۔ بجتی راکھ میں جیسے کوئی چنگاری پھر چمک اٹھی تھی۔ شوہر نے کہا تھا کہ اس سے تو ریڑھی والے ہی اچھے ہیں جو رات کو بیس پچیس بنا کر گھر لوٹتے ہیں جب کہ وہ ایک کوالیفائڈ جرنلسٹ ہوتے ہوئے بھی محض دو وقت کی روٹی کمانے کے علاوہ اور کچھ نہیں کر سکتا۔ بیشک سرکار مہنگائی بھتہ بڑھائے جا رہی ہے لیکن ادھر مہنگائی بھتہ بڑھانے کی خبر اخباروں میں چھپتی ہے اور ادھر بازار والے جیسے پہلے سے ہی راہ دیکھتے رہتے ہیں اور ایک ایک چیز کا دام بڑھا دیتے ہیں۔

چلتے چلتے بیوی یکایک رکی۔ "اچھا آپ ہی اپنا کوٹ سلوا لیجئے۔" اس نے کہا۔

"میرا کیا ہے مجھے دفتر کوئی تھوڑے ہی جانا ہے۔"

لیکن شوہر بھی محبت کے جذبے سے معمور ہو کر بولا "نہیں جی یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ آدمی تو اچھے کپڑے پہنے اور عورت اور بچے چیتھڑے لگائے رہیں۔"

"لیکن جب سے شادی ہوئی ہے۔ آپ نے کوئی گرم کپڑا بنوایا ہی نہیں۔ ذرا اپنے کوٹ کی حالت تو دیکھئے۔"

شوہر ہمیشہ سولی پر چڑھتا آیا تھا اس لئے اُسے اب بھی انکار نہیں تھا۔ اگرچہ اب بیوی بھی اس کے ساتھ لٹکنے کو تیار تھی۔

اتنے میں بچہ یکایک چلا اُٹھا "میں بھی وہ چھوٹ (سوٹ) اور اس نے شوکیس میں لٹکے ایک بے بی سوٹ کی طرف اشارہ کیا۔ "دیکھو نہ میرا چھوٹ کتنا گندا ہو رہا ہے۔"

سُن کر ماں یکایک بے چین ہو گئی۔ اُسے یاد آیا کہ اُس نے بے بی سے وعدہ کیا تھا کہ بازار میں وہ اُسے ایک نیا سوٹ ضرور لے دے گی کیونکہ اس کے پہلے سوٹ میں جگہ جگہ سوراخ ہو رہے ہیں۔

لیکن شوہر کو ایسے لگنے لگا تھا جیسے اس کے اندر کچھ تن تن کر اینٹھنے لگا ہے۔

"ہاں لے دیں گے، لے دیں گے، کہہ تو دیا لے دیں گے۔" وہ غصے سے تمتما سا اُٹھا۔ "اسے ہمیشہ اپنی ہی لگی رہتی ہے۔ اور اس غصے میں اس نے بچے کو دو تین تھپڑ جڑ دیئے۔ بچہ زور زور سے رونے لگا تھا۔ اس ڈر سے کہ لوگ کیا کہیں گے اس نے بچے کو گود میں لے لیا تاکہ وہ چُپ ہو جائے اور پھر کندھے سے لگا کر تھپتھپانے لگا۔

ایسے ہی وہ کچھ دیر تک چلتے رہے۔ پھر بیوی نے کہا "چلو شاؤ پھر کبھی خریدیں گے۔" اور شوہر نے خاموش رضامندی دے دی۔

بچہ کندھے سے لگا لگا اب تک سو چکا تھا۔

(ہندی سے ترجمہ)

●●

غزلیں

زندگی کی کہیں حرکت تو ہے میخانہ سہی
کوئی گردش میں تو ہے، ساغر و پیمانہ سہی
زلف برہم نے کسی کو تو سرافراز کیا
دستِ اربابِ محبت نہ سہی، شانہ سہی
عشق فرزانگیٔ شوق ہے لیکن مجھ کو
آپ دیوانہ سمجھتے ہیں تو دیوانہ سہی
اس شبستاں میں جہاں خم کو ہے ساغر سے گلہ
کوئی تو شمع کا غم خوار ہے پروانہ سہی
ہولیں وہ خوش جو مصیبت میں ہیں شاکر لیکن
شکر اس حال میں خود طنز ہے شکوہ نہ سہی
ہے عبادت یہی صہبا تو کہیں سر پھوڑو
خشتِ کعبہ نہ سہی، خشتِ صنم خانہ سہی

قاسم صہبا جمیلی

عشق میں لختِ جگر اشکِ رواں تک پہنچے
تیرے شکوے نہ مگر نوکِ زباں تک پہنچے
لو یہ کوتاہ نظر لوگ کہاں تک پہنچے
کعبہ پہنچے تو کہا تیرے مکاں تک پہنچے
پلکیں ابرو سے لگیں ہو گئی دلدوز نظر
چل ہی پڑتا ہے اگر تیر کماں تک پہنچے
مار ڈالے گی مجھے تیری عنایت کی نظر
چاہے نوبت نہ بھی شمشیر و سناں تک پہنچے
کھو گئے راہِ محبت میں رسا کچھ ایسے
خود بھی معلوم نہیں ہم کو کہاں تک پہنچے

رسا جاودانی

پھول سا جسم نہ رستے میں جلایا کیجے
میں صنوبر ہوں میری چھاؤں میں آیا کیجے
اور کیا چاہئے اس دور کے انسانوں کو
صرف دو چار گھڑی ساتھ بتایا کیجے
آپ ساگر ہیں تو سیراب کریں پیاسے کو
آپ بادل ہیں تو مجھ دشت پہ سایا کیجے
آپ سے نور کی خیرات طلب کرتے ہیں
بن کے خورشید نہ پھولوں کو جلایا کیجے
کم سے کم دیکھ سکوں اپنی حقیقت کیا ہے
میری آنکھوں سے نہ آئینہ چھپایا کیجے

عبدالرحیم نشتر

نگاہِ شوق میں جلوے سمیٹ لائے ہیں
ہم آج کوچۂ جاناں سے ہو کے آئے ہیں
رخِ حیات دمکتا ہے آفتاب کی طرح
نگارِ زیست پہ خوش فہمیوں کے سائے ہیں
بس ایک مرحلۂ زیست اور ہے یارو!
عدم کی راہ تو پیچھے ہی چھوڑ آئے ہیں
اس ایک جرم پہ گلچیں نے کر دیا پامال
کہ پھول آج ذرا دیر مسکرائے ہیں
اجالے مانگ لئے ہیں ترے تبسم سے
اندھیرے غم کے مرے دل پہ جب بھی چھائے ہیں
جنوں نے کی ہے مری رہبری خردمندو!
نشانِ منزلِ مقصود میں نے پائے ہیں
عمل کے ہاتھوں سنورتی ہے زیست کی تقدیر
شمیم ہم یہ کتابوں میں پڑھتے آئے ہیں

ایم اے شمیم سرونجی

بدرالزماں

جدید اُردو شاعری

میری نظر میں

جدید اُردو شاعری کی موافقت اور مخالفت میں بہت کچھ کہا اور لکھا گیا ہے۔ اس مضمون سے ہم ایک سلسلہ شروع کر رہے ہیں اس سلسلے میں جدید اُردو شاعری کے بارے میں ادبا و شعرا اور قارئین کو اظہار خیال کی دعوت دی جاتی ہے۔ مضمون زیادہ طویل نہ ہو۔

اُردو شاعری اپنی ساخت و تعمیر کے لئے فارسی اور عربی کی رہین منت ہے اور خود فارسی شاعری کی ساری بساط تعمیر عربی کے مرتبا اصول پر مبنی ہے: بحر، ردیف، قافیہ، وزن وغیرہ یہ سب کے سب صدیوں کی دماغی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ آپ شاعری کو اُن سے آزاد و معریٰ کر دیجئے۔ تو ادبی ترقی، تنوع اور ترفع کے وہ کون سے نئے ممالک ہیں جنھیں آپ فتح کر لیں گے؟ وسعت و ترقی کی اُمنگ و حوصلہ سے انکار نہیں۔ لیکن اگر آپ اس اُمنگ و حوصلہ کو ایک اسپ بے لگام بنا دیں تو یقین جانئے کہ آپ کی ساری کاوش صدا بصحرا ہو کر رہ جائے گی؛ خدارا ایسے پیکر نہ ڈھالیئے گا کہ ہمیں مجبوراً یہ کہنا پڑے:۔

ایک ہم ہیں کہ لیا اپنی ہی صورت کو بگاڑ
ایک وہ ہیں جنھیں تصویر بنا آتی ہے؛

کہا جاتا ہے کہ ردیف و قافیہ کی تلاش اور وزن کے قائم کرنے میں، شاعر کو بڑی کاوش اور تضیع اوقات کرنی پڑتی ہے، لہٰذا اس جھگڑے سے جلد از جلد سبکدوش ہو کر آزاد اور معریٰ شاعری کے دامن میں پناہ لینی چاہئے۔ اکتساب علم سے بچنے کے لئے کتنا موثر نسخہ ہے! اہل علم و بصیرت اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ حصول علم کے بعد، شاعر الفاظ کا غلام نہیں ہوتا بلکہ خود الفاظ شاعر کے غلام بن جاتے ہیں۔ دُور کیوں جایئے۔ مثال کے طور پر عہد جدید کے دو شاعر لے لیجئے۔ علامہ اقبال اور جوش ملیح آبادی یہ دونوں جب شعر کہنے بیٹھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ الفاظ کا سمندر اُن کے سامنے موجزن ہے۔

"ادب جدید" کی ایک آپچ اور ملاحظہ فرمایئے۔

گل و بلبل، شمع و پروانہ، ساغر و مینا، دشنہ و نشتر اور اس

قسم کے تمام الفاظ کو زبان کی قلمرو سے خارج کر دینا چاہئے کیونکہ یہ خیال آفرینی کی راہ میں مخل ہوتے ہیں۔ اس نام نہاد منطق کے جواب میں مرزا غالب کے دو شعر کافی ہوں گے۔ مزید مباحثہ کی زحمت میں آپ کو کیوں ڈالوں۔

مقصد ہے ناز و غمزہ و لے گفتگو میں کام
چلتا نہیں ہے دشنہ و خنجر کہے بغیر
ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو!
بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

یہ محض دلیل معقول نہیں ہے کہ غالب کے نام سے آپ کو مرعوب کر دیا گیا ہو اگر آپ ان اشعار پر غور کریں تو اس میں آپ کو ایک جہانِ فلسفہ و حکمت نظر آئے گا۔ اگر آپ غور نہ کریں تو چشمۂ آفتاب را چہ گناہ"!

بعض اربابِ علم نے شعر کی تعریف اس پر منحصر کر دی کہ کلام موزوں کا نام شعر ہے۔ اگر اس تعریف کو جامع مان لیا جائے تو پھر یہ بھی شعر ہو گیا ؎

ہاتھی کو بڑا کیا بڑا ہے ؛ لٹھے کو کھڑا کیا کھڑا ہے

دراصل شعر کی یہ تعریف فلسفہ میزان سے بیگانگی پر دلالت کرتی ہے۔ اہلِ نظر اس حقیقت سے آگاہ ہوں گے کہ شاعری کا جزء لاینفک موسیقی ہے اور سارے علم عروض کی بنیاد اسی موسیقی پر ہے اور خود موسیقی نے اپنی تمام کائنات براہِ راست مشاہداتِ فطرت سے تعمیر کی ہے، برق کی چمک، بادل کی گرج، دریا کا شور، ہوا کا سناٹا، آبشار کا ترنم، ہاتھی کی چنگھاڑ، کوئل و پپیہے کی پکار، قمری و بلبل کی چہک وغیرہ وغیرہ موسیقی نے اپنی ساری بساطِ علم سات سُروں میں محدود کر دی جن کا نام سرگم رکھ دیا اور انہی سات سروں میں آواز کے ہر نشیب و فراز کو سمیٹ لیا۔ اہلِ فن کو اس خیال سے کہ ان سروں میں سے کوئی اپنی جگہ سے بہک نہ جائے، وزن کا عنصر داخل کرنا پڑا، جس سے رقص و ترنم وجود میں آیا۔ چنانچہ سُر اور وزن کے ربط باہمی سے، موسیقی کا ایک عام ٹھاٹھ بنایا گیا، سُر یا تان اور تال و سم۔ اس ٹھاٹھ سے بے شمار پلٹے ترتیب دیئے گئے جن سے تمام راگ اور راگنیاں پیدا ہوئیں۔ موسیقی کے اسی ٹھاٹھ سے شاعری میں بحریں ردیف، قافیے اور اوزان ترتیب دیئے گئے۔ کیا آپ اس ساری فنی عمارت کو منہدم کر دینا چاہتے ہیں۔ نثر کا میدان بہت وسیع ہے۔ آپ اپنے قلم میں اگر صحیح قسم کا جوہر پیدا کر لیں تو اس میں (نثر میں) طرح طرح کی گلکاریاں اور موشگافیاں کی جا سکتی ہیں۔ ہر صنف کلام کی تحریر و تصنیف کا ایک جداگانہ سیاق ہوتا ہے۔ تاریخ، ادب فلسفہ، ڈرامہ، ناول، ہئیت، ریاضیات، اقتصادیات سائنس وغیرہ وغیرہ ان سب کے سیاقِ تحریر الگ الگ ہوتے ہیں۔ اہلِ علم و فن کو لازم ہے کہ جب تک سیاقِ تحریر پر کافی قدرت نہ حاصل کر لیں، کسی تصنیف کے لئے قلم ہی نہ اٹھائیں۔ مستثنات کی اور بات ہے۔ دُنیا نے گبن اور ابنِ خلدوں جیسے مورخ بھی پیدا کر دیئے جنہوں نے تاریخی واقعات کے دامن میں ادبیت کے حسین اور خوشنما پھول بھی بھر دیئے۔

نیچرل شاعری کے غلط مفہوم اور تصور سے بھی اُردو شاعری کو خاصہ نقصان پہونچا۔ نیچرل شاعری کا صحیح مفہوم یہ تھا اور ہے کہ زبان اور خیال کو دورازکار اور مصنوعی صنعتوں سے پاک کر دیا جائے۔ نیچرل شاعری کی نافہمیدہ بلا انگریزی زبان سے اُردو زبان میں نازل ہوئی۔ یہ کہنا غلط ہے کہ علومِ جدید کے اکتشافات اور اختراعات کے لئے الفاظ کہاں سے لائیں جو اُنہیں شاعری کا لباس پہنائیں۔ یہ بھی ایک فقدانِ علم کی دلیل ہوگی۔ علم ہئیت و فلکیات کا یہ ایک ادنیٰ سا کرشمہ ہے کہ ماہتاب اپنے تمام ضیا حسن کے لئے آفتاب کا محتاج ہے۔ اس حقیقت کو شاعری زبان میں سن لیجئے ؎

پرتوِ مہر کی رہینِ کرم ؛ ورنہ کیا ماہتاب کی باتیں

یہ ہے نیچرل شاعری کا اصلی و صحیح مفہوم۔

بالآخر میں اپنے تمام اُردو اہلِ قلم سے نہایت مؤدبانہ استدعا کروں گا کہ اپنے مرحوم مشاہیر کی متاعِ بے بہا کو ضائع ہونے سے بچائیں اور ادبِ جدید کی تخلیق اس انداز اور عظمت کی کریں جس سے اُن مرحومین کی رُوح کو امن و انبساط حاصل ہو۔ اہلِ قلم کا ایک فریضہ یہ بھی ہے کہ وہ قارئین کے گرتے ہوئے ذوقِ سلیم کو پھر سے ابھاریں اور اُس کی احیاء کا کام کریں۔ ●●



نئی کتابیں

نگاہ اور نقطے (مضامین کا مجموعہ)

اُردو تنقید کی دنیا میں سلیم اختر ابھی نو وارد کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن چند برسوں کی ریاضت نے ادب سے باقاعدہ دلچسپی رکھنے والے حلقوں میں اُنہیں جانی پہچانی حیثیت دیدی ہے۔ ان دنوں تنقید کا مشغلہ بھی وہی شکل اختیار کرتا جارہا ہے جو کبھی روایتی غزل گوئی کو حاصل تھا کہ جس نے بھی دو چار لفظ جوڑنا سیکھا شاعر یا ادیب بن بیٹھا۔ شہرت کی طلب نے کچھ دنوں سے جس قسم کی تنقید کو ہمارے یہاں فروغ دیا ہے اس میں سنجیدہ اور ذمہ دارانہ ادبی عمل سے زیادہ فقرے بازی، لعن طعن اور لاحاصل بحث کا رنگ نظر آتا ہے۔ مطالعہ محنت اور غور و فکر جن کے بغیر تنقیدی عمل کی آزمائشوں سے گزرنا ممکن نہ تھا، آئے دن رسائل میں چھپنے والے بیشتر تنقیدی مضامین اور تجزیوں میں ان کے نشانات ڈھونڈے نہیں ملتے۔ سلیم اختر نے تنقید کی ایک نئی راہ کو فروغ دینے کی کوشش کی ہے اور ساتھ ہی ساتھ انہوں نے سچی اور باوزن تنقید کے تقاضوں کو بھی دھیان میں رکھا ہے۔ انہوں نے نفسیات کو اپنی تنقید کا پیمانہ بنایا ہے اور فرائڈ اور ایڈلر سے آگے بڑھ کر ینگ کے نظریات کی مدد سے اپنی انفرادی فنی بصیرت اور تخلیقی شعور کی روشنی میں افکار و اشخاص کو سمجھنے اور سمجھانے کی کوشش کی ہے۔

"نگاہ اور نقطے" اُن کے مضامین کا پہلا مجموعہ ہے۔ اس میں بارہ مضامین شامل ہیں۔ مجھے غالب پر اُن کے تینوں مضامین، زیوس سے امیر حمزہ تک اور باغ و بہار کے درویش عاشق کے عنوان سے شامل مضامین نے خاص طور سے متاثر کیا ہے۔ ایک ایسی تنقیدی روایت کے پس منظر میں جہاں کسی فن کار یا فن پارے کا تجزیہ کرتے وقت اصل فن کار کی ذات سے زیادہ کائنات کو سمجھنے میں محنت صرف کی جاتی تھی، سلیم اختر کے یہ مضامین ایک فال نیک کی حیثیت رکھتے ہیں اور اُن کی دل رُبائی ہر پڑھنے والے کو متاثر کرے گی۔ بنیادی طور پر سلیم اختر خود ایک اچھے تخلیقی فنکار ہیں اس لئے فن کے اصل محرکات کی دریافت اور اُن کے جواز کا جو راستہ اُنھوں نے اختیار کیا ہے۔ اُسے خواہ ہر شخص تسلیم نہ کرے لیکن اس حقیقت سے انکار بھی ممکن نہ ہوگا کہ یہ راستے معتبر مذاق و مزاج، سنجیدہ غور و فکر اور قابلِ قدر فنی بصیرت کے بہت سے نشانات اپنے اندر رکھتے ہیں۔

"نگاہ اور نقطے" کے صفحات کی مجموعی تعداد ۲۸۸ ہے جس میں ڈاکٹر وحید قریشی کا دیباچہ اور عرش صدیقی کا تکملہ بھی شامل ہیں۔ کتاب کی قیمت چھ روپے ہے اور اُسے جدید ناشرین، چوک اُردو بازار لاہور نے شائع کیا ہے (شمیم حنفی)

غزل انسائیکلوپیڈیا :- مرتبہ ذکی کاکوروی۔ ضخامت ۲۰×۳۰/۱۶ کے ۳۴ صفحات۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن چھ روپے۔ عام ایڈیشن پانچ روپے

ملنے کا پتہ :- مرکزِ ادب اُردو۔ انیس منزل ۱۳۷ شاہ گنج لکھنؤ۔

اپنے انتہائی گمراہ کن نام کے باوجود یہ صرف قدیم و جدید شعراء کے اشعار کا ایک مختصر انتخاب ہے۔ اُردو زبان میں اس سے طویل تر انتخابات شائع ہو چکے ہیں۔ اکثر تذکروں میں بھی منتخب اشعار کی تعداد کہیں زیادہ ہوگی۔ شارب ردولوی نے ابھی حال ہی میں "گل صد رنگ" کے نام سے جو انتخاب شائع کیا تھا، اس کی ضخامت بھی اس سے تقریباً دو چند تھی۔

مرتب کی جانب سے یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ یہ غزل "انسائیکلوپیڈیا" اُردو میں پہلی بار برسوں کی تلاش و تحقیق کے بعد اُردو کے ممتاز شاعر اور محقق جناب ذکی کاکوروی نے مرتب کی ہے ... یہ ابتداء سے دورِ حاضر تک کے تمام اُردو شعراء کے کل کلام کے بہترین اشعار کا مکمل ترین انتخاب ہے جس میں ہر ذوق و نظر کی پسند کا پورا پورا خیال رکھا گیا ہے ... محض اعلیٰ ترین اشعار کا انتخاب کیا گیا ہے۔ "پوری انسائیکلوپیڈیا" پڑھ جانے کے بعد بھی اس میں کل ۴۲۱ شعراء کا انتخاب کلام ہے جبکہ ایک تذکرے میں نو نو سو شعراء کے کلام کا انتخاب چھپ چکا ہے۔ ان ۴۲۱ میں سے بھی چند اشعار کو نامعلوم شعراء سے منسوب کیا گیا ہے۔ ماخذ بھی دیوان یا کلیات شعراء نہیں بلکہ زیادہ تر تذکرے

اور پھر دوسرے انتخابات ہیں ان ماخذ میں مسعود حسین خاں کی "تاریخ زبان اردو" بھی درج ہے بمختصر یہ کہ نہ تو اس میں تمام اردو شعراء کا انتخاب ہے، نہ ہر ذوق و نظر کی پسند کا انتخاب ہے اور نہ ہر منتخب شعر اعلیٰ ترین ہے کتاب انسائیکلو پیڈیا تو بہرحال نہیں ہے۔

اگر ان بلند بانگ دعاوی سے قطع نظر کر لی جائے تو یہ غزلیہ اشعار کا ایک اچھا اور مختصر انتخاب ہے۔ ہر انتخاب کی طرح اس میں جامعیت ڈھونڈھنا بے کار ہے لیکن ہم اسے خاصا نمائندہ انتخاب ضرور کہہ سکتے ہیں۔ البتہ اس انتخاب پر بھی نظر ثانی کی ضرورت ہے۔ بیشتر اشعار ذوق پر گراں نہیں گزرتے لیکن اگر ایسے اشعار صرف اعلیٰ ترین اشعار کے زمرے میں شامل نہ کیے جائیں تو اچھا ہو۔

اگر مئے کا ہے گماں شک ہے طلاگیری کا
رنگ لایا ہے دوپٹہ ترا میلا ہو کر

نواب مرزا شوق کے جو اشعار نقل ہوئے ہیں وہ غزل کے نہیں بلکہ مثنوی کے معلوم ہوتے ہیں۔ اس وقت میرے پاس اصل کتاب موجود نہیں کہ قطعی بات کہہ سکوں۔

ترتیب کے بارے میں مرتب کا دعویٰ ہے کہ حتی الوسع زمانی ہے لیکن خواجہ حسن حسن اور شیخ غلام علی راسخ کے ناموں کے درمیان مرزا کاظم حسین محشر لکھنوی کا نام رکھنے کا جواز نظر نہیں آتا۔ محشر صفی و شاقب کے ہم عصر ہیں اور متقدمین میں اور ان میں ایک صدی حائل ہے لیکن امید ہے کہ ذکی آئندہ اشاعت میں ان کوتاہیوں کا ازالہ کر کے اپنے انتخاب کو زیادہ مفید اور عام پسند بنائیں گے۔ موجودہ بھی پھر بھی ایک اچھے انتخاب کی حیثیت سے اس قابل ہے کہ اربابِ ذوق مطالعہ کریں۔ (علی جواد زیدی)

تذکرۂ مسرت افزا :- تالیف :- ابوالحسن امیرالدین احمد عرف امراللہ الہ آبادی :- ترجمہ : ڈاکٹر مجیب قریشی
ضخامت : ۲۶۴ صفحات، قیمت : پانچ روپے
ملنے کا پتہ :- علمی مجلس کتب خانہ
۱۱۷۲ کلاں محل۔ دلی

"تذکرۂ مسرت افزا" اردو شعراء کا ایک فارسی تذکرہ ہے جو امراللہ الہ آبادی نے ۱۱۹۳ھ میں مرتب کیا۔ بعد میں دو ایک برس تک اس پر اضافے بھی کرتے رہے۔ پہلے تو اس کا واحد نسخہ آکسفورڈ یونی ورسٹی لائبریری میں تھا لیکن اب پروفیسر امیر حسن عابدی نے ایک اور نسخہ ڈھونڈھ نکالا ہے جو غالباً پٹنہ پہنچ چکا ہے۔ آکسفورڈ نسخے پر مبنی متن قاضی عبدالودود پہلے ہی شائع کر چکے ہیں۔ یہ متن رسالہ "معاصر" پٹنہ میں بالاقساط شائع ہوا تھا اور کتابی صورت میں اس کا انتظار ہی کیا جا رہا تھا کہ ڈاکٹر مجیب قریشی نے فارسی متن کا اردو ترجمہ شائع کر دیا۔ غالباً قریشی صاحب دوسرے نسخہ کے وجود سے لاعلم ہیں اس لیے ترجمے کے وقت اس نسخے کی طرف رجوع نہیں کر سکے۔ اگر یہ کام بھی ہو گیا ہوتا تو اور بھی مفید ہوتا۔ بہرحال، موجودہ صورت میں بھی یہ ترجمہ بہت مفید اور کارآمد ہے۔

جس زمانے میں یہ تذکرہ مرتب ہوا اس زمانے میں اردو کے بہت سے اساتذہ حیات تھے۔ اس کے علاوہ امراللہ نے کئی اہم علمی اور ادبی مرکزوں کا سفر کیا اور وہاں کے شعراء سے مل کر حالات و اشعار جمع کیے ہیں۔ کئی تذکروں سے بھی مدد لی ہے اس لیے اس تذکرے کی بڑی اہمیت ہے۔ یہ تذکرہ اس لیے بھی اہم ہے کہ الہ آباد اور دوسرے مشرقی اضلاع کے شعراء کے حالات اس میں زیادہ اور بتفصیل ملتے ہیں۔

قریشی کے ترجمے کی زبان عموماً رواں اور صاف ہے۔ کہیں کہیں تسامحات ہیں لیکن چنداں قابلِ التفات نہیں۔ امید کہ آئندہ ایڈیشن کے لیے نظر ثانی کرتے وقت یہ فروگذاشتیں دور ہو جائیں گی۔

اردو ترجمے کی وجہ سے یہ تذکرہ اب ان حضرات کی دسترس میں آ جائے گا جو زبان فارسی پر یا تو عبور نہیں رکھتے یا اس سے ناواقف ہیں۔ یہ دیکھتے ہوئے کہ فارسی کا رواج روز بروز کم ہوتا جاتا ہے اس کی ضرورت ہے کہ دوسرے تذکروں کا بھی اس طرح ترجمہ کر دیا جائے۔ مترجم نے فارسی اشعار کا اردو نثر میں ترجمہ کیا ہے۔ اس کا نہ تو جواز ہے اور نہ ضرورت۔ ان اشعار کو نقل کر کے اگر ضروری سمجھتے تو ترجمہ بھی دیدیتے۔

بحیثیت مجموعی تذکرہ "مسرت افزا" کا یہ اردو ایڈیشن صاحبانِ ذوق و نظر کے مطالعے کے قابل ہے۔ چونکہ فارسی متن کتابی صورت میں نہیں ملتا اس لیے اس ترجمہ کی افادیت اور بھی زیادہ ہو گئی ہے۔

——— (علی جواد زیدی)

30 لاکھ عورتیں غلط نہیں ہو سکتیں

پچھلے چار برسوں میں 30 لاکھ عورتوں نے اپنی مرضی سے لوپ لگوائے۔ اُنہیں معلوم ہے، کہ لوپ موثر ہے۔ یہ حمل روکنے کا سب سے زیادہ قابلِ اعتبار طریقہ ہے۔

یہ سادہ ہے۔ لیڈی ڈاکٹر اسے چند ہی منٹوں میں لگا دیتی ہے۔

یہ نکلوایا جا سکتا ہے۔ جب آپ چاہیں کہ آپ کے دوسرا بچہ ہو، تو آپ لوپ نکلوا سکتی ہیں۔

یہ کارآمد ہے۔ اگر لوپ آپ کو راس ہے، تو آپ کو کسی اور طریقے کی ضرورت نہیں۔ لوپ آپ کی جنسی مسرت میں دخل انداز نہیں ہوتا۔

یہ بے ضرر ہے۔ اِس سے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ تکلیف ہو بھی جائے، تو اُسے آسانی سے دُور کیا جا سکتا ہے۔

محتاط مطالعہ اور مشاہدے کے بعد ڈاکٹروں نے رائے دی ہے کہ لوپ عورتوں کے لئے موافق ہے۔ جن عورتوں کو لوپ راس نہیں، وہ دوسرے طریقوں سے اپنے بچوں کی پیدائش میں وقفہ رکھ سکتی ہیں۔ وہ بچوں کی تعداد بھی اپنے اختیار میں رکھ سکتی ہیں۔

مزید جانکاری اپنے قریب ترین فیملی پلاننگ سینٹر سے حاصل کریں۔

فیملی پلاننگ سے متعلق مشورہ اور خدمت مفت ہے۔

افواہ کا اعتبار نہ کریں

لیڈی ڈاکٹر کا اعتبار کریں





وزیر اعظم شریمتی اندرا گاندھی ۲ دسمبر ۱۹۶۹ء کو پارلیامنٹ ہاؤس (نئی دہلی) میں چند مسلم ممبران پارلیامنٹ کے ساتھ روزہ افطار کے میں شریک ہوئیں۔

نئی دہلی میں وزیر تعلیم ڈاکٹر وی۔ کے۔ آر۔ وی راؤ نے ہندوستان کی کرکٹ ٹیم کو ایک استقبالیہ دیا جس میں وزیر اعظم بھی شریک ہوئیں تصویر میں (بائیں سے دائیں) شریمتی گاندھی۔ ڈاکٹر راؤ۔ نواب آف پٹودی اور وشوناتھ





۱۸ دسمبر کو ایک شاندار تقریب میں وزیر اطلاعات و نشریات و رسل و رسائل جناب بسنتیہ نرائن سنہا نے ہندوستان کے چوتھے بین الاقوامی فلمی میلے میں شریک ہونے والی بہترین فلموں کو انعامات تقسیم کئے۔ بہترین فیچر فلم کا انعام The Damned کو دیا گیا۔
(تصویر میں) وزیر موصوف طلائی طاؤس اس فلم کی ہیروئن انگرڈ تھولن کو عطا کر رہے ہیں۔

Vol. 28 No. 7 AJKAL (Monthly) February 1970

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by the Asian Art Printers Private Ltd., D. B. Gupta Road, New Delhi.
Regd. No. D-589

آجکل

مارچ ۱۹۷۰ء

قیمت: ۶۰ پیسے

Osmania University Library,
HYDERABAD-7. (A.P.)





چاند پر سے جو ذرات اور چٹانوں کے ٹکڑے لائے گئے ہیں وہ سائنس دانوں کی خصوصی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں اور مختلف طریقوں سے ان کے اجزائے ترکیبی کی چھان بین کی جا رہی ہے۔

چاند سے لایا گیا یہ تحفہ عام لوگوں کے لیے کچھ کم دلچسپی کا باعث نہیں ہے۔ چاند کی چٹان کا ایک ٹکڑا حکومت امریکہ کی طرف سے متعدد ملکوں میں دکھایا گیا ہے۔

یہ نادر شے ہندوستان بھی لائی گئی جہاں ہزاروں افراد نے اسے دیکھا۔ ۲۴ دسمبر کو امریکی سفیر مسٹر کیٹنگ نے وزیراعظم ہند کو چاند سے لایا گیا پتھر کا یہ ٹکڑا دکھایا۔

اردو کا مقبول عوام مصور ماہنامہ

آجکل

نئی دہلی

ایڈیٹر
شہباز حسین

سب ایڈیٹر
نند کشور وکرم

جلد ۲۸ ——— شمارہ ۸
پھاگن چیتے شکے ۱۸۹۱-۹۲ سمت
مارچ ۱۹۷۰ء

سرورق : گورچرن اروڑہ
پشت پر : لکھنؤ میں محرم

ترتیب

ملاحظات		۲
مشرق وسطیٰ اور ہم	آصف فیضی	۳
غزلیں	مخمور سعیدی، شمیم حنفی	۷
غبارِ کارواں (۲)	اختر اورینوی	۸
جہانگیر کی شکار سے دلچسپی	نورالسعید اختر	۱۱
ملاقات کے چند لمحے (نظم)	منظر سلیم	۱۹
پچھتاوا	شہریار	۲۰
پھول اور انگارے	نریندر کھجوریہ	۲۱
ٹرین میں پڑھنا	مجتبیٰ حسین	۲۴
غزلیں	ثاقب کانپوری حرمت الاکرام ایس۔ ایم محسن	۲۷
دنیا کا سب سے قیمتی پھول ——— زعفران	موہنی کول	۲۸
کرسمس کا تحفہ (ڈرامہ)	ابراہیم یوسف لطف الرحمٰن	۳۱
غزلیں	طالب جے پوری شکیل مظہری نورالحسن انور ادیب	۳۶
نسیم دہلوی نئی کتابیں	شفیع احمد عثمانی	۳۷ ۴۵

مضامین اور تو سیلے بھیجنے کا پتہ
شہباز حسین ایڈیٹر آجکل (اردو) پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

سالانہ چندہ : ہندوستان میں ۷ سات روپے، پاکستان میں ۱۰ دس روپے (پاک)
دیگر ممالک سے ۱ شلنگ یا پنس یا ڈیڑھ ڈالر
قیمت فی پرچہ : ہندوستان میں ۶۰ پیسے، پاکستان میں ۶۰ پیسے (پاک)
دیگر ممالک سے ۱ شلنگ یا ۱۵ سینٹ

مرتبہ و شائع کردہ :- ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

ملک کو فرقہ وارانہ فسادات، تشدد، باہمی منافرت اور عدم اعتماد سے جو نقصان پہونچتا ہے اس سے ہر شخص واقف ہے۔ جانی اور مالی نقصان کے علاوہ اس سے جو نفسیاتی مسائل پیدا ہوتے ہیں وہ انتہائی مہلک ہوتے ہیں۔

ملک کے مختلف فرقوں اور گروہوں میں خوش گوار تعلقات، اعتماد اور بھائی چارہ پیدا کرنے کے لئے افراد، تنظیمیں، سیاسی پارٹیاں، دانشور سبھی اپنے اپنے طور پر سرگرم کار ہیں اور حکومت ہند بھی اپنی ذمہ داریوں سے غافل نہیں ہے۔

۵۶-۱۹۵۵ء میں ریاستوں کی تنظیم نو کمیشن نے لسانی اقلیتوں اور سرحدی جنوں اور آدی باسیوں کے مفادات کے خصوصی تحفظ کی سفارشیں کی تھیں ۱۹۵۸ء میں یونی ورسٹی گرانٹس کمیشن نے قومی یک جہتی سے متعلق ایک سمینار منعقد کیا تھا جس میں مختلف یونی ورسٹیوں اور ثقافتی انجمنوں کے نمائندوں نے شرکت کی تھی۔ اس سمینار نے مندرجہ ذیل سفارشیں کیں۔ تیز رفتار معاشی ترقی اور ہر شخص کے لئے یکساں مواقع کی فراہمی، امیری اور غریبی کے فرق کو دور کرنا، تمام بچوں کو ابتدائی اور ثانوی تعلیم دینا، تاریخ کا مطالعہ جس میں سماجی مسائل پر زور دیا گیا ہو، بچوں کو مختلف زبانیں اور رسم الخط سکھانا۔

۱۹۶۱ء میں حکومت ہند نے جذباتی ہم آہنگی کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی جس نے تعلیمی میدان میں تبدیلیوں کی سفارشیں کی۔ اسی سال ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اور مرکزی وزیروں کی ایک کانفرنس ہوئی جس میں فرقہ وارانہ سرگرمیوں اور علیحدگی پسندی کے رجحانات کے علاوہ تہذیبی، تعلیمی اور لسانی ہم آہنگی کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا۔

۲۸ ستمبر ۱۹۶۱ء کو سری جواہر لال نہرو نے قومی یک جہتی سے متعلق ایک کانفرنس بلائی اور قومی یک جہتی کے لئے پہلی بار ایک بڑا قدم اٹھایا گیا۔ اس کانفرنس میں مرکزی وزرا، وزرائے اعلیٰ، پارلیمنٹ میں مختلف پارٹیوں کے لیڈر، دانش داں، ماہرین تعلیم، سائنس داں، صنعت کار اور ملک کے بہت سے ممتاز افراد نے شرکت کی۔ اس کانفرنس نے قومی یک جہتی کی راہ میں حائل تمام مسائل کا جائزہ لیا اور اپنی سفارشیں پیش کیں۔ ساتھ ہی ساتھ اس نے ایک قومی یک جہتی کونسل قائم کی تاکہ یہ کونسل وقتاً فوقتاً گہرائی سے ان مسائل کا مطالعہ کرے اور ان کا حل ڈھونڈھے۔ قومی یک جہتی کانفرنس کے فیصلوں کی بڑے پیمانے پر نشر و اشاعت کی گئی اور اس کی طرف سے جاری کردہ بیان پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں رکھا گیا۔

قومی یک جہتی کونسل نے (۱) علاقہ پرستی (۲) فرقہ پرستی (۳) طلبا اور اساتذہ کے لئے ضابطۂ اخلاق اور (۴) انگریزی ہندی اور دوسری علاقائی زبانوں کی یونی ورسٹی تعلیم میں جگہ سے متعلق چار کمیٹیاں مقرر کیں۔ علاقہ پرستی سے متعلق کمیٹی کے سربراہ ڈاکٹر سی پی۔ راما سوامی ایئر اور فرقہ پرستی سے متعلق کمیٹی کے سربراہ سری اشوک مہتہ مقرر کئے گئے۔

کونسل نے حکومت سے سفارش کی کہ پریس سے متعلق کمیٹی مقرر کی جائے جو صحافیوں کے مشورے سے اخبار والوں کے لئے ایک ضابطۂ اخلاق مقرر کرے۔ اس کمیٹی کی سفارشات کے نتیجے میں پریس کونسل وجود میں آئی ہے جو ضابطۂ اخلاق کی پیروی نہ کرنے والے اخباروں کی تادیب و تنبیہ کرتی ہے۔

علاقہ پرستی سے متعلق کمیٹی نے سفارش کی کہ دستور میں آزادیٔ تحریر و تقریر کے جس حق کی ضمانت دی گئی ہے اس میں اس طرح ترمیم کر دی جائے کہ ملک کی سالمیت اور اقتدار اعلیٰ کے تحفظ کے لئے انتظامیہ کو زیادہ اختیارات حاصل ہو جائیں۔ اس کے نتیجے میں حکومت ہند نے ۱۹۶۳ء میں دستور میں سولہویں ترمیم کی، اور آزادیٔ تقریر و تحریر، پُرامن طور پر اور بغیر اسلحہ کے جمع ہونے اور انجمن اور تنظیمیں بنانے کے حق پر پارلیمنٹ کو قانون بنا کے مناسب پابندیاں عائد کرنے کا اختیار دے دیا گیا۔

۱۹۶۳ء سے ۱۹۶۸ء کے درمیان قومی یک جہتی کونسل کی سرگرمیاں برائے نام رہیں کیونکہ چینی حملے کے بعد ملک میں جو جوش و خروش اور قومی جذبہ و ولولہ دیکھنے میں آیا اس کے پیش نظر اس کی کوئی ضرورت نہ رہی تھی۔

مئی ۱۹۶۸ء میں یہ کونسل پھر سرگرم ہوئی اور ۲۰ جون ۱۹۶۸ء کو سرینگر میں اس کا جلسہ ہوا اور فرقہ وارانہ صورت حال پر خاص طور سے غور کیا گیا۔

یک جہتی کونسل کی جلسۂ قائمہ کی سفارشات پر عمل کرتے ہوئے ۳ دسمبر ۱۹۶۹ء کو ایک آل پارٹی کانفرنس بلائی گئی تاکہ ملک میں فرقہ وارانہ تشدد کے واقعات کو روکنے کے لئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ وزیر اعظم ہند کی سربراہی میں اس کانفرنس نے طے کیا کہ انتظامی اقدامات کے علاوہ تمام سیاسی پارٹیاں فرقہ وارانہ اتحاد اور ہم آہنگی کے لئے مشترکہ طور پر عوامی مہم شروع کریں۔

ملک کی بھلائی، بہتری اور ترقی کا تقاضہ یہی ہے کہ جس قدر جلد ہو سکے فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضا پیدا کی جائے تاکہ ہم صحیح معنوں میں اپنے دیش کی بھاگیہ کے امین بن سکیں۔

آصف فیضی

مشرق وسطیٰ

——— اور ہم



بعض لوگ مشرق وسطیٰ کے نام پر اعتراض کرتے ہیں جس کا ایک سبب تو یہ ہے کہ یہ نام یورپ کے تسلط کی یاد دلاتا ہے، دوسرے اس لئے کہ یہ نام ہر خطۂ ارض کے لئے نا قص ہے، تیسرے اس لئے کہ ہماری وزارت خارجہ اس خطہ کے لئے "مشرق وسطیٰ" کے بجائے "مغربی ایشیا" استعمال کرتی ہے۔ لیکن اس مضمون کی ضروریات کے لئے اس کو غلط العوام فصیح کے مصداق درست سمجھنا چاہیے۔ خود مشرق وسطیٰ کے لوگ بھی اسی اصطلاح کو استعمال کرتے ہیں، اور یورپ اور امریکہ میں عام فہم اور مستعمل ہے، اور مشہور مورخ عرب و اسلام، پروفیسر برنارڈ لوئس، اس کو واضح اور صحیح سمجھتے ہیں۔ یہ اصطلاح ۱۹۰۲ء میں امریکہ کے بحری مورخ الفرڈ تھیر ماہن نے پہلی بار استعمال کی تھی اور اس سے عرب و ہندوستان کا درمیانی علاقہ مراد لیا تھا۔ بعد میں اصطلاح چل پڑی اور عام طور پر استعمال ہونے لگی۔ ایک اسلامی مورخ کے لئے یہ نام بالکل مناسب معلوم ہوتا ہے کیونکہ مشرق وسطیٰ اور مغرب اقصیٰ میں نمایاں فرق کیا جا سکتا ہے اور مزید توضیح کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔

مشرق وسطیٰ دنیا کا ایک ایسا حصہ ہے جس میں مشرق و مغرب کے تمدن و تہذیب کا میل جول ہے، وہاں کے باشندے اس کو صحیح معنوں میں گہوارۂ تہذیب و تمدن تصور کرتے ہیں۔ چناں چہ دنیا کے تین بڑے مذاہب، یہودیت، عیسائیت اور اسلام اسی سرزمین کی پیداوار ہیں۔

میں نے دنیا کے حسب ذیل ممالک کو اس خطے میں شامل کیا ہے اس میں افریقہ۔ مغرب، الجزائر، تونیسیہ، لیبیا، مصر (جمہوریہ متحدہ) اور سوڈان۔ ایشیا۔ ترکی، عربستان، یعنی سعودی عرب، شام، عراق، سلطنت ہاشمیہ یمن اور حضرموت، سواحل عرب، لبنان، ایران، اور افغانستان۔

اس علاقے میں تین خصوصیتیں پائی جاتی ہیں۔

اولاً :- اسلام کا غلبہ

ثانیاً :- عربوں کی اکثریت

ثالثاً :- زبان عربی کا عام رواج

اس علاقے کے تقریباً ۹۰ فی صد لوگ مذہباً مسلمان ہیں۔ اہل عرب اکثر ملکوں میں پائے جاتے ہیں اور ان کی تعداد تقریباً دس کروڑ ہے، ترک اور ایرانی تقریباً تین کروڑ ہیں۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم کو ان ملکوں سے کیا مناسبت ہے اُن سے متعلق معلومات حاصل کرنے سے ہم کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے، مذہبی، اقتصادی، سیاسی اور تاریخی لحاظ سے ہند و عرب کا رشتہ تقریباً تین ہزار سال پرانا ہے۔ ہمارے ہندوستانی جہازراں زمانۂ قدیم سے یہاں کے مسالے، اور موتی، ریشم اور سوتی کپڑا، شالیں اور جواہرات سواحل عرب تک لے جاتے اور عربستان جس کو سنسکرت میں دنایو کہتے تھے، وہاں سے مرجان، سیندور، شیشہ، سونا، اور زعفران لاتے

تھے۔ موہن جوداڑو کے لوگوں کے بھی عربستان سے کافی اچھے تعلقات تھے۔ راجہ ہرش کے لشکر میں عربی گھوڑے پائے جاتے تھے اور اہل عرب ہندی تلواروں کو بہت پسند کرتے تھے جس کو عربی میں المھنک اور فارسی میں ھندوانی موسوم کرتے تھے، سوتی کپڑے کو اہل عرب قطنی کہتے تھے، بعد میں یہی لفظ انگریزی کاٹن کا ماخذ بنا۔ دریائے فرات کے کنارے ایک ہندی قبیلہ دوسری صدی قبل از مسیح بسا ہوا تھا۔

ہندوستان کے مذاہب بھی وہاں تک پہنچ گئے تھے۔ البیرونی کا قول ہے کہ اشوک کے زمانے میں بدھ مذہب عربستان تک پہنچ گیا تھا اور اہل عرب تمدن ہند سے کافی واقف تھے۔

عباسیوں کے عروج کے زمانہ میں رومی علوم کے علاوہ ہندستان سے سائنس اور ریاضہ کی کتابیں عرب تک پہنچ گئی تھیں۔ پنچ تنتر اور ہتوپدیش کے قصے عربی میں ترجمہ ہو چکے تھے اور الف لیلہ کی بہت سی کتابوں میں ہندوستانی اثر موجود ہے۔

اب آیئے ہم ایک نظر سیاسیات پر ڈالیں۔ جس وقت اسرائیلی تسلط کی کشمکش شروع ہوئی اس وقت گاندھی سے لے کر نہرو تک سبھی لیڈروں نے عربوں کا ساتھ دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کشمیر کے معاملہ میں مصر اور اکثر ممالک عرب نے ایک غیر جانبدارانہ رویہ اختیار کیا۔ رئیس ناصر، نہرو کی پالیسی کے بڑے مداح تھے اور ان دونوں میں برادرانہ مراسم تھے۔ اکثر عرب ہمیشہ سے اس اصول پر چلے ہیں کہ ہندو پاکستان کے باہمی اختلافات میں انہیں مداخلت نہیں کرنی چاہیئے۔ یہ دونوں بھائی ہیں اختلافات کے باوجود ایک ہیں۔ کبھی نہ کبھی ان کے اختلافات ضرور دور ہو جائیں گے۔ اس لئے اہل عرب ہمیشہ سے سیاسی آگ بھڑکانے سے پرہیز کرتے ہے اور اب بھی علی العموم ان کی پالیسی یہی ہے۔

اس لئے یہ بہت ضروری ہے کہ ہم ان ملکوں کے سیاسی اور اقتصادی حالات سے اچھی طرح واقفیت حاصل کریں۔ عربی، فارسی و ترکی کا علم حاصل کئے بغیر ہمارا سیاسی کام چلنا مشکل ہے۔ قدیم عربی (العربیہ) سے ہمارے ملک کے معدودے چند علما، واقف ہیں لیکن جدید عربی کے جاننے والے بہت کم ہیں اور روزمرہ کی بولی سے بالکل ناواقف ہیں، نیز جدید فارسی اور جدید ترکی سے بالکل بے بہرہ ہیں، آج کل معاہدات اور خط و کتابت کی زبان بازار قاہرہ یا دمشق میں نہیں بولی جاتی ہے۔ اس بات کی خصوصی ضرورت ہے کہ ہمارے سفارت خانوں کے لوگ خصوصاً ہمارے سفیر اور ان کے نائب ایسی بولی سے واقف ہوں جو عام فہم اور مستعمل ہو۔ کیونکہ اگر ہم مشرق وسطیٰ کی بولیاں نہیں بول سکتے ہیں تو ہماری سیاسی اور اقتصادی کوششیں ناکام اور بے سود رہیں گی۔

چارلس عیسوی، جو کولمبیا یونیورسٹی میں اقتصادیات کے پروفیسر ہیں، نے اپنی کتاب "مشرق وسطیٰ کی اقتصادی تاریخ" میں لکھا ہے کہ اس کرۂ ارض کی تاریخ وہی ہے جو ہمیشہ سے تاریخ میں دیکھی جاتی ہے، یعنی پہلے ابتدا پھر عروج، اور پھر زوال۔ پانچویں صدی عیسوی سے بارھویں صدی عیسوی تک عروج کا زمانہ تھا۔ بارھویں سے انیسویں صدی عیسوی تک بتدریج زوال آیا اور انیسویں صدی سے دوبارہ اقتصادی طاقت بڑھ رہی ہے۔ پٹرول کے ذخائر کی دریافت نے ان علاقوں کی اقتصادی حالت کو بہت بدل دیا ہے اور اس بات کے بڑے امکانات پیدا ہو گئے ہیں کہ ان میں اور ہمارے ملک کے درمیان وسیع پیمانے پر تجارتی تعلقات قائم ہوں۔ اس تمام بحث سے یہ ضرورت بالکل واضح ہو کر سامنے آتی ہے کہ ہمیں اپنے ملک کی اندرونی اور بیرونی تجارت کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل ہوں اور ہمارے تاجروں کو آسانی سے معلوم ہو جائے۔ کہ کونسی اشیا جو ہم بنا سکتے ہیں اور فروخت کر سکتے ہیں وہ مشرق وسطیٰ میں کہاں کہاں کھپ سکتی ہیں۔ مشرق وسطیٰ ہی ایک ایسا کرۂ ارض ہے جس میں ہمارا سوتی اور ریشمی کپڑا، شیشہ کی چائے، صابن اور دوسری اشیا فروخت کی جا سکتی ہیں۔ اس لئے ایک ایسا ادارہ قائم کرنا چاہیئے جہاں سے یہ سب معلومات حاصل ہو سکیں اور ہم ایسے علاقوں کی زبانیں بھی سیکھ سکیں۔

میرے خیال میں مشرق وسطیٰ کی موجودہ بولیوں عربی، فارسی و ترکی کی تعلیم کا فوری بندوبست ہونا چاہیئے۔ ان کے علاوہ ہمیں ان باتوں کی جانکاری بھی ہونی چاہیئے۔

(۱) مشرق وسطیٰ کی اقتصادی ضرورتوں، تیل کا بیوپار، اور اقتصادی تاریخ

(۲) اس علاقے کی معاشرتی اور تہذیبی حالات، ان کا قانون، عوونیۃ (عربیت) کی تحریک۔ اس خطے میں تین زبانیں رائج ہیں عربی، فارسی

ترکی، یورپ اور امریکہ میں عام طور سے یہ تینوں "اسلامی زبانیں" کہی جاتی ہیں ان تینوں میں سب سے زیادہ رائج عربی زبان ہے، اسلام کی زبان عربی ہے، اس کی شریعت اس کا قانون، اس کی تاریخ، اس کی اصلی اقدار، اس کا فلسفہ اسی میں قلمبند ہے۔ جدید اور قدیم عربی میں کچھ فرق ضرور ہے مگر جدید عربی بیس ملکوں کی سرکاری زبان ہے، دس کروڑ لوگوں کی بولی ہے اور اقوام متحدہ میں ترجمانی کے لئے پانچویں زبان قرار دی گئی ہے انگریزی فرانسیسی، روسی اور اسپانی کے بعد اس کا شمار ہے۔ اقوام متحدہ میں ہر تقریر ان پانچوں زبانوں میں ترجمہ ہوتی ہے۔

قدیم عربی چھ سو سال تک ایک بین الاقوامی زبان کی حیثیت رکھتی تھی۔ جدید تہذیب و سائنس و فلسفہ اسی کی دین ہیں اور جدید عربی اسی سے نکلی ہے۔ یہ ایک اہم غیر ملکی زبان ہے جس کو سیکھ کر ہم یقیناً فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ صحیح طور پر اگر غور کیا جائے تو ہندوستانیوں کے لئے انگریزی زبان کے علاوہ یہی زبان سب سے زیادہ اہم اور ضروری غیر ملکی زبان ہے۔

آج کل عربی زبان کی تین شکلیں رائج ہیں۔ قدیم عربی جس میں اسلام کا تمام ادبی ذخیرہ موجود ہے۔ دوسرے رائج عربی (Standard Arabic) ریڈیو، صحافت، یونی ورسٹی اور پارلیمنٹ کی زبان ہے جو مراکش سے لے کر یمن تک ایک ہی ہے اور عام طور سے سمجھی جاتی ہے۔ قدیم عربی ہماری یونی ورسٹیوں اور مذہبی مدارس میں پڑھائی جاتی ہے۔ یہ ایک مشکل اور ادبی زبان ہے۔ اس کے پڑھنے سے کوئی عملی یا اقتصادی فائدہ کسی طالب علم کو نہیں پہنچتا ہے، اس سے نکلی ہوئی رائج عربی ہے۔ اس زبان کی تعلیم و تدریس یہاں ہندوستان میں بہت ضروری ہے، اسی سے تجارت و سیاست میں فائدہ پہنچنے کی گنجائش ہے۔

ان دو کے ماسوا ایک دارجہ بھی ہے یہ وہ خاص بولی ہے جو بازاروں میں بولی جاتی ہے۔ ہر شہر اور ہر ملک کی بازاری بولی مختلف ہے اور جب تک کہ ایک شخص اس شہر یا ملک میں قیام نہ کرے بولنا مشکل ہے۔

بہرصورت آج کل کی زندہ بولیوں پر توجہ دینی نہایت ضروری ہے۔ اسی زبان سے ہم عربوں سے مل کر بات چیت کر سکتے ہیں۔ ان کے خیالات سے واقف ہو سکتے ہیں ان کے دلی جذبات سے واقف ہو سکتے ہیں۔ معلقات اور حماسہ کے مطالعہ سے ہمارا کام نہیں چل سکتا۔

میں جس وقت مصر میں سرکار ہند کی سفارت پر مامور تھا اس وقت قدیم عربی سے واقف تھا لیکن بول چال کی زبان سے نابلد تھا اور اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے میں نے باقاعدہ سبق لیا اور بازار میں بولی جانے والی عربی زبان میں مہارت حاصل کرنے کی کوشش کی۔ اس کے باوجود عرب مجھے نحوی GRAMMARIAN کہتے تھے اس لئے کہ میری بول چال کی زبان میں اکثر کتابی اور ادبی الفاظ آجاتے تھے اور ان کا رواج روزمرہ میں متروک سمجھا جاتا تھا، اور لفظ "نحوی" ذم کا پہلو رکھتا ہے۔

مشرق وسطیٰ کی دوسری زبان فارسی ہے اور اس کے بولنے والوں کی تعداد تین کروڑ ہے۔ فارسی ہندوستان میں سلطنت مغلیہ کے زمانے میں کافی رائج ہو چکی تھی۔ ایران کے علاوہ یہ افغانستان کی بھی سرکاری زبان ہے۔ اب بھی ہماری یونی ورسٹیوں کالجوں اور اسکولوں میں اس زبان کی تعلیم دی جاتی ہے۔ ایرانی زبان کی تین قسمیں ہیں۔

۱۔ قدیم ایرانی یعنی ژنداوستا جس کو ژند کہتے ہیں۔
۲۔ پہلوی،
۳۔ فارسی،

قدیم ایرانی اور ویدکی زبان میں گہری مناسبت بلکہ یکسانیت ہے، وہ بہنیں ہیں۔ اور جیسے ویدکی زبان سے سنسکرت اور سنسکرت سے پراکرت اور پراکرت سے ہندی نکلی ہے، اسی طرح سے قدیم ایرانی (ژند) سے پہلوی، اور پہلوی سے فارسی پیدا ہوئی ہے یہ ادبی فارسی تقریباً ایک ہزار برس، یعنی عہد فردوسی سے بہت کم بدلی ہے۔ اس رشتہ کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ ہندی اور اردو فارسی کی خالہ زاد بہنیں ہیں۔

آخری ایکہزار سال سے ایران اور افغانستان میں زبان فارسی رائج ہے، مغلیہ زمانہ میں یہ ہندوستان میں سرکاری زبان تھی۔ لیکن

بول چال کی زبان میں اتنا فرق نہیں ہوا ہے جتنا کہ قدیم اور جدید عربی میں، ادبی، فارسی جاننے والا جدید فارسی بہت آسانی سے سیکھ سکتا ہے۔ تلفظ میں البتہ فرق ہے۔ لیکن اس میں کوئی خاص مشکل نہیں ہے۔ ادبی فارسی کے متعلق ایک بات ضرور عرض کرنی ہے۔ ہماری درس گاہوں میں اکثر فردوسی سے لے کر جامی تک (یعنی دسویں صدی عیسوی سے پندرھویں صدی عیسوی تک) کی تعلیم دی جاتی ہے لیکن آج کل کے علماء اور خصوصاً چکوسلاویا کے مشہور فارسی داں یان ریپکا نے ثابت کیا ہے کہ آخری دو سو برسوں میں ایران افغانستان اور تاجکستان میں ایک نئی شاعری اور نئی نثر کی بنا ڈالی گئی ہے۔ جو آج کل کے اور خاص کر مارکسی خیالات کی آئینہ دار ہے، اور یہ ادبی ذخیرہ قدیم ادبی ذخیرے سے کسی طرح کم نہیں ہے۔ ان ادیبوں شاعروں اور نثاروں کے ادبی کارناموں سے ہم کو بھی فائدہ اٹھانا ضروری ہے۔

مشرق وسطیٰ کی تیسری زبان ترکی ہے۔ اس ملک میں ترکی سلطانوں نے کوئی پانچ سو سال تک عثمانی ترکی کو رائج کیا۔ یہ پہلے عربی رسم الخط میں لکھی جاتی تھی لیکن کمال اتاترک کے زمانے سے یعنی ۱۹۲۸ء سے ایک نئی زبان ترکی جو رومن لپی میں لکھی جاتی ہے وہ منظر عام پر آئی اور سرکاری زبان بن گئی۔ آخری تیس سال میں نئی ترکی نے کافی ترقی کی ہے اور مطبوعات جامعہ انقرہ اور استنبول سے ظاہر ہے کہ ان کی کتابیں ہر فن اور سائنس میں چھپ رہی ہیں جو تعداد میں یورپ کے چھوٹے ممالک سے ہرگز کم نہیں البتہ انگریزی فرنچ اور جرمن کا مقابلہ نہیں ہو سکتا ہے۔

افسوس ہے کہ اس اہم اور بڑھتی ہوئی زبان سے ہم ہندی بالکل ناواقف ہیں۔ خود قدیم ترکی کے جاننے والے ہندوستان میں کم ہی ہیں لہٰذا جدید ترکی کے جاننے والوں کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے۔

مشرق وسطیٰ کی اقتصادی حالت بڑی تیزی سے بدل رہی ہے۔ ہزاروں مدرسے ٹیکنیکل اسکول، اسپتال، کارخانے وغیرہ بن رہے ہیں ان میں مدرسوں، انجینروں اور ڈاکٹروں کی بے حد ضرورت ہے، یہ ضرورت ہمارے نوجوان بخوبی پوری کر سکتے ہیں۔ ہمارے ملک میں تعلیم یافتہ بے روزگاروں کی کمی نہیں ہے اگر ان کو جدید عربی سیکھنے کا موقع دیا جائے تو وہ اپنی روزی کما سکیں گے اور ہندوستان اور عربی ممالک میں دوستی اور خیر سگالی کا رشتہ قائم کرنے میں مددگار ہوں گے۔

امریکہ میں ایسے انسٹی ٹیوٹ ادارے ہیں جہاں مشرق وسطیٰ کی زبانیں، تاریخ، اقتصادیات اور دیگر فنون کی تعلیم دی جاتی ہے۔ یورپ کے ہر ملک میں جدید عربی، جدید فارسی اور جدید ترکی کے مدارس موجود ہیں۔ بڑے بڑے کتب خانے ہیں جہاں ہر قسم کی کتابیں اور جرائد دستیاب ہیں۔

کیا ہندوستان میں چار ایسے ادارے قائم نہیں ہو سکتے جن میں یہ تین ضروری زبانیں سکھائی جائیں اور ان ملکوں کے تاریخی اقتصادی اور سیاسی حالات کی تعلیم دی جائے؟

گاندھی شت دل (ہندی)

مرتب: سوہن لال دوبیدی۔

گاندھی جی نے ہندوستانی سیاست کو ہی نہیں ادب کو بھی غیر معمولی طور پر متاثر کیا ہے یہی وجہ ہے کہ ان کی صد سالہ سالگرہ کے موقع پر ہندوستان کی سبھی زبانوں میں ان گنت کتب شائع کی گئی ہیں۔ ہندی کی زیر تبصرہ کتاب 'گاندھی شت دل' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اس میں گاندھی جی سے متعلق ہندوستان کی ۱۴ علاقائی زبانوں کی ۱۰۱ منتخب نظمیں شامل کی گئی ہیں۔ اردو شعراء میں سیماب اکبرآبادی، جوش ملیح آبادی، تلوک چند محروم، منور لکھنوی، ساغر نظامی، عرش ملسیانی، احسان دانش، شمیم کرہانی، نذیر بنارسی، وامق جونپوری اور کرشن موہن کی نظمیں شامل کی گئی ہیں۔ اس طرح دیوناگری لپی میں اردو کی چند اچھی نظمیں یکجا ہو گئی ہیں۔ یہ مجموعہ گاندھی ادب میں ایک مفید اضافہ ہے۔ اردو والے اب عام طور سے ہندی رسم خط سے واقف ہیں ان کے لئے اس کتاب کا مطالعہ کئی لحاظ سے مفید ثابت ہوگا۔

قیمت:- پانچ روپے۔ صفحات: ۲۹۴

ملنے کا پتہ:- پبلیکیشنز ڈویژن، پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی۔۱



جاگ اُٹھے تھے مری آنکھوں میں یہ کس رات کے خواب
دل کے آنگن میں گرے ٹوٹ کے کتنے مہتاب
میکدے کی یہ حسیں شام، یہ یادِ احباب
موج خوں بن کے نہ رہ جائے کہیں موجِ شراب
اُن دیاروں کی فضا آج نہ جانے کیا ہو؟
جن دیاروں میں ہوئے تھے کبھی ہم خوار و خراب
ہجر کی دھوپ میں جل بجھ کے ہوئے راکھ تمام
تیری یادوں کے کنول، اپنی امیدوں کے گلاب
ہر ورق پر وہی اک نام تھا، جو محو ہوا
سادہ مجموعۂ اوراق ہے اب دل کی کتاب
آنے والے ہیں جو لمحے، کوئی سمجھاؤ انہیں
مجھ سے مانگیں نہ مری عمرِ گزشتہ کا حساب
صاف صاف آج نظر موت کا چہرہ آیا
زندگی ہم سے ملی آج پرافگندہ نقاب
آگہی جُرم، اور اس جُرم کی پاداش یہی
زندگی بھر کے لیے سوچتے لمحوں کا عذاب
سب زمیں بوس ہوئے ٹوٹتی شاخوں کی طرح
سہہ سکا کون یہاں تند ہواؤں کا عتاب
حاصلِ عمرِ طلب کچھ بھی نہ نکلا مخمورؔ
ہم جسے ڈھونڈھتے پھرتے تھے وہ شے تھی نایاب

مخمور سعیدی

غزلیں



ایک حرفِ سادہ اُن رنگین افسانوں میں تھا
کل اسی کا شور آدھی رات کو کانوں میں تھا

اک صدائے بے حصولی آج اس کا نام ہے
لوگ کہتے ہیں کہ یہ ذرہ کبھی طوفانوں میں تھا

کون لے آیا اُسے زندانِ خاک و خون میں
یہ خزانہ تیری چاہت کے بیابانوں میں تھا

ہاں وہی شمعِ حیا روشن تھی جو اس موڑ پر
یہ دلِ سادہ بھی شامل اس کے پروانوں میں تھا

تو نے جو دیکھا نہیں اُس کی شکایت ہے عبث
میرا چہرہ رازِ وحشت کے بگھیانوں میں تھا

خود کو پانے کی ہوس میرا تماشہ بن گئی
میرا قصہ شہر کے مشہور رومانوں میں تھا

شمیم حنفی

خود فریبی کا یہ نشہ بھی اُتر جائے گا
ایک لمحے کی شرارت سے بکھر جائے گا

شب گزیدوں سے وہیں صبح کی سازش ہوگی
میرا سورج پھر اُسی شام کے گھر جائے گا

ایک دو پل کے لیے قہر فشاں ہے مجھ میں
قریۂ جاں سے یہ سایہ بھی گزر جائے گا

اُس کی ہر سانس میں ملفوف تھا اللہ کا نام
میں نہ کہتا تھا کہ جھوٹا ہے، مُکر جائے گا

جانے کس زعم میں آئینہ بنا پھرتا ہے
اپنی تصویر جو دیکھے گا تو ڈر جائے گا

اے تماشے کی ہوس! چھین لے آنکھیں میری
بوجھ یہ سارا مری روح کے سر جائے گا



غبارِ کارواں

(۲)

اختر اورینوی

محاسبۂ نفس ایک مشکل کام ہے۔ اپنے نفس اور اپنی شخصیت کا تجزیہ شاید ناممکن ہے۔ دراصل تجزیۂ نفس کرنے والا ہر شخص دوسروں کے ذہن و نفس کا تجزیہ کرتا ہے اور اس بنا پر نفسیاتی علاج بھی ہوتے ہیں۔ نفسیاتی تجزیہ سے مدد لے کر کاروبار، پیشہ اور دوسرے مشاغل اور ملازمتوں کا تعین بھی کیا جاتا ہے۔ ہر کیف ایک شخص کو اپنا تجزیۂ نفس بھی کرنا ہی پڑتا ہے۔ جو شخص ایسا نہیں کر سکتا وہ شتر بے مہار ہو جاتا ہے۔ صوفیوں نے محاسبۂ نفس پر بہت زور دیا ہے۔ اپنے نفسی میلانات کا تجزیہ پورے طور پر نہ بھی ہو سکے تو بھی کرتے رہنا چاہئے۔ کیوں کہ یہی طریقہ ثقافت و روحانیت میں ترقی کرنے کا ہے۔ ایک صاحبِ تجربہ صوفی اور ایک ماہر علم النفس یہ مشورہ ضرور دیتا ہے کہ کسی مرشد یا کسی ماہر نفسی تجزیہ کار کی تلاش کی جائے۔ بغیر ان کی مدد کے صحیح رنگ میں تجزیۂ نفس اور شخصیت کے عناصر ترکیبی کا جائزہ نہیں لیا جا سکتا۔ میں اول الذکر فرض انجام دے دیتا ہوں یعنی اپنا آپ محاسبہ کر کے نتائج سے دنیا کو آگاہ کرتا ہوں۔ اس میں میری رسوائی ہوگی یا سرخ روئی مجھے نہیں معلوم اور مجھے یہ بھی نہیں پتہ کہ میرا لاشعور یا شعور کہاں کہاں پردہ داری کرے گا اور کہاں کہاں پردہ دری۔

شخصیت کی تعمیر میں معاشرہ اور ماحول حصہ لیتے ہیں۔ نفس و آفاق کا رشتہ گہرا ہوتا ہے۔ ماحول قریب کے علاوہ وراثت کے ذریعہ ماحول بعید کا اثر بھی پڑتا ہے۔ خود وراثت ایک نہایت ہی اہم شخصیت آفریں توانائی ہے تو وارث کی کارفرمائی سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ تعلیم و تربیت، اصلاح و ارشاد، تبلیغ و ہدایت سے نفسی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں اور ان کی بھی بڑی اہمیت ہے۔ تربیت، لعل بدخشاں ایک روشن حقیقت ہے۔ لیکن یہ بھی صحیح ہے کہ ہر سنگ و خشت کو ہم لعل بدخشاں نہیں بنا سکتے۔ مگر شخصیت کا مسئلہ اتنا واضح نہیں ہوتا۔ ہمیں کیا پتہ کہ کون سا شخص کیا امکانات ترقی رکھتا ہے۔ کون سنگ و خشت ہے اور کون قیمتی پتھر، اس لئے بشری تقاضہ ہے اس طرف متوجہ کرتا ہے کہ ہم ہر انسان کو قیمتی سمجھیں اور اس کی خودی سے آس لگا کر بڑے امکانات کی توقع کریں۔

جاجنیری سادات عرب سے شاید ایران کے راستے سے پنجاب میں داخل ہوئے اور پٹیالہ (پنجاب) میں آ بسے، وہیں انہوں نے بارہ گانواں بسایا۔ انہیں گاؤں میں سے غالباً مرکزی گاؤں جاجیز تھا۔ تغلقوں اور خلجیوں کے زمانے میں میرے آباو اجداد نبرد آزماؤں میں شامل ہو کر اتر پردیش اور بہار آئے۔ کچھ تو یوپی ہی میں بس گئے۔ قبیلہ کا دوسرا حصہ بختیار خلجی کی فوج میں شامل ہو کر

بہار آیا۔ سید احمد جاجنیری میرے جدِ اوّل تھے یکساری ضلع مونگیر میں اُن کا مزار ہے۔ اُن کے ایک صاحبزادے سید احمد جان فاتحانہ طور پر اورین (ضلع مونگیر) میں داخل ہوئے اور وہیں آباد ہو گئے۔ اورین ایک پہاڑی جگہ پر ہے۔ ایک چھوٹی سی خوبصورت گرینائٹ پتھر کی پہاڑی گاؤں کے پہلو میں ہے۔ ایک ڈیڑھ میل جنوب میں جنگلوں سے بھرا ہوا کوہستانی سلسلہ ہے۔ چار میل دور شمال کی جانب دریائے گنگا لہریں لیتا ہے۔ میرا خاندان سپاہیوں کا خاندان رہا ہے۔ بعد میں وہ کاشتکار بن گیا۔ ظاہر ہے کہ اوائل میں امامتِ ملت، اور صوفیت بھی اس کے حصے میں آئی تھی۔

میرا خاندان اختیار الدین بن بختیار خلجی کے عہد سے اورین میں آباد ہے۔ سرکاری ملازمت سے ہمیشہ اجتناب رہا۔ وعظ و تلقین سپہ گری اور تیغ آزمائی، کاشتکاری اور فلاحی پیشہ ہائے آبا، رہے ہیں۔ میں پہلا بدنصیب ہوں جو ملازمت کی زنجیروں میں جکڑا گیا۔ میری شخصیت کی تعمیر میں میری روایاتِ خاندان نے بڑا حصہ لیا۔

گرچہ خوردیم نسبتے است بزرگ
ذرہ آفتاب تا بانیم

لاشعوری طور پر چراغ مصطفوی کی لو میری شخصیت میں سوز و ساز پیدا کرتی رہی ہے اور جاجنیریوں کے مجاہدانہ میلانات میرے مزاج میں موجود ہیں۔ ابھی تک تلوار تو نہیں اٹھائی لیکن میرے مزاج اور میری تحریر میں کچھ کاٹ ضرور رہائی جاتی ہے۔ بفضلہ تعالیٰ آج تک میں کسی شخص، کسی مجمع، کسی میلان، یا کسی مصیبت سے ڈرا نہیں ہوں۔ خوف طاری ہوتا ہے۔ لیکن میں اس پر بہت جلد فتح پا لیتا ہوں۔ میں بزدلانہ مفاہمت کا قایل نہیں۔ ہاں خواہ مخواہ جھگڑنا، تند خوئی یا سخت مزاجی کو راہ دینا پسند نہیں کرتا۔ غالباً یہ حسنی میلان ہے۔ صلح کرانا، درمیانی راستہ نکالنا اور تھوڑی قربانی کرنے سے دریغ نہ کرنا بھی بحمد اللہ میری فطرت میں ہے۔ میں ان سب میلانات کو اپنی خوبی نہیں بزرگوں کی دین سمجھتا ہوں۔

میرے پردادا سید عنایت حسین صاحب نے سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت کی تھی اور میری دادی اماں مرحومہ کے خاندان کے لوگوں نے سید صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے لشکر میں شامل ہو کر پنجاب اور بالاکوٹ (سرحد) میں جہاد بھی کیا تھا کچھ لوگ اسیرِ فرنگ ہو کر کالا پانی بھی بھیجے گئے تھے۔ پھر میرے والد اور چچا صاحب نے حضرت غلام احمد مرزا قادیانی کی بیعت کی۔ تحریک احمدیت نے میری شخصیت کی تعمیر میں بہت ہی گہرا حصہ لیا ہے۔

جماعت احمدیہ کے دوسرے خلیفہ مرزا بشیر الدین محمود احمد مرحوم نے میری نفسی ذہنی اور اخلاقی تربیت میں بہت بڑا حصہ لیا۔ آپ کی تصنیفات خصوصاً آپ کی تالیف تفسیر کبیر نے میری فکری اور روحانی حالت کو گہرے طور پر متاثر کیا ہے۔

میری والدہ مرحومہ کے مزاج میں کافی گداز پایا جاتا تھا ان کا ذوق نہایت لطیف تھا اور مزاج میں شعریت تھی۔ اُن کی ہر ہر بات سے ستھرا پن اور اجلا پن ٹپکتا تھا وہ اپنا کمرہ اتنے خوبصورت انداز میں آراستہ رکھتی تھیں کہ جی خوش ہو جاتا تھا۔ دُور دُور سے گاؤں کے رہنے والے اُن کے آراستہ کمرے کو دیکھنے آیا کرتے تھے اب سوچتا ہوں کہ والدہ مرحومہ کے کمرے میں ہوتا کیا تھا۔ صرف سلیقہ اور ستھرائی، فضول خرچی نام کو بھی نہ تھی۔ دادی اماں مرحومہ اور والدہ مرحومہ کی سیرت میں سادگی اور غریب نوازی پائی جاتی تھی۔ گاؤں کی غریب سے غریب عورتوں سے یہ دونوں خواتین بڑی محبت سے پیش آتی تھیں اور ہمیں تلقین کرتی تھیں کہ خلقِ خدا سے نرمی اور محبت سے برتاؤ کرو۔ میں سمجھتا ہوں کہ اُن کی نیک مثال نے میری شخصیت کی تعمیر میں کچھ نہ کچھ حصہ ضرور لیا ہے۔

میرے چچا سید ارادت حسین صاحب اور میرے والد سید وزارت حسین صاحب مذہبی تصنیفات کرتے رہے ہیں چچا مرحوم کو ادبی کتابوں اور رسالوں سے بھی بڑی دلچسپی تھی۔ میرے گھر میں ایک چھوٹی موٹی لائبریری تھی اور ہمارے آبائی بنگلے پر ادبی نشستیں بھی ہوتی تھیں۔ ان کے سرپرست چچا مرحوم ہوتے تھے اور روحِ رواں بھائی محمد حسین مرحوم ہوتے تھے۔ انہیں عبدالحلیم شرر کے ناولوں، مولانا ابوالکلام آزاد کے مضامین و خطبات، نیاز فتحپوری کے افسانوں البلاغ، الہلال اور نگار سے بڑی محبت تھی۔ کبھی کبھی طلسم ہوش ربا اور طلسم نورافشاں کی خواندگی بھی ہوتی تھی۔ رمضان کے زمانے میں با خصوص درسِ قرآن حکیم کا سلسلہ بھی جاری رہتا تھا۔ عام دنوں میں بھی درس

ہوتا تھا۔ میری نانیہال میں ادبی مذاق عام تھا۔ میرے ماموں جان حسن امام مرحوم شاعر تھے اور بڑے ماموں محمود صاحب مرحوم 'مخزن' اور 'تمدن' میں لکھنے والے ادیبوں میں شامل تھے۔ خاندانی ماحول نے میری شخصیت میں علمی اور ادبی میلانات پیدا کئے۔ جب میں بڑا ہوا تو تعلیم کی غرض سے پٹنہ آیا۔ شاد عظیم آبادی زندہ تھے اور پٹنہ کی ادبی فضا بہت غنیمت تھی۔ ہم لوگوں نے سائنس کالج میں بزم سخن قائم کی اور پھر پٹنہ کالج کی بزم ادب میں بھی دھومیں مچانے لگے۔ مجموعی طور پر عظیم آباد اور پٹنہ کے تعلیمی اداروں نے میری شخصیت کی تعمیر میں بڑا حصہ لیا ہے۔

میری تعلیم رنگ برنگی ہوئی ہے۔ ابتدائی تعلیم والدہ ماجدہ نے دی۔ پھر گھر پر استادوں سے پڑھتا رہا۔ مڈل کے بعد کے درجے میں اسکول میں داخل ہوا۔ انٹرمیڈیٹ کی تعلیم سائنس کی ہوئی۔ ڈھائی سال میڈیکل کالج پٹنہ میں پڑھتا رہا۔ سخت بیمار پڑا۔ صحت گاہوں میں گھومتا پھرا، اور رین میں کاشتکاری میں مشغول رہا۔ سیر و تفریح کی، شکار اور گھوڑسواری کا شوق ہوا۔ واٹر کلر تصویریں کثرت سے بنائیں اور سینی ٹوریم میں پڑا کثرت سے اشتمالیت پر کتابیں پڑھتا رہا۔ دو سال کے وقفہ کے بعد دوبارہ پٹنہ کالج واپس آیا اور انگریزی آنرس کے ساتھ بی اے کی تعلیم حاصل کی۔ معاشیات اور فارسی کے پرچے بھی لئے۔ اردو میں ایم اے عربی کے ایک پرچے کے ساتھ کیا۔ ۱۹۳۸ء کے اوائل میں پٹنہ کالج میں ہی اردو کا لیکچرر مقرر ہوگیا۔ ویسے مجھے طبابت کا بڑا شوق تھا لیکن ادبی درس و تدریس سے بھی بڑی دلچسپی پیدا ہوگئی۔

میری تعلیم کی مختلف نوعیتوں نے میرے اندر حقیقت پسندی کے ساتھ وسعت نظری بھی پیدا کی ہے۔ سائنس اور آرٹ کی متحدہ تعلیم نے میری تخلیق اور تنقید دونوں کو متاثر کیا ہے۔ سائنس کے مطالعے سے مجھے بہت زیادہ ادبی فائدے ہوئے ہیں اور ادب کے مطالعہ نے مجھے سخت بیماری میں بڑا سہارا دیا۔ اگر ادب پروردہ رومانیت میری شخصیت میں پیدا نہ ہوجاتی تو شاید میں سینی ٹوریم سے صحت و سلامتی کے ساتھ واپس نہ لوٹ سکتا۔

اُستادوں میں جغرافیہ کے ایک بنگالی استاد اور یونیورسٹی سطح پر پروفیسر جے ایل ہل، پروفیسر عبدالمنان بیدل، ڈاکٹر گیان چند اور میڈیکل کالج میں ڈاکٹر ٹی ان بنرجی سے متاثر ہوں۔ اپنے اسکول ٹیچر کی خوش مزاجی اور نقشہ کاری، پروفیسر ہل کی ادبیت اور لطیف انتقاد حضرت بیدل کی شگفتگی اور شاعری۔ ڈاکٹر گیان چند کا علم معاش اور زور خطابت مجھے نہیں بھولتا اور شعوری اور لاشعوری طور پر ان اساتذہ سے کسب فیض کرتا رہا ہوں۔ ڈاکٹر ٹی ان بنرجی میرے استاد بھی تھے اور معالج بھی۔ اُن کی نرم خوئی، اعتماد نفس، شفقت اور طبی مہارت سے میری شخصیت اور میری طبیعت نے کچھ نہ کچھ استفادہ ضرور کیا ہے۔ ڈاکٹر گھوشال کی فنی ذہانت، شوخی طبیعت، اور زندہ رہنے کا حوصلہ پیدا کرنے کی صلاحیت میرے لئے مشعل راہ رہی ہے۔ جب میں ملازم ہوا تو میں نے استاذی حافظ شمس الدین احمد منیری سے یہ سیکھا ہے کہ اپنے شرکائے کار سے کس طرح اعتماد کی بنا پر عزت و محبت کا معاملہ کیا جائے۔ میں نے اور چراغوں سے بھی کسب نور کیا ہے لیکن سب کا تذکرہ مشکل ہے۔

میرا حلقۂ احباب زیادہ بڑا نہیں ہے۔ اسکول میں کوئی ہم جماعت ایسا نہیں تھا جو میرے لئے نمونہ شخصیت بنتا۔ کالج میں آکر میں نے جن دوستوں کو اپنایا وہ ضرور میری شخصیت کو متاثر کرتے رہے ہیں مثلاً شرف الدین احمد عظیم آبادی، یہ صاحب مزاح نگار، مکتوب نگار بے حد مخلص دوست اور لطیف طور پر وفادار عاشق ہوا کرتے تھے۔ اب کراچی میں ناکردہ گناہوں کی حسرت کی داد دے رہے ہیں۔ انہوں نے لکھنؤ کی ایک صاحبزادی سے عشق کیا تھا اور انتقاماً وہیں کی ایک دوسری صاحبزادی سے شادی بھی کرلی۔ علی اطہر۔ رضا نقوی، زبیر احمد تمنائی، محسن عظیم آبادی، بہاء الدین احمد، کلی عباس وغیرہ میرے خاص احباب میں ہیں۔ یہ سب گن والے لوگ ادیب و شاعر، مقرر، سیاست داں یا ادب نواز مجلس آرائی میں سب کو مہارت ہے۔ شرف عظیم آبادی مجھے دیوار قہقہہ کہتے تھے۔ میں سینی ٹوریم کے بڈ پر بھی قہقہے لگاتا رہا ہوں۔ انھیں یاران میکدہ نے خواہ مخواہ مجھے ادب و شعر کی طرف کھینچ کر لایا۔ ورنہ میں حاذق طبیب ہوتا۔ میڈیکل کالج سے علاحدہ ہونے کا غم مجھے اب تک ہے۔

انقلاب اسلام، انقلاب فرانس، انقلاب روس اور چین

(بقیہ صـ۱۸ پر)

جہانگیر کی شکار

سے

دلچسپی



نور السعید اختر

جہانگیر سیر و تفریح کا دلدادہ حسن کی جلوہ طرازیوں کا گرویدہ، دخترِ رز کا عاشق اور شکار کا شوقین تھا جس طرح قدرتی مناظر اس کی شاعرانہ طبیعت کو ایک کیف آگیں سرور بخشتے تھے اسی طرح شکار کی دھن اس کی سپاہیانہ زندگی اور بہادری کو جوش و ولولہ عطا کرتی تھی۔ تیموریوں اور گورگانوں کا محبوب ترین مشغلہ شکار تھا۔ فنِ شکار اُن کے بہت سے مقاصد پورے کرتا تھا۔ گھوڑا سواری، تیراندازی، نیزہ بازی، شمشیر زنی، بندوق بازی اور سوجھ بوجھ کے بر وقت استعمال کرنے کی مشق شکار ہی ذریعہ حاصل کی جاسکتی تھی۔ دراصل شکار اُن کے نزدیک فنِ حرب سے عملی آگاہی کی تربیت گاہ تھی۔

جہانگیر کو یہ شوق اپنے آباؤ اجداد سے ملا تھا اس کا دادا شہنشاہ بابر بے مثل تیر انداز تھا اور شکار کا گوشت بڑی رغبت سے کھاتا تھا یہی وجہ تھی کہ ابراہیم لودھی کی ماں نے نوگوشت کے گوشت میں بابر کو زہر دینا چاہا تھا لیکن بابر بال بال بچ گیا۔ ہمایوں کو فرصت کے ماہ و سال کم نصیب ہوئے۔ اکبر نے عنفوانِ شباب تک بندوق اور چیتوں کی مدد سے خوب شکار کھیلا لیکن دینِ الٰہی کی ایجاد کے بعد اس نے شکار ترک کر دیا۔ البتہ اس نے جہانگیر کو چار سال کی عمر سے تعلیم کے علاوہ شکار وغیرہ کی تربیت دینی شروع کر دی تھی۔

اکبر کو اپنے تینوں لڑکوں میں جہانگیر سے والہانہ لگاؤ تھا اور وہ اس کی بڑی بڑی خطاؤں اور نافرمانیوں کو بھی نظر انداز کر دیتا تھا۔ اکبر کو سلطان دانیال سے بھی محبت تھی کیونکہ وہ نہایت شجیع، دور بیں، اور مصلحت اندیش تھا اور اُن تمام خوبیوں کا مالک تھا جو ایک ولی عہد کے شایانِ شان ہوتی ہیں۔ البتہ شکار اور شراب اس کی ایسی کمزوریاں تھیں جو بالآخر اس کی جواں مرگی کا باعث ہوئیں۔ جہانگیر اپنے بھائی سلطان دانیال کی صحیح "نشانے بازی" اور "فنِ شکار پر" پوری قدرت کا معترف تھا اور وہ تزکِ جہانگیری میں اس کی طرف ان الفاظ میں اشارہ کرتا ہے ؎

"اُس (سلطان دانیال) نے اپنی مرغوب بندوق کا نام "یکہ و جنازہ" رکھا تھا اور یہ شعر اس پر کندہ کرایا تھا ؎

از شوقِ شکار تو شود جاں تر و تازہ
ہر جا کہ خورد تیرِ تو یکہ و جنازہ ؎

؎ تزکِ جہانگیری: مترجمہ مولوی احمد علی صاحب رامپوری
ص ۵۶ (لاہور جنوری ۱۹۶۴ء)

یہ ایک اتفاق ہے کہ سلطان دانیال کی موت اسی بندوق سے واقع ہوئی۔ اکبر نے سلطان دانیال کو کثرت شراب نوشی کے باعث نظر بند کر دیا تھا اور اس کی دیکھ بھال عبدالرحیم خانخاناں کے سپرد تھی۔ سلطان دانیال کو مقررہ مقدار شراب سے ایک قطرہ زیادہ ملنا ممکن نہ تھا۔ ایک دن دانیال نے اپنے ایک جاں نثار مرشد قلی بندوقچی کو "یکہ وجنازہ" کی نال میں پوشیدہ طور پر شراب لانے کا حکم دیا۔ مرشد قلی نے حسب حکم ایسا ہی کیا۔ جلی ہوئی بارود کا زہر شراب دوآتشہ کا جز بن گیا اور جونہی یہ زہر آلود شراب سلطان دانیال کے حلق سے اتری وہ بے محابا تڑپا اور اس کی روح جسد خاکی سے پرواز کر گئی۔

سلطان مراد متوفی ۱۵۹۸ء مطابق ۱۰۰۶ھ اور سلطان دانیال متوفی ۱۶۰۱ء مطابق ۱۰۰۹ھ کی جواں سال اموات نے اکبر کی تمام تر توجہات جہانگیر کی طرف منعطف کر دیں اس نے جہانگیر کو بہتر سے بہتر تعلیم و تربیت دی تاکہ وہ ہندوستان کی وسیع و عریض سلطنت کو اچھی طرح سنبھال سکے۔ سن شعور کو پہونچنے تک جہانگیر نے دیگر علوم و فنون کے علاوہ فن حرب اور شکار میں اچھی خاصی مشق حاصل کر لی جب اکبر کو اس طرف سے پورا اطمینان ہو گیا تو اس نے جہانگیر کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے اسے سفید بومڑی کی پوستین بنام "روپ" تحفتاً عنایت کی۔ اس طرح اکبر نے کئی مرتبہ جہانگیر کو آلات حرب اور بندوقیں وغیرہ بھی مرحمت کیں۔ جہانگیر کی تخت نشینی کے بعد نہ صرف اس کے امراء بلکہ شاہجہاں اور ملکہ نور جہاں بھی پیش کش کے طور پر اچھی قسم کی بندوقیں، اعلیٰ قسم کے ہتھیار، شکاری چیتے، کتے اور باز دیتے رہے جنہیں وہ بخوشی قبول کرتا رہا۔

آج سے ۶۶۵ برس قبل سب سے پہلے آتشیں ہتھیار توپ کی شکل میں استعمال ہوئے۔ انھیں ہلکا بنانے کا عمل آج تک جاری ہے ہندستان میں سب سے پہلے آتشیں ہتھیاروں کے استعمال کا سہرا ظہیرالدین بابر کے سر ہے ۱۵۲۶ء میں پانی پت کے میدان میں بابر نے ابراہیم لودھی کی کثیر التعداد فوج کو توپوں سے پسپا کر دیا تھا اور یورپ میں اس سانحے ایک سال قبل یعنی ۱۵۲۵ء میں فرانس کے بادشاہ لوئیس اول نے پاویا "PAVIA" کے محاصرے میں اسپینیوں کو تفنگ اندازوں کی مدد سے شکست دی تھی۔ اس جنگ میں جن تفنگوں کا استعمال ہوا تھا وہ "میچ لاک ہارکوبس Match-lock Harouebus" کے نام سے موسوم تھیں۔ ان میں ٹوپی دار بندوقوں کی طرح بارود بھری جاتی تھی لیکن ان کی بارود کو مشتعل کرنے کے لئے ٹوپی کے عوض فلیتے سے کام لیا جاتا تھا۔ شکاریوں اور سپاہیوں کو سلگتا ہوا فلیتہ ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنا ہوتا تھا فائر کرنے سے پہلے فلیتے کے جلتے ہوئے سرے کو راکھ سے صاف کر کے گھوڑے Hammer پر لگا دیا جاتا تھا۔ لبلبی Trigger دبانے سے گھوڑا گرتا تھا اور فلیتے میں آگ سے اوٹا چاشنی والی بارود اور پھر بندوق کے اندر کوٹھی کی بارود بھڑک جاتی تھی۔ اس بندوق کے بھرنے اور فیر کرنے تک ۲۰ مختلف عمل کرنے پڑتے تھے۔ جہانگیر کے عہد میں چقماقی بندوق Flint-Lock کی ایجاد سے فلیتے کی مشکل دور ہوئی۔ اس بندوق کے گھوڑے میں چقماق لگا ہوتا تھا۔ لبلبی کے دبانے پر گھوڑا گرتا اور چنگاری سے چاشنی کی بارود سلگ جاتی تھی۔ یہ ہتھیار مسکیٹ "Musket" کے نام سے موسوم ہوا اور تقریباً دو سو برس تک یورپ اور ایشیا کے کچھ ملکوں میں استعمال ہوتا رہا۔ اگرچہ میچ لاک بندوق سے فلنٹ لاک بندوق بہتر تھی تاہم اس میں بھی چند ایسے عیوب تھے جن کی وجہ سے شکار میں اس کا استعمال قباحت سے خالی نہ تھا چقماق سے چنگاری نکلنے اور بندوق سر ہونے کے درمیان تقریباً ایک سیکنڈ کا وقفہ گزرتا تھا۔ اس کے علاوہ مرطوب آب و ہوا اور بارش کے اثر سے چقماق بیکار ہو جاتا تھا۔ علاوہ ازیں صحیح نشانہ لگانے کے لئے پچھلی مکھی یا Back-sight مروج نہیں تھی۔ اس قسم کی بندوقوں میں شکاری کے اعتماد، بینائی اور فاصلے کے صحیح اندازے کو بڑا دخل ہوتا تھا یہ بندوقیں ۵۰ سے ۶۰ قدم تک کاری ضرب لگا سکتی تھیں ورنہ شکاری کو مایوس ہونا پڑتا تھا۔

ان باریکیوں اور خطرات کا خیال رکھنا ایک کامیاب شکاری کے لئے ضروری ہوتا تھا۔ جہانگیر نے یہ چیزیں اچھی طرح ذہن نشین کر لی تھیں۔ وہ رومی ساخت کی بندوق پر پوری طرح اعتماد کرتا تھا اور درندوں کو اسی بندوق سے نقد اجل بناتا اور تیر کماں، نیزے، شکاری جانور اور

لہ شکاری رائفل۔ محمد صادق صفوی۔ ص ۴ تا ۵ (دہلی ۱۹۵۶ء)

پرندے، مچھلیاں پکڑنے کے جال اور دیگر سامان سے اپنے شوق پورا کرتا تھا۔

جہانگیر نے ۱۵ سال کی عمر تک شراب نہیں پی تھی۔ شکار کی تھکان نے اسے اس طرف رجوع کیا۔ اس امر کا اعتراف جہانگیر نے تزک میں اس طرح کیا ہے ؎

"۱۵ سال کی عمر تک یعنی ۹۹۲ھ مطابق ۱۵۸۴ء تک میں نے شراب نہیں پی تھی چنانچہ ایک دن شکار کھیلنے گیا تھا۔ واپس آیا تو بہت تھکا ہوا تھا۔ اُستاد شاہ قلی نے جو میرے چچا مرزا محمد حکیم کا قریبی تھا مجھ سے کہا کہ اگر ایک پیالہ نوش جان فرمالیں تو ساری تھکاوٹ دور ہو جائے گی۔ چونکہ جوانی کے دن تھے طبیعت جولانی پر تھی میں نے محمود آبدار کو حکیم علی کے پاس بھیجا کہ شربت کیف ناک لے آئے۔ حکیم مذکور نے زرد رنگ کی شیریں شراب آدھے پیالے کے برابر ایک چھوٹے سے جام میں بھیجی۔ میں نے جب اس کو پیا تو اس کا ذائقہ مجھے بہت پسند آیا اس کے بعد رفتہ رفتہ میں نے شراب پینا شروع کر دیا۔"

(تزک جہانگیری ص ۱۹۵)



جہانگیر بشکریہ ایم جی۔ ایم ریسرچ سنٹر بمبئی

تخت نشینی کے بعد جہانگیر نے بارہ احکام جاری کئے تھے جس میں جمعرات اور اتوار کو ذبیحہ ممنوع قرار دیا گیا تھا۔ جمعرات کو ذبیح اس لئے ممنوع تھا کہ یہ جہانگیر کی تخت نشینی کا دن تھا۔ اتوار کو اس لئے کہ وہ اکبر کی پیدائش کا دن تھا۔

جہانگیر ان دنوں شکار سے پرہیز کرتا تھا لیکن رعایا کی فلاح و بہبود کی خاطر آدم خور شیروں اور دیگر موذی جانوروں کو ہلاک کرتا تھا

جہانگیر جنگ اور شکار کے علاوہ خونریزی کو گوارا نہیں کرتا تھا۔

اس نے جب اس کے بڑے لڑکے شہزادہ خسرو نے ۱۰۱۵ھ مطابق ۱۶۰۶ء میں علم بغاوت بلند کیا تو جہانگیر نے امراء کو حسب ذیل تاکید کی ؎

"مباش در پئے بے جاں نمودن جاندار
مگر بعرصۂ پیکار یا بہ وقتِ شکار"

تزک جہانگیری ص ۴۷

جہانگیر مادہ جانوروں کے شکار سے جہاں تک بن پڑتا کتراتا تھا اور بلاوجہ کبھی کسی جانور کی جان نہیں لیتا تھا۔

جہانگیر کی شکار سے دلچسپی اس حد تک بڑھی ہوئی تھی کہ وہ لگاتار تین چار مہینوں تک شکار میں مشغول رہتا تھا۔ ان ایام میں وہ حکومت کے فرائض بھی انجام دیتا رہتا اور شکار کے بہانے صوبے داروں دیگر کارکنوں اور رعایا کی زندگی کا مشاہدہ بھی کر لیتا تھا۔ شکار کا گوشت نہ صرف امراء میں تقسیم کرواتا بلکہ شاہی مطبخ میں تیار کروا کر غربا میں تقسیم کرواتا۔

تزک میں جہانگیر نے اپنی پسندیدہ تیرہ شکار گاہوں کا ذکر کیا ہے اس کی محبوب ترین شکار گاہ "جہانگیر پورہ" (لاہور) تھی۔ یہاں اس نے اپنے لڑکا ہرن "سنہراج" کی قبر تعمیر کروائی تھی اور بطور یادگار ایک مینار بھی بنوایا تھا۔ باقی ماندہ شکار گاہوں کی تفصیل اس طرح ہے۔

(۱) کوہ فرق (کابل) (۲) کوہ پنجاک (دوآبہ)
(۳) اردنہ (جلال آباد) (۴) باغ دھرہ (آگرہ)
(۵) سمونگر یا ایمن آباد (۶) بھکر (اجمیر شریف)
(۷) چشمہ نور (اجمیر شریف) (۸) رامسر (نور جہاں کی جاگیر)
(۹) پالم (دہلی) (۱۰) کرچھاک (دریائے جہلم کے کنارے)
(۱۱) آمساں آباد (فتح پور) (۱۲) مختلف دریا اور جھیلیں

یوں تو میر شکار کا عہدہ پری بیگ کے سپرد تھا لیکن جہانگیر کا خاص الخاص منتظم شکار عبداللطیف قوش بیگی تھا۔ قوش بیگ "قوشچیوں" (شکاری ملازموں) کا نگراں ہوتا تھا۔ دوسرا عہدہ "قراول" کا تھا۔ قراول شکار میں بادشاہ کے ہمرکاب ہوتے تھے۔ اور ہانکے والوں اور گھیرے داروں کو ہدایات دیتے رہتے تھے۔ جہانگیر کا سب سے معتبر قراول "قیام خاں" تھا۔ اس کے انتقال کے بعد مرزا بیگ اس عہدے پر فائز رہے اور پھر امام وردی نے اس جگہ کو سنبھالا۔

قوش بیگ کے سپرد بہت سی ذمہ داریاں ہوا کرتی تھیں۔ اسے صوبے داروں اور تعلقہ داروں کو بادشاہ کی آمد سے باخبر کرنا ہوتا۔ بادشاہ کے خیمے وغیرہ نصب کرانے ہوتے اور شکاری جانوروں کی دیکھ بھال کرنی پڑتی تھی نیز سواری کے جانوروں اور شاہی ملازمین کی دیگر ضروریات پر نظر رکھنی پڑتی تھی۔

کبھی کبھی شکار میں شاہی حرم کی بیگمات، شہزادے، امراء اور شاہی مہمان بھی ساتھ ہوتے تھے ان حالات میں قوش بیگ اور قراول بیگ کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی تھیں۔ بادشاہ کی اجازت پر شاہی مہمان نشانے بازی کے کمالات دکھاتے تھے جب کبھی ایسا اتفاق ہوتا قوش بیگ اور قراول بیگ خصوصاً اس بات کا خیال رکھتے تھے کہ کہیں زخمی درندہ شاہی مہمانوں پر حملہ نہ کر دے اور اگر کبھی ایسا واقعہ پیش آتا تو یہ لوگ اپنی جان پر کھیل جاتے تھے۔ بادشاہ ان لوگوں کی ہمت اور جوانمردی کے صلے میں انھیں بڑے بڑے انعام و اکرام، خلعت اور منصبوں سے نوازتا تھا۔ جہانگیر اپنے مہمانوں کی نشانہ بازی سے خوش ہو کر انھیں شکاری جانور یا نقد وغیرہ تحفتاً دیتا تھا۔

نور جہاں سے شادی کرنے اور اس کی بے پناہ صلاحیتوں سے آگاہ ہونے کے بعد جہانگیر نے بڑی حد تک امور مملکت سے کنارہ کشی اختیار کر لی تھی اور بسا اوقات سیر و شکار میں مصروف رہتا تھا اس لئے نور جہاں کو جہانگیر کے ساتھ شکار کے مواقع بہت کم فراہم ہوتے تھے حالانکہ وہ بھی ماہر شکاری تھی۔ البتہ دو ایک مرتبہ نور جہاں اور حرم شکار میں جہانگیر کے ہمسفر رہے اور اپنی صحیح نشانہ بازی کے عوض شاہی عنایات سے نوازے گئے۔ امرائے خاص میں سے چند لوگ اکثر جہانگیر کے ساتھ شکار میں حاضر رہے۔ تزک میں مندرجہ ذیل امراء کا ذکر شامل ہے۔



نور جہاں بیگم بہ ایم۔ جی۔ ایم ریسرچ سنٹر بمبئی

(۱) آصف خاں ۲۔ مرزا رستم ۳۔ میر مراں ۴۔ آنی رائے ۵۔ ہدایت اللہ ۶۔ راجہ سارنگ دیو ۷۔ سید کاسو ۸۔ خواص خاں اور راجہ کنور کرن سنگھ (شاہی مہمان)

جہانگیر بادو باراں، آندھی و طوفاں، اور رات کی تاریکی میں بھی بندوق سے صحیح نشانہ لگا لیتا تھا۔ اُسے بندوق پر انتہائی اعتماد تھا جس زمانے میں جہانگیر قلعہ مانڈو کے سامنے والے تالاب کے کنارے خیمہ زن تھا تو قراولوں نے ایک شیر گھیر کر بادشاہ کو اطلاع دی۔ جہانگیر وہاں پہنچا تو اس نے شیر کو درخت کے سائے میں منہ کھولے ہوئے بیٹھا پایا۔ جہانگیر نے شیر کے حلق کا نشانہ بنا کر گولی چلا دی۔ گولی حلق سے نکل کر مغز سے نکل گئی۔ لوگوں نے جب شیر کے جسم پر گولی کا نشان نہ دیکھا تو حیرت زدہ ہوئے۔ جہانگیر نے کہا کہ اس کا منہ کھول کر دیکھا جائے۔ لوگوں نے دیکھا تو اُن کی حیرت کی انتہا نہ رہی کیونکہ گولی ٹھیک شیر کے حلق کے اندرونی حصے میں لگی تھی۔ (تزک جہانگیری ص ۲۳۱)

ایک مرتبہ جہانگیر راجہ امر سنگھ کے لڑکے کنور کرن سنگھ کو بندوق کی نشانہ بازی میں اپنی مہارت دکھانے کی غرض سے شکار کو لے گیا۔ اتفاق سے قراولوں نے ایک شیرنی کو گھیرے میں لے رکھا تھا۔ حالانکہ جہانگیر مادہ جانوروں کے شکار سے کتراتا تھا لیکن عین وقت کسی شیر کا ملنا محال تھا اس لئے اس نے اپنے اصول کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ناچار تیز و تند ہواؤں کے باوجود شیرنی کی آنکھ کا نشانہ باندھ کر گولی چلا دی۔ گولی صحیح نشانے پر لگی اور شیرنی وہیں ڈھیر ہو گئی۔ کنور کرن سنگھ بادشاہ کی نشانے بازی سے اتنا خوش ہوا کہ اس نے بادشاہ سے ایک بندوق کی خواہش کی۔ جہانگیر نے اُسے ایک رومی ساخت کی بندوق عنایت کی۔

(تزک جہانگیری ص ۱۸۰)

رات کے وقت بغیر روشنی وغیرہ کے بندوق کا صحیح نشانہ لگانا نہایت مشکل کام ہے۔ لیکن جہانگیر کے لئے یہ کوئی بڑی بات نہ تھی۔ ایک رات جب کہ جہانگیر غسل خانے میں تھا، اس وقت بعض امرا اور شاہ ایران کا ایلچی محمد رضا بھی وہاں موجود تھے۔ حسن اتفاق سے ایک اُلو اُڑتا ہوا محل کی دیوار پر آ بیٹھا۔ وہ اتنی اونچائی پر تھا کہ کسی کو نظر نہ آتا تھا۔ جہانگیر نے بندوق طلب کی اور جس رُخ پر اُلو کی نشست کا اُسے یقین تھا، گولی چلا دی۔ اُلو کے پرخچے اُڑ گئے۔ اس کمال کی نشانے بازی پر سب نے تحسین

وآفریں کے نعرے لگائے (تزک جہانگیری ص ۲۱۴)

۱۶۱۰ء کا واقعہ ہے کہ جہانگیر شاہی بیگمات کے ساتھ شکار میں مصروف تھا۔ قراولوں نے چار شیر گھیر رکھے تھے اس موقع پر نورجہاں بیگم نے جہانگیر سے ان شیروں کے شکار کی اجازت مانگی اور یکے بعد دیگرے چھ گولیاں چلا کر ان شیروں کو مار گرایا۔ نورجہاں کا ایسا کارنامہ تو جہانگیر نے کبھی نہ دیکھا تھا کیونکہ نورجہاں نے گولیاں ہاتھی کی عماری میں بیٹھ کر چلائی تھیں اور اس کا کوئی نشانہ خطا نہ ہوا تھا۔ نورجہاں کے اس عظیم کارنامے پر اس نے ایک ہزار اشرفیاں نچھاور کیں اور نورجہاں کو ایک لاکھ روپے کی ہیروں کی پہنچی عنایت کی۔ اس واقعہ پر ایک شاعر نے فی البدیہہ کہا ؎

نورجہاں گرچہ بصورت زن است
در صفِ مرداں زنِ شیر افگن است"

(تزک جہانگیری ص ۲۴۰)

آدم خور شیروں اور دیگر موذی جانوروں کو جہانگیر بندوق سے ہلاک کرتا تھا۔ دیگر جانوروں کے لئے بھی موقع بموقع بندوق استعمال کرتا لیکن کبھی کبھی انھیں جال وغیرہ میں زندہ بھی پکڑواتا تھا۔ خطرناک درندوں، پہاڑی بکروں اور ہرنوں کے ہانکے کرواتا اور انہیں گھیر کر تیر و کمان کے نشانے کی آزمائش بھی کرتا۔ جنگلی ہاتھیوں کے شکار کی نوعیت ہی دوسری ہوتی تھی۔ ہاتھیوں کے راہ فرار کی جگہیں مسدود کر دی جاتی تھیں اور پھر سدھائے ہوئے ہاتھیوں کے ذریعہ بہ ہزار دقت انہیں پکڑا جاتا تھا۔ جنگلی سوروں کا گھوڑوں سے تعاقب کر کے نیزوں سے شکار کیا جاتا تھا۔

پرندوں میں تیتر، بٹیر، جنگلی کبوتر اور دُرنا کا شاہین، باز اور جرہ باز کے ذریعے شکار کیا کرتا تھا۔ ترک شکار کے بعد بھی جہانگیر نے اپنے والد اکبر کی طرح سدھائے ہوئے چیتوں کی مدد سے مختلف جانوروں کا شکار کھیلا۔ کبھی کبھی شکار میں شکاری کتوں کی مدد بھی لی جاتی تھی۔

شکار سے جہانگیر کا مطلب محض اپنے شوق کی تشنگی کو دور کرنا نہیں تھا۔ وہ جنگلی جانوروں سے متعلق روایتی قصّے اور کہانیوں کی چھان بین کرتا رہتا تھا اور اپنی تحقیق و تجربوں سے غلط باتوں کی تردید کرتا تھا۔ اس نے ایک چڑیا گھر بھی قائم کر رکھا تھا۔ وہ فرصت کے اوقات میں چڑیا گھر کے جانوروں اور پرندوں پر طرح طرح کے تجربے بھی کرتا تھا۔ ان باتوں سے جہانگیر کی تخلیقی اور تحقیقی صلاحیتوں کی نشاندہی ہوتی ہے۔ ذیل میں جہانگیر کے تحقیقی کاموں اور تجربوں پر اجمالی نظر ڈالی گئی ہے۔

۱۔ جہانگیر نے سُن رکھا تھا کہ پہاڑی مینڈھوں کے سینگوں کے اندر ایک کیڑا ہوتا ہے۔ یہ اُن کے سینگوں میں خارش پیدا کرتا ہے جسے وہ دوسرے مینڈھوں سے لڑ کر رفع کرتا ہے۔ اگر مینڈھا نہ ملے تو وہ درختوں اور چٹانوں سے ٹکریں مارتا ہے۔ جہانگیر نے اس بات کی تحقیق کی تو اُسے معلوم ہوا کہ ایسا کیڑا بھیڑ کے سینگوں میں بھی ہوتا ہے لیکن وہ بالکل نہیں لڑتی۔ اس سے ثابت ہوا کہ یہ روایت بالکل غلط ہے (ت۔ ج۔ ص ۹۱)

۲۔ جہانگیر پورہ (لاہور) کی شکارگاہ میں جہانگیر نے گلہری کی شکل کا جانور دیکھا۔ اس کے متعلق تحقیق کی تو اسے پتہ چلا کہ یہ جانور جس کسی کے گھر میں ہوتا ہے وہاں چوہے نہیں ہوتے اسی لئے اس جانور کو چوہوں کا بادشاہ کہتے ہیں (ت۔ ج۔ ص ۱۰۱)

۳۔ ایک مرتبہ جہانگیر کی خدمت میں ایک ہرنی پیش کی گئی۔ یہ ہرنی چار سیر دودھ دیتی تھی۔ جہانگیر کہتا ہے کہ ہرن اور گائے بھینس کے دودھ میں کوئی فرق نہیں ہے اور یہ دودھ دمے کے مریض کے لئے نہایت مفید ہوتا ہے (ت۔ ج ص ۱۱۹)

۴۔ شہنشاہ اکبر نے ایک ہزار چیتے جمع کئے تھے اور ان کو باغ میں آزاد رکھا تھا مگر انہوں نے کبھی جفتی نہیں کی۔ البتہ جہانگیر کے عہد میں ایک نر چیتے نے مادہ سے جفتی کی اور کچھ عرصہ بعد اس سے تین بچے پیدا ہوئے۔ اسی طرح جہانگیر نے شیر کے متعلق سُن رکھا تھا کہ وہ اسیری میں مادہ کے قریب نہیں جاتا لیکن جہانگیر کے چڑیا گھر میں ایک شیرنی کے تین بچے ہوئے تھے۔ جہانگیر نے اطبا سے سُن رکھا تھا کہ شیرنی کا دودھ آنکھوں کی بینائی کے لئے ازحد مفید ہوتا ہے۔ اس نے شیرنی کا دودھ حاصل کرنے کی بہت کوشش کی لیکن کامیاب

نہ ہوسکا (ت۔ج۔ص ۱۴۷)

۵۔ ساری دنیا شیر ببر کی بہادری کی قائل ہے لیکن آج تک کسی نے اس کی وجہ بتانے کی کوشش نہیں کی۔ جہانگیر نے تحقیق کے طور پر اپنے شکار کردہ ببر شیر کا پیٹ چاک کروایا اور اس راز سربستہ کی پردہ کشائی کی۔ دراصل ببر شیر کا پتہ اس کے جگر کے باہر ہونے کے بجائے اندر واقع ہوتا ہے اور یہی شیر ببر کی بہادری کی وجہ ہے

(ت۔ج۔ص ۲۲۴)

۶۔ عام طور سے یہ مشہور ہے کہ سفید ہرن جسے ہم دودھاریہ کہتے ہیں بغیر پتے کے ہوتا ہے۔ موضع قاسم گڑھ میں جہانگیر نے ایک سفید ہرن مارا اور اس کا پیٹ چاک کروایا تو پتہ موجود تھا۔ (ت۔ج۔ص ۲۴۴)

۷۔ بھیڑیا اپنی چالاکی اور مکاری کے لئے مشہور ہے۔ وقت آنے پر بہادری کے جوہر بھی دکھاتا ہے جہانگیر کے ایک امیر نے جب ایک بھیڑیا شکار کیا تو جہانگیر نے اس کا پیٹ چاک کروا کر دیکھا۔ تحقیق کرنے پر معلوم ہوا کہ اس کا پتہ بھی شیر کی طرح جگر کے اندر ہوتا ہے اور یہی اس کی پھرتی اور چالاکی کا راز ہے۔

۸۔ جہانگیر کو مچھلی سے بہت رغبت تھی، وہ صرف چھلکے والی مچھلیاں پسند کرتا تھا۔ ہر مچھلی اُسے مرغوب تھی۔ ایک مرتبہ جب وہ مچھلی کا شکار کر رہا تھا تو جال میں "سنگ ماہی" نامی مچھلی آئی جس کا وزن ساڑھے چھ سیر تھا۔ اس مچھلی کا پیٹ کافی بڑھا ہوا تھا اُسے بادشاہ کے حکم سے چاک کیا گیا تو پیٹ کے اندر سے تقریباً دو سیر کی مچھلی برآمد ہوئی۔ جس سے ثابت ہوا کہ چھ سیر کی مچھلی دو سیر کی مچھلی کو بہ آسانی نگل سکتی ہے۔ (ت۔ج۔ص ۲۸۴)

۹۔ جہانگیر نے شہنشاہ اکبر سے سنا تھا کہ جس ہرن کو چیتا پکڑتا ہے اگر اس ہرن کے جسم پر چیتے کے دانت اور پنجوں کے زخم نہ بھی لگے ہوں تب بھی وہ زندہ نہیں رہتا۔ جہانگیر نے اس بات کا تجربہ کیا جو بالکل صحیح ثابت ہوئی۔ (ت۔ج۔ص۔ ۳۷۰)

۱۰۔ تجربے کے طور پر جہانگیر نے پہاڑی بکرے اور بربری بکری سے نسل پیدا کرنے کا حکم دیا اور آہوئے ختن کا گوشت پکوا کر کھایا لیکن وہ بدمزہ معلوم ہوا۔ (ت۔ج۔ص۔ ۳۸۶)

شکار کے دوران جہانگیر کو مندرجہ ذیل عجیب و غریب واقعات سے دوچار ہونا پڑا۔ یہ واقعات بعید از قیاس معلوم ہوتے ہیں لیکن اُن کی صداقت پر اعتراض بھی نہیں کیا جا سکتا۔

۱۔ سب سے پہلا عجیب و غریب واقعہ جہانگیر کو لاہور کے قریب پیش آیا۔ چنڈالہ کے جنگل میں جہانگیر نے ایک کالے ہرن کے شکم پر گولی ماری تو زخمی ہو کر اس نے ایسی آواز نکالی جیسے ہرن مستی کی حالت میں نکالتے ہیں جس نے اس واقعہ کو سنا حیران رہ گیا۔ حتیٰ کہ پرانے شکاریوں نے بتایا کہ انہوں نے اپنے آباؤ اجداد سے کبھی ہرن کو ایسی آواز نکالتے ہوئے نہیں سنا۔

(ت۔ج۔ص ۹۱)

۲۔ جہانگیر اپنے عدل و انصاف کی وجہ سے زیادہ مشہور ہے۔ اُس نے نہ صرف خلق خدا کے ساتھ عدل و انصاف کے لئے بلکہ پرندوں کی داد طلبی پر ان کے ساتھ بھی انصاف سے کام کیا۔ اپنی چہیتی بیگم نور جہاں کی جاگیر رامسر سے کچھ دور آگے دیوگاؤں کے مقام پر تالاب کے کنارے پڑاؤ ڈالتے ہوئے چند خواجہ سراؤں نے سارس کے دو بچے پکڑ لئے۔ جہانگیر کے غسل خانے کا رخ اسی تالاب کی طرف تھا ایک سارس کا جوڑا غسل خانے کے قریب آکر مظلوموں کی طرح فریاد بھری آوازیں نکالنے لگا۔ جہانگیر کو یہ سن کر محسوس ہوا کہ ضرور ان پر ظلم ڈھایا گیا ہے اور غالباً ان کے بچے پکڑ لے گئے ہیں۔ تحقیق کرنے پر جہانگیر کا خیال درست نکلا۔ سارس کے دونوں بچے بادشاہ کے سامنے پیش کئے گئے۔ سارس کے جوڑے نے جب اپنے بچوں کی آوازیں سنیں تو بے تاب ہو کر اُن کے پاس آگئے اور یہ خیال کر کے کہ وہ شاید بھوکے ہوں، اپنی چونچ سے اُن کو دانہ چگانے لگے۔ پھر وہ انھیں اپنے پروں کے اندر خوشی خوشی لے کر اُڑ گئے۔ (ت۔ج۔ص ۲۱۸)

۳۔ قصبہ دودھ (گجرات) کے قیام کے دوران پہلوان بہاء الدین برق انداز نے ایک لنگور کا بچہ اور ایک بکری بادشاہ کی خدمت میں پیش کی۔ لنگور کا بچہ اپنی ماں کے ساتھ درخت پر بیٹھا تھا کہ ایک ماتحت توپچی نے اس مادہ پر بندوق چلا دی، مادہ لنگور نے گولی کھا کر

اس بچے کو درخت پر رکھا اور خود نیچے گر کر مر گئی۔ اس اثنا میں پہلوان بہاء الدین بھی وہاں پہنچ گیا۔ وہ اس بچے کو وہاں سے اتار کر دودھ پلانے کے لیے ایک بکری کے پاس لے گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس بکری کے دل میں رحم ڈالا اور اس نے اس بچے کو چاٹنا شروع کیا اور دودھ بھی پلایا۔ جہانگیر نے یہ ماجرا سن کر حکم دیا کہ اس بچے کو بکری سے جدا کر کے دیکھا جائے۔ جونہی اس بچے کو جدا کیا بکری نے بیقراری کی حالت میں طرح طرح کی آوازیں نکالنا شروع کر دیں اور لنگور کا بچہ بھی بہت بے چین اور بے قرار ہوا (ت ج۔ ص ۲۸۹)

۴۔ جہانگیر نے سارس کی باہمی محبت سے متعلق کئی کہانیاں سن رکھی تھیں لیکن ان داستانوں کے راوی غیر معتبر تھے۔ قیام خاں جہانگیر کا نہایت معتبر قراول تھا چنانچہ اس کے حوالے سے جہانگیر لکھتا ہے کہ ایک مرتبہ قیام خاں نے شکار کے دوران ایک سارس کو دیکھا قریب جانے پر وہ سارس دور ہٹ گیا۔ وہ نہایت نحیف و نزار نظر آ رہا تھا جس جگہ وہ بیٹھا ہوا تھا وہاں چند ہڈیاں اور پر پڑے ہوئے تھے۔ قیام خاں نے سارس کو دام میں اسیر کر لیا۔ سارس کے سینے کا تمام گوشت سڑ گل گیا تھا اور کیڑے پڑ گئے تھے حالات سے اندازہ ہوا کہ اس کا جوڑا مر گیا تھا اور اس کے مفارقت میں سارس کا یہ حال تھا (ت ج ص ۳۰۰)

۵۔ ایک مرتبہ امام وردی قراول باشی نے جہانگیر سے ایک تیتر کے متعلق پوچھا کہ آیا وہ نر ہے کہ مادہ جہانگیر نے بلا تامل کہا کہ وہ مادہ ہے۔ جب اس کا پیٹ چاک کیا گیا تو اس میں سے بیضہ نکلا۔ اس پر حاضرین کو تعجب ہوا انہوں نے توضیح چاہی تو جہانگیر نے بتایا کہ مادہ تیتر کی چونچ کی نوک نر کی نسبت چھوٹی ہوتی ہے۔

(ت ج ص ۴۴۲)

جہانگیر کو شکار کے گوشت سے خاص رغبت تھی۔ وہ شکار شدہ جانور اور پرندے اپنے سامنے صاف کرواتا اور شاہی مطبخ میں بھیجتا تھا۔ ذائقہ معلوم کرنے کے لئے اس نے آہوئے ختن اور گورخر کا گوشت بھی چکھا تھا۔

پرندوں میں جہانگیر کو بالتو اور جنگلی مرغابیاں پسند تھیں۔ مرغابیوں کو مکروہ کیڑے کھاتا دیکھ کر اس نے ان کا اور عقاب کا گوشت کھانا ترک کر دیا تھا۔ دیگر پرندوں میں جہانگیر کو پنجاب کا ایک پرندہ "جان بہن"، قرقاول (جنگلی مرغ) اور تذرو (جنگلی مرغ کی قسم) زیادہ مرغوب تھے۔

۱۰۱۹ھ کا ذکر ہے جہانگیر چیتے کے شکار میں مشغول تھا اچانک سے ایک خوفناک شیر کی اطلاع دی گئی جو بیہ شیر گائے کھانے میں مصروف تھا کہ لوگوں نے گھیرا ڈال دیا اتفاق سے اس شکار میں جہانگیر کے ہمراہ شہزادہ خرم اور رام داس بھی تھے جہانگیر نے جونہی گولی چلائی شیر نے گھبرا کر میر شکار پر حملہ کر دیا اور اسے بری طرح زخمی کر کے جہانگیر کی طرف بڑھا۔ جہانگیر کی دوسری گولی بھی خطا ہو گئی۔ یہ دیکھ کر جہانگیر کا ایک خدمت گار انوپ رائے شیر سے مقابلے کے لئے کود پڑا۔ شیر نے انوپ رائے کو زخمی کر دیا اور دوسری طرف رُخ کیا ہی تھا کہ انوپ رائے نے شیر کی پشت اور ناک سے ذرا اونچے حصے پر تلوار کے ایسے وار کئے کہ وہ اندھا ہو گیا۔ موقعہ پاتے ہی دوسرے لوگوں نے شیر کا کام تمام کر دیا۔ انوپ رائے ٹھیک ہو کر جب جہانگیر کی خدمت میں حاضر ہوا تو اسے بہادری کے صلے میں ایرائے سنگھ دلن (ہندی میں اس کے معنی "شیر مارنے والا فوجی سردار" ہیں) کے خطاب سے نوازا گیا اور اس کے منصب میں اضافہ کیا گیا۔

۱۱ ربیع الاول ۱۰۱۸ھ کو جہانگیر نے واقعہ نویسوں، منشیوں وغیرہ کو حکم دیا کہ شکار شدہ جانوروں کی الگ الگ فہرست بنا کر پیش کی جائے۔ انہوں نے اطلاع دی کہ بادشاہ سلامت نے ۱۲ سال کی عمر یعنی ۹۸۸ ہجری سے لے کر ۱۰۲۵ھ تک (۴۸ سال کی مدت میں) ۲۸،۵۳۰ جانور شکار کئے ہیں۔ ان میں ۱۷،۱۶۷ جانور خود جہانگیر نے شکار کئے۔ ان کے علاوہ پرندوں کی تعداد ۱۳،۹۶۴ تھی۔ جہانگیر آخر دم تک یعنی ۱۰۳۷ھ تک مصروف شکار رہا اور تقریباً پچاس ہزار (۵۰،۰۰۰) جانور و پرندے شکار کئے۔ صرف ۱۰۲۵ھ اور ۱۰۳۶ھ میں وہ شکار نہ کر سکا۔

الہ آباد کے دوران قیام، الگ بھگ ۳۳ برس کی عمر میں، جہانگیر نے منت مانی تھی کہ وہ پچاسویں سالگرہ کے بعد تیر یا بندوق سے حیوانات کا شکار ترک کر دے گا۔ پچاسواں سال لگنے پر ایک دن دھوئیں اور آتشبازی

کی وجہ سے جہانگیر کا دم گھٹنے لگا اور اُسے کوفت محسوس ہوئی۔ اس موقع پر غیبی الہام کی طرح خدا سے کیا ہوا عہد اُسے دوبارہ یاد آگیا۔ جہانگیر نے عہد کو پورا کرنے کا مصمم ارادہ کیا اور طے کیا کہ جب اس کی عمر کے پچاسویں سال کا اختتام ہوگا تو وہ اپنے والد بزرگوار کے مرقد پر جاکر اُن کی رُوح سے درخواست کرے گا کہ وہ خدا سے دعا کریں تاکہ خدائے تعالیٰ اسے ترکِ شکار کی ہمت عطا کرے۔ جس وقت جہانگیر نے اس سنت کو پورا کرنے کا ارادہ کیا اس کی بے چینی اور تنگیٔ نفس کا عارضہ دُور ہوگیا۔ اس ارادے کے باوجود جہانگیر اپنے مشغلے سے باز نہ آیا۔ کچھ عرصہ بعد شاہ جہاں کے بیٹے شاہ شجاع کو ام الصبیا (خسرہ کی بیماری) کا دورہ پڑا۔ اطبار اور حکماء پریشان ہوگئے۔ جہانگیر کو دوبارہ خدا سے کیا ہوا عہد یاد آیا۔ اس نے سوچا کہ اگر اس موقع پر صدق دلی سے شہزادے کی سلامتی کی نیت کرکے شکار ترک کردے تو بارگاہِ ایزدی میں شہزادے کی زندگی ان جانداروں کی نجات کا وسیلہ بن جائے گی۔ خدا کے فضل و کرم سے اس عہد کے ساتھ ساتھ شہزادہ شجاع شفایاب ہوگیا۔

معتمد خاں نے لکھا ہے کہ ۱۰۳۷ھ میں جہانگیر فردوس بریں کشمیر کی سیر سے لاہور ہوتا ہوا بیرم کلہ کے مقام پر پہنچا اور شکار کی طرف متوجہ ہوا دورانِ شکار میں ایک ہرن پہاڑ سے گر کر مرگیا۔ اس کربناک منظر سے جہانگیر کی طبیعت مکدر ہوگئی۔ گویا ملک الموت اس صورت میں آیا تھا۔ اُسی وقت سے اس کی طبیعت میں بیقراری شروع ہوگئی راستے میں شراب کا پیالہ منہ سے لگایا مگر طبیعت مائل نہ کرنے لگی اور اتوار ۲۸ صفر ۱۰۳۷ھ کو بوقت صبح جہانگیر کی رُوح قفسِ عنصری سے پرواز کرگئی۔

شکار کے ساتھ جہانگیر کی ساٹھ سالہ زندگی کے کئی اہم واقعات وابستہ ہیں۔ شکار کی تھکان نے اُسے رندِ بلانوش بنایا۔ شہزادہ خسرو نے شکار کے دوران اُسے قتل کرنے کا منصوبہ بنایا لیکن ناکام رہا۔ بالآخر جہانگیر کی زندگی شکار کے دوران اختتام کو پہنچی۔

بقیہ: غبارِ کارواں

کے اشتراکی قائدین کے پہلے دَور کی انقلابی کوششیں۔ میری فضائے شخصیت پر چھائی رہیں۔

میری مسلسل علالت عین شباب میں سِل کی بیماری اور مختلف عوارض کا ہجوم مجھے مار تو نہ سکا لیکن اس نے مجھ کو نازک مزاج اور کبھی کبھی سخت چڑچڑا بھی بنا دیا۔ تمنائے صحت میں اَرول (رگبا) میں سون کے کنارے قیام کو بھی میں ایک انقلاب ہی سمجھتا ہوں۔ وہاں کی فضاؤں نے میرے مزاج میں رومانیت کو راسخ کردیا۔

میں اپنے والدین کی سب سے بڑی اولاد ہوں۔ اس واقعہ نے مجھے خود پسند اور نازک مزاج اور ضدی بنا دیا ہے۔ اور عموماً اپنی منواتا رہا ہوں۔ مجھے عجلت نے بھی نقصان پہنچایا ہے۔

مطالعہ ایک اہم شخصیت آفریں عنصر ہے اس کی تفصیل میں جانا مشکل ہے۔ مختصراً میں عرض کروں گا کہ مطالعہ میرا محبوب مشغلہ ہے اور مذہبی کتابیں مجھے خاص طور سے مرغوب ہیں۔ روشنیاں اُدھر سے آئی ہیں اور تاریکیاں میرے اپنے مادّی وجود کی ہیں۔ میں نے علامہ شبلی، علامہ اقبال شیکسپیئر۔ سعدی و حافظ، میر و شاد اور غالب و انیس کی فنکاری سے اپنے حریمِ شخصیت کو روشن کیا ہے۔ جوانی میں کیٹس شیلی، براؤننگ نیاز فتحپوری اور اختر شیرانی پر مرتا تھا۔ میں نوش تھا کہ کیٹس کی طرح مجھے بھی سِل ہوگئی ہے اور شاید اسی وجہ سے میں اپنی فنی براؤن کی تلاش میں رہا۔

اس کے آگے حرمِ تمنا شروع ہوتا ہے۔ اور میں اس کا قایل نہیں ہوں کہ اپنے حرمِ آرزو میں ہر کس و ناکس کو باریاب کروں۔



منظر سلیم

ملاقات کے چند لمحے

وہ عورت کئی سال کے بعد اس دن اچانک
مجھے ایک کیفے میں اک شخص کے ساتھ
بیٹھی نظر آئی — اور میں
بلا سوچے سمجھے کچھ اس طرح
اس میز کی سمت لپکا
کہ جیسے کئی سال سے اس ملاقات کو
اپنے سارے دکھوں کا مداوا سمجھ کر
اسے ڈھونڈھتا تھا۔
کہ جیسے ملاقات کا وقت اُس نے دیا تھا۔
مجھے اُس نے دیکھا
مگر دوسرے لمحہ نظریں جھکالیں
تو ایسا لگا جیسے اس کو
کئی سال کے بعد یوں اجنبی شہر میں
مجھ سے مل کر
مسرت ہوئی تھی نہ حیرت ہوئی تھی
بس اک بے حسی کا سا انداز
یہ پوچھتا تھا
کہ زندہ ہو اب تک ؟

مگر میری بے تاب نظروں نے
اس کے بدن کی پُراسرار خالی عمارت میں
اس کو پکارا
تو وہ کسمسائی
اور اپنی پلیٹ آگے کھسکا کے بولی
"لو اس میں سے کھاؤ"
مرے ساتھ کھاؤ"
مجھے یہ لگا جیسے
صدیوں سے بھوکا ہوں
اور اس غذا کے سوا
ساری دنیا میں کھانے کو کچھ بھی نہیں ہے
مگر بے حسی نے مرے ہاتھ پکڑ لے
مرے لب سئے
میری آنکھوں کو پھوڑا
مجھے بُت بنایا

تب اُس بُت سے عورت نے
کیں اپنے بچوں کی باتیں
بتایا پتہ اپنے گھر کا
اور آخر میں بولی
— سنو تم بھی میری طرح اب
اسی شہر میں آ کے ٹھہرو
یہاں اس قدر کام ہے
اتنا پیسہ ہے — اب کیا بتاؤں"!
یہی مشورہ بت کو
اس شخص نے بھی دیا جو
معمر سی عورت کا شوہر نہیں تھا
یونہی اس کے ساتھ آ گیا تھا

مگر بُت نہ بولا
کہ وہ پندرہ سال پہلے کی یادوں
میں کھویا ہوا تھا
یہی ہے وہ عورت جسے تم نے چاہا تھا
پوجا تھا برسوں
یہی ہے وہ عورت جو تم سے
بہن کی طرح پیار کرتی تھی
ماں کی طرح ڈانٹتی تھی
تمہارے محبت جتانے پر جی بھر کے ہنستی تھی
کہتی تھی پاگل ہوئے ہو
میں دس سال تم سے بڑی ہوں
یہی ہے وہ عورت جو اک روز خود
اپنے کپڑوں کی دیوار کو پھاند کر
تم سے ملنے کو آئی
تو پاگل ہوئے تم

بڑی دیر کے بعد اک شخص
اس میز پر آ کے بیٹھا
تو میں نے نگاہیں اٹھائیں
وہاں وہ نہیں تھی
وہ کرسی بھی خالی تھی جس پر

پچھتاوا



ذرا دیر پہلے وہ اک اجنبی شخص بیٹھا ہوا تھا
مرا میزباں جو مجھے لے کے
کیفے میں آیا تھا
کھانا کھلانے — اور اب تک
کسی دوسری میز پر سر کھپاتا رہا تھا
مرے پاس بیٹھا تھا
غصّے میں کیا جانے کیا کہہ رہا تھا
مگر میں نے اُس سے جو پوچھا
مری موت کو کے برس ہو چکے ہیں
تو وہ قہقہہ مار کر ہنس پڑا
اور بولا
"میں شاعر نہیں ہوں"

تب اُس بت نے سوچا
وہ عورت کہ جس کی بکھرتی ہوئی لاش لے کر
ابھی اس کا ساتھی یہاں سے گیا ہے
وہ خود مر چکی ہے
مگر مرتے مرتے
تمہیں اس نے اپنے بدن کے
پُراسرار زنداں سے
آزاد کرنے
تمہیں جسم دینے کا
صبر آزما درد ہنس ہنس کے جھیلا
اٹھو شاہراہوں پہ بڑھتے ہوئے شور سے
چل کے پوچھو
کہ میں دوسری بار پیدا ہوا ہوں
میرا گھر کہاں ہے
عزیز اور اقارب کہاں ہیں
کہاں جاؤں کس سے ملوں کیا کروں میں ؟

چاند کے جسم کا آدھا سایہ
دشت کے دل کا بگولہ کوئی
یا وہی تیز ہوا کا جھونکا
کوئی تو رات کی دیوار گرانے آتا
میں نے بھٹکی ہوئی آوازوں کو
خودکشی کرنے سے روکا بے کار
سبز اشجار پہ سورج کی برہنہ کرنیں
آج پھر ناچیں گی، گائیں گی
اُسی صورت سے
دن کی نفرت کا ہدف
صرف مرا سایہ نہیں
میری آواز بھی ہے
میں نے بھٹکی ہوئی آوازوں کو
خودکشی کرنے سے روکا بیکار

شہریار



پھول اور انگارے

ڈوگری کہانی

نریندر کھجوریہ

ٹیکسی میں بیٹھا سوچ رہا تھا کہ کس عمر میں امتحان دینے جا رہا ہوں۔ امتحان کی گھبراہٹ سے زیادہ شرم محسوس ہو رہی تھی۔ رہ رہ کر مجھے حلیہ پر غصہ آ رہا تھا۔ امتحان کے ہال کے سامنے ٹیکسی سے اُتر کر میں نے کئی اجنبی چہرے دیکھے۔ دوات ہاتھ میں تھام رکھی تھی، اُسے فوراً جیب میں رکھ لیا۔ ٹیری کوفت ہوئی۔ جلدی میں سگریٹ سُلگایا اور پھر یہ سوچ کر کہ کئی آنکھیں مجھے گھور رہی ہیں میں نے سگریٹ کو پاؤں تلے مسل دیا۔ اپنے اردگرد دیکھا پر کوئی جانی پہچانی صورت دکھائی نہ دی۔ دیوار پر سیٹ پلان لٹکا ہوا تھا۔ قریب جا کر اپنی سیٹ تلاش کرنے لگا۔ رومال کے لئے جیب میں ہاتھ ڈالا۔ کچھ نمی سی محسوس ہوئی۔ دوات کا ڈھکن اُدھ کھلا رہنے سے جیب رنگ گئی تھی۔ ساتھ کھڑا ایک لڑکا معصوم سی آواز میں بول پڑا ــ "صاحب امتحان کے دن کپڑوں پر سیاہی گرنا بڑا ہی شبھ شگون ہوتا ہے۔" میں بری طرح گھبرا گیا تھا۔ گھڑی دیکھی۔ ہال کھلنے میں ابھی پچاس منٹ باقی تھے میں کالج کے گول پارک میں ایک بنچ پر بیٹھ گیا:

پورے سولہ برس بعد میں نے کالج میں قدم رکھا تھا۔ سب کچھ بدل گیا ہے آج جہاں امتحان کا ہال ہے ٹھیک اسی جگہ پارک ہوا کرتا تھا۔ یہ بیلیں جن سے شعبۂ اُردو کے سامنے کی دیوار ڈھک گئی ہے کل ان دنوں ان کا نام و نشان بھی نہ تھا۔ کالج کے چاروں طرف یہ پختہ سڑک بھی نہ تھی۔ صرف ایک پختہ سڑک آمنی تک جاتی تھی۔ سب کچھ بدل گیا ہے۔ پڑھنے پڑھانے والوں کے ساتھ کالج کا نام بھی بدل گیا ہے۔

میں اُن دنوں سکنڈ ایئر میں تھا۔

ایک دن سائیکل اسٹینڈ کے پاس ایک فوجی موٹر سائیکل کھڑی تھی۔ ہم کچھ ہم جماعت ادھر سے گزر رہے تھے میں نے یونہی موٹر کی مشین کے پرزے سے چھیڑ چھاڑ شروع کر دی۔ فر فر کر کے وہ کانپنے لگی۔ سارے ہم جماعت نو دو گیارہ ہو گئے۔ میں نے اُسے سنبھالنے کی پوری کوشش کی لیکن وہ زمین پر گر گئی۔ میں ابھی یہ فیصلہ نہیں کر پایا تھا کہ مجھے کیا کرنا چاہئے کہ ایک بھاری بھرکم ہاتھ میری گردن پر زور آزمائی کرنے لگا میں نے پلٹ کر دیکھا ایک فوجی سکھ ہاتھوں میں چمڑے کے دستانے پہنے غصے سے کانپ رہا تھا۔ میں نے سہمے ہوئے لہجے میں کہا ــ "سردار جی پہلے آپ موٹر سائیکل سنبھال لیجئے ایسا نہ ہو کہ پٹرول کی ٹنکی میں آگ لگ جائے۔"

سردار جی نے میری تجویز مان لی۔ وہ نیچے کی طرف جھکے اور میں کینٹن کی طرف بھاگ گیا۔

حلیہ کو یہ سب نہ جانے کہاں سے معلوم ہو گیا۔ گھر پہنچا تو امّی اُبل پڑیں۔ ہم سے نہ سہی مگر خوفِ خدا سے تو ڈر۔ کہیں وہ موٹر سائیکل اُوپر ہی گر پڑتی تو ــ

اُس کا ڈرائیور ایک فوجی تھا، دو چار دھول ہی جما دیتا تو۔"

بوٹ کے تسمے ڈھیلے کرتے ہوئے میں نے کہا۔" امّی جان یہ حلیہ کی بچی کالج میں بھیگی بلّی بنی رہتی ہے اور آپ کو کالج کی ایک ایک بات کا آنکھوں دیکھا حال سُناتی ہے جیسے . . . "

حلیہ نے میری بات کاٹ کر مسکراتے ہوئے دھیمے لہجے میں کہا۔" میں تو بھیگی بلّی ہوں مگر آپ اتنے بہادر ہوتے تو بھیگی بلّی کی طرح نہیں بھاگتے۔"

" تو کیا ہوتا؟"

" پرنسپل صاحب ایک لوکل پوسٹ کارڈ پھوپھا جی کو بھجوا دیتے۔" حلیہ نے ہلکے سے ستم کے ساتھ کہا

" پھر۔ پھر کیا ہوتا؟"

" وہی جو بلا اجازت سیالکوٹ جانے پر ہوا تھا۔"

" ابا کی یونی فارم کا خیال کرتا ہوں۔ کیا کبھی سول کپڑے پہنے انہوں نے مجھے پیٹا ہے۔"

امّی جان اور حلیہ بے ساختہ ہنس پڑیں:

حلیہ ہمارے ماموں جان کی اکلوتی بیٹی ہیں۔ مڈل تک اپنے گاؤں میں پڑھنے کے بعد اب وہ ہمارے ہاں رہ کر پڑھ رہی تھی۔ اگر حلیہ کی پڑھائی کے حساب سے دیکھا جائے تو یہ صاف ہے کہ ہم لڑکے پڑھتے نہیں تھے۔ پورا برس پروفیسر مجھے گھر پر پڑھاتے رہے لیکن میں ایف اے نہ کر سکا۔

رزلٹ سننے کے بعد منہ چھپانے کے لئے میں نے اُس دن لگاتار سینما کے تین شو دیکھے۔ آدھی رات گئے گھر پہنچا۔ سارے گھر میں کہرام مچا ہوا تھا۔ لوگ اور ردلی ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر تھک چکے تھے۔ اسپتال سے لے کر تھانے تک فون ہو چکا تھا۔ چچا جان سیالکوٹ پتہ لگانے گئے تھے۔ ابا جان جلدی ہی کلب سے لوٹ آئے تھے اور جب میرے آنے کی خبر اُن تک جا پہنچی تو وہ اپنے کمرے سے ہی گرجے۔" نالایق کو یہاں لے آؤ۔"

امی جان اور حلیہ میری ڈھارس بندھاتی ابا کے کمرے کی طرف دھکیل رہی تھیں۔ میں دل ہی دل میں جیون شاہ کے مزار پر منتیں مانگتا ہوا ایک ایک قدم اُٹھا رہا تھا۔ دروازے کے قریب پہنچ کر وہ دونوں کھڑی ہو گئیں۔" خدا کے لئے مجھے تنہا نہ چھوڑ دیجئے۔" میں نے کہا۔

امی کی آنسو بھری آنکھوں نے مجبوری ظاہر کی۔ میں نے حلیہ کی طرف دیکھا۔ اُس نے سر ہلا کر حامی بھری اور آٹومیٹک کھانسی کھانس کر اور میری بانہہ تھام کر اپنے کمرے کے اندر چلی گئی جیسے وہ مجھے اسکول چھوڑنے جا رہی ہو۔ کمرہ دھوئیں سے بھرا ہوا تھا۔ ابا یونیفارم پہنے صوفے پر یونہی لیٹے سگار پی رہے تھے۔ مجھے دیکھ کر بولے۔" میں چاہتا تھا کہ تمہیں ولایت بھیجوں مگر تمہیں تو کالے صاحبوں کے تلوے چاٹنے ہیں، ٹھیک ہے چاٹو۔" یہ کہہ کر انہوں نے سگار بوٹ تلے مسل ڈالا۔

میں چپ چاپ پلنگ پر اوندھا لیٹ گیا۔ میری وجہ سے ابا کو کس قدر دکھ ہوا۔ سگار مسلنے سے جو چنگاریاں قالین پر گر رہی تھیں لگتا ہے جیسے یہ چنگاریاں آنسو بن کر اُن کی آنکھوں سے گر رہی ہیں۔ اب کتنے ہی دنوں ابا کسی سے بھی نہ بولیں گے۔ وہ اُٹھ کر چلے گئے۔

میں یونہی لیٹا رہا ــــ دفعتاً کسی نے سوچ آن کیا۔ میں نے دھیرے سے آنکھیں کھول کر دیکھا حلیہ ابھی تک اپنی دو انگلیاں سوئچ پر رکھے ہے۔ بے حس و حرکت کھڑی تھی۔ مجھے اُس کی موجودگی گراں گزری۔

" حلیہ مجھے تنہا چھوڑ دو"

" پہلے آپ چل کر کھانا کھائیں"

" مجھے بھوک نہیں ہے"

" کیوں"

" بھوک نہیں ہے۔ کیا اتنا لکھنے سے کام نہیں چلے گا۔"

" نہیں۔ کیونکہ ابھی تک کسی نے بھی کھانا نہیں کھایا ہے۔" حلیہ نے بڑی نرمی سے کہا۔

" نہیں کھایا تو اب کھا لو۔ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔ میں نے کروٹ بدل لی۔

حلیہ میرے قریب آ کر پلنگ پر بیٹھ گئی۔" فیل ہونے کا یہ مطلب تو نہیں کہ آپ کو کچھ آتا جاتا نہیں۔ آج کل لڑکوں کو نوٹس رٹنے کے سوا آتا ہی کیا ہے۔ میں یقین کے ساتھ کہتی ہوں کہ اگر آپ ایک بار اپنا کورس دیکھ لیں تو یوں پاس ہوں گے آپ۔"

اور مجھے پہلی بار احساس ہوا کہ حلیہ بڑی سمجھدار ہے۔ میں لاپروا ہوں مگر نالائق نہیں۔ آج پہلی بار کسی نے یوں میری ہمت افزائی کی تھی اور مجھے لگا کہ میں ازل ازل سے بھوکا ہوں۔ میں نے کہا ــ حلیہ

امی کے پاس جاتے ہوئے مجھے شرم سی محسوس ہو رہی ہے۔ میرا کھانا یہاں ہی بھجوا دو۔" بہت اچھا کہہ کر وہ آہستہ سے چلی گئی۔ دوسرے لمحے وہ خود ہی کھانا لے کر آئی۔

دوسرے برس میں پاس ہو گیا اور ہم دونوں تھرڈ ایر میں آ گئے۔ لیکن میں بی اے نہ کر سکا۔ حلیہ بی اے میں کامیاب ہوئی اور اب تو ماموں جان اسے گاؤں لینے بھی گئے۔ چھ سال کے طویل عرصے میں کبھی بھی یہ سوچ نہ سکا کہ حلیہ صرف بی اے کرنے تک ہی ہمارے ہاں ٹھہرے گی مجھے لگا جیسے کوئی انہونی بات ہوئی ہو۔

دوسرے دن اس نے جانا تھا۔ شام کو میرے کمرے میں آئی۔

"یہ لیجئے اپنا پن"

"پن تم اپنے پاس ہی رکھ لو" میں نے حیران ہو کر کہا۔

حلیہ نے آہستہ سے کہا: "اس بار آپ امتحان نہیں دے رہے ہیں کیا؟"

میں نے آنکھیں جھکا کر کہا۔ "نہیں اب نہ دوں گا۔"

"نہیں نہیں آپ امتحان ضرور دیں میں ثوق سے کہتی ہوں کہ . . .

"یہی نا کہ میں نالائق نہیں لاپروا ہوں۔ حلیہ اب مجھ سے پڑھا نہیں جاتا۔ زندگی میں پہلی بار میں نے رات کے بارہ بجے تک پڑھا ہے صرف تمہارے کمرے میں روشنی دیکھ کر۔ اب تو یہاں ان میں بھی اندھیرا ہو گا اور کوئی بھی اپنی مخروطی انگلیوں سے کھٹ کر کے سوئچ آن نہیں کرے گا۔ کسے پڑھتے دیکھ کر اب مجھے پڑھنے کا حوصلہ ہو گا۔ میں نے اپنی پرنم پلکیں اٹھا کر حلیہ کی طرف دیکھا۔ وہ واقعی بھیگی بلی بنی رہی۔

صبح میں اور امی جان انھیں الوداع کہنے کے لیے سٹیشن تک گئے۔ گاڑی چھوٹنے میں ابھی وقت تھا۔ ہم ٹرین شیڈ میں کھڑے ہو گئے۔ حلیہ سسک سسک کر رو رہی تھی جیسے ہم سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جدا ہو رہی ہو۔

امی نے کہا "یوں نہ روؤ بیٹی۔ تھوڑے دنوں بعد ظفر تمہیں لینے آئے گا۔"

مگر حلیہ کی سسکیاں بند نہ ہوئیں۔

ماموں جان نے شفقت سے کہا "کیا بی اے پاس لڑکیاں روتی ہیں۔ کیوں ظفر تم نے کسی بی اے پاس لڑکی کو روتے دیکھا ہے؟"

میں نے اُن کی طرف ایسے دیکھا جیسے کوئی بچہ اپنا کھلونا چھیننے والے کی طرف دیکھتا ہے۔ ماموں جان نے گھور کر میری طرف دیکھا اور امی کو لے کر ٹرین شیڈ کی دوسری طرف لے گئے۔

میں نے شال سے کچھ رسالے خریدے اور حلیہ کو دیتے ہوئے کہا "میں کچھ دنوں بعد آؤں گا۔"

حلیہ کے ہونٹوں پر ہنسی بکھر گئی "آپ ذرا اپنی سٹڈی کا خیال رکھیں۔"

سٹیشن سے واپسی پر امی نے دفعتاً پوچھا "تو اس سال امتحان میں شامل نہیں ہو گا"

"نہیں"

"تب تجھے اپنے باپ کی طرح وردی پہن لینی چاہئے۔"

اور پھر ایک دن یونیفارم پہن کر بوٹ سے بوٹ ٹکرا کر میں نے کھڑاک سے سلام کیا۔ امی نے میری بلائیں لیتے ہوئے کہا "پڑھنے میں نہ سہی۔ دیکھنے میں تو میرا بیٹا اول پاس ہے اسی لیے بھائی جان نے حلیہ کے لیے . . . .

میں اٹینشن کھڑا تھا لگتا تھا جیسے کسی نے اپنی بانہوں میں جکڑ لیا ہو۔ دوسرے لمحے میں حلیہ کے کمرے میں گیا۔ مجھے لگا جیسے حلیہ میری منتظر ہے۔ "آؤ بیٹھ کر اطمینان سے سوچیں۔ سکھ دکھ کی باتیں کریں۔ اور ہاں تمہاری سٹڈی کیسی چل رہی ہے۔ میں نے الماری سے حلیہ کی نوٹ بک نکال لی۔ بس یہی ایک چیز اب اس کمرے میں اس کی آخری نشانی تھی۔ نوٹ بک میں کہیں بھی اس نے اپنا نام نہیں لکھا تھا حلیہ: صرف خوبصورت لکھتی تھی بلکہ خوبصورت باتیں بھی کرتی تھی۔ میں نے بے تحاشا نوٹ بک کو چوما اور مجھے لگا جیسے حلیہ سیالکوٹ کے ایک گاؤں کے کوٹھے کی منڈیر پر کھڑی یہ سب دیکھ رہی ہے۔

اس کے بعد وقت کا چکر کچھ اس طرح چلا کہ پھولوں کی خوشبو بدبو میں بدل گئی۔ ہواؤں میں زہر گھل گیا۔ گرم گرم لہو کی بارش ہوئی اور دھرتی کی کوکھ میں بڑی بڑی دراڑیں پڑ گئیں۔ اور درمیان میں ایک اونچی دیوار کھڑی ہو گئی۔ ایک جانب ہندوستان اور دوسری جانب پاکستان۔

ماموں جان کی چٹھیاں آئیں۔ پیغام آئے۔ بلاوے آئے مگر ابا اپنا وطن، گھر، جائداد، رتبہ، عزت چھوڑ کر مہاجر نہیں بننا چاہتے تھے انہوں نے انکار کیا اور آہستہ آہستہ ماموں جان نے خط و کتابت کا سلسلہ ترک کر دیا۔

اور ایک دن حلیہ کی شادی کا دعوت نامہ ملا کوئی مجید صاحب تھے۔

(بقیہ صـ۳۵)

ٹرین میں پڑھنا

نجتبیٰ حسین

ایک زمانہ تھا جب ہم کو مطالعہ کرنے کا بڑا شوق تھا بلکہ یہ شوق جُرم کی حد تک پہونچ گیا تھا۔ جُرم ان معنوں میں کہ ہم دوستوں کے پاس سے کتابیں مانگ کر لایا کرتے تھے اور جب اُنہیں واپس کرنے کا وقت آتا تھا تو ہم دوستی کو قبل از وقت دشمنی میں بدل دیتے تھے اور مالِ غنیمت کے طور پر کتابیں ہمارے پاس رہ جاتی تھیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ ہمارے گھر میں کتابوں کا انبار لگ گیا اور ہم نے اس انبار کو بڑے سلیقے سے الماریوں میں رکھ کر ایک لائبریری کی شکل دیدی۔ لیکن رفتہ رفتہ ہمارے مطالعہ کا شوق بھی الماریوں میں بند ہوتا چلا گیا کیونکہ شادی کے بعد ہماری زندگی خود ایک ضخیم کتاب میں تبدیل ہوگئی۔ ہماری بیوی ہر سال بڑی پابندی سے اس کتاب میں ایک نئے باب کا اضافہ کرنے لگی۔ اور اب یہ حال ہے کہ ہماری زندگی کی کتاب کا ایک ایک ورق بکھر گیا ہے۔ آپ ہی بتائیے کہ ایسے میں کتابوں کا مطالعہ کیسے کریں؟

اب ہمارا مطالعہ صرف سفر کی حد تک محدود ہو کر رہ گیا ہے۔ یعنی جب بھی ہم کہیں سفر کے لئے جاتے ہیں تو مطالعے اپنا جی بہلانے ہیں اور ہمیں اپنا وہ ماضی یاد آجاتا ہے جب ہم بلا ٹکٹ ایک ہی نشست میں کئی کتابیں پڑھ ڈالتے تھے۔ ایک ہم پر ہی کیا موقوف ہے، ٹرین میں سفر کرتے وقت اچھا خاصا مسلہ جاہل آدمی بھی تعلیم یافتہ اور دانشور نظر آنے لگتا ہے۔ ٹرین کے مسافر کے پاس ٹکٹ ہو یا نہ ہو اس کے پاس ایک کتاب یا پرچے کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ اور ہم آپ سے جھوٹ نہیں کہتے کہ ادھر چند برسوں میں ہم نے مختلف کتابوں کے جو تین چار صفحات پڑھے ہیں وہ سب کے سب ٹرین میں پڑھے ہیں۔ ٹرین میں مطالعہ کا لطف ہی کچھ اور ہوتا ہے۔ یعنی ٹرین جب ہچکولے کھاتی ہوئی آگے بڑھتی ہے تو ہم اپنے سامان پر ایک اچٹتی سی نظر ڈالتے ہیں اور کتاب کھول کر برتھ پر دراز ہو جاتے ہیں۔ تھوڑی دیر تک تو کتاب اور ٹرین دونوں ساتھ ساتھ چلتے ہیں مگر اس کے بعد ہماری نظروں کے سامنے کتاب کی سطریں بڑی تیزی سے پٹڑیاں بدلنے لگتی ہیں اور اس کے بعد نہ جانے کب ہماری آنکھیں خود بخود بند ہو جاتی ہیں۔ پھر کتاب ہمارے سینے پر یوں سوار ہو جاتی ہے جیسے وہ خود ہمارا مطالعہ کر رہی ہو۔ پھر نہ جانے کب تک ہم سوئے رہتے ہیں مگر اچانک ایک جھٹکے کے ساتھ ہماری نیند اچٹ جاتی ہے۔ ہم بڑبڑا کر اٹھ بیٹھتے ہیں۔ ہمارا ہاتھ اپنے سینے پر کتاب کو تلاش کرنے لگتا ہے مگر کتاب وہاں نہیں ہوتی۔ ہماری تشویش میں ایک نئے باب کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ اور ہم فوراً برتھ پر اٹھ بیٹھتے ہیں مگر ساتھ

ہی اطمینان کا ایک لمبا سانس ہمارے سینہ سے نکل جاتی ہے کیوں کہ ہمیں اپنی کتاب نظر آجاتی ہے۔ یہ اور بات ہے کہ یہ کتاب ہمیں اپنے بازو والی برتھ کے مسافر کے سینہ پر نظر آتی ہے۔ مطلب اس کا یہ ہوتا ہے کہ ہمارے سونے کے بعد ہمارے پڑوسی مسافر نے موقع کو غنیمت جان کر ہمارے سینہ پر سے کتاب اٹھالی تھی اور پھر اُن کے ساتھ بھی وہی ہوا تھا جو ہمارے ساتھ ہوا تھا۔ تب ہم اپنی کتاب کو پڑوسی مسافر کے سینہ پر سے بڑی آہستگی کے ساتھ یوں اٹھاتے ہیں جیسے ہم اس کتاب کی چوری کر رہے ہوں۔ پھر از سرِ نو نیت باندھ کر اس کتاب کے مطالعے میں غرق ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اور اتنا غرق ہوتے ہیں کہ پھر یہ کتاب ہمارے سینہ پر دراز ہو جاتی ہے اور جب ہم دوبارہ جاگتے ہیں تو پھر ہم اس کتاب کو اپنے پڑوسی مسافر کے سینہ پر پاتے ہیں اور یہ سلسلہ "منزلِ مقصود" کے آنے تک جاری رہتا ہے۔ کتاب کا کام صرف یہ ہوتا ہے کہ وہ کسی سینہ بہ سینہ منتقل ہوتی چلی جائے۔ اور ہم اس عمل کے عادی ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہماری اور ہمارے پڑوسی مسافر کی آنکھیں بیک وقت کھلتی ہیں اور ہم دونوں کے ہاتھ عادتاً ایک دوسرے کے سینوں کی طرف چلے جاتے ہیں اور جب ہم دونوں میں سے کسی کو بھی کتاب نہیں ملتی تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کتاب کا "حلقہ احباب" اب کافی وسیع ہو گیا ہے اور یہ کہ یہ کتاب ٹرین کے ڈبے میں مقبول ہوتی جا رہی ہے اور اس کا دوسرا ایڈیشن شائع کرنے کی نوبت آگئی ہے۔ ہم دونوں جب ایک دوسرے کے حیران چہروں کو دیکھ کر نیچے نظر ڈالتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ہماری کتاب ہنوز بخیر و عافیت ہے اور اب کی بار نیچے کی برتھ والے مسافر کے سینہ پر آرام کر رہی ہے۔ اب کی بار ہم کتاب کو اوڑھے بغیر ہی سو جاتے ہیں اور درمیان میں جب بھی ہماری آنکھ کھلتی ہے تو اپنی کتاب کو کسی نئے مسافر کے سینہ پر پاتے ہیں۔ پھر ایک موقع ایسا بھی آتا ہے جب ہماری کتاب اچانک ڈبہ سے غائب ہو جاتی ہے۔ ہم اُسے ڈبہ سے لے کر باتھ روم تک میں تلاش کرتے ہیں مگر وہ ہمیں داغِ مفارقت دے جاتی ہے۔ ہم سینہ پر کتاب رکھنے کے بجائے پتھر رکھ لیتے ہیں۔ پھر ہمارا اسٹیشن آجاتا ہے جب ہم سامان لے کر باہر جانے لگتے ہیں تو ٹرین کے سب سے آخری ڈبہ میں ہمیں ایک صاحب ہماری کتاب کے مطالعے میں غرق نظر آتے ہیں۔ ہم قریب جا کر دست بستہ عرض کرتے ہیں: "یہ کتاب ہماری ہے۔ ہمیں واپس فرمایئے۔" اس پر وہ صاحب ہمارے حقوقِ ملکیت کو شبہ کی نظر سے دیکھتے ہوئے فرماتے ہیں: "معاف کیجئے۔ میں نے یہ کتاب بازو ڈالے ڈبہ کے ایک اور صاحب سے حاصل کی ہے۔ آپ کو میں یہ کتاب کیسے دے سکتا ہوں۔" ہم بازو والے ڈبہ کے شخص مذکور سے ربط پیدا کرتے ہیں۔ وہ جواباً ہمیں پھر اس کے بازو والے ڈبہ کی طرف بڑھا دیتا ہے۔ ہم ڈبہ در ڈبہ اپنے پرانے ڈبہ کی جانب بڑھنے لگتے ہیں۔ یہاں تک کہ ٹرین کے گارڈ کو کسی طرح پتہ چل جاتا ہے کہ ہماری کتاب کا سلسلہ سب و نسب اب ہم سے ملا ہی چاہتا ہے تو وہ فوراً ہری جھنڈی ہلا کر سیٹی بجا دیتا ہے اور ٹرین کا سگنل ہماری قسمت پر گر جاتا ہے۔ ہماری کتاب ایک اجنبی مسافر کے پاس رہ جاتی ہے۔ ٹرین پلیٹ فارم سے اور کتاب ہمارے ہاتھ سے نکل چکی ہوتی ہے۔ ہم منہ لٹکائے پلیٹ فارم سے باہر آجاتے ہیں اور تہیہ کر لیتے ہیں کہ آئندہ کبھی ٹرین میں کتاب اپنے ساتھ نہ رکھیں گے۔ مگر آپ ہی بتائیے ہم کیا کریں۔ ہمیں تو صرف ٹرین میں کتابیں پڑھنے کا موقع ملتا ہے۔ گھر میں تو ہم بحالتِ مجبوری صرف اپنے بچوں کے کورس کی کتابیں پڑھتے ہیں۔ اس لئے کہ ہمیں ان کتابوں کو پڑھانا ہوتا ہے لہٰذا اتنے سارے تلخ تجربوں کے باوجود ہم سفر میں اپنے ساتھ کوئی کتاب یا اخبار رکھنے پر مجبور ہیں۔

اب آپ سے کیا چھپائیں کہ ہمیں اخبار پڑھنے کا موقع بھی صرف ٹرین میں ہی ملتا ہے۔ اس لئے جب بھی سفر پر جاتے ہیں تو ہمیں دنیا کے حالات اچانک بدلے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ہمیں پتہ چلتا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ کے کسی ملک میں فوجی انقلاب آگیا ہے۔ ہم حیران ہو کر اپنے بازو والے مسافر سے پوچھتے ہیں۔ بھئی! یہ کیا معاملہ ہے۔ ابھی چار مہینے پہلے جب میں بمبئی گیا تھا تو اس وقت بھی اس ملک میں انقلاب آیا تھا۔ آخر یہ سب کیا ہو رہا ہے؟"

اس پر مسافر کہتا ہے۔ "مجھے کیا معلوم! میں تو پورے آٹھ سال بعد سفر کر رہا ہوں۔ میں دُنیا کے حالات سے آپ کے مقابلے میں بہت کم واقف ہوں۔"

اس پر تیسرا مسافر ہم سے مخاطب ہو کر کہتا ہے: "جناب والا!

آپ چار پہیے پہلے کو انقلاب کی باتیں کر رہے ہیں حالانکہ اس اثنا میں اس ملک میں کوئی چھ انقلاب آچکے ہیں۔"

اس جواب کو سن کر ہم جھینپ جاتے ہیں اور کہتے ہیں "معاف کیجئے میں آپ کی طرح ہر روز ٹرین میں سفر نہیں کرتا کہ ہر روز کے حالات سے واقفیت رکھوں۔ میں تو سال بھر میں دو تین بار ہی سفر کرتا ہوں۔" اور یوں بات دب جاتی ہے۔

مگر ٹرین میں کتاب کا مطالعہ تو پھر بھی قابلِ برداشت ہوتا ہے مشکل تو اخبار کے مطالعے میں ہوتی ہے کیونکہ اخبار مجلد نہیں ہوتا اور اس کی تقسیم بڑی آسانی سے عمل میں آجاتی ہے۔ آپ ایک سالم اخبار لے کر ٹرین کے ڈبہ میں سوار ہوتے ہیں لیکن ابھی آپ اپنا اخبار اپنی نشست پر رکھ کر اپنا سامان سیٹ کے نیچے جمانے بھی نہیں پاتے کہ اچانک آپ کے کانوں میں "پھڑ پھڑ" کی آوازیں آنے لگتی ہیں۔ پلٹ کر دیکھتے ہیں تو انکشاف ہوتا ہے کہ ایک نووارد مسافر آپ کے اخبار کو بطور جھاڑو استعمال کر رہا ہے آپ اخبار کو اس کے ہاتھ سے چھیننے کی کوشش کرتے ہیں تو وہ تھینک یو کہہ کر آپ کی زبان پر تالا لگا دیتا ہے۔

خیر صاحب: ٹرین چلتی ہے اور آپ اخبار اپنے منہ کے سامنے پھیلا لیتے ہیں۔ اتنے میں بازو والا مسافر ایک طویل جماہی لیتے ہوئے چٹکی بجا کر کہتا ہے "قبلہ! ذرا اوپر کا صفحہ تو عنایت فرمائیے۔ دیکھیں آج کی خاص خاص خبریں کیا ہیں۔" آپ اپنی خاندانی شرافت سے مجبور ہو کر اوپر کا صفحہ مسافر کو دیدیتے ہیں اور بقیہ اخبار کو اپنے ہاتھوں میں مضبوطی سے پکڑ لیتے ہیں لیکن تھوڑی دیر بھی نہیں ہوتی کہ مسافر مذکور آپ سے کہتا ہے۔ "قبلہ! اب ذرا صفحہ ۴ تو عنایت فرمائیے۔ کیونکہ پہلے صفحے والی ایک خبر کا سلسلہ آٹھویں صفحہ پر موجود ہے۔ اب اخبار آپ کے ہاتھوں سے قسطوں میں نکلنے لگتا ہے اور کچھ دیر بعد آپ کے اخبار کے صفحات "فیض عام" کی طرح سارے ڈبہ میں گشت کرنے لگتے ہیں۔ خبروں کے سلسلے ایک صفحہ سے دوسرے صفحہ پر اور ایک مسافر سے دوسرے مسافر تک جانے لگتے ہیں اور آپ کا اخبار مشرق سے لے کر مغرب تک اور جنوب سے لے کر شمال تک پھیل جاتا ہے۔

پھر آپ کی چشم گنہگار ایک اسٹیشن پر یہ منظر بھی دیکھتی ہے کہ ایک مسافر نے آپ کے اخبار کے ایک صفحہ کو دسترخوان میں تبدیل کر لیا ہے۔ اور اس صفحہ پر انواع و اقسام کی نعمتیں سجا دی گئی ہیں۔ آپ بڑی حسرت سے ان نعمتوں کی طرف دیکھتے ہیں کہ شاید اخبار کے مالک ہونے کی حیثیت سے آپ کو بھی ان نعمتوں سے فیض یاب ہونے کی دعوت دی جائے لیکن آپ کی حسرت صرف حسرت ہی بنی رہتی ہے۔ پھر اخبار کے دسترخوان پر سے کھانے پینے کی اشیاء اٹھالی جاتی ہیں۔ آپ کے دل میں موہوم سی امید پیدا ہوتی ہے کہ شاید آپ کا اخبار آپ کو واپس مل جائے لیکن اچانک اس اخباری دسترخوان کی مدد سے سیٹ کو پونچھنے کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے اور قبل اس کے کہ آپ اپنے اخبار کی جان بچائیں آپ کا اخبار اچانک مسافر کی مٹھی میں ایک گیند کی شکل اختیار کر لیتا ہے اور دیکھتے ہی دیکھتے اخبار کی یہ گیند کھڑکی سے باہر چلی جاتی ہے۔ پھر ایک بلند بانگ ڈکار کی آواز آتی ہے اور آپ کا اخبار ہمیشہ ہمیشہ کے لئے معدم ہو جاتا ہے۔ آپ صبر کر کے اپنے اخبار کے باقیماندہ صفحات کی طرف متوجہ ہوتے ہیں لیکن اس وقت پتہ چلتا ہے کہ کسی مسافر نے آپ کے اخبار میں کیلے باندھ رکھے ہیں۔ کسی نے چڑوا سجا رکھا ہے۔ کوئی اسے پنکھے کے طور پر استعمال کر رہا ہے۔ کسی نے اپنے روتے ہوئے بچے کو بہلانے کے لئے اخبار کے صفحہ کو پھاڑ کر ایک خوبصورت سی کشتی بنا دی ہے اور بچہ خوب زور زور سے ہنس رہا ہے۔ ایسے وقت آپ کا جی چاہتا ہے کہ آپ فوراً ٹرین کے خطرہ کی زنجیر کھینچ دیں اور ریلوے حکام کو مطلع کر دیں کہ آپ چاروں طرف سے دشمنوں کے نرغے میں گھر گئے ہیں مگر اس وقت تک آپ کے اخبار کے باقی صفحات بھی "صفحہ ہستی" سے مٹ جاتے ہیں۔ اس لئے تو ہم نے اب یہ طریقہ بنا رکھا ہے کہ جب بھی ٹرین سے سفر کرتے ہیں تو اپنے ساتھ ایک ہی تاریخ کے ایک ہی اخبار کی پندرہ پندرہ کاپیاں رکھتے ہیں کہ اخبار کی ایک کاپی ضائع ہو تو دوسری کاپی فوراً نکال لی جائے اور مطالعہ جاری رکھا جائے لیکن ایسا کرنے سے ہماری معیشت کو بڑا شدید دھکا پہونچتا ہے کیونکہ جب ہم اخبار کی پندرہ کاپیاں ایک ساتھ لے کر ڈبہ میں سوار ہوتے ہیں تو ڈبہ کے مسافرین ہمیں دیکھ کر پکارنے لگتے ہیں "او میاں: یہ میرے والے۔ ہمیں بھی ایک اخبار دینا اور ہم غصہ میں آکر اخبار کی کئی کاپیاں مسافرین میں تقسیم کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں "ساتھیو! اتنے سارے اخبارات کی مفت تقسیم کے بعد بھی اگر پھر کسی نے میری کاپی کی طرف نظر ڈالی تو مجھ سے برا کوئی نہ ہوگا۔ میں اکیلا ہی اپنا اخبار پڑھنا چاہتا ہوں۔



کراس کا تحفہ

ابراہیم یوسف

منظر : ایک سینی ٹوریم کے سامنے لان، جس کے کنارے خوبصورت پھولوں کی کیاریاں ہیں۔ لان میں چند کرسیاں بے ترتیب پڑی ہیں اور ایک گول میز۔ صبح کے نو بجے ہیں۔ ہلکی ہلکی سردی ہے اور دھوپ خوشگوار۔ نلنی ایک شال اوڑھے کرسی پر بیٹھی ہے۔ اس کے پاس ایک ٹھیلے والا کھڑا ہے۔ نلنی ایک مفلر کو الٹ پلٹ کر دیکھ رہی ہے۔ کچھ دیر بعد نلنی مفلر واپس کر دیتی ہے اور ٹھیلے پر رکھے ہوئے ایک سوئٹر کی طرف اشارہ کر کے ٹھیلے والے سے۔

نلنی : ذرا سوئٹر دکھانا

دکاندار: (سوئٹر نلنی کو دیتے ہوئے) یہ لیجئے خالص اون کا ہے۔

نلنی : (سوئٹر لے کر اسے الٹ پلٹ کر دیکھ کر) اور قیمت کیا ہے؟

دکاندار: دکانداری کی بات پینسٹھ روپے اور ایمانداری کی ساٹھ۔

نلنی : بہت مہنگا ہے۔

دکاندار: دیکھ لیجئے خالص اون ہے، روزی کی قسم لے لیجئے میں تو صرف پیٹ بھرنے تک کا دھندا کرتا ہوں۔

(انجن سیڑھیوں سے اتر کر قریب آکر)

انجن : ہلو نلنی۔ کیا خریدا جا رہا ہے۔

نلنی : ایک سوئٹر دیکھ رہی ہوں (سوئٹر انجن کی طرف بڑھا کر) دیکھ کیسا ہے؟

انجن : (سوئٹر اپنے ہاتھ میں لے کر الٹ پلٹ کر دیکھ کر) یہ تو مردانہ ہے

نلنی : (مسکرا کر) ہاں۔ مجھے مردانہ ہی چاہئے (چند سیکنڈ خاموش رہ کر) جیونت کو کل یہاں سے چھٹی مل جائے گی۔ آخر اس کو کوئی تحفہ تو دینا ہوگا۔

انجن : ہاں میں نے بھی ایک تحفہ خریدا ہے۔ (مسکرا کر) مگر کل ہی بتلاؤں گی۔

نلنی : اچھا۔ کہو یہ سوئٹر کیسا ہے؟

انجن : بہت خوب ہے۔ (مسکرا کر) تمہاری پسند ہے اور وہ بھی جیونت کے لئے۔

نلنی : (دکاندار کی طرف دیکھ کر) کیوں پچپن روپے نہیں لوگے۔

دکاندار: میں نے عرض کیا نا: آپ لوگوں سے دھندا نہیں کرتا۔

انجن : یہ کیا مانگ رہے ہیں؟

نلنی : ساٹھ روپے

انجن : پچپن بھی زیادہ ہیں مگر خیر اب تم نے کہدیا ہے تو دیدو

دکاندار: مگر روزی کی قسم

انجن : (بات کاٹ کر) سینی ٹوریم کی دوکان پر اس سے کم میں اس

سے اچھا مل جائے گا۔ بس اچھن کافی ہیں دیدو
(نلنی پرس سے روپیہ نکالکر دیتی ہے۔ دکاندار روپیہ لے کر چلا جاتا ہے۔ انجن پاس ہی کرسی پر بیٹھ کر مسکراتے ہوئے) بعض لوگ بھی کس قدر خوش قسمت ہوتے ہیں۔ اور کچھ نہیں تو کسی کو کم از کم حسین خواب ہی دے جاتے ہیں۔

نلنی: (چند سیکنڈ غور سے انجن کو دیکھتی ہے۔ پھر آہستہ سے) انجن یہ سینی ٹوریم ہے۔ کون یہاں سے واپس جاتا ہے۔ کچھ کہا نہیں جاسکتا ہے اور جو جاتا ہے وہ خوش قسمت ہی ہوتا ہے۔

انجن: (ہنس کر) میں تو ضرور یہاں سے واپس جاؤں گی۔

نلنی: بھگوان تمہاری زبان مبارک کرے۔ اس وقت جو جا رہا ہے ہمیں اس کی خوشی میں ضرور خوش ہونا چاہئے۔

انجن: خدا کی قسم نلنی جس دن تم یہاں سے واپس جاؤ گی۔ اس دن میں — اس دن میں۔
(خاموش ہو کر گہری سوچ میں ڈوب جاتی ہے۔ اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں)

نلنی: (انجن کو دیکھ کر) ارے انجن یہ کیا۔ تمہارا تو یہاں سے جانے کا عزم پختہ ہے پھر یہ آنسو؟

انجن: (آنسو پونچھ کر) نہیں نہیں نلنی۔ (مسکرانے کی کوشش کرتے ہوئے) کوئی بات نہیں۔ جس وقت کوئی یہاں سے جاتا ہے تو میں خوشی میں آنسو نہیں روک سکتی اور میرا عزم اور پختہ ہو جاتا ہے۔

نلنی: کل تم نے اس کی ماں کو دیکھا تھا۔

انجن: کس کی ماں کو؟

نلنی: جسونت کی۔ جب ہم نے کہا تھا کہ دو چار دن میں جسونت کو یہاں سے چھٹی مل جائے گی۔

انجن: ہاں — خوشی سے اس کا چہرہ دمک رہا تھا۔

نلنی: میں نے تو محسوس کیا تھا کہ بڑھیا کے چہرے کی جھریاں کم ہو گئی ہیں۔ (روزی سیڑھیوں سے اتر کر ان کے پاس آتی ہے نلنی اسے دیکھ کر) ہلو روزی سسٹر

روزی: (ان دونوں کے پاس آکر) ہلو نلنی۔ ہلو انجن (کرسی پر بیٹھ کر) کیا ہو رہا ہے؟

انجن: (سوئٹر کی طرف اشارہ کر کے) نلنی نے جسونت کے لئے خریدا ہے۔

روزی: (سوئٹر دیکھ کر) مارولس۔ ونڈرفل۔ جسونت کو ایک دم سوٹ کرے گا۔ (پھر جیسے کچھ یاد آجانے پر) ارے نلنی کامن ہال میں وہ تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔

نلنی: میرا۔ کون؟ کیوں؟

روزی: وہ ڈرامے کا ریہرسل کر رہے ہیں

نلنی: ڈرامے میں تو میرا پارٹ نہیں ہے۔

روزی: وہ تمہارے گانے کا ریہرسل لینا چاہتے ہیں۔

نلنی: میں کئی مرتبہ تو ریہرسل دے چکی ہوں۔

روزی: مگر یہ بالکل فائنل ہے۔ آج رات ہی کو تو ڈراما ہونا ہے۔

نلنی: خیر وہ بھی کر لوں گی۔
(نلنی اٹھ کر آہستہ آہستہ سیڑھیاں چڑھ کر غائب ہو جاتی ہے۔)

انجن: (روزی کو دیکھ کر) نلنی جسونت کو چاہنے لگی ہے۔

روزی: ہو سکتا ہے یہاں کی ہمدردی بھی محبت ہوتی ہے۔

انجن: ہم نے کتنے ہی لوگوں کو اچھا ہو جانے پر یہاں سے رخصت کیا ہے۔ کئی مرتبہ ڈرامے کئے ہیں مگر کبھی نلنی نے گیت نہیں گایا۔ جسونت کے جانے پر وہ بہت خوش ہے۔

روزی: جسونت ایکدم سویٹ ہے ایک دم ینگ۔ مارولس جوڑی۔ اس کے چلے جانے پر سونا سونا سا محسوس ہونے لگے گا۔

انجن: سونا سونا: (ٹھنڈی سانس بھر کر) یہ سینی ٹوریم ہے روزی سسٹر یہ کبھی سنسان نہ ہوگا۔ زیادہ لوگ آتے رہیں گے مگر کم لوگ یہاں سے جائیں گے۔ یہ آواگون تو لگا ہی رہے گا۔

روزی: اوہ نو مائی ڈیر انجن۔ یو آر ٹو پے سامٹ۔ اگر ہم یہ عمارت بنا سکتے ہیں تو ہم اس جیاری کی جڑیں بھی کھود کر پھینک سکتے ہیں جس کے لئے یہ عمارت بنائی گئی ہے۔

(برآمدے میں سے ایک عورت کی آواز)

آواز: روزی سسٹر۔ روزی سسٹر (روزی پلٹ کر برآمدے کی طرف دیکھتی ہے۔) ڈاکٹر ممتاز تم کو وارڈ نمبر ۴ میں بلا رہے ہیں جلدی سے۔

روزی: (کھڑی ہو کر) اچھا

انجمن: (کسی قدر خوف زدہ لہجے میں) کیا بات ہے روزی سسٹر؟

روزی: کوئی بات نہیں۔ ذرا اقبال کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

انجمن: مگر کل تک تو

روزی: (سیڑھیوں کی طرف جاتے ہوئے) معمولی سا بخار ہو گیا ہے۔ کوئی خاص بات نہیں ہے۔

(روزی چلی جاتی ہے۔ انجمن خاموش بیٹھی رہتی ہے مگر چہرے سے ایک خوف کا احساس ہوتا ہے۔ اسی وقت جسونت سیڑھیوں سے اتر کر آتا ہے اور انجمن کو دیکھ کر)

جسونت: ہلو انجمن آرا بیگم

انجمن: ہلو مسٹر جسونت

جسونت: (ایک کرسی پر بیٹھتے ہوئے) دھوپ کھائی جا رہی ہے۔ (جیب سے سگریٹ نکالکر منہ میں لیتا ہے۔)

انجمن: کل آپ چلے جائیں گے۔

جسونت: اور میں سیدھا مندر جا کر تم لوگوں کے لئے پرارتھنا کروں گا کہ تم لوگ بھی جلد ہی میرے پاس آ جاؤ۔ تم لوگوں کی یاد بہت ستائے گی۔ میں اس سین فوریم سے باہر جا کر اداس اداس محسوس کروں گا۔

انجمن: اداس اداس۔ جسونت سگریٹ سلگاتا ہے۔ انجمن مسکرا کر اس کے منہ سے سگریٹ نکالکر لان پر پھینکتے ہوئے) سگریٹ پینا منع ہے۔

جسونت: (ہنس کر) ڈاکٹر نے مجھے ایک سگریٹ روز پینے کی اجازت دیدی ہے (جسونت سامنے میز پر رکھے ہوئے سوئٹر کو اٹھا کر دیکھتا ہے۔ (انجمن مسکرا کر)

انجمن: یہ آپ کے لئے ہے۔

جسونت: میرے لئے؟

انجمن: جی ہاں۔ نلنی نے آپ کے لئے خریدا ہے۔

جسونت: نلنی بہت فضول خرچ ہے بھلا اس کی کیا ضرورت تھی۔

انجمن: (مسکرا کر) جب وہ یہاں سے جائے تو آپ کفایت شعاری سکھا دیجئے گا مگر خدارا ایسا نہ کیجئے گا کہ وہ کنجوس ہو جائے۔

جسونت: (انجمن کا چہرہ دیکھ کر) جی کیا مطلب ہے آپ کا۔

انجمن: (مسکرا کر) یہی کہ جب میں آپکے یہاں آؤں تو خاطر و مدارات پوری ہو کہیں کفایت شعاری کنجوسی تک نہ پہنچ جائے۔

جسونت: انجمن آرا بیگم آپ بھی کیسی باتیں کرتی ہیں۔ آپ کی باتیں سنکر کہیں میں —

انجمن: (بات کاٹ کر) اچھا تو آپ اب بنانے بھی لگے ہیں — اچھا سچ بتلائیے کہ کیا اس نے اس سے پہلے کسی اور کی فیئرویل پر کبھی گایا ہے (جسونت خاموش رہتا ہے) کیا آپ کے دل میں نلنی کے لئے جگہ نہیں ہے۔

جسونت: خالی دل میں جگہ ہونے سے کیا ہوتا ہے۔ بھلا نلنی۔

(نلنی سیڑھیوں پر سے آتی ہوئی دکھائی دیتی ہے جسونت اسے دیکھ کر خاموش ہو جاتا ہے۔ نلنی قریب آ کر)

نلنی: انجمن: ڈاکٹر صاحب چیک اپ کے لئے تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔

انجمن: میرا؟

نلنی: ہاں (مسکرا کر) کہہ رہے تھے کہ ایک مہینے کے اندر اندر آپ لوگوں کو انجمن کا بھی فیئرویل جلسہ کرنا ہوگا

انجمن: میرا۔ (پھیکی مسکراہٹ سے) ڈاکٹر صاحب بہت ہی مہربان ہیں (کھڑی ہو کر) ایک مہینہ کس نے دیکھا ہے۔

نلنی: پھر وہی۔ جانے تمہیں ناامیدی کی باتیں کرنے میں کیا مزا آتا ہے۔

انجمن: اور مسٹر اقبال کے لئے، تو صرف آٹھ ہی دن بتلائے تھے مگر۔

نلنی: مگر مسٹر اقبال کو کیا ہوا۔

انجمن: (سیڑھیوں کی طرف بڑھتے ہوئے) آج پھر انہیں بخار ہو گیا ہے۔ ابھی روزی سسٹر نے بتلایا ہے۔

(سیڑھیوں پر چڑھ کر عمارت میں غائب ہو جاتی ہے۔ نلنی عجیب انداز

ے انجن کو عمارت کے برآمدے میں غائب ہوتے دیکھتی رہتی ہے جسونت نلنی کو دیکھ کر)

جسونت: اس طرح آپ کیا دیکھ رہی ہیں۔

نلنی ، جی کچھ نہیں بعض وقت کچھ عجیب سا احساس ہوتا ہے جیسے اس عظیم عمارت کے سامنے ہماری کوئی ہستی نہ ہو۔ انسان اس میں اسطرح کھو جاتا ہے جیسے اس نے نگل لیا ہو۔

جسونت: (بات ٹالنے کے انداز میں) یہ انجن آرار بیگم بھی کس قدر دلچسپ ہیں۔ دوسروں کو خوش رکھنے میں خوشی محسوس کرتی ہیں۔

نلنی ، اور اس کا بھائی خالد تو اور بھی خوش مزاج اور ہمدرد ہے ابھی گئے اتوار کو بابو رام یہاں سے رخصت ہوا تو وہ کس قدر خوش تھا۔

جسونت: بالکل یہ معلوم ہوتا تھا جیسے بابو رام اس کا سگا بھائی ہو۔ اپنی گاڑی میں اُسے گھر تک پہنچانے گیا اور گاڑی کو دلہن کی طرح سجا کر لایا۔ کافی روپیہ خرچ کر دیا کہ ایک غریب آدمی خوش ہو سکے۔

نلنی : ہمیشہ بابو رام کے لئے تحفے لایا کرتا تھا اور پھل وغیرہ تو روز ہی لاتا تھا۔ شاید بابو رام کا کوئی نہیں ہے۔

جسونت: صرف ایک بوڑھی ماں ہے اور وہ بھی محنت مزدوری کرتی ہے۔

نلنی : (چند سیکنڈ خاموش رہ کر) کل آپ کی ماتا جی بھی بہت خوش تھیں

جسونت: اُن کی دعاؤں کی برکت ہے کہ میں کل یہاں سے رخصت ہو جاؤں گا۔

(چند سیکنڈ خاموش رہ کر) میرے یہاں سے جانے کے بعد آپ مجھے یاد بھی رکھیں گی یا نہیں۔

نلنی : کیوں نہیں (مسکرا کر) آپ ہی بھول جائیں تو دوسری بات ہے

جسونت: کیسی باتیں کرتی ہیں۔ آپ : میں آپ کو کیسے بھول سکتا ہوں ؟ (مسکرا کر) میں نے یہاں رہ کر کچھ خواب بھی تو دیکھے ہیں۔

نلنی : یہاں آکر انسان خواب ہی دیکھتا ہے، زندگی کا خواب، موت کا خواب اور اُن میں سے کس کی تعبیر سچی ہے کوئی نہیں کہہ سکتا۔

جسونت: مگر ہمیں پُر امید رہنا چاہئے۔

نلنی : (بات کاٹ کر) ان چھ مہینوں میں سیکڑوں بار ہی ہمارے چہرے اُداس ہوئے، سیکڑوں ہی مرتبہ روزی سسٹر نے اپنے سینے پر کراس کا نشان لگایا۔ سیکڑوں ہی مرتبہ۔

جسونت: (لقمہ دیتے ہوئے) ہم نے ان سیڑھیوں پر کھڑے ہو کر تالیاں بجائیں۔ جانے والوں کو رخصت کیا اور اُن پر پھول برسائے۔

نلنی : ہاں ہاں یہ بھی کیا ہم نے۔ ہم خوش بھی ہوئے مگر وہ خوشی کتنی عارضی رہی، شاید خوشی عارضی ہی ہوتی ہے۔

جسونت: اور غم بھی عارضی ہوتے ہیں۔ (چند سیکنڈ خاموش رہ کر) میں ہر روز آپ سے ملنے آیا کروں گا۔

نلنی : ابھی آپ کو زیادہ محنت نہیں کرنا چاہئے۔ ہو سکے تو کسی پہاڑ پر چلے جائیے۔

جسونت: ماتا جی تو مجھے بنارس لے جائیں گی۔ انہوں نے کوئی منت مانی ہے۔

نلنی : اُن کی منت ضرور پوری کیجئے گا۔ (کچھ دیر خاموش رہ کر) آپ کی ماتا جی کی باتوں میں کتنا سکون ملتا ہے۔ (آنکھوں میں آنسو بھر کر) کاش میری ماتا جی بھی زندہ ہوتیں۔

جسونت: ارے آپ تو رونے لگیں۔ آنسو پونچھ ڈالئے۔ میری ماتا جی تو آپ کو اپنی بیٹی کی طرح چاہنے لگی ہیں۔

نلنی (آنسو پونچھ کر) اب اُن سے کیا ملاقات ہوگی؟

جسونت، کیوں نہیں ہوگی۔ میں ہر روز اُنہیں ساتھ لایا کروں گا۔

نلنی : لیکن اب تو آپ بنارس چلے جائیں گے

جسونت ابھی تو کچھ دن وہاں جانے میں لگیں ہی گے۔ اور اس وقت تک آپ کو بھی چھٹی مل جائے گی۔ آپ بھی ہمارے ساتھ بنارس چلئے گا۔

(نلنی خاموش رہتی ہے اور سامنے درخت پر پرندوں کو اُڑتے ہوئے دیکھنے لگتی ہے۔ جسونت کچھ دیر خاموش رہ کر) آپ کیا سوچنے لگیں۔

نلنی : کچھ نہیں۔ میں چھ مہینوں سے ان پرندوں کو روز ہی دیکھتی ہوں کیسے آزاد اور بے فکرے اڑتے رہتے ہیں۔

(جیونت خاموش رہتا ہے۔ انجن واپس آکر کرسی پر بیٹھ جاتی ہے)

جیونت: (انجن کی طرف دیکھ کر) چیک اپ کرالیا آپ نے؟

انجن : جی ہاں (مسکرا کر) ڈاکٹر کا خیال ہے کہ اب میں تندرست ہوتی جارہی ہوں۔

جیونت: (مسکرا کر) آپ کو اس میں شک کیوں ہے۔

انجن : (پھیکی مسکراہٹ سے) اس لئے کہ ڈاکٹر صبح صبح ہر مریض کو مژدہ سناتے ہیں۔ (طنزیہ ہنس کر) اور پھر اُن کی کتنی پیشین گوئیاں سچ ہوتی ہیں۔

جیونت: پھر اس میں۔

انجن : (بات کاٹ کر مسکراتے ہوئے) شاید انہیں جھوٹ بولنے کی ٹریننگ بھی دی جاتی ہے کہ ہر مریض کو پُرامید رکھو۔

جیونت: (ہنس کر) آپ تو خواہ مخواہ ڈاکٹروں پر تنقید کرنے لگیں۔ (موضوع بدلنے کے انداز میں) آج مسٹر خالد ابھی تک نہیں آئے۔

انجن : آتے ہی ہوں گے۔ (چند سیکنڈ خاموش رہ کر) میری وجہ سے اُن کا سارا کاروبار تباہ ہو رہا ہے۔

جیونت: اُن جیسا پُرخلوص آدمی میں نے آج تک نہیں دیکھا۔ دل کیا ہے اتھاہ سمندر ہے جس کی گہرائیوں میں محبت کے علاوہ کچھ نہیں (سیڑھیوں سے روزی آتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ اس کا چہرہ اترا ہوا ہے اور آہستہ آہستہ کچھ بڑبڑا رہی ہے۔ آکر کرسی پر بیٹھ جاتی ہے۔ تینوں خوف زدہ نظروں سے اُسے دیکھتے ہیں)

روزی: مے گاڈ بلیس ہم۔ (سینے پر کراس کا نشان بناتی ہے) مے گاڈ بلیس ہم۔

انجن : روزی سسٹر ایک کراس اور

روزی: اس نے ڈاکٹروں کو ہرا دیا۔ ڈاکٹر اس کو۔ ڈاکٹر اس کو (اپنی آنکھوں سے آنسو پونچھتی ہے) وہ کس قدر پرسکون رہا۔

انجن : روزی سسٹر کون؟ یہ کراس کا تحفہ تم نے کس کو پیش کیا۔

روزی: اقبال۔ وہ۔ وہ

(آواز رندھ جاتی ہے اور خاموش ہو جاتی ہے۔ نلنی ایکدم

نلنی : اقبال۔ تو وہ۔ تو وہ۔ (خاموش ہو جاتی ہے اور آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں۔) اس کا تو اس دنیا میں کوئی نہیں تھا۔ وہ کس قدر تنہا تھا۔ بالکل اکیلا۔

جیونت : نلنی۔ نلنی

نلنی : اس سے کبھی کوئی ملنے نہیں آیا (ہچکیوں سے رونے لگتی ہے پھر اپنی ہچکیوں پر قابو پاکر) کس قدر گمبھیر اور پرسکون رہتا تھا

روزی : نلنی بیٹی تم۔

نلنی : اس نے کبھی کسی کو دکھ نہیں دیا۔ اس نے کبھی کسی سے کوئی خواہش نہیں کی سوائے میرے۔

انجن : سوائے تمہارے!

نلنی : ہاں انجن سوائے میرے۔ اس نے مجھ سے کہا کہ میں جیونت کے فیرویل پر ایک گیت گاؤں اور میں نے مان لیا مگر وہ اپنی یہ خواہش ہی دل میں لے گیا۔ اب میں گیت نہیں گاؤں گی۔ کبھی نہیں گاؤں گی۔ (ہچکیوں سے رونے لگتی ہے۔ ماحول ایک دم اداس ہو جاتا ہے۔)

پردہ

بقیہ پھول اور انگارے

جن سے حلیہ کی شادی ہو رہی تھی ـــــ میری امیدوں کے پھول انگارے بن گئے۔ مجھے لگا جیسے میں تنہا کسی ویرانے میں کھڑا ہوں۔ میرے چاروں طرف جیسے سینکڑوں کوّے کائیں کائیں کرتے ہوں اور مجھے نوچ رہے ہوں:

یہ کہانی یہیں پر ختم ہو جاتی ہے لیکن آپ اسے سن نہ پاتے اگر دس برس بعد ایک اور واقعہ پیش نہ آتا۔ امّی کی موت پر حلیہ کا ماتمی خط آیا۔ جانے کے بعد یہ اُس کا پہلا خط تھا۔ زندگی اور موت کی ٹھوس مثالیں دے کر اس نے مجھے تسلی دینے کی کوشش کی تھی۔ چٹھی کے آخیر میں لکھا تھا ـــــ امید ہے کہ آپ نے بی اے کر لیا ہوگا اگر نہیں تو ادیب فاضل ہی کر لیجئے۔ یہ امتحان پاس کرنا آپ کے لئے مشکل نہیں۔"

میں نے گھڑی دیکھی۔ امتحان ہال کھلنے میں صرف دو ہی منٹ باقی تھے۔ مجھے لگا جیسے میں سولہ برسوں سے اسی بنچ پر بیٹھا ہوں۔

ترجمہ: نور شاہ

غزلیں

لطف الرحمٰن

میرے اندر خفا ہے، میں کوئی
چیختی پھر رہی ہے پُروائی
کس نے سمجھا ہے دردِ ساگر کا
کس نے دیکھی ہے دل کی گہرائی
کتنی سونی ہے نیند کی دہلیز
چاند کا ہم سفر نہیں کوئی
دیکھ کر اپنا عکس شیشے میں
مہر برلب ہے میری گویائی
شش جہت سے پلٹ گئی جیسے
ہم نے بن میں صدا لگائی تھی
اور اب کون جاگتا ہوگا
رات آدھی گزر گئی ہوگی

طالب جے پوری

اب تو یہ احساس بھی ہوتا نہیں
درد بھی دل میں کبھی تھا یا نہیں
زندگی کا کیوں یقیں ہوتا نہیں
آج کیا فتنہ کوئی برپا نہیں
دیر سے بھی ملتی ہے کعبہ کی راہ
ذہن لیکن اس طرف جاتا نہیں
پڑ گئے کیوں وقت کے ماتھے پہ بل
خوش تو مجھ سے وہ ستم آرا نہیں
اس میں ہے خونِ تمنا بھی شراب
رنگِ گل ہی کچھ چمن آرا نہیں
ہم بھی طالب سے ملے ہیں بارہا
جیسا تم سمجھے ہو وہ ویسا نہیں

شکیل مظہری

چاند نکلا نہ ستاروں نے کوئی بات کہی
دل بہلنے کی اک امید تھی، وہ بھی نہ رہی

اب کے ایسی بھی ترے ہجر میں افتاد پڑی
نہ کوئی درد ہی چمکا نہ کوئی شمع جلی

مدتوں دل نے لہو نذر کیا ہے فن کو
تب کہیں آئی ہے اشعار کے رُخ پر سرخی

کس نے گیتوں کے جزیروں سے پکارا مجھ کو
کس کی آواز مری فکر کے سانچوں میں ڈھلی

ہم کہ اک عمر غمِ زیست کے ہم راہ رہے
ہم کو راس آ ہی گئی زیست کی آشفتہ سری

آج بھی ساتھ ہے میرے وہ مہکتی ہوئی شام
جس میں چمکی تھی ترے پیار کے وعدوں کی کلی

اتنا سرکش ہوا حالات کا برتاؤ شکیلؔ
زندگی وقت کے ماتھے کی شکن بن ہی گئی

نورالحسن انور ادیب

کیوں نہ ہو جائیں نثارِ جلوۂ جانانہ ہم
کر رہے ہیں اتباعِ مشربِ پروانہ ہم
ہر قدم پر ہے نئی آفت جہانِ عشق میں
تجھ کو یہ سمجھائیں کیوں کر اے دلِ دیوانہ ہم
ایک ہی عالم ہے دونوں کا کسے ہو اعتراض
عشق سے ناآشنا وہ حسن سے بیگانہ ہم
جو فنا ہو جائے یکسر رہگزارِ عشق میں
بس سمجھتے ہیں اسی کو عاقل و فرزانہ ہم
بادۂ گل رنگ کا ساغر بھی تو ساقی بھی تو
خوب واقف تجھ سے ہیں اے نرگسِ مستانہ ہم
محتسب کو یہ خبر کر دو کہ پھر سے بزم میں
کر رہے ہیں اہتمامِ شیشہ و پیمانہ ہم
بارگاہِ حسن میں لائے ہیں بہرِ پیش کش
ہدیۂ اُلفت کا اپنے بے بہا نذرانہ ہم
کیا قیامت ہے وہی شے وجہِ بربادی ہوئی
جانتے تھے جس کو یارب زینتِ کاشانہ ہم
ہم کو دونوں سے برابر کی عقیدت کیوں نہ ہو
پاسباں کعبہ ہم اور خادمِ بت خانہ ہم
خوفِ رسوائی لگا رہتا ہے اے انور ادیب
پھر بھی اُن کی بزم میں جاتے ہیں بے باکانہ ہم



نسیم دہلوی

شفیع احمد عثمانی

مرزا محمد اصغر علی خاں نام نسیم تخلص۔ نواب آقا علی خاں قاچار کے بیٹے تھے۔ آقا علی خاں قاچار کا شمار دہلی کے عمائدین میں تھا۔ نسیم ۱۲۱۴ھ مطابق ۱۷۹۹ء بمقام دہلی پیدا ہوئے۔ اور وہیں اپنے والد کے زیر سایہ نشو و نما پائی۔ نسیم کے علاوہ آقا علی خاں قاچار کے تین اور فرزند اکبر علی خاں، احمد حسین خاں اور محمد حسین خاں بھی تھے۔ اُن میں سب سے بڑے اکبر علی خاں تھے۔ احمد حسین خاں اور محمد حسین خاں کے بارے میں یہ پتہ نہیں چلتا کہ وہ نسیم سے چھوٹے تھے یا بڑے۔ اُن کے خاندانی حالات کی تفصیل کا جستجو کے باوجود کچھ پتہ نہیں چلتا۔ کسی مؤرخ یا تذکرہ نگار نے بھی اس پر روشنی نہیں ڈالی۔ حسرت موہانی کے بیان سے صرف یہ پتہ چلتا ہے کہ اُن کے ایک بیٹے کا نام حسین بیگ عرف مرزا ھنا تھا۔ یہ اپنی کم علمی کے باوجود شعر و شاعری کا ذوق رکھتے تھے۔

نسیم کی تعلیم کے بارے میں بھی کچھ تفصیلی حالات نہیں ملتے ہیں رام بابو سکسینہ نے "تاریخ ادب اُردو" میں صرف اتنا لکھا ہے کہ ضرورتِ زمانہ کے مطابق تعلیم سے فراغت حاصل کی۔ اس اجمال کی تفصیل کے لئے ہمارے پاس اُن کے کلام اور اُس زمانے کے ماحول کو سامنے رکھ کر اُن کی علمی استعداد کو متعین کرنے کے علاوہ اور کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ اُن کا کلام اس بات پر شاہد ہے کہ وہ اُردو کے علاوہ فارسی میں بھی دستگاہ کامل رکھتے تھے۔ مومن خاں مومن کی شاگردی بھی اس بات کا بیّن ثبوت ہے کہ نسیم کی علمی استعداد مسلّم تھی کیونکہ مومن کبھی بھی کسی ایسے کو شاگرد بناتے ہی نہ تھے جو ضروری علوم سے نابلد ہو

نسیم کو شعر و شاعری کا ذوق ابتدا ہی سے تھا اور یہ اس زمانے کے تقاضے کے عین مطابق بھی ہے۔

نسیم کو حکیم مومن خاں مومن سے شرفِ تلمذ حاصل تھا اور بقول ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی، اُن کے بہترین شاگردوں میں سے تھے۔[1] استاد سے خصوصی لگاؤ کا یہ کھلا ثبوت ہے کہ اُن کے یہاں جو شاعرہ ہوتا تھا اُس میں مومن خاں ضرور شرکت کرتے تھے۔ نسیم نے اپنے کلام میں مومن کی شاگردی پر جا بجا فخر کیا ہے۔

---

[1] دِلی کا دبستانِ شاعری مؤلفہ ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی مطبوعہ انجمن ترقی اُردو پاکستان کراچی ۱۹۴۹ء صفحہ ۲۶۲

فضل حق سے بسکہ ہے شاگرد مومن تو نسیم
دھوم ہے سارے زمانے میں ترے اشعار کی

نسیم دہلوی تو بھی مگر شاگرد مومن ہے
کہ ہر ہر شعر لطفِ بندشِ استاد دیتا ہے

نسیم ابتداء میں اصغر تخلص کرتے تھے اور قیام دہلی یعنی ۱۲۴۴ھ تک غالباً یہی تخلص رکھا بعد میں اس تخلص کو تبدیل کر کے نسیم اختیار کیا۔ ہوسکتا ہے کہ انھوں نے یہ تبدیلی مومن خاں کی ایما سے کی ہو۔

نسیم طبیعتاً آزاد مزاج اور شرابی رند صفت تھے اور بزرگوں سے بڑے ادب سے پیش آتے تھے بڑے بھائی کا بہت احترام کرتے تھے چھوٹوں کے ساتھ اُن کا رویہ مشفقانہ رہتا تھا اور شاگردوں کی خاطر بھی حد سے زیادہ ملحوظ رکھتے تھے۔ چونکہ طبیعت میں وارستگی تھی اس لئے کلام کو کبھی جمع کرنے کی فکر نہ کی۔ حسرت موہانی نے اُن کے بارے میں لکھا ہے۔ دوات قلم کبھی بھی اُن کے پاس نہ رہتا تھا اور اکثر غزلیں موزوں کرنے کے بعد قریب کے ایک مکتب میں ردی کاغذ پر طالب علموں کے موٹے قلم سے لکھ کر بے احتیاطی کے ساتھ ڈال دیا کرتے تھے۔[1]

نسیم جب تک دلی میں رہے نہایت فراغت اور خوش حالی سے زندگی بسر کرتے رہے لیکن لکھنؤ آکر اُن کو وہ فراغت نصیب نہ ہوئی اور کبھی کبھی تو اُن کو بڑی تنگ دستی کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ لیکن اس حالت میں بھی، رحم دلی اور فیاضی کے ساتھ جو اُن کی فطرت میں داخل تھی، حاجتمندوں سے پیش آتے تھے۔

نسیم طبیعتاً بڑے خود دار تھے، اُن کی خود داری اس سے ظاہر ہے کہ جب وہ بھائیوں سے خفا ہو کر دلی سے لکھنؤ چلے آئے، پھر کبھی دلی واپس نہ آئے۔ اُن کے لکھنؤ آنے کے کچھ دنوں بعد بھائیوں نے معذرت کے ساتھ دلی بلانے کی کوشش کی اور پانچ سو روپے زادِ راہ کے بھی بھیجے لیکن اُنہوں نے تنگیٔ معاش کے باوجود روپے واپس کر دیئے اور بھائیوں کا احسان لینا گوارا نہ کیا۔ خود داری کی غالباً یہ صفت اُن کو اپنے اُستاد حکیم مومن خاں مومن سے ملی تھی۔ مرزا نے اپنی خود داری کی وجہ سے کبھی ملازمت کرنا گوارا نہ کیا۔ منشی نولکشور نے غدر کے بعد اُن کی طرف قدر دانی کا ہاتھ بڑھایا اور "الف لیلہ" کو نظم کرنے کی خدمت سپرد کی لیکن پہلا ہی دفتر ختم ہوا تھا کہ منشی صاحب کی طرف سے کتاب کو جلد ختم کرنے کا اصرار ہوا۔ مرزا کو یہ امر ناگوار ہوا اور وہ اس کام سے دست بردار ہو گئے۔ جس کے متعلق دو روایتیں ہیں مولانا عبدالحیٔ مصنف "گل رعنا" اور ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی مصنف "دلی کا دبستانِ شاعری" کا خیال ہے کہ پیغام اجل آجانے کی وجہ سے یہ سلسلہ منقطع ہو گیا لیکن حسرت موہانی رسالہ "اردوئے معلیٰ" میں لکھتے ہیں۔ کہ منشی صاحب کی جانب سے کتاب کے جلد ختم کرنے کا اصرار ہوا۔ مرزا صاحب کو یہ امر ناگوار ہوا۔ اور اُنہوں نے اس شعر پر دفتر اوّل ختم کر کے چھوڑ دیا۔

لکھا یاں تک نسیم دہلوی نے
کہا آگے سے ملو طارم جی نے

حسرت موہانی کی روایت زیادہ صحیح اور قرینِ قیاس معلوم ہوتی ہے کیونکہ خود اس کی تصدیق نسیم کے اشعار ذیل سے ہوتی ہے۔

کہا جلد آپ اس کو نظم فرمائیں
کہ ہوں محظوظ دلِ سامع مزا پائیں
ارادہ تھا کہ کچھ لکھے مگر آہ
پس از چندے یہ پہونچا حکم ناگاہ
کہ لاؤ الف لیلہ، الف لیلہ
ذرا دیکھیں تو حضرت نے کہا کیا
یہ سنتے ہی ہوئے عاجز جو برہم
تو کیسی الف لیلہ اور کہاں ہم
کہا بہتر بجا لاتا ہوں ارشاد
ہوئی پابند سرعت طبع آزاد
کہا جو جی میں آیا بے تامل

---

[1] رسالہ اردوئے معلیٰ بابتہ جنوری ۱۹۱۰ء ص

لب مضموں سے ٹپکا کیف بے حد

یہ اشعار اس بات کا بیّن ثبوت ہیں کہ ناگواری کے سبب اُنہوں نے خود اِس کام کو چھوڑ دیا۔ ہوسکتا ہے کہ اس واقعہ کے بعد منشی نولکشور سے تعلقات میں کچھ کشیدگی پیدا ہوگئی ہو ورنہ اس سے پہلے اُن سے تعلقات نہایت خوشگوار رہے۔

اُن کے کلام میں ایسے اشعار ملتے ہیں جس سے طبیعت کی شان استغنا کا پتہ چلتا ہے ؎

کیوں ناز اُٹھائیں گے نسیمؔ اہلِ دول کے
حاجت نہیں رکھتے کوئی مشکل نہیں رکھتے

۱۲۴۴ھ مطابق ۱۸۲۸ء تیس سال کی عمر میں نسیمؔ دہلی سے ترکِ سکونت کر کے لکھنؤ میں آئے ڈاکٹر ابواللیث صدیقی نے "لکھنؤ کا دبستانِ شاعری" میں نسیمؔ کی لکھنؤ میں آمد غدر سے کچھ پہلے لکھی ہے جو صحیح نہیں ہے۔ یہ غدر سے ۳۴ سال پہلے لکھنؤ میں آ گئے تھے۔ قاضی عبدالودود صاحب نے بھی ڈاکٹر صدیقی کی اس غلطی کی طرف اشارہ کیا ہے[1]

نسیمؔ کی شاعری جس وقت اپنے پورے عروج پر تھی اس وقت واجد علی شاہ کا زمانہ تھا۔

اُن کی قدردانی کی وجہ سے شعراء کھنچ کھنچ کر لکھنؤ آگئے۔ قلق، برق اسیر، اور بہار واجد علی شاہ کے خاص مصاحبین شعراء میں سے تھے۔ اس کے علاوہ اس زمانے کے نامور شعراء میں وزیر، عیش، قبول، شرف بحر، رشک، ہلال، آباد، صبا، خلیل، عرش، اور سحر جیسے باکمال اُستادانِ فن موجود تھے۔ اُن میں سے بعض بعض تو آسمانِ شاعری کے نیّر درخشاں کی حیثیت رکھتے تھے جن کی ضوفشانی لازوال ہے۔ یہ تھا وہ ماحول جب نسیم نے لکھنؤ میں قدم رکھا۔

نسیمؔ نے جس وقت سرزمینِ لکھنؤ میں قدم رکھا شیخ امام بخش ناسخ کی کوششوں سے لکھنؤ کی زبان کو سند کا درجہ حاصل ہو چکا تھا جس کو اکابرین شعرائے دہلی نے بھی تسلیم کیا ہے۔ غالب نے بھی جابجا لکھنؤی زبان کا اعتراف کیا ہے۔ یہ ضرور ہے کہ ایک طرف زبان بگڑ کر نکھر گئی اور اس میں شیرینی و حلاوت پیدا ہوگئی۔ لیکن دوسری طرف کچھ ایسی بدعتیں اسی دور میں داخل ہوگئیں جو دبستانِ لکھنؤ کی خصوصیات قرار پائیں۔

دبستانِ لکھنؤ سے اُس دور کا ہر شاعر بالواسطہ یا بلاواسطہ متاثر ہوا۔ یہ اثرات صرف لکھنؤ ہی تک محدود نہیں رہے بلکہ دلّی تک پہونچے تو پھر نسیمؔ جو لکھنؤ ہی میں قیام پذیر تھے، اُس دبستان کے اثرات سے کس طرح بچ سکتے تھے لیکن نسیمؔ نے انتہائی ذہانت سے کام لیتے ہوئے اُس چمنستان کے گلوں کو چن کر اپنے دامن میں بھر لیا اور خاروں سے دامن بچا لیا۔ اس دبستان کے محاسن کو اپنایا اور معائب کو بڑی حد تک چھوڑ دیا۔ یہ یقیناً نسیمؔ کا اجتہاد ہے ورنہ اُس دور میں لکھنؤ کا ہر شاعر ایک ہی رو میں بہہ رہا تھا۔

نسیمؔ کی یہ سب سے بڑی خوبی ہے کہ اُنہوں نے لکھنؤ کی زبان کو خیالات کے اظہار کا ذریعہ بنایا۔ لیکن رنگِ دہلی نہ چھوڑا جس کی وجہ سے اُن کی شاعری اپنے تمام ہمعصروں میں بلحاظ زبان و بیان ایک امتیازی شان رکھتی ہے۔ اس طرح اُن کی شاعری میں لکھنوی زبان اور دہلوی خیالات کا ایک حسین امتزاج ملتا ہے۔

ذیل کے چند اشعار بطور مثال پیش کیے جاتے ہیں۔ ورنہ حقیقت تو یہ ہے کہ نسیمؔ کا تقریباً سارا کلام اسی طرز میں ہے ؎

کسی صورت تو دل شاد کرنا
ہمیں دشمن سمجھ کر یاد کرنا
اُڑا دو خاک میری ٹھوکروں سے
اگر منظور ہے برباد کرنا

اس درجہ تھا قلق مجھے ردِّ سوال کا
دریا بہا کیا عرق انفعال کا
شعلوں میں آفتاب میں انجم میں ماہ میں
جلوہ کہاں کہاں ہے تمہارے جمال کا

ہاں خدارا اے اجل اتنا توقف چاہیے
چلتے چلتے اک نظر پھر دیکھ لیں ہم روئے دوست

---

[1] رسالہ "ساغر" پٹنہ بابتہ اکتوبر ۱۹۶۴ء ص ۲۹

ترے چھٹنے سے چھوڑا آنسوؤں نے ساتھ آنکھوں کا
گلے مل مل کے آپس میں چلے آتے ہیں دامن تک

نسیم کے عہد میں شعر کی ظاہری خوبیوں کو اُجاگر کرنے کے سلسلے میں شعراء نے بڑی حد تک سے کام لیا۔ اُن میں سے ایک صنف رعایت لفظی بھی ہے جس نے لکھنؤ کی شاعری کو بگاڑا بھی ہے۔ یہ شوق شعراء کی طبیعتوں میں اس قدر رچ بس گیا تھا کہ لکھنؤ کا کوئی بھی شاعر اس سے بچ نہ سکا۔ ہاں اگر کسی شاعر نے اس سے اجتناب کیا تو وہ تنہا نسیم دہلوی ہیں اس کی تصدیق حسرت موہانی کے مندرجہ ذیل بیان سے ہوتی ہے [1]

"شاعری میں بھی رعایت لفظی کی وبائے عام سے بالکل متاثر نہ ہوئے اور نہ صرف اپنے کلام کو اس عیب سے حیرت انگیز طور پر پاک رکھا بلکہ بہت سے باشندگانِ لکھنؤ کے مذاق کو تبدیل کرنے میں بھی کامیاب ہوئے"

اس کو نسیم کی شانِ انفرادیت قرار دیا جاسکتا ہے۔ نسیم کی انفرادیت یہی نہیں کہ انہوں نے لکھنؤ میں رہتے ہوئے یہاں کے دبستان کے خیالات سے اجتناب کیا بلکہ یہ بھی ہے کہ انھوں نے دہلوی شعراء کی بھی اندھی تقلید نہیں کی۔ اُن کے نزدیک صرف عاشقانہ غزل لکھنا ہی فریضۂ شاعری نہیں بلکہ اُس کے تنگ دامن کو پھولوں مضامین سے وسعت دینا بھی ایک کارنامہ ہے جیسا کہ خود کہتے ہیں ؎

مضمون کے بھی شعر اگر ہوں تو خوب ہیں
کچھ ہو نہیں گئی غزل عاشقانہ فرض

نسیم کو غزل، مثنوی، اور قصیدے میں یکساں مہارت حاصل تھی۔ ذیل میں ہم نسیم کی مختلف اصناف سخن میں قادر الکلامی پر کچھ روشنی ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

قصیدہ — اُردو میں ہمیں زیادہ تر دو قسم کے قصیدے ملتے ہیں۔ اوّل حمد، نعت یا منقبت میں دوسرے بادشاہ، امراء یا اہلِ دول کی مدح میں۔ اوّل الذکر قصیدے ثواب کی نیت سے لکھے جاتے تھے اور آخر الذکر حصولِ زر اور دنیاوی منفعت کے لئے۔ نسیم کے دیوان میں اگرچہ چودہ قصیدے ہیں لیکن یہ عجیب بات ہے کہ حمد، نعت یا منقبت میں انہوں نے کوئی قصیدہ نہیں لکھا حالانکہ مستغنی مزاج شعراء کا قصیدہ نگاری میں یہی میدان ہوتا ہے۔ غالباً وہ اس راہ کی دشواریوں سے آشنا تھے اور اُن کے پیشِ نظر یہ نظریہ تھا ؎

زلاف حمد و نعت اولیٰ است بر خاک اُدب خفتن
ببودے می تواں کردن، دروغے می تواں گفتن

نعتیہ قصائد لکھنا سب سے زیادہ دشوار ہے۔ عرفی نے اس کو تلوار کی دھار پر چلنے کے مترادف کہا ہے ؎

عرفی، مشتاب ایں رہ نعت ایست نہ صحرا ست
آہستہ! کہ رہ بردم تیغ است قدم را!!!

اس لئے نسیم کے قلم نے اس وادی میں قدم نہیں رکھا۔ اُن کے مدحیہ قصیدے بھی بے سر و پا قسم کی مدح اور جھوٹی تعریفوں سے پاک ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسے مستغنی مزاج اور سر و سامان سے بے پروا شاعر کو قصیدے لکھنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ درحقیقت قصیدہ نگاری ہی شاعری کی ایسی صنف ہے جس میں شاعر اپنی قابلیت کا اظہار کر سکتا ہے چنانچہ وہ شعراء جو عوشا مداد و تملق سے کچھ سروکار نہ رکھتے تھے۔ اپنی قابلیت کے اظہار اور ہم عصروں کے دلوں پر اپنے علوم و فنون کا سکہ جمانے کے لئے قصیدہ لکھتے تھے کیونکہ سوائے قصیدہ کے کسی دوسری صنف کے لئے ہمہ دانی اور علوم مختلفہ میں مہارت کی ضرورت نہیں ہوتی چنانچہ نسیم کے قصیدوں میں مداحی کم اور قابلیت کا اظہار زیادہ ہے۔

غزل — نسیم کا خاص کمال ان کی غزل گوئی میں نظر آتا ہے۔ اسی کی بدولت انہوں نے اُردو شعراء میں ایک اہم مقام حاصل کر لیا۔ واقعی یہ چیز کوئی معمولی اہمیت نہیں رکھتی کہ ایسا شاعر جو اپنی عمر کے تیئس سال دلی میں گزارنے کے بعد لکھنؤ آیا، وارستہ مزاجی جس کی فطرت میں داخل تھی، جسکو درباری رسوخ بھی حاصل نہ تھا، لکھنؤ میں اساتذہ کی کمی نہ تھی، ناسخ اور آتش کے شاگردوں کا طوطی بول

---

[1] رسالہ "اُردوئے معلیٰ" بابتہ جنوری ۱۹۱۰ء صہ ۵

رہا تھا! ایسے ماحول میں نسیم کے لئے اپنا مقام پیدا کرلینا صرف اُن شاعرانہ صفات کی وجہ سے ہے، جو اُن کو اپنے نامور اُستاد حکیم مومن خاں سے ورثہ میں ملی تھیں۔ خود نسیم کے مندرجہ ذیل شعر سے پتہ چلتا ہے کہ اُن کے اشعار کی لوگوں میں بڑی دھوم تھی ؎

شکر کر درگاہ حق میں اے نسیم
اب تو شہرے ہیں ترے اشعار کے

نسیم کو یہی نہیں کہ لکھنؤ میں صرف داد ہی ملی ہو بلکہ انہوں نے یہاں پر شاگردوں اور عقیدت مندوں کا ایک معقول گروہ پیدا کرلیا تھا۔

نسیم کی غزلیات کے مطالعے سے ہم اس نتیجہ پر پہونچتے ہیں کہ نسیم کی غزلوں میں وہ تمام خوبیاں موجود ہیں جو ایک اچھے غزل گو کے یہاں پائی جاتی ہیں۔ نسیم کے کلام کی ان خوبیوں کا ہم مختلف عنوانوں کے تحت جائزہ لیں گے۔

۱۔ نازک خیالی ــــ نسیم کے کلام کی سب سے بڑی خوبی نازک خیالی ہے۔ یہی خوبی اُن کے اُستاد حکیم مومن خاں مومنؔ کے یہاں بھی اس پایہ کی تھی کہ آج تک کسی اُردو شاعر کے یہاں دیکھنے میں نہیں آئی۔ نسیم نے مومن کی شاگردی پر فخر کرتے ہوئے کہا ہے کہ اُستاد کا طرز اُن سے نہیں چھٹ سکتا ؎

مومنؔ کا طرز چھٹ نہ سکے گا نسیم سے
شاگرد سے نہ بندشِ اُستاد جائے گی

اُستاد کے طرز میں سب سے زیادہ اُن کو نازک خیالی ہی ملی۔ نسیم خود بھی اپنی اس خوبی سے واقف تھے جیسا کہ کہا ہے ؎

جو ہیں نزاکت پسند عالم کہیں گے بیشک وہ مصحفیؔ سے
بہت ہیں اُستاد یوں تو لیکن نسیم کا ساسخن نہیں ہے

ذیل کے اشعار سے اُن کی یہ خوبی واضح ہوجائے گی ؎

کس طرح آگے بڑھوں مانع ہے کچھ پاسِ ادب
آنہ جائے زیرِ پا سایہ تری دیوار کا

دیکھو ضرور بارِ نزاکت سے ہوگا رنگ!
اے جان نہ اُٹھ سکیں گے قدم سے حنا کے ناز

کوئی شیشہ نہیں اے رونقِ محفل ٹوٹا
آہ کی ٹھیس لگی آبلۂ دل ٹوٹا

۲۔ رنگینیٔ بیان ــــ نسیم کی دوسری نمایاں خوبی بیان کی رنگینی ہے۔ یہ صفت بھی انھیں بقول حسرت موہانی اپنے اُستاد سے ملی تھی۔ مومن کی زندگی بڑی رنگینیوں میں گزری لیکن نسیم کی زندگی ہمیں رنگینیوں سے بہت دور نظر آتی ہے۔ پھر بھی اُن کے کلام میں خاصی رنگینیاں ہیں اور بیان کی رنگینی بیشتر قابلِ داد ہے۔ یوں تو اُن کے دیوان میں بہت سے ایسے اشعار مل جائیں گے جو رنگینیٔ بیان کی اچھی مثالیں ہیں لیکن بخوفِ طوالت ہم ذیل کی چند مثالوں پر اکتفا کر رہے ہیں ؎

آسماں پر کچھ شفق پھولی نظر آنے لگی
عکس جا پہونچا تمہارے دامنِ گلنار کا

کسی کے چہرے پہ ہوتا کسی کے دامن میں
مجھے بھی آنکھ کا اشکِ چکیدہ ہونا تھا

ہوئی جھوٹی قسم کھانی جو منظور
خوشا قسمت میں اُن کو یاد آیا

ابرو میں خم، جبیں میں چیں، زلف میں شکن
آیا جو میرا نام تو کس کس میں بل پڑے

۳۔ سہل ممتنع ــــ نسیم کے دیوان میں تقریباً ہر غزل میں دو ایک اشعار ایسے ضرور ملیں گے جو سہل ممتنع کی اچھی مثالیں قرار دیئے جاسکتے ہیں لیکن بعض بعض تو پوری غزلیں ایسی ہیں جو

اس خوبی سے مرصع ہیں نسیم کی یہ وہ خوبی ہے جو اُن کے ہم عصر لکھنؤی شعراء کے یہاں ناپید ہے۔ متفرق اشعار سے قطع نظر کرتے ہوئے ہم ایک غزل سے چند اشعار نقل کرتے ہیں تاکہ اُن کی اس خوبی کا صحیح اندازہ ہو سکے۔

بنانے سے یہ مطلب ہم نے پایا
مٹانے کے لئے ہم کو بنایا
بشکل اشک ہوں با قدر و بے قدر
وہ گوہر ہوں کہ کھویا جس نے پایا
نہ طعنہ تھا، نہ شکوہ تھا مرا نام
عجب ہے تیرے لب پر کیوں کر آیا
نہ اُٹھا گر کے آنسو کی طرح سے
عدم کا لطف ہستی میں دکھایا
ہوئی جھوٹی قسم کھانی جو منظور
خوشا قسمت میں اُن کو یاد آیا

شوخی ۔ نسیم کے کلام میں شوخی بھی بدرجہ اتم موجود ہے جیسا کہ ذیل کی چند مثالوں سے واضح ہوگا ؎

ڈراتا ہے کسے واعظ عذاب روزِ محشر سے
قیامت اک خیال کا کل برہم سمجھتے ہیں

صبح سے تا شام ہٹ کرتے ہو لاکھوں بار تم
اس قدر کثرت سے دل کوئی کہاں سے لائیگا

ضد یہ نئی ہے کہ میرا لے کے دل
کہتے ہیں ایک اور لا دیجئے

زبان کی صفائی اور شیرینی ــــ یہ نسیم کی وہ صفت ہے جو اُن کو تمام دہلوی شعراء سے ممتاز کرتی ہے نسیم کے یہاں لکھنوی زبان کے ساتھ دلی کے خیالات کا ایک حسین امتزاج ملتا ہے جو ہمیں کسی اُردو شاعر کے یہاں نہیں ملتا۔ اُن کی زبان میں بڑی لطافت صفائی اور شیرینی ہے۔ ذیل کے اشعار ظاہر کر دیں گے کہ وہ کیسی کو ثر و تسنیم سے دھلی ہوئی زبان استعمال کرتے تھے ؎

کمالِ ربط میں ہوتی ہیں سیکڑوں باتیں
نہ اس قدر تمہیں ہم سے کشیدہ ہونا تھا

دوڑو خدا کے واسطے دیکھو تو کیا ہوا
کہتا ہے کوئی ہائے کلیجہ نکل گیا

میں نہ کہتا تھا نہ دیکھو آئینہ اچھا نہیں
صدقے جاؤں حال میرا سامنا را ہو گیا

نہ کر آزاد اے صیاد لیکن رحم کر اتنا
نظر سے دیکھ لوں لے چل مجھے اُجڑے نشیمن تک

عارفانہ مضامین ــــ نسیم کے کلام کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اُن کی شاعری پر مذہب کی گہری چھاپ تھی۔ اُن کی بعض بعض پوری غزلیں اسی رنگ میں ڈوبی ہوئی ہیں۔ مثلاً وہ غزل جو آتش کی اُس مشہور غزل پر لکھی ہے جس کا مطلع یہ ہے ؎

حباب آسا میں دم بھرتا ہوں تیری آشنائی کا
نہایت غم ہے اس قطرے کو دریا کی جدائی کا

نسیم کا مطلع ہے ؎

جو عاشق ہو تو کچھ سمجھے یہ نکتہ آشنائی کا
ملا ہے حکم سجدے میں ہم کو جبہہ سائی کا

نسیم اس خاص وصف میں خواجہ آتش سے بہت زیادہ متاثر نظر آتے ہیں۔ اس غزل کے علاوہ نسیم نے متعدد غزلیں خواجہ آتش کی مشہور غزلوں پر لکھی ہے۔ ہم ذیل میں نسیم کے متفرق اشعار بطور مثال پیش کر رہے ہیں جس سے اندازہ ہوگا کہ وہ معرفت کے رنگ میں کس قدر ڈوبے ہوئے تھے ؎

عالم سے نرالا ہے ہر ایک سے بالا ہے
حاجت نہیں کچھ رکھتا محتاج تیرے در کا

شعلوں میں، آفتاب میں، انجم میں، ماہ میں
جلوہ کہاں کہاں ہے تمہارے جمال کا

قصور اپنی نظر کا تھا نسیم آہ
وگرنہ اس کا جلوہ چار سو تھا

مثنوی ــــ نسیم کی مثنوی نگاری کے سلسلے کی پہلی اور آخری کوشش الف لیلہ "منظوم کا دفتر اوّل تھا۔ الف لیلہ نظم میں پہلے نسیم دہلوی نے منتقل کیا۔ اس کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ نسیم کی طبیعت مثنوی نگاری کے لئے بہت زیادہ موزوں واقع ہوئی تھی۔ اگرچہ ان کو مثنوی نگاری جبراً کرنا پڑی لیکن یہ کہیں سے پتہ نہیں چلتا کہ یہ آورد ہے۔ برخلاف اس کے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ ایک تیز رو دریا ہے جو بہتا چلا جا رہا ہے۔ مثنوی کے تمام لوازم بدرجۂ اتم موجود ہیں۔ اس میں اور اردو کی دیگر مثنویوں میں فرق یہ ہے کہ دوسری مثنویوں میں صرف ایک ہی قصہ شروع سے آخر تک نظم کیا ہے۔ لیکن اس میں سیکڑوں داستانیں ہیں اور وہ بھی ایسی جن کی بنیاد مافوق الفطرت عناصر پر رکھی گئی ہے۔ کوہ قاف کی باتیں ہیں، دیو پریوں کے قصے ہیں، طلسمات کے جنگل ہیں، آگ کے دریا ہیں۔ غرضکہ جو کچھ ہے سب بے سروپا ہے۔ جس کا صداقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ ایسے قصوں میں ربط و روانی قائم رکھنا شاعر کا بڑا کمال ہے۔ بخوف طوالت ہم مثالوں سے گریز کر رہے ہیں کیوں کہ اتنی طویل داستانوں کی مثالوں کے لئے بھی کتاب دفتر چاہئے۔

اس کے ساقی ناموں کے بارے میں مولانا عبدالحئی مولف "گل رعنا" رقم طراز ہیں۔

"الف لیلہ کے ساقی نامے اگر ایک جا جمع کر دیئے جائیں، تو میرا خیال ہے کہ ظہوری کا ساقی نامہ اس کے سامنے بے حقیقت ہو جائے گا۔" [1]

آگے چل کر مولانا نے نمونے کے طور پر مثال میں ذیل کے اشعار تحریر کئے ہیں۔

سنبھل ساقی کہ وقت اب اور آیا
رہوں بے ہوش پھر وہ دور آیا
مزا رکھتا نہیں بے کیف جینا
تمنا ہے کہ برسے ابر مینا
ہر اک قطرہ لہو بن بن کے ٹپکے
مرے دامن سے مے چھن چھن کے ٹپکے
طبیعت صورتِ مے جوش میں ہے
تمنا عزم نوشا نوش میں ہے
نظر آئے کنارِ جام گلگوں
لبِ شاعر سے ٹپکے لطفِ مضموں
وفورِ شوق وقفِ گفتگو ہو
سخن افسانہ ریز آرزو ہو
گلے مل مل کے لفظوں سے معانی
دکھائیں گفتگو کی نوجوانی!!
طبیعت محو ہو عرضِ سخن میں
فسانہ یوں بیاں ہو انجمن میں

کلام پر رائے ــــ کسی شاعر کی اہمیت یا اس کے کلام کی خصوصیت کا صحیح اندازہ لگانے کے لئے ہمیں یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ اس کے بارے میں استادانِ فن اور ناقدین کی کیا رائے ہے۔ ہم نے جتنی بھی تاریخوں اور تذکروں کا مطالعہ کیا یا جس نقاد کی بھی رائے پڑھی اسکو نسیم کی شاعرانہ خوبیوں کے بارے میں رطب اللسان پایا۔ ذیل میں ہم چند کے اقتباسات پیش کرتے ہیں جس سے اردو شاعری میں نسیم کی اہمیت کا صحیح اندازہ ہو سکے گا۔ اس سلسلے میں سب سے اہم رائے صفدر

---

[1] "گل رعنا" مولفہ مولانا عبدالحئی مطبوعہ مطبع معارف اعظم گڑھ ۱۳۴۳ھ صفحہ ۳۹

شاعران اُردو مرزا غالب کی ہے۔ مرزا نے ایک گلدستہ میں نسیم کی ایک غزل دیکھ کر منشی نولکشور سے ان کے متعلق استفسار کیا اور اُن کے کلام کے دیکھنے کا اشتیاق ظاہر کیا۔ نولکشور نے نسیم سے دریافت کر کے اُن کا حال اور کلام بھیجا۔ مرزا نے بہت پسند کیا اور جب اُن کا دہلوی ہونا معلوم ہوا تو لکھا "کہرا جستم و عقیق یافتم"۔ مرزا نے اس ایک جملہ میں نسیم کے بارے میں وہ سب کچھ کہہ دیا جس کے لئے ایک دفتر بھی ناکافی ہے۔

سید وزارالحسن خاں مولف "تذکرہ طور کلیم" نے اُن کا شمار مشاہیر سخنوروں میں کیا ہے [1]

عبدالغفور نساخ "سخن شعراء" میں رقم طراز ہیں کہ لکھنؤ میں اُن کی شاعری کا بڑا شہرہ ہے [2]

سید علی حسن خاں مولف "بزم سخن" اُن کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"سخن شایستہ و سنجیدہ فرمود" [3]

مولانا عبدالحئی مولف "گل رعنا" نے لکھا ہے

"میری نظر میں وہ اپنے معاصرین اہل دہلی میں ایک ہی شخص ہیں جس نے اپنے طرز بیاں کو محفوظ رکھتے ہوئے اہل لکھنؤ کی مرتوکات قبول کرنے میں پیش قدمی کی اور زبان کا ایسا اعلیٰ نمونہ پیش کیا کہ شعرائے لکھنؤ نے اس کی داد دی۔" [4]

اس سلسلے میں حسرت موہانی کی بھی رائے بڑی اہمیت رکھتی ہے وہ فرماتے ہیں

"لکھنؤ کی زبان اور دہلی کے بیان کی پسندیدہ اور معتدل ترکیب کا جلوہ جیسا مرزا نسیم کی شاعری میں نظر آتا ہے اس کی مثال کسی دوسرے کے کلام میں نہیں مل سکتی" [5]

خود نسیم کی اپنے بارے میں جو رائے تھی، اس کا ذکر کر دینا بھی لطف سے خالی نہ ہوگا۔

ہوئے مضمون اعلیٰ میری طبع پاک سے پیدا
ہزاروں آسماں ہیں ایک مشت خاک سے پیدا

کیوں نہ مستغنی رہیں فضل خدا سے اے نسیم
رکھتے ہیں ملک سخن کی واقعی جاگیر ہم

نسیم دہلوی ہم موجد باب فصاحت ہیں
کوئی اُردو کو کیا سمجھے گا جیسا ہم سمجھتے ہیں

نسیم کے ان اشعار میں اگرچہ شاعرانہ تعلی کا کسی حد تک دخل کہا جا سکتا ہے لیکن ہم اُوپر کی اہم رایوں کی روشنی میں اُن کے کلام کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں نسیم کے ان اشعار میں شاعرانہ تعلی کم اور صداقت کا عنصر زیادہ نظر آتا ہے۔

وفات نسیم کی وفات بہ عمر ستر سال ۱۴ رمضان ۱۲۸۳ھ مطابق ۱۸۶۴ء ہوئی جس پر تمام تذکرہ نویس متفق ہیں۔ اس بارے میں کچھ تفصیلی ذکر کہیں نہیں ملتا کہ اُن کی موت کا بہانہ کون مرض ہوا تھا اور کتنے دن علیل رہے۔

مغفرت صدقے رہی مدفن پہ میری تم تو ں
منہ چھپایا رو کے ایسا دامن تقصیر نے



---

[1] "تذکرہ طور کلیم" مولفہ سید وزارالحسن خاں سنہ ۱۸۸۰ء صفحہ ۱۱۶

[2] "سخن شعراء" مولفہ عبدالغفور نساخ مطبوعہ نولکشور پریس لکھنؤ سنہ ۱۸۷۴ء صفحہ ۵۱۹

[3] "بزم سخن" مولفہ سید علی حسن خاں مطبوعہ مفید عام پریس آگرہ سنہ ۱۸۸۸ء صفحہ ۱۱۲

[4] "گل رعنا" مولفہ عبدالحئی صفحہ ۳۹

[5] "اُردوئے معلیٰ" بابتہ جنوری سنہ ۱۹۰۸ء صفحہ ۵



نثر کا حسن : مرتب: عابد رضا بیدار ، ضخامت: ڈھائی آکڈو سائز کے ایک سو ساٹھ صفحات ، قیمت : دس روپے
ملنے کا پتہ: رام پور انسٹی ٹیوٹ آف اورینٹل اسٹڈیز ۱۸۰۶ کلاں محل، دلی-۶

ہمارے یہاں غزلوں اور نظموں کے بے شمار انتخابات ہیں۔ کیونکہ ہم نے شاعری کو اوڑھنا بچھونا بنا لیا ہے۔ لیکن نثر کی طرف توجہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ ہمیں عابد رضا بیدار کا شکر گزار ہونا چاہئے کہ انہوں نے دورِ حاضر کے چند جانے ملنے اور بعض نسبتاً کم معروف مگر قابلِ توجہ نثر نگاروں کے نثر پاروں سے روشناس کرایا۔ کتاب کا اصل عنوان تو نثر کا حسن ہے لیکن اس کا ذیلی عنوان اور ہے "میرے عہد کے صاحبِ طرز نثر نگار"۔ جن نثر نگاروں کو انہوں نے صاحبِ طرز مانا ہے۔ ان کے نام ہیں،

(۱) رشید احمد صدیقی (۲) ڈاکٹر ذاکر حسین (۳) ابوالکلام آزاد (۴) خواجہ غلام السیدین (۵) محمد مجیب (۶) وحی احمد بلگرامی (۷) نیاز فتحپوری (۸) آل احمد سرور (۹) رگھوپتی سہائے فراق (۱۰) بیگانہ عظیم (۱۱) مشتاق احمد یوسفی (۱۲) عبداللہ حسین۔ انہوں نے یہ بھی وعدہ کیا ہے کہ اگلے حصے میں (۱۳) عبدالماجد دریابادی (۱۴) مجنوں (۱۵) حجاب امتیاز علی (۱۶) قرۃ العین حیدر (۱۷) صحافی عبدالباقی (۱۸) عورشید الاسلام (۱۹) خواجہ محمد شفیع اور (۲۰) عامر عثمانی شامل ہونگے۔ بعض اور نام بھی زیرِ غور ہیں۔

سب سے پہلے بیدار نے نثر کو بنیادی نثر اور طرحدار نثر دو خانوں میں تقسیم کیا ہے۔ سرسید، حالی، پریم چند، عبدالحق، عابد حسین، حسن نظامی، میر ناصر علی، اور قاضی عبدالغفار کو انہوں نے انتخاب کے دائرے سے اس لئے باہر قرار دیا کہ وہ طرحدار نثر نگار نہیں ہیں۔ اور جو طرحدار ہیں اُن میں سب صاحبِ طرز نہیں ہیں۔ پھر بھی بیدار کا خیال ہے کہ اُن کے ہم عصروں میں پچیس کے قریب ایسے صاحبِ طرز نثار ضرور ہیں جو ایک دو جملے لکھیں تو پہچان لئے جائیں۔ میرے خیال میں موجودہ دور کے کسی ادیب کو بھی دو ایک جملوں سے قطعی طور پر پہچان لینا تقریباً ناممکن ہے۔ کسی کے صاحبِ طرز تسلیم کئے جانے کی یہ ضرور شرط ہے بھی نہیں کہ اُس کے ہر جملے پر اُس کی مہر ہو۔ یہ بات کسی بھی زبان کے ادیبوں کو آج حاصل نہیں ہے۔ بلکہ شاید کبھی حاصل نہیں رہی ہے۔

صاحبِ طرز ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ اس کے یہاں بہ حیثیت مجموعی ایک طرز اور ایک آہنگ کا واضح احساس ہو۔ یہ بات احتشام حسین اور آل احمد سرور کے تقابل سے واضح ہو جائے گی۔ دونوں ہی ہم عصر، وسیع المطالعہ، اور صاحبِ نظر نقاد ہیں۔ لیکن اکثر ایک ہی بات کے ادا کرنے میں بھی اُن کا طریق کار ہی نہیں بلکہ طرزِ اظہار بھی مختلف ہوتا ہے۔ یہ اُن کی انفرادی طرز ہے اور اِن دونوں کو ہی صاحبِ طرز قرار دیا جا سکتا ہے لیکن یہیں سے وہ دوسرا سوال اُٹھ کھڑا ہوتا ہے جو بنیادی نثر لکھنے والوں کو حلقہ بیرونِ در قرار دینے سے اُبھرتا ہے۔

رشید صاحب یقیناً صاحبِ طرز ادیب ہیں اور انہوں نے "بنیادی نثر" کو ان معنوں میں استعمال نہیں کیا ہوگا، جن معنوں میں ہم "بنیادی تعلیم" کی اصطلاح سمجھنے لگے ہیں۔ بنیادی نثر، اساسی نثر ہے جو حشو و زواید، صناعی اور مصنوعی اثر آفرینی سے گریز کر کے صناعانہ سادگی سے بات کو قاری تک پہنچاتی ہے۔ اس نثر کا لکھنا طرحدار نثر لکھنے سے کم مشکل نہیں ہے۔ مولوی عبدالحق، خواجہ حسن نظامی، سید سلیمان ندوی، سید عابد حسین اور مسعود حسن رضوی ادیب

کی نثر کی وقعت اس لئے کم نہیں ہے کہ وہ سادہ یا عاری ہے۔ یہ لوگ جس طرح مشکل مباحث اور معانی کو بھی پانی کر دیتے ہیں اور اس سادگی کے باوجود اثر انگیزی میں کمی نہیں آنے دیتے، وہ ایک ہنر ہے۔ ہر سادگی بھی یک رنگ نہیں ہوتی۔ اس کو خود بیدار نے قاضی عبدالودود کے سلسلہ میں تسلیم کیا ہے۔ لیکن انہوں نے یہ کہہ کر بات سنبھال لی کہ وہ انتہائی بنیادی نثر لکھتے ہیں۔ اس "انتہائی بنیادی نثر" کا مقصد صرف یہ ہے کہ وہ ایجاز و اختصار کے معاملے میں انتہا پسند ہیں لیکن یہ بھی سادگی کی ایک طرز ہی تو ہے!

کوئی بھی انتخاب آخری اور حتمی نہیں ہوتا۔ یہ بھی نہیں ہے۔ پھر بھی دو چار گزارشیں اس انتخاب کے بارے میں کرنا ہیں۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ کتاب میں فہرست نہیں ہے، دوسرے منتخبہ مضامین میں کوئی ترتیب نہیں۔ تیسرے حوالے نہیں۔ یہ کام ضروری تھے اور ہیں۔ آل احمد سرور کی دوسری تحریریں (میرے خیال میں) زیادہ نمایندہ تھیں، لیکن یہ ذوق کا سوال ہے! ابوالکلام آزاد کا جو انتخاب ہے وہ نثری نگارش نہیں بلکہ خطبہ ہے اور یہ سبھی کو معلوم ہے کہ مولانا کوئی خطبہ لکھ کر نہیں پڑھتے تھے۔ وہ شیوۂ بیاں مقرر تھے اور اُن کا زورِ خطابت زورِ تحریر سے کم نہیں تھا۔

ان چند باتوں کی نشاندہی اگلے ایڈیشن میں ترمیم و تصحیح کی اُمید پر کر دی گئی ہے، ورنہ یہ حقیقت ہے کہ اس قسم کے انتخاب کی سخت ضرورت تھی۔ ایسے بہت سے اور انتخابات شائع ہونا چاہئیں تاکہ نثری اکتسابات اور نثری اسالیب سے پوری واقفیت ہو سکے۔ نثاروں کی فہرست میں افسانہ نگاروں کو شامل کرنا بھی ضروری ہے۔ ہمارے افسانوی ادب میں علی عباس حسینی، راجندر سنگھ بیدی اور کرشن چندر کا لہجہ پہچانا جا سکتا ہے۔ اُتار چڑھاؤ کہاں نہیں ہوتا۔ لیکن بحیثیت مجموعی یہ صاحبانِ آہنگ و لہجہ ہیں۔ اس زمرے میں چودھری محمد علی کو تو ہرگز بھلایا نہیں جا سکتا جن کی تیسری جنس خاصے کی چیز ہے۔ مزاح نویسوں میں شیخ ممتاز حسین عثمانی اور خواجہ اطہر حسین (جنہوں نے "سرودِ ہمسایہ" "سالی" وغیرہ کچھ ممتاز مضامین "رند" کے فرضی نام سے "ادب لکھنؤ" میں لکھے تھے۔) قابلِ ذکر ہیں۔

(علی جواد زیدی)

فسانۂ عجائب: تصنیف: مرزا رجب علی بیگ سرور، ترتیب: اطہر پرویز
ضخامت: ڈمائی آکٹیو سائز کے ۱۶۴ صفحات،
قیمت: بارہ روپے پچاس پیسے
ملنے کا پتہ: سنگم پبلشرز، الہ آباد

گزشتہ چند برسوں سے "فسانۂ عجائب" ہماری خصوصی توجہات کا مرکز بن گیا ہے۔ محمود اکبرآبادی کے قدرے طویل دیباچے کے بعد ضمیر حسن دہلوی کی کتاب "فسانۂ عجائب کا تنقیدی مطالعہ" سامنے آئی۔ اس کے بعد نیر مسعود رضوی کی بھرپور کتاب "رجب علی بیگ، حیات اور کارنامے" طبع ہوئی۔ اب اطہر پرویز نے "فسانۂ عجائب" کو بڑی کاوش اور محنت سے مرتب و مدوّن کر کے پیش کیا ہے اور اپنے تفصیلی مقدمے اور تعلقات سے اس کی افادیت اور اہمیت میں اضافہ کیا ہے۔ کتابت و طباعت کی خوبی کے ساتھ حسن ترتیب اور توازن نے اس کتاب کو داستانیات میں قابلِ ذکر اضافہ بنا دیا ہے۔

"تدوین کے سلسلے میں تیرہ مطبوعہ نسخوں کے علاوہ آزاد لائبریری علی گڑھ اور انجمن ترقی اردو علی گڑھ کے قلمی نسخوں سے بھی مدد لی گئی ہے۔ اور پوری توجہ سے ایک معیاری متن مرتب کیا گیا ہے۔ آخر میں فسانۂ عجائب کے چند اہم خاتمۃ الطبع کے علاوہ لکھنؤ کے شادی بیاہ کی رسمیں اور لکھنؤ کے ہنرمند اور فن کاروں کا تذکرہ بھی فسانۂ عجائب سے ترتیب دیا گیا ہے۔ فسانۂ عجائب کی عام فرہنگ محاورات و امثال بھی شامل کی گئی ہیں۔" آیات و فقرے عربی (کذا) کے معنی بھی دیدیئے گئے ہیں۔ سرور کے حالات اور تنقید مقدمے کا جزو ہیں۔

اطہر پرویز نے فسانۂ عجائب کا دانشورانہ ایمانداری اور بے جنبہ داری سے مطالعہ کیا ہے اور اس عام غلط فہمی کو دور کرنے کی کوشش کی ہے کہ مقفیٰ و مسجع ہونے کی وجہ سے یہ طرز عبارت ہی نہیں بلکہ پوری داستان ناقابلِ التفات ہے۔ اطہر پرویز نے اس بات پر زور دیا ہے کہ "فسانۂ عجائب" داستانوں کے عہد کا اختتامیہ اور ناول کے عہد کی بشارت ہے اس کے مزاح کی ہندوستانیت بھی جاذب نظر ہے۔ اطہر پرویز نے سرور کی مبالغہ آمیزی کا ذکر کرتے ہوئے یہ تسلیم کیا ہے کہ یہ مبالغہ بھی ادبی حسن سے خالی نہیں ہے۔ عبارت اس زمانے کے مقررہ ادبی معیاروں کے مطابق ہے اور اس کا امن کے باغ و بہار سے مقابلہ اس لئے مناسب نہیں ہے کہ ۵۵

نصابی ضرورت کے پیشِ نظر لکھی گئی تھی اور بذاتِ خود ادبی تصنیف کی حیثیت سے وجود میں نہیں آئی تھی۔ رجب علی بیگ سرور کے اکتسابات کے لئے یقیناً ایک ایسے متوازن تجزیے کی ضرورت تھی۔

عربی کے فقروں، حدیثوں، اور آیتوں کے جو ترجمے دیئے گئے ہیں اُن میں کچھ تسامحات سرسری طور پر مجھے نظر آئے مثلاً لا فتیٰ الّا علی لا سیفَ الّا ذوالفقار کا صحیح ترجمہ یہ ہے کہ علی کے سوا جوان نہیں اور ذوالفقار کے سوا تلوار نہیں، اور مفہوم یہ ہے کہ علی جیسا جوان اور ذوالفقار جیسی تلوار نہیں اسی طرح حدیث شریف میں مَن تخلّفَ عنہا کا صحیح ترجمہ "جس نے اس سے روگردانی کی" ہوگا۔ نورٌ علیٰ نور کا مفہوم تو ٹھیک دیا گیا ہے لیکن ترجمہ "نور بالائے نور" ہوگا۔ لِمَنِ المُلکی میں 'یا' زاید ہے۔ یہ دراصل اس آیت کی طرف اشارہ ہے کہ لِمَنِ الملکُ الیوم اور جو معنی دیئے گئے وہ اس پورے ٹکڑے کے ہیں نہ کہ لِمَنِ المُلکی کے۔ اسی طرح "الہ الامجاد" کا ترجمہ اولاد کے بزرگ غلط ہے صحیح ہوگا "اس کی اولاد جو (سب کے سب) بزرگ ہیں تالنون والصاد" کا ترجمہ صاحبِ تلوار (کذا) اور لوٹ کر آنے والا کیا گیا ہے۔ یہ معنی مرادی ہو سکتے ہیں۔ میرا ذہن تو "بالنص" کی طرف منتقل ہوتا ہے جس کا مفہوم یہ ہوگا کہ اُن کی اولاد از روئے نص قرآن و حدیث بزرگ ہیں۔ بہرحال، میں اس خاص معاملے میں کوئی قطعی رائے دینے سے معذور ہوں

(علی جوّاد زیدی)

یک چمن گل

۱۔ مصنف ۱۔ اختر اورینوی ضخامت ۲۰ × ۳۰/۱۶ کے ۶۴ صفحات۔ قیمت ۳ روپے

ملنے کا پتہ:۔ کتاب منزل سبزی باغ پٹنہ۔ ۴

اختر اورینوی ہمارے ہمہ فن ادیبوں میں ہیں۔ نثار اور نقاد بھی ہیں۔ افسانہ نگار بھی اور شاعر بھی۔ تعلیم اور تدریس پیشہ ہے، محتاط ترقی پسندی رجحان ہے اور مطالعہ و تشکیک ذاتی ذوق کی چیزیں ہیں۔ "یک چمن گل" اُن کی چند نظموں اور غزلوں کا مجموعہ ہے۔ مختصر مگر خیال انگیز۔ ایک مختصر سے مجموعے سے اس سے زیادہ آپ کیا توقع رکھیں گے کہ وہ آپ کی توجہ مبذول کرائے "یک چمن گل" یقیناً جاذبِ توجہ ہے۔

میں یہ تو نہیں کہوں گا کہ لہجے میں انفرادیت ہے۔ انفرادیت کتنے ادیبوں اور شاعروں کو نصیب ہوتی ہے لیکن میں یہ ضرور کہوں گا کہ اُن کا رنگ تقلیدی نہیں ہے اور اُن کے لہجے میں ایک ہمواری اور تخیل میں ایک توازن ضرور پایا جاتا ہے۔ یہ خصوصیات شاعر کے کلام کو انفرادیت کے قریب لاتی ہیں۔ اختر کے یہاں اُردو کا روایتی رچاؤ ہے اور اقبال کے مکتبۂ فکر سے روشنی حاصل کرنے والا آہنگ ہے۔ جس میں غالب اور میر کا بھی پرتو ہے اور ترقی پسندی کے دور کے شعبہ ہائے آواز بھی ہیں۔ اِن کے امتزاج سے ایک حرکی حسنِ کلام کی صورت سامنے آجاتی ہے۔

اختر کے دل و نگاہ ایک حسنِ گریزاں کے تعاقب میں ہیں۔ یہ حُسن ذرّے ذرّے میں، قدم قدم پر بکھرا پڑا ہے۔ پھر بھی دستِ شوق کی پوری دسترس اس تک نہیں۔ ہاتھ جتنا بھی بڑھتا ہے، دامن اتنا ہی کھنچ جاتا ہے۔ حسن چمن گل میں بھی ہے، نیستانِ نالہ میں بھی ہے اور خمخانۂ مے میں بھی۔ اسی لئے وہ یہ کہتے ہیں کہ "عشق جز جلوۂ رضائی محبوب نہیں"۔ غرض اختر ہر وقت ایک "حیرت آباد تجلی" میں محوِ نظارہ نظر آتے ہیں اور تہذیبِ شعور کے لئے کربِ فن، فسونِ انتظار اور محروم ساعتوں کی سوگواری کے ساتھ تشنگیٔ شوق بجھانے کے لئے ہر روش پر محوِ خرام ہیں۔ ماضی کی یادیں ٹہوکے دیتی ہیں، حال کی بے چینیاں دامن تھامتی ہیں اور مستقبل کا تصور ہمت بندھاتا ہے۔ وہ کاروبارِ شوق میں کبھی ہار نہیں مانتے۔

اُن کے اس مجموعے میں باشعور رومانیت کے پہلو بہ پہلو واقعیت کے نشتر بھی ملتے ہیں۔ وہ وقت کے امکانات میں تبدیلی کے منصوبے بناتے ہیں، جنگ بازی اور آتش ریز سیاست کی سفاکیوں سے برہم ہیں، لیکن اس خفگی میں یہ بھی کہہ گزرتے ہیں کہ:

نقشِ تہذیب تماشائے فنِ شیشہ گراں

اس میں یہ پہلو ضرور ہے کہ یہ تہذیب شیشے کی طرح چور چور ہو سکتی ہے، لیکن اگر شیشہ نہ ہو کر یہ تہذیب لوہا بھی ہوتی تو انسان اپنی گرمیٔ عمل و ارادہ سے موم بنا سکتے تھے۔ نقشِ تہذیب اب تک ایک خاص طبقہ بناتا گیا ہے، اب جمہوری نظام میں یہ نقش عوامی طاقتوں کو ابھارنا ہے اور حسن و عشق کے کردار کو پیشِ نظر رکھ کر ابھارنا ہے۔

بحیثیت مجموعی یہ مجموعہ خیال انگیز اور قابلِ مطالعہ ہے۔

(علی جوّاد زیدی)


مرد!
صِرف 5 پیسے
خرچ کر کے
آپ اپنے کُنبے کو
محُدود رکھنے کی
طاقت حاصل کر سکتے ہیں
نِرودھ استعمال کیجئے۔ محفوظ، آسان طریقہ۔
اعلیٰ کوالٹی کے ربڑ کنڈوم اب
مُلک بھر میں بازار میں عام ملتے ہیں۔
بچے کی پیدائش روکیے اور
منصوبہ بند کُنبے کی خوشی کا لُطف اُٹھائیے۔
بچے کی پیدائش کو روکنا آپ
کے اختیار میں ہے

اب
مُلک بھر میں
دستیاب
15 پیسے کے 3
سرکاری امداد سے
رعایتی دام
نِرودھ استعمال کیجئے
اعلیٰ کوالٹی کے
ربڑ کنڈوم
فیملی پلاننگ کے لئے
پرویژن اسٹور، پرچون فروش، دوا فروش
جنرل مرچنٹ اور سگریٹ فروش وغیرہ بیچتے ہیں۔



ملک کی پیداوار بڑھانے کے لئے کئی طرح کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ بہتر بیج، کیمیاوی کھاد اور کھیتی باڑی کے جدید طریقے اپنائے گئے ہیں۔ جن کسانوں نے کھیتی باڑی کے جدید طریقوں کو اپناکر زیادہ سے زیادہ پیداوار حاصل کی ہے انہیں کرشی پنڈت کے خطابات سے نوازا جاتا ہے۔

۱۰ جنوری کو ایسے متعدد کرشی پنڈتوں نے نئی دہلی میں وزیراعظم سے ملاقات کی۔



Vol. 28 No. 8 AJKAL (Monthly) March 1970

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by the Asian Art Printers Private Ltd., D. B. Gupta Road, New Delhi.
Regd. No. D-569

آج کل

اپریل ۱۹۷۰ء

۶۰ پیسے





۲۰ فروری ۱۹۷۰ء کو صدر جمہوریہ ہند شری گری نے سنٹرل ہال میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس کو خطاب کر کے بجٹ سیشن کا افتتاح کیا۔
(تصویر میں) شری گری، لوک سبھا کے سپیکر سردار گوردیال سنگھ ڈھلوں اور نائب صدر شری گوپال سروپ پاٹھک کے ہمراہ سنٹرل ہال کی طرف جا رہے ہیں۔

اردو کا مقبول عوام مصور ماہنامہ

آج کل

نئی دہلی

ایڈیٹر
شہباز حسین

سب ایڈیٹر
نند کشور وکرم

جلد ۲۸ —— شمارہ ۹
اپریل ۱۹۷۰ء
چیت بیساکھ شک سمت ۱۸۹۲

سرورق: زرعی انقلاب
عمل: گورچرن اروڑہ

ترتیب

ملاحظات		۲
غبارِ کارواں (۳)	گیان چند	۳
پورا آدمی۔ ستون (نظمیں)	ندا فاضلی	۷
غزلیں	وامق جونپوری، حسن نعیم	۸
زندہ مردہ (کہانی)	کنج عبداللہ	۹
مسئلہ وحدت الوجود اور بھگتی تحریک	اے ڈی ارشد	۱۴
غزل	جگر بریلوی	۱۷
غزلیں	کسریٰ منہاس، ضیا، فتح آبادی، وفا ملک پوری	۱۸
کشمیر میں سیکولرازم کی روایت	شیام لال دربہار	۱۹
ایک منظر ایک مستقبل (نظم)	قطب سرشار	۲۳
تبدیلیٔ قلب کے بعد (نظم)	انعام صدیقی	۲۳
جھلکیاں		۲۴
دھواں (کہانی)	شفق سہسرامی	۲۶
غزلیں	حامد حسین حامد	۲۹
ناطق گلاؤٹھوی	محمد عبدالحلیم	۳۰
غزلیں	افتخار اختر، نثار اعظمی، ظفر صہبائی	۳۶
اناج میں خود کفالت کے لئے سبز انقلاب	راج نراین راز	۳۷
غزلیں	زیب غوری۔ رحمٰن راہی، تبسم سحر۔ رئیس مینائی	۴۲
شہر زیست (نظم)	اعجاز فاطمہ	۴۲
جدید اردو شاعری میری نظر میں	عبدالمغنی	۴۳
نئی کتابیں	قمر رئیس	۴۶

سالانہ چندہ: ہندوستان میں: سات روپے، پاکستان میں: سات روپے (پاک)
دیگر ممالک سے ۱۰ شلنگ ۶ پینس یا ڈیڑھ ڈالر
قیمت فی پرچہ: ہندوستان میں: ۶۰ پیسے؛ پاکستان میں: ۶۰ پیسے (پاک)
دیگر ممالک سے: ۱ شلنگ یا ۱۵ سینٹ

مضامین اور ترسیل زر کا پتہ
شہباز حسین ایڈیٹر آج کل (اردو) پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

مرتبہ و شائع کردہ
ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

پارلمنٹ کے بجٹ سیشن کا افتتاح کرتے ہوئے صدر جمہوریہ ہند نے ان تمام اہم مسائل کا ذکر کیا ہے جن سے ہم دوچار ہیں۔

غذائی صورت حال کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا: "ملک کی غذائی صورت حال اطمینان بخش ہے۔ مرکزی اور ریاستی حکومتوں نے نئے طریقہ کار کے تحت زرعی پیداوار بڑھانے کے لئے اپنی کوششوں کو تیز تر کر دیا ہے۔ زیادہ اُپج دینے والے بیج ۱۹۶۶-۶۷ء میں ۱۹ لاکھ ہیکٹر کھیتوں میں لگائے گئے تھے۔ ۱۹۶۸-۶۹ء میں ۹۰ لاکھ ہیکٹر کھیتوں میں ایسے بیج بوئے گئے تھے۔ پہلی بار کیمیاوی کھادوں کی سپلائی اطمینان بخش ہے۔ زراعت کے میدان میں جو ترقی ہوئی ہے وہ زیادہ آب پاشی والے علاقے تک محدود ہے۔ آئندہ برسوں میں ان علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی جہاں پانی کی کمی ہے۔ حکومت نے ایک قومی کمیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جو زراعت سے متعلق تمام مسائل کا جائزہ لے گی۔"

غریبی کو دور کرنے کے سلسلے میں آپ نے کہا: "حکومت ملک میں پائی جانے والی نابرابریوں سے پوری طرح باخبر ہے۔ اسی لئے وہ ایک ایسا سماجی نظام قائم کرنے کے سلسلے میں، جو انصاف پر مبنی ہو اور جس میں انسانی قدروں کو اہمیت حاصل ہو، تیز رفتاری سے کام لے گی، اور آبادی کے کمزور طبقوں کا خاص طور سے خیال رکھے گی۔ یہ بڑا مشکل کام ہے اور ہمارے سامنے کوئی نمونہ موجود نہیں ہے۔ ہندوستان کے مسائل کو بالکل ہندوستانی ڈھنگ سے اور اپنی زندگی، روایات اور تاریخ کو مدنظر رکھتے ہوئے حل کرنا ہوگا۔"

اسپات، کھاد اور خام تیل کی پیداوار میں اضافے کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کہ بوکارو کے اسپات کارخانے کے دوسرے مرحلے پر جلد عمل درآمد شروع کیا جائے گا۔ ۱۹۶۹ء میں ۶۷ لاکھ ٹن کچا تیل نکالا گیا جبکہ ۱۹۶۸ء کی پیداوار ۵۸ لاکھ ٹن تھی۔ کیمیاوی کھاد کی پیداوار کو بھی ترجیح دی گئی ہے۔ سال رواں میں دو کارخانوں نے اپنی پیداوار شروع کر دی ہے اور اس طرح اب نائٹروجن کی پیداوار کی کُل تنصیبی صلاحیت ۱۲ لاکھ ۴۰ ہزار ٹن ہوگئی۔ درگاپور، کوچین اور مدراس میں تین اور کارخانے جن کی مجموعی تنصیبی صلاحیت ۵ لاکھ ٹن ہوگی، ۱۹۷۰ء کے دوران کھاد تیار کرنا شروع کر دیں گے۔ اس اہم میدان میں خود کفیل بننے کے لئے ہماری سرگرم کوششیں جاری رہیں گی۔

آپ نے مزید کہا: "زیادہ پیداوار، دولت کی بہتر تقسیم اور ایسی آمدنیاں جو روزگار کے مواقع پیدا کریں، ہماری معاشی پالیسی کی کامیابی کی کسوٹی ہوں گی۔ یہ ترجیحات چوتھے پلان سے پوری طرح مترشح ہونگیں، جو جلد ہی اس ایوان کے سامنے پیش کیا جائے گا۔ میری حکومت اس بات سے باخبر ہے کہ بیروزگاری ملک کا ایک بہت بڑا مسئلہ ہے اور اس کا فوری اور موثر حل بے حد ضروری ہے۔

پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے آپ نے کہا کہ ہماری یہ دلی خواہش ہے کہ پاکستان کی حکومت اور عوام سے ہمارے دوستانہ تعلقات قائم ہوں۔ اس سلسلے میں ہم نے متعدد تجویزیں اور مشورے پیش کئے، مگر بدقسمتی سے ہماری پیش قدمی کا پاکستان کی طرف سے کوئی مثبت جواب نہیں ملا۔ تاہم ہم اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

صدر ہند کا خطبہ ملک کے کروڑوں عوام کی امیدوں اور آرزوؤں کا مظہر ہے۔ یقیناً ہمارا راستہ بڑا کٹھن اور لمبا ہے لیکن ہمارے جوش عمل کے لئے ایک للکار بھی ہے۔ دیانت، محنت اور سچی لگن سے ہم بڑی سے بڑی مشکلوں پر قابو پا سکتے ہیں۔

گیان چند

غبارِ کارواں

(۳)

(مضمون نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے)

اپنے بارے میں لکھنے میں آدمی کی انا آسودہ ہوتی ہے، اپنی ذات کا (وہ کتنی بھی مریل اور نکمی کیوں نہ ہو) پروپیگنڈا ہوتا ہے لیکن ساتھ ہی یہ قباحت ہے کہ اپنے بارے میں غیر جانبداری نہیں برتی جا سکتی۔ ہزار انصاف اور لاکھ جرأت سے کام لیجئے لیکن بعض باتیں جو لکھنے کی ہیں، لکھنے سے رہ جاتی ہیں۔ شخصیت کے پرانے قلعے کے بعض تہہ خانوں میں دوسروں کو کیا خود کو بھی لے جاتے ہوئے عار سی ہوتی ہے۔ انھیں نگاہوں سے اوجھل رکھنے ہی میں عافیت دکھائی دیتی ہے اور پھر راستی فتنہ انگیز کو فردوسِ ہند کی یہ ہدایت بھی لگام دیتی ہے۔

خیالِ خاطرِ احباب چاہیئے ہر دم
انیس ٹھیس نہ لگ جائے آبگینوں کو

یہ بھی تو بڑی دشواری ہے کہ آدمی خود کو جانتا کہاں ہے۔ میں اپنے چہرے، اپنی شباہت، اپنے خدوخال کا اتنا واضح تصور نہیں رکھتا جتنا اپنے اقارب کے ظاہر کا۔ میں دوسروں کی سیرت و کردار کے بارے میں کوئی قطعی رائے قائم کر سکتا ہوں لیکن اپنی ذات میرے لئے دھند لکے میں ہے۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ میرے اندر کیا کیا گن ہیں اور کیا کیا دوش۔ کتنا صحیح کہا ہے حکیم ملت نے۔

اقبال بھی اقبال سے آگاہ نہیں ہے
کچھ اس میں تمسخر نہیں واللہ نہیں ہے

انگریزی کی کہاوت ہے کہ خیرات باٹنے کی شروعات اپنے گھر سے کی جاتی ہے۔ کسی کو متاثر کرنے والوں میں سب سے پہلے والدین کا نام آتا ہے۔ میں اپنے بھائی بہنوں میں سب سے چھوٹا ہوں۔ اس لئے مجھے اپنی ماں سے زیادہ قربت رہی۔ وہ بڑی دیندار اور پارسا خاتون تھیں۔ دنیا کے کسی مذہب میں خود کو لذتوں اور آسائشوں سے محروم رکھنے اور جسم کو تکلیف دینے پر اتنا زور نہیں جتنا جین دھرم میں ہے۔ مجھے ایک طرف میری ماں کی دینداری اور زہد نے متاثر کیا تو دوسری طرف اُن کی مامتا نے۔

مہابھارت میں ارجن سے کسی نے سوال کیا کہ وہ کیا ہے جو زمین سے زیادہ بھاری ہے اور وہ کیا ہے جو آسمان سے زیادہ اُونچا ہے۔ جواب سُنئے۔ زمین سے بھاری ماں ہے اور آسمان سے اونچا باپ ہے۔ کتنا صحیح ہے۔ ماں کے احسان کا بوجھ اتارا نہیں جا سکتا۔ باپ کے سامنے ہمیشہ چھوٹے رہتے ہیں۔ میرے والد اور مجھ میں عمر کا بہت تفاوت ہے، کوئی ۴۰ سال۔ انہوں نے بہت کچھ کمایا لیکن بالطبع وہ کفایت شعار تھے۔ اس کے باوجود اولاد پر خرچ کرنے میں دریغ نہ کرتے تھے۔ خصوصاً کھلانے پلانے کے معاملے میں۔ اولاد کے لئے ان کے جذبۂ ایثار نے مجھے راستہ دکھایا ہے۔ اُن کا دوسرا اصول تھا اولاد کا کوئی مالی احسان نہ لینا اور ہمیشہ بزرگی کی آن [illegible] رکھنا۔

اعزہ میں تیسری متاثر کرنے والی شخصیت اپنی رفیقۂ حیات کی ہے۔ یہ کہنا ممکن تھا کہ میں اس کے بے پایاں جذبات سے تاثر نہ لیتا لیکن اس باب میں خاموشی ہی مناسب ہے۔ دوستوں میں دو قابلِ ذکر ہیں۔ الہ آباد یونیورسٹی کے ہوسٹل میں مجھ سے ایک کلاس پیچھے ایک طالب علم رام نرائن مہروترا تھے جو آج بھی میرے عزیز ترین دوستوں میں سے ہیں۔ یہ اب سنٹرل انٹیلیجنس آف ایجوکیشن میں ریڈر ہیں۔ دوبار ولایت جا چکے ہیں اور ان دنوں امریکہ میں ہیں۔ طالب علمی کے دنوں میں بھی یہ بلا کے ذہین اور پڑھے لکھے تھے۔ ریاضی کے طالب علم تھے لیکن انگریزی کی عام معلومات کی کتابیں بازار میں آتے ہی فوراً خرید کر پڑھتے تھے۔ وہ نہرو کی دریافتِ ہند ہو کہ چرچل کی دوسری جنگ عظیم کی ضخیم یادداشت کیلنگ کا ناول بھوانی جنکشن ہو یا لن یو ٹانگ کی فلسفیانہ کتابیں۔ میں تو اردو کے دائرے سے بہت کم باہر نکلتا ہوں۔ اُن کے روشن ذہن، جدیدیت اور تعقل پسندی نے مجھے جس طرح متاثر کیا اس کا ذکر آگے کروں گا۔

میرے ایک اور دوست جن سے دورانِ ملازمت طویل ساتھ رہا کٹر قسم کے فرقہ پرست ہیں۔ مسلمانوں کے لئے اُن کے دل میں اچھے خیالات نہیں۔ میری ان سے دنیا کے کسی سیاسی اور نیم سیاسی مسئلے پر بات ہوتی وہ گھما پھرا کر مسلمان اور پاکستان پر تان توڑتے۔ ہمیشہ اپنے فرقے کو فرشتہ اور دوسرے کو شیطان سمجھتے۔ ان سے بات چیت میں ہمیشہ گرماگرمی اور تلخی آجاتی۔ معلوم نہیں یہ مسموم ہندو ذہنیت اسلامی فرقہ واریت کا ردِ عمل ہے یا طلت۔ ان کی وجہ سے مجھے ہندو فرقہ واریت سے کچھ اور چڑ ہو گئی ہے۔

اپنی متعلمانہ زندگی میں مجھے بعض بڑے فاضل اساتذہ سے درس لینے کا شرف ہوا۔ ان میں سے ایک پروفیسر اودھ بہاری لال تھے جنہوں نے مجھے بی اے میں سیاسیات پڑھائی۔ آج کل وہ الہ آباد یونیورسٹی کے وائس چانسلر ہیں۔ بی اے میں انہوں نے سیاسی نظریات کے منکروں پر لکچر دیئے۔ طلبا تیزی سے اُن کے لکچروں کے نوٹ لیتے جاتے تھے۔ افلاطون پر اُن کے نوٹ ۵۶ صفحات میں آئے۔ افسوس! وہ اب وائس چانسلر ہو کر روز روز طلبہ کے ہاتھوں ذلت اٹھاتے ہیں۔ اُنہیں کے پائے کے دوسرے استاد ڈاکٹر اے ایم گھاٹگے تھے جنہوں نے مجھے ساگر کے لسانیات اسکول گرامر میں لسانیات پڑھائی۔ یہ دکن کالج پونا میں لسانیات کے پروفیسر ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ لسانیات کے طالب علم کو اپنا سارا وقت مطالعے ہی کی نذر کرنا چاہیے۔ پونا میں انہوں نے اپنے ایک شاگرد ریسرچ اسکالر کو شام کے وقت ٹیبل ٹینس کھیلتے دیکھا تو اس پر برس پڑے کہ لسانیات کے طالب علم کو ان فضولیات میں وقت ضائع نہ کرنا چاہیے۔ کیسا بے پایاں علم تھا ان کا۔ کتنا ٹھوس اور سلجھا ہوا لکچر ہوتا تھا۔

اور ایک اُستاد کا منفی تاثر بھی ہوا۔ لکھتے ہوئے قلم کو لکنت ہوتی ہے۔ لیکن حقیقت آپ سے کیوں کر چھپاؤں۔ یونی ورسٹی میں میرے جو صدر شعبہ تھے انہوں نے مجھے بالکل متاثر نہ کیا۔ اُن کے بارے میں مشہور تھا کہ پچھلے بیس سال میں انہوں نے اُردو کی کوئی کتاب نہ پڑھی تھی۔ دو سال میں انہوں نے ایم اے میں جو درس دیا اس میں کلاس میں کتاب پڑھوا کر ہی سُنا کئے۔ گاہے گاہے کسی شعر کا مطلب بتا دیتے تھے اور بس۔ اب بھی کالجوں اور یونیورسٹی میں بعض ایسے حضرات اعلیٰ عہدوں پر فائز ہوتے ہیں کہ اگر انہیں بغیر کسی تیاری کے ان ہی کے موضوع میں ایم اے کے امتحان میں بٹھا دیا جائے تو پاس ہونے کے لالے پڑ جائیں۔

اردو کے علما میں مجھے قاضی عبدالودود، مسعود حسن رضوی اور مولانا امتیاز علی عرشی نے بہت متاثر بلکہ مبہوت کیا ہے۔ یہ وہ عالم ہستیاں ہیں جن کی توصیف کی مجھے مجال نہیں۔ عرشی صاحب خدا معلوم کس قسم کے پٹھان ہیں، مرنجاں مرنج، زبان یا قلم سے کبھی کسی کے خلاف کوئی لفظ بھی نہیں کہا کسی معترض کی بات کا برا مانا ہی نہیں۔ شاید یہ خان عبدالغفار خاں کی قسم کے پٹھان ہیں۔ ان کے علم، سادگی اور انکساری نے مجھے معتقد بنا رکھا ہے۔ دوسرے ابنائے وطن کی طرح اہلِ سیاست میں مجھے دو عظیم ترین ہستیوں مہاتما گاندھی اور جواہر لال نہرو نے شدت سے متاثر کیا۔ میں مہاتما گاندھی کو اپنے دور کا سب سے بڑا آدمی سمجھتا ہوں۔ وہ ایسے سنت تھے جن میں انسانیت اور ملوکیت سمو گئی تھی۔ سیاست اخلاق اور پوری زندگی کو اُنہوں نے جو رفعت عطا کی وہ اُنہیں کا کام ہے۔ ملک کو آزادی دلانے میں جو حصہ اُن کا ہے وہ کسی دوسرے کا نہیں۔ لیکن ان کے فلسفۂ حیات سے میں متفق نہیں۔ میرے خیال میں ان کی سب سے بڑی ہار یہی ہے کہ خود اُن کے ملک نے اُن کے فلسفے کو نہیں اپنایا۔ پنج سالہ منصوبے گاندھیائی معاشیات کے مطابق نہیں۔ موجودہ حالات میں بھاری مشینوں کو رد کر کے دیہاتی خود کفالت کو اپنانا ممکن نہیں لیکن یہ بھاری صنعتوں کی تہذیب بھی تو بڑی جان لیوا ہے ؎

خداوندا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں

میرا خیال ہے کہ ہندوستان کے نوجوان مہاتما گاندھی کے مقابلے میں پنڈت جواہر لال نہرو کے خیالات سے زیادہ ہم آہنگی محسوس کرتے ہیں۔ جواہر لال میرے ہیرو ہیں۔ کاش وہ چند سال وزیر اعظم رہ کر عہدے کو تیاگ دیتے اور تصنیف و تالیف کی طرف لگ جاتے۔ وہ مفکر تھے، اُن کے دیئے ہوئے تمام اصول، جمہوریت، سیکولرازم، اور مذہب پر تعقل پسندی کو ترجیح دینا، میرے بھی

ادریش ہیں۔ ان کا جدید مغربی ذہن مجھے دولہ بخشتا ہے گو مجھے اس سے انکار نہیں کہ ملک کے مدارالمہام کی حیثیت سے وہ مثالی یا مکمل نہیں تھے۔

متعدد واقعات ہیں جو مجھے متاثر کرتے رہے ہیں۔ ان میں سے ایک جنگِ آزادی ہے۔ میں نے اس جنگ کا سب سے واضح منظر اگست ۱۹۴۲ء کی تحریک میں دیکھا۔ میں اس زمانے میں الہ آباد یونی ورسٹی کا طالب علم تھا۔ ۱۲ اگست ۱۹۴۲ء کو میں طلبہ کے ایک جلوس میں شریک تھا جس پر پولیس نے گولیاں چلائیں۔ میری آنکھوں کے سامنے نوجوانوں کے گولیاں لگ رہی تھیں۔ لال پدم دھر سنگھ نوجوان ہی سے جاتا رہا۔ میں نے یونی ورسٹی کی عمارت میں گورے مجسٹریٹ کے حکم پر پولیس کو طلبہ پر لاٹھی چارج کرتے بھی دیکھا اور اس طرح شہنشاہیت سے کچھ اور نفرت ہوگئی۔ ایک قوم دوسری قوم پر بالجبر کیوں حکومت کرے۔ یہ اجتماعی خود غرضی بلکہ قحبگی ہے۔

تحریک آزادی میں مجھے فرقہ وارانہ سیاست کے منفی کردار نے منفی طور پر متاثر کیا۔ اگست ۱۹۴۶ء میں مسلم لیگ نے بلکتے میں Direct Action Day منایا۔ کسی سیاسی پارٹی کی تاریخ میں اس طریقے پر احتجاج نہ کیا گیا ہوگا۔ دوسرے مذہب والوں کا قتلِ عام، لوٹ مار، اور پھر فریقِ ثانی کی طرف سے اس کا اسی قسم کا جواب بہیمیت کا ایک سلسلہ چل پڑا جس کا نقطۂ عروج آزادی کے بعد ظاہر ہوا۔ لوگوں نے آزادی کے معنی دوسرے فرقے کے قتل، غارت، زنا اور بہیمیت کی آزادی کے لئے رخصت کا ڈھنڈورا پیٹنے والے اس برصغیر میں سمجھ لئے۔ میں عورتوں اور بچوں پر جو مظالم ہوئے ہیں وہ چنگیز اور ہلاکو کے فوجیوں نے خواب میں بھی نہ سوچے ہوں گے۔

کئی عوامل ہیں جنہوں نے مجھے مذہب سے بیزار کر دیا ہے۔ الہ آباد یونی ورسٹی میں مجھے ہندی کے مشہور شاعر ڈاکٹر ہری ونش رائے بچن نے انگریزی پڑھائی۔ وہ کلاس میں کہا کرتے تھے کہ یہ صحیح نہیں کہ خدا نے انسان کو اپنے عکس میں ڈھالا ہے۔ صحیح یہ ہے کہ انسان نے خدا کو اپنے عکس کے مطابق تخلیق کیا ہے۔ سیاسیات میں میں نے غالباً پرنس کروپاٹکن کا یہ زرّیں مقولہ پڑھا کہ "مذہب زندگی کی افیون ہے"۔ پہلے اپنے ایک دوست ڈاکٹر رام نرائن مہروترا کا ذکر کر چکا ہوں وہ کہا کرتے تھے کہ مذہب انسانیت کے ساتھ سب سے بڑا دھوکہ ہے۔ میں نے سماجیات میں بھی ایم اے کیا ہے۔ اس میں ایک پرچہ انتھروپالوجی (بشریات یا علم الانسان) کا تھا۔ اس کی کتابوں میں صاف صاف یہ دکھایا گیا ہے کہ مذاہب قبائلی تصورات کی ارتقاء یافتہ شکل ہیں۔ یہ یکایک وجود میں نہیں آگئے بلکہ آہستہ آہستہ ارتقاء پاکر تشکیل پذیر ہوئے ہیں۔ جوش نے اپنی شاعری میں خدا سے جو بغاوت کی ہے وہ مجھے بہت بھائی۔ اُن کی نظم "باغی روحوں کا کورس" دل کو اتنی پھیلا دینے والی ہے کہ میرا بھی اس کورس میں شامل ہونے کو جی چاہتا ہے۔

دنیا کے بیشتر لوگ اپنے مذاہب کی صحت پر اس طرح اصرار کرتے ہیں گویا انہوں نے عقل سے سوچ وچار کر اسے صحیح ترین پایا ہے۔ حالانکہ واقعہ یہ ہے کہ یہ خاندانی ماحول کا اثر ہے۔ ۹۹ فی صدی سے زیادہ لوگ اسی مذہب کے پیرو ہوتے ہیں جس کے ان کے والدین۔ اس کے معنی یہ ہیں کہ اپنے مذہب کو صحیح ترین ماننے میں تعقل کا کوئی ہاتھ نہیں۔ میں جس گھرانے میں پلا ہوں، اس میں ایک خدا بلکہ فاعل خدا (یا فاعل دیوتاؤں) کا تصور نہیں۔ مجھے ایسا لگتا ہے کہ ہندوؤں یعنی سناتن دھرم میں وحدت نہیں تثلیث ہے۔ برھما، وشنو، مہیش (شو) اگر دنیا کے کارخانے کو کوئی غیبی طاقت چلا رہی ہے تو وہ شر کی طاقت ہے خیر کی نہیں۔ دنیا میں کتنی ناانصافی کتنا ظلم ہے۔ نیک تکلیف اٹھاتے ہیں اور بُرے عیش کرتے ہیں۔ بیچر کتنی نامعقول ہے۔ کہیں خشک سالی ہے تو کہیں سیلاب۔ سردیوں میں خواہ مخواہ بادل چھائے رہتے ہیں اور بارش نہیں ہوتی۔ یہ انسانوں کو اذیت دینا نہیں تو اور کیا ہے۔ خیر سے شر نہیں پیدا ہو سکتا۔ یہ بڑے بڑے بھونچال جو آتے ہیں تو کیا ان علاقوں کے سارے انسان چھوٹے چھوٹے بچوں سمیت گنہ گار ہوتے ہیں۔ جن سب کو سزا دینے کی ضرورت تھی۔ سب غلط، سب حماقت، سب قہر پرستی۔

لیکن میں الحاد کا نہیں تشکیک کا شکار ہوں۔ دنیا میں خوفِ فطرت واقعات دکھائی دیتے ہیں۔ بھوت کا وجود ہے۔ پچھلے جنم کا حال بتانے والوں میں کچھ نہ کچھ افراد سچے ہیں۔ محرم کے موقع پر بعضوں کا آگ کے شعلوں پر چلنا عقل پر عقیدے کی زندہ جیت ہے۔ اڑیسہ کے وزیر اعلیٰ مہاراجا نابا کشور دیو سانپ کے کاٹے کو منتر سے ٹھیک کر دیتے ہیں۔ یعنی روح کا وجود ہے۔ حیات بعد ممات بھی ہے۔ کیا ہے یہ معلوم نہیں۔ ایک پردۂ ظلمات آگے تنا ہوا ہے۔ آنکھ دیکھ نہیں سکتی، عقل اسے پار نہیں کر پاتی۔

میں اعلیٰ اخلاق کی ضرورت سے منکر نہیں۔ مذہب ہی اخلاق کا سب سے بڑا پشت پناہ رہا ہے۔ مذہب کو چھوڑ کر اخلاقی اصولوں پر عقیدہ رکھنا بڑے بالیدہ ذہن ہی سے ممکن ہے۔ مجھے مابعد الطبیعات سے سروکار نہیں۔

میرے لئے یہ اصول کافی ہے کہ ہو سکے تو دوسروں کی خوشی میں اضافہ کرو۔ یہی سب سے بڑا مذہب ہے۔

کتنے واقعات ہیں جو میرے دل کو چھو گئے ہیں، جھنجھوڑ گئے ہیں۔ قحط بنگال میں لاکھوں کا مرنا، جاپان میں ایٹم بم کا گرنا، مہاتما گاندھی کا قتل، الجیریا میں فرانس کے مظالم، کانگو میں لومبا کی ہتیا ۱۹۶۱ء میں چین کی ہندوستان کے ساتھ دغابازی، ۱۹۷۱ء میں پاکستان کی جارحیت، افریقہ کے کچھ دیسوں میں گوروں کا کالوں پر برتری کا اعلان، ریکس کا ہنگری اور چیکوسلواکیہ کو بہ زور ان کی من پسند حکومت سے محروم کرنا، بابت کی غلامی، ویٹ نام میں مائی لے جیسے واقعات یہ سب ہر دل اور آنکھیں رکھنے والے کو تلملا دینے کے لئے کافی ہیں لیکن بعض گھروں کے اندر جو ویٹ نام اور الجیریا بپا رہتے ہیں ان سے کون واقف ہے۔ دسیوں سال ہوئے میرے ایک ساتھی کا حقیقی چھوٹا بھائی بے پڑھا آدمی تھا۔ لکچرر صاحب بھلے آدمی تھے لیکن بھائی کو ملازم کی طرح رکھتے تھے۔ گھر کے برتن مانجھنا، کتے کو ٹہلانے لیجانا وغیرہ۔ آخرش وہ فرار ہو گیا اور آج تک اس کا پتہ نہیں چلا۔ جموں میں کسی شخص کی بوڑھی ماں گھر کے سب کام کاج کرتی تھی اور بہو بیٹا آرام کرتے تھے۔ گھر میں نل لگا یا گیا۔ بلے کا ڈھیر ہے۔ سردیوں کی رات میں بوڑھی ماں سب کچھ اٹھا کر پھینک رہی ہے۔ کمرے میں لگا بیٹا اور بہو آرام کر رہے ہیں۔ اگر ماں یہ سب کام نہ کرے تو بیٹا اور بہو زدوکوب کریں۔ کتنی بہوئیں ساس کے مظالم برداشت کرتی ہیں اور شمع کی طرح خاموشی سے جلتی گھلتی رہتی ہیں۔ کیا یہ ویٹ نام اور الجیریا نہیں۔

میں صبح کے اخبار میں شائع شدہ واقعات سے متاثر ہوتا رہتا ہوں، میں، جو یہ سمجھتا ہوں کہ نوع انسان آہستہ آہستہ بہتری کی طرف جا رہی ہے، مجھے کیوں ایسی خبریں پڑھنی پڑتی ہیں، جن سے میرے عقیدے پاش پاش اور میرا ایقان چور چور ہو جاتا ہے۔ بعض انسان کیوں اتنے ظالم اور سفاک ہوتے ہیں۔ ان کے سینے میں ضمیر کیوں نہیں ہوتا۔ وہ کیوں بہیمانہ جرم کرتے ہیں۔ والدین کی ممتا کتنی مقدس چیز ہے۔ کوئی اس پر حملہ کرتا ہے تو میں بھی مسوس کر رہ جاتا ہوں۔ کئی سال ہوئے اخبار میں پڑھا کہ دلی میں رات کو کسی کے یہاں ڈاکوؤں نے دراندازی کی۔ چار پانچ سال کی بچی رو پڑی تو اس کا گلا دبا کر ختم کر دیا۔ یا دلی ہی میں دن کے وقت کوئی عورت اور اس کا بچہ اپنے کوارٹر میں تنہا تھے، کوئی شقی جسم کا چور نہیں، مال کا چور، دروازہ کھلوا کر اندر آیا اور لوٹ مار شروع کر دی۔ تین سال کا لڑکا روپڑا تو اسے ڈھیر کر دیا۔ قاتل کو عدالت میں ماں اپنے جگر گوشے کا المیہ بیان کرتے وقت پھوٹ پڑی۔ آہ انسان کا دل ایسا پتھر بھی ہو سکتا ہے کہ ماں کے سامنے اس کے چھوٹے بچے کو صفحۂ ہستی سے مٹا دے۔

ہنسی فعل کتنا خوشگوار اور کیف آور ہوتا ہے لیکن بے راہ رو ہو کر یہی سب سے زیادہ ذلیل ہو جاتا ہے۔ اخبار میں ایک دفعہ پڑھا کہ آگرے میں کسی فوجی افسر کی بیوی تنہا تھی۔ اس کے ملازم نے اس سے زنا بالجبر کیا اور اس کے بعد اسے مار کر فرار ہو گیا بعد میں وہ گرفتار ہو گیا اور اپنے کیفر کردار کو پہنچا۔ میری رائے میں زنا بالجبر کی سزا موت ہونی چاہئے۔ شہوت کا جنون آدمی کو کتنا اندھا کر دیتا ہے۔ اخباروں میں روز پڑھتے ہیں کہ فلاں نے سات سال کی لڑکی سے زنا کیا، فلاں نے چار سال کی بچی سے۔ یہ تو ایسی خبریں ہیں کہ انہیں پڑھ کر مر جانے کو جی چاہتا ہے۔

اُردو ادب کے مطالعے نے مجھ میں سماجی شعور پیدا کیا۔ برنارڈ شا کی کتاب An Intelligent Women's Guide To Socialism نے مسائل کو کچھ اور سلجھایا۔ میں تعلیم کو ختم کرنے کے بعد یعنی اُردو میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری لے کر تین سال تک بے روزگار رہا۔ تبھی سے سماجی ناہمواری کا ادراک ہو گیا ہے۔ یہ ترقی پسند شاعری اور افسانے ہی کی دین ہے کہ میں شدت سے معاشی مساوات کا قائل ہوں۔ ہندوستان کے عوام کی غربت دل فگن اور حوصلہ شکن ہے اور پھر نابرابری کس غضب کی ہے۔ اکثریت اس لئے جسمانی محنت کرتی ہے تاکہ خالی پیٹ کو بھرنے کا سامان ہو سکے۔ چند لوگ اس لئے جسم کو ہلاتے ہیں، ہلکی پھلکی ورزش کرتے ہیں تاکہ بھرا پیٹ کچھ خالی ہو جائے اور بھوک لگ سکے۔ ملک میں مکمل مساوات ممکن نہیں لیکن اتنا بھی ہو جائے تو کیا اچھا ہو کہ کسی کی آمدنی سو روپے ماہوار سے کم نہ ہو اور کسی کی ہزار روپے ماہوار سے زیادہ نہ ہو۔ اگر ثروت کی برابر تقسیم نہیں ہو سکتی تو کم از کم افلاس کو برابر بانٹ دیا جائے۔ سب رئیس نہیں ہو سکتے تو سب کو غریب ہی بنا دیا جائے تاکہ سب یکساں ہو جائیں

قدیم ہندوستانی تہذیب سماجی اور معاشی جمہوریت سے ناآشنا تھی۔ سوشلزم کے نعرے کے باوجود ابھی تک ہمارے خون میں مساوات کا جذبہ نہیں۔ ہم اپنے کتے کو صوفے پر بٹھا سکتے ہیں لیکن ایک ملازم یا ایک مزدور کو اپنے سامنے کرسی تو درکنار چارپائی پر بٹھانے کے بھی روادار نہیں۔ پیسے والوں کو قالین پر جوتے لے کر چلنے دیں گے لیکن ایک مفلس کو بغیر فرش والے کمرے میں بھی جوتے پہنے ہوئے آنے کی اجازت نہ دیں گے۔ غریب کو برآمدے سے نیچے ہی جوتے اتار دینے چاہئیں۔ ریلوں میں تھرڈ کلاس کے ڈبوں میں بھیڑ رہتی ہے اور فرسٹ کے

ڈبے خالی چلے جاتے ہیں۔ ہم سب سوشلسٹ ہیں لیکن محض جلد کے نیچے تک کھرچ کر دیکھا جائے تو وہی طبقاتی شعور کے پجاری اور امارت پسند ہیں۔ انھیں میں میں ہوں۔ سوشلزم سے ذہنی اور جذباتی ہمدردی رکھنے والا لیکن عملاً کچھ نہ کرنے والا۔

ادب فنِ لطیف ہے۔ فنِ لطیف میں جمالیات کا شعور ناگزیر ہے۔ میں نے اردو میں شاعری بھی کی جو بعد میں چھوٹ گئی لیکن اپنے ترکے کے طور پر ایک جمالیاتی مزاج دے گئی۔ اردو ادب کے مطالعے نے اس کو اور جلا دی۔ میں زندگی کے ہر ساز و برگ میں جمال کا متلاشی ہوں۔ جس چیز میں جتنی زیادہ خوشنمائی ہوتی ہے، مجھے وہ اتنی ہی زیادہ پسند ہوتی ہے۔ حسن فطرت ہو کہ حسنِ خصلت کہ حسنِ انسان، اسی جذبے کے زیرِ اثر میں نے پھولوں کی کاشت کا مشغلہ شروع کیا اور اس میں خاصا آگے بڑھا۔ جموں میں یہ تعیش برقرار نہ رکھ سکا۔ صرف حالی کا مصرع ذہن میں رہ گیا ہے۔ ع

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں

اب میری توجہ کا مرکز تصنیف و تالیف کا شغل رہ گیا ہے۔ بھوپال میں میرے دوست وزیرِ تعلیم ڈاکٹر شنکر دیال شرما نے مجھ سے کہا تھا کہ کام نہ کرنا اسکالر کی موت ہے۔ میں اسی اصول کو مدِنظر رکھتا ہوں اور ہمیشہ کچھ نہ کچھ لکھنے کی فکر میں رہتا ہوں۔ فرائضِ منصبی میں اتنا وقت لگ جاتا ہے کہ اپنی خواہش تخلیق کو آسودہ کرنے کا خاطر خواہ وقت نہیں ملتا۔ جو وقت قلم فرسائی میں گزرنا چاہیے تھا وہ دفتری چٹھیاں لکھنے اور حساب کتاب کی نذر ہو جاتا ہے۔ کوشش میں کسی طرح پروفیسری برقرار رکھ کر صدارتِ شعبہ کا بوجھ سر سے پھینک سکوں۔ لکھنے کے لیے صرف متعلقہ کتابیں پڑھ پاتا ہوں جن کی وجہ سے میں اردو ادب کے علاوہ دوسری زبانوں کے ادب سے کافی حد تک ناواقف رہ گیا ہوں۔ سو دو سو سال کی زندگی ہو تو آدمی جی بھر کر پڑھ لکھ سکتا ہے ورنہ اگر کچھ لکھ کر چھوڑ جانا ہے تو صرف اسی پر مرکوز رہنا ہوگا۔ تصنیف کے کام کی یہ قیمت ادا کرنی پڑی ہے کہ میں پڑھا لکھا جاہل رہ گیا ہوں۔

میری ذہنی ساخت کی یہ ایک سرسری سی جھلک ہے لیکن کیا معلوم کہ یہ پوری سچائی ہے کہ نہیں۔ سال دو سال پہلے میں نے یہ شعر کہا تھا ؎

بہروپ ہے فقط، مرا دعوائے علم و فضل
میری فرشتگی میں چھپی ہے درندگی !!

پورا آدمی

سلاخیں ہی سلاخیں
ان گنت چھوٹے بڑے خانے
ہر اک خانہ نیا چہرہ
ہر اک چہرہ نئی بولی
کبوتر
لومڑی
تتلی
ہرن، پتھر، کرن، ناگن،
کبھی کچھ رنگ سا جھلکے
کبھی شعلہ سا بل کھائے
کہیں جنگل، کہیں بستی، کہیں دریا سا لہرائے
سمٹتے، رینگتے، پھنکارتے
اڑتے ہوئے سائے
وہ ساڑھے پانچ چھ فٹ
چلتا پھرتا میوزیم جیسا . . . . . !!
شباہت سے تو پورا آدمی معلوم ہوتا ہے۔

ستون

آج اس کے لبوں پہ سرخی ہے
آدھا لڑکا ہے آدھی لڑکی ہے۔
سر کٹے آدمی نما یہ ستون
مدتوں سے کھڑا ہوا ہے یونہی
سوچتا ہے نہ بات کرتا ہے۔
اس کی لمبائی
اس کی چوڑائی
روز نیلام ہوتی رہتی ہے۔
فوج، بیمہ، سماج، دین، وطن
مختلف ہاتھ، مختلف سانچے
جو نیا پوسٹر لگاتا ہے
پچھلے چہرہ کو پھاڑ جاتا ہے۔

بلراج کومل



وامق جونپوری

نازل اُسی پہ ہوتی ہے کشمیر میں بہار
دیکھے ہے جو زمانہ یخ گیر میں بہار
کل تک جو اعتکاف میں تھی زندگی وہ آج
پائے ہے اپنے خواب کی تعبیر میں بہار
کیا جانیں وہ ہواؤں کی لذّت بہار میں
جو کھینچتے ہیں پھولوں کی تصویر میں بہار
غم کی نہ کوئی حد نہ مسرت کی انتہا
کچھ کم نہیں شراب سے تاثیر میں بہار
اک سلسلہ تنگوؤں کا زنداں کے اردگرد
یوں ہے کہ جیسے حلقۂ زنجیر میں بہار
عکسِ چنار سخنۂ گل بانگِ عندلیب
تحریر میں بہار ہے تقریر میں بہار
ابرِ بہار مرگِ شگوفہ حیاتِ کشت
تخریب میں بہار ہے تعمیر میں بہار
نرگس کا تذکرہ قلمِ مشک بید سے
لکھئے تو آہی جاتی ہے تحریر میں بہار
فصلِ بہار نام پڑا تو بہار کا
وامق وگرنہ کب نہیں کشمیر میں بہار

غزل

فضا خاموش یونہی رہی ہے

ہمارے نالۂ شکستِ زنداں ہمارے نغمے بہار ساماں،
ہمارے دم سے چمن چمن ہے روش روش پر ہمارا احساں
وہ ہم ہیں نیّاضِ اہلِ گلشن جو گنگناتے رہتے ہیں دل کی دھڑکن
اور ایک وہ تھے کہ خونِ گل سے رنگے گئے جن کے دستِ داماں
وہ ایک ہم ہیں کہ جن کے نقشِ قدم پہ شہلا بچھائے آنکھیں
اور ایک وہ تھے کہ چپہ چپہ چمن کا جن کے قدم سے نالاں
ہنسو منہ سوائے دہن کے غنچو کھلو کھلوائے سخن کے پھولو
تمہیں نہ معلوم ہو تو سن لو یہیں نہیں تابِ چشمِ گریاں

ہوا کی کاکل مہک رہی ہے گلوں سے ڈالی لچک رہی ہے
نمو کی چھاگل چھلک رہی ہے چھلک اٹھا ساغرِ بہاراں
کلی سے امرت ٹپک رہا ہے زمیں پہ سبزہ لہک رہا ہے
چمن میں بلبل چہک رہا ہے شباب پر آگیا گلستاں
صراحیِ یخ پگھل رہی ہے حیات چشموں میں ڈھل رہی ہے
بہار پانی پہ چل رہی ہے تمام جل تھل تمام نیساں
کسان سونا اُگا رہا ہے چنار پر رنگ آرہا ہے
سفیدہ یوں سر اٹھا رہا ہے کہ جیسے عاشق کے دل میں ارماں
وہ بید کی شاخ سے زمرّد کی جھالریں یوں لٹک رہی ہیں
کہ جیسے مشاطگی کے عالم میں بھیگی بھیگی سی زلفِ خوباں



حسن نعیم

ہاتھ پھیلایا، نہ منعم کا نوالہ توڑا
میں ہوں وہ جس نے خموشی کا پیالہ توڑا
آج آتش کدۂ غم سے ملا اک گل داں
ہم نے لب سے ترے وہ پھول نرالا توڑا
وار کرنے کے لئے لائے تھے کیا کچھ احباب
روک لی دل پہ سناں، فرق سے بھالا توڑا
عرجب بیت گئی دشت نوازی میں حسن
اُن کی بلکوں نے مرے پاؤں کا چھالا توڑا
باغ کو باغ کیا خوشۂ محنت سے نعیم
دستِ گل کھینچا، نہ پیمانۂ لالہ توڑا،

کنج عبداللہ

ملیالم کہانی

زندہ مُردہ



دُور دُور تک پھیلے ہوئے گیہوں کے کھیتوں کے اُس پار افق سے روشنی پھوٹ نکلی، سونا چونک کر جاگ اٹھا۔ جگہ جگہ سے سِتے ہوئے، پھٹے پرانے میلے کمبل کو جسم سے الگ کیا۔ پھر جھونپڑی کا دروازہ کھولا، تو کہر کے بیچ سے آنے والی روشنی اور باہر کی ٹھنڈ اندر گھس پڑی۔ سونا نے ہتھیلیوں کو مَل مَل کر گرم کیا اور منہ پونچھا۔ پچھلی رات، مٹی کے گھڑے میں پانی رکھنا بھول گیا تھا۔ اس لئے منہ دھونے نل کی طرف چل پڑا۔ گاؤں والوں کی فلاح و بہبود کے لئے زمیندار نے لگوایا تھا وہ نل۔

سونا نے منہ دھویا اور صافا نکال کر پانی پونچھا۔ جسم پر ٹھنڈی ہوا لگ رہی تھی۔ سونا نے اپنی جواہر کوٹ کی جیب میں دونوں ہاتھ ڈال کر چاروں طرف دیکھا۔

جھونپڑی کی طرف لوٹتے وقت سونا یاد کرنے لگا، "اس جمال پور گاؤں کا چہرہ کتنا بدل گیا ہے! میرے بچپن میں جب والد بھنگی کا کام کرتے تھے اور ماں بھینس پال کر دودھ دوہ کر بیچا کرتی تھی۔ سامنے کے یہ بڑے بڑے کھیت بنجر زمین تھے۔ لیکن جب حکومت نے جمنا پر باندھ بنا کر پانی روک لیا، تب بنجر زمین میں بھی پانی آگیا۔ ساتھ ہی ساتھ جمال پور میں بھی بڑی کایا پلٹ ہوئی۔ گاؤں کے بیچ میں زمیندار کی کوٹھی بنالی گئی۔ جھونپڑی اور مویشیوں کی تعداد میں کافی اضافہ ہوا۔ بنجر زمین میں پکے گیہوں کی بالیاں ناچنے لگیں۔ میں نے سوچا تھا، یہ گاؤں جنت بن جائے گا۔ لیکن . . پتاجی نے مجھے 'سونا' نام دیا جس کا مطلب ہوتا ہے زر۔ وہ دق کا شکار بن کر چل بسے۔ ڈاکٹر کو دکھائے بغیر، دوا کی ایک بوند پئے بغیر۔ ماں نے مجھے پالا پوسا۔ بھینس بیچ کر بھی وہ مر گئی۔ میں جوان ہو گیا اور ماں فالج کی وجہ سے لیٹ گئی۔ . . . یہی تو میری محنت ہے! اوہ! لگتا ہے، آج بڑی دیر ہو گئی!" سونا جلدی جلدی جھونپڑی کے اندر آیا، تو دیکھا، ماں لیٹی ہوئی کراہ رہی ہے۔ "ماں!" اُس نے پکارا۔

ماں جاگ پڑی۔ بے جان سی آنکھیں، مصائب کی جھریوں سے بھرا چہرہ۔ سونا نے پھول کی کٹوری میں دوا لے کر ماں کے منہ میں ڈالی۔ دوا کی شیشی پلنگ کے نیچے رکھی۔ پھر روٹی اور پانی کا برتن لا کر انہیں ایسی جگہ پر رکھا، جہاں ماں کا ہاتھ پہنچ سکتا تھا۔ پھر وہ جلدی جلدی باہر نکلا۔

آٹھ بج رہے تھے۔ سڑک پر آنے جانے والوں کی تعداد بڑھ گئی تھی۔ سر پر کپڑے لپیٹے، دودھ والے دودھ کے برتن کیریر پر رکھے جلدی جلدی سائیکل چلا رہے تھے۔ سونا بھی جلدی جلدی آگے بڑھا۔ تھوڑی دیر سے پہنچا، تو ڈاکٹر صاحب آنکھیں نکال کر بُرا بھلا کہنے لگیں گے۔ وہ تو کسی طرح سہہ لوں گا، لیکن اس شیشہ نما کرتا پہننے والے ٹیکنیشن نثار احمد کی بھدی گالی نہ سہہ سکوں گا۔

کنکروں پر چلتے چلتے سونا کے پیر دُکھنے لگے۔ کیوں نہ دُکھیں۔ یہ جوتے ڈیڑھ سال تک ڈاکٹر مہدی حسن کے پیروں میں رہے۔ اب میرا وزن بھی کتنے دنوں تک سہہ سکیں گے؟

"ایک پرانی سائیکل خرید سکتا، تو اتنی مصیبت نہ ہوتی۔ کتنے دنوں سے سائیکل خریدنے کی سوچ رہا ہوں۔ لیکن ہر مہینے جو تنخواہ ملتی ہے، اس کا زیادہ تر حصہ تو ڈاکٹر کی جیب میں چلا جاتا ہے۔ . . .

دو لاکھ روپے خرچ کر کے بنائے گئے اونچے ٹاور کے سر پر لگائی گئی

گھڑی کی طرف دیکھا۔ ساڑھے آٹھ بجے ہیں۔ گھڑی کے نیچے چاند کا ٹکڑا اور دونوں طرف مقدس الفاظ کھدے ہیں ــــ "اے انسان! میں نے تیرے لئے کائنات کی تخلیق کی ہے۔"

اسی بڑے پھاٹک سے جس سے ہو کر، کار، اسکوٹر، رکشا اور خوبصورت عورتیں اور مرد آتے جاتے ہیں، سونا بھی اندر چلا گیا۔ ڈیسکشن ہال میں پہنچنے پر معلوم ہوا ڈیکیشن نہیں آیا ہے۔ خوش قسمتی کی بات! نتو اکیڈیورٹینک (وہ ٹینک جس میں لاشیں محفوظ کر دی جاتی ہیں) کے پاس بیٹھ کر پان سپاری چبا رہا تھا۔ سونا کو دیکھ کر نتو اٹھا۔ پیک اس نے تھوک دیا اور منہ پونچھ کر کہا "نمسکار!"

"نمسکار جی" سونا نے بھی کہا۔

نتو دھیرے سے بولا "جانور نہیں آیا ہے!"

"آجائے گا!" سونا نے ہنستے ہوئے کہا۔ "ایک دن میں اسے پکڑ کر خوب پٹوں گا۔ میری ماں کی طبیعت ذرا ٹھیک ہو جائے۔"

پیروں کی آہٹ پا کر دونوں چونک پڑے۔ مڑ کر دیکھا، وہاں کھڑا تھا ڈیکیشن نثار احمد۔

"کتو! میری طرف گھورتے ہوئے کیوں کھڑے ہو؟" نثار احمد کی آواز بلند ہو گئی ــــ

"طلبا، ابھی آئیں گے نا! لاشیں نکال کر میزوں پر رکھ دو!"

نثار پروفیسر کے کمرے کی طرف آگے بڑھا۔ وہ بڑبڑا رہا تھا۔ "راسکلس" سونا نے کیڈیورٹینک کا ڈھکن اٹھایا۔ بدبو پھیل گئی۔ اُسے یاد آیا کہ پچھلے دن فارمالین ڈالنا بھول گیا تھا۔

"ابھی جانور ادھر آدھمکا تو مار ڈالے گا۔" اس نے جلدی جلدی فارمالین لیا اور لاشوں پر انڈیل دیا۔ نتو اسٹریچر لے آیا۔ پندرہ منٹ کے اندر اندر ڈیسکشن میزوں پر لاشیں رکھ دی گئیں۔ ان میں کسی کا ہاتھ کسی کا سر، کسی کا پیر غائب تھا۔

سونا تانبے کا پرانا برتن لے کر باہر نکلا۔ سائیکل اسٹینڈ کے پاس اپنے چولھے پر برتن چڑھا کر آگ جلائی۔ برتن میں پچھلے دن کاٹے گئے اعضاء تھے۔ ان کو اُبال کر اچھی ہڈیاں نکالنی تھیں۔ کھوپڑی کے ساتھ سب ہڈیاں جمع کرنے پر تیس روپے ملا کرتے تھے۔ لیکن جب نثار نامی یہ شیطان آیا، تب اس کی نگاہ وہاں بھی پہنچ گئی۔ طلباء کو ہڈیاں بیچنے پر جو روپے ملا کرتے تھے، وہ نثار کے ہاتھوں سونپ دینے پڑتے۔ چائے پانی کے لئے وہ کچھ دے دیتا تو خوش قسمتی!

سونا نے برتن میں اُبلتے ہوئے پانی سے ہڈی کے ٹکڑے ایک ایک کر کے باہر نکالے۔ پھر ہڈی میں ادھر اُدھر چپکے ہوئے گوشت کو چاقو سے کھرچنے لگا۔ تب ہی مہدی صاحب کی آواز اس کے کانوں میں پہنچی۔ یہ مہدی صاحب پڑھاتے وقت کتنا اونچا بولتے ہیں! ایسا لگتا ہے کہ گلا ابھی پھٹ جائے گا۔ ایک ہاتھ میں ایک ہڈی، دوسرے ہاتھ میں رنگین چاک پکڑ کر چلاتے چلاتے پسینہ بہایا کرتے ہیں۔ ساتھی نتو اکہا کرتا تھا، ڈاکٹر صاحب جتنی تنخواہ لیتے ہیں اس کے لائق کام بھی کرتے ہیں۔

سونا یاد کرنے لگا۔ "کالج کے ڈاکٹروں میں سب سے اچھے اور نیک مزاج ہیں مہدی صاحب، میرے پاس روپے نہیں ہوتے، اس لئے فیس نہیں دے پاتا، پھر بھی پچھلے پانچ برسوں سے میری ماں کا علاج کر رہے ہیں۔ میرے پاس ہوتے، تو دس بیس روپے دیدیتا لیکن اس وقت تو دوا خریدنے کے لئے بھی پیسے نہیں ہیں! مہدی صاحب پیر ہیں۔ اے خدا ان کی مدد کرنا!"

"سونا! ادھر آ" مہدی صاحب بلا رہے ہیں۔

وہ مہدی صاحب کے کمرے میں آیا تو روز کی طرح اُن کے کمرے میں بیٹھے چالیس پچاس طلباء کی آنکھیں اس کی طرف مڑ گئیں۔ طلباء ہنس رہے تھے اور کئی اس کی طرف ایک ٹک دیکھ رہے تھے گویا وہ کوئی عجیب چیز ہو۔

"سونا، اپنا کرتا اُتار!" مہدی صاحب نے حکم دیا۔

سونا نے اپنا جواہر کوٹ اور نیچے کا میلا کرتا اُتار کر زمین پر رکھ دیا۔ مہدی صاحب صرف یہی ایک مہربانی کرتے ہیں۔ کبھی کبھی بلا کر کرتا اُتروا کر لکڑی کی طرح کھڑا کرتے ہیں۔ مہدی صاحب اس کے گلے کے نیچے، پسلیوں پر اور پیٹھ پر انگلیوں سے چھو کر اونچی آواز میں کچھ بولنے لگے۔ طلباء اور طالبات اس کی طرف دیکھ کر اپنی اپنی کتابوں میں جلدی جلدی کچھ لکھنے لگے۔ مہدی صاحب نے اس کی چھاتی اور پیٹھ پر کئی لکیریں کھینچیں اور کئی لفظ لکھے۔ سونا کو بڑا دکھ ہوا ــــ ہائے، یہاں میں ایک اوزار کے مانند بن گیا ہوں۔

پھر مہدی صاحب نے ایک لڑکی کو بلایا۔ سونا کو لگا کہ وہ گوری، خوبصورت پنجابی لڑکی ایک ناگن کی طرح پاس چلی آ رہی ہے۔ جب لڑکی کی لمبی

انگلیاں اس کی پسلیوں پر رینگنے لگیں۔ تب وہ محسوس کرنے لگا کہ میں ایک اوزار کے مانند نہیں ہوں، بلکہ ایک انسان ہوں۔

"سر! بٹ دی اونلی ڈفرنس از — ہی از اے لیونگ کیڈیور"

ایک لڑکے نے کہا۔

سونا کچھ سمجھ نہ سکا۔ طلبا ہنسنے لگے۔

مہدی صاحب کا چہرہ لال ہو اٹھا۔ انہوں نے اس لڑکے کو خوب ڈانٹا اور کلاس سے باہر کر دیا۔

شام کو سونا جھونپڑی کو لوٹا، تو دیکھا کہ ماں کے پلنگ کے کنارے انگلی بیٹھی ہے۔ انگلی، سونا کو دیکھتے ہی ساڑی کے پلو سے منہ چھپا کر دوسری طرف سرک گئی۔ اس نے ماں کی پیشانی اور گلے پر ہاتھ رکھ کر دیکھا، بخار تیز تھا۔ وہ چپ چاپ پلنگ پر بیٹھ گیا۔ تب انگلی نے کہا، "آج ماں کی طبیعت بہت خراب ہے"

"انگلی، میں کیا کروں؟ میرے پاس پیسہ نہیں ہے۔ ڈاکٹر کو تو کچھ دینا نہیں پڑے گا، لیکن دوا کیسے خرید سکوں گا!"

پھر بھی وہ جھونپڑی سے باہر نکلا۔ ماں کو جلدی اسپتال لے جانا چاہئے شاید اس وقت مہدی صاحب ڈیوٹی پر ہوں۔ ایک رکشا بلانا ہے۔ لیکن رکشا والے کو دینے کے لئے پیسے نہیں۔

وہ پریشان ہو کر چوکی پہنچا تو دیکھا، مولانا ایک فرشتے کی طرح کھڑا ہے۔

سونا نے پاس آکر آواز دی، "مولانا صاحب!"

مولانا نے مڑ کر دیکھا۔ غیر متوقع سونا کو دیکھ کر اس نے داڑھی پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پوچھا "کیا بات ہے؟"

"مولانا صاحب، ماں سخت بیمار ہے۔۔۔۔ اسے اسپتال لیجانا ہے۔۔۔۔ میرے پاس ایک پیسہ بھی نہیں ہے!"

مولانا نے سائیکل رکشا آگے بڑھایا، پھر کہا، "چڑھ کر بیٹھ جا، سور کے بچے!"

سونا نے انگلی کی مدد سے ماں کو رکشا پر بٹھایا۔ پھر انگلی سے کہا۔ ہمارے لوٹنے تک جھونپڑی میں بیٹھنا پھر وہ بھی رکشا میں جا بیٹھا مولانا دھیرے دھیرے رکشا چلانے لگا

"سونا! ہوشیار رہنا! سامنے ایک گڑھا ہے!"

سونا چونک پڑا۔ اس نے ماں کو پکڑ لیا۔ رکشا ایک بار گڑھے میں ڈول اٹھا۔ پھر اوپر چڑھ گیا۔

اسپتال کے سامنے مریض اور ان کے رشتہ دار 'کیو' میں کھڑے تھے۔ یہ کیسی منحوس 'کیو' ہے! اسپتال میں، سینما میں، راشن شاپ میں، .... سب جگہ 'کیو'! آج کل کیو کے بغیر زندگی ہی نہیں ہے۔

سونا ماں کو رکشا میں چھوڑ کر ڈاکٹر صاحب کے کمرے میں آیا۔ مہدی صاحب مریضوں کو دیکھ رہے تھے۔ پاس ہی ایک دوسرا ڈاکٹر بڑی لاپرواہی سے ایک ماہنامہ کھول کر نیم عریاں گوری لڑکیوں کے ننگے اعضاء کو بڑے مزے سے دیکھ رہا تھا۔ سونا سامنے آکھڑا ہوا۔ تو مہدی صاحب نے سر اٹھا کر دیکھا۔ پھر انہوں نے سونا سے کہا کہ ماں کو پاس والے کمرے میں لے جاؤ۔ وہ اس وقت ایک ایسے بچے کا معائنہ کر رہے تھے جس کا پیٹ پھولا ہوا تھا اور جو درد کے مارے کراہ رہا تھا۔

سونا نے ماں کو کمرے میں لا کر لٹایا۔ پانچ منٹ بعد ڈاکٹر مہدی حسن وہاں آگئے۔ انہوں نے بڑی توجہ سے مریضہ کو دیکھا، پھر تھوڑی دیر تک سوچا اور ایک انجکشن دیدیا۔ سونا کو دلاسہ دیا کہ ڈرنے یا گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ پھر وہ اٹھ کھڑا ہوا۔

سونا ماں کے ساتھ گھر لوٹا، تو دیکھا، انگلی لالٹین کے سامنے بیٹھی ان کا انتظار کر رہی ہے۔ سونا نے کہا، "انگلی، تو ہمارا راستہ دیکھتے دیکھتے اکتا گئی ہوگی!"

ماں کو تھام کر لٹاتے ہوئے انگلی نے جواب دیا، "نہیں۔ تم دونوں ابھی تو گئے تھے!"

ماں نے نحیف آواز میں کہا، "بیٹا، اب انگلی کو اس کے گھر پہنچا آ"

ماں انگلی کو یہاں جھونپڑی میں ٹھہرانے سے ڈرتی تھی۔ شادی سے پہلے لڑکی کو یہاں ٹھہرا کر گاؤں والوں کو بُرا بھلا کہنے کا موقع کیوں دیا جائے۔

دونوں باہر نکلے۔ تھوڑے ہی فاصلے پر انگلی کی جھونپڑی تھی۔ انگلی اپنی جھونپڑی میں اکیلی رہتی تھی۔ اس بات پر سونا کو دکھ ہوتا تھا۔ ماں تندرست ہو جائے۔ تب شادی کر کے اسے اپنی جھونپڑی میں لاسکوں گا۔ لیکن کتنے دنوں کے بعد!"

جھونپڑی میں پہنچ کر انگلی نے دیا جلایا۔ سونا اندر آبیٹھا۔ تب انگلی

نے المونیم کے ایک برتن میں کچھ لاکر اس کے سامنے رکھا۔

سونا نے پوچھا، "یہ کیا ہے؟"

"کھا کر دیکھو"

اس نے کھایا۔ بڑھیا حلوا۔ بعد میں پانی پیتے وقت اس نے پوچھا،

"کہاں سے ملا؟"

اور کہاں سے ملے گا، تار والے بنگلے کی میم صاحب نے دیا۔ بڑی خوش ہیں اُن کو ایک بچہ ہوا ہے . . . . پہلا بچہ۔"

سونا تھوڑی دیر تک سوچتا رہا، پھر اس نے پوچھا، "انگولی، تیرا بچہ کب پیدا ہوگا؟"

انگولی شرما گئی۔ اس نے ساڑی کا پلو کھینچ کر منہ چھپا لیا۔

سونا کا جی چاہا کہ اُسے پکڑ کر گلے سے لگالے۔ لیکن شادی سے پہلے کیسے۔ . . . ؟ پھر اُس نے ایسا خیال آنے کی وجہ خود کو سنبھالا۔

"اب میں جاؤں؟" وہ اٹھا۔ پھر اس نے پوچھا، "انگولی یہاں رہتے ہوئے تو ڈرتی نہیں؟"

"میں کیوں ڈروں؟"

"کوئی غنڈا آدمکے تو"

انگولی نے کمرے کے کونے میں رکھی ہوئی جھاڑو کی طرف انگلی سے اشارہ کیا۔

سونا خوش ہوا۔ 'لڑکی ہو، تو ایسی!' وہ چل پڑا۔

بہت دنوں تک انگولی دکھائی نہیں دی، تو ایک دن شام کو سونا اس کی جھونپڑی کی طرف چلا آیا۔ پاگل کی طرح بالوں کو کھلا چھوڑ کر انگولی جھونپڑی کے دروازے پر بیٹھی تھی۔ سونا کو دیکھتے ہی وہ اُٹھ کر اندر چلی گئی اور اس نے دروازہ بند کر لیا۔

سونا ہکا بکا رہ گیا۔ اُسے شبہ ہوا، کیا میں خواب دیکھ رہا ہوں؟ اس نے دروازے پر دستک دے کر آواز دی، "انگولی، دروازہ کھول تجھے کیا ہوا؟"

انگولی بھرائی ہوئی آواز میں بولی، "مجھے کچھ نہیں ہوا . . . تم یہاں سے چلے جاؤ۔"

سونا نے حیرت کو کسی طرح دبا کر پھر پوچھا، "انگولی، کیا ہوا، مجھے بتا!"

وہ رو رہی تھی۔ اس کی سسکیوں کی آواز دروازے کے اُس پار اس کے کانوں میں پہنچ گئی۔ سونا پہلی بار انگولی کو روتے دیکھ رہا تھا۔ سونا کے دل میں یہ خواہش جاگ اٹھی کہ وہ اس کے آنسو پونچھ کر اسے دلاسہ دے۔ لیکن دروازہ تو بند تھا۔

یکایک دروازہ کھلا انگولی باہر آئی اور اس کی طرف نگاہ ڈالے بغیر آگے بڑھ گئی۔ وہ آنگن کے ایک طرف جا کر بیٹھ گئی۔ اور قے کرنے لگی۔ پھر انگولی اُٹھ کر اندر چلی گئی اور دروازہ بند کرنے کے بعد انگولی نے کہا: "آئندہ کبھی اس پاپن کو دیکھنے کے لئے یہاں مت آنا!"

جواب نہیں ملا۔ سونا کے سامنے منہ اُٹھا کر انگولی کس طرح اپنے گناہ کا اظہار کرتی؟

انگولی کی ایک ہی مددگار میم صاحب تھیں۔ سویرے انگولی میم صاحب کے گھر جاتی تھی۔ پھر گھر بیت الخلاء، غسل خانہ، مرغیوں اور خرگوشوں کے پنجرے وغیرہ سب صاف کرتی تھی۔ میم صاحب روز کھانا دیتی تھی اور ہر مہینے دس روپے تنخواہ بھی۔

انگولی کام کرنا پسند کرتی تھی۔ اُسے میم صاحب کے گھر کے گلہارن مرغے مرغیوں سے اور سفید خرگوشوں سے پیار تھا۔ لیکن اُسے گھر میں ایک آدمی سے ڈر لگتا تھا۔ وہ تھا افتخار صاحب، جو جھاڑو دیتے وقت اس کے جسم کو گھورنے والی نگاہوں سے دیکھتا رہتا تھا۔ بڑی بڑی مونچھیں چوچک کے دانوں، لال چہرہ، گدلی آنکھیں بڑی توند۔ وہ میم صاحب کا شوہر تھا۔ انگولی اس بات پر رنجیدہ ہوا کرتی تھی کہ ایسی بدصورت آدمی ہرنی کے مانند خوب صورت میم صاحب کا شوہر بنا ہے۔

روز کی طرح انگولی بنگلے میں آئی، تو میم صاحب دکھائی نہیں پڑیں۔ پتہ چلا کہ میم صاحب زچگی کے لئے اسپتال گئی ہیں۔ وہ آنگن میں جھاڑو دینے لگی۔ تب افتخار صاحب ایک چاقو سے امرود کاٹ کر کھا رہا تھا۔ پھر انگولی سونے کے کمرے میں آئی۔ بستر ٹھیک ٹھاک بچھایا اور کمرے میں جھاڑو دینے لگی، یکایک اسے محسوس ہوا کہ کمرے میں اندھیرا پھیل رہا ہے۔ مڑ کر دیکھا تو افتخار صاحب دروازہ بند کر کے اس کی طرف گھورتے ہوئے کھڑا تھا۔ افتخار صاحب کے ہاتھ اس کی طرف بڑھ رہے تھے۔ اس کا گلا سوکھ گیا۔ بولنے کی طاقت نہیں رہی۔ پھر انگولی کو سکتے کے عالم میں، پلنگ پر بیٹھ کر اپنی پھٹی پرانی چپلیں اُتار نیچے ڈالنی پڑیں . . . .

انگولی نے یہ سب نہیں بتایا۔ پھر بھی سونا بھانپ گیا۔ 'انگولی، جسے میں ایک اپسرا کی طرح پوجتا تھا، مجھے دھوکہ دے گئی . . . . !' اپنے دل

کے درد کو کم کرنے میں وہ کامیاب نہیں ہوا۔ پھر وہ جیتا رہا۔ نثار احمد کی گالیاں سنتے ہوئے، ڈیسکشن ہال میں کام کرتے ہوئے، دوا کی شیشی لے کر اسپتال کے سامنے 'کیو' میں کھڑے ہوتے ہوئے۔

اس واقعہ کے بعد انگوری سے ملاقات نہیں ہوئی۔ آخری بار دیکھ سکا تھا۔ اسپتال میں اس کی لاش۔

انگوری نے زہریلے جنگلی پھلوں کو پیس کر، زہر تیار کر کے پی لیا، لیکن جلدی مر نہیں سکی۔ ایک ہفتہ تک اسپتال میں لیٹے لیٹے تکلیف سہنے کے بعد ہی وہ مری

انگوری اسپتال میں بیمار پڑی تھی، یہ سن کر ماں نے سونا سے کئی بار کہا کہ اسپتال جا کر اُسے دیکھ آئے، لیکن وہ اسپتال گئے بغیر اور انگوری کو دیکھے بغیر ماں سے کچھ نہ کچھ جھوٹی بات کہہ دیتا تھا۔

رشتہ دار نہیں تھے، اس لئے اس کی لاش لے جانے کے لئے کوئی نہیں آیا۔ لاش اسپتال میں پڑی رہی۔ کچھ بھی ہو، وہ تو مر گئی۔ اب جا کر اس کی لاش لے آؤں گا، اس خیال سے سونا اسپتال چلا آیا۔

اسپتال کے لاشوں والے کمرے میں انگوری کی پکڑے سے ڈھکی لاش پڑی تھی۔ اس نے کپڑا اٹھا کر آخری بار اس کا چہرہ دیکھ لیا۔ سونا اس کا چہرہ پہلے کی طرح کپڑے سے ڈھک کر دکھی دل سے باہر نکل آیا۔

اگلے دن سونا روز کی طرح اپنے کام پر میڈیکل کالج میں آیا۔ ٹیکنیشین نثار احمد وقت سے پہلے پہنچ چکا تھا۔ سونا کو دیکھتے ہی اس نے آواز دی،

"ارے سونا! ادھر آ۔ کتنی دیر سے تیری راہ دیکھ رہا ہوں!"

سونا اس کے کمرے میں چلا آیا۔ نثار نے ایک تیز ریزر اس کی طرف بڑھا کر حکم دیا، "ایک نئی لاش آئی ہے۔ تو جا کر اس کے بال کاٹ دے!"

سونا ریزر لے کر پاس والے کمرے کی طرف آگے بڑھا۔ میز پر پلاسٹک کی چادر کے اندر لاش پڑی تھی۔ اس نے چادر اٹھایا، تو سکتے میں آ گیا۔ انگوری کی لاش! لاش لے جانے کے لئے کوئی نہیں آیا، تو اسپتال والوں نے کالج میں بھیج دی۔ "کیوں گھورتا کھڑا ہے، گدھے؟ جوان عورت کی خوب صورتی دیکھ رہا ہے کیا؟ جلدی کام کر!" سونا مشین کی طرح کام کرنے لگا۔ اسے محسوس ہوا، دُنیا گھوم رہی ہے۔ نثار پاس چلا آیا، لیکن وہ دیکھ نہیں سکا۔ نثار نے چادر کھینچ لی انگوری بالکل ننگی پڑی تھی۔ سونا نے چاہا کہ نثار کے ہاتھ روک لے۔ نثار نے لاش کو تھوڑا چیرا۔ "ڈائی انجکٹ کرنی چاہئے۔ کام کرتے وقت اس نے پوچھا، "تو اس رنڈی کو جانتا ہے؟"

"نہیں۔" سونا کے ہونٹ ہلے۔

"ڈاکٹر صاحب نے کہا تھا، اسی علاقے کی ہے۔ من مانی کرنے کا یہی نتیجہ نکلتا ہے۔" سونا کچھ نہیں بولا، اس نے لاش کے لمبے گھنے، کالے بالوں کو کاٹ دیا۔ تب اُسے یاد آیا کہ ماں کبھی کبھی انگوری کے کالے گھنے بالوں کی تعریف کیا کرتی تھی۔

تب نثار نے ایک لمبی سوئی اور دھاگا اس کے ہاتھ میں دے کر لاش کے ہونٹوں کو سی دینے کا حکم دیا۔ جب سوئی ہونٹوں کو پار کر گئی تو سونا نے محسوس کیا کہ وہ سوئی اس کے کلیجے کو پار کر رہی تھی۔ اس رات سو نہیں سکا۔ آنکھیں بند کرتے وقت لاش کا منڈھا ہوا سر، آپس میں سئے ہوئے ہونٹ اور ننگا جسم دکھائی سا دینے لگا۔ صبح ایک جھپکی آئی، تو خواب میں انگوری کو دیکھا۔ انگوری نے اس کی طرف دیکھ کر کہا، "میں نے تمہیں دھوکا دیا۔ اسی غم میں زہر کھا کر مر گئی۔"

سونا کے دن بڑی بے چینی سے کٹنے لگے۔ اس دن انگوری کی لاش ڈیسکشن ٹیبل پر لائی گئی۔ سونا نے ہی کیڈیور ٹینک سے لاش اٹھا کر اسٹریچر پر رکھی اور پھر میز پر لاشوں کے بیچ۔ پہلے کبھی اسے محسوس نہیں ہوا تھا کہ ان میں بھی کسی وقت گرم لہو دوڑتا تھا۔ سونا نے اس خیال سے سارا کام کیا کہ انگوری کو دکھ نہ ہونے پائے۔

تھوڑی دیر بعد طلبا اور طالبات میز کے پاس آئے۔ قینچی، چاقو، ریزہ وغیرہ چلنے لگے۔ سونا نے کیڈیور روم کے دروازے سے اندر جھانک کر دیکھا، اسے دکھائی پڑا کہ ریزر کی دھار لاش پر پڑ رہی تھی

آخر وہ دن بھی آ گیا۔ لاش کی کھوپڑی توڑی جا رہی تھی۔ یہ کام دیکھنے کی ہمت نہ ہونے کے سبب سونا باہر آ کر کھڑا ہو گیا۔ تب ایک طالب علم نے آ کر اُسے بلایا۔ سونا اندر آیا تو طلبا نے اس کے ہاتھ میں چھینی اور ہتھوڑا دے کر کہا، "سونا یہ کھوپڑی توڑ دو؛ ہم سے تو ڑی نہیں جاتی!"

سونا کچھ بول نہ سکا۔ چھینی ہاتھ میں پکڑا کر وہ کچھ لمحوں تک چپ چاپ کھڑا رہا۔ تب طلبا نے جلدی کی، "جلدی کام کرو، وقت گزر رہا ہے۔"

سونا کھوپڑی پر چھینی رکھ کر ہتھوڑا چلانے لگا۔ کتنی دیر تک ہتھوڑا چلاتا رہا، اُسے یاد نہیں۔ کھوپڑی ٹوٹ گئی۔ تب اُس نے دیکھا، سفید رنگ کا، نہیں، ہلکے پیلے رنگ کا، بہت سی سلوٹوں سے بھرا ہوا دماغ:

عجیب دماغ، جس نے کئی بار اس کو یاد کیا تھا۔ (مترجم: صفدر حسین)

اے ڈی ارشد



مسئلہ وحدت الوجود اور بھگتی تحریک

خلافت راشدہ (۶۳۲-۶۶۱ء) کے بعد بنو امیہ کے عہد (۶۶۱-۷۴۹ء) میں ملکی فتوحات کی کثرت اور دولت کی فراوانی نے اسلام کے سیاسی نظام میں خاص تبدیلی پیدا کر دی۔ خلیفہ مسجد کو چھوڑ عالیشان محل میں رہنے لگا اور منبر کے بجائے پرشکوہ تخت پر بیٹھنے لگا۔ قصر خلافت کے دروازوں پر دربان بٹھا دیئے گئے۔ عوام سے وہ گہرا ربط اور تعلق جو خلفائے راشدین کے عہد کی خصوصیت تھی ختم ہو گیا۔ خلافت کی جگہ ملوکیت نے لے لی تو مسلمانوں کی وحدتِ عمل بھی جاتی رہی۔ حضرت معاویہؓ کی وفات (۶۸۰ء) کے بعد یزید کے عہدِ حکومت کے تین برسوں (۶۸۰-۶۸۳ء) میں ایسے سنگدلانہ واقعات وقوع پذیر ہوئے جن کی وجہ سے نیک دل مسلمانوں میں سخت بیزاری پیدا ہوئی۔ چنانچہ بہت سے بزرگوں نے حکومتِ وقت سے قطع تعلق کر لیا۔ کچھ خدا پرست لوگ حکمرانوں کی سنگدلانہ پالیسی اور اُن کی عیش و امارت کی زندگی سے نفرت کرنے لگے اور دُنیا سے منہ موڑ بیٹھے۔ یہ لوگ صوفی کہلائے۔ تصوف کے مسلک نے خدا سے وصال کے طریقوں پر زور دیا اور رسمی دین اور ظاہری عبادات سے ہٹ کر باطنی وجدان اور دلی کیفیات کی طرف زیادہ توجہ دی۔ اس رجحان نے کئی نئے نظریات کو جنم دیا۔ ان میں سے ایک اہم نظریہ وحدت الوجود تھا۔

نظریۂ وحدت الوجود کا سادہ زبان اور مختصر الفاظ میں مطلب یہ ہے کہ خدا کے سوا کائنات میں کوئی چیز موجود نہیں۔ یا یہ کہ جو کچھ موجود ہے سب خدا ہی ہے۔ اہلِ ظاہر کے نزدیک خدا اور کائنات الگ الگ ہیں۔ نیز کائنات کی مختلف اشیاء اور انسانوں میں کوئی فرق نہیں۔ جو فرق ہے ظاہر میں ہے۔ باطن میں بالکل نہیں۔ ویسے تو توحید کا نظریہ اسلامی تعلیمات کی اصل اور بنیاد ہے۔ لیکن وہ اپنے اور افلاطونی فلسفہ کا اثر لے کر مسلمان صوفیوں نے اسے وحدت الوجود کا نیم فلسفیانہ لباس پہنا دیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے یہ عقیدہ مسلم سوسائٹی کے جسم و جان میں اس طرح حلول کر گیا کہ زندگی کا ہر شعبہ اس سے متاثر نظر آنے لگا۔ مذہب، اخلاق، ادب شعر، فنونِ لطیفہ کوئی چیز اس کے دائرہ اثر و نفوذ سے باہر نہ رہی۔

وحدت الوجود کا نظریہ مسلمان صوفیوں کے دلوں میں یوں تو تیسری صدی ہجری کے اختتام پر اپنی جگہ پیدا کر چکا تھا۔ لیکن اس کی باضابطہ تدوین و تشکیل چھٹی اور ساتویں صدی ہجری میں فلسفہ پسند صوفیوں کی ایک جماعت کے ہاتھوں ہوئی۔ ان لوگوں نے تصوف کو فلسفہ کے رنگ میں رنگ کر ایک جداگانہ قسم کی الٰہیات کا فکری نظام قائم کر دیا جس کو اصل اسلام سے بہت کم تعلق تھا۔ اس گروہ کے ممتاز افراد ابوالفتوح شہاب الدین (م ۵۸۷ھ)۔ ابن عربی (م ۶۳۸ھ) ابن فارض (م ۶۳۲ھ) ابن سبعین (م ۶۶۸ھ) عفیف الدین (م ۶۹۰ھ) اور اُن کے ہمنوا حضرات ہیں لیکن جس بزرگ نے اس عقیدے کی سرگرم تبلیغ کی اور جس کے ہاں پہنچ کر یہ فلسفہ مکمل اور پختہ ہوا۔ نیز مدوّن کیا گیا وہ شیخ محی الدین ابن عربی ہیں۔ جو شیخ اکبر کے لقب سے یاد کیے جاتے ہیں۔ ان کی تبلیغ نے وحدت الوجود کے خیالات کو ایک اسلامی عقیدے کی حیثیت دی۔

شیخ اکبر ۵۶۰ھ میں اسپین کے مشہور شہر مرسیہ میں پیدا ہوئے اور مشرق و مغرب کے ممالک کی سیاحت کرتے ہوئے ۶۳۸ھ میں وفات پا گئے۔ دمشق میں مدفون ہوئے۔ اُن کی تصنیفات میں "فصوص الحکم" اور "فتوحات مکیہ" کو سب سے زیادہ شہرت حاصل ہوئی۔ شیخ اکبر کے عقائد اور نظریات کا نچوڑ ان ہی کتابوں میں ملتا ہے۔

شیخ کی تصانیف برصغیر پاک و ہند میں پہنچیں تو ان کا پرجوش خیر مقدم ہوا۔ یہاں کے عالموں نے ان کی شرحیں لکھیں اور مسئلہ وحدت الوجود پر خاص توجہ دی۔ یہ وہ زمانہ تھا جبکہ ہندوستان میں مسلمانوں کے حملوں کے سامنے مقامی طاقتیں پسپا ہو چکی تھیں۔ اور ان کی قوت کی بحالی کا بظاہر کوئی امکان نہ رہا تھا یہ مانی ہوئی بات ہے کہ جب قوموں کے قوائے عمل میں ضعف پیدا ہو جاتا ہے اور جد و جہد کا ولولہ باقی نہیں رہتا ہے تو اس میں تصوف خوب پھلتا پھولتا ہے۔ مسلمان ہوں تو مسجدوں کے بجائے خانقاہیں زیادہ آباد نظر آتی ہیں۔ بعینہٖ حالت ہندو قوم کی ہوئی اس حالت میں انہیں مسلمانوں کا تصوف پسند آیا۔ اور اس کے بل بوتے پر بھگتی تحریک نے زور پکڑا۔ سادھو سنتوں کی تعلیم کے اثرات جنوب سے شروع ہو کر ملک کے شمال تک پھیل گئے۔ مندر کے مقابلے میں مٹھ آباد نظر آنے لگے۔

ہندوستان میں اسلامی تصوف مقبول ہونے پر ہندو دھرم بہت سے نئے افکار سے روشناس ہوا مثلاً تمام انسانوں سے محبت کا مسلک۔ ذات پات کے امتیازات سے نفرت۔ انسانی مساوات کا عقیدہ۔ یہ عمل اسلام سے میل ملاپ کے زیر اثر تھا۔ اس کے علاوہ اسلام ان عناصر کو تقویت پہنچا کر بروئے کار لایا جو اگرچہ پہلے سے ہندو فکر میں مضمر تھے مگر کسی نہ کسی وجہ سے خاموش اور خوابیدہ رہے تھے۔ ان میں سب سے زیادہ اہمیت توحید کے تصور کو حاصل ہے۔ دیگر تصورات بھی ایسے تھے۔ جو حیرت انگیز حد تک اسلامی معتقدات سے قریب تر معلوم ہوتے۔ وحدت الوجود کا عقیدہ ہندوؤں میں بھی موجود تھا۔ ہندوؤں کے عظیم ترین مفکر شنکر آچاریہ وحدت الوجود کے قایل تھے اور کہتے تھے کہ خدا ایک ہے اس کے سوا اور کوئی نہیں۔ بعد کے ہندو مصلحین نے اسلامی مقاصد کے بعض دوسرے عناصر ہندو مذہب میں جذب کر لیے۔ جو لوگ بھگتی کے معتقد تھے انہیں صوفیہ یا اسلامی تصوف میں بہت سی جاذب اور روح افزا چیزیں مل گئیں۔

نظریۂ وحدت الوجود درحقیقت ایک وجدانی کیفیت، ایک ذوقی حالت ایک انجانی اور روحانی احساس ہے جنہیں الفاظ میں منتقل کرنا نہایت مشکل کام تھا۔ یہ مشکل اس وقت اور بھی سخت ہو گئی جب اس کے متعلق بیانات ایسے لوگوں میں پہنچے۔ جو اس راز کے محرم اور اس شراب کے جرعہ نوش نہ تھے۔ یہی وجہ تھی کہ جب اس نظریہ پر عوام سے گفتگو ہوئی اور انہیں اس سے متعارف کرایا گیا تو بڑی پیچیدگیاں واقع ہوئیں۔ یہانتک کے گمراہی اور بے دینی کے پیدا ہونے کا قوی احتمال ہو گیا۔ انجان لوگوں نے خود کو خدا سمجھنا شروع کر دیا۔

ہندوستان میں چشتیہ سلسلے کے مشائخ کا وحدت الوجود کے عقیدہ پر پورا یقین تھا۔ لیکن وہ تمام عقیدت اور ارادت کے باوجود عوام کو اس کے مطالعہ کی دعوت دینے میں سخت احتیاط سے کام لیتے تھے۔ ہندوستان میں سب سے پہلے جس بزرگ نے نظریۂ وحدت الوجود کو عام گفتگو کا موضوع بنایا وہ سعود بک تھے۔ جو سلطان فیروز تغلق کے حکم اور اس کے قرابت دار تھے۔ عوام کو اس گفتگو میں شریک کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ انا الحق کی صدائیں بلند ہونے لگیں۔ سلطان فیروز تغلق نے اپنی کتاب فیروز شاہی میں ایسے ہی چند بزرگوں کا ذکر کیا ہے۔ ایک صوفی احمد بہاری تھے جن کے شیخ شرف الدین یحییٰ منیری کے ساتھ گہرے تعلقات تھے ان کے متعلق لکھا ہے۔ "وظائف از بہار اور اضداد گفتند" (بہار کے ایک طبقے کے لوگ اسے خدا کہتے تھے)۔ ان پر کفر کا فتویٰ عاید ہوا اور انہیں موت کی سزا دی گئی۔ پھر گجرات کے ایک صوفی کے متعلق لکھا ہے "کلمۂ انا الحق می گفت" سعود بک بھی اپنے عقائد میں شدت کی بناء پر حسین بن منصور حلاج کی طرح عوام کے روبرو موت کی سزا پا گئے۔

مسلمانوں میں عقیدہ وحدت الوجود اور اس کے متعلقات کی ترویج کا اثر خطرناک ثابت ہوا۔ اس سے ان میں عمل کی روح بے حد کمزور ہو گئی۔ اس عقیدے کا مطلب یہ تھا کہ کائنات کے ذرّے ذرّے میں خدا ہے لہٰذا خدا کی عبادت ہر طریقے کی جا سکتی ہے۔ پتھر، حیوان، آگ، پانی، ہوا، انسان غرض کسی کی بھی پرستش کی جائے وہ خدا ہی کی پرستش سمجھی جائے گی۔ اس لیے کہ سب اشیاء اور مخلوقات میں خدا موجود ہے۔ ظاہر ہے کہ اس فلسفیانہ عقیدے اور اسلام کے عقیدۂ توحید میں بُعد المشرقین ہے۔ لیکن بیشتر علماء و مصنفین نے ان دونوں میں مطابقت پیدا کرنے کی بڑی کوششیں کیں۔ ملا جامی نے لوائح لکھی حکیم سنائی، محمود شبستری، فریدالدین عطار، جلال الدین رومی اور دیگر عالی قدر مصنفین و شعراء نے نظریاتی اعتبار سے تصوف کو انتہائی بلندیوں تک پہنچا دیا اور عقیدۂ وحدت الوجود کو زیادہ سے زیادہ قابلِ قبول بنانے میں مصروف رہے۔

عقیدہ کے ایسے اثرات کے پیش نظر مناسب انسداد کی ضرورت بلا تاخیر محسوس کی گئی جن برگزیدہ ہستیوں نے مخالفت میں آواز بلند کی ان میں دو شخصیتیں زیادہ ممتاز ہیں ایک امام ابن تیمیہ (م ۷۲۸ھ) اور دوسرے مجدد الف ثانی حضرت احمد سرہندی (م ۱۰۳۴ھ) امام ابن تیمیہ کی تردید کی کوشش زیادہ کارگر ثابت نہ ہوئی۔ اس لیے بھی کہ ان کے زمانہ (۶۶۱ - ۷۲۸ھ) میں یہ عقیدہ ابھی پوری طرح پھیل نہیں سکا تھا۔ بعد کی صدیوں میں جب پورے

قوم اخلاقی زوال اور سیاسی جمود اور تعطل سے دوچار ہوئی۔ تو اس عقیدے کو زیادہ موقع ملا۔ اس حالت کو دیکھ کر حضرت مجدد الف ثانی میدان میں آئے وہ خود تصوف کے تمام مقامات سے آگاہ تھے۔ سلوک کی تمام جانی اور انجانی منزلیں طے کر چکے تھے۔ انہوں نے اس راہ کے واردات کی بنیاد پر عقیدۂ وحدت الوجود کی تردید کی۔ انہوں نے کہا کہ ابن عربی کو دھوکا ہوا ہے۔ جس مقام پر جا کر انہیں وحدت الوجود محسوس ہوا۔ وہ سلوک کی آخری منزل نہیں۔ وحدت الوجود کے تجربے تو اس راہ کی درمیانی منزلوں کی واردات ہیں ان پر اعتماد کرنا بڑی غلطی ہوگی۔ ان درمیانی منزلوں میں سالک کو محسوس ہوتا ہے کہ وجود ایک ہی ہے اور اس ایک ذات کے سوا کچھ موجود نہیں۔ لیکن آگے بڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ یہ محض وحدتِ شہود ہے یعنی صرف ایسا نظر آتا ہے۔

حضرت مجدد نے جو تردیدی نظریات پیش کئے۔ ان سے ان کے معاصرین بے حد متاثر ہوئے۔ سلسلہ نقشبندیہ نے مجدد صاحب کے نظریۂ وحدت الشہود کو اپنا مسلک بنا لیا۔ اور وحدت الوجود کی تردید اپنے لئے لازمی قرار دے لی۔ اس کشمکش کو فرو کرنے کے لئے بالآخر شاہ ولی اللہ محدث نے اجتہاد سے کام لیا۔ اور متصادم نظریات میں تطابق پیدا کرنے کی کوشش کی۔

وحدت الوجود کا عقیدہ جیسا کہ ابن عربی نے فصوص الحکم میں بیان کیا ہے۔ تمام مذاہب اور ان کے فرقوں کو ہم رتبہ قرار دیتا ہے۔ اور مسلمانوں کی برتری کے دعویٰ کو تسلیم نہیں کرتا۔ شیخ عبدالقدوس گنگوہی جنہوں نے ابن عربی کی فصوص الحکم کی شرح لکھی۔ کی تصنیفات میں بھی اس برتری کے احساس کی نفی کے بیانات عام ملتے ہیں۔ مثلاً یہ کیا فضول بحث ہے کہ فلاں مومن ہے اور فلاں کافر، فلاں مسلمان ہیں اور فلاں نصرانی۔ سب کے سب لوگ ایک ہی خیال کے پیرو ہیں۔ وغیرہ وغیرہ مسلمانوں میں جب اس عقیدے کی اشاعت ہوئی تو مذہب کے متعلق نئے رجحانات پیدا ہوئے جو بالآخر اکبر کے دینِ الٰہی اور داراشکوہ کی تصنیف "مرج البحرین" کے روپ میں تکمیل پذیر ہوئے۔

یہ اتفاق کی بات تھی کہ ہندوؤں کی طرف سے بھگتی تحریک نے پہلی مرتبہ ہندوستان میں اس وقت سر اٹھایا جب وحدت الوجود کے حامی اس عقیدے کو مسلمانوں میں پھیلانے میں مصروف تھے۔ دونوں تحریکیں اکٹھی ہوگئیں۔ اور یہ سمجھ لیا گیا کہ تمام مذاہب اگر ظاہری اعتبار سے نہیں تو باطنی طور پر ضرور یکساں ہیں۔

آٹھویں صدی عیسوی میں ہندومت میں انحطاط پیدا ہو چکا تھا۔ ہندوؤں نے اس کے احیاء کے لئے کوشش شروع کی۔ مشہور ہندو مفکر شنکر آچاریہ (۷۸۸ - ۸۲۸ء) مالابار کے علاقہ میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے ہندوؤں کو اپنے فلسفیانہ اور منطقی انداز سے سمجھا لیا کہ اسلام اور ہندومت برابر ہیں۔ چنانچہ تبدیلیٔ مذہب کا رجحان کسی حد تک رک گیا اور برہمنوں کا مذہب عروج پر آ گیا۔ شنکر آچاریہ نے خدا کا جو تصور پیش کیا تھا۔ اس سے یک طرفہ عبادت گزاری مقصود تھی۔ اسلام نے ایک رحیم اور مہربان خدا کا تصور پیش کیا۔ جو مخلوق سے محبت کرتا ہے اور مخلوق اس سے محبت کرتی ہے۔ اس تک پہنچنے کا ذریعہ بھگتی و پرستش و عبادت ہی تھا۔ اسلام کے زیر اثر زیادہ سے زیادہ لوگ "بھگتی مارگ" کے قائل ہوتے گئے۔

شنکر آچاریہ کے بعد رامانج نے (۱۰۳۷ - ۱۱۳۷) نے دکن میں بھگتی کی تعلیم عام کی۔ بعد ازاں رامانند (۱۲۹۹ - ۱۴۱۰ء) نے بھگتی کی تعلیم کا پرچار کرتے ہوئے ایک الگ پنتھ قائم کیا جس میں بنیادی اصول یہ رکھا کہ خدا کے بھگت ہوتے ہوئے سب لوگ بھائی بھائی ہیں۔ برہمنوں کی تعلیم کے خلاف اس نے اپنے پنتھ میں چمار، خاکروب، نائی، قصاب حتیٰ کہ عورت کو بھی داخل کیا۔ اور ان سب کو برابر گردانا۔ رامانند کے چیلے بھگت کبیر (۱۴۴۸ - ۱۵۱۷ء) نے یہ نظریہ پیش کیا کہ خدا سے محبت جبھی میسر ہو سکتی ہے کہ انسان ہندو اور مسلمان کے خانوں میں نہ بٹے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ نجات ہر شخص کے لئے ممکن ہے بشرطیکہ اس کے دل میں اللہ کی محبت پیدا ہو اور ایسا کرنے کے لئے کسی مذہب کی پابندی کی ضرورت نہیں۔ بنگال میں ہندومت کے احیاء کا کام چیتنیہ (۱۴۸۸ - ۱۵۳۲ء) نے شروع کیا یہاں مسلمان صوفی بکثرت جمع تھے چیتنیہ نے کیرتن (کرشن مہاراج کی تعریف میں گیت) ایجاد کر کے ہندو عوام میں مقبولیت حاصل کی۔ چیتنیہ نے برہمنوں کے رسموں اور رتنوں سے بھرے ہوئے دھرم اور ذات پات کی مذمت کی۔ اور ہندوؤں کے طریق عبادت کو جو بڑی حد تک انفرادی ہے۔ اجتماعی حیثیت دی۔

شنکر آچاریہ سے بھگتی تحریک تک پہنچتے پہنچتے ہندو دھرم کے بھگتی مسلک کی شکل و صورت واضح طور پر اسلام سے مشابہ ہو گئی۔ اور اس میں تصوف کا عنصر بھی صاف نظر آنے لگا۔ یہی نہیں شری شنکر سے لے کر سوامی دیانند تک تمام اکابر مذہبی تحریکات اسلام سے متاثر ہوئیں۔ سرجادو ناتھ سرکار۔ ڈاکٹر تارا چند ڈاکٹر ایشوری پرشاد اور کئی اور مورخین نے اس حقیقت کا اعتراف کیا ہے۔ بات یہ تھی کہ ہندو، مسلمانوں کے تصوف سے بہت متاثر ہونے لگے چونکہ تصوف کے اکثر اجزا مثلاً وحدت الوجود۔ ترک دنیا، نفس کشی، ریاضت

اطاعت شیخ، یاس انفاس، رقص وسماع، ہندوؤں میں ویدانت اور یوگ کی وجہ سے پہلے سے موجود تھے اور نروان، آٹھ درجے، ابھیاس اور چتکار یعنی فنا و بقا، طریقہ وسلوک، مراقبہ اور کرامت کی اصطلاحات سے بھی ہندو بیگانہ نہ تھے۔ اس کے علاوہ مسلمانوں کے تصوف نے اپنے بعض اجزا رآریائی ماخذ مثلاً یونان، ایران اور ہندوستان سے حاصل کئے تھے۔ اس لئے بھی تصوف کو ہندوستان میں بے انتہا مقبولیت حاصل ہوئی۔ چنانچہ بھگتی مارگ کے بڑھتے بڑھتے ہندو مصلحین کی تعلیمات تصوف کے اثر سے لبریز تھیں۔

اکبر اعظم کے عہد میں ہندو اور مسلمانوں میں میل ملاپ بہت زیادہ بڑھ گیا۔ اس اختلاط باہمی سے بڑے بڑے معاشرتی اور ثقافتی نتائج پیدا ہوئے۔ ہندو اور مسلمان بچے مکاتب و مدارس میں اکٹھے تعلیم پانے لگے۔ ہندوؤں نے عربی اور فارسی زبانیں سیکھیں۔ مسلمانوں نے ہندی اور سنسکرت سیکھی۔ بعض مسلمانوں نے ہندی اور سنسکرت سیکھی۔ بعض مسلمانوں نے ہندوؤں کی رسوم اختیار کیں۔ بعض ہندوؤں نے مسلمانوں کے طور طریق سیکھے۔ ہندو اور مسلمان دونوں صوفیاء اور اولیاء کی درگاہوں پر یکساں عقیدت سے حاضر ہونے لگے۔ بلکہ بعض صوفیاء نے ہندوؤں کو (بلا تبدیل مذہب) مرید کرنا بھی شروع کر دیا۔ مسلمانوں نے ہندوؤں کے تہواروں میں حصہ لینا شروع کر دیا۔

دین الٰہی کی تحریک بھی اس زمانے کی روحانی سرگرمی کا ایک اظہار تھی۔ اتحاد مذاہب کے مسلک نے اکبر کے دین الٰہی کے لئے بنیاد کا کام دیا مؤرخ عہد بدایونی کے بیان کے مطابق دین الٰہی کا تخیل اول اول دربار کے برہمنوں نے پیش کیا۔ پھر وحدت الوجود کے حامیوں نے اسے تقویت دی اس بیان کی تصدیق اس امر سے ہوتی ہے کہ اکبر کو دین الٰہی کے اجرا کی ترغیب دلانے والوں میں شیخ تاج الدین کا نام بھی آتا ہے۔ جو شیخ امان پانی پتی کا شاگرد تھا۔ شیخ تاج الدین نے ابن عربی کی تصنیف فصوص الحکم کی شرح لکھی تھی۔ اور وہ خود ابن عربی کے عقائد کا معتقد تھا۔

مذہبوں کی یکسانیت کے نظریہ نے جو عقیدہ وحدت الوجود کی پیداوار تھا۔ ہندو دھرم پر ہی نہیں سکھ دھرم پر بھی خوش گوار اثر ڈالا۔ سکھ دھرم کے بانی گورو نانک صاحب پر اسلام کا اثر پڑا، جو آپ کی تحریروں سے نمایاں ہے آپ کے اقوال میں تصوف کا رنگ نمایاں ہوا۔ آپ نے چشتیہ سلسلہ کے مشہور بزرگ حضرت فرید الدین مسعود گنج شکر کے بارھویں گدی نشین سے شیخ فرید دو مرتبہ پاک پٹن جا کر ملاقات کی۔ اور ان کے اقوال جو دوہوں کی شکل میں ہیں۔ سکھ دھرم کی مقدس کتاب گورو گرنتھ صاحب میں ایک الگ باب کی شکل میں "اشلوک شیخ فرید جی" کے زیر عنوان شامل کئے گئے ہیں۔ اسی طرح سے مسلمان درویش بھگت کبیر جو سلسلۂ چشتیہ کے ایک بزرگ شمار کئے جاتے ہیں۔ ان کے اقوال بھی جو دوہوں کی شکل میں ہیں گورو گرنتھ صاحب کے متن کا ایک جز ہیں۔

آگے چل کر بھگتی کے مسلک میں ایک متصوفانہ جدت پیدا ہوئی۔ اس کا اثر اسلامی تصوف پر بھی پڑا۔ بعض صوفیاء کو محی الدین ابن عربی کی تکنیک اور فلسفہ ویدانت میں بنیادی اشتراک نظر آیا۔ چنانچہ وہ بھگتی والوں کے قدر دان بن گئے۔ یہ طریق فکر سترھویں صدی عیسوی میں خاصا رواج پذیر ہو گیا۔ شیخ محمد غوث گوالیاری اس دبستان کے پہلے مشہور نمائندے تھے۔

غزل

جگر بریلوی

تری بے التفاتی کیا کوئی کم ہوتی جاتی ہے
طبیعت رفتہ رفتہ خوگرِ غم ہوتی جاتی ہے
تسلی آپ نے دی فرق ہے ہاں دل کی حالت میں
جو تھم تھم کر خلش ہوتی تھی پیہم ہوتی جاتی ہے
ہزاروں چارہ گر ہیں اور غم بڑھتے ہی جاتے ہیں
جو صورت دیکھئے تصویرِ ماتم ہوتی جاتی ہے
نظر کیا آپ کی بدلی مزاجِ زندگی بدلا!
جو پہلے جانفزا تھی اب وہی سم ہوتی جاتی ہے
نہ احساسِ غمِ جاناں نہ احساسِ غمِ دوراں
تو کیوں مانوس گریہ چشمِ پرنم ہوتی جاتی ہے
سب الٹی پڑ رہی ہیں شاید آزادی کی تدبیریں
کہ زنجیرِ محبت اور محکم ہوتی جاتی ہے
کسی کا غم سمٹ جاتا ہے رگ رگ میں رنگ ایسے
کہ اپنی زندگی حسنِ مجسم ہوتی جاتی ہے
جہاں پہلے شرر تھا اب لپکتا ہے وہاں شعلہ
محبت عمر ڈھل جانے سے کیا کم ہوتی جاتی ہے
جگرؔ کیا تاب لا سکتا ہے کوئی دل کے زخموں کی
مگر کچھ غیب سے تدبیرِ مرہم ہوتی جاتی ہے

غزلیں

ضیا رفتح آبادی

کسریٰ منہاس

بن کے عبرت کا نشاں دیکھنے والوں کے لئے
گھپ اندھیروں میں ترستے ہیں اجالوں کے لئے
وقت موزوں نہیں، رنگین خیالوں کے لئے
لاؤ اشکوں کی شراب ایسے پیالوں کے لئے
جستجو کی ہو تڑپ دل میں تو مشکل کیا ہے
راستے بند نہیں ڈھونڈنے والوں کے لئے
دل کی اب شمعیں جلاؤ کہ چھٹے ظلمتِ وقت
روشنی اور ہے درکار اجالوں کے لئے
کھل ہی جاتی ہیں نئی راہیں، ہو گر عزم جواں
مشکلیں ہوتی ہیں آسان جیالوں کے لئے
دے کے سر چھوڑ گئے نام شہیدانِ وفا
عشق میں زندۂ جاوید مثالوں کے لئے
بعد مدت کے حقیقت یہ سمجھ میں آئی
مفت حیراں رہے، موہوم خیالوں کے لئے
سوچتا کیا ہے، جو کہنا ہے وہ کہدے اے دل
منتظر خود ہے جہاں تیرے سوالوں کے لئے
میں سمجھتا ہوں یہ ہے فیض کسی کا کسریٰ
باب کھل جاتے ہیں جب تازہ خیالوں کے لئے

عشرتِ دل ٹکڑے ٹکڑے ہو کے جڑ جانے میں ہے
یعنی جو مستی ہے کھونے میں، وہی پانے میں ہے
بربنائے یاد ہے دیوارِ شہر آرزو
آج کل ذکرِ حسیں بھی کل کے افسانے میں ہے
بلبلِ شوریدہ سر، اڑنے سے پہلے دیکھ لے
شاخِ پرِ کل کی ہنسی، یا برق کاشانے میں ہے
خاکِ پروانہ ہی پوچھے شمعِ سوزاں سے یہ راز
منزلِ ہستی تڑپنے میں کہ تڑپانے میں ہے
یہ بھی باقی، وہ بھی باقی کون اب کس کو بجھائے
آگ اک سینے میں ہے، اک آگ پیمانے میں ہے
ہر کھنڈر تصویرِ عبرتناک ہے تعمیر کی
بستیوں کا بھوت محوِ رقص ویرانے میں ہے
کھینچتا ہے دل ادھر اور پاؤں اٹھتے ہیں ادھر
پر سکوں دیر و حرم ہیں شور میخانے میں ہے
خود نمائی جذبۂ تخلیق میں ڈھالی گئی
صورتِ آئینہ گر بھی آئینہ خانے میں ہے
اے ضیا پائے پرستش پر جو رکھ دے اپنا سر
کوئی بت پتھر کا ایسا بھی صنم خانے میں ہے

وفا ملک پوری

کیونکر سحر کہوں شبِ ظلمت اثر کو میں
کب تک فریب دوں نگہِ معتبر کو میں
اب دیکھتا نہیں کسی آشفتہ سر کو میں
سنسان پا رہا ہوں تری رہگزر کو میں
بخشا ہے اس نے کیفِ حیات و نشاطِ غم
دل سے دعائیں دیتا ہوں بیداد گر کو میں
ٹھہرے ہوئے ہیں اس پہ بہاروں کے قافلے
مدت سے جانتا ہوں تری رہگزر کو میں
کوئی رفیق، راہِ وفا میں نہ مل سکا
ہر گام ڈھونڈھتا ہی رہا ہم سفر کو میں
اہلِ خرد جو چاہیں سو الزام دیں مگر
رسوا نہ ہونے دوں گا شعورِ نظر کو میں
تازہ ہوئی ہے یاد بیاباں کو دیکھ کر
دلوانگی میں بھول گیا تھا جو گھر کو میں
جز کرب مل سکا نہ کہیں حاصلِ شعور
اے مرکزِ سکوں تجھے ڈھونڈھوں کدھر کو میں
پیشِ نظر ہے نقشِ کفِ پا کا احترام
پلکوں سے جھاڑتا ہوں تری رہگزر کو میں
اس کی نظر میں قلبِ شکستہ عزیز ہے
پہچانتا ہوں فطرتِ آئینہ گر کو میں
سارا قصور حضرتِ دل کا ہے اے وفا
الزام کس طرح دوں کسی کی نظر کو میں

شیام لال در بہار

کشمیر میں سیکولرازم کی روایت



ریاست جموں وکشمیر میں کئی فرقے مثلاً مسلمان، ہندو سکھ، بودھ، عیسائی، جین، پارسی، یہودی اور قدیم قبیلے وغیرہ رہتے ہیں مگر اس باوصف کشمیری ایک ہیں ۔ بیشک بلند پہاڑوں کے آر پار رہ کر لوگوں کی پوشاک زبان اور خوراک پر اثر پڑا ہے مگر ان کے ایثار، محبت اور جذبۂ انسانیت میں صدیوں سے کوئی فرق نہیں آیا ہے۔ کشمیریوں کا تمدن، ان کے رسم ورواج، عادات، خصائل اور طرز معاشرت ایک جیسے ہیں۔ کشمیری سب ایک پرانی تہذیب کے وارث ہیں۔

بودھوں کے زمانے میں بھی تمام ملک عالم برہمنوں کے زیر اثر رہا جن کی سنسکرت دانی اور علم وادب کی شہرت نہ صرف ہندوستان بلکہ ہندوستان سے باہر چین، جاپان، لنکا اور جاوا تک پھیلی۔ ہارون کی قدیم یونیورسٹی کے کھنڈرات ابھی اس بات کے ضامن ہو سکتے ہیں۔ جو ہون سانگ نے کشمیر آکر لکھا ہے "لوگ خوبصورت عالم اور اچھے تربیت یافتہ ہیں"۔ آن کانگ ایک اور چینی سیاح جو ۶۵۳ء میں کشمیر آیا، ہیون سانگ کے بیان کی تائید کرتا ہے۔ البرونی اپنی کتاب تحقیقات ہند میں لکھتا ہے "بنارس اور کشمیر فلسفہ کے بڑے درسگاہ ہیں۔ یہ کشمیر ہی ہے جس نے سب سے بڑے تاریخ داں، شاعر اور فلسفی پیدا کئے"۔ ان میں ضیدہ۔ شارح۔ ناگ ارجن۔ کھیندر۔ اسنگوگپت۔ بلہن۔ سوم دیو وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

یہ مذہبی رواداری کی ہی مثال تھی کہ برہمنوں نے ناگا کے اپنائے ہوئے مذہبی عقیدوں میں تھوڑی سی تبدیلی لائی اور آج بھی ناگا کے وقار کو قائم رکھنے کے لئے ہر ایک برہمن اپنے جنم دن پر سال بہ سال پوجا کرنے کا یاد کرتا ہے۔ یہ تھی وہ زمین جہاں سیکولرازم کے پودے کی آبیاری سمراٹ اشوک نے کی۔ اس نے برہمنوں اور بدھ مت کے پیروؤں کو اپنے اپنے مذہبی عقیدوں پر چلنے کے لئے کھلی اجازت دی۔

آگے چل کر ہم دیکھتے ہیں کہ رنچن شاہ کے اسلام قبول کرنے کے بعد بھی سنسکرت کو فروغ دیا گیا۔ ہمیں قبروں پر شاردا اور سنسکرت کے ساتھ عربی زبان میں بھی کندہ کی گئی عبارتیں ملتی ہیں۔ بدھ مت جب عروج پر تھا تو اُن کے پیروکاروں نے ہندوؤں کے لئے مندر بنوائے۔ اور ایسی بھی مثالیں سامنے آئی ہیں جب ہندوؤں نے مسجدوں کے لئے چندہ دیا۔ اور مسلمانوں نے مندر بنوانے میں ہاتھ بٹایا۔ تیرھویں صدی کے دوران جب شہاب الدین کشمیر پر حکومت کرتا تھا تو اس وقت سبھی فوجی کمانڈر ہندو تھے۔ اسی بادشاہ کے زمانے کا واقعہ ہے کہ جب گوتم بدھ کا بت جو کاشی کا بنا تھا سکوں میں تبدیل کرنے کے لئے آخری حکم کے لئے پیش کیا گیا تو اس نے ملازمان کو ایسا کرنے سے روکا۔ قطب الدین کی حکومت میں بھی جب ۱۳۹۰ء کے دوران قحط پڑا تو اس نے ایک ہون ہندوؤں سے کرایا تاکہ قحط ملک سے ٹل جائے۔ صاف

ظاہر ہے کہ مذہب دلوں کو جوڑنے کا ذریعہ کشیر میں بنا تھا، توڑنے کے لئے نہیں۔ اس کے بعد سیکولرازم، رواداری۔ بھائی چارہ اور آپسی میل ملاپ کو جس قدر زین العابدین نے تقویت دی۔ وہ روز روشن کی طرح عیاں ہے۔ ثقافتی پہلوؤں کو اس نے جس طرح اُجاگر کیا اس کی کم اہمیت نہیں۔ اپنی ہندو رعایا کے ساتھ اس نے اُن کے تہواروں میں شرکت کی۔

مغلوں نے بھی زین العابدین کی روایت کو باقی رکھا۔ مغلوں کے ماتحت کشمیر کے گورنر علی مردان کا خاص صلاح کار رہا دیوتا۔ احمد شاہ ابدالی کا نمائندہ اس کا بھتیجا جان محمد جو احمد شاہ کے نام پر حکومت کرتا تھا۔ اس کا اپنا خاص مشیر گورنام سنگھ تھا۔ افغان بادشاہوں میں سے جنہوں نے کشمیر پر حکومت کی ان میں سے خرم خاں نے کیلاش دھر کو اپنا چیف منسٹر مقرر کیا تھا۔ سکھ راجوں کے تحت بھی مسلمان اچھے عہدوں پر تعینات تھے۔ شیخ غلام محی الدین مسلم گورنر سکھوں کے ہر دلعزیز گورنر رہے ہیں۔ بعد کے حکمرانوں نے بھی ان روایات کو باقی رکھا اور پروان چڑھایا۔

کشمیر میں متعدد ایسے شاعر، صوفی اور سنت گذرے ہیں، جنہوں نے رواداری اور یگانگت کی تعلیم دی ہے۔ کبھی کبھار مذہبی کٹرپن کی مثالیں بھی سامنے آئی ہیں مگر اس کا کوئی دیرپا اثر نہیں رہا ہے۔

للہ عارفہ جنہیں ہندو للیشوری کے نام سے یاد کرتے ہیں۔ عمر بھر معرفت الٰہی کے گیت گائے ہیں۔ اُن میں خدا پرستی، معرفت، انسانی اخوت و ہمدردی کے جذبات کوٹ کوٹ کر بھرے ہیں۔ آپ کے کلام پر اسلام اور ویدانت کا اثر نمایاں ہے۔ آپ کو ہندو ہندو اور مسلمان مسلمان سمجھتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ آپ پر کشمیری صوفی میر سعید حسین سمنانی کی تعلیم کا اثر تھا۔ آپ کے کلام کا شیخ نورالدین ولی پر بہت اثر پڑا۔ روایت ہے کہ جب شیخ نورالدین ولی پیدا ہوئے تو کئی دن تک ماں کا یا اور کسی عورت کا دودھ نہیں پیا۔ اتفاقاً للہ عارفہ اُدھر آ نکلیں اور نورالدین ولی کے منہ میں پستان دے کر کہا "چیہ مالیہ چیہ نہ مندہ چھوک نہ تہ چنہ دُچھک مندہ چھان" ترجمہ۔ یعنی پی لے پی تو یہاں آنے سے نہیں شرمایا تو دودھ پینے سے کیوں شرماتا ہے" ان کا یہ کہنا تھا کہ حضرت نورالدین رحمۃ نے ان کی چھاتیوں سے دودھ پینا شروع کر دیا۔

شیخ نورالدین ولی چرار شریف میں مدفون ہیں اور آپ کا مزار کشمیر کی مشہور زیارت گاہ ہے۔ ہندوؤں کو بھی آپ سے بڑی عقیدت ہے اور وہ آپ کو نندہ ریشی کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

رُوپہ بھوانی جو اک ایشوری کہلاتی ہے نے پنڈت مادھو رام دھر کے ہاں سترہ طہدی کے شروع میں جنم لیا۔ عشق حقیقی کی تڑپ سے صحرا نوردی اختیار کی اور ایک دن جب صحرا نوردی کے دوران محمد صادق قلندر ایک مسلمان بزرگ سے ملاقات ہوئی تو ان کی روحانیت کی قائل ہوئی اور ان کی تعریف میں لکھا۔

ہوشم بہ نگاہے بُرد جانانہ چنیں باید
یک جرعہ خرابم کرد پیمانہ چنیں باید

بیرون و درون من شد صورت او پیدا
در حضرت کفرستان بُت خانہ چنیں باید

شاہ غفور کار جھان بھی صوفیانہ ہے۔ دوئی کو خیرباد کر کے انسان کو روحانی عظمت حاصل کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔

یوت پتھ زنس کینہ چھنہ لارُن ، پتر دارنا یہ دارُن سو سم سو
برہما مہشر بشن گرہ ھر گارن ٭ شوشکتھ آسی نہتری زیو
واہ چھی اُوتار زاہ نگی نہ تھارن ٭ مہ زن پریزہ لان نارلن چھُ
رام رام کرُن گو، نام سندارن ٭ دورانا یہ دارُن سو ہم سو

ترجمہ

یہاں آکر کچھ نہیں حاصل ہونا ہے۔ سوائے اس کے کہ تم خدا کا نام رٹتے رہو گے۔ برہما، وشن، مہشر کی تلاش میں لگ جاؤ۔ یہ سنسار کا کھیل ان ہی کا پیدا کیا ہوا ہے۔

انسان کو کبھی گھبرانا نہیں چاہئے۔ کیونکہ ایشوری سب کچھ ہے اور وہ ہی چاند کی طرح تاباں ہو کر راستہ دکھلانے والا ہے۔ رام رام کا جاپ کرنا ہی اپنی زندگی سنوارنا ہے اس لئے تو ہمیشہ اس کی شرن لے اسی کا نام لے۔

اکبر بٹ جو ۱۹۷۳ بکرمی میں وفات پا چکے ہیں بعض نظموں میں ہندو دھرم کے یوگ اور گیان کے فلسفہ کو بڑے سلیقہ، صفائی اور سلجھے ہوئے انداز میں بیان کرتے ہیں ؎ کشمیری

سرہ کرنیہ نوی پان ٭ ٹھاکور وزہ ناو تن
آکاش نترن عیاں ٭ نرمل ناو نراو تن

گورہ مُوکھ سور اشنان ؛ بمپوش پھولہ ناوتن
ست سنگ و وتھ چھے جان ؛ ٹھاکو روزہ ناوتن

ترجمہ:۔
اپنے آپ سے آگاہ ہو اور ٹھاکر جی کو جگا ڈالو۔

آنکھوں کے سامنے سب کچھ آئے گا اگر تم اپنے اندر کی محیط بیکراں میں ایشور کے نام کی نیا میں بیٹھو گے۔ گورو کے اُپدیش کے برابر کچھ نہیں ہے۔ اس سے جہالت مٹ کر حقیقت کے پھول کھل جائیں گے سب سے اچھا طریقہ رشیوں منیوں کے ساتھ اُٹھنا بیٹھنا ہے۔ تب ہی ٹھاکر جی کو آسانی سے جگا سکو گے۔

شاعر جلال الدین نہار ماتھے پر تلک لگاتے تھے۔ دوسری مذہبی کتابوں کے ساتھ ساتھ گرنتھ صاحب کا بھی مستقل مطالعہ کرتے تھے۔ انہوں نے خود فرمایا ہے ؎

کشمیری ملامت ہیتھ جلال الدین ؛ ڈیکس ٹکو عاشقس آئین
درا از زہد و از تقویٰ ؛ یہ رندی زاہدس نشہ چھا

ترجمہ:۔ جلال الدین کو لوگوں کی ملامت خوش آتی ہے (اس لئے کہ وہ ماتھے پر تلک لگاتا ہے) ماتھے پر تلک لگانا عاشق کا دستور ہے۔ اُسے زہد و تقویٰ سے کیا تعلق؟ زاہد کے پاس یہ رندی کہاں ملے گی۔

کشمیر میں ہندو مسلمان دونوں کس طرح شیر و شکر رہے ہیں۔ اس کا اظہار پیغمبر اسلام کے تئیں ہندو شعراء کے اظہار عقیدت سے بھی ہوتا ہے۔ آنند رام پچاس برس کی عمر پاکر ۱۹۹۶ء بکرمی میں سورگباش ہوئے۔ حضرت محمد صلعم کی نعت لکھی ہے۔ نمونہ یہ ہے۔

کشمیری:۔ اَزمیہ دادین کر دوا ؛ یا محمد مصطفےٰ
چھُس بو اُمت یا اُمید ؛ متہ کرتم نا اُمید

اے مصطفےٰ (آپ پر درود و سلام ہو) میرے تمام امراض کی دوا عنایت کریں۔ میں یہی امید لے کر آپ کے دربار میں حاضر ہوا ہوں۔ لہٰذا مجھے آپ نا اُمید نہ کریں۔

دوسرے شاعر ست رام بٹ بھی ایک خوش اعتقاد مسلمان کی طرح لکھتے ہیں ؎

ہیتھ ژولم دلیر مہ دل للاؤن میہ تھاونم تار عشق
پانہ لاگتھ آو محمدؐ دراؤ در بازار عشق
کیا چھُ اوّل کیا چھُ آخر زان تو اسرار عشق
پر ہوا لاول ہُوا لآخر چھُو تون انوار عشق

ترجمہ:۔ میرے محبوب نے میرا دل مجھ سے چھین لیا ہے۔ اور میرے پاس عشق و محبت کی آگ چھوڑ دی۔ میرے محبوب (یعنی حضرت محمد مصطفےٰ صلعم) بذات خود عشق کے بازار میں تشریف لائے

عشق کے اسرار اور بھید یہی ہیں کہ دُنیا وجود میں آنے سے پہلے کیا تھی اور اس کے فنا ہونے کے بعد باقی کیا رہنے والا ہے جس کسی نے اس کی واقفیت حاصل کی۔ گویا اس نے عشق کے راز اور بھید جان لئے۔

عشق کی روشنی سے یہی ظاہر ہے کہ ہر وقت زبان پر یہ الفاظ ہونے چاہئیں کہ وہ یعنی باری تعالیٰ ابتدا میں تھا اور وہی انتہا تک رہنے والا ہے۔

ادب میں ان اشعار کی اہمیت کچھ ہو یا نہ ہو مگر اس سے اس کی عکاسی ہوتی ہے کہ ہمارے یہاں مذہبی تعصب اور تفرقہ سے لوگ کتنے دور رہ چکے ہیں اور کس طرح شاعر وسعت قلبی کی تعلیم لوگوں میں پھیلاتے رہے۔

لوگوں کو جس نے اخلاقی تعلیم کی طرف زیادہ رجوع کیا۔ اُن کا نام سوامی پرمانند جی ہے۔ ان کا خیال تھا کہ دین و دھرم سے منہ موڑنے والے انسان ہمیشہ پریشان رہتے ہیں اور آخر جسمانی اور روحانی راحت کھو بیٹھتے ہیں۔

جس شاعر نے لوگوں کو صاف الفاظ میں "دوئی" کو بُرا کہہ کر اس سے گریز کرنے کے لئے کہا ہے۔ ان کا نام مقبول شاہ کرالہ واری ہے۔ انہوں نے کہا ہے۔ کہ 'دوئی' انسان کے لئے موت سے بڑھ کر بھی ظالم ہے۔ جو انسان کو انسانیت سے بھی گرا دیتی ہے اور خاک میں ملا دیتی ہے۔

وطن کی تقسیم اور دردناک المیہ جو آبادی کی تبدیلی کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے آیا۔ اس سے کشمیری عوام کس طرح بے خبر رہ سکتے تھے۔ جب کہ اُنہیں بھی اس وقت اقتصادی ناکہ بندی سے بھی دوچار ہونا پڑا تھا مگر اس وقت بھی کشمیری ہندو سکھ مسلمان اکٹھے رہے۔ غلام احمد مہجور جنہوں نے ۶۸ سال کی عمر میں ۱۹ اپریل ۱۹۵۲ء کو وفات پائی سیکولرازم کے اصولوں کو بلند رکھنے کی تلقین کی۔

نیای ترا ویو مای تھا ویو پانہ دین
پوز محبت باگہ را ویو پانہ

ترجمہ:۔ جھگڑے اور فسادوں کو خیرباد کہہ دیجئے اور آپس میں سچی محبت پھیلائیے۔ اسی غزل میں مزید کہتے ہیں کہ ہندو جہاں شکر ہیں وہاں مسلمان دودھ ہیں۔ تمہیں چاہئے۔ کہ شکر اور دودھ کو آپس میں ملاؤ اور پھر اس کا مزہ دیکھو۔

کشمیر کے سیکولر روایات کی آبیاری میں یہاں کے ماحول کا بھی ہاتھ ہے۔ یہاں پانی، دودھ اور دوسری ایسی ہی اجناس میں کبھی چھوت چھات نہیں برتی گئی۔ متبرک جگہوں پر مسلمان کا لایا ہوا دودھ ہندو اپنے دیوی دیوتاؤں پر چڑھاتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ امرناتھ جی کی گپھا کا علم پہلے پہل ایک مسلمان کو ہی ہوا تھا۔ ان مسلمانوں کے ذات برادری کے لوگوں کو "ملک" (Malek) کے نام سے پکارتے ہیں۔ اور اب جس دن امرناتھ جی کی یاترا ہوتی ہے اس سے پہلے ہی یہ ملک حضرات عقیدت مندوں کی طرح گپھا میں موجود ہوتے ہیں اور جو بھی چڑھاوا ساون کی پورن ماشی کو گپھا میں چڑھتا ہے اس کا تیسرا حصہ ان ملک حضرات کو بھی ملتا ہے! اور یہ بھی سچ ہے کہ شیخ نورالدین کے مزار پر ہندو بھی جاتے ہیں۔ بابا رشی کی زیارت کرنے والوں میں جو ٹنگمرگ سے دو ڈھائی میل کے فاصلے پر ہے۔ ہندو مسلمان دونوں ہوتے ہیں۔ اسی طرح ریشہ پیر کی سمادھی بھی ہندو مسلمان دونوں کی زیارت گاہ ہے۔ شاہ ہمدان کے مقبرے کے ساتھ خانقاہ بھی ہے جہاں ہندو مسلمان اپنے اپنے طریقے سے عبادت کرتے ہیں۔ رعناواری کے مقام پر جو شہر سرینگر سے ڈھائی تین میل کے فاصلے پر ہے میشا صاحب کا مقبرہ ہے۔ اس بزرگ کے عرس کو ہندو مسلمان اکٹھے مناتے ہیں اور سبھی لوگ یک زبان ہو کر "میشا زی پادشاہ" یعنی میشا ہمارا پادشاہ ہے' کہتے ہیں۔ اتنا ہی نہیں، مسلمان کے ہاتھ کی بنی ہوئی رکھڑیاں جسے ساون کی پورن ماشی پر باندھتے ہیں یا ہندو عورتوں کی سہاگ کی نشانی جسے "اٹہ ہورو" کہتے ہیں مسلمان ہی بناتے ہیں۔ مسلمان اور ہندوؤں میں اس سے بھی بڑھ کر یگانگت آپ کو تہواروں پر نظر آئے گی جب کہ آپس میں لوگ شیوراتری اور عید پر ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں۔

ہندو اور مسلمانوں کے پوشاک اور زیورات میں بھی یہاں مطابقت ہے وہ فرن ہو یا اس کے ساتھ اندر کا کپڑا "پوژھ" عورتوں کے سر کا کپڑا پوچہ ہو۔ یا زیورات "تالہ رز" "گوڈھ کڑ" وغیرہ

قدیم سیکولر روایات کے پیش نظر آج بھی ہر روز ہاری پربت مسلمان اور ہندو دونوں صبح چار بجے سے جاتے ہوئے ملیں گے۔ ہندو ہاری پربت کے مغرب میں جا کر شارکا دیوی کے استھاپن پر جا کر اپنی شردھا کا اظہار کرتے ہیں۔ اور مسلمان شیخ حمزہ سلطان عارفین کے مزار مقدس جو ہاری پربت کے مشرق میں ہے جا کر عقیدت سے مرادیں مانگتے ہیں۔ ویروار کے شب کو بابا رشی اور نورالدین ولی کے مقبروں پر یعنی ٹنگمرگ اور چرار شریف کے مقامات پر ہندو اور مسلمان عورتوں کا تانتا لگا رہتا ہے۔

ہندو مسلمان بھی آج سے ۴۰ سال پہلے اکٹھے مخدوم شیخ حمزہ سلطان عارفین کی درگاہ میں "نوفل" کرتے تھے۔ نوفل اسی وقت کرتے ہیں جب کہ برسات زیادہ ہو یا گرمی زیادہ بڑھ جائے۔ دونوں صورتوں میں فصلوں کو نقصان کا احتمال رہتا ہے۔ "نوفل" کے موقع پر لوگ شیخ حمزہ کی درگاہ پر جہاں ایک تالاب ہے، اس میں سے برسات زیادہ ہونے پر لوگ اس سے پانی نکالتے ہیں اور گرمی ہونے پر اس تالاب میں پانی بھرتے ہیں۔ دیکھا گیا ہے کہ "نوفل" کرنے کے بعد عام طور پر دھوپ یا بارش جس کی ضرورت لوگوں کو ہوتی تھی ایسا ہی ہو جاتا تھا۔

ہماری آنکھوں کے سامنے آزادی حاصل کرنے کے بعد یعنی پچھلے بائیس ۲۲ برسوں میں جموں و کشمیر کو دو قومی نظریہ رکھنے والوں نے دو بار جنگ میں ڈھکیلنا چاہا مگر دونوں بار یہاں کے لوگوں نے یک جان ہو کر حملہ آور کا مقابلہ کیا۔ اس کی وجہ صرف لوگوں میں قوم پرستی کا جذبہ تھا۔ سیکولرازم کی روایتوں سے پیار تھا اسی لئے جب مہاتما گاندھی کشمیر آئے تو انہوں نے یہ فرمایا۔

"کشمیر میں مجھے روشنی کی کرن نظر آ رہی ہے کشمیریوں کا ایک ہی تمدن ہے اور جہاں تک میں دیکھ سکتا ہوں وہ ایک قوم ہیں۔۔۔ میں آسانی سے ایک کشمیری ہندو اور ایک کشمیری مسلمان میں تمیز نہ کر سکا۔ بڑا اجتماع جو میں نے دیکھا اس میں میرے لئے یہ جاننا مشکل ہوا کہ کیا یہاں مسلمان کی تعداد زیادہ ہے یا ہندوؤں کی؟"

کشمیریوں نے کبھی دو قومی نظرے کو نہیں مانا ہے کیونکہ ان کا عقیدہ ہے کہ "حضرت آدمس اُس زۂ گبر۔ اک رٹ اورین۔ اک رٹ قبر" (ترجمہ: حضرت آدم کے دو فرزند ہیں۔ ایک نے چتا پر جلنے کی خواہش کی اور دوسرے نے قبر میں دفن ہونے کی۔ ان کے درمیان مذہب کا نام پیار اور قوم پرستی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں کے ہندو مسلمان اور سکھ صدیوں سے ایک ہی دھاگے میں پروئے ہوئے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو ایک تصور کرتے ہیں۔ وطن کی بھلائی کو قوم کی بھلائی اور قوم کی بھلائی کو اپنی بھلائی سمجھتے ہیں۔



ایک منظر ایک مستقبل

قطب سرشار

ناگ ارجن ساگر ڈیم (آندھرا پردیش) پر ایک مقام "پائلان" ہے۔ جہاں سے رات کے وقت ڈیم کے دونوں جانب کا دلکش منظر خواب نہرو کی تعبیر اور بھارت کے خوبصورت مستقبل کا خوش آیند تصور بخشتا ہے۔ ذیل کی نظم اسی تاثر کی ترجمان اور منظر کی عکاسی کرتی ہے۔

قطب سرشار

شب کی آغوش میں
سینۂ ارض پر
بند کے دونوں جانب ادھر اور اُدھر
اُونچے ٹیلوں پہ پھیلی ہوئی بستیاں
غرق ہیں تیرگی کے سمندر میں سب
جگنوؤں کی طرح
جھلملاتی ہوئی زرد رو بتیاں
جیسے آئینۂ بحرِ ظلمت کی شفاف سی سطح پر
جگمگاتا ہوا سایۂ کہکشاں
جیسے روشن ہوا بختِ ہندوستاں
نور افزا ستاروں کا دلکش سماں
جن سے ملتی رہے گی ضیائے بقا
خوابِ نہرو کو، مستقبلِ ہند کو

تبدیلیٔ قلب کے بعد

ڈاکٹر! تو نے میرے سینہ میں
کس کا دل دفن کر دیا ظالم!
دھڑکنیں روح کے اُجالے میں
لڑکھڑاتی ہوئی بھٹکتی ہیں
سانس پہلو بچا کے چلتی ہے
نبض خاموش لیٹی رہتی ہے

بات سنتا ہوں بات کرتا ہوں
بھوک لگتی ہے کھانا کھاتا ہوں
شکلِ شیشہ میں دیکھنے میں مگر
عکس کچھ اجنبی سا لگتا ہے
میں وہی ہوں یا اور کوئی ہوں
کچھ گماں کچھ یقیں سا لگتا ہے

آنکھ تکتی ہے شاہراہوں کو
در کو، دیوار کو خلاؤں کو
ڈھونڈتی ہے زمیں سے تاروں تک
اپنی کھوئی ہوئی نگاہوں کو
سینہ ساکت کھڑا ہے مثلِ مزار
ذہن بے داغ ہے کفن کی طرح

آہ! کیا بے بسی کا عالم ہے
آج غم بھی شریکِ غم نہ رہا
آرزوؤں کے ہاتھ چھوٹ گئے
ساری یادوں کے پاؤں ٹوٹ گئے
طاقِ نسیاں میں چھپ گئے ارماں
خودکشی کر کے درد ٹال گیا۔

اُف! یہ بے چارگی، کہ وحشت میں
سونا چاہوں تو سو نہیں سکتا
کیسی آفت ہے، کیا مصیبت ہے
رونا چاہوں تو رو نہیں سکتا
کس کا دل ہے کہ اس کے مرقد کو
اشک کے پھول بھی نصیب نہیں!

ڈاکٹر! تو نے میرے سینہ میں
کس کا دل دفن کر دیا ظالم

انعام صدیقی

جھلکیاں



مشہور جادوگر پی سی سرکار کو عالمی شہرت حاصل ہے اور وہ دُنیا کے متعدد ممالک میں اپنے کمال کا مظاہرہ کر کے داد تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ گزشتہ دنوں آپ نے پہلی بار نئی دہلی میں اپنے کمالات دکھائے۔ اُن کا سب سے حیرت انگیز کھیل یہ ہے کہ وہ مشینی آرے سے ایک عورت کے جسم کے دو حصے کر دیتے ہیں اور پھر اُسے جوڑ دیتے ہیں (دیکھئے تصویر)



۱۹ فروری ۱۹۷۰ء کو محکمہ ڈاک و تار نے اُردو، فارسی، عربی، ہندی اور سنسکرت کے ممتاز پبلشر اور عالم منشی نول کشور کی یاد میں سرخ و بادامی رنگ کے ڈاک ٹکٹ جاری کئے۔ منشی صاحب ۳ جنوری ۱۸۳۶ء کو پیدا ہوئے۔ اور ۱۸۸۵ء میں انہوں نے اپنا مشہور مطبع نولکشور پریس اور بکڈپو لکھنؤ میں قائم کیا جس کی شاخیں کانپور، پٹیالہ، اور لندن تک پھیل گئیں۔ انہوں نے فارسی، عربی اور سنسکرت کی قلمی کتابیں فراہم کیں اور اپنی زندگی میں چار ہزار کے قریب کتابیں شائع کیں۔ انہوں نے اسلام کی اہم مذہبی کتابوں کا سنسکرت اور ہندی میں اور ہندوؤں کی مقدس کتابوں کا اُردو اور فارسی میں ترجمہ شائع کیا۔

منشی نولکشور نے اُردو کی جو بیش بہا خدمات انجام دی ہیں وہ ہمیشہ یاد رہیں گی۔









۲۴ جنوری ۱۹۷۰ء کو دہلی کے لال قلعہ میں مشاعرہ جشنِ جمہوریت منعقد ہوا جس کا افتتاح جناب فراق گورکھپوری نے کیا اور صدارت دہلی کے چیف ایگزیکٹیو کونسلر شری وجے کمار ملہوترہ نے کی۔ اس میں ہندوستان کے ۴۳ نامور شعراء نے حصہ لیا۔ تصاویر (اُوپر سے نیچے) فراق گورکھپوری، جگن ناتھ آزاد، غلام ربانی تاباں اور مینا قاضی اپنا کلام سناتے ہوئے۔





چار ہفتے کے دورے کے بعد خان عبدالغفار خاں ۸ فروری ۱۹۷۰ء کو ہندوستان سے کابل کے لئے روانہ ہو گئے۔



۱۶ جنوری ۱۹۷۰ء کو ممتاز صحافی اور مصنف لوئی فشر ۷۳ برس کی عمر میں امریکہ میں ہیکنس سیک (نیوجرسی) کے مقام پر انتقال کر گئے۔

لوئی فشر کو ہندوستان اور سوویت رُوس سے بے حد دلچسپی تھی وہ ایک آزاد صحافی کی حیثیت سے تقریباً ۱۴ برس تک رُوس میں مقیم رہے اور وہ روسی معاملات کے ماہر سمجھے جاتے تھے۔ انہوں نے لینن کی سوانح عمری بھی لکھی تھی جس پر انہیں نیشنل ایوارڈ ملا تھا۔ دوسری جنگِ عظیم کے دوران لوئی فشر نے کئی سال ہندوستان میں گزارے۔ وہ گاندھی جی سے بے حد متاثر ہوئے اور انہوں نے گاندھی جی کے بارے میں ایک کتاب بھی لکھی جسے عالمی شہرت حاصل ہوئی۔ انہوں نے روسی اور ایشیائی موضوعات پر تقریباً ۲۰ کتابیں لکھی ہیں۔



کستور با گاندھی (۱۹۴۴-۱۸۶۹ء)

۲۲ فروری کو ہر سال کستور با کی برسی منائی جاتی ہے اس تاریخ کو یومِ مادر کی حیثیت سے بھی منایا جاتا ہے اسی تاریخ کو گاندھی صدی کی تقریبات ختم ہو گئیں۔

۲ فروری ۱۹۷۰ء کو ۹۷ برس کی عمر میں امن عالم کے عظیم مجاہد ممتاز ریاضی داں، نامور فلسفی و مفکر اور انسان دوست لارڈ برٹرینڈ رسل کا انتقال ہو گیا۔ وہ انفرادی آزادی کے زبردست حامی اور مبلغ تھے اور انہوں نے ہندوستان کی آزادی میں گہری دلچسپی لی تھی۔ وہ جنگ و جدل کے سخت مخالف تھے جب دوسری جنگِ عظیم کے دوران ہیروشیما اور ناگاساکی پر بم گرے تو اس کے خلاف سب سے پہلے انہوں نے ہی آواز بلند کی اور مظاہرے کئے۔ انہوں نے پیس فاؤنڈیشن کی بنیاد ڈالی اور مہلک ہتھیاروں کے خلاف فضا پیدا کی۔ وہ بہت سی کتابوں کے مصنف تھے اُن کی آخری تصنیف اُن کی خود نوشت سوانح عمری تھی جس کی آخری جلد حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔



رُوسی انقلاب کے عظیم ہیرو اور سوویت ریاست کے بانی لینن جن کا صد سالہ یومِ ولادت ۲۲ اپریل ۱۹۷۰ء کو منایا جا رہا ہے۔

یوم جمہوریہ کے موقع پر مختلف شعبوں میں ممتاز افراد کو قومی اعزازات دیئے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔

مصنفوں اور شاعروں میں ڈاکٹر تاراچند کو پدم وبھوشن ڈاکٹر عبداللطیف اور نریش پال کو پدم بھوشن اور سید مسعود حسن رضوی اور سکندر علی وجد کو پدم شری کا اعزاز دیا گیا ہے۔



مسعود حسن رضوی

شفق سہسرامی

دھواں



گاؤں کے اسکول سے میٹرک پاس کرنے کے بعد میں نے شہر کے کالج میں داخلہ لے لیا۔

شہر میں سب کچھ آسانی سے مل جاتا ہے نہیں ملتا تو ایک رہنے کا مکان لیکن میرے رہنے کا مسئلہ آسانی سے حل ہو گیا، اس طرح جیسے یہ کوئی مسئلہ ہی نہ تھا۔ مرزا ارشد صاحب سے میرے والد کے دیرینہ تعلقات بلکہ یوں کہئے، دانت کاٹی روٹی، تھی۔ دونوں کا بچپن ساتھ ہی گزرا تھا۔ دونوں نے ساتھ ہی باغوں سے پھل چرائے تھے، ندی میں تیرے اور بلند سے بلند درختوں کی چوٹیاں سر کی تھیں پھر وہ جوان ہوئے تو دونوں کی برات بھی ایک ہی دن آئی تھی۔ لیکن اچانک وقت نے کروٹ بدلی اور حالات کچھ سے کچھ ہو گئے۔ زمینداری ختم ہو گئی، زمیندار صاحب کا انتقال ہو گیا، باقی بچی جائیداد کے لئے زمیندار کے دونوں بیٹوں میں اختلاف ہوا۔ مرزا ارشد کے بڑے بھائی ماجد اس بٹوارے کے حق میں تھے اور بٹوارہ کرا کے چھوڑا۔

اس بٹوارے سے مرزا ارشد کو دلی تکلیف پہنچی، ان کا دل ٹوٹ گیا اس لئے انہوں نے اپنی زمین میرے والد کے ہاتھ فروخت کر دی۔ اور شہر چلے گئے۔ وہاں انہوں نے ایک مکان خریدا اور پارچون کی دوکان کھول لی۔

جس وقت کی یہ بات ہے اس وقت میں بہت چھوٹا تھا اس لئے مجھے ان باتوں کا علم نہیں تھا۔ ہاں مرزا ارشد کا تذکرہ میں اپنے والد کے منہ سے اکثر سنا کرتا تھا جب کالج میں داخلہ لینا ہوا تو پھر ان کا نام آیا اور مجھے ان کے متعلق اتنی واقفیت ہوئی۔ وہ گاؤں چلے گئے تو پھر پلٹ کر گاؤں کا رُخ ہی نہیں کیا تھا اس لئے مجھے ان کی شکل و صورت بھی نہیں یاد تھی۔

جب میں اپنے والد کا تعارفی خط لے کر ان کی دوکان پر پہنچا تو وہ گاہکوں میں اُلجھے ہوئے تھے۔ مجھے بھی انہوں نے گاہک ہی سمجھا۔ "کیا چاہئے جناب آپ کو؟"

میں نے خط ان کے ہاتھ میں دے دیا۔ انہوں نے ایک نظر حیرت سے مجھ پر ڈالی پھر خط پڑھنے لگے۔ پڑھتے پڑھتے ان کے چہرے کا رنگ بدلتا گیا اور پھر انہوں نے مجھے سینے سے لگا لیا۔ مجھے اپنے برابر بٹھا کر گاؤں کا حال چال پوچھنے لگے۔ "یہ بتاؤ نعیم میاں کیسے ہیں؟ صحت کیسی ہے؟ دانت وانت سلامت ہیں یا؟"

"جی نہیں، ابھی تو ان کے سارے دانت سلامت ہیں۔ بغیر چشمے کے آسانی سے لکھ پڑھ لیتے ہیں۔ سچ پوچھئے تو میں نے کبھی ان کی طبیعت خراب ہوتے دیکھی ہی نہیں، میرے سر میں درد ہو جاتا ہے تو کہتے ہیں، کیسے جوان ہو میاں مجھے دیکھو ساٹھ برس کا ہونے کو آیا لیکن کچا چنا چبا کر کھاتا ہوں اور کبھی تم نے مجھے بیمار دیکھا؟"

"خوش قسمت ہیں وہ۔" مرزا صاحب نے ٹھنڈی سانس لی۔ "ایک مجھے دیکھو میں انہیں کا ساتھی ہوں جس وقت شہر آیا تھا صحت اتنی شاندار تھی کہ چلتا تو زمین کا سینہ دہل جاتا لیکن شہر کی زہریلی فضا نے میرا سب کچھ چھین لیا، دانت جھڑ گئے، بالوں میں سفیدی آ گئی آنکھ پر چشمہ چڑھ گیا اور پیٹ گیس کے موذی مرض میں مبتلا ہو گیا ہوں۔ سمجھ لو ڈاکٹری کی دوا کے سہارے جی رہا ہوں۔ خیر باتیں تو ہوتی رہیں گی۔ آؤ چلو تمہارے رہنے کا انتظام کر دوں۔"

یہ تھی میری اُن سے پہلی ملاقات، مجھے اُن کے مکان میں رہنے کو باہری کمرہ مل گیا کھانا بھی انہیں کے یہاں سے آنے لگا۔ پھر مجھے اور باتوں کا علم ہوا جس کا علم والد صاحب کو بھی نہیں تھا۔

مرزا صاحب کی پہلی بیوی کا انتقال ہو گیا تو انہوں نے دوسری شادی ایک کنواری لڑکی سے کر لی تھی۔ پہلی بیوی سے صرف ایک لڑکی زرینہ تھی جس کی عمر چودہ پندرہ برس ہونے کو آئی تھی۔ تصوراتی پریوں جیسا حسن رکھنے والی کھلتی کلی، جس کی خوشبو سے سارا محلہ مہکنے والا تھا۔ اس نے ساتویں جماعت تک اسکول میں تعلیم حاصل کی، پھر مرزا صاحب نے آگے پڑھنے نہ دیا۔

کون سا لڑکی سے نوکری کرانی ہے۔"

زرینہ نے خوب ہاتھ پاؤں مارا۔ خوب ضد کی۔ لیکن مرزا صاحب کے سامنے ایک نہ چلی اور رو دھو کر چپ بیٹھ رہی۔ بیگم صاحبہ بھی تعلیم کے حق میں تھیں اس لئے جب میں آیا تو ایک بار پھر زرینہ کی تعلیم پر باتیں ہونے لگیں۔

لڑکیوں کے لئے تعلیم ضروری ہے۔ محلے کی سب لڑکیاں اسکول جاتی ہیں۔ اُن کی مائیں کتنے فخر سے کہتی ہیں۔ میری بیٹی خیر سے میٹرک میں پڑھ رہی ہے اور میرا سر شرم سے جھک جاتا ہے۔ جب وہ پوچھتی ہیں۔

زرینہ کس کلاس میں پڑھتی ہے؟ اے بہن تم نے اس کا پڑھنا کیوں چھوڑا دیا۔ بڑا خراب زمانہ آگیا ہے۔ جاہل لڑکی کو بر ملنا بہت مشکل ہے بیگم تم آج کی خرابیوں سے واقف نہیں ہو" مرزا صاحب نے سمجھانا چاہا۔ "اسکولوں میں تعلیم تو خیر کیا دی جاتی ہے، لڑکیاں صرف فلموں کی، ناولوں کی اور ایک دوسرے کے عشق کی باتیں کرتی ہیں۔ پھر وہ یہی کیڑا لئے گھر آتی ہیں اور کسی قریبی دیوار پر چڑھنے کی کوشش کرنے لگتی ہیں۔ یہ بڑھتی ہوئی عریانی، فحاشی سب اسی تعلیم کی دین ہے۔"

"یہ آپ کیسے کہتے ہیں میں بھی تو اسی زمانے کی لڑکی ہوں اور میں نے بھی اسکول سے میٹرک پاس کیا ہے تو پھر میں بھی آپ کی نظر میں آوارہ ہوں گی" بیگم کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔

"نہیں بیگم تم میری بات سمجھنے کی کوشش کرو تمہارے متعلق میں اپنے دل میں اس طرح کا خیال لا ہی نہیں سکتا مجھے اس پر حیرت ہے کہ اس زمانے کی لڑکی اتنی سمجھدار اور نیک کیسے ہے۔ ہر جگہ اچھے اور بُرے دونوں طرح کے لوگ ہوتے ہیں۔ لیکن باتیں اکثریت کی جاتی ہیں۔ تم نے چار پانچ سال پہلے میٹرک پاس کیا تھا اُس وقت حالات اتنے خراب نہیں تھے روز بروز معاشرے کی خرابی بڑھتی ہی جا رہی ہے۔ پھر تعلیم ڈگری کا نام تو نہیں۔ علم دراصل کسی چیز کے مطالعے کا نام ہے اور مطالعے کے لئے ڈگری کی قید نہیں۔ علم کا بحر بے کراں ہے ڈگریاں اس کا احاطہ کر ہی نہیں سکتیں۔ میں خود بھی چاہتا ہوں کہ زرینہ پڑھے اور خوب پڑھے لیکن بھئی میں اسکول کی تعلیم کے حق میں نہیں ہوں۔

"میں تو صرف زرینہ کو پڑھانا چاہتی ہوں۔ بیگم نے کہا۔ خواہ جیسے بھی ہو آپ کو اسکول سے چڑ ہے۔ اگر یہ پرائیوٹ پڑھ کر امتحان دے تو آپ کو اعتراض نہ ہوگا۔؟"

اعتراض کیوں ہونے لگا لیکن یہی میں سوچتا ہوں کہ اسے گھر پر پڑھائے گا کون؟ مجھے کوئی مناسب آدمی نظر نہیں آتا اور جوان ماسٹر رکھنے سے وہی خطرہ ہے جس کا ڈر اسکول میں ہے"

"ماسٹر ڈھونڈھنے کی ضرورت بھی کیا ہے۔ کلیم میاں ماشاء اللہ کالج میں پڑھتے ہیں۔ پھر وہ غیر بھی نہیں، بقول آپ کے وہ آپ کے جگری دوست کے لڑکے ہیں کیا وہ اتنا بھی نہیں کر سکتے؟"

"میں زرینہ کو اس کے سامنے بھی نہیں کرانا چاہتا بیگم، پڑھوانا تو الگ بات ہے۔؟"

"کیا وہ اچھا لڑکا نہیں ہے" بیگم نے حیرت سے پوچھا "میں نے ایک جھلک دیکھی ہے، صورت شکل سے تو بہت نیک معلوم ہوتا ہے" "تم نہیں سمجھو گی۔ دراصل جب پہلی بار میں نے کلیم میاں کو دیکھا تو میرے دل میں ایک خیال پیدا ہوا کہ اس دور میں اچھا لڑکا ڈھونڈھنا پتھر سے پانی نکالنے کے برابر ہے۔ اور زرینہ ماشاء اللہ سیانی ہو گئی ہے۔

"ارے میں نے تو اس کی طرف دھیان ہی نہیں دیا تھا۔ بیگم کی آنکھیں خوشی سے چمکنے لگیں، یہ بہت اچھا ہوگا ہم ایک بڑی فکر سے بچ جائیں گے لیکن جب آپ یہ سوچ رہے ہیں تو پھر سامنے کرانے میں کیا حرج ہے دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر پسند کر لیں، ایک دوسرے کے مزاج وغیرہ سے واقف ہو جائیں تو اور اچھا ہے۔

"بیگم آئندہ تم ایسی بات نہیں کرو گی" مرزا صاحب کے چہرے پر خون چھلکنے لگا "میں اتنا بے غیرت نہیں ہوں، میری رگوں میں ایک غیور خاندان کا خون دوڑ رہا ہے۔ ہمارے یہاں یہ بات عیب سمجھی جاتی ہے پھر اگر دونوں ساتھ رہے اور کوئی اونچ نیچ ہو گئی تو؟ میں نے خیال ظاہر کیا اور تم نے بس سمجھ لیا۔ یہ مسئلہ حل ہو گیا۔ یہ بھی تو ہو سکتا ہے کہ نعیم میاں نے رشتہ کہیں اور طے کر رکھا ہے، وہ کیا سوچیں گے میرے بیٹے کو پھانس لیا ہے۔ اس لئے اُسے وقت پر چھوڑ دو"

"اللہ مالک ہے"

پھر بات اُس دن ختم ہوگئی اور ماحول پُرسکون ہوگیا لیکن میرے دل میں زرینہ کو دیکھنے کی تمنا انگڑائی لینے لگی۔ میں نے کئی بار پردے کے پیچھے کسی کی موجودگی کا احساس کیا۔ اکثر دو آنکھیں مجھے اپنے جسم میں چبھتی محسوس ہوتیں لیکن کبھی میں انہیں دیکھ نہ سکا۔

نصیبن بوا میرے کمرے میں کھانا پہنچا دیتی تھیں۔

مجھے وہاں رہتے ایک ہفتہ گزر گیا۔ ایک دن جب کالج سے واپس آیا تو گھر میں چہل پہل محسوس کی۔ دروازے پر اگربتی جل رہی تھی۔ لوبان کی مہک بھی آرہی تھی۔ میں نے سمجھا شاید میلاد ہے لیکن یوں بے سان و گمان میلاد کیسے ہو سکتا ہے۔ میں کسی سے پوچھنا چاہتا تھا کہ نصیبن بوا باہر سے آتی نظر آئیں۔ اُن کے ہاتھ میں پھولوں کی دو کڑ سی اور کچھ پھول تھے۔

"کیا بات ہے بوا؟" میں نے پھول کی طرف اشارہ کرکے پوچھا۔

"اے بابو آج جمعرات ہے نا؟"

"اچھا تو جمعرات ہونا بہت بڑی بات ہے کیا؟" میں نے مضحکہ اڑانے والے انداز میں پوچھا۔

"تم نہیں جانتے بیگم صاحبہ پر ہر جمعرات کو جنات صاحب آتے ہیں۔" وہ رازدارانہ انداز میں بولیں اور میں بے ساختہ ہنس پڑا۔

"ہنسو مت بابو۔ وہ خوف زدہ ہو کر اِدھر اُدھر دیکھنے لگیں۔ تم نئے زمانے کے لڑکے اِن باتوں پر یقین نہیں رکھتے لیکن تم بیگم صاحبہ کو اُس وقت دیکھو تو کہو، آنکھیں لال انگارہ ہو جاتی ہیں، چہرے پر خوب جلال آجاتا ہے، آواز بدل جاتی ہے پھر دیکھتے ہی دیکھتے اُن کا بدن اینٹھ جاتا ہے، دانت جم جاتے ہیں اور وہ بے ہوش ہو جاتی ہیں۔"

پھر انہیں ہوش کیسے آتا ہے؟ ڈاکٹر کو بلایا جاتا ہے یا . . . !

تم بھی بڑے بے وقوف ہو، جس پر جنات صاحب آئیں اُسے ڈاکٹر دوا کیا اچھا کر سکتا ہے، اُس وقت کہیں پہنچے ہوئے مولوی کی ضرورت ہوتی ہے۔ درگاہ کے بڑے مولوی آتے ہیں گھنٹوں عمل کرتے ہیں . . . جب جنات صاحب خوش ہو جاتے ہیں تو بیگم صاحبہ کو ہوش آجاتا ہے۔"

مجھے اس اطلاع پر بہت حیرت ہوئی۔ میں نے جنات کے بارے میں سُنا ضرور تھا لیکن میرے گاؤں میں کبھی اس طرح کی بات نہیں ہوئی۔ میں اُسے گپ سمجھتا تھا لیکن نصیبن بوا کے منہ سے یہ سُن کر تعجب ہوا۔

"یہ جنات کب سے بیگم صاحبہ پر آرہا ہے؟"

"ادب سے نام لو بابو" وہ لرز کر بولیں۔ وہ ہوا بیار سب کچھ سُن لیتے ہیں۔ خدا سب کو اُن کے غصے سے بچائے جس پر خفا ہو جائیں اُسے نیست و نابود کر کے چھوڑتے ہیں۔ جمعرات کے دن صبح سے بیگم صاحبہ اپنے کمرے سے باہر نہیں نکلتیں۔ غسل کر کے عطر لگا کر بیٹھی پڑھتی رہتی ہیں۔ ہم لوگوں کو کمرے کی طرف جانے کی اجازت نہیں ہے اور بابو میں تو ڈر سے اپنے کمرے میں چھپ جاتی ہوں اور زرینہ بی بی کو بھی کہتی ہوں کہ آپ بھی چھپ جائیے۔ جوان جہاں اور چندے آفتاب اور چندے مہتاب ہیں اگر آپ پر جنات کی نظر پڑ گئی تو اچھا نہیں ہوگا۔ بیگم وہ بھی آپ کی طرح ہنستی ہیں جب جنات صاحب آجاتے ہیں تو وہ دروازے کی جھری سے جھانکتی بھی ہیں اور . . . .

"تم نے یہ نہیں بتایا کہ کب سے آرہے ہیں۔" نصیبن بوا کو تفصیل میں جاتے دیکھ کر میں نے کاٹ دی۔

"یہ تو مجھے معلوم نہیں۔ بیگم صاحبہ کے بیاہ کو دو سال ہوئے ہیں، اور مجھے یہاں آئے صرف چھ مہینے، لیکن میں نے سُنا ہے بیگم پر کنوارے پنے ہی سے جنات کا سایہ ہے۔ دراصل یہ بچھڑا اُن کا خاندانی ہے سنتی ہوں اُن کی ماں پر بھی آتے ہیں۔ اللہ بچائے سب کو۔" نصیبن بوا کے جانے کے بعد میں لباس تبدیل کرنے لگا لیکن میرا ذہن اس میں اُلجھا رہا۔ پھر میں نے ایک ہٹے کٹے مولوی کو دیکھا جو اندر تشریف لے گئے۔ پھر ایک گھنٹہ بعد وہ چلے گئے۔ تو گھر میں چہل پہل شروع ہوگئی۔ بیگم اور نصیبن بوا کے بولنے کی آوازیں آنے لگیں پھر میرا ناشتہ بھی آگیا۔

اُس رات مجھے ٹھیک سے نیند نہیں آئی کئی طرح کے خیالات ذہن میں گھومتے رہے۔ صبح میں نے مرزا صاحب سے اس سلسلے میں گفتگو کی۔ "میرا خیال ہے چچی صاحبہ بیمار ہیں۔ اُن پر کوئی اعصابی دورہ پڑتا ہے۔ آپ کسی اچھے ڈاکٹر سے رجوع کیجئے۔ ان مولویوں کے چکر میں نہ پڑیئے، اُن کی روزی ہی اس طرح بھولے لوگوں کو بیوقوف بنا کر چلتی ہے۔"

میں نے کئی ڈاکٹروں کو دکھایا کسی کی سمجھ میں نہیں آتا۔ علاج کرتے کرتے تھک گیا لیکن دورہ نہ تھما پھر کیا کروں۔" اُن کے چہرے پر اُداسی چھا گئی۔

"میں خود جنات وغیرہ پر اعتقاد نہیں رکھتا اور تمہاری چچی بھی نئی روشنی کی تعلیم یافتہ عورت ہیں۔ توہم پرست نہیں لیکن . . . ." وہ ٹھنڈی سانس لے کر چپ ہوگئے۔ کچھ دیر تک خموشی رہی۔ پھر میں نے ڈرتے ڈرتے اپنے شبہے کا اظہار کیا۔ "سنا ہے چچی صاحبہ کی یہ خاندانی غرض ہے۔ اُن کی والدہ کے سر پر بھی سایہ تھا۔ مجھے ڈر ہے کہیں . . . میرا مطلب ہے زرینہ پر بھی . . . ."

میں نے جملہ مکمل نہ کیا لیکن مرزا صاحب کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔

"میں کیا کروں میری سمجھ میں کچھ نہیں آتا۔ وہ بے بسی سے بولے۔" لیکن زرینہ کی ماں دوسری تھیں اس لئے اسے کوئی خطرہ نہیں ہے۔ پھر انہوں نے اپنے جملے کا ردِ عمل میرے چہرے پر تلاش کرنے کی کوشش کی لیکن میں نے کچھ ظاہر نہ ہونے دیا۔

کئی دن گزر گئے لیکن میرے ذہن سے یہ بات نہ نکلی، لیکن میرے ذہن پر ایک انجانا سا خوف مسلط ہو گیا تھا۔ یہ جنات مجھے کسی بڑے طوفان کا پتہ دے رہا تھا جب بھی میں گھر آتا عجیب طرح کا احساس ہوتا۔ جیسے مرے دل سے آواز آتی بھاگ چلو یہاں رہنا ٹھیک نہیں۔ میں نے اپنے ایک دوست سے گھر کے لئے کہا۔ وہ اپنا کمرہ دینے کو تیار ہو گیا تو میں نے مرزا صاحب سے کہا

"چچا جان! میں نے ایک دوست کے یہاں رہنے کا بندوبست کر لیا ہے۔ آپ نے کچھ کہا تو نہیں۔ . . . لیکن پھر بھی میں محسوس کر رہا ہوں کہ میرے یہاں رہنے کی وجہ سے آپ کو تکلیف ہو رہی ہے۔ آپ کے بیٹھنے کا کمرہ میں نے ہتھیا لیا ہے پھر ابا جان نے یہ نہیں کہا تھا کہ وہیں رہ جانا۔

مرزا صاحب چپ چاپ سنتے رہے۔

"تمہارے منہ سے غیریت کی بات سن کر مجھے دلی تکلیف پہنچی ہے بیٹے۔ تم اس رشتے کو نہیں جانتے جو میرے اور نعیم کے درمیان ہے۔ اگر میرا بیٹا نعیم سے یہی بات کہتا تو اُسے اور زیادہ تکلیف ہوتی۔" اُن کی آنکھیں ڈبڈبا گئیں تو پھر مجھ سے اور کچھ نہ کہا گیا لیکن میرے دل کی دھڑکن روز بروز بڑھتی جا رہی تھی۔ ایک بے نام خوف میرے ذہن و دل پر مسلط تھا۔

اور پھر طوفان آ ہی گیا۔

ایک شام جب میں کالج سے واپس آیا تو گھر میں بہت شور و ہنگامہ تھا۔ میں گھبرا کر زنجیر بجانے لگا۔ نصیبن بوا گھبرائی ہوئی باہر نکل آئیں۔

"کیا بات ہے بوا؟ یہ ہنگامہ کیسا ہے؟"

"کیا بتاؤں بابو، وہی ہوا جس سے میں ڈرتی تھی" نصیبن بوا کا چہرہ خوف سے زرد تھا۔ "میں زرینہ بی بی کو منع کرتی تھی، جنات صاحب آئیں تو تم اس طرف نہ جایا کرو لیکن انہوں نے میری بات نہیں مانی اور اُن پر بھی جنات کا سایہ ہو گیا۔ وہ بھی بیٹھی بیٹھی پہلے تو بڑبڑانے لگیں پھر بے ہوش ہو گئیں ہیں۔

"پھر مولوی صاحب کو کیوں نہیں بلایا جاتا میں نے سمجھا گھبراہٹ میں مولوی صاحب کو بھول بیٹھے ہیں۔ اس لئے میں نے یاد دلایا۔" میں بھی بیگم صاحبہ سے یہی کہہ رہی ہوں لیکن وہ بہت غصے میں ہیں۔ کہتی ہیں۔ مرے تو مرجائے لیکن مولوی صاحب نہیں آئیں گے کبھی نہیں ـــــ !!"

آج کل دہلی۔

غزلیں

صحرا میں ہر طرف ہے وہی شورِ العطش!
دریا کا رخ بدل نہ سکے لوگ آخرش

پائے گئے ہیں ایک خطِ مستقیم پر
یکساں ہیں اب نظر میں ہماری جہاتِ شش

رُخ سے حقیقتوں کے حجابات اُٹھ گئے
اب اعتبارِ دید پہ کھائیگا کون غش؟

وہ اختیار و جبر کی صورت نہیں رہی
دل سے نکل چکا ہے ہر اک تیر نیم کش

اے آفتابِ صبحِ فراغت ادھر کہاں
ہم لوگ پی رہے ہیں ابھی زہرِ کشمکش

حامدؔ حریمِ ذات میں خود اپنی دیکھئے
آخر چھپا ہوا ہے یہاں کون برق وش

حامد حسین حامدؔ

الفاظ فارسی کے سمندر میں غرق تھے
تنہائیوں کے زہر کو ہم کیسے بانٹتے

بے فائدہ کسی کے لئے اپنی جان دے
کس کو یہاں پڑی ہے کہ وہ کوہ کن بنے

اپنی تلاش اپنے توسط سے کیجئے
اپنا سراغ کس کو ملا ہے کتاب سے

ویرانے ہر جگہ پہ مرے ہم رکاب تھے
صحرا چھٹا تو شہر میں آباد ہو گئے!

ہم تھک تھکا کے پاس کے جنگل میں سو گئے
بیتے ہوئے دنوں کو کہاں تک پکارتے

شہرت کے بھوت ناچ رہے ہیں گلی گلی
دل کہہ رہا ہے تو بھی انہیں فن کی داد دے

حامدؔ غزل کی شکل بدلنے کے بعد بھی
تجھ کو یہ فکر کیوں کہ ہر اک اس پہ سر دھنے

محمد عبدالحلیم

ناطق گلاؤٹھوی

مرزا داغ کے تلامذہ کی تعداد ہزاروں تک بتائی جاتی ہے۔ ان میں سے اب صرف ایک مولانا ناطق گلاؤٹھی، اور دوسرے حضرت جوش ملسیانی ہی باقی رہ گئے تھے۔ افسوس کہ ۲۷ مئی ۱۹۶۹ء بمطابق ۱۲ ربیع الاول ۱۳۸۹ھ ناطق صاحب نے بھی اس دارِ جہاں فانی کو خیرباد کہدیا ؎

سن لے کہ جا رہا ہوں اب اپنی خبر کو میں
لے زندگی سلام گیا عمر بھر کو میں : ناطق

مولانا کی ذاتِ گرامی دلی کے دبستانِ شاعری کی آخری کڑی کی حیثیت رکھتی تھی۔ اُن کی اُستادانہ عظمت ہندو پاک میں مسلّم اور اُن کی آراء ادبی و شعری مباحث میں مستند مانی جاتی تھیں۔ مرزا داغ کے تمام سربرآوردہ شاگردانِ رشید انہیں اپنا خواجہ تاش بھائی کہتے تھے اور خاندانِ داغ کا ایک اہم ستون سمجھتے تھے۔ مرحوم نے ۸۳ سال کی عمر پائی اور کم و بیش ستر سال اُردو ادب کی خدمت کی۔

مرحوم سے میرے تعلقات گزشتہ ۱۱ سال سے قائم تھے۔ میں نے اس گیارہ سال کی مدت میں ان کے عادات و خصائل، حسنِ اخلاق اور اوصافِ حمیدہ کا بہت قریب سے مطالعہ کیا ہے۔ وہ ایک عظیم المرتبت اور ہمہ گیر شخصیت کے مالک تھے۔ میرے لئے یہ بات مایۂ ناز ہے کہ مولانا تادمِ زیست مجھے اپنا ایک عزیز سمجھ کر مجھ پر بے حد شفقت اور اعتماد فرماتے رہے۔ پہلی ملاقات کا شرف محترمی محمد حنیف صاحب فاتح، ریسرچ اسکالر ناگپور یونیورسٹی کے توسط سے بھائی عبدالسلام صاحب کی معیت میں سنہ ۱۹۵۸ء میں حاصل ہوا۔ میرا یہ معمول تھا کہ ہر اتوار اور تعطیل کے دن بلاناغہ ان کے مکان پر حاضری دیتا۔ یہ مرحوم کا بزرگانہ کرم تھا کہ وہ مجھ ناچیز کو اپنا امینِ ادب اور معینِ ادب سمجھتے تھے اور اپنے تمام ادبی اور شعری سرمائے کا مجھے مالک بنا دیا تھا۔

مولانا مرحوم کے محاسنِ شاعری اور کمالاتِ فن پر روشنی ڈالنا بوجھ کم مائگی میرے بس کی بات نہیں اور نہ اُن کی اُستادانہ عظمت مجھ جیسے شخص کے تعارف کی محتاج ہے۔ میں یہاں ناظرینِ کرام کی معلومات کے لئے اُن کے حالاتِ زندگی پیش کرتا ہوں جن سے بہت سے اربابِ علم و ادب ناواقف ہیں سب سے پہلے ان کی سرگزشت خود اُن ہی کی زبانی سنئے۔

حسب و نسب و خاندانی حالات :-

" میرا نام ابوالحسن اور تخلص ناطق ہے۔ والد صاحب کا اسمِ گرامی ظہورالدین تھا۔ وطن مالوف قصبہ گلاؤٹھی ضلع بلند شہر ہے۔ ۱۱ نومبر ۱۸۸۶ء کو



ناطق گلاؤٹھوی اور مضمون نگار

کاشی میں جو شہر ناگپور سے تقریباً ۹ میل کے فاصلے پر ہے، میری پیدائش ہوئی۔ سلسلۂ نسب سادات گیلان سے ملتا ہے۔ میرے ساتویں پشت کے دادا مولانا سید منہاج الدین صاحب احمد شاہ ابدالی کی فوج میں سپہ سالار کی حیثیت سے ہندوستان آئے تھے۔ میرے دادا جن کا نام سید غلام غوث تھا، میرٹھ میں وکالت کرتے تھے۔ میری ننہال قصبہ لدن ضلع میرٹھ میں تھی۔ میرے والد صاحب کے چھ بھائی اور تھے میرے والد صاحب سب سے چھوٹے تھے۔ میرے سب سے بڑے تایا سید فیض الحسن صاحب نے بہاولپور کی ریاست میں وزیرِ اعظم اور چیف جسٹس کی حیثیت سے ملازمت کرتے

ہوئے انتقال کیا۔ وہ ایک زبردست عالم، ادیب، اور شاعر تھے مگر ان کے صاحبزادے نے اُن کا سب کچھ برباد کر دیا۔ دوسرے تایا سید تاج الدین صاحب پنجاب میں تحصیلداری کرتے ہوئے مرے۔ تیسرے تایا سید عبداللہ صاحب گلاؤٹھی میں رہتے تھے اور جدی جائداد کی دیکھ بھال کیا کرتے تھے۔ انہوں نے گلاؤٹھی ہی میں وفات پائی۔ چوتھے تایا سید عنایت اللہ صاحب کو اٹھارہ سال کی عمر میں ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں حصہ لینے کے جرم میں حکومتِ برطانیہ نے پھانسی دیدی اور اس سلسلے میں تمام جدی جائداد بھی جس میں تقریباً نصف گلاؤٹھی اور دو مواضعات تھے سب ضبط کر لئے۔ عنایت اللہ صاحب کو پھانسی کی سزا ہونے سے میرے پانچویں تایا سید نعیم الدین صاحب اپنے باقی دو چھوٹے بھائیوں سید وحید الدین اور سید ظہور الدین کو لے کر پاپیادہ گلاؤٹھی سے چل کر مصیبتیں اٹھاتے ہوئے بھنڈارہ پہنچے اور وہاں اپنے ایک خالہ زاد بھائی کے مکان میں ملکہ وکٹوریہ کی طرف سے عام معافی کا اعلان ہونے تک چھپے رہے۔ اس وقت نعیم الدین صاحب کی عمر چودہ سال، وحید الدین صاحب کی دس سال اور میرے والد صاحب (ظہور الدین) کی صرف سات سال تھی۔ میرے تایازاد بھائی ڈاکٹر السین، ایم حسن (مرحوم) سابق ہیلتھ منسٹر مدھیہ پردیش نعیم الدین صاحب ہی کے بیٹے تھے۔

میرا ایک ہی بھائی تھا سید حسن نامی جو مجھ سے آٹھ سال چھوٹا تھا۔ تعلیم سے اُسے کوئی دلچسپی نہ تھی، اس نے کتب فارسی سے آگے نہیں پڑھا۔ شاعری بھی اس نے شروع کی تھی اور چل نکلا تھا مگر ۱۹۲۵ء میں طاعون کے کچھ بیمار مریضوں کی تیمارداری میں بداحتیاطی سے کام لیا اور دو چھوٹے چھوٹے بچوں کو چھوڑ کر گلاؤٹھی میں انتقال کر گیا۔ بہنیں چار تھیں جن میں سے تین عرصہ ہوا مر چکیں۔ اور ایک لاولد بیوہ بہن ابھی زندہ ہیں اور گلاؤٹھی میں رہتی ہیں۔ یہ بات بتانے سے رہ گئی کہ میرے والد محترم نے جو رائے پور میں جہاں وہ لکڑی کی تجارت کرتے تھے ۱۹۵۰ء میں انتقال کیا۔ بڑے شفیق باپ تھے۔ مجھے بہت محبت رکھتے تھے۔ اللہ غریقِ رحمت کرے۔ انھیں بھی ذوقِ سخن تھا مگر لکھ کر جمع کرنے کے عادی نہ تھے۔ میری والدہ نے جنھیں خدا جانے کیوں میرے ساتھ قطعی محبت نہ تھی، ۱۹۴۵ء میں وفات پائی۔

میری نسبت میرے قبیلے کے رواج کے مطابق میرے بچپن ہی میں ہو گئی تھی۔ اور شادی ۱۹۰۰ء میں ہوئی۔ میری بیوی جو مجھ سے ایک سال بڑی تھیں مولانا الطاف حسین حالی پانی پتی کی بھی خالہ زاد بہن تھیں اور میری خالہ کی بھی لڑکی تھیں اور تایا کی بھی۔ یہ ۱۴ مئی ۱۹۵۸ء میں گلاؤٹھی میں انتقال کر گئیں۔ اس سے تین لڑکے اور تین لڑکیاں ہوئیں۔ جن میں اب کوئی بھی زندہ نہیں۔ چار بچے تو ایک سے لے کر چھ سال کے درمیانی عمر میں ختم ہوئے۔ ایک لڑکی ۴۵ سال کی عمر میں لاولد مری اور لڑکا تقریباً پچاس سال کی عمر میں دو لڑکے اور لڑکیاں چھوڑ کر مرا۔ مجھے اس بات کا بے حد صدمہ ہے کہ میرا لڑکا جس کو میں سب کچھ بنانا چاہتا تھا مگر کچھ نہ بن سکا۔

ابتدائی تعلیم :-

"یہ تو میں بتا چکا ہوں کہ میری پیدائش کامٹی میں ہوئی جہاں میرے والد صاحب بسلسلۂ تجارت مقیم تھے۔ سات برس تک کی عمر کامٹی ہی میں گذری۔ یہاں اُردو اور فارسی میں تعلیم مولوی قادر نواز خاں صاحب مدراسی سے حاصل کی۔ مکتب ہمارے گھر میں ہی تھا۔ ۱۹۰۱ء میں والد کے ہمراہ گلاؤٹھی چلا گیا جہاں فارسی کی تکمیل وہاں کی برگزیدہ ہستی مولانا عبدالعزیز صاحب سے کی۔ گلاؤٹھی ہی کے مدرسہ منبع العلوم میں جسے تعلیم علوم عربیہ کے لئے مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی نے قائم کیا تھا عربی کی تعلیم شروع کی اور بیشتر حصہ وہیں پڑھا۔ یہاں کے اساتذہ میں مولانا حامی الدین صاحب گلاؤٹھوی، مولانا محمد حسن صاحب مراد آبادی اتالیق فرمانروائے بھوپال اور مولانا ماجد علی صاحب جیسے مشہور محدث اور منطقی تھے۔ آخر میں دیوبند میں "دورہ" (تعلیم حدیث) شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب سے پڑھا۔ علم طب بھی وہیں حکیم احمد حسن المعروف حکیم مُدن برادر خورد مولانا شیخ الہند سے پڑھا۔ ۱۹۰۱ء میں دیوبند سے علوم عربیہ کی سند حاصل کی۔ دورانِ تعلیم میں کبھی دیکھ کر پڑھا نہیں اور پڑھ کر دیکھا نہیں۔ تعلیم کے میدان میں کھیل کی طرف زیادہ رجحان رہا جس میں خصوصیت سے دلچسپی شطرنج، چوسر، اور کبڈی رہی۔ تعلیم کے بعد کھیلوں کو ترک کر دیا۔ دیوبند سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد والد صاحب کے ساتھ رائے پور آگیا تھا۔ انگریزی زبان کہیں پڑھی نہیں مگر ضرورتِ زمانہ نے یہ زبان بھی سکھائی۔ اور اب اس میں بھی تحریر و تقریر کی ضرورتوں کو پورا کر لیتا ہوں۔

ابتدائے شاعری کے حالات :-

"میں نے بہت کم عمر میں حضرت الطاف حسین حالی پانی پتی کی تحریک پر شاعری کی ابتدا کی۔ گو میں اس وقت کم عمر تھا لیکن عربی نصاب دارالعلوم دیوبند کو تقریباً ختم کر چکا تھا اور یہ میرے اساتذہ کرام کا کرم تھا کہ وہ مجھے ذہین اور ہونہار سمجھتے تھے مگر جہاں میرے دیگر ہم جماعت احباب اپنا سب وقت تعلیم میں صرف کرتے تھے وہاں میں زیادہ وقت کھیل میں گزارتا تھا۔

مگر امتحان کے نتائج میں سب سے اچھا رہتا۔ اسی طرح جہاں اساتذہ مجھ سے محبت کرتے تھے وہاں انہیں میری کم توجہی پر افسوس بھی رہا جب میں نے شاعری شروع کی تو میرے احباب نے مجھے بہت روکا اور اساتذہ نے بھی افسوس ظاہر کیا چنانچہ مولانا محمد حسن صاحب مراد آبادی نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ تو نکما تو تھا ہی اب دونوں جہان سے جاتا رہیگا۔ غرض یہ کہ ابتدائے شاعری میں میرا ماحول بہت ہمت شکن تھا۔ میں شعر چوری چھپے کہتا تھا کیونکہ علم نواز احباب و اقربا میرے ہر اس شعر کا جو وہ سن پاتے تھے، مذاق اڑاتے تھے۔ اسی کا اثر تھا کہ وصل نوازی اور بوسہ بازی کی شاعری سے میں شروع ہی سے مجتنب رہا اور تعشق رقیب کو ہمیشہ حرام سمجھا۔

نہ اپنی شاعری کی دسترس ہے بند محرم تک
نہ آتا ہے ہمیں مضمون ناطق بوسہ بازی کا

گل و بلبل، شمع و پروانہ و بیان زلف کی شاعری سے بھی بہت اجتناب کیا۔ حسن و عشق کا بیان بھی میرے یہاں بہت کم ملے گا۔ محبوب کی بے وفائی، ظلم و ستم، کج ادائی، ناز و نیاز اور بے حیائی کے بیان کو بھی جو طوائفوں کا خاصہ ہے چھوڑا اور ایسے مضامین لکھنے سے بھی محتاط رہا جو طوائفوں کے گرد گھومتے ہیں۔ یہ تو نہیں کہتا کہ ایسا کوئی مضمون میری شاعری میں بالکل نہیں ہوگا لیکن بہت ہی کم کیونکہ کسی فن کی ڈگر کو ایک دم چھوڑ دینا اور چھوڑ کر اہلِ فن رہنا بہت مشکل بات ہے اس کے لئے مجھے اپنا طرزِ بیان سب سے الگ کر دینا پڑا۔ میری شاعری اب حالاتِ زمانہ اور اپنے پیش پا افتادہ مضامین تک ہی محدود ہے۔

" میں سب سے پہلے طوطیِ ہند حضرت بیاں نیرانی میرٹھی سے ملا جو میرے ہی ضلع کے قصبہ جارچہ کے رہنے والے تھے جس کا فاصلہ گاؤ ٹھی سے کل چھ میل ہے۔ میں نے ان کے آگے زانوئے تلمذ تہہ کیا مگر بدقسمتی سے کچھ استفادہ نہ کر سکا کیوں کہ اسی سال ان کا انتقال ہوگیا۔ ہنوز مجھے یہ خیال بھی نہ آنے پایا تھا کہ اب کس کی طرف رجوع ہوں کہ حضرت امیر مینائی کی بھی خبر آگئی۔ میں بیان کا شاگرد اس لئے ہوا تھا کہ میں نے اس وقت انھیں اپنے وقت کا بہترین مکمل ہمہ گیر فاضل اور اہلِ فن شاعر اور استاد سمجھا اور ہنوز اس خیال پر راسخ ہوں کہ وہ اپنے وقت کے سب سے اچھے شاعر تھے۔

ابتدائے شاعری میں میں نے میر شکوہ آبادی کے دیوان کو بہت پڑھا۔ میرے خواجہ تاش بھائی مذاکلاؤ ٹھی نے جو میرے دور کے رشتے سے عزیز بھی تھے۔ ایک مرتبہ مجھ سے کہا کہ صدا اور شمس بازغہ سے شاعری نہیں آتی۔ میں نے جواب دیا کہ متنبی اور حماسہ سے تو آتی ہے بات آئی گئی ہوئی مگر مجھے خیال ہوا کہ داغ کے دو اور دیوان کو دیکھوں کہ میں دہلی کے نواح کا باشندہ تھا اور ان کی ذات دہلی اور اہلِ دہلی کے لئے مایۂ ناز تھی۔ جب میں نے ان کے دو دیوان "گلزار" اور "آفتاب" کا مطالعہ کیا تو بلحاظ صفائی زبان و سلاست بیان مجھے "آفتاب" زیادہ پسند آیا اور اس قدر پسند آیا کہ میں نے اسے بہت پڑھا۔ بار بار پڑھا۔ بہت غور سے پڑھا اور اتنا پڑھا کہ اس وقت پورا دیوان مجھے حفظ ہوگیا تھا۔ اسی نے میری شاعری پر اثر کیا اور یہی میرے طرزِ بیان پر بلا ارادہ چھا گیا۔ چونکہ اپنا عیب خود انسان کو نظر نہیں آتا اس لئے ۱۹۰۷ء میں اپنے والد صاحب کے مشورے سے بذریعہ خط و کتابت داغ کا شاگرد ہوا مگر تین چار سے زیادہ غزلوں پر اصلاح نہیں لی کیونکہ ان اصلاحوں سے اندازہ ہوگیا تھا کہ مجھے اصلاح سے زیادہ اپنے کلام پر خود لکھتے وقت اور لکھنے کے بعد غور کرنے کی ضرورت ہے۔ ۱۹۰۸ء میں داغ کا انتقال ہوگیا اور قصہ ہی تمام ہوگیا۔ پھر کسی کو کلام دکھانے کا خیال نہیں کیا۔ ہمیشہ اپنے لکھے پر خود اصلاح کی مگر "آفتاب" جو میرا راہبر تقاعرصہ تک رہا۔ "آفتاب" کی زبان میرا روزمرہ تھا۔ میرے گھر کا روزمرہ تھا، اور میرے قبیلے کا روزمرہ تھا اسی لئے میں نے اپنے گھر کی زبان، بیان اور محاورات پر اپنی شاعری کو قائم کیا۔ چونکہ میں نے اپنی شاعری کی بنیاد "آفتاب" پر رکھی اس لئے یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ براہِ راست میرا استاد "آفتاب" ہے۔ اور بالواسطہ داغ۔

میں نے بجز درسی عروض کے کبھی فن کے متعلق کوئی کتاب نہیں پڑھی مگر یہ اتفاق ہے کہ جن جن باتوں کو میں نے پابندی سے اختیار کیا وہی مسلمات شعر نکلے اور وہی فن نکلا۔

ایک تردید [1]

کچھ لوگوں نے مجھے حضرت جلال لکھنوی اور مولانا اطہر بالوڈی کا بھی شاگرد بتایا ہے جو بالکل غلط ہے۔ حضرت جلال سے میں ایک ہی مرتبہ ملا۔ دورانِ گفتگو میں معلوم ہوا کہ یہ بزرگ کسی کو کچھ نہیں سمجھتے۔ انہوں نے امیر کو ایک دیہاتی اور غیر شاعر کہا اور داغ کے متعلق فرمایا کہ وہ اہلِ علم نہیں، اس لئے ان کے سرمایۂ

---

[1] پروفیسر نفیس سندیلوی نے "نگار کے داغ نمبر" اور سید رفیق مارہروی نے اپنی تصنیف "زبانِ داغ" میں مولانا ناطق کو جلال لکھنوی اور اطہر بالوڈی کا بھی شاگرد بتایا ہے۔ یہ تردید اسی کے متعلق ہے۔

سخن میں صرف گلزار، معتبر ہوسکتا ہے کہ اس پر اُستاد ذوق کی اصلاح ہے۔ وہ اسی ملاقات میں میرے اس شعر پر بھی اعتراض کر بیٹھے ؎

ساغر پہ فاتحہ ہو دلِ تشنہ کام کی
ساقی مصلیوں کو پلا میرے نام کی

اور فرمایا کہ "فاتحہ" مذکر ہے۔ جب میں نے جواب دیا کہ دہلی کے استعمال میں مونث ہے اور جب اس میں تائے تانیث جو حالتِ وقفی میں "ہ" موجود ہے تو اہلِ دہلی حق پر ہیں۔ اس پر جلال صاحب چڑ گئے اور تلخ کلامی تک نوبت آ پہونچی۔ جہاں تک الہر ہا پوڑی صاحب کی شاگردی کا تعلق ہے اس کے متعلق عرض ہے کہ حضرت الہر کے اہلِ فن اور صاحبِ تحقیق ہونے کا میں شروع ہی سے معترف رہا ہوں ان کا شاگرد ہوجانے میں مجھے کوئی عار نہ تھا مگر ہوا یہ کہ اس وقت میرے قبیلے کے بعض بے ہنر اُن کے شاگرد تھے جو اُستاد سے شعر لکھا کر اپنے نام سے سناتے تھے اور اسی پر ناز کرتے تھے۔ ان لوگوں کے ساتھ میں نے مشارکت کو پسند نہیں کیا۔ آخر میں اتنا اور سن لیجئے کہ میں مولانا راسخ دہلوی کا بھی معترف کمال تھا اور ان کے ساتھ بسلسلہ علوم عربی اچھی خاصی ملاقات بلکہ دوستی بھی تھی مگر میں نے ان کی شاگردی کو پسند نہیں کیا کہ شعر فہمی میں باوجود انہماک شاعری وہ محتاط نہ تھے جس کی بدولت باوجود متقی عالم ہونے کے اُن کے تغزل پر سوقیت نے غلبہ کر لیا تھا۔ جسے میری آوارگی اور رندی نے بھی گوارا نہ کیا۔

تلامذہ کی تعداد

"میں نے اپنے شاگردوں کی کوئی فہرست نہیں رکھی۔ سب کے ساتھ مساویانہ برتاؤ کیا کسی کو شاگرد بنانے کی کوشش نہیں کی جو گلے پڑ گیا اس کو اصلاح دیدی۔ مجھ سے بہت لوگوں نے اصلاحیں لی ہیں۔ اور بلاد ہند و پاک میں کئی مجھے اپنا اُستاد بتاتے ہیں بعض نام ایسے بھی آجاتے ہیں کہ غور کرنے پر بھی مجھے یاد نہیں آتا کہ کب وہ مجھ سے اصلاح لیتے تھے۔ ایسے لوگ بھی پائے جاتے ہیں جنھوں نے مجھ سے کبھی اصلاح نہیں لی لیکن مجھے اپنا استاد بنانے میں ذرا بھی عار محسوس نہیں کرتے۔ ناگپور اور کامٹی میں بہت سے لوگ میرے شاگرد ہوئے لیکن کوئی کچھ بنا نہیں اور اب تو سب ختم بھی ہوگئے۔

رنگِ سخن

"مولانا آسی مرحوم کی تحریک پر میں نے غالب کا مشکل رنگ بھی لکھا ہے۔ مومن کا رنگ بھی لکھا ہے اور میر تقی میر کا بھی۔ اور اب اپنا الگ رنگ بھی زبان و فن کی پابندی کے ساتھ لکھتا ہوں اور اہلِ علم و فن کی حرف گیری سے ڈرتا بھی ہوں۔ میں نے اپنی شاعری میں محاورات کو صفائی اور روانیِ بیان کے ساتھ بہت زیادہ نظم کیا ہے۔ ماسٹر حمید جمال صاحب (کامٹوی) نے میرے متعلق ایک مضمون لکھا تھا جو جریدہ "آج کل" دہلی کی اشاعت ماہ اکتوبر ۱۹۵۷ء میں موجود ہے اس مضمون میں انہوں نے میرے رنگِ سخن کے متعلق سیر حاصل بحث کی ہے۔

تصوف کے ساتھ لگاؤ

"میں قطب الارشاد حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی کے خدام میں داخل ہوں۔ مدرسہ عالیہ دیوبند کا عالم تو کیا ہوسکتا ہوں ہاں طالب علم ضرور رہا ہوں۔ اور میں نے بیشتر سب ہی اکابر دیوبند کے آگے زانوئے ادب تہہ کیا ہے۔

اثرات

"میں نے اپنی زندگی میں بہت کم لوگوں کا اثر لیا ہے۔ سب سے زیادہ میں نے جو اثر لیا ہے وہ خود اپنے والد بزرگوار کا ہے جو بڑی قابلیت اور صلاحیت کے مالک تھے۔ میں نے اپنے پیر و مرشد حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی ذاتِ بابرکات کا بھی بہت اثر لیا ہے۔ اپنے اساتذہ میں حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سہارنپوری، حضرت مولانا شیخ الہند صاحب، حضرت مولانا محمد حسن صاحب مراد آبادی، حضرت مولانا محی الدین صاحب گلاوٹھوی اور حضرت مولانا حکیم احمد حسن صاحب دیوبندی المعروف حکیم بڈن صاحب کی شخصیت اور علمیت سے میں بہت متاثر ہوں۔ احباب میں حضرت صوفی کرم حسین کی شخصیت کا بھی مجھ پر بہت اثر ہے۔

اکابر ہند میں نواب وقار الملک صاحب سے میں ملا ہوں اور اُن کی شخصیت کا بڑا اثر لے کر آیا ہوں۔ اکابر شعراء میں حضرت بیان میرٹھی، حضرت داغ، شاد عظیم آبادی اور تسلیم لکھنوی کی شخصیتوں کو مانتا ہوں۔ اساتذۂ دہلی میں ذوق، غالب اور مومن کا میں بے حد احترام کرتا ہوں۔

ہم عصر شاعروں میں کسی ایک کی شخصیت سے بھی متاثر نہیں ہوا۔ مرزا یگانہ چنگیزی نے بھی مجھے ماننے کی طرح مانا مگر میں نے ان سے بھی کہہ دیا کہ میں تمہیں کیونکر مانوں اور خود میری حالت یہ ہے کہ اپنی شاعری پر بھی جتنا شاعروں کو ہوتا ہے اعتماد نہیں آج تک۔ یہ حالت ہے کہ کسی زمین میں غزل لکھنے کا خیال کرتا ہوں تو مطلع لکھے بغیر آگے نہیں بڑھتا اور سوچا کرتا ہوں کہ مطلع خاطر خواہ ہو بھی سکے گا کہ نہیں۔" مولانا مرحوم کے سوانح کے متعلق اوپر جو

کچھ بیان کیا گیا ہے، وہ خود ان کی نگارشات سے ماخوذ ہے۔ اب میں سوانح سے ہی متعلق کچھ مزید حالات اپنے مشاہدات اور معلومات کی روشنی میں پیش کرتا ہوں۔

سیاسی زندگی

یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہوگی کہ مولانا ایک عالم فاضل، حکیم، شاعر اور ادیب ہونے کے علاوہ ایک سیاست داں اور سماجی کارکن بھی تھے۔ ۱۹۲۶ء میں جب وہ مرکزی حکومت میں ایم ایل اے تھے تو پنڈت موتی لال نہرو، مسٹر سی آر داس اور پنڈت مدن موہن مالویہ جیسی شخصیتوں کی معیت میں انہیں کام کرنے کا موقع ملا۔ تحریک خلافت میں بھی انہوں نے سرگرم حصہ لیا۔ ناگپور میونسپل کارپوریشن میں تیس سال تک مسلسل ممبر رہے۔



قد و قامت اور حلیہ

قد دراز، رنگ گورا، چہرہ لمبا، ریش سفید، جسم بھرا ہوا، گردن اونچی، آنکھیں چمکدار، آواز گرجدار، بڑے بارعب وجیہ اور پر وقار شخصیت تھی۔ مشاعروں میں تحت اللفظ پڑھتے لیکن اپنے مخصوص انداز میں اور یہ انداز بڑا دلکش تھا۔

مزاجی کیفیت

بڑے دیر آشنا تھے لیکن جس سے ملتے بڑی خندہ پیشانی اور محبت سے پیش آتے۔ ان لوگوں کے خاص گرویدہ ہو جاتے تھے جن کے متعلق یہ یقین ہو جاتا کہ وہ بھی ان کے ساتھ خلوص و محبت سے پیش آئیں گے پھر اس میں کسی بڑے چھوٹے بوڑھے جوان اور بچے کی قید نہ تھی۔ اس سے انہوں نے نقصان بھی بہت اٹھایا کہ ہر کہہ و مہ اور خود غرض احباب اپنی ضرورت پوری ہونے کے بعد دھوکا دیتے رہے جس کا پتہ اُن کے اشعار سے جا بجا ملتا ہے۔ تمثیلاً دو شعر درج ذیل ہیں۔

کس کس سے کیا بتائیے کھاتے رہے فریب
ناطق ہمیں تباہ کیا اعتبار نے

ہماری منزلِ ہستی بھی یارب کیا مصیبت ہے
وہی دیتا ہے دھوکا جس کسی کا ساتھ کرتے ہیں

ظرافت اور بذلہ سنجی کوٹ کوٹ کے بھری تھی ؎

پیری میں کیا بتائیں ناطق اسی دہن سے : اب دانت جھڑ رہے ہیں موتی کبھی جھڑے تھے

بات میں بات پیدا کرنے میں انہیں ید طولیٰ حاصل تھا۔ خود فرماتے بھی ہیں ؎

ناطق نہ ہو جو بات تو بولے نہ آدمی
بولے تو اس میں بات بھی پیدا کرے کوئی

بڑے خوددار، صاف گو اور بے باک بزرگ تھے۔ حق گوئی اور خدا لگتی باتیں کہہ دینے میں بڑی سے بڑی شخصیت کا لحاظ نہیں کیا۔ وہ اپنے اس مسلک پر ہمیشہ قائم رہے۔ ؎

اہلِ حق بھی یہیں مل جائیں گے اٹھ تو ناطق
حق کی آواز تو بت خانۂ باطل سے اٹھا

بڑی بڑی ادبی معرکہ آرائیوں سے نبرد آزما رہے اور اور اپنا لوہا منوا کر رہے۔ ان معرکہ آرائیوں سے بے شمار ادبی و علمی مسائل حل کرنے میں مدد ملی۔ اور اس طرح بھی انہوں نے بیش بہا ادبی خدمات انجام دی ہیں۔

زندگی کے آخری ایام

مولانا کی عمر کے آخر چھ مہینے مسلسل بیماری میں گزرے۔ اس عرصے میں وہ نہایت کمزور ہو گئے تھے۔ کمر بالکل جھک گئی تھی۔ حافظہ جاتا رہا تھا۔ ہاتھ پاؤں شل ہو گئے تھے۔ پلنگ پر ہی لیٹے لیٹے تمام ضروریات پوری کرتے تھے۔ یہ زمانہ بڑی عسرت اور مفلوک الحالی میں بسر ہوا۔ رفیقوں نے ساتھ چھوڑ دیا تھا۔ رشتہ داروں اور دوستوں نے منہ موڑ لیا تھا۔ صلبی اولاد تمام مدت ہوئی مر چکی تھی۔ حیرت کہ اُن مقامی لوگوں نے کبھی جو اب انکی معنوی اولاد ہونے کے مدعی ہیں، ان کی کوئی خبر نہیں لی۔ ان کی زندگی خود ان کے ذیل کے اشعار کے حسب حال تھی ؎

ہم سفرانِ راہِ عمر کیا ہوئے سب کہاں گئے
یا کوئی ایک ہی نہ تھا یا کہیں ایک بھی نہیں

دوست ہی تھا جسے ناطق نہ ہوئی کچھ پروا
ورنہ رویا ہے مرے حال پہ دشمن کیسا

اور یہ اشعار بھی ملاحظہ فرمائیے ؎

کس کو مہرباں کہیئے کون مہرباں اپنا
وقت کی یہ باتیں ہیں وقت اب کہاں اپنا

آ ہی جاتا ہے بُرے وقت میں اپنوں کو خیال
کوئی ہوتا جو ہمارا ابھی تو پُرساں ہوتا

گلاؤٹھی اور ناگپور سے نسبت :- قصبہ گلاؤٹھی جو دہلی سے تقریباً بیس میل

کے فاصلے پر ہے، مولانا کا وطن مالوف ہے۔ دنیائے شعر و ادب میں وہ اپنے آبائی وطن کی نسبت سے مشہور ہیں۔ یہاں اور اس قصبے کے اطراف و اکناف کے قصبات میں اب بھی ان کے رشتہ دار موجود ہیں لیکن انہیں اس قصبے سے کوئی دلچسپی نہ تھی اور نہ یہاں کے رشتے داروں سے وہ خوش تھے۔ ان کے یہ دو اشعار اس کے ثبوت میں کافی ہیں ؎

ناطق، خدا[1] رسا[2] و کمائی نہیں رہے
باقی فقط وطن ہی وطن اب وطن میں ہے

خیال اہلِ وطن آگیا جب اے ناطق
وطن ہی کہنے کے قابل گلاؤٹھی نہ رہی

شہر ناگپور مولانا کا پیدائشی وطن ہے کہ وہ یہیں کے ایک علاقہ کاٹھی میں پیدا ہوئے یہیں کم و بیش ساٹھ سال مقیم رہے اور اب یہیں کی خاک میں آرام فرما رہے ہیں اس وجہ سے ہم بجا طور سے انہیں ناگپوری کہہ سکتے ہیں۔

دورانِ گفتگو میں ایک مرتبہ میں نے مرحوم سے عرض کیا تھا کہ حضرت اگر آپ ناگپور میں نہ بھی پیدا ہوئے ہوتے تو بھی اس طویل قیام کی بدولت آپ کو ناگپوری ہونا تھا پھر کیا وجہ ہے کہ آپ خود کو اپنے آبائی وطن گلاؤٹھی سے جس سے اب آپ کو کوئی تعلق نہیں رہا نسبت دیتے ہیں۔ انہوں نے اس کے جواب میں اہل ناگپور کی جو تاریخ بتائی وہ انتہائی ناگفتہ بہ تھی۔ حالات اور واقعات کی جھاک ان کی نگارشات و کلام میں بکثرت نظر آتی ہے۔ میں یہاں ان کا صرف ایک شعر ہی پیش کرتا ہوں ؎

ساتھ رہتی اس طرح غربت میں کیوں فکرِ وطن
ساتھ لے آتے زمیں دو گز جو مدفن کے لئے

مولانا مرحوم کو بھارت سرکار نے اُن کی ادبی و شعری خدمات کے صلے میں ۱۹۵۵ء میں ایک صد روپے ماہوار کا وظیفہ عطا کیا تھا، جو اُنہیں اُن کی وفات تک ملتا رہا۔

تصانیف

مولانا "مخزن" کے دورِ اوّل کے لکھنے والوں میں تھے "پیسہ اخبار" لاہور میں بھی آپ کا کلام شائع ہوتا تھا "گلدستہ" پیامِ یار"۔ جلوۂ یار" وغیرہ میں تو مسلسل آپ کا کلام چھپتا تھا: "نیرنگِ خیال"، "شاعر" (آگرہ) "نگار" (بھوپال لکھنؤ) اور "عالمگیر و خیام" وغیرہ مشہور جرائد میں آپ کا کلام ہمیشہ چھپتا تھا۔ آپ کے ساتھ قدرت نے یہ ستم ظریفی کی کہ ایک جگہ تقریباً دو سو کتابیں تھیں اور ان میں ہی ان کا غیر مطبوعہ دیوان بھی تھا۔ اس دیوان کو دیمک نے چاٹ کر بالکل تباہ کر دیا اور کتابیں جوں کی توں رہیں۔ اس کا انہیں بہت زیادہ صدمہ ہوا اس کے بعد انہوں نے بہت سی غزلیں کہیں اور ادھر اُدھر پھینک دیں اور



مولانا مرحوم کی آخری تصویر انتقال کے تین دن قبل

جمع کر کے چھپوانے کی کوشش نہیں کی۔ ایک مقطع میں فرماتے ہیں۔

اس سے کچھ ہوتی اگر ناطق ہمیں تسکین طبع
آج تک سب جمع کر لیتے کلام اپنا نہ ہم

غزلوں کا بہت بڑا حصہ دستبرد زمانہ ہو گیا۔ خدا کا شکر ہے کہ اس نے مجھے توفیق دی کہ میں نے پرانے رسائل اور ان کے کاغذات سے تلاش کر کے تقریباً تین سو غزلیں جمع کر لی ہیں۔ خدا کرے جلد ہی کوئی ایسی سبیل پیدا ہو جائے۔ جس سے میں دیوان کو زیورِ طباعت سے آراستہ کر سکوں۔ یہ اُردو زبان کا المیہ ہے کہ جہاں ماہ و شمار کے دیوان روزانہ شائع ہوتے رہتے ہیں۔ وہاں ستر سال کی خدمتِ ادب کے بعد بھی مولانا کا دیوان شائع نہیں ہوا۔ مطبوعہ کتابوں میں ایک "نطقِ ناطق" (نیچرل نظموں کا مجموعہ) سالِ اشاعت ۱۹۱۲ء، دوسری "بھیل میں فیل" (ایک طویل مکتوب) اور تیسری "سبع سیارہ" (تنقیدی اور علمی مضامین کا مجموعہ) ہے۔ آپ کی کتاب شرح دیوانِ غالب موسومہ "کنز المطالب" جو انہوں نے ۱۹۲۶ء میں لکھی تھی۔ میں نے دوبارہ مرتب کر کے پچھلے سال مکتبہ دین و ادب لکھنؤ سے چھپوایا ہے۔ غیر مطبوعہ تصانیف میں دیوان کے علاوہ "تصریحات اُردو" اور دوسری "افادات" ہیں

---

[1] خدا گلاؤٹھوی داغ کے قدیم شاگردوں میں تھے (۲) رسا گلاؤٹھوی۔ یہ بھی داغ کے قدیم شاگردوں میں تھے چونکہ رامپور میں جا کر شہرت پائی اس لئے رامپوری مشہور ہوئے (۳) مولانا کمائی گلاؤٹھوی، یہ امیر مینائی کے شاگرد تھے جشید پور میں سکونت اختیار کر لی تھی۔

غزلیں

احتشام اختر

محبت کے گھنے بن میں اندھیرا جال پھیلائے
کوئی بھٹکا مسافر سوچتا ہے کس طرف جائے

نگاہیں ڈھونڈھتی ہیں زندگی کے مدھ بھرے سپنے
حقیقت سے کوئی کہدے کہ اپنا روپ دکھلائے

گگن پر دل کے چھائے ہیں تمہاری چاہ کے بادل
خوشی کے شہر میں ایسا نہ ہو پھر باڑھ آجائے

جلا کر دل کے مندر میں نئی آشا کا اک دیپک
پجارن دیوتا کے سامنے رہ رہ کے مسکائے

نہ جانے کیوں مری آنکھوں میں آنسو آگئے اختر
کسی معصوم کوئل نے مرے جب گیت کل گائے





میری ویران سی اُجڑی ہوئی محفل کے سوا
تم کہیں اور رہو انجمنِ دل کے سوا

یوں ہی جو تیری نوازش ہی اے برقِ تپاں
اور بھی گریہ کناں ہوں گے منا دل کے سوا

مجھ خزاں دیدہ سے ملنے کو نہیں آمادہ
زندگی کی یہ بہاریں تری محفل کے سوا

گیسوؤں والو! کوئی اور نہ تدبیر کرو!
ہم بہلتے ہیں کہاں طوق و سلاسل کے سوا

سرفروشانہ جنوں کی نہیں ملتی ہے داد
جائیے اور کہاں کوچۂ قاتل کے سوا

ایک ہی چہرہ ہے جو سب کو حسیں لگتا ہے
کہیں رُکتی ہے نظر اُس مہ کامل کے سوا

ڈال دو بحرِ حوادث میں سفینے کو نثار
لطف موجوں میں بھی کچھ کم نہیں ساحل کے سوا

نثار اعظمی

ظفر صہبائی

پتھرا گئی ہے شہر کی ہر اک صدا چلو
ہنستی ہے جگنوؤں میں ابھی تک ہوا چلو

اپنے نئے شعور کے تیشے سے دوستو!
صدیوں پرانے جسم کی دیوار ڈھا چلو

تم سانپ بن گئے ہو تو ڈھونڈو کوئی بدن
جو زہر تم میں ہے وہ کسی کو پلا چلو

جب یہ سفر نیا ہے تو ہو راہ بھی نئی:
جس راہ سب گئے ہیں اسی راہ کیا چلو

سمجھا رہے ہو فلسفہ تم امن کا۔ مجھے
دل میں یہ ہے کہ شہر کو صحرا بنا چلو

لفظوں میں دیکھو جھانک کے ایمائیت کا درد
اسلوب کو ظفرؔ کے سمجھ لو بُرا — چلو





گاندھی جی نے کہا تھا: ہندوستان اپنے دیہات میں آباد ہے۔ ہمارے ۸۲ فی صد لوگ دیہات میں رہتے ہیں۔ دیہات میں آباد ہمارا یہ ہندوستان ایک زرعی ملک ہے۔ زراعت کو ملک کی معیشت اور ہمارے عوام کی زندگی میں اہم مقام حاصل ہے۔ ہمارے ۷۰ فی صد سے زائد عوام کھیتی باڑی کرتے ہیں لیکن سچ پوچھئے تو زراعت ہمارے عوام کے لئے محض کھانے کمانے کا ذریعہ نہیں، زراعت ان کی روایت ہے۔ ان کی طرز زندگی ہے۔ ان کی اس طرز زندگی نے صدیوں سے ان کے افکار کو ایک سمت دی ہے ان کے نظریوں کی تشکیل کی اور ان کی ثقافت کے خدوخال متعین کئے ہیں۔

ہماری زراعت ہماری قومی آمدنی کا خاص ذریعہ ہے۔ قومی آمدنی کا لگ بھگ نصف حصہ ہمیں زراعت سے حاصل ہوتا ہے۔ ۱۹۶۹ء میں ہمیں ۱۲۰۰۰ کروڑ روپے زراعت سے حاصل ہوئے تھے۔

ہماری زراعت کا ایک برآمدی پہلو بھی ہے۔ پٹ سن، لاکھ، تلہن، چائے اور تمباکو جیسی زرعی اجناس ہم دوسرے ملکوں کو برآمد کرتے ہیں۔ اس سے ہمیں بدیسی سکہ حاصل ہوتا ہے۔ اس بدیسی سکے سے ہم ملک کی ترقیاتی ضرورتیں پوری کرتے ہیں۔ ہمارے کھیت ہمارے عوام کو خوراک اور ملک کے کروڑوں مویشیوں کو چارہ مہیا کرتے ہیں۔ یہی نہیں زراعت ہماری متعدد صنعتوں بشمول تجارت و نقل و حمل کی بنیاد بھی ہے۔ چینی اور کپڑے کے کارخانے کچا مال کھیتوں ہی سے حاصل کرتے ہیں۔ ریلیں اور سال ڈھونے والے دوسرے ذرائع زیادہ تر زراعتی پیداوار کی نقل و حمل میں ہی لگے ہوئے ہیں۔

ملکی معیشت میں ہماری زراعت کی حیثیت کلیدی ہے۔ اس لئے ترقیاتی منصوبوں کے آغاز ہی سے زراعت کی ترقی پر خاطر خواہ توجہ دی گئی ہے۔ یہ ملک کے کروڑوں عوام کو ملکی ذرائع سے خوراک مہیا کرنے اور ہندوستانی کسانوں کو ضرب المثل غربت کی دلدل سے نکالنے کے لئے از حد ضروری تھا۔ پہلے منصوبے کی نسبت تیسرے پنج سالہ منصوبے میں زراعت، بجلی و آبپاشی پر اڑھائی گنا رقم یعنی ۷۰۲۲ کروڑ روپے خرچ کئے گئے۔ نتیجہ خاطر خواہ نکلا۔ ۵۱-۱۹۵۰ میں اناج کی کل پیداوار ۵۵۰ لاکھ ٹن تھی، جو اضافے کے بعد تیسرے منصوبے کے اختتام پر ۸۹۰ لاکھ ٹن ہوگئی تھی۔ ۶۸-۱۹۶۷ء میں ملک میں ۹۵۵ لاکھ ٹن اناج پیدا ہوا تھا۔

ملک کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے سبب سے ہمارے کھیت ہماری بڑھتی ہوئی ضرورتوں کو پورا نہیں کر پاتے۔ ۱۹۶۷ء ہی کو لیجئے۔ پیداوار زیادہ ہونے کے باوجود ہمیں ۶۸ لاکھ ٹن اناج باہر سے منگانا پڑا تھا۔ ترقیاتی منصوبوں میں بدیسی سکے کی کمی کی وجہ سے پہلے ہی بڑی رکاوٹیں محسوس کی جا رہی ہیں اور اناج کی درآمد پر بڑی مقدار میں بدیسی سکے کے خرچ سے مشکلات اور بڑھ رہی ہیں اور پھر تیسرے منصوبے کے آخری برسوں میں ہمیں جو تجربات ہوئے اُن کے پیش نظر بھی زرعی پیداوار کو بڑھانا بے حد ضروری تھا۔ تیسرے منصوبے کے آخری برسوں کے تجربے نے معیشت کے استحکام کی ضرورت کو پوری طرح اُجاگر کر دیا تھا۔ معیشت میں پائے جانے والے عدم استحکام کی خاص وجوہ یہ تھیں کہ زرعی پیداوار میں اُتار چڑھاؤ اور اشیاء کی قیمتوں میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہوتا رہا تھا۔ اناج کی قلت سے پیدا شدہ صورت حال کے مقابلے کے لئے ضروری تھا۔

کہ زرعی اشیاء کا وافر ذخیرہ رکھا جائے اور موقع اور ضرورت کے مطابق اناج فراہم کرکے کمی کو دور کیا جائے۔ مزید یہ ذخیرہ زرعی اجناس کی قیمتوں کو قابو میں رکھنے کے لئے معاون ہو سکتا ہے۔ ایسے میں اناج کی پیداوار کو تیزی سے بڑھانا ملک میں ایک سبز انقلاب لانا اور بھی ناگزیر تھا۔ بہتر قسموں کے بیج فصلوں کی پیداوار میں انقلاب لا سکتے ہیں۔ اس امر کا مظاہرہ پہلی بار ہندوستان میں تیس چالیس برس پہلے ہوا تھا، جب سر ٹی ایس وینکٹ رامن نے گنے کی بہتر قسمیں اگا کر ہندوستان کی چینی کی صنعت کی کایا کلپ کر دی تھی۔ اور ادھر حالیہ برسوں میں جوار، باجرہ، مکئی، گندم اور چاول کے تیار کئے گئے بہتر پیوندی بیجوں نے ایک بار پھر اس امر کی تصدیق کر دی ہے اور اب یہ بات بڑے وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ ہندوستان میں زرعی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کرنے اور نتیجتاً اناج اور دوسری زرعی اشیاء میں خود کفیل بننے کے لئے ہمیں ماڈرن ٹیکنالوجی کی مدد سے زیادہ پیداوار دینے والی بیجوں کی بہتر قسموں ہی پر تکیہ کرنا ہوگا۔

کم پیداوار کی وجہ کم زرخیز زمین بتائی جاتی تھی۔ کیمیاوی کھادوں کے بھرپور استعمال سے اب زمین کو زیادہ زرخیز بنایا گیا اور بنایا جا رہا ہے۔ اب ہماری دھرتی سے ہلکے سبز یا زرد نہیں بلکہ گہری سبز رنگت والے پودے اُگتے ہیں۔ دانوں سے بھرپور ہرے بھرے گہرے سبز پودے ہی سبز انقلاب کا آئینہ ہیں۔

سبز انقلاب کا بنیادی و بڑا وسیلہ بہتر اور ترقی یافتہ قسموں کے بیج ہیں۔ اُن کی تیاری پر گزشتہ کچھ عرصے سے روز افزوں توجہ دی جا رہی ہے۔ ان کی تیاری ایسی قسموں کی سمجھ پرکھ پر مبنی ہے جو زیادہ کیمیاوی کھاد اور زیادہ سینچائی وغیرہ کی متحمل ہو سکیں۔ ہمارے ملک میں عام طور پر اس سے پیشتر گندم کے اونچے پودے دینے والی قسمیں بوئی جاتی تھیں۔ یہ کھاد کی زیادہ مقدار کو برداشت نہ کر پاتی تھیں لہٰذا گندم کی ایسی قسموں کی ضرورت محسوس کی گئی، جن کے پودے چھوٹے ہوں اور جو زیادہ کھاد و پانی ملنے پر گر نہ پڑیں۔

زراعتی تحقیق کی بھارتی کونسل نے میکسیکن گندم کی بونی قسموں کی آزمائش و تجربے کے بعد ۱۹۶۵ء میں لیرما روجو ۶۴۔اے اور سونارا ۶۴ کو بڑے پیمانے پر بونے کی سفارش کی۔ سینچائی والے علاقوں میں یہ قسمیں مفید ثابت ہوئیں اور گندم کی کھیتی میں انقلابی ترقی کا پیش خیمہ بنیں۔ لیرما روجو ۶۴ اے سے ۴ سے ۵ ٹن فی ہیکٹر اور سونارا ۶۴ سے ۶ ٹن فی ہیکٹر تک پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے۔

۱۹۶۷ء میں زیادہ پیداوار دینے والے بیجوں کی بعض دوسری قسمیں چھوٹی لیرما، سفید لیرما اور پی وی ۱۸ کاشتکاروں کو عام کاشت کے لئے دی گئیں۔ ان سے زیادہ پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ یہی نہیں اُن کے پودے بیماریوں کا مقابلہ بہتر ڈھنگ سے کر سکتے ہیں۔ ان سے سرخ یا سفید دانے حاصل ہوتے ہیں جو نرم اور نیم سخت ہوتے ہیں۔

گندم کی اِن بہتر قسموں کی جگہ پر اب ہلکے نارنجی رنگ کے سخت دانے دینے والی بونی قسمیں کلیان، سونارا، سونالیکا اور شربتی سونارا اگائی جائیں گی۔ ان کی بدولت سال میں چار فصلیں تک حاصل کی جا سکتی ہیں۔ اناج میں خود کفالت کی طرف فی الواقع یہ ایک بڑی چھلانگ ہے۔

ہندوستانیوں کی دوسری خاص خوراک چاول ہے۔ اناج کی پیداوار کو بڑھانے کے سلسلے میں ضروری تھا کہ چاول کی پیداوار میں اضافہ کیا جائے۔ ملک میں چاول کی جو بہتر قسمیں اس سے پیشتر بوئی جا رہی تھیں وہ ۶۰ کیلوگرام فی ہیکٹر سے زیادہ نائٹروجن کھاد برداشت نہ کر پاتی تھیں۔ بھارت نے گندم کی طرح چاول کی بہتر قسمیں بھی بدیس سے ہی حاصل کیں اور ان کے ذریعے اپنی کوششوں سے مزید بہتر قسمیں تیار کیں۔

چاول کی بدیسی قسمیں تائیوان سے حاصل کی گئی قسم تائی چنگ نیٹو ۱ اور چاول کی تحقیق سے متعلق بین الاقوامی مرکز واقع فلپائن سے حاصل کی گئی قسم آئی آر ۸ تھی۔ گہرے ہرے رنگ کے پتوں والی، موسم سے بے نیاز یہ بونی قسمیں بہت مفید پائی گئیں۔ تائی وان سے حاصل کی گئی چاول کی بعض دوسری قسمیں تائی چنگ ۶۵، تائی نن ۳، کاوشی انگ ۲۲، کاوشی انگ ۶۸، چائے نن ۲ اور چائے ننگ ۲۴۲ ملک کے مختلف حصوں میں زیادہ پیداوار کا باعث بنی ہیں۔ موسم سے متاثر نہ ہونے اور متوسط اونچائی کے پودے دینے والی اِن قسموں سے پانچ سے سات ٹن فی ہیکٹر پیداوار حاصل ہوتی ہے۔ ان میں سے بعض قسمیں بعض بعض ریاستوں میں خاص طور پر مقبول ہیں۔ مثلاً تائی نن ۳ کیرالہ میں تائی چنگ ۶۵ میسور میں اور چائے نن ۲ آندھرا پردیش میں۔

ادھر ملک میں چاول کی دو مزید بہتر قسمیں جے اور پدما تائی چنگ نیٹو ۱ اور ہندوستانی چاول کی اڑیسہ قسم ٹی ۱۴۱ کی پیوند کاریوں سے تیار کی گئی ہیں۔ آئی آر ۸ کے مقابلے میں جے دس بارہ فی صد زائد پیداوار دیتی ہے۔ تائی چنگ نیٹو ۱ سے پدما کی پیداوار کسی قدر کم ہے، لیکن یہ موسم گرما میں مغربی بنگال بہار اور آسام میں لگانے کے لئے مفید ہے۔ جنوبی ہند میں یہ ربیع کی کاشت کے لئے بہت مناسب ہے۔ یہ نئی قسمیں اس اعتبار سے بھی بہتر ہیں کہ یہ

صارفین کو زیادہ قابلِ قبول ہیں۔

چاول کی نئی و بہتر قسموں کی تیاری کے ضمن میں بعض ریاستوں مثلاً آندھرا پردیش، کیرالہ اور مدراس کے زراعت کے محکموں اور زراعتی یونی ورسٹیوں نے قابلِ ذکر پیش قدمی کی ہے۔ یہ قسمیں نبلو، اے ڈی ٹی ۲۷ اور اے ڈی ٹی ۲۸ ہیں۔ ان کی کاشت ان ریاستوں میں مفید مطلب ثابت ہوئی ہے۔

سبز انقلاب کے پہلے آثار جس فصل میں نمایاں ہوئے وہ مکئی کی تھی۔ پیوندی مکئی کی تیاری کے لئے اولین کوشش ۱۹۵۷ء میں بروئے کار لائی گئی۔ کوشش پھل لائی۔ ۱۹۶۱ء میں تین قسموں کے پیوندی بیج جاری کئے گئے۔ ان سے ۴ سے ۶ ٹن فی ہیکٹر پیداوار حاصل ہوئی۔ بعد میں ملک میں مزید بہتر پیوندی بیج تیار کئے گئے جن سے ساڑھے چار سے ساڑھے چھ ٹن فی ہیکٹر پیداوار حاصل ہوئی۔ یہ پیوندی قسمیں ہیں گنگا ۱۰۱، رنجیت، دکن، گنگا سفید ۲۰۱، ہی شارچ گنگا ۳، ہمالین ۱۲۳، گنگا ۵۔

ملک کے مختلف حصوں کی مخصوص ضرورتوں کے پیشِ نظر تیار کی گئی ان پیوندی قسموں کی ایک خاص بات یہ ہے کہ یہ پودوں اور دانوں کو لگنے والی بیماریوں کا بخوبی مقابلہ کر سکتی ہیں۔

حالیہ برسوں میں مکئی کی کاشت کے ضمن میں ایک پیش قدمی اور ہوئی ہے۔ ملک میں مزید بہتر قسموں کے بیج تیار کئے گئے ہیں۔ یہ قسمیں مرکب قسمیں کہلاتی ہیں۔ یہ پیوندی قسموں جتنی پیداوار دیتی ہیں۔ ان کے پودے بیماری کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ ان کی خوبی یہ ہے کہ ان قسموں کے بیج کسان خود آپ تیار کر سکتے ہیں۔ یہ قسمیں ہیں جواہر، امبر، وجے، سونا، وکرم اور کسان۔ امید ہے کہ ۱۹۷۰ء یا ۱۹۷۱ء میں مکئی کی کاشت کے بیشتر علاقوں کو ترقی یافتہ قسموں کے بیج مہیا کئے جا سکیں گے۔

ملک کی ایک اور اہم فصل جوار ہے۔ جوار کی پیداوار بڑھانے کے سلسلے میں مفید کوششوں کو کام میں لایا گیا۔ ۱۹۶۴ء میں سی ایس ایچ ۱ اور ۱۹۶۵ء میں سی ایس ایچ ۲ قسموں کے بہتر بیج جاری کئے گئے تھے۔ سی ایس ایچ ۱ سے سینچائی والے علاقوں میں ۵ ٹن فی ہیکٹر اور بارش والے علاقوں میں دو سے اڑھائی ٹن فی ہیکٹر پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے۔

ان قسموں سے ہلکے کریمی رنگ کے موتیوں جیسے دانے حاصل ہوتے ہیں۔ یہ خوش ذائقہ اور زیادہ غذائیت والے ہوتے ہیں۔

جوار کی ایک بہتر قسم سورن ۱۹۶۸ء میں جاری کی گئی تھی۔ یہ پیداوار تو سی ایس ایچ ۱ جتنی دیتی ہے لیکن اس کی ایک بڑی خوبی یہ ہے کہ کسان اس کے بیج خود تیار کر سکتے ہیں۔

اناج کی پیداوار بڑھانے کے سلسلے میں باجرے کی فصل پر بھی خاص توجہ صرف کی گئی۔ چار بہتر قسموں کے پیوندی بیج ایچ بی ۱، ایچ بی ۲، ایچ بی ۳ اور ایچ بی ۴ کسانوں کو دیئے گئے۔ یہ بہتر پیوندی بیج ملک کے مختلف حصوں کی ضرورت کے عین مطابق ہیں۔ ان سے ۵ ٹن فی ہیکٹر تک پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے۔

باجرے کے مزید بہتر بیجوں کی تیاری کے تجربے جاری ہیں۔ امید ہے کہ ان سے فی ہیکٹر پیداوار میں مزید اضافہ ہوگا۔

پیداوار بڑھانے کے سلسلے میں پہلی اور بنیادی ضرورت زیادہ پیداوار دینے والے بیجوں کی وافر فراہمی کی ہے۔ اس ضمن میں بیجوں سے متعلق قومی کارپوریشن، مرکزی و ریاستی حکومتوں کے فارم، زراعتی یونی ورسٹیاں اور بیج تیار کرنے کے بعض نجی ادارے جدید بنیادوں پر بیج پیدا کر رہے ہیں۔ سورت گڑھ، جیتر اور اڑیسہ کے مرکزی فارم پہلے ہی سے بڑی مقدار میں ایسے بیج تیار کر رہے ہیں۔ بہتر بیجوں کی تیاری کے کام کو بڑھاوا دینے کے لئے پنجاب، ہریانہ اور دوسری ریاستوں میں زیادہ پیداوار دینے والے بیج تیار کرنے کے مزید مراکز کے قیام کی تجویزیں بھی زیرِ غور ہیں۔

زیادہ مقدار میں ایسے بیجوں کی فراہمی کا پہلا تقاضا ہے کہ یہ بیج زیادہ رقبے میں بوئے جائیں۔ اس ضمن میں بار آور کوششوں سے کام لیا گیا ہے۔ مثلاً ۶۸-۱۹۶۷ء کے دوران ۶۰ لاکھ ۴۰ ہزار ہیکٹر زمین میں یہ بیج بوئے گئے تھے۔ ۶۹-۱۹۶۸ء کے لئے ۸۵ لاکھ ہیکٹر اراضی میں ایسے بیج بونے کا نشانہ رکھا گیا تھا۔ اس ضمن میں آخری اعداد و شمار ابھی موصول نہیں ہوئے۔ لیکن امید ہے کہ یہ نشانہ مکمل کر لیا گیا ہوگا اور اسی امر کے پیشِ نظر اب ۷۰-۱۹۶۹ء میں ایک کروڑ بانوے ہزار ہیکٹر اراضی میں ایسے بیج بونے کا نشانہ رکھا گیا ہے۔

زیادہ اراضی میں زیادہ پیداوار دینے والے بہتر بیج بونے کا سیدھا مطلب زیادہ کیمیاوی کھادوں کی فراہمی اور سینچائی کی مناسب سہولتوں کا انتظام ہے۔

کیمیاوی کھادوں کے ضمن میں ہم جانتے ہیں کہ ملک کے کیمیاوی کھاد تیار کرنے والے کارخانے بتدریج زیادہ مقدار میں کھاد تیار کر رہے ہیں۔ پچھلے چھ برسوں میں ہماری کیمیاوی کھاد کی پیداوار میں تین گنا اضافہ ہوا ہے لیکن ۶۵-۱۹۶۴ء کے مقابلے میں کیمیاوی کھاد کی کھپت ۲۰۰ فی صد بڑھی ہے۔ ایسے

میں ظاہر ہے کہ ہمارے کسانوں کی کیمیاوی کھاد کی ضرورتیں ملکی ذرائع سے پوری نہیں ہو پاتیں اور نتیجتاً ہمیں ایسی کھادیں ایک بڑی مقدار میں دوسرے ملکوں سے منگانا پڑتی ہیں تاہم ۶۹-۱۹۶۸ء کے دوران ۱۵ لاکھ ٹن کیمیاوی کھاد کے استعمال کا نشانہ رکھا گیا تھا۔

زیادہ فصل دینے والے بیج جہاں زیادہ کیمیاوی کھاد کے متقضی ہوتے ہیں، وہاں مناسب مقدار میں سینچائی بھی چاہتے ہیں۔ بھارت پر دو سو سالہ غیر ملکی حکومت کے دوران کل ایک کروڑ تیس لاکھ ہیکڑ اراضی میں سینچائی کا انتظام کیا گیا جب کہ آزادی کے بعد ۱۵ برس کے معمولی عرصے میں ۷۰ لاکھ ہیکڑ زمین میں سینچائی کے انتظامات کیے گئے۔ ۷۱-۱۹۶۶ء کے لئے سینچائی کے بڑے اور درمیانہ پروجیکٹوں سے مزید ۲۶ لاکھ ہیکڑ اور چھوٹے ذرائع سے ۶۹ لاکھ ہیکڑ اراضی کی سینچائی کا نشانہ رکھا گیا تھا۔ سینچائی کے سالانہ نشانوں کے حصول میں بڑی حد تک کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ۶۹-۱۹۶۸ء کے دوران مزید ۱۴ لاکھ ۵۰ ہزار ہیکڑ میں سینچائی کا نشانہ تھا۔ ۷۰-۱۹۶۹ء کے لئے مزید ۱۲ لاکھ ۵۰ ہزار ہیکڑ اراضی کے لئے سینچائی کے انتظامات کا نشانہ رکھا گیا ہے۔

ملک میں صحیح معنوں میں سبز انقلاب لانے — پیداوار میں قابل لحاظ اضافہ کرنے کے لئے زیادہ کیمیاوی کھادوں اور سینچائی کے انتظامات کے ساتھ ساتھ فصلوں کے تحفظ یعنی پودوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے کیڑے مار دواؤں اور ان دواؤں کو چھڑکنے کے لئے مشینوں کی تیاری اور فراہمی ضروری ہے۔ اس سلسلے میں خاطر خواہ توجہ دی جا رہی ہے۔ ۶۹-۱۹۶۸ء کے دوران ۵ کروڑ ۴۰ لاکھ ہیکڑ اراضی پر کیڑے مار دواؤں کے ذریعے، پودوں کو محفوظ کیا گیا۔ نیز ۷۰-۱۹۶۹ء کے لئے ۷ کروڑ ۶۰ لاکھ ہیکڑ اراضی پر پودوں کو محفوظ کرنے کا نشانہ رکھا گیا ہے۔

زمین کو پانی اور ہوا سے ہونے والے کٹاؤ سے محفوظ کرنے، ناکارہ زمینوں کو کھیتی کے قابل بنانے اور اصلاحات اراضی کی کوششیں بھی اس سلسلے کی کڑیاں ہیں۔

زراعتی ترقیوں نے ہمارے کاشتکاروں میں بیداری کی ایک نئی لہر پیدا کر دی ہے۔ وہ کھیتی کے جدید طریقوں کی اہمیت و قدر کو بخوبی سمجھ گئے ہیں اور اس بات کی مظہر ملک کے کسانوں کی، ٹریکٹروں اور دوسرے جدید سازوسامان کے لئے بڑھتی ہوئی مانگ ہے ۶۹-۱۹۶۸ء میں ٹریکٹروں کی اندازاً مانگ ۳۰۰۰۰ تھی جبکہ ملک میں ۳۰۰۰۰ کی نصب شدہ صلاحیت کے باوجود کل ۱۸ ہزار ٹریکٹر ہی تیار ہو پائے۔ یہاں اس امر کا ذکر بھی دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ۶۲-۱۹۶۱ء میں کل ۸۰۰ ٹریکٹر تیار ہوئے تھے کھیتی کے جدید ساز و سامان کی بڑھتی ہوئی ضرورت اور مانگ کے پیش نظر ان کی تیاری پر ادھر زیادہ توجہ دی جا رہی ہے۔

پیداوار بڑھانے کے لئے زیادہ کیمیاوی کھادوں کی تیاری، سینچائی کے مناسب انتظام، کیڑے مار دواؤں کی فراہمی، زمین کو کٹاؤ سے محفوظ کرنے اور ناکارہ زمینوں کو کھیتی کے قابل بنانے کی ضرورت ناگزیر ہے۔ لیکن یہ سب چیزیں مل جل کر بھی ہمارے مسئلے کو خاطر خواہ طور پر حل نہیں کر سکتیں۔ ان سب عناصر سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لئے کھیتی کے بہتر طریقوں کو اپنانا ضروری ہے۔ کھیتی کے بہتر طریقوں میں کاشت کے بہتر طریقے اور کاشت کے بہتر وسیلے شامل ہیں۔ بہتر وسیلوں، کیمیاوی کھادوں، سینچائی کے مناسب انتظامات، کیڑے مار دواؤں کی فراہمی اور کھیتی کے جدید اوزاروں وغیرہ کا ذکر ضمناً اوپر آچکا ہے۔ کاشت کے بہتر طریقے ایک ہی قطعۂ اراضی سے، سال میں متعدد فصلیں اگانے پر مشتمل ہیں اور متعدد فصلیں اگانے کی انتہائی خوشگوار صورت رلے کراپنگ یعنی کوئی دھیانی وقفہ ڈالے بغیر ایک ہی قطعۂ اراضی میں ایک کے بعد دوسری فصل اگانا ہے۔ رلے کراپنگ کے ذریعے ایک کھیت سے ایک سال میں چار فصلیں تک حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یہاں رلے کراپنگ کا اجمالی ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔

رلے کراپنگ کا عمل آخری اپریل میں مونگ کی بجائی کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔ مونگ موسم گرما کی فصل کے طریقے پر بوئی جاتی ہے۔ یہ فصل آخر جون تک پک کر تیار ہو جاتی ہے۔ پھر مکئی بوئی جاتی ہے۔ تیسری فصل تو ریا یا آلو کی ہو سکتی ہے جو دسمبر کے آخر میں تیار ہوتی ہے، جو ستمبر کے اختتام پر بوئی جاتی ہے اور چوتھی فصل گندم کی تاخیر سے بوئی جا سکنے والی قسم (شربتی سونارا) ہو سکتی ہے۔ گندم کی یہ فصل وسط اپریل میں تیار ہو جائے گی۔

ملک اور کسانوں کو رلے کراپنگ سے کتنا فائدہ پہنچ سکتا ہے اس کا اندازہ ذیل کے گوشوارے سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔

فصل	لاگت	کل آمدنی	خالص آمدنی
	روپے	روپے	روپے
مونگ	۴۸۱	۲۱۲۵	۱۶۴۴
مکئی	۹۰۹	۴۱۳۰	۳۲۲۱
تورپا	۵۴۴	۱۷۲۰	۱۱۷۶
گندم	۱۲۸۱	۵۴۲۵	۴۱۴۴

توریا کے بجائے آلو اگانے کی صورت میں لاگت ۱۶۵۲ روپے آتی ہے۔ کل آمدنی ۴۱۲۰ روپے اور خالص آمدنی ۲۴۶۸ روپے ہوتی ہے گویا کسان آلو کی فصل بو کر ایک ہزار سے زیادہ روپیہ مزید کما سکتا ہے۔ لاگت میں جہاں کھاد، بیج وغیرہ کی قیمت شامل ہے، وہاں بیجائی، گوڈائی، چھانٹی، وغیرہ جیسے کاموں کے لئے مزدوروں کی اجرت، سینچائی کا خرچ اور زمین کا کرایہ وغیرہ شامل ہیں۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ ہمارے کسان کی اصل لاگت اوپر درج لاگتی رقموں سے کہیں کم بیٹھتی ہے۔ اس لئے کہ اُسے نہ تو زمین کا کرایہ ادا کرنا ہوتا ہے نہ کھیتی کے کاموں کے لئے اُجرت دینی ہوتی ہے۔ اس لئے کہ اس کے اپنے ہی کنبے کے لوگ کھیت پر کام کرتے ہیں۔ اس طرح فی الواقع اُسے اوپر درج چاروں فصلیں اگانے پر، لگ بھگ گیارہ سو روپے گرہ سے صرف کرنے پڑیں گے جبکہ اس کی اصل آمدنی دس ہزار روپے سے کچھ زیادہ بیٹھتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ دو ہیکڑ زمین رکھنے والا کسان پیشتر قدمی سے کام لیتے ہوئے ۲۰ ہزار روپے سالانہ پیدا کر سکتا ہے۔

ظاہر ہے اس سے کسانوں کی مالی حالت بہتر ہوگی۔ قومی آمدنی میں اضافہ ہوگا اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ملک کو زیادہ اناج حاصل ہوگا۔ کھیتی کے دوسرے طریقوں کی نسبت، ریلے کراپنگ کے ذریعے ایک ہیکڑ سے دوگنی یعنی ۲ ٹن پیداوار حاصل کی جا سکتی ہے اور چونکہ ادھر بہتر بیجوں اور کھیتی کے بہتر طریقوں کی اہمیت کو بخوبی محسوس کر لیا گیا ہے اس لئے ان کی طرف زیادہ توجہ دی جا رہی ہے۔

بہتر بیجوں اور کھیتی کے بہتر طریقوں کا ایک بڑا فائدہ اور بھی ہے۔ ان کے ذریعے حاصل ہونے والی پیداوار میں غذائیت زیادہ ہوتی ہے۔ اب ملک میں چاول اور گندم کی جو فصلیں اگائی جا رہی ہیں، اُن میں پروٹین کی مقدار ۱۴ فی صد زیادہ ہوتی ہے جب کہ اس سے پیشتر ان میں موجود پروٹین کی مقدار ۷ سے ۸ فی صد ہوا کرتی تھی۔ اس معاملے میں ہم جاپان کو لگ بھگ جا پہنچے ہیں۔ جاپانی چاولوں میں پروٹین کی مقدار ۳ و ۱۶ فی صد ہوتی ہے۔ ریلے کراپنگ کے ذریعے حاصل ہونے والی مونگ کی فصل میں پروٹین کی مقدار ۲۴ فی صد ہوتی ہے۔

ان سب کوششوں کا لازمی نتیجہ زیادہ پیداوار کی صورت میں ہمارے سامنے آئے گا۔ لیکن زیادہ پیداوار ہی ہمارے مسئلے کا حل نہیں۔ ایک سنجیدہ مسئلہ اس پیداوار کو ضائع جانے سے بچانے اور محفوظ کرنے کا ہے۔ ممکن ہے یہ امر باعث حیرت ہو، لیکن یہ واقعہ ہے کہ اگر ہم اپنی پیداوار کو کیڑے مکوڑوں اور چوہوں وغیرہ سے محفوظ کر لیں تو اناج کی درآمد ہم آج بند کر سکتے ہیں۔ چوہوں ہی کی مثال لیجئے۔ ایک رپورٹ کے مطابق ۱۵ چوہے سال بھر میں آدھا ٹن اناج کھا لیتے ہیں۔ بات یہیں ختم نہیں ہوتی جو اس سے کہیں زیادہ ضائع کرتے ہیں۔ یہاں یہ امر بھی توجہ طلب ہے کہ چوہوں کی تعداد ملکی آبادی سے کہیں زیادہ ہے۔ اگر انسان ایک ہے تو چوہے پانچ اور اگر ایک بچہ پیدا ہوتا ہے تو چوہے تیس پیدا ہوتے ہیں۔ لہٰذا یہ مسئلہ سنجیدہ ہے۔ اِدھر اس کے حل کی خاطر خواہ تدبیریں کی جا رہی ہیں۔ اناج کو محفوظ کرنے کے ساتھ ساتھ اناج کو بہتر ڈھنگ سے ذخیرہ کرنے پر بھی خاص توجہ کی جا رہی ہے۔



سبز انقلاب اور ان سب کوششوں کا ایک ہی مرکز و محور ہے۔ اور وہ ہے اناج میں ملک کی خود کفالت۔ اس ضمن میں زراعتی تحقیق کی بھارتی کونسل زراعتی تحقیق کی بھارتی انسٹی ٹیوٹ جیسے قومی اداروں، ملک کی مختلف زراعتی یونی ورسٹیوں، مختلف ریاستوں کے زراعت سے متعلق محکموں اور راک فیلر فاؤنڈیشن جیسے غیر ملکی اداروں کی معاونت سے بڑی مفید خدمت انجام دے رہی ہے۔

آج کھیت کھلیانوں کی حد میں علم و تحقیق کے مرکزوں سے ملی ہوئی ہیں اور اس کا نتیجہ ہے کہ ملک میں اناج کی پیداوار برابر بڑھ رہی ہے۔ حالات بڑے امید افزا ہیں اور ایسے میں ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ ہم ان کوششوں اور سبز انقلاب کی بدولت اناج میں خود کفالت کی دہلیز پر آ کھڑے ہوئے ہیں۔

زیب غوری

ظلمتوں کے شہر میں کچھ روشنی کیونکر ملے
آج شاید راستے میں کوئی پیغمبر ملے

لطف کیا مجھ کو مری خانہ خرابی دے گئی
کوچہ کوچہ کیسے کیسے دوستوں کے گھر ملے

جو صنم نکلا خداؤں کی طرح پوجا گیا
پتھروں کی اوٹ میں کیا کیا پری پیکر ملے

دور تک جن راستوں پر منتظر بیٹھے تھے لوگ
لوٹ کر بادِ صبا آئی تو کچھ پتھر ملے

ارتقا کی کھوج میں پلٹی زمیں کی جب تہیں
کچھ لہو کے داغ، کچھ ٹوٹے ہوئے خنجر ملے

زیبؔ تیرے فن کی ہوگی قدر لیکن صبر کر
پہلے مٹی میں تو میرے دوست یہ جوہر ملے

غزلیں

بہت آئے سخن ہم جیسے کم ہی دیدہ ور آئے
ہماری طرح جو اُن کے لبِ دوزخ تک گزر آئے

فریبِ جستجو ہے یہ کہ ہے تکمیلِ نظارہ
نگاہِ شوق جس جانب اُٹھی تم ہی نظر آئے

انہیں تاریکیوں میں آؤ ہم ڈھونڈیں کرن کوئی
یہ کب تک انتظارِ آخرِ کوشب گزرے سحر آئے

نظر آیا نہ شامِ بیکسی پر سانِ غم کوئی
اُجالا پھیلتے ہی کس قدر سائے اُبھر آئے

سمیٹے ہی رہے کانٹوں کے ڈر سے لوگ دامن کو
صبا کی طرح ہم تو وادیٔ گل سے گزر آئے

نہ جانے کس قدر راہوں کے پیچ و خم سے گزرے ہیں
کہیں پھر جا کے راہی ہم کو آدابِ سفر آئے

رحمٰن راہی

تبسم سحر

قسمت میں اپنی ہے غم و آلام دیکھنا
کیا کیا ملے ہیں ہم کو بھی انعام دیکھنا

اہلِ زمانہ بعد مرے مجھ کو ہے یقیں!
روئیں گے برسوں لے کے مرا نام دیکھنا

ہمدردی جرم اور وفا بھی گناہ ہے
یہ رسم ہو نہ جائے کہیں عام دیکھنا

اپنی تباہیوں کا مجھے غم نہیں مگر
تم پر بھی آئے گا کوئی الزام دیکھنا

دولت کو دیکھنا ہے نہ ہے نام دیکھنا
اہلِ نظر کا کام ہے بس کام دیکھنا

کچھ دیر کے لیے جو یہیں ہوش آگیا
دیکھیں گے تجھ کو گردشِ ایام دیکھنا

گزرو کبھی ادھر سے تو اے رہروانِ شوق
ہر برگ ہر ثمر پہ مرا نام دیکھنا

یہ راہبر یہ ناصح مشفق یہ فخرِ قوم
ہیں آج کون کون تہہ دام دیکھنا

رئیس مینائی بنگلوری

اے لوگو چلو بھاگو کہ آشوب بلا ہے
سورج بھی سوا نیزے پہ اب آکے کھڑا ہے

لذت کا اک خونخوار لپکتا ہوا چیتا
وہ بھی تو اسی جسم کے جنگل میں چھپا ہے

ہم خود بھی تو زندانیٔ حالات بنے ہیں
اس دور میں جینے کی یہی سب کو سزا ہے

کچھ دیر اسی جسم کے محبس ہی میں رہیے
باہر کوئی ہمزاد تعاقب میں کھڑا ہے

تہذیب کے ہاتھوں کا ستایا ہوا انساں
آوازوں کے جنگل میں بھٹکتا ہی رہا ہے

اعجاز فاطمہ

زیست:
اک ترنم ہے چاندنی ہے، ہستی ہے۔
اک خوشگوار مہک
ایک تابناک کرن
زیست:
اک تبسم کبھی، سرخوشی کبھی نکہت کبھی
آرزو کا سرچشمہ
عشرتوں کا گہوارہ
راحتوں کی محفل کا دلنشیں سویرا بھی۔
زیست
اک اُجالا ہے۔
اور اُجالے کے سائے میں
تم ہو، ہم ہیں
اور ہم سے ہمارے بچے ہیں
دل کی راحت، نظر کا حسنِ قرار
دو ہی کافی ہیں خوش نما بچے
تین ہو جائیں تو گوارا ہیں
اس سے زیادہ اگر ہوں پارۂ دل
تو سمجھتے ہیں آپ کیا ہوگا
زیست بن جائے گی عظیم کھنڈر
پھیل جائیں گے موت کے سائے۔

شہرِ زیست

عبدالمغنی

جدید اُردو شاعری
میری نظر میں
(۲)

اِن دنوں اس عنوان پر بحث و گفت و گو کا بازار گرم ہے، مختلف حلقوں کی طرف سے متضاد باتیں کی جا رہی ہیں، کوئی جدید اُردو شاعری کی مذمت میں منہ سے جھاگ اُڑا رہا ہے تو کوئی اس کی مدح خوانی میں زمین و آسمان کے قلابے ملا رہا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس انتہا پسندی کا ایک بڑا سبب خود موضوع کا ابہام ہے، مختلف لوگ اپنے اپنے طور پر اس کا مختلف مفہوم فرض کر کے اسی مفہوم کے سخت موافقانہ یا مخالفانہ اظہارِ خیال کر رہے ہیں۔ تنقید میں یہ بات عجیب بھی ہے، افسوسناک بھی، اور خطرناک بھی۔ ایک موضوع پر موقف اور نقطۂ نظر کا تضاد و اختلاف دو یا زیادہ اصحابِ رائے کے درمیان ہو سکتا ہے، مگر موضوع کا مفہوم تو اختلاف رائے کرنے والوں کے درمیان واضح اور متعین ہونا چاہئے تاکہ بحث و گفت و گو کے نتیجے میں بالآخر کچھ مشترک پہلو اور ایک قسم کا اجتماع بروئے کار آسکے، جو علمی تنقید کا واحد جواز اور مقصود ہے۔ اس لئے زیرِ نظر موضوع پر تنقیدی مباحثے کے لئے سب سے پہلی ضرورت یہ ہے کہ جدید اُردو شاعری کا ایک واضح مفہوم متعین کرنے کی کوشش کی جائے۔ میرا خیال ہے کہ اس توضیح و تعیّن کے بعد باہمی اختلاف کے بہت سے ناگوار پہلو غائب ہو جائیں گے اور اتفاق یا کم از کم مفاہمت کے بہتیرے نقطے ابھر آئیں گے۔

بات یہ ہے کہ اس وقت بعض جدید شاعروں، ناقدوں، اور مدیروں نے اپنی بے دانشی سے جدید اُردو شاعری کو خواہ مخواہ ایک اصطلاح اور تحریک یا فلسفہ و رجحان بنا دیا ہے! اور اس طرح ایک سیدھی سادی چیز کو مابہ النزاع مسئلہ بنا دیا ہے۔ دوسری طرف جو لوگ اُن کے مخالف ہیں وہ جب جدید اُردو شاعری پر گفت و گو کرتے ہیں تو اسی تصور کو سامنے رکھ کر، جو اِن جدید شاعروں، ناقدوں اور مدیروں نے بنا دیا ہے۔ اس طرح ہماری ادبی تنقید میں ایک ایسی لڑائی چھڑی ہوئی ہے جس میں دونوں فریق ایک دوسرے کے سایوں سے دست و گریباں ہیں۔ آخر یہ جدید اُردو شاعری کوئی ایسی انوکھی چیز ہے جو تاریخِ ادب میں پہلی بار ابھری ہے؟ کیا جدید و قدیم کا یہ تماشا ہر دور میں ابھرا نہیں ہے؟ صاف بات یہ ہے کہ تاریخ کا دھارا اس طرح چلتا ہے کہ ہر چند سال کے وقفے پر ایک انداز فرسودہ سا ہونے لگتا ہے تو اس کی جگہ دوسرا تازہ انداز سامنے آجاتا ہے۔ ابتداً دونوں کے درمیان ایک عبوری کشمکش سی ہوتی ہے۔ اس کے بعد جب تازہ انداز مستحکم ہو جاتا ہے اور اس پر چند سال گزر جاتے ہیں تو پھر اپنی باری پر وہ بھی فرسودہ ہونے لگتا ہے اور ایک نیا انداز اس کے ساتھ بھی وہی کچھ کرتا ہے جو وہ اپنے سے پہلے کے پرانے انداز کے ساتھ کر چکا ہوتا ہے۔ اسی انداز سے ماضی، حال، اور مستقبل کی تقویم چلی جا رہی ہے لیکن اس کا مطلب کبھی بھی یہ نہیں ہوتا ہے کہ پرانا بالکل ختم ہو کر ناپید اور بے مصرف ہو جاتا ہے اور ہر وقت صرف نیا ہی نیا زندگی میں نظر آتا ہے۔ اگر ایسا ہو تو ارتقاء اور روایت اور تاریخ اور اجتماعیت بلکہ انسانی معاشرت اور تہذیب و تمدن کے سارے تصورات ہی ختم ہو جائیں اور تاریخِ انسانی کا تسلسل اس طرح ٹوٹ جائے کہ ارتقائے حیات کی صرف ایک کڑی نہیں بلکہ ساری کڑیاں بجز لمحۂ حاضر کے گم ہو جائیں اور ہر لمحہ گم ہوتی رہیں یہاں تک کہ جنت تو اولادِ آدم کے لئے گم شدہ ہوئی ہی ہے اب دنیا بھی گم شدہ ہو جائے۔ اس لئے گزشتہ کے

ساتھ پیوستہ ہی ہو کر اور رہ کر موجودہ اور اس سے وابستہ و پیوستہ آئندہ بروئے کار آتا ہے۔ لہٰذا جدید قدیم کے درمیان کوئی تضاد نہیں اور ان کے سلسلے میں جھگڑا بالکل فضول ہے۔ دونوں ایک ہی سکّے کے دو رُخ اور ایک ہی خاندان کے دو رکن ہیں۔ باپ بیٹے کے درمیان جانشینی کی روایت بالکل فطری طور پر چلتی ہے۔

زمانہ ایک، حیات ایک، کائنات بھی ایک
دلیل کم نظری قصۂ، قدیم و جدید

اس طرح جدید اُردو شاعری بس موجودہ شاعری ہے جو بہت جلد گزشتہ ہو جائے گی۔ تو کیا ضرور ہے کہ اس موجودہ شاعری کے خلاف جنگ کی جائے۔ اور یہ جنگ کیا اس لئے کی جائے کہ یہ شاعری موجودہ کیوں ہے؟ گزشتہ یا آئندہ کیوں نہیں۔ اس لئے جدید اُردو شاعری کی مخالفت محض اس کے جدید ہونے کے سبب ناقابلِ فہم ہے لیکن جدید و قدیم کی زمانی بحث سے الگ، موجودہ شاعری پر اسی طرح تنقید کی جا سکتی ہے جس طرح گزشتہ پر کی جاتی رہی ہے اور آئندہ پر کی جائے گی۔ یعنی بحث و گفت و گو جدت و قدامت کی بنیاد پر نہیں بلکہ عام ادبی اقدار و اوصاف کی بنیاد پر کی جائے اور جو بھی فیصلہ ہو وہ اصولی معیار پر ہو، نہ کہ شخصی اور گروہی معیار پر۔ اس منطقی اور یکساں موقف سے جب جدید اُردو شاعری پر نگاہ ڈالی جائے گی تو معلوم ہوگا کہ اس وقت ہماری شاعری کے بعض اُن حلقوں میں جو جدید ہونے کے تنہا دعویدار ہیں، حالانکہ اسی دورِ حاضر میں شاعری کے دوسرے حلقے بھی موجود ہیں۔ ایک خاص قسم کی جدیدیت کا ڈھنڈورا پیٹا جا رہا ہے اور ان حلقوں کی طرف سے جو سرگرمیاں دکھائی جا رہی ہیں وہ کسی تجدید کی بجائے محض تجدد کا سامان کر رہی ہیں۔ جدید ہونے میں تو کوئی مضائقہ نہیں مگر جدید بننا بڑی ہی مضحکہ خیز حرکت ہے، جدت ایک فطری چیز ہے، لیکن جدیدیت ایک ڈھونگ ہے تازگی اور تصنع میں بڑا فرق ہے۔ لمحۂ حاضر میں سانس لینے والا ہر شخص جدید ہے۔ اسے اپنے آپ کو جدید کہلانے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ جدید ہونے کے لئے اس بات کی ضرورت ہے کہ لمحۂ حاضر میں سانس لینے والے دوسرے لوگوں کو غیر جدید کہا جائے اور جدید ہونے کے جملہ حقوق صرف اپنے لئے محفوظ کر لئے جائیں۔ جو لوگ اس طرح کی ٹھیکیداری کرتے ہیں وہ یقیناً جدیدیت کا کوئی غیر معمولی فلسفیانہ تصوّر وضع کرنا چاہتے ہیں۔

اس لئے دیکھنا چاہئے کہ آج کی اُردو شاعری میں جدیدیت کے اس پُرتکلف قصور نے کیا گل کھلائے ہیں۔ جہاں تک جدت اور تازگی کا تعلق ہے، یہ اتنی عام، معمولی اور مسلّمہ بات ہے کہ صرف اس کی بنیاد پر کسی فلسفیانہ یا صوفیانہ جدیدیت کا تخیل نہیں قائم کیا جا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ اصطلاحی اور مدرسیانہ جدیدیت کے علمبردار فکر میں ایک خاص قسم کی سطحیت و رسمیت اور فن میں انتہا پسندانہ بے قیدی و بے ضابطگی پر عمل پیرا ہیں۔ وہ یہ تاثر دینا چاہتے ہیں کہ زمانے کی تبدیلی کے ساتھ فکر و فن کے تمام اقدار و اصول اور مواد و ہیئت کے تمام قیود و ضوابط یکسر بدل جانے چاہئیں اور دنیائے ادب میں ایک ایسا بنیادی انقلاب برپا ہونا چاہئے، جو اب تک کی قائم شدہ ادبی روایات سے یکسر بے نیاز ہو، یعنی روایت سے مکمل بغاوت ہونی چاہئے۔ ہیئت شاعری سے لے کر استعاروں علامتوں، تلمیحوں، حتیٰ کہ محاورات میں بھی ردوبدل ہونا چاہئے۔ جدید اُردو شاعری کے اس حلقے میں انقلابی تغیّر و تبدل کی یہی وہ تمنا ہے جس نے اپنے بے محابا اظہار کے لئے نظمِ آزاد کی شکل اختیار کی ہے۔ چنانچہ یہ نظمِ آزاد صرف عروض کے مسلّمہ آداب سے بے گانہ نہیں ہے، بلکہ اب یہ ہیئتِ اظہار بجائے خود ایک علامت بن گئی ہے۔ فکر و خیال اور زبان و بیان کی تمام بے قیدیوں اور بے ضابطگیوں کے لئے نیم پختہ افکار، اُدھ پکے خیالات اور خام احساسات و جذبات، نقصِ بیان اور عجزِ بیان ان سب کی لنکاسی کا ایک آسان ذریعہ یہ نظمِ آزاد بن گئی ہے۔ لیکن جدیدیت کے علمبرداروں کی طرف سے جرأت یہ پیش کی جاتی ہے کہ ان کے تازہ خیالات، انوکھے افکار اور نرالے احساسات اور جذبات پر اُردو شاعری کی تمام مروجہ ہیئتوں کا دامن تنگ ہو چکا ہے۔ اس لئے انہوں نے تجربے کی راہ اختیار کی ہے۔ اور اپنے آزاد تخیل کے لئے آزاد نظم کا وسیلۂ اظہار ہی انہیں سازگار آیا ہے۔

یہاں چند تنقیدی سوالات اٹھتے ہیں۔ کیا واقعہ یہی ہے کہ ہمارے جدید شاعروں نے نظمِ آزاد کو ذاتی تجربے کے نتیجے میں اختیار کیا ہے؟ کیا واقعی ان کے خیالات ایسے منفرد ہیں کہ اُردو شاعری کی مسلّمہ ہیئتوں میں ان کا اظہار ممکن یا موزوں نہیں ہے اور نہ یہ ممکن اور موزوں ہے کہ ان ہیئتوں میں کچھ جدّتی توسیع کر کے اُن سے کام لیا جائے۔ جس طرح ماضی میں بعض جدت طراز فن کاروں نے مستزاد، مربّع، مسدّس، مخمّس، مسطّح اور ترجیع بند کے ذریعے کام نکالا تھا؟ مجھے شک ہے کہ ہمارے جدید شاعروں نے اپنی فنی روایت کی جست و جو اور اس کے وسائل و امکانات پر ریاض کیا ہی نہیں ہے، جس کے بعد ہی وہ کوئی انوکھا تجربہ کرنے کے مجاز ہو سکتے تھے۔ اور میرے نزدیک اس شک کا ثبوت یہ ہے کہ آزاد نظم نگاروں نے پابند اور روایتی

نظم نگاری کی کسی بھی ہیئت میں اپنی شاعرانہ صلاحیت کا کوئی نمونہ نہیں پیش کیا ہے۔ یہاں تک کہ غزل جیسی رواں ہیئت میں بھی ان کا ناطقہ بند معلوم ہوتا ہے۔ اس طرح صورتِ حال یہ ہے کہ آزاد نظم نگاری کے لئے ان جدید شاعروں کی اہلیت اور دیانت ہی مشتبہ ہے اور صاف معلوم ہوتا ہے کہ ماضی میں جو شاعر بگڑ کر مرثیہ کہا کرتا تھا وہ اب نظم میں اپنا قافیہ تنگ پاکر آزاد نظم میں قسمت آزمائی کر رہا ہے۔ اس موقع پر بعض لوگ شاید کہنا چاہیں کہ آزاد نظم کا تجربہ بالکل نو مولود نہیں ہے بلکہ اس تجربے کی روایت کا سراغ کسی نہ کسی شکل میں عبدالحلیم شرر تک لگایا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں ایک تاریخی حقیقت میں ان لوگوں کو یاد دلانی چاہوں گا وہ یہ کہ اقبال اور ان کے برابر کے اور چھوٹے ہم عصروں نے اس تجربے کو بالکل ہی نظر انداز کر دیا، اور حقیقت یہ ہے کہ کسی قابلِ ذکر شاعر نے اس تجربے کو اپنے فن کی روایت بنانے کا اعزاز نہیں بخشا۔ چنانچہ یہ تجربہ پچھلے دس سال سے قبل کبھی بھی ہمارے ادب میں ایک تحریک یا واضح رجحان نہ بن سکا۔ ان حقائق سے میں یہ نتیجہ اخذ کرتا ہوں کہ آزاد نظم کا تصور ایک تو مستعار ہے، فیشن کی طرح، دوسرے، یہ عجزِ بیان اور فنی نا اہلی کا ایک پردہ ہے۔

ہمارے جدید شاعروں نے آزاد نظم نگاری اُدھار لی ہے مغربی ادبیات، بالخصوص انگریزی سے۔ اس سلسلے میں چند فنی حقائق بغیر حضرات کے غور و فکر کے لئے پیش کرتا ہوں۔ ہر ادب کا اپنا ایک ذہن اور مزاج ہوتا ہے، بالخصوص ہر ادب کی شاعری اس موسیقی پر مبنی ہوتی ہے جو اس ادب کے معاشرتی ماحول میں پائی جاتی ہے، اور مغربی اور مشرقی موسیقیوں کے درمیان نمایاں فرق پایا جاتا ہے۔ ان کی نغماتی قماشیں ایک دوسرے سے واضح طور پر مختلف ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایشیائی اور یوروپی شاعریوں کے عروض کی بنیادیں یکسر مختلف ہیں۔ چنانچہ شاعری کے بنیادی آہنگ میں اس فرق کے سبب دونوں خطوں کی منظومات کا ڈھنگ اور ڈھانچہ ایک دوسرے سے اس حد تک مختلف ہے کہ کسی بھی کھینچ تان سے ان کے درمیان تطبیق و اشتراک ممکن نہیں۔ اب دیکھئے کہ یورپ میں نظم آزاد کی پیدائش اور پرورش کن حالات کے تحت ہوئی ہے۔ اس معاملے میں اہم ترین فنی نکتہ یہ ہے کہ مثال کے طور پر انگریزی شاعری میں سب سے پہلے تو سولہویں سے انیسویں صدی تک تقریباً چار صدیاں پابند نظم نگاری سے نظم معریٰ کی طرف ارتقاء فن کے استحکام میں لگ گئیں۔ اس کے بعد کچھ فن کاروں کو نظم آزاد کا تجربہ کرنے کا حوصلہ ہوا، جب کہ ایک تو انگریزی موسیقی اور اس پر مبنی عروض کی طرف سے اس تجربے میں کوئی مزاحمت نہیں تھی، دوسرے نظم معریٰ نے بڑی حد تک راہ ہموار کر دی تھی دوسرے اہم بات یہ کہ دورِ حاضر میں تمدنی ترقیات کے اندر بعض المناک انحرافات کے باعث یورپ میں شاعری اور عمومی طور پر ادب کا تصور ہی بدل رہا ہے وہاں اب کسی فن کے لئے مستقل بالذات اور منضبط رہنا دشوار ہو گیا ہے اس لئے کہ زندگی کے تمام سانچے ٹوٹ چکے ہیں۔ اور ہر طرف خلط ملط اور انتشار و اضطراب کا دور دورہ ہے۔ فنونِ لطیفہ کی صورتِ حال یہ ہے کہ رقص، موسیقی اور موسیقی کے نت نئے بازاری انداز شاعری کے پورے رنگ و آہنگ کو توڑ مروڑ رہے ہیں — مصوری کے ایبسٹریکٹ آرٹ اور کیوبزم وغیرہ نے شعری علائم و رموز کو تاراج کر کے رکھ دیا ہے اور رقص و موسیقی و مصوری کی یہ جدتیں بلکہ بدعتیں کسی فنی محرک یا کسی جمالیاتی مقصد کے تحت بروئے کار نہیں آئی ہیں، بلکہ ان سب کا محرک و مقصود غلیظ قسم کا تعیش و تلذذ یا محض تلوّن مزاج اور تفننِ طبع، تفریح اور خوش فعلی، یا پھر کاروبار اور سوداگری ہے۔

اب ہمیں غور کرنا چاہئے کہ ابھی تو ہماری شاعری میں نظم معریٰ کی بھی کوئی روایت نہیں بنی ہے۔ اس کے بس کچھ انفرادی، جزوی اور نہایت قلیل تجربے ہوئے ہیں۔ اس طرح بغیر کسی مستحکم فنی بنیاد پر نظم آزاد کے تجربے کا کیا حشر ہوگا؟ ارتقاء چھلانگ لگا کر نہیں ہوتا۔ اس کے لئے تسلسل اور تدریج درکار ہے۔ دوسرے، کیا ہمارے لئے اس قسم کے تجربوں سے گزرنا ضروری اور مفید ہے؟ ایک تو ہمارے یہاں ابھی وہ تہذیبی فضا ہی نہیں پیدا ہوئی ہے، جس کے عوامل اس قسم کے تجربوں کی تحریک کرتے ہیں، اس کے علاوہ کیا یہ فضا کوئی مرغوب و مطلوب چیز ہے۔ اور اگر یہ فضا پیدا بھی ہونے لگے تو بھی شاعری کو اس کے رحم و کرم پر چھوڑ دینا خود شعریت کے لئے مناسب ہوگا۔ تیسرے کیا ہم اس کے لئے تیار ہیں کہ اپنی موسیقی اور عروض کی بنیادیں کھود کر ان کی جگہ مغربی بنیادیں نصب کر دیں۔ یا پھر اپنے عروض و موسیقی کو تر بتر کر ڈالیں؟ چوتھے، ابھی خود مغربی ادبیات میں نظم آزاد کی قدر و قیمت کا فیصلہ ہونا باقی ہے۔ جب استاد کا حال یہ ہے تو شاگرد کا کیا بنے گا۔؟

آخر میں میں کہنا چاہتا ہوں کہ جدید اردو شاعری درحقیقت صرف طبع زاد آزادیوں اور بدعتوں ہی کا مرکب نہیں ہے، بلکہ اس کے بہتر انداز بھی پائے جاتے ہیں۔

نئی کتابیں

رگِ ساز: شاہین غازی پوری ادبی مرکز۔ ڈھاکہ

گزشتہ پندرہ سال سے شاہین غازی پوری کا کلام ہند و پاک کے مشہور رسائل میں شائع ہوتا رہا ہے۔ یہ مجموعہ اس کے انتخاب پر مشتمل ہے۔ اس میں متعدد ترجموں کے علاوہ ۵۵ نظمیں اور ۴۳ غزلیں ہیں۔ نظموں میں مواد اور موضوع ہی نہیں، تکنک کے اعتبار سے بھی بڑا تنوع ہے۔ کہیں لطیف بیانیہ اسلوب میں بات کہی گئی ہے کہیں بعض جاندار تمثالوں سے محض فضا کی تخلیق کر دی گئی ہے اور کہیں ڈرامائی اور مکالماتی انداز نمایاں ہے۔ شاہین کی طویل نظموں کے مقابلہ میں مختصر نظمیں زیادہ تاثر آفریں ہیں۔ صرف تین مصرعوں کی ایک مختصر نظم "انتظار" دیکھئے۔

رات گئے جب آہٹ سی محسوس ہوئی
ہاتھ بڑھا کر برہن نے پٹ کھول دیئے
آنے والا سرد ہوا کا جھونکا تھا۔

شاہین کی نظمیں ابہام، تجرید، اور لفاظی سے پاک ہیں اس کے ساتھ ہی انہوں نے پچھلے دور کی شاعری کے پامال اور روایتی مضامین سے بھی گریز کیا ہے۔ اُن کی غزلوں میں بھی ایک اچھوتی تازگی کا احساس ہوتا ہے غزلوں میں ایسے اشعار کثرت سے ملتے ہیں جو عصرِ حاضر کی زندگی سے اُن کے ذہنی اور جذباتی رشتوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اور قاری کو متاثر کئے بغیر نہیں رہتے۔

ہوئی خوشی جو میسّر تو یہ ہوا معلوم
خوشی کا بوجھ اٹھانا محال ہے کتنا

ہم اور تم اسی دنیا کے رہنے والے ہیں
نہ بے نیاز بنو اس قدر خدا کی طرح

نغمۂ شب: اختر بستوی، شب خون کتاب گھر۔ الہ آباد

یہ ایک طویل نظم ہے۔ طویل اس معنی میں کہ تقریباً پچاس صفحات اور چار سو مصرعوں پر مشتمل ہے۔ نظم کا مرکزی خیال یوں ہے کہ شاعر تیرہ و تار فضاؤں میں رات کی دیوی کا درد بھرا نغمہ سنتا ہے اور اس سے سوال کرتا ہے کہ کن دکھوں نے تیرے گیت کو درد و غم کے قالب میں ڈھال دیا ہے۔ رات جواب دیتی ہے ؎ تیرے لئے اس راز کو کبھی افشاں کرتی ہوں اے ہمدم
تین قسم کے دکھوں نے مرے نغمے کو بخشا ہے کرب
زیست کا صدمہ، موت کی بے دردی کا الم حالات کا غم

اس کے بعد رات ان تینوں غموں کی نوعیت کو مثالوں سے واضح کرتی ہے اور اس دنیا میں انسان کی بے بسی، مجبوری اور مظلومی پر روشنی ڈالتی ہے۔ نظم میں رات کی کیفیات کو کہیں کہیں شاعرانہ حسن کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔ مجموعی حیثیت سے نظم اپنی تعمیر اور تاثر کے اعتبار سے ایک اوسط درجے کی تخلیق ہے۔

بادۂ شبانہ: پیام فتحپوری، ادارہ شعر و ادب کانپور

پیام فتحپوری کا یہ دوسرا مجموعۂ کلام ہے جس میں اُن کی ۵۰ منتخب غزلیں شامل ہیں۔ پیام فتحپوری ان شعراء میں سے ہیں جنہوں نے اگرچہ مشاعروں میں شہرت حاصل کی لیکن وہ اس طلسم کے اسیر نہیں ہوئے۔ اُن کی غزلوں میں اس طرح کا چٹخارہ، شوخی اور سطحیت کہیں نظر نہیں آتی جو مشاعرہ کے شاعروں کا طرۂ امتیاز ہوتی ہے۔ وہ ہمیشہ اپنی داخلی کیفیات کی شدت اور کیفیت کو غزل کی شائستہ رمزیاتی زبان میں ادا کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں یہ صحیح ہے کہ اُن کی غزلوں میں عشقیہ تجربات کی فراوانی ہے لیکن یہ عشق نہ تو رسمی ہے اور نہ ہی محض عشق۔ اس بلا خیز جذبہ کی آگ میں بہت سے دوسرے بے نام جذبات کی چنگاریاں بھی سموئی ہوئی ہے۔ اس طرح کہ کبھی کبھی وہ پوری زندگی پر محیط نظر آتا ہے۔ یہ اشعار دیکھئے۔

کیا کوئی سر فروش نہیں شہرِ عشق میں!
مدت ہوئی کوچۂ قاتل اُداس ہے

ہر دشتِ طلب میں ہے تری زلف کی شبنم
ہر دشتِ جنوں میں ترے قدموں کی صدا ہے
(قمر رئیس)

غیر سرکاری ڈاکٹر، وکیل، انجینئر اور دیگر کارکن حضرات توجہ دیں



15 سالہ پبلک پراویڈنٹ فنڈ اسکیم

آپ کی ضرورتیں پورا کرتی ہے

زیادہ سے زیادہ 15,000 روپے سالانہ جمع کروا سکتے ہیں۔

یکم اپریل سے 31 مارچ کے درمیانی عرصہ میں سال میں کسی بھی وقت رقم جمع کروا سکتے ہیں۔

ٹیکس سے بری سود (4.8% سود در سود)

لائف انشورنس کمپنی کے پریمیم اور پراویڈنٹ فنڈ پر ٹیکس کی چھوٹ ملتی ہے۔

جمع شدہ رقم سے روپیہ نکلوانے اور قرضے کی سہولتیں۔

اور سب سے زیادہ فائدہ مندبات یہ کہ قانونی حکم پر بھی اس فنڈ کو ضبط نہیں کیا جا سکتا۔

آپ کو خوشی ہوگی کہ آپ نے یہ کھاتا کھول رکھا ہے۔

مزید جانکاری کے لئے
شیڈیولڈ بنک آف انڈیا سے رجوع کریں۔

قومی بچت آرگنائزیشن

davp 69/119

مرد!

صِرف 5 پیسے خرچ کر کے آپ اپنے کُنبے کو محدود رکھنے کی طاقت حاصل کر سکتے ہیں



زرود استعمال کیجیے۔ محفوظ، آسان طریقہ۔
اعلیٰ کوالٹی کے ربڑ کنڈوم اب
مُلک بھر میں بازار میں عام ملتے ہیں۔
بچے کی پیدائش روکیے اور
منصوبہ بند کُنبے کی خوشی کا لُطف اُٹھائیے۔
بچے کی پیدائش کو روکنا آپ
کے اختیار میں ہے

اب
مُلک بھر میں
دستیاب
15 پیسے کے 3
سرکاری اسلاد سے
رعایتی دام

نِرودھ استعمال کیجیے

اعلیٰ کوالٹی کے
ربڑ کنڈوم
فیملی پلاننگ کے لئے

پروویژن اسٹور، پرچون فروش، دوا فروش
جنرل مرچنٹ اور سگریٹ فروش وغیرہ بیچتے ہیں۔



(اوپر) ۲۲ فروری ۱۹۷۰ء کو وزیراعظم شریمتی اندرا گاندھی نے نئی دہلی میں "ایوانِ غالب" کا سنگ بنیاد رکھا۔
(نیچے) ۱۴ فروری ۱۹۷۰ء کو وزیراعظم شریمتی گاندھی نے دہلی کے نزدیک تغلق آباد میں ادویات اور طبی تحقیق کی تاریخ کے ادارے کی لائبریری اور میوزیم کا افتتاح کیا۔ وزیراعظم کے ساتھ اس ادارے کے صدر حکیم عبدالحمید کھڑے ہیں۔





بلجیم کے بادشاہ اور ملکہ فوزوز کے سرکاری دورے پر ہندوستان تشریف لائے تھے۔ آپ نے ہندوستان کے کئی مقامات کی سیاحت کی۔ ۳۱ جنوری ۱۹۷۰ء کو آپ نے تاج محل دیکھا۔

Vol. 28 No. 9 AJKAL (Monthly) APRIL 1970

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by the Asian Art Printers Private Ltd., D. B. Gupta Road, New Delhi.
Regd. No. D-509

Osmania University Library,
HYDERABAD-7. (A.P.)

آج کل

نیشنل گیلری آف ماڈرن آرٹ پر ایک نظر
صفحہ ۲۷



۶۰ پیسے

مئی ۱۹۷۰ء



فورٹ ولیم کالج نے ہندوستان زبانوں خصوصاً اُردو کی ترقی میں بڑا نمایاں حصّہ لیا ہے۔ اس کالج سے متعلق یوروپی مستشرقین اور مقامی لوگوں نے اُردو کی نشوونما میں بڑا نمایاں حصّہ لیا ہے

ابتدائی کتابوں کی ترتیب و تدوین کے علاوہ اس کالج نے مختلف زبانوں کے چھاپے خانے قائم کرکے ان زبانوں کو پھلنے پھولنے کے مواقع عطا کئے۔ اس کالج کی لائبریری کا گراں قدر خزانہ اب نیشنل آرکائیوز نئی دہلی کو منتقل کر دیا گیا ہے۔

۲۷ مارچ سے ۲ اپریل ۱۹۷۰ء تک ان کتابوں کی ایک نمائش انڈیا انٹرنیشنل نئی دہلی میں منعقد کی گئی۔ اس میں اردو، فارسی، عربی، ہندی سنسکرت بنگلہ اور تامل وغیرہ کی بڑی نادر کتابیں اور مخطوطے رکھے گئے تھے۔

ہندوستان کے چیف جسٹس جناب ہدایت اللہ نے اس نمائش کا افتتاح کیا۔ (تصویر میں) جناب ہدایت اللہ نمائش میں پیش کردہ کتابیں دیکھ رہے ہیں۔

اُردو کا مقبول عوام مصوّر ماہنامہ

آجکل

نئی دہلی

ایڈیٹر

شہباز حسین

سب ایڈیٹر

نند کشور وکرم

جلد ۲۸ ——— شمارہ ۱۰

مئی ۱۹۷۰ء

ویساکھ جیٹھ شک سمت ۱۸۹۲

ترتیب

ملاحظات		۲
غزلیں	نازش پرتاپگڈھی	۳
غبارِ کارواں	جمیل مظہری	۴
غزل	اعجاز صدیقی	۱۰
۲۷ مئی ۱۹۶۴ء	نظم وقار خلیل	۱۱
بنال چرخ بذاکر حسین زبدۂ جود	اقبال احمد اعظمی	۱۱
غالب کے نو دریافت خطوط	آفاق احمد	۱۲
جمالیاتی تنقید کی خصوصیات	بشیر بدر	۱۶
جھلکیاں		۲۴
نیشنل گیلری آف ماڈرن آرٹ	انیس فاروقی	۲۶
لاٹری کا ٹکٹ	غلام احمد فرقت کاکوروی	۳۲
پھولوں کا راجہ گلاب	ایس ایم شاہ نواز	۳۶
غزل	عرش صہبائی	۳۷
مکتبِ عشق	اظہر افسر	۳۸
غزلیں	ظفر حمیدی، کاوش بدری، مانی ناگپوری، علیم افسر	۴۲
زندگی کا تقاضا	تیج بہادر بھان	۴۳
نئی کتابیں	عبداللطیف اعظمی	۴۶

سرورق: عمل: چودھری جوگین

پشت پر: نیشنل گیلری آف ماڈرن آرٹ نئی دہلی کے احاطے میں

نصب مجسمہ "محنت کی جیت" تخلیق 'ڈی پی رائے چودھری'

سالانہ چندہ ہندوستان میں: سات روپے: پاکستان میں: سات روپے (پاک)

دیگر ممالک میں: ۱۰ شلنگ ۶ پینس یا ڈیڑھ ڈالر

قیمت فی پرچہ ہندوستان میں: ۶۰ پیسے: پاکستان میں: ۶۰ پیسے (پاک)

دیگر ممالک سے: ۱ شلنگ یا ۱۵ سینٹ

خط و کتابت و ترسیل زر کا پتہ

شہباز حسین ایڈیٹر آجکل پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

مرتبہ و شائع کردہ

ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

بھارت اور پاکستان کے درمیان اسلام آباد میں فرخا پراجیکٹ سے متعلق سرکاری سطح پر گفتگو کا چوتھا دور بھی ختم ہوگیا۔ اس گفت و شنید کا اہم مقصد تکنیکی مسائل سے متعلق ماہرین کے اب تک کے مطالعے کا جائزہ لینا تھا۔ مگر افسوس تکنیکی مسائل پر بھی اتفاق رائے نہ ہوسکا۔

یہ کانفرنس آٹھ ماہ کے بعد منعقد ہوئی تھی۔ اس کانفرنس میں پاکستان نے اس خالص تکنیکی نوعیت کے مسئلے کو اپنے مفاد کی خاطر سیاسی مسئلہ بنانے کی کوشش کی حالانکہ بھارت نے بات چیت کے دوران ہر بار یقین دلانے کی کوشش کی کہ فرخا بیرج سے مشرقی پاکستان میں سیلاب کی روک تھام ہوسکے گی اور اس کے مفاد کو کسی طرح کا نقصان نہیں پہونچے گا۔

اسلام آباد میں جو بات چیت ہوئی اس میں پاکستان نے غیر ضروری مسائل اٹھا کر اس گفت و شنید کو آگے بڑھنے سے روکنے کی کوشش کی۔ ایک مرحلہ تو ایسا آیا جب یہ محسوس ہونے لگا کہ پاکستان بات چیت ملتوی کرنا چاہتا ہے۔ بہرحال بھارت کی کوششوں سے یہ اندیشہ ٹل گیا۔

آج سے چند سال قبل پاکستان نے خود دور پورب کے ممالک سے متعلق اقتصادی کمیشن کے اجلاس میں تسلیم کیا تھا کہ پوربی پاکستان میں پانی کی کمی کا مسئلہ نہیں بلکہ سیلاب کی روک تھام کا ہے لیکن اب اس کانفرنس میں صرف ہندوستان کو پریشان کرنے کے لئے پانی کی کمی کا مسئلہ کھڑا کیا گیا۔

بھارتی وفد کے سربراہ شری وی دی چاری نے ہندوستان کے موقف کا اعادہ کیا کہ پاکستان کو دریائے گنگا سے جو صرف بھارت کا دریا ہے، پانی حاصل کرنے کے لئے اپنی ضرورتوں کے بارے میں صحیح صحیح اعداد و شمار مرتب کرنے چاہئیں لیکن پاکستان نے اپنے ابتدائی اندازے سے ۴ گنا زیادہ ضرورت بتائی حالانکہ اس سے پیشتر گزشتہ سال جولائی میں پاکستان نے صرف ۲۵۰۰ کیوسیک پانی کی ضرورت بتائی تھی۔ پاکستان نے اس قدر پانی کی ضرورت اس لئے بتائی کہ دریائے پدما پر مجوزہ بند کی تعمیر ہوسکے جو کہ فرخا بیرج کے بہاؤ کی جانب ۹۰ میل کے فاصلے پر ہوگا۔

پاکستان نے جس قدر پانی کی ضرورت بتائی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مجوزہ پراجیکٹ صرف کاغذی ہے اور اس کا مقصد صرف بھارت کے خلاف جارحانہ پراپیگنڈہ میں مزید شدت پیدا کرنا ہے۔

دراصل جس دن سے کلکتہ کی بندرگاہ کو ریت سے اٹ جانے سے بچانے کے پیش نظر بند کی تعمیر کا پروگرام بنایا گیا، پاکستان نے بڑی شدت سے اس کی مخالفت شروع کردی حالانکہ کلکتہ بندرگاہ کی گودی کو ریت سے بھر جانے سے جو خطرہ لاحق ہوگیا ہے اس کے لئے نیز کلکتہ کے تحفظ کے لئے یہ بند بے حد ضروری ہے۔

بھارت ایک اچھے ہمسائے کی طرح پاکستان سے باہمی گفت و شنید کے ذریعے اس کا حل تلاش کرنا چاہتا ہے لیکن پاکستان اسے بین الاقوامی مسئلہ بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اور اس میں کچھ غیر ممالک کو بھی ابھار رہا ہے۔ دراصل پاکستان اس تکنیکی مسئلے کو سیاسی رنگ دے رہا ہے جو کہ بالکل نامناسب ہے۔ بہرحال امید کرنی چاہئے کہ نئی دہلی میں ہونے والی بات چیت کے دوران پاکستان اس مسئلے کے تکنیکی پہلو پر توجہ دے گا تاکہ اس کی بنیاد پر باہمی مفاہمت کی راہ نکل سکے۔

مئی ۱۹۷۰ء

آج کل دہلی





نازش پرتاب گڈھی

(۱)

صدہا گل و گلزار قدم چوم رہے ہیں
ہم آبلہ پا دشت میں یوں گھوم رہے ہیں
آتے ہوئے لمحات اُنہیں چوم رہے ہیں
صدیوں سے تہہِ تیغ جو حلقوم رہے ہیں
قاتل ہیں مگر شہر میں یوں گھوم رہے ہیں
جیسے کہ ازل ہی سے یہ معصوم رہے ہیں
ٹوٹے ہوئے شیشے کی طرح بکھرے پڑے ہیں
وہ لمحے کہ جو زیست کا مفہوم رہے ہیں
حالات بتاتے ہیں کہ ہم سخت گنہگار
احساس یہ کہتا ہے کہ معصوم رہے ہیں
اے سنگِ حقائق! ترے ہر جبر کے باوصف
سینے بھی ہر اک دَور کا مقسوم رہے ہیں
شاید نظر آجائیں کسی پھول کے لب بھی
آواز کے صحراؤں میں ہم گھوم رہے ہیں
تنہائیِ ماحول کی بانہی سے نکل کر
سینے ہیں کہ ناگوں کی طرح جھوم رہے ہیں
مصلوب کیا جن کو کسی دورِ خرد نے
تاریخ جنوں میں وہی معصوم رہے ہیں
مانا کہ عبارت ہے تو اک حرفِ جنوں سے
اے زیست! مگر ہم ترا مفہوم رہے ہیں
پھر آنہ سکا حسن زلیخا نفسی تک
آداب جنوں گو اُسے معلوم رہے ہیں
اخلاص لٹاتے رہے ہر دشمنِ جاں پر
ہم لوگ بھی کیا سادہ و معصوم رہے ہیں
اس تلخ حقیقت پہ یقیں آئے گا کس کو
جو آج ہیں ظالم کبھی مظلوم رہے ہیں
گزرے ہوئے لمحوں کے گھنے شہر میں نازش
تنہا ہیں مگر رات گئے گھوم رہے ہیں

(۲)

درد اُٹھتے ہی ہونٹوں سے ہنسی پھوٹ پڑی ہے
تادیبِ غمِ عشق: تری بات بڑی ہے
کیا ضبطِ ستم پر کوئی اُفتاد پڑی ہے
کیوں لذتِ غم روٹھی ہوئی مجھ سے کھڑی ہے
آج اس کی نظر یوں مری نظروں سے لڑی ہے
تپتے ہوئے صحراؤں پہ اک بوند پڑی ہے
جذبات کے چہرے بہے جاتے ہیں پگھل کر
بے رحمیٔ حالات کی دھوپ اتنی کڑی ہے
کہتے ہیں میں آپ اپنے کو پہچان رہا ہوں
سنتا ہوں کہ یاروں پہ قیامت کی گھڑی ہے
فرصت ہو تو اے لذتِ غم اس سے بھی مل لے
سعیٔ کرم و لطف ترے در پہ کھڑی ہے
مانگیں غمِ امروز سے ہنسنے کی اجازت
رونے کے لئے تو ابھی اک عمر پڑی ہے
مصلوب ہوا کرتی ہیں تنہائیاں میری
سولی مرے احساس کے آنگن میں گڑی ہے
لا، ترکِ محبت کا تقاضا بھی مجھے دے
یہ بھی مری زنجیرِ تمنا کی کڑی ہے
جو شدتِ غم دل کے اُڑا دیتی ہے ٹکڑے
وہ بن کے تبسم مرے ہونٹوں پہ کھڑی ہے
اس دَور کا انسان ہے جلتا ہوا جنگل
جو لمحۂ ہستی ہے قیامت کی گھڑی ہے
سامانِ تجارت ہے نہ ارمانِ تجارت
ہستی مری بازار میں حیران کھڑی ہے
اس دَور کے منصور ہیں محلوں میں فروکش
سولی ہے کہ بازار میں سنسان پڑی ہے
میں ہوں متوجہ تو کرے کوئی گزارش
دو گام پہ منجدھار سے مری تقدیر کھڑی ہے
دُنیا کو دکھانے کے لئے جب بھی ہنسا ہوں
نازش مرے زخموں کی مہک پھوٹ پڑی ہے

جمیل مظہری



غبارِ کارواں

(۴)

مضمون نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

میری شخصیت کی تعمیر میں کون سے عناصر کارفرما ہوئے اس سوال کے ساتھ میری زندگی کا المیہ میرے سامنے آرہا ہے۔

مجھے کیا بننا چاہئے تھا اور میں کیا بن گیا؛ اپنی محرومیوں اور اپنی تقصیروں کی داستان کیا دہراؤں اور اگر دہراؤں تو کہاں سے دہراؤں؟ جس شخصیت کے بارے میں مجھ سے پوچھا جا رہا ہے، اس کی تعمیر ہوئی کب؟ وہ تو شاید بننے سے پہلے بگڑ گئی۔ کیوں بگڑی اور کیسے بگڑی؟ اس سوال کے جواب کے سلسلے میں غالب کا ایک شعر میرے ذہن کی رہنمائی کر رہا ہے ؎

جانتا ہوں ثوابِ طاعت و زہد
پر طبیعت ادھر نہیں آتی

غالب کا عقیدہ یہ ہے کہ بعض حالات میں طبیعت کو اپنی گمرہی کا احساس ہو جاتا ہے لیکن دل کے تقاضوں کے مقابلے میں اس کی قوتِ ارادی اتنی کمزور ہوتی ہے کہ وہ اپنی خواہش کے باوجود سیدھی راہ چل نہیں پاتا۔ جو بھی قدم اٹھتے ہیں اس کے ارادے کے خلاف اٹھتے ہیں۔ اُن کے خیال میں ایک طاقت اور بھی ہے جو آدمی کے ارادوں پر اس طرح مسلط ہوتی ہے اور اُدھر جانے نہیں دیتی جدھر وہ آیائے عقل و ہوش جانا چاہتا ہے۔ یہ ایک بے بسی کی منزل ہے لیکن اس سے خطرناک مرحلہ وہ ہے جہاں عقل و ہوش کا تقاضا خود انسان کو غلط راستے پر چلنے کی ترغیب دے۔ یہی وہ مرحلہ صعب ہے جس کا احساس مجھے زندگی کے ایک موڑ پر ہوا ؎

جیسل کو گمرہی مبارک کہ اب تو سامان بھی وہی ہے
جو دل کی وحشت کا ہے تقاضا، خرد کا میلان بھی وہی ہے

میری زندگی میں اکثر اقدامات ایسے ہی ہوئے کہ جدھر دل کی وحشت کا تقاضا تھا، خرد کا میلان بھی اُدھر ہی رہا لیکن چند قدم آگے بڑھ کے نتیجے نے بتلایا کہ خرد کا میلان مجھے غلط راستے پر لے گیا تھا۔ لیکن بعض حالات میں بقول غالب ایسا بھی ہوا کہ خرد نے ثوابِ طاعت و زہد کو سمجھ تو لیا لیکن سمجھ کے بھی طبیعت کے اندرونی تقاضوں سے مجبور ہو کر اسی راستے پر چل پڑی، جدھر وہ لے جا رہے تھے۔ میں کیا میری فکر و نظر کے رہنما، غالب کی زندگی کا المیہ بھی یہی تھا ؎

مانہ بودیم بریں مرتبہ راضی غالب
شعر خود خواہشِ آں کرد کہ گردد فنِ ما

غالب شاعر نہیں بننا چاہتے تھے لیکن حالات نے اُنہیں شاعر بنا دیا۔ کم و بیش یہی صورتِ حال میرے ساتھ بھی ہوئی۔ میں نے بھی اپنے شعور کی کسی منزل میں اپنے لئے شاعر ہونا پسند نہیں کیا لیکن ماحول کا اثر کہئے یا طبیعت کے محرکات، جنہوں نے میری مرضی کے خلاف مجھے کچھ اور بننے نہ دیا۔ شاعر بنا دیا اور شاعر بھی کیسا، جس کی شاعری مشہور ہو تو ہو مقبول نہیں۔ مقبولیت کا راز کلام کے پسندیدۂ عوام ہونے میں ہے، پے چیدہ اور سنجیدہ بات مطبوع نہیں ہوتی۔ غالب اپنے کلام کی پے چیدگی سے خوش تھے کیونکہ اُن کی خودی کو گوارا نہ تھا کہ نچلی سطح کے لوگ ان کی بات سمجھ لیں ؎

"خوش ہوں کہ میری بات سمجھنی محال ہے"

لیکن میری خودی کا تقاضا یہ تھا کہ لوگ میری بات زیادہ سے زیادہ سمجھیں اور سمجھ کے مجھے داد تحسین سے نوازیں مگر اس تمنا کے باوجود میں اپنے کلام کو فہم عوام کے مطابق نہ بنا سکا۔ حالانکہ اپنی پوری قوت ارادی کے ساتھ میں نے ہمیشہ یہ کوشش کی کہ جو کچھ کہوں اسی رنگ میں کہوں جو رنگ مقبول زمانہ ہے۔ غالب کی طرح میری شاعری کا نظریہ یہ کبھی نہ رہا کہ

سخن سادہ دلم را نہ فریبد غالب
نکتۂ چند زپیچیدہ بیان بہ من آر

میری سمجھ میں یہ بات آج تک نہیں آئی کہ وہ کون سے محرکات تھے جنہوں نے مجھے غالب کی پیچیدہ بیانی کا مقلد بنایا۔ نہ گھر کا ماحول ایسا تھا، نہ اس معاشرے کا جن میں میرے ذوق طبیعت نے شعور کی آنکھیں کھولیں۔ گہوارے میں جب کہ میرے شعور کی آنکھیں بالکل مندی ہوئی تھیں، میرے کان میں جو شاعری کی پہلی آواز گئی وہ میر انیس کے مراثی کے بند تھے جنہیں میرے والد محترم گنگنایا کرتے تھے اور ان کی یہی گنگناہٹ میرے لئے لوری کا کام کیا کرتی تھی جب گہوارے سے اتر کر پاؤں پاؤں چلنے لگا تو آدمیوں کا پہلا اجتماع جو میں نے دیکھا تو وہ محرم کی مجلسیں تھیں جن میں میرے ابا مرحوم انیس کا مرثیہ پڑھا کرتے تھے۔ میں مجلس سے گھر آکر ان کی نقل کرتا اور اپنی توتلی زبان میں انیس کے مصرعے دہراتا۔

جب سات آٹھ سال کی عمر ہوئی تو والد نے ایک سلام رٹوا کر مجھے منبر پر پہونچا دیا۔ اس وقت سے عنفوان شباب تک برابر محرم میں مرثیہ خوانی کرتا رہا اور چودہ سال کی عمر میں میری شاعری کی ابتدا غزل سے نہیں سلام سے ہوئی جس میں کچھ اشعار میرے اور کچھ میرے والد مرحوم کے ہوتے۔ شاید ذوق سخن کی اسی ابتدائی تربیت نے مجھ سے میری شاعری کے عہد شباب میں مرثیے کہلوائے۔ آج بھی جن کے مطالعے کے بعد میرا نقاد یہی فیصلہ کرسکتا ہے کہ ان میں انیس کے آہنگ سے زیادہ غالب کا آہنگ اور انیس کے انداز فکر سے زیادہ غالب کا انداز فکر بول رہا ہے۔ حالانکہ جس معاشرے میں میرا ذوق سخن جوان ہوا، اس کے کسی گوشے میں غالب کی آواز سنائی نہیں دیتی تھی۔ والد کے علاوہ میرے دادیہالی اور نانیہالی بزرگوں میں کوئی بھی غالب کا پرستار نہ تھا۔ سبھی میر و آتش اور ذوق کا پیالہ پیئے ہوئے تھے۔ گھرانوں کی نشستوں میں میر کے اشعار پر سر دھنے جاتے، ذوق کی بامحاورہ زبان کی داد دی جاتی اور آتش کے تلذذانہ آہنگ کی تشریح کی جاتی۔ غالب ان کے لئے شاید دوم درجے کے شاعر تھے جو ان کی نظر میں زبان کشی کے بھی مجرم قرار دیئے جاتے تھے۔ سولہ سترہ سال کی عمر میں جب مجھے کہیں سے غالب کا دیوان ہاتھ لگ گیا تو میرے آقا جان نے مجھے اس کے مطالعے سے یہ کہہ کر روکا کہ اس سے تمہارا ذوق سخن بگڑ جائے گا اور زبان خراب ہوجائے گی۔ تمہارے دادا (یعنی مولانا سید مظہر حسن جن کی نسبت سے میں مظہری ہوں) ہمیشہ اپنے شاگردوں کو ہدایت کرتے تھے کہ اپنے ذوق کی تربیت کے لئے ذوق کا دیوان بغور پڑھیں۔ نجانے وہ کون سی قوت تھی جس نے مجھ سے غالب کا دیوان پڑھوایا اور تمام عظیم شعراء کو چھوڑ کر غالب کا دل دادہ بنایا۔ میرے ذوق سخن کا سانچہ بنانے میں، غالب سے پہلے اقبال کا ہاتھ ہے اور یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ اقبال کے ذریعے میں غالب تک پہونچا جب کہ میری عمر بچپن کے مرغزار کے آخری کنارے پر پہونچ رہی تھی، میری ملاقات اقبال کے شکوہ اور جواب شکوہ سے ہوئی۔ یہ مرغوب ایجنسی کا دیدہ زیب پاکٹ ایڈیشن تھا جسے میں نے شروع سے آخر تک بار بار پڑھا۔ کچھ سمجھا اور کچھ نہ سمجھا لیکن بار بار پڑھنے سے اس کے بہت سے بند ازبر ہوگئے۔ جو اشعار سمجھ میں نہ آتے وہ بھی اپنے آہنگ کی بنا پر خوش گوار معلوم ہوتے۔ مجھے اب تک یاد ہے کہ جواب شکوہ کا یہ بند جسے اقبال نے بعد میں خارج کردیا، میں بار بار پڑھا کرتا تھا۔

کشور ہند میں کلیۂ ناکام کا بت
عربستان میں شفاخانۂ اسلام کا بت
لیگ والوں نے ترا شاہے بڑے نام کا بت

لیکن اس وقت اس بند کے کسی مصرع کی تلمیح میری سمجھ میں نہیں آئی تھی۔ بت سے شاعر کا کیا مقصود تھا، یہ تو مجھے اس وقت سمجھ میں آیا جب کہ میں غالب کے اس شعر کو سمجھنے کے قابل ہوگیا۔

کثرت آرائی وحدت میں پرستاری وہم
کردیا کافر اصنام خیالی نے مجھے

اس میں شک نہیں کہ میرا دماغ جو گھریلو اور معاشرتی روایات سے بت خانۂ روایات تھا اس کے بہت سے بت غالب ہی نے توڑے۔ اور یہ کہنا سو فیصدی صحیح ہے کہ اگرچہ میری شاعری غالب، اقبال، انیس اور شاد کی مشترکہ مخلوق ہے لیکن اس تخلیق میں غالب کا حصہ سب سے زیادہ ہے۔ میری مخصوص ذہنیت کی تعمیر کے سلسلے میں، نیو غالب نے کھودی، اس پر کچھ اینٹیں اقبال نے، کچھ رومی و عرفی نے اور کچھ کبیر و ورڈسورتھ نے رکھیں۔ شعراء کے علاوہ مغربی مفکروں

میں روسو، نیطشے، شوپن ہار اور شیلی نے اس کی دیواریں اٹھائیں۔ شیلی نے شاعر کی حیثیت سے مجھے اتنا زیادہ متاثر نہ کیا جتنا ایک سیاسی مفکر کی حیثیت سے شیلی کے سیاسی اور سماجی افکار پر ایک مسلسل مقالہ جو کلکتے کے ایک انگریزی جریدے میں شائع ہوا اس نے بڑی حد تک میرے سیاسی ذہن کو بنایا۔ اگرچہ اس کی تعمیر کا کام بہت پہلے مولانا آزاد کی تحریروں نے "الہلال" کے ذریعے شروع کر دیا تھا۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی عقیدت کا بیج میرے ذہن میں بچپن سے بو یا گیا۔ میرے والد مرحوم اگرچہ سیاسی مذاق کے آدمی نہ تھے لیکن مولانا آزاد کی تحریروں کے بڑے رسیا تھے۔ ۱۹۱۲ء میں میری عمر جب کہ نو دس سال کی تھی، وہ "الہلال" کی تحریریں بڑے ذوق و شوق سے اپنے دوستوں کو سنایا کرتے اور میں ان کی صحبت میں چپکا بیٹھا سنا کرتا۔ اگرچہ کچھ سمجھ میں نہ آتا لیکن اسلوب بیان کا آہنگ میرے گوش سماعت میں اپنا سحر انڈیلتا رہتا۔

چند سال بعد جب میں اسکول سے نکل کر کالج میں پہونچا تو ایک دوست کے یہاں الہلال کے پرانے فائل دیکھے اور بڑی گرویدگی کے ساتھ ان کا مطالعہ شروع کیا۔ مولانا کے بلند آہنگ مقالوں نے میرے سامنے فکر و نظر کے بہت سارے دروازے کھولے۔ میں ہر کھلے ہوئے دروازے کے پاس آیا اور ہر دروازے سے کچھ نہ کچھ حاصل کیا۔ یہ میری ذہنی زندگی کی صبح تھی جس کا دھندلکا میرے دماغ میں غالب کے مطالعے کے ساتھ پیدا ہوا۔ اور اس کے بعد دوسرے مغربی و مشرقی مفکرین کے افکار کے زیر سایہ دن چڑھتا گیا، دوپہر ہوتی گئی اور اب جب کہ سہ پہر کے بعد شام کی سیاہی میرے ذہن کے اردگرد منڈلا رہی ہے تو میں دیکھ رہا ہوں کہ جتنی روشنیاں ملی تھیں، وہ سب کی سب بجھتی جا رہی ہیں اور یہ محسوس ہو رہا ہے ؎

معلوم شد کہ ہیچ معلوم نہ شد

میرا پورا کنبہ راسخ العقیدہ شیعہ اثنا عشری تھا۔ مجھے مذہب پرستی کی میراث بچپن ہی میں ملی اور مذہب کی محبت نے بہت دنوں تک میرے دماغ کی کھڑکیوں کو بند رکھا۔ اقبال کی ملت پرستارانہ شاعری نے ان میں عقیدت کے قفل ڈالے لیکن نگارین نیاز فتح پوری کی تحریروں نے ان تالوں کو ایک ایک کر کے کھول دیا اور میرے دماغ میں کچھ ایسے روزن پیدا کئے جن سے باہر کی روشنی اندر آنے لگی۔ اور میرا ذہن موروثی عقائد سے نبرد آزما ہونے کے قابل ہو گیا۔ یہی وہ دور تھا جب کہ میں نے غالب کے اس مشورے پر ؎

حسد سے دل اگر افسردہ ہے گرم تماشا ہو
کہ چشم تنگ شاید کثرت نظارہ سے وا ہو

عمل کرتے ہوئے اسلام کے علاوہ دوسرے مذاہب عالم کی کتابوں کا مطالعہ شروع کیا اور چشم تنگ کثرت نظارہ سے وا ہونے لگی۔ میں نے گوتم بدھ، عیسیٰ مسیح، زرتشت اور نانک کی شریعتوں پر بھی غور کیا، ہر ایک کے سامنے عقیدت کے سجدے بکھیرے۔ اسی سلسلے میں غزالی کی "کیمیائے سعادت" اور بزرگان قادیان کے بعض رسائل بھی میرے لئے بصیرت افروز ہوئے لیکن دل کی تسکین کہیں میسر نہ ہوئی۔ مذہب سے مایوس ہو کر میری پیاس مجھے فلسفے کے سرچشموں تک لے گئی لیکن وہاں بھی میری قسمت میں سراب و تشنہ لبی کے سوا کچھ نہ تھا۔ شوپن ہار نے مجھے خدا سے بیزار کر دیا اور یہ بات تو مجھے کچھ دیر بعد سمجھ میں آئی کہ خدا کو اپنے پیمانۂ خرد و شعر سے ناپنا الٰہی ہے اور خدا پر کیا منحصر ہے، کسی بھی انسان کے کردار کو اپنے سود و زیاں کی ترازو پر تولنا، حد درجہ کی کم نظری اور کم ظرفی ہے۔ بہرحال شوپن ہار کے بعد نیطشے اور کانٹ نے بھی مجھے شکوک کے اضطراب میں مبتلا کیا۔ حکیم اسلام علی ابن ابی طالب کے خطبات اور اقوال نے اگرچہ شکوک کے اضطراب کو بہت کچھ کم کر دیا لیکن یقین کی آسودگی مجھے آج تک حاصل نہ ہوئی۔ رومی نے بھی مجھے بصیرت دی لیکن وہ تسکین نہ دے سکے جو اقبال کو انہوں نے دی تھی۔ نیطشے نے مجھے بتلایا کہ عیسیٰ کی تعلیم و تربیت نفس ایک غلامانہ ذہن کی پرورش ہے، لیکن گاندھی کے فلسفۂ عدم تشدد نے اس طلسم فکر و نظر کو باطل قرار دے کر مجھے عیسیٰ کی آغوش محبت میں ڈال دیا مگر ان کے اقوال میں جو اسرائیل پروری کا عنصر تھا اس نے مجھے پوری طرح ان سے مطمئن ہونے نہ دیا۔ میرے اس اضطراب ذہنی کی پرچھائیاں میرے پڑھنے والوں کو میری غزل میں بھی جا بجا ملیں گی۔ مطالعے نے میرے ذہن کی افتاد کو کچھ ایسا بنا دیا تھا کہ مجھے کسی مذہب، کسی نظریے، کسی تحریک سے کلی اتفاق کبھی نہیں ہوا۔ راسخ العقیدہ مسلمان تو بہرحال میں نہ رہ سکا لیکن عیسائیت اور بدھ ازم بھی مجھے پوری طرح نہ اپنا سکے۔ جب حالات نے مجھے صحافت کے ذریعے سیاست سے قریب تر کیا تو گاندھی واد بھی بنا اور کانگریسی اور اشتراکی بھی ہوا اور کارل مارکس کا مرید بھی لیکن میرے ذہن کو سو فیصدی اتفاق کسی نظرے سے نہ ہو سکا۔ کارل مارکس کی تعلیمات سے میں پوری طرح مطمئن ہو جاتا لیکن اس کے پاس انسانی نفس کی تربیت کا کوئی نسخہ نہ تھا اس کے متبعین جو انقلاب لانا چاہتے ہیں وہ طاقت کے بل پر اور عیسیٰ کے تبسم نے مجھے بتلایا کہ جو تلوار

سے اُٹھتا ہے، وہ تلوار سے گر بھی سکتا ہے۔ ایک مستقل انقلاب انسان کے نفس و ذہن کی تربیت ہی سے ممکن ہے، مذہب سے یہ کام کئی ہزار برس میں نہ ہو سکا اور اب وہ اپنی عمر طبعی کی آخری منزلوں میں پہونچ چکا ہے۔ ادیب و شاعر سے شاید یہ کام ممکن تھا لیکن انہیں حسن و عشق کی داستان سرائیوں سے فرصت نہیں۔

گاندھی کے فلسفۂ عدم تشدد پر میرا پورا ایمان ہے اور میں پورے یقین کے ساتھ یہ سمجھتا ہوں کہ تشدد کا استیصال تشدد سے ممکن نہیں۔ اور تشدد ہی کیا کسی برائی کو برائی سے ختم نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن جب معاشرے کے عدم مساوات کا علاج میں نے باپو سے پوچھا تو انہوں نے وہی جواب دیا کہ دولت مند، دولت کا مالک نہیں دولت کا امین ہے۔ کاش مجھے ان سے پوچھنے کا یہ موقع مل جاتا کہ دولت کا امین جب صدیوں تک کسی عہد میں بھی یہ امانت نہ پہونچا سکا تو ایسے خائن ابن خائن سے امانت کیوں نہ چھین لی جائے۔ لیکن سوچتا ہوں کہ شاید وہ میرے سوال کا یہی جواب دیتے کہ چھینی کس طرح جائے؟ کیا تلوار سے؟ اس کی کیا ضمانت ہے کہ جو تلوار آج ہمارے ہاتھ میں ہے وہ کل ان کے ہاتھ میں نہ آئے گی؟ اور وہ چھینی ہوئی چیز واپس نہ لے لیں گے؟ جس کی لاٹھی اس کی بھینس، اگر اس اصول کو مانا جائے تو یہ سلسلۂ دنیا کی عمر طبعی تک دراز ہوتا رہے گا۔ اس مسئلہ کا حل کیسے سمجھا جائے، غرض تشکیک کی بیماری ہر حال میں میرے دماغ پر حاوی رہی۔ سکون تو سکون مجھے کوئی ایسا جنون بھی میسر نہ آ سکا جس کی دھن میں محو ہو کر گرد و پیش سے غافل ہو جاؤں۔ مذہبی جنون یا سیاسی جنون، یا کسی ایک کی محبت کا جنون اگر مجھ پر عمر کے کسی حصے میں طاری ہو جاتا تو میرا گمان ہے کہ مجھے اضطراب ذہنی سے کسی حد تک نجات مل جاتی۔ لیکن اسے عقل کی فراوانی کہئے یا تشکیک کی بے چینی کہ مجھے سکون کیا جنون کی بھیک بھی کسی دروازے سے نہ مل سکی۔ گوتم بدھ نے مجھے بے حد متاثر کیا اور میں خدا اور مذہب سے بے گانہ ہو کر صرف انسانیت کا پرستار ہو گیا جب بھی میں نے خدا کے متعلق پوچھنا چاہا تو گوتم نے مجھے ٹوک کر کہا، یہ معلوم کرنے کی تمہیں کیا ضرورت ہے کہ خدا ہے یا نہیں۔ تم یہ کیوں نہیں معلوم کرتے کہ تمہارے محلے میں جو مفلس عورتیں ہیں اُن کے بدن پر کپڑے ہیں یا نہیں۔ یا تمہارے شہر میں جو غریبوں کے گھر ہیں، اُن کے سرد چولہوں میں آگ ہے یا نہیں۔ گوتم بدھ کے یہاں مجھے سب کچھ ملا، تربیت نفس کا نظریہ بھی، فرد کے ارتقائے روحانی کا پروگرام بھی، لیکن جب بھی میں نے جماعت کی بہبود کا پروگرام اُن سے پوچھا تو وہ مجھے خاموش نظر آئے اور اس کے لئے مجھے پیچھے مڑ کر محمد کی طرف ہی دیکھنا پڑا، جو مجھ سے ایک گز کے فاصلے پر کھڑے میرے اس اضطراب ذہنی پر مسکرا رہے تھے لیکن سوال یہ ہے کہ محمدؐ اور بدھ نے جو کچھ چاہا وہ اُن کے بعد بھی ہو سکا یا نہیں؟ میں تو دیکھتا ہوں کہ بدھ مت نے فقیروں کی ایک فوج بنائی جس نے خدمت دنیا کی جگہ ترک دنیا کو اپنا شعار ٹھہرایا۔ اسلام نے مجاہدوں اور فاتحوں کی ایک امت تیار کی جس نے ملک گیری ہی کو مذہب کی سب سے بڑی خدمت سمجھا ؎

خرد بہ عالم حیرت کہ این چہ بوالعجبی

کتب تاریخ کا مطالعہ بچپن ہی سے میرا مشغلہ رہا ہے اس کی روداد بھی سن لیجئے۔ پہلے کہہ چکا ہوں کہ میرا گھرانہ راسخ العقیدہ شیعہ گھرانہ تھا اس لئے تشیع بچپن ہی سے میرے ذہن میں راسخ رہا۔ میرے ایک بزرگ جو سنی عقیدہ رکھتے تھے، میرے دوسرے بزرگوں سے برابر مناظرانہ بحثیں کرتے رہتے تھے جب اُن کو کوئی نہیں ملتا تو ہم بچوں کو ہی اپنی بحث میں الجھا لیا کرتے — اُن ہی کے فیضان صحبت سے مجھے مناظرے کا چسکا پڑا اور میں نے اسی عمر میں شیعہ سنی مناظرے کی بہت سی کتابیں پڑھ ڈالیں۔ جب اُن سے کوئی فیصلہ کن بات سمجھ میں نہ آئی تو میں نے تاریخ اسلام کی ورق گردانی شروع کی۔ رفتہ رفتہ یہ ذوق یہاں تک پہونچا کہ میں نے اسلامی تاریخ کے عربی ماخذوں تک رسائی حاصل کرنے کی کوشش کی۔ ان کے فارسی، اُردو اور انگریزی ترجمے جو مجھے میسر آئے، سب پڑھ ڈالے جیوں جیوں پڑھتا گیا تسنن اور تشیع کے اختلافات کے سارے راز مجھ پہ کھلتے گئے۔ اور اب اپنی عمر کے خاتمے پر جب کہ فکر و نظر کے طلسم ایک ایک کر کے ٹوٹ رہے ہیں، میں آج بھی دونوں کے متعلق اقبال کی زبان سے یہی کہہ سکتا ہوں کہ ؎

چہ بے خبر ز مقام محمد عربی

مذہب کے سلسلے میں حقیقت کی جستجو نے مجھے مابعد الطبیعاتی مباحث میں بھی الجھا دیا اور میں نے جبر و اختیار اور خیر و شر کے مسائل پر بھی غور کرنا شروع کیا۔ جبریوں اور قدریوں، معتزلہ اور اشاعرہ کی بحثیں بھی پڑھیں لیکن گتھی سلجھنی تھی نہ سلجھی۔ مشکل یہ تھی کہ انسان کو بالکل مجبور سمجھ لیا جائے تو دنیا میں جو برائیاں ہیں اس کا خالق بھی خدا ہی کو سمجھنا چاہئے یا شر کی تخلیق کی ذمہ داری اٹھانے کے لئے ایک اور خدا تصنیف کرنا ہوگا۔ یہ ذہنی کشمکش خدا کی ذات سے صفات کو منسوب کرنے کا ایک منطقی نتیجہ ہے مشکل یہ ہے کہ اگر اس کو قادر مطلق مانئے تو وہ اس دکھ بھری دنیا کا خالق ہونے

کی حیثیت سے رحیم نہیں ثابت ہوتا۔ اور اگر رحیم مانئے تو اس کا قادرِ مطلق ہونا مسلّم نہیں ہو سکتا۔ یہی کشمکش مجھے زرتشت کے پاس لائی، لیکن وہاں پہنچ کر یہ معلوم ہوا کہ دو ازلی خداؤں کا تصور ایران کے قدیم زنادقہ کا تصور تھا۔ زرتشت کے پاس خدا اور ابلیس کا وہی اسرائیلی تصور ہے یعنی اہرمن جس کا اسرائیلی نام ابلیس ہے اس کا خالق خود یزداں ہے۔ لیکن اس کی اس مخلوق نے اس سے بغاوت کی اور وہ آج تک اس بغاوت کا استیصال نہ کر سکا پھر ایک ایسے خدا کی پرستش سے کیا حاصل ہے جو ہم انسانوں کی ہی طرح مجبور ہو۔ اب رہا خیر و شر کا سوال، یہ خیر حالات کے ماتحت شر ہو جاتا ہو اور وہ شر جسے حالات کبھی خیر بھی بنا دیتے ہوں، ان کی نفسیاتی بنیادوں پر بھرپور بحث کر کے نیکی اور بدی کا کوئی تشفی بخش تصور کیسے قائم کیا جا سکتا ہے۔ الغرض میرے ذہن کی بے چینی بڑھتی گئی اور میں نے مسئلۂ وحدت الوجود میں بھی اس بے چینی کا علاج ڈھونڈھنا شروع کیا۔ لیکن مجھے یہ مسئلہ خدا کے وجود سے ایک مؤدب اور محتاط انکار نظر آیا۔ ایک ایسا خدا جو ہماری ذات سے ایک علیحدہ ذات نہ ہو، جو غیر مادّی ہونے کے بجائے تشخص کی ہلکی سی پرچھائیں بھی نہ رکھتا ہو، ذہنِ انسانی میں خدا کی حیثیت سے کیسے سما سکتا ہے۔؟ یہی وہ مسئلہ ہے جس میں میرا ذہن غالب کے ساتھ نہ چل سکا۔ محی الدین عربی کی تصنیفات میری دسترس سے باہر تھیں۔ ان پر جو مقالے مجھے اردو میں ملے، ان سے اس عقیدے کی تسکین بخش تشریح نہ مل سکی۔ صوفیا اس راہ میں خود گم ہیں، میری رہنمائی کیا کرتے؟ اس سلسلے میں میں نے فلسفۂ ہنود سے بھی قریب ہونے کی کوشش کی، لیکن وہ بھی اسلامی صوفیوں کی طرح وجود و شہود کے چکر میں کھوئے کھوئے نظر آئے۔ تاہم معاد کا آریائی تصور مجھے اسلامی و اسرائیلی تصور کے مقابلے میں زیادہ قرینِ قیاس اور تشفی بخش نظر آیا اور میں آواگون کے عقیدے سے تسکین کی بھیک مانگنے لگا لیکن اس میں بھی میں سزا اور جزا کے تصور کا قائل نہیں، بلکہ ہر زندگی کو روح کی ایک منزلِ تربیت سمجھتا ہوں۔ ایک روح کی ارتقاء کے لیے کسی زندگی میں اس کا منعم ہونا اور کسی زندگی میں گدا ہونا ضروری ہے۔ بقول ابنیؔ رضوی ؎

مجھے کچھ تجربے ہر رنگ کے دامن میں بھر چلنا

اگرچہ اس زندگی کے بعد کوئی دوسری زندگی ہے بھی یا نہیں؟ یہ سوال خود محلِ نظر ہے لیکن اگر اس زندگی کے بعد دوسری زندگی نہیں تو یہ تجربے کس لئے؟ اس قسم کے بہت سے سوالات میرے دماغ کو پریشان کرتے رہے اور یہ بات تو مجھے جوشؔ ملیح آبادی نے سمجھائی کہ جو مسائل ہمارے دائرۂ ادراک سے باہر ہیں، جن تک ہم اپنے حواس کے ذریعے پہونچ نہیں سکتے۔ ان کے متعلق سوچنا پہلی حماقت ہے اور اگر کوئی اس حماقت پر ذہنی حیثیت سے مجبور رہے تو اس سلسلے میں کسی عقیدے کا انکار یا اقرار دوسری بڑی حماقت ہے۔ اس حماقت کا ارتکاب کئے بغیر ہر حال میں خوش رہنے کا نام ہی زندگی ہے۔ لیکن اپنے کو خوش رکھنے کے لئے، دوسرے کی خوشی کا لحاظ نہ کرنا کہاں تک مناسب ہے۔ اس سوال کے ساتھ مابعد الطبیعاتی مباحث کا رشتہ، فلسفۂ اخلاقیات سے جڑ جاتا ہے۔ اگر اخلاقی حس ہے تو آزاد زندگی کی مشکلات یہیں سے شروع ہو جاتی ہیں۔ اگرچہ میں نے جوشؔ کے مشورے سے ذہن کی وہ تمام کھڑکیاں بند کر دیں، جن سے علمی مسائل اس میں داخل ہوئے تھے۔ لیکن چور چوری سے باز آئے ہیرا پھیری سے کب باز آتا ہے؟ جب میں نے دماغ شکن مسائل سے گھبرا کر ناولوں اور افسانوں کے مطالعوں میں اپنے ذہن کو گم کرنا چاہا تو اس ہلکے پھلکے مطالعے کے سلسلے میں بھی بعض افکار نے چور دروازے سے میرے ذہن میں داخل ہو کر اسے بے چین کرنا شروع کیا اور بے چینی میرا مقدر ہو کر رہ گئی۔

طویل اور مختصر کہانیوں کے مطالعے نے ہر حال میں میرے اخلاقی شعور کو بیدار کیا، اور مجھ میں خود احتسابی کی عادت پیدا کی۔ ناولوں میں مجھے اناطول فرانس کے ناول تائیس نے بے حد متاثر کیا، اور عبادت و ریاضت کی بے حاصلی مجھ پر ثابت کی۔ ہارڈی کے ناول میں زیادہ نہ پڑھ سکا کیونکہ میں نے محسوس کیا کہ یہ مصنف مجھ سے جینے کا حوصلہ چھیننے لے رہا ہے اور جینے کے لئے امیدوں کے سراب پر کچھ نہ کچھ اعتقاد رکھنا، زندگی کی ایک نفسیاتی ضرورت ہے۔ ٹالسٹائی سے بھی میری صاحب سلامت دور ہی کی رہی، ان کے کسی ناول نے میرے ذہن پر کوئی گہری چھاپ نہیں چھوڑی۔ ان کے مقابلے پر ہم چند کے بعض ناولوں نے میرے خوابیدہ اور نیم خوابیدہ شعور کو جھنجھوڑ کر جگا یا جیسے جوانسں، ذہن کی تربیت نہیں کرتا، ذہانت کا امتحان لیتا ہے، اور میں امتحان دینے کے لئے تیار نہ تھا۔ اس لئے اس کی حضوری مجھے حاصل نہ ہو سکی۔ اس کے اُردو مقلدین کی تحریروں نے مجھے اور بھی اس سے وحشت زدہ کر دیا۔ برناڈ شا نے میرے دماغ کے بہت سے جالے صاف کئے، لیکن جب بھی میں نے اس کے کسی ڈرامے کو پڑھا تو اس نتیجے پر پہونچا کہ مصنف کے پاس دماغ ہی دماغ ہے، دل ایسی کوئی چیز اس کے پاس نہیں۔ اس لئے وہ کمزوری سے نفرت تو کر سکتا ہے، ہمدردی نہیں کر سکتا۔

_____ اس میں شک نہیں کہ عدل

کے مقابلے میں نفرت اور محبت انسان کی دو نفسیاتی کمزوریاں ہیں۔ محبت محبوب کا عیب نہیں دیکھ سکتی اور نفرت، دشمن کا ہنر دیکھنے سے قاصر ہے۔ ایک عظیم انسان کو دونوں سے بلند ہونا چاہئے لیکن وہ قصور بصیرت جو محبت کی بنا پر ہو اُسے تو میں معافی دے سکتا ہوں لیکن جو کم ہمتی اور بے باکی نفرت کی بنیاد پر ہو، اس کے معاف کرنے پر میں اپنی طبیعت کو آمادہ نہیں کر پاتا۔ اس لئے برناڈ شا سے میں مرعوب تو ہوا متاثر نہ ہو سکا۔ اس سے بہرہ مند تو ہوا لیکن عقیدت اس سے اور اس کے جیسے آدمیوں سے آج تک نہ ہو سکی۔ شاید عقیدت کا مزاج، محبت کے مزاج سے بھی نازک ہے۔ ہم عصر مصنفین اور شعراء میں کم و بیش میں ہر ایک سے کچھ نہ کچھ مستفیض ہوا۔ سب سے آخر میں قرۃ العین کے آگ کے دریا کی ابتدائی لہروں نے مجھے بے حد متاثر کیا لیکن جہاں سے اُن کی یہ طویل کہانی عہدِ وسطیٰ سے نکل کر عہدِ حاضر میں داخل ہوئی، وہاں سے مصنفہ اپنے من بھاتے ماحول میں گم ہو گئیں اور اپنی داستان کے مقصد اور تقاضوں کو بھی گم کر دیا۔ مسئلہ خیز اور فکر انگیز ناول جب میرے تھکے ہوئے دماغ پر بارِ گراں ثابت ہونے لگے تو مجھے سستے قسم کے ناولوں میں پناہ لینی پڑی۔ ان میں الہ آباد کی رُومانی دنیا کا سلسلہ میرے لئے مرغوب خاطر ہوا۔ مثل مشہور ہے کہ کوڑے میں بھی موتی مل جاتے ہیں۔ رومانی دُنیا کے دو مصنفین شاہد اختر، اور ابنِ سعید کے بعض ناول مجھے خاصے کی چیز معلوم ہوئے۔ یہ ملک کی انتہائی بدنصیبی ہے کہ اس کے بہترین ذہن اپنے گھر کے چولہوں کے ایندھن بن رہے ہیں اور عوامی مانگ کا لحاظ کر کے خود ایسی چیزیں لکھ رہے ہیں جو اُن کے معیار سے بھی نیچی ہیں۔

اُردو کے کلاسیکل مصنفین کا احسان بھی مجھ پر کم نہیں ہے۔ سرشار نے مجھے زبان سکھائی، شبلی، محمد حسین آزاد، ابوالکلام آزاد، سجاد حیدر یلدرم اور مہدی افادی نے مجھے سوچنے اور لکھنے کا ڈھنگ سکھایا۔ متقدمین شعراء میں میری قصیدہ نگاری کا شوق، سودا، ذوق، خاقانی اور عرفی کا رہینِ منت ہے۔ آخیر میں صفی اور عزیز کی نظموں اور قصیدوں کے مطالعے نے میرے ذوقِ سخن کی کچھ آراستگی کی۔ غزل گوئی میری غالب کے علاوہ درد، آتش، مومن شاد اور فارسی شعراء میں حافظ، نظیری اور بیدل کے احسان سے سبکدوش نہیں ہو سکتی۔ میر سے مجھے فیض صرف اسی وقت حاصل ہوا جب میں نے کچھ دنوں کے لئے کسی سے عشق کیا۔ لیکن ذہن کی یہ انفعالیت میرے لئے کبھی دیرپا ثابت نہ ہو سکی۔ محفل میں ہر حال میں میر کو غزل کا ایک خدا سمجھتا ہوں۔ مثنویوں میں گلزارِ نسیم اور زہرِ عشق بچپن سے میرے کسبِ ذوق کا سرچشمہ رہیں۔ داغ کا تغزل بھی میرے لئے شوق افزا رہا لیکن ان کے رنگ کا ایک شعر بھی باوجود کوشش کے کہہ نہ سکا۔

میری ذہنیت کی تعمیر میں مطالعے کے علاوہ، بزرگوں کا فیضانِ صحبت بھی شاملِ ہے۔ اُستاد محترم مولانا رضا علی وحشت کی صحبت نے میرے ذوقِ شعری کو بہکنے نہ دیا۔ میری عجلت پسندی کو دائرہ اعتدال میں رکھا اور مجھے فنی بصیرت عطا کی۔ اِن کے علاوہ میں آغا حشر کاشمیری، حکیم ناطق، آرزو لکھنوی، نصیر حسین خیال، مولانا ابوالکلام آزاد، جوش ملیح آبادی، مرزا یاس عظیم کشفی، اعجاز حسین جعفری، اور سب سے آخر میں قاضی عبدالودود کی صحبتوں سے فیضیاب ہوا۔ ان صحبتوں میں میرے ذہن کے بعض دریچے بند ہوئے اور بعض کھلے۔ میں جب بھی اُن بزرگوں کے پاس سے اُٹھا اپنی جھولی میں کچھ نہ کچھ لیکر اُٹھا۔ انصافی ہوگی اگر میں یہاں پہونچ کر ان دوستوں کو بھول جاؤں جن کے ہاتھ میری شخصیت کی تعمیر میں ارادی یا غیر ارادی طور پر شامل رہے۔ میرے سینئر قسم کے احباب میں مولانا رزاق ملیح آبادی، مولانا شائق احمد عثمانی، پروفیسر محفوظ اور میرے ہم عمر دوستوں میں سید انوار احمد، رفیع الدین ہاشمی، طاہر رضوی، شبلی ابراہیمی، اجتبیٰ رضوی اور پرویز شاہدی کا نام ناقابلِ فراموش ہے۔ طاہر رضوی نے دین مجوس سے میرا تعارف کرایا۔ شبلی ابراہیمی نے مجھ میں سیاسی شعور جگایا۔ کارل مارکس سے میری ملاقات انہی کی رہینِ منت ہے۔ اجتبیٰ رضوی نے مجھے فلسفے اور تصوف کی چاٹ ڈلائی اور مجھے دشتِ تحیر میں تنہا چھوڑ کر خود خانقاہِ بے خودی یا خودی میں گوشہ نشین ہو گئے۔ میرے شاعر دوستوں میں آصف بنارسی، قمر صدیقی اور عباس علی خاں بیخود کے ذوقِ سخن کا میرے ذوقِ سخن پر بڑا احسان ہے۔ مولانا سعید احمد اکبر آبادی نے بھی اپنے دورانِ قیام کلکتہ میں اپنے تحقیقی اور علمی خزائن سے مجھے حصہ دیا۔ مجھ سے جونیئر دوستوں میں اختر اور نبوی اور بہاء الدین کا نام بھی بھلایا نہیں جا سکتا۔ جن کی صحبت میں آج بھی مرے افسردہ ذہن کو کچھ نہ کچھ مل ہی جاتا ہے۔ مجنوں گورکھپوری سے میری دوستی بہت پرانی ہے لیکن ان سے میری جب بھی ملاقات ہوئی، ان کے قنوطیت نے میرے علمی اور ادبی ذوق کو پست ہمتی ہی عطا کی۔ ان کے مقابلے میں آل احمد سرور نے میری بیمار خودی کو اپنی حوصلہ افزائیوں سے صحت بخش انجکشن دیئے اور ان کے اس احسان کی وجہ سے میں انہیں اپنا دوست سمجھا، دوستی کے معاملے میں میں خاصا خوش فہم ہوں۔ یہی خوش فہمی مجھ سے جوش ملیح آبادی کے بارے میں بھی سرزد ہوئی۔ بات یہ ہے کہ میں نے عمر بھر دوستی ہی کی بھینسی عشق کے راستے پر میرے قدم کبھی آگے نہ بڑھ سکے۔ اور اس کے لئے میں اپنی طبیعت کی کاہلی کا ممنون ہوں۔

کاہلی سے جو خدا کو نہ کرے سجدہ وہ سر ؛ رحمتِ شوق کرے پائے بتاں تک پہنچے

معشوقوں کی جگہ میں نے دوستوں ہی سے عشق کیا، اُنہیں کی کم نگاہی اور کم التفاتی کا نوحہ خواں رہا اب اُسے میری بدنصیبی کہئے یا اُن کی ناحق شناسی کہ احسان اُن میں سے ہر ایک نے مجھ پر کیا لیکن محبت جس چیز کا نام ہے وہ کسی ایک نے بھی مجھے آج تک نہ دی۔ آخر میں میری تشنگی اپنی ناآسودگی پر قانع ہو کر ہر گھاٹ سے کنارہ کش ہونے کی کوشش کرنے لگی — زندگی کی آخری سرحد پر پہونچ کر اب میں محسوس کر رہا ہوں کہ محبت جنسی ہو یا غیر جنسی، عزیزانہ ہو یا دوستانہ بہرحال ایک نفسیاتی کمزوری ہے لیکن کیا کروں کہ اپنی اس نفسیاتی کمزوری پر اب تک قابو نہ پا سکا۔ آج بھی جب کوئی چمکار دیتا ہے تو میری طبیعت سگِ بے کینہ کی طرح اُس کے قدموں میں لوٹنے لگتی ہے۔ دو بزرگ قسم کے شاگردوں کا بھی مجھ پر احسان ہے، جس کا بھول جانا احسان فراموشی ہوگی۔ اُن میں سے ایک تو برادر محترم مسٹر علی اکبر کاظمی مرحوم ہیں اور دوسرے شفیق مکرم آغا محمود شاہ نشتر کاشمیری مرحوم۔ اِن بزرگوں نے ازراہ شفقت اپنا کلام مجھے بنانے کو دیا اور اس سلسلے میں ایک ایک مصرعے کو مجھ سے اس طرح منجھوایا جیسے کوئی سخت گیر آقا اپنے سست ملازم سے کسی برتن کو بار بار منجھوائے نتیجہ یہ ہوا کہ ان کے اشعار کے بنانے کے سلسلے میں خود اس طرح بن گیا جس طرح ذوق مرزا آلہی بخش معروف کی اصلاحِ سخن کے سلسلے میں بنے تھے۔

یہ ہے میری ذہنی اور جذباتی زندگی کا سفرنامہ جس میں اگر تفصیل کی گنجائش ہوتی تو میرے پُرسانِ حال کو میری پوری سوانح عمری بھی اس میں مل جاتی۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ نہ بہ حیثیت شاعر میری کوئی شخصیت بنی اور نہ بہ حیثیت مفکر میں نے تاریخ کے مطالعے میں عمر کا ایک حصہ گنوایا اور مورخ نہ بن سکا۔ عمر بھر کا سوچ وچار مجھے فلسفی نہ بنا سکا۔ میں نے کانگریسی تحریک میں حصہ لیا، نوکری چھوڑی اور جیل گیا لیکن ایک سیاسی آدمی بننے کی ہمت مجھ میں نہ پیدا ہو سکی۔ اب جبکہ عمر پینسٹھ کے قریب ہو چکی ہے۔ میرے سامنے تاریکی کا ایک بے کراں سمندر ہے اور میری حقیر بینائی آج بھی اس میں غوطے لگا رہی ہے۔ سفر ختم ہے اور منزل قریب ہے۔ میری پٹھ تجربات کے بوجھ سے ٹوٹ رہی ہے۔ اُسے کہیں پھینک دینا چاہتا ہوں لیکن کہاں پر پھینکوں اور کس طرح پھینکوں۔ لوگ کہتے ہیں کہ تم کچھ لکھتے کیوں نہیں میں سوچتا ہوں لکھوں تو کیا لکھوں۔ کون سی نئی بات ہے جسے میں دوسروں تک پہنچاؤں۔ شاید یہ بھی میری کاہلی کی متعلق ہو، جو یقیناً نتیجہ ہے میرے ضعف اعصاب کا ؎ المقصد نہ در پئے ہو ہمارے کہ نہیں ہم

غزل

اعجاز صدیقی

فکر اگر تہذیبِ عصرِ نو کی زائیدہ نہیں
فن کے سانچے کچھ بھی ہوں لیکن پسندیدہ نہیں

تو نے جو کچھ بھی دیا، اُس کو سر آنکھوں پر لیا
اے غمِ امروز، ہم تجھ سے تو رنجیدہ نہیں!

خواب گاہوں تک مسلسل آ رہی ہیں آہٹیں
جسم خوابیدہ ہیں، لیکن ذہن خوابیدہ نہیں

کون انہیں پوجے، جھکائے ان کے آگے کون سر!
راہ کے پتھر ہیں، اصنامِ تراشیدہ نہیں!

ہے پیامِ انقلابِ تازہ، ہر پیچیدگی!
اس سے کب انکار ہے، حالات پیچیدہ نہیں

کیا نہیں بازار میں طاقوں کی زینت کے لئے؟
وہ کھلونے توڑ ڈالو، جو پسندیدہ نہیں

ہیں کچھ ایسے لوگ، سُونا پن جنہیں مرغوب ہے
ہم مگر شیدائے تنہائی کے گرویدہ نہیں

یوں تو صدیوں کی پرانی ہے کتابِ زندگی
لفظ کچھ دھندلے سہی، اوراق بوسیدہ نہیں

بارہا گزرے ہیں ان سے آبلہ پایانِ شوق
کوئی منزل اور کوئی راہ نادیدہ نہیں

دیکھنا ہے، کون اب کس کا اُڑاتا ہے مذاق؟
وقت سنجیدہ ہے، لیکن لوگ سنجیدہ نہیں

جن پہ پردے ڈالنے کی ہو رہی ہیں کوششیں
ہم سے وہ حالات بھی اعجاز پوشیدہ نہیں!

وقار خلیل



۲۷ مئی ۱۹۶۴ء

(بیادِ نہرو)

وہ دن ہے آج کا دن
گلستانِ دانش سے
وفا کا پھول جدا ہو کے شاخ سے جس دم
فروغِ ماہ کی صورت فضا میں بکھرا تھا
ملوں میں، کھیتوں میں، دفتر میں درس گاہوں میں
جنونِ عقل کی پُر پیچ رہگزاروں میں
اُسی کے لمس کی خوشبو، اُسی نظر کی مہک
سحر شناس دریچوں میں اس کا چہرہ ہے
فشارِ شب سے جو نکھرے وہی سویرا ہے
وہ روشنی، وہ حرارت، وہ زندگی کا خمار
مئے نشاطِ تمنا سے جس کا دل لبریز
وہ ماہِ ہند، وہ نخلِ وفا، گل گیتی
مہک رہا ہے نئی نسل کے دماغوں میں
چمک رہا ہے چھلکتے ہوئے ایاغوں میں
وہ دن ہے آج کا دن، گلستانِ دانش سے
وفا کا پھول جدا ہو کے شاخ سے جس دم
فروغِ ماہ کی صورت فضا میں بکھرا تھا۔

بنال چرخ بذاکر حسین زبدۂ جود

۱۹۶۹

حیف آخر شد دریغ[1] کاینات
۱۹۶۹ء

عالم آرامے، بنیل[2] دیں گذشت
۱۹۶۹ء

مغفرت بادا بہ سند ہندیاں
۱۹۶۹

صیقل[3] صد انقلاب ما گذشت
۱۹۶۹

باد غفراں باد بر صدر حسین
۱۹۶۹

زیب فردوس فنا از ما گذشت
۱۹۶۹

آمدی چوں ناظم قوم قلوب
۱۹۶۹

چوں شدی مہ[4] سایۂ جامے گذشت
۱۹۶۹

شد امور باری کل محو ذات
۱۹۶۹

آمرے حق جوئے آفاقے گذشت
۱۹۶۹

بدنشاء[5] بخشش روح القدس
۱۹۶۹

صاحب اولی، سر عالم گذشت
۱۹۶۹

رحمت کل صقلب[6] ذاکر حسین!
۱۹۶۹

زمزمہ پردازیٔ طورے گذشت
۱۹۶۹

نیر اقبال و صد قرنے[7] نہفت
۱۹۶۹

جلوۂ صدق و صفا قالب گذشت
۱۹۶۹

بہر استقبال می آیند حوران بہار
۱۳۸۹

پیکر طیب و عطا، جلوہ گہ عالم گذشت
۱۹۶۹

اقبال احمد اعظمی ایم، اے ایل ایل بی اطاب جدہ
۱۳۸۹

۱ زرہ، خود لباس حربی۔ ۲ معزز، مکرم ۳ محرک، ۴ جام جہاں نما ۵ منشا، مرکز، مکان، محفوظ
۶ شہر آبادی ۷ زمانہائے دراز، صدیوں

آفاق احمد

غالب کے نو دریافت خطوط



مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اِن خطوط کے تفصیلی تعارف سے قبل چند سطور میں مکتوب علیہ یعنی مولانا عباس رفعت کا مختصر سا تعارف کرا دیا جائے۔

رفعت ۳۰ مئی ۱۸۲۶ء کو بنارس میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے اپنے ذی علم والد شیخ احمد یعنی مصنف نفحۃ الیمن اور دیگر اساتذہ سے عربی و فارسی میں استعداد کاملہ بہم پہنچائی۔ اسی کے ساتھ جملہ علوم حرب میں کمال حاصل کیا۔ غالب کے بھوپال سے متعلق شاگردوں میں رفعت کا علمیت و ذکاوت کے معاملے میں کوئی ثانی نہیں ملتا۔



مولانا عباس رفعت

مالک رام صاحب نے غالب کی شاگردی اختیار کرنے کے بارے میں لکھا ہے کہ "یہ دہلی آئے اور یہاں بہادر شاہ ظفر کے دربار میں رسائی حاصل کی۔ مرزائی، فانی اور ابوالفضل دوراں کے خطاب عطا ہوئے۔ ان ہی ایام میں غالب سے ملاقات ہوئی اور انہوں نے اپنے فارسی کلام اور قصائد پر بالخصوص اُن سے اصلاح لی"۔ لیکن رفعت کا ایک مخطوطہ "نور دیدہ" بھوپال کے اسمٰعیل کتاب گھر میں موجود ہے اور اسی کی صاف نقل سیفیہ کالج کے اُردو شعبہ میں موجود ہے۔ یہ نقل خود رفعت کے قلم سے ہے۔ اس مخطوطہ میں رفعت نے صفحہ ۵۱-۵۲ پر غالب کے بارے میں مختصر تذکرہ تحریر کیا ہے اس میں وہ رقم طراز ہیں۔

"راقم الحروف غائبانہ بدید کلام مبنیش معتقد گشت و از دور سر فرود آوردہ در حلقہ شاگرداں زانو شکست۔ جناب ممدوح از راہِ اخلاق بے پایاں مانند حکمائے اشراقیان چند مرتبہ توجہ دلی فرمود و اشعار بندہ را کہ ذریعہ نیایش نامہ ہا فرستادہ بودم اصلاح نمود"

مذکورہ بالا عبارت "نور دیدہ" کے دونوں قلمی نسخوں میں موجود ہے۔ لیکن صاف والے نسخہ میں حاشیہ میں بعد کو یہ عبارت بھی بڑھائی گئی ہے: "و چوں کشش آب و دانہ اتفاق رفتم بدہلی شد از ملاقات جناب غالب بہر در شدم و مورد الطاف شان گشتم"

یہاں یہ امر ملحوظ خاطر رہے کہ رفعت نے یہ تذکرہ غالب کی وفات کے بعد لکھا ہے۔ سوال یہ اٹھتا ہے کہ اُنہیں دہلی کا جانا اور غالب سے ملنا جب "نور دید"

پہلی بار تحریر کر رہے تھے تو کیوں یاد نہیں آیا اور پھر جب اُسے صاف کیا تو بھی اُنہیں اس کی تحریر کا خیال کیوں پیدا نہیں ہوا۔؟ پھر اضافہ شدہ عبارت سے پہلے کا جو حصّہ ہے وہ واضح طور پر غائبانہ غالب کا کلام دیکھنے اور معتقد ہو کر اُن کے حلقۂ شاگردان میں شامل ہونے اور خط و کتابت کے ذریعہ فارسی کلام پر اصلاح کا اظہار ہے۔

یہ تو تھی رفعت کے غالب کا شاگرد بننے کی داستان: بعد میں رفعت کے مرزا سے دوستانہ مراسم بھی ہو گئے تھے اور دونوں میں باقاعدہ خطوط کا بھی تبادلہ ہونے لگا تھا۔ خود رفعت نے فخریہ کہا ہے۔ ع

بود غالب دہوی از زمرۂ یاران من

رفعت ۶۰ سے زیادہ تصانیف نظم و نثر کے مصنف تھے۔ انہوں نے علم و ادب کے ہر گوشہ پر قلم اٹھایا اور سچ تو یہ ہے کہ حق ادا کر دیا۔ ۱۳۶۵ھ میں انہوں نے بھوپال میں انتقال کیا۔ آیئے اس تعارف کے بعد، جو چند سطور تک محدود نہ رہ کر قدرے طویل ہو گیا ان خطوط کا جائزہ لیں جو "آج کل" کے توسط سے پہلی بار ہندوستان کے ادب دوستوں کے سامنے پیش ہو رہے ہیں۔

غالب کے اِن خود نوشت نو دریافت اردو خطوط میں پہلا خط ۲ اگست ۱۸۶۱ء کا لکھا ہوا ہے۔ اس میں غالب نے رفعت کے عربی قصیدے کی رسید اور فارسی کلام پر اصلاح کا ذکر کیا ہے۔ اس خط کی عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ رفعت نے مرزا سے شکایت کی تھی کہ مرزا نے اُن کے کسی خط کا جواب نہیں دیا جس کے جواب میں غالب نے لکھا ہے کہ "کون سا خط آیا کہ میں نے اس کا جواب نہیں لکھا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ غالب اور رفعت میں باقاعدہ خط و کتابت تھی اور مرزا، رفعت کو فوراً جواب دیتے تھے۔ پورا خط مندرجہ ذیل ہے۔



نو دریافت خطوط کا اہم ترین خط وہ ہے جو ۴ نومبر ۱۸۶۱ء کو رفعت کو تحریر کیا تھا۔ اس خط میں غالب نے اپنے دل کی وہ کیفیت بیان کی ہے جس کی وجہ سے غدر کو چار سال بیت جانے کے بعد بھی اُن کا دل ڈوبا جاتا تھا۔ اس خط کا مزاج بالکل اُس خط جیسا ہے جو مرزا نے منشی ہرگوپال تفتہ کے نام تحریر کیا تھا اور جس کا پہلا اور آخری جملہ یہ ہے۔

"پھر جب سخت گھبراتا ہوں اور تنگ آ جاتا ہوں تو یہ مصرع پڑھ کر چپ ہو جاتا ہوں۔"

"اے مرگِ ناگہاں! تجھے کیا انتظار ہے"

... ہائے! اتنے یار مرے کہ جواب میں مروں گا تو مرا کوئی رونے والا بھی نہ ہوگا۔ انا اللہ و انا الیہ راجعون [1]

"وہی درد، وہی کرب جو مرزا تفتہ کے خطوں میں پایا جاتا ہے اس نو دریافت خط میں بھی ہے۔ نیز بقرائن خط سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جب مرزا نے رفعت کو یہ خط لکھا اس وقت یوسف علی خاں بھی موجود تھے۔ اُن کے ساتھ ہی مرزا نے رفعت کا یہ خط ختم کیا اور آخر میں یوسف علی خاں کا سلام بھی لکھ دیا۔ اس خط سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس زمانے میں رفعت نے مکان تبدیل کر دیا تھا اور ریت گھاٹ کے چوراہے پر اپنے ذاتی مکان میں رہنے لگے تھے اور غالب کو نیا پتہ لکھا تھا جس کا ذکر غالب نے خط کے آخری حصّہ میں کیا ہے۔

خط کا عکس ملاحظہ کیجئے اگلے صفحہ پر

---

* جناب امتیاز علی خاں صاحب عرشی "مکاتیب غالب" دِرسی ایڈیشن مطبوعہ ۱۹۴۵ء میں تحریر فرماتے ہیں۔ مرزا صاحب کی تحریروں میں پرانی علامات اوقاف کا استعمال بھی پایا جاتا ہے۔ ۵ سپراگراف کے آخر میں اکثر یہ علامت (۵) لکھتے ہیں۔ جو لفظ فقط کی طغرائی شکل ہے۔ کبھی (۱۲) کا ہندسہ بھی اس مقصد کے لئے استعمال کرتے ہیں جو لفظ "حد" کے عدد ہیں۔" ص ۲۲۹

خود مرزا غالب نے مرزا غلام علی بیگ مہر کے نام اپنے ایک خط میں (۱۲) کے ہندسے کے سلسلے میں اس طرح رقم کیا ہے: "صاحب بندہ، اثنا عشری ہیں، ہر مطلب کے خاتمہ پر ۱۲ کا ہندسہ لکھا کرتا ہوں خدا کرے میرا بھی خاتمہ اسی ہندسے پر ہو۔" خطوط غالب (حصّہ اوّل) مرتبہ غلام رسول مہر ص ۲۲۶

[1] خطوط غالب مرتبہ مالک رام مطبوعہ ۱۹۶۲ء ص ۴۲-۴۳



آخری خط فارسی میں لکھا ہوا ہے۔ یہ خط کئی لحاظ سے بڑی اہمیت کا مالک ہے یہ خط غالب کے خطوط کے مجموعے پنج آہنگ، کلیات نثر فارسی، انشائے نورچشم (دیار محمد خاں مشوکت) نوردیدہ قلمی نسخہ رفعت بھوپال میں موجود ہے لیکن اب اصل خط کے مل جانے سے ان کتب میں جو اختلافات تھے اُن پر نئی روشنی پڑتی ہے۔ اس خط کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ جناب امتیاز علی صاحب عرشی نے اپنے مرتبہ "مکاتیب غالب" کا دیباچہ تحریر فرمایا تو مرزا کے فارسی مراسلت ترک کر کے صرف اُردو میں خط و کتابت کرنے کے باب میں بطور ثبوت جو فارسی خط نقل کیا وہ یہی رفعت بھوپالی کے نام لکھا ہوا غالب کا خط تھا۔

عرشی صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

"سنہ ۱۸۵۸ء (۱۲۶۱ھ) میں یہ عزم تھا کہ اب فارسی آمیختہ و ناآمیختہ بتازی کو ترک کر کے سادہ اُردو میں اظہار مطالب کریں گے۔ کیونکہ فارسی کے لئے جس فراغ خاطر و قوت دماغ کی ضرورت تھی۔ غلبۂ پیری کے سبب سے میرزا صاحب اس سے محروم ہو چکے تھے۔" [1]

اس کے بعد عرشی صاحب نے جنونِ پرطوی کے نام لکھے اردو کے خط سے اور رفعت بھوپالی کے نام لکھے فارسی خط سے اقتباسات پیش کئے ہیں اور یہ نتیجہ اخذ کیا ہے۔

ان دونوں خطوں میں مرزا صاحب نے ترکِ فارسی کا سبب غلبۂ رنج و غم اور ضعف پیری کو قرار دیا ہے۔" [2]

فروری ۱۹۵۰ء میں عرشی صاحب کا ایک مضمون غالب کے فارسی خطوط (ایک نئی تحقیق) "رسالہ ماہ نو" کراچی میں شائع ہوا۔ اس میں پہلی بار عرشی صاحب نے پنج آہنگ اور کلیات نثر فارسی اور دوسرے مجموعوں میں شائع شدہ غالب کے خطوط کے اختلافات پر سیر حاصل تبصرہ کرتے ہوئے اس رائے کا اظہار کیا کہ — چونکہ غالب کے فارسی خطوط کا بڑا حصہ ابھی تک اپنی اصلوں سے جدا ہے اس لئے نہیں کہا جا سکتا کہ اس میں دانستہ و نادانستہ کتنی معنوی تحریف ہو چکی ہے۔ اس انکشاف کا تقاضا یہ ہے کہ فارسی خطوں کی اصلیں تلاش کرنے کی زیادہ کوشش کی جائے تاکہ ایک طرف تو یہ اندازہ ہو سکے کہ مرزا صاحب کے ذوق فارسی میں کب کب اور کیا کیا تغیر ہوا اور دوسری طرف اُن کی سیرت کے تعین اور سوانح حیات کی ترتیب میں آسانی ہو جائے۔" [3]

جب غالب کا یہ خط مجھے ملا تو میرے ذہن میں عرشی صاحب کی یہی عبارت تھی میں نے تقابلی نقطۂ نظر سے اس خط کا جائزہ لیا تو انکشاف ہوا کہ نہ صرف یہ کہ کلیات نثر غالب اور انشائے نورچشم کی عبارت میں اکثر جگہ اختلاف ہے بلکہ یہ اختلاف نوردیدہ میں تحریر کے خطا اور اصل خط میں بھی ہے (حالانکہ نوردیدہ خود رفعت کی نقل کی ہوئی ہے) ویسے کلیات نثر غالب اور انشائے نورچشم میں ۱۹ جگہ اختلاف ہے جبکہ انشائے نورچشم اور نوردیدہ میں اصل خط کو سامنے رکھ کر نقل کی گئی ہے اور یہ اختلاف صرف دو جگہ ہے۔ جبکہ اصل خط اور نوردیدہ میں بھی اختلاف کی نوعیت کم و بیش یہی ہے۔

اصل خط کا عکس اگلے صفحے پر ملاحظہ کیجئے

زیرِ نظر خط میں موجود اختلافات دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ انشائے نورچشم اور نوردیدہ میں قریب قریب اصل خط ہی نقل کیا گیا ہے۔ [4] البتہ کلیات نثر غالب اور اصل خط میں کافی اختلاف ہے اس اختلاف کے دو وجوہ ہو سکتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ غالب نے رفعت سے اس مکتوب کی نقل طلب کی ہو اور رفعت نے یہ تبدیلیاں کر کے نقل ارسال کی ہو۔ دوسری وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ یہ تبدیلیاں خود غالب کی رہینِ منت ہوں۔ آخری وجہ ہی درست نظر آتی ہے کیونکہ رفعت نے تبدیلیاں کی ہوتیں تو انشائے نورچشم اور نوردیدہ میں بھی کرتے جبکہ ہر دو بہر حال کلیاتِ نثر غالب کے بعد منظرِ عام پر آئیں۔

---

[1] مکاتیب غالب دری ایڈیشن مطبوعہ ۱۹۴۵ء صفحہ ۱۵۷

[2] مکاتیب غالب دری ایڈیشن مطبوعہ ۱۹۴۵ء صفحہ ۱۵۸

[3] رسالہ "ماہ نو" کراچی غالب کی صد سالہ برسی پر خصوصی اشاعت ۱۹۶۹ء صفحہ ۲۰۴ (یہ وہی مضمون ہے جو اس سے قبل ۱۹۵۰ء میں "ماہ نو" کے غالب نمبر میں شائع ہوا تھا۔)



والا یزدان هست و بود آفرین را که گماشتن وخشور و فرستادن منشور
از آلای اوست بی مر نیایش و آورندهٔ گرامی منشور همانا همایون وخشور را
که پس از وی از آن ده و دو پیره وخشور که باز پسین آن جمع با خداوند در نام انبازی دارد
هر یکی بهر هنگام بجای اوست بی اندازه ستایش غالب سخن گزار هیچ منگار اگر درین مرده
دلی سوی کلک و کاغذ گرایش دارد هم بیمن توانائی آن نیایش و نیرو فزائی این ستایش دارد
نامه نگار را بسا دوستانند که سواد مردم چشم گزرگاه آنان نشده و در سیه خیمهٔ سویدای دل
میهمانند نیرنگ روزگار دورنگ نگرستنی است پست پایگی بدان پایه که از فرو ماندگی
خاکنشین یک شهرم و بلند نامی بدان اندازه که بمیانجیگری خامه و نامه روشناس اعیان
دهرم حاشا که اینچنین پست پایهٔ بلند نام جز من در دهر توان یافت از دیرباز به
نظم و نثر نمیگرایم نظم خواهی پارسی و خواهی اردو خوابیست فراموش نامه در پارسی
نبشتن نیز آئین نمانده هرچه نبشته میشود یکدست در اردو است اینک خواجه
حق پرست حق شناس بلند پایه مولانا محمد عباس که هم از آن گروه پرشکوه است

که با من بزبان قلم راه سخن گشوده اند از بهوپال فرمان فرستاد که غالب فرسوده روان
بنام آن همه دان نامه در پارسی زبان نویسد یارب فرمان چون بجای آرم و در نامه چه نویسم بار
نه از توانائی جان بلکه از اثر روائی آن فرمان جنبش خامه لفظی چند که بخواندن نیرزد بروی ورق
فرو ریخت تا آن ورق بهجه پیچید سوی کار فرما روان داشته آمد چشمداشت آن که برگ سبز
[illegible] تفتگی پذیرفته آید نگاشته شنبه بست و چهارم ربیع الاول سنه ۱۲۷۸ هجری

در رسالهٔ نور العین نقل شد

اس خط کے آخر میں غالب کی مہر سے پہلے "در رسالہ نور العین نقل شد" بھی لکھا ہوا ہے، اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ رفعت نور العین کے نام سے ایک رسالہ تیار کر رہے تھے جس میں اس خط کو بھی شامل کیا گیا۔ مجھے جو خطوط ملے ہیں اس میں ارسطو جاہ کا بھی خط ہے۔ اس میں بھی در رسالہ نور العین نقل شد" تحریر ہے۔ وہ خط بھی فارسی ہے۔ غالب کا یہ خط اور ارسطو جاہ والا خط دونوں "نور دیدہ" میں شامل ہیں۔ میرا خیال ہے کہ رسالہ نور العین ہی بعد میں قرۃ العین ہوا اور پھر یہی رسالہ آگے چل کر نور دیدہ کے نام سے موسوم ہوا جیسا کہ خود رفعت نے تحریر کیا ہے کہ انہوں نے یکم محرم ۱۲۹۰ھ کو قرۃ العین کو صاف کر کے اس کا نام نور دیدہ رکھا۔

یہ خط سب سے پہلے کلیات نثر غالب[5] میں شائع ہوا۔ پھر نور العین سے منتقل ہوتا قرۃ العین اور نور دیدہ[6] میں نقل کیا گیا۔ اسی دوران یہ انشائے نور چشم کی بھی زینت بنا۔ بعد میں یہ مقتدر غالبیات کے ماہروں کے مضامین میں بھی شامل کیا گیا ہے اور غالب صدی کے دوران بھوپال اور غالب سے تعلق نیز مولانا عباس رفعت پر لکھے مضامین میں بھی اسی کا اعادہ کیا گیا۔[8] ان معروضات کے بعد اپنا یہ مقالہ ختم کرتا ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ غالب کے کچھ اور خطوط کی اصلیں ضرور ہوں گی جو ابھی تک سعی و تلاش کی دعوت دے رہی ہیں۔

۴۔ جیسا کہ پہلے تحریر کیا جا چکا ہے کہ صرف دو تین جگہ اختلاف ہے۔ ایک جگہ ایک جملہ بڑھا ہوا ہے اور آخر میں سال رسا خیر کے بجائے سنہ دیا ہوا ہے اس کے علاوہ ایک آدھ جگہ جو اختلاف ہے۔ وہ لفظی ہے۔ ناسپاس گزاری ہوگی اگر میں اپنے ساتھی ڈاکٹر حامد حسین کا شکریہ ادا نہ کروں جنہوں نے ان اختلافات کی نشاندہی میں میری معاونت فرمائی۔

۵۔ میری بہت تلاش کے باوجود یہ عقدہ حل نہ ہو سکا کہ رسالہ نور العین کیا ہوا لیکن جب میں نے غور سے نور دیدہ کا دیباچہ پڑھا تو مجھے یہ عبارت بھی نظر آئی "سہ شنبہ روز یوم عید الخر دہم ذیحجہ الحرام ۱۲۸۰ھ تالیف و ترصیف رسالہ قرۃ العین آغاز کرد و ہجدہم ماہ مذکورہ چارشنبہ روز یوم مبارک عبد العزیز از کتابت مسودہ فارغ شد و دوشنبہ روز بست و چہارم ماہ مرقوم یوم عید المباہلہ از نگارش مبیضہ فرصت یافت" صفحہ ۲-۳

۶۔ کلیات نثر غالب، مطبع نولکشور ۱۸۷۱ء، صفحہ ۲۴۵، ۷۔ نور دیدہ قلمی صفحہ ۵۳-۵۴

۷۔ انشائے نور چشم از یار محمد خاں شوکت مطبع نظامی کانپور ۱۲۸۹ھ صفحہ ۵۱-۵۲

۸۔ رسالہ جامعہ دہلی کے غالب نمبر ۶۹ء میں قوی صاحب دسنوی کا مولانا عباس رفعت پر ایک مضمون شائع ہوا ہے اس میں بھی یہ خط موجود ہے خط کے اختتام پر قوی صاحب نے انشائے نور چشم اور کلیات نثر غالب دونوں کا حوالہ اور صفحات کے نمبر درج کئے ہیں۔ اس سے یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ غالباً دونوں کتابوں میں ایک ہی عبارت کا خط ہے جبکہ حقیقت یہ نہیں ہے۔ دونوں جگہ زبردست اختلاف ہے۔ دراصل قوی صاحب نے جو خط نقل کیا ہے وہ کلیات نثر غالب کا ہے انشائے نور چشم کا نہیں



جمالیاتی تنقید کی خصوصیات

بشیر بدر

انسانیت کی مثبت قدریں، ہمیشہ سے حقیقت اور مسرّت کی تلاش میں ہیں۔ یہ سفر جاری ہے اور رہے گا۔ اس منزل کے دو راستے ہیں ایک عقل، دوسرا احساس۔ چونکہ دونوں ایک حقیقت کی جستجو کے راستے ہیں، اس لئے کبھی کبھی دونوں میں قربت بھی نظر آجاتی ہے۔ عقل سے جو سلسلہ وجدان تک پہنچتا ہے وہ مذہب سے ایمان کا ہے۔ علم سیاست، فلسفہ اور دیگر علوم بھی تابع عقل ہیں۔ دوسرا سلسلہ احساس سے وابستہ ہے جس کے مظاہر تمام فنون لطیفہ ہیں۔ ان میں شاعری موسیقی اور مصوری بہت نمایاں اور قدیم ہیں۔ جمالیات کا عملی تعلق فنون لطیفہ سے ہے، اس لئے اس کا تعلق شاعری، اور مصوری سے ہمیشہ رہا ہے۔ آج جمالیات ایک ارتقا پذیر سائنس ہے۔ جس کی تشکیل، فطری انداز میں مختلف سمتوں کے ساتھ ہوئی ہے۔ اس لئے ادب، شاعری، موسیقی کی طرح جمالیات بھی تہہ دار ہے۔

فلسفی سقراط کے یہاں حسن کے وجود کی شرط اس کا تابع حقیقت ہونا ہے، وہ کسی ایسی چیز کو "حسن" نہیں مانتا جس میں یا برکت سچائی نہ ہو۔ افلاطون اسی مادی دنیا کے علاوہ ایک بلند و برتر ماورائی دنیا کے وجود پر ایمان رکھتا ہے اور اس مادی دنیا کو اس ماورائی دنیا کی پرچھائیں کہتا ہے۔ یہ مادی دنیا ہی حقیقتِ اصلیہ نہیں، ادب (شاعری) اس غیر حقیقی یا نقلی دنیا کی نقالی ہے، اس لئے زیادہ لائقِ احترام نہیں۔ دوسرے شاعری حسی لذت کوشی ہے اس لئے بھی ارفع و اعلیٰ نہیں ہوئی۔ ارسطو کا نظریۂ جمال جو دراصل نظریۂ شاعری ہے، فنون لطیفہ میں سب سے کمتر جگہ پاکر بھی اپنی الگ اہمیت کا اشارہ کرتا ہے۔ ارسطو نے یہ تو تسلیم ہی کر لیا کہ یہ بے ہنگم، غیر مرتب اور نامکمل کائنات کی خوبصورت اور نئی ترتیب ہے۔

جمالیات کی باقاعدہ ابتداء بام گارتن سے ہوتی ہے۔ جمالیات اس کے لئے فلسفۂ حسن ہے۔ اور اس کا درجہ کسی سے کمتر نہیں، اس لئے کہ وجدان حق تک پہنچنے کے دو طریقے ہیں، عقل اور احساس اور جس چیز کا نام منزل ہے وہ حسن ہے۔ تعقل نے اسی کو حقیقت کہا ہے۔ کانٹ نے شروع میں جمالیات کو نظریۂ حسیات کا نام دیا۔ لیکن آخر میں وہ بام گارتن سے متفق ہو گیا۔ کانٹ کا نظریہ ہے کہ بظاہر بدصورت چیزیں بھی حسن ترتیب سے خوبصورت ہو جاتی ہیں۔ برخلاف اس کے ونکل مان نے حسن کو صرف قدیم آرٹ میں ڈھونڈھا اور لیسنگ نے صرف خوبصورت اشیا کو موضوعِ شعر مناسب سمجھا۔ دائی کو شاعری کو حسن اور عقل کے درمیان ایک ارتقائی کڑی سمجھتا ہے، اس لئے کہ شاعری کی بنیادی صفت احساس ہے، اس کے بعد مشاہدہ اور بالآخر غور و فکر۔ اور غور و فکر عقل کی بنیادی صفت ہے اس کے بعد اسے صحیح ادراک سے اس حقیقت یا حسن کا احساس ہو سکتا ہے جو شاعری کی بنیادی صفت ہے۔ شلر کا کہنا ہے کہ حسن،

نظام کائنات میں موجود ہے یہ کوئی ذہنی چیز نہیں۔

اور حسن اور اخلاق تبلیغ میں مضمر ہے۔ فشٹے نے جمالیات کو اخلاقیات کے ساتھ ملانا چاہا۔ شوپنہار نے "فنون لطیفہ کو ذہنی فتوحات کا کمال بتایا گویا احساس کو تعقل پر فوقیت دی۔

یہ چند اہم نظریات ثابت کرتے ہیں کہ فلسفہ میں تصورِ حسن جامد اور مقررہ نہیں رہا۔ کثرتِ مماثلت پر اگر ہم کوئی بنیادی پہچان تلاش کریں تو یہ واضح ہوگا کہ جمالیات نے افادیت اور سماجی عمل کے تابع ہونے سے بالآخر انکار کیا۔ اکثر لوگوں نے اخلاق سے کوئی رابطہ نہیں رکھنا چاہا لیکن کچھ لوگوں نے (جیسے فشٹے) اسے اخلاقی بنانا چاہا۔ فلسفہ کے اس تصورِ حسن کا اثر مغربی ادب و تنقید پر واضح پڑتا رہا۔

یورپ میں رومانیت کی تحریک، سائنس کی قطعیت، سرمایہ دارانہ نظامِ جبر، عقل کے تسلط اور ادب میں کلاسیکیت کی سخت گرفت کے خلاف ردِ عمل تھی۔ چونکہ یہ ردِ عمل فطری تھا۔ اس لئے اس میں طاقت تھی۔ روسو کے یہاں فطرت کی طرف واپسی، عقلیت کے خلاف نعرۂ انقلاب ہے۔ کیٹس کے یہاں شاعری کی بنیادی قدر جمالیات ہوجاتی ہے، اس کے یہ شعری نعرے تھے کہ حسین چیز ابدی مسرت ہے۔" ۔حسن صداقت ہے اور صداقت حسن اور یہی وہ سب کچھ ہے جو ہمیں جاننا چاہئے۔" جمالیاتی تنقید میں لان جی نس کی بڑی اہمیت ہے۔ وہ الہامی کیفیت کو سب کچھ مانتا ہے۔ اور حسن کے علاوہ ہر عنصر اس کے یہاں قابلِ رد ہے دوسری یا تیسری صدی کے اس نقاد کا اس دور میں بہت اثر ہوا۔ رسکن کو خالص جمالیاتی نقطۂ نگاہ سے بھلے ہی اہم نہ سمجھا جائے لیکن اس کے یہاں احساس جمال میں بھی سچائی ہے اور اخلاقی قدروں میں بھی خلوص، یہ دراصل دو انتہا پسندوں کا توازن ہے۔ لیکن والٹر پیٹر نے "اخلاقیات کی مخالفت کی اور احساس حصول حظ کو ہی آرٹ کا بنیادی مقصد قرار دیا۔ والٹر پیٹر تاثراتی تنقید کا موجد کہا جاتا ہے۔ اس صدی میں کروچے کی بڑی اہمیت ہے۔ اس نے حسن اظہار پر زور دیا۔ وہ حسن کو مادی نہیں سمجھتا بلکہ وجدانی شئے سمجھتا ہے۔

وہ فن اور ادب کو حسن اور اظہارِ حسن سمجھتا ہے۔ فن کو اس سے بالکل دلچسپی نہیں، کہ کیا سچ اور کیا جھوٹ ہے۔ نہ اس کا اخلاق سے کوئی واسطہ ہے۔ فن کا واسطہ صرف فن سے ہے۔ حسن وجدان ہے اس کا خیال ہے۔ کسی فن پارے کی تخلیق ہی میں اس کا اظہار مکمل ہوجاتا ہے۔ تخلیق کرنے والا جب اسے کاغذ پر منتقل کرتا ہے یا سناتا ہے تو ایک مکمل چیز کو دوبارہ یاد کرتا ہے۔

ادبیات مغرب میں، قدر جمالیات ایک تحریک کی طرح آئی۔ کئی عظیم شخصیتیں ایسی ہیں جن کے یہاں حسن کائنات پر چھا جانے والا نور ہے، حسن انسان کا خوبصورت بدن ہے، یہی اول ہے اور یہی آخر ہے۔ اس کے باوجود تمام جمالیاتی ادب میں ایسی کوئی یکسانیت نہیں جن سے چند اٹل فارمولے بنائے جائیں۔ جمالیات کے احترام کے ساتھ اخلاق کا بھی دامن پکڑے رہنے والا رسکن نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، لیکن افادیت اور جمالیات کو یکجا کرنے والی آوازیں خالص جمالیاتی ادب کے مقابلے میں بہت کم ہیں، ہاں کثرت کی بنا پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ جمالیاتی نقطۂ نظر میں افادیت اور اخلاق کی حیثیت نہ ہونے کے برابر ہے۔ ادب کی پہلی قدر حسن ہے، اس احساسِ حسن میں تغیر ہے اس لئے ارتقا ہے۔

قدیم مشرقی ادب میں فلسفہ جمالیات شاید کبھی بھی ایک تحریک کی صورت میں اپنی یکسر خود مختار حیثیت میں نظر نہیں آتا۔ وہ اس لئے کہ یہیں ایک اخلاق یا مسلک سے انحراف کے باوجود کسی دوسرے ترقی پسند مسلک سے وابستگی ہوتی ہے۔ اسلام سے قبل عربی شاعری میں مرثیہ اور قصیدہ نمایاں اصناف ہیں۔ مرثیہ کی دردناکی میں جمالیاتی پہلو زیریں لہر ہی ہو سکتا ہے۔ عربی قصائد اپنے قبیلوں کی شجاعت، سخاوت وغیرہ کا فخریہ بیان ہوتے تھے۔ فارسی شاعری میں نزاکت، نفاست اور تخیل کی بلند پروازیاں ہیں لیکن شاعری ہر حال دربار یا خانقاہ سے وابستہ رہی، اس لئے ابن قدامہ کا عربی قول "احسن الشعر اکذبہ" "سب سے اچھا شعر وہ ہے جو سب سے زیادہ جھوٹ ہو" جو عربی سے زیادہ فارسی شاعری کے مبالغے کی وکالت میں پیش کیا جا سکتا ہے کسی فلسفہ جمالیات کے جواز میں نہیں ہے بلکہ شاعری کی اس بنیادی صفت کی طرف اشارہ ہے جس میں شاعری جذبہ کا اظہار و ابلاغ ہے۔ ایک جذبہ واقعی کو منتقل کرنے کے لئے اگر منطقی رو سے کوئی بڑا جھوٹ بھی بولا جائے اور وہ اس جذبہ کو منتقل کر دے تو شاعری میں سچ ہے۔ اردو مرثیے اس کی مثال ہیں کہ شاعر "صندل سے مانگ بچوں سے گودی بھری ہے" کہہ کر کیا کہہ رہا ہے۔ اسی طرح سنسکرت میں بھی جمالیاتی تجربہ (رسودان) باشعور ہستی کو ذہنی جذب کے عالم میں وجدانی طور پر ہوتا ہے۔ یہ وہ لو ہے جو غیر مرئی ہے جس سے آنکھیں چکا چوند ہوجاتی ہیں۔ لیکن اس ماورائی کوندے میں ہماری جھلکی بھی نظر آجاتی ہے۔ اس طرح یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ قدیم مشرقی ادب میں یکسر انفرادی نقطۂ نگاہ رکھنے والا ہمروجہ اقدار سے انحراف کرنے والا شاعر بھی کسی ایسے نظریۂ حسن کو تشکیل

دے کر ایمان نہیں بنا پاتا جو یکسر ارضی، مادی اور انسانی ہو، اس طرح ہماری شاعری میں جمالیات اور افادیت میں وہ بیر نہیں جو کیٹس، والٹر پیٹر، یا کروچے کے یہاں نظر آتا ہے۔

اُردو تنقید کا ایک وہ سلسلہ ہے جو انتخاب کلام اور زبان و بیان سے براہِ راست متعلق ہے۔ نکات الشعراء سے لیکر آج کے رسائل میں شائع ہونے والی تنقید میں یہ تسلسل قائم ہے جو کسی شاعر کا انتخاب کلام اپنے معیار و پسند پر کر دیتا ہے۔ ایسے بھی نقاد ہیں جو آج بھی شعر میں الفاظ کا دہنا، ایطا اور تعقید کا ذکر کرتے ہیں۔

ہاں یہ ضرور ہے کچھ لوگ ضائع لفظی و معنوی کو بہت زیادہ اہمیت دیتے ہیں، اور کچھ کم۔ نکات الشعراء سے گلشن بے خار تک اُردو شاعری کی تنقید کا بیشتر حصہ انہیں تذکروں میں ہے۔ انتخاب کلام اور تجسس کلام میں شاید ہی کہیں شعر کی افادیت کی طرف اشارہ ہو، مگر یہ ضروری ہے کہ اخلاق کی گرفت، شعوری اور غیر شعوری طور پر مزاج ادب میں داخل ہو گئی۔ ابھی بیس سال قبل تک یہ دستور تھا کہ میر، مصحفی اور آتش کا خالص عشقیہ شعر بھی اگر استاد اپنے شاگرد کو سمجھائے گا تو عموماً عشق مجازی اور حسن مجازی سے پہلے اس شعر کا سلسلہ حسن حقیقی اور عشق حقیقی سے وابستہ کرے گا۔ میر، جرأت کی شاعری کو جب چوما جاتی کہتے ہیں تو اُن کی شدید ناراضگی کی تہہ میں مشرقی اخلاق ضرور ہے ورنہ اگر جرأت کے اشعار شاعری کی بنیادی صفت سے محروم ہوتے اور میر اس پر خفا ہوتے تو اس کا اظہار مختلف ہوتا۔ متاخرین میں لکھنوی شاعری کی جو درگت بنی اس کی وجہ بجا طور پر رعایت لفظی وغیرہ بتائی جاتی ہے۔ لیکن مذموم اس وجہ سے سمجھی جاتی ہے کہ وہ حسن مجازی اور حسن حقیقی کی اکائی کو برقرار نہیں رکھ پاتی۔ مرزا شوق کی مثنوی "زہر عشق" میں کہاں کی لفظی بازی گری یا صنعت گری تھی۔ لیکن ایک زمانے میں اس کی اشاعت ممنوع تک ہوئی۔ لکھنؤ کی شاعری میں ایک خالص جمالیاتی احساس کی ایسی لہر تھی جو حسن کو روحانی نہیں کرتی تھی، لیکن احساس جمال کی یہ لے ادب میں کوئی بہت وقیع کارنامہ اس لئے نہیں پیدا کر سکی کہ اس دور میں کوئی بڑی شاعرانہ شخصیت نہیں پیدا ہوئی۔ اور جن شاعروں میں کچھ رمق تھی وہ زبان و بیان کی سخت گرفت، ضائع لفظی کے اہتمام میں کمزور ہو گئے، احساس جمال کو اگر اظہار کا سادہ شعری اسلوب ملتا تو لکھنؤ کی شاعری خالص جمالیاتی شاعری کے اچھے نمونے پیش کر سکتی تھی۔ اس لئے کہ لکھنؤ کی تہذیب حسن، نفاست، نزاکت اور توازن کا امتزاج تھی۔ جس لکھنؤ میں خوبصورت

امام باڑے، فقرے، نقشیں علم، مہم اور جے کے تعزیے، انیس کے مرثیے پرورش پا سکتے ہیں اس سے کہیں زیادہ خالص جمالیاتی غزل پنپ سکتی تھی۔ لیکن شعری اسلوب کے ناقص ہونے سے اس دور کا بڑا شعری ذہن ضائع ہو گیا۔ دلی میں داغ کی شاعری کا بیشتر حصہ، اخلاق کی گرفت سے آزاد ہونے کی کوشش ہے۔ لیکن بدلتے ہوئے حالات کی وجہ سے داغ کی سرمستی بہت جلد مذموم ہو گئی۔

یہ جائزہ ثابت کرتا ہے کہ اُردو کا عظیم شعری ذہن جو زاہد اور آداب مذہب وغیرہ کا مذاق اڑاتا تھا کبھی اخلاق اور روحانیت کی گرفت سے آزاد ہو کر دنیاوی حسن میں نہ کھو سکا۔ دوسرے جن شاعروں نے یہ جوا گردن سے اتار پھینکا وہ یا تو بڑے خلاق نہ تھے۔ یا اپنے دور کے اُن شعری روایات کے قتیل ہوئے۔ جو احساس دشمن تھیں، اس لئے خالص جمالیاتی شاعری کا کوئی عظیم شاعر، تنقید میں دستاخرین میں نہیں ہے۔ اس لئے قدیم اُردو کی تنقید میں، ایسا کوئی تذکرہ نگار بھی نہیں ملتا جس میں وہ ذوق جمال ہو جو کسی جنسی (اخلاقی معیار سے) جزبہ کے کامیاب شعر کو سراہتے ہوئے منتخب کر سکے۔

جدید تنقید کا آغاز حالی سے ہوتا ہے۔ وہ ادب کو مقصد کے تابع کرتے ہیں۔ وہ اچھے شاعر بھی تھے۔ اور شاعری کے پارکھ بھی، لیکن ان کے نزدیک شاعری کا "ام مورل" ہونا بڑا جرم ہے۔ حالی۔ سرسید کی ادبی آواز بھی تھے۔ یہ آواز ہزار مخالفت کے بعد چھا گئی۔ حالی کا خیال ہے کہ شاعری اخلاق، اور سوسائٹی کے تابع ہے۔ ملٹن کی طرح وہ شاعری کے لئے سادگی، اصلیت اور جوش ضروری سمجھتے ہیں۔ سرسید کی تحریک اور حالی کی مقصدی یا افادی تنقید کے اثرات بہت دُور رس ہیں۔ اُن کے ہم عصر اپنی تمام انفرادیت کے باوجود ادب کی افادیت کے معترف ہیں لیکن حالات کی سفاکی سے سہم کر ادب کو مقصد کے تابع کرنے والے ادیب جلد ہی ایک دوسری لہر کی طرح اسی دریا میں رہ کر بھی نظر آنے لگے شبلی، سرسید تحریک کے اہم رکن ہیں۔ اگرچہ واضح طور پر انہوں نے یہ نہیں لکھا کہ شاعری اپنے ماحول کی دین ہے۔ لیکن فارسی اور عربی شاعری کا فرق بتاتے ہوئے لکھتے ہیں۔ "دونوں ملکوں کے تمدن، معاشرت اور مقامی حالات میں اس قدر اختلاف ہے کہ ہر طرح کے تعلقات کے ساتھ بھی دونوں کے شاعروں میں زمین و آسمان کا فرق پیدا ہو گیا ہے۔" یہ ثابت کرتا ہے کہ وہ تخلیق میں ماحول کی اثر اندازی کو اہم جزو مانتے ہیں۔ عرب کی شاعری کو اس لئے سراہتے ہیں کہ اس میں اعلیٰ اخلاق، قومی حمیت اور بہادری ہے۔ لیکن جب شاعری کی تعریف کرتے ہوئے وہ یہ کہتے ہیں۔

"اصل شاعری وہی ہے جس کو سامعین سے کچھ غرض نہ ہو۔"

تو وہ مثل سامنے آجاتے ہیں جو ادب کو افادیت کے تابع نہیں کر سکے۔ شعر العجم موازنہ انیس و دبیر، مقالات اور تبصرے کا مطالعہ واضح کرتا ہے کہ شبلی کے ہاں جمالیاتی قدر اہم ہے۔ اس جمالیاتی لے کی اہمیت یوں اور بڑھ جاتی ہے کہ شبلی نسل اُن سے متاثر ہوئی۔ سرسید تحریک سے جو انگریزی تعلیم یافتہ نسل آئی اس کا مطالعہ انگریزی کا براہِ راست تھا۔ اس نئی نسل میں انگریزی ادب و تہذیب سے مرعوبیت کم ہو رہی تھی۔ وہ انگریزی تعلیم کے ذریعہ نئے نئے رجحان سے واقف ہو رہی تھی۔ جن میں کچھ کو پسند اور کچھ کو ناپسند کرنے کا شعور بھی تھا، یہ نئے ادیب انگریزی کے بارے میں بھی جان گئے تھے کہ ملٹن کا قول کوئی آخری معیار نہیں ہے افادیت ہی سب کچھ نہیں ہے۔ اپنے ماضی کے درثے اور اس کی اچھی چیزوں کی جستجو بھی اسی تعلیم کی دین تھی۔ شرر، ناصر علی، مہدی افادی، ریاض خیرآبادی سجاد حیدر یلدرم، نیاز فتحپوری اور مجنوں گورکھپوری کے یہاں اس نظریہ جمال کا ارتقاء، عروج اور زوال دیکھا جا سکتا ہے، جو مغرب کی تعلیم کی دین تھا۔

سرسید تحریک کی افادیت کا ردِ عمل اور مشرقی مزاج زمانہ ضمنی عناصر ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب مغرب میں دوسری تحریکات عالمی بننے لگیں تو جمالیاتی تخلیق و تنقید کے فنکار یا تو بدل گئے، یا تائب ہو گئے۔

وحید الدین سلیم اور امداد امام اثر جب نظریہ تنقید بیان کرتے ہیں تو چند ضمنی باتوں کو چھوڑ کر حالی کی تشریح ہو جاتے ہیں لیکن عملی تنقید میں ان کے دل کے چور سامنے آجاتے ہیں۔ مثال کے طور پر سودا کے قصائد پر امداد امام اثر کے کلمات تحسین شاعر کی داد کا رنگ لئے ہیں۔ جیسے سبحان اللہ اشعار بالا کیا خوب ہیں۔ سبحان اللہ کیا حسن کلام ہے، سبحان اللہ کیا غزل سرائی ہے۔

مہدی افادی پہلے نقاد ہیں جن کے یہاں احساس جمال سب سے طاقت ور عنصر ہے۔ وہ سرسید تحریک کے پیدا کردہ ہیں لیکن ان کے وجدان کو شبلی کے جمالیاتی رجحان سے روحانی غذا ملتی ہے۔ ان کا ماحول، حالی سے متاثر ہے اس لئے وہ بھی ان اثرات سے خود کو نہیں بچا سکے تھے۔ یہ اثر صحت مند ہے اسی کے تحت مغرب شناسی آئی لیکن براہِ راست واقفیت کی وجہ سے حسن و قبح دونوں پر نظر گئی۔ مغرب کے زیر اثر ہی نئی مشرقیت کا احترام پیدا ہوا۔ جذبۂ اسلامی بھی قوی ہے۔ یہ عناصر ثابت کرتے ہیں کہ وہ رومانی تو ہو سکتے ہیں مگر خالص جمالیات پرستی کے زمرے میں نہیں آسکتے۔ لیکن احساس جمال بہت شدید اور دیگر عناصر پر بھاری ہے۔ یہاں تک کہ وہ تصوف میں بھی ذوق، وجدان اور ادب کے پہلو دیکھتے ہیں۔

"ہم تصوف کو صرف اس نظر سے دیکھنا چاہتے ہیں۔ کہ اس میں ذوق اور وجدانی کیفیت کے ساتھ ایک ادبی پہلو بھی موجود ہے؟"

مہدی اپنے ذوق اور پسند کو اعلیٰ مانتے ہیں۔ ان کی پسند کے خلاف اگر کوئی دلائل لائے گا۔ تو ان کی نگاہ میں "بے ادب ملزم" ہوگا جس پر وہ محتسب کے درے برسانا شروع کر دیتے ہیں۔ وہ حسن ظاہری و باطنی دونوں کے پرستار ہیں۔ الغزالی کی خطاطی اور چغتائی کی تعریف میں لکھتے ہیں: "بس یہ معلوم ہوتا ہے سنگ مرمر پر اسود کی پچی کاری کی گئی ہو۔"

ناصر علی کی تحریر کی تعریف جو انداز بیان ہے وہ بھی لطافت سے خالی نہیں ہے۔

"میں آپ میں یونانیوں کی سی لطافت خیال پاتا ہوں، آپ کی ہر شم سخن جہاں "جنس لطیف" اور اس کے متعلقات کی طرف اشارہ کرتی ہے وہ نزاکت خیال کی آخری حد ہے۔" . . . . . یورپ میں آج بڑے پائے کے لکھنے والے ہیں۔ اُن میں مذاق حسن پرستی اس قدر رچ گیا ہے کہ قریب قریب اُن کی ہستی کا ایک جزو ہو گیا ہے۔ عورت جسے خواب طفلی اور آرزوئے شباب کہئے۔ ہر بات تری فسانۂ حسن، ہیئت اجتماعیہ کی رُوح رواں ہو رہی ہے۔ جس سے کوئی شائستہ لٹریچر، دست بردار نہیں ہو سکتا۔"

مہدی کی فکر تصور حسن سے تیز ہوتی ہے۔ عورت کا تصور اُن کی فکر رسا کے لئے پیمانہ صہبا کا کام کرتا ہے وہ اُردو کانفرنس کا سنجیدہ مسئلہ ہو یا کسی سنجیدہ شخصیت سے ہم کلامی، اُن کا استعارہ عورت ہی سے جھلکتا ہے مثلاً

"بہر حال اُردو کانفرنس ہو یا انجمن ترقی اُردو، اسٹیج کی خوش بیانی سے زیادہ ضرورت اس کی ہے کہ ہم اس امر پر غور کریں کہ موجودہ نسل کو کس طرح اُردو داں بنایا جائے۔ جس کی حالت اس بگڑی ہوئی عورت کی سی ہے جو شوہر کے ہوتے ہوئے "بوائے غیر" کی شائق ہو۔"

سید سلیمان ندوی کو خط میں لکھتے ہیں۔

"۔ وطن آیا تو دارالمصنفین میرے لئے گھر آنگن ہوگا اور آپ سے بوسہ پیام کی جگہ آپ عورت ہوتے تو کہتا لب پہ لب کی ٹھہرے گی۔ آخری فقروں سے آپ کے تقدس میں کچھ فرق تو نہیں آیا ہے۔"

اس طرح کی تمام مثالیں یہ بات ثابت کرتی ہیں کہ مہدی، فطری طور پر جمالیاتی تخلیق و تنقید کے لئے پیدا ہوئے تھے۔ اخلاق اور افادیت کے عناصر اکتسابی ہیں۔

مئی ۱۹۷۰ء

پروفیسر آل احمد سرور نے رومانیت کے تین رکن بتائے ہیں (۱) تخیل کی پرستش (۲) جمالیاتی احساس (۳) انفرادیت۔ فلسفہ جمالیات، ادب جمالیات یا جمالیاتی تنقید غالباً کسی اسٹیج میں ان تینوں ارکان کو جدا نہیں کرتی، ہاں رومانیت میں تخیل کی پرستش اور انفرادیت انقلاب اور نعرۂ انقلاب بھی بن سکتے ہیں۔ اور یوں رومانیت مقصدیت کا کام بھی کر جاتی ہے۔ اس لئے ترسکن یا جوش کو رومانی شاعر یا ادیب کہنا زیادہ موزوں ہے ورنہ خالص جمالیاتی تخلیق یا تنقید کی کوئی اصطلاح واضح نہیں ہوگی۔

اس طرح لائٹ لٹریچر جس کے پیش رو ناصر علی ہیں وہ صرف ادب حسن و عشق ہے دیگر اکبر آبادی اصلاح عام کے شمارہ اکتوبر سنہ ۱۹۱۰ء میں لکھتے ہیں۔

"دنیا میں جتنی زبانیں ہیں اور جن کا لٹریچر پاکیزہ سمجھا جاتا ہے اُن کو نظر غائر سے دیکھا جائے تو صاف نظر آئے گا کہ ہر ایک زبان کے لٹریچر کا عنصر لطیف سوائے حسن و عشق کے جذبات کے اور کچھ نہیں ہے۔ لٹریچر میں کبھی حلاوت و شیرینی نہیں پیدا ہو سکتی جب تک کہ حسن کا ذکر خیر نہ کیا جائے۔"

ناصر علی کی تحریر میں بھی عورت کا استعارہ چمکتا ہے اُردو زبان کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"جس طرح کسی لڑکی کو آپ نے چھوٹی سی عمر میں دیکھا ہو اور اتفاق سے پھر وہ جوانی میں نظر آجائے تو نگاہ پہچاننے مشکل ہو جاتی ہے۔ اسی طرح صلائے عام میں اپنی زبان کو دیکھئے کہ اس کی ادائے بیان کیسی دلکش ہے جس کے دیکھنے کو حسینان معانی، لبسان مجبیں پاسا سطروں سے چنے ہوئے مضامین رنگین کے دوپٹے اوڑھے اور وسعت خیال کے بڑے گھیرے کے لباس پہنے ہوئے نکلے پڑتے ہیں۔"

دیگر کا بیان اور ناصر علی کی تحریر ثابت کرتی ہے کہ ادب کی جمالیاتی قدر کو سب سے اہم سمجھنے کا رجحان ہے۔ دیگر کے بیان میں یہ نکتہ توجہ طلب ہے کہ جس ادبیات مغرب کے حوالے سے سرسید۔ اور حالی نے ادب کو مقصد اور اخلاق کا تابع بنایا تھا۔ اسی کو "نظر غائر" سے دیکھ کر یہ کہا جا رہا ہے کہ عنصر لطیف سوائے حسن و عشق کے جذبات کے اور کچھ نہیں ہے ناصر علی اور اُن کی ادارت میں نکلنے والے رسائل مثلاً تیرھویں صدی اور صلائے عام، شرر اور اُن کا رسالہ دلگداز ان رجحانات کی پیش روی کرتے ہیں۔

خالص جمالیاتی تنقید کے لئے سجاد انصاری کی شخصیت بہت موزوں تھی اُن کے پاس وہ نگاہ تھی جو ہر حادثہ میں اسباب حسن تلاش کر لیتی تھی۔ سجاد انصاری واحد شخصیت ہیں جن کا مذہب حسن ہے۔ کوئی اخلاقی، افادی، مذہبی اہمیت اُنہیں متاثر نہیں کرتی، وہ صرف حسن نفاست اور سلیقے کے پرستار ہیں۔ وہ اس طبقے کو ناعاقبت اندیش کہتے ہیں جو حسین عورت کو زہد و تقویٰ میں خراب کرنا چاہتا ہے۔

"جاہل انسان اس حقیقت سے بے خبر ہے کہ زہد خشک کچھ انسان نما حیوان پر ہی کھلتا ہے۔ یہ آہنی زنجر عورتوں کے جسم لطیف کے لئے کسی طرح بھی موزوں نہیں ہے۔ عورت کا اگر کوئی فرض ہے، وہ صرف یہ ہے کہ وہ ہمیشہ عورت ہے۔"

وہ بدصورت عورت کو فطرت کا غمزۂ پیری کہتے ہیں۔ قرۃ العین کے قتل ہونے کا انہیں بے حد ملال ہے۔ علمائے ایران تو ان کے نزدیک مجرم ہیں ہی انہیں ایرانیوں کے مذاق سلیم پر شک ہونے لگا۔ انہیں قرۃ العین پر بھی افسوس آتا ہے کہ اس نے اپنے حسن کو مذہب کے لئے خراب کیا اور اسطرح خدا کو یہ کمزان نعمت اچھا نہیں لگا۔ خدا نے اسے اس لئے دنیا سے اٹھا لیا۔ قرۃ العین حیدر کی موت ایک دردناک حقیقت تھی لیکن اس کی موت کا یہ جواز کہ وہ اپنا حسن و شباب برباد کر رہی تھی، قدرت سے یہ نہ دیکھا گیا، سجاد انصاری کی مخصوص جمالیاتی فکر کا نمونہ ہے ایسی ہی منفرد فکر اگر پوری طرح خود کو جمالیاتی تنقید میں لگاتی تو میں ممکن تھا کہ اردو تنقید کے پاس بھی ایک اعلیٰ جمالیاتی تنقید کا نقاد ہوتا، لیکن سجاد انصاری کا تنقیدی سرمایہ صرف چند مضامین ہیں۔ شبلی، مہدی اور نیاز فتح پوری یقیناً حالی کی افادیت پسندی سے خوش نہیں ہیں۔ اس کے باوجود کسی میں دو ٹوک بات کہنے کی طاقت نہیں۔ یہ حالی کا احترام نہیں ہے بلکہ ادب میں حالی کی جو مقبولیت ہے اس سے یہ حضرات جھجکتے ہیں۔ اور حالی پر نکتہ چینی کا انداز دوسرا اور وجہ ہی ہوتی ہے، لیکن سجاد انصاری نے کسی مضمون نگار کی اس تعریف پر کہ حالی کے اشعار جواہرات حالی ہیں۔ بلاخوف اپنی رائے کا یوں اظہار کیا۔

"جواہرات حالی، مدیذاقیوں کی یہ انتہا، حالی کے مصلح ہونے میں کوئی شک نہیں۔ ان کا مرتبہ بھی احترام کا مستحق ہے لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ اُن کی مصلحانہ شاعری "جواہرات کا مخزن" ہے۔ ان کی جس شاعری کا حوالہ دیا جاتا ہے وہ شاعری نہیں ایک مصیبت ہے جس سے خدا ہر انسان کو محفوظ رکھے۔ وہ جواہرات جن میں کوئی جھلک نہ ہو صرف اس بدنصیب کے لئے قابل فخر ہو سکتے ہیں جو اپنی بیوگی کے باعث خوش رنگ جواہرات سے محروم کر دی گئی ہو۔ جس کی آنکھ کو گور غریباں کے سنگ ریزے جواہرات نظر آئیں، اس کی بدتوفیقوں پر ہزار افسوس!"

جوش کی شاعری پر روح ادب کے عنوان سے اُن کی تنقید بھی جمالیاتی تنقید کا اچھا نمونہ ہے۔ عبدالماجد دریابادی نے جوش کی زیادہ تر توصیف بیان

کی تھی۔ سجاد کا خیال ہے۔

"حسن عقیدت کا تقاضہ یہ ہے کہ جوش کو ایک بلند پایہ شاعر مان لیا جائے صرف اس لئے کہ حضرت اکبر ان کی مدح سرائی میں مبتلا ہو گئے۔ اگر کسی بدصورت کو کوئی حسین عورت خوبصورت کہہ دے تو عبدالماجد کی منطق کا اصرار ہوگا کہ اُسے خوبصورت مان لیا جائے؟"

ایسی تنقیدی آرا سے ہم چاہے متفق نہ ہوں لیکن متاثر ضرور ہوتے ہیں۔ سجاد انصاری کے یہاں جمالیاتی فکر و احساس ہے۔ اس لئے اُن کی نہ ماننے والی بات بھی غلط نہیں لگتی۔ ایسی تنقید معیاری تنقید نہ ہو کر بھی ادب رہتی ہے کہ اس میں شدید اظہار اور شخصیت کا رنگ ہوتا ہے۔

سجاد حیدر یلدرم کے ناول ترکی کہانیوں کے ترجمے، ان میں جدید عورت کا تصور، احساسِ جمال میں سرشار ہیں۔ سلطان حیدر جوش کے برخلاف وہ تخیل کی وادیوں اور سبزہ زاروں میں حسن کی تخلیق کرتے ہیں۔ سجاد حیدر یلدرم کا جمالیاتی تنقید میں بھلے ہی کچھ حصہ نہ ہو، لیکن ان کی تخلیقات کو پسند کرنے والے نقاد جمالیاتی تنقید کے نقاد ہوئے۔ سجاد حیدر یلدرم نے اپنے دور کی چند بڑی ذہانتوں کو متاثر کیا۔ نیاز فتحپوری نے خود اعتراف کیا ہے۔ نیاز آسکر وائلڈ اور ٹیگور سے بھی متاثر ہوئے۔ ٹیگور کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"جیسے کوئی فقیر لذتِ موسیقی سے سرشار جنگل میں بیٹھا ہوا گا رہا ہو اور خود ہی کبھی رو بھی پڑتا ہو۔"

نیاز کے یہاں عورت کا ذکر لپک کے ساتھ ہے لیکن اس میں نفسیاتی حقیقت شناسی بھی ہے۔ لیکن اس کے باوجود ان کی کہانیوں کی ساری فضا تخیلی ہوتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ اکثر آسکر وائلڈ کے اس قول کو نقل کرتے ہیں۔ "کسی تصنیف یا کتاب کے متعلق یہ بحث کرنا کہ وہ اخلاق کا درس دیتی ہے یا بداخلاقی کا درس دیتی ہے — بالکل لایعنی سی بات ہے۔ اس کے متعلق صرف یہ بحث ہو سکتی ہے کہ وہ تصنیف ایک تصنیف کی حیثیت سے اچھی ہے یا بُری۔"

نیاز اپنی عملی تنقید میں بھی ادب کو اخلاق کے اثر سے دور رکھتے ہیں اور خالص عشقیہ ادیب یا شاعر کو یقیناً دوسرے ایسے شاعروں سے بہتر سمجھتے ہیں۔ جو حسن و عشق پر تصوف، مذہب یا ثقافت کا غلاف چڑھائے ہوتے ہیں۔ اصغر گونڈوی انہیں اسی لئے پسند نہیں آتے۔ لکھتے ہیں۔

"یہ جھاڑ پھونک والی شاعری مجھے کبھی پسند نہیں آئی اور باوجود انتہائی غور و فکر کے آج تک اس کا مصرف میری سمجھ میں نہیں آیا۔"

اصغر کے اس شعر

اُٹھا کے عرش کو رکھا ہے فرش پر لاکر
شہود غیب ہوا، غیب ہو گیا ہے شہود

پر کافی طنزیہ جملے لکھنے کے بعد یوں ختم کرتے ہیں۔

"معلوم ہوتا ہے کہ دشمن کی ہلاکت کے لئے کوئی سیفی پڑھ رہا ہو۔"

نیاز فتحپوری کا جمالیاتی تنقید میں بہت نمایاں مقام ہے۔ اُن کے افسانوں انشائیوں، خطوط، تنقید اور رسالہ نگاری نے پوری نسل کو متاثر کیا لیکن خالص جمالیاتی ادب و تنقید کے خلاف بھی آندھی تیز تھی۔ مگر نیاز صاحب کی خاموشی اعتراف شکست بھی ہے۔ ایک خط میں لکھتے ہیں۔

"برا نہ مانئے تو عرض کروں کہ اب ہماری آپ کی فسانہ نگاری کا دور ختم ہو چکا ہے۔ پچھلے چند سال کے اندر جو انقلاب اس فن میں ہوا ہے اس کو نبھانے کے لئے جس آزاد روی اور کھل کھیلنے کی ضرورت ہے وہ نہیں اور آپ کو نصیب نہیں اس سے قبل فسانہ نگاری نام تھا صرف خیال سے لطف اندوز ہونے کا لیکن اب وہ عملی زندگی کی چیز ہے اور اب معاملہ حقائق کا ہے جس کے لئے خاک چھاننا ضروری ہے۔ پھر اب خاک بسر رہنے کا زمانہ ہمارے آپ کے لئے کہاں، جو بساط آپ اُلٹ چکے ہیں اس کو اپنے حال پر رہنے دیجئے۔ دوسری رنگ آمیزی کی ضرورت نہیں۔ صنادید کی عظمت اس کی کہنگی میں ہے۔ 'تاج محل' کبھی ڈرائنگ روم نہیں بن سکتا۔"

اس تحریر میں جہاں نئی قوت کا تکلیف کے ساتھ اعتراف ہے وہاں اپنے کئے پر کوئی پشیمانی نہیں بلکہ وہ اُسے 'تاج محل' کی طرح عظیم اور خوبصورت سمجھتے ہیں۔ کہنگی کی عظمت اس کے برقرار رہنے میں ہے، تبدیلی Alter -ation میں نہیں۔ نیاز صاحب کی یہ ثابت قدمی کوئی ضد نہیں۔ بلکہ اُن کے سچے ادیب ہونے کی دلیل ہے۔ اُن کے دوسرے جمالیات پرست ساتھی ل۔ احمد اپنے افسانوں میں سرمایہ داروں اور مزدوروں کی جب جنگ کرا رہے تھے تو نیاز چپ ہو گئے۔ اس لئے کہ سچی تخلیق اور تنقید اپنی شخصیت کا بھی اظہار ہے۔ ان کا دل اپنے کئے پر شرمندہ نہیں، وہ ادب کو سیاست، اور مقصدیت کے ہاتھوں میں نہیں دے سکتے تھے اور زمانہ اُن کی تخیلی جنت سے مطمئن نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لئے خاموشی مناسب تھی۔

مجنوں گورکھپوری اور فراق گورکھپوری صرف ہم وطن ہی نہیں ہیں بلکہ دونوں کا انگریزی ادب کا مطالعہ بھی وسیع ہے۔ دونوں ہی ابتدا میں خالص تاثراتی تنقید کی طرف متوجہ ہوئے اور نیاز صاحب سے متاثر تھے۔

مجنوں صاحب کے لئے اگر یہ بات کہی جائے کہ وہ جمالیاتی ادب کے آخری بڑے فنکار تھے تو یہ بات سچ ہوگی اور یہ کہا جائے کہ جمالیاتی ادیبوں میں وہ پہلے ادیب تھے جس نے جمالیاتی تخلیق اور تنقید کی بُت شکنی کی تو یہ بات بھی درست ہوگی۔

مجنوں صاحب کی ادبی زندگی کا آغاز ۱۹۲۵ء کے قریب ہوتا ہے، ۱۹۳۲ء تک اُن کے افسانے حسن و محبت کی تخیلی فضا میں ڈوبے ہیں۔ اُن کے یہاں حسن کا تصور بھی خیالی اور مثالی ہے۔

"شاعروں نے جتنے سراپا لکھے ہیں، مصوروں نے جتنی تصویریں کھینچی ہیں، سنگ تراشوں نے جتنے مجسمے بنائے ہیں، دنیا والوں نے جتنی دلفریب صورتیں دیکھی ہیں ان میں سے حسین ترین خصوصیات الگ کر لیجئے اور یہ سب کچھ اور ان سے بھی زیادہ میری پریما میں موجود تھیں۔"

لیکن زمانے کے ساتھ وہ تیزی سے بدل گئے۔ وہ اس لئے کہ اُن میں لچک تھی، بدل جانے کی قوت بھی تھی۔ اُن کے یہاں احساسِ جمال تھا جو آج بھی ہے، لیکن اور حقائق پر بھی اُن کی نظر رہی۔ اس لئے رُمن پوشن کی دوسری اشاعت میں لکھتے ہیں۔

"زمین کے ہنگامے فرو ہو لیں تو آسمانی حقیقت بھی اس قابل ہے کہ اُن پر غور کیا جائے اور اُن پر عبور حاصل کیا جائے۔ . . . . میرے خیال سے اس وقت دُنیا کو ایسے ادب کی ضرورت ہے جو ہماری سادگی اور واقعاتی زندگی کی فلاح و ترقی میں مدد دے۔"

مجنوں صاحب کا میر پر مضمون، یا فراق گورکھپوری کا مضمون ریاض کی شاعری پر تاثراتی تنقید کے تو نمونے ہیں لیکن ہم اُسے شاید جمالیاتی تنقید کے خانے میں نہیں رکھ سکتے۔ خاص طور پر مجنوں صاحب کے یہاں مغربی فلسفہ جمالیات سے پوری واقفیت کے باوجود، افادی ادب سے وابستگی، تنقید میں افادیت اور جمالیاتی قدروں کا توازن قائم کرنے لگتے ہے۔

خالص رومانی ادب، ادب لطیف کی نثری تخلیقات کے خلاف واضح ردِ عمل ترقی پسند تحریک سے بہت پہلے ہی شروع ہو چکا تھا۔ ہمالیوں میں مولانا تاجور نجیب آبادی نے دسمبر ۱۹۲۳ء کے شمارے میں لکھا۔

"افسانے ہوں یا تخیل کے مضامین، عریانی سے قطعاً پاک ہونے ضروری ہیں۔ افسانوں میں عشقیہ جذبات بیان کئے جائیں تو صرف شوہر اور بیوی کے درمیان پھر اس قسم کے جذبات نہایت بلند اور شریفانہ ہونے چاہئیں۔"

اس کے بعد بھی انہوں نے لکھنے والوں پر زور دیا کہ وہ "اخلاقی ہدیہ" پیش کریں۔ ۱۹۲۷ء میں سہیل کی پہلی اشاعت میں رشید احمد صدیقی صاحب نے بھی ادبِ لطیف کی شدید مخالفت کی۔ رشید صاحب، مرزا شوق اور مہدی افادی کو عریاں نگاری میں برابر سمجھتے ہیں۔ ترقی پسند تحریک کے ساتھ وہ اچھے لکھنے والے بھی ہوگئے جنہوں نے اُردو افسانے کے جمالیاتی فضاؤں میں تیز پروازیں کی تھیں اس طرح خالص جمالیاتی تخلیق و تنقید کا دَور بظاہر اُردو میں مرحوم ہوگیا۔

جمالیاتی تنقید کے سرمایہ کا جائزہ لینے اور اس کی خصوصیات متعین کرنے کے لئے مزیادہ سے زیادہ شبلی سے لے کر مجنوں تک نظر ڈالنی ہوگی۔ یہ دو نام باتوں کی وضاحت کے لئے بھی لئے جاسکتے ہیں۔ شبلی جو ادب کی افادیت کے نظریہ کا اعلان کرتے ہیں لیکن جمالیاتی لہر رہ رہ کر اُن کے یہاں سر اٹھاتی ہے۔ اور مہدی افادی، سجاد انصاری، نیاز فتحپوری کے یہاں اس کا عروج ملتا ہے۔ مجنوں اور فراق اس جمالیاتی قدر کے پروردہ ہیں لیکن ان لوگوں کے ذریعے اس کی انفرادیت، ادب کے بڑے دھارے کی ایک زیریں لہر بن جاتی ہے۔

یہ سوال ضروری ہے کہ کیا جمالیاتی تنقید میں ان چند ناموں کے علاوہ اور کوئی نہیں ہے تو اس کا جواب تو یہ مناسب ہوگا کہ ان حضرات کے یہاں بھی اتنا تنقیدی سرمایہ نہیں ہے جو جمالیاتی تنقید کو کوئی اعلیٰ مقام دلا سکے۔ دوسرے جمالیاتی تنقید کا بیشتر حصہ مکاتیبی ہے۔ جمالیاتی تخلیقات، افسانے، مانشائیے۔ اور ادبِ لطیف کی تعریف میں عموماً خطوط شائع ہوتے تھے، وہی جمالیاتی تنقید کے نمائندہ ہیں۔ کسی تخلیق پر باقاعدہ مضمون مہدی افادی سے شروع ہوتے ہیں۔ مکاتیبی فروغ کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ ایسی تنقید میں اپنی پسند، اپنا معیار اور ذوق بنیادی کسوٹی ہوتا ہے۔ اس کے اظہار میں جو حسن کاری ہوتی ہے اُسے کہاں تک طوالت دی جاسکتی ہے۔ اس لئے بھی یہ تنقیدیں ایک خطی کا سرمایہ ہوتی تھیں۔

ملدرم کی تحریر کے بارے میں دیگر کی مکتوباتی تنقید یوں ہے۔

"مخزن کا علمی دسترخوان بے نمک ہے اگر سجاد کی ظرافت طبعی کی چاشنی اس میں نہ دی جائے۔ اس پیالے دل کے لبھانے والے رنگ کے، ہنسانے والے رنگ کے آج کل بے حد قدر دان ہیں جس کو سجاد اپنے رنگ کا مالک سجاد قلم برداشتہ لکھنا چاہتا ہے۔"

صلائے عام پر ایک قاری کا تبصرہ ملاحظہ ہو۔

صلائے عام بابت ماہ جون ۱۹۰۹ء نہ ملا تو سمجھئے کہ یہ بھی اس معشوق کی طرح جو ایفائے عہد کے خیال سے خراماں ہے مگر بیچارے عاشق کی کم نصیبی سے راہ میں اغیار

کے پلے پڑھ گیا۔ اس پرچے کو بھی شاہجہاں آباد سے اکبرآباد کے کنے میں کوئی سانحہ پیش آیا۔ صلائے عام کے کاغذی پیرہن میں اس کا حسن پرنور کہیں چھپ سکتا ہے۔ بہرحال حسن کی دلفریبیاں مشتاقوں کو اپنی جانب مائل کرنے والی ہیں . . . . . سنا تھا کہ اس پرچے کا حسن ظاہری روئے دنیا کی طرح دلکش اور اس کے مضامین شب عمل کے قصوں سے زیادہ دلچسپ ہیں۔ سال کے اوسط ماہ کا پرچہ کمریار کی طرح معدوم ہونے سے کتاب کی شیرازہ بندی ملتوی ہے اور بقیہ رسائل زلف پریشان کی طرح پریشان ہیں۔

اس طرح کے سبکڑوں خطوط تیرھویں صدی، صلائے عام، مخزن، وغیرہ میں موجود ہیں جن میں جمالیاتی تنقید ہے۔ ان کا مقصد حسن تخلیق سے پیدا ہونے والی مسرت کا اظہار ہے۔ ناپسند کرنے کی وجہ بھی یہی ہوتی ہے کہ تخلیق سے وہ مسرت حاصل نہیں ہوئی جس سے احساس جمال آسودہ ہو سکے۔ ایک عام قاری سے لے کر مہدی افادی، اور سجاد انصاری تک جیسے اعلیٰ اور منفرد ادیب جب کسی رسالہ، اصول، تخلیق اور بزرگ سلیمان ندوی) کو پسند کریں گے۔ تو ہر صورت استعارہ، عورت حسن اس کے سراپا اور اپنے جذبۂ عشق سے ہوگا اس لئے جمالیاتی تنقید کی آسان پہچان ہے کہ اصل گفتگو استعارے میں ہوگی اور وہ استعارہ عورت اس کے متعلقات کا ضرور ہوگا۔

دوسری غور طلب بات یہ ہے کہ اس تنقید کا سرمایہ کم ہے۔ اچھے لکھنے والوں کا کل سرمایہ چند مضامین ہیں اور وہ بھی زیادہ طویل نہیں اس کی وجہ پہلے ہی بتائی جا چکی ہے کہ یہاں دلائل کی گنجائش بہت کم ہوتی ہے۔ اپنا وجدان اظہار ہو جاتا ہے اس بات کا اعتراف ناصر علی نے جمالیاتی انداز سے کیا ہے۔

" دوسرے کہتے ہیں کہ میرے مضمون بڑے نہیں ہوتے ان کو معلوم نہیں کہ خوشبودار پھولوں کے درخت تاڑ کے برابر نہیں ہوتے، گل ولالہ، نرگس وسنبل کے درخت بہت اونچے نہیں دیکھے۔"

جمالیاتی تنقید کی ہمارے یہاں یہ خصوصیات بہت عام ہیں۔ خالص جمالیاتی تنقید کا یہ دور یہ بات بھی ثابت کرتا ہے کہ خالص جمالیاتی تنقید یا تخلیق دیگر عناصر زندگی کو نظر انداز کر کے مشرقی سماج میں دیر تک نہیں پنپ سکتی، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ جمالیاتی تخلیق یا تنقید ہمیشہ ادب کے ساتھ ہے اور رہے گی۔ یہاں ادب کے ساتھ کی شرط بنیادی ہے، جب یہ اپنی انفرادی حیثیت کا اعلان کرے گی اور دوسرے عناصر کی حق تلفی کرے گی تو بالآخر اس کا ردعمل جس میں اس کا جائز مقام بھی کچھ عرصے کے لئے چھین لیا جائے گا۔ جیسا کہ سردار جعفری کا یہ بیان ثابت کرتا ہے۔

" جو لوگ جمالیاتی ذوق کو وجدانی، داخلی اور بالکل انفرادی سمجھتے ہیں، وہ خیال پرستی، تصوریت، عینیت اور ماورائیت کے مرتکب ہوتے ہیں اور شعوری اور غیر شعوری طور سے رجعت پرستی کے لئے راستے کھولتے ہیں جن کے پیچ و خم بظاہر کتنے ہی حسین کیوں نہ ہوں۔ بہرحال ہوتے ہیں خطرناک۔"

ترقی پسند تحریک میں جمالیاتی قدروں کے ساتھ وہی زیادتیاں ہوئیں جو اس سے قبل مقصدیت کے ساتھ رومانی ادیب اور ادب لطیف کے دور میں ادب برائے ادب کے نظریہ کے حامی کر چکے تھے۔ اس سے تو غالباً کوئی بھی منصف مزاج انکار نہیں کر سکتا کہ ادب میں جمالیاتی قدر بہت اہم ہے اور جو تنقید ادب میں جمالیات کا احترام نہ کر سکے وہ ناقص ہے لیکن وہ جمالیاتی تنقید جو ادب میں دوسرے اہم عناصر کو نظر انداز کر دے وہ بھی درست نہیں ہے اس لئے ایک متوازن جمالیاتی تنقید یا متوازن سماجی تنقید وہ ہوگی جو دونوں کے مناسب امتزاج سے بنے گی ایسی متوازن تنقید میں بوقت ضرورت نفسیاتی تنقید بھی مددگار ہوگی۔ پروفیسر آل احمد سرور ایسے ہی وسیع جمالیات کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔

" حال ہی میں یہ احساس ہوا ہے کہ ادب کے مخصوص دائرے اور اس کے بنیادی تقاضوں کو تسلیم کرتے ہوئے ہمیں ایک ایسی جامع جمالیات کی ضرورت ہے جس میں سماجی اور اخلاقی قدروں کا احساس ہو اور جو فن کی نزاکتوں پر نظر رکھے مگر ان میں اسیر ہو کر نہ رہ جائے اور جو اپنی سرزمین اور ماحول سے رشتہ رکھتی ہو۔"

ہمارا
اگست ۱۹۷۰ء
کا
خصوصی شمارہ

ہندوستان کے علاقائی زبانوں کے افسانوں پر مشتمل ہوگا۔

ہر زبان میں افسانہ نگاری کے جدید رجحانات سے متعلق مضامین بھی شامل ہوں گے۔

صفحات ۹۶ ، قیمت : ایک روپیہ

ایجنٹ حضرات اپنی زائد ضرورت سے برانچ منیجر کو مطلع کر دیں



۲۵ فروری ۱۹۷۰ء کو سنگیت ناٹک اکادمی کی طرف سے منعقدہ ایک تقریب میں رقص موسیقی اور ڈرامے کے ممتاز فنکاروں کو صدر جمہوریہ ہند نے اکادمی کا ایوارڈ عطا کیا۔
(تصویر میں) صدر جمہوریہ اردو کے ممتاز ڈرامہ نویس اور ہدایت کار جناب حبیب تنویر کو ایوارڈ دے رہے ہیں۔



ممتاز مورخ پروفیسر محمد حبیب جنہوں نے اس سال دہلی یونی ورسٹی کے نظام خطبات کے تحت ۱۶ اور ۱۷ مارچ ۱۹۷۰ء کو حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء کی زندگی اور تعلیمات سے متعلق خطبہ دیا۔

بجھ گیا دیا



اردو کے مشہور شاعر خورشید احمد جامی کا ۹ مارچ ۱۹۷۰ء کو حیدرآباد میں انتقال ہوگیا۔ مرحوم کینسر میں مبتلا تھے اور آٹھ ماہ سے زیر علاج تھے ۔۔۔ جامی ۱۱ مئی ۱۹۱۷ء کو حیدرآباد میں پیدا ہوئے۔ اور لگ بھگ ۳۰ سال سے شعر و ادب کی خدمت کر رہے تھے۔ انہوں نے ۱۴ کتابیں تصنیف کی تھیں۔ جن میں "شرارے"، "نشان راہ"، "منزل کی طرف"، "خسارِ سحر" اور "یرگ آوارہ" خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔
حال ہی میں جشن جامی منانے کا پروگرام بنایا گیا تھا اور اُن سے متعلق مضامین اور اُن کے منتخب کلام پر مشتمل کتاب قیمت عرض ہنر شائع کی گئی تھی۔



۲۸ فروری ۱۹۷۰ء کو کھٹمنڈو میں نیپال کے ولی عہد بیر بکرم شاہ کی شادی راجکماری ایشوریہ راجیہ لکشمی باقی کے ساتھ ہوئی جس میں لگ بھگ ۵۰ ممالک کے نمایندے شریک ہوئے۔ ہندوستان کی نمایندگی صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری نے کی۔ (تصویر میں) دولہا دلہن



۱۱ مارچ ۱۹۷۰ء کو جاسوسی ناولوں کے نامور مصنف ارل سٹینلے گارڈنر کا ۸۰ سال کی عمر میں انتقال ہو گیا آپ لگ بھگ ۱۴۰ کتابوں کے مصنف تھے اور آپ کی کتابوں کی اب تک ایک ارب ۶۷ لاکھ جلدیں فروخت ہو چکی ہیں ــــ شہرہ آفاق کردار پیری میسن کے خالق گارڈنر ۲۵ سال تک فوجداری کے کامیاب وکیل رہے بعد ازاں ۱۹۳۶ء میں انہوں نے اس پیشے کو خیرباد کہہ کر تصنیف و تالیف شروع کی اور پھر جاسوسی ناول لکھنے میں انہیں عالمی شہرت حاصل ہو گئی۔



صدر جمہوریہ ہند نے بمبئی کی ممتاز ماہر تعلیم اور سماجی کارکن محترمہ کلثوم سیانی کو نہرو تعلیمی انعام عطا کیا۔ محترمہ کلثوم نے کسی کالج یا اسکول میں روایتی تعلیم حاصل نہیں کی ہے لیکن گزشتہ چالیس سال میں اُن کی محنت اور سچی لگن سے بمبئی کے ۵ لاکھ افراد اُردو، ہندی، گجراتی، مراٹھی اور تلگو سے واقف ہو چکے ہیں۔ مزید سات لاکھ افراد ۶ سو مقامات پر تعلیم بالغان کے مرکزوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ آپ نے گاندھی جی کی سرکردگی میں گاؤں کی عورتوں کو تعلیم سے روشناس کرانے میں نمایاں حصہ لیا تھا اور آپ نے اقوام متحدہ کے تعلیم سے متعلق اصلاح کار بورڈ میں بھی ہندوستان کی نمائندگی کی تھی۔



حکومت اتر پردیش نے اُردو، ہندی، اور سنسکرت کے ۵۹ مصنفین کو انعامات دینے کا اعلان کیا ہے۔ اُردو کے مشہور ادیب پروفیسر ڈاکٹر اعجاز حسین کو اُن کی خدمات کے پیش نظر ۵ ہزار روپے کا انعام دیا گیا ہے۔



اس سال ساہتیہ اکادمی کا ایوارڈ (۵ ہزار روپے) اُردو کے مشہور ممتاز شاعر جناب مخدوم محی الدین (مرحوم) کو اُن کی تصنیف بساطِ رقص پر دیا گیا۔

انیس فاروقی



نیشنل گیلری آف ماڈرن آرٹ

بدقسمتی سے غیر ملکی دورِ حکومت میں کبھی یہ نہیں سوچا گیا کہ اس برصغیر میں ہم عصر اور جدید ہندوستانی فنون مصوری اور سنگ تراشی سے متعلق کوئی میوزیم قائم کیا جائے۔ حالانکہ اس دور میں بھی کم و بیش ہر صوبے میں ایک نہ ایک میوزیم ضرور موجود تھا۔ یہ میوزیم عوامی زبان میں عجائب گھر کہے جاتے تھے اور فرصت کے اوقات میں عوام کے لئے فقط تفریح گاہ تصور کئے جاتے تھے ان اداروں کے متعلق فرنگی پالیسی یہ تھی کہ اُن کی کوئی غیر معمولی اہمیت یا ان کا کوئی تعلیمی مقصد ہندوستانی عوام کے سامنے کبھی نہ پیش کیا جائے کیونکہ انہیں اس بات کا خوف تھا کہ کہیں ہندوستانی عوام میں یہ شعور نہ پیدا ہو جائے کہ یہ ادارے ہماری کلاسیکی اور روایتی تہذیب و تمدن کے آئینہ دار ہیں اور کوئی ایسی تحریک وجود میں نہ آجائے جس کی وجہ سے انہیں نئے مسائل سے دوچار ہونا پڑے۔

آزادی کے بعد ہماری قومی حکومت کو یہ احساس ہوا کہ یہ ادارے فقط عجائب گھر ہی نہیں بلکہ عوام میں اپنی شاندار روایات کو پہچاننے اور زمانہ ماضی کی بے پناہ تخلیقی قوتوں سے روشناس کرانے کے اہم مراکز ہیں۔ ان کے ذریعے ایک بیدار قوم کی تعمیر کی جاسکتی ہے۔ لہٰذا ان اداروں کو تعلیمی مراکز میں تبدیل کرنے کے لئے قدم اٹھائے گئے اور ان میں خاطر خواہ سدھار لانے کے لئے میوزیم ایڈوائزری بورڈ کا قیام کیا گیا۔

۱۹۴۷ء کے آخر میں پہلی آرٹ کانفرنس منعقد ہوئی جس میں سارے ملک کے فن کار، نقاد، اور تاریخ فن کے کچھ ماہروں نے حصہ لیا۔ اس کی صدارت مولانا ابوالکلام نے کی جو اس وقت وزیر تعلیم تھے اس کانفرنس کے دوران پہلی بار جدید فن مصوری اور سنگ تراشی پر مشتمل ایک میوزیم قائم کرنے کی تجویز زیر بحث آئی جسے بغیر کسی اختلاف رائے پاس کر دیا گیا۔ نتیجہ کے طور پر ۲۹ مارچ ۱۹۵۴ء کو اس قسم کے میوزیم کا قیام جے پور ہاؤس نئی دہلی میں نیشنل گیلری آف ماڈرن آرٹ کے نام سے کیا گیا جس کا افتتاح اس وقت کے نائب صدر جناب رادھا کرشنن نے کیا۔

کہا جاتا ہے کہ یہ جے پور ہاؤس مہاراجہ جے پور کا سرمائی محل تھا اس کے کمرے اور کاریڈور وغیرہ بہت تنگ ہیں۔ بہرحال کسی طرح ضرورت کے مطابق اسے میوزیم کی شکل دیدی گئی لیکن یہ عمارت جدید فنی شاہکاروں کو جدید تقاضوں کے ساتھ پیش کرنے کے لئے ناموزوں ہے۔

گیلری کے قیام کے بعد سب سے پہلا مسئلہ یہ درپیش تھا کہ اس میں نمائش کے لئے پیش کئے جانے والے فنی شاہکاروں کی کیا حد تاریخ مقرر کی جائے۔ اس مسئلے کو سلجھانے کے لئے سرکار نے ایک کمیٹی مقرر کی جس نے یہ مشورہ دیا کہ اس قومی ادارے میں تقریباً ۱۸۵۷ء سے لے کر زمانہ حال تک کے فنون جمیلہ کے اعلیٰ نمونے جس میں مصوری، سنگ تراشی اور گرافکس شامل

ہوں پیش کئے جائیں یہ محسوس کیا گیا کہ سیاسی اور تاریخی نقطہ نظر سے ۱۸۵۷ء کا غدر ہماری آزادی کی پہلی کوشش تھی لیکن اس کی ناکامیابی کی وجہ سے ہمارے اندر شعوری طور سے بڑے انقلاب رونما ہوئے۔ ہم نے قرونِ وسطیٰ کی تہذیب و تمدن سے کنارہ کشی اختیار کرنا اور مغربی تہذیب، بود و باش اور علم و ہنر کو گلے لگانا شروع کیا۔ اگر اس سانحہ کو تعصب کی نظر سے نہ دیکھا جائے تو بلاشبہ ہم ایک ایسے جدید دور سے ہم کنار ہونا شروع ہوگئے جس کی ارتقائی منزل اب زمانہ حال میں دیکھنے کو ملتی ہے۔

گیلری کے منتظمین کے لئے دوسرا بڑا مسئلہ یہ تھا کہ اس معین شدہ دور سے متعلق فنی نمونے کہاں سے حاصل کئے جائیں۔ آخر کار سرکار نے وقتی طور پر کچھ ایسے نمونے نیشنل میوزیم نئی دہلی سے قرض کے طور پر لے کر پیش کر دیئے جو اس دور سے متعلق تصور کئے گئے۔ لیکن اس مسئلے کے پیشِ نظر سرکار نے فوری طور پر گیلری کے لئے ایک خریداری کمیٹی بنا دی جو ملک کے مایۂ ناز فن کاروں اور نقادوں پر مشتمل تھی اس کمیٹی کے مشورے سے فنی شاہکاروں کے خریدنے کا کام شروع کیا گیا اور کچھ سالوں میں اچھی تعداد میں ایسے نمونوں کا ذخیرہ کر لیا گیا اب کوشش یہ کی گئی کہ ۱۸۵۷ء سے لے کر زمانہ حال تک جو جدید تجربات فنی میدان میں کئے گئے انہیں ترتیب وار تاریخی اعتبار سے پیش کیا جائے تاکہ دیکھنے والے کو اس صد سالہ دور کے مختلف فن کے ارتقائی منازل کا تفصیلی علم ہو سکے لہٰذا پہلی منزل میں ان کو ۱۸۵۷ء سے بنگال تحریک کے خاتمہ (۱۹۴۰ء) تک اور نچلی منزل میں کلکتہ گروپ (۱۹۴۳ء) سے موجودہ ایام تک منقسم کر کے لگایا گیا ہے لیکن ۱۸۵۷ء کے دور کا فن پیش کرتے ہوئے یہ بھی ضروری سمجھا گیا کہ کچھ ایسے نمونے بھی ہونے چاہئیں جس سے یہ اندازہ ہو سکے کہ ہندوستانی فن کی ۱۸۵۷ء سے پہلے کیا حالت تھی۔

۱۸ ویں صدی کے آخری دہائی میں کچھ پرنٹس معتور جس میں خاص طور سے تھومس ڈنیل، ٹلی کیٹل، مارشل کلیکسٹن اور ولیم ہوجز قابلِ ذکر ہیں، سیاحت کی غرض سے ہندوستان آئے۔ ان مصوروں کا ہندوستان کے مختلف درباروں میں بڑا پُرتپاک مقدم کیا گیا اور انہیں اعزازات سے نوازا گیا۔ ان کی آمد کا اثر ہندوستانی مصوری پر اگر زیادہ نہیں پڑا تو کم از کم اس کی شروعات ضرور ہو گئی تھی۔ اس زمانے میں بھی مغل طرز کی مختصر تصویر کشی کہیں کہیں سانس لیتی دکھائی دے رہی تھی۔ اس کے خاص مراکز شمال میں پٹنہ لکھنو، اور دہلی تھے اور جنوب میں حیدرآباد، میسور اور تنجور۔ اُدھر راجپوت طرز راجستھان کے مغربی علاقے میں اور پہاڑی طرز ہمالیہ کے دامن میں کہیں کہیں اب بھی جولانیاں دکھا رہے تھے لیکن جیسے جیسے انگریزی اقتدار بڑھتا گیا۔ ہندوستانی فنی طرز پر مغربی اثر بڑھتا گیا اور دیکھتے دیکھتے قرونِ وسطیٰ کے فنی اقدار پر ایسی بے بسی چھائی کہ ان کا کوئی پُرسانِ حال نہ رہا۔ انگریزوں کی ہندوستانی فن و ثقافت سے نفرت اور راجا مہاراجاؤں اور نوابوں کی بدحالی اور پسماندگی نے فن کاروں کو افلاس کا شکار بنا دیا۔ وہ مجبور آفرینگیوں کے حسبِ منشا قرونِ وسطیٰ کے فنی نمونوں کی نقالی کر کے سستے داموں میں اپنی گزر اوقات کے لئے فروخت کرنے لگے۔ اس بدحالی کے دور کو تعارف کے طور پر گیلری کی پہلی منزل میں اولاً پیش کرتے ہوئے مندرجہ بالا انگریز فن کاروں میں تھومس ڈنیل اور ٹلی کیٹل۔ راجپوت، کانگڑہ، لکھنو، دہلی، پٹنہ طرز اور جنوبی ہند کے میسور اور تنجور طرز کے نمونے لگائے گئے ہیں تکنیکی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو مغربی طرز کے روشنی اور سایہ کا امتزاج کپڑوں میں نمایاں شکنیں جن کا ہندوستانی طرز میں فقدان تھا اب نمایاں طور سے جھلکتا ہے۔ تصویر کی ساخت اور رنگوں کی ہم آہنگی بھی مغربی اسلوب پر مبنی ہے۔



نورجہاں حقہ پیتے ہوئے

انگریزی اقتدار کے بڑھتے ہی ہندوستان کے کچھ علاقوں میں مغربی تہذیب کو بڑی تیزی سے اپنانا شروع کیا گیا اور اسے زیادہ سے زیادہ فروغ دینے میں مدد کی گئی۔ فن مصوری اور سنگ تراشی میں بھی رائل اکاڈمی لندن کے طرز کی نقل شروع کر دی گئی۔ مختصر تصویر کشی سے منحرف ہو کر روغنی رنگوں کے ذریعہ کینوس پر بنائی جانے والی تصاویروں کا آغاز ہوا۔ راجا روی ورما نے مغربی اسلوب کو فروغ دینے میں اہم رول ادا کیا۔

۱۹ ویں صدی کے آٹھویں دہائی تک بمبئی۔ مدراس اور کلکتہ میں گورنمنٹ

آرٹ اسکول قائم کئے گئے جہاں انگریزی نصاب کے تحت رائل اکاڈمی کے طرز پر تعلیم دی جانے لگی اور ہمارے اس دور کے فن کار بالخصوص چہرہ کشی اور منظر کشی کو فن کی معراج سمجھتے رہے۔ بہرحال تاریخی نقطۂ نگاہ سے ان ابتدائی کوششوں کو ہم نظر انداز نہیں کر سکتے۔ لہٰذا گیلری میں اس دور سے روشناس کرانے کے لئے راجا روی ورما، پتھا والا۔ ترینی داد۔ پس تونجی بومن جی اور جے بی گنگولی وغیرہ کے شاہکاروں کو لگایا گیا ہے۔ ان تصاویر میں زیادہ تر تصاویر چہرے کی ہیں۔

کہا جاتا ہے کہ انیسویں صدی کے آخری دہائی میں ای۔ بی ہیول جب کلکتہ آرٹ اسکول کے پرنسپل ہو کر آئے تو انہوں نے ہندوستانی مصوروں کی اس نقالی اور اُن کی رائل اکاڈمی کی اندھی تقلید پر گہرا افسوس ظاہر کیا۔ انہوں نے بڑی ہمدردی اور جرأت کے ساتھ ہندوستانی فن کاروں کو یہ مشورہ دیا کہ وہ اپنی روایات اور ماضی کی روحانی قدروں کے احیاء پر زور دیں اور رائل اکاڈمی کی تقلید کرنا چھوڑ دیں۔ ہیول کے اس پُرخلوص مشورے سے ہندوستانی مصوروں میں ایک نئی امنگ پیدا ہوئی۔ ہیول نے کلکتہ کے ایک بارسوخ شخص ابھنندر ناتھ ٹیگور کو جو فنِ مصوری میں بدرجہ اتم دلچسپی لے رہے تھے اپنا آلۂ کار بنایا۔ اور انھیں کلکتہ آرٹ اسکول میں وائس پرنسپل کی جگہ دیدی۔ ابھنندر ناتھ کی رہنمائی میں اس تحریک احیاء کی شروعات اجنتا باگھ اور دوسرے غاروں کی تصاویر کی نقل سے شروع ہوئی۔ بعد ازاں مغل، راجپوت پہاڑی اور جاپانی طرزوں کے اسلوب کو بھی اپنایا گیا۔ تجربات کرتے کرتے ٹیگور نے آخر کار ایک مخلوط قسم کا طرز ایجاد کیا جسے عام فہم زبان میں "بنگال اسکول" یا واش پینٹنگ کہتے ہیں۔ اس طرز کی بنیاد پڑتے ہی اسے سارے ہندوستان کے فنی حلقوں میں بڑی تیزی سے پھیلانے کا کام شروع کیا گیا۔ ابھنیندر ناتھ ٹیگور کے خاص شاگردوں میں ڈی۔ پی رائے چودھری، اسیت کمار ہلدار، وینکٹپا۔ چغتائی۔ کے این مجمدار۔ نندلال بوس، گگنیندر ناتھ ٹیگور اور بنود بہاری مکرجی قابلِ ذکر ہیں۔ ان سبھی مصوروں کے شاہکاروں کو گیلری میں بڑی ممتاز جگہ دی گئی ہے۔ ان کی تصاویر کے موضوع خالص ہندوستانی ہیں اور مذہبی عنصر لئے ہوئے ہیں۔ تصویروں کے سارے سطح پر ایک دھندلی فضا ہمیشہ دکھائی جاتی ہے جس سے تصوف کا اظہار کیا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کوئی سانحہ ایک دھندلکے میں وقوع پذیر ہو رہا ہو۔ انہیں دوسرے الفاظ میں مذہبی کہانیوں کا مرقع کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ ان سبھی مصوروں کے خاکے بہت کمزور ہیں لیکن رنگوں کی آڑ میں انہیں چھپانے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ نقل اچھی کرتے ہیں لیکن جب خود اختراع کرتے ہیں تو بدن کے تناسب نہایت ناموزوں ہوتے ہیں۔ کچھ لوگوں نے ان کی وکالت کرتے ہوئے اسے EXAGGERATION کا نام دیا ہے۔ بہرحال اس تحریک کا ایک قومی مقصد بھی تھا لہٰذا عوام نے اسے بڑی عزت کے ساتھ نوازا لیکن اس تحریک کا مقصد یعنی ہندوستانی مصور ایک قومی فن بین الاقوامی سطح پر پیش کرے، بدقسمتی سے پورا نہ ہو سکا کیونکہ اس تحریک کے مصوروں نے فن کی مقصدیت کو کبھی سمجھنے کی کوشش نہیں کی۔



ابھنیندر ناتھ ٹیگور —— تبتی بھکشو

تحریک احیاء کا طوفان بنگال سے شروع ہوا تھا لیکن بنگال ہی کے ایک مصور جامنی رائے کو یہ مخلوط طرز قطعی متاثر نہ کر سکا۔ انہوں نے اپنی انفرادی کوششوں سے ہندوستانی عوامی مصوری پر تحقیق شروع کی اور نتیجہ نکالا کہ صحیح ہندوستانی مزاج بغیر کسی خارجی اثرات کے نہ غاروں میں ہے اور نہ قلمی نسخوں میں، بلکہ ہمارے دیہی علاقوں میں ہے۔ جن کی روایاتی قدریں انتہائی قدیم اور گہری ہیں۔ ہمیں ان سے سبق لینا چاہئے۔ بہرحال جامنی رائے نے بنگال کے بنکورا ضلع کی عوامی مصوری کو اپنی بنیاد بنایا۔ اور اسی طرز کو وقت کے سانچے میں ڈھالنا شروع کیا۔ تجربہ کامیاب رہا۔ عوام کے تعلیم یافتہ ترقی پسند ذہن نے بنگال تحریک کی بہ نسبت اس انفرادی شخصیت کو زیادہ قدر و منزلت سے دیکھنا شروع کیا اور یہ محسوس کیا کہ جامنی طرز فن جدید کے تقاضوں کو بین الاقوامی سطح پر بدرجہ اتم پورا کر سکتا ہے جبکہ بنگال تحریک فقط ایک نشاۃ ثانیہ کی حیثیت کی حامل تھی۔ جامنی رائے کے مشہور و نادر نمونے گیلری میں کافی تعداد میں لگائے گئے ہیں۔ ان کے موضوع بھی ہندوستانی ہیں۔ سادگی ان کے فن کی جان ہے۔ عوام ان کے فن میں بڑی اپنائیت محسوس کر سکتے ہیں۔ کیونکہ وہاں کسی قسم کی تیکنیکی الجھنیں نہیں ہیں۔

پانچویں دہائی میں دوسری جنگ عظیم کے شروع ہوجانے سے ہندوستان کی فنی فضا پر کافی اثر پڑا۔ تحریک احیا کا زور کم ہوتا گیا۔ مصور اپنی فنکارانہ صلاحیتیں شعوری طور سے ماضی کی طرح انفرادیت پیدا کرنے میں مرکوز کرنے لگے۔ انہوں نے مغرب کی جدید فنی تحریکوں کا بھی مطالعہ شروع کیا لیکن کوئی جامع نتائج نظر نہ آئے۔ بہرحال اس سراسیمگی کے دور کو بھی گیلری میں مختلف طرز میں دیکھا جاسکتا ہے۔ جسے نہ ہی واضح طرز اور نہ ہی عوامی طرز کہا جاسکتا ہے بلکہ ایک ایسا طرز جو ان دونوں دائروں سے نکل کر کھلی فضا میں سانس لینا چاہتا ہے اور اپنے بازو کو توڑتا ہوا جدید بین الاقوامی قدروں سے منسلک ہونا چاہتا ہے۔ اس انفرادی کوششوں میں مصروف جو شکلیں ہمارے سامنے نظر آئیں۔ وہ ہیں الیلکر، راول پلکر اور ان کے کچھ شاگرد جن کے نمونے اس دور کا تعارف کراتے ہیں۔ ان کے شاہکار ہندوستان کی مذہبی اور فرسودہ روایات سے تھوڑا آگے بڑھے ہیں اور روزمرہ کے واقعات کو زیادہ ترجیح دیتے ہیں۔

رنگوں میں شوخی اور متضاد کیفیت پائی جاتی ہے۔ خاکوں کو توڑنا مروڑنا شروع کیا گیا مگر بہت سنبھل سنبھل اور ڈر ڈر کر جس سے مخلوطیت برقرار رہی۔ اس صدی کی پانچویں دہائی سے جو کچھ فنی تجربات کئے گئے وہ گیلری کی نچلی منزل میں رکھے گئے ہیں۔ اس دور کی شروعات دو غیر معمولی تخلیقی قوت لئے ہوئے مصوروں سے ہوتی ہے۔ پہلی امرتا شیرگل اور دوسرے رابندرناتھ ٹیگور۔ بنگال اسکول جب اپنی سکل وسعت کر چکا تھا اسی دوران شیرگل پیرس سے مغربی اسالیب کا بڑا وسیع مطالعہ کر کے ہندوستان واپس ہوئیں اور بعید اثر پوسٹ مصوروں کے طرز پر کام کرنا شروع کیا۔ بنگال تحریک کے لئے دوسرا سب سے بڑا چیلنج تھا لہٰذا بنگال اسکول کے پیروؤں اور ہمنواؤں نے امرتا شیرگل کی فنی سرگرمیوں کو غیر قومی قرار دیا اور اُن کے فن کی اشتراکی کیفیت کے کٹر مخالف ہوگئے جس سے انہیں بہت دکھ ہوا۔ اُن کی عمر نے بھی زیادہ وفا نہ کی اور ۱۹۴۱ء میں ۲۹ سال کی عمر میں ان کا انتقال ہوگیا۔

امرتا شیرگل کی ۷۰ تصاویر گیلری میں موجود ہیں۔ لیکن اُن کے فن میں تکنیکی صلاحیت قدرے کم ہے۔ وہ بلا کی حساس مگر جلد باز تھیں۔ وہ غالباً پیرس کے گاگاں۔ مودگلیانی کے طرز کو اپنا محور بنا کر ایک راہ ڈھونڈ نکالنے میں مصروف نظر آتی ہیں۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ اجنتا اور مختصر تصویر کشی سے بھی متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ پاتیں۔ "جھولا" اور "عورتیں" ان ہندوستانی اثرات سے بھرپور ہیں۔ رنگ بہت محدود ہیں۔ سادگی ان کی تصاویر کی خصوصیت ہے۔ تفاصیل سے پرہیز کرتی ہیں اور نہ ہی وہاں کوئی پیچیدگی نظر آتی ہے۔ مجموعی طور پر ان کا فنی مجموعہ فقط ایک غلام ہندوستان کا بے کیف خاکہ ہے جس میں زندگی کم اور محرومیت بلا درجہ کی ہے۔ کچھ بھی ہو عوام کے لئے ان کی گیلری بڑی کشش کا باعث ہے۔

رابندرناتھ ٹیگور شروع شروع میں بنگال کی تحریک احیا کے بڑے علمبرداروں میں سے تھے۔ مگر جب انہیں غیر ممالک جانے کے مواقع ملے تو انہوں نے دیکھا اور محسوس کیا کہ فن مصوری اور سنگ تراشی بین الاقوامی سطح پر اس رخش کی مانند ہے جس کی نہ رکاب ہے نہ باگ ہے اور وہ ماضی کی بندشوں کو توڑ کر اپنی بے پناہ قوتوں سے فلک بوس ہو رہا ہے، اور ایک ہم ہیں کہ ہزاروں برس پرانے غاروں میں فن کے معنی تلاش کرنے پھر رہے ہیں۔ آخر ٹیگور سے رہا نہ گیا اور وہ چیخ پڑے "پرانی روایات کو دہرانا ہی فن نہیں ہے، بلکہ انفرادی اور جرأت مندانہ تجربوں کی ضرورت ہے"، لیکن اس سے پہلے کہ فن کار ان کی آواز کو جامہ پہنا سکتے ٹیگور نے خود اسے شرمندہ تعبیر بنا دیا۔ ٹیگور کے اسی قلم میں جس نے شاعری اور ادب میں ہندوستانی روایات، نزاکت، خوبصورتی لچک، تشبیہ و استعارہ اور بہت کچھ کوٹ کوٹ کر بھرا ہو، وہاں اب تلخی آگئی۔ فن مصوری میں اُس نے روایات سے منہ موڑ لیا۔ اُس نے سفید صفحات پر نقشے بکھیرنے کے بجائے سیاہی انڈیلنا شروع کر دیا۔ انہیں اوراق پر بنگال کی حسینائوں کے قصیدوں سے کنارہ کشی اختیار کر کے غم والم سے بھرپور چہروں کے نقش ابھرنے لگے۔ انسان کا ایک دوسرا رُخ جو ٹیگور اپنی شاعری میں پیش کرتے سے قاصر رہے وہ مصوری میں لے آئے جیسے ٹیگور پیغام دے رہے ہوں کہ فن فقط ایک حسین خواب کی تعبیر ہی نہیں بلکہ زندگی کی ایک تلخ حقیقت بھی ہے۔ ٹیگور کے فنی شاہکار دنیا کے لئے ۱۹۳۷ء میں پہلی بار پیرس میں پیش کئے گئے۔ بعد ازاں ان کی نمائش روس، انگلینڈ، اور امریکہ میں بھی ہوئی۔ کہیں انہیں سراہا گیا لیکن کہیں نقادوں نے اُن کی مصوری کو یورپ کے اظہار پرست طرز کا پیرو بتایا۔ بہرحال اس میں کوئی شک نہیں کہ ٹیگور کا فن نوجوان نسل کو متاثر کئے بغیر نہ رہ سکا۔ گیلری میں سو تصویریں ہیں لیکن اس میں سے کچھ ہی تصویریں عوام کے لئے لگائی گئی ہیں۔ ان کی تصویروں کا میڈیم عموماً روشنائی ہے جس کا روشنی کے وجود سے پھیکے پڑجانے کا خطرہ رہتا ہے لہٰذا ان تصاویر کو ہمیشہ پردے سے ڈھکا رکھا جاتا ہے، مگر جب کوئی دیکھنے کی فرمائش کرتا ہے تو پردہ ہٹا کر دکھا دیا جاتا ہے۔

رابندرناتھ ٹیگور نے کلکتہ کے کچھ نوجوان ترقی پسند مصوروں کی ہمت



پرودوشش داس گپتا۔ کالسی کا مجسمہ

افزائی کرکے بنگال کی تحریک احیاء کے خلاف مورچہ بندی کی بنیاد ڈال دی جو بالآخر ۱۹۴۳ء میں کلکتہ گروپ کے نام سے پرودوشش داس گپتا، نرود مجمدار، رتھن موترا، سنیل مادھوسین، پری توش سین، ہیمنت مورا، گوپال گھوش، پر مشتمل ایک جدید تحریک شروع ہوئی جہاں کسی لائحہ عمل کے بجائے انفرادی رجحانات کو اختیار کرنے پر زور دیا گیا۔ ان فن کاروں نے بڑے استقلال اور جرأت کے ساتھ جدید فنی قدروں کی بنیادوں پر تجربے کرنا شروع کئے لیکن یہ اظہار پرست اسلوب سے آگے نہ بڑھ سکے۔ اس گروپ سے متعلق شاہکاروں کو گیلری میں رابندرناتھ ٹیگور سے ملے ہوئے کمرے میں دیکھا جاسکتا ہے۔ ان کے فن میں موضوعات اور ان کی مکمل بندش صاف نمایاں ہے۔ صرف اس کی ساخت میں آزادیٔ اظہار ضروری ہے۔ یعنی تخیل اور اس کا آزادانہ اظہار ہی اظہار پرستی ہے۔ کچھ سالوں سے ہیمنت مورا نے اپنے فن میں استعجابی کیفیت لانے کی کوشش ہے اور سنیل مادھوسین عوامی مصوری کی طرف راغب ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ مجموعی طور سے ان سبھی مصوروں نے پرائمری رنگوں سے پرہیز کیا ہے۔ زیادہ تر مٹیلے اور بجھے بجھے رنگوں کے استعمال سے تصویروں میں صوفیانہ ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی ہے مگر نتیجہ اس کے برعکس ہے اور آنکھوں کو سکون کے بجائے یاس کا پیغام دیتی ہیں۔

تین سال بعد بمبئی میں جدید مصوروں نے اپنا ایک الگ پرچم لہرایا اور اسے بمبئی ترقی پسند گروپ کے نام سے منسوب کیا۔ اس کے خاص ممبران۔ سوزا، حسین پدمسی۔ گے تونڈے اور گاڈے تھے۔ بعد میں ان کا حلقہ وسیع ہوتا گیا۔ ان کی تصاویر، کچھ بمبئی، اور قرب وجوار کے انفرادی فطرت پرستوں کے شاہکاروں کے ساتھ آویزاں کی گئی ہیں۔ بمبئی گروپ نے پرائمری رنگوں کے ذریعہ اظہار پرستی کا راستہ اختیار کیا۔ پدمسی اور گے تونڈے کچھ آگے ہی بڑھ گئے۔ اور تجریدی طرز اختیار کیا۔ پدمسی کے فن میں تجریدیت تو ہے مگر موضوع سے مطابقت برقرار ہوتی ہے۔ لیکن گے تونڈے نے موضوع کو غیر ضروری قرار دے کر فقط رنگ اور ساخت پر ہی قناعت کرکے اپنا دائرہ کار وسیع کرلیا ہے، حسین نے عوامی فن اور صنعت سے متاثر ہوکر ایک انفرادی اسلوب پیدا کرلیا ہے جس پر وہ مستقل مزاجی سے پچھلے ۲۲ برسوں سے قائم ہیں۔ اُن کے خاکے سلیس ہیں۔ مگر مجموعی ہیئت سے کافی رنگینت پائی جاتی ہے خطوط میں بدرجہ اتم کفایت دکھائی جاتی ہے۔ یہی اُن کے فن کا سب سے اہم راز ہے۔ حسین کبھی موضوع سے الگ ہوکر کام نہیں کرتے۔ وہ جس لطیف کے اگر مصور رہے جائیں جیسا کہ کچھ نقادوں نے کہا بھی ہے تو غلط نہ ہوگا۔ وہ نسائیت کے رازداں معلوم ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک نخت پہنے دیہاتی الہڑ عورت، عمامہ پہنے کشمیری حسینہ اور کرتا یا قمیض پہنے کسی شہر کی ماڈرن دوشیزہ حسین کے قلم سے یکساں جاذبیت رکھتے ہوئے کنوس پر نظر آتی ہے۔ اُن کے حسن اور نسائیت کو بغیر کسی جامع خدوخال دکھائے پیش کردینا حسین کی تخلیقی قوتوں کی شہادت ہے۔ ہاتھوں کی ادا دکھانا حسین کے قلم کی دوسری خصوصیت ہے جس سے تصویر میں ہندوستانیت پیدا کردی جاتی ہے۔ کبھی تشبیہات کا سہارا بھی لیا جاتا ہے۔ حسین نے اپنے فن کے متعلق خود بیان کرتے ہوئے ایک بار کہا کہ وہ صرف حقیقی اور غیر حقیقی کیفیات کے امتزاج کی کوشش میں مصروف ہیں۔ وضاحت کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ حقیقی مادّے ہمارے پیش نظر قدرت میں موجود ہیں۔ جن سے میں بالواسطہ متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ لیکن کچھ اور مادّے بھی ہیں جو ہم نہیں دیکھتے فقط محسوس کرتے ہیں۔ جن کو حقیقت کا روپ دینے کے



حسین : دو عورتیں

لئے استعارہ یا تشبیہ کا استعمال کرنا پڑتا ہے۔ اکثر ان کی تصاویر کا یہی دوسرا رُخ لوگوں کی سمجھ میں آسانی سے نہیں آتا۔

سنہ ۱۹۵۰ء کے لگ بھگ دہلی میں دہلی شلپ کلاچکر کے نام سے ایک گروپ قائم ہوا جس کے لیڈر سیلوز مکرجی تھے۔ اس گروپ کے کچھ مصور اور کچھ دوسرے جو اس گروپ سے متعلق نہ تھے۔ اور آزادانہ کام کر رہے تھے اُن کے شاہکاروں کو آویزاں کیا گیا ہے۔ ان فن کاروں میں امرناتھ سہگل، ستیش گجرال، سیلوز مکرجی، ارناش چندر۔ بیرن ڈے دمل داس گپتا، سلطان علی، رام کمار، کلکرنی، کشن کھنہ دھرمانی، جیون اڈلجا



سیلوز مکرجی ۔ گاؤں کا کنبہ

اور اوم پرکاش قابلِ ذکر ہیں۔ . . . . . اوم پرکاش، بمل داس گپتا کشن کھنہ، بیرن ڈے، تجریدی اسلوب پر طبع آزمائی کر رہے ہیں۔ بقیہ سبھی کم بیش اظہار پرست فن کار تصور کئے جاتے ہیں۔ سلطان علی نے اظہار پرستی میں استعجابی کیفیت پیدا کر کے اپنا انفرادی مقام حاصل کر لیا۔ وہ ہندوستانی قبائلی مصوری سے کافی متاثر ہیں۔ بمبئی گروپ کے مصوروں کی طرح ان سبھی نے شوخ اور تیز رنگوں کا استعمال کیا ہے۔ دہلی گروپ میں صرف سیلوز مکرجی ایسے فن کار تھے جنہوں نے اس بات کی ضرورت محسوس کی تھی کہ ہندوستانی فن میں بین الاقوامی جدید قدروں کے ساتھ ساتھ ہندوستانیت ضرور برقرار رکھنی چاہئے۔ ورنہ ہندوستانی مصوری کی انفرادیت ختم ہو جانے کا خدشہ لاحق ہو سکتا ہے۔ بہرحال انہوں نے اپنی مصوری میں یہ بات پیدا کرنے کی کوشش کی تھی حالانکہ وہ بدرجہ اتم فرانس کے ماتیس مصور سے متاثر تھے۔ انہوں نے فرانس میں جب اپنی نمائش کی تو وہاں کے نقادوں نے انہیں ماتیس آف انڈیا کے لقب سے پکارا۔ یہ کمی انہوں نے محسوس کی اور اپنی زندگی کے آخر دنوں میں ماتیس کے اثر کو کافی حد تک ختم کر دیا تھا اور خالص ہندوستانی رنگ پیدا کرنے میں کامیاب ہو رہے تھے مگر سنہ ۱۹۶۱ء میں انتقال ہو جانے سے ہندوستان ایک مایۂ ناز مصور سے محروم ہو گیا۔ کچھ لوگوں نے ان کی تقلید شروع کی مگر بعد میں اس خوف سے باز رہے کہ کہیں انہیں تھی سیلوز سے متاثر ہونے کا الزام نہ دے دیا جائے۔

ستیش گجرال اس گروپ کی نہایت اہم شخصیت ہے گجرال نے اپنی شروعات میکسکو کی دیواری تصاویر کے زیر اثر کی اور انہوں نے اس دور میں بے پناہ مقبولیت حاصل کی۔ مگر نقادوں نے کچھ سال تو انتظار کیا کہ شاید یہ کوئی ایسا اسلوب پیدا کرنے میں کامیاب ہو جائیں جسے ہندوستانی کہا جا سکے مگر جب ایسا نہ ہوا تو انہیں بھی سیکرا اور اوروزکو سے متاثر ہونے کا مورد الزام ٹھہرایا گیا۔ نتیجہ خاطر خواہ نکلا اور یہ دیکھا گیا کہ گجرال نے اس قسم کی تصویریں بنانے سے احتراز کرنا شروع کیا۔ اور دوسرا اسلوب ڈھونڈھ نکالنے میں مصروف نظر آنے لگے۔

پچھلے چند سالوں میں مدراس گروپ نے بھی ہندوستانی جدید مصوری میں اپنا خاص مقام حاصل کر لیا ہے۔ پانیکر کی نمایندگی میں منتھنا راج، راجا دلو، دھن پال، شان مگا سندرم اور مونو سوامی وغیرہ نے جدید تجربے کئے ہیں۔ یہ فن کار کوشش کر رہے ہیں کہ جدید تقاضوں کے ساتھ پرانی ہندوستانی قدروں کو بھی اجاگر کیا جائے۔ ان کے فن میں جنوبی ہند کے مندروں کے فن سنگ تراشی کی جھلک کچھ تبدیلیوں کے ساتھ جلوہ گر ہے۔ ان تجرباتی کوششوں کے نمونے گیلری میں نمایندگی کر رہے ہیں۔

آخر میں بڑودہ گروپ سنہ ۱۹۵۲ء میں قائم کیا گیا۔ جس کی رہنمائی بندرے نے کی۔ اور جس کے ممبر سنکھو چودھری، سنتوش، شانتی دوے، راگھو کینیا



بیندرے ۔ ایک مکان

(بقیہ صفحہ ۴۱ پر)



میں روزانہ سڑکوں کے کنارے کچھ لوگوں کو آئس کریم کے بکسوں کی وضع کے بکس لئے کھڑے دیکھتا تھا اور اُن کے قریب سے گزر جاتا تھا۔ بارہا ایسا بھی ہوا کہ ان بکس والوں سے میری نگاہیں چار ہوگئیں مگر میں نے کبھی ان سے کسی قسم کا سوال کرنے کی جرأت نہیں کی۔ ایک مرتبہ جب میں اپنے ایک دوست کے ساتھ اُدھر سے گزر رہا تھا میں نے اپنے ایک دوست سے پوچھا کہ یار! یہ کون لوگ ہیں جو بکسوں پر بڑے بڑے اشتہاروں کی جھولی ڈالے دن دن بھر ایک ٹانگ سے کھڑے رہتے ہیں۔ اس پر انہوں نے بتایا کہ آج کل ہمارے ملک کی تمام صوبائی حکومتوں کی طرف سے سرکاری طور پر لاٹریوں کا کاروبار شروع کیا گیا ہے اور یہ لوگ بطور ایجنٹ اُن کے ٹکٹ بیچتے ہیں۔ میں نے کہا کہ ان لاٹریوں میں کوئی لاٹری سچی بھی ہوتی ہے۔ بولے بھی لاٹریاں سچی ہوتی ہیں اور ان میں جن خوش نصیبوں کے نمبر آتے ہیں وہ آن واحد میں مالا مال ہو جاتے ہیں اور اس سلسلے میں انہوں نے دو ایک مثالیں بھی دیں اور بتایا کہ ابھی حال میں ایک معمولی جھلی والے کے نام پچاس لاکھ روپئے کا انعام نکلا ہے اور اب وہ ایک کوٹھی میں رہتا ہے اور اس کے لڑکے موٹروں میں لدے لدے پھرتے ہیں۔ اُن میں سے کئی نے بڑے بڑے کارخانے کھول لئے ہیں۔ یہ سنتے مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جیسے جھلی والے کے بجائے پچاس لاکھ روپے مجھے مل گئے ہیں چنانچہ میں نے بڑھ کر ایک پچاس لاکھ والی لاٹری کا ٹکٹ خرید لیا جس میں پہلا انعام پچاس لاکھ کا تھا اور دوسرا چالیس لاکھ اور تیسرا بیس لاکھ کا۔ میں نے ٹکٹ خرید نے کے بعد دل میں کہا کہ ایک معمولی جھلی والے کو جس کے حسب نسب کا کوئی ٹھیک نہیں ہوتا پچاس لاکھ مل سکے۔ ہیں تو ہم جیسے نجیب الطرفین جس کا حسب نسب براہِ راست عرب تک چلا گیا ہے کہاں کے گئے گزرے ہیں کہ قدرت ہم کو دس بیس لاکھ روپے کا مستحق بھی قرار نہ دے۔ اس کے بعد ہم نے اپنی پچھلی زندگی کے بعض حقائق پر جب غور کرنا شروع کیا تو یاد آیا کہ ایک مرتبہ والدہ صاحبہ کسی سے ہماری پیدائش کے بارے میں باتیں کر رہی تھیں تو انہوں نے کہا تھا کہ کسی فقیر نے بتایا ہے کہ یہ لڑکا بڑا ہو کر بڑا بھاگوان ہوگا۔ نہ جانے فرشتوں کی فروگذاشت سے یہ آپ کے یہاں کیسے پیدا ہو گیا اس کو تو کسی راجہ مہاراجہ کے یہاں پیدا ہونا چاہئے تھا۔ اس نے یہ بھی کہا تھا کہ جب یہ ادھیڑ عمر کو پہنچے گا تو اُسے کہیں سے چھپر پھاڑ کر دولت ملے گی اور بڑے بڑے حکام اور دولتمند اس کے آگے پانی بھریں گے۔ اسی طرح پیدائش کے بعد میرے سینہ پر ایک سرخ رنگ کا دو ڈراتھا جسے دیکھ کر ایک دوسرے درویش نے پیشین گوئی کی تھی کہ یہ لڑکا بڑا ہو کر لعل و جواہر سے کھیلے گا اور اتنی بڑی جائداد کا مالک ہوگا کہ کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ ہوگی۔ یہ خیال آتے ہی گردوپیش کی عظیم ترین عمارتیں ہم کو ہیچ نظر آنے لگیں۔ ریزرو بنک کی وہ عمارت جسے ہم ابھی تک دنیا کی حسین ترین عمارت سمجھے ہوتے تھے ہم کو جھونپڑے سے بدتر نظر آنے لگی۔ اس کے بعد لال قلعہ کے بارے میں ہم سوچنے لگے کہ اگر شاہجہاں کی جگہ ہم ہوتے تو بجائے سرخ پتھر کے سارا قلعہ سونے چاندی کی اینٹوں کا بنواتے۔ اس کے بعد لاٹری نکلنے کا خیال آتے ہی خود بخود ہماری

میں نے بڑھ کر ایک پچاس لاکھ والی لاٹری کا ٹکٹ خرید لیا جس میں پہلا انعام پچاس لاکھ کا تھا اور دوسرا چالیس لاکھ اور تیسرا بیس لاکھ کا۔ میں نے ٹکٹ خرید نے کے بعد دل میں کہا کہ ایک معمولی جھلی والے کو جس کے حسب نسب کا کوئی ٹھیک نہیں

بغلیں بجنے لگیں اور مارے خوشی کے ہم اپنی کھال میں پھولنے لگے۔ ہم نے اپنی گردن کو اپنے جسم پر زاویہ قائمہ کی شکل دے کر اس انداز میں چلنا شروع کر دیا جس طرح بڑے بڑے وزراء اپنا فوٹو کھنچواتے وقت اپنی چال میں ایک خاص قسم کا استغنا پیدا کر لیتے ہیں۔ سب سے پہلے ہم کو اپنا زمین پر قدم رکھ کر چلنا بُرا معلوم ہونے لگا اور ہمارا خیال دنیا کی تیز رفتار موٹر کی طرف گیا۔ نہ جانے کس سے سنا تھا کہ دُنیا کی سب سے زیادہ تیز رفتار موٹر امریکے کے مرحوم صدر کنیڈی کے پاس تھی چنانچہ یہ خیال آتے ہی ہم نے طے کر لیا کہ لاٹری نکلتے ہی ہم کم از کم ویسی ہی چار موٹریں خرید کر اپنے بچوں میں بانٹ دیں گے۔ اور اُن کے لئے کناٹ پلیس میں چار عظیم الشان محل تعمیر کرا دیں گے جسے دیکھنے کے لئے ساری دُنیا کے سیاحوں کا تانتا ہندوستان کی طرف بندھ جائے گا اور دُنیا کی حسین ترین عمارت تاج محل لوگوں کو ہیچ نظر آنے لگے گی۔

چونکہ لاٹری کھلنے کی تاریخ میں صرف پانچ روز باقی رہ گئے تھے۔ اور ۲۱ مارچ کو ہمارے نام انعام ملنے کا تار آنے والا تھا اس لئے وقت کی تنگی کے پیش نظر ہم سیدھے اپنے عزیز ترین دوست مرزا کے پاس گئے جس کو عمارتوں کی خرید و فروخت میں خاص شہرت حاصل تھی اور جو دُنیا کی موٹروں کی وجہ تسمیہ سے بھی بخوبی واقف تھا۔ چنانچہ مرزا صاحب کے گھر پہنچتے ہی ہم نے زور زور سے ان کے گھر کے کواڑ پیٹنا شروع کر دیئے۔ مرزا صاحب اس وقت حمام کا انتظار کر کے غسل خانے جا چکے تھے چنانچہ اُنہوں نے غسل خانے میں جب کواڑوں کی بھڑبھڑاہٹ سنی تو گھر کی مغلانی سے چلا کر کہا: "کہدو مردود سے کہ مرزا صاحب تیرا انتظار کرتے کرتے غسلخانے چلے گئے۔ تجھ کو سویرے بلایا تھا اور دس بجے آیا ہے۔ چنانچہ مغلانی نے بغیر دروازہ کھولے مرزا صاحب کے الفاظ جوں کے توں دُہرائے۔ اس پر میں نے کہا "ارے۔ میں ہوں" اس پر مغلانی نے پھر آکر مرزا صاحب سے کہا کہ وہ حمام نہیں کوئی دوسرا آدمی معلوم ہوتا ہے۔ اس پر مرزا صاحب بولے تو پھر موچی ہوگا۔ اس کم بخت سے کہدو کہ آٹھ بجے کے اندر آنا تھا اور اب تو ساڑھے دس بجے آیا ہے۔ اس کے بعد جب میں نے پھر زور سے کہا کہ ارے! مرزا میں ہوں ذرا جلدی نکل" تو مرزا نے قہقہہ لگا کر لاحول ولا قوۃ کہا اور ہنس کر مغلانی سے کہا کہ باہر کمرہ کھول کر مرزا صاحب کو بٹھادو میں ابھی آتا ہوں۔

تھوڑی دیر بعد مرزا صاحب کاندھے پر تولیہ ڈالے اور گنگناتے ہوئے کمرہ میں داخل ہوئے۔ اور بولے "ابے تو ہے۔ پہلے تیری آواز پر مجھے حجام کا دھوکا ہوا" اس کے بعد موچی جیسی آواز معلوم ہوئی۔ ابے جہاں پہلی بار شریف گھرانے میں پیدا ہوا تھا، وہاں لب و لہجہ بھی بدلوا لیا ہوتا۔ میں نے کہا مرزا اس وقت میں تیری بکواس سننے نہیں آیا ہوں بلکہ ایک بہت ہی اہم معاملے میں مجھے تجھ سے مشورہ کرنا ہے۔ مرزا نے کہا۔ وہ کون سا ایسا اہم معاملہ ہے جو آج تمہارے سر آن پڑا۔

میں نے کہا: مرزا! یہ بتاؤ کہ اس وقت دلی میں تم مجھ کو چار بہترین قسم کی کوٹھیاں دلوا سکتے ہو۔

مرزا بولے:۔ کیوں نہیں۔

میں نے کہا:۔ تو بتاؤ نا

مرزا نے کہا:۔ لال قلعہ، پارلیمنٹ ہاؤس، وائسرائیگل لاج جہاں آج کل ہمارے صدر جمہوریہ مقیم ہیں اور حویلی حسام الدین۔

میں نے جھنجلا کر کہا:۔ مرزا اگر تم مذاق کے موڈ میں ہو تو میں چلا جاؤں۔

مرزا نے کہا:۔ اس وقت مذاق کی کون سی بات ہے۔ کیا ان چاروں میں سے تم کو کوئی پسند نہیں۔

میں نے کہا: مرزا! اس وقت میں تمہاری احمقانہ باتیں سننے کے موڈ میں نہیں ہوں۔ میں تم سے سنجیدگی سے ایک بات پوچھ رہا ہوں اور تم اسے مذاق سمجھ رہے ہو۔ تم کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ میرے بچوں کی زندگی کا معاملہ ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ میں اپنی زندگی ہی میں بچوں کی آئندہ زندگی کے لئے انتظام کر دوں ورنہ زندگی کا کیا بھروسہ آدمی بُلبلا ہے پانی کا۔

مرزا نے کہا:۔ تو آپ ابھی مرکب رہے ہیں۔ اور اگر مرتے بھی ہوں گے تو میں کب مرنے دوں گا

میں نے کہا:۔ مرزا تم سمجھ نہیں رہے ہو کہ میری صحت کس درجہ خراب ہوتی چلی جا رہی ہے۔ مگر میں سمجھ رہا ہوں کہ کل کیا ہونے والا ہے۔

مرزا نے کہا:۔ بھائی خدا کے لئے اس قسم کی احمقانہ باتیں چھوڑو اور یہ بتاؤ کہ تم کہنا کیا چاہتے ہو؟

میں نے کہا:۔ کیا بات کہی ہے۔ اتنی دیر سے میں کہہ تو رہا ہوں کہ تم مجھے چار حسین ترین کوٹھیاں دلوا سکتے ہو یا نہیں۔

مرزا صاحب نے کہا:۔ یہ تو میں نے سُن لیا مگر یہ بتاؤ کہ یہ کوٹھیاں خرید کون رہا ہے اور کس مقصد کے لئے خرید رہا ہے۔

میں نے کہا:۔ کوٹھیاں میں خرید رہا ہوں اور اس مہینے کی ۳۱ تاریخ تک ان کا انتظام ہو جانا چاہیے ورنہ پھر مجھے زمین سے کراز سر نو بنوانا

پڑیں گی اور اس میں کئی سال لگ جائیں گے۔ قیمت کی فکر مت کرنا جتنے کی بھی ہوں گی لے لوں گا۔ جب میں نے مرزا سے آخری فقرہ کہا تو مرزا حیرت سے مجھے دیکھنے لگا اور اس نے اپنا منہ میرے منہ کے پاس لاکر اس طرح مجھے دیکھنا شروع کیا کہ جیسے وہ میری دماغی کیفیت آنکھوں سے دیکھنا چاہتا ہے۔

میں نے کہا: تو پھر مرزا بتاؤ۔ کوئی ایسی چار کوٹھیاں تمہاری نظر میں ہیں؟

مرزا نے کہا: ہوں۔

میں نے کہا:۔ ہوں، نہیں۔ مجھے چار کوٹھیاں ایسی ول فرنشڈ درکار ہیں۔ جو دلّی میں اپنا جواب نہ رکھتی ہوں۔

مرزا نے کہا میری بات کا کوئی جواب نہیں دیا اور غوطہ میں پڑ گیا۔ ایسے موقع پر جب کوئی اس قسم کی حرکتیں کرنے لگتا ہے تو میرے آگ لگ جاتی ہے اور میرا دل چاہتا ہے کہ اس کا گلا گھونٹ دوں مگر غصہ کو قابو میں رکھتے ہوئے میں نے مرزا سے پھر کہا۔ "مرزا میں تم سے کوٹھیوں کے بارے میں پوچھ رہا ہوں۔ بولو دلواتے ہو یا نہیں۔ اگر یہ کام تمہارے بس سے باہر ہو تو اسی وقت صاف صاف بتاؤ۔ تاکہ میں کوئی دوسرا انتظام کروں۔"

مرزا نے اس کے جواب میں اپنی جیب سے سگرٹ کی ڈبیہ نکال کر اور اس میں سے ایک سگریٹ منہ تک لے جاتے ہوئے کہا۔ اچھا پہلے یہ بتاؤ کہ تمہاری طبیعت کیسی ہے؟

مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جیسے مرزا میری ساری باتیں بجائے کانوں کے آنکھوں سے سن رہا تھا۔ اس نے پھر مجھے بڑے غور سے دیکھا اور بولا۔

"بھابھی کی طبیعت کیسی ہے؟"

میں نے کہا۔ دیکھو مرزا۔ تم اسے مذاق سمجھ رہے ہو اور میں اس وقت مذاق کے موڈ میں نہیں ہوں کیونکہ مجھے انہیں کوٹھیوں کی مناسبت سے دُنیا کی چار تیز ترین رفتار کی موٹریں بھی خریدنا ہیں

مرزا بولے:۔ ہوں

میں نے کہا:۔ تو ۲۱ کی صبح تک ان دونوں چیزوں کا تمہیں انتظام کرنا ہوگا۔

مرزا نے قدرے موہوم آواز سے کہا۔ ہوں

میں نے کہا۔ مرزا دیکھو اب مجھے دوبارہ یاد دلانے کی ضرورت نہ پڑے۔

مرزا نے اپنی گدی کھجا کر کہا۔ ہاں

میں نے اُٹھتے ہوئے پھر کہا۔ مرزا ۲۱ تاریخ یاد رکھنا یعنی ۲۱ کے بعد ہی ۲۲ تاریخ ہوتی ہے یعنی دوسرے دن سویرے۔

جب میں چلنے لگا تو مرزا نے نہ تو حسب دستور قدیم مجھ سے بیٹھنے کے لئے اصرار کیا اور نہ اس موضوع پر زیادہ گفتگو کی۔ البتہ جب میں دروازہ کھول کر باہر جانے لگا تو مرزا نے مجھے اس طرح دیکھا جس طرح کینسر کے آخری اسٹیج والے مریض کو کوئی ڈاکٹر دیکھ کر اس سے رخصت ہوتا ہے۔

میں مرزا صاحب کے پاس سے اُٹھ کر سیدھا گھر آیا اور بیوی سے لاٹری کی خریداری کا ذکر کرتے ہوئے بعض فقیروں نے میرے بارے میں جو پیشین گوئیاں کی تھیں انھیں کچھ اس طرح بیان کیا کہ بیوی بچوں کو ہماری کامیابی کا روپیہ میں سترہ آنے بھر یقین ہو گیا۔ اس کے بعد بیوی نے کہا کہ یہ بھی عجیب بات ہے کہ جس عمر سے میں گزری ہوں اس کے بارے میں بچپن میں حضرت نبی اللہ شاہ نے جو میری امی کے پیر اور بہت پہنچے ہوئے درویش بھی تھے مجھے دیکھ کر کہا تھا کہ یہ لڑکی جس گھر میں بھی بیاہ کر جائے گی اُس گھر میں ایک زمانے میں اچانک ہُن برسنا شروع ہو جائے گا اور اس کا شوہر بہت بھاگوان ہوگا۔ اُس پر میں نے کہا کہ دیکھو پرسوں اللہ میاں کیا دکھاتے ہیں؟

بیوی نے کہا کہ پرسوں کے معنی یہ ہوئے کہ جمعے کے دن۔

اس پر میرے بڑے صاحبزادے نے کہا کہ امی مجھ سے قسم لے لیجئے لاٹری ہزار دو ہزار میں والد ہی صاحب کے نام نکلے گی کیونکہ پرسوں جب میں یونیورسٹی جا رہا تھا اور لال قلعہ کے سامنے بس کے انتظار میں کھڑا تھا کہ اتنے میں میں نے مڑ کر دیکھا کہ ایک شخص پنجڑے میں کئی بئے لئے بیٹھا تھا اور وہ بئے تاش کے برابر پتوں کو اپنی چونچ سے اٹھا اٹھا کر لوگوں کی قسمت کا حال بتا رہے ہیں چنانچہ میں نے بھی تفریحاً دس پیسے پھینک کر اپنی قسمت کا حال دیکھنا چاہا تو بئے نے جو پتہ اٹھانا چاہا اس پر لکھا تھا۔

" FRIDAY IS THE HAPPIEST DAY FOR YOU."

یعنی جمعہ کے دن تم کو سب سے زیادہ خوشی ہوگی۔

یہ سُن کر بغل میں جو میری آٹھ سالہ بچی کھڑی تھی اُس نے بغلیں بجا بجا کر اُچکنا اور کہنا شروع کیا کہ پرسوں ہم سب لوگ لکھ پتی ہو جائیں گے۔

بیوی نے کہا کہ پہلے یہ بتایئے کہ آپ نے ٹکٹ احتیاط سے رکھا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ کسی دوسرے کے ہاتھ لگ جائے کیونکہ آپ اول جلول واقع ہوئے ہیں۔ میں نے ٹکٹ جیب سے نکال کر کہا۔ "یہ دیکھو بٹوے میں میں نے بڑے احتیاط سے رکھ لیا ہے اور بٹوے کو ایسی جگہ رکھ لیا ہے کہ وہاں تک کسی کا ہاتھ

نہیں پہنچ سکتا۔ بیوی نے کہا "مگر مجھے اب بھی اطمینان نہیں ہے۔ اگر ممکن ہو تو جب تک لاٹری نہیں نکلتی آپ اس کو کسی بنک کے فکسڈ ڈپازٹ میں رکھوا دیجئے۔"

میں نے کہا کہ بنک وینک میں رکھوانے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ پرسوں تو لاٹری نکل رہی ہے۔

اس کے بعد بیوی نے اپنی دونوں پانچوں دونوں کانوں کی لوؤں تک پہنچاتے ہوئے پوچھا کہ اگر انعام ملا تو کتنا ملے گا۔

میں نے کہا کہ پہلا انعام پچاس لاکھ کا ہے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ایک موٹر اور ۸۰۰ گز کا پلاٹ ہے۔

بیوی نے کہا کہ دیکھو کہ اللہ میاں نے کتنے دنوں بعد میری دعا، قبول کی کسی نے سچ کہا ہے کہ اس کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں۔ ہمیشہ سے میری دلی تمنا تھی کہ کم از کم گھر میں ایک موٹر ہو اور ایک بڑی سی کوٹھی جسے میں اپنی مرضی کے مطابق سجا سکوں اور گھر میں کس پانچ نوکر ہوں۔ سو اللہ میاں نے میری سن لی۔

میں نے کہا۔ بیوی! میں آج سویرے مرزا صاحب کے پاس گیا تھا وہ مکانوں کے لین دین میں ماہر ہیں اور وہ چار کوٹھیاں اچھی سی دلوا دیں گے۔ سر دست میں نے یہ سوچا ہے کہ جب تک تینوں لڑکوں کی شادی نہیں ہوتی وہ ہم لوگوں کے ساتھ رہیں گے۔ اس کے بعد ان کو علیحدہ علیحدہ کوٹھیاں دیدوں گا تاکہ وہ علیحدہ اپنی بیوی بچوں کے ساتھ رہیں اور ایک ایک موٹر خرید دوں گا۔ ایک کوٹھی مجھے ٹھنو کو جہیز میں دینا ہے اس لئے فی الحال اس کی شادی کے وقت تک وہ کرایہ پر اٹھی رہے گی اور جب شادی ہو جائے گی تو وہ جانے اس کا کام۔

بیوی نے کہا "ہاں یہ میری بھی رائے ہے کیونکہ میں ہمیشہ سے بہوؤں کو ساتھ رکھنے کے خلاف ہوں۔"

میں نے کہا "میں سمجھتا ہوں۔ ہمارے تمہارے لئے دو موٹریں کافی ہوں گی۔ ایک تمہارے قبضہ میں رہے گی اور دوسری کو میں آنے جانے میں استعمال کروں گا۔ یہ چار کوٹھیاں زیادہ سے زیادہ بیس بچیس لاکھ میں مل جائیں گی۔ اس کے بعد بقیہ روپیہ بنک میں جمع کرا دوں گا اور اپنی زندگی ہی میں تمہارا مہر بھی ادا کر دوں گا۔ بنک سے جو سود آئے گا وہ اتنا ہوگا کہ دو تین پشتیں نہایت فراغت سے زندگی بسر کر سکیں گی۔

بیوی نے کہا: تو ۲۱ کی صبح کو کے بجے تک لاٹری کھل جائے گی؟

میں نے کہا: یہی دس گیارہ بجے تک اور دوپہر نہیں تو شام تک تار آجائے گا۔ مگر یہ بتاؤ کہ تم نے پتہ بھی ٹھیک لکھا ہے۔ کہیں تار ادھر سے ادھر نہ ہو جائے

میں نے کہا کہ میں اتنا بے وقوف نہیں ہوں کہ گھر کا پتہ غلط لکھ دوں۔ پتہ لکھنے کے بعد میں نے دو مرتبہ غور سے پڑھ لیا تھا۔

۲۱ مارچ آگئی اور ہم سب لوگ مکان کی گیلری میں کرسیاں ڈالے تار والے کے انتظار میں ہر خاکی وردی والے راہ گیر پر سمیریزم کی مشق کرنے لگے۔ کوئی دو یا تین بجے ہوں گے کہ ایک ایکسپریس ڈلیوری سے خط ملا جس میں ہمارے ایک دوست نے لکھا تھا کہ وہ بال بچوں کے ساتھ دو روز کے لئے دلی کی قدیم عمارتوں کی سیر کرنے آرہے ہیں اور ان کا قیام ہمارے گھر ہی پر رہے گا۔

میں نے خط پڑھ کر کہا کہ مہمانوں کا آنا بھی نیک فال ہے اس کے بعد شام کے ۵ بجے ایک ٹیلی گرام والا آتا ہوا دکھائی دیا اور اس نے ہمارے دروازے پر رک کر ہمیں آواز دی۔ بیوی بچے اس کی آواز سنکر مارے خوشی کے ننگے پاؤں زینہ سے نیچے اتر گئے، اور گھر بھر نے تار والے کو چار طرف سے گھیر لیا تار والے نے تار حوالے کرتے ہوئے انعام مانگا تو اس روز کے خرچے کے لئے جو پانچ روپے کا آخری نوٹ جیب میں رہ گیا تھا وہ ہاتھ میں آگیا۔ میں ڈاکئے سے کچھ لینے والا تھا کہ اُسے تڑ لاؤ مگر بیوی نے مارے خوشی کے کہا کہ نہیں جو اس کے نام کا نکل آیا اُسے دیدو۔ اس کے بعد تار لے کر میں نے کہا کہ چونکہ بہت مبارک تار ہے اس لئے مگدڑ دے جو میرا سب سے چھوٹا بچہ ہے اسے چاک کراؤ کیوں کہ اس قسم کے تار معصوم بچوں ہی سے چاک کرانا چاہئے۔ چنانچہ جونہی گدڑ نے تار چاک کیا تو گردوپیش کی فضا قہقہوں سے گونج گئی۔ میں نے جلدی سے گدڑ کے ہاتھ سے تار لے کر پڑھا تو اس میں لکھا تھا "افسوس آج دوپہر کو بھائی جان کا السیشن کتا مر گیا" یہ تار میری چھوٹی بہن کی طرف سے تھا۔

خصوصی رعایت

آج کل ایک سالانہ چندہ میں رعایت سے

فائدہ اٹھائیے

۲ سال کیلئے: ۱۲ روپے یا ۱۸ شلنگ یا ۲٫۵۰ ڈالر

۳ سال کیلئے: ۱۷ روپے یا ۲۵ شلنگ ۶ پنس یا ۳٫۵۰ ڈالر



پھولوں کا راجہ

گلاب

ایس ایم شاہ نواز

کہا جاتا ہے کہ باغ عدن میں سفید گلاب کا پھول کھلا ہوا تھا۔ حوّا اس کی خوبصورتی سے بے حد متاثر ہوئیں اور اُسے چوم لیا۔ گلاب اس بات سے شرمایا اور سُرخ ہو گیا۔

گلاب کی تاریخ بہت پرانی ہے گلاب کے ماہرین کا خیال ہے کہ تین کروڑ سال پہلے بھی دُنیا میں گلاب موجود تھا۔ شروع میں یہ صرف ایک جنگلی پھول تھا لیکن اس کے فطری حسن اور بے پناہ کشش نے انسان کو اپنا گرویدہ بنا لیا اور اس کی خوشبو انسانی حواس پر چھا گئی۔ انسان کو ابتدا سے ہی گلاب سے رغبت رہی ہے۔ یہ یگ یگ سے کہاوتوں اور داستانوں کا موضوع رہا ہے۔ تاریخ طب، ادب، آرٹ، موسیقی، شاعری، دیومالا اور قدیم داستانوں میں جگہ جگہ گلاب کا تذکرہ ملتا ہے۔

تقریباً ہر زبان کی شاعری میں حسن کو ہمیشہ پھول سے تشبیہ دی گئی اور تشبیہ دیتے وقت شعراء کے ذہن میں گلاب کا پھول ہی رہا ہے۔ اُردو شاعری میں گلاب پر بے شمار اشعار موجود ہیں۔

نہ صرف گلاب کا پھول بلکہ اس کا کانٹا بھی فکری نشوونما کے لئے خاص اہمیت کا حامل ہے۔ حسن کی حفاظت کے لئے پہرہ داروں کا تصور گلاب کے کانٹے سے مشابہت رکھتا ہے۔ اکثر کانٹے کو قدیم عربی شاعری میں رقیب کے نام سے یاد کیا گیا ہے کیونکہ عربی شاعری میں رقیب سے مراد وہ حریف نہیں ہے جو کسی حسین سے محبت کرتا ہو، بلکہ قدیم عربی شاعری میں رقیب سے مراد "سرپرست" سے ہے۔

سنسکرت کے قدیم مسودات میں بھی گلاب کا ذکر ملتا ہے۔

مہاتما بدھ کو بھی گلاب بہت پسند تھا جب وہ تیس سال کی عمر میں گھر بار تیاگ کر سچائی کی تلاش میں جنگلوں میں نکل گئے تو وہاں انہیں دو چیزوں نے سب سے زیادہ متاثر کیا — ان میں ایک ہرن تھا اور دوسرا گلاب کا پھول۔

لیکن گلاب اپنی موجودہ امتیازی شان کے لئے مغلوں کا مرہون منت ہے۔ مغل شہنشاہوں کو گلاب سے بے پناہ لگاؤ تھا۔ دور دراز ملکوں سے گلاب کی نئی نئی اقسام منگوا کر شاہی باغات میں لگائی جاتی تھیں۔ شاہی خاندان کے افراد عقیدت و محبت کے اظہار کے لئے گلاب کے پھول اور کلیاں ایک دوسرے کو پیش کرتے تھے۔ شاہی حماموں میں غسل کے لئے گلاب کا عرق ڈالا جاتا تھا۔

کہا جاتا ہے کہ گلاب کا عطر ملکہ نورجہاں کی دریافت ہے۔ کہا گلاب شاہجہاں کی بیٹی جہاں آرا نے سب سے پہلے اپنے باغ میں پیدا کیا۔ یہ باغ دہلی میں اُس جگہ واقع تھا جہاں اب گاندھی گارڈن ہے۔ نہرو اور ڈاکٹر ذاکر حسین کو گلاب بے حد پسند تھا جب کبھی گلاب کا ذکر آتا ہے تو ان دونوں کا نام ذہن میں ضرور آتا ہے۔

ہمارے ملک میں گلاب پر لوگوں کے نام بھی رکھے جاتے ہیں۔ جیسے گلابو، گلاب چند، گلاب سنگھ، گلاب بیگم وغیرہ۔

موجودہ دور میں گلاب کے شائقین نے اس کے رنگوں اور قسموں کے سلسلے

میں نئے نئے تجربے کرکے اس کی اہمیت میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ آج لوگ اس کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جاننے کے خواہش مند ہیں۔ ہندوستان میں آب و ہوا اور مٹی کی مناسبت سے گلاب کی سینکڑوں قسمیں پائی جاتی ہیں۔ گلاب کی کچھ اقسام ایسی ہیں جن میں قطعی خوشبو نہیں ہوتی۔ گلاب کا پھول تقریباً ہر رنگ کا ہوتا ہے لیکن قطعی سیاہ اور قطعی نیلا نایاب ہے۔ اس کے پھول کی طرح اس کے پودے بھی مختلف قامت کے ہوتے ہیں گلاب کا پودا چھوٹی جھاڑی کی شکل میں بھی ہوتا ہے اور بیل کی مانند بھی۔

زمانہ قدیم میں ہندوستان میں گلاب کی بیشتر اقسام ہمالیائی علاقوں میں پائی جاتی تھیں لیکن اب یہ سارے ملک میں اگایا جاتا ہے۔ اس کی کاشت کے لئے پہاڑی علاقے موزوں ترین ہیں دراصل گلاب کو شدید گرمی یا شدید سردی کی برداشت نہیں۔

ہندوستانی گلاب غیر ممالک میں بہت مقبول ہو رہا ہے۔ اس وقت اسٹیٹ ٹریڈنگ کارپوریشن کو ۵ لاکھ کٹ فلاور کے آرڈر ملے ہوئے ہیں، اور مزید اضافے کی توقع ہے۔

ہندوستان میں موجودہ صدی کے شروع میں پیوندی گلاب کو بہت مقبولیت حاصل رہی لیکن کچھ عرصے بعد "ٹی روزیز" نے اُن کی جگہ لے لی۔ ان پھولوں میں چائے کی سی خوشبو ہوتی ہے۔ گزشتہ چند برسوں سے گلاب کے شائقین "ہائبرڈ ٹیز" اور "فلوری بنڈ" گلابوں میں زیادہ دلچسپی لے رہے ہیں۔

ہندوستان میں گلاب نے نہ صرف فنونِ لطیفہ پر گہرا اثر ڈالا ہے بلکہ معاشیات میں بھی اپنے لئے ایک خاص مقام پیدا کیا ہے اس سے بہت سی اشیاء تیار کی جاتی ہیں مثلاً تیل، روح عطریات، عرقیات و ادویات غیر ممالک میں ہندوستان میں تیار کیا ہوا گلاب کا عطر بے حد پسند کیا جاتا ہے۔ ایک طرف گلاب کا پھول انسانی تخیل کو تحریک دیتا ہے تو دوسری طرف گلاب کا عرق انسان کے دل کو تسکین پہنچاتا ہے۔ اختلاجِ قلب اور خفقان کے مریض اس سے راحت پاتے ہیں۔

گلاب ہماری زندگی کا ایک رنگ بن گیا ہے۔ ہمارے ملک میں اس کے بغیر کوئی تقریب مکمل نہیں ہوتی۔ چاہے وہ خوشی کا موقع ہو یا موت کا یا عبادت کا، ہر جگہ گلاب کی فرمانروائی ہے۔ شادی بیاہ کے موقع پر اس کے ہار بنائے جاتے ہیں۔ عظیم ہستیوں کے حضور میں اسے بطور احترام پیش کیا جاتا ہے۔ مزارات اور سمادھیوں پر بطور عقیدت چڑھایا جاتا ہے۔

ہندوستان ہی میں نہیں، بلکہ دنیا کے ہر حصے میں اس کی اہمیت ہے۔ یہ نگاہ کی تسکین اور رُوح کی بالیدگی کا سامان بہم پہنچاتا ہے۔ گلاب کے ساتھ نفاست، طمانیت قلب اور پاکیزگی کا جو تصور وابستہ ہے وہ شاید کسی اور شے کے ساتھ ممکن نہیں۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اگر دنیا میں گلاب نہ ہوتا تو انسان ایک بڑی نعمت سے محروم رہتا۔

غزل

عرش صہبائی

اُن کی مست آنکھیں ہیں ساون کی گھٹاؤں کی طرح
آپ بھی کافر ہیں وہ اپنی اداؤں کی طرح

ہم سمجھ بیٹھے ہیں اُن کو باوفاؤں کی طرح
جو بدل لیتے ہیں رُخ اپنا ہواؤں کی طرح

زندگی کی ناؤ ان سے اس قدر مانوس ہے
اب ہیں امواجِ تلاطم ناخداؤں کی طرح

رُوح کو ایک تازگی ملتی ہے اُن کی یاد سے
وادیٔ کشمیر کی ٹھنڈی ہواؤں کی طرح

محفلِ دنیا میں ہیں دنیا سے لیکن بے نیاز
صحنِ مے خانہ میں ہیں ہم پارساؤں کی طرح

خدمت و ایثار، اخلاص و وفا، مہر و کرم
اب وجود ان کا ہے گنبد کی صداؤں کی طرح

زندگی! تیرے ستم ہائے مسلسل کے نثار!
یہ کڑکتی دھوپ بھی ہے مجھ کو چھاؤں کی طرح

ہیں ابھی باقی یہاں عہدِ محبت کے نقوش!
دل کی بستی ہے اُجڑ کر بھی گپھاؤں کی طرح

چاند کی دھرتی کی صورت ہیں نگاہوں میں وہ آج
راز ہائے زندگی جو تھے خلاؤں کی طرح

اپنی خاموشی میں بھی تقریر کا عالم ہے عرشؔ
ہم نے مانا کہ ہم ہیں بے نواؤں کی طرح

مکتبِ عشق

اظہر افسر

افراد :-

پروفیسر
مس کیمیا
طالب

ایک وسیع کمرے کے بیچوں بیچ میز ہے جس پر کتابوں کا انبار ہے۔ نیچے فرش پر بھی ادھر اُدھر اخبار اور رسالے بکھرے ہوئے ہیں، ایک جانب دو تین معمولی کرسیاں ہیں۔ دوسری طرف ایک نقشی کرسی پر چالیس سالہ پروفیسر جدید طرز کا چشمہ لگائے کوئی کتاب پڑھ رہا ہے۔

دائیں جانب سے ایک نوجوان نہایت عمدہ سوٹ پہنے داخل ہوتا ہے۔ یہ طالب ہے۔

طالب :- میں نے کہا آداب عرض ہے۔

پروفیسر :- (چشمہ اُتار کر میز پر رکھ دیتا ہے) اوہو طالب ہیں، آیئے آیئے تشریف رکھیے۔

طالب :- (سامنے والی ایک کرسی پر بیٹھ جاتا ہے) جی۔

پروفیسر :- کہیئے خیریت!

طالب :- جی ہاں بالکل خیریت، دعا ہے آپ کی، آپ شاید بھول گئے۔

پروفیسر : جی

طالب :- آپ نے مجھے بلایا تھا،

پروفیسر :- بلایا تھا، آپ کو؟

طالب :- جی ہاں آپ نے فرمایا تھا کہ آج ٹھیک پانچ بجے میں آپ کے پاس حاضر ہو جاؤں (اپنی کلائی پر وفیسر کو دکھاتا ہے۔) ٹھیک پانچ بجے ہیں۔

پروفیسر :- اوہ: پانچ بج گئے۔

طالب :- جی ہاں، (گردن جھکا لیتا ہے) اور ٹھیک پانچ بجے آپ مجھے وہ گُر بتانے والے تھے جس سے میں . . . .

پروفیسر :- جس سے تم؟

طالب :- جس سے میں اپنی محبوبہ کیمیا کو رام کر سکوں۔

پروفیسر :- بُری صورت بناتا ہے) کیمیا — (پھر چہرہ بشاش بنا کر) اوہ ہاں ہاں یاد آیا، بیٹھیے بیٹھیے آرام سے بیٹھیے۔

طالب :- جی شکریہ، میں ٹھیک ہوں۔

پروفیسر: (کتاب بند کر دیتا ہے) لیکن ایک بات ہے۔
طالبہ: جی!
پروفیسر: سوال یہ ہے کیا وہ گر جو میں تمہیں بتاؤں، تم انھیں یاد بھی رکھ سکو گے،
طالبہ: جی ہاں: حرف بہ حرف، اسی لئے میں اپنے ساتھ ایک نوٹ بک بھی لیتا آیا ہوں۔
(کوٹ کی جیب سے ایک دبیز نوٹ بک نکالتا ہے)
پروفیسر: تو ساری باتیں تم لکھ لوگے،
طالبہ: (جیب سے پن نکالتا ہے) جی ہاں اگر آپ اجازت دیں،
پروفیسر: ضرور ضرور، میری جانب سے پوری پوری اجازت ہے، لکھو سب سے پہلی بات۔
طالبہ: جی!
پروفیسر: اپنی محبوبہ سے کبھی کبھی مل لیا کرو۔
طالبہ: (نوٹ بک کھول کر ایک صفحہ پر لکھتا ہے پھر گردن اونچی کر کے) مگر پروفیسر زرگر جی تو روز ملنے کو چاہتا ہے۔
پروفیسر: روز چلے جایا کرو۔ مگر کبھی کبھی کوئی تحفہ بھی دیا کرو۔
طالبہ: تحفہ؟
پروفیسر: مگر یہ تحفہ کم قیمت کا ہونا چاہئے، نہایت سستا،
طالبہ: جی۔
پروفیسر: کبھی کبھی اس سے کہدیا کرو کہ تمہیں ایک بہت بری لت ہے۔
طالبہ: لت؟
پروفیسر: ہاں لت، ایسی لت جسے کوئی نہیں چھڑا سکتا۔
طالبہ: کوئی نہیں چھڑا سکتا؟
پروفیسر: ہاں کوئی نہیں۔ بلکہ دنیا کی کوئی طاقت نہیں،
طالبہ: یہ تو بہت بری بات ہوگی پروفیسر صاحب،
پروفیسر: بری نہیں سب سے عمدہ بات ہوگی۔ تمہاری محبوبہ یہ طے کرے گی کہ وہ اس لت کو تمہاری زندگی سے الگ کر کے رہے گی۔
طالبہ: پروفیسر صاحب کیا وہ . . . .

پروفیسر: نہیں وہ عمر بھر تمہاری کسی لت کو تم سے الگ نہیں کر سکے گی۔ یہ تو بس ایک سبق ہے۔ لکھ لو۔ اور اچھی طرح یاد کر لو — پھر کبھی کبھی . . .
طالبہ: جی کبھی کبھی —
پروفیسر: کبھی کبھی ملنے جایا کرو تو گھنٹوں چپ رہا کرو۔
طالبہ: چپ —
پروفیسر: بالکل چپ۔ اور کبھی کبھی بھولے سے یا جان بوجھ کر اس کے ہاتھ پر ہاتھ بھی مار دیا کرو۔
طالبہ: ہاتھ پر ہاتھ؟
پروفیسر: ہاں لیکن زیادہ نہیں، صرف ایک بار، کبھی کبھی گھنٹوں اس کی طرف تکے لگو — لیکن۔
طالبہ: لیکن؟
پروفیسر: لیکن اپنے لبوں سے کچھ نہ کہو۔
طالبہ: کچھ نہ کہوں؟
پروفیسر: بالکل نہیں، ہاں کبھی کبھی کوئی عمدہ شعر پڑھ دیا کرو، مگر شعر متقدمین کا ہو، اپنا نہ ہو، مثال کے طور پر اگر اس نے بنا کسی آرائش اور زیور کے سادہ کپڑے پہن رکھے ہوں تو شعر پڑھ دو،

سادہ لباس پہنا زیور اتار رکھا
اس سادگی پہ اس نے کتنوں کو مار رکھا

طالبہ: اور جو اس نے زیور پہن رکھے ہوں تب؟
پروفیسر: تب کہو، نہ جانے کیوں مجھے زیوروں سے کبھی دلچسپی نہیں رہی، میں زیور خود خریدنے کے بجائے خریدوانے میں لطف پاتا ہوں۔
طالبہ: جی
پروفیسر: کبھی بیٹھے بیٹھے اچانک اٹھ جایا کرو اور مصرع پڑھو۔ اب تو گھبرا کے یہ کہتے ہیں کہ مر جائیں گے — پھر بیٹھ جایا کرو۔ اور دوسرا مصرع پڑھو، مر کے بھی چین نہ پایا تو کدھر جائیں گے؟

طالب:۔ جی۔

پروفیسر:۔ پھر لمبی لمبی چند سانسیں لے کر کہو یہ ہماری تمہاری آخری ملاقات ہے، آج کے بعد تم مجھے کبھی نہ دیکھ سکو گی۔

طالب:۔ کبھی نہیں ؟

پروفیسر:۔ ہاں کبھی نہیں، پھر آٹھ دس دن تک اس سے ملنا چھوڑ دو،

طالب:۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔

پروفیسر:۔ لیکن اس طرح ہونا ضروری ہے۔

طالب:۔ جی۔

پروفیسر:۔ کبھی کبھی بچوں کی کہانیاں سننا بھی بہت مفید ہوتا ہے خاص طور پر پریوں کی کہانیاں۔

طالب:۔ پریوں کی کہانیاں ؟

پروفیسر:۔ ہاں ایسی جن میں پری کی بے حد تعریف ہو اور پری بڑی دقت سے ملے، یا پھر ایک آدھ خط لکھو جس میں نہایت ادب سے درخواست کرو کہ وہ تم سے اکیلے میں کہیں ملے۔ نوٹ میں لکھو کہ بڑی ضروری بات کہنی ہے۔

طالب:۔ پروفیسر زرگر یہ ترکیب لاجواب ہے۔

پروفیسر:۔ اور جب اکیلے میں ملو تو بلاوجہ جھگڑنا شروع کر دو،

طالب:۔ جھگڑنا ——— ؟

پروفیسر:۔ اور لڑنا بھی، پھر اچانک اس کے دونوں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لے کر کہو، بڑا مزہ اس ملاپ میں ہے جو صلح ہو جائے جنگ ہو کر، پھر بے اختیار ہنسنے لگو اور دیر تک ہنستے ہی جاؤ۔

طالب:۔ قہقہہ لگاؤں ؟

پروفیسر:۔ ہاں لگاؤ، ہوں ہوں اس وقت نہیں،

طالب:۔ (قہقہہ لگاتے لگاتے ایک دم چپ ہو جاتا ہے) ۔ جی۔

پروفیسر:۔ زیادہ بہتر یہ ہوگا کہ اس کے ہونٹ، ناک، آنکھیں، گردن، کمر پنڈلیوں اور ٹخنوں اور دوسری ضروری چیزوں پر اساتذہ کے منتخب اشعار زبانی یاد کر لو۔ ایک ایک شعر مسلسل یا فرداً فرداً اپنی کیمیا کے سامنے پڑھا کرو، پھر بڑی عاجزی اور انکساری سے گردن جھکا کر کہو میں اس لائق نہیں ہوں کہ کوئی مجھے کسی لائق سمجھے پھر بھی اتنا کہہ کر اپنی جیب سے نہایت سفید رومال نکال کر آنکھوں پر رکھ لو۔

طالب:۔ رومال آنکھوں پر رکھ لوں ؟

پروفیسر:۔ ہاں! اور ایک آنکھ بچا کر تاثرات بھی دیکھتے جاؤ۔

طالب:۔ جی آنکھ بچا کر ؟

پروفیسر:۔ ہاں! یا ملاقات کے وقت بے اختیار آگے بڑھ کر اس کی گود میں اپنا سر رکھ دو اور پھوٹ پھوٹ کر رونے لگو۔

طالب:۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے۔

پروفیسر:۔ ہو سکتا ہے۔ ؟

طالب:۔ بڑی آسانی سے۔

پروفیسر:۔ یا پھر اس سے کہو کہ میں تین چار سال یا اس سے بھی زیادہ عرصے کے لئے باہر جا رہا ہوں ——— شہر چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ یا جانے پر مجبور ہوں۔

طالب:۔ بہت بہت شکریہ پروفیسر صاحب اب میں جا رہا ہوں۔

پروفیسر:۔ جا رہے ہو، شہر چھوڑ کر جا رہے ہو، کتنے دن کے لئے ؟

طالب:۔ جی نہیں شہر چھوڑ کر نہیں جا رہا ہوں، پروفیسر صاحب آپ کے دیئے ہوئے سبق آزمانے جا رہا ہوں (نوٹ بک جیب میں رکھ کر رومال سے پسینہ پونچھتا ہوا اٹھ کھڑا ہوتا ہے)

پروفیسر:۔ رگڑ کھاتے ہیں جب پتھر تو ہوتا ہے شرر پیدا
زمیں پر مینہ برستا ہے تو ہوتا ہے شجر پیدا ——— جاؤ!

طالب:۔ جی ہاں پروفیسر صاحب، ؎

فلک کرتا ہے جب گردش تو ہوتا ہے قہر پیدا
پروفیسر:۔ اور ——— بشر کرتا ہے جب محنت تو ہوتا ہے ثمر پیدا، بات تو سنو۔

طالب:۔ خدا حافظ۔ (طالب دائیں جانب چلا جاتا ہے۔)

پروفیسر:۔ چلا گیا، پوری بات سنے بغیر چلا گیا، اس کا مطلب ہے اب مجھے شہر چھوڑ کر جانا ہوگا۔

(دائیں جانب ہی سے گلابی رنگ کے شلوار، شرٹ میں ملبوس ایک ۲۲ سالہ لڑکی (کیمیا) داخل ہوتی ہے —)

کیمیا :- آپ کو کہیں جانے کی ضرورت نہیں ہے پروفیسر صاحب،

پروفیسر :- آپ؟

کیمیا :- شاید آپ نے مجھے نہیں پہچانا،

پروفیسر :- جی بالکل نہیں،

کیمیا :- بدنصیب ہی کو کیمیا کہتے ہیں۔

پروفیسر :- کیمیا یعنی طالب کی مطلوبہ، تو پھر جائیے جلدی کیجئے۔ طالب آپ ہی سے ملنے گیا ہے۔

کیمیا :- (بڑی ادا سے بیٹھ جاتی ہے۔) پروفیسر صاحب۔

پروفیسر :- جی۔

کیمیا :- ابھی کچھ دیر پہلے طالب چوراہے کے پاس دکھائی دیئے، میں حیران ہوئی کہ یہ اس طرف کدھر، اُن کے پیچھے چلنے لگی تو وہ بغیر کسی طرف دیکھے اپنی ہی دھن میں یہاں آپ کے پاس پہنچے، میں اس کھڑکی کے پیچھے کھڑی ہو کر ساری باتیں سُن چکی ہوں،

پروفیسر :- ساری باتیں؟

کیمیا :- جی، اور شکر ہے کہ میں اس مقام تک پہنچ گئی جہاں مجھے پہنچنا چاہئے تھا،

پروفیسر :- اور طالب -؟

کیمیا :- کیمیا پر طالب زر نہیں زرگر قابو پاتا ہے پروفیسر صاحب

پروفیسر :- یہ — یہ آپ کیا کہہ رہی ہیں؟

کیمیا :- آپ نہیں، کہیئے یہ تم کیا کہہ رہی ہو۔

پروفیسر :- ہاں یہ تم کیا کہہ رہی ہو؟

کیمیا :- یہی کہ تجرد کی زندگی بہت گزار چکے آپ، اور پھر وہ شعر نہیں سُنا آپ نے:- مکتبِ عشق کا دستور نرالا دیکھا
اُس کو چھٹی نہ ملی جس کو سبق یاد ہوا،

(پروفیسر زرگر دونوں ہاتھوں سے سر کو تھام لیتا ہے
(کیمیا قہقہہ لگاتی ہے) (پردہ گرتا ہے)

بقیہ: ماڈرن آرٹ

برینڈر پٹیل۔ جینت پارکھ وغیرہ ہیں۔ ان کے شاہکار گیلری میں نمائش کے لئے الگ اور خاص طور پر پیش کئے گئے ہیں۔ یہ لوگ زیادہ تر تجریدی اسلوب کے علمبردار ہیں۔ تجریدی اسلوب کے تین خاص ارکان ہیں یعنی تنظیم، تقابل، اور رنگ آمیزش، ان کے باہمی امتزاج سے تجریدی کنوس کی تخلیق کی جاتی ہے اس گروپ کے کچھ مصوروں نے بین الاقوامی سطح پر خراج تحسین حاصل کیا ہے۔ یہ گروپ فن کو کسی حلقہ یا جغرافیائی حد کی میراث بنانے میں یقین نہیں رکھتا۔

بنگال کی نئی پیڑھی کے مصوروں کو بھی جن میں گوپال سانیال، پامن! رون بوس، بجن چودھری، وغیرہ شامل ہیں گیلری میں جگہ دی گئی ہے۔ کشمیر میں بھی ایک ترقی پسند گروپ کام کر رہا ہے جس میں ترلوک کول اور نثار عزیز قابلِ ذکر ہیں جن کے تجریدی فن پارے گیلری میں نمایاں طور سے لگے ہوئے ہیں۔

فن سنگ تراشی کے نمونوں کی گیلری میں نمایندگی زیادہ نہیں ہے۔ کیونکہ اس صدی میں فن کاروں کا رجحان زیادہ تر مصوری ہی کی طرف رہا۔ دوسرے فن سنگ تراشی میں فن مصوری کی بہ نسبت اخراجات بہت زیادہ ہوتے ہیں جب تک کہ فن کار معاشی اعتبار سے خود کفیل نہ ہو۔ سنگ تراشی میں تجربات کرنا اس کے لئے مشکل ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے زبردست مالی امداد کی ضرورت ہوتی ہے۔ لہٰذا عموماً طالب علم اس طرف بہت کم ہی رجحان دکھاتے ہیں۔

جو فن کار اس فن میں کم و بیش کام کر رہے ہیں۔ اُن میں رام کنکر امرناتھ سہگل، سنکھو چودھری، بشن داس گپتا، پرودو ڈیویر والا، دھن راج بھگت، دھن پال، راگھو کنیریا، دھرمانی، سربری رائے چودھری۔ اور جانکی رام کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ ان سبھی کے شاہکاروں کو گیلری میں دیکھا جا سکتا ہے۔

اس طرح یہ گیلری پورے ہندوستان کے جدید فنی تجربوں اور تحریکوں کی بہترین نمایندگی کرتی ہے۔ یہاں جدید فنون لطیفہ سے متعلق ایک لائبریری بھی ہے جہاں طالب علموں اور تحقیق کرنے والوں کے لئے کافی آسانیاں فراہم کی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ پریزرویشن لیبارٹری بھی ہے جو بڑی جانفشانی سے فنی شاہکاروں کو محفوظ کرنے کا کام کرتی رہتی ہے۔ گیلری میں آنے والے طلبا اور عوام کو گائڈ کرنے کی بھی آسانیاں فراہم ہیں۔ ہر اتوار کو عام پبلک کے لئے آرٹ اور عام موضوع پر فلمیں دکھائی جاتی ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد میں آئیں تاکہ ہم اپنے تہذیبی ورثے کے ساتھ ساتھ نئی قدروں سے روشناس ہو سکیں۔

مئی ۱۹۷۰ء



ظفر حمیدی

آگ کی لپٹ میں تو سارا شہر آیا تھا
راکھ ہو گیا جل کر آہ میرا گھر تنہا

انجمن سجی کتنی داستاں بنی کتنی
ہے ہبوطِ آدم سے آدمی مگر تنہا

زندگی میں درد و غم ساتھ ساتھ رہتے تھے
کس طرح کہے گا یہ موت کا سفر تنہا

خود نگر کوئی ٹھہرا، خود نما کوئی ٹھہرا
طرفگی کا یہ عالم اور مری نظر تنہا

ہر حسین چہرے کو گھورتے تھے رک رک کر
ڈھونڈھتے پھرے کس کو ہم نگر نگر تنہا

اک اتھاہ گمشدگی، اک نشاطِ بے پایاں
دشتِ کرب میں گزرے ہم جدھر جدھر تنہا

اس ہجومِ جلوہ میں اس نگار خانہ میں
کاش مجھ کو مل جاتا تیرا سنگِ در تنہا

دل کے اس خرابے میں کون آ کے بستا ہے
کل بھی تھا ظفر تنہا آج بھی ظفر تنہا

کاوش بدری

نہ تبسم آپ کا معتبر، نہ تکلم آپ کا محترم
مرے تجربوں کے دیار میں نہ کرم کرم نہ ستم ستم

ابھی ریزہ ریزہ قدِ سحر ابھی پارہ پارہ قبائے شب
ابھی دُور دُور ہیں منزلیں ابھی چور چور قدم قدم

ابھی تیرے نقش و نگار میں ہیں فنا پذیر لطافتیں
اے مصورِ رخِ زندگی میرا رنگ بھی تو ہو کم سے کم

تب و تابِ صبحِ بہار ہی رگِ ساز و برگِ شجر شجر
رخِ یار و آتشِ سرد ہی شبِ غم میں حاصلِ کیف و کم

کوئی غم نہیں جو غروب ہو مہ و مہر ابرِ سیاہ میں
کہ ہر ایک دور کا رازداں کوئی ہمنوا، کوئی ہم قلم

یہاں خدا پرست کا نور کیا، یہاں نار سنگ پرست بھی
نہ ضیائے صحنِ حرم حرم نہ نثارِ حسنِ صنم صنم

مانی ناگپوری

دبی ہوئی شکستہ دل میں ہے بہار آرزو!
کہ خاک گلستاں سے آ رہی ہے پھر گلوں کی بو

مہ و نجوم و کہکشاں ہیں زیرِ پائے جستجو
میں اس مقام سے قریب آ گیا، جہاں ہے تو

میں چاہتا ہوں صبح کی ردائے پاک مانگ لوں
ستم شعار لائی ہے شمیمِ زلفِ مشکِ بو

سخنوروں کا شعر میں خیال جیسے لڑ پڑے
جو بات ان کے دل میں ہے وہی ہے میری آرزو

کسی حریمِ ناز کا ذرا سا پردہ اٹھ گیا:
بس اس کے بعد آج تک جنوں خراب کو بکو

نظامِ روز و شب میں انقلاب چاہتا ہوں میں
بجائے مہر و ماہ آئے سامنے وہ شعلہ رو

کسی کی مست انکھڑیاں ہیں مانی غم سے شبنمی
یہی مقام ہے جہاں ملے ہیں رندِ با وضو



علیم افسر

کیا جرات سخن سے ملا سوچتے رہے
ہم دے کے پتھروں کو صدا سوچتے رہے

کیوں آ کے پوچھتی تھی ہوا سوچتے رہے
کیا ہو گا بادلوں کا پتا سوچتے رہے

کیسے سلگتی ریت کی اب تشنگی بجھے
ساحل پہ آ کے آبلہ پا سوچتے رہے

سر پہ چمکتی دھوپ تھی دل میں بھی آگ تھی
دریا کو کیوں ساتھ لیا سوچتے رہے

ہاتھوں میں اپنے لیکے دھنک شام آ گئی
سورج سے کیا ہوئی ہے خطا سوچتے رہے

ہم نے ادھر اچھالے تو تھے مدعا کے سنگ
کیوں خالی ہاتھ آئی ہوا سوچتے رہے

دامن کو اپنے کیسے بھگوتے سراب سے
پی جاتے کس طرح سے گھٹا سوچتے رہے

ہم شب کی سرحدوں کی طرف لوٹتے ہوئے
یہ دن بھی کچھ برا تو نہ تھا سوچتے رہے

کس طرح پاؤں چاٹ گئے راستے کا درد
یہ کون ساتھ ساتھ چلا سوچتے رہے

تیج بہادر بھان

زندگی کا تقاضا

پانچ بج گئے، صاحب

چپراسی کی آواز نے اُسے چونکا دیا۔ آس پاس نظر دوڑائی۔ میز پر فائلیں بے ترتیب پڑی تھیں۔ مضمون اپنی جگہ چھوڑ چکا تھا اور قلم نہ جانے کہاں کھو گیا تھا۔ پل بھر کے لیے اس کے دل میں خیال آیا کہ بکھری فائلوں کو ترتیب دے، قلم تلاش کرے اور مضمون کو ڈھنگ سے لکھ دے۔ بے ترتیبی سے اُسے بہت چڑ تھی لیکن دوسرے ہی پل یہ خواہش کندھوں کے ایک ہلکے جھٹکے کے نیچے دب گئی۔ فائلوں کو ڈھنگ سے جمانے یا قلم دان کو سجانے کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ اب رہا ہی کیا تھا اس کی زندگی میں جسے سجاتا، سنوارتا!

وہ اُٹھ کر دفتر سے باہر نکل آیا۔ دسمبر کا مہینہ تھا۔ سردی شباب پر تھی۔ ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں نے اس کے ننگے گلے میں سوئیاں سی چبھو دیں۔ غیر ارادی طور پر اُس کے ہاتھ کوٹ کے کالر اُٹھانے کو بڑھے، پھر اچانک رُک گئے۔ وہ کالر اُٹھائے نہیں تو گلا ننگا رہ جائے گا۔ ٹھنڈ جم جائے گی۔ . . . رگ رگ جم جائے گی . . . . نمونیا کا حملہ ہوگا . . . . اور پھر سب کا خاتمہ — . . . یہی کچھ تو ہوتا ہے اور یہی کچھ تو ہوا تھا اور اس کی بچی ہنستے کھیلتے انجانی سمتوں میں گم ہو گئی تھی۔

زندگی اور موت پر کسی کا بس نہیں۔ قدرت اٹل ہے اُسے قدرت سے کوئی شکایت نہیں تھی لیکن اُس کی بچی، معصوم بچی، زندگی کی صرف تین بہاریں ہی دیکھ پائی تھی۔ معصومیت کی سرحدوں سے ابھی باہر نہیں آئی تھی وہ۔ پھر بھی موت نے اُسے اپنے شکنجے میں جکڑ لیا تھا

کاش، یہ بے رحم موت اس پر بھی اپنے ہاتھ بڑھا دے، وہ بھی مر جائے! . . . . . اور اپنی بچی کے پاس پہونچ جائے — شاید پندرھواں یا سولھواں دن تھا لیکن ایسا لگتا تھا کہ جیسے سو ہوں صدیاں بیت گئی ہوں۔ اب تو یہ دوری برداشت سے باہر تھی۔ بچی کی یاد آتے ہی اُس کی آنکھیں مدھم ہو گئیں۔ سامنے سے آتا ہوا تانگا بے ڈھنگی لکیروں میں بدل گیا۔ کسی راہ گیر نے اُسے بازو سے کھینچ کر تانگے کی زد سے بچا لیا۔ بوکھلا کر اُس نے 'شکریہ' کا لفظ ادا کیا اور آگے بڑھ گیا۔ محلے کے بچے گلی میں کرکٹ کھیل رہے تھے۔ بجلی کا کھمبا وکٹ کا کام دے رہا تھا۔ ایک لڑکا کھردری لکڑی کا ٹکڑا ہاتھ میں لیے کھمبے کے سامنے تیار کھڑا تھا۔ دوسری طرف گیند لے کر ایک لڑکا دیکھ رہا تھا کہ کب راستہ صاف ہو اور وہ بال پھینکے۔ ساری گلی میں غلغلہ مچا تھا۔ اُس کے دل میں ہوک سی اُٹھی۔ آج اس کی بچی ہوتی تو وہ بھی کھیل رہی ہوتی۔ اُسے دفتر سے آتے دیکھ کر، دوڑی دوڑی آتی۔ اُس کے تھکے گھٹنوں سے لپٹ جاتی۔ بانہوں میں جھول جاتی۔ شاید اپنی نئی گیند کی مانگ بھی کرتی۔ اُس کے پاؤں رُک گئے۔ اس کی احساس سے عاری نظریں کھیلتے ہوئے بچوں کو ٹٹولنے لگیں۔ جیسے کسی کی تلاش میں ہوں۔ گیند تھامے ہوئے بچے نے کھیج کر کہا — "بیچ میں سے ہٹیے نا مجھے گیند پھینکنی ہے۔"

یہ سُن کر وہ تیز تیز قدم بڑھاتا، گھر کی طرف مڑ گیا۔

گھر میں کئی گیندیں تھیں۔ گیند کھیلنے کا بلا بھی تھا نئی طرز کے کھلونے بھی تھے۔ بچی کے مرنے کے بعد اُس نے اُن ساری چیزوں کو ایک صندوق میں رکھ دیا تھا، دفتر سے گھر آکر وہ صندوق کھولتا تھا۔ ایک ایک کھلونے کو گھورتا۔ ایک ایک کپڑے کو تھپتھپاتا، چھوٹے چھوٹے جوتوں کو چومتا اور ساتھ ہی ساتھ آنکھوں سے دل کی بھڑاس نکالتا تھا۔ اب نہ تو کبھی کوئی گیند گم ہوگی، اور نہ ہی کوئی نئی گیند کے لئے مچلے گا۔ نہ کوئی بلا پکڑ کر کھیلنے کے سامنے کھڑا ہوگا اور نہ کوئی اُن گڑیوں سے توتلی و معصوم باتیں کرے گا۔ اب وہ تنہا ہے اور کچھ یادوں کے کھنڈر جن کے سہارے اُسے زندگی کے انگنت تکلیف آزما دن گذارتے ہیں۔

گھر پہنچ کر اس نے جوتے اتارے۔ ہاتھ منہ دھویا اور اُس گوشے میں گیا۔ جہاں وہ حسب معمول بیٹھتا ہے۔ کمرے کے دوسرے گوشے میں اُس کی بوڑھی ماں رات کے کھانے کے لئے سبزی کاٹ رہی تھی۔ رسوئی میں اس کی بیوی چائے بنانے کے لئے چولہے میں کوئلے ڈال رہی تھی۔ اس سارے ماحول میں ایک کڑواہٹ سی اُبھر آئی تھی۔ محسوس ہوا کہ گھر میں کسی کو اس کی بچی کا غم نہیں۔ کوئی سبزی کاٹ رہا ہے تو کوئی چائے بنا رہا ہے۔ وہ خود بھی تو آرام سے بیٹھا، اپنی بھوک مٹانے کی فکر میں تھا جیسے بچی کبھی پیدا ہی نہیں ہوئی تھی — آج ماں بھی حسب سابق چپ تھی۔ ماں روز اِدھر اُدھر کی باتیں چھیڑا کرتی تھی، جن کی حقیقت میں کوئی اہمیت نہیں ہوتی تھی۔ وہ خوب سمجھتا تھا کہ اس کی ماں یہ فضولیات اس لئے چھیڑا کرتی تھی تاکہ اس کے اکلوتے بیٹے کا دھیان بچی کی یاد سے ہٹ جائے۔ ماں تو بے وقوف ہے۔ بھلا ان معمولی باتوں سے اپنے دل کی دھڑکن کو کوئی بھول سکتا ہے۔ بچی تو اُس کے دل کی دھڑکنوں میں بسی ہے۔ ماں کی ان حرکتوں سے اُسے تکلیف ہوتی اور وہ چڑ کر دانستہ طور پر بچی کا ذکر چھیڑ دیتا۔ بچی کے نام سے اُس کی ماں رو پڑتی اور اُسے اطمینان سا ہو جاتا۔ لیکن اُس کی بیوی کی حرکت اطمینان کو پریشانی میں بدل دیتی۔ بیوی بچی کا ذکر چھڑتے ہی دھاڑیں مار مار کر روتی تھی۔ سینہ کوٹتی۔ بال نوچتی، اور بے حال ہو کر سسکیوں میں ڈوب جاتی تھی۔ کئی بار اُس نے ارادہ کیا کہ بیوی کے سامنے بچی کی چرچا نہ چلائے۔ بے چاری بیوی۔ نو مہینے بچی کو اپنی کوکھ میں رکھا، خود بھوکی رہ کر بچی کو کھلایا، رات رات بھر اُسے چھاتی سے لگائے جاگا کرتی تھی۔ ماں جو تھی۔ ماں سے بڑھ کر بچی کا دُکھ اور کسے ہوگا؟ اُس کا جی چاہا کہ اپنے پیار سے بیوی کا غم غلط کر دے، میٹھی باتوں سے غمزدہ دل کو ڈھارس بندھا دے۔ اپنی مضبوط باہنوں میں اُس کے وجود کو سہارا دے۔ اب تو جیسے صدیاں بیت گئی تھیں، بیوی سے ہنسے — بولے۔ پر جب بھی اُس نے بیوی کے قریب ہونا چاہا، بچی کی یاد آگئی۔ بچی کی یاد آتے ہی اُس کے آنسو نہ تھمتے تھے۔ اُسے روتے دیکھ کر بیوی بھی رو پڑتی اور دونوں ایک دوسرے کو تھامے من کا درد آنکھوں سے بہانے پر مجبور ہو جاتے —

کمرے کی خاموشی میں دم گھٹنے سا لگا تھا — اسلئے ہوئے چولہے کی سوں سوں بھی اُس خاموشی میں کوئی تضاد پیدا نہ کر سکی تھی۔ اس نے ماں کی طرف دیکھا۔ ماں سر جھکائے سبزی کاٹنے میں محو تھی۔ بڑھاپے نے ماں کے سارے بال برف کی طرح سفید کر دیئے تھے۔ چہرے پر جھریوں کا جال پھیلا ہوا تھا۔ جسم میں ہلکی سی تھرتھراہٹ تھی۔ کچھ دنوں کی تو مہمان ہے — پھر شاید موت اس کی ماں کو بھی چھین لے گی۔ یکایک اُسے ایک بھیانک خیال آیا۔ اگر موت غلطی سے نوشگفتہ کلی کی بجائے، اس سامنے بیٹھے ہوئے مرجھائے پھول کو لے جاتی تو؟ وہ یکایک چونک پڑا۔ سارے جسم میں جھرجھری سی دوڑ گئی — اُسے یقین نہ آیا کہ ایسا بھیانک خیال بھی اُس کے دماغ میں آسکتا ہے۔

کہیں وہ پاگل تو نہیں ہو رہا ہے۔ بصورت دیگر بیٹا ہونے کے ناتے وہ اپنی ماں کے بارے میں ایسا نہ سوچتا۔ وہ گھبرا کر اُٹھ کھڑا ہوا۔ ماں نے اُسے سوالیہ نظروں سے جانچا۔ ماں سے آنکھیں ملانے کی اُسے ہمت نہ ہوئی وہ نظریں چُراتے ہوئے اپنے کمرے کی جانب چل پڑا۔

اپنے کمرے میں پہنچ کر اُس نے طاقچے سے بچی کے کھلونوں و کپڑوں کا صندوق اُتارا۔ اُس کے ڈھکن کو جھاڑا اور سامنے رکھ دیا۔ کانپتے ہاتھوں سے صندوق کا ڈھکن کھولا۔ یکایک فق سا رہ گیا — صندوق خالی تھا۔

اُس کی بچی کے کھلونے، کپڑے، جوتے ـــ کچھ بھی اُس میں نہیں تھا۔ کچھ دیر وہ اُس کے خالی تلے کو گھورتا رہا ـــ دھیرے دھیرے چہرے پر غم و غصّے کے جذبات نمایاں ہونے لگے۔ وہ جان گیا کہ ماں آج خاموش کیوں بیٹھی رہی تھی۔ یہ کوشش صرف اس کی ماں ہی کر سکتی تھی، جو چاہتی تھی کہ بچی کو بھول کر وہ ازدواجی زندگی کی چکی میں پستا رہے۔ گویا وہ انسان نہیں ـــ کوئی مشین ہے ـــ وہ جھٹکے سے اٹھا اور دروازے کی طرف لپکا۔ دروازے پر بیوی چائے کی پیالی لئے کھڑی تھی۔ یکایک اس کے منہ سے نکلا ـــ

"صندوق خالی ہے:"

بیوی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ اُس نے آگے بڑھ کر صندوق کا ڈھکن بند کر دیا اور اس پر چائے کی پیالی رکھ دی۔

"چیزیں کہاں گئیں؟" جذبات سے اس کا گلا رندھ گیا تھا

بیوی کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ اُس نے آہستہ سے کہا ـــ

"میں نے پھینک دیں وہ سب چیزیں!"

اُسے یقین نہ آیا۔ بھلا کبھی ماں اپنی ممتا کو پھینک سکتی ہے؟ ضرور اُس کی بیوی اپنی ساس کو محفوظ رکھنے کے لئے جھوٹ بول رہی ہے ـــ

"سچ سچ کہہ دو۔ کہاں ہیں چیزیں؟ تم ماں ہو کر اپنی بچی کی چیزیں نہیں پھینک سکتیں ـــ"

وہ اور بھی نہ معلوم کیا کیا بکتا ـــ اُس کے دل میں آگ جل رہی تھی۔ لیکن بیوی کے پھوٹ پھوٹ کر رونے سے اُس کی زبان رُک گئی ـــ

بیوی نے روتے ہوئے اُونچے لہجے میں کہا ـــ

"ہاں ہاں، میں نے ماں ہو کر اپنی بچی کی چیزیں پھینک دیں موت نے تو اُسے چھین لیا۔ اب وہ تمہیں بھی مجھ سے چھینے جا رہی ہے۔ میں ـــ میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔!

۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور وہ حیران سا کمرے کے وسط میں کھویا کھویا سا کھڑا تھا۔ (ہندی سے ترجمہ) مترجم۔ اے۔ اے۔ منظر

اپریل ۷۰ء کے شمارے میں صفحہ ۲۵ پر کستور باگاندھی کی برسی کی تاریخ ۲۲ فروری کے بجائے ۲۱ فروری چھپ گئی ہے۔ قارئین تصحیح کر لیں۔

بقیہ: نئی کتابیں

جو وقتی سیاست پر مبنی ہوں گی، اُن کی دلچسپی اور اہمیت بھی وقتی ہوگی۔ اس کے علاوہ اس کتاب کو پڑھنے کے بعد میں نے یہ بھی محسوس کیا کہ اس کے مصنف مخصوص سیاسی خیالات رکھتے ہیں، اس لئے وہ لوگ اس سے پوری طرح لطف نہیں اٹھا سکیں گے، جو اُن کے سیاسی خیالات سے اتفاق نہیں رکھتے۔ مثلاً انہوں نے قریب قریب ہر مضمون میں چھاگلہ صاحب پر طنز و تعریض ہے۔ اسی طرح مراجی ڈیسائی کا بہت ذکر آیا ہے، نیز اگر مصنف کو کسی شاعر یا ادیب سے اختلاف ہے یا اُن کی تخلیقات کو پسند نہیں کرتے تو اُن کے متعلق ایسے سوالات کرتے ہیں، جن سے اُن کی ناپسندیدگی بالکل واضح اور عیاں ہوتی ہے اس سے کتاب کی غیر جانبداری مجروح ہوتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ مصنف کو ان باتوں سے بلند ہونا چاہئے تھا

مجھے ایک بات اور محسوس ہوتی ہے وہ یہ کہ سوالات میں عام طور پر حشو و زوائد بہت ہیں۔

بہرحال شاہ نصیر صاحب فریدی کی اس کوشش کو وہ لوگ یقیناً پسند کریں گے، جو سیاسی لحاظ سے اُن کے ہم خیال ہوں گے اور مختلف مواقع پر مضمرے یا شعر پڑھنے کے عادی ہوں یا پسند کرتے ہوں۔

سنگم: جناب قادر صدیقی کے کلام کا مجموعہ ہے جو اُردو اور ہندی دونوں رسم خط میں ایک ساتھ شائع ہوا ہے۔

لطف زندگی بخشا غم کی بے پناہی نے
ورنہ مار ڈالا تھا تیری کم نگاہی نے

قادر صدیقی کا یہ انداز ہر جگہ ہے۔ اشعار دل پر اثر کرتے ہیں اور قاری کی دلچسپی ہر وقت قائم رہتی ہے۔ کل ہند، ہندی، اُردو سنگم کا یہ تجربہ یقیناً کامیاب ہے۔ ضرورت ہے کہ اور کتابیں اس طرح شائع کی جائیں۔ اور یہ سلسلہ جاری رہے۔

ناشر مکتبہ گل ہند ہندی اُردو سنگم لکھنؤ قیمت:۔ تین روپے

(ادارہ)

نئی کتابیں



اس کو غزل کہتے ہیں :- از سعادت حسین، سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۱۴۴ صفحات۔ مجلد مع گرد پوش، قیمت ۷ روپے، تاریخ اشاعت ۱۵ اگست ۱۹۶۹ء، ملنے کا پتہ: نیشنل بک ڈپو، چارکمان، حیدرآباد ۱ (اے پی)

زیر تبصرہ کتاب نو مضامین پر مشتمل ہے، جن کے عنوانات حسب ذیل ہیں۔ (۱) شعر و شاعری کی آبرو ہے غزل (۲) میر کا غم (۳) فکر کی سوگواری (۴) فانی کی قنوطیت (۵) تصوف اور اصغر (۶) غالب کا فکری آہنگ (۷) حسرت کی رومانیت (۸) یاس یگانہ کی رجائیت (۹) فراق کا جمالیاتی شعور

ان عنوانات سے کتاب کے موضوع اور مباحث کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ کتاب میں کوئی دیباچہ شامل نہیں ہے، جس سے معلوم ہو سکے کہ یہ مضامین مطبوعہ ہیں یا غیر مطبوعہ اور کیا وجہ ہے کہ صرف آٹھ ہی شاعروں کو اردو غزل کی نمائندگی کے لئے منتخب کیا گیا ہے، علاوہ ازیں، میری ناچیز رائے میں کتاب کے عنوان کا تقاضا تھا کہ ان منتخب شعراء کے صرف تغزل پر لکھنا چاہئے تھا، لیکن شاید فاضل مضمون نگار غزل کی رنگا رنگی دکھلانا چاہتے تھے۔ لیکن اگر میرا یہ خیال صحیح ہے تو غزل کی دوسری خصوصیات پر بھی روشنی ڈالنے کی ضرورت تھی۔ بہر حال یہ مضامین محترم مضمون نگار کے وسیع مطالعہ اور گہرے فکر و تامل کا نتیجہ ہیں۔ مجھے امید ہے کہ یہ کتاب ضرور پسند کی جائے گی۔

۱۴۴ صفحات کی اس کتاب کی سات روپے قیمت یقیناً بہت زیادہ ہے، خصوصاً جب اندھرا پردیش ساہتیہ اکیڈیمی حیدرآباد کے حسن و تعاون سے شائع ہوئی ہے

جلتے کنول :- از شمس فرخ آبادی۔ سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۹۶ صفحات مجلد مع گرد پوش، قیمت: دو روپے، تاریخ اشاعت، یکم جنوری ۱۹۶۸ء ملنے کا پتہ: شمشاد احمد خاں بنگلہ ۱۱۸ روز روڈ عالم باغ لکھنؤ (یو پی)

جناب شمشاد احمد خاں صاحب شمس فرخ آبادی ایک نوجوان شاعر ہیں (سال ولادت ۱۹۳۲ء)

اس مجموعے میں جناب شمس کے دوست احباب کی تحریریں شامل ہیں جن میں موصوف کی شاعری کی تعریف کی گئی ہے

موصوف غزل بھی کہتے ہیں، نظم بھی اور گیت بھی۔ شروع میں تاثرات اور تعارف، مقدمہ اور عرض حال کے بعد صفحہ ۱۹ سے ۵۶ تک غزلیں ہیں اور صفحہ ۵۹ سے ۹۶ تک نظمیں، گیت، قطعات وغیرہ ہیں غزل شروع ہونے سے پہلے حسب ذیل قطعہ ہے۔

یہ کیفیاتِ زمانہ کی دین ہے
کیونکر نصیب ہوتی سجلا شاعری مجھے
ہر غم کو ڈھال دیتا ہوں تصویر کی طرح
حالات سے ملا ہے فن آذری مجھے

شمس صاحب آرٹسٹ بھی ہیں، قطعہ کے آخری مصرع میں اسی طرف اشارہ ہے، اسی صلاحیت سے فائدہ اٹھا کر انہوں نے تصویروں کے ذریعہ سے اشعار کی وضاحت بھی کی ہے، جو میرے خیال میں بے ضرورت ہے۔

قاضی نذرالاسلام :- مصنفہ: بسودھا چکرورتی، مترجمہ: عرش ملسیانی سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۱۰۵ صفحات، غیر مجلد، قیمت سوا دو روپے، تاریخ اشاعت مارچ ۱۹۶۹ء، ملنے کا پتہ: پبلیکیشنز ڈویژن، پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی ۱

حکومت ہند کے ادارے "نیشنل بک ٹرسٹ" نے قومی سوانح حیات کا ایک مفید سلسلہ شروع کیا ہے، زیر تبصرہ کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، جہاں تک مجھے معلوم ہے اردو میں قاضی نذرالاسلام پر کوئی معتبر اور اچھی کتاب نہیں ہے اس لئے نیشنل بک ٹرسٹ نے پیش نظر کتاب شائع کر کے یقیناً ایک مفید خدمت انجام دی ہے۔

اگرچہ بنگلہ زبان کے اس انقلابی اور باغی شاعر، قاضی نذرالاسلام پر جسے عوام محبت میں صرف نذرل کہتے ہیں، اردو میں کوئی مستقل کتاب نہیں تھی۔ مگر ان کی شاعری اور حالات زندگی پر بہت کافی لکھا گیا ہے اس لئے شاید ہی کوئی

پڑھا لکھا شخص ہو جو ان کی شخصیت، ان کی خدمات اور شاعری سے واقف نہ ہو، مگر جہاں اُن کی انقلابی شاعری کو بہت زیادہ سراہا گیا، وہاں اُن کی شاعری پر بہت سے اعتراضات بھی کئے گئے۔ خاص طور پر اُن کے ترقی پسند خیالات سے۔ اُن کے ہم عصروں میں سے بہت سے لوگوں نے شدید اختلاف کیا۔ "میرا جواب" کے عنوان سے اس باغی شاعر نے ایک طویل نظم لکھی ہے، جس میں اُن کے اعتراضات کا بڑی تفصیل سے اور بہت اچھے انداز میں ذکر کیا گیا ہے۔ ایک مختصر اقتباس ملاحظہ ہو۔

ہندو کہتے ہیں کہ یہ شخص اپنی نظموں میں فارسی کے الفاظ استعمال کرتا ہے یہ کٹر مسلمان ہے۔

عدم تشدد کے حامی عدم تعاون کی تحریک سے وابستہ لوگ بھی مجھ سے خوش نہیں۔

وہ کہتے ہیں کہ میں تشدد کا ساز ہوں اور انقلابی دلوں کو ترغیب دیتا ہوں۔

لیکن انقلاب پسند کہتے ہیں کہ یہ عدم تشدد کا حامی ہے، ورنہ یہ چرخے کا گیت کیوں گاتا۔

قدامت پسند کہتے ہیں کہ یہ دہریہ ہے اور جدیدئے کہتے ہیں کہ میں کنفیوشس کا پیرو ہوں۔

سوراجسٹ یہ کہتے ہیں کہ مجھے اُن سے اتفاق نہیں۔

سوراجسٹوں کے مخالف مجھے اپنے راستے کا کانٹا سمجھتے ہیں۔

مرد کہتے ہیں کہ میں عورتوں کا بہت گرویدہ ہوں

عورتیں کہتی ہیں کہ میں اُن سے نفرت کرتا ہوں

وہ دوست جو سمندر پار ہو آئے ہیں کہتے ہیں کہ میں انگلینڈ نہیں گیا، اس لئے یہی میری حد ہے جو قابل شرم ہے۔

میرے مداح مجھے نئے دَور کا سورج کہتے ہیں، خواہ میں اس دَور کا شاعر نہیں بلکہ چھوڑو میں لمحۂ موجود کی ایک ہذیان سہی۔

قاضی نذرالاسلام پہلا ادیب و شاعر ہے جس پر ہندوستان اور پاکستان دونوں کو فخر ہے۔ حکومتِ ہند نے اُن کو پدم بھوشن کا خطاب دیا ہے اور حکومت مغربی بنگال نے مکان بنانے کے لئے ایک قطعۂ زمین عطیہ کے طور پر دی ہے اور تین سو روپے ماہوار کا وظیفہ مستقل طور پر دیتی ہے، اسی طرح حکومتِ مشرقی بنگال (پاکستان) بھی ساڑھے تین سو روپے ماہوار کا وظیفہ دیتی ہے۔ دونوں ملکوں میں اُن کی یکساں مقبولیت اور ہر دلعزیزی کی بنا پر فاضل مصنف نے لکھا ہے کہ "بنگالی زندگی کی وحدت کے علمبردار کی حیثیت سے اُن کے تاریخی رول کو مشرقی پاکستان والے بھی تسلیم کرتے ہیں، اس لئے وہ مشرقی پاکستان اور مغربی بنگال کے درمیان ایک مستقل کڑی ہیں، وہ تقسیم سے پہلے کے بنگال کی ایک پائدار تصویر ہیں اور رہیں گے۔" (صفحہ ۶۵)

اس کتاب کا ترجمہ جناب بالمکند عرش ملسیانی نے کیا ہے جو اُردو کے اچھے شعراء میں سے ہیں اور اُردو صحافت کا طویل تجربہ رکھتے ہیں۔

کتاب بہت مفید اور معلومات افزا ہے، جو لوگ اُردو میں قاضی نذرالاسلام کے حالات زندگی اور اُن کی شاعری کے متعلق واقفیت حاصل کرنا چاہتے ہیں، اُنہیں بھی یہ کتاب ضرور پڑھنا چاہئے۔

طرزیاتی خاکے :- از شاہ نصیر فریدی

سائز ۲۰×۳۰، حجم ۱۶۶ صفحات، قیمت: ڈھائی روپے
تاریخ اشاعت :- ۱۵ نومبر ۱۹۶۶ء ملنے کا پتہ :- رام پرشاد اینڈ سنز بکسیلرز۔ ہاسپٹل روڈ آگرہ (یوپی)

زیر تبصرہ کتاب، ۱۶ مزاحیہ اور طنزیہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ ان مضامین کی خصوصیت یہ ہے کہ زندگی کے مختلف مسائل پر سوالات کئے گئے ہیں اور ایک مصرع میں ان کے جوابات دیئے گئے ہیں۔ اُردو کے مشہور فوکا اور مزاحیہ نگار جناب فکر تونسوی نے "خاکوں کا خاکہ" کے عنوان سے اس کتاب کا دیباچہ لکھا ہے۔ کتاب کا نام پڑھ کر شاید میری طرح وہ بھی چونکے، لکھتے ہیں: "طرزیاتی خاکے" کی ترکیب میرے لئے نئی ہے لیکن جب کتاب پڑھی تو ترکیب اگرچہ بدستور نئی رہی، لیکن طرزِ بیان وہی صدیوں کا جانا پہچانا تھا" فکر تونسوی فرماتے ہیں۔

"فریدی صاحب کے خاکوں کا دائرہ بڑا وسیع ہے، اُن میں سماجی، سیاسی، ادبی، مذہبی، اعتقادی حتیٰ کہ طبّی مسائل کا احاطہ بھی کر لیا گیا ہے" اس لحاظ سے مجھے یہ کتاب مزیدار لگی اور انوکھی معلوم ہوئی کہ تمام جوابات مصرعوں میں دیئے گئے ہیں بیگر جو سوالات کئے گئے ہیں ان کے موضوعات میں، میرے خیال میں، نہ وسعت ہے اور نہ گہرائی۔ زیادہ تر سوالات وقتی سیاست اور جذباتی مسائل سے تعلق رکھتے ہیں۔ وقتی سیاست کی عمر بہت کم ہوتی ہے اس لیے ایسے مضامین یا کتابیں — چاہے وہ سنجیدہ ہوں یا مزاحیہ اور طنزیہ

(بقیہ صفحہ ۴۵ پر)

مرد!

صِرف 5 پیسے خرچ کر کے آپ اپنے کُنبے کو محدود رکھنے کی طاقت حاصل کر سکتے ہیں



نِرودھ استعمال کیجیے۔ محفوظ، آسان طریقہ۔
اعلیٰ کوالٹی کے ربڑ کنڈوم اب
مُلک بھر میں بازار میں عام ملتے ہیں۔
بچے کی پیدائش روکیے اور
منصوبہ بند کُنبے کی خوشی کا لُطف اُٹھائیے۔
بچے کی پیدائش کو روکنا آپ
کے اختیار میں ہے

اب
مُلک بھر میں
دستیاب
15 پیسے کے 3
سرکاری امداد سے
رعائتی دام

نِرودھ استعمال کیجیے

اعلیٰ کوالٹی کے
ربڑ کنڈوم
فیملی پلاننگ کے لئے
پرویژن اسٹور، پرچون فروش، دوا فروش
جنرل مرچنٹ اور سگریٹ فروش وغیرہ بیچتے ہیں۔



۱۹ مارچ کو وزیراعظم شریمتی اندرا گاندھی نے بھاؤ نگر بندرگاہ سے ۴۵ کلومیٹر دور خلیج کھمبات میں علیا پٹ کے مقام پر ساحل سمندر کے پاس تیل کے کنوئیں کی کھدائی کا افتتاح کیا۔ پانی کی سطح کے نیچے سے تیل تلاش کرنے کی یہ پہلی ہندوستانی کوشش ہے (بائیں طرف) ڈرلنگ پلیٹ فارم اور رگ)



Vol. 28 No. 10 AJKAL (Monthly) May 1970

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by Skylark Printers, 11355 Idgah Road, New Delhi-55
Regd. No. D-509

سلور جوبلی

آج کل

Osmania University Library,
HYDERABAD-7. (A.P.)

جون ۱۹۷۰ء ۴۰ پیسے













۳ مئی ۱۹۷۰ء کو جامعہ ملیہ نئی دہلی میں ڈاکٹر ذاکر حسین مرحوم کی پہلی برسی منائی گئی۔ اس موقع پر صدرِ جمہوریہ ہند کی جانب سے نائب صدر شری گوپال سروپ پاٹھک نے اُن کے مزار پر عقیدت کے پھول چڑھائے۔ سوگواروں میں وزیراعظم ہند کے علاوہ سفراء اور دیگر ممتاز ہستیاں شامل تھیں۔

(تصویر میں بائیں سے دائیں) نائب صدر شری گوپال سروپ پاٹھک۔ شریمتی اندرا گاندھی، جناب علی سفرالجیریا اور ڈاکٹر جان میکڈائرمڈ (نمائندہ اقوام متحدہ) مرحوم رہنما کو خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں۔

اُردو کا مقبول عوام مصور ماہنامہ

آجکل

نئی دہلی

ایڈیٹر
شہباز حسین

مسایڈیٹر
نند کشور وکرم

جلد ۲۸ —— شمارہ ۱۱
جون ۱۹۷۰ء
جیٹھ اساڑھ شک سمت ۱۸۹۲

سرورق
عکس: گورچرن اروڑہ

ترتیب

اخفات			۲
بارکارواں (۵)	مسعود حسین خاں	صدر شعبہ لسانیات، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ	۳
مارش (کہانی)	نریندر لوتھر	سی ۲/۲۱ ویلزلی روڈ نئی دہلی	۸
ں کارشتہ (نظم)	عمیق حنفی	آل انڈیا ریڈیو نئی دہلی	۱۰
یاس (نظم)	صلاح الدین پرویز	سول لائن علی گڑھ	۱۰
ء (نظم)	علیم اللہ حالی	شعبۂ اُردو جین کالج آرہ	۱۰
ب صدائے تیشہ	راج	۲۶، جعفری سکوئر گول مارکیٹ دہلی	۱۱
ندانی منصوبہ بندی	دل ایوبی ٹونکی	چھوٹی حویلی، محلہ قاطفہ ٹونک	۱۶
فرحت اللہ بیگ کا ایک دلچسپ مضمون	رشید قریشی	۳۳۶-۹-۱۶ اولڈ مارکیٹ حیدرآباد	۱۷
ون حرب میں تحریر رمزی کا مقام	گوردیال سنگھ	۱۱۱ پی رانی باغ دہلی	۲۱
لکیاں	ادارہ		۲۴
ندنی رات میں جھیل ڈل کا ایک منظر	تنہا انصاری مرحوم	سرینگر (کشمیر)	۲۶
دی رسم الخط میں قرآن شریف	اسد علی	۱۲۷۵، گلی پنجابیاں بلی ماران دہلی	۲۸
سنلیں	اسلم آزاد آفتاب شمسی غلام مرتضیٰ راہی	اُردو ڈپارٹمنٹ پٹنہ یونیورسٹی پٹنہ گورنمنٹ انٹر کالج شاہ آباد رامپور فتح پور (یوپی)	۳۰ ۳۰ ۳۰
یارِ گلستاں میسور	خالد عرفان	سینٹ جوزف کالج بنگلور-۱	۳۱
ل	مہدی پرتابگڈھی	معرفت ایگزیکیٹو انجینئر، محکمۂ آب پاشی پرتابگڈھ	۳۶
سید پرائی (پنجابی کہانی)	جسونت سنگھ ہردی	۱۱۶۷-۱۸۰ سی چنڈی گڑھ	۳۷
دیدار اُردو شاعری میری نظر میں	اختر بستوی	روشن محل، گاندھی نگر بستی	۴۰
ل	رائے سنوہر لال بہار	۱۱۲۰-۱۰-۱۴۰ لوئر دھول پیٹ حیدرآباد	۴۳
نئی کتابیں			۴۴

شرح چندہ

فی پرچہ :- ۶۰ پیسے
زرِ سالانہ :- ۷ روپے ۲ سال کے لئے ۱۲ روپے
۳ سال کے لئے ۱۷ روپے

شائع کردہ :- ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

سلور جوبلی

آج کل

ضمیمہ

آج کل کے اٹھائیس برس

عرش ملسیانی



دوسری جنگِ عظیم نے جب کرۂ ارض کو اپنی آگ میں لپیٹ لیا تو انگریزی سامراجیت کو سخت خطرہ درپیش تھا انہوں نے ہندوستان کی مظلومیت کو استعمال کرنے کی ہر ممکن کوشش کی چنانچہ ایران، افغانستان، دیگر اسلامی ممالک اور سرحدی علاقوں میں پروپیگنڈا کرنے کے لئے یہاں ایک ادارہ یونائیٹڈ پبلیکیشنز کے نام سے قائم کیا! اس ادارے سے فارسی میں رسالے جاری ہوئے ایک رسالہ زن پروین کے نام سے ۱۹۴۱ء میں پشتو زبان میں بھی جاری کیا گیا بعد میں اس کا اردو ایڈیشن اسی نام سے چھپنے لگا۔ نومبر ۱۹۴۲ء کے شمارے کو آج کل کا نام دیا گیا۔ یہ ہے آج کل کی ابتداء۔

اسی زمانے سے اُردو کا یہ باوقار رسالہ جاری ہے اس کا پہلا دور تقسیم ملک تک ہے۔ اس کے مدیر آغا محمد یعقوب دواشی تھے۔ دواشی صاحب لدھیانے کے ایک کامیاب وکیل تھے۔ شاہ شجاع کے ساتھ جو خاندان دہلی آکر بس گئے تھے، انہیں میں سے ایک معزز خاندان سے دواشی صاحب کا تعلق تھا۔ فارسی ان کے گھر کی زبان تھی۔ اردو ادب سے اچھا لگاؤ تھا۔ انگریزی میں بڑے اچھے مقرر تھے اُن کے ساتھ مختلف مواقع پر مختلف نائبین کام کرتے رہے۔ وقار عظیم، معین احسن جذبی، راجندر ناتھ شیدا، فضل حق قریشی اور مشیر احمد ان میں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ آخر میں رگھوناتھ رینہ اور رشیش چند طالب دہلوی تقسیم کے بعد اس رسالے کو چلاتے رہے اور انہوں نے ۱۹۴۸ء میں گاندھی جی کی شہادت کے بعد گاندھی نمبر بڑی آب و تاب کے ساتھ شائع کیا۔

پہلے پہل 'آج کل' کی ادبی حیثیت اتنی قابلِ اعتناء نہیں تھی۔ یہ مہینے میں دو بار چھپتا تھا۔ جنگ کے زمانے میں کاغذ کی بڑی قلت تھی کوئی نیا رسالہ نہ چھپ سکتا تھا، نہ چھپ سکتا تھا۔ چھ آنے میں ساٹھ صفحے کا باتصویر رسالہ مقبولیت کی منزلیں طے کرنے لگا۔ دواشی صاحب اور اُن کے رفقاء نے اسے ایک اچھا ادبی جریدہ بنا دیا ہندوستان کے ہر اچھے ادیب اور شاعر سے ربط پیدا کیا اور ملک کے



دائیں سے بائیں

فضل حق قرشی

آغا محمد یعقوب دواشی

سر عبدالقادر

اور

وقار عظیم

اچھے اچھے افسانہ نگاروں کے افسانے شعراء کا کلام اور ادیبوں کے مقالے اس میں شائع ہونے لگے۔ ادیبوں کی تصویریں چھپیں جس سے اس کی زینت اور بڑھ گئی۔

رفتارِ زمانہ کے عنوان سے حکومت کی ضرورت کے مطابق اداریہ لکھا جاتا تھا لیکن ایک بات اچھی یہ تھی کہ نگار پاپگنڈا" اس میں نہیں تھا۔ رسالہ معلوماتی بھی تھا اور ادبی بھی بلکہ ادبی حیثیت زیادہ تھی چونکہ مطبوعہ مضامین وغیرہ کا معاوضہ بھی دیا جاتا تھا اس لئے ادیب کشاں کشاں اس کی طرف کھنچ آئے۔

شعراء میں قدیم وجدید شعراء حصہ لیتے تھے جس کس کا ذکر کیا جائے۔ جوشش بلخ آبادی۔ مرزا ثاقب لکھنوی، یگانہ، عبدالمجید سالک، بے خود دہلوی، جگر مرادآبادی سیماب اکبرآبادی، ساغر نظامی، اختر شیرانی، رضا علی وحشت، خلیل مانکپوری جو میر حبیب علی خاں نظام دکن اور ان کے جاں نشیں میر عثمان علی خاں کے اُستاد تھے اس رسالے میں لکھتے تھے۔ امجد حیدرآبادی عام طور پر رباعی گو شاعر کی حیثیت سے مشہور ہیں لیکن ان کی ایک غزل اسی جریدے میں شائع ہوئی جس کا مقطع ہے ۔

نہ کرو کوئی آرزو امجد
اس شجر میں ثمر نہیں آتا

پروفیسر محمود شیرانی جید عالم تھے" پنجاب میں اردو" فردوسی پر چار مقالے اور دیگر تحقیقی تصانیف کے لئے مشہور ہیں۔ ان کے فرزند اختر شیرانی کو شاعر کی حیثیت سے سب جانتے ہیں لیکن اس رسالے میں محمود شیرانی صاحب کا ایک قصیدہ چھپا تھا۔ ٹونک سے نکلے تو لاہور میں عالم غربت کا احساس رہتا تھا یہ قصیدہ اسی موڈ میں ہے۔ آخری شعر ہے ۔

شدتِ رنج و غم و دردِ زمانِ غربت
کیا بیاں کیجئے کہ اب طاقتِ گفتار نہیں

شعراء میں صفی لکھنوی، نیاز فتح پوری کے ساتھ تاثیر شور علیگ اور الحمد ندیم قاسمی بھی تھے۔ ساحر لدھیانوی اسی آج کل میں وارد ہوئے تو شہرت کے آسمان پر پہنچے۔ اُن کی مشہور نظم "تاج محل" یہیں شائع ہوئی تھی۔ یگانہ نے خود کہا ہے۔

ع خدا بنے تھے یگانہ مگر بنا نہ گیا

اس انانیت پسند شاعر نے ایک غزل میں انہیں خیالات کا اظہار کیا ہے

خداؤں کی خدائی ہو چکی بس ❊ خدارا بس دہائی ہو چکی بس
کہیں پتھر بھی ہو سکتا ہے پانی ❊ دعاؤں کی رسائی ہو چکی بس
پڑے ہو کون سے گوشے میں تنہا ❊ یگانہ کیوں خدائی ہو چکی بس

سوامی مارہروی کے گیت بھی بہت مقبول تھے۔

شخصیات پر بہت اچھے مضامین شائع ہوئے۔ سری نواس شاستری شاہ محمد سلیمان، سر عبدالقادر، حسن نظامی، جوش ملسیانی، یگانہ چنگیزی، فوج ناردی، رام بابو سکسینہ، محمود شیرانی، نیاز فتحپوری، اور کتنے ہی ادیبار اور اکابر ملک پر مضامین اور ان کی تصویریں شائع ہوئیں۔ رشید احمد صدیقی نے ڈاکٹر ذاکر حسین کی تعلیمی خدمات پر روشنی ڈالی۔ ظہور حسن ڈار نے اختر حسین رائے پوری پر مقالہ لکھا۔ فیض کا مضمون، جوش شاعر انقلاب کی حیثیت سے بہت دلچسپ ہے۔ اس میں فیض نے اس زمانے میں لکھا تھا کہ جوش کے یہاں انقلاب کا اجتماعی تصور نہیں اور اس میں نظریاتی تنظیم بھی نہیں البتہ اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ جوش نے کتنے ہی شعراء کو نئے راستوں اور منازل کی جانب چلنے کی ترغیب دی۔

مسعود حسین خاں کا عظمت اللہ پر مضمون 'ادب کا ایک باغی' کے عنوان سے چھپا۔ ان کے علاوہ حمید احمد خاں کا مضمون غالب کی بہو، باقر علی خاں کامل کی بیوی 'بگا بیگم' سے ملاقات کے متعلق چھپا۔ وہ اس وقت بقید حیات تھیں اور غالب سے متعلق بہت سی دلچسپ باتیں انہوں نے بتائیں۔ ڈاکٹر عابد حسین کا مقالہ ہندوستان کی مشترک تہذیب پر بڑا قابل قدر مقالہ ہے۔ اور ان کے انداز خیال کا جو بعد میں پختہ تر ہو گیا ایک بہت اچھا نمونہ ہے۔ خواجہ غلام السیدین کا مضمون "معلمی کا پیشہ"، عشرت رحمانی کا مضمون محشر کا ڈرامہ، بڑے دلچسپ مضامین ہیں۔ ان کے علاوہ بہت سے مضامین تاریخی، جغرافیائی اور سائنسی موضوعات پر بھی تھے جس سے رسالہ بڑا دلچسپ ہو جاتا تھا۔

افسانوی ادب بھی بڑا معیاری ہوتا۔ ہر نقطۂ خیال کے افسانے شائع ہوتے چند اچھے افسانہ نگاروں اور ان کے افسانوں کی فہرست ذیل میں درج ہے۔

سلطان حیدر جوش	اندھے کی لاٹھی، آزری یا اناڑی
نسیم سلیم چھتاری	دور دیس کا رہنے والا
راجندر سنگھ بیدی	مہاجرین
علی عباس حسینی	ناکردہ گناہ
ہاجرہ مسرور	میرا بھیا
ایم اسلم	آخری آرزو
اپیندر ناتھ اشک	کیا چارہ ہے
قدرت اللہ شہاب	رات کی بات
سہیل عظیم آبادی	سراب
غلام عباس	آئینے

اس فہرست سے یہ ظاہر ہوگا کہ ملک کے نمائندہ افسانہ نگار آج کل میں لکھتے تھے۔ ۱۹۴۷ء میں تقسیم ملک کے بعد آج کل کا یہ دور ختم ہو گیا۔ ایک سال نئی تنظیم میں گزر گیا۔ اشاعت کی باقاعدگی میں بھی فرق آیا۔ چند شمارے شائع ہوئے جیسا کہ پہلے ذکر آ چکا ہے۔ آخری شمارہ گاندھی جی کی شہادت کے سلسلے میں خاص نمبر تھا جس میں جوش کی مشہور نظم 'اے شہنشاہ شہیدان اسلام' چھپی تھی۔

اس کے بعد حکومت نے نئے ادارے کا انتخاب کیا اور تین رسالوں کے شائع کرنے کا پروگرام بنایا۔ جوش ملیح آبادی ایڈیٹر اور عرش، آزاد اور بلونت سنگھ اسسٹنٹ ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ تین رسالوں کے نام ہیں آج کل، بساط عالم اور نونہال۔ پہلا تو حسب معمول ثقافتی اور ادبی پرچہ تھا۔ دوسرا سیاسیات عالم سے متعلق اور تیسرا بچوں سے متعلق۔ اردو کی یہ خوش وقتی دیر تک قائم نہ رہی اور ۱۹۴۹ء میں حکومت نے موخر الذکر دونوں رسالے بند کر دیئے۔ بچوں کی ضرورت کے لئے 'آج کل' کے آخر میں آٹھ صفحوں پر مشتمل بچوں کا 'آج کل' شائع ہونے لگا۔ یہ آٹھ صفحے ماہ مارچ ۱۹۵۰ء سے ماہ اکتوبر ۱۹۵۶ء تک شائع ہوئے اور اس کے بعد اس بنا پر بند کر دیئے گئے کہ بچے اس رسالے کے گاہک کیسے بن سکتے ہیں۔ جو زیادہ تر بڑوں کے لئے ہو۔

ماہ اگست ۱۹۴۸ء کو آج کل کے نئے دور کا پہلا شمارہ شائع ہوا۔ تینوں رسالوں پر ایڈیٹر اور تینوں اسسٹنٹ ایڈیٹروں کے نام شائع ہوتے تھے۔ لیکن اندرونی تقسیم کار کے مطابق آج کل کی ترتیب و تدوین راقم کے سپرد تھی۔ پہلے یہ ماہنامہ تھا۔ ماہ جنوری ۱۹۴۹ء سے ماہ دسمبر ۱۹۴۹ء تک پندرہ روزہ ہو گیا اور بعد میں پھر ماہنامہ ہو گیا اور آج تک اسی حیثیت سے جاری ہے۔ ایک زمانہ ایسا تھا کہ اس کی اشاعت بہت زیادہ تھی ـــــ لیکن تقسیم ملک کے

بعد اُردو ادب سے دلچسپی رکھنے والوں کی تعداد یک دم کم ہو گئی۔ اور بتدریج کم ہوتی گئی۔ مقام شکر ہے کہ اب بھی اس کی اشاعت اردو کی موجودہ حالت کے پیش نظر تسلی بخش ہے۔

نئے نظام کے تحت اس جریدے کے مقاصد میں یہ بات خاص طور پر شامل تھی کہ ہندوستان کی مشترک تہذیب اور کلچر کو نمایاں کیا جائے۔ صرف یہی نہیں کہ چٹخارے دار غزلوں اور افسانوں کی بھرمار ہو بلکہ معقول ادبی، تمدنی معاشرتی اور تہذیبی مقالات بھی شائع کئے جائیں۔ یہ فرض اس جریدے نے نہایت ہی معقول طریقے سے ادا کیا ہے۔

جوش صاحب مدیر تو تھے لیکن جمالی اعتبار سے زیادہ اور جلالی اعتبار سے کم۔ پہلے شمارے میں انہوں نے ایک وثیقہ لکھا تھا جس کے راقم وہ خود تھے اور ان کے تینوں رفیقان کار، گواہ شد کے زمرے میں شامل تھے۔ اس میں انہوں نے قحط الرجال کا رونا رویا تھا۔ اور کہا تھا کہ درجہ اول کے مضامین بہت کم ملتے ہیں۔ یہ ان کا اس زمانے کا تجربہ تھا جب انہوں نے دلی سے کلیم جاری کیا تھا۔ بہرحال انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ کوشش کی جائے گی کہ معیاری مضامین ہی شائع کئے جائیں۔ معیار ایک



جوش ملیح آبادی

اضافی اصطلاح ہے نہیں معلوم کہ کسی ایک کا معیار کسی دوسرے کو منظور بھی ہوتا ہے یا نہیں۔

جوش صاحب کی قیادت ہی کافی تھی۔ ان کی مسلسل صحبت ہی دل و دماغ کی کم مائگی کو دُور کرتی تھی۔ رسالہ نکلا اور مقبولیت کی منزلیں پھر طے کرنے لگا۔ پرانے اور نئے ادیب بڑی آن بان سے آئے۔ سالنامے بڑی شان سے نکلے۔ مگر یہ احساس پھر بھی کھٹکتا رہا کہ ملک کی تہذیبی خدمت کس طرح زیادہ سرگرمی سے کی جائے۔

پنڈت جواہر لال نہرو کا مضمون جو ایک طرح کی خود نگری تھا اس میں شائع ہوا۔ کے ایم پانیکار نے انگریزی نظم "بوڑھا مسافر" دی جس کا ترجمہ شائع کیا گیا۔ ڈاکٹر تاراچند اور کملا دیوی چٹوپادھیائے کے مضامین شائع ہوئے۔ ۱۹۵۰ء میں نئے دستور کی آمد پر جمہوریت نمبر شائع کیا گیا۔

رفتار زمانہ اب بھی شامل رہتا تھا لیکن ایک ماہنامے میں اس کا شامل ہونا ایک بے معنی سی بات تھی۔ مہینے دو مہینے کے بعد پرانے واقعاتِ عالم پر تبصرہ یا رائے سراسر لغو بات تھی جب تک قارئین اُسے پڑھتے ہیں، واقعات کا رُخ بسا اوقات تبدیل ہو جاتا تھا۔

جوش صاحب کا سایہ ہمارے لئے سایۂ عاطفت تھا لیکن سات سال مدیر رہنے کے بعد ان کی اضطراب پسند طبیعت پر تولنے لگی۔ انہوں نے رختِ سفر باندھنا شروع کیا اور ۱۹۵۵ء کے آخر میں وہ پاکستان تشریف لے گئے۔ اُن کے جاتے وقت کشمیر نمبر بڑی آب و تاب سے شائع ہوا جسے بڑی مقبولیت حاصل ہوئی۔ مسلم اکابر نے کشمیر اور ہندوستان کے اٹوٹ تعلق پر رائے کا اظہار کیا۔ کشمیری زندگی اور وادیٔ کشمیر کے حسن و جمال پر بہت اچھے مضامین شائع ہوئے۔ حکومت کشمیر نے اس شمارے کی بہت تعریف کی۔

جوش صاحب کے جانے کے بعد قرعۂ فال مجھ دیوانے کے نام پر پڑا۔ بوجھ اور ذمہ داری تو پہلے بھی میرے گلے کا ہار تھی لیکن ہر مخالفانہ اور معاندانہ وار کے لئے جوش صاحب ایک مضبوط ڈھال تھے۔ اب یہ ذمہ داری براہ راست میرے اپنے کندھوں کا بوجھ بن گئی۔ مظفر شاہ۔ مہدی عباس حسینی اور شہباز حسین مختلف وقفوں میں میرے رفیق کار رہے۔ ان کی علمی اور ادبی صلاحیتوں سے مجھے بہت مدد ملی۔ یہ تینوں افراد بہت اچھے کارکن اور مخلص رفیق تھے۔ اس زمانے میں ان صفات کا ملنا بہت مشکل ہے۔ افسوس کہ ۱۹۶۸ء میں مظفر شاہ صاحب جواں مرگی کا شکار ہو گئے۔ ان کی منکسر مزاجی، خندہ پیشانی، تہذیبی رواداری، اور تجربہ کاری اب

بھی یاد آتی ہے۔ تو دل بیٹھ جاتا ہے۔ ترجمے اور تصنیف و تالیف کا بہت سا کام اس ادارے سے وابستہ تھا۔ آج کل کے ساتھ ساتھ وہ بھی ہوتا رہا۔ دم مارنے کی فرصت نہ ملتی۔ جہاں سرکاری رسالے کو بہت سی سہولتیں میسر ہوتی ہیں وہاں دقتیں بھی شاملِ حال رہتی ہیں۔ کبھی چھپائی کا اچھا انتظام نہیں۔ کبھی حکومت کی پالیسی کا احتساب اچھے اچھے مضامین کو جزواً یا کلیۃً شائع کرنے سے روکتا اور کبھی حکومت کے تقاضے اس بات پر اصرار کرتے کہ اس میں پبلسٹی کا مواد زیادہ ہونا چاہئے۔

حکومت نے یہ فیصلہ کیا کہ انگریزی، ہندی اور اُردو میں شائع ہونے والے تمام رسالوں کے ایڈیٹوریل بورڈ مقرر کئے جائیں۔ چنانچہ اُردو آج کل کیلئے ایک ایسا ہی بورڈ بنایا گیا۔ اس میں دلی سے پروفیسر محمد مجیب، منشی گوپی ناتھ امن اور ڈاکٹر خواجہ احمد فاروقی شامل ہوئے۔ حیدر آباد سے ڈاکٹر محی الدین قادری اور کشمیر سے رحمان راہی صاحب۔ بعد میں رور صاحب کشمیر چلے گئے، تو کشمیر کی نمائندگی ان کے سپرد ہوئی اور حیدر آباد کی نمائندگی پروفیسر عبدالقادر سروری نے کی۔ اس بورڈ کی حیثیت مشاورتی تھی۔ سب سے مشورہ لینا تو مدیر کے لئے ممکن نہیں ہو سکتا تھا۔ بورڈ نے خود ہی فیصلہ کیا کہ مشورے کا کام امن صاحب کے سپرد کیا جائے۔ چنانچہ ۱۹۶۷ء میں ریٹائر ہونے تک میں موصوف کے مفید مشوروں سے فیض پاتا رہا اور خاص طور پر یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ گیارہ سال کی طویل مدت میں میرا اُن سے کبھی اختلاف رائے نہیں ہوا۔ بورڈ کی میٹنگ سال دو سال میں کبھی ہوتی تھی۔ اُن کے مفید مشورے سے مجھے بہت فائدہ پہنچتا۔ میں ہمیشہ زور دیتا رہا کہ رسالے کی صوری حیثیت بہتر بنائی جائے مگر اچھے کاتبوں کی کمی، لیتھو کی چھپائی کا دشوار گزار اور ناقص راستہ کچھ ایسی باتیں تھیں کہ اُن پر ہم میں سے کسی کو قدرت نہ تھی۔ آفسیٹ کی چھپائی کا انتظام ۱۹۶۷ء سے ہو گیا ہے اور اب رسالے کی صوری حیثیت بہت اچھی ہے۔ بعد میں حکومت کے فیصلے کے مطابق رسالوں کے مشاورتی بورڈ بھی ختم کر دیئے گئے۔

"آج کل" کے خاص شمارے ملک بھر سے داد تحسین لیتے رہے ہیں خالص ادبی سالناموں کی جو رسم تھی وہ ۱۹۵۵ء سے ٹوٹی جب کشمیر نمبر چھپا۔ ۱۹۵۶ء میں اس کا معرکۃ الآرا خاص نمبر ہندوستانی موسیقی کے موضوع پر شائع ہوا۔ ایسے موضوع پر خاص نمبر شائع کرنا آسان کام نہ تھا لیکن ملک کے مشہور زندہ موسیقاروں اور موسیقی کے نقادوں نے ادارے کی بہت مدد کی۔ اس شمارے کو بے حد مقبولیت حاصل ہوئی اور اب ایک جلد بھی خریدنا چاہیں تو نہیں مل سکتی اس کے موضوعات اور مصنفین کی ایک تلخیص ذیل میں درج ہے:

استاد ولایت حسین خاں شفق اکبر آبادی نے ایک انمول نظم دی بعنوان مکالمۂ سُر و لَے۔ ڈاکٹر سمتی مٹاٹکر نے ہندوستانی موسیقی کے ارتقاء پر مقالہ عنایت فرمایا۔ ولایت حسین خاں صاحب نے ایک مقالہ بھی بخشا۔ عنوان تھا فنِ موسیقی کے کچھ بڑے فن کار۔ ہندوستانی ساز از ایس کرشنا سوامی، دربار رام پور اور موسیقی از نواب محمد رضا علی خاں نواب رام پور، امیر خسرو اور ہندوستانی موسیقی از ڈاکٹر سید ترغیب حسین، آگرہ گھرانے کی گائکی از عظمت حسین خاں، ہندوستانی موسیقی میں "ٹیگور کا مقام" از شانتی دیو گھوش، کیرانہ از جیون لال مٹو، کرناٹکی موسیقی از بی سمبھا مورتی۔ دُھرپد از رحیم الدین خاں ڈاگر، ہندوستان کے چند مشہور موسیقار از امتیاز علی عرشی، قوالی از میکش اکبر آبادی بڑے فنی اور قابلِ ذکر مضمون ہیں۔ ان کے علاوہ تان سین۔ پنڈت بھاسکر راؤ بکھلے بوا، استاد حافظ علی خاں، سنگیت سمراٹ اللہ دیئے خاں، پنڈت وشنو ڈگمبر اور پنڈت بھات کھنڈے پر بھی مفصل اور دلچسپ مضمون اس رسالے میں شامل ہوئے۔ پروفیسر ڈی پی مکرجی کا انگریزی میں ایک معرکۃ الآرا مضمون شائع ہوا تھا۔ "موسیقی کے عظیم استاد جنہیں میں نے سنا" اس کا اُردو ترجمہ بھی شائع کیا گیا۔ خیال اور ہلکی پھلکی موسیقی پر بھی مضامین چھپے۔ دلیپ چندر ویدی کا مضمون "مجھے اب تک یاد ہے" بڑا دلچسپ اور معلوماتی تھا اس شمارے کی تالیف میں دلیپ چندر ویدی صاحب نے میری بہت مدد کی اُستاد ولایت حسین خاں اور رحیم الدین خاں ڈاگر بھی میرے بروئے کار آئے۔ سازوں، راگ، راگنیوں اور موسیقاروں کی نوّے کے قریب تصاویر اس رسالے میں شامل تھیں۔ یہ تھی پہلی بڑی کوشش جس سے ہندوستانی تہذیب کی یک جہتی اور رنگا رنگی میں یک رنگی کا منظر پیش کیا گیا۔ اس نمبر کے باب میں پروفیسر آل احمد سرور جنرل سکریٹری انجمن ترقی اُردو ہند نے لکھا تھا۔

"آج کل" کا موسیقی نمبر ایک کارنامہ ہے۔ اُردو ادب میں فنِ موسیقی کے متعلق عام فہم انداز میں ایسے اچھے مضامین اور ممتاز موسیقاروں کے متعلق ایسی معلومات مشکل سے کہیں اور یک جا ہوئی ہونگی۔ خسرو کے متعلق مضامین بھی بہت اچھے ہیں۔ اس معیاری اور جامع نمبر پر آپ تمام اُردو داں طبقے کے شکرے کے مستحق ہیں مجھے یہ دیکھ کر اور بھی مسرت ہے کہ "آج کل" آپ کی ادارت میں اور بھی دلکش ہوتا جاتا ہے۔"

مولانا نیاز فتح پوری، ڈاکٹر سید محمود، جعفر علی خاں اثر، انڈین پی ای این نے بھی تعریف کی اور پاکستان سے شوکت تھانوی اور ممتاز حسین کے تعریفی خطوط بھی آئے۔

موسیقی نمبر میں جن مضامین کی کمی رہ گئی تھی اُسے ہلکی پھلکی موسیقی نمبر شائع کرکے پورا کیا گیا۔ اس میں ٹھمری، ٹپہ، دادرا، غزل اور گیت پر مضامین شائع ہوئے۔ دو مضمون بعد کے شماروں میں پنڈت جیون لال مٹو سے حاصل کئے۔ ایک گوالیار گھرانے پر اور دوسرا 'بھلے' پر۔

۱۹۵۶ء میں گوتم بدھ کی ڈھائی ہزار سالہ برسی منائی گئی۔ اس موقعے پر نمبر ۱۹۵۶ء میں 'آج کل' کا گوتم بدھ نمبر شائع ہوا۔ یہ شمارہ بھی اپنی جامعیت کے لحاظ سے نادر تھا۔ اس میں ڈاکٹر رادھا کرشنن پروفیسر رادھا کمد مکرجی، پروفیسر محمد مجیب کشک بکولا۔ میکش اکبر آبادی اور متعدد حضرات کے مضامین بدھ مت اور اس کی تعلیمات کے باب میں شائع ہوئے۔ ایک مضمون گندھارا فن کے ارتقاء پر بھی تھا۔ سرورق پر متوازی بدھ کے مجسمے کی خوبصورت تصویر تھی۔

۱۸۵۷ء کی یاد میں ۱۹۵۷ء کے ماہ اگست کا شمارہ جنگ آزادی نمبر تھا اس کے لئے پروفیسر مجیب کا ایک نہایت ہی دلچسپ تاریخی ڈرامہ "آزمائش" موصول ہوا تھا جس کی سارے ملک میں دھوم مچی۔ اس شمارے میں مولانا آزاد آغا حیدر حسن مرزا، شیخ تصدق حسین لکھنوی، قاضی عبدالودود اور پروفیسر ہارون خیرانی کے قابل قدر مضمون شامل ہوئے۔

۱۹۵۸ء میں مولانا ابوالکلام آزاد کا انتقال ہوا۔ ماہ اگست کا شمارہ ابوالکلام آزاد نمبر تھا۔ اس کے لئے پنڈت جواہر لال نہرو وزیر اعظم نے بطور خاص ایک پیغام بھیجا تھا۔ یہ پُر مغز پیغام مولانا کی شخصیت پر ایک ایسے شخص کی صحیح رائے تھی جس نے انہیں بہت قریب سے دیکھا تھا اور جو اُن کا مداح تھا۔ یہ شمارہ مولانا آزاد سے متعلق بہت سی معلومات کا حامل ہے۔ مضمون نگاروں میں وہ لوگ خاص طور پر ذکر کے قابل ہیں، جو اُن کے ساتھ رہے۔ مثلاً ڈاکٹر ذاکر حسین، مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی، ہمایوں کبیر، پروفیسر محمد اجمل خاں، خواجہ غلام السیدین، ظفر حسین خاں اور مولانا غلام رسول مہر۔ ڈاکٹر سید محمود، شیخ غلام محمد، حافظ محمد ابراہیم اور مسز اردنا آصف علی کا اظہار عقیدت بھی شامل تھا۔ مولانا کی نادر تصویریں اور نایاب خطوط کے عکس اور متن بھی شامل اشاعت ہوئے۔ اس کی مقبولیت کے پیش نظر بعد میں اسے کتابی صورت میں شائع کیا گیا۔ اس کے بعد ۱۹۵۹ء، ۱۹۶۰ء اور ۱۹۶۲ء میں بالترتیب رقص نمبر، ہندوستانی مصوری نمبر اور فن تعمیر نمبر شائع ہوئے۔ گنجائش نہیں کہ اُن کی پوری تفصیل یہاں دی جائے ان شماروں کے لئے مضامین جمع کرنا ایک ہفت خواں طے کرنا تھا۔ اکثر مضامین انگریزی میں ماہرین سے حاصل کرکے اُن کے تراجم شائع کئے گئے۔ یہ فنون لطیفہ کی خدمت بھی تھی اور ہندوستانی تہذیب کی بھی۔ لوگوں نے ان شماروں کو ہاتھوں ہاتھ لیا اور ملک کے ہر گوشے سے ان کے متعلق اچھی رائیں موصول ہوئیں۔

۱۹۶۴ میں ملک ایک بہت بڑے سانحہ عظیم سے دوچار ہوا۔ ہندوستان کے محبوب رہنما ستر سال لگاتار وزیر اعظم رہنے والے پنڈت جواہر لال نہرو نے دائمی اجل کو لبیک کہا۔ ملک میں کہرام مچ گیا۔ کوئی آنکھ ایسی نہ تھی جو تر نہ ہو۔ گاندھی جی کے سانحہ ارتحال کے بعد یہ دوسرا بڑا زخم تھا۔ جو اہل ملک کے دلوں پر لگا۔ اس موقع پر اخباروں اور رسالوں نے خاص نمبر شائع کئے۔ آج کل پر تو فرض عائد ہوتا تھا اس کا ماہ نومبر کا شمارہ نہرو نمبر تھا۔ فراق گورکھپوری نے ایک طویل مضمون 'کچھ یادیں کچھ تاثرات' کے عنوان سے لکھا۔ فراق صاحب، پنڈت موتی لال نہرو کے منظور نظر تھے۔ وہ اُن کی ذہانت کے عاشق تھے۔ جواہر لال سے بھی اُن کا ساتھ رہا۔ پرانی رفاقت کی کہانی فراق صاحب نے دلدوز انداز میں لکھی۔ مان کا ذکر آیا تو اپنے ہی ایک شعر سے اس کا آغاز کیا۔

یہ موڑ وہ ہے کہ پرچھائیاں بھی نہ دیں گی ساتھ
مسافروں سے کہو اس کی رہ گزر آئی

جوش صاحب کو پنڈت نہرو سے خاص محبت تھی۔ یہ محبت باہمی تھی جوش صاحب نے مرثیے کے طور پر ایک مسدس لکھا ۔ ۔ ۔ ۔ لکھنؤ کی زبان اور لکھنؤ کا مزاج مرثیے کے لئے بہت موزوں ہے۔ جوش صاحب نے دل کھول کر رکھ دیا ٹیپ کے دو شعر دیکھئے۔

دُنیا وفور گریہ سے منہ ڈھانپنے لگی
رویا جو آسماں تو زمیں کانپنے لگی

تیری چتا کی خاک ہے گنگا لئے ہوئے
پانی رواں ہے آگ کا دریائے ہوئے

بدرالدین طیب جی کا مضمون 'پنڈت جی میری نظروں میں' ایک بہت

اچھا مطالعہ تھا۔ خواجہ احمد فاروقی نے بھی ایک مضمون عطا فرمایا۔ "افسانہ آن شبے کہ با یار گزشت" اس میں ان کی پنڈت جی سے چند ملاقاتوں کا ذکر تھا۔ مضمون میں واقعہ نگاری بھی ہے اور درد و غم کی تصویر کشی بھی۔ اس شعر پر مضمون ختم ہوتا ہے ۔ ؎

دیدنی ہے شکستگی دل کی
کیا عمارت غموں نے ڈھائی ہے

۱۹۶۵ء میں دستکاری نمبر آب و تاب سے چھپا۔ ۱۹۶۶ء میں ڈراما نمبر اور ۱۹۶۷ء میں اُردو تحقیق نمبر اس کے بعد یہ نیاز مند رخصت ہوا اور انیس سال کی براہ راست رفاقت ختم ہوئی۔ گو اب بھی آج کل میرا ہے اور میں آج کل کا ہوں۔ "وقت کوتاہ و قصہ طولانی" یہ تو خاص نمبروں تک بات رہ گئی۔ ادب کی خدمت میں بھی تو آج کل پیش پیش تھا۔

غالبیات کو ہی لیجئے۔ ۱۵ فروری ۱۸۶۹ء میں غالب کا انتقال ہوا تھا۔ ماہ فروری کے ہر شمارے میں بالالتزام غالب پر مضامین شائع ہوئے۔ عام شماروں میں بھی غالب پر کوئی اچھا مضمون مل جاتا تو شائع ہو جاتا۔ غالب کے غیر مطبوعہ متعدد خطوط شائع کئے گئے۔ غالب کی نادر تصویریں چھپیں۔ غالب کی تصانیف کا جائزہ لیا گیا۔ اس کی زندگی اور کردار پر روشنی ڈالی گئی۔ مالک رام، قاضی عبدالودود امتیاز علی عرشی، ممتاز الدین آرزو، خواجہ احمد فاروقی، احتشام حسین، محمد حسن اور لاتعداد لکھنے والوں نے غالبیات میں اضافہ کیا۔ ان مضامین شائع ہوئے کہ آخر میں ان مضامین کے دو مجموعے آئینۂ غالب اور گنجینۂ غالب کے نام سے شائع کئے گئے۔ پہلی کتاب کو تو دلی یونیورسٹی نے ایم اے کے طلبا کے لئے امدادی کتاب کی حیثیت دی۔ اس ضمن میں غالب کے بہت سے مضامین اور نئے خطوط دوسرے رسالوں نے نقل کئے۔ مصنفین نے کتابوں میں حوالے کے ساتھ اور بغیر حوالے کے درج کئے۔ آج کل کے ادارے نے ہی ہندی میں غالب سے متعلق راقم کی کتاب "غالب بہ حیثیت شاعر اور انسان" شائع کی اور غالب کے خطوط کا ایک انتخاب جسے راقم نے ایڈٹ کیا ہے شائع کر رہا ہے۔ حمید احمد خاں لاہور یونیورسٹی کے وائس چانسلر تھے ان کا گراں قدر مضمون آئینۂ غالب میں چھپا تھا۔ اس کتاب کا ایک نسخہ انہیں بھیجا گیا تو وہ بہت خوش ہوئے اور انہوں نے لکھا کہ اس کتاب کے نسخے کو وہ اپنی لائبریری میں ایک قیمتی خزانے کی طرح رکھیں گے۔ کسے خبر تھی کہ آج کل جس روش پر چل رہا ہے دنیا ۱۹۶۹ء میں اس روش پر چل کر غالب کی صد سالہ برسی منائے گی اور دنیا بھر کے غالب پرست، غالب کو خراجِ عقیدت پیش کریں گے۔

بے شمار تحقیقی مضامین شائع ہوئے۔ جو تحقیق کرنے والے طلبا کے لئے آج بھی مشعلِ راہ ہیں۔ کئی بار قارئین کی شکایت موصول ہوئی کہ آپ بھاری بھرکم اور بعید از فہم مضامین شائع کرتے ہیں۔ توسیع اشاعت کے خیال سے کبھی معیار کو ترک بھی کرنا پڑتا ہلکے پھلکے مضامین بھی شامل کرنے پڑتے۔ تحقیق کے رسیا پھر بھی اپنی نوازشیں ضرورت سے زیادہ شاملِ حال کرتے رہے اُن کی محنت اور تلاش کے پیشِ نظر ان کا خیر مقدم کرنا فرض ہو جاتا۔ ہندوستان بھر کے ادیب اور شاعر آج کل سے وابستہ رہے۔ اول اول تو پاکستان سے بھی مضامین موصول ہوتے تھے، بعد میں یہ سلسلہ بہت کم ہو گیا۔ البتہ پاکستان میں اس کو قدر و منزلت کی نگاہوں سے دیکھا جاتا تھا۔ یہی بات اس رسالے کے قائم رہنے کے لئے بڑا جواز ہے۔ وہاں کی سرکاری زبان اُردو بھی ہے۔ مغربی پاکستان میں تو اُردو ہی کا دور دورہ ہے اپنی باتیں انہیں بتانے کے لئے سیاہ ہندوستان میں اُردو پڑھنے والوں کے لئے صالح ادب پیش کرنا ہو تو آج کل اُردو کا قائم رہنا ضروری ہے۔

آج کل میں بڑے بڑے نوادر شائع ہوئے۔ مہاتما گاندھی لالہ لاجپت رائے، عبدالحلیم شرر، غلطت اللہ خاں غالب اور نہ جانے کتنے لوگوں کے خطوط کے عکس چھپے۔ مرزا ہادی رسوا، مولوی مہیش پرشاد، نظیر اکبر آبادی، اور ایسے متعدد ادیبوں اور شاعروں کی نادر تصویریں چھپیں۔ سیماب، آرزو، صفی، حسرت موہانی، سالک وغیرہ کے انتقال پر وفاتیات کے کالم پُر کئے گئے اور مبسوط مقالے بھی لکھے گئے۔ رامجی رام موہن رائے کا رقعہ، کبوتر بازی، شیفتہ کا ایک غیر مطبوعہ خط، اقبال کے پیغام کی عالم گیری، شمسوں کی داستان، تلگو، تامل، مراٹھی، گجراتی، کنڑ، بنگالی، پنجابی اور ہندی سے متعلق مضامین، تاثیر اور گرامی پر ہری چند اختر کے دو مضمون، خود ہری چند اختر کی موت پر میرے تاثرات، آغا حید حسن کے دو مضمون، میرے بچپن کی ہولی، ہارون خاں شیرانی کے دو مضمون حسرت موہانی پر، کس کس مضمون کا ذکر کیا جائے ایک تنوع تھا، ایک رنگا رنگی تھی۔ اہلِ کمال کی محفل تھی۔ خوب آراستہ رہی اور آج بھی آراستہ ہے۔

افسانوی ادب اور ڈرامے کی خدمت بھی آج کل نے بہت کی اس

جون ۱۹۷۰ء

میں مطبوعہ کہانیوں کا مجموعہ "آج کل کی کہانیاں" کے نام سے شائع ہوا اور بہت مقبول ہوا۔ اس کے لکھنے والوں میں اس صنف ادب کے نئے اور پرانے خادم صف باندھے کھڑے ہیں۔ کرشن چندر، راجندر سنگھ بیدی، علی عباس حسینی، بلونت سنگھ، اختر اورینوی، حیات اللہ انصاری، خواجہ احمد عباس، سہیل عظیم آبادی، کنہیالال کپور، اپندر ناتھ اشک، زکی انور، رضیہ سجاد ظہیر، صالحہ عابد حسین، جیلانی بانو، شکیلہ اختر، کوثر چاندپوری، واحدہ تسبم، صدیقہ بیگم، رام لعل، ستیش بترا، اور جوگندر پال سبھی موجود ہیں۔ کچھ نئے ادیب آج کل کے راستے سے شہرت کی رفعتوں پر پہنچے، ان میں ڈاکٹر محمد حسن، جوگندر پال، اور فضا ابن فیضی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

افسانہ نگاروں میں سب سے پہلے علی عباس حسینی تھے۔ وہی اب ہم میں نہیں۔ ان کا انتقال بڑا ادبی حادثہ ہے۔ ان پر علی جواد زیدی کا مضمون آج کل کی زینت ہو چکا ہے۔ موصوف کا منفرد افسانہ "مردار چمڑا" آج کل ہی میں چھپا ہے مطرحی غزل بھی کہہ لیتے تھے۔ وہ یوں کہ اپریل کا شمارہ زیر ترتیب تھا۔ میں نے فرمائش کی کہ 'اپریل فول' کے عنوان سے افسانہ چاہئے۔ اتفاق کی بات تھی کہ وہ موڈ میں آگئے اور یہ کہہ کر مجھے افسانہ بھیجا کہ لیجئے طرحی غزل۔ کرشن چندر سہل الحصول نہیں تھے لیکن ان کا کرم بھی شامل حال ہو ہی جاتا تھا۔ ہر پرسات میں نہ سہی لیکن کسی نہ کسی سال یہ بادل بھی کھل کے برس ہی جاتا۔

شعراء کی نوازشیں تو جا و بے جا خوب ہوتی رہیں مذمتوں کا بے پناہ سیلاب ہر موسم میں آتا رہتا جس کی غزل یہ چھپتی وہ مدیر کو مطعون کرتا اور جانب دار ٹھہراتا۔ اس ضمن میں بہت سی ناگفتنی باتیں ہیں۔ اس لئے اس پر اکتفا کرتا ہوں کہ ع خاموشی در ثنائے تو صد ثنائے تست

۱۹۶۷ء کے ماہ ستمبر میں 'الوداع' کہتا ہوا میں ادارے ہی سے نہیں ملازمت سے بھی فارغ ہو گیا۔ میرے بعد شہباز حسین صاحب نے بار ادارت سنبھالا۔ راج نرائن راز ان کے اسسٹنٹ رہے۔ ان کے جانے کے بعد اب نند کشور وکرم ان کے ساتھی ہیں۔ شہباز حسین صاحب نے ۱۹۶۸ء میں اردو نمبر نکالا۔ اردو کے متعلق ادبی اور معلوماتی مضامین شائع کئے۔ یہ نمبر اردو سے متعلق ایک اچھی دستاویز ہے۔ ۱۹۶۹ء میں جدید ہندوستانی شاعری نمبر شائع کیا۔ اردو شاعری پر عمیق حنفی صاحب نے ایک مبسوط مضمون لکھا جو ہر چند تشنہ تھا لیکن ادارتی ضرورتوں کے مطابق تھا۔ دوسری ہندوستانی زبانوں کی شاعری کے تراجم بھی شائع کئے گئے اور یہ لسانی اتحاد و یگانگی کی طرف ایک اچھا قدم تھا۔ مجھے مسرت ہے کہ شہباز صاحب اپنی روایتی جانکاہی کے ساتھ آج کل کی روایت کو قائم رکھے ہوئے ہیں اور رسالہ اپنی آب و تاب اور افادیت کے لحاظ سے اب بھی ہندوستان کا بہترین سنجیدہ رسالہ ہے۔ نئے لکھنے والے ہر دور میں نمایندگی حاصل کرتے رہے ہیں لیکن یہ نمایندگی زیادہ تسلی بخش نہیں تھی۔ اس کی بڑی وجہ نئے لکھنے والوں کی خام کاریاں تھیں۔ مقام مسرت ہے کہ اب نئے لکھنے والوں کی نمایندگی نمایاں ہو رہی ہے۔ نئی شاعری، نئی افسانہ نگاری کا چرچہ عام ہے۔ کمار پاشی، عمیق حنفی، محمد علوی، عادل منصوری، مخمور سعیدی، بشیر بدر اور قاضی سلیم کی شعری تخلیقات آج کل کے صفحات پر بے تکلف شائع ہوتی ہیں۔ جدید افسانہ نگار بھی منظر عام پر آرہے ہیں۔ زیادہ ادق اور تحقیقی مضامین کی کمی ہوتی جا رہی ہے آخر ان کے پڑھنے والے ہی کہاں رہے۔ سال خوردہ لوگ کچھ میدان چھوڑتے نظر آرہے ہیں۔ بہر حال زمانہ ہمیشہ ایک سا نہیں رہتا۔

'آج کل' بدستور اردو کی خدمت کر رہا ہے اس کی سلور جوبلی ۲۸ سال کی زندگی گزر جانے پر منائی جا رہی ہے۔ دیر آید درست آید۔

۱۹۴۵ء میں ہندی 'آج کل' جاری ہوا تھا دونوں کی سلور جوبلی بیک وقت منائی جائے تو یہ مبارک اور نیک اقدام ہے۔ یوں تو روز اجرا ہی سے میں 'آج کل' میں لکھتا تھا۔ لیکن انیس سال اسی سے پورے طور پر وابستہ رہا۔ اس طویل مدت ملازمت کی کتنی ناگفتنی باتیں ہیں جن کا ذکر ممکن نہیں لیکن آج کل کے باب میں کتنی گفتنی باتیں ہیں جو بیان ہونے سے رہ گئیں

'آج کل' کا فائل جس لائبریری میں نہیں اس کا اردو شعبہ نامکمل ہے اس جریدے نے اردو کی بڑی خدمت کی ہے اور اس کے اندر ادب و ثقافت کے بیش بہا خزانے جمع ہیں۔ سلور جوبلی کی مبارک باد تو ان فن کاروں کو ملنی چاہئے جنہوں نے اپنی تخلیقات سے اس کی آرائش کی۔ مجھے تو صرف یہی فخر ہے کہ ان ادیبوں کے دروازے کا کاسیاب فقیر رہا۔ بھیک ملتی رہی اور کاسہ بھرتا رہا۔ خدا کرے کہ اس رسالے کی گولڈن جوبلی بھی ایک دن منائی جائے۔ اور مجھے یہ سعادت مقدر ہو کہ میں اسے بھی دیکھ سکوں اور ذرا تفاخر سے کہہ سکوں ع ثبت است بر جریدہ عالم دوام ما

ملاحظات

آج کل کے اجراء کو لگ بھگ ۲۸ سال ہو گئے۔ آج کل کی ابتدا اور ارتقاء کے متعلق جناب عرش ملسیانی کا مضمون بطور ضمیمہ شامل ہے اور اس کے اعادے کی ضرورت نہیں۔

کسی ادبی رسالے کا اتنے دنوں تک اپنی مقبولیت کو برقرار رکھتے ہوئے جاری رہنا یقیناً ایک کارنامہ ہے جس کے لیے وہ تمام لوگ مبارکباد کے مستحق ہیں جو کسی نہ کسی حیثیت سے آج کل سے متعلق رہے ہیں۔

'آج کل' کی یہ خوش نصیبی رہی ہے کہ اُسے اُردو کے نامور ادبا و شعراء اور ملک کی مقتدر ہستیوں کا تعاون حاصل رہا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ آج کل نے نئے لکھنے والوں کو بھی خوش آمدید کہا ہے اور بہت سے نئے لکھنے والوں نے 'آج کل' کے ذریعے شہرت پائی ہے۔

صالح اور سنجیدہ ادب کی ترویج، جمہوری اقدار کا فروغ اور تہذیبی اور لسانی کثرت میں وحدت کی ضرورت 'آج کل' کا مطمح نظر رہا ہے۔ اور یہ مقام مسرت ہے کہ ہمیں ایسے خوش ذوق اور سنجیدہ قارئین کی سرپرستی حاصل ہے جو تعداد میں نسبتاً کم ہونے کے باوجود اہمیت رکھتے ہیں کیونکہ یہی لوگ رائے عامہ کو متاثر کرتے اور اور عوام کے خیالات میں تبدیلی لاتے ہیں۔

ہماری کوشش ہوتی ہے کہ 'آج کل' میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کی تخلیقات جگہ پائیں! اس لیے ہم کسی معروف لکھنے والے کی تخلیقات جلد جلد شائع کرنے کے بجائے نسبتاً غیر معروف لکھنے والوں کو چھاپنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔

"آج کل" ہندوستان کی تقریباً ہر ریاست میں پڑھا جاتا ہے ہندوستان سے باہر بھی متعدد ملکوں میں جاتا ہے جن میں خصوصیت کے ساتھ افغانستان پاکستان، ماریشس، انگلینڈ، جنوبی افریقہ اور سعودی عرب وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔

آج کل آپ کا رسالہ ہے۔ اکثر حضرات ہمیں اپنے تاثرات سے آگاہ کرتے ہیں۔ ہم اُن کے مشوروں کی روشنی میں مناسب اقدام کرتے رہتے ہیں۔ یہ سلسلہ جاری رکھئے تاکہ ہمیں علم ہوتا رہے کہ آپ کیا پسند اور کیا ناپسند کرتے ہیں۔

'آج کل' کی سلور جوبلی قدرے تاخیر سے منائی جا رہی ہے۔ ہم اس مبارک موقع پر اپنے قلمی معاونین اور قارئین کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، اور ملتمس ہیں کہ وہ آئندہ اسی طرح 'آج کل' کو نوازتے رہیں۔

'آج کل' کے خصوصی شمارے عام طور سے مقبول ہوتے ہیں اس بار اگست کا شمارہ افسانہ نمبر ہے جس میں ہندوستان کی تقریباً تمام علاقائی زبانوں کی کہانیاں شامل کی گئی ہیں۔ ہندوستان کی مختلف علاقائی زبانوں کا آپسی لین دین ایک اہم ترین ضرورت ہے۔ امید ہے حسبِ سابق آپ کو یہ نمبر پسند آئے گا۔

امتیاز علی تاج اور شکیل بدایونی کی موت اُردو کے لئے ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ ادارہ اُن کی موت پر اپنے دلی رنج کا اظہار کرتا ہے۔



مسعود حسین خاں

غبارِ کارواں

(۵)

اپنے بارے میں کچھ کہنا یا لکھنا آسان بھی ہے اور دشوار بھی ہے۔ آئے دن ایسے بے شمار لوگوں سے سابقہ پڑتا رہتا ہے جو اپنے بارے میں بلا تکان و تکلف مسلسل بولتے رہتے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ کائنات کا حاصل صرف اُن کی ذات گرامی ہے یا یوں سمجھئے کہ اُن کی تو احد میں واحد متکلم کے سوا اور کوئی صیغہ نہیں۔ اُن کی یہ درازِ نفسی اپنے تئیں تصفیۂ نفس کا وسیلہ اور دوسروں کے لئے بلائے جان بن جاتی ہے جب کہ یہ عمل بعضوں کے لئے اس قدر سہل ہے، میرے لئے سخت دشوار ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی حساس آدمی اپنے بارے میں بہ مشکل رسوائی اظہار کی ذمہ داری قبول کر سکتا ہے۔ یوں تو انسانی انا اپنے اظہار کی مختلف شکلیں اختیار کر سکتی ہے۔ انا کے اظہار کا ایک طریقہ یہ ہے کہ دوسروں پر اسے مسلط کیا جائے، اس کے لئے مختلف پیرائے اختیار کئے جا سکتے ہیں۔ لام کاف، سب و شتم اور طعن و تشنیع، بے نیازی، بے رخی، اور تجاہلِ عارفانہ دیگر پیرائے ہیں جن کے لئے غزل کا محبوب بدنام ہے۔ غیر محبوب شخصیتیں بھی تغافل نگہ، کے تازیانے لگاتی ہیں۔ مسلسل مسکینی و عاجزی جس کا اظہار گفتگو میں اعتذاریہ جملوں اور تراکیب میں اکثر دیکھا گیا ہے، ایک مزید پیرائۂ اظہار ہے۔ یعنی آپ اپنے بارے میں ہیچمدانی اور خاکساری کا دعویٰ کرتے ہوئے دوسرے کے بارے میں جس قدر سخت کلمات چاہیں کہہ ڈالیں، یہ فرض کرتے ہوئے کہ آپ نے ہر قسم کی جمع کے آگے از رہِ کسرِ انا ایک نفی کا نشان تو لگا دیا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جگ بیتی کی بہ نسبت آپ بیتی لکھنا دشوار ہوتا ہے اگر کوئی یہ پوچھ بیٹھے کہ میری ذہنی نشو و نما میں کون کون سے عناصر کارفرما رہے ہیں اور میں اس پر غور کرنے لگوں تو فوراً نفس اور نفسیات کی کشمکش کا آغاز ہو جائے گا۔ نفسیات علم ہے، علم کا تقاضا ہوگا کہ خارجی نقطۂ نظر سے ماہرِ علم کی سفاکی کے ساتھ میں اپنی نفسیات کا جائزہ لوں۔ یہ دیکھوں کہ میری سرشت میں مختلف جبلتوں کے عناصر ترکیبی کیا ہیں۔ نسلاً اور وراثتاً میں نے کن میلانات کو پایا ہے۔ ماحول نے اُن کو کس طرح نکھارا یا بگاڑا ہے۔ تعلیم نے اُن کی کس ڈھنگ سے تہذیب کی ہے جذبات کس طرح احساسات اور احساسات کس نوع سے نصب العین میں تبدیل ہوئے ہیں۔ تخیلات کے صنم کدے میں آدرشوں اور شخصیتوں کے بُت کس وجہ سے بنے اور ٹوٹے ہیں۔ ظاہر ہے یہ خود سے متعلق ایک قسم کی نسلی، نفسیاتی تہذیبی و معتقداتی دستاویز کا فراہم کرنا ہے۔ لیکن میں اس قسم کی کوئی علمی دستاویز اپنے بارے میں فراہم نہیں کر سکتا۔ اس لئے کہ مجھے اپنی ذات کے بارے میں ایک ایسے حافظے سے جو ردّ و قبول کا عادی ہے، ایک ایسی بصیرت سے، جو اپنے وجود میں گہری نہیں جاتی، ایک ایسے تجزیہ کے ذریعے جو نفس کی گتھیوں کو نہیں سلجھا سکتا کام لینا ہے۔ یہ سب کے سب خارجی وجود اور اشیاء پر خوب خوب کارگر ہوتے ہیں۔ لیکن اپنی ذات پر اُن کے منتر کا کوئی انچھر اثر نہیں کرتا۔

بہر حال خارجی معلومات کے چند خاکے تو پیش کر ہی سکتا ہوں۔ مثلاً میرا تعلق پٹھانوں کے ایک ایسے قبیلے سے ہے جو اٹھارویں صدی کے وسط میں آذربیجی قبائل کی سرزمین (بنوں کوہاٹ) کی سکونت ترک کر کے نئے میدانِ عمل کی تلاش میں نوابین بنگش کی تحریک اور ترغیب سے قائم گنج (ضلع فرخ آباد۔ یوپی)

کے اطراف میں آکر بس گیا تھا۔ اس قبیلے کے کئی "خیل" تھے، جن پر قائم گنج کے بعض محلوں کے نام اب تک پائے جاتے ہیں۔ ددھیال کی طرف سے میرا تعلق شکل خیل سے ہے اور ننہال کی جانب سے زرّیں خیل سے ہے۔ ددھیال کی طرف سے میرے مورثِ اعلیٰ مدّاخون (بڑا استاد) تھے جو پٹھانوں کے مولوی، صوفی، اور اہلِ دل تھے۔ زرّیں خیل، جیسا کہ نام سے ظاہر ہے تاجر پیشہ اور زر، زمین والے لوگ تھے۔ دونوں خیلوں میں پیشہ اور مزاج کے اختلاف کے باوجود قبائلی زندگی کی حمیت، شجاعت، خودی، خودداری اور مساوات پسندی یکساں طور پر پائی جاتی تھی۔ میری ذہنی نشوونما میں قبائلی زندگی کے ان تمام عناصر کی کارفرمائی کم و بیش ملنے کے امکانات ہیں۔ میں یہاں خاص طور پر حمیت، غیرت، خودی اور خودداری کا ذکر کروں گا جو پٹھانوں کے لئے معتقدات کا حکم رکھتے ہیں۔ انہیں قائم گنج کے پٹھانوں کی زبان میں لفظ "مڑک" سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص بڑا مڑک کا آدمی ہے۔ اس تصور کو کبھی کبھی اس محاورے سے بھی ادا کیا جاتا ہے کہ "وہ اپنی مونچھ نیچی نہیں ہونے دیتا"۔ بے مونچھوں کے اس دور میں یہ محاورہ کس قدر بے معنی سا ہو گیا ہے لیکن میں نے اپنے بچپن میں ایک ایک گز لمبی مونچھوں والے پٹھان دیکھے ہیں۔ اس لئے میں مونچھ نیچی نہ ہونے دینے کے محاورے کی معنویت کو خوب سمجھتا ہوں۔ پٹھانی مڑک کا پہلا سماجی نتیجہ جو مرتب ہوتا ہے، وہ ہے اخوت اور مساوات کا تصور، جسے میں جمہوریت کی اساس سمجھتا ہوں۔ اس لحاظ سے میں سرتاسر جمہوری ہوں یعنی چھوٹے بڑے کا سماجی تصور میرے ہاں نہیں پایا جاتا۔ میں چھوٹوں سے چھوٹوں اور بڑوں سے بڑوں کی طرح ملتا ہوں۔ میں کبھی پیش دستی نہیں کرتا لیکن کسی کو اپنے سے پیش دستی کی اجازت بھی نہیں دیتا۔ اس سے سماجی تعلقات میں ایک قسم کا توازن سا آجاتا ہے۔ اور میں اپنا اور دوسرے دونوں کا احترام کرنے پر مجبور ہو جاتا ہوں۔ اسی سے پٹھان کا انتقام کا تصور پروان پاتا ہے جس کا تذکرہ تمام مورخین افاغنہ نے کیا ہے۔ جذبۂ انتقام اپنی بہترین شکل میں فسادِ معاشرہ کے لئے تریاق کا حکم رکھتا ہے۔ ہاں اپنی انتہائی شکل میں اس کا شمار یقیناً عیوبِ اخلاقی میں ہوگا۔ بفحوا اگر یہ مجبوری ہو تو اس کو انسانی کمزوری شمار کرنا چاہئے۔

میری ذہنی نشوونما میں ایک بڑا حادثہ جس کا گہرا اثر پڑا ہے، وہ ہے میرے والدین کا عمر کے ابتدائی حصے میں انتقال کر جانا۔ جب میں چار برس کا تھا تو میرے والد نے رحلت کی اور اس کے دو سال کے بعد ہی والدہ بھی داغِ مفارقت دے گئیں۔ اس کا امکان تھا کہ پیارو قدرغن کے ماحول سے محروم ہو کر میں بعض نفسیاتی الجھنوں کا شکار ہو جاتا لیکن یہاں میری دستگیری میری ننہال کے مشترکہ خاندان نے کی، جو نانا، نانی کے علاوہ چار ماموؤں، ممانیوں اور اُن کے بچوں سے کچھا کچھ بھرا ایک متوسّل زمیندار گھرانا تھا۔ اس مشترکہ خاندان پر نانی صاحبہ بلا شرکتِ غیرے حکمراں تھیں اور چونکہ ہم تین بھائی بہنوں میں "اپنی مری ہوئی بیٹی کی تین نشانیاں" دکھائی دیتی تھیں، اس نے محبت مادری کی کمی کو ہم لوگوں نے زیادہ محسوس نہیں کیا۔ میں اس لحاظ سے مشترکہ خاندان کی برکتوں کا خاص داعی اور شاہد ہوں۔ اس کی روز روز کی چخ چخ اور کھٹ کھٹ میں بچوں کو بھاؤ اور بنھاؤ کے سیکڑوں ڈھنگ نکالنے پڑتے ہیں اور یتیم بچے تو کھیلے کودتے پل جاتے ہیں۔ بنھاؤ اور حفظِ مراتب کے یہ انداز اب میری زندگی اور شخصیت کا جزو بن گئے ہیں۔ میں بنیادی طور پر تنہائی پسند ہوں لیکن مردم بیزار نہیں۔ میرے لئے یہ بہت ہی آسان ہے کہ خود اپنے ساتھ زندگی بسر کروں۔ جی گھبرائے تو کتب خانے کی "نازِ بیانِ حرم" سے جی بہلاؤں اور جی بہلانے کی ضرورت محسوس ہو تو ہرے بھرے کھیتوں میں لیک چال سے نکل جاؤں، تاہم اچھے دوستوں اور نیک انسانوں سے مل کر بڑی خوشی ہوتی ہے۔ اپنے بچوں سے گھنٹوں کھیل سکتا ہوں اور اپنی گھر والی کو مسلسل چھیڑ سکتا ہوں۔ بچوں کو میں نے وہ تمام پیار دیا ہے جس سے میں خود محروم رہا ہوں۔ دوستوں کی شہادت ہے کہ بزم بے تکلف میں خوب اور اچھے فقرے چست کرتا ہوں۔ مزاح سے لطف اندوز بھی ہوتا ہوں اور پیدا بھی کرتا ہوں۔ اور اس سب کو فیضانِ سمجھتا ہوں۔ ننہال کے بھرے پُرے گھرانے کا، جہاں چھوٹے بھی تھے اور بڑے بھی، لڑکے بھی تھے اور لڑکیاں بھی، نوکر بھی تھے اور نوکرانیاں بھی اور سب کے اوپر نانی مرحومہ کی پروقار شخصیت اور کڑک دار آواز جو اُردو کی چیدہ اور چنیدہ گالیوں کے ساتھ دو درجن سے اوپر اشخاص پر مشتمل اس خاندان کی رہنمائی کرتی تھی۔

میرا ذہن مذہبی رسوم پرستی سے ہمیشہ عاری رہا ہے۔ کچھ تو اس کی وجہ قائم گنج کی غیر مذہبی فضا تھی لیکن اس کی بہت کچھ ذمہ داری اسی ننہال کے مشترکہ خاندان پر ہے، جہاں مردوں میں مذہبیت برائے بیت تھی اور عورتوں میں صرف سہولت کی حد تک۔ مثلاً بچپن میں یہ بارہا دیکھنے میں آیا کہ نانی مرحومہ عین نماز میں کسی ملازمہ کی ناپسندیدہ حرکت دیکھ کر نماز کی نیت توڑ دیتیں اور اسے صلواتیں سنانے کے بعد پھر مشغولِ صلواۃ ہو جاتیں۔ بین تلاوت میں کسی ملازمہ کو ہوں ہاں کے ذریعے تاکید کرتے رہنا اُن کے معمولات میں سے تھا۔ ہر چند میری ددھیال میں اعتقاد اور تصوف کی طویل روایت رہی ہے اور میری ابتدائی تعلیم جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ہوئی جہاں اسلامی شعار کی پنج وقتہ پابندی سے سابقہ رہا، تاہم مذہب

میرے لئے ادائیگی رسوم سے کبھی عبارت نہ ہو سکا۔ البتہ ایک قسم کی سرمستی کے وجدان کی تڑپ مجھ میں اب تک باقی ہے۔ میں خاندان کے بعض دیگر بزرگوں کی طرح، ضعیف الاعتقاد کبھی نہیں رہا۔ اسی لئے مزاروں، قبرستانوں، نجومیوں رملوں اور نام نہاد بزرگوں کے آستانوں پر میں نے کبھی حاضری نہیں دی اور اگر دی تو صرف انسانی اور تاریخی احساسات کے ساتھ۔ لیکن جیسا ابھی کہہ چکا ہوں۔ سائنس کی جدید ترین انکشافات بھی میری اشیا کی ماہیت اور سرمستی سے دلچسپی کو کم نہیں کر سکی ہیں۔ اس اعتبار سے میرا ذہن اُس سیلانی کا سا ہے جو بسنت رُت آنے پر پھولی ہوئی سرسوں کے مہکتے ہوئے کھیتوں کو علی الصبح دیکھ رہا ہو۔ روشنی بڑھ رہی ہو اور تاریکی کی سرحدیں سمٹ کر دور امریوں کی جانب بڑھ رہی ہوں طلوع آفتاب کے ساتھ ساتھ روشنی پھیلتی جائے اور سائے امریوں کے پاس جاکر ٹھٹک کر رہ جائیں۔ مجھے سرسوں کے روشن کھیتوں سے دلچسپی ہے لیکن نظر متلاشی و آوارہ امریوں کی ہے۔ جہاں سے آواز آ رہی ہے۔

" ساری اُجلی راہیں جس میں کھو جاتی ہیں جاکر
جیسے مانگ مرے بالوں میں! "

میں ان سایوں کی پرستش نہیں کرتا لیکن اُن کا منکر بھی نہیں۔ میں اُن سے بے تعلق بھی نہیں رہنا چاہتا۔ اس لئے کہ وہ روشنی کو پس منظر عطا کرتے ہیں۔ میں ان سایوں کو اپنے اخلاقی ضابطوں کا سرچشمہ بھی نہیں بناتا، اس لئے کہ اخلاقیات میرے لئے عبارت ہے سماجی بیوہار سے۔ پھر بھی نامعلوم اور غیر محسوس کی طرف ادب اور آرٹ کی تتلیوں پر سوار ہو کر پرواز کرنے کی کشش میرے لئے قائم رہتی ہے۔

عقل کی روشنی میں سایوں کی اس کشش کی وجہ غالباً یہ ہے کہ میں اپنی شخصیت میں عقلیت کے فانوس کے ساتھ جذبات کا آتشکدہ بھی رکھتا ہوں۔ میری ادب اور آرٹ سے دلچسپی کا یہی بڑا سبب ہے۔ اسکول اور کالج کی تعلیم کے دوران میں عمرانی علوم میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کرنے کے باوجود میرا دل ہمیشہ شعر و ادب سے وابستہ رہا اور اچھی موسیقی کی ایک تان اکثر ہوش و خرد چھین لے گئی۔ ابتدا میں کچھ تک بندی بھی کی، لیکن شعر لاوا بن کر پھوٹا۔ اس وقت جب میں تنقید و تاریخ ادب سے ایم اے کی درسیات میں مسلح ہو چکا تھا۔ اوّل اوّل لائق اعتنا چیزیں میں نے ۱۹۴۳ء میں کہیں پہلے گیتوں اور بعد کو غزلوں اور نظموں کی شکل میں۔ میرا خیال ہے کہ مجھ پر نزولِ شعر، کئی سال قبل ہو جاتا اگر میرا قیام چار سال تک اردو کے ماحول سے دور بنگال میں نہ رہتا۔ جہاں سے میں نے میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کیا ہے، اور اگر میں چھ سات سال تک جامعہ ملیہ اسلامیہ کے قدرے زاہدانہ ماحول میں نہ گزارتا۔ جامعہ ملیہ کے ماحول میں خیر و صداقت کے عناصر کی تربیت تو خوب ہوتی تھی لیکن حُسن سے اس کی بیگانہ ہی مسلّم تھی۔ میرا خیال ہے حُسن، فرصت و اصراف دونوں کا متقاضی ہے۔ تخیل محض خیر و صداقت سے مطمئن نہیں ہوتا، وہ عیش کا دلدادہ ہے، رنگ اور جل ترنگ کا رسیا ہے، اور قومی میدان کارزار میں ان دونوں کی گنجائش نہیں۔ جامعہ ملیہ کا جنم ایک قومی رزمیہ کے عہد میں ہوا تھا۔ اس وقت قوم کو سرکٹ نوجوانوں کی ضرورت تھی جب یہ زمانہ گزر گیا اور قومی بزمیہ کا دور شروع ہوا اور یارانِ محفل جام بکف نظر آنے لگے تو یک لخت جامعہ کا مشن پورا ہو گیا۔

بات اپنے ذہنی نشو و نما کی تھی اور جا پہنچی کہاں۔ لیکن کوئی شخص خود کو ان اداروں سے علاحدہ نہیں رکھ سکتا جنہوں نے اس کی ساخت پرداخت میں حصہ لیا ہے۔ چنانچہ تخلیق شعر کا وہ لاوا، جس کا نکلنا بوجہ ملتوی ہوتا رہا بالآخر ۱۹۴۳ء میں باقاعدہ طور پر پھوٹ نکلا۔ سرمایہ سخن میں کس نے کیا اضافہ کیا ہے، اس کا نہ تو کوئی شخص خود فیصلہ کر سکتا ہے اور نہ اس کا عصر۔ کوئی شخص اگر اپنے سرمایہ پر خود حکم لگانے کی جسارت کرے گا تو وہ محض تعلّی ہوگی۔ اسی طرح عصری شہرت اکثر و بیشتر اتفاقی ہوتی ہے یا تحریکاتی۔ ذوق اُستادِ شہ تھے اس لئے اِترا تے پھرتے تھے۔ ناسخ زبان داں تھے اس لئے اپنے سخن کی دھاک جمارکھی تھی۔ یہی حال ان درجنوں شاعروں کا ہے جن کی شہرت کسی سیاسی یا ادبی تحریک کی رَو پر آگے بڑھی ہے۔ وہ اُن خس و خاشاک کی طرح ہیں جو کسی تحریک کی لہر پر تیرتے ہوئے اوپر آ گئے ہیں اور اس کے ختم ہوتے ہی گمنامی کے ساحل پر تنکے کے مانند پھینک دیئے جائیں گے۔ شاعر اہم ہو یا غیر اہم، بہرحال تخلیق شعر کا تجربہ، ناقد شعر کو گہری بصیرت عطا کرتا ہے۔ تقریباً دس سال تک تخلیق شعر کے کرب میں مبتلا رہنے کے بعد میری روح کو نہ صرف سبکساری کی لذت ملی بلکہ کارکنانِ تخلیق کے عالم تخلیق کا علم بھی بہم پہونچا۔ اس تخیلی ریاضت کے ساتھ ساتھ میں نے اسی دوران میں دو رسیرچ ڈگریاں بھی حاصل کیں۔ ایک ماسٹر علی گڑھ سے (۱۹۴۵ء) اور دوسری عروس البلاد بمبئی سے (۱۹۵۳ء) دوسرے الفاظ میں شدید تخلیق کے عالم میں تحقیق کو بہم رکھا۔ مجھے نہیں معلوم کہ ایک نے دوسرے کو کیا فیضان یا نقصان پہونچایا۔ میرے ایک مشفق کا کہنا ہے کہ میری تحقیق میں اگر شعر کی جادوگری نہ ہوتی تو وہ اس قدر دلچسپ نہ ہوتی۔ ایک دوسرے ہمراز کا خیال ہے کہ الفاظ کی قدر

قسمت کا وہ نازک احساس اور ہیئت کا وہ تنوع جو میری شعری تخلیقات میں ملتا ہے، لسانیاتی ریاضت کے بغیر کسی طرح ممکن نہ تھا

تخلیق شعر کے دَور میں، میں نے گیت غزلیں، نظمیں، آزاد نظمیں سب کچھ لکھیں۔ اُن میں سے بعض تخلیقات کی محرک میری ذاتی واردات ہیں جنہیں میں اُنگلی رکھ کر بتا سکتا ہوں۔ کچھ ایسی ہیں جن میں کسی ایک واردات یا واقعہ کی تخصیص نہیں بلکہ اُن میں وقت کے فاصلوں اور بیتی ہوئی یادوں کے کئی رنگ اور کئی آوازیں یکجا ہو گئی ہیں۔ کم از کم ایک گیت نما آزاد نظم، "رُوپ بنگال" خالص تخیلی اور فکری ہے۔ اس کے کسی جزو کا انطباق کسی شخصیت یا شے پر نہیں کیا جا سکتا۔ مجھے خود نہیں معلوم کہ اُس کے کردار اور مناظر ذہن کے کن گوشوں سے اُبل پڑے ہیں۔ کوئی شخص یا شخصیت، منظر یا مناظر اس کے پس منظر میں نہیں، اسی سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس نظم کے بیشتر حصے امتحان ہال میں الیمینٹری ڈیوٹی، کی بوریت کو دُور کرنے کے لئے ٹہلتے ہوئے لکھے گئے تھے۔ فوک پلک کی درستی البتہ عرصے تک جاری رہی۔

میرے خیال میں تنقید کے لئے ہر شاعر کو اس قسم کی داخلی شہادت کا فراہم کرنا ضروری ہے، طرز ادا سے پا جانے کا ڈر اس لئے نہیں ہے کہ واردات اور شخصیتوں پر غزل کے پردے پڑے ہوئے ہیں، جن کا چاک کرنا شاعر کے تعاون کے بغیر کسی ناقد کے بس کی بات نہیں، سیاسی اشاروں کے حامل اشعار کی فوراً شناخت کی جا سکتی ہے۔ اس لئے اُن کی نشاندہی کی چنداں ضرورت نہیں۔ لیکن اس سلسلے میں ایک لطیفہ سنا تا جاؤں۔ پاکستان بننے کے کچھ عرصے بعد کراچی کے ماہنامہ "ماہِ نو" میں میری ایک نظم "مدینہ آدم" کے عنوان سے شائع ہوئی تھی۔ کچھ عرصے کے بعد مجھے اسے ایک ایسے مجموعہ انتخاب میں دیکھ کر تعجب ہوا، جو تشکیل پاکستان سے متاثر ہو کر لکھی گئی تھیں اور یہ انتخاب شیخ محمد اکرام جیسے مستند نقاد نے ترتیب دیا تھا۔ "مدینہ آدم" ایک خالص تخیلی نظم ہے۔ اس میں انسان کی اس ازلی اور ابدی جستجو کا عکس ہے، جو وہ مدینہ آدم کے سلسلہ میں ہمیشہ سے کرتا رہا ہے اور رہے گا۔

۱۹۵۵ء کے بعد سے لسانیاتی ریاضت کے ساتھ ساتھ میری تخلیقی لہر کمزور ہوتی گئی۔ اب میری توجہ ترتیب و تہذیب متون قدیم اور دکنی اردو کی ابتدا اور ارتقاء کی جانب مرکوز ہوتی گئی۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ان متون کی میری قرأت قطعی اور آخری ہے، لیکن یہ حقیقت ہے کہ میں نے ان کی صحت و ترتیب کے وقت اس اصول کو سامنے رکھا ہے کہ "خود سے سچے رہو"

مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میرے اکثر پیش رو اس سلسلے میں ترتیب متون کے اس بُنیادی اصول پر قائم نہیں رہے ہیں۔ ۱۹۵۵ء کے بعد میں نے صرف چند دوستوں اور بزرگوں کے شخصی مرثیے لکھے ہیں۔ اُن کو لکھنے کے بعد ہی مجھے اس ادبی قول کی صداقت کا احساس ہوا، کہ بگڑا شاعر مرثیہ گو بن جاتا ہے۔

بنیادی طور پر میرا ذہن بت پرست کا ذہن نہیں، مذہبی سطح ہو یا کہ سماجی۔ اسی لئے میں نے بچپن سے نہ تو اصنام خیالی تراشے ہیں، اور نہ خداوندوں کو خدا سمجھا ہے۔ میں انسان کی پرستش کا بالکل قائل نہیں میری مساوات کی حس اس قدر بیدار ہے کہ انسانی عظمت پر حرمت و تقدیس کی عبا، قبا کبھی نہیں ڈالتا۔ ہر استاد کو اپنے پیشہ میں چھوٹے موٹے پجاریوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ میں نے اپنے طالب علم کو ہمیشہ اس بات پر ٹوکا ہے، معتقدین سے میں بڑا گھبراتا ہوں۔ نہ کسی کی پرستش کرتا ہوں اور نہ اپنی کروانا چاہتا ہوں (معاملات حسن و عشق کی بات اور ہے) اور مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ ایک زمانے میں علی گڑھ میں اقبال پر درس دیتا تھا تو ایک نہایت سادہ دل طالبہ نے درس کے بعد مجھ سے کہا تھا کہ "ڈاکٹر صاحب مجھے آپ سے بڑی عقیدت ہو گئی ہے"۔ تو میں نے نہایت مدھم لہجے میں یہ مشورہ اُسے دیا تھا کہ وہ اس عقیدت کو ڈاکٹر اقبال کی جانب منتقل کر دے۔ مجھے اپنی اس تلخ جوابی پر بعد کو افسوس رہا لیکن اس واقعہ سے میری طبیعت اور ذہنی افتاد کا سراغ ضرور ملتا ہے۔ چنانچہ اشخاص، چاہے وہ کسی منصب اور حیثیت کے کیوں نہ ہوں، میرے لئے محض اشخاص رہتے ہیں۔ میں کسی شخص کی عزت یا تو اس کے کمالات کی بناء پر کرتا ہوں یا اس کی کرسی کی وجہ سے۔ کرسی کی عزت کرنا نہ کرنا) میں سماجی ڈسپلن کا ایک اہم جز تصور کرتا ہوں۔ کمالات کی عزت میرے دل کی تہہ سے اُبھرتی ہے۔ اس ضمن میں استاد، طالب علم، ملازم، بوڑھا، بچہ، ادنیٰ اعلیٰ، سب آ جاتے ہیں۔ اگر ان میں سے کسی سے بوجوہ عزت کے ساتھ محبت کا جذبہ آمیز ہو جائے تو وہ شخص میرے لئے معززوں سے زیادہ عزیز ہو جاتا ہے۔ عزت و محبت کے عین اس عالم میں مجھے اس شخص کے "آدمی" ہونے کا احساس برابر رہتا ہے۔ اور بر بنائے محبت و عزت اس کی آدمیت کی حرکتوں کو معاف کرتا رہتا ہوں۔ میرے کچھ دوستوں نے ہمیشہ اس بات پر تعجب کیا ہے کہ میرے تعلقات ایسے لوگوں سے بہت اچھے اور استوار رہتے ہیں جو دوسروں کی نگاہ میں "بورڈم" اور "چیزے" ہوتے ہیں۔ یہ اس لئے کہ ان کی شخصیت کے کھردرے کونوں کو میرے حساب دوستاں میں چھوٹ ہوتی ہے۔

یادوں کا چراغ لے جب ماضی کے نہاں خانوں میں ڈھونڈتا ہوں تو فانی مرحوم کے کردار کے بعد من چہروں پر دھندلکا سا چھا جاتا ہے

ان میں کچھ بزرگ، کچھ دوست، کچھ استاد اور کچھ ادبی و روحانی معلّم ہیں۔ بچپن میں محلے کے ایک نہایت معمولی انسان مکتب کے اُستاد، مسجد کے امام، حافظ عطا میاں کی شخصیت کا میرے دل پر گہرا اثر رہا ہے۔ آج بھی کسی انسان کو میں نیکی کا پیکر دیکھتا ہوں تو اُن کی یاد تازہ ہو جاتی ہے۔ چھوٹے قد کے دُبلے پتلے انسان، چہرے پر مختصر سی چھدری حنائی داڑھی، لمبا کرتا، علی گڑھ کٹ پائجامہ، کاندھے پر لمبا سا رومال، ہاتھ میں مختصر سا ڈنڈا۔ آہستہ رو، آہستہ گو، ہمدرد، نیاز مند، اِدھر سے گزر جاتے۔ نیکی کی خوشبو پھیلا جاتے۔ انھیں کے وسیلے سے میرا اب تک خیال ہے کہ خیر کا علم سے کوئی تعلق نہیں انہیں کے توسط سے جب کسی اشتراکی یا مجہوری تہذیب کا تذکرہ ہو جاتا ہے تو پوچھتا ہوں کیا یہ تہذیبیں عطا میاں جیسے انسان پیدا کر سکی ہیں۔ عطا میاں آج بھی میرے لئے انسانوں کو پرکھنے کی کسوٹی ہیں!

دوسری شخصیت جس سے میں اپنی ابتدائی تعلیم کے زمانے سے دوچار رہا خود اپنے چچا ڈاکٹر ذاکر حسین کی ذات گرامی تھی جنہیں میں ذاکر میاں یا بڑے چچا کے نام سے پکارتا تھا۔ حافظ عطا میاں کی دوڑ مکتب و مسجد تک تھی۔ اس محدود زندگی میں خیر مجسم بننا اور رہنا نسبتاً آسان ہے۔ ذاکر میاں کی شخصیت خیر صداقت اور حسن تینوں کا مجموعہ تھی۔ وہ مشرق و مغرب آشنا تھے، اور ان کا اُفقِ عمل کہیں زیادہ وسیع تھا۔ کمال خیر کے ساتھ ان کے یہاں نہایت اندیشہ بھی تھی۔ حسن کے اسباب جب تک مہیا نہ تھے، اس وقت بھی ان کی سادگی میں پرکاری تھی۔ جب فراہم ہو گئے تو کیا لباس، کیا نوادر کیا گل اور کیا گلاب جدھر نظر کی حنا بندی کر دی۔ یہاں تفصیلات میں جانے کا نہ موقع ہے اور نہ محل لیکن ذاکر میاں کی شخصیت کے بارے میں میرا ہمیشہ خیال رہا کہ وہ دور اور نزدیک ہر فاصلے سے یکساں تھی۔ ان کی فہم و فراست کے بارے میں کوئی دو رائے نہیں ہو سکتی لیکن وہ اس کے پتلے ہو کر بھی خود کو سادہ لوح بنا سکتے تھے۔ صرف اس لئے کہ دوسرا یہ سمجھے کہ وہ زیادہ ذہین ہے۔ انہوں نے کانٹے کے وقت میں حق بات کہنے سے کبھی گریز نہیں کیا۔ لیکن حق گوئی کو پیشے کے طور پر کبھی استعمال نہیں کیا۔ ان کا احساس حسن تیز اور جزئیات میں تھا لیکن انہوں نے پیش پسندی اور حسن پرستی میں ہمیشہ امتیاز کیا۔ بہرحال ہر دور میں (اپنے دور سرگرانی میں بھی) وہ میرے لئے انسانی عظمت اور کمالات کا ایک ایسا نمونہ رہے جسے دیکھ کر تحریک بھی ہوتی تھی، اور ترغیب بھی۔ کیا تقریر، کیا تحریر، کیا فوریانشینی اور کیا مسند نشینی ہر بات اور مقام پر ایسا برتر پایا کہ جی للچایا کاش ہم بھی ایسے بن سکتے۔

اساتذہ کا تصور کرتا ہوں تو کئی تصویریں قرطاس ذہن پر اُبھرتی ہیں۔ ان میں پروفیسر رشید احمد صدیقی کا نام سرفہرست ہے۔ میں رشید صاحب کی شخصیت سے زیادہ اُن کے فن سے اور علم سے زیادہ ان کی بصیرت سے متاثر ہوں۔ اُن کے فقرے ادبی ٹکسال کے سکّہ رواں ہیں۔ ان کی انشا پردازی نے ایک نسل کو متاثر کیا ہے۔ وہ خواص پسند ہیں لیکن عوام شکار جان محفل ہیں لیکن محفل سے گریزاں۔ مزاح نگار بھی ہیں، نقاد بھی اور انشا پرداز بھی۔ لیکن میرا ایمان رشید صاحب کی انشا پردازی پر زیادہ ہے۔ مزاحیہ مضمون ہو کہ ادبی تنقید ان کی انشا پرداز ہر جگہ اُن کے کام آئی ہے اور اسی نے انہوں نے دوسروں کو شکست دی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کا "ادب ممنوعہ" یعنی خطوط جب کبھی مرتب ہو کر شائع ہوں گے تو ناقدین کو اُن کے ادبی مقام کا از سر نو جائزہ لینا ہوگا۔

دوسرے انشا پرداز اور تصانیف جنہوں نے میری ذہنی ساخت پرداخت میں حصہ لیا ہے۔ غالب، اقبال، مہدی افادی۔ گئو دان اور گیتا صحبتی ہیں۔ غالب کی نظم و نثر دونوں کا میں نہ صرف قائل بلکہ گھائل ہوں۔ اس لئے اکبر آباد کے اس یتیم (اور درِ یتیم) کی ادبی پرستش سے کبھی میں یک لحظہ غافل نہیں ہوا میرا عقیدہ ہے کہ عظمت غالب کی بازیافت کا دور ابھی ختم نہیں ہوا ہے۔ نقاد اس سے تھک جائیں اس کی بازیابی کی کاوشیں جاری رہیں گی۔ اور اُردو حریم شعر کے ہر پردے میں یہی کافر صنم نکلے گا۔ میرے بتکدۂ ادب میں دوسرا لائق پرستش" کافر ہندی" اقبال ہے۔ اقبال دوسرا نقاد فکر شاعر ہے۔ دیوانِ غالب نے مجھے انسان شناس بنایا ہے، تو بالِ جبریل نے مجھے خدا شناس۔

ہندوستانی تہذیب کا سب سے عزیز پہلو میرے لئے اس کی رنگا رنگی ہے۔ یہ ملک قدیم زمانوں سے مختلف نسلوں، مذہبوں اور تہذیبوں کا گہوارہ رہا ہے۔ اس میں دراوِیدی تہذیب کی اصنام پرستی بھی ہے اور اسلامی تہذیب کی توحید پرستی بھی یہاں کا توحید پرست صنم پرست بھی ہے اور صنم پرست، توحید پرست بھی۔ مختلف تہذیبوں کی آماجگاہ ہونے کی وجہ سے مروت اور رواداری کی روایت اور توازن قائم ہو گئے تھے۔ اس روایت کو آپ موجودہ حالات و واقعات کی روشنی میں نہ دیکھیں کہ آج کل ہم منکر" ہندوستانیت ہیں۔ بلکہ چند دہوں قبل کی دوستیوں اور رواداریوں میں دیکھئے، کہ ہم ایک دوسرے کو نہ چھوتے

(بقیہ صفحہ ۱۳ پر)



سفارش

نریندر لوتھر

کرپال سنگھ میرے دفتر میں کام کرتا تھا۔ بڑا محنتی اور ذہین آدمی تھا۔ صرف دو تین بار ہی اس کا کام دیکھ کر میں اس سے اتنا متاثر ہو گیا تھا کہ میں نے اسے براہ راست اپنے تحت میں لے لیا۔ دفتر کے دوسرے یا بوا اور بیشتر افسر کام سے بچنے کی کوشش میں رہتے تھے۔ لیکن کرپال کبھی بھی کسی کام سے کترتا نہیں تھا جو بھی کام سونپا جاتا وہ اسے پورا کئے بغیر کبھی دفتر نہ چھوڑتا تھا۔ ایک ہی سال کے اندر میں اس کا اتنا گرویدہ ہو گیا کہ میں اس تلاش رہنے لگا کہ کس طرح اسے ترقی دی جائے۔ حالانکہ وہ صرف اسسٹنٹ تھا اور اس کے اوپر سپرنٹنڈنٹ اور اسسٹنٹ ڈائرکٹر، ڈپٹی ڈائرکٹر اور کئی افسر تھے لیکن قابلیت اور سوجھ بوجھ میں وہ کسی بھی ڈپٹی ڈائرکٹر کی برابری کر سکتا تھا۔ سٹاف کے بیشمار لوگ کبھی کبھی اس کی سفارش کے ذریعے ترقی پانے کی کوشش کرتے لیکن کرپال کبھی کسی سے سفارش نہ کرواتا۔ اسی وجہ سے میری نظر میں اس کی وقعت بہت زیادہ تھی۔ وہ آدمی صرف اپنے کام کی وجہ سے ہی آگے بڑھنے کا مستحق تھا۔ جب میں نے بے شمار سفارشوں کے خلاف صرف اسی کو ترقی دی تو مجھے اس بات پر بڑا فخر تھا کہ میں نے صرف قابلیت کو دیکھا۔ کسی سفارش سے مرعوب نہیں ہوا۔

میں نے اسے اپنے کمرے میں بلا کر خود اسے ترقی کا آرڈر دیا، ساتھ ہی میں نے اسے مبارکباد دی اور یہ امید ظاہر کی کہ وہ ہمیشہ اپنی ہی قابلیت کی وجہ سے بہت ترقی پائے گا۔

وہ سپرنٹنڈنٹ بنا تو اور بھی تندہی سے کام میں لگ گیا۔ گو اس کا رتبہ اب اور اونچا ہو گیا تھا لیکن پھر بھی سپرنٹنڈنٹ پورا افسر نہیں سمجھا جاتا۔ افسری تب شروع ہوتی ہے جب انسان ڈائرکٹر بنتا ہے۔ چاہے ڈائریکٹر کے ساتھ ایڈیشنل، اسپیشل، جوائنٹ، ڈپٹی، اسسٹنٹ یا سب لگا ہو مستقبل قریب میں میرے محکمہ میں کرپال کے لئے ابھی اور ترقی کے امکانات نہیں تھے۔ اس لئے میں نے اسے صلاح دی کہ اگر کسی اور محکمہ یا سرکاری کارپوریشن میں کوئی آسامی خالی ہو تو وہ اس کے لئے اپنی عرضی بھیجے۔ میں حتی الوسع کوشش کروں گا کہ اسے کہیں ڈیپوٹیشن پر بھیجدوں ڈیپوٹیشن سے عہدے میں ترقی کے علاوہ تنخواہ میں بھی معقول اضافہ ہو جاتا ہے۔

خوش قسمتی سے ایسا موقع جلد ہی ہاتھ آگیا۔ ایک محکمہ میں ایک ایسی آسامی کے لئے اشتہار نکلا جس کے لئے کرپال نہایت موزوں تھا۔ میں نے فوراً اس کی عرضی وہاں بھجوا دی۔ عرضی بھیجدینے کے بعد کرپال سے بھی زیادہ مجھے نتیجے کا شدت سے انتظار رہنے لگا۔ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ گویا میں نے خود اپنی نوکری کے لئے درخواست دی ہو۔ پھر ایک دن کرپال کو انٹرویو کے لئے بلاوا آگیا۔ واپسی پر اس نے مجھے اپنے انٹرویو کا سارا حال کہہ سنایا۔ کیا کیا سوال پوچھے گئے، اس نے کیا کیا جواب دیئے۔ سب کچھ سن کر مجھے یقین ہو گیا کہ کرپال کو وہ نوکری ضرور مل جائے گی۔

کرپال کے انٹرویو کے دو چار دن بعد ہی مجھے ہمارے شہر کی ایک

بہت ممتاز اور اہم شخصیت کا فون آیا۔ وہ صاحب مجھے کسی ضروری کام سے ملنا چاہتے تھے۔ میں نے تفصیل پوچھی تو کہنے لگے کہ آکے ذاتی طور پر ہی بات کریں گے ایسی معزز شخصیتیں آتی ہیں تو ہمیشہ کسی نہ کسی ناجائز کام کی سفارش کرنے کے لئے، لیکن آج کل کے جمہوری دور میں کسی شخص سے ملنے سے انکار بھی نہیں کیا جاسکتا اور پھر کسی ممتاز ہستی کو ملاقات کا موقع نہ دینا تو نہ صرف آداب کے خلاف ہے بلکہ ویسے بھی ناسمجھی کی بات ہے۔ میں نے انہیں اُسی دن سہ پہر کو بلایا

وہ صاحب آئے تو پہلے تو ادھر اُدھر کی رسمی باتیں کیں۔ انگریزوں کی طرح پہلے موسم کی بات کی پھر ہندوستانیوں کی طرح حالات حاضرہ پر تبصرہ کیا۔ پھر جیسا کہ عام طور پر ہوتا ہے ذرا کھسیانی سی ہنسی کے ساتھ اصل موضوع کی طرف رجوع ہوئے۔

"ارے آپ کو تو معلوم ہوگا کہ انڈسٹری محکمہ میں ایک عہدے کے لئے ویکینسی نکلی ہے۔"

"جی ہاں۔"

"سنا ہے آپ کے دفتر میں سے کرپال نامی ایک سپرنٹنڈنٹ کا نام بھیجا گیا ہے۔"

"آپ نے ٹھیک سنا ہے"۔ میں نے عرض کیا۔

"اگر وہ چنا گیا تو آپ اُسے یہاں سے جانے کی اجازت دے دیں گے۔؟"

"بے شک، میں نے کہا" جب ہم نے عرضی بھیجی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ ہم اس کو چھوڑنے پر رضامند ہیں۔"

یہ کہہ کر میں نے اس معزز شخص کے چہرے کو دیکھا۔ اس تسلی کے باوجود بھی اس پر خوشی کی کوئی جھلک دکھائی نہیں پڑتی تھی۔ میرے ذہن میں کرپال کا خاکہ اُبھر آیا۔ آج پہلی بار مجھے اس پر غصہ آیا آج اُس نے سفارش کا سہارا کیوں لیا؟ اور خاص کر میرے ساتھ۔ کیا اُسے ابھی تک یہ معلوم نہیں ہوا تھا، کہ میں ہمیشہ قابلیت کی قدر کرتا ہوں۔ سفارش کی نہیں۔ مجھے انسانی فطرت پر افسوس ہوا مجھے کرپال سے ہرگز ایسی توقع نہ تھی۔ وہ میری نظروں میں کچھ گر گیا۔

تھوڑی دیر اپنی تھوڑی کو ہاتھ میں لے کر انہوں نے اور سوال کیا۔

"وہ جو اس نے اتنی سروس یہاں کی ہے وہ تو ضائع جائے گی؟

"نہیں، ایسا نہیں ہوگا۔ وہ استعفا دے کر نہیں جائے گا۔ اُسے ڈیوٹیشن پر بھیجا جائے گا۔"

اب سرکاری قواعد سے میری واقفیت کچھ اتنی زیادہ نہ تھی اور مجھے کچھ گھبراہٹ ہونی شروع ہو رہی تھی کہ وہ صاحب کہیں اس سے زیادہ مشکل سوال نہ پوچھ لیں۔ لیکن انہوں نے پوچھ ہی ڈالا۔

"اور اس کی Lien کا کیا ہوگا؟

Lien سرکاری نوکری میں ایک خاص چیز ہے۔ یہ گویا سرکاری نوکری اور اس کی ملازمت میں ناف کا رشتہ ہوتا ہے جب تک وہ اگلی ملازمت میں مستقل نہ ہو جائے اس کا یہ حق رہتا ہے کہ بوقت ضرورت اور اپنی مرضی سے اپنی پرانی جگہ واپس آجائے۔ میں نے انہیں بھروسہ دلایا کہ کرپال کی Lien معمول کے مطابق برقرار رہے گی۔

میں ابھی ابھی منتظر تھا کہ اُن کے چہرے پر وہ دمک کب آئے گی جو اپنی مراد پانے کے بعد آتی ہے۔ لیکن وہ صاحب ابھی بھی پریشان خاطر دکھائی دیتے تھے۔

"تو ــــ آپ کے خیال میں اس کے جانے میں کوئی رکاوٹ حائل نہیں ہوگی۔ انہوں نے گویا آخری سوال پوچھا۔

جہاں تک میرا خیال ہے مجھے کوئی ایسی رکاوٹ دکھائی نہیں دیتی" میں نے مسکرا کر کہا۔ مجھے خوشی ہوگی اگر میرے محکمے کا کوئی بھی آدمی ترقی کرے۔ اور خاص کر اگر وہ کرپال جیسا دیانت دار اور محنتی آدمی ہو اور پھر میں نے ازراہ تسلی مزید کہا: حضرت آپ بالکل فکر نہ کریں ہماری طرف سے کوئی اڑچن نہ ہوگی۔"

اُن کا چہرہ جیسے ایک دم بالکل اُتر گیا۔ ہاتھ ملتے ہوئے وہ قدرے ہچکچاہٹ سے بولے: "آپ میرا مطلب نہیں سمجھے میں کرپال کی سفارش لے کر نہیں آیا تھا۔ میری گزارش اور تھی۔ اس عہدے کے لئے جو انٹرویو ہوا تھا اس میں کرپال سنگھ کا نمبر پہلا ہے اور میرے داماد کا نمبر دوسرا ہے میں سوچ رہا تھا کہ اگر کسی طرح کرپال سنگھ کو وہاں جانے سے روکا جا سکے تو . . . . . "

اُن کی بات ختم ہونے سے پہلے میرا چہرہ اُتر گیا۔

جون ۱۹۷۰ء

عمیق حنفی

گلِ رشتہ

یہ کاغذ کی کترن نہیں ہے

خزاں کے ستم پیشہ ناخن کا نوچا ہوا زرد پتّا نہیں ہے۔

یہ وہ پھول ہے جو کہ اس ننھے پودے کی پھننگی پہ اک دن کھلا تھا

جو پودا ہزاروں میں سے ایک تخمِ محبت کے دل سے اگا تھا

یہ ٹوٹا ہوا زرد پتّا نہیں ہے۔

یہ وہ پھول ہے جس نے تنہائی کے ایک گوشے کو رنگ اور

خوش بو کی سوغات دی تھی

خزاں کی، قضا کی وہ مان جائی، بے حس جدائی

اسے توڑ کر کامرانی کے نشے میں کیوں چور ہے ؟

اسے دل کے اوراق کے بیچ محفوظ کر کے میں اپنے سے پہلے

کبھی آگ، مٹی، ہوا، اور پانی کی خوراک بننے نہ دوں گا۔

صلاح الدین پرویز



پیاس

منہدم ہو گیا جذبات کا پاکیزہ شعور
جل گیا جسم مرا روح کی عریانی میں
میں کہ اب "میں" نہ رہا
ایک مدھم سا جنوں
پھر بھی مرے ذہن میں
بیٹھا ہے چھپا
یہ گنہگار سسکتی ہوئی دیواریں
ایک مدت سے جو احساس پہ
قائم ہیں مرے
کون اک پیرِ خمیدہ آکر
اپنے روحانی عملیات سے
ڈھائیگا انہیں !!

علیم اللہ حالی

خلا

ان میں کیا ہے کہ رہیں، کچھ تو نہیں، کچھ بھی نہیں
ان خلاؤں میں بھلا عمر بسر کیا ہوگی
کتنی دور آئے ہیں کس سمت نکل آئے ہیں
ان خلاؤں میں کہیں کوئی ٹھکانہ بھی نہیں
منزلیں گرد کی مانند اڑی جاتی ہیں
نہ کوئی سنگِ نشاں ہے نہ کوئی نقشِ قدم
کوئی اندازۂ منزل ہے، نہ جادہ کوئی
ان میں کیا ہے کہ رہیں کچھ تو نہیں کچھ بھی نہیں
وہ تمنا بھی نہیں دل میں جو حسرت بن جائے
وہ حقیقت بھی نہیں جس کو فسانہ کہہ دیں
ایک ناکام سی کوشش ہی سہی، کچھ بھی سہی
ایک خواہش جسے تشکیل کی حسرت رہ جائے
اک طلب ایسی جو تکمیل سے سرشار نہ ہو
خواب جو خواب میں بھی تشنۂ تعبیر رہے
ایسی وحشت ہی کہ دور اور بیاباں ہو جائے
تشنگی ایسی کہ تسکین گریزاں ہو جائے
ان خلاؤں میں مگر کیا ہے یہاں کچھ بھی نہیں
ان خلاؤں میں بھلا عمر بسر کیا ہوگی

جون ۱۹۷۰ء

اشب صدائے تیشہ...

راج



"ظالم لوگ نہیں شیریں تیرے شہر کے ۔۔۔ ہوا ۔۔۔"

میں نے چونک کر اس کی طرف دیکھا۔ وہ کھڑکی میں کھڑا کہیں دور خلا میں گھور رہا تھا۔

"کھڑکی سے ہٹ جاؤ۔" میں نے تنبیہ کے انداز میں کہا۔

اس نے گردن گھمائی اور میرے چہرے کو تکتے ہوئے، کچھ ایسے جیسے اُسے یہ بات کہنے میں تامل ہو رہا ہو، بولا۔ "یہ شیریں کے شہر کے لوگ ۔۔۔ وہ اتنے ظالم کیوں ہیں۔؟"

"مجھے پتہ نہیں۔" میں نے جواب دیا۔ "کھڑکی بند کر دو۔ دیکھو کتنی گرم لو آ رہی ہے۔"

اس نے چہرہ میری طرف سے ہٹا لیا اور پھر باہر دیکھنے لگا۔ میں نے کروٹ بدلی اور سونے کی کوشش کرنے لگا۔ لیکن مجھے نیند نہ آئی کیونکہ میں جانتا ہوں کہ جب بھی وہ شیریں کے شہر کا ذکر چھیڑتا ہے، یہ اس بات کی علامت ہے کہ اس کی رُوح میں ایک طوفان سا اُٹھ رہا ہے۔

آخر میں اونگھ گیا لیکن فوراً ہی اُس نے جھنجھوڑ کر مجھے جگا دیا۔ وہ بہت ہی مضطرب تھا۔ اور اس کی آنکھوں سے کرب جھلک رہا تھا۔ "کیا بات ہے؟" میں نے ہڑبڑا کر پوچھا۔

"وہ پہاڑی ۔۔۔" اس نے انگلی سے سامنے اشارہ کرتے ہوئے کہا۔

میں نے کھڑکی میں سے باہر جھانکا۔ وہاں کچھ نہ تھا۔ "ہونہہ" میں نے کہا

"کچھ نہیں۔" وہ بولا اور پھر خلا میں گھورنے لگا۔ کچھ دیر بعد میں نے سنا وہ بڑبڑا رہا تھا۔

"دور اُس پہاڑی پر
اک الاؤ جل رہا ہے
اور چند دیوانی روحیں
چیختی چلاتی ہیں
اپنے لمبے بازوؤں سے
کسی کو یوں بلاتی ہیں؟
اپنے ۔ لمبے ۔ بازوؤں سے ۔ کسی کو ۔ ۔ ۔ ۔"

ظاہر تھا وہ آپے میں نہیں تھا۔ میں گھبرا کر اٹھا اور کھڑکی بند کر دی۔ پھر میں نے کندھے سے پکڑ کر اسے پلنگ پر لٹا دیا اور اس کا سر تھپتھپانے لگا۔ یکایک وہ اُٹھ کر بیٹھ گیا۔

"ذرا کھڑکی کھول دو۔ شاید نیچے منادی والا ہے۔" وہ بولا اور کان لگا کر کسی آواز کو سننے لگا۔

"اب سو جاؤ، تم بہت تھک گئے ہو۔" میں نے کہا۔ "اور ۔ اور پھر رات ہمیں جاگنا بھی تو ہے۔"

"کیوں؟" اس نے آہستہ سے پوچھا

"آج رات انسان چاند پر اُترنے والا ہے۔" میں نے جواب دیا اور اس

جون ۱۹۷۰ء

پورا شعر یوں ہے

اشب صدائے تیشہ از بے ستوں نیاید ٭ شاید بخواب شیریں فرہاد رفتہ باشد

آج کل دہلی

کا سر تھپتھپاتا رہا۔ دھیرے دھیرے اس کا ہیجان کم ہوتا گیا اور آنکھیں مندنے لگیں پھر اس نے کروٹ لی اور چند ہی لمحوں بعد وہ گہری نیند سو گیا۔

میں نے کھڑکی کھول دی، اور باہر دیکھنے لگا۔ سامنے دریا تھا۔ ایک سڑک دائیں طرف سے آرہی تھی اور دریا پر سے گزرتی ہوئی اس پار بائیں کنارے پر نکل آئی تھی اور پھر بہت آگے جا کر ایک پہاڑی کے پیچھے آنکھوں سے اوجھل ہو گئی تھی۔

ایک روز جب ہم دونوں کھڑکی میں کھڑے باہر دیکھ رہے تھے تو اس نے پوچھا تھا: "یہ سڑک کہاں جاتی ہے؟"

مجھے شرارت سوجھی: "شیریں کے شہر" میں نے جواب دیا

"یہ شیریں کون ہے؟" اس نے سوال کیا

"یہ بھی ایک داستان ہے، پھر کبھی سناؤں گا۔"

اور پھر ایک رات جب ہم سونے لگے، تو وہ بولا: "وہ شیریں والی داستان — تمہیں یاد ہے نا، تم نے وعدہ کیا تھا!"

"اچھا، مگر سو مت جانا۔"

"میں ہنکاری بھرتا رہوں گا۔" اس نے یقین دلایا

"تو سنو!" میں نے کہا "ایک تھی شیریں"

"ہوں۔"

"ایک تھی شیریں،
ایک تھا کوہکن ....."

"ہوں۔"

"ایک تھی شیریں،
ایک تھا کوہکن،
اک پہاڑ ....."

"ایک تھی شیریں، ایک تھا کوہکن، ایک پہاڑ —" اس نے دہرایا

"ایک تھا کوہکن
ایک پہاڑ ....."

"یہ شیریں کہاں چلی گئی؟" اس نے سوال کیا

"دیکھو بیچ میں مت ٹوکو۔" میں نے جھلا کر کہا

"اچھا اب نہیں ٹوکوں گا۔" اس نے وعدہ کیا

"ایک تھا کوہکن،
ایک تھیشہ،
اک پہاڑ ....." میں نے داستان جاری رکھی۔

'ہونہہ —'

ایک تھا تیشہ،
اک پہاڑ ....."

اس بار اس نے ہنکاری نہیں بھری، شاید وہ سو گیا تھا۔ مجھے بھی نیند آنے لگی تھی۔

ایک تھا تیشہ۔
ایک تھا تیشہ
ایک تھا تیشہ
ٹھک ٹھک۔ ٹھک ٹھک ٹھک۔ ٹھک ٹھک ....."

اس کے چند روز بعد ایک دن جب اس سے ملاقات ہوئی تو وہ بہت خوش نظر آرہا تھا: "سنو یار، آج میں نے بہت لمبی سیر کی ہے۔ یہ اس دریا کے ساتھ ساتھ —" اس نے جھجکتے ہی کہا۔

"اچھا؟"

"ہاں۔" اس نے مختصراً کہا اور رک گیا اور پھر قدرے توقف کے بعد بولا: جوں جوں میں چلتا گیا۔ اس کا پانی شفاف ہوتا گیا۔ حتیٰ کہ ایک جگہ مجھے اپنی روح کا عکس نظر آنے لگا ....."

"اور جسم کا عکس؟" میں نے اسے ٹوک دیا۔

"پتہ نہیں۔" اس نے جواب دیا۔

"لیکن یہاں تو یہ دریا ....." میں کچھ کہتے کہتے رک گیا

"ہاں، یہی تو اس کا المیہ ہے۔" اس نے ایک لمبی سی سانس لے کر کہا اور خاموش ہو گیا۔

اُس رات وہ نیند میں بڑبڑا رہا تھا۔ اس کے جملے خاصے بے ربط تھے۔ کچھ دیر بعد وہ چونک کر جاگ گیا۔ اور آنکھیں ملتا ملتا مجھ سے بولا "جانتے ہو، خدا ہونے سے پہلے میں کیا تھا؟"

"اب سو جاؤ" میں نے اس کا سر تھپتھپاتے ہوئے کہا۔ وہ لیٹ گیا اور میں نے بتی بجھا دی لیکن اندھیرے میں مجھے ایسا لگا جیسے وہ کچھ کہہ رہا ہے۔ میں نے غور سے سنا۔ وہ پھر بڑبڑا رہا تھا۔

ایک بحر بے کراں۔

افق تا افق

اک ردائے نیلگوں
فلک در فلک
ایک نغمہ، ایک گیت
عرش تا فرش، فلک در فلک، افق تا افق . . . ."

اس کے بعد وہ کافی دنوں تک نظر نہ آیا۔ میں نے کئی دفعہ اُسے ڈھونڈھنے کی کوشش بھی کی مگر اس کا کہیں پتہ نہ چلا۔ آخر ایک روز جب میں سو کر اٹھا، تو مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے وہ کمرے میں بیٹھا ہے۔ میں نے مڑ کر دیکھا۔ وہی تھا۔ اس کے بال بڑھے ہوئے تھے، اور چہرے سے وحشت ٹپک رہی تھی۔

"کہاں رہے اتنے روز؟" میں نے گلہ کیا

"شیریں کے شہر گیا تھا۔"

"شیریں کے شہر؟" میں نے حیرت زدہ ہو کر پوچھا۔

"ہاں" اس نے اتنا کہا اور خاموش ہو گیا۔ میں نے بھی زیادہ کریدنا مناسب نہ سمجھا اور بات بدلنے کی غرض سے بولا۔ "سُنا تم نے؟ آج رات انسان کو چاند پر اتارنے کے لیے راکٹ داغا جائے گا۔"

اس نے کوئی توجہ نہ دی اور خاموش رہا۔ پھر تھوڑی دیر بعد خود ہی بولا "ایک روز ایک منادی والا یہاں آیا تھا۔"

"اچھا؟"

"ہاں" وہ بولا، اور پھر بات جاری رکھتے ہوئے کہنے لگا۔

"اور جیسا کہ ان منادی والوں کا دستور ہے، یہاں اس کھڑکی کے نیچے کھڑا ہو کر وہ ہانک لگانے لگا۔

"سنیئے جناب والا۔ کیا کہتا ہے منادی والا۔ . . . ."

اس نے بالکل منادی والے کی نقل اتارنی شروع کر دی۔

"منادی سُننا غور سے، پھر بات کرنا کسی اور سے

ہاں تو، صاحبان، آپ کو یہ جان کر خوشی ہو گی۔

کہ آج شام شیریں کے شہر میں فرہاد کو

نیلام کیا جائے گا۔ مال کو موقعے پر آ کر

دیکھیے اور پرکھیے اور پھر دل دے کر ثواب کمایئے۔"

— وہ کچھ دیر کے لیے رکا اور پھر کہنے لگا۔ "ہاں تو، میں اس منادی والے کے پیچھے پیچھے ہو لیا۔ سارا شہر گھومنے کے بعد جب وہ واپس جانے کے لیے دریا پار کر کے اس پار پہونچا تو دوپہر ہو چکی تھی۔ ریت یوں چمک رہی تھی جیسے کسی نے سورج کو ریزہ ریزہ کر کے اسے زمین پر بکھیر دیا ہو۔ پیاس کے مارے حلق سوکھا جا رہا تھا اور پاؤں میں آبلے پڑ گئے تھے۔ میرا رہبر میری موجودگی سے بے خبر اپنی راہ چلا جا رہا تھا اور میں گرتا پڑتا اس کا دامن تھامے اس کے ساتھ ساتھ رہنے کی کوشش کر رہا تھا۔ ایک جگہ جب وہ اپنے جوتے میں سے ریت نکالنے کے لیے رکا تو میں اس کے ساتھ ٹکرا گیا۔ اس نے مڑ کر پیچھے دیکھا۔

"وہ شہر — اب کتنے کوس باقی ہے؟" میں نے اسے باتوں میں لگانے کی کوشش کی۔

"تم اتنا بھی نہیں جانتے کہ یہاں فاصلے کوسوں میں نہیں ناپے جاتے؟" اس نے درشتی سے جواب دیا۔

"خیر، تو اتنا بتا دو ہم کتنی دیر میں وہاں پہونچ جائیں گے؟" میں نے پوچھا۔

"اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ تم کتنی دیر میں وہاں پہونچنا چاہتے ہو" اس نے جواب دیا۔ اور پھر تھوڑی دیر بعد گویا اس کا مخاطب میں نہیں وہ خود تھا بولا "اور اس پر کہ تم وہاں پہونچنا چاہتے بھی ہو، یا نہیں۔ کئی لوگ منزل پر پہونچ کر بھی واپس مڑ جاتے ہیں۔"

"ممکن ہے وہ منزل کی تاب نہ لا سکے ہوں" میں نے نیم استفسار کے لہجے میں کہا۔

اس نے کوئی جواب نہ دیا اور چلتا رہا۔ اب دُور حدِ نگاہ پر شہر کے مینار دکھائی دینے لگے تھے اور اُن کے پس منظر میں افق تھا — سرخ، بھیانک، زمین کو چومتا ہوا سا۔

"بوسۂ مرگ، میرے منہ سے بے اختیار نکلا

"کیا کہا؟" وہ بولا

"کچھ نہیں — سنو تو، یہ ٹھک ٹھک کی آواز کہاں سے آ رہی ہے؟" میں نے بات ٹالنے کی کوشش کی۔

اس نے جواب دینے کی بجائے اپنی رفتار تیز کر دی۔

شہر کے قریب پہونچ کر میں نے دیکھا کہ فصیل کے باہر لوگوں کا ایک ہجوم غبار اُڈاتا چلا آ رہا ہے فصیل کے اوپر ایک چبوترہ سا بنا تھا جس پر ایک شخص کھڑا تھا۔

"کیا یہی وہ شخص ہے جس کی نیلامی ہو گی؟" میں نے پوچھا

"ہاں" اس نے کہا اور تیزی سے چلتا ہوا اس ہجوم میں غائب ہو گیا۔

فصیل کے نیچے میدان میں ایک بہت بڑی تختی لگی تھی۔ جس پر مختلف انسانی اعضا

کی شکلیں بنی تھیں، اور اُن کے سامنے اس عضو کو خریدنے والے کی طرف سے دی گئی بولی درج تھی۔ میں نے دل ہی دل میں حساب لگایا۔ پیش کش لاکھوں روپے کی تھی۔ ہاں، البتہ رُوح کا خانہ خالی تھا۔ اس کے لئے کوئی پیش کش نہ تھی۔

میں نے شہر کا رُخ کیا۔ شہر بالکل سنسان پڑا تھا۔ کیونکہ سب لوگ باہر نیلامی پر گئے ہوئے تھے۔ صدر دروازے کے پاس ہی ایک بہت بڑی عمارت تھی جس کے باہر ایک بوڑھا چوکیدار اونگھ رہا تھا۔

عمارت کے اندر بہت سی کلیں رکھی تھیں۔

'یہ کیا ہے؟' میں نے پوچھا

'اس نے شاید میرا سوال نہیں سُنا، اور مجھے اس کل کی طرف لے گیا۔ جس میں ہاتھ جیتے تھے۔ وہ مٹھی کھولتے اور بند کرتے رہتے تھے اور جب مٹھی کھلتی تو چند سکے نیچے زمین پر گر جاتے۔

'یہ کیا ہے؟' میں نے پھر پوچھا۔ اس نے شاید پھر میرا سوال نہیں سنا اور پھر مجھے لے کر آگے بڑھ گیا۔ جہاں زبان جتی تھی۔ الفاظ ہی الفاظ۔ ہر زبان میں، ہر لہجے میں، ہر آواز میں۔

"یہ سب کیا ہے اور کیوں ہے؟" میں نے ایک بار پھر پوچھا۔

اس نے پھر کوئی جواب نہ دیا اور آگے بڑھ گیا۔ جہاں ایک اور کل تھی۔۔

اور ایک اور ..... اور ایک اور ....

میں عمارت سے نکل آیا۔

شہر کے دروازے پر وہی منادی والا میری راہ تک رہا تھا۔

'میرا خیال تھا تم نہیں ہوگے۔ اس نے کہا۔

'ہاں، لیکن یہ تو بتاؤ۔ یہاں شیریں کے شہر میں۔ روح۔۔؟

'تو پھر تیشہ کون چلائے گا۔؟' اس کو اس سوال کی جیسے پہلے سے ہی توقع تھی۔

'تیشہ؟ لیکن کیوں؟'

کہتے ہیں پہاڑی کے اس طرف دودھ کا دریا ہے اس نے جواب دیا اور مجھے بازو سے پکڑ کر فصیل کی طرف چل پڑا۔

ہمارے نیچے پہنچنے تک بولی شروع ہو چکی تھی اور سب لوگ نیچے میدان میں جمع تھے وہ منادی والا ان میں شامل ہو گیا۔

'پچیس روپے'

'چھبیس روپے'

'ستائیس روپے'

میں نے گردن اُٹھا کر دیکھا۔ وہ چبوترے پر اکیلا کھڑا تھا۔ موقع غنیمت جان کر میں اس کے پاس جا پہنچا اور اس کے کان میں کہا 'تم باز نہیں آئے نا، میرے اتنا منع کرنے کے باوجود یہاں آ پہنچے ہو۔' میں نے اسے ملامت کی ——

اور کیا کرتا، اس نے جواب دیا۔ 'میرا مقدر یہی ہے۔

'لیکن ایک بات ضرور ہے دوست۔ ہو بڑے خوش قسمت۔

تمہاری قیمت لاکھوں روپے لگ چکی ہے۔ میں خود حساب لگا کر آیا ہوں' میں نے اُسے تسلی دینے کی کوشش کی۔

'تمہیں سخت دھوکا ہوا ہے' وہ بولا 'یہ قیمت میرے جسم کی ہے میری نہیں'

نیچے نیلام جاری تھا۔ اٹھائیس روپے، انتیس روپے، انتیس روپے ایک ... انتیس روپے دو ... انتیس روپے ...

'تیس'

'تیس'

'تیس —— تمام ہجوم بیک آواز پکارا۔ اس کے بعد خاموشی چھا گئی'؟

صرف دُور پہاڑی پر سے ٹھک ٹھک کی آواز برابر آ رہی تھی۔

'یہ بولی تیس روپے پر کیوں رک گئی؟' میں نے بالآخر پوچھا

'میں نے کہا تھا نا، تمہیں دھوکہ ہوا ہے، وہ بولا، 'ابنِ آدم کی قیمت تو روزِ اول سے ہی تیس روپے مقرر ہو چکی ہے'

اس کے ساتھ ہی یکلخت سناٹا چھا گیا۔ ٹھک ٹھک کی آواز آنی بھی بند ہو گئی تھی۔ چند لمحے یہی عالم رہا۔ پھر یکایک ہجوم میں حرکت ہوئی اور وہ سب لوگ پہاڑی کی طرف بھاگ اُٹھے۔ کچھ دیر بعد ایک جلوس ایک لاش کو اٹھائے نیچے میدان میں آ کر رُک گیا۔

لاش کو میدان میں رکھ کر وہ جلوس چبوترے پر آ گیا۔ اور اس شخص کو ساتھ لے کر پھر پہاڑی کی طرف چل دیا۔ میں نیچے اتر آیا اور لاش کے سرہانے بیٹھ کر اس کے منہ پر سے کپڑا ہٹا دیا۔

'ارے تم'، میرے منہ سے نکلا اور میری نظریں بے اختیار چبوترے کی طرف اُٹھ گئیں لیکن جلوس اب پہاڑی پر پہنچ چکا تھا۔ اور تیشے کی آواز پھر سے سنائی دینے لگی تھی۔

— تب میں وہاں سے بھاگ کھڑا ہوا —" اس نے اپنا چہرہ ہاتھوں میں چھپا لیا اور سسک سسک کر رونے لگا۔

"میرا خیال ہے کہ تم نے کوئی نہایت ہی بھیانک خواب دیکھا ہے" میں نے کہا: "اٹھو، منہ دھو ڈالو اور تیار ہو جاؤ — آج انسان کو چاند پر اتارنے کے لیے راکٹ داغا جائے گا۔"

میں نے کھڑکی بند کر دی، وہ ابھی تک سو رہا تھا۔ میں نے ایک کرسی کھینچی اور اس کے سرہانے بیٹھ گیا۔

"انسان چاند پر اتر چکا ہے۔ نیچے نکڑ والی دکان پر سے ریڈیو نے اعلان کیا۔

وہ ہڑبڑا کر اٹھ بیٹھا اور بولا: "یہ کس کی آواز ہے؟ کیا منادی والا پھر آیا ہے؟"

"انسان چاند پر اتر چکا ہے" میں نے اسے بتایا اور ریڈیو آن کر دیا

وہ یکلخت اٹھا اور تیز تیز چلتے ہوئے جا کر کھڑکی کھول دی اور جھک کر نیچے گلی میں نہ جانے کس کو مخاطب کرتے ہوئے بولا: "سنا، تم نے: انسان چاند پر اتر چکا ہے۔"

نیچے گلی میں ایک نیند بھری آواز: "سنئے ہو: انسان چاند پر اتر چکا ہے"

ایک ساتھ کئی آوازیں: "انسان چاند پر پہنچ گیا ہے۔"

ایک اور آواز (تمسخر بھرے لہجے میں) "انسان چاند پر پہنچ چکا ہے اب تمہارے خدا کا کیا ہوگا۔؟"

ایک دوسری (رقت بھری) آواز: "اس سے میرے اللہ کی عظمت، میرے کبریا کی کبریائی اور بڑھ گئی ہے۔"

میں نے ریڈیو آف کر دیا اور کھڑکی بند کرنے کے لیے آگے بڑھا مگر اس نے مجھے روک دیا اور کھڑکی میں جھک کر بولا۔ "انسان نے چاند کی سطح کو چھو لیا ہے۔"

ایک آواز: "بھلا، اب وہ وہاں کیا کر رہا ہوگا؟"

"میں بتاتا ہوں۔ وہ کیا کر رہا ہے" وہ بولا، اور کھڑکی میں اور نیچے جھک گیا۔ "اب وہ اپنے دائیں بائیں، اوپر نیچے دیکھ رہا ہے۔ آکاش وہاں نیلا نہیں، کالا سیاہ ہے۔ اب اس نے جھرجھری لی ہے شاید اسے سردی لگ رہی ہے۔ وہاں فضا نہیں ہے نا اس لیے وہاں سردی بہت زیادہ ہوتی ہے —" وہ بولتا چلا گیا جیسے آنکھوں دیکھا حال سنا رہا ہو — دیکھو: اب وہ شخص کھڑا کچھ سوچ رہا ہے۔ اب اس نے ایک قدم اٹھایا ہے اور چاند کی سطح پر کچھ سوچ رہا ہے۔ میں جانتا ہوں وہ کیا سوچ رہا ہے — وہ سوچ رہا ہے کہ اسے اپنے قدموں کی چاپ کیوں سنائی نہیں دے رہی ہے۔ — وہ دیکھو: جہاز میں بیٹھا دوسرا آدمی اسے پکار رہا ہے۔ مگر وہ اس کی آواز نہیں سنتا۔ وہاں کوئی کسی کو نہیں پکار سکتا، کوئی کسی کی آواز سے بندھا ہوا نہیں ہے۔ وہاں اپنے قدموں کی چاپ تک سے اس کا رشتہ ٹوٹ گیا ہے — لیکن رکو: وہ دیکھو: — جہاز کے اندر بیٹھے شخص نے اس کی کمر سے بندھی رسی کو جھٹک دیا ہے — وہ شخص چونک کر جہاز کی طرف دیکھتا ہے اور اندر والے شخص کا اشارہ سمجھ کر جہاز کی طرف چل پڑا ہے۔ اب وہ جہاز میں بیٹھے شخص کے ساتھ باتیں کر رہا ہے۔

"یہ کیا بکواس لگا رکھی ہے تم نے: —" میں غصے میں چلاتا ہوں۔ اور کھڑکی بند کرنے کے لیے آگے بڑھتا ہوں مگر وہ دھکا دے کر مجھے پلنگ پر گرا دیتا ہے۔ اور ہونٹوں پر انگلی رکھ کر خاموش رہنے کا اشارہ کرتا ہے اور کھڑکی میں جھک کر نیچے گلی میں دیکھنے لگتا ہے۔

"۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اب جہاز میں بیٹھے دوسرے شخص نے اس کے ہاتھ میں ایک تیشہ پکڑا دیا ہے اس نے تیشہ لے لیا ہے اور اپنے ساتھی کی طرف دیکھ رہا ہے۔ وہ ساتھی ہاتھ کے اشارے سے کچھ سمجھا رہا ہے۔ اب وہ شخص تیشہ لے کر جہاز سے باہر نکل آیا ہے، اور سامنے پہاڑی کی طرف چل دیا ہے — اب وہ پہاڑی کے دامن میں پہنچ گیا ہے، مگر رکتا نہیں۔ وہ چلتا چلا جا رہا ہے، بڑھتا چلا جا رہا ہے — کیونکہ — کیونکہ —"

"کیونکہ کیا؟" میرے منہ سے غیر ارادی طور پر نکل جاتا ہے۔

"— کیونکہ وہ دیکھنا چاہتا ہے کہ وہاں اس پہاڑی کے پیچھے کیا واقعی دودھ کا دریا ہے —"

— وہ یکایک خاموش ہو جاتا ہے، اور میں حیرت اور خوف سے اس کی طرف دیکھنے لگتا ہوں — وہ کھڑکی میں اور نیچے جھک جاتا ہے اور اس کی آواز ایک بار پھر سائے ماحول پر چھانے لگتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

۔ ۔ ۔ ۔ "اب جہاز کے اندر بیٹھا آدمی پریشان ہو اٹھا ہے۔ ۔ ۔ ۔

۔ ۔ ۔ اور — اور — اس نے پھر رسی کو جھٹک دیا ہے۔ وہ شخص لڑھک

خاندانی منصوبہ بندی

دل ایوبی ٹونکی

کر پہاڑی سے نیچے آگیا ہے — اب اس نے تیشہ اٹھالیا ہے۔ اور اسے پوری قوت سے ایک پہاڑی پر دے مارا ہے — مگر تیشہ گنگ ہے — اس کی کوئی آواز نہیں آتی — یہاں قدموں کی چاپ نہیں۔ کوئی کسی کو پکارتا نہیں، تیشے کی ٹھک ٹھک بھی نہیں۔ اب اس نے پتھر اٹھا کر جھولے میں ڈال لئے ہیں۔ اور جہاز کی طرف بڑھ گیا ہے۔ . . . "

جونہی وہ سانس لینے کے لئے رکتا ہے، میں کھٹاک سے کھڑکی بند کر دیتا ہوں نیچے گلی میں شور سا ہونے لگتا ہے۔

" سنتے نہیں ہو: شاید نیچے منادی والا آیا ہے" وہ خفگی سے کہتا ہے اور زبردستی کھڑکی کھول دیتا ہے — " دیکھو، اب راکٹ داغ دیا گیا ہے — " وہ نیچے جھک کر گلی میں کہتا ہے۔ — اور جہاز چاند کی سطح سے اوپر اٹھ گیا ہے اور خلا میں پہونچ گیا ہے — چاند اب دور، دور بہت دور پیچھے سمٹ رہا ہے . . . "

" اللہ ہو! — اللہ ہو! — " دور پہاڑی کی طرف سے ایک آواز آتی ہے۔

" ہا! ہا! ہا! " ایک قہقہہ سنائی دیتا ہے اور اس کے ساتھ ہی مجمع کے بکھرنے کی آواز آنے لگتی ہے — لیکن وہ بولتا چلا جا رہا ہے — " ارے دیکھو! — اب جہاز کی کھڑکی کھل گئی ہے، اور وہ شخص اس میں سے نکل کر باہر خلا میں پھسل رہا ہے۔ چند گز خلا میں چل کر اس نے یک لخت وہ رسی جو اسے جہاز سے منسلک کئے ہوئے تھی، توڑ دی ہے۔ جہاز کی تمام بتیاں یک دم جل اٹھی ہیں۔ لیکن جہاز اب بہت آگے نکل گیا ہے اور دھیرے دھیرے نظروں سے اوجھل ہوتا جا رہا ہے — اب وہ شخص خلا میں تیر رہا ہے — اکیلا — تنہا — " یکایک گلی میں شور سا اٹھنے لگتا ہے — وہ کھڑکی میں بہت نیچے جھک گیا ہے۔ اور اس کی آواز دھیمی ہوتی جا رہی ہے — بہت ہی دھیمی — وہ کہہ رہا ہے . . . " وہ بالکل اکیلا ہے۔ بالکل تنہا — تمام کائنات میں صرف ایک وہ — ایک انسان تمام کائنات میں پھیلا ہوا — افق تا افق، فلک در فلک — عرش تا فرش . . . "

— نیچے گلی میں شور بہت بلند ہو گیا ہے اور پھر یک لخت سناٹا چھا جاتا ہے۔

****

جس کو دیکھو اس کے دل میں خواہشِ اولاد ہے
کون ہے جو اس تمنا سے یہاں آزاد ہے
ہر مصیبت کی غم اولاد ہی بنیاد ہے
اور اس غم کی نہ کچھ حد ہے نہ کچھ میعاد ہے
بن گئی ہے یہ تمنا ہی تمنائے حیات
جیسے ہو بچوں کی پیدائش ہی منشائے حیات

بے تحاشا پے بہ پے شام و سحر اولاد ہو
جس طرف بھی گھر میں اٹھ جائے نظر اولاد ہو
کم ہے ارمانوں سے گویا جس قدر اولاد ہو
چاہے فاقے کرنے پڑ جائیں مگر اولاد ہو
پیٹ خالی جسم پر پیوند ہی پیوند ہیں:
بچے پیدا ہو رہے ہیں اور آنکھیں بند ہیں

باپ کا منشا ہے ہر لڑکا بنے انجینئر
ماں کی مرضی ہے بنائے لڑکیوں کو ڈاکٹر
الغرض تعلیم میں کوئی نہ رہ جائے کسر
اپنی لائن میں بنے ہر ایک بچہ نامور!
نام سے اولاد کے ماں باپ کی شہرت بڑھے
اپنے بیگانوں میں چرچا ہو سکے عزت بڑھے

دیکھتے ہیں کیسے کیسے خواب بیچارے نہ پوچھ
آہ پھرتے ہیں یہ کیسے در بدر مارے نہ پوچھ
کس طرح رہتے ہیں ان کی جان سے پیارے نہ پوچھ
بھوک سے روتے ہیں کیسے آنکھ کے تارے نہ پوچھ
فوج ہے بچوں کی لیکن پیٹ بھر روٹی نہیں
جسم پر کرتا نہیں، ٹوپی نہیں، دھوتی نہیں

پیٹ بھر کھانا تو دیتے ایک دو بچوں کو ہم
ڈھانک سکتے ان غریبوں کا بدن تو کم سے کم
بچے کم ہوتے تو کم ہو جاتے کچھ تو اپنے غم
رات دن کی الجھنوں سے ناک میں آتا نہ دم
دین دنیا کا نہ رکھا کثرتِ اولاد نے
زندہ ہم کو مار ڈالا کثرتِ اولاد نے

جون ۱۹۷۰ء

مرزا فرحت اللہ بیگ

کا

ایک دلچسپ مضمون

رشید قریشی

مرزا فرحت اللہ بیگ اُردو کے صاحب طرز مدیر، پسند اور خیال آفریں مزاح نگار تھے۔ اُن کا ذوق مزاح ایک ایسا سرچشمہ تھا جس کو ان کی طبیعت کی جولانیاں ہر وقت لہروں سے آباد رکھتی تھیں۔ ۱۹۳۶ء میں وہ سیشن جج گلبرگہ تھے۔ ایڈیٹر نظام گزٹ (ہفتہ وار) کے اصرار پر انہوں نے "سفر زیر دفعہ ۱۸۰ ضابطہ ملازمت" کے عنوان سے ایک مضمون لکھا۔ یہ مضمون متذکرہ ہفتہ وار کی ۲۵ مئی ۱۹۳۶ء کی اشاعت میں شائع ہوا۔

خدا بخشے سابق حکومت حیدرآباد اپنے ملازمین کے تعلق سے جہاں روادارانہ فیاض تھی، وہیں ملازمین کی طرف سے تنقید یا تضحیک کے معاملے میں بہت حساس اور سخت گیر بھی تھی۔ ضابطہ ملازمت کے دفعہ ۱۸۰ کے تحت ہر ملازم سرکار کو حج و زیارت کے لیے چھ ماہ کی رخصت خاص بہ عطائے سالم ماہوار پیشگی دی جاسکتی تھی۔ اس زمانے کے سفر کی دشواریوں اور وسائل سفر کی سست رفتاریوں کے پیش نظر یہ مدت مناسب اور ضروری تھی اور اس میں زاد راہ کے لئے رقم کی بہم رسانی بھی معتبر تھی لیکن مرزا فرحت اللہ بیگ کی مزاح نگاری کو حالات سفر قلم بند کرنے کی تحریک ہوئی تو اپنے مضمون کی تمہید کے لیے انہوں نے اس دفعہ کو زیب داستان بنانے کے لئے گھسیٹ لیا۔ ظاہر ہے کہ مرزا فرحت اللہ بیگ کی نیت اس دفعہ کا مضحکہ اڑانے پر مائل نہیں تھی اور اصل بات یہ تھی کہ وہ پوری صاف دلی سے اپنے مضمون کو ایک مناسب آغاز دینے کی خاطر جس کا اُن کے سفر سے بھی تعلق تھا، اس دفعہ کو استعمال کرنے پر مجبور سے تھے۔ خود ان کی طرز نگارش کہہ رہی ہے کہ وہ صرف ایک شگفتہ کیفیت پیدا کرنا چاہتے تھے جو اس دفعہ سے منسوب تو ہے لیکن منسلک نہیں۔

یہ مضمون سررشتہ معلومات عامہ حکومت حیدرآباد کی نظر احتساب سے گزرا اور اس کا تراشہ معتمد صاحب عدالت و کوتوالی و امور عامہ سرکار عالی کی خدمت میں روانہ کیا گیا۔ اس وقت نواب ذوالقدر جنگ بہادر اس عہدے پر فائز تھے۔ انہوں نے مراسلے کی پشت پر یہ حکم صادر فرمایا۔

"میں نے مضمون منسلکہ دیکھا نہایت نامناسب اور بازاری طرز کی عبارت ہے۔ ہائی کورٹ کو خاص طور پر توجہ دلائی جائے کہ اُن کی معقول تنبیہ ہونی چاہیئے۔ اس ہدایت کے ساتھ کہ آئندہ اس قسم کے مضامین شائع کرنے سے احتراز کریں۔"

حسب الحکم معتمد صاحب عدالت العالیہ سرکار عالی کے نام ہدایت جاری ہوئی۔

مراسلے کے مسودے پر مددگار معتمد (جناب غلام پنجتن صاحب) نے اس ہدایت کا اضافہ کیا "دور فرا انتظار کر کے جواب طلب کیا جائے"۔

مجلس عدالت عالیہ سرکار عالی نے معتمد صاحب کو توالی و امور عامہ



مرزا فرحت اللہ بیگ

جون ۱۹۷۰ء

آج کل دہلی

سرکار عالی کو جواب ارسال کیا کہ تنبیہ کر دی گئی۔

اس تنبیہ کا نتیجہ یہ نکلا کہ مرزا فرحت اللہ بیگ بہت محتاط ہو گئے اور فکر و خیال کی روانیوں کو بندشوں کا پابند کر دیا۔ حالات اور واقعات کو اپنا موضوع بنانے کی بجائے انہوں نے خالص ادب اور قدیم تاریخ کو اپنی صلاحیتوں کی آماجگاہ بنا لیا اور اس طرح ہمارا مزاحیہ ادب کئی دلچسپ خاکوں اور مسکراتی تحریروں سے محروم رہ گیا۔

اس مضمون کی نقل قارئین کی دلچسپی کے لئے درج ذیل ہے۔ مضمون کے آخر میں باقی آئندہ درج ہے مگر اس کی نوبت کبھی نہ آئی۔

سفر زیر دفعہ ۱۸۰ ضابطہ ملازمت

از

مولوی فرحت اللہ بیگ صاحب برائے شمش جج گلبرگہ شریف

اردو کا ایک مشہور شعر ہے ؎

رات بھر خوب سی پی صبح کو توبہ کر لی
رند کے رند رہے ہاتھ سے جنت نہ گئی

اس شعر کو نہ حقیقت سے تعلق ہے اور نہ مجاز سے بلکہ یہ دفعہ ۱۸۰ ضابطہ ملازمت کی توضیح ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے اس دفعہ سے فائدہ اٹھایا تھا۔ مضمون اچھا ہاتھ آگیا نظم کر دیا۔ دفعہ مذکور حسب ذیل ہے۔

"ہر ملازم سرکاری کو ۶ ماہ کی رخصت خاص بغرض حج و زیارت بعطائے سالم ماہوار پیشگی دی جا سکے گی۔" ظاہر ہے کہ وہ کونسا حج اور کونسی زیارت ہے جس میں ۶ مہینے لگیں اس لئے ہوتا یہ ہے کہ یہ لوگ پہلے تو ملازمت کی تھکن اتارنے ولایت جاتے ہیں۔ وہاں رنگ رلیاں مناتے ہیں اور واپسی میں دو ایک درگاہوں میں بھی بھانک آتے ہیں اب اس مضمون کو اوپر والے شعر سے ملا کر دیکھئے کہ میرا کہنا سچ ہے یا جھوٹ۔

جب ضابطہ ملازمت نے دلچسپی کی ایسی راہیں کھول دی ہوں تو کوئی وجہ نہیں کہ دوسرے اس سے فائدہ اٹھائیں اور میں نہ اٹھاؤں مگر اس کو کیا کیا جائے کہ یہاں کمانے والا ایک ہے اور کھانے والے بہت ہیں۔ بیوی کا ہونا تو ہر بھلے آدمی کے لئے ضروری ہے اور رہے بچے تو اس اتصال سے ان کا عدم سے وجود میں آنا ایک لازمی امر ہے۔ امیر تو گہرے دریا ہوتے ہیں اس لئے شاخیں کم نکلتی ہیں اب رہے غریب تو ان کے ہاں نیستی میں آٹا گیلا ہوتا ہے اس لئے ان پایاب دریاؤں کی اتنی شاخیں نکلتی ہیں کہ خود ان کا پانی خشک ہو جاتا ہے۔ غرض میرے لئے دو مصیبتیں تھیں ایک بیوی کی اجازت دوسرے گھر اور ولایت کے دوہرے اخراجات کا انتظام۔ مگر یہ کام دو برسوں کی محنت اور خوشامد سے کسی نہ کسی طرح آسان کر دیا۔ پہلے تو میں نے روز بیوی سے آکو کام کی زیادتی اور صحت کی خرابی کا ذکر شروع کیا اور رفتہ رفتہ ان کو یقین ہو گیا کہ بیوہ بننے میں تھوڑی کسر باقی رہ گئی ہے۔ اس کے بعد اس بیماری کے سلسلہ میں علاج کا سلسلہ ملا دیا اور سینکڑوں ڈاکٹروں کی رائے کا حوالہ دے کر ثابت کر دیا کہ یہ مرض صرف ولایت جانے سے دفع ہو سکتا ہے۔ اس کا جواب یہ ملا کہ تم ولایت جاؤ گے تو ہم کھائیں گے کیا جس کے یہ معنی ہوئے کہ تم مر گئے تو گزارہ ممکن ہے لیکن اگر ولایت گئے تو کسی طرح ہمارا گزارہ نہیں ہو سکتا۔ میں نے کہا "بیگم پہلے پچاس ملتے تھے جب گھر چلتا تھا۔ پھر سو ہوئے جب گھر چلا۔ اب تین سو مل رہے ہیں اور گھر میں وہی برکت ہی برکت ہے۔ دنیا الٹی ترقی کر رہی ہے۔ انسان کپڑوں کا ڈھکوسلا پھینک کر صحیح معنوں میں حضرت آدم کی اولاد بن رہے ہیں۔ کھانے پینے میں یہاں تک ترقی کی ہے کہ بنا سیپتی کھائے اور ٹھنڈا پانی پیئے پر اتر آئے ہیں۔ تم بھی تھوڑے دن ایسی الٹی گنگا میں تیرو اور بجائے تین سو کے پچاس ہی میں گزارہ کرو۔ تمہارے اس ایثار سے ایک غریب کی جان بچ جائے گی۔" بھلا ایسی صاف اور صحیح منطق بیوی صاحبہ کی سمجھ میں کب آسکتی تھی فرمانے لگیں کہ "جی ہاں۔ پچاس میں گزارہ ہوتا تھا مگر تھے کون میں اور تم۔ خود ہی تو ان بچوں کی مصیبت تم نے مول لی اور خود ہی اب کہتے ہو کہ اس پچاس روپے میں سارا مہینہ کاٹو"۔ اس روز میں نے اس سلسلہ کو زیادہ طول دینا مناسب نہ سمجھا چند روز کے بعد پچاس میں پچیس کا اضافہ کر کے پیمفلٹ پیش کئے۔ یہ تجویز بھی نہایت سختی کے ساتھ نامنظور ہوئی اس کے بعد سوائے اس کے چارہ نہ تھا کہ پچیس کا اور اضافہ کیا جائے اور اس کے ساتھ دہلی دکھانے کا بھی وعدہ کیا جائے یہ منتر چل گیا اور بالآخر صلح نامہ کی یہ شرائط طے پائیں کہ بیوی صاحبہ اپنی لائف کا سٹر کے ساتھ دہلی کی سیر کریں اور یہ کمترین ولایت کے مزے اڑائے اور واپسی میں مصر اور شام کی زیارتیں کر کے اور پکا مسلمان بن کر "کچ قفس ملازمت" میں پھر داخل ہو جائے۔

جب اس شکل سے خدا نے نجات دی تو رخصت حاصل کرنے کی کارروائی شروع ہوئی۔ درخواست دی گئی۔ ڈاکٹری سرٹیفکیٹ اور پاسپورٹ حاصل کئے گئے۔ یورپ کے تمام ملکوں کے علاوہ مصر، عراق، حجاز، شام، ایران غرض جتنے بچے

ملک خیال میں آسکتے تھے سب پاسپورٹ میں درج کئے گئے۔ اتنا روپیہ تو تھا۔ ہی نہیں کہ نئے کپڑے بنوائے جاتے۔ اس لئے شادی کی دو شیروانیاں نکالی گئیں ایک جاموار کی تھی اور دوسری کم خواب کی۔ یونس کے ہاں سے جرابیں جوتے رومال ٹوپیاں، سینٹ ریزر برش، کنگھا، صابن، ڈرایرز، اونی بنیان سوئٹر الا، بلا غرض کوئی سو ڈیڑھ سو کا سامان لایا گیا۔ لیکن اس کا خیال رکھا گیا کہ اس کو ولایت جانے کی اطلاع نہ ہو اور رقم کی ادائیگی ہماری واپسی پر منحصر رہے۔ پرانے دو سوٹ کشتیا درزی سے درست کرائے اور ایکسلسیر کمپنی میں پریس کرائے گئے۔ رخصت منظور ہوگئی چھ ماہ کی پیشگی تنخواہ مبلغ اٹھارہ سو روپے مل گئے۔ اس میں سے چھ سو روپے بیوی کے حوالے کر کے ان کو معہ بال بچوں کے دہلی پارسل کر دیا گیا۔ باقی بچے بارہ سو روپے جس کو یاروں سے تین سو روپے قرضہ لے کر پندرہ سو کیا گیا۔ گلک اینڈ کمپنی سے بی اینڈ او کا ٹورسٹ ٹکٹ بذریعہ رگھوناتھ مل بنکر خریدا۔ باقی روپے کے سرکلر نوٹ بنوائے اور ایک جولائی کو پونے چھ بجے شام کی گاڑی سے بمبئی روانہ ہوئے۔

بمبئی بہت لوگوں کی دیکھی ہوتی ہے۔ اس لئے اس کا حال لکھنے کی ضرورت نہیں۔ یہاں صرف دو روز رہ کر جہاز میں سوار ہوئے اور ہندستان کو دور ہی سے سلام کرتے ہوئے ولایت کا رخ کیا۔ جہاز میں خود ہم پر کیا گزری اس کی اگر صراحت کی جائے تو یہ سفرنامہ حکیم جی کا مطب ہو جائے۔ اس کا حال میں بیان نہیں کر سکتا۔ یہ کیفیت میری انتڑیوں، معدے اور حلق سے پوچھو کئی روز تک اوغ، اوغ، اوغ، اوغ کا وظیفہ صبح سے شام تک پڑھنا پڑا۔ جب کہیں جا کر اس مصیبت سے نجات ملی۔

ٹورسٹ کلاس انگریزی لفظ ہونے سے تو بہت بھاری بھرکم ہوتا ہے لیکن عملاً دیکھا جائے تو وہی تھرڈ کلاس ہے۔ ریل کے تھرڈ کلاس میں ایک سہولت ہوتی ہے کہ اس میں جتنے لوگ بیٹھتے ہیں وہ سب سمجھتے ہیں کہ ہم تھرڈ کلاس آدمی ہیں۔ مگر جہاز میں یہ آفت ہے کہ صاحب لوگ سفر تو کرتے ہیں تھرڈ کلاس میں اور اپنے آپ کو سمجھتے ہیں فرسٹ کلاس۔ مرغیوں کے ڈربے میں بند ہو کر گردن اس لئے اونچی کرتے ہیں کہ مرغ نہیں شتر مرغ معلوم ہوں خدا کسی ہندوستانی پر پی اینڈ او میں سفر کرنے کی مصیبت نہ ڈالے۔ بات کرنا اور ملنا ملانا تو کجا قریب میں کرسی بچھانے کی رواداری تک برتی نہیں جاتی۔ اگر خدانخواستہ آپ نے اپنی کرسی کسی صاحب بہادر کے پاس بچھا دی تو یقین رکھئے کہ وہ آپ کے بیٹھنے سے پہلے اپنی کرسی پرے اٹھ کھڑے ہوں گے۔ غرض بندر سوئز تک پہونچنے میں جو قلبی تکلیفیں مجھے پہونچی ہیں، وہ بیان نہیں ہو سکتیں۔ ایک دن خیال آیا کہ ان واقعات کا ایک خط ٹائمز آف انڈیا کو لکھ کر سمندر میں کود پڑوں۔ سارا دن اسی سوچ میں گزرا کاغذ پنسل لے کر اپنی ملازمت کا حساب کیا اور یہ حساب کیا کہ اگر میں اس وقت ڈوب مرا تو بیوی بچوں کو کیا پنشن ملے گی مگر پنشن کی کمی اور بال بچوں کی زیادتی نے ہمت توڑ دی اور "باہمیں مردماں بیاید ساخت" پر عمل کرنا پڑا۔ سوئز کے بعد سے ذرا جہاز کی اس ہوا میں تبدیلی ہوئی۔ کبھی کبھار کسی صاحب نے ذرا سیدھے منہ بات بھی کر لی۔ کوئی گھوسٹ میم صاحب ہم کو دیکھ کر ذرا مسکرا بھی دیں۔ کرسیاں پاس سے اٹھنی ذرا موقوف ہوئیں اور بالآخر ہمارے حقوق میں یہاں تک توسیع ہوگئی کہ ڈک کے ایک کونے میں کھڑے ہو کر اس "اعلیٰ طبقہ بنی نوع انسان" کا ناچ بھی دیکھنے لگے۔ ہاں صرف ایک صاحب بہادر بھی طرح "فرنٹ" رہے یہ صاحب یوپی میں کسی جگہ "ملازم درجہ اعلیٰ" تھے۔ اب پنشن لے کر گھر جا رہے تھے۔ بیوی مرگئی تھیں (اور ان کو مرنا بھی چاہئے تھا۔ کیونکہ ایسے شخص کے ساتھ رہ کر کوئی جی کیسے سکتا ہے۔) دو لڑکیاں ساتھ تھیں بڑی تیز و طرار تھیں۔ ہر وقت ادھر ادھر خاوند کی تلاش میں پھدکتی، پھرتی تھیں۔ کئی صاحب بہادروں پر ڈورے بھی ڈالے مگر کانٹا خالی آیا۔ ان دونوں کی نگرانی پر ایک "عمر دراز" آیا مقرر تھی۔ آگرے کی رہنے والی تھی۔ اسی بے چاری کی وجہ سے اب تک یہ کمترین بقید حیات ہے اور یہ مضمون لکھ رہا ہے ورنہ میرے "دخل فی الجنۃ" ہونے میں ذرا کسر باقی نہیں رہی تھی۔ یہ آیا بھی صاحب بہادر کے بہت خلاف تھی۔ کہا کرتی تھی کہ "صاحب۔ خدا اس بڈھے کا نوکر نہ کرے ہم لوگوں کو تو یہ آدمی سمجھتا ہی نہیں۔ پندرہ روپے تنخواہ دے کر جانتا ہے کہ گویا مجھے خرید لیا ہے۔ ان بچیوں کی محبت ہے جو اس کے ہاں پڑی ہوں ورنہ میں تو کبھی کی لعنت بھیج کر اس کے گھر سے رخصت ہوگئی ہوتی۔ اس کی میم صاحب بڑی اچھی بیوی تھی۔ ہندوستانی بیویوں سے اس طرح ملتی

کہا جاتا ہے کہ عربوں کے سوا عین کی آواز اور کوئی قوم صحیح طور پر حلق سے نہیں نکال سکتی۔ اگر جہاز پر کوئی آکر دیکھے تو معلوم ہو جائے کہ جہاز کے روانہ ہونے کے کئی دن بعد تک ہر قوم کا آدمی حرف عین کی آواز ایسی اچھی طرح حلق سے نکالتا ہے، کہ عرب بھی سنکر ششدر رہ جائیں۔

تھی گویا وہ اس کی بہنیں ہیں۔ یہ بات اس موٹے کو زہر لگتی تھی۔ کوئی دن نہ جاتا تھا جو لڑائی نہ ہوتی ہو آخر اس تکا فضیحتی (فضیحتیں) سے بے چاری کو دق ہوگئی۔ اور مرگئی مجھ کو دیکھو میں نے اس کے لئے کیا کچھ نہیں کیا۔ اس کے بچوں کو پالا۔ سارے گھر بار کو سنبھالا۔ بیوی کی حیثیت سے اس کی خدمت میں نے کی۔ مگر اس موٹے کے ذرا بھاویں نہیں۔ اب بھی جو ساتھ آئی ہوں تو ان لڑکیوں کی زبردستی سے ساتھ آئی ہوں۔ نہیں تو ہمارے صاحب تو وہ ہیں جو مجھے گنگا جی ہی میں ڈبو کر آتے۔" اس بڑھیا کی باتیں ایسی مزیدار ہوتی تھیں کہ میں گھنٹوں بیٹھا سنتا اور مزے لیا کرتا تھا اور مزا کیوں نہ آتا۔ دوست کی بھلائی اور دشمن کی برائی سننے میں مزا آتا ہی ہے۔ سوئز سے گزرنے کے بعد جب مجھے معلوم ہوگیا کہ اب ہم آزادی کی دنیا میں ہیں تو میں نے بھی اُن صاحب کو دق کرنا شروع کیا۔ جہاں وہ اپنی کرسی پر آکر بیٹھے اور میں اپنی کرسی اُٹھا کر وہیں پہونچا۔ ادھر میں بیٹھا اور اُدھر وہ اٹھے۔ لیکن آخر جاتے کہاں؟ میں بھی اُن کا ہمزاد بن گیا تھا یہ کہہ نہیں سکتے تھے کہ میں ایک ہندوستانی کے پاس بیٹھنا گوارا نہیں کرتا تھا۔ یہ کر نہیں سکتے تھے کہ ہوا کھانے ڈک پر نہ آئیں۔ آخر میں نے اُن کو زچ کر دیا۔ اور اُن کو مجبوراً ایک ہندوستانی کے پہلو میں بیٹھنا ہی پڑا۔ اس کے بعد میں نے اُن کی لڑکیوں سے اِدھر اُدھر کی گفتگو کا ڈھنگ ڈالا، اُنھوں نے لڑکیوں کو ڈانٹا۔ بھلا لڑکیاں کب سننے والی تھیں اُن کو ضد ہوگئی میں صاحب بہادر کا ہمزاد بنا تھا وہ میرا سایہ بن گئیں۔ جہاں میں ڈک پر آیا اور دونوں نے آکر گھیر لیا۔ بلا وجہ وہ قہقہے مارتیں کہ خدا کی پناہ۔ صاحب بہادر منہ سے تو کچھ نہیں کہتے تھے مگر دل میں قتل عمد یا خودکشی کی ضرور تدبیریں سوچتے ہونگے آخر ان سے نہ رہا گیا اور برنڈزی ہی پر اتر گئے۔ چلو "خس کم جہاں پاک" اس کے بعد راستہ ذرا آرام سے گزرا اور سترھواں روز تھا کہ ہم نے لندن میں نزول اجلال فرمایا۔ یہاں ہم نے کنجوسی کو اپنا رہبر اور دعوتوں کو اپنا مشکل کشا بنایا۔ آج اس کے ہاں کھانا کھایا تو کل اس کے ہاں چائے پی۔ اگر کوئی اللہ کا نیک بندہ نہ پھنسا تو "آئی تو روزی نہیں تو روزہ" پر عمل کیا یعنی ایک وقت کے کھانے پر چوبیس گھنٹے گزار دیئے۔

میں نے لندن میں کیا کیا دیکھا اور کس طرح بیس دن گزارے اس کا ذکر میں یہاں نہیں کروں گا۔ کیونکہ اس کا تعلق میرے پورے سفرنامے سے ہے جو عنقریب شائع ہونے والا ہے اور اس کو فروخت کرکے میں اپنے اخراجات سفر نکالنا چاہتا ہوں۔ نہ میں یورپ کے سفر کی کوئی تفصیل اس مضمون میں بیان کروں گا کیونکہ ان واقعات کا ابھی سے چھپوا دینا اپنے خریداروں کی تعداد کو کم کر دینا ہے۔ ہاں مختصر سے حالات لکھے دیتا ہوں تاکہ میرے سفرنامے کا اشتہار بھی ہو جائیں اور ایڈیٹر صاحب پر میرا احسان بھی رہے۔

جو لوگ یہ سوچ کر یوروپ جاتے ہیں کہ وہاں آوارگی بہت ہے وہ سخت غلطی میں مبتلا ہیں۔ وہاں آوارگی مطلق نہیں ہے البتہ سوداگری بہت ہے اور ظاہر ہے کہ سودا وہی لوگ خرید سکتے ہیں جن کے پاس ٹکے ہوں۔ اس لئے ہم جیسوں کا بلا ٹکے پیسے یورپ کا تماشہ دیکھنے جانا سخت بے وقوفی اور واپس آکر یہ غل مچانا کہ یورپ میں آوارگی بہت ہے قطعاً مفید جھوٹ ہے اب رہے پیسے والے تو ان کے لئے یورپ ہی کیا ساری دُنیا آوارہ ہے۔ یہ اچھی طرح سمجھ لیجئے کہ انگلستان کی عورتیں ہندوستانیوں کو منہ نہیں لگاتیں کیونکہ یہ گھر کے بھیدی ہیں۔ جانتی ہیں کہ یہ نالائق تھوڑے بہت روپے لے کر یہاں آجاتے ہیں اور خالی پیٹ مونچھوں پر تاؤ دیتے ہیں لیکن یورپ کے دوسرے حصوں اور خاص کر فرانس میں ہر ہندوستانی "نواب" ہے چاہے جیب میں کوڑی اور کھانے کو رزق نہ ہو۔ فرانس کے مرد ہوں یا عورت وہ آنکھیں مٹکا مٹکا کر اور ہاتھ نچا نچا کر باتیں کرتے ہیں کہ مزا آجاتا ہے۔ پیرس پہنچ کر مجھے معلوم ہوا کہ کسی غیر ملک میں جانا اور وہاں کی زبان نہ جاننا کیا مصیبت لاتا ہے۔ مگر میں نے بھی وہاں والوں کو ایسا سبق دیا ہے کہ تمام عمر یاد کریں گے میں نے سوچا کہ دنیا میں دو ہی میٹھی زبانیں ہیں۔ ایک فرانسیسی دوسری فارسی۔ فارسی میں جانتا ہوں۔ فرانسیسی نہیں جانتا۔ مٹھاس کے لحاظ سے گڑ اور شکر ایک ہی چیز ہیں اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ فارسی کو فرانسیسی میں منتقل نہ کیا جا سکے۔ یہ مجھے معلوم تھا کہ فرانسیسی میں س۔ ل اور ب (G.L.B) کے سوا جو حرف کسی لفظ کے آخر میں آتا ہے۔ وہ آواز نہیں دیتا اس کے علاوہ فرانسیسی کے دو تین الفاظ مثلاً لا (LA) لی (LE) بھی یاد تھے۔ میں نے تمام چیزوں کو ملا کر ایک زبان بنالی اور اشاروں کی مدد سے پوری طرح ہر بات کو سمجھانے کے قابل ہوگیا۔ مثال کے طور پر یوں سمجھئے کہ مجھے کسی سے یہ کہنا ہے کہ میں بازار جاتا ہوں اس کی فارسی ہوئی "می روم ببازار" "می کی" "ی" روم کا "م" اور بازار کی "ر" گرا کر اس میں لا داخل کر دیا اب یہ فقرہ فرانسیسی میں اس طرح ہوا "رولا باز"

(بقیہ ص ۲۳ پر)

گوردیال سنگھ

فنون حرب میں تحریر رمزی کا مقام



علم حربیات میں جہاں مختلف فنون سپہ گری اور صف آرائی اپنا جداگانہ اور خصوصی مقام رکھتے ہیں وہاں فن تحریر رمزی کی بھی بڑی اہمیت ہے۔ جنگ میں اسلحات، جسمانی صلاحیت، ذہانت، حزم، استقلال اور جرأت کی ضرورت ہوتی ہے۔ فن تحریر رمزی خداقت ذہنی اور ذکاوت طبع کی متقاضی ہے اور کہا جاسکتا ہے کہ ایک حد تک اسی پر فتح و نصرت کا مدار ہے۔ شعبۂ مراسلات و پیغام رسانی کے وسائل میں ایک مسلّم نیز محکم ذریعہ اور تحفظ کا ضامن ہے۔ فن تحریر رمزی کی وضاحت میں یہ کہنا مناسب ہوگا کہ یہ فنون حرب میں ایسا درجہ رکھتا ہے جیسے جسم میں روح۔ اس فن کے اصولوں کے مطابق پیغام کے متن کو کچھ متبادل علامتی تحریر کی وساطت سے اس طرح منتقل کیا جاتا ہے کہ طرفین (مراد پیغام بھیجنے والا اور پیغام وصول کرنے والا) تحریر کے مبادی موضوع سے پیش از وقت واقف ہونے کی وجہ سے سمجھ لیں۔ ان اصولوں کی مدد سے رمزی تحریر کو سطحی شکل میں از سر نو منتقل کیا جاتا ہے تاکہ خدانخواستہ اگر یہ تحریر دوران مراسلت دشمن کے ہاتھ لگ جائے تو وہ اس رمزی تحریر کے مفہوم کو سمجھنے سے قاصر رہے۔

فن تحریر رمزی کا وجود، جیسا کہ قرائن سے پتہ چلتا ہے، یونان سے شروع ہوا اور اس کے بعد کئی ارتقائی مدارج طے کرتا، مختلف اشکال و ہیئات میں ڈھلتا عہد بعہد کے تکنیکی اور علمی ذخیرہ میں کافی تقدم حاصل کر چکا ہے۔ زمانہ قدیم میں تحریر رمزی کے علم کو اہل یونان نے "Cryptography" "قرابطو غرافی" کا نام دیا، یہ اصطلاح یونانی زبان کے دو ارکان حرفی سے مرکب ہے، ان ہر دو ارکان میں سے ایک رکن "قرابطو" ہے جس کے معنی پوشیدہ یا نہاں کے ہیں اور دوسرا رکن "غرافی" ہے جس سے مراد تحریر یا نگارش ہے۔ قرابطو غرافی ارباب علم و فن میں کافی دلچسپی کا مرکز بنا رہا اور اسالیب تحریر کے مختلف ہیئتوں کو قبول و رد کرتا، اصلاح و تقدم کے میدان میں برابر جاری و ساری رہا۔

تاریخی مراجع و شواہد سے اس امر کی تصدیق ہوتی ہے کہ تحریر رمزی کا علم قدیم ترین زمانے میں بھی مروج تھا چنانچہ کتاب مقدس بائبل کے حوالے سے بیان کیا گیا ہے کہ اس فن کو محدود پیمانے پر اپنایا گیا تاکہ ملک کے پوشیدہ فوجی ٹھکانوں اور خفیہ امور کو محفوظ رکھا جائے۔ تاہم اس فن کے ناقص اور غیر مستحکم اصول اس کی کامیابی کے زیادہ دیر تک ضامن نہ رہ سکے اور اسے ایک غیر یقینی امر تصور کرتے ہوئے اس سے ہاتھ کھینچ لیا گیا کیونکہ تحریر کے انکشاف کے نتیجہ میں دشمن مستفید ہو کر ملک کو نیست و نابود کر دیتا اور اس کی تخریبی کارروائیوں کا رخ عین ایسے مقامات ہی ہوتے جن کا ذکر تحریر میں قلمبند ہوتا جبکہ یہ مقامات ایک ممتاز فوجی اہمیت رکھتے۔

علم تحریر رمزی کی تاریخی تحقیق سے متعلق یہ ذکر کیا جا سکتا ہے کہ قرابطو غرافی کے ابتدائی اور تشکیلی دور میں سب سے پہلے جس طریقے کا تتبع کیا گیا اس کا نام "Scytale Method" یعنی تحریر قضیبی تھا۔ اس اصطلاح کے ضمن میں یہ واضح ہو کہ یونانی زبان میں "Skytale" کے معنی عصا یا چھڑی کے ہوتے ہیں چونکہ

پیغام کی تحریر چھڑی پر کاغذ کی پہت کم چوڑائی رکھنے والی دھجی پہ لکھ کر چھڑی پر دھجی لپیٹنے کے بعد عمل میں لائی جاتی تھی، اس لیے اس طریق عمل کی مناسبت سے اس نام سے ہی پکارا جانے لگا۔ چنانچہ چھڑی پر منقش تحریر جسے ہم تحریر قضیبی بھی کہتے ہیں، یونان کے مشہور سپہ سالار "سپارٹن" کے ہاتھوں معرض وجود میں آئی۔ سپارٹن کا وضع کیا ہوا یہ نظام مراسلت بہت مقبول ہوا اور مقدونیہ کے سپاہ سالار پیغام رسانی اور سراغ رسانی میں اس کا عام استعمال کرنے لگے۔ یہ طریقہ بہت کامیاب رہا اور اس نے کافی فروغ پایا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ اس کی تحریر انکشاف کے عدم، لغز کی ضامن تھی اور تحریر کی دشمن کے ہاتھ لگنے پہ بھی غیر مربوط متن کو کوئی نہ سمجھ پاتا۔

"تحریر قضیبی" یا چھڑی کی تحریر کے لیے وضاحت کرتے ہوئے یقین کیا جا سکتا ہے کہ طریقہ تحریر کے لیے دو چھڑیاں جن کا طول اور قطر بالکل برابر برابر ہوتا، تیار کی جاتیں۔ ایک چھڑی ہر وقت پیغام بھیجنے والے کے پاس رہتی اور اسی طول اور موٹائی کی دوسری چھڑی جس کو پیغام بھیجنا مقصود ہوتا، کے پاس جمع رہتی۔ کاغذ کی ایک مخصوص چوڑائی والی دھجی کو ڈنڈے یا چھڑی پر لپیٹ دیا جاتا اور لپیٹنے کے بعد اس پر تحریر عمل میں لائی جاتی۔ تحریر کو عمل میں لاتے ہوئے اس امر کو ملحوظ رکھا جاتا کہ تحریر لمبائی کے رخ کی حالت پر ثبت ہو۔ پیغام کی تحریر مکمل ہو جانے پہ دھجی کو چھڑی سے اتار لیا جاتا اور قاصد کے حوالے کر دیا جاتا۔ اس طرح دھجی کے ہر چھوٹے عرض پہ غیر مربوط الفاظ پائے جاتے جن سے بحیثیت انفرادی کچھ مفہوم نہ نکل پاتا تا آنکہ اس دھجی کو چھڑی پہ دوبارہ لپیٹ کر ویسے ہی ترتیب نہ دیا جاتا۔

"فن قرابلوغرافی" کے لیے بھی ایک مروج طریق کار کے متعلق ذکر کیا گیا ہے کہ "حنطوث" نامی یونانی کو جو شاہ فارس کے دربار میں اچھے منصب پر فائز تھا۔ یونان میں مقیم اپنے داماد "ارسطا غورث" کو بغاوت بپا کرنے کی ہدایت جاری کرنے کے متعلق پیغام پہونچانا مطلوب تھا لہذا اس نے اس امر کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کہ راز کہیں منکشف نہ ہو پائے، ایک ایسے غلام کا انتخاب کیا جو اس کا مخلص اور معتمد علیہ تھا۔ پس اس غلام کا سر منڈوا دیا گیا اور اس کے سر پہ منقوط پیغام تحریر کیا گیا اور بعد ازاں اسے بال بڑھانے کا حکم دیا۔ جب کہ بال پوری لمبائی میں بڑھ گئے۔ چنانچہ جب غلام ارسطا غورث کے پاس پہنچا تو اس نے ہدایت کے مطابق اپنا سر منڈوانے اور بعد ازاں منقوط تحریر پڑھنے کی گزارش کی۔ تحریر پڑھنے پہ ارسطا غورث نے شکر آرائی کر کے فارس پر حملہ کر دیا اور تھوڑی ہی مدت میں فارس قلمرو سے یونان کی تسخیر میں آگیا۔

فن قرابلوغرافی مختلف مراحل طے کرتا، نشو و نما کے کئی ایک مختلف اصولوں میں ڈھلتا رہا تا آنکہ اہل یونان نے اس فن کی تقدیم اور پیش رفت میں ایک اور اضافی پہلو پیدا کیا اور فن کی اس شاخ کو Transposition Encipherment یعنی تحریر منقلب کا نام دیا گیا۔ اس طریق کار کی رو سے حروف تہجی کو ایک مربع شکل میں بالترتیب جمع کیا جاتا ہے۔ مربع کے راسی اور افقی اضلاع کو پانچ سطور پہ منقسم کر دیا جاتا ہے اور ان سطور پر ایک سے لے کر پانچ تک عدد تحریر کیے جاتے ہیں۔ جب کسی حرف تہجی کا عددی صورت میں انتقال مقصود ہوتا تو اس کی اعدادی صورت لکھ دی جاتی، مثلاً انگریزی کا ایک حرف تہجی 'H' تحریر کرنے کے لیے اس کی تحریر منقلب ۳۲ ہوگی۔ عدد ۳۲ کا کیسے تعین ہوا اس کی وضاحت کے ضمن میں بیان کیا جائے کہ حرف تہجی راسی ضلع میں تین عدد پہ واقع ہے اور افقی ضلع کی سطر کے عدد نمبر دو پر لہذا اس کی تحریر منقلب متبادل عدد ۳۲ ہوا کیونکہ حرف تہجی "H" ایسے مقام پر واقع ہے جہاں راسی ضلع کی سطر نمبر تین اور افقی ضلع کی سطر نمبر دو کا تقاطع عمل میں آتا ہے یا یوں کہا جا سکتا ہے، کہ جہاں وہ آپس میں ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں۔

تشریح کے لیے، ذیل کی جدول ملاحظہ ہو:

	1	2	3	4	5
1	A	F	L	Q	V
2	B	G	M	R	W
3	C	H	N	S	X
4	D	I	O	T	Y
5	E	K	P	U	Z

تاہم سپارٹن کا طریق تحریر منقلب اس طریق مربعی سے کہیں زیادہ پیچیدہ تھا کیوں کہ اس کے اپنے وضع کردہ اسلوب کے مطابق حروف تہجی کو ترتیب لکھنے کی بجائے ان کا مقام بدل دیا جاتا جس کی بنا پہ یہ منفرد اصول مروج تحریر منقلب سے بنیادی طور پر ایک مختلف حیثیت رکھتا اور اس میں کافی ذہنی کاوش درکار رہتی۔ بعد ازاں تحریر منقلب سے جس کے

مطابق حروف تہجی کو متبادل اعداد میں بدل دیا جاتا، ایک نئی وضع اختیار کی یعنی حروف تہجی کے بالمقابل کچھ غامض اور مبہم علامات ایجاد کی گئیں جو اعدادی ارقام کی جگہ مختلف موضوعہ علامتوں یا اشکال کی مظہر تھیں۔ جب کبھی تحریر رمزی عمل میں لانا ہوتی تو مطلوبہ متبادل اشکال یا علامت کا حسب قاعدہ انتخاب کیا جاتا اور اس طریق کار کے لئے Substi - tutional Encipherment — یعنی تحریر متبادل کا نام وضع کیا گیا۔

وقت کے ساتھ ساتھ اہل روم نے بھی فن قرابلوغرافی میں کافی مشق کے بعد اس میں نمایاں تغیر پیدا کیا یہاں تک کہ حروف تہجی کے بالمقابل نئے پیچیدہ متوازی حروف تہجی کی ایجاد پیغام کی تحریر رمزی کے حل میں کافی ذہنی کاوش کے سبب زحمت ثابت ہوئی۔ کیونکہ اس کے رمزی نقش کو سمجھنے کے لئے کافی وقت کے علاوہ بہت حد تک طویل وقت درکار ہوتا۔ اہل روم کے سپہ سالاروں کی تحریر رمزی کے حل ڈھونڈھنے میں متبادل رموز کو ذہن نشین کرنے کی خاطر کئی کئی راتیں گنوانی پڑتی ہیں۔ ایک سطحی صلاحیت رکھنے والا دماغ ایسے دقیق عمل کا متحمل نہیں ہو سکتا۔

ملکہ الزبتھ کے عہد حکومت میں نامور فلسفی، سائنسداں اور ماہر علوم قوانین بیکن نے فن تحریر رمزی کو کافی عروج دیا۔ اور اس میں کئی ایک نئے نقاط کا اضافہ کیا۔ اس محقق کا وضع کردہ طریق "CIPHER" کے نام سے مشہور ہوا۔ یہ اصطلاح عربی زبان کے کلمہ "صفر" کی تصحیف ہے لیکن اپنے عہد کا مسلم ماہر شمار تحریر رمزی ہے اور فن میں ایک ممتاز ترین مقام رکھتا ہے۔ اس کے مداحوں کا دعویٰ ہے کہ بیکن کے وضع کردہ اصول کے مطابق تحریر رمزی کے حل کو آسانی سے نہیں ڈھونڈا جا سکتا۔ بیکن کے اس اسلوب نے نئے نظام تحریر کی تخلیق کی جسے BILATERAL CIPHER یعنی تحریر ازدواجی کا نام دیا گیا۔ اس اسلوب کے تحت طباعت کے ہر منفرد ٹھپے پر بیک وقت برابر دو حروف نقش ہوتے ہیں۔ ان ہر دو میں ایک جلی ہوتا ہے اور دوسرا خفی ہر دو بڑے اور چھوٹے حروف کے درمیان بہت کم فاصلہ ہونے کے سبب اس کی ہیئت کا تعین نہیں کیا جا سکتا۔ ذہنی کاوش کے علاوہ اس میں بینائی پر کافی بوجھ پڑتا ہے اور بالآخر آنکھ بہت دیر تک تمیز نہ کرنے پہ تھک کر ناکام ثابت ہوتی ہے "CYPHER" کی اصطلاح کا مترادف نام کتابت سری بھی ہے۔ تحریر رمزی کا دوسرا عمل "DECIPHER" کہلاتا ہے جسے "تحلیل تحریر رمزی" کہا جا سکتا ہے۔ اور اس کی رُو سے غیر مرتبط اور غامض تحریری ترکیبوں کو اصالت متن پر منتقل کیا جاتا ہے جس سے تفہم اور ترتیب بحال ہو جاتی ہے اور متن اپنی ہیئت اصلی میں قاری کے سامنے آجاتا ہے۔ یہ تمام کام ایک خودکار آلہ معرض عمل میں لاتا ہے جسے مشین ٹائپ ایکس پکارتے ہیں اور یہ آلہ فوجی دفاعی مہموں میں انتہائی ممتاز حیثیت رکھتا ہے اور فوجی نظام میں جان سے بھی بڑھ کر عزیز رکھا جاتا ہے۔

بقیہ غبار کاروان

ہوئے بھی ایک دوسرے سے کس قدر قریب تھے۔ رام اور رحیم، کاشی و کعبہ کو یکجا کرنے کا تصور عام ہو چکا تھا جس کے امین ہمارے سنت، سادھو، فقیر، درویش اور شاعر و موسیقار تھے۔ کثرت میں وحدت کے خاکے بن رہے تھے۔ وحدت میں کثرت کو گوارا بنایا جا رہا تھا۔ افسوس اس بات کا ہے کہ یہ رنگا رنگی، یہ مروت و رواداری بیسویں صدی کے آغاز سے مسلسل درہم برہم ہوتی جا رہی ہے۔ ہم بٹ چکے ہیں۔ شاید اور بٹنے کی تیاری میں مصروف ہیں۔ انسان انسان سے بیزار ہے، دل ششدر عقل لاچار ہے تو کیوں کر بنے، ہو تو کیوں کر ہو؟

تمہیں کہو کہ گزارہ صنم پرستوں کا
بتوں کی ہو اگر ایسی ہی خو، تو کیوں کر ہو

بقیہ مرزا فرحت اللہ بیگ

اور ہاتھ سے بازار کی طرف اشارہ کر کے ادھر قدم اٹھایا لیجئے ادھر سننے والا سمجھ گیا کہ یہ شخص بازار جا رہا ہے۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ اگر آپ بھی اس طرح عمل کریں تو آپ کو ساری دنیا کے سفر میں کوئی دقت محسوس نہ ہو۔ فرانس کی صحبتیں کچھ ایسی دلچسپ تھیں کہ میری جز رسی خاک میں مل گئی، اور بلاد جہ میں قارون سے حاتم بن گیا۔ اس کا نتیجہ کیا ہوا۔ بس یہی کہ جب میں برلن پہونچا تو "بس رہے نام سائیں کا" والا معاملہ تھا۔ لیکن شکر خورے کو خدا شکر دے ہی دیتا ہے۔ جب کوئی شخص کسی نیک کام کے لئے اٹھ کھڑا ہوتا ہے، تو غیب سے اس کی مدد ضرور ہوتی ہے۔

جھلکیاں



۱۹ اپریل ۱۹۷۰ کو ممتاز ڈرامہ نویس اور ادیب امتیاز علی تاج کا لاہور کے ایک ہسپتال میں انتقال ہوگیا۔ آپ پر نامعلوم افراد نے قاتلانہ حملہ کیا تھا افسوس ہے کہ آپ زخموں سے جانبر نہ ہوسکے۔

انارکلی کے علاوہ انہوں نے اردو ادب کو چچا چھکن ایسا زندہ جاوید کردار عطا کیا تھا۔

ڈرامہ کے میدان میں تاج صاحب کو غیر معمولی شہرت حاصل ہوئی تھی۔ اسٹیج اور ڈرامہ میں ان کی دلچسپی کی وجہ سے ہی لاہور میں الحمرا تھیٹر کا قیام عمل میں آیا تھا نیز اردو ڈرامے کی ابتدائی تاریخ اور ڈراموں کے سلسلے میں انہوں نے غیر معمولی خدمات سرانجام دی تھیں مجلس ترقی ادب لاہور کا قیام اور اردو کی بلند پایہ علمی و ادبی کتابوں کی اشاعت سے اردو ادب تاج صاحب کے احسانات سے ہمیشہ گرانبار رہے گا۔ ان کی موت بلاشبہ اردو کا ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔



۲۰ اپریل ۱۹۷۰ء کو اردو کے مشہور شاعر اور فلمی دنیا کے مقبول نغمہ نویس شکیل بدایونی کا انتقال ہوگیا آپ ۵۴ برس کے تھے شکیل عوام میں بہت مقبول تھے۔ فلموں کے لئے گیت لکھنے کی وجہ سے اس مقبولیت میں مزید اضافہ ہوا اس میں کوئی شک نہیں کہ انہوں نے فلمی گیتوں کو نیا رنگ و آہنگ دیا اور ان کا معیار بلند کیا۔ ان کی بے وقت موت پر علمی و ادبی حلقے میں گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا ہے۔



ڈوگری زبان کے مشہور افسانہ نویس نریندر کھجوریہ جن کا حال میں انتقال ہوگیا مرحوم صرف ۳۵ برس کے تھے۔ ان کی جواں مرگی پر ادارہ اپنے دلی رنج و غم کا اظہار کرتا ہے



شہرہ آفاق وائلنسٹ یہودی مینوہن کو بین اقوامی مفاہمت کا جواہر لال نہرو ایوارڈ دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس سے پیشتر یہ ایوارڈ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل او تھانٹ، امریکہ کے ممتاز نیگرو رہنما مارٹن لوتھر کنگ اور ہندوستان کی آزادی کے عظیم مجاہد خان عبدالغفار خاں کو دیا جا چکا ہے۔ یہودی مینوہن ایک ماہر موسیقار ہی نہیں بلکہ بنی نوع انسان کے مشترکہ ورثے کے معتقد بھی ہیں اور آپ نے اپنی تمام صلاحیتوں کو انسانی روابط اور بین اقوامی مفاہمت کے لیے وقف کر رکھا ہے۔





۳۰ اپریل ۱۹۷۰ کو ہندوستان میں
فلم سازی کے بانی دادا
صاحب پھالکے کا صد سالہ یوم ولادت
منایا گیا۔ نئی دہلی میں منعقد تقریب
میں وزیر مملکت اطلاعات و نشریات
شری اندکمار گجرال نے بھی شرکت کی۔
دادا صاحب ۱۸۷۰ میں ناسک
سے ۸ میل دور ترمبک میں پیدا ہوئے۔
اُن کے والد راجہ شاستری پھالکے بمبئی میں ولسن کالج میں سنسکرت کے پروفیسر تھے۔ پھالکے
نے ابتدائی تعلیم ترمبک میں ہی حاصل کی اس کے بعد وہ بمبئی کے جے جے اسکول آف آرٹس میں
داخل ہو گئے اور وہاں سے انہوں نے ڈرائنگ کا کورس کیا۔ بعد ازاں وہ آرٹس اور دستکاری
وغیرہ کی تربیت کے لئے بڑودہ کے کلا بھون میں داخل ہو گئے۔ ڈرامے سے انہیں بچپن سے
ہی دلچسپی تھی اور زمانہ طالب علمی میں آپ نے کئی اسٹیج ڈراموں میں حصہ لیا۔ کچھ عرصہ
اپنے حکومتِ ہند کے محکمہ آثارِ قدیمہ میں فوٹوگرافر اور ڈرافٹس مین کی حیثیت سے بھی کام کیا۔
علاوہ بریں وہ مصوری میں بھی دلچسپی لیتے رہے۔ فلم مسیح کی زندگی دیکھنے سے اُن کی زندگی
میں ایک انقلاب برپا ہوا۔ اور انہوں نے فلم بنانے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ کچھ عرصہ وہ انگلستان
سے کتابیں اور ساز و سامان منگوا کر مطالعہ و تجربہ میں مصروف رہے اور پھر اپنی بیمہ پالیسیوں
کو رہن رکھ کر انہوں نے دس ہزار روپیہ اکٹھا کیا، اور پھر مزید تربیت کے لئے ۱۹۱۲ء میں
انگلستان چلے گئے۔

انہوں نے ہندوستان کی پہلی فلم "راجہ ہریش چندر" بھاگ چھ مہینوں میں تیار کی
اس فلم کی تیاری میں انہیں کئی مصائب کا سامنا کرنا پڑا۔ بالآخر وہ اپنے مقصد میں
کامیاب ہوئے۔ راجہ ہریش چندر کے علاوہ انہوں نے کئی فلمیں بنائیں جن میں ستیہ وان
ساوتری، لنکا دہن، شری کرشن جنم، گنگا اوتران خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔
۱۶ فروری ۱۹۴۴ء کو ناسک میں پھالکے کا انتقال ہو گیا۔

****

۱۱ اپریل ۱۹۷۰ کو ممتاز امریکی ناول نویس جان اوہارا ۶۵ برس کی عمر
میں انتقال ہو گیا

جان اوہارا نے لگ بھگ تین درجن ناول لکھے ہیں۔ ان میں "اپوائنٹمنٹ
ان سمارا"، "بٹر فیلڈ ۸"، "پال جائے"، "فرام دی ٹریس"، اور "ٹین نارتھ فریڈرکسا"
کافی مقبول ہوئے۔ آخر الذکر تصنیف پر ۱۹۵۷ء میں انہیں نیشنل بک ایوارڈ ملا تھا۔
ناول نگار ہونے کے علاوہ وہ ایک مشہور صحافی بھی تھے اور وہ اخبارات
میں مختلف موضوعات پر مضامین لکھتے تھے۔



ایک حالیہ تقریب میں صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری نے ملک کی ممتاز
شخصیتوں کو قومی اعزازات سے نوازا۔
تصویر میں ممتاز مورخ اور ادیب ڈاکٹر تاراچند کو صدر موصوف پدم
وبھوشن کا اعزاز دے رہے ہیں۔

چاندنی رات میں جھیل ڈل کا منظر



تنہا انصاری مرحوم

ہم نشیں! ہے یاد اب بھی جھیل ڈل کا وہ سماں
کر رہی تھی چاندنی موجوں سے جب سرگوشیاں
کاروانِ ماہ و انجم کے بڑھا آسماں
"ڈل"[2] کے شیشے میں اُتر کر ہو چلا تھا پھر جواں
تھا زمیں پر آسماں "ڈل" چشمِ شاعر کے لیے
طے کیے تھے عشق نے اک جست میں سب مرحلے

آسمانِ نور تھا "ڈل" "کہکشاں ہر موج تھی
قطرے قطرے پہ فدا تھی شان کوہِ طور کی
پُر خُور نشے میں فضا تھی اور ہوا بہکی ہوئی
"لانک"[1] پر تھی زمزمہ پرداز کوئی حسنِ پری
رقص فرما تھیں نسیمِ جاں فزا کی شوخیاں
یاد ہے کرتی تھیں کس کی زُلف سے گستاخیاں

اُف! وہ تابندہ جبیں ملجِ نظر افروز رات
وہ سکوں رومان پرور، وہ تغیّر بے ثبات
جیسے زد پہ حُسن کی آکر رُکی تھی کائنات
ہائے وہ اعجازِ منظر، نغمہ بن جاتی تھی بات
میکدہ بردوش وہ معصوم سیلِ رنگ و بُو
دفعتاً چھلکا دیا تھا جس نے جامِ آرزو

دُور ہم سے دھیرے دھیرے کچھ شکارے تھے رواں
اپنے پہلو میں لیے کچھ برق پارے تھے رواں
نور کے دریا پہ جیسے چاند تارے تھے رواں
یا خمارِ آگیں فطرت کے اشارے تھے رواں
کیسے بھولوں گا وہ فردوسی نظارے ہم نشیں
چاندنی میں وہ حسیں جلووں کے دھارے ہم نشیں

جگمگاتے وہ نظارے پھر بلاتے ہیں مجھے
حُسن کے چنچل اشارے پھر بلاتے ہیں مجھے
زندگانی کے سہارے پھر بلاتے ہیں مجھے
دیکھ وہ سارے کے سارے پھر بلاتے ہیں مجھے
کنولوں کی چشمِ میگوں کر رہی ہے ساحری
چاندنی میں گھل کے ڈل پر تیرتی ہے ساحری

خوبیٔ قسمت سے یہ شب بھی شبِ مہتاب ہے
عرش سے تا فرش رقصاں نورِ عالم تاب ہے
جس کے فیضانِ نظر سے آج بھی سیماب ہے

---

[1] کشمیر کی مشہور جھیل

[2] جھیل ڈل میں ایک مصنوعی جزیرہ

اور "ڈل" دیوانِ فطرت کا حسیں اک باب ہے
چاندنی مضراب لے کر آئی "ڈل" کے ساز پر
جھوم اٹھے ہیں کنول اس بے صدا آواز پر
آ چلا ہوں دور سے اے آبِ "ڈل" بہرِ سلام
فخر تجھ پر کرتے ہیں میرے وطن کے خاص و عام
تھام لیتا ہوں جگر جب لب پہ آئے تیرا نام
آ نہیں سکتا مگر تیری زیارت کو مدام
دل تو سرشار تمنا ہے مگر دامن تہی
اور مشکل ہے کہ تو نے دیکھی ہے شاہنشہی
تو سلیمانوں[1] "مہادیوؤں[2]" کا ہے لختِ جگر
رات دن تجھ پر اٹھی رہتی ہے پربت کی نظر
ہیں ترے مشتاق سب اہلِ نظر اور دیدہ ور
تیرے دم سے فکرِ رنگیں کا ہے طالع اوج پر
تیرے آئینے میں منہ آ دیکھتی ہے چاندنی
چومتا ہے تیری پیشانی کو آ کر چاند بھی
ضو فشاں ہے تیری تہہ میں ماہِ تاباں کا جمال
"چاہِ یوسف" میں ہو جیسے "ماہ کنعاں" کا جمال
آئینہ خانے میں یا حسنِ فروزاں کا جمال
یا شبستانِ ضیا میں نور یزداں کا جمال
چاندنی میں یا اتر آیا ہے تجھ میں عکسِ "تاج"
عالمِ انوار سے بھی ملتا ہے جس کو خراج
دیکھا ہے ماضی میں تو نے بادشاہوں کا وقار
جس کے پُر اسرار ہنگاموں کا ہے تو راز دار
تو ہے واقف عشق پر کرتا ہے کیسے حسن وار
گن لے رہی ہیں چاندنی میں تو نے "کیو پڈ" کے شکار
ذکر کیا اُن کا ہے خود تو گشتۂ ماہِ منیر
تیرے دل میں ہیں ترازو چاند کی کرنوں کے تیر
ہے ازل سے چاندنی کی طرح یاں تیرا مقام:
تو نے دیکھے ہیں بہت سے شہریاری بے نظام
کر چکی تاریخ اپنا کام اور قصہ تمام
ختم ہیں پچھلے فسانے آج ہے دورِ عوام
چاند بنکر روحِ "بڈشہ[3]" اب یہاں آنے لگی
نے کے یوسف[4] "حبہ خاتون" "لانک" پر گانے لگی
چاند جب ہوتا ہے لہروں پر تری گرم سفر
نور کے سانچے میں ڈھلتا ہے مرا ذوقِ نظر
چاندنی میں جھومتے ہیں غنچہ و گل دیکھ کر
وہ تری کائی زمرد یہ ترے قطرے گہر
ہے دو بالا تجھ سے ہی شانِ نشاط و شالامار
چاندنی کہتی ہے تجھ کو حسن کا پروردگار
تیرے پہلو میں مغل باغات فردوسِ نظر
آسماں لاتا ہے جن کی نذر کو شمس و قمر
گل تو گل ہیں تیا پتا جن کا ہے جادو اثر
غنچہ غنچہ ہے جہاں عنوان حسنِ کا شمر
چاندنی بنکر اترتی ہے جہاں روحِ سلیم
عطر برساتی ہے مہرو ہو کے ہم رنگِ نسیم
اک طرف تیرے کنارے خلد کی تصویر ہے
جس کے شوقِ دید میں جبرئیل بھی نخچیر ہے
اللہ اللہ رفعتیں وہ عرش دامنگیر ہے
رشکِ تقدیسِ ارم سرمایۂ کشمیر ہے
سجدہ گاہِ دل ہے صبحِ جنت انوار ہے
جس پہ قرباں صد بہارِ شام شالامار ہے
مل گئیں میرے وطن کو تیرے دم سے رفعتیں
دے چکی ہیں دل تجھے دنیا کی ساری ملتیں
رشکِ فردوس ہیں تیری ہزاروں جنتیں
لوٹتے ہیں حور و غلماں خوب تیری دولتیں
چلتے پھرتے کیمیا تیرے ہیں عجب اک شاہکار
سر عقیدت سے جھکاتا ہے جہاں دلِ بار بار

---

[1] کوہ سلیمان جس کا دوسرا نام شنکر آچاریہ کی پہاڑی بھی ہے یہ ڈل کے جنوب میں ہے
[2] ڈل کے شمال میں ایک مشہور پہاڑ ہے۔
[3] سلطان زین العابدین جسے بڈشاہ کہا کرتے تھے۔ [4] یوسف شاہ چک کشمیر کا آخری خود مختار بادشاہ [5] یوسف شاہ چک کی ملکہ [6] درگاہ عالیہ حضرت بل

⑬ ४३ सूरतुज्जुख्रुफ़ ६३ ⑬

(मक्की) इस सूरः में आयतें हैं ३६५६ हुरूफ़, ८४८ शब्द, ८६ आयतें और ७ रुकूअ हैं।

बिस्मिल्लाहिर्रहमानिर्रहीमि ●

ḥāmīm (१) wal-kitābil-mubīni (२) innā jaʿalnāhu qurʾānan ʿarabiyyal-laʿallakum taʿqilūn (३) wa innahū fī umminal-kitābi ladainā laʿaliyyun ḥakīm (४) afanaḍribu ʿankumuż-żikra ṣafḥan an kuntum qauman musrifīn (५) wa kam arsalnā min nabiyyin fil-awwalīn (६) wa mā yaʾtīhim min nabiyyin illā kānū bihī yastahziʾūn (७) fa-ahlaknā ashadda minhum baṭshanw wa maḍā maṯalul-awwalīn (८) wa la-in saʾaltahum man khalaqas-samāwāti wal-arḍa layaqūlunna khalaqahunnal-ʿazīzul-ʿalīm (९) allażī jaʿala lakumul-arḍa mahdanw wa jaʿala lakum fīhā subulal-laʿallakum tahtadūn (१०) wallażī nazzala minas-samāʾi māam bi-qadarin fa-ansharnā bihī baldatam maitā każālika tukhrajūn (११) wallażī khalaqal-azwāja kullahā wa jaʿala lakum minal-fulki wal-anʿāmi mā tarkabūn (१२) litastawū ʿalā ẓuhūrihī ṯumma tażkurū niʿmata rabbikum iżastawaitum ʿalaihi wa taqūlū subḥānallażī sakhkhara lanā hāżā wa mā kunnā lahū muqrinīn (१३) wa innā ilā rabbinā lamunqalibūn (१४) wa jaʿalū lahū min ʿibādihī juzʾā innal-insāna lakafūrum mubīnun (१५) ★ amittakhaża mimmā yakhluqu banātinw wa aṣfākum bil-banīn (१६) wa iżā bushshira aḥaduhum bimā ḍaraba lir-raḥmāni maṯalan ẓalla wajhuhū muswaddanw wa huwa kaẓīm (१७) awa man yunasysya-u fil-ḥilyati wa huwa fil-khiṣāmi ghairu mubīn (१८)



⑬ ४३ सूरतुज्जुख्रुफ़ ६३ ⑬

(मक्की) इसमें आयतें हैं ३६५६ हुरूफ़, ८४८ शब्द, ८६ आयतें और ७ रुकूअ हैं। ●

बिस्मिल्लाहिर्रहमानिर्रहीमि ।

शुरू अल्लाह के नाम से जो निहायत रहमवाला बेहद मेहरबान है।

हा-मीम (१) इस वाज़ेह (स्पष्ट) किताब की क़सम। (२) हमने उस क़ुरआन को अरबी ज़बान में रखा है ताकि (अपनी मादरी ज़बान में सरलता से) तुम समझ लो। (३) और यह (क़ुरआन) हमारे यहाँ असल किताब (लौह महफ़ूज़) में (लिखी हुई और) बड़े ऊँचे दर्जे की और हिकमत (तत्वज्ञान) से भरी है। (४) तो क्या इस वजह से कि तुम लोग हद से बाहर (मर्यादा भ्रष्ट) हो गये हो, हम नसीहत (यानी क़ुरआन) की ओर तुमसे मुख़ातिब करना छोड़ देंगे ? (५) और पहले की क़ौमों में (भी) हमने बहुत पैग़म्बर भेजे (६) और कोई पैग़म्बर उनके पास न आया जिसकी उन्होंने हँसी नहीं उड़ाई। (७) फिर हमने उनको जो इन (मक्का के काफ़िरों) से कहीं ज़्यादा ज़ोरावर थे (उनके जुल्मों के कारण) हलाक कर दिया और पहले के लोगों की मिसालें चली आती हैं।(८) और (ऐ पैग़म्बर !) अगर तुम इन लोगों से पूछो कि आसमानों और ज़मीन को किसने पैदा किया है तो (फ़ौरन) यह कहेंगे कि (इनको) उस ज़बरदस्त इल्मवाले (अल्लाह) ने पैदा किया है। (९) (ऐ पैग़म्बर ! इनसे कहो कि तो फिर यह भी ध्यान दो कि) वही है जिसने ज़मीन को तुम लोगों के लिए पालना बनाया और तुम्हारे लिए उसमें राहें निकालीं शायद तुम राह पाओ (१०) और (वही है) जिसने एक अन्दाज़े के साथ आसमान से पानी बरसाया फिर हमने ही उस (पानी) से मरे हुए ज़मीन (के एक हिस्से) को जिला उठाया, इसी तरह (हमारी ही क़ुदरत से) तुम लोग भी (ज़मीन से दोबारा ज़िन्दा) निकाले जाओगे।(११) और जिसने सब चीज़ों के जोड़े बनाये और तुम्हारे लिए नावों और किश्तियों बना दीं जिन पर तुम सवार होते हो। (१२) ताकि उनकी पीठ पर बैठो फिर जब उन पर बैठो तो अपने परवरदिगार का इहसान याद करो और कहो कि वह पाक (ज़ात) है जिसने इन चीज़ों को हमारे अधीन किया और हम इस लायक़ न थे कि उनको (अधीन) कर पकते, (१३) और हमको अपने (उसी इहसान करने वाले) परवरदिगार की ओर फिर लौट कर जाना है।(१४) और लोगों ने अल्लाह के लिये उसके बन्दों में से एक को उसका जुज़ (अंश यानी बेटा) क़रार दिया है। आदमी बेशक खुल्लमखुल्ला बड़ा ही नाशुक्रा है।● (१५) ★

क्या (अल्लाह ने) अपनी सृष्टि में से (आप तो) बेटियाँ लीं और तुम (लोगों) को बेटे चुनकर दिये (१६) और (हाल यह है कि) जब इन लोगों में से किसी को उस चीज़ की ख़ुशख़बरी दी जाती है (यानी बेटी पैदा होने की) जो अल्लाह के लिए उन्होंने ठहराई है तो (मारे अफ़सोस के) उनका मुँह काला पड़ जाता और दम घुटने लगता है।(१७) और क्या जो पलकर मैदान में गहना जाये और झगड़े के वक़्त बात तक न कह सके (वह अल्लाह की बेटी हो सकती है?)ⓑ(१८)

♦ ईसाइयों ने ३०० ईसा अ० को अल्लाह का बेटा क़रार दिया हालाँकि अल्लाह की तरफ़ इन्सानों की तरह किसी को बेटा पैदा करना या बनाना यह बात शोभा नहीं देती। † इसी तरह मक्का के मुशरिक अल्लाह के फ़रिश्तों को अल्लाह की बेटियाँ मानते व पूजते थे। दैनी देखन की बात है कि उनके (पेज ८१५ पर)

ⓑ यानी लड़कियाँ जो आम तौर से गहनों-गानों में पलती हैं और ज़ाहिर है कि वह इतनी बड़ी बात भी नहीं कर पातीं वह भला अल्लाह की औलाद बनने के लायक़ है ? यह कैसी बेवक़ूफ़ी की बात है ?

● यह हा-मीम से शुरू होने वाली सात सूरों के सिलसिले में चौथी है और ग़ाफ़िर से शुरू होने वाली सात सूरों में से दूसरी है। ये सूरतें नाज़िल हुईं जबकि क़ुरैश के ज़ुल्म ज़ोरों पर थे और रसूल स० सांत्वना दे रहे थे। अल्लाह ने (पेज ८१७ पर)

اسد ملی

ہندی اور الخط میں قرآن شریف

قرآن شریف کے متن اور معانی کو ہندی رسم خط میں شائع کرنے کی کوششیں بہت زمانے سے کی جارہی ہیں۔ اس سلسلے میں خواجہ حسن نظامی، امام الدین رام نگری و دیگر حضرات نے کچھ کام کئے ہیں۔ اس کے علاوہ جماعت اسلامی نے بھی ترجمہ قرآن مجید کا ایک ہندی ایڈیشن شائع کیا ہے۔ لیکن ایک بہت بڑا مسئلہ ان سب کے سامنے ہمیشہ یہ درپیش رہا ہے کہ عربی کے الف، ع، ت، ط، ث، س، ص، ح، ہ، ذ ز، ض، ظ، د وغیرہ کے تلفظ کو ہندی میں عربی انداز سے ظاہر نہیں کیا جاسکتا تھا۔ اگرچہ اس سے قبل ق، ن، غ کو ہندی حروف کے نیچے ایک نقطہ لگا کر ادا کیا جاتا رہا ہے،

مشابہ الصوت عربی حروف کو ہندی میں لکھے جانے کے مسئلے میں کوئی کام نہیں ہوا تھا جس کی بدولت عربی الفاظ کو ہندی میں لکھے جانے پر لفظ کے معنی کچھ کے کچھ ہوجاتے تھے۔ عربی کو ہندی میں لکھ کر صحیح طور پر پڑھا اور سمجھا نہیں جا سکتا تھا۔

جناب نند کمار اوستھی جو شاعر، ڈرامہ نویس، مترجم اور کئی زبانوں کے عالم ہیں نے بیس سال کی مسلسل کوشش و کاوش کے بعد ان مشابہ الصوت حروف کے لئے ہندی رسم الخط میں ہر آواز کے لئے علیحدہ علیحدہ حروف



پنڈت نند کمار اوستھی



احمد علی

مقرر کئے اور ان میں خاص علامتیں قائم کی ہیں۔ نیز قرآن مجید کے سلسلہ کے کاموں کی نزاکتوں اور ذمہ داریوں کو سمجھ کر اس راہ کی مشکلات پر عبور حاصل کیا ہے انہوں نے رموز اوقات، آیات، رکوع، منزل، ربع، نصف، ثلث، ہمزہ، وصل وغیرہ کے لئے نشانات مقرر کئے ہیں۔ جن سے عربی کے وہ حروف جو عربی زبان کی ہی خصوصیت ہیں زیادہ سے زیادہ حد تک ادا ہو سکے ہیں۔ اب صحیح تلفظ کے ساتھ قرآن مجید کی ہندی میں بھی تلاوت ہو سکتی ہے۔

قرآن مجید کو ہندی رسم الخط میں کامیابی کے ساتھ لکھنے صحیح طور پر پڑھنے کی یہ کامیاب کوشش ہر ہندوستانی کے لئے باعث فخر ہے۔

پنڈت نند کمار اوستھی کے اس گراں قدر کارنامے کے تین اہم حصے ہیں۔

پہلا تو یہ کہ انہوں نے قرآن مجید کے اصل متن کو عربی میں بلاک نواکر ہر صفحہ پر اتنا ہی دیا ہے جتنا ہندی رسم الخط میں لکھا گیا ہے۔ اس سے عربی اور ہندی دونوں زبان جاننے والے ہر آیت کی تصدیق کر سکتے ہیں۔ دوسرا یہ کہ انہوں نے قرآن مجید کا ہندی ترجمہ بھی چھاپا ہے۔ یہ ترجمہ نہ جدید و ثقیل ہندی ہے نہ قدیم اردو بلکہ عام فہم ہندوستانی زبان میں ہے۔ اس ترجمے کی بنیاد شاہ عبدالقادر دہلوی کے قدیم و مستند ترجمہ پر رکھی گئی ہے۔ اور اس کے علاوہ بھی اردو اور انگریزی کے دیگر مستند تراجم کو بھی پیش نظر رکھا گیا ہے۔ اردو داں طبقہ اس ترجمہ کو بلا تکلف سمجھ سکتا ہے۔

تیسرا اور سب سے اہم حصہ وہ ہے کہ انہوں نے قرآن شریف کے متن کو دیوناگری رسم الخط میں اس طرح لکھا ہے۔ کہ وہ صحیح طور پر پڑھا جا سکتا ہے اس میں جو اضافے کئے ہیں اور اصطلاحات مقرر کی ہیں اس کو بہ آسانی سمجھنے کے لئے گیارہ صفحات پر مشتمل ایک مفصل پیش لفظ میں اشارات و اصطلاحات کی مدد سے پڑھے جانے کا طریقہ دیا ہے۔ جس کو سمجھ کر پڑھنے کے بعد قرآن شریف کو عربی تلفظ سے پڑھنے میں دشواری نہیں ہوتی۔

اگرچہ کسی بھی علمی کوشش کو حرف آخر نہیں کہا جا سکتا ہے تاہم یہ ایک ایسا کام ہے جس کے ذریعے خدا کے کلام کو اور اس کے پیغام کو ان لوگوں تک پہونچایا جا سکتا ہے جو ہندی کے سوا اور کوئی زبان نہیں جانتے۔ اس دور میں اس کی اہمیت اس لئے بھی زیادہ ہے کیونکہ مسلمان بچے اور نوجوان بھی ہندی کا بڑے پیمانے پر مطالعہ کر رہے ہیں۔ قرآن کیا ہے؟ کہاں سے آیا؟ سبب نزول کیا ہے۔ اس کی افادیت پر اگر چند صفحات کا اور اضافہ کر دیا جاتا تو کتاب کی افادیت میں مزید اضافہ ہو جاتا۔

تلفظ، ترجمے اور اس کے تفسیری نوٹس صحیح ہیں۔ یہ مستند ترجموں اور تفسیروں کے مطابق ہی ہیں۔ یہ قرآن شریف بھون انی پرکاشن ۱۰۹ رانی کٹرہ لکھنؤ نے شائع کیا ہے اس کا ہدیہ پینتیس روپیہ ہے۔



اسلم آزاد

وقت بے وقت ہر اک بات پہ لڑنے والو
یاد آتے ہو بہت ہم سے بچھڑنے والو

یوں سرِ راہ گزر دھول اُڑاتے کیوں ہو
کہیں مٹی میں نہ مل جاؤ اکڑنے والو

پہلے پیشانی سے اپنی تو پسینہ پونچھو
داغِ رسوائی مرے ماتھے پر جڑنے والو

مٹ نہ جائیں کہیں ہاتھوں کی لکیریں
کچھ پتہ ہے تمہیں اے ہاتھ رگڑنے والو

بزدلی چھوڑ کمیں گاہ سے باہر آؤ
دشمنی کے بھی کچھ آداب ہیں لڑنے والو

سعی ناکام پہ کیوں اپنی خفا ہوتے ہو
بھاگتے سائے کو ہاتھوں سے پکڑنے والو

ہیں بوسیدہ عمارت کے پلستر کی طرح
تم بکھر جاؤ گے خود ہم سے اکڑنے والو



آفتاب شمسی

زخم روشن ہوا زخموں کے کنارے چمکے
افقِ ذہن پہ پھر چاند ستارے چمکے

وہی تنہائی کے صحرا میں ہجومِ افکار
تیرے اک جانے سے سب درد کے مارے چمکے

کوئی تشکیل نہیں کرتا خلاء میں قصّے
بارہا تیری نگاہوں میں اشارے چمکے

مہرِ خاموش تھی ہونٹوں پہ سرا ک لمحے کے
رات جب اشک اُن آنکھوں کے کنارے چمکے

پیاسی دوندیوں کے سنگم کی تمنا تھی ہمیں
اور جب دیکھا تو دو خون کے دھارے چمکے

ہم تو سمجھے تھے کہ اب کچھ نہیں خاکستر میں
آج تو راکھ میں دل کی بھی شرارے چمکے

خواب کی آس پہ آنکھوں کو رکھو بند ابھی
عین ممکن ہے وہ زلفوں کو سنوارے چمکے



غلام مرتضیٰ راہی

حرف مہمل ہوں اگر میں تو مٹانے دے مجھے
اپنا دامن تو کسی طرح بچانے دے مجھے

جستجو، صبر طلب ہے تو کوئی بات نہیں
ٹھوکریں کھاتے ہوئے راہ پہ آنے دے مجھے

حال میرا جو ہوا شہرِ تمنا میں، نہ پوچھ
آئینہ لا کہ ذرا خاک اُڑانے دے مجھے

ابھی طوفان مرے گرد ہی منڈلاتا ہے
اک چراغ اور سرِ راہ جلانے دے مجھے

اور سمتیں کہیں گمراہ نہ کر دیں مجھ کو
اپنے ہاتھوں کی لکیروں پہ ہی جانے دے مجھے

دُور سے ہی مری تصویر بھلی لگتی ہے
دیکھنے والوں کی خاطر میں تو آنے دے مجھے

ذرّہ ذرّہ مری تصدیق کرے گا راہی
اپنی آواز تو صحرا میں اُٹھانے دے مجھے



دیارِ گلستاں میسور

خالد عرفان

ریاست میسور کی شہ رگ تو شہر بنگلور ہے لیکن شہر میسور، دارالسرور ہے، اس لیے بھی کہ ایک طرف فطرت نے اس کو حسن اور خوشگوار آب وہوا کی دولت سے مالا مال کیا ہے تو دوسری طرف ریاست کے فیاض حکمراں اور دانش ور وزیروں نے ریاست کے اس سب سے بڑے نہ سہی لیکن قدیم تاریخی شہر کی ٹوک پلک سنوارنے اور آرائش جمال میں بڑی تندہی اور دلچسپی دکھائی ہے۔

میسور ام البلاد نہیں ہے۔ نہ ہی روم کی طرح ایک ہی دن میں بنا ہے۔ اس کی بنیاد دہت عرصہ پہلے رکھی گئی اور ایک چھوٹے سے گاؤں نے رفتہ رفتہ شہر کی صورت اختیار کی ہے۔ آج اس کا رقبہ کوئی بیس مربع میل سے زیادہ ہے اور اس کی آبادی تین لاکھ سے تجاوز کر گئی ہے۔ دیگر تاریخی وایم شہروں کی طرح اس کی بنیاد کی بھی ایک روایت ہے جس کا اندازہ اس کے نام سے ہی لگ جاتا ہے۔ دراصل میسور کنڑ زبان کے دو لفظوں کا مجموعہ ہے۔ "مائی سا" سنسکرت لفظ "مہیش" کی مقامی زبان کی صورت ہے جس کا مطلب ہے بھینس۔ اور "اُورُو" کا مطلب نکلتا ہے گاؤں۔ اسی طرح نام سے اس واقعہ کی نشان دہی ہوتی ہے۔ جس سے اس شہر کو منسوب کیا جاتا ہے۔ کہتے ہیں اس علاقہ میں ایک راکشس رہتا تھا جس کا سر بھینس کا تھا اور جسم آدمی کا۔ اس کو "مہیشا سورا" کہا جاتا ہے۔ اس نے اطراف واکناف میں تباہی مچا رکھی تھی۔ آخر چامنڈی دیوی کو اپنے مقتدروں پر رحم آگیا اور دیوی نے ایک بھیانک لڑائی میں اس دیو کا خاتمہ کر کے انہیں اس عذاب سے چھٹکارا دلایا۔ اسی واقعہ کی یاد میں آبادی کا نام "مہیشو سورا پورا" رکھا گیا جو آگے چل کر میسور بن گیا۔ جس طرح رفتہ رفتہ نام حسین بنا اسی طرح شہر بھی حسین بنتا گیا۔ اس قدر کہ اس کو آج بجا طور پر "گارڈن سٹی آف انڈیا" یعنی "دیارِ گلستاں" کہا جاتا ہے۔



مہیشو سورا - راکشس

کھلی کشادہ سڑکیں، سڑکوں پر دُور دیہ گھنے سایہ دار درخت، مکانی دروازے خوبصورت چوراہے، مہاراجوں کے بگھیر جیسے، پھولوں کی کیاریاں اور فوارے ہر کسی کا دل موہ لیتے ہیں۔ کرزن پارک، نشاط باغ، پتلی پارک، کانت راج اڑس پارک ۔۔۔ جیسے پارکوں میں پھولوں کی کیاریوں سے گھرے سبزے کے تختوں پر بیٹھ کر بڑی فرحت محسوس ہوتی ہے۔

اس حسین شہر کی سیر کا لطف پیدل چل کر ہی آتا ہے یوں تانگے کی سواری بھی کی جاسکتی ہے۔ ان تانگوں کو یہاں "شاہ پسند" کہا جاتا ہے یہ مضبوط بھی ہوتے ہیں اور آرام دہ بھی، لیکن ہوتے صرف تین سواریوں کے لئے ہیں۔ دور دراز کے مقامات کی سیر کے لئے ٹیکسی بھی مل جاتی ہے لیکن اُن کی کثرت نہیں! اور اس کی تیز رفتاری میں وہ لطف کہاں جو پیدل چل کر ملتا ہے۔ یہ اس لئے بھی ضروری ہے۔ کہ یہاں زندگی بھاگتی ہے نہ دوڑتی ہے۔ بس چلتی رہتی ہے۔ ایک بے فکرے چرواہے کی مانند جس کو اپنی بھیڑوں کے کھو جانے کا بالکل اندیشہ نہیں ہوتا بہت سے لوگ اسی سکون اور بے فکری کی خاطر میسور میں سکونت اختیار کئے ہوئے ہیں ان لوگوں میں علم دوست اصحاب بھی شامل ہیں اور ریسرچ کرنے والے ذہین دماغ بھی۔ اس طرح میسور چاہے نئی زندگی، نئے شعور کا سرگرم مرکز نہ سہی لیکن پختہ شعور اور سنجیدہ ذہن کی پناہ گاہ ضرور ہے۔

پڑھنے پڑھانے کی بات چلی ہے تو یہاں کی لائبریریوں کو نہیں بھلایا جاسکتا۔ ان میں مہاراجہ آرٹس کالج سے ملحقہ قدیم یونی ورسٹی لائبریری مقدم ہے اس کے قریب ہی دو اور مشہور کالج ہیں ۔۔۔ یُوراجا سائنس کالج اور مہارانی کالج فارورڈ نیس یہ لائبریری ریاست کی بڑی لائبریریوں میں سے ہے۔ قدیم و جدید مخطوطات اور دستاویزی حیثیت رکھنے والی بیش بہا تحریروں کے لئے یہ لائبریری ایک لاجواب مخزن ہے۔ خود دکنی اُردو کے مخطوطات کی تعداد ایک ہزار بتائی جاتی ہے جن میں نایاب مثنویوں کے علاوہ حضرت خواجہ بندہ نواز اور دیگر صوفی حضرات کا کلام بھی شامل ہے۔ کہا جاتا ہے کہ سنسکرت زبان کی جو تحریریں اور مخطوطات یہاں محفوظ ہیں وہ ملک کی کسی دوسری لائبریری میں نہیں ملتے۔ کنڑ زبان ہی کی پانسو سے زیادہ ایسی قدیم تحریریں محفوظ ہیں۔ ایک ہی کتاب کی مختلف خطوں میں نقل بھی پائی جاتی ہے۔ مثلاً ہرشاچرتر کی ایسی کوئی بیس نقلیں موجود ہیں یہاں ایسی تاریخی دستاویزی حیثیت کی حامل تحریریں بھی محفوظ ہیں جو قرب و جوار کے تاریخی مقامات مثلاً ٹمکور ضلع کے سرا نامی مقام سے برآمد کی گئی ہیں۔ سرا کبھی ریاست کا صدر مقام اور فوجی چھاؤنی تھا۔ سنسکرت، عربی، ٹمل کی کئی انمول اور نادر کتابیں موجود ہیں جن سے تحقیقی کام میں بڑی مدد لی جاسکتی ہے۔ ان کے علاوہ کئی ایسے کتبے بھی موجود ہیں جن کے ذریعہ ڈراوڈی رسم الخط کے ارتقا کا پتہ چلایا جاسکتا ہے Indology میں تحقیقی کام کرنے والوں کے لئے یہاں کافی مواد ہے۔

اس کے علاوہ ارباب ذوق کی ذہنی تسکین کے لئے دو اور کتب خانے موجود ہیں۔ ایک تو ہے پبلک لائبریری اور دوسری اورینٹل لائبریری موخرالذکر کتب خانہ ملکہ وکٹوریہ کی جوبلی کی یادگار ہے اور اس میں سنسکرت اور کنڑ زبان کے بیش بہا نادر اور قدیم قلمی نسخے محفوظ ہیں۔ اس ادارے کے زیر اہتمام سنسکرت زبان کی تعلیم کا خصوصی انتظام کیا گیا ہے۔ دیواروں کی اندرونی اور بیرونی سطح پر بارہ ایسے کتبے بھی لگے ہوئے ہیں جن پر وجیانگر، ہوئسیلا چالوکیہ چولا اور نولمبا دور حکومت کی تحریریں کندہ ہیں۔ اسی طرح شاہی کتب خانے میں بھی قدیم مخطوطات کا بیش بہا ذخیرہ موجود ہے کنڑ زبان کی قدیم شاعری کے کئی گرانمایہ نسخے بھی شامل ہیں جن میں مذہب سے لے کر فلسفہ تک بحث کی گئی ہے۔

پوسٹ گریجویٹ تعلیم کے لئے شہر سے قریب ہی ایک پرفضا مقام پر میسور یونی ورسٹی کا کیمپس تعمیر کیا گیا ہے۔ نام ہے۔ مانس گنگوتری (علم کا چشمہ) مانس گنگوتری کا کتب خانہ آج یہاں کا بہترین کتب خانہ ہے۔ اس میں دو لاکھ کے لگ بھگ کتابوں کے علاوہ مخطوطات و نادرات کا بیش بہا خزانہ پایا جاتا ہے

ایک اور تعلیمی اور ریسرچ کا ادارہ جو براہ راست مرکزی حکومت کی زیر نگرانی ترقی پذیر ہے وہ سنٹرل فوڈ ٹکنالوجی کل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ہے جو ایشیا بھر میں اپنی طرز کا واحد ادارہ ہے جہاں غذا اور خوشونما کے مختلف مسائل پر بڑی تندہی اور توجہ کے ساتھ تحقیقات کی جاتی ہیں۔ پچھلے دنوں یہاں ایک ایسی غذا تیار کی گئی جو چین بھارت لڑائی میں ہمالیہ کے سرد یخ علاقوں میں کارآمد ثابت ہوئی تھی۔

بنگلور کی طرح میسور صنعتی شہر نہیں ہے لیکن دوسرے تاریخی شہروں کی طرح ترقی کی دوڑ میں پیچھے نہیں رہ گیا ہے۔ یہاں کئی قدرتی وسائل پائے جاتے ہیں جن کو کام میں لاکر بہت جلد اس کو صنعتی مرکز بنایا جاسکتا ہے۔ میسور کے اردگرد ایسے صنعتی مرکز ہیں جن سے ان کی اہمیت کا پتہ چلتا ہے

کشمیر سلک کی طرح میسور کا ریشم بھی کافی مشہور ہے۔ یہاں کی گورنمنٹ فیکٹری میں تیار کی گئی ریشمی ساریاں اور دیگر کپڑے دور دراز مقامات کو بھیجے جاتے ہیں۔ صندل کا تیل حاصل کرنے کا سرکاری کارخانہ مشہور زمانہ ہے۔

میسور کی دستکاری مشہور ہے۔ یہاں ہاتھی دانت اور صندل اور گلاب کی لکڑی پر بڑی نفاست، نزاکت اور خوشنمائی سے کام کیا جاتا ہے اور ان نازک اور سبک لیکن پائدار اشیاء کی بڑی مانگ ہے اس کے علاوہ لکڑی کے کھلونوں اور مرصع سازی کے لئے بھی میسور مشہور ہے۔ یہاں کے مشہور مرصع ساز



میر شوکت علی

جناب میر شوکت علی کو چند سال پہلے صدر جمہوریۂ ہند نے اعزاز سے نوازا تھا۔

میسور تاریخی شہر ہے۔ ہر تاریخی شہر کی طرح اس پر عظیم ماضی کی چھاپ ہے اور اس عظمت و سطوت کے نشان یہاں کے محلوں میں ہی نہیں، شہر کے چپہ چپہ پر ملیں گے۔ میسور کی تعمیر میں اینٹ اور چونے کے ساتھ وقت اور طویل ریاضت کے علاوہ حکمرانوں کی دولت اور ان کے قابل وزیروں کی دور اندیشی کا بڑا ہاتھ رہا ہے۔ نہ یہ وڈیر خاندان کے راجاؤں کا صدر مقام ہوتا نہ یہاں محل تعمیر ہوتے۔ نہ حکمرانوں کو سر مرزا اسمٰعیل، سر بم و سویریا، اور مادھو راؤ جیسے دیوان ملتے نہ شہر کی اس خوبصورتی اور حسن میں چار چاند لگتے۔ ان محلوں میں سب سے شاندار تو ریاست کے سابق حکمرانوں کا رہائشی محل ہے جو شہر کے بیچوں بیچ قدیم قلعہ کی حدود میں تعمیر کیا گیا ہے۔ یہ محل فن تعمیر اور سنگ تراشی کے علاوہ حسن مصوری اور حسن آرائش کا جیتا جاگتا نمونہ ہے۔ حالانکہ عمومی طور پر اس کی تعمیر میں ہند اسلامی طرز کا خیال رکھا گیا ہے لیکن اس کے حاشیئے گگرلیوں اور طاقوں کی آرائش مکمل طور پر مولیدی طرز تعمیر کی ہے۔ جس طرح بالکونی، چھتے اور غلام گردشوں کے ذریعہ عمارت کو تقسیم کیا گیا ہے اس سے روشنی اور سایئے کا بڑا حسین امتزاج ہوتا ہے۔



لالت محل

چامنڈی پہاڑی کے دامن میں سطح سمندر سے کوئی ڈھائی ہزار فیٹ کی بلندی پر باغوں اور چمن کے درمیان یہ خوبصورت عمارت ایک نگینہ کی طرح دمکتی ہے۔ یہاں سے شہر کا نظارہ بڑا دلفریب ہوتا ہے۔ کبھی اس محل کو شاہی مہمان خانہ کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا تھا۔

جگن موہن پیلیس کو میسور کا سالار جنگ میوزیم کہا جا سکتا ہے، حالانکہ یہ کسی فرد واحد کی کوششوں کا نتیجہ نہیں۔ یہ نہ صرف مصوری، فوٹوگرافی اور دیگر فنون لطیفہ کے انمول شاہ کاروں کے علاوہ عجائبات کا میوزیم ہے بلکہ کئی تاریخی قدر و قیمت والی نادر اشیاء کا مخزن بھی ان عجائبات میں ٹیپو سلطان کے عہد کی چھینٹ چودھویں صدی کے راجہ بیدرانے کے زمانے کے وہ نادر کنول جن کی پنکھڑیوں پر اس خاندان کے راجاؤں کا حال کندہ ہے اور ہاتھی دانت کا ایک نایاب نقش وغیرہ شامل ہیں۔ قدیم کشمیری شالوں کی تعریف تو سننے میں آتی ہے لیکن یہاں ایسی دو شال محفوظ ہیں جن کی تیاری میں کہا جاتا ہے، عمریں بیتی ہیں۔ اور دعویٰ ہے کہ یہ چار نسلوں تک چلیں گی۔ یہاں کے چترشالہ میں مصوری کے شاہ کار پائے جاتے ہیں۔ خصوصاً مشہور زمانہ فنکار مہاراج روی ورما کے فن کے بہترین مظاہر یہاں جاذب نظر و توجہ ہیں۔

یہاں کا سینٹ فلومینا چرچ پورے جنوبی ہند میں مشہور ہے اور کافی وسیع و عریض ہے۔ یہاں بھی فن مصوری کے نمونے دیکھنے کو ملتے ہیں۔ مساجد میں کمانی دروازے کی مسجد اور مسجد اعظم تاریخی اہمیت کی حامل ہیں۔

ایک اور تفریحی مقام ہے چڑیا گھر۔ یہ بذات خود ایک باغ ہے جہاں شیر، ہوا دریائی گھوڑا، سارس کے جوڑے، ہوں کہ مور کے، بندر، ہوں یا زرافے تمام ملکی اور غیر ملکی جانوروں، پرندوں اور چند حشرات الارض کو ان کے فطری

ہے۔ شاندار ماضی اور ثقافت سے وابستگی کا اظہار بھی آئے دن ہوتا رہا ہے یہاں تک کہ شاہراہوں کے نام بھی اس کے مظہر ہیں۔

میسور کی خوبصورتی میں فطرت نے بڑی فیاضی سے کام لیا ہے۔ طلوع آفتاب کے وقت بادلوں میں ملفوف، غروب آفتاب کے وقت شفق کی سرخیوں سے مزین اور جگمگاتے تاروں کی چھاؤں میں رات کی آغوش میں سوئی ہوئی ہری بھری سنہری اور بھوری پہاڑیوں کے پس منظر میں شہر ایک ایسی حسینہ لگتا ہے۔ جس کی محافظ یہی پہاڑیاں ہیں۔ ان پہاڑیوں میں چامنڈی ہلس کو میسور شہر سے خصوصی نسبت حاصل ہے۔ کوئی ساڑھے تین ہزار فیٹ کی بلندی پر شہر سے تین میل پرے ان پہاڑیوں پر ان ہی چامنڈی دیوی کا مندر ہے جنہوں نے مہیشا سورا کو ہلاک کیا تھا۔ دراصل چامنڈی دیوی، شیوجی کی بیوی ہیں اور جن کو پاروتی یا درگا دیوی کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے چامنڈی دیوی شاہی محل کی دیوی ہیں اور اس طرح اس مندر سے حکمرانوں کا خاندانی تعلق رہا ہے۔ اسی پہاڑی پر مہیشا سورا کا مجسمہ بھی لگا ہوا ہے جس کے ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے میں اژدہا ہے۔

پہاڑی پر جانے کے لئے پختہ تارکول کی سڑک تو ہے ہی لیکن پیدل جانے والوں کے لئے سیڑھیاں بھی تراشی گئی ہیں جن کی تعداد ایک ہزار ہے اور جن کے ذریعے سے اوپر جانے والے یاتریوں کو آدھے فاصلے پر نندی کے درشن ہوتے ہیں۔ نندی دراصل ایک بہت بڑی چٹان میں تراشے ہوئے بیل کا بت ہے جس کی لمبائی کوئی ۲۵ فٹ اور اونچائی ۱۶ فیٹ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اب سے کوئی ۲۹۵ برس پہلے اس کو صرف ایک رات میں تراشا گیا تھا۔ اور وہ اس وقت کے فرمانروا ڈوڈا دیوا راجا کی دیوی کے چرنوں میں بھینٹ تھی۔ اس جسمے میں رسیوں، زنجیروں اور گھنٹیوں کو بھی اس خوبی سے تراشا گیا ہے کہ سترھویں صدی کے فن سنگ تراشی کا بہترین مظہر قرار دیا جا سکتا ہے۔

پہاڑی پر ایک چھوٹا سا محل لیتا دری Lalitadri کے نام سے بنا ہوا ہے اور یہ پکنک سینٹر ہے

دسہرہ کے تیوہار کے فوراً بعد پونم کی رات، روشنیوں سے مزین فضا میں چامنڈی دیوی کا رتھ نکالا جاتا ہے تو لگتا ہے کہ الف لیلہ کی کوئی رنگین رات زندہ ہو کر سامنے آگئی ہے دیوی کے درشن کے لئے دور دراز سے ہزاروں عقیدت مند کشاں کشاں چلے آتے ہیں۔ دسہرہ یہاں کا سب سے بڑا تیوہار دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ دراصل دسہرہ دس راتیں ہیں جو پاروتی یا درگا دیوی کی یاد میں منائی جاتی ہیں۔ ظاہر بات ہے میسور میں اس تیوہار کا



سینٹ فلومینا چرچ میسور

ماحول میں رکھنے کی کوشش کی گئی ہے یہیں ایک میوزیم بھی ہے جس کا ماحول ہر میوزیم کی طرح ماضی کی اڑی اڑی خوشبوؤں سمیت بوجھل سا ہے پھر بھی اس کی تاریخی اہمیت مسلم ہے۔

شہر میسور اپنی رواداری کے لئے بہت مشہور ہے۔ نہ صرف یہاں کے حکمراں رواداری کی زندہ مثال رہے ہیں بلکہ یہاں کے لوگ بھی۔ دربار میں ہر مذہب و ملت کے لوگوں کی بازیابی کے علاوہ ان کی مناسب قدر افزائی دورِ حکومت کا طرۂ امتیاز رہا



مسجد اعظم میسور



چاموندی دیوی کا مندر

تعلق چاموندی دیوی سے ہے۔ راجاؤں کے زمانے میں اس تیوہار کے موقع پر جشن شاہی منایا جاتا تھا۔ شاہی محل پر بہار چھا جاتی۔ سجا سنوار کر جب چراغاں کیا جاتا تو لگتا کہ تاروں بھرا آکاش دھرتی پر اُتر آیا ہے۔ ان ہی دنوں دربار لگتا اور مہاراجہ زرّیں تخت پر جلوہ افروز ہوتے۔ اس کے علاوہ شاہی ہاتھی پر مہاراجہ کا جلوس دلہن جیسے سجے سجائے شہر کی شاہراہوں پر سے گزرتا تو عجیب سماں بندھ جاتا۔

دسہرہ کی ایک اور خصوصیت نمائش ہے جو مخصوص عمارت میں ہر سال اس موقع پر لگتی ہے۔

شہر میسور کی سیر مضافات کے دو مقامات کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔ ان میں سے ایک حضرت حیدر علی اور حضرت ٹیپو سلطان شہید کا گرمائی مستقر سری رنگ پٹن ہے جو شہر سے نو میل کے فاصلے پر بنگلور، میسور روڈ پر واقع ہے۔ یہاں ان حریت پسند جنگ آزادی کے اولین سپاہیوں کا قلعہ اور محل واقع ہیں اور یہیں ان کے مزار بھی ہیں۔ حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ کے زمانے کی بنی ایک یادگار مسجد کے علاوہ ان کا وہ محل دیکھنے کے قابل ہے جس کو دریا دولت باغ سے موسوم کیا جاتا ہے اور جہاں



مقبرہ حضرت ٹیپو سلطان شہید

وہ گرمی کے دنوں میں قیام پذیر ہوتے تھے۔ اس محل کو زمین دوز نہروں کے ذریعہ ٹھنڈا رکھا جاتا تھا۔ ان نہروں میں قریب بہنے والے دریائے کاویری سے پانی لیا جاتا تھا۔ آج اس محل کی حیثیت آثار قدیمہ کی ہے اور اس کی دیواروں پر میسور کی جنگوں کے مختلف مناظر دکھائے گئے ہیں۔ اس عہد کی چند نادرات بھی نمائش کے لئے رکھی ہوئی ہیں۔

سری رنگ پٹن کی اہمیت کی اور وجوہ بھی ہیں۔ یہاں آکر دریائے کاویری دو شاخوں میں بٹ جاتا ہے جو پورے شہر کو اپنے حلقے میں لے کر پھر سے مل جاتی ہیں۔ ان کے سنگم پر غسل کو مقدس سمجھا جاتا ہے اور یہ تفریحی مقام بھی بن گیا ہے۔ سری رنگ پٹن اصل میں سری رنگا سوامی کا گاؤں ہے جن کا یہاں ایک قدیم مندر ہے۔ یہاں آج کل سال میں دو مرتبہ میلہ لگتے لگا ہے۔ سری رنگ پٹن سے دس پندرہ میل آگے ریاست کی مشہور Bird Sanchery



شاہی محل میسور دسہرے کے موقع پر چراغاں کیا گیا احاطہ میں مندر ہے جس پر بھی گنبد لگے ہیں

رنگین تھتو ہے۔

ریاست کی کاشتکاری کا بیشتر انحصار دریائے کاویری پر ہے۔ جنوبی ہند کے اس بڑے دریا کے پانی کو میسور سے کوئی بارہ میل کے فاصلے پر کرشنا راج ساگر کے مقام پر کوئی پونے دو میل لمبا بند باندھ کر کوئی سوا لاکھ ایکڑ زمین کی آب باشی کا انتظام کرنا انجینرنگ کا ایک عظیم کارنامہ ہے دراصل اس بند کی بنیاد حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ نے شمسی سال کے مطابق ۱۲۲۱ میں ایک بہت ہی شبھ گھڑی میں رکھی تھی جس کا حوالہ بند سے باہر لگے سنگین کتبے میں تفصیل سے فارسی زبان میں کندہ ہے۔ کاشتکاری کے لئے اس بند کا مقام ریڑھ کی ہڈی کی مانند تو ہے لیکن اس کی ایک اور امتیازی خصوصیت اس سے ملحقہ برندادون گارڈن ہے جہانگیر نے شالیمار باغ کو دیکھ کر کہا تھا۔

"اگر فردوس بر روئے زمیں است
ہمیں است و ہمیں است و ہمیں است



برندادون گارڈن

برندادون دیکھ کر بے اختیار یہی الفاظ زبان پر آجاتے ہیں۔ رنگا رنگ پھولوں کے تخموں اور فواروں، سبزے کے قطعوں، مصنوعی جھیلوں سے آراستہ اس پارک کو پریوں کا دیس کہا جاسکتا ہے۔ شام کو جب چراغاں کیا جاتا ہے۔ تو سرخ، نیلے، سبز، گلابی، آسمانی اور رنگا رنگ کے نئے نئے ڈھنگ سے لگائے گئے بجلی کے قمقموں کی روشنی میں سارا منظر جنت کے تصور کو زندہ کر دیتا ہے۔ لگتا ہے ان گنت فوارے جل پریوں کی طرح ناچ رہے ہیں اور انار کلی مست و بے خود ہو کر کسی جہاں پناہ کے خوف سے بے نیاز، رقص کر رہی ہے۔

غزل

مہدی پرتابگڈھی

رہِ جنوں میں خرد کا غبار حائل تھا ٭ میں ایک عمر ملک ناشناسِ منزل تھا
وہاں کھلا ہے بھرم آپ کی رفاقت کا ٭ جہاں خود اپنے کو پہچاننا بھی مشکل تھا
وصول کر نہ سکا وقت کی رگوں سے خراج ٭ میں سوچتا ہوں کہ وہ شخص کتنا بزدل تھا
جو شخص پونچھ رہا تھا مرے بدن سے لہو ٭ اُسی کو لوگ بتاتے ہیں میرا قاتل تھا
عدو سمجھ کے ہوا جب میں برسرِ پیکار ٭ یہ کیا، کہ میرا ہی چہرہ مرے مقابل تھا
غبارِ وقت نے دھندلا دیا اُسے آخر ٭ اک آئینے کی طرح سے کبھی مرا دل تھا
مجھے غرور تھا جس شخص کی رفاقت پر ٭ سنا ہے وہ بھی مرے قاتلوں میں شامل تھا
مرے مزاج کی اُفتاد کر سکی نہ پسند ٭ نہیں تو حسن کا مجھ کو قرب حاصل تھا
صلیبِ وقت پہ لٹکا ہوا تھا فوقِ حیات ٭ ہر ایک لمحہ شعور و نظر کا قاتل تھا
محاسبے پہ زمانے کی تھی نظر جس کی ٭ وہ آپ اپنے ہی فردِ عمل سے غافل تھا

چھپاتا کیسے میں چہرے کے خال و خد مہدی
جدھر نظر اٹھی اک آئینہ مقابل تھا



ہمدردی

جسونت سنگھ وردی

کوٹھی کا پھاٹک کھلا اور ایک نوجوان خوبصورت لڑکی تیزی سے اندر چلی گئی اور پھاٹک پھر بند ہو گیا۔ کرمے نے انکھیں پھاڑ پھاڑ کے پھاٹک کھلتے اور بند ہوتے ہوئے دیکھا لیکن اس کی ہمت نہ ہوئی کہ وہ آگے بڑھ کر اپنے مضبوط ہاتھوں سے پھاٹک کھول دے اور اندر جا کر سردار جی سے سب کچھ کہہ ڈالے۔

وسیع و عریض کوٹھی کو اس نے خوفزدہ نظروں سے دیکھا اور اس کے بدن میں کپکپی سی دوڑ گئی۔ پیشانی کا پسینہ پونچھتا ہوا وہ کوٹھی کے جنگلے سے لگ کر بیٹھ گیا اور دھڑکتے دل کی حرکت کو روکنے کی کوشش کرنے لگا۔

میں اندر جاؤں یا نہ جاؤں؟ اس نے وہی بات پھر سوچی جو گھر سے آتے وقت سوچی تھی۔ شاید سردار جی مجھ سے بات بھی نہ کریں۔ پھر۔۔۔ پھر۔۔۔"

لیکن اُسے اس بات پر یقین نہ ہوا کیونکہ اس نے سردار جی کے چہرے کو ہمیشہ گیندے کے پھول کی طرح کھلا ہوا دیکھا تھا۔

"کئی لوگوں سے وہ بُرے ہیں" اس نے پھر سوچا لیکن نمبردار کے بیٹے سے تو اچھے ہیں۔ اور نمبردار کے بیٹے کی تمام حرکتیں اس کی آنکھوں کے سامنے گھوم گئیں۔ اور وہ جیسے تڑپ اٹھا اور اس نے نفرت سے تھوک دیا لیکن یہ لہر تب بھی ختم نہیں ہوئی۔ نفرت پھر بھی کم نہ ہوئی۔ سردار جی سے ملنے کا خیال ایک لمحہ کے لیے وہ بھول گیا اور وہ کچھ دیر تک اپنی زندگی کے گزرے لمحات کے بارے میں سوچنے لگا۔ پھر اس کو بھائی کا بیمار پڑنا اور مرنا پھر فصل کا تباہ ہونا سب کچھ یاد تھا۔ ورکشاپ سے اس کی غیر حاضری بھی۔ سات تاریخ کو حاضر ہو کر وہ تنخواہ بھی نہ لے سکا۔ ہاتھ تنگ تھا۔ بہت دنوں تک غیر حاضر رہنے کی وجہ سے اب اسے ڈیوٹی بھی نہ مل رہی تھی۔ بھائی کا مر جانا کوئی اتنی بڑی وجہ نہیں ہوتی کہ انسان اپنا کام چھوڑ دے۔ وہ پندرہ دن سے دفتر میں سر مار رہا تھا لیکن اس کو ڈیوٹی پر نہیں لیا جا رہا تھا۔ اسے مشکل ورکشاپ میں نوکری ملی تھی اور اس کے لیے پرانے ایس ڈی او کی کوٹھی پر تین سیر دیسی گھی پہنچانا پڑا تھا اور اگر اب ملازمت چلی گئی تو؟ ملازمت کے لیے وہ بالووں کے علاوہ مستری اور چھوٹے انسپکٹر کے پاس بھی گیا تھا۔ اگر کل والا حادثہ رونما نہ ہوتا تو ہو سکتا تھا کہ وہ تھک ہار کے گھر بیٹھ جاتا۔ کل کی بات ہی تھی نے اسے مجبور کر دیا تھا کہ وہ سردار جی سے ضرور ملے۔ اُس نے بھائی کی بیماری میں نمبردار سے پچاس روپے قرض لیے تھے اور کل نمبردار کا بیٹا روپے مانگنے آیا تھا۔ کرمے نے کچھ دن کی مہلت مانگی۔ لیکن وہ تو خوب لال پیلا ہوا تھا۔ کرمے نے اپنی مجبوری اور بھائی کی موت کا ذکر کیا لیکن وہ موچھوں پر تاؤ دیتا ہوا کہتا چلا گیا۔ اگر پیسے نہیں ہیں تو ہی ہی۔۔۔ اپنی بھابی کو ہماری حویلی میں کوڑا پھینکنے کے لیے بھیج دیا کر۔ پھر ساتھ ہی ہی۔۔۔"

نمبردار کے بیٹے کی آنکھوں میں شرارت تھی اس کی باتوں کا مطلب سمجھنے میں کرمے کو دیر نہیں لگی اور یہ باتیں کرمے کو زہر سی لگی تھیں۔ اس کی آنکھوں میں خون اتر آیا تھا اور چہرہ پسینہ سے شرابور ہو گیا تھا لیکن وہ کچھ نہ کر سکا تھا اور بے چاری بھابی کے بارے میں سوچتے ہوئے وہ تمام رات سو نہ سکا تھا۔ سویرے تک وہ نمبردار کے

بیٹے کو گالیاں دیتا رہا تھا۔ دفتر سے مایوس لوٹنے پر اس نے ایک بار سردار جی سے ملنے کا ارادہ کیا تھا۔

اس نے اپنے شل جسم اور لباس کی جانب دیکھا اور اٹھنے کی کوشش کی۔ تھکان سے چور چور ہو جانے پر بھی وہ امید کا دامن چھوڑنا نہ چاہتا تھا۔ سردار جی میری درخواست قبول کر لیں تو پھر ڈیوٹی بھی مل جائے گی اور تنخواہ بھی لیکن ... لیکن ... اگر وہ نہ مانے تو ... تو ... "

اس طرح وہ کتنی ہی دیر تک سوچتا رہا۔ چاروں جانب اس کو تاریکی ہی تاریکی نظر آ رہی تھی لیکن آگے بڑھ کر پھاٹک کھولنے کی جرأت اس کو نہیں ہو رہی تھی۔ بڑی مشکل سے حلق پھاڑ کے اس کے منہ سے ایک آہ نکلی۔ وہ کرے بھی تو کیا بچوں کے پیٹ وہ کس طرح بھرے گا؟ گھر کی ضرورتیں کس طرح پوری ہونگی اور زندگی کیسے گزرے گی؟

اس نے پھر کوٹھی کے پھاٹک کی جانب دیکھا لیکن اسے کھولنے کی ہمت وہ پھر بھی نہ کر پایا۔ یوں اس سے قبل وہ کئی بار اس کوٹھی کے اندر گیا تھا۔ اپنے مزاحیہ طور طریقوں سے سردار جی کو خوش کرنے کے لئے، اپنی فوجی زندگی کی دلچسپ باتوں سے سردار جی کی اداسی دور کرنے کے لئے۔ لیکن تب تو اسے بلایا جاتا تھا۔ آج ۔ وہ کیسے سردار کے سامنے جائے۔ آخر پیشانی کا پسینہ پونچھ کر اس نے اپنے کمزور بدن اور بچی کھچی قوت جمع کی اور ہمت کر کے آگے بڑھا اور پھاٹک کا کنڈا گھما دیا۔ اس نے کئی بار دیکھا تھا کہ باہر سے پھاٹک اسی طرح کھلتا ہے۔ اور واقعی کڑک کی آواز سے پھاٹک کھل گیا لیکن پھر پانچ سات منٹ تک آگے بڑھنے کی ہمت نہ کر سکا۔ آخر ایک بار پھر اس نے اپنے دل کو سنبھالا اور اداس چہرے پر تھوڑا بہت دکھ کا تاثر لا کر آگے بڑھا۔

سردار جی لان میں کرسی پر بیٹھے تھے اور ان کے جیسے ہی ایک بھاری بھرکم سردار جی فوجی افسر کی وردی میں ملبوس ان کے ساتھ کہیں ہانک رہے تھے۔

کرم سنگھ خاموش کھڑا رہا۔

ملڑی کا افسر اٹھ کر جانے لگا: "بیٹھو۔ بیٹھو۔" کہتے ہوئے ایس ڈی او صاحب کی نظر اس پر پڑی تو اس نے ہاتھ جوڑ کر کافی نیچے جھک کر ست سری اکال کہا۔ اس پر ایک سرسری نگاہ ڈال کر سردار جی بولے "ہلو! کرم سنگھ کیسے آنا ہوا۔؟"

ان کی بات سن کر کرم ایک بار تو چکرا گیا کہ کیا جواب دے۔ پھر اس کو خیال آیا۔ کہ اپنا سارا دکھڑا جو آتش فشاں کی طرح اس کے اندر ابل رہا ہے وہ سردار جی کے سامنے انڈیل دے اور دہاڑیں مار مار کے رحم کے لئے پکار اٹھے۔ لیکن وہ ٹھوس بھر کچھ بھی نہ بول سکا۔

سردار جی اس کی جانب اشارہ کر کے فوجی افسر سے بولے۔ "یہ ہمارے ورکشاپ میں تعلی ہے"

قلی لفظ نے کرے کا سر جھکا دیا۔ فوجی افسر اس کو دیکھ کر کچھ حیران ہوا جیسے کسی نمائش میں کسی نایاب چیز کو دیکھ کر کوئی حیران ہوتا ہے۔ لیکن ایس ڈی او کی بات جیسے ابھی پوری نہ ہوئی تھی۔ انہوں نے جملہ پورا کیا۔ لیکن دوسری جنگ عظیم میں یہ سولجر رہ چکا ہے۔ اے بر یو مین"

اب کی کرے کا جھکا سر سیدھا ہو گیا۔ وہ اپنی تعریف سن کر اپنا ہر دکھ بھول گیا۔ ملڑی کی دلچسپ زندگی یاد آ گئی اور اس نے اکڑ کر دونوں سرداروں کو فوجی سلیوٹ کیا۔ دونوں کھلکھلا کر ہنس پڑے۔

" آج تم کو یہ تماشہ بھی دکھاتے ہیں: ایس ڈی او نے فوجی افسر سے کہا " کچھ دیر اور ٹھہرو۔ چائے کا ایک کپ اور پیتے ہیں اور تم کو کرے کے کرتبوں سے خوش کرتا ہوں۔"

فوجی افسر نے کرے کے گٹھے ہوئے جسم میلی فوجی قمیص اور نیکر تراشی ہوئی داڑھی اور فنٹی رکھ کر باندھی ہوئی پگڑی کو ذرا غور سے دیکھا جیسے سوچ رہے ہوں کہ آخر اس معمولی سے آدمی میں کیا دلچسپی کا سامان ہو سکتا ہے۔

سردار جی نے نوکر کو آواز دے کر چائے کے لئے کہا اور پھر کرے کی جانب مڑے۔ "ہلو! کرم سنگھ ہم تمہیں ملڑی اسپرٹ میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ سمجھ گیا؟"

"یس سر!" اور کرے نے ایک بار پھر سلیوٹ کیا۔ گھر کا غم اور ملازمت کی فکر اب اس کے دل سے نکل چکی تھی۔

کرے کے کوٹھی میں آنے سے پیشتر دونوں سردار گپیں تو ہانک رہے تھے لیکن یوں لگتا تھا کہ ان کے پاس کوئی خاص موضوع نہیں تھا۔ کچھ پھول پتیوں کے علاوہ ان کے دیکھنے کو بھی کوئی چیز نہ تھی اور ان چیزوں کو کوئی کتنی دیر دیکھ سکتا ہے؟ پھر سردار جی کی نازک اندام دوسری بیوی بھی تو ان کے پاس دیر تک بیٹھنے کے بجائے نوکر کو ساتھ لے کر شاپنگ کے لئے جانا زیادہ پسند کرتی تھی۔ کرے کے آنے سے دونوں سرداروں میں ایک نیا جوش

آج کل دہلی۔

آگیا اور اس کے دلچسپ کرتب دیکھنے کے لئے وہ بے چین ہو اُٹھے۔

"کرم سنگھ کی انگریزی بہت مشہور ہے۔" ایس ڈی او صاحب نے اپنے ساتھی کو بتایا۔ "یہ خوب فر فر اور اصلی لہجے میں بولتا ہے۔ پھر مزا یہ کہ وہ اس کو موقع پر ہی شعر و شاعری میں تبدیل کر دیتا ہے۔ سب سے پہلے تم انگریزی سنو۔ ہاں بھئی کرم سنگھ شروع کرو۔"

اور کرم سنگھ نے انگریزی سنانے کے لئے موڈ بنا لیا۔ یہ انگریزی وہ ہزاروں مرتبہ لوگوں کو اور سردار جی کو سنا چکا تھا۔ ہر بار وہ کچھ نئے جملے کہتا اور کچھ پرانے بھول جاتا۔

اس نے انگریزی طریقے سے منہ بگاڑ کے بولنا شروع کیا۔ "بیٹوین ناردرن ریلوے اے ہائی رینک مین از اور ایس ڈی او ونڈرفل فرینڈس ہی کیپس۔"

کیپس کو اس نے اس طریقے سے ادا کیا کہ دونوں سردار کھلکھلا کر ہنس پڑے۔ وہ پھر بولا "ہیپی ہی از . . . گلیڈ فیلز . . . .

اسی طرح وہ انگریزی کے غلط سلط لفظ اور جملے بولتا رہا اور دونوں سردار کھلکھلا کر ہنستے رہے۔

تیز آواز اور ٹیون بدل بدل کر بولنے سے کرمے کی سانس پھول گئی لیکن انگریزی کے ختم ہوتے ہی معمولی سی تعریف کرنے کے بعد سردار جی نے انگریزی ناچ کی تجویز پیش کر دی۔

اب کرما بغیر کسی حیل حجت کے انگریزی ناچ ناچنے لگا۔ وہ چند برس پیرس کے قریب اور کئی دوسرے یوروپین ملکوں میں رہ چکا ہے اور کئی اس کو انگریزی ناچ ناچنے کا موقع مل چکا تھا اس لئے اب بھی کبھی کبھی اپنے غم کو بھلانے کے لئے وہ اس ہتھیار کا استعمال کیا تھا۔ اندھیرا ہو چکا تھا اور روشنیاں جل چکی تھیں۔ ایک منٹ کے لئے اس نے محسوس کیا کہ وہ پیرس میں ہے اور اس کی بغل میں ایک حسین سی لڑکی لوسی ہے اور وہ دونوں کسی ریسٹوران میں ایک دوسرے کی کمر میں ہاتھ ڈالے ناچ رہے ہیں۔ کرمے نے لان کی گھاس پر ریستوران کا سماں باندھ دیا اور سردار جی خوش ہو کر اس کو اکساتے رہے۔

ناچ کے بعد پریڈ کی باری آئی جیسا کہ پہلے بھی ہوا کرتا تھا لیکن اب کی بار کرمے نے تعریف کے ہار گلے میں ڈالے جانے پر بھی پریڈ کے لئے حامی نہیں بھری۔ اس نے اس بات کی آڑ لی کہ وہ بہت تھک گیا ہے اور پھر روٹی بھی اس نے سویرے کی کھائی ہوئی ہے لیکن اس کی بات کاٹ کر فوجی افسر نے کہا: "ناکرنا ملٹری کے اصول کی خلاف ورزی ہے۔ آرڈر کی ضرور تعمیل ہونی چاہئے۔"

کرما دل اور جسم کا درد بھلا کر پھر ڈٹ گیا اس نے ماتھے کا پسینہ پونچھا اور چہرے پر جوش لا کر ظاہراً خوشی سے پریڈ کرنے لگا۔ لیفٹ رائیٹ رائٹ لیفٹ۔ فوجی سردار کے رُولر کو اس نے اپنی بندوق بنا لیا اور ٹوٹے ہوئے جوتوں کو ہی فوجی بوٹ سمجھ لیا کیونکہ پریڈ بالکل ہو بہو ہونی چاہئے تھی تبھی تو افسر خوش ہو سکتے تھے۔ لیفٹ رائٹ کرتا ہوا کبھی وہ جلدی جلدی چلتا کبھی دھیرے دھیرے اور کبھی اکڑ کے کھڑا ہو جاتا اور پھر چلنے لگتا اور زمین پر پیر ٹپک ٹپک کر اس نے اپنی ٹانگیں تھکا ڈالیں۔ گرد اُڑا دی اور جسم ہلا ہلا کر اس نے سر سے لے کر پیروں تک پسینہ بہا دیا۔ افسر خوش ہو رہے تھے لیکن اس کا دل ڈوبتا جا رہا تھا اور کچھ دیر بعد وہ تھک ہار کے پسینہ پونچھتا ہوا سلیوٹ مار کے سیدھا کھڑا ہو گیا۔

"بہت خوب! گڈ، ویری گڈ!" کہہ کر دونوں افسروں نے اس کی تعریف کی۔ اس کے جسم کو تھپتھپایا اور شاباشی دی۔

اب وہ بالکل لاچار سا چہرہ لئے کھڑا تھا لیکن اس کو یقین ہو گیا تھا کہ سردار جی اب بہت خوش ہیں اور اس کے ساتھ خوب بے تکلف ہو گئے ہیں اس لئے اس کا کام ضرور بن جائے گا۔

ایس ڈی او نے نوکر کو آواز دے کر چائے لانے کو کہا اور مسرت سے اپنے دوست کے چہرے کی جانب دیکھنے لگے۔ وہ خوش تھے کہ کرمے کے کرتب دکھا کے انہوں نے اپنے دوست کو خوش کر دیا تھا۔ اُن کا دوست کرمے کی تعریف کر رہا تھا: "میں کسی سرکس یا مداری کا کھیل یا نمائش دیکھ کر بھی اتنا خوش نہیں ہوا جتنا کہ اس وقت ہوا ہوں۔ ونڈرفل۔"

اب سردار جی خود بھی کچھ کہنا چاہتے تھے۔ بولے۔ "یہ ہمارے گاؤں کے قریب کا رہنے والا ہے۔ کئی برس جرمنی، فرانس، برما وغیرہ میں رہ چکا ہے۔ کرتب تو آپ نے دیکھ ہی لئے میرے یہاں آیا تو میں نے سوچا کہ آدمی کام کا ہے۔ فوراً ورکشاپ میں رکھ لیا۔ اب عیش کرتا ہے۔"

کرمے کا سر جھک گیا اور اس کی آنکھوں سے آنسو لڑھک پڑے۔

اس کی فیملی کے باقی لوگ مزارعوں کا کام کرتے ہیں۔ "سردار بولتا گیا۔" اس کی اپنی بھابی کے ساتھ خوب چھنتی ہے۔ لیکن بہو نہیں ہے ہی ہی!"

"کیوں بھئی۔ ٹھیک ہے؟" فوجی افسر نے کرمے سے بات کی تائید کے لئے پوچھا۔

اُس نے انجانے ہی اثبات میں سر ہلا دیا۔

"تیری بھابی کا اب کیا حال ہے؟ لڑکی تو نہیں تیرے ساتھ؟ تجھ سے اس کی . . . ." سردار نے محبت سے پوچھا۔

لیکن فوجی افسر نے بات کاٹ کر کہا: "بھابیاں کبھی لڑکی نہیں سردار جی بھابیاں تو گویا . . . . اس کی بھابی تو خوب صورت ہوگی؟ کیوں۔ بھائی؟"

یہ چوٹ برداشت کر کے بھی کرما خاموش رہا۔

سردار جی نے کہا۔ خوب صورت نہ بھی ہو تو بھی جوان تو ہوگی ہی گٹھے ہوئے بدن والی۔ ایک پکے آم کی طرح:"

"کیوں بھئی تیرے ساتھ اس کی بنتی ہے کہ نہیں؟"

دونوں سرداروں کی آنکھوں میں طنز چھلک رہا تھا۔ کرما اب بھی کچھ نہ بولا۔ اس کا سر نیچا ہو گیا اور آنکھوں میں پانی بھر آیا اور گھاٹے پانی میں یکدم نمبردار کے بیٹے کا شرارتی چہرہ اُبھر آیا۔

دونوں سردار کوئی دوسری بات کہہ کر شرارت بھری ہنسی ہنس رہے تھے۔

"نمبردار کے بیٹے اور ان میں کیا فرق ہے؟" کرما سوچتے سوچتے رک گیا۔ اس کا جسم تھک چکا تھا اور درد سے دماغ اب ایسا ہو رہا تھا جیسے بھیجا کھوپڑی میں کھول رہا ہو۔ اس کو لگا کہ زور زور سے چیخ پڑے۔ دہاڑ مار کر رو پڑے اور ہی ہی، ہی ہی کر کے ہنستے ہوئے سرداروں کے منہ پر تھوک کر یہاں سے بھاگ جائے۔ لیکن۔ لیکن وہ ایسا نہ کر سکا۔ نمبردار کے بیٹے سے بھی تو وہ کچھ نہ کہہ سکا تھا۔

اُس نے سنا سردار جی اس سے کہہ رہے تھے: "اچھا: بھئی۔ کرم سنگھ۔ جانے سے پہلے اب پیرس کی میم والی بات سنا دے . . ہاں ہاں۔ کر دے شروع: شاباش: بیٹھ کر ہی سہی۔"

کرما بیٹھ گیا۔ لیکن بولا کچھ نہیں۔

"شرم مت کر۔ یہ سردار جی اپنے جیسے ہی ہیں۔" ایس ڈی او نے پھر کہا۔

لیکن کرما اتنا ہی بول پایا: "سردار جی۔ مجھے اب معاف کیجئے۔ میں . . . . میرے گھر پر مصیبت ٹوٹ پڑی ہے۔ میرے بھائی کی موت ہو گئی ہے جی . . . . میں . . . . میں پندرہ دن سے کام پر نہیں آ سکا۔ اور میری غیر حاضریاں لگتی رہی ہیں۔"

سردار جی اُٹھے اور نوکر کو جلد چائے لانے کو کہا۔ اُن کے دوست رُومال گھماتے ہوئے تاریکی میں پھول پتیوں کو گھور رہے تھے۔

کچھ دیر تک سب خاموش رہے۔ سردار جی کرمے کو مخاطب کرتے ہوئے بولے: "ہاں۔ تیرا بھائی مر گیا۔ بڑے دکھ کی بات ہے۔ تو نے پہلے کیوں نہیں بتایا؟ پر پندرہ دن غیر حاضر رہنے کا مطلب ہے کہ تو کام کرنا نہیں چاہتا۔"

"نہیں سرکار۔ ایسی بات نہیں ہے۔"

کرما چلایا: میرے اُوپر دُکھ کے پہاڑ ٹوٹ پڑے تھے۔ میرا بھائی سخت بیمار تھا اور اب وہ مر گیا ہے۔ بتائیے میں کیسے کام پر آتا؟" وہ سسک رہا تھا اور اس کی آنکھوں سے سب کچھ دھندلا دھندلا نظر آنے لگا تھا۔

اس کی بات اَن سنی کر کے سردار جی نے پھر کہا۔ جو کام میں تیرا جی ہی نہیں لگتا تو عیش کر بھئی۔ ہم نے تو سوچا تھا کہ تیری زندگی ٹھیک ہو جائے گی لیکن . . . ."

"سرکار۔ میں کام سے تو جی نہیں چراتا . . ." کرمے نے دل نکال کر سامنے رکھ دیا۔

لیکن سردار جی نے ان سنی کر کے کہا: "دراصل تجھے سارے پیسے گھر میں دینے پڑتے ہیں اس لئے تو کام سے جی چراتا ہے۔ جن کے بھائی مر چکے ہیں۔ وہ بھی تو کام کرتے ہی ہیں۔"

اب کی بار کرما پھوٹ پڑا اور اُس نے پگڑی کے پلّو سے اپنا منہ چھپا لیا۔ اس کی حالت ایک ایسے گھائل کی طرح تھی جس کے تازہ گھاؤں پر نمک چھڑک کر چٹنی بنائی جا رہی ہو۔ وہ رو رہا تھا لیکن رو نہیں پا رہا تھا۔

سردار جی کو اُس پر ترس آ گیا۔ اپنے دوست کی جانب دیکھ کر وہ بولے: "یہاں شاید اس کا دل نہیں لگتا۔ اب تو اور بھی دکھی لگتا ہے اور شاید ورکشاپ میں کام نہ کر سکے۔ آپ اس کو اپنے ساتھ یو پی لے جائیے۔ آدمی اچھا ہے۔

"چلا چل۔" فوجی افسر نے اپنا رُومال گھماتے ہوئے بے پروائی سے کہا۔ دو روٹیاں کھا لیا کرے گا۔ آدمی تو کھوٹا نہیں ہے۔"

"کسی باگڑ بلی سے اس کا بیاہ بھی کروا دینا۔ سردار جی نے

(بقیہ ۴۴ پر)

جدید اردو شاعری

میری نظر میں



اختر بستوی

"جدیدیت" اردو ادب کا سب سے نیا فیشن ہے۔ "فیشن" کا لفظ میں نے کسی تحقیر کے لئے نہیں استعمال کیا ہے بلکہ اردو کے شعری ادب میں جدیدیت جس قسم کی چیز کی حیثیت سے ہمارے سامنے آئی ہے اور نوجوان اہلِ قلم اس کی طرف جس طرح راغب ہوئے ہیں اس کی وضاحت کے لئے میری دانست میں فیشن سے زیادہ موزوں لفظ کوئی اور نہیں ہو سکتا۔ ہر فیشن میں لازمی طور پر ندرت کی صفت پائی جاتی ہے اور وہ ہمیشہ مروجہ طرز سے مختلف ہوتا ہے اس مسلمہ اصول کے تحت کہ ضرورت ایجاد کی ماں ہوتی ہے، بدلتے ہوئے حالات کی بدلتی ہوئی ضروریات کے لحاظ سے اس میں افادیت بھی ہوتی ہے۔ سماج کا ایک طبقہ جو ماضی کی روایات سے اپنے آپ کو اچانک منقطع کر لینا مناسب نہیں سمجھتا اس کی مخالفت کرتا ہے لیکن نئی نسل کے بہت سے افراد اسے فوراً اپنا لیتے ہیں۔ اُن میں سے کچھ تو ایسے اشخاص ہوتے ہیں جو اس کے فوائد و محاسن کو پیشِ نظر رکھ کر سمجھ بوجھ سے کام لیتے ہوئے اُسے اپناتے ہیں مگر ایک بہت بڑی تعداد ایسے لوگوں کی بھی ہوا کرتی ہے۔ جو محض اس لئے رخود کو اس رنگ میں رنگ لیتے ہیں کہ اس طرح انہیں اپنے آپ کو نمایاں کرنے کا موقع ملے گا اور عوام و خواص کی نظریں اسی بہانے اُن کی طرف بھی اُٹھیں گی۔ جدید شاعری کا بھی یہی حال ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ میں فیشنوں کی طرح جدید شاعری کو بھی چند افراد کی اختراع قرار دیتا ہوں۔ یہاں اگر جدیدیت کے لئے فیشن کی مثال ہمارا ساتھ چھوڑ دیتی ہے۔ ادب اور شاعری کو ایک ایسے دھارے سے تشبیہ دی جا سکتی ہے جو کبھی ایک جگہ ٹھہرا نہیں رہتا بلکہ ہمیشہ آگے بڑھتا رہتا ہے اور نئے نئے مقامات و مناظر سے ہو کر گزرتا رہتا ہے۔ موجودہ دور کی پیچیدگیوں اور لمحہ بہ لمحہ تبدیل ہوتی ہوئی صورتِ حالات نے جہاں زندگی میں بہت سی تبدیلیاں پیدا کی ہیں وہاں اس کی وجہ سے دُنیا کے ہر گوشے میں بولی جانے والی زبانوں کے اُدب میں بھی انقلابات رونما ہوئے ہیں۔ چنانچہ جدیدیت کی تحریک بھی دورِ حاضر کے فکری و حسیاتی پس منظر میں اُبھری ہے اور اُسے ادب و زندگی کے ارتقائی سلسلے کی ایک کڑی سمجھنا چاہئے۔ اس کے اثرات کسی ایک زبان تک ہی محدود نہیں ہیں بلکہ یہ ایک عالمگیر ادبی تحریک کی حیثیت سے سامنے آئی ہے۔ آج کل کسی زبان کا ادب بھی دنیا کی دیگر زبانوں کے ادبی اثرات سے محفوظ و منقطع نہیں رہ سکتا۔ اردو زبان کے ادب پر بھی جدیدیت کی عالمگیر تحریک کے ہمہ گیر اثرات کا عکس پڑنا لازمی تھا۔

آج کل ہم اردو شاعری میں جو نئی کروٹیں دیکھ رہے ہیں وہ انہیں اثرات کا نتیجہ ہیں اور بنیادی طور پر اُن کی مخالفت کرنا یا اُن کا مضحکہ اڑانا گویا بھری دوپہر میں آنکھوں پر ٹھیکری رکھ کر دھوپ کے وجود سے انکار کرنا ہے مگر ہر نئی ادبی تحریک بعض قسم کی شدت پسندی بھی اپنے ساتھ لے کر آتی ہے۔ جس کی وجہ ایک تو نظریاتی انتہا پسندی ہوتی ہے اور دوسری وجہ اس تحریک کے

مبلغوں اور علمبرداروں کی عملی بدعنوانیوں اور بے احتیاطیوں پر مبنی ہوتی ہے۔ اس شدت پسندی کی مخالفت اس وجہ سے ضروری ہوتی ہے کہ اس کے بغیر نہ تو اعتدال پیدا ہو سکتا ہے اور نہ فوزائیدہ ادبی تحریک کی صالح روایات قائم ہو سکتی ہیں۔

اُردو کے جدید شعراء نے اپنے تخلیقی کارنامے دکھانے کے لئے نظموں کی طرف بھی توجہ کی ہے اور غزلوں کی طرف بھی۔ نظموں کے جو نمونے وہ پیش کر رہے ہیں وہ موضوعاتی اعتبار سے پرانی شاعری سے پوری طرح سے مختلف ہیں اور کافی حد تک عہدِ حاضر کے افکار و احساسات کی نمایندگی کرتے ہیں۔ ہیئت کے لحاظ سے یہ نظمیں بعض معاملات میں اُن نظموں سے مماثلت رکھتی ہیں جو میراجی اور ن۔م راشد وغیرہ نے ہندوستان کی آزادی سے دس پندرہ سال قبل کہی تھیں اور اس اعتبار سے جدید شعراء نظموں کی ہیئت کے جو تجربات کر رہے ہیں انہیں جدت (Originality) کے بجائے تجدید (Revival) کہنا زیادہ مناسب ہوگا لیکن ہیئت کے مسئلے پر بعض ایسے نکات بھی جدیدیوں نے اپنے مضامین میں پیش کئے ہیں اور اُنہیں اپنی نظموں میں برت کر دکھایا ہے، جو مذکورہ بالا شعراء کی دسترس سے باہر کی چیز تھے۔ جدید شاعر نظم کی جدید ترین طرز کی آزاد نظموں پر بہت سے اعتراضات کئے جا سکتے ہیں۔ اُن میں سے کچھ اعتراضات میں اپنے ایک حالیہ مضمون میں پیش کر چکا ہوں۔ جس کا یہاں اعادہ کرنا درست نہیں معلوم ہوتا۔ اس وقت میں صرف ان بے اعتدالیوں کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں جو جدید شعراء کی غزلوں میں نظر آتی ہیں۔

جدید شعراء کی غزلیں پڑھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے وہ اُردو شاعری کی اس صنف کو پوری طرح اُدھیڑ کر رکھ دینا چاہتے ہیں۔ افکار و موضوعات کے اعتبار سے وہ شعرائے متقدمین، متوسطین و متاخرین کے مواد شعری سے بالکل ہی قطع تعلق کر کے اُردو غزل کو دورِ آہن و فولاد کے پیچیدہ و گنجلک مشاہدات و محسوسات سے ہم کنار کرنا چاہتے ہیں اور الفاظ و تراکیب کے محاذ پر اُردو غزل کا ڈھانچہ یکسر بدل کر اُسے آج کل کی عام کھچڑی زبان کے سانچے میں ڈھال دینا چاہتے ہیں۔

جدید غزلوں کے اشعار جن موضوعات و خیالات پر مشتمل ہوتے ہیں وہ اتنے نئے ہیں کہ آج سے پہلے کبھی انہیں غزل میں ادا نہیں کیا گیا تھا اور یہ ایک ایسی بات ہے جس کی تعریف کی جانی چاہئے لیکن اگر آپ رسائل میں شائع ہونے والی جدید طرز کی غزلیں برابر پڑھتے رہے ہوں گے تو آپ نے یہ بھی غور کیا ہوگا کہ پرانے موضوعات کو ترک کر کے جدید شعراء نے شروع شروع میں جن موضوعات پر طبع آزمائی کی تھی وہی اب رفتہ رفتہ ان کے مستقل موضوعات بنتے جا رہے ہیں، اور اس طرح اُن میں بھی ایک قسم کی فرسودگی سی آتی جا رہی ہے۔ اگر اس عیب کا سدباب نہ کیا گیا تو جدید شعراء کی غزلیں بھی موضوعاتی اعتبار سے پرانی غزلوں کی طرح چھوڑی ہوئی ہڈیاں بن کر رہ جائیں گی۔ ممکن ہے اس سلسلے میں یہ جواز پیش کیا جائے کہ ہر دور کے کچھ خاص افکار و تاثرات ہوا کرتے ہیں اور ایک خاص مدت تک ادبی تخلیقات میں ان کی تکرار ناگزیر ہوتی ہے۔ اگر پرانے غزل گو صدیوں تک ایک ہی لکیر پیٹتے رہے تو جدید شعراء پندرہ بیس سال تک ایک ہی راگ کیوں نہ الاپیں؟ میں اس کے جواب میں یہ عرض کروں گا کہ ہمارا آپ کا زمانہ گزشتہ زمانوں سے مختلف ہے۔ اس دور میں دنیا کے ساتھ ساتھ انسانی زندگی اور اس کے مسائل و محسوسات بہت ہی تیز رفتاری کے ساتھ بدلتے ہیں لہٰذا موجودہ زمانے میں چند ہی موضوعات کے سہارے شاعری کی گاڑی کو کافی دنوں تک چلاتے رہنا نہ صرف یہ کہ جدیدیت کی سب سے بڑی صفت یعنی "ندرت" کے حق میں سم قاتل ہے بلکہ غیر فطری بھی ہے۔

موضوعات کے ساتھ ساتھ غزل کی ہیئت کو بدلنے کے لئے بھی چند ایک جدید شعراء نے ناکام کوششیں کی ہیں۔ کچھ دن ہوئے ایک رسالے میں مظہر امام صاحب کی ایک ایسی غزل میری نظر سے گزری تھی جس میں انہوں نے مصرعوں کو چھوٹا بڑا کر دیا تھا لیکن ردیف قافیہ کی پابندی کا لحاظ رکھا تھا۔ اس قسم کی کوششیں میرے خیال سے انتہائی مہلک ہیں اور اگر خدانخواستہ اُن کا رواج عام ہو گیا تو غزل بالکل ہی فنا ہو جائے گی اور اس کی جگہ پر ایک بالکل ہی عجیب و غریب سی صنفِ شاعری جنم لے گی۔ لیکن خیریت یہ ہے کہ جدیدیت کے مبلغوں نے اس طرح کی کوششوں کو خود بھی اچھی نظروں سے نہیں دیکھا اور اس راہ پر مزید قدم نہیں بڑھائے۔

سب سے بڑا انقلاب جو جدید شعراء غزل کی دنیا میں برپا کر رہے ہیں وہ الفاظ و تراکیب سے تعلق رکھتا ہے اور اسے میں ایک انقلاب کہتا ہوں بلکہ اس کو انقلاب کہنا بھی بیجا ہوگا۔ زیادہ اچھا یہ ہے کہ اسے بغاوت کہا جائے۔ اب تک اُردو غزل کی اپنی ایک مخصوص زبان تھی اور اس کے الفاظ معمولی لفظوں کے بجائے علامتوں کی حیثیت رکھتے تھے۔

غزل کی یہ زبان کسی ایک ہی شاعر یا کسی ایک ہی دور کے شعراء کے

ایک مخصوص گروہ نے نہیں بنائی ہے۔ بلکہ صدیوں تک ہزارہا اساتذہ نے مشقِ سخن کی ہے تب جاکر یہ خوبصورت و بلیغ زبان وجود میں آئی ہے۔ جدید شعراء غزل کی اس جامع زبان کے شاندار محل کو ڈھا رہے ہیں اور اس کی جگہ پر انتہائی بدشکل عمارت تعمیر کر رہے ہیں۔ ان لوگوں نے غزل کی زبان کے اُن تمام مستعمل علاماتی الفاظ کا احترام کرنا چھوڑ دیا ہے اور اُن سے قصداً گریز کرنے لگے ہیں جن کی بدولت غزل کی زبان دوسری اصناف کی زبان سے مختلف و منفرد ہوا کرتی تھی اور انتہائی بے احتیاطی اور آزادی کے ساتھ ہر طرح کے الفاظ استعمال کرنے لگے ہیں۔ ان میں کثیر تعداد ایسے لفظوں کی ہوتی ہے جو غزل کے مزاج سے بالکل ہی میل نہیں کھاتے۔

اس طریقۂ کار کے حامیوں کی دلیل یہ ہے کہ اگر غزل کی زبان کا ڈھانچہ پوری طرح نہ بدلا گیا تو وہ نئے زمانے کے تقاضوں کو پورا نہیں کر سکے گی۔ وہ لوگ یہ بھی فرماتے ہیں کہ اس سلسلے میں شدت پسندی سے کام لینا بھی ضروری ہے اور عمداً ایسے الفاظ کا جا و بیجا استعمال کرنا لازمی ہے جو ابتک غزل میں نہیں برتے جاتے تھے۔ کیونکہ توڑ پھوڑ کے بغیر کسی قسم کی تعمیر ممکن نہیں ہے۔ ساتھ ہی ساتھ اس خیال کا اظہار بھی کیا جاتا ہے کہ اب پرانی علامتوں کی جگہ نئی علامتوں کی تخلیق ہونی چاہیے۔

جہاں تک دورِ حاضر کے تقاضوں کی تکمیل کا سوال ہے، یہ بات کافی بحث طلب ہے کہ غزل کی مخصوص زبان اب اتنی ناکارہ ہو چکی ہے کہ موجودہ دور کے احساسات و مسائل کا اظہار اس کے توسط سے ہو ہی نہیں سکتا لیکن اگر ہم اس بات کو تسلیم بھی کر لیں کہ غزل کی زبان کو وسعت دینے کی ضرورت ہے تب بھی الفاظ کے معاملے میں مذکورہ بالا شدت پسندی کا جواز نہیں نکلتا کیونکہ ہر قسم کی تعمیر کے لیے یہ اصول درست نہیں ہے کہ توڑ پھوڑ ضرور کی جائے۔ غزل کی زبان کو وسیع کرنے کا خیال جدیدیوں کے ذہنوں میں پہلے پہل نہیں آیا ہے بلکہ ہر دور میں عملاً اس کو وسعت دی جاتی رہی ہے۔ فصیح الملک داغ دہلوی نے اس میں بہت سے ایسے الفاظ رائج کیے جو اس سے پہلے غزل کے لیے غریب و ثقیل تصور کیے جاتے تھے۔ اس طرح اقبال نے اپنی فلسفیانہ اور مقصدی شاعری کی ضرورتوں کی بنا پر اردو غزل کے خزانۂ الفاظ میں بیش قیمت اضافے کیے۔ اگر جدید شعراء بھی اسی طرح کے اضافوں سے غزل کو مالا مال کرتے تو کسی کو اعتراض نہیں ہو سکتا تھا لیکن مندرجہ بالا اساتذۂ سخن کے رویے اور جدیدیوں کے طریقۂ کار میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ جدیدیت کے علمبردار اپنی غزلوں کے لیے، لفظوں کا انتخاب کرتے وقت اس بات میں تمیز نہیں کرتے کہ وہ الفاظ لفظوں کے لیے منتخب کر رہے ہیں یا غزلوں کے لیے، اور انھیں اس امر کا بھی احساس نہیں ہوتا کہ غزل اُردو کی دوسری اصنافِ سخن سے کافی حد تک مختلف ہے اور چونکہ اس کی اپنی بعض بہت ہی پائیدار روایات ہیں اس لیے اس کی زبان میں کسی قسم کی توسیع ایک ہی جھٹکے میں ممکن نہیں ہے بلکہ تدریجی اور سست رو ترمیمات کے ذریعے ہی اسے وسعت دی جا سکتی ہے۔ رہا سوال نئی علامتوں کی تخلیق کا تو بنیادی طور پر یہ کوشش انتہائی مستحسن ہے اور اس سے اُردو غزل کو بہت فائدہ پہونچے گا لیکن اس معاملے میں بھی رویہ وہی ہونا چاہیے، جس کا میں ابھی ابھی ذکر کر چکا ہوں۔

جون ۱۹۷۰ء

غزل

رائے منوہر لال بہار

ہوش کو ڈھونڈنے جائیں کہاں میخانوں میں
ہو گئے گم وہ چھلکتے ہوئے پیمانوں میں

ہم کو کافی ہے جلانے کے لئے دل کا چراغ
فکر کیا ہے جو اندھیرا ہے شبستانوں میں

حالتِ دل مری آنکھوں سے نمایاں ہوگی
جو ہے شیشے میں وہی آئیگی پیمانوں میں

قصۂ عشق کچھ ایسا اثر انداز ہوا
وہ مجھے ڈھونڈھ رہے ہیں مرے افسانوں میں

ظرف میخوار کا اللہ رے تحمل ساقی
مے نہیں آگ بھری تھی ترے پیمانوں میں

جل رہے ہیں جو نشیمن تو کوئی بات نہیں
یہ ہے کیا کم کہ چراغاں ہے گلستانوں میں

اتنا جینے کا سہارا بھی رہے کیوں باقی
آیئے آگ لگا دیجئے ارمانوں میں

فصلِ گل کا ہے عجب رنگ گلستاں میں بہار
میری تو یہ بھی گری ٹوٹ کے پیمانوں میں

نئی کتابیں

لالہ زار (سفرنامۂ ایران و عراق) از اطہر شیر

سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۱۳۸ صفحات، معمولی جلد مع گرد پوش،
قیمت: تین روپے، سالِ اشاعت: ۱۹۶۹ء
ملنے کا پتہ:- منظر حسن، محلہ باقر گنج پٹنہ ۴

زیر تبصرہ کتاب کے مصنف جناب اطہر شیر صاحب ریاست بہار کے ایک نوجوان ادیب ہیں۔ موصوف کو حکومت ایران کی طرف سے ۱۹۶۸ء کے لئے آریا مہر اسکالرشپ ملا تھا۔ اس سلسلے میں انہوں نے کوئی سات ماہ تہران میں قیام کر کے فارسی زبان و ادب کا مطالعہ کیا اور وہاں کے مشہور اساتذہ سے استفادہ کیا۔ پیش نظر کتاب اسی زمانے کا۔ نومبر ۱۹۶۸ء تا جون ۱۹۶۹ء۔ روزنامچہ ہے۔ اگرچہ روزنامچے میں چھوٹی چھوٹی باتوں نے زیادہ جگہ حاصل کر لی ہے اور سفرنامے کی حیثیت سے اس کی سطح بہت اونچی نہیں ہے مگر پھر بھی دلچسپی اور فائدے سے خالی نہیں، اور اس کتاب کے دیباچہ نگار جناب سید علی حیدر نیر صاحب کے الفاظ میں اس کی حیثیت ایسے کتابچے کی ہے جس کی اشد ضرورت سفرِ ایران کے سلسلے میں کسی نو وارد کو ہو سکتی ہے، علاوہ ازیں اس میں ایسے مواد بھی فراہم کر دیئے گئے ہیں جن سے موجودہ ایران سے متعارف ہونے میں مدد مل سکتی ہے"

اس کو میں نے از اوّل تا آخر غور اور توجہ سے پڑھا ہے۔ کتاب بہرحال دلچسپ اور معلومات افزا ہے، اگر مصنف طالب علم سے بلند ہو کر ایک محقق اور علم کی حیثیت سے لکھتا تو اردو کے سفرناموں میں، جن کی تعداد بہت کم ہے، ایک اونچی جگہ حاصل ہوتی اور اس صنفِ ادب میں ایک قیمتی اضافہ ہوتا۔

مجھے اس میں جا بجا زبان اور محاورہ کی غلطیاں نظر آئیں جن پر واقعی مجھے سخت تعجب ہوا۔ ان کی طرف توجہ دلانے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ اس کتاب کے مصنف عربی اور فارسی کے فاضل اور مشرقی علوم کے ایک مشہور کتب خانہ کے اہم عہدہ پر فائز ہیں۔ ورنہ کتاب کی دلچسپی اور افادیت پر بہرحال ان سے کوئی اثر نہیں پڑتا۔

معمارِ وطن :- آلِ احمد آوج بدایونی

سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۱۲۸ صفحات، تاریخ اشاعت ۲ اکتوبر ۱۹۶۹ء
قیمت درج نہیں، ناشر: انجمن فوق الادب۔ بدایوں (یوپی)

بدایوں اتر پردیش کا ایک ایسا قصبہ ہے جس نے بہت اچھے عالم اور ادیب و شاعر پیدا کئے جنہوں نے اپنے اپنے میدان میں ملک و قوم اور علم و ادب کی شاندار خدمت کی ہے۔ یہ شرف بھی حاصل ہے کہ محترم باپو مہاتما گاندھی — وہاں دو مرتبہ تشریف لے گئے — مرتب کے بیان کے مطابق "پہلی بار وہ خادم خلائق مولانا عبدالماجد بدایونی کے ایما پر ۲۱ مارچ ۱۹۲۱ء کو اپنی شریک حیات کے ساتھ تشریف لائے اور مدرسہ قادریہ میں قیام پذیر ہوئے اور قومی جلسوں میں شرکت فرمائی۔ دوسری مرتبہ ۹ نومبر ۱۹۲۹ء کو سرزمین بدایوں کو رونق بخشی اور ڈاکٹر لچھمی نرائن رائے زادہ کے دولت کدہ پر قیام فرمایا، اس مرتبہ آپ نے گروکل، سورج کنڈ، اور آریہ کنیا پاٹ شالہ کو اپنے قدموں سے عزت بخشی اور ایک بڑے مجمع کو خطاب کیا" (صفحہ ۱۲) اس مناسبت سے بدایوں کی انجمن فوق الادب نے جس میں وہاں کے سربرآوردہ ہندو مسلم ادیب و شاعر شامل ہیں، گاندھی جی کی اس شتابدی کے موقع پر بطور خراجِ عقیدت زیر تبصرہ مختصر کتاب شائع کی ہے جس میں ملک کے سیاسی اور سرکاری حضرات کے علاوہ ادیبوں کے پیغامات شامل ہیں اور بدایوں کے ادیبوں کے مختصر مضامین اور شعراء کا کلام شامل ہے۔ علاوہ ازیں فاضل مرتب کے قلم سے ایک مختصر پیش لفظ بھی ہے جس میں بدایوں کی علمی و ادبی حیثیت پر جناب رفیع الدین احمد سالک رحمانی (ڈسٹرکٹ و سشن جج بدایوں) کے قلم سے مقدمہ ہے۔

نئے معاشرے کا تنہا آدمی از عن آر زو

سائز ۲۰×۳۰/۱۶، حجم ۶۰ صفحات، مجلد مع گرد پوش۔
قیمت ایک روپیہ، ملنے کا پتہ: شیر شاہ اکاڈمی، محلہ شاہ جمہ، سہسرام (بہار)

آج کل جدید شاعری میں انسان کی "تنہائی" کا بڑا ذکر آتا ہے، شاید اسی سے متاثر ہو کر یہ کتابچہ لکھا گیا ہے۔ اس میں معاشرے کے بارے میں مغرب اور مشرق کے مفکرین کے خیالات پیش کئے گئے ہیں اور آج کل معاشرے میں جو کشمکش نظر آتی ہے، مصنف کے نزدیک اس کی وجہ مذہبی اور اخلاقی اقدار کا زوال ہے۔ اس کا علاج نوجوان مصنف کی رائے میں یہ ہے کہ:

"مسٹر مہتا ہوں یا مسز مہتا ان کا واحد علاج یہ ہے کہ وہ اپنی گمشدہ مذہبی و اخلاقی قدروں کو از سرِ نو بحال کرلیں اور اللہ کی رسی مضبوطی سے پکڑ لیں کیونکہ ایسی ہنگامی حالت میں زندہ رہنے کے لئے "یقین محکم" کی دولت مذہب و اخلاق کی گود میں ہی نصیب ہو سکتی ہے۔" صفحہ ۵۷

افسوس کہ کتاب پر کسی جگہ بھی تاریخِ اشاعت درج نہیں ہے۔ یہاں تک کہ "تعارف" پر بھی تاریخ نہیں ہے، اور پیش لفظ پر بھی نہیں۔

(عبداللطیف اعظمی)

سرور سرمدی :- ناشاد کانپوری

ناشر:- ناشاد کانپوری پانڈونگر کان پور

قیمت :- ساڑھے چار روپے ۔ صفحات ۲۱۰

جناب ناشاد اپنے دل آویز رنگ اور دلدوز آہنگ کی بدولت اب سے بہت پہلے سرطراز شاعر تسلیم کئے جا چکے ہیں اور ارباب نقد و نظر نے آپ کو فنِ شعر میں وہ بلند مقام دے دیا ہے جو ہمیشہ سے خوش فکر اور خوش گو شعراء کے لئے مخصوص چلا آتا ہے۔

آپ کا کلام جنسی ہوسناکی، ابتذال اور عریانی سے یکسر پاک ہے۔ آپ کا عشق طنزیہ و طہارت کا پرستار اور شرافت اور پاکبازی کی اعلیٰ قدروں کا علمبردار ہے۔ آپ کے اُستاد حضرت شیام موہن لال تجگر بریلوی کی رائے ہے کہ جو پاکیزگی آپ کی غزل میں ہے اُسے اُردو غزل میں نوادر سے سمجھنا چاہئے۔" پروفیسر رشید احمد صدیقی نے بھی یہی خیال ظاہر کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں "ناشاد" صاحب کے لب و لہجے میں شائستہ تغزل کا ایسا رنگ ملتا ہے جو اس دور میں مفقود ہے"۔ آپ کی غزلوں میں تغزل کے علاوہ فلسفۂ حیات، جبر و اختیار، تزکیۂ نفس، نیرنگِ عالم وغیرہ سے متعلق بھی نہایت عمدہ اشعار ملتے ہیں۔ آپ کے متعلق اتنا کہنا ہی کافی ہوگا کہ شعر و سخن کے ہنگامۂ ہاؤ ہو میں آپ کی دلنشیں آواز سب آوازوں سے الگ سُنائی دیتی اور صاف پہچانی جاتی ہے۔ نمونہ کلام

ہم نفس ہم زباں نہیں کوئی ٭ ہم جہاں ہیں وہاں نہیں کوئی
فضائے ہر دو عالم جگمگائی ٭ یکایک نے پھر نقاب رُخ اٹھائی
کوئی ہنستا ہے کوئی روتا ہے ٭ یہی دُنیا میں روز ہوتا ہے
دل سے مجبور ہوں کہ مرتا ہوں ٭ جان کر کون جان کھوتا ہے
سُن رہا ہوں نغمہ ہائے سرمدی ٭ رقص پیہم کر رہی ہے زندگی
ہم تو جلووں ہی میں کھو کر رہ گئے ٭ سجدہ کیسا اور کیسی بندگی
اک تمنا تھی اُن سے ملنے کی ٭ عمر گذری مگر نہ بر آئی

ترے در سے اٹھ تو جاؤں تو ہی منصفی سے کہہ دے
ہے مری جبیں کے قابل کوئی اور آستانہ

(منور سہارنپوری)

وطن

"وطن" حضرت فیاض گوالیاری کی قومی و وطنی نظموں کا مجموعہ ہے۔ یہ ان کی ۵۰ سالہ شعری کاوشوں کا مرقع ہے۔ ان نظموں میں جہاں انہوں نے اس دھرتی کی رعنائیوں کو اپنی توجہ کا مرکز بنایا ہے۔ وہاں ہندوستانی زندگی کے قبیح پہلوؤں کی طرف بھی اشارہ کیا ہے اور یہ امر اس بات کا مظہر ہے کہ ان نظموں کا شاعر اپنے ہم وطنوں کے لئے ایک دلِ دردمند رکھتا ہے۔

وطن میں شامل منظومات کے موضوعات سامنے کے اور جانے پہچانے ہیں لیکن فیاض صاحب نے انہیں کمال چابکدستی سے برتا ہے۔ یہ شاعر کے انفرادی مشاہدے اور انفرادی اسلوب کی چھاپ لئے ہوئے ہیں۔ فیاض صاحب کا اسلوب علاوہ دوسرے اجزا کے متعلقات میں ایک دلکش ربط پیدا کرنے کی مستحسن کوشش سے عبارت ہے۔ فیاض صاحب نے ہندوستانی زندگی کے سیدھے سادے نقوش میں حسنِ تخیل اور حسنِ بیان سے ایسی رنگ آمیزی کی ہے کہ دیکھی بھالی چیزوں پر سرسری نظر کرتے ہوئے حیرت ہوتی ہے کہ یہ ایسی تو نہ تھیں۔ پہلے ایسے نئی تو نہ تھیں

فیاض صاحب کا حسنِ بیان دیدنی ہے۔ انہوں نے سپاٹ سے سپاٹ صورتِ حال میں حسنِ شعریت سے غزل کا سا لطف و اثر پیدا کر دیا ہے۔ یہ خوبی بھی انہیں کا حصہ ہے کہ انہوں نے حسنِ بیان اور زورِ بیان میں اپنے مقصد اور اپنے تجربے اور اپنے مطمحِ نظر کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا۔ اُن کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ انہوں نے اپنی حب الوطنی کو آفاقیت اور وطن دوستی کو انسان دوستی میں حارج و مانع نہیں ہونے دیا۔

"وطن" کی نظمیں شاعر کی شائستہ حسیات اور نکھرے ستھرے ذوقِ جمال اور سچے احساس، گہرے جذبے، بھرپور مشاہدے اور اعلیٰ تخیل کی آئینہ دار ہیں۔ اُن کے تخیل میں تازگی اور اسلوب میں تاثر ہے زبان و بیان پر کامل قدرت کی بدولت انہوں نے لفظوں کے ذریعے جو نقش بنائے ہیں وہ بڑے تازہ کار ہیں۔

بڑے سائز کے ۱۵۲ صفحات کے اس باتصویر مجموعے میں ۱۰۰ منظومات شامل ہیں۔ قیمت ۵ روپے ہے ملنے کا پتہ ہے۔ فیاض گوالیاری، چمن منزل، کرنل صاحب کی ڈیوڑھی، لشکر، گوالیار ۱، مدھیہ پردیش

(راج نرائن رازؔ)

جون ۱۹۷۰ء

مخدوم محی الدین اُردو کے ممتاز شاعر بے لوث سیاسی رہنما اور بلند پایہ انسان تھے۔ اُن کی اچانک اور بے وقت موت نے ہزاروں انسانوں کو سوگوار کیا اور ملک و قوم کو ناقابل تلافی نقصان پہونچایا۔

ہفتہ وار "نیا آدم" حیدرآباد نے ان کی یاد میں ایک خصوصی نمبر شائع کیا ہے جس میں اُن کے دوستوں، ساتھیوں، اور مداحوں نے اس عظیم شاعر کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ بیشتر مضامین، گہرے دکھ اور درد کے مظہر ہیں اور مخدوم کی عظمت کو اُجاگر کرتے ہیں۔

مضامین کے علاوہ شعراء کے منظوم مرثیے بھی ہیں۔ اس شمارے میں مخدوم کی وہ نظمیں بھی شامل ہیں جو انہوں نے بساطِ رقص کی اشاعت کے بعد کہی تھیں

آخیر میں تصویروں کے آٹھ صفحات ہیں جن سے مخدوم کی زندگی کی مختلف دلچسپیوں اور مصروفیتوں کا علم ہوتا ہے مگر چونکہ ان تصویروں کے نیچے عنوان نہیں دیئے گئے ہیں اس لئے ان سے بجا طور پر استفادہ نہیں کیا جا سکتا ہے۔

"نیا آدم" نے یہ خصوصی شمارہ شائع کر کے ایک اہم ضرورت پوری کی ہے۔ لیکن مخدوم کی شخصیت اور عظمت اس سے وسیع تر کوشش کی حقدار ہے۔

اس خصوصی شمارے کی قیمت ۲ روپے اور ضخامت ۲۵۰ صفحات ہیں، ملنے کا پتہ یہ ہے:۔ ہفتہ وار "نیا آدم"، معرفت کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا، حیدرآباد سٹی کونسل، حمایت نگر، حیدرآباد ۔۲۹

ماہنامہ "شاعر" بمبئی کا "مہاتما گاندھی نمبر" ایک کامیاب کوشش ہے جس میں مہاتما گاندھی کی شخصیت، نظریات اور تعلیمات کے تقریباً تمام اہم پہلوؤں پر نظر ڈالی گئی ہے۔ یہ ہماری بڑی بدنصیبی ہے کہ اُردو میں مہاتما گاندھی سے متعلق اچھا سواد بہت کم ہے۔ شاعر کے اس خصوصی شمارے نے اس ضرورت کو بڑی حد تک پورا کیا ہے۔

پشپانجلی کے عنوان سے شاعروں کا خراج عقیدت شامل کیا گیا ہے اور گاندھی جی کی تحریروں کے اقتباسات اور ان کے منتخب مقولے بھی شامل کئے گئے ہیں۔

۲۷۸ صفحات پر مشتمل یہ خاص نمبر ایک وقیع ادبی کارنامہ ہے جس کے لئے مدیر شاعر مبارکباد کے مستحق ہیں۔

اس شمارے کی قیمت چار روپے ہے اور ملنے کا پتہ یہ ہے:۔ ماہنامہ "شاعر"، مکتبہ قصر الادب، پوسٹ بکس نمبر ۴۵۲۶ ۔ بمبئی ۔۸ ۔ بی سی

آہنگ۔ جگ جیون روڈ گیا، اُردو کا ایک نیا ماہنامہ ہے جس کے دو شمارے پیش نظر ہیں۔ اس کے مدیر کلام حیدری اُردو کے جانے پہچانے ادیب ہیں اور ایک عرصے سے ہفتہ وار مورچہ نکال رہے ہیں۔ آہنگ اُن کے صحافتی تجربے اور سلیقے کا مظہر ہے۔

خوشی کی بات ہے کہ آہنگ کو شروع ہی سے اُردو کے چوٹی کے ادیبوں اور شاعروں کا تعاون حاصل ہے جو اس کے خوش آیند مستقبل کا ضامن ہے۔

دوسرے ادبی رسالوں کی طرح یہ ماہنامہ بھی مقالوں، افسانوں نظموں اور غزلوں پر مشتمل ہے۔ "ایک شاعر" ایک مطالعہ کا سلسلہ اچھا ہے۔ بہتر ہوگا اگر اس مطالعے میں خود شاعر سے اپنے نظریہ فن کے متعلق بھی کچھ لکھنے کو کہا جائے۔

بحیثیت مجموعی آہنگ ایک صاف ستھرا ادبی رسالہ ہے اور ہم اپنے اس نئے معاصر کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

ایک شمارے کی قیمت ۸۵ پیسے ہے اور سالانہ چندہ دس روپے ہے۔

(ادارہ)

سفر مدام سفر (شعری مجموعہ) براج کومل

ڈیمائی سائز، صفحات ۱۲۰، قیمت چار روپے

ناشر: شب خون کتاب گھر، الہ آباد

براج کومل کی شاعری گزشتہ بیس بائیس سال کی ادبی تاریخ پر محیط ہے اور اس اثناء میں اُن کے تین شعری مجموعے شائع ہو چکے ہیں جن میں سے ان کا آخری مجموعہ "سفر مدام سفر" میرے سامنے ہے۔ اس مجموعے میں ان کے پہلے کے دو مجموعوں "میری نظمیں" اور "رشتہ دل" کی چند منتخب نظمیں بھی شامل ہیں جن سے اُن کے جدید شعری رجحانات کے ارتقائی عوامل کا بخوبی علم ہو جاتا ہے۔ براج کومل کی نظم "سفر مدام سفر" رابرٹ فراسٹ کی نظم Stopping By Woods On A Snowy Evening" کی یاد تازہ کر دیتی ہے۔ خود براج کومل کا ذہنی ارتقاء ایک ایسے سفر مدام سفر کی مثال ہے جس میں اُن کی شاعرانہ حس رفتہ رفتہ داخل ہوتی ہوئی اور پیچیدہ سے پیچیدہ تر ہوتی ہوئی چلی گئی ہے۔ عمیق حنفی کے برعکس براج کومل، اساطیر و

تلمیحات سے استفادہ نہیں کرتے بلکہ روزانہ تجربوں کی چیزوں سے شعری پیکر اخذ کرتے ہیں۔ اس اعتبار سے ان کا لہجہ وزیر آغا سے زیادہ قریب ہے۔

بلراج کومل کی بیشتر نظموں میں ان کا منفرد لہجہ صاف سنائی دیتا ہے۔ جو نفسیاتی پیچیدگی اور معنوی تہہ داری کا حامل ہونے کی وجہ سے نہایت قابلِ قدر ہے۔ اُن کے وجدان نے شاعری میں لہو کا پیکر بڑی خوبی سے ابھارا ہے شاعر جب خود کو ایک ایسے جزیرے میں مقید پاتا ہے جس پر موجِ امکان کب کی گزر چکی ہے اور لہروں کی حشر انگیز گرم آواز سے اس کی ذات انگشت ذروں میں ٹوٹ کر بکھرنے والی ہے، تو ایسے میں شاعر خود اپنا یا اپنے جذبات کا خون نہ کرے گا تو اور کیا کرے گا۔؟

بلراج کومل کی بعض نظموں میں "وقت" کو اپنی ذات میں جذب کر لینے کا ایک بے پناہ جذبہ پایا جاتا ہے۔ "عالمِ کل"، "کھویا ہوا لمحہ" "سرد تاریک شب" "درد کا لمحہ جاوداں" "دیوار" وغیرہ نظموں میں یہ خوبی خصوصیت کے ساتھ ابھری ہے۔ مذکورہ بالا نظموں کے علاوہ "ڈرگ اسٹور" "موجِ امکان" "گورتے لوگ" وغیرہ اُن کی قابلِ ذکر کامیاب نظمیں ہیں۔ بلراج کومل کا ایک اور رجحان کھردری اور سطحی شاعری کا بھی ہے جو "اکیلی"، "یہ زرد بچے"، "ریڈیو"، "شکار کاغذ کی ناؤ"، "دلکشی اس بزم کی" سے ہوتے ہوئے "بچوں کا جلوس"، "ٹین کے طوطے"، "سرکس کا گھوڑا" اور "بچے اور دشمن" تک پہونچتا ہے میری نظر میں یہ نظمیں بلراج کومل کی کمزور نظمیں ہیں اور ان میں مستعمل شدہ سپاٹ ذہنی پیکر ہیں لمحۂ فکریہ عطا کرنے میں تحت الشعور اور لاشعور کی عمیق تہوں سے شعور کی سطح تک کیفیاتی تجربات کی موجیں ابھار لانے سے قاصر ہیں۔ پھر بھی اتنا کہا جا سکتا ہے کہ ہمارے ذہن پر بلراج کومل کی اچھی نظموں کی گرفت اس قدر مضبوط ہوتی ہے کہ اس کے مقابلے میں اُن کی کمزور نظموں کا اثر دیرپا نہیں ہوتا "سفر مدام سفر" کتابت، طباعت، اور گیٹ اپ کے لحاظ سے بھی نہایت عمدہ ہے۔ (کرامت علی کرامت)

فاصلے

از مدہوش بلگرامی

سائز ۲۰×۳۰، حجم ۱۲۸ صفحات، قیمت: ڈھائی روپے
ماہ اشاعت: اپریل ۱۹۶۹ء۔ ملنے کا پتہ: بیگم ہوشیار جنگ۔ "اولار" سیٹن روڈ، باندرا۔ بمبئی ۵۰

زیرِ تبصرہ کتابچے کے نوجوان شاعر کا سالِ پیدائش ۱۹۴۴ء ہے اور قلم میں کام کرتے ہیں۔ اُن کو شاعری کا ذوق اپنے والد سے ورثہ میں ملا ہے۔ شروع میں ڈاکٹر راہی معصوم رضا کا ایک صفحہ کا تعارف ہے جسمیں انہوں نے لکھا ہے کہ "فاصلے" ایک طرح سے ایک بہت اہم مجموعۂ کلام ہے، کیونکہ ان میں زبان سے بے پروائی کا وہ رویہ نہیں ملتا جو نوجوانوں عام ہے۔"

اس کے بعد ایک ہی صفحہ کا تعارف زاہدہ زیدی صاحبہ (شعبہ انگریزی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) کا بھی ہے۔ وہ لکھتی ہیں کہ مدہوش کے تاثرات، تجربات، زبان و بیان پر رومانیت غالب ہے اور اُن کا تخیل حسن و عشق اور غم و اندوہ کی بھول بھلیاں میں کھویا ہوا سا محسوس ہوتا ہے۔ جو شاید اُن کی افتادِ طبع کے علاوہ اس کی عمر کا بھی تقاضا ہے۔"

شعر بطور نمونہ ملاحظہ ہوں۔

اب وہ دن میں بھی شب کا عالم ہے ہر صبح ہے شامِ تنہائی
فرقت کا زمانہ ختم سہی اندازۂ فرقت آج بھی ہے
مدہوش مآلِ مدہوشی معلوم نہیں کیا ہو اپنا
تدبیر نہیں بنتی کوئی اور گردشِ قسمت آج بھی ہے

(عبداللطیف اعظمی)

بقیہ پیر پرائی

دوبارہ کہا

"ہاں، ضرور، ضرور"

اور معلوم نہیں کیوں۔ دونوں کھلکھلا کے ہنس پڑے

تاریکی دھیرے دھیرے دن کے اجالے کو نگلتی جا رہی تھی۔ نوکر چائے لے آیا تھا۔ دونوں سردار اب چائے کی جانب گھومے۔

"کرے۔ چائے پی لے۔ بھئی" سردار جی نے کرے کو ہوشیار کیا۔

"آپ پیجئے سرکار۔" وہ دکھ سے چھٹپٹاتا ہوا دھیرے سے بولا۔ "آپ مجھے ڈیوٹی دلا دیجئے سرکار۔ بابوؤں نے میرا ٹکٹ بند کر دیا ہے۔ میں بڑا ہی . . . ."

"اچھا۔ کل دفتر میں آجانا۔ پھر دیکھیں گے جیسا کہے گا کر دیں گے۔ یہ بھی کوئی بات ہے؟" کہہ کر سردار جی نے چائے کا پیالہ منہ سے لگا لیا۔

وہ باہر کی جانب چل دیا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آرہا تھا کہ وہ ہنسے یا روئے۔

(مترجم: سرجیت)


منصوبہ بند کنبہ وہ ہے
جس کے افراد کی دیکھ بھال آپ بخوبی کر سکتے ہیں
بھائی جان، مجھے بتائیے، آپ
کیسے اتنی اچھی زندگی
بسر کرتے ہیں۔


آسان طریقہ ہے۔ میرا کنبہ چھوٹا ہے ——
—— صرف دو بچے


صرف دو؟ ہمارے ہاں تو آئے برس
بچہ پیدا ہو جاتا ہے!
میں کیا کروں؟


وہی کیجئے جو کچھ میں کرتا ہوں ——
نِرودھ استعمال کیجئے۔

اب مُلک بھر میں دستیاب
پرویژن اسٹور، پرچون فروش، دوا فروش،
جنرل مرچنٹ اور پان فروش بیچتے ہیں۔

بچے کی پیدائش کو روکنا
آپ کے اختیار میں ہے۔

نِرودھ استعمال کیجئے

اعلیٰ کوالٹی کے ربڑ کنڈوم
فیملی پلاننگ کے لئے
15 پیسے کے 3
سرکاری امداد سے رعایتی دام



۲۳ اپریل ۱۹۷۰ کو صدر جمہوریہ ہند شری وی وی گری اپنے چار دن کے دورے پر بھوٹان تشریف لے گئے۔ بھوٹان کے دارالخلافہ تھمپو ہیلی پڈ پہونچنے پر اُن کا شاندار استقبال کیا گیا
تصویر میں شاہ بھوٹان ڈرگ گیالپو معزز مہمان کو خوش آمدید کہہ رہے ہیں۔













Monthly) June 1970 Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, N.De
28 No. 11 Regd. No. D-509 Printed by Skylark Printers, 11355 Idgah Road, New Delhi-55

آج کل

جولائی ۱۹۷۰ء

۶۰ پیسے



مضمون ہندوستان کے جنگلی جانور صفحہ ۳۶



مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات شری ستیہ نارائن سنہا، آج کل اُردو اور آج کل ہندی کے جشن سیمیں میں تقریر کرتے ہوئے
یہ تقریب ۲۶ مئی ۱۹۷۰ء کو ماؤنٹکر ہال نئی دہلی میں بڑی شان وشوکت سے منائی گئی۔ اس تقریب میں اُردو اور ہندی کے ممتاز شعراء اور ادبا نے شرکت کی۔ (اوپر دائیں سے بائیں) مشہور اُردو شاعر جناب عرش ملسیانی، اطلاعات ونشریات کے وزیر مملکت شری اندر کمار گجرال ممتاز افسانہ نگار اور ناول نویس محترمہ صالحہ عابد حسین، مشہور ہندی ادیب ڈاکٹر نگیندر اور نامور ہندی شاعر رام دھاری سنگھ دنکر تشریف فرما ہیں شری گجرال کے پیچھے پبلیکیشنز ڈویژن کے ڈائرکٹر شری چمن لال سہارد واج کھڑے ہیں اور وزیر موصوف کو آج کل ہندی کا خاص نمبر دکھا رہے ہیں (فیچر) مہمان ادیب وشعراء جنہوں نے جشن سیمیں میں شرکت کی۔ اگلی قطار میں دائیں طرف آج کل ہندی کے کہانی مقابلے میں انعام یافتہ چار طلبہ بیٹھے ہوئے ہیں۔



اردو کا مقبول عوام مصور ماہنامہ

آج کل

نئی دہلی

ایڈیٹر
شہباز حسین

سب ایڈیٹر
نند کشور وکرم

جلد ۲۸ — شمارہ ۱۲
جولائی ۱۹۷۰ء
اساڑھ ساون شک سمت ۱۸۹۲ء

سرورق
بارہ سنگھوں کا جھنڈ

ترتیب

ملاحظات		۲
غبارِ کارواں	عبدالماجد دریابادی	۳
غزلیں	بسمل سعیدی	۱۲
ڈوچراغ اور بجھے	عرش ملسیانی	۱۳
مرحوم منور لکھنوی	راج نرائن راز	۱۶
گومتی (افسانہ)	صفدر مہدی	۲۰
غزل	ساحر ہوشیارپوری	۲۲
ہم اپنی آواز چاہتے ہیں (نظم)	من موہن تلخ	۲۳
جھلکیاں		۲۴
مدراس	رشید الدین	۲۶
غزل شلث	نظیر حسین نظیر مظفر نگری	۳۱
غزل	کرامت علی کرامت	
دنیا کی مشہور پیش گوئیاں	سیوک شرما	۳۲
ہندوستان کے جنگلی جانور	متین سید	۳۶
خود غرضی (نظم)	کیف احمد صدیقی	۴۰
غزلیں	قیصر شمیم	۴۰
	ذکاء الدین شایاں	
	فخر رضوی	
جدید اردو شاعری میری نظر میں	دور آفریدی	۴۱
نئی کتابیں	شکیل الرحمان	۴۳

خط و کتابت و ترسیلِ زر کا پتہ
شہباز حسین ایڈیٹر آج کل، پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

سالانہ چندہ: ہندوستان میں ۷ روپے۔ پاکستان میں ۷ روپے (پاک)
دیگر ممالک میں ۱۰ شلنگ ۶ پنس یا ڈیڑھ ڈالر
فی پرچہ: ہندوستان میں ۶۰ پیسے؛ پاکستان میں ۶۰ پیسے (پاک)
دیگر ممالک میں ۱ شلنگ یا ۱۵ سینٹ

شائع کردہ
ڈائرکٹر پبلیکیشنز ڈویژن پٹیالہ ہاؤس نئی دہلی

ملاحظات

۲۶ مئی ۱۹۷۰ء کو ماڈلسٹر ہال نئی دہلی میں آج کل (اُردو) اور آج کل (ہندی) کی سلور جوبلی کی تقریبات شان و شوکت سے منائی گئیں۔ اِس جلسے میں اُردو اور ہندی کے نامور ادباء و شعراء نے شرکت کی

مرکزی وزیرِ اطلاعات و نشریات جناب ستیناراین سنہا نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا کہ آج کل (اُردو) اور آج کل (ہندی) ملک کے ہر علاقے کے ادب کی عمدہ اور منتخب تخلیقات شائع کر کے اہم قومی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ اس سے ایک طرف تو یہ پتہ چلتا ہے کہ ہمارے ملک کی زبانوں میں کس طرح کا ادب تخلیق کیا جا رہا ہے اُن کا رجحان کیا ہے اور اب اُن کی کس طرح ترقی ہو رہی ہے اور دوسری جانب اس سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ دیش کی مختلف زبانوں کے ادب میں نظریات اور خیالات کی کیسی ایکتا پائی جاتی ہے

وزارتِ اطلاعات و نشریات کے وزیرِ مملکت جناب اندر کمار گجرال نے کہا کہ ۲۵ برس تک کسی رسالے کی مسلسل اشاعت خوشی کی بات ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا "۱۹۷۲ء میں جو لوگ ووٹ دیں گے اُن میں ۴۵ فی صد ووٹر بالکل نئے ہوں گے۔ اُنہوں نے مختلف اعداد و شمار کے ذریعے بتایا کہ اس وقت ایسے لوگوں کی تعداد بہت زیادہ ہے جن کی عمر ۲۰ سے ۳۵ سال کے درمیان ہے۔ اس لئے انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آج کل اُردو اور ہندی کو نوجوان لکھنے والوں کی ہمت افزائی کرنی چاہئے اور انہیں ملکی حالات، ثقافت اور فنونِ لطیفہ کی جانکاری بہم پہونچائی جانی چاہئے۔

مشہور شاعر اور آج کل کے سابق ایڈیٹر جناب عرش ملسیانی اور اُردو کی ممتاز افسانہ نگار اور ناول نویس محترمہ صالحہ عابد حسین نے آج کل، اُردو کی خدمات اور خصوصیات پر روشنی ڈالی اور ان علمی ادبی روایتوں کا ذکر کیا جو آج کل اُردو نے اپنی ۲۸ سالہ زندگی میں قائم کیں۔ عرش صاحب نے آج کل کے خاص نمبروں کا ذکر خصوصیت سے کرتے ہوئے کہا کہ آج کل نے مختلف فنون اور موضوعات پر جو خاص نمبر شائع کئے ہیں، اُردو میں اُن کی حیثیت بنیادی اور مقدم ہے، اور یہ کہ اس سے پہلے ان فنون اور موضوعات پر اُردو میں کوئی خاطر خواہ مواد دستیاب نہ تھا۔

آج کل اُردو اور آج کل ہندی کے جشنِ سیمیں کی اس مشترکہ تقریب میں ہندوستان کے مشہور ہندی شاعر جناب رام دھاری سنگھ دنکر نے آج کل ہندی کی ادبی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہندی میں ہفتہ وار رسائل بڑی شان سے نکل رہے ہیں لیکن ماہانہ جرائد کی روایت آہستہ آہستہ کم ہوتی جا رہی ہے۔ پہلے چاند، مادھوری وغیرہ متعدد قابلِ ذکر ماہنامے شائع ہوتے تھے جو زیادہ دنوں تک زندہ نہ رہ سکے۔ ماہنامہ آج کل ہندی نے اپنے ادبی سفر کے ۲۵ برس، ۲۵ سنگ میل طے کر لئے ہیں۔ یہ خوشی کا مقام ہے۔

مشہور ادیب اور دہلی یونی ورسٹی کے شعبہ ہندی کے صدر ڈاکٹر نگیندر نے بھی آج کل کی ادبی خدمات کو سراہا۔

عبدالماجد دریابادی

غبارِ کارواں

(۶)

ہم نے اردو ادبا و شعرا سے گذارش کی تھی کہ وہ ہمیں لکھ بھیجیں کہ اُن کی شخصیت کے تعمیر میں کون کون سے عناصر کارفرما رہے ہیں اور وہ کن افراد، واقعات یا کتابوں سے متاثر ہوئے۔ مولانا عبدالماجد دریابادی کا یہ مضمون اس سلسلے کی پہلی کڑی ہے۔ اس سے پیشتر محترمہ صالحہ عابد حسین، ڈاکٹر اختر اورینوی، ڈاکٹر گیان چند، پروفیسر جمیل مظہری اور ڈاکٹر مسعود حسین خاں اپنے خیالات کا اظہار کر چکے ہیں۔ ادارہ

لکھنؤ سے پورب کی جانب، فیض آباد کو ریل سے چلئے، جو خود اودھ کا دارالحکومت رہ چکا ہے، شجاع الدولہ کے زمانے تک۔ تو آدھو آدھ پر ایک اسٹیشن ملے گا، دریاباد۔ اسٹیشن سے ڈیڑھ دو میل دُور شمال میں چلئے تو اصل قصبہ میں پہونچ جائیے۔ اودھ کے قصبات میں تھوڑی بہت امتیازی حیثیت رکھے ہوئے شروع انگریزی حکومت میں بجائے بارہ بنکی کے یہی ضلع تھا۔ اب ضلع کیا معنی تحصیل بھی نہیں۔

قصبہ کی بنیاد، آج سے کوئی ۵½ سو سال قبل، شاہان شرقیہ جونپور کے زمانہ میں پڑی۔ اس وقت ان اطراف کے حاکم کوئی صاحب دریا خاں نامی تھے۔ وہی میرے خاندان کے مورثِ اعلا رشاہ مخدوم محمد ابجکش خلیفہ ابوالفتح کان پوری کو ایک متصل قصبہ محمود آباد سے لے کر آئے اور اپنے نام پر اس قصبہ کو آباد کرایا۔

اس قصبہ کے ایک قدوائی خاندان میں اس ننگِ خلائق کی پیدائش وسط مارچ ۱۸۹۲ء میں ہوئی۔ سنہ ہجری کا مہینہ شعبان کا تھا (انگریزی کی تاریخ بھی غالباً ۱۹ تھی) نام ابھی قدوائی خاندان کا آیا ہے۔ دو لفظوں میں اس کی بابت بھی سُن لیجئے۔ کہا جاتا ہے کہ ہمارے بزرگ قاضی معزالدین تھے، جنہیں لوگ احتراماً قدوۃ العلم والدین کہتے تھے۔ قاضی قدوہ اسی کا مخفف ہے شہور ہے کہ سلطان محمود غزنوی کے ہم عصر تھے۔ ہندوستان آکر قصبہ اجودھیا (ضلع فیض آباد) میں آباد ہوئے۔ (اجودھیا ہی کا دوسرا نام اودھ ہے) اور اُن کی اولاد اودھ کے قصبات میں پھیل گئی۔ بڑا گاؤں، گدیہ، مسولی، رسولی، جگدر بھیّارہ وغیرہ میں اب تک اُن کی آبادیاں موجود ہیں۔ ہمارے نسب ناموں میں اُن کا اسرائیلی ہونا درج ہے۔ حضرت ہارون کی نسل سے تھے جن کا سلسلہ بائبل میں دیئے ہوئے شجرہ کے مطابق لادی بن یعقوب پر ختم ہوتا ہے۔ اودھ کے عربی النسل شیوخ (صدیقی، عثمانی وغیرہ) بلکہ سادات تک نے اُنہیں ہاتھوں ہاتھ لیا اور مناکحت کے رشتے ان سے کثرت سے قائم کئے۔

میرے دو اچار بھائی تھے۔ منجھلے کا نام مفتی مظہر کریم تھا۔ بڑے کا نام مولوی حکیم نور کریم تھا۔ جو میرے حقیقی نانا بھی تھے۔ اُن کی عمر کا بیشتر حصہ لکھنؤ میں گزرا اور طبیب سے بڑھ کر طبیب گر کی حیثیت سے شہرت پائی۔ مگر علاج اور مطب ایک خاص سن آجانے کے بعد قطعاً چھوڑ دیا تھا۔ اور مشغلہ صرف مُدرسی کو بنالیا تھا۔ ساتھ ہی خطاطی و خوشنویسی بھی اعلا درجے کی تھی۔ خدا جانے کتنی کتابیں، تاریخ، حدیث تفسیر، لغت وغیرہ ہر علم و فن کی اپنے ہاتھ سے نقل کر ڈالیں۔ متعدد اب تک موجود ہیں۔ تالیف و ترجمہ سے بھی ذوق تھا۔ دو کتابیں

ف مطب چھوڑنے کا سبب بھی کچھ کم دلچسپ نہیں، فرنگی محل سے بڑے خصوصی تعلقات تھے ایک مرتبہ وہاں سے طلبی آئی، دسمبر کی سردی تھی اور رات کا وقت بھاری کا پانی برس رہا تھا۔ کوئی سواری بھی اس وقت نہ ملی، پیدل چلے گئے۔ واپسی میں جوڑوں اور ٹانگوں میں شدید درد پیدا ہوگیا بس اسی وقت سے عہد کر لیا کہ پیشہ چھوڑے دیتا ہوں جب تک پیشہ کروں گا کہیں اور کسی وقت جانے سے انکار کیسے کروں گا۔

زیادہ مقبول ہوئیں۔ ایک شفاء الامراض، دوسری ہے مخزن الادویہ سالِ وفات ۱۸۸۶ء۔

دادا صاحب اپنے وقت کے ایک جید فقیہہ و عالم تھے، تحصیل علم فرنگی محل (لکھنؤ) میں مولوی عبدالحکیم صاحب سے کی۔ ہنگامہ ۱۸۵۷ء کے وقت شاہجہاں پور میں کلکٹری میں سرشتہ دار تھے۔ الزام ان پر یہ لگا (خدا معلوم صحیح یا غلط) کہ باغی اُن کے مکان پر جمع ہو کر بغاوت کے لئے منصوبے بناتے تھے اور یہ مذہبی فتوے دے کر اُنہیں اور اُکساتے تھے، بعد ختم شورش غدر مقدمہ چلا اور اسپیشل کمشنر شاہجہاں پور کی عدالت سے اُنہیں ۱۸۵۹ء میں نو سال کی سزا عبور دریائے شور (عوامی زبان میں کالے پانی) کی ہوئی اور ہندوستان کے متعدد علماء مثلاً مولوی فضل الحق خیرآبادی اور مولوی قاضی عنایت احمد (مصنف تواریخ حبیب اللہ) وغیرہ کا ساتھ رہا۔ اور اُن کو خود کو بھی کوئی مہدۂ محرری" کالِ گیا (اس سے صحیح مراد کیا تھی یہ تو معلوم نہیں لیکن بہرحال تھی تو لکھنے پڑھنے ہی کی شکل) وہیں رہ کر انہوں نے عربی کی لغت، جغرافیہ کی مشہور کتاب مراصد الاطلاع کا اُردو ترجمہ بھی کر ڈالا۔ اس کا قلمی نسخہ انہیں کے قلم کا ہمارے یہاں محفوظ ہے چھپا ہوا نسخہ میری نظر سے نہیں گزرا لیکن ایک مخلص نے ابھی کئی سال ہوئے اطلاع دی، کہ انہوں نے ایک نسخہ انڈیا آفس لندن کی لائبریری میں دیکھا ہے۔ قیدیوں کو "خوش اطواری" کی کچھ چھوٹ بھی ملا کرتی ہے۔ اس میں اُنہیں بھی محل پونے سات سال جلاوطنی میں رہ کر اکتوبر ۱۸۶۵ء میں پروانۂ رہائی مل گیا۔ اور وطن آکر فتویٰ نویسی وغیرہ میں مشغول رہے۔ وفات ۱۸۷۳ء میں پائی۔ پانچ لڑکیوں کے علاوہ اُن کے دو فرزند بھی تھے۔ بڑے عبدالرحیم، چھوٹے عبدالقادر ہیں میں انہیں چھوٹی اولاد کی چھوٹی اولاد ہوں۔ ایک بھائی اور ایک بہن دونوں مجھ سے بڑے تھے بھائی عبدالمجید مرحوم کوئی آٹھ سال مجھ سے سن میں بڑے تھے لیکن اتنے فرق کے باوجود میں ان سے بڑا بنتے تکلف تھا۔ بچارے دمہ کے مریض بچپن سے رہے۔ باضابطہ تعلیم صرف انٹرمیڈیٹ تک پائی۔ یہ بھی اس زمانے کے معیار سے کچھ کم نہ تھی۔ باقی کتب بینی سے اپنی استعداد ہر قسم کی بڑھا لی تھی۔ اور اشعار کے تو کہنا چاہئے کہ حافظ تھے۔ خصوصاً مولانا شبلی اور مولوی ظفر علی خاں کے کلام کے نائب تحصیلداری سے ملازمت میں داخل ہوئے اور ڈپٹی کلکٹری کے عہدے پر پہونچ کر پنشن لی۔

۱۹۴۲ء میں لکھنؤ میں کچھ دن سٹی مجسٹریٹی بھی کی۔ یہ عہدہ ایک خصوصی اہمیت رکھتا تھا۔ خاصے مذہبی تھے۔ نماز کے پابند، منکسر المزاج، اور لوگوں کے بڑے ہمدرد، خصوصاً کنبہ والوں کے ساتھ۔ خیر پنشن کے بعد بھی مسلمانوں کے عام رفاہی کاموں میں پوری دلچسپی لیتے رہے۔ بہن سن میں ۴، ۵ سال بڑی تھیں اور بڑی عابدہ، صالحہ تھیں۔ گویا معصوم صفت، شادی چچازاد بھائی ڈاکٹر محمد سلیم کے ساتھ ہوئی۔ اولاد کوئی نہیں ہوئی۔ اپریل ۱۹۴۵ء میں وفات پائی۔ والدِ ماجد کا ذکر ذرا تفصیل سے کرنا تھا۔ اس لئے اسے عمداً مؤخر کر دیا ہے۔

اُن کا سالِ پیدائش ۱۸۴۸ء ہے۔ تعلیم حسبِ رواج فارسی و عربی کی اچھی خاصی پائی۔ زیادہ تر فرنگی محل ہی میں پڑھا۔ اور مولوی محمد نعیم صاحب فرنگی محلی سے عقیدت شاگردانہ آخیر تک رہی۔ بڑے سن پر پہونچ کر انگریزی کی بھی بہ قدر ضرورت تحصیل کر لی تھی۔ ملازمت کی ابتدا اسکول کی مدرسی سے ہوئی۔ کسی انگریز حاکم کو پڑھایا۔ اس نے خوش ہو کر عدالت میں سرشتہ دار بنا دیا۔ اس سے ترقی کر کے تحصیلدار اور پھر ڈپٹی کلکٹر ہو گئے۔ ڈپٹی کلکٹری اس زمانہ میں معراج ترقی تھی۔ پنشن کے وقت سیتاپور میں تھے۔ نماز، روزے، مختصر وظیفے کے پورے پابند تھے۔ علمی صحبتوں کے حریص تھے اور کتابوں کے علاوہ اخبار بھی خوب پڑھا کرتے۔ بعد پنشن لکھنؤ کے اُردو روزنامہ اودھ اخبار میں مضمون نگاری بھی کرتے رہے۔ ۱۹۱۲ء میں بیوی، لڑکی وغیرہ کے چھوٹے سے قافلے کو لے کر حج کو گئے اور معاً بعد فرائض حج ۱۱ یا ۱۲ ذی الحجہ کو ہیضہ میں مبتلا ہوئے اور ۱۳، ۱۴ ذی الحجہ کو عین فجر کے وقت دائمی اجل کو لبیک کہتے ہوئے رخصت ہو گئے۔ قطعہ تاریخ حضرت اکبر الہ آبادی نے کہا۔ آخری شعر تھا ؎

اس قدر معروف ذکر و شغل تھے "شغل" ہی سے نکلی تاریخ وفات

(۱۳۳۰ھ)

نکاح، سگی چچازاد بی بی نصیر النساء کے ساتھ ہوا تھا۔ اُن کو میں نے جب دیکھا تہجد گزار پایا۔ قرآن مجید ناظرہ پڑھی ہوئی تھیں۔ تلاوت کسی حال میں ناغہ نہ ہوتی۔ ۱۹۴۰ء میں وفات پائی ۸۲-۸۳ سال کی عمر میں۔

دستور برادری اور گھرانے میں پانچویں برس بسم اللہ خوانی کا تھا۔ اپنی عمر ابھی چوتھے ہی سال میں تھی اور ۱۸۹۶ء تھا کہ بسم اللہ کرنا طے پا گئی۔ والدِ مرحوم نکیم پور کھیری میں ڈپٹی کلکٹر تھے۔ ایک سہ پہر کو محفل آراستہ

ہوئی اور وطن کے ایک خوش اوقات و خوش صفات عالم صاحب، جو بھائی صاحب کی اتالیقی پر مامور تھے وہ زنانہ مکان کے صحن میں بسم اللہ کرانے بیٹھے۔ مٹھائی کے خوان سامنے رکھے ہوئے اور عزیزوں، نوکروں چاکروں کا گروہ حلقہ جمائے ہوئے۔ مولوی صاحب بچارے نے پیار و شفقت کے لہجہ میں کہا کہو بسم اللہ۔ یہاں جواب میں قطعی خاموشی۔ اب اور لوگ بھی اُن کے شریک کار ہوئے۔ لیکن اس ضدی لڑکے کی زبان پر بدستور قفل لگا ہوا تھا۔ والد مرحوم کو آخر غصہ آیا۔ اور کب تک نہ آتا۔ سمجھانے بجھانے، چمکارنے کی حد ہو چکی تھی۔ چھڑی ہاتھ میں لے انہوں نے جمانا شروع کر دی۔ لوگوں نے ہائیں ہائیں کر کے کسی طرح جان بچائی۔ چلتوں کی آڑ سے والدہ و ہمشیرہ یہ تکلیف دہ تماشہ دیکھ رہی تھیں۔ خیر بلایا سمجھایا۔ آخر میں جو میری کھلائی تھیں اُن بچاری نے کہا کہ واہ میرے بھیّا کو کیا بسم اللہ کہنا آتا نہیں۔ میں نے کہا آتا کیوں نہیں، بس میں اُن کے ساتھ جا ہو مولوی صاحب کے کمرے کے باہر ہی سے انہیں چلا کر سُنا آیا۔ اُداسی خوشی سے بدلی، چہروں پر ہنسی اور مسکراہٹ آئی۔ اسی کو کہتے ہیں

"ٹیڑھا لگا ہے قط قلم سرنوشت کو!"

زندگی کا یہی سب سے پہلا اہم واقعہ ہے۔

گھر پر قرآن مجید ناظرہ اور فارسی کی وہی تعلیم رہی، جس کا اُس وقت شریف مسلمانوں کے ہاں عام رواج تھا۔ اُردو میں مولوی محمد اسماعیل میرٹھی کی ریڈریں اپنے رنگ میں بہترین کتابیں تھیں۔ فارسی میں گلستاں بوستاں اور سکندر نامہ پڑھا، اور امام غزالی کی فارسی کتاب کیمیائے سعادت بھی جو اپنے فن کی بہترین کتاب ہے۔ لیکن اوّل تو اتنی کم سنی میں پڑھنے اور سمجھ میں آنے کے قابل نہیں، دوسرے اس کا پڑھانا بھی ہر استاد کا کام نہیں۔ اور ہاں اسی اعلا کتاب کے پہلو بہ پہلو وہ گندی کتاب یوسف و زلیخا بھی پڑھنا پڑی، صرف اس لئے کہ وہ منسوب ملّا جامی کی طرف ہے۔ عربی کی شُدبُد شروع ہی کی تھی کہ اسکول میں عربی لے لی۔ اب سن کوئی ۱۱، ۱۲ سال کا تھا۔ پڑھائی سیتاپور کے ہائی اسکول میں ہو رہی تھی۔ عربی کے پہلے اُستاد لکھنؤ کے ایک ذی استعداد شیعہ حکیم محمد ذکی مرحوم تھے۔ مجھ پر بڑے مہربان تھے۔ کچھ روز بعد فرنگی محل کے ایک ذی علم اُستاد مولوی عظمت اللہ مرحوم آ گئے۔ عربی لوٹی پھوٹی جو کچھ بھی آئی۔ اُن کی بدولت آئی۔ بڑے شفیق بھی تھے اور قابل و فاضل بھی۔

اسکول کا ہر درجہ کھٹا کھٹ پاس کر کے ۱۹۰۷ء میں دسویں میں آ گیا۔ ہاں حساب میں بہت ہی کمزور تھا اور یہ کمزوری اپنوں ہی کے ہاتھوں آئی تھی۔ اپنے بھائیوں ہی نے کہنا شروع کر دیا تھا کہ اب ساتویں سے جامیٹری اور الجبرا بھی پڑھو گے اور حساب تو مسلمانوں کو آتا نہیں۔ اب دیکھنا ہے کہ تم کیسی پوزیشن حاصل کرو گے۔ یہ سُن سُنا کر واقعی ہمت پست ہو گئی اور نفسیاتی مرعوبیت ایسی غالب آ گئی کہ ادھر حساب کا سوال سامنے آیا اور اُدھر دل کانپنے لگا۔ اسکول کے ہیڈ ماسٹر بابو گھمنڈی لال ایک دانشمند اُستاد تھے اور مجھ پر بہت عنایت کرنے والے انہوں نے یہ دیکھ، میرے ہی ایک اچھے ہندو ساتھی کو حکم دیدیا کہ انہیں اسکول کے بعد آدھ گھنٹے کے لئے روک کر اس میں سوال حساب کے کرا دیا کرو تاکہ ان کی جھجک مٹ جائے اور ہمت کھل جائے۔ اس ساتھی بچارے نے یہ فرض تن دہی سے ادا کیا اور بعد کو جب میں نے کچھ نقدی بطور معاوضہ کے دینا چاہی تو کسی طرح اُسے قبول نہ کیا۔ حالانکہ بچارے کی معاشی حالت حاجتمندی کی سطح تک پہونچی ہوئی تھی — شرافت کسی خاص قوم و مذہب کے ساتھ مخصوص نہیں۔ خیر، دسواں سیکنڈ ڈویژن میں پاس ہو گیا۔ اسکولی تعلیم ختم کر کے جولائی ۱۹۰۸ء میں آ کر کیننگ کالج لکھنؤ میں داخل ہوا۔ انٹرمیڈیٹ میں منطق اور انگریزی مضمون نگاری میں بہت اچھا رہا۔ انگلش، ہسٹری میں کم زور۔ عربی میں اوسط درجہ کا۔ بی اے میں آیا تو سائیکولوجی میں نام پیدا ہو گیا اور انگریزی مضمون نگاری میں بھی بہت اچھے نمبر ملنے لگے۔ ۱۹۱۲ء میں بی اے سیکنڈ ڈویژن پاس کر لیا۔ ایم۔ اے فلسفے کا انتظام لکھنؤ میں یہ تھا علی گڑھ گیا وہاں انتظام تو تھا، مگر کچھ یوں ہی سا۔ زیادہ جی نہ لگا اور کورس کی ایک کتاب تو دستیاب ہی نہ ہوئی۔ ۱۹۱۳ء میں امتحان دینے الہ آباد گیا (علی گڑھ اس وقت تک محض کالج تھا یونی ورسٹی نہ تھا) وہاں مولانا شبلی کے بھائی جنید صاحب نامور ایڈووکیٹ کے ہاں ٹھہرا۔ امتحان میں ناکام رہا۔ اسباب ناکامی کا ذکر کچھ غیر ضروری طوالت کا باعث ہوگا۔

۱۹۱۳ء میں میں ایم اے کرنے دہلی گیا۔ سینٹ اسٹیفن کالج میں داخل ہوا۔ والد مرحوم کا انتقال ۱۹۱۲ء کے آخر میں ہو چکا تھا۔ اور اب جو کچھ گھر میں روپیہ تھا ایک چلتے ہوئے بنک میں جمع تھا۔ اتنے میں خبر آئی کہ وہ بنک ٹوٹ گیا اور جو روپیہ اس میں تھا وہ ڈوب گیا۔ اپنا دل دہلی سے اچاٹ اور لکھنؤ کے لئے بیتاب تھا ہی، اس کو یہ بہانہ اچھا ہاتھ آ گیا اور ایم اے کی تعلیم ادھوری چھوڑ لکھنؤ واپس آ گیا۔ خیال یہ قائم کیا کہ دو برس کے عرصے میں انگریزی رسالوں میں مقالے فلسفہ پر

بکھ کر ایم، اے کی ڈگری کا کفارہ کروں گا: — لڑکپن کی نادانیاں اور خوش خیالیاں!

اب تلاشِ معاش شروع ہوئی، بڑی اُمید اس کی تھی کہ اپنے ہی کینگ کالج میں فلسفہ و منطق کے جونیر لکچرر کی جگہ پر ہو جاؤں گا۔ پرنسپل ڈاکٹر کیمرن بھی بہت خوش تھے مگر اُمید بر نہ آئی۔ تقرر ایک دوسرے صاحب کا ہو گیا۔ ریلوے اور ڈاکخانے میں کچھ مناسب جگہیں نکلیں کوشش کی اور ریلوے کے لئے تو راجہ صاحب محمود آباد نے زبردست سفارش کی۔ بے سود رہی۔ انجمن ترقی اُردو کے سکریٹری بابائے اُردو مولوی عبدالحق بہت کام آئے۔ بجائے نے بعض انگریزی کتابوں کے ترجمے معقول اُجرت پر کرانے شروع کر دیئے۔ یہ امداد بہت غنیمت معلوم ہوئی۔ اس سے ذرا قبل مولانا شبلی مرحوم اپنی زیرِ تصنیف سیرۃ النبی کے سلسلے میں انگریزی ماخذوں کی تلاش کے لئے گھنٹے دو گھنٹے کے کام کے لئے پچاس روپے ماہوار دیتے تھے۔

والد صاحب کے انتقال سے آمدنی کا اصل ذریعہ تو بند ہی ہو گیا تھا۔ بھائی صاحب کی تنخواہ نائب تحصیلداری کی خود ہی قلیل تھی پورے خاندان کا اسی سے خرچ چلانا دشوار ہو رہا تھا۔

۱۹۱۶ء تھا، جون میں شادی ہوئی۔ خرچ کا بار قدرتاً بڑھ گیا تھا علی گڑھ کے صاحبزادہ آفتاب احمد خاں نے قدر افزائی فرمائی اور کانفرنس میں بطور لٹریری اسسٹنٹ کے بلا لیا۔ تنخواہ پونے دو سو ماہوار، مکان بلا کرایہ، یوں بھی تنخواہ وقت کے معیار سے بے جا نہ تھی، اور پھر میں تو حاجتمند بھی تھا صاحبزادہ صاحب بڑی شفقت و عنایت سے پیش آتے رہے لیکن اُسے کیا کیجئے کہ ٹیڑھا لگا تھا قط قلم سرنوشت کو"! ملازمت بہرحال ملازمت تھی۔ طبیعت ہر قسم کے قید و بند کو بار سمجھ رہی تھی، تیار نہ ہو پائی اور دو ہی مہینے کے اندر خرابیٔ صحت کا بہانہ کر کے وہاں سے استعفا دے دیا۔

۱۹۱۷ء آ گیا۔ حیدر آباد میں عثمانیہ یونی ورسٹی کی داغ بیل پڑی اور اس کے لئے بطور پیش خیمہ ایک نیا محکمہ سررشتۂ تالیف و ترجمہ کھلا۔ مولوی عبدالحق صاحب کی نظامت میں اور میں اس کے لئے بہ حیثیت مترجم فلسفہ مقرر ہوا۔ تنخواہ کا آغاز تین سو سے ہوا۔ یعنی آج ۱۹۷۰ء کے تین ہزار کے مساوی۔ گیا اور گیارہ مہینہ وہاں قیام کیا۔

طبیعت کی بے قیدی یہاں بھی رنگ لائی۔ خیالات اپنے الگ ملحدانہ تھے۔ دکن کی مذہبی صحافت کو (جیسی کچھ بھی وہ تھی) ایک موقع شدید نکتہ چینی کا ہاتھ آ گیا۔ خوب خوب حملے ہوئے۔ یکم ستمبر ۱۹۱۸ء کو یہاں پہونچا تھا۔ آخر جولائی ۱۹۱۸ء تک کس مشکل سے نباہ کیا پھر چھٹے کر لکھنؤ آیا اور یہاں سے استعفے بھیج دیا۔

۸ - ۱۰ مہینے پھر بیکاری میں گزرے۔ عرض حال لکھ کر سر امین جنگ کے چیف سکریٹری پیشگاہ مبارک کی خدمت میں بھیجا۔ یہ قیام حیدر آباد کے زمانہ میں مجھ پر بہت ہی مہربان رہے تھے کئی ہفتے کے بعد ان کا تار آیا کہ نظام دکن کی خدمت میں پیش ہونے کے لئے تیار ہو کر آ جاؤ۔ گیا۔ اب کی سرکاری مہمان کی حیثیت سے نواب صدر یار جنگ صدر الصدور امور مذہبی کے ہاں ٹھہرایا گیا۔ پیشی ہوئی اور کوئی ۴۵ منٹ تک باریابی رہی، ۲۵ روپے ماہوار کی پنشن تاحیات منظور ہوئی۔ اور کام صرف مولانا شبلی کی طرح کتابوں کو سلسلہ آصفیہ سے منسوب کر دینا۔ ظاہر ہے کہ اس سے آسان ترصورت اور کیا ہو سکتی تھی۔ قیام کی کوئی قید نہیں، جہاں چاہوں رہوں۔

۱۹۴۲ء میں، یعنی اجرا پنشن کے ۲۰، ۲۲ سال بعد جب روپے کی قیمت بہت گھٹ گئی۔ تو یہ رقم بھی عملاً اپنی چوتھائی رہ گئی۔ اب صدر اعظم نواب امین الملک سر مرزا احمد اسماعیل تھے۔ ہوش بلگرامی میرے قدیم مہربان اب نواب ہوش یار جنگ تھے اور اعلیٰ حضرت کے مقرب خاص۔ انہوں نے میرا معاملہ سر امین الملک کے سامنے پیش کیا اور اس میں اضافہ ہو کر پنشن اب ۲۰۰ ماہوار ہو گئی۔ دو ہزار کی رقم نقد عنایت ہوئی۔ ۱۹۴۸ء میں جب پولیس ایکشن ہوا اور سلطنت آصفیہ مٹی تو یہ پنشن بھی بند ہو گئی۔ یہاں سے مولانا ابوالکلام وزیر تعلیمات نے لکھا پڑھی کی۔ آخر میں خود پنڈت جواہر لال نہرو نے لکھا، جب بالآخر ۱۹۵۱ء میں بحال ہوئی۔ پوری رقم دوسو کی نہیں بلکہ وہی قدیم ۱۲۵ کی جزوی بحالی کے بعد رقم خزانہ حیدر آباد سے منتقل ہو کر اب خزانۂ لکھنؤ میں آ گئی اور اب تک یہیں سے مل رہی ہے۔

پڑھنے کا شوق بچپن سے تھا۔ جہاں کوئی چیز چھپی ہوئی سامنے آئی، عام اس سے کہ رسالہ ہو یا کتاب یا اخبار یا اشتہار، بس اسے پڑھنا شروع کر دیا۔ رطب و یابس کی کوئی تمیز نہیں، ساتویں درجہ میں تھا اور عمر کے بارہویں سال میں کہ اودھ اخبار (لکھنؤ) میں مراسلے اور مضمون بھیجنے لگا۔ نام سے نہیں کسی فرضی نام سے۔ اور یہ زیادہ تر والد ماجد کے ڈر سے تھا، اور کچھ اپنے طبعی شرمیلے پن

سے بھی۔ آٹھویں درجہ میں پہونچا، تو ایک کتاب ہی مرتب کر دی۔ عیسائیوں کے جواب میں مولوی محمد علی رح مونگیری (بانی ندوہ) ایک ماہنامہ نکالتے تھے تحفہ محمدیہ کانپور سے۔ بس انہیں کے مضامین سرقہ کرلئے گئے تھے۔ گورکھپور کے ایک وکیل صاحب تھے مولوی احسان اللہ عباسی چریاکوٹی، اُن کی کتابیں بھی خوب پڑھ لی تھیں۔ الاسلام وغیرہ۔ اس سے بھی بچے کر مضمون لکھا کرتا تھا۔ وقت کے چلے ہوئے عنوانات پر اور دائرہ اب اودھ اخبار سے وسیع ہوکر ریاض الاخبار (گورکھپور) اور اخبار الاسلام (امرتسر) تک پہونچ چکا تھا۔

ایک چھوٹا سا کلب بھی بعض سینیر لڑکوں اور بعض باہر والوں سے مل کر قائم کیا تھا۔ فرینڈز کلب کے نام سے ایک آدھ ہندو بھی اس کے ممبر تھے۔ اس کے ہفتہ وار جلسے بھی ہمارے ہی ہاں ہوا کرتے۔ علاوہ دوسرے پرچوں کے علی گڑھ منتھلی بھی اس میں آتا تھا، آدھا اردو میں آدھا انگریزی میں۔ ایک آدھ مقالہ بھی اس کلب میں سُنایا۔ انگریزی کتابیں اسکول لائبریری سے لایا کرتا۔ ۱۹۰۸ء میں لکھنو مستقل طور پر آگیا۔ کالج میں پڑھنے لگا۔ کتب بینی اور رسائل بینی وسیع ہوگئی تھی۔ اب ملک بھر کے رسالے اور اخبار رفاہ عام لائبریری، ایڈوکیٹ لائبریری اور سب سے بڑھ کر کیننگ کالج لائبریری سب کے دروازے کھلے ہوئے تھے ۱۹۱۱ء میں جب سے امیر الدولہ پبلک لائبریری کھل گئی، اُس کے چکر متواتر اور کثرت سے لگنے لگے۔ لائبریری ہی میں اگر کبھی چھٹی ہوتی تو وہ دن بہت کھلتا اور طبیعت برابر بے چین رہتی۔ کالج ڈیبیٹنگ کلب میں تو خود کبھی زیادہ نہیں بولا۔ البتہ دوسرے مقرروں کو برابر مدد دیتا رہتا۔ مسلمانوں کا ایک سنجیدہ سہ روزہ امرتسر سے وکیل نامی نکلتا تھا۔ ۱۹۱۰ء میں اس میں بھی دو بلیے مضامین لکھے۔ ایک کا عنوان تھا محمود غزنوی اور دوسرے کا غذائے انسانی۔ بعد کو وکیل بک ایجنسی نے انہیں کو رسالوں کی صورت میں شائع کر دیا اور اُن کی خوب دھوم رہی۔

۱۹۱۱ء تھا کہ لکھنؤ کے نئے ماہ نامہ الناظر میں مولانا شبلی کی الکلام پر تنقیدی نظر کے عنوان سے ایک مقالہ لکھا اور اُس کے بڑے چرچے اُس زمانے میں رہے۔ پھر الناظر سے تو جیسے مستقل تعلق ہوگیا۔ برسوں اسی میں مضمون نکلتے رہے۔ کچھ نام سے اور کچھ فرضی ناموں سے۔ الہ آباد سے ایک ادبی ماہنامہ آب و تاب سے ادیب کے نام سے نکلا تھا۔ اس میں بھی ۱۹۱۲ء، ۱۹۱۳ء میں مضمون لکھے اللہ وحدہ (لکھنو) کا معیار بہت بلند تھا۔ ۱۹۱۳ء میں اس میں ایک آدھ مضمون انگریزی سے ترجمہ کر کے دیا اور اس کے مضمون نگاروں کی فہرست میں اپنا نام دیکھ لیا۔

کالج چھوڑنے کے بعد مستقل قیام لکھنؤ ہی میں رہا۔ لکھنؤ اپنا وطن بن چکا تھا۔ مضمون نگاری کا سلسلہ اردو، انگریزی دونوں میں رہا

معارف میں مضمون تو شروع ہی سے نکلنے لگے تھے ۱۹۱۹ء میں اس سے باضابطہ ادارتی تعلق پیدا ہوگیا۔ جو غالباً ۱۹۲۳ء تک قائم رہا۔ مولانا محمد علی کے روزنامہ ہمدرد کی نگرانی ۱۹۲۰ء سے اپنے ذمہ رہی۔ باقی اس سے گہرا ادارتی تعلق شروع ہی یعنی ۱۹۲۴ء سے تھا۔

۱۹۳۵ء سے اپنا ہفتہ وار لکھنؤ سے سچ کے نام سے نکالا۔ پہلے نظر الملک علوی کی شرکت میں اور پھر اپنا کر لیا۔

ایک دوست نے اسی زمانہ میں فرمائش کی کہ جدید تعلیم کے طریقوں پر ایک چھوٹا سا رسالہ لکھ دو۔ اس وقت تک عادت رات کو کام کرنے کی زیادہ تھی۔ ایک رات کو اور زیادہ جاگ کر چند گھنٹے کے اندر مسودہ تیار کر دیا "فرائض والدین" کے عنوان سے اور ایک فارم تعلیم کی طرف سے نقد معاوضہ اسی وقت ہاتھ آگیا۔ ان دنوں ادیب، معارف وغیرہ ہی معاوضہ دیتے تھے۔

فلسفۂ جذبات اور فلسفۂ اجتماع اسی دور کی تصنیفات ہیں (فلسفۂ اجتماع کو بعد میں اپنی فہرست تصانیف سے خارج کر چکا ہوں۔) برکلے فلسفی کے مکالمات کا ترجمہ (شائع کردہ دارالمصنفین) بھی اسی عہد کی یادگار ہے۔ لیکی کی "ہسٹری آف یورپین مارلس" کا ترجمہ تاریخ اخلاق یورپ (دو جلدوں میں) اور سیل کی ہسٹری آف ہولیریشن ان انگلینڈ" (تاریخ تمدن انگلستان) کی تین جلدوں میں سے بیشتر حصہ کا ترجمہ یہ سب اسی عہد کی پیداوار ہیں۔ آمدنی کا ذریعہ بس یہی رہ گیا تھا۔ ایک گم نام ڈرامے کا ذکر رہا ہی جاتا ہے۔ ۱۹۱۵ء میں زود پشیماں کے نام سے "ناظر" کی طرف سے شائع ہوا۔ اس کا ابتدائی مسودہ ریل کے ایک سفر میں، کان پور سے بمبئی تک میں تیار ہوگیا تھا۔

حیدرآباد میں جب یکم ستمبر ۱۹۱۷ء سے اخیر جولائی ۱۹۱۸ء تک رہا تو ایک خاصی ضخیم کتاب منطق پر تیار کر دی۔ نام تھا ایک پرانی کتاب کی نظر ثانی کا، لیکن نظر ثانی ہی میں گویا وہ ایک نئی کتاب ہی بن گئی۔ وقت بچ رہا تھا اس میں اپنے فن سے باہر ایک تاریخ یورپ کے ترجمہ کا تکملہ کر دیا۔ یہ دونوں کتابیں سررشتہ تالیف و ترجمہ عثمانیہ یونی ورسٹی کی طرف سے چھپیں۔

اگست ۱۹۱۸ء میں لکھنؤ واپس آگیا اور اب اپنی مستقل تصنیف و

وتالیف کا دور شروع ہوگیا۔ پہلے ایک چھوٹی سی کتاب تحفۂ خسروی چھپی ہے۔ یہ محض ایک مجموعہ قرآن، حدیث، اور سعدی وغیرہ کے اقتباسات کا شعر و ادب کے علاوہ تمامتر مغربی فلسفہ کے ماہرین کے افکار زیر مطالعہ آئے۔ برطانوی فلسفی اسپنسر وغیرہ تو گویا نوک زبان تھے ۱۸۸۰ء کے نصف آخر میں مطالعہ غیر مسلم فلسفہ و تصوف کا شروع ہوا۔ ہندو فلسفہ، بدھ مت فلسفہ، پھر فلسفہ وغیرہ انگریزی کے ذریعہ سے۔

ہندو فلسفہ میں علاوہ گیتا کے انگریزی ترجمہ کے سر بسینٹ تک بھگوان داس، آر بندو گھوش وغیرہ کی تحریروں کا مطالعہ رہا ماہنامہ صبح امید (لکھنو) میں کچھ مضمون نگاری اسی رنگ کی شروع کی اور پھر مثنوی رومی کے مطالعہ نے تو گویا اس پر مہر لگا دی اور مولانا شبلی کی سیرۃ النبی کی جلد اول بھی اس میں بڑی معین ہوئی۔ اب قلم کا رنگ بھی دوسرا ہوگیا۔ نفسیات مغربی کا غیر مضر اور صالح حصہ اب بھی قلم کا موضوع تھا مبادئ فلسفہ، یا فلسفہ کی پہلی کتاب اور مبادئ فلسفہ فلسفہ کی دوسری کتاب۔ اور ہم آپ، سب اسی رنگ کی نکلیں۔ پھر چھوٹے چھوٹے مقالے، رامپور، پشاور، علی گڑھ میں پڑھے ہوئے رسالوں کی صورت میں شائع ہوئے قصص و مسائل، اسلام کا پیام، اسلام کی کہانی۔ جدید قصص الانبیاء وغیرہ انگریزی ترجمہ و تفسیر دونوں کا ولولہ باوجود اپنی بے علمی، کم استعدادی کے پیدا ہوگیا۔ چھ سات سال کی مدت میں کام ختم ہوا۔ اور تاج کمپنی لاہور نے اس کا کاپی رائٹ دے کر خرید لیا۔ پھر اردو تفسیر کی نوبت آئی اور پہلے ایڈیشن کے بعد، توفیق الٰہی نے کامل نظر ثانی اور معقول معتد بہ اضافہ کے ساتھ، دوسرے ایڈیشن کے لئے دستگیری کی، پہلی جلد اس کی نکل چکی ہے۔ اور دوسری جلد بھی انشاء اللہ آج ہی کل میں نکلنے والی ہے۔ پانچ جلدیں اس کے بعد بھی باقی رہیں گی اور اس کی طبع و اشاعت کا اللہ ہی مالک ہے۔ مطالعہ قرانی کے سلسلہ میں چھوٹے بڑے رسالے بھی کئی نکل چکے ہیں۔ تاج کمپنی (کراچی) نے انگریزی میں محض ترجمہ قرآن (بلا تفسیر) کی فرمائش ابھی دو ہی چار سال ہوئے کی، اور جوں توں فرمائش پوری کر دی گئی۔ ترجمہ کی آخری قسط یہاں سے اکتوبر ۱۹۵۶ء میں روانہ کی گئی۔ شروع ۱۹۵۸ء میں افضل العلماء ڈاکٹر عبدالحق کرنولی مرحوم نے مدراس مدعو کیا کہ کسی قرآنی موضوع پر چھ لکچر آکر دیجئے۔ چنانچہ موضوع تقریباً اچھوتا اور جدید "سیرت نبوی قرآن سے" اختیار کیا گیا اور فرمائش پوری کر دی گئی۔ لکچروں کے دو ایڈیشن نکل چکے۔ ایک اور کتاب بھی تمامتر قرآن سے ماخوذ اسی زمانہ میں اور تیار ہوگئی۔ بشریت انبیاء کے نام سے۔ یہ موضوع بھی اب تک تقریباً اچھوتا ہی رہا ہے، اور حین انِ سطور کی تحریر کے وقت ایک دوسری فرمائش بھی پانچ لکچروں کی مدراس سے آئی ہوئی ہے۔ اب کے موضوع اختیار کیا گیا ہے "مشکلات القرآن، یا قرآنی مطالعہ بیسویں صدی میں"۔ یہ انتخاب اپنی تفسیر ہی سے ہوگا اور اس کے خصوصی نکتے ان لکچروں میں ترمیم و تصرف کے بعد پیش کر دئے جائیں گے۔

تفسیر ماجدی کے دوسرے ایڈیشن کی باقی جلدیں اپنی زندگی میں دیکھ لوں یہی بہت بڑی اور غیر معمولی سی بات ہوگی۔ ہر جلد پر مصارف اتنے آرہے ہیں کہ اللہ اگر ایک مخلص و سرتاپا خیر بندے کو آگے نہ کر دیتا تو کوئی صورت ہی طبع و اشاعت کی نہ تھی۔

مذہبی تحریروں کے ذکر کی رَو میں یہ ذکر رہ ہی گیا کہ ادبی اور شعری ذوق بھی اس دَور میں فنا نہیں ہوا بلکہ برابر باقی ہی رہا۔ حضرت اکبر سے جو عقیدت رہی وہ خود ایک مستقل عنوانِ گفتگو ہو سکتا ہے۔ بہرحال کئی مضمونوں اور مضمونچوں کا مجموعہ اکبر نامے کے نام سے اس درمیان میں شائع ہوگیا۔ انشائے ماجد جلد اوّل و جلد دوم اور نثریات ماجد جلد اوّل کے نام سے کئی مجموعے تیار ہو کر شائع ہوئے۔ شخصیات میں جو عقیدت حضرت تھانوی" اور مولانا محمد علی سے رہی، اس کا ذکر آگے آرہا ہے، بہرحال حکیم الامت کے نام سے ایک جلد حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کی نذر ہو چکی اور محمد علی ذاتی ڈائری، کے عنوان سے دو جلدیں محمد علی کی۔

ایمان و عقیدہ کی دُنیا میں بار بار تبدیلیاں ہوئیں: بچپن بھر اور شروع جوانی میں سخت مذہبی رہا۔ عمر کے سترھویں سال سے اسلامیت میں ضعف پیدا ہونا شروع ہوا، انگریزی کتابیں پڑھ پڑھ کر۔ ان میں سے کسی میں اسلام پر حملہ براہ راست نہ تھا۔ بس ایسے معلومات و افکار جمع کر دیئے گئے جن سے زد جا کر اسلام پر پڑتی تھی۔ مثلاً رسولِ اسلام کا فوٹو ایسا شائع کرنا (ایک مستند قلمی مرقع کے حوالہ سے) جس میں شکل و صورت سے بجائے کسی قسم کی نرمی اور نرم دلی کے تمامتر خشونت اور اکھڑپن برس رہا ہو اور عبا کے ساتھ کمر میں تلوار پڑی ہو اور کاندھے پر تیر و کمان!

اور اس پر مستزاد انگریزی کی ایسی کتابیں، ڈاکٹری یا نفسیات کے موضوع پر، جن میں ضمناً یہ درج ہو کہ صرع یا ہسٹریا کی ایک قسم ایسی ہے، جسے لوگوں نے "وحی" سے موسوم کیا ہے، اور دوسری طرف وہ کتابیں جن میں

نفس مذہب کے منسوب پر حملہ ہے۔ عبادت، عصمت، حفظِ نفس، وفنس کشی کی ہر صورت پر چھینٹے ہیں اور اسراف، حفظِ نفس، شہوت رانی وغیرہ کی حمایت کر کے اُن کی تبلیغ، حوصلہ افزائی کا حق ادا کر دیا گیا۔ ان سب کا مل ملا کر نتیجہ یہ ہوا کہ طبیعت اسلام کی طرف سے بالکل برگشتہ ہوگئی اور نفس پرجا دو الحاد و ارتداد کا چل گیا۔ بے تکلف لندن کی رشنلسٹ ایسوسی ایشن کا ممبر بن گیا۔ اور اپنے کو کھلم کھلا رشنلسٹ (عقلیت پسند) یا "ایگناسٹک" (لاادری) کہنے لگا۔ یہی غنیمت ہوا کہ سوشل حیثیت سے مسلمان اس وقت بھی رہا۔ یعنی مسلمانوں سے وہی میل جول، وہی مسلم برادری، وہی مسلم معیشت۔ ۱۹۰۹ء سے ۱۹۱۳ء تک یعنی ستر ہویں سال سے لے کر ستائیسویں سال کی عمر تک یہی انداز فکر رہا۔ مغرب کی خیث مادیت کا بُت ہندو فلسفہ کے مطالعہ سے ٹوٹا۔ اور روحانیت کے نام سے چڑھ اور بیزاری نہ رہی۔ ڈیڑھ دو سال اسی حالت میں گزرے اور سنہ ۱۹۲۰ء سے کہنا چاہئے کہ یہ مرتد از سرِ نو اسلام لے آیا۔

دورِ ظلمت سے دورِ ہدایت تک پہونچنے میں جن حضرات سے مدد ملی ان میں ایک امتیازی درجہ مشہور شاعر حضرت اکبر الہ آبادی کا ہے، حکیم و عارف تھے۔ کن کن لطیف حیلوں بہانوں سے مجھے رُشد و ہدایت کی طرف لاتے رہے، دوسرے رہبر اس سلسلے میں مولانا محمد علی تھے، ان سے مجھے محبت ہی نہیں، عشق تھا۔ یہ ہر طرح ڈانٹ ڈپٹ کر میری اصلاح کے پیچھے پڑے رہتے۔ ہندوؤں میں بنارس کے فاضل فلسفی درویش بابو بھگوان داس کی باتیں بھی بڑی مصلحانہ رہیں اور اس سلسلے میں نام گاندھی جی کا بھی آتا ہے۔ چھوٹے بڑے ہادی و رہنما اور بھی ملتے رہے۔ قسمت نے یاوری کی کہ مولانا اشرف علی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں رسائی ہوگئی۔ جہاں کا رنگ سب سے نرالا تھا۔ یہاں سے جو کچھ پایا۔ بس اپنے ظرف کا منتہا وہی تھا۔

شوق اسکولی زندگی میں تھوڑا بہت کرکٹ اور ٹینس کا بھی رہا۔ لیکن زیادہ دلچسپی فٹ بال سے رہی اور اس میں بس اس درجے کا کھلاڑی سمجھا جاتا رہا کہ کالج میں آتے آتے پڑھنے کی ایسی لت پڑ گئی کہ شام کے کھیل کا وقت بھی پڑھائی کی نذر ہوگیا۔ کھیلنے دوڑنے کا کوئی وقت ہی باقی نہ رہا۔ ادھیڑ پن کے وقت تک ورزش پر مطلق توجہ نہ کی، ۴۵ سال کے بعد خیال آیا اور صبح تڑکے قبل فجر دوڑ کی مشق شروع کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ فائدے سے زیادہ نقصان ہاتھ رہا۔

آخر میں سخت قسم کی ورزشوں سے توبہ کی، اور ہلکی ورزش صبح ٹہلنے اور چلنے کی رکھی۔ تدرتوں یہ معمول رہا۔ اب کئی سال سے یہ بھی چھوٹ گیا ہے۔ صحت بہ حیثیت مجموعی اچھی ہے، بیمار نسبتاً کم ہوتا ہوں۔ کھانا ہر قسم کا بڑے شوق سے کھا لیتا ہوں۔ چائے ایک زمانے میں بہت زیادہ پینے لگا تھا۔ اب نسبتاً کم کر دی ہے۔ کان بہت اچھے رہے تھے۔ اب سن کے تقاضے سے گراں گوشی پیدا ہوئی ہے، اور اس سے کہیں بڑھ کر تکلیف دہ ضعف بصارت ہے، اس کا سب سے تباہ کن اثر خط پر پڑا ہے، اپنا خط خود نہیں پڑھ پاتا ہوں۔ لکھنے میں کثرت سے حروف چھوٹ جاتے ہیں اور دُور کی چیز تو بالکل ہی نہیں دیکھ سکتا ہوں۔

رات کو لکھنے پڑھنے کا کام سالہا سال سے بند ہے، اس ضعف بصارت کی وجوہ، لڑکپن اور نوجوانی میں بڑی ہی بے احتیاطیاں کی تھیں۔ ناکافی اور دُھندلی روشنی میں برابر مطالعہ کرتا رہتا تھا اور کبھی لیٹ کر بھی۔ اس کا خمیازہ جوانی ہی میں بھگتنا پڑا۔ بول کر لکھانے کی عادت نہیں، قلم جب ہاتھ میں آجاتا ہے، جب ہی دماغ چلتا ہے۔ بڑا وقت خط و کتابت کی نذر ہو جاتا ہے، لوگ عجب عجب سوال لکھ بھیجتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ لوگ عمر فاروق کو فاروقِ اعظم کیوں کہتے ہیں۔ کیا کوئی دوسرے فاروق بھی ہوئے ہیں۔ اور یا یہ کہ حضرت یوسف سے شادی کے وقت بی بی زلیخا کا کیا سن تھا اور اُن سے اولادیں کتنی ہوئیں وغیرہ۔ مروت میں اکثر جواب دیتے ہی بنتا ہے۔ کوئی اسسٹنٹ یا معاون پاس نہیں۔ کتابیں مکان کے مختلف حصوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔ اُنہیں اُٹھا کر لانا اور حوالہ ڈھونڈھنے میں بڑا ہی وقت نکل جاتا ہے۔

شادی ہمارے ہاں ماں باپ کی پسند اور مرضی ہی سے ہوا کرتی ہے۔ اور اکثر خاندان ہی کی کوئی لڑکی اپنے عزیز سے منسوب ہو جاتی ہے۔ اپنی نسبت بھی اسی طریقہ سے بچپن ہی میں طے شدہ سمجھ لی گئی تھی۔ کسی نے مجھ سے پوچھنے کی ضرورت ہی نہ سمجھی۔ جب میں کالج میں پڑھنے لگا، تو خیالات میں انگریزیت کے ساتھ اس باب خاص میں بھی "صاحبیت" نے زور کیا۔ لڑکی میں اور کوئی بُرائی نہ تھی۔ صورت شکل میں اوروں سے بہتر تھی۔ لیکن رہتی دیہات میں تھی شہر کی آب و ہوا سے ناآشنا۔ اور اپنے نزدیک سوءِ عیوں کا ایک عیب یہی تھا۔ جب بی، اے کر چکا پھر والد ماجد کچھ دن بعد دُنیا سے رخصت ہو گئے۔

والدۂ ماجدہ کے کانوں تک یہ خبر اپنی ناپسندی کی پہونچا دی۔

آج کل دہلی

وہ بچاری ہکی دق رہ گئیں کہ لڑکی والوں کو اب کیا منہ دکھائیں گی۔ لیکن قدرت کا انتظام دیکھئے کہ عین زمانے میں ایک دوسری عزیز لڑکی نظر کے سامنے آگئی۔ یہ میری ایک حقیقی خالہ کی پوتی تھی۔ عمر میں مجھ سے دو ہی چار سال چھوٹی۔ رنگ روپ کی اچھی نکھری اور بڑی بات یہ کہ قیام زیادہ تر لکھنؤ میں رہتا تھا۔ باضابطہ تعلیم تو کچھ ایسی ہی رہی۔ البتہ معاشرت بالکل شہری، لکھنؤ میں قصباتی آداب سے خوب واقفیت، وضع لباس، چال ڈھال سب شہریوں کی سی۔ بس یہ لڑکی دل میں کھب گئی۔ بہن بھاوج، والدہ سب ڈر رہی تھیں کہ خدا معلوم کس کرستان عورت کو گھر میں لے آؤں۔ اس انتخاب کی خبر سن کر سب باغ باغ ہوگئیں۔ باقاعدہ پیام کا خط ادھر سے لیا اور اب حسب دستور پردہ ہوگیا۔ اتفاقات عجب عجب پیش آتے رہے۔ کبھی کسی عزیز قریب کا انتقال۔ کبھی کچھ اور۔ دن ٹلتے رہے اور فراق کی مدت کا ٹنا مشکل ہوگئی۔ اشتیاق بڑھتا گیا اور محبت بڑھ کر عاشقی کے درجہ تک پہونچ گئی۔ بالآخر شروع جون ۱۹۱۶ء میں عقد خاصے دھوم دھام سے لکھنؤ میں ہوگیا۔ مکان ان کا باندے میں تھا۔ جائداد وہیں تھی۔ والد شیخ یوسف الزماں آنریری مجسٹریٹ اور رئیس تھے۔ بیوی جو آئیں تو خوب مقبول ہوئیں۔ خاصی خوشحال تھیں مگر میرے ہاں عین اس زمانہ میں تنگی اور ان بچاری نے بڑے صبر و شکر کے ساتھ قناعت کی زندگی اختیار کرلی اپنے برتاؤ سے سب کو خوش رکھا۔ خود مجھ سے البتہ کبھی کبھی جنگ ہوجاتی تھی۔ زیادہ تر مالی معاملات میں۔ بہ حیثیت مجموعی زندگی بڑے سکھ کی تھی ــــ درمیان میں ایک حادثہ اور صاحب اولاد بیوہ سے میں نے عقد ثانی بھی کرلیا تھا اکتوبر ۱۹۲۳ء میں۔ لیکن نباہ ان سے عرصہ تک نہ ہوسکا۔ ہر فریق کو کوفت ہی کوفت رہی۔ بجبور (جون ۱۹۲۱ء میں نرم الفاظ میں طلاق نامہ بھیج کر باقاعدہ علیحدگی اختیار کرلینا پڑی۔ گو تھوڑی بہت خدمت کی توفیق اس کے بعد بھی اُن کی زندگی بھر ہوتی رہی اگر اس باب میں کوئی زیادتی یا ستم رانی میری طرف سے ہوئی تو اللہ معاف فرمائے۔

اولادیں ہوئیں تو متعدد، زندہ چار ہی رہیں۔ چاروں لڑکیاں گھر ہی پر اُن کی کچھ تعلیم دے دلا کر شادیاں، چاروں مناسب سن والے بھتیجوں کے ساتھ خاموشی سے کردیں۔

جون ۱۹۱۶ء سے دسمبر ۱۹۶۸ء تک کا زمانہ بڑی ازدواجی مسرت و کامیابی کا گزرا (جس حد تک مسرت اس عالم ناسوت میں ممکن ہے) صحت بچاری کی خاص طور سے خراب رہا کی۔ بلڈ پریشر، رجع مفاصل، متعدد امراض کی شکار، پھر بھی میرے لطف و مسرت میں کوئی فرق نہیں۔ اور طویل مدت مفارقت کو تو میں نے کبھی جانا ہی نہیں اور حق رفاقت جس طرح انہوں نے ادا کیا، کم ہی کسی کو اس کا موقع ملتا ہے۔ دسمبر ۱۹۶۸ء میں بھتیجے انوار الزماں ایڈووکیٹ باندے کی لڑکیوں کی شادی باندے میں تھی، بڑے شوق سے بلائی گئیں۔ اور بڑے شوق سے گئیں عین وقت پر میں بھی عقد میں شرکت کے لئے گیا۔ ۳۰ دن کے بعد واپس آگیا۔ خیال یہ تھا کہ ہفتہ عشرہ کے بعد یہ بھی واپس آجائیں گی بیکم کو دریابا د واپس پہونچ گیا۔ میں بیٹھا قرآن مجید ہی کا کام کر رہا تھا کہ بے شان و گمان ایک موٹر عین دروازے پر آکر رکی اور میرا دل دھک سے ہوگیا۔ معاً آواز علیم سلمہ کی آئی اور دل میں بجلی سی کوند گئی کہ کوئی شدید واقعہ پیش آگیا اور یہ مجھے بلانے کو آئے ہیں۔ کمرے میں داخل ہوئے اور روتے ہوئے بولے کہ جو کچھ کہنے میں آیا ہوں، وہ کس زبان سے کہوں۔ میں نے دو سیکنڈ کے تامل کے بعد جواب دیا۔ الحمد للہ، اللہ نے اپنی امانت واپس لے لی اور بہترین وقت واپس لی ہے۔ پھر انہوں نے رو رو کر تفصیل بیان کی کہ "رات کو بارہ بجے مرحومہ کو قلب کا دورہ ہوا۔ ڈاکٹر اشرف (سگے بھتیجے) موجود ہی تھے۔ انہوں نے گولیاں دیں کچھ اثر نہ ہوا۔ دو ڈاکٹر انجکشن لائے اتنی دیر میں دو مرتبہ کلمہ شہادت پڑھ کر یہ رخصت ہو چکی تھیں۔ ڈاکٹر سر پکڑ کر بیٹھ گئے کہ دوا کا وقت گزر چکا۔ باندے سے ٹرنک کال پر یہ اطلاع ۸ بجے صبح لکھنؤ ہوئی۔ موٹر آپ کے لئے لایا ہوں" گرتا پڑتا پہلے لکھنؤ پہونچا۔ مولانا علی میاں ندوی، مولانا اویس ندوی نگرامی اور مولوی ہاشم فرنگی محلی گھر پر تعزیت کو موجود تھے۔ سہ پہر کو لاری میں خاندان بھر کو ساتھ لے کر ۱۰ بجے شب کو باندے پہونچا اور گھر میں قدم رکھ کر وہ منظر دیکھا کہ اب کیا بیان ہو گزری جو کچھ گزرنا تھی۔ آہ، وہ کفن پوشی کی جامہ زیبی جنازہ قبرستان لے جایا گیا۔ نماز بھی آخری پڑھائی۔ قبر میں اُتار کر قبر بند کی اور مٹی ڈالی۔ کون جان سکتا ہے کہ جس کو عمر بھر یہاں تک کہ اس ضعیفی میں بھی محبوبہ بنا کر رکھا۔ اسی کے لئے یہ سب کچھ کرنا بھی اپنی قسمت میں تھا

نام کی عفت النساء ایک پیکر عفت تھی۔ مرحومہ کی رفاقت کے وقت سے طب میں ایک خلا پیدا ہوگیا ہے اور ہنسی جسے کہتے ہیں وہ ۱۰ مہینے ہو چکے ہیں کہ آج تک چہرے پر نہیں آئی۔

سیاست ملکی میں زیادہ میں کبھی نہیں پڑا۔ البتہ جب سے کامریڈ نکلنا شروع ہوا تو میں اس کا حرف حرف پڑھنے لگا، ترکی سیاست اور عام اسلامی سیاست سے دلچسپی پیدا ہونے لگی۔ پھر جب ۱۹۱۸ء میں مسز بینٹ ایک

بیک نظر بند ہوئیں، تو اُن کی ذات سے عقیدت کی بنا پر دل کو ایک دھچکا سا لگا۔ ہوم رول اور کانگرس کو اچھا سمجھنے لگا۔ پھر گاندھی جی کی تحریک ترک موالات اٹھی اور اس کا علم بردار ملی حد تک بن گیا۔ چنانچہ مارڈن ریویو (کلکتہ) میں مضمون ستیہ گرہ اور اسلام پر لکھا اور پھر جب علی برادران گرفتار ہو کر کراچی کے مقدمہ میں سزایاب ہوئے۔ تب سے تو تحریک خلافت کا بے دامو کا غلام بن گیا۔ مرکزی خلافت کمیٹی اور پھر اس کی ورکنگ کمیٹی کا ممبر بھی تھا اور وہ خلافت کمیٹی کا صدر کئی سال تک رہا۔ ۱۹۲۷ء میں لکھنؤ میں خلافت کانفرنس کا جو اجلاس ہوا اس کی مجلس استقبالیہ کا صدر تھا اور جو ایڈریس اس میں پڑھا، لوگوں نے اس کی بڑی ہمت افزائی کی۔ کانگرس اور مسلم لیگ دونوں سے ہمدردی رہی مگر دھی دُور دُور کی اور جب سے محمد علی کا انتقال ہو گیا سیاست سے بالکل قطع تعلق کر لیا۔ گاندھی جی کی دُور اندیشی، تدبیر اور اخلاص سب کا مداح زندگی بھر رہا۔ اور اُن کی بے وقت اور بیدردانہ موت ملک کے لئے ہی نہیں مسلمانوں کے لئے بھی ایک سانحہ ہے۔

عقیدت سوفی صدی محمد علی سے رہی اور اُن کے بعد خلافت کمیٹی سے بھی الگ ہو گیا۔ مولانا عبدالباری فرنگی محلی کی عزت و محبت دل میں قائم رہی۔ مالی خوش حالی زیادہ کبھی نہیں رہی بلکہ بعض دَور تو خاصی تنگ حالی کے بھی گزرے ہیں۔ لیکن بھائی صاحب برابر اور مستقل مدد کرتے رہے اور مخلصوں کی ایک تعداد بھی وقتاً فوقتاً ہدیے اور نذرانے پیش کرتی رہی۔ حیدرآباد کی علمی پنشن ۳۰۰ روپے ماہوار کی تھی۔ پولیس ایکشن کے بعد بند ہو گئی۔ جب مولانا ابوالکلام اور پنڈت جواہر لال کی تحریک پر دوبارہ کھلی تو کل ۱۲۵ پر آگئی ۱۹۶۷ء سے ہند سرکار نے عربی اسکالر کی حیثیت سے ماہانہ پنشن مقرر کر دی۔ اس کی رقم اب ۳ ہزار سالانہ ہے، پہلے کم تھی۔ یوپی سرکار سے بھی۔ پنشن سرکاریہ ماہوار کی ملتی رہتی ہے۔ کچھ آمدنی کتابوں اور صدق سے ہو جاتی ہے۔ سورت اور پھر بلاپا کے سیٹھ دادا بھائی نے ایک بار کئی ہزار کی رقم پیش کی تھی اور ایک اور مخلص بھی جن کا نام کچھ یاد نہیں پڑتا معقول رقم پیش کی تھی۔ مدراس میں مجھے لیکچر دینے کا موقع مل گیا تھا۔ میں اس وقت پھر وہی صورت نکل رہی ہے۔

مدتوں قیام طالب علمی ختم ہونے کے بعد بھی لکھنؤ ہی میں رہا۔ معلوم ہوتا تھا کہ وہی وطن ہے۔ دورِ خلافت اور ترکِ موالات میں ملاقاتیوں کی بھرمار، جلسوں جلوسوں کی کثرت اور ہمہ وقتی شور و شغب سے گھبرا کر وہاں سے وطن آبائی کو منتقل ہو آیا۔ شروع شروع میں جی نہ لگا۔ پھر خوب لگ گیا۔ کام کا موقع سکون و خاموشی کے ساتھ ملتا رہتا ہے۔

پڑھنا لکھنا جو کچھ آیا، اس میں بڑا دخل مولانا شبلی کو ہے، اُن سے بہت کچھ سیکھا، گویا اولین استاد وہی تھے۔ بعد کو زبان کی حد تک بڑی مدد مرزا محمد ہادی رُسوا لکھنوی سے اور کسی حد تک شمس العلماء مولوی نذیر احمد دہلوی سے ملی۔ باقی تھوڑی بہت خوشہ چینی خدا معلوم کتنے خرمنوں سے کی اور اب بھی کر رہا ہوں۔ سب کے نام کہاں تک گنا سکتا ہوں۔ اللہ اُن سب کو جزائے خیر عطا کرے۔ بہت کچھ گزر چکی، باقی جو رہ گئی ہے وہ کئے دن کی، آناً فاناً گزر جائے گی۔ وقت عزیز جتنا برباد ہوا، اس پر قلق و حسرت کس زبان سے کیجئے۔ جب اپنی بداستعدادی، کم علمی پر نظر جاتی ہے تو خدا جانتا ہے کہ حیرت ہی ہو کر رہ جاتی ہے اور دنگ و ششدر ہو کر رہ جاتا ہوں کہ اتنا کام بھی کیسے بن پڑ گیا۔

ہے آرزو کہ ابروے پُرخم کو دیکھئے
اس حوصلہ کو دیکھئے اور ہم کو دیکھئے

دُنیا خوب گزر گئی، اور دنیوی نعمتوں سے سرفرازی جی بھر کے رہی۔ اب فکر اسی منزل کی ہے، جو سب کو پیش آتی ہے۔

وقتِ طلوع دیکھا، وقتِ غروب دیکھا
اب فکرِ آخرت ہے، دُنیا کو خوب دیکھا

اپنے اعمال پر نظر جاتی ہے تو تصویرِ یاس بن کر رہ جانا پڑتا ہے۔ مگر معاً خیال آجاتا ہے کہ جس رحیم نے اس عالمِ ناسوت میں قدم قدم پر بے شمار عیبوں کی ستاری کی۔ بغیر کسی حق و استحقاق کے سب کچھ چھپا ڈالا۔ کیا آخرت میں جب اس کی صفت غفاری کا ظہور کامل ہو گا۔ کیا وہ اپنے بندہ کو بے کس اور بے سہارا چھوڑ دے گا تو معاً امید یاس پر غالب ہو جاتی ہے۔ اب تمنا ہے تو صرف اتنی کہ تفسیر کے نئے ایڈیشن کی تکمیل اپنی آنکھوں سے دیکھ لوں۔

ہمارا
اگست ۱۹۷۰ء
کا
خصوصی شمارہ

ہندوستان کی علاقائی زبانوں کے افسانوں پر مشتمل ہو گا

ہر زبان میں افسانہ نگاری کے جدید رجحانات سے متعلق مضامین بھی شامل ہوں گے۔

صفحات ۹۶ ، قیمت : ایک روپیہ

ایجنٹ صاحبان اپنی زائد ضرورت سے بزنس منیجر کو مطلع کریں

بسملِ سعیدی



غزل

عشق وہ اک نظامِ شوق، غم جو نہ دے خوشی نہ دے
صدمۂ ہجر اگر نہ دے مژدۂ وصل بھی نہ دے

جس میں نہ ہر نفس ہو موت، ختم ہو جس سے زندگی
عشق وہ زندگی تو کیا عشق وہ موت بھی نہ دے

آج انھیں دمِ وداع سجدہ ہو آخری مرا
کاش کہ اب مجھے خدا مہلتِ بندگی نہ دے

ہائے وہ دل کہ ہو جسے درد کی زندگی عطا
وائے وہ دل جسے خدا درد کی زندگی نہ دے

تجھ سے جدائی تو نہیں تیرے نہ ہونے کی دلیل
اپنا خیال کر مجھے طعنۂ بے کسی نہ دے

ہجر کی شام تا بحشر ہوئے بپا ہزار
اتنی طویل بھی خدا فرصتِ زندگی نہ دے

شکر قبول سجدہ کر شکر کے سجدے میں ادا
حاصلِ بندگی نہ لے عظمتِ بندگی نہ دے

غفلتِ حال ہی کو ہے عشرتِ زندگی نصیب
"ذہنِ فریب خوردہ کو زحمتِ آگہی نہ دے"

خندہ لبی سے بسملؔ آہ قلبِ فسردہ خوش ہو کیا
شمع مزار جس طرح قبر میں روشنی نہ دے

میرے گھر کے در و دیوار ابھی باقی ہیں
غمزدہ دل کے یہ غم خوار ابھی باقی ہیں

کچھ تو مقتل سے گئے اٹھ کے جنازوں کی طرح
کچھ تہِ خنجرِ خوں خوار ابھی باقی ہیں

مر گئے نادر و چنگیز تو کچھ بات نہیں
خیر سے آپ تو سرکار ابھی باقی ہیں

زلفِ پرخم کی قسم اس قدِ بالا کی قسم
مستحق رسن و دار ابھی باقی ہیں!!

شرمسار آپ نہ ہوں اپنی مسیحائی پر
لبِ جاں بخش کے بیمار ابھی باقی ہیں

آپ چلنے دیں ابھی بادۂ بجامِ سقراط
تشنہ لب اور بھی مے خوار ابھی باقی ہیں

آپ تنگ آ کے ابھی ہاتھ سے خنجر نہ رکھیں
اور کچھ جان سے بے زار ابھی باقی ہیں

آپ کچھ دیر ابھی اور تماشا رہیں
دل فگار و جگر افگار ابھی باقی ہیں!!

کچھ گئے حسن کے بازار سے سودا کر کے
کچھ شہادت کے خریدار ابھی باقی ہیں

بختِ بیدار کئی سو بھی گئے موت کی نیند
اور کچھ طالعِ بیدار ابھی باقی ہیں!

ماتمی رسم ابھی بزمِ طرب سے نہ اٹھے
مرنے والوں کے عزادار ابھی باقی ہیں

کتنے ہموار کئے اپنے شہیدوں کے مزار
پھر بھی کچھ آپ کے شہکار ابھی باقی ہیں

خودکشی کر نہ سکیں ہم تو ہمیں ہیں مجبور
آپ تو جان کے مختار ابھی باقی ہیں

دل کو ڈھا کر مرے تیشہ نہ رکھیں ہاتھ سے آپ
اس عمارت کے کچھ آثار ابھی باقی ہیں

اطلاعاً یہ گزارش ہے بقولِ بسملؔ!
خنجر و دشنۂ اشعار ابھی باقی ہیں

عرش ملسیانی

۲ دو چراغ اور بجھے



سید امتیاز علی تاج

آسکر وائلڈ کو سزا ہوئی تو مقامِ حیرت نہیں۔ امام بخش صہبائی اور میکش کو انگریزوں نے ۱۸۵۷ء میں گولی سے اُڑا دیا اور میر شکوہ آبادی کو سزائے عمر قید دی تو یہ بات بھی سمجھ میں آتی ہے لیکن امتیاز علی تاج قتل کر دیئے گئے، یہ خبر سُنی تو دل دھک سے رہ گیا۔ ایک ادیب اور نستعلیق قسم کے شریف بزرگ کا قتل، انارکلی اور چچا چھکن کے خالق کا قتل کتنی درد انگیز بات ہے۔

ریلوے روڈ لاہور پر سید ممتاز علی نے دارالاشاعت قائم کیا۔ یہ ادارہ بچوں کے لئے اُردو کی کتابیں اور رسالے شائع کرتا۔ پھول اور تہذیب نسواں کی سارے ملک میں دھوم تھی۔ انہیں خدمات کے صلے میں سید ممتاز علی شمس العلماء بنائے گئے۔ ان کے صاحب زادے سید امتیاز علی تاج بھی اُن کے نقشِ قدم پر چلے۔ صاحب طرز مکالمہ نگار اور ادیب تھے۔ چچا چھکن کے عنوان سے مضامین لکھے جو ملک بھر میں مشہور ہوئے۔ تاج صاحب پرانی شرافت اور وضعداری کا نمونہ تھے۔ جوانی میں مشرقی لباس پہنتے، چوڑی دار پاجامہ، سلیم شاہی جوتہ، کٹاؤ کے کام کا کرتا، سنہری کمانی کی عینک، گوٹے پٹے جسم پر یہ چیزیں خوب پھبتیں۔

شوکت تھانوی نے اُن سے ایک ملاقات کا ذکر کیا ہے۔ سنہ ۱۹۲۱ء میں وہ ایک فلم ساز دستے کی دعوت پر لاہور آئے تو تاج صاحب بھاول پور روڈ پر رہتے تھے۔ طوطے اور بلیاں پالنے کا شوق تھا۔

فلموں کے لئے مکالمے بھی لکھے۔ ریڈیو کے لئے بہت کچھ لکھا۔ شوکت تھانوی کو یاد علامہ کہا کرتے تھے۔ پنڈت ہری چند اختر بھی ایک زمانے میں اُن کے ادارے سے وابستہ رہے۔ چراغ حسن حسرت اور دوسرے لاہور کے ادیبوں سے بڑے اچھے مراسم تھے۔ "آج کل" کا ڈرامہ نمبر، شائع ہوا تو اس کی بہت تعریف کی۔ ایک خط میں یہ بھی لکھا کہ ہندوستان میں جتنی تھیٹر کمپنیاں، نوٹنکیاں ہوئی ہیں سب کی فہرست اور تاریخ مرتب ہو جائے تو بڑا کام ہو جائے۔ دلی تشریف لائے تو "آج کل" کے دفتر میں بھی تشریف لائے۔

مرحوم تاج صاحب اور اُن کی اہلیہ محترمہ حجاب امتیاز دونوں صاحب طرز ادیب رہے ہیں۔ اُن کی تحریر کی بے ساختگی، افسانہ و ڈرامہ کی دنیا میں ان کا وقار زندہ و پائندہ رہے گا۔ اقبال اور سر عبدالقادر کے بعد ادیبوں کی ایک لمبی قطار ہے جو لاہور میں پروان چڑھی، سالک، مہر، حسرت، پطرس، حفیظ، تبسم، تاثیر، صلاح الدین احمد، حامد علی خاں، ہری چند اختر، کنہیا لال کپور سب اسی قطار میں کھڑے نظر آتے تھے۔ کچھ چل دیئے، کچھ باقی ہیں اور فرشتہ اجل کی دعوت پر لبیک کہنے کے لئے تیار بیٹھے ہیں۔

"انارکلی" ہمیشہ زندہ رہنے والا ڈرامہ ہے اس لئے تاج صاحب بھی زندہ رہیں گے۔ انہیں ڈرامہ اور اسٹیج سے بڑی دلچسپی تھی۔ "اصفہان کے تک بند" ایسے ڈرامے آپ نے لکھے انھیں کی کوششوں نے لاہور میں "الحمرا" تھیٹر کو جنم دیا جہاں تاج صاحب کے ڈرامے کھیلے جاتے تھے۔ اردو ڈرامے کی تاریخی تحقیق سے انہیں بڑی دلچسپی تھی اس کے لئے عمر بھر وہ مواد جمع کرتے رہے۔

تاج صاحب نے مجلس ترقی ادب قائم کی۔ اس کے تحت نایاب کتابیں شائع کرنے کا پروگرام ہے۔ اس ادارے کی طرف سے متعدد کتابیں شائع کی گئی ہیں۔ اسی کے تحت ایک تحقیقی سہ ماہی رسالہ صحیفہ بھی شائع ہوتا ہے۔

بچوں کے لئے انہوں نے سمندری جل پریوں کی کہانیوں کا بھی ایک

خوبصورت سلسلہ لکھا تھا ۱۹ اپریل ۱۹۷۰ء کو جب آپ قریب ستر برس کے تھے۔ آپ کی زندگی کا ڈرامہ ایک خونیں سین پر ختم ہوا۔

مرحوم شائستگی اور رواداری کا نمونہ تھے۔ بذلہ سنج تھے خوش پوش اور خوش سیرت تھے۔ ثقافتی دنیا کے ایک ستون تھے۔ خوبصورت تھے اور خوبصورت چیزیں جمع کرتے تھے۔ چاروں طرف حسن تھا۔ رومان تھا دودمان شائستہ کے چشم و چراغ تھے۔ ادب کے جھولے میں پلے۔ ادب کی فضا میں جوان ہوئے۔ اور ادب کی خدمت کرتے کرتے چل بسے۔

(۲)

شکیل بدایونی

ہندوستان میں شاید ہی کوئی ایسا گھر ہوگا جہاں اُردو یا ہندی کو تھوڑا بہت دخل ہو اور شکیل بدایونی کے نام سے وہ گھر واقف نہ ہو۔ شکیل نے فلمی دنیا میں بڑی مقبولیت اور شہرت پائی افسوس کہ فلمی دنیا کا یہ گیت کار ۲۰ اپریل ۱۹۷۰ء کو صرف ۵۴ سال کی عمر میں مختصر علالت کے بعد چل بسا جگر نے تو اپنے لیے کہا تھا مگر یہ شعر شکیل کی رحلت پر بھی صادق آتا ہے۔

جان کر من جملۂ خاصانِ میخانہ مجھے
مدتوں رویا کریں گے جام و پیمانہ مجھے

شکیل اوسط درجے کے غزل گو شاعر تھے لیکن مقبولیت کچھ خدا کی دین ہے اور کچھ مواقع کی۔ فلمی دُنیا میں وہ کیا گئے کہ شہرت اُن کو اپنے پروں پر لے اڑی اور مقبولیت اُن کی غلام بے دام بن گئی۔ اُردو پر شکیل کا یہ بہت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے اپنے فنوں کو ملک کے گوشے گوشے میں بلکہ یوں کہئے کہ گھر گھر میں پہونچا دیا۔

۱۹۴۲ء میں لدھیانے سے تبدیل ہو کر دلی آیا جن اتفاق سے اسی دفتر میں پہنچا جہاں شکیل بھی تھے۔ میں شکیل، نخشب تینوں اس زمانے کے مبتدی شاعر تھے جو آواز کے زور اور نغمے کی سحر آفرینی سے شاعرے لوٹتے پھرتے تھے۔ شکیل کو شہرت کی خواہش تھی، وہ مشاعرے کے بعد دوسرے دن کا اخبار بھی پڑھتے اور اگر ان کا ذکر اخبار میں ہوتا تو خوش ہوتے۔ خدا کو یہی منظور تھا کہ اُن کی یہ خواہش ایک حقیقت بن جائے۔

احسان دانش کاندھلے سے نکل کر لاہور جا بسے تھے اور مزدوری، افلاس وغیرہ سے متعلق مضامین اور نظمیں لکھ رہے تھے اور ان کی نظمیں ان کے تجربے اور جذبے کی صحیح ترجمان تھیں۔ اس لئے وہ مقبول ہوئیں شکیل نے سوچا کہ نظم گوئی کے میدان میں وہ کیوں پیچھے رہیں۔ انہوں نے ایک طویل نظم لکھی جس کا عنوان تھا "چور"۔ مشاعروں میں جب وہ غزل ختم کرتے تو چاروں طرف سے اس نظم کی فرمائش ہوتی اور لوگ بیک زبان "چور" "چور" پکارتے۔ یہ بات ایک باقاعدہ مذاق بن گئی۔

۱۹۴۶ء میں شکیل دلی چھوڑ کر بمبئی چلے گئے۔ ان کے کلام کے تین مجموعے چھپے ہیں جن کے نام ہیں "رعنائیاں" "فردوس گوش" اور "دور کوئی گائے"۔

چند سال ہوئے دلی کے چمس فورڈ کلب میں جشنِ شکیل منایا گیا تھا۔ اس موقع پر ڈاکٹر شکیل الرحمان کی مرتبہ و موقعہ کتاب ـــــ "شکیل بدایونی کی رومانی شاعری" شائع کی گئی تھی۔ اس جشن کے موقع پر دونوں کو دیکھ کر میں نے کہا تھا۔ یہ جشن شکیل نہیں، شکیلین ہے۔"

شکیل ۲۰ اگست ۱۹۱۶ء کو پیدا ہوئے۔ یہ تو سب جانتے ہیں کہ ان کا وطن بدایوں تھا جو اہل علم کا مرکز رہا ہے۔ یہ متوسط طبقے سے تعلق رکھتے تھے۔ فطرتاً شریف بھی تھے، اور انسان دوست بھی۔ شکیل شکیل الرحمٰن کو ایک خط میں لکھتے ہیں ـــــ

"۔ ۔ ۔ ۔ بدایوں کے سوختہ خاندان سے ایک بزرگ تھے جن کا نام تھا منشی ہدایت اللہ اُن کے دو صاحبزادے تھے ایک کا نام منشی حضور احمد تھا اور دوسرے صاحبزادے تھے مولوی جمیل احمد قادری سوختہ۔ اُن کے صرف ایک لڑکا ہوا جو خاکسار ہے۔ منشی حضور احمد کی صاحبزادی ریاض قبول کی شادی مولوی قیصر حسین قادری سے ہوئی اور اُن کی بڑی لڑکی سلمیٰ سے میری شادی ہوئی اور اس وقت پانچ بچے میرے چشم و چراغ ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ رضیہ، صفیہ نجمہ، جاوید، اور طارق۔ ۱۹۳۶ء میں ہائی اسکول کا امتحان اسلامیہ ہائی اسکول بدایوں کے طالب علم کی حیثیت سے الہ آباد بورڈ سے پاس کیا تھا۔ ۔ ۔ ۔ میرے والد مولوی جمیل احمد قادری بمبئی میں خوجہ سنی مسجد میں امامت کرتے تھے اور عالم و واعظ تھے۔ اس لئے وہ زیادہ تر بمبئی میں رہتے تھے اور میں بدایوں میں مولانا ضیاء القادری کی زیر نگرانی رہتا تھا مولانا ضیاء القادری میرے والد کے ایک بے حد عزیز دوست، مربی اور پڑوسی تھے۔ اس وقت اُن کی عمر ۹۰ سال کی ہے اور کراچی میں مقیم ہیں۔ نعت و منقبت کے مسلم الثبوت شاعر ہیں اور پائے کے عالم، صوفی اور درویش ہیں۔

میرے والد اور اُن کے تعلقات اس قدر گہرے تھے کہ لوگ اُن کو سگا بھائی سمجھتے تھے اور اس طرح دونوں کا خاندان ایک ہی خاندان معلوم ہوتا تھا۔ بدایوں میں جتنے شعرائے کرام اور علماء آتے تھے مولانا ضیاء القادری سے ملتے تھے اس لئے مجھے بھی اُن سے ملنے کا شرف حاصل رہتا تھا۔ اور مولانا ہی کے زیر

تربیت مجھے شعر کہنے کا شوق پیدا ہوا . . . . .

(شکیل بدایونی)

ایک اور خط میں انہوں نے اپنی زندگی کے باب میں کچھ اور تفصیلات دی ہیں۔

"۔ ۔ ۔ میری ابتدائی تعلیم اُردو، عربی، فارسی کی گھر پر ہوئی۔ بدایوں کے ایک بزرگ مولوی عبدالغفار مرحوم میرے پہلے اُستاد تھے جنہوں نے میرے مکان کے دروازے پر مدرسہ قائم کر رکھا تھا کچھ عرصہ عربی کی تعلیم مولوی حبیب الرحمٰن سے حاصل کی۔ جب انگریزی کی تعلیم شروع کی تو میرے محلے کے بزرگ بابو رامچندر نے مجھے پڑھایا اور اس کے بعد کافی عرصہ تک اچھیانی قصبہ کے رہنے والے ماسٹر رفیق احمد سے گھر پر تعلیم حاصل کی۔ ماسٹر رفیق کے بعد مرزاؤں کی گلی میں رہنے والے ایک ماسٹر سے جن کا نام اختر صاحب تھا تعلیم حاصل کی۔ ایک سال میں نے اپنے والد کے پاس بمبئی رہ کر تعلیم پائی جہاں یعقوب سکنڈری اسکول اور پاپولر ہائی اسکول میں داخلے لئے اور گھر میں ماسٹر الطاف حسین صاحب سے پڑھتا رہا اور پھر اسلامیہ ہائی اسکول بدایوں میں آگیا۔

"میرے دادا منشی ہدایت اللہ ریٹائرڈ سرویر آستانہ قادریہ بدایوں کے خاص رکن اور عقیدت گزار تھے۔ اس لئے میرے والد اور والدہ بھی اسی آستانہ کے بزرگ حضرت شاہ عبدالمقتدر کے مرید ہوئے۔ شاہ صاحب موصوف کی وفات میرے ہوش سنبھالنے سے پہلے ہو چکی تھی، اور مسند قادریہ کے جانشین ان کے برادر گرامی عالم جید حضرت مولانا شاہ عبدالقدیر بن چکے تھے۔ اس لئے بچپن کے زمانے میں مجھے آستانہ قادری کی حاضری کے بے شمار موقعے ملا کرتے تھے۔"

عام طور پر شکیل کو ایک رومانی شاعر کہا جاتا ہے لیکن انصاف سے دیکھا جائے تو ان کی شاعری قدیم رنگِ تغزل کی حامل ہے۔ جس میں حسن و عشق کی واردات بھی ہے ساقی و مے خانہ کا ذکر بھی ہے چاک دل اور چاک جگر کا تذکرہ بھی اور اُردو شاعری کی پرانی سمبالزم بھی۔ جہاں تک مجھے علم ہے وہ شراب نہیں پیتے تھے لیکن انہوں نے ریاض خیرآبادی کی طرح شیخ، واعظ اور ناصح پر طنز کی بوچھار کی ہے۔

افسوس کہ اُردو کا یہ فن کار جس نے فلمی دنیا میں اُردو کی ساکھ منوالی کم عمری ہی میں ہم سے الگ ہو گیا۔ اس کے گانے جن فلموں میں خاص طور پر مقبول ہوئے ان کے نام یہ ہیں۔ میلا، آن، اُڑن کھٹولا، بیجو باورا، مدر انڈیا، مسن آف انڈیا، مغل اعظم، گنگا جمنا، دیدار، گھونگھٹ، چودھویں کا چاند اور گھرانا۔ فلم گنگا جمنا کے گانے اتر پردیش کی میٹھی اور ندھ بھری بولی میں ہیں۔ یہ بولی اُن کی مادری زبان بھی ہے اور اس میں اُنہیں بڑا کمال حاصل تھا۔

نوشاد فلموں کے مشہور میوزک ڈائرکٹر ہیں اُن کی دھنوں اور شکیل کے گیتوں نے بڑی مقبولیت پائی۔ گانے والے، گانے والیاں اور قوال ان کا کلام گاتے ہیں اور سامعین سے بے حد داد حاصل کرتے ہیں۔ اُن کی دو غزلیں تو بے حد گائی گئی ہیں۔

" اے محبت ترے انجام پہ رونا آیا "

اور دوسری "جام تک نہ پہونچے، نام تک نہ پہونچے"

"ایک اور مشہور غزل ہے۔ محبت کر بیٹھے، شرارت کر بیٹھے، لیکن وہ زبان و بیان کے اسقام سے خالی نہیں۔ آخر میں شکیل کی شاعری کے کچھ نمونے ملاحظہ فرمایئے۔

آپ کے جاتے ہی آباد ہوئی بزمِ خیال
بن گئی اور بھی تقدیر بگڑ جانے سے
الزامِ جنوں دیں نہ مجھے اہلِ محبت
میں خود یہ سمجھتا ہوں کہ دیوانہ نہیں ہوں
اب تو خوشی کا غم ہے نہ غم کی خوشی مجھے
بے حس بنا چکی ہے بہت زندگی مجھے
لطیف پردوں سے تھے نمایاں مکیں کے جلوے مکاں سے پہلے
محبت آئینہ ہو چکی تھی وجود بزمِ جہاں سے پہلے
میں تو اس عالم کو کیا سے کیا بنا دیتا مگر
کس کی چلتی ہے حیاتِ مختصر کے سامنے!
پنہاں ہے قہقہوں میں صدائے شکستِ دل
دُنیا اسی کا نام ہے پروردگار کیا؟
کتنی لطیف کتنی حسیں کتنی مختصر
اک نوشگفتہ پھول کی نکہت ہے زندگی
صدق و صفائے قلب سے محروم ہے حیات
کرتے ہیں بندگی بھی جہنم کے ڈر سے ہم
غم کو خوشی کی صورت بخشی
اس کا بھی سہرا آپ کے سر ہے
رہ کر طلسم خانہ ہستی میں اے شکیل
اکثر تو میں خود اپنے ہی سائے سے ڈر گیا

یہ مانا زندگی خود حادثوں کی آزمائش ہے جولائی ۱۹۷۰ء

مرحوم منوّر لکھنوی

راج نرائن راز

لکھنؤ کے ایک کائستھ سکسینہ گھرانے نے علم وادب، صحافت اور شعر و سخن کی جو طرح ڈالی، اُسے پانچویں پُشت میں حضرت منوّر لکھنوی نے ہر اعتبار سے تقویت پہونچائی۔ اُس زمانے کے دستور کے مطابق، اِس گھرانے کے جدِ امجد منشی اودے راج مطلع اور پھر اُن کے صاحب زادے منشی الیشوری پرشاد شعاعی نے فارسی شعر گوئی کو اپنا شعار بنایا۔ حضرت منوّر لکھنوی کے دادا منشی پورن چند ذرہ اس گھرانے کے پہلے فرد تھے جنہوں نے اُردو میں شاعری کی۔ حضرت منوّر کے والد ملک الشعراء منشی دوارکا پرشاد اُفق نے، نظم و نثر، طبع زاد تصانیف و تراجم، دونوں میں اپنی طبع کے جوہر دکھائے۔ صحافت سے اُن کا رشتہ گہرا رہا۔[1] اُردو صحافت میں یہ امتیاز حضرت اُفق کو حاصل ہے کہ اُنہوں نے "نظم اخبار" کے نام سے ایک منظوم اخبار نکالا، جو بہت دِنوں تک بڑی باقاعدگی سے شائع ہوتا رہا۔ اس اخبار میں ساری خبریں منظوم ہوا کرتی تھیں، جو حضرت اُفق کی قادرالکلامی کا بیّن ثبوت ہے۔

اس گھرانے کا ماحول ابتدا ہی سے مذہبی تھا۔ اس میں دیوبانیوں کی گونج اکثر سنائی دیتی تھی۔ حضرت اُفق کی تصانیف سناتن دھرم پرکاش، سناتن دھرم کی تاریخ اور سوانح عمری گورو گوبند سنگھ اور تراجم میں رامائن یک

[1] حضرت منوّر نے بھی سلسلۂ معاش کا آغاز ۱۵ برس کی عمر میں اودھ اخبار کی نامہ نگاری سے کیا تھا۔

قافیہ، مہابھارت، رام ناٹک وغیرہ اسی امر کا اشاریہ ہیں۔ اسی ماحول میں حضرت منوّر لکھنوی نے ۷ جولائی ۱۸۹۷ء کو آنکھ کھولی۔ اور اُن کی شخصیت، سیرت اور شاعری کے خدوخال اسی ماحول میں متعیّن ہوئے۔

فارسی شعر گوئی سے شغف اُن کا رشتہ اُن کے جدِ امجد منشی اودے راج مطلع اور منشی الیشوری پرشاد شعاعی سے استوار کیے ہوئے ہے۔ فارسی شعر گوئی میں حضرت رائے سدھ ناتھ بلی فراقی دریابادی کے اس شاگردِ رشید نے نہ صرف یہ کہ فارسی میں دادِ سخن دی بلکہ فارسی کے کلاسیکی سرمایہ، حافظ، خیام، بابا طاہر اصفہانی کے کلام کو اُردو کا جامہ پہنایا۔ اُن کا حافظ کے اشعار کا ترجمہ "وجدانِ حافظ" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ خیام اور دیگر شعرا کے کلام کے تراجم ابھی زیورِ طبع سے محروم ہیں۔ حضرت منوّر لکھنوی نے فارسی کے کلاسیکی سرمایہ ہی کے نہیں بلکہ ہندوستانی شعراء کے فارسی کلام کے اُردو ترجمہ پر بھی توجہ کی ہے۔ "سوزِ اقبال" اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔ علامہ



منوّر صاحب اپنی اہلیہ محترمہ اور گھر کے بچّوں کے ساتھ

اقبال کے ارمغانِ حجاز" کا یہ اُردو ترجمہ طباعت کے تکمیلی مرحلوں میں ہے۔

حضرت منوّر کی ادبی خدمات نصف صدی کا قصّہ ہیں۔ یہ تصنیف، تالیف و ترجمہ پر محیط ہیں۔ اُن کا نام ذہن میں آتے ہی سنسکرت کی شاہکار تصانیف کے بے مثل تراجم کا خیال آتا ہے، جو فی الواقع حضرت منوّر کا حصّہ ہیں۔ تراجم کے ذیل میں مقدس ہندو صحیفے گیتا کا، گلزارِ نسیم کی بحر میں، منظوم ترجمہ اردو میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔ یوں تو اُردو میں گیتا کے متعدد شعری و نثری تراجم دستیاب ہیں، لیکن مشاہیر ملک نے اُسے گیتا کا بہترین اُردو ترجمہ قرار دیا ہے۔ اس ضمن میں حضرت منوّر لکھنوی کے اُن تراجم کا اجمالی ذکر بھی مناسب معلوم

ہوتا ہے، جو انہوں نے سنسکرت کے عالمی شہرت کے ڈراما نگار کالی داس کی تصانیف کے کئے ہیں۔ کمار سمبھو، شکنتلا اور مالویکاگن متر (غیر مطبوعہ) اس سلسلے میں خصوصیت سے قابلِ ذکر ہیں۔ یہ تراجم اُردو قاری کو سنسکرت شاعری کی نفاستوں اور لطافتوں سے بہ طریقِ احسن روشناس کراتے ہیں۔ سنسکرت کی دیگر تصانیف کے تراجم میں گیت گووند، مدرا راکھشس قابلِ ذکر ہیں۔ ان مطبوعہ تراجم کے علاوہ متعدد تراجم ایسے بھی ہیں، جو ابھی زیورِ طبع سے آراستہ نہیں ہوئے۔ ان میں وکرم اروشی، رگھو ونش وغیرہ خصوصی توجہ چاہتے ہیں۔

حضرت منوّر نے اس باب میں مغرب کی خوشہ چینی بھی کی بتعدد شعراء کی نظموں کے علاوہ انہوں نے مشہور جرمن شاعر گیٹے کی عالمی شہرت کی تصنیف "فاؤسٹ" کا منظوم ترجمہ بھی کیا، یہ ترجمہ میکس ملر بھون نئی دہلی کی طرف سے شائع ہوا ہے۔

حضرت منوّر لکھنوی کے اہم مطبوعہ و غیر مطبوعہ تراجم کی تعداد بلا مبالغہ بیس سے زائد ہے۔ ان تراجم کی داد تو اہلِ فن نے دی، لیکن شاید یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ان کارناموں کی قدر و اہمیت کا کما حقہٗ اعتراف نہیں ہوا۔

ترجمے کے فن کو ادنیٰ سمجھنے کا ایک رجحان ہمارے یہاں عام پایا جاتا ہے۔ ترجمہ اور مترجم کی اہمیت کا اندازہ اسی امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ فٹز جیرالڈ کو خیام کی رباعیات کے انگریزی ترجمہ کی بدولت شاید خیام سے بڑھ کر شہرت اور قدر و منزلت حاصل ہوئی ہے اور حد تو یہ کہ خیام کے مترجموں نے فٹز جیرالڈ ہی کے ترجمہ کا ترجمہ کیا ہے۔ اُردو میں عدم کی "دو جام" پر فٹز جیرالڈ کے اندازِ ترجمہ کی چھاپ گہری ہے۔ اور میراجی نے تو فٹز جیرالڈ کا ترجمہ کیا، جو پچھلے دنوں لاہور سے "خیمے کے آس پاس" کے نام سے شائع ہوا ہے۔ ایسے میں بے مثل مترجم، حضرت منوّر لکھنوی کی قدر ناشناسی کیا واقعی ہماری بدقسمتی نہیں۔

دیگر مذاہب کے مقدس صحیفوں کے تراجم کے بغیر حضرت منوّر کے تراجم کا ذکر شاید نامکمل رہے گا۔ بودھی صحیفے دھمپد، جینی صحیفے یوگ سار، قرآنِ کریم کی بعض سورتوں، انجیل مقدس کے بعض حصص اور سکھ منی صاحب کے بعض حصص کے تراجم اس ذیل میں خصوصی توجہ چاہتے ہیں۔ اسلام، سکھ مت، بودھ مت اور جین مت کے مقدس صحیفوں کے ان تراجم کے علاوہ حضرت منوّر نے ان مذاہب کے مشاہیر پر نظمیں بھی لکھیں۔ ان تراجم اور منظومات کی نوعیت خواہ کچھ ہی ہو، یہ وسیع المشربی اور انسان دوستی کے سچے جذبہ کی تخلیق ہیں۔

تراجم کے سلسلے میں آخری لیکن شاید سب سے اہم وہ خدمت ہے جو حضرت منوّر نے اُردو کے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کر کے اُردو زبان کی خدمت انجام دی ہے۔ انجمن ترقی اُردو، پاکستان کراچی، جو اُردو لغت مرتب کر رہی ہے، اس میں، لغت کی ترتیب سے متعلقہ بورڈ نے ان تمام ہندی و سنسکرت الفاظ کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو حضرت منوّر نے اپنے تراجم میں استعمال کیے ہیں اور جو اس سے پیشتر کسی اُردو لغت میں نہیں ملتے۔ ان الفاظ کی صحت، مفہوم و مطالب اور اُن کے صحیح استعمال کے باب میں حضرت منوّر لکھنوی کے اشعار و جملے سند کے طور پر درج کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے[1] یہ یقیناً زبان کی بہت بڑی خدمت ہے۔

تراجم کے علاوہ منوّر صاحب کی غزلیات و نظمیات کے متعدد مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ انہوں نے تمام اصناف میں شاعری کی ہے۔ جہاں غزل جولانی چاہتی ہے، وہاں رباعی پختگی و پیرانہ سالی کی مقتضی ہوتی ہے جس طرح منوّر صاحب نے اپنی غزلوں کی اشاعت کو وقتِ دگر پر اٹھائے رکھا بالکل اُس کے برعکس اپنی رباعیات کو اوّل وقت میں شائع کیا۔ ان کا پہلا مجموعہ 'رباعیات کا' 'ندرِ ادب' کے نام سے ۱۹۲۹ء میں شائع ہوا تھا حضرت منوّر کا شمار اُردو کے معروف رباعی گو شعراء جوش، فراق، امجد اور رواں کے ساتھ ہوتا ہے۔ ابتداً پند و دانش کے جذبات کا اظہار چاہنے والی اس صنفِ سخن نے بعد میں ہر قسم کے موضوعات کو اپنے دامن میں سمیٹ لیا۔ منوّر صاحب کی رباعیات

---

[1] اُردو نامہ کراچی

---

[1] مطبوعہ تراجم: بھگوت گیتا موسومہ نسیم عرفاں — (منظوم — حالیہ اشاعت ۱۹۷۱) کمار سمبھو (منظوم - ۱۹۵۲ء) دھمپد (منظوم - ۱۹۵۴ء) دیوانِ حافظ (منظوم — ۱۹۵۶ء) مدرا راکھشس (ڈراما - ۱۹۵۸ء) ساگر سنگیت معروف بہ بحرِ ترنم (نثری — ۱۹۶۲ء) گیتا انجلی (نثری - ۱۹۶۳ء) شکنتلا نثری و شعری - ۱۹۶۳ء) گیت گووند (شعری - ۱۹۶۴ء) میری یادداشتیں (نثری)

غیر مطبوعہ تراجم :- چار ودت، صباشے دوام (رباعیاتِ عمر خیام) الہامات ایرانی" گیتا انجلی (منظوم) یوگ سار، تعبیر منظوم (قرآنِ کریم کی سورتوں کے مطالب منظوم الہاماتِ مغرب (انجیلِ مقدس کے بعض حصص کا منظوم ترجمہ) نالۂ بے کس، سری روپ کلا، مالویکاگن متر۔

موضوعات کی گوناگونی اور رنگا رنگی کا دلکش مرقع پیش کرتی ہیں۔ انہوں نے "زیرۂ گل" کے نام سے اپنی رباعیات کا مجموعہ مرتب کیا تھا اُسے چھاپنے کی دستخطائی ابھی میسر نہیں آئی۔

رباعیات کے اس مختصر سے مجموعے کے علاوہ منوّر صاحب کی نظموں کا ایک مجموعہ "کائناتِ دل" کے نام سے ۱۹۲۹ء میں شائع ہوا تھا۔ "کائناتِ دل" دل کی نہیں، دیدہ و دل کی کائنات ہے۔ ان کی نظموں کے موضوع گوناں گوں ہیں۔ ان کی مثال کتبِ گل فروش کی نہیں، دامانِ باغباں کی ہے۔ مظاہرِ فطرت سے لے کر مصائبِ وطن تک، شاید ہی کوئی موضوع ہو، جسے منوّر صاحب نے اپنی نظموں میں نہ برتا ہو۔ قدرتی مناظر اور قدرت کے مظاہر کا حسن اُن کی نظموں میں دیدنی ہے۔ وہ سرس کے پھولوں کا عکس ہو، یا تیسو کے پھولوں کی بہار، وہ برسات کے بادلوں کا مثلِ فیلِ مست خرام ہو یا مور کا کیف زا رقص، خوشبو میں بسے حنائی ہاتھوں کا نقش ہو، یا مارواڑی نازنینوں کی آخرِ شب فلک پیما الاپیں، برف پوش ہمالہ کا شکوہ ہو یا صاف شفاف گنگا کا تقدس، بسنت کے زرد زرد پھول ہوں یا ہولی کی فضائے رنگا رنگ میں اُڑتا ہوا عبیر و گلال، سبھی پر منوّر صاحب کے حسنِ تخیل اور حسنِ تخلیق کی چھاپ گہری ہے۔ اُن کی نظمیں، لطیف جذبات اور نازک احساسات کی آئینہ ہیں۔ انہیں زبان و بیان پر جو بے مثل قدرت حاصل تھی، اُس نے اُن کی منظومات میں مرقعوں سی کیفیت پیدا کر دی ہے جدت ان کی خوبی اور ندرت اُن کا خاصہ ہے۔ اُن کی نظمیں تغزل کی سی کیفیت رکھتی ہیں۔

قومی مسائل نے بھی منوّر صاحب کو متوجہ کیا تھا۔ اُن کے فوری پیشرو علامہ اقبال، چکبست، سرور جہاں آبادی، وغیرہم اور اُن کے ہم عصر محروم، جوش قراق، آنند نرائن مُلّا، ساغر نظامی، روش صدیقی اور دیگر شعرائے ملک کی تحریکِ آزادی کے ترجمان تھے۔ اس زمانے کی شاعری کا ایک بڑا حصہ اُردو شاعروں کے جذبۂ وطن سے مملو تھا۔ وطن دوستی کے جذبہ سے سرشار اُردو شاعروں نے مادرِ وطن کے ہر ہر حسن و قبح پر نظر کی۔ بیشتر صورتوں میں یہ نگاہ اولین دکھائی دیتی ہے۔ منوّر صاحب بھی اُردو شعراء کے اسی قبیلے کے فرد تھے۔ اپنے مزاج اور اپنے ابتدائی پیشے یعنی صحافت کے اعتبار سے اُن کا اس قبیلے کا فرد نہ ہونا البتہ اچنبھے کی بات ہوتی۔

اُس زمانے کے اہم شاعروں کی طرح حضرت منوّر کی نظر قومی مصائب اور مسائل پر بھی رہی۔ اُن کی قومی و وطنی نظموں میں ایک محبِ وطن کا دردمند دل دھڑکتا سنائی دیتا ہے وہ دل ہوش مند رکھتے تھے۔ وطن کی محبت میں وہ جذبات کی رَو میں کبھی بہے نہیں۔ ملک کی آزادی و ترقی کا یہ حامی و حمایتی، ایک سچے ہندوستانی کی حیثیت سے، اختلافات کی بنا پر قومی رہنماؤں سے خالف بھی رہا۔ ان کا انداز نظر رومانوی نہیں۔ حقائق ہمیشہ اُن کے پیشِ نظر رہے۔ تاہم انہوں نے ان حقائق کو ایک شاعر کی طرح برتا۔

مذہب تحریکِ آزادی اور ہندوستانی سماج کے سُدھار میں کس طرح ممد و معاون بنا ہے۔ منوّر صاحب کی نظمیں شاید اس کی بہترین مثال ہیں۔ منوّر صاحب کی متعدد قومی وطنی نظمیں اُن کے پہلے مجموعۂ کلام "کائناتِ دل" میں شامل ہیں۔ ان کی حیثیت منوّر صاحب کی ایسی نظموں کی معتدبہ تعداد کے پیشِ نظر محض نمونے کی ہے۔ اُن کی قومی وطنی نظموں کا مجموعہ "سوزِ وطن" جو بڑی حد تک تحریکِ آزادی کی شعری تاریخ ہے، اپنی اشاعت کا منتظر ہے۔

منوّر صاحب کی نظموں کا انداز بیشتر راست اور بیانیہ ہے۔ یہ اپنے اندر ایک عجیب دلکشی رکھتا ہے اُن کے اس اندازِ بیان نے انہیں تراجم کی طرف راغب کیا یا اُن کے ذوقِ ترجمہ نے اس انداز کی تشکیل میں معاونت کی۔ اس کا فوری فیصلہ ممکن نہیں ہے۔ تاہم اُن کے اس انداز نے ترجمہ و تخلیق دونوں کو لازم و ملزوم بنا دیا۔

منوّر صاحب کی تخلیقات کا ایک بڑا حصہ غزلیات پر مشتمل ہے۔ ان کی غزلیات کے دو انتخابات نوائے کفر اور ادائے کفر شائع ہو چکے ہیں۔ منوّر صاحب کی شخصیت اور سیرت کے جو نقش ہمیں ان کی قومی، وطنی، مذہبی اور مظاہرِ فطرت سے متعلق منظومات میں ملتے ہیں، اُنہیں کے عکس ان کی غزل کے اشاروں سے نمایاں ہیں۔ منوّر صاحب کی غزلوں میں جو چیز فوری طور پر متوجہ کرتی ہے، وہ اُن کا پاکیزہ ذوق اور شائستہ حسیات ہیں۔ اُن کی غزلوں میں ممکن ہے کوئی بات "نازناں گفتن" والی ہو، لیکن اس بات کی سطح "بازناں گفتن" والی نہیں۔ اُن کی غزل کے موضوعات گو غزل کے مروجہ موضوعات سے بہت مختلف نہیں، لیکن اُن کے ذوق کی پاکیزگی، حسیات کی شائستگی، مختلف اندازِ نظر اور جداگانہ اسلوب نے اُن کے لب و لہجہ میں ایک انفرادیت پیدا کر دی ہے۔

منوّر صاحب کی غزل کے اجزائے ترکیبی، عمل اور ردِ عمل کی کشاکش میں مزاج کی لمحہ بہ لمحہ بدلتی ہوئی کیفیتیں محرومی و ناکامی کے احساسات، اعتدال

میں لائی ہوئی حزنیہ کیفیات، تادیر قائم رہنے والی ہلکی سی خلش چھوڑ جانے والا طنز، دیومالائی تشبیہیں، تلمیحیں، استعارے اور دھیما دھیما آہنگ ہیں۔

محرومی و ناکامی کے جذبات نے حضرت منوّر کی غزل میں میس اور کسک کی جو کیفیت پیدا کی اس کی پرچھائیاں ہم اُن کی منظومات کے پیچھے کارفرما دردمندی کے احساس میں بھی دیکھ سکتے ہیں۔ منوّر صاحب نے محرومیوں کو اپنی راہ کا روڑہ نہیں بنایا اور نہ گھبرا کر فرار کی راہ اختیار کی۔ اُن کی غزل میں محرومی و ناکامی کے جاری و ساری احساسات دراصل تبصرے ہیں: متاعِ دل و جاں کے۔ یہ عبارت ہیں متاسف خندہ سے اور زہرخند کیفیتوں سے اور تادیر قائم رہنے والی ہلکی سی خلش چھوڑ جانے والے طنز کی خوبی و خوبصورتی بھی انہیں سے آئینہ ہے۔ اعتدال جو منوّر صاحب کے مزاج کا خاصہ تھا۔ ان حزنیہ کیفیتوں کو گوارا بنائے ہوئے ہے یہ کیفیات ہمارے احساسات کو اس لئے بھی چھوتی ہیں کہ یہ ہم سب کی مشترک ہیں سانجھے دکھ سکھ کا نتیجہ ہیں۔ ان کی اثرانگیزی کا راز منور صاحب کے معتدل لب و لہجے اور دھیمے آہنگ میں تھا۔ اُن کے مزاج میں شدت نہیں۔ اُن کی رجائیت بھی بجھی بجھی سہی، اختیاری نہیں۔ اُن کے مزاج کا حصہ تھی۔ یہ زندگی کو سر اور بسر کرنے کا حوصلہ رکھتی تھی

حضرت منوّر کی بیشتر تخلیقات و تراجم کا سرچشمہ مذہب تھا۔ مذہب اور اس سے وجود پانے والے اخلاق کے نقوش اُن کی غزلوں میں جابجا دیکھے جاسکتے ہیں۔ چونکہ مذہب منور صاحب کے مزاج کا حصہ تھا۔ اس لئے دیومالائی پیکر، تشبیہیں تلمیحیں اُن کے اشعار میں بار پاگئی ہیں۔ ان سے غزل کا مزاج مزید ہندوستانی سا ہے۔ معنوی وسعت کے ساتھ ساتھ اس میں ایک عجیب پاکیزگی آئی ہے۔ ان کے علاوہ منور صاحب نے جو تشبیہیں، علامتیں برتی ہیں وہ نہ کل پرانی تھیں نہ آج پرانی ہیں۔ اور نہ شاید کل پرانی ہوں گی۔ ان کے انفرادی استعمال نے انہیں ایک نئی معنویت عطا کی تھی۔ بڑے تازہ کار اثرات پیدا کئے ہیں۔ بیشتر صورتوں میں یہ نو تخلیق کا مرتبہ رکھتی ہیں۔

مختصر حضرت منوّر کے اشعار میں لفظ و معنی کی ایک نئی دنیا آباد نظر آتی ہے۔ علامہ نیاز فتح پوری مرحوم نے اُن کے بارے میں بجا لکھا ہے "قدرِ اوّل کے شعراء اب بھی غزل ہی کی زمین سے ابھرتے ہیں۔ اور انہیں میں ایک منور صاحب ہیں"۔ منوّر صاحب کے تعلق سے، علامہ مرحوم کی رائے کا اطلاق دوسری اصناف شاعری پر بھی ہوتا ہے۔

آخر میں منوّر صاحب کے اُن نثری مضامین کا ذکر بھی مناسب معلوم ہوتا ہے جو انہوں نے سنسکرت ادب، سنسکرت کے شاعروں، اُردو کے ہندو شعراء اور اُن کے کلام سے متعلق لکھے اور جو وقتاً فوقتاً ملک کے مقتدر رسائل میں شائع یا آل انڈیا ریڈیو سے نشر ہوئے۔ منوّر صاحب نے اپنے ایسے مضامین کا انتخاب "معروضات" کے نام سے کیا تھا۔ یہ ابھی شائع نہیں ہوا۔



منوّر صاحب کی ادبی خدمات کے تجزیئے کے اس مرحلے میں، منور صاحب ہی کا ایک شعر بے اختیار زبان پر آرہا ہے۔

خود اعتمادی یہ کہہ رہی ہے، مرے اک اک شعر سے منوّر
مزاج نکھرے گا شاعری کا، ادب کو شائستگی ملے گی

دوسرے مصرعے کو ذرا سے تصرف کے بعد یوں کرلیں تو شاید زیادہ مناسب اور حسب حال ہوگا۔

مزاج نکھرا ہے شاعری کا، ادب کو شائستگی ملی ہے۔

—— اور اس میں کوئی تعلی نہیں۔



گومتی

صغرا مہدی

میرے تو گردھر گوپال دوسرا نہ کوئی ــــ

کوئی درد بھری آواز میں گا رہا تھا۔ یہ آواز سُن کر میری یادوں کے پردے پر اُس کی تصویر اُبھر آئی۔ لگا جیسے وہ سفید ساڑھی میں موٹے موٹے منکوں کی مالا پہنے ماتھے پر تلک لگائے محویت کے عالم میں میرا کا یہ بھجن گا رہی ہو۔

مجھے یاد آیا۔ اس نے کہا تھا "آپ دوسرے اسکول میں بھی مجھے یاد کریں گی۔"

"کیوں نہیں، یہ بھی کوئی کہنے کی بات ہے" میں نے اُسے گلے سے لگا لیا تھا۔

وہ اسکول بلکہ میں نے تو وہ شہر بھی چھوڑ دیا مگر اب بھی وہ مجھے یاد آتی ہے۔ دل چاہتا ہے معلوم کروں وہ کہاں ہے، کیسی ہے؟

اس کا نام گومتی تھا۔ وہ ہمارے اسکول میں مائی تھی مگر وہ اپنے کو واٹر وومین (Water Woman) کہا کرتی تھی۔ اسی کے ذمے اسکول کا گھنٹہ بجانا، پانی پلانا اور دوسرے چھوٹے موٹے کام تھے جنہیں وہ بہت ذمہ داری اور شوق سے کرتی۔ اس کے علاوہ لڑکیوں اور اُستانیوں کے کام بھی کر دیتی جس کا معاوضہ وہ چند میٹھے بول چاہتی۔ اس کے برعکس اگر کوئی اُستانی یا لڑکی اُس پر دھونس جماتی تو گومتی بپھر جاتی۔ وہ کسی کی ٹیڑھی بات ذرا بھی برداشت نہ کر سکتی تھی۔ وہ کہا کرتی "آپ بڑی ہوں گی، اپنے گھر کی، میں کیوں کسی کی دھونس سہوں۔ میں تو گورنمنٹ سرونٹ ہوں، اور آخری جملے میں اس کی آواز میں غیر معمولی کڑک آجاتی۔

اُس کا خیال تھا کہ وہ بہت اچھی انگریزی جانتی ہے۔ اپنی گفتگو میں موقع بے موقع انگریزی لفظ استعمال کرتی۔ میں اس سے پوچھتی "تم نے یہ انگریزی کہاں سے سیکھی گومتی" تو وہ کھل جاتی۔ "ائے اب کہاں بہن، آپ لوگوں کے ساتھ رہ کر تو سب بھول بھال گئی۔ اس سے پہلے جس اسکول میں تھی وہاں کی پرنسپل تو بس انگریزی ہی بولا کرتی تھیں۔ اُن کے ساتھ رہ کر میں بھی سیکھ گئی" اور پھر وہ غلط سلط جملے، ادھورے محاورے سُنا سُنا کر مرعوب کرنے لگتی۔

اسکول میں جب کوئی نئی ٹیچر آتی گومتی اس کا پُرزور خیر مقدم کرتی۔ اس کی بے انتہا خاطر مدارات ہوتی بالکل اسی طرح جیسے وہ گومتی کے گھر مہمان آئی ہو۔ بلکہ اس کو اسکول کے حالات، پرنسپل کے مزاج اور اُستانیوں کی عادات کے بارے میں معلومات بہم پہونچائی جاتیں۔ جو اُستانی ان باتوں کو سُن لیتی گومتی اس پر مہربان ہو جاتی اور اس کے برعکس اگر کوئی اُسے جھڑک دیتی تو پھر وہ اس کو قطعی نظر انداز کر دیتی ایسے جیسے اس کا اسکول میں وجود ہی نہ ہو۔

میں اُسے پہلے ہی دن پسند آگئی تھی کیوں کہ میں نے اُسے آپ سے مخاطب کیا تھا۔ اس کی نصیحتوں پر عمل کیا تھا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ میں اُسے یقین دلایا کرتی کہ وہ اپنی وضع قطع سے مائی نہیں ٹیچر لگتی ہے۔

وہ مجھے جب خالی دیکھتی آجاتی اور اپنی بیتی زندگی کی کہانی سُنانے لگتی جسے بار بار دہرانا ہی اب اُس کی زندگی کی سب سے بڑی مسرت بن گیا تھا۔

"بہن میرے ماں باپ کھاتے پیتے تھے۔ اُنہوں نے مجھے بہت لاڈ پیار سے پالا تھا۔ میں تھی بھی اُن کی اکلوتی اولاد، میرا بھیا تو بہت بعد میں پیدا ہوا تھا۔ میری شادی کے بعد"

"تم کتنی بڑی تھیں اس وقت" میں پوچھتی۔

"بس پندرہ پورے کر کے سولھویں میں لگی تھی۔ میرے پتی بہت سُندر بہت اچھے تھے۔ بس اکیلے ہی تھے۔ دسواں پاس تھے۔ بالکل بابو لگتے تھے فوٹو اُتارنے کی بڑی سی دکان، نہیں نہیں اسٹوڈیو تھا۔"

"اُس نے تمہاری بھی کوئی تصویر اُتاری تھی۔"

"ایک؟ نہ جانے کتنی اتار ڈالی تھیں۔ کام ہی کیا تھا بس طرح طرح کے کپڑے پہنا کر تصویریں اُتارا کرتا تھا۔ دُنیا کی چیزیں لا کر دیتا کہتا تو تو میرے دل کی رانی ہے۔ بس ہی سمجھی رہا کر۔ مرے تین سال بعد خود تو چپکے سے چل بسا اور میں۔" اُس کی آواز بھرا جاتی

"کیا ہوا تھا اُسے۔"

"موٹر کے نیچے آگیا تھا۔" اس کی آنکھیں ڈبڈبانے لگتیں، مگر وہ آنسو پی کر کسی کام میں لگ جاتی یا پھر بھجن گانے لگتی۔ اور تھوڑی دیر بعد اُس کے چہرے پر وہی سکون اور طمانیت ہوتی۔

میں سوچتی رہ جاتی، آخر یہ اپنی کہانی کا اختتام یہیں پر کیوں کرتی ہے۔ کبھی یہ کیوں نہیں بتاتی کہ پھر اس پر کیا بیتی۔ کیسے اُس نے اپنی بھرپور جوانی کاٹی تھی۔ کتنی حسین رہی ہوگی یہ عورت اپنی جوانی میں۔ جب بڑھاپے میں یہ حال ہے۔ وہ اپنی عمر پچاس سے اوپر بتاتی۔ مگر دیکھنے میں شکل سے چالیس بیالیس کی لگتی۔

"گومتی تم اپنی جوانی میں کیا غضب ڈھاتی ہوگی" میں اُسے چھیڑتی۔ وہ ہنس دیتی "آپ تو مذاق کرتی ہیں۔" پھر شرما کر کہتی "بہن جی! یہ نہ پوچھو کہ کیسی کانٹوں بھری راہ سے گزری ہوں۔ اگر بھگوان ساتھ نہ دیتا تو نہ جانے کہاں ہوتی، کیسی زندگی بتا رہی ہوتی۔ مگر میں نے جو بھگوان کا دامن تھاما تو پھر چھوڑا ہی نا۔ اور اب تو نیا پار ہوگئی ہے اب کیا ڈر۔"

اس کو میرا کے بہت سے بھجن یاد تھے۔ جن کو وہ بہت خوش الحانی سے گاتی۔ میں نے ایک دن اس سے پوچھا "تم کو میرا کے بھجن کیوں اتنے پسند ہیں؟"

"انہیں گا کر مجھے شانتی ملتی ہے۔"

"کیا خاص بات ہے ان میں۔ مجھے تو سب بھجن ایک سے لگتے ہیں۔"

"بہن جی عورت کے دل کی تڑپ عورت ہی جان سکتی ہے۔" اور میں دنگ رہ گئی۔

گرمیاں ہوں یا جاڑے وہ ہر صبح گنگا اشنان کو ضرور جاتی، پھر پوجا پاٹ کرتی۔ کیرتن گاتی، ہر منگل کو برت رکھتی اور بڑے نہانوں پر وہ ہردوار وغیرہ بھی جایا کرتی۔ میں اُسے منع کرتی۔ بھلا اس سردی میں کیا مصیبت ہے کہ روز گنگا پر جا کر نہاؤ۔ گھر میں بھی تو نہایا جا سکتا ہے۔ کیا فائدہ ان برتوں سے جو تم ہر منگل کو رکھتی ہو۔ تھوڑا آرام کیا کرو۔"

وہ مجھے ان نظروں سے دیکھتی جیسے کوئی بچے کو نادانی کی بات کرتے ہوئے دیکھتا ہے۔ پھر مسکراتی، کس قدر درد میں ڈوبی ہوتی تھی اسکی مسکراہٹ "بہن جی اسی کے سہارے تو میں نے اپنی پہاڑ سی زندگی بتائی ہے۔ یہی سب سے بڑا سہارا ہے۔" اور بعد میں وہ جھوم جھوم کر مجھے بھگتی کے گیت سُنانے لگتی۔ اس وقت اس کے چہرے پر جو روحانیت ہوتی اس سے میں بغیر متاثر ہوئے نہ رہ سکتی۔

وہ مجھے بہت فخر سے بتاتی کہ اُسے محلے میں کیرتن گانے، دوسری مذہبی رسومات ادا کرنے بلایا جاتا ہے۔ بہت سی عورتیں میری چیلیاں ہیں۔ یہ تو میں بھی دیکھتی کہ اس کے پاس طرح طرح کی عورتیں آیا کرتیں، جن سے وہ مجھے بھی ملواتی۔ گومتی کی زندگی کی باقی کہانی مجھے اس کی ایک چیلی ہی سے معلوم ہوئی تھی۔ اُس نے بتایا تھا کہ گومتی کے بیوہ ہونے کے بعد جب تک ماں باپ زندہ رہے پھر بھی چین سے گزری مگر اُن کی آنکھ بند ہوتے ہی عزیزوں، رشتہ داروں نے جو کچھ انہوں نے چھوڑا تھا، ہتھیا لیا اور گومتی اپنے بھائی کے ساتھ اکیلی رہ گئی۔ وہ تو خیر بچہ ہی تھا۔ گومتی اس وقت سے نوکری کر کے اپنا اور اپنے بھائی کا پیٹ پال رہی

ہے۔ وہ بچارا تو اندھا ہے بس مندر میں بیٹھا رہتا ہے۔ اس کے بال بچوں کو بھی گومتی پالتی ہے۔ اس نے یہ بھی بتایا تھا کہ گومتی محلے بھر میں سب کا خیال اور خدمت کرتی ہے اور سارے محلے والے اُسے دیوی سمجھتے ہیں۔

واقعی جب گومتی کی چیلیاں آتیں تو اس کو دیکھ کر اُن کے چہرے پر عجب عقیدت و احترام کا تاثر ہوتا۔

گومتی نے مجھے بتایا تھا کہ وہ اپنے سب بھتیجے بھتیجیوں کو پڑھا رہی ہے۔ اس کا بڑا بھتیجا دسویں میں ہے "میں اسے بالکل بابوؤں کی طرح رکھتی ہوں۔ بہن جی۔ ویسے تو سب میرے ہیں مگر اس کو تو میں نے گود لیا ہے اور وہ مجھے کہتا بھی اماں ہے۔ بس اب تو بھگوان سے ایک ہی پرارتھنا ہے کہ وہ اُسے کسی قابل کر دے پھر تو میں نوکری چھوڑ کر مزے سے گھر میں بیٹھوں اور دن رات کیرتن گاؤں۔"

میں سوچنے لگتی کہ اس عورت میں حالات سے سمجھوتہ کرنے کی کس قدر زبردست قوت ہے۔ یہ کبھی ہراساں نہیں ہوتی۔ ناامید نہیں ہوتی۔ قناعت اور صبر و شکر کا سبق اُس نے کہاں سے پڑھا ہے۔

ایک دن گومتی اسکول میں نظر نہ آئی معلوم کیا تو پتہ چلا کہ اُس کا بھتیجا ایک ایکسی ڈنٹ میں ختم ہو گیا ہیں سناٹے میں رہ گئی۔ گومتی کے بھگوان کو اس کا یہ امتحان بھی لینا تھا۔ مگر نہیں وہ اُسے نہ سہار سکے گی۔ پاگل ہو جائے گی، نروس بریک ڈاؤن ہو جائے گا۔ دل چاہتا تھا کہ اس کے پاس جاؤں مگر ہمت ہی نہیں پڑتی تھی۔ اُس سے کیا کہوں گی۔؟

تیسرے دن جو میں اسکول پہونچی تو دیکھا گومتی گھنٹہ بجا رہی ہے۔ میں نے ڈرتے ڈرتے اُسے دیکھا۔ چہرے پر چند جھریاں تھیں۔ آنکھوں میں غم کے سائے مزید گہرے تھے مگر چہرے پر وہی سکون تھا۔

میں نے آہستہ سے اُس کے کندھے پر ہاتھ رکھ دیا کچھ کہہ نہ سکی۔ وہ چند لمحے مجھے دیکھتی رہی۔ پھر نہایت صاف آواز میں بولی "بہن جی بھگوان تو ہے۔"

میں آنسو ضبط نہ کر سکی۔

ساحر ہوشیارپوری

غزل

جس کے من کو بھائے سانپ
کیوں اُس کو ڈس جائے سانپ

اِن کو دودھ پلاتا ہوں
جیسے ہوں ماں جائے سانپ

ختم ہوئی میعادِ غم
نیک خبر یہ لائے سانپ

ق

جب دیکھو اس دُنیا میں
انساں کو ڈس جائے سانپ

لُطف تو جب ہے خود کو بھی
انساں سے ڈسوائے سانپ

اِن کی دو ہی قسمیں ہیں:
اپنے اور پرائے سانپ

کتنی تلخ حقیقت ہے
انساں کے ہم سائے سانپ

جوبن، مستی، شرم، حیا!
کیا کیا رُوپ دکھائے سانپ

ہیں کتنے پابندِ وفا
نام لیا اور آئے سانپ

راہ تکتے ہیں جوگی کی
اپنا پھن پھیلائے سانپ

صبح سے چھپ کر بیٹھے تھے
سانجھ ہوئی اور آئے سانپ

ساحر تیرے شعروں میں
کیسے کیسے آئے سانپ!!



ہم اپنی آواز چاہتے ہیں

ذرا ذرا فاصلے پہ ہم سب خموش بیٹھے
خراش آواز اجنبی کے ہر ایک امکاں سے
خود کو محفوظ کر رہے ہیں
(ہماری بستی میں آج کی رات کاٹنے کو
رُکا ہے اِک اجنبی مسافر)
ہم اُس کو محفوظ کر رہے ہیں
ہمارے ہاتھ — ایک سے عمل میں
اُٹھا کے ساحل سے سیپ کنکر
ٹھہر ٹھہر کر
پرے سمندر
میں پھینکتے جا رہے ہیں — جیسے
یہی ہو طرزِ سخن یہاں کا
یہی ہو جیسے الم بیاں کا
یہ جانتے ہیں — (جبھی تو چُپ ہیں)
کہ ان سبھی کنکروں کو اک بار
پھر سمندر میں پھینکنے کو
ہمیں ہے درکار ایک پُورا جنم
جسے ہم
نہ کر سکیں گے کبھی بھی حاصل
وہ اجنبی مہماں بھی تک تک کے ہم کو اب ہو چکا ہے شامل
اُسی عمل میں
کہ جس عمل پر
نہ ہم کو حیرت ہی ہو رہی ہے
نہ غصّہ ہی آ رہا ہے (خود پر نہ دوسرے پر)
نہ آ رہی ہے ہنسی ہی ہم کو
نہ اپنی آنکھوں میں اپنی اِس بے بسی پہ
آنسو ہی آ رہے ہیں
نہ ہم کو وہ لفظ مِل رہا ہے
جو اجنبی مہماں کو — ہم کو — (یہ جو بھی آدھے ادھورے ہم ہیں)
یہی بتا دے
کہ غیر وابستگی، اُداسی، اُچاٹ سا جی
کسی جگہ خود کو سونپ دینے سے بے نیازی
یہ معجزہ ہے !
کہ سانحہ ہے ؟
یہ جذبہ کیا ہے :
(ہمارے جذبات کے سمندر کو کیا ہوا ہے؟)
(ہماری آواز کا لہو کون پی گیا ہے ؟)
یہ جذبہ کیوں ہے !
(یہ سرد مہری ہے یا جنوں ہے ؟)
(یہ باہر اندر خلا سا کیوں ہے ؟)
یہ کیا زمیں ہے، یہ کیا سمندر ہے، کون ہم ہیں !
یہ کن صداؤں کا ہم الم ہیں !
کہ اجنبی ہم میں ہو کے شامل بھی اجنبی ہے
یہ ہم میں عظمت کی کیا کمی ہے !
کبھی تو اے آسماں جیسی عظیم آواز کے بزرگو
یہ ہم سے پوچھو
کہ ہم کو آخر قبول موت اپنی کونسی ہے۔
نہ جانے کیسا تمہارا جی ہے۔
ہمارا مرنا بھی سہل کر دو
ہمارا رشتہ رہا ہے تم سے، یہی خبر دو
کہاں ہماری جڑیں ہیں یہ کھود کر دکھاؤ
کبھی کوئی اپنا حق جتاؤ
وہ پتھروں کے زمانے جیسا ہی ظلم ڈھاؤ
ہمارے ان بے تکان جسموں کو توڑ کر چور چور کر دو
ہمیں کوئی خوف ہی دلاؤ
ہمیں گپھاؤں میں بند کر دو
گپھاؤں پر اک چٹان دھر دو
ہمارے تم سامنے ہی آؤ
ہمارا کوئی تو کام کر دو
ہماری آنکھوں میں ریت بھر دو
کہ رو سکیں ہم
ہمارے منہ اپنے وقت جیسے قدیم ہاتھوں سے کھول کر اُن
میں سیپ ٹھونسو
کہ کچھ کہیں ہم
اُٹھا کے ہم سب کو آکٹوپس کے سامنے ڈال دو کہ خود کو
ذرا سا پہچان تو بھی لیں ہم
رُندھی صداؤں میں ہم کو گھر لوٹنے کو کہہ دو
جو چونک اُٹھیں ہم
جہاں سے ہم آئے ہیں ہمارا پتہ وہ پوچھو
جو بول دیں ہم
تمہاری شفّاف عظمتوں سے کچھ اس طرح ہم الگ رہے ہیں
کہ اب زمیں کو ہی پھر سمندر میں پھینکنا چاہنے لگے ہیں
یہ چاہتے ہیں
کہ ایسی آواز ہم سُنیں جو
تمام تر ہو
ہمارے اپنے کئے دھرے کی
کہ ہو جواب تک کی عظمتوں سے بہت پرے کی
ہم اپنی آواز چاہتے ہیں۔
ہم اپنی آواز چاہتے ہیں
ہم اپنی آواز چاہتے ہیں

من موہن تلخ

آج کل دہلی

جولائی ۱۹۷۰ء



ممتاز ہندوستانی نژاد سائنس داں ڈاکٹر ہرگوبند کھورانہ جنہوں نے مصنوعی جین تیار کر کے عظیم سائنسی کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ ڈاکٹر کھورانہ اس وقت امریکی شہری ہیں اور انہیں تناسل و توالد کے راز سے پردہ اٹھانے کے عظیم سائنسی کارنامے پر نوبل پرائز بھی مل چکا ہے۔ مصنوعی جین کی ایجاد سے مستقبل قریب میں تناسلی منصوبہ بندی ممکن ہو سکے گی اور من پسند صلاحیتوں کے بچے پیدا کئے جا سکیں گے ــــ تصویر میں ڈاکٹر کھورانہ (دائیں جانب) اپنے ایک رفیق کار کے ساتھ سائنسی تجربے میں مصروف ہیں۔



لنکا میں منعقدہ عام انتخابات میں شریمتی سری ماؤ بھنڈارنائک کی قیادت میں بائیں بازو کے متحدہ محاذ کو زبردست کامیابی حاصل ہوئی اور ۲۹ مئی ۱۹۷۰ء سے شریمتی بھنڈارنائک پھر لنکا کی وزیراعظم بن گئی ہیں۔ شریمتی بھنڈارنائک کو دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم ہونے کا فخر حاصل ہے۔



ماہ مئی کے آخری ہفتے میں پاکستان کے مشہور شاعر جناب فیض احمد فیض ہندوستان تشریف لائے۔ ہندوستان کے ادبی حلقوں میں اُن کا پرجوش خیر مقدم کیا گیا۔ فیض صاحب اپنے قیام کے دوران شروع جون میں نیشنل بک ٹرسٹ کی جانب سے منعقد کئے گئے رائٹرز کیمپ میں شرکت کے لئے میسور بھی گئے۔

(تصویر میں) سجاد ظہیر صاحب آکاش وانی بھون نئی دہلی میں ریڈیو کے لئے فیض صاحب (دائیں) کا انٹرویو لیتے ہوئے۔

جھلکیاں







۲۳ مئی ۱۹۷۰ء کو مرکزی وزیرِ قانون شری پنم پلی گووندا مینن کا دِل کا شدید دورہ پڑنے سے انتقال ہوگیا۔ شری مینن یکم اکتوبر ۱۹۰۸ء کو چلاکیڈی ضلع تریچور (کیرالہ) میں پیدا ہوئے تھے۔ اُنہوں نے مدراس یونی ورسٹی سے قانون کی ڈگری حاصل کی اور پھر فوجداری وکیل بن گئے اور ساتھ ہی ٹریڈ یونین اور پرجا منڈل تحریک میں بھی سرگرمی سے حصّہ لینے لگے۔ ۴۷-۱۹۴۶ء کے دَوران وہ ریاست کوچین کے وزیرِ اعظم رہے۔ وہ ۱۹۵۴ء میں کیرالہ کے مکھیہ منتری اور ۱۹۶۵ء میں لوک سبھا کے ممبر منتخب ہوئے۔ وہ ۱۹۶۶ء میں مرکزی وزیرِ خوراک اور مارچ ۱۹۶۷ء میں وزیرِ قانون و سماجی فلاح بنے۔ بنکوں کو قومیانے سے متعلق قانون اُن کا عظیم کارنامہ ہے۔ اُن کی موت سے ملک ایک عظیم محبِّ وطن، مدبّر اور اچھے قانون داں سے محروم ہوگیا ہے۔

۲۴ مئی ۱۹۷۰ء کو اُردو کے نامور شاعر جناب بشیشور پرشاد منوّر لکھنوی کا ۷۳ برس کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ مرحوم دو برس سے صاحبِ فراش تھے۔ اُن کی موت اُردو شعر و ادب کے لئے ایک ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ ادارہ اُن کی موت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہے۔ (مضمون صفحہ ۱۶ پر ملاحظہ فرمائیں)



۷ جون ۱۹۷۰ء کو انگلستان کے ممتاز ناولِ نویس ای ایم فورسٹر کا ۹۱ برس کی عمر میں انتقال ہوگیا۔ آپ کا شمار دَورِ جدید کے عظیم ناول نویسوں میں ہوتا تھا۔ ای ایم فورسٹر ۱۳-۱۹۱۲ء میں ہندوستان تشریف لائے اور اُس کے بعد انہوں نے ہندستان میں انگریزی راج کے اوّلین دَور سے متعلق ایک ناول "اے پسیج ٹو انڈیا" تصنیف کیا جو ۱۹۲۴ء میں شائع ہوا۔ ۱۹۴۷ء میں وہ دوبارہ ہندوستان آئے، اور ۱۹۵۳ء میں انہوں نے ہندوستان سے متعلق ایک اور ناول "دی ہِل آف دیوی" تصنیف کیا اِن دو ناولوں کے علاوہ ویئر اینجلز فیر ٹو ٹریڈ" لانگسٹ جرمنی، "اے رُوم وِد اے ویئو" اور "ہوڑہ اینڈ" اُن کی یادگار ہیں۔





رشید الدین

مدراس ہندوستان کے اُن بڑے اور جدید شہروں میں سے ہے جو یہاں یوروپی اقوام کے آنے کی وجہ سے آباد ہوئے۔ ہندوستان کے دو سب سے بڑے شہر کلکتہ اور بمبئی بھی اس طرح آباد ہوئے۔ یوروپی اقوام جب یہاں سے سمندر کے راستے تجارت کے لئے آئیں تو انہوں نے ساحلوں کو ہی اپنا ٹھکانا بنایا اور پھر رفتہ رفتہ اُن کی ترقی کے ساتھ ساتھ وہ ساحلی مقام بھی ترقی کرتے گئے۔ چنانچہ ہندوستان کے یہ تین متذکرہ صدر شہر اور پاکستان کے سابق دارالخلافہ کراچی اس طرح آباد ہوئے اور انہیں روز افزوں ترقی نصیب ہوئی۔ یہ سارے شہر بڑی حد تک مغربی وضع کے ہیں اور ان پر مغربی تہذیب کی گہری چھاپ ہے۔ ہندوستان کے ان ساحلی شہروں کو ہم بڑی حد تک مغرب کے ترقی یافتہ اور بڑے شہروں کے مقابلے میں پیش کر سکتے ہیں۔

شہر مدراس کی ابتداء پندرہویں صدی عیسوی میں پرتگالیوں کے ہاتھوں ہوئی۔ جس وقت اس شہر کی بنیاد پڑی، ہندوستان میں مغل سلطنت کی ابتدا کا زمانہ تھا۔ انگریز، فرانسیسی، پرتگالی اور ولندیزی اقوام کی تجارت کے بہانے ہندوستان میں آمد و رفت شروع ہو چکی تھی اور انہیں اسی تجارت کے نام پر مغل حکومت سے کافی سہولتیں بھی حاصل تھیں۔ اسی زمانے میں پرتگالیوں نے میلاپور کے مقام پر ایک فیکٹری تعمیر کی۔ اس کے بعد انہوں نے سینٹ تھامس کے مقبرے کے پاس ایک رومن کیتھولک چرچ قائم کیا۔ بس یہیں سے مدراس شہر کی ابتدا ہوتی ہے۔

فورٹ سینٹ جارج جو بعد میں انگریزوں کی زبردست پناہ گاہ بن گیا، ۱۶۵۳ء میں تعمیر ہوا۔ انگریز، فرانسیسی، پرتگالی، اور ولندیزی ان چاروں یوروپی اقوام میں مغل سلطنت کا شیرازہ بکھرنے کے بعد کشمکش شروع ہوئی، اور ہر قوم یہ چاہنے لگی کہ وہ یہاں جم جائے اور اُن کے ملک و قوم کو ہندوستان کو نوآبادی بنا لینے کا شرف حاصل ہو۔ ایک طویل کشمکش کے بعد انگریزوں کو اس میں فتح ہوئی۔ چنانچہ مدراس اس ابتدائی کشمکش کے دوران انگریزوں کے ہاتھ آیا اور انہوں نے اُسے اپنی جدوجہد کا مرکز بنایا۔ اس مرکز سے ایک طرف انگریزوں نے ہندوستانیوں کا مقابلہ کیا اور دوسری طرف اپنی حریف مغربی اقوام کو بھی زک دی۔ کلائیو کے زمانے میں مدراس انگریزوں کی ریشہ دوانیوں کا زبردست مرکز بن گیا اور یہیں فورٹ سینٹ جارج میں تمام تیاریاں اور سازش کرنے کے بعد اس نے ۱۷۵۷ء میں پلاسی کی جنگ میں سراج الدولہ جیسے محب وطن اور بہادر ہندوستانی کو شکست دی۔ بعد میں ہندوستان میں انگریزوں کا اثر و رسوخ بہت بڑھ گیا مگر پلاسی

کی جنگ کو اس میں مرکزی حیثیت حاصل ہے اور یہ جنگ انہوں نے مدراس کے مرکز ہی سے جیتی تھی۔ بعد میں انگریزوں کے مرکز کلکتہ اور بمبئی بھی ہو گئے اور پھر رفتہ رفتہ وہ سارے ہندوستان کے واحد حکمراں بن گئے۔

انگریزوں نے مدراس شہر پر اپنی تہذیب کے گہرے اور دائمی نقش چھوڑے ہیں۔ چنانچہ آج بھی یہاں بے شمار چرچ نظر آتے ہیں، جن میں سینٹ میری کا چرچ سب سے ممتاز ہے، جسے سارے مشرق میں پہلا پروٹسٹنٹ چرچ ہونے کا فخر حاصل ہے۔ مدراس میں کرسچن بھی کافی تعداد میں ہیں اور یہ سب وہ مقامی باشندے ہیں جنہوں نے انگریزوں کے زمانے میں اپنا مذہب تبدیل کر لیا۔ انگریزی کا بھی یہاں کافی عمل دخل ہے اور آج بھی تامل کے بعد جو اس شہر کی عام زبان ہے، صرف انگریزی ہی ایک ایسی زبان ہے جس کے ذریعہ ایک نووارد وہاں کے باشندوں سے بات کر سکتا ہے اور اپنا کام نکال سکتا ہے۔ اس طرح انگریزوں نے مدراس پر اپنے مذہب، کلچر اور زبان تینوں کا اثر ڈالا ہے اور اُن ہی کے زمانے میں یہ شہر ہندوستان کا ایک اہم اور بڑا شہر بنا۔

آج مدراس، کلکتہ، بمبئی اور دہلی کے بعد سارے ہندوستان کا چوتھا بڑا شہر ہے۔ ۱۹۶۱ء کی مردم شماری کے لحاظ سے اس کی آبادی تقریباً سوا سترہ لاکھ ہے اور یہ پچپن مربع میل پر مشتمل ہے۔ ۱۹۵۱ء کی مردم شماری کی رُو سے تو یہ سارے ہندوستان کا تیسرا بڑا شہر تھا۔ مگر گزشتہ چند سالوں میں دہلی کی آبادی بہت زیادہ بڑھ جانے کی وجہ سے وہ ہندوستان کا تیسرا بڑا شہر بن گیا اور مدراس چوتھے نمبر پر آگیا پھر بھی مدراس جنوبی ہند کا سب سے بڑا شہر ہے اور کئی باتوں میں اُسے ہندوستان کے دیگر شہروں میں امتیاز حاصل ہے۔ جنوبی ہند کے دیگر بڑے شہر حیدر آباد بنگلور اور ٹرینڈرم ہیں جو آبادی میں مدراس سے بہت کم ہیں۔



پارتھا سارتھی مندر

مدراس، کلکتہ اور بمبئی کی طرح اونچا ہی اونچا اور گنجلک شہر نہیں ہے بلکہ دہلی کی طرح پھیلا ہوا اور کشادہ ہے۔ یہاں کی عمارتیں زیادہ بلند نہیں صرف ایک لائف انشورنس کارپوریشن آف انڈیا کی عمارت



لائف انشورنس کارپوریشن کی بارہ منزلہ عمارت



مرینا مدراس

ہے جو بارہ منزلہ ہے اور حال ہی میں تعمیر ہوئی ہے۔ ورنہ عام طور پر یہاں دو یا زیادہ سے زیادہ تین منزلہ عمارتیں ہیں سارے شہر میں مختلف پارکس اور باغات ہیں جو شہر کی خوبصورتی میں اضافہ کرتے ہیں اور جہاں اُن ممتاز مدراسی لوگوں کے مجسمے نصب ہیں جنہوں نے انگریزوں کے زمانے میں شہر میں کوئی نمایاں کام انجام دیا۔ مدراس میں مناد ر بھی بہت ہیں جن میں ٹریپلیکن کا پارتھاسارتھی مندر، میلاپور کا کپلیشور مندر اور تروتیار کے قریب کا قدیم شیو مندر خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ یہ منادر ایک طرف تو مذہبی اہمیت کے حامل ہیں اور دوسری طرف قدیم ہندو طرزِ تعمیر کا بھی اچھا نمونہ ہیں چرچوں اور منادر کے بعد مدراس میں مساجد بھی دیکھنے کو ملتی ہیں۔ ہندوؤں کے بعد مدراس میں قابلِ لحاظ آبادی مسلمانوں ہی کی ہے۔ ان کے بعد کرسچنوں کا نمبر آتا ہے۔ اس طرح یہ شہر تین فرقوں اور تین تمدنوں کا سنگم ہے۔ یہاں کے مسلمانوں کا عام پیشہ تجارت ہے اور تجارت میں بھی چمڑے اور بیڑی کی صنعت سے یہ لوگ زیادہ تعداد میں وابستہ ہیں۔

مدراس ایک ساحلی شہر ہے اور یہاں کا ساحل بے حد وسیع اور خوبصورت ہے۔ شہر میں یوں تو کئی تفریحی مقامات ہیں مگر ہر روز شام میں یہاں ساحل مرینا پر مقامی اور بیرونی باشندوں کا ایک جمگھٹا رہتا ہے۔ مدراس کا یہ ساحل آٹھ میل لمبا ہے اور دُنیا کے دوسرے ساحل سے بڑا اور اچھا ساحل ہونے کا فخر حاصل ہے۔ دُنیا کا سب سے اچھا اور وسیع ساحل کیلی فورنیا (امریکہ) کا ہے۔ ہندوستان میں اور بھی بہت سے ساحلی شہر ہیں مگر ان میں کسی کا بھی ساحل اتنا اچھا نہیں ہے۔ ساحل مرینا سے قریب جو عمارات واقع ہیں اُن میں نیشنل آرٹ گیلری، ہائی کورٹ اور میوزیم کی عمارت شامل ہیں۔

ساحل مرینا سے شہر کی طرف آئیے تو سمندر کے کنارے کنارے بہت خوبصورت عمارتوں کی ایک قطار لگی ہوئی ہے جن میں نئی طرز کی عمارتیں بھی ہیں اور قدیم طرز کی بھی۔ سب سے پہلے وائیمورئیل ملتا ہے۔ یہ اُن ہندوستانی سپاہیوں کی یاد میں بنوایا گیا ہے جو دوسری جنگ عظیم میں کام آئے تھے۔ پھر مدراس یونی ورسٹی کی عمارات ہیں جن میں کچھ قدیم ہیں اور کچھ جدید۔ مدراس یونی ورسٹی ہندوستان میں قائم شدہ قدیم ترین یونی ورسٹیوں میں سے ہے اسے قائم ہوئے ایک سو سال سے بھی زیادہ کا عرصہ ہو رہا ہے۔ انگریزوں کے زمانے میں بھی یہ یونی ورسٹی اپنے اونچے معیار اور اعلیٰ انگریزی دانی کی وجہ سے ممتاز سمجھی جاتی تھی اور آج بھی اس کا یہی حال ہے۔ مدراس یونی ورسٹی کی بلڈنگیں ختم ہوتے ہی ہماری نظریں ایک عظیم الشان محل پر پڑتی ہیں۔ کیسی زمانے میں کرناٹک کے نوابوں کا محل تھا جسے چیپاک محل کہا جاتا ہے اور جہاں آج کل سرکاری دفاتر قائم ہیں۔ اس سے متصل پریذیڈنسی کالج قائم ہے جو سولہویں صدی عیسوی میں اطالوی طرز پر بنایا گیا تھا۔ پریذیڈنسی کالج کے



ہائی کورٹ مدراس



یونی ورسٹی کی عمارت

مقابل سومنگ پول ہے جو تمام عصری اور جدید ضروریات سے آراستہ ہے اور جہاں لڑکوں کو پیراکی سکھائی جاتی ہے۔

اڈیار جنوبی سمت میں شہر کا آخری کونہ ہے۔ یہ مقام بھی مدراس میں بہت سی چیزوں کے لئے مشہور ہے۔ یہ بڑا پُرفضا اور کشادہ مقام ہے۔ یہیں ریڈیو اسٹیشن ہے۔ اس کے علاوہ مشہور انگریز خاتون مسز اینی بسنٹ کی آخری قیام گاہ بھی یہیں ہے جنہوں نے انڈین نیشنل کانگرس میں رہ کر ہندوستان کی آزادی کے لئے بہت کچھ کیا تھا۔ تھیاسوفیکل سوسائٹی کا صدر دفتر بھی یہیں ہے جس کی شاخیں دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں۔ یہاں ایک بڑا مشرقی کتب خانہ بھی ہے۔ کلاکشیترا کے نام سے اڈیار میں بھارت ناٹیم رقص کا ایک ادارہ بھی قائم ہے جہاں اس عظیم کلاسیکی رقص کی تعلیم دی جاتی ہے۔

شہر کی سب سے خوبصورت اور پُرفضا شاہراہ ماؤنٹ روڈ ہے جو سات میل لمبی ہے۔ اور قلب شہر میں واقع ہے۔ اس کے دونوں جانب بڑی بڑی دوکانیں، ہوٹل، سینما گھر اور اسٹوڈیو وغیرہ ہیں۔ لائف انشورنس کارپوریشن آف انڈیا کی بارہ منزلہ عمارت بھی اس روڈ پر واقع ہے۔ اس کے علاوہ جیمنی فلم اسٹوڈیو بھی اس سڑک پر ہے۔ مگر مدراس کی اصل بہار دیکھنی ہو تو وہ آپ کو سنٹرل کے علاقے میں نظر آئے گی۔ سنٹرل کا علاقہ بے حد مصروف اور چہل پہل کا علاقہ ہے۔ یہاں مدراس کا خوبصورت اور عظیم الشان ریلوے اسٹیشن ہے۔ جنوبی ریلوے کے دفاتر کی خوبصورت عمارت بھی یہیں ہے۔ اس کے علاوہ بسوں کا مرکزی مقام بھی یہی ہے۔ سنٹرل ہی کے علاقہ میں مور مارکیٹ بھی ہے جو شہر کا بڑا خوبصورت اور سستا مارکیٹ ہے۔ یہاں ضروریاتِ زندگی کی ہر چیز مل جاتی ہے۔ مور مارکیٹ سے متصل ہی میونسپل کارپوریشن کی خوبصورت عمارت ہے اور اس سے ذرا آگے زُوولوجی چڑیا گھر ہے۔ سنٹرل ہی میں مسلمانوں کی صدیق سرائے ہے جہاں کوئی بھی مسلمان سیاح تین دن تک بالکل برائے نام کرائے پر قیام کر سکتا ہے۔

سینٹرل کے قریب ہی فورٹ سینٹ جارج ہے، جہاں آج کل سیکریٹریٹ کے دفاتر، مجلس مقننہ اور اس کا دفتر اور بعض دوسرے دفاتر ہیں۔ فورٹ سینٹ جارج کی بڑی تاریخی اہمیت ہے اور اپنے ابتدائی زمانے میں یہ انگریزوں کی زبردست پناہ گاہ تھا۔ پیری روڈ ماؤنٹ روڈ کے بعد مدراس کی دوسری خوبصورت سڑک ہے۔ گنڈی میں راج بھون کی وسیع و عریض عمارت ہے جہاں ایک خوبصورت پارک بھی ہے۔ اس کے قریب ہی بچوں کی تفریح گاہ ہے جو چلڈرنس کارنر (گوشۂ



مدراس کا سنٹرل اسٹیشن

اطفال) کہلاتی ہے۔

ہندوستان کا ایک بڑا اور ایک حد تک تاریخی اہمیت کا حامل شہر ہونے کے علاوہ مدراس جدید ہندوستان کا ایک اہم صنعتی مرکز بھی ہے۔ یہاں ریلوے کا ایک زبردست ورکشاپ ہے جہاں انڈین ریلویز کا ہر قسم کا سامان بنتا ہے۔ یہاں سائیکلیں تیار کرنے کے کارخانے بھی ہیں۔ اس کے علاوہ یہاں موٹروں کے ٹائر اور ٹیوب بھی بنتے ہیں۔ یہاں فولاد کی نلکیاں اور دوسرا سامان بھی تیار ہوتا ہے۔ یہاں کپڑے کی صنعت بھی بہت زیادہ ترقی یافتہ شکل میں ہے اور کپڑے کے متعدد چھوٹے بڑے کارخانے یہاں موجود ہیں۔ بنی کا کپڑا یہیں تیار ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ مدراس کی لنگیاں اور دھوتیاں ہندوستان بھر میں مشہور ہیں۔ مدراس میں فلمی صنعت بھی کافی ترقی یافتہ ہے۔ سارے ہندوستان میں بمبئی کے بعد یہ فلموں کا دوسرا بڑا مرکز ہے۔ یہاں بڑے بڑے فلم اسٹوڈیو قائم ہیں اور ہزاروں آدمی اس صنعت سے وابستہ ہیں۔ مدراس میں تامل کے علاوہ "تلگو" کنڑی، ملیالی اور ہندی کے فلم بھی بنتے ہیں۔ ان بڑی اور اہم صنعتوں کے علاوہ مدراس میں چھوٹے پیمانے کی بہت سی صنعتیں قائم ہیں جن میں چمڑے اور بیڑی کی صنعتیں خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔

تامل مدراس میں عام طور پر بولی جاتی ہے اور اکثریت کی مادری زبان بھی یہی ہے۔ تامل کے بعد مدراس میں بولی جانے والی دوسری قابلِ ذکر زبان انگریزی ہے۔ ہندوستان کے شاید ہی کسی شہر میں انگریزی کا اتنا چلن ہوگا جہاں تک اُردو زبان کا تعلق ہے، بہ ظاہر اس شہر میں اس کا کوئی اثر نہیں معلوم ہوتا۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔ گو وہاں سڑکوں پر آپ کو کوئی اُردو بولتا نظر نہیں آئے گا مگر طبقہ خواص میں اس کا رواج پایا جاتا ہے۔ بعض مسلمانوں کے علاوہ پنجابی، سندھی اور گجراتی جو تجارت کی غرض سے قابلِ لحاظ تعداد میں یہاں مقیم ہیں، اُردو ہی بولتے ہیں اور اُردو کے شیدائی ہیں۔ پنجابیوں نے تو یہاں اُردو کی ایک انجمن "پنجاب ایسوسی ایشن" بھی قائم کر رکھی ہے۔

دیکھا جائے تو مدراس سے اُردو کا ناتا بہت پرانا ہے۔ آج سے ۲۵، ۳۰ سال قبل "مدراس میں اُردو" لکھ کر فصیح الدین ہاشمی مرحوم نے سابق ریاست مدراس میں اردو کا جائزہ لیا تھا اور وہاں کے شعراء ادبا اور اہلِ علم و ادب کا تذکرہ قلمبند کیا تھا۔ آج بھی مدراس میں شعراء ادبا اور اہلِ علم کی کمی نہیں، بلکہ کوئی تیار کرنے بیٹھے تو ایک اچھا خاصہ تذکرہ مرتب ہو سکتا ہے۔

مدراس میں اُردو کی بہت سی انجمنیں، ادارے، اسکول اور کالج ہیں۔ وہاں کی اُردو انجمنوں میں اے۔ جے۔ اُردو سمینار دارالتصنیف، پنجاب ایسوسی ایشن، کرسنٹ ایسوسی ایشن، بلومنگ لٹریری سوسائٹی، مجلس مصنفین اور اُردو ایسوسی ایشن شامل ہیں اے۔ جے اُردو سمینار کے زیر اہتمام مدراس شہر میں ہر سال ایک عظیم الشان کُل ہند مشاعرہ منعقد ہوتا ہے جس میں سارے ہندوستان سے چوٹی کے شعراء کو مدعو کیا جاتا ہے۔ اس مشاعرہ میں ہزاروں کی تعداد میں ٹکٹ خرید کر اہلِ مدراس اپنی اُردو دلچسپی کا عملی ثبوت دیتے ہیں۔ اس مشاعرہ کا ساوینیر بھی شائع ہوتا ہے جس میں مشاعرہ کی تفصیلی روئیداد، شاعروں کے حالات زندگی اور تصاویر اور اس میں پڑھا گیا کلام شامل ہوتا ہے۔ اُردو سمینار کے زیر اہتمام ایک اُردو لائبریری بھی ہے جو مدراس کی ایک عظیم الشان لائبریری ہے اور جہاں قدیم و جدید دور سے تعلق رکھنے والی ہر صنف سے متعلق کتابیں موجود ہیں۔ ایک عربی اُردو مدرسہ اور ایک رات کا مدرسہ بھی اس ادارے کے زیر انتظام چلایا جاتا ہے۔

پنجاب ایسوسی ایشن، کرسنٹ ایسوسی ایشن، بلومنگ لٹریری سوسائٹی مجلس مصنفین اور اُردو ایسوسی ایشن وقتاً فوقتاً ادبی اور شعری نشستیں منعقد کرتی رہتی ہیں۔ مدراس میں اعلیٰ اُردو تعلیم کا سب سے بڑا مرکز نیو کالج ہے جو ساؤتھ انڈیا مسلم ایجوکیشن سوسائٹی کے زیر نگرانی قائم ہے جس کے پرنسپل ہندوستان کے مشہور عالم مولانا عبدالوہاب بخاری ہیں اور جہاں اُردو پڑھنے والے طلباء کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ دیگر کالجوں میں گورنمنٹ آرٹس کالج اور پریذیڈنسی کالج میں اُردو تعلیم کا انتظام ہے۔ اُردو کی طالبات کے لئے ایس۔ آئی۔ ای۔ ٹی کالج اور کوئین میری کالج میں اُردو تعلیم کا انتظام ہے۔ ان کالجوں کے علاوہ کئی ہائی اسکول اور پرائمری اسکول ہیں جہاں اُردو تعلیم کا انتظام ہے۔ مدراس سے ایک اُردو اخبار "مسلمان" بھی شائع ہوتا ہے جو پچھلے تیس سال سے جاری ہے اس کے علاوہ تین ہفتہ وار "نصرت" "آزاد نوجوان" اور "سرکار" بھی شائع ہوتے ہیں۔ کئی ماہ نامے بھی نکلے اور بند ہوئے۔ فی الحال کوئی ماہ نامہ شائع نہیں ہوتا۔ بہرحال اُردو کے تعلق سے مدراس بھی ہندوستان کے دیگر شہروں سے کسی طرح پیچھے نہیں۔

مدراس بڑا خاموش، پرسکون اور خوبصورت شہر ہے۔ یہاں کی عمارتوں میں ہندو، مسلم اور عیسائی تینوں قسم کا طرز تعمیر ملتا ہے اور تینوں مذاہب اور عقائد کے لوگ بھی یہاں بڑے پیار و محبت کے ساتھ رہتے ہیں۔



غزل مثلث

نظیر حسین نظیر مظفر نگری

(۱)

خانۂ دلِ خراب ہو جائے ؎ ٭ زندگی اک عذاب ہو جائے
شوق اگر کامیاب ہو جائے

(۲)

اس تلاطم میں اس تباہی میں ٭ کہیں ایسا نہ ہو اس آندھی میں
زندگی بے نقاب ہو جائے

(۳)

لطف باقی رہے، مزہ محفوظ ٭ رکھئے اس وقت سے خدا محفوظ
جب محبت عذاب ہو جائے

(۴)

آگ لگ جائے آشیانے میں ٭ اور اب کیا ہے اس زمانے میں
جب حقیقت سراب ہو جائے

(۵)

پاس آنا اگر نہیں منظور ٭ مسکرانا اگر نہیں منظور
اک نگاہِ عتاب ہو جائے

(۶)

اس خرابات میں، معاذ اللہ ٭ نہ کریں ہم جو گاہ گاہ گناہ
زندگی اک عذاب ہو جائے

(۷)

دوستوں کی "نوازشوں" کا نظیر ٭ حال کچھ بھی اگر کروں تحریر
ہر ورق اک کتاب ہو جائے



غزل

کرامت علی کرامت

ہم اہلِ درد جو جینے کا اہتمام کریں
رسومِ عشق کو اک روز کیوں نہ عام کریں؟

تری جبیں پہ تقدس کی وہ تجلی ہے
مہ و نجوم بھی جھک کر جسے سلام کریں

غمِ حیات نے بھی اپنا ساتھ چھوڑ دیا
چلے بھی آؤ کہ جینے کا اہتمام کریں

جبینِ شوق پہ چمکے گا درد کا سورج
نمازِ عشق میں پہلے تو ہم قیام کریں

نظر پہ چھا گئی آفاقیت تو دل نے کہا
عقیدہ جو بھی ہو ہم اس کا احترام کریں

مذاقِ فطرتِ مضطر کا یہ تقاضہ ہے
زمیں پہ صبح کریں اور خلا میں شام کریں

فضائے ذہن میں اڑتے ہیں فکر کے پنچھی
اب آؤ ان کو ذکاوت سے زیرِ دام کریں

جسے سمجھتے تھے شاداب وہ تو بنجر ہے
اب اور کس لئے جشنِ مہ تمام کریں

یہ کہہ رہا ہے کرامت ہمارا جذبِ نہاں
خود اپنا قصۂ غم کیوں نہ ہم تمام کریں

دُنیا کی مشہور پیش گوئیاں



سیوک شرما

نومبر ۱۹۶۳ء کی پہلی تاریخ تھی۔ واشنگٹن کے ایک فیشن ایبل ریستوران میں دو خواتین دوپہر کا کھانا کھانے میں مصروف تھیں ان میں سے ایک تھی واشنگٹن کی مشہور امیرزادی مسز ہارے کوپ اور دوسری تھی اس کی سہیلی مسز ڈکسن۔ اچانک مسز ڈکسن بے چین ہوگئی اور اس کے چہرے پر رنج و دہشت کے بادل چھاگئے اس نے چیخ کر کہا "اُسے گولی سے اُڑا دیا جائے گا"۔ "کس کو"، مسز ہارے کوپ نے گھبرا کر پوچھا "صدر کو" مسز ڈکسن نے جواب میں کہا۔

تین ہفتے بعد صدر جان ایف کینیڈی جب امریکہ کی ریاست ٹیکساس کے شہر ڈلاس کی ایک سڑک پر موٹروں کے ایک جلوس کے ہمراہ گزر رہے تھے تو انہیں گولی کا نشانہ بنا دیا گیا۔

یہ پیشین گوئی کرنے والی مسز جین ڈکسن ایک شرمیلی اور خانہ دار خاتون ہیں۔ وہ کوئی پیشہ ور منجم یا جیوتشی نہیں ہے۔ مستقبل کے حالات بتانا اس کا ایک شغل ہے۔ اتفاقیہ اس لئے کہ نہ تو اُس نے اس شغل کو سوچ سمجھ کر اپنایا ہے اور نہ ہی اس پر اس کا کوئی بس ہے۔ قدرت نے اس خاتون کو کچھ ایسی عجیب و غریب صلاحیت دی ہے کہ دُنیا بھر میں رُونما ہونے والے اہم واقعات کی تصویر اس کے ذہن میں ازخود اور خواہ مخواہ کھچ جاتی ہے جسے وہ بیان کر دیتی ہے۔ علم نجوم یا پامسٹری سے جین ڈکسن کا کوئی تعلق نہیں۔ ابھی وہ بقیدِ حیات ہیں۔ اُن کی ہزاروں پیشین گوئیاں حرف بحرف صحیح ثابت ہو چکی ہیں۔

ابھی وہ کمسن بچی تھی کہ ایک خانہ بدوش عورت نے جین ڈکسن کا ہاتھ دیکھ کر اس کی ماں کو بتایا تھا کہ اس لڑکی میں پیش گوئی کرنے کا قدرتی ملکہ ہے۔

ابھی وہ نوبرس کی تھی کہ لوگ اُس سے اپنے مستقبل کے بارے میں پوچھنے لگ گئے تھے۔ ہالی وُوڈ کی مشہور فلم سٹار میری ڈریسلر کو اس کی بے روزگاری کے زمانے میں جین نے بتایا تھا کہ وہ ایک مشہور فلم اسٹار بنے گی۔

ہندوستان کے بٹوارے کے بارے میں جین ڈکسن نے کافی عرصہ پہلے ہی بتا دیا تھا۔ دوسری جنگِ عظیم کے اختتام پر امریکہ کی وزارتِ خارجہ کی طرف سے منعقد کی گئی ایک تقریب میں جین ڈکسن بھی شامل تھی معزز مہمانوں کا آپس میں تعارف کرانے کی رسم کے دوران اس کا تعارف ہندوستان کے ایک اعلیٰ افسر سے کرایا گیا اس افسر کے ساتھ مصافحہ کرتے ہی جین ڈکسن کہنے لگی "آپ کے ملک کا بٹوارہ ہونے والا ہے"۔ چونکہ اُن دنوں اس قسم کے کوئی بھی آثار نہیں تھے اس لئے افسر مذکور نے مسز ڈکسن کی اس

بات پر شبہ اور تعجب کا اظہار کیا۔ اس پر مسز ڈکسن نے مزید کہا "آپ کے ملک کا بٹوارہ ہوگا اور آپ اس بٹوارے کے بعد تقسیم شدہ دوسرے حصے (پاکستان) میں نقل وطن کر جائیں گے اور وہاں جاکر بہت بڑے عہدے پر فائز ہوں گے۔"

مہاتما گاندھی کی شہادت سے متعلق بھی جین ڈکسن نے اسی طرح حیران کن انداز میں پیش گوئی کی تھی۔ ۱۹۴۸ء کا آغاز ہوا ہی تھا۔ سال نو کے جشن کی ایک اعلیٰ سطح کی پارٹی میں جین ڈکسن بھی موجود تھی (اُسے اعلیٰ سے اعلیٰ پارٹیوں میں شمولیت کی دعوت دی جاتی ہے) کھانے پینے اور ناچ گانے کے ساتھ ساتھ خوش گپیوں کا سلسلہ بھی جاری تھا۔ کسی سلسلے میں کسی شخص نے باتوں باتوں میں ہندوستان کا ذکر کر دیا۔ ہندوستان کا نام سنتے ہی جین ڈکسن پکار اٹھی "ہندوستان! وہاں کا گاندھی تھوڑے دنوں تک ہلاک کر دیا جائے گا۔"

یہاں یہ بتانا ضروری ہوگا کہ ہندوستان کے بارے میں اس قدر اہم اور معرکۃ آرا گوئیاں کسی غیر معروف شخص کو کانا پھوسی کے طور پر نہیں بتائی گئی تھیں۔ یہ دونوں پیش گوئیاں امریکہ کے وزارتی سطح کے اعلیٰ ترین حکام کی موجودگی میں کی گئی تھیں اور ان کا تذکرہ نہ صرف امریکہ کے مقامی اخباروں میں بلکہ ریڈرز ڈائجسٹ جیسے عالمی شہرت کے امریکی رسالوں میں بھی چھپ چکا ہے۔ ریڈرز ڈائجسٹ کے ۱۹۶۴ء کے ستمبر کے شمارے میں ان تمام واقعات کا تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔

کئی واقعات کا علم تو جین ڈکسن کو برسوں پہلے ہو جاتا ہے۔ مثلاً صدر کینیڈی کی موت کے بارے میں اُسے پہلی بار علم ۱۹۵۲ء میں ہوا تھا۔ کینیڈی کے کرسیٔ صدارت پر بیٹھنے سے بھی آٹھ برس پہلے یہ ایک الہام کی صورت میں تھا۔ ۱۹۵۲ء میں جین ڈکسن کے ذہن میں امریکہ کے صدارتی چناؤ کی وہ تاریخ آئی جس میں ڈیموکریٹک پارٹی کے امیدوار کو کامیاب ہونا تھا۔ ساتھ اُسے یہ بھی دکھائی دیا کہ ڈیموکریٹک پارٹی کا یہ کامیاب امیدوار اپنے عہدے کی مدت ختم ہونے سے پہلے ہی قتل کر دیا جائے گا اور اس کے ساتھ ہی جان ایف کینیڈی کی (جو ان دنوں سینیٹر تھے) شکل و صورت کے واضح خدوخال بھی ڈکسن کے سامنے نمودار ہو گئے۔

اس بات کا ذکر جین ڈکسن نے ایک جرنلسٹ سے کیا جو امریکہ کے ایک رسالے 'PRAADE' کے لئے اس سے انٹرویو لینے آیا تھا۔

۱۹۵۶ء میں پریڈ رسالے کے ماہ مئی کے شمارے میں اس کا ذکر ان الفاظ میں کیا گیا تھا: "۱۹۶۰ء کے چناؤ کے بارے میں مسز ڈکسن نے پیش گوئی کی ہے کہ صدر کے عہدے کے لئے ڈیموکریٹک پارٹی کا امیدوار کامیاب ہوگا لیکن اپنے عہدے کی میعاد ختم ہونے سے پہلے ہی اُسے قتل کر دیا جائے گا۔"

پریڈ میں اس خبر کی اشاعت کے علاوہ ڈکسن نے اس پیشین گوئی کا ذکر امریکہ کے کئی مشہور و معروف اشخاص سے کیا۔ مثال کے طور پر رفاہ عام کے کاموں کے لئے مشہور امریکی کروڑپتی سیمویل ہال کے خاندان کے کینیڈی خاندان کے ساتھ نہایت قریبی تعلقات تھے۔ سیمویل ہال کی بیوی مس کے ہال، جین ڈکسن کے مداحوں میں سے تھی اور جین ڈکسن سے اس کی ملاقات اکثر ہوتی رہتی تھی۔ ڈکسن نے بارہا مس کے ہال سے درخواست کی کہ وہ صدر کینیڈی کو پیش آنے والے اس المناک حادثے سے متعلق آگاہ کر دے۔ صدر کینیڈی کی ہلاکت کے بعد مس ہال نے بتایا کہ وہ صدر کینیڈی کے ساتھ جین ڈکسن کی پیش گوئی کا ذکر اس لئے نہ کر سکی مبادا کینیڈی جیسا نڈر اور بے خوف انسان اسے توہم پرستی بتاتے ہوئے میری ضعیف الاعتقادی کا مذاق اُڑائے۔

جمعہ کے دن، جس روز کینیڈی کی موت واقع ہوئی، جین ڈکسن نے صبح کے ناشتے کے وقت کہا تھا "آہ! یہی وہ دن ہے جس دن یہ حادثہ پیش آنے والا ہے۔"

امریکہ کے مرحوم صدر فرینکلن روزویلٹ جین ڈکسن کی خداداد قابلیت کے بہت قائل تھے اور وہ اکثر اُس سے مشورہ لیا کرتے تھے۔ آخری بار انہوں نے نومبر ۱۹۶۴ء میں جین ڈکسن کو وائٹ ہاؤس میں کھانے کی دعوت پر بلایا۔ صدر روزویلٹ نے مسز ڈکسن سے سوال کیا کہ ابھی اور کتنے عرصہ تک وہ جئیں گے۔ "زیادہ سے زیادہ چھ ماہ" ڈکسن نے جواب میں کہا۔

پانچ ماہ بعد ۱۲ اپریل ۱۹۴۵ء کو صدر روزویلٹ کا انتقال ہو گیا۔

جین ڈکسن کی پیش گوئیوں کا موضوع محض امریکہ کے صدر ہی نہیں رہے۔ ۱۹۴۵ء میں اس نے سر ونسٹن چرچل کو، جو اُن دنوں امریکہ کا دورہ کر رہے تھے، بتایا کہ وہ برطانیہ میں پارلیمنٹ کے انتخابات جلدی نہ کرائیں ورنہ اُنہیں شکست ہو جائے گی۔ یہ اور بات ہے کہ چھ برس کے اندر ہی وہ پھر

برسرِ اقتدار آجائیں گے۔ لیکن چرچل کو اپنی کامیابی کا پورا یقین تھا۔ اس لئے انہوں نے اسی برس ماہ جون میں چناؤ کرائے اور یہ تاریخی حقیقت ہے کہ دوسری جنگِ عظیم کے اس ہر دلِ عزیز ہیرو کو جنگ کے ختم ہونے کے صرف دو ماہ بعد انتخابات میں شکست کا سامنا ہوا اور اُسے وزارتِ عظمیٰ سے علیٰحدہ ہونا پڑا۔ لیکن جیسا کہ ڈکسن نے بتایا تھا چھ برس کے اندر ہی وہ پھر برسرِ اقتدار آگئے۔

جین ڈکسن قدرت کا ایک انوکھا اور نرالا شاہکار ہے۔ اس کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ مستقبل میں جھانکنے کے لئے اُسے نہ ہاتھوں کی لکیروں کو پڑھنے کی ضرورت ہے۔ نہ سیارگان کے پیچیدہ نقشے بنا کر حساب کتاب کرنے کی۔ ایک قدرتی جھرنے کی طرح پیش گوئیاں اس میں سے خود بخود پھوٹتی ہیں۔ کسی کے ساتھ مصافحہ کرتے وقت انگلیوں کے چھو جانے سے وہ اُس شخص کے ساتھ ہونے والے کسی اہم واقعہ کو بتا دے گی یا اُس کے سامنے کسی شخص یا جگہ کا نام لیا گیا تو وہ اس شخص یا جگہ پر ہونے والے کسی غیر معمولی واقعہ کو ظاہر کر دے گی۔

اور یہ سب کچھ نہایت اچانک اور غیر متوقع طور پر ہوتا ہے۔ اس کی ایک دلچسپ مثال ہالی وُوڈ کی مشہور فلم اسٹار کیرول لومبارڈ کے ساتھ جین ڈکسن کی اچانک ملاقات اور حیران کُن پیش گوئی ہے۔ ایک بار جین ڈکسن لاس اینجلز میں اپنے بال بنوانے کے لئے ایک ہیئر کٹنگ سیلون میں گئی۔ بار بر نے اس کا تعارف فلم اسٹار کیرول لومبارڈ کے ساتھ کروایا، جو بال بنوانے کے بعد سیلون سے باہر نکلنے کو ہی تھی۔

کیرول لومبارڈ کے ساتھ مصافحہ کرتے ہی جین ڈکسن پکار اٹھی "مس لومبارڈ آیندہ چھ ہفتے تک ہوائی سفر ہرگز نہ کرنا" فلم اسٹار نے جواب میں کہا کہ چند ہی روز میں اُسے فوجیوں کی دلچسپی کے لئے پروگرام میں شرکت کی غرض سے کہیں باہر جانا ہے اور ہوائی جہاز میں اس کی سیٹ بک ہو چکی ہے۔ اُس پر جین ڈکسن نے کہا کہ خدارا وہ اس دورے کو ملتوی کر دے اور ان دنوں اگر وہ کوئی سفر کرنا ہی چاہے تو ریل گاڑی یا موٹر کار سے کرے۔ کیونکہ ہوائی سفر میں اس کی زندگی کو سخت خطرہ ہے۔ کیرول لومبارڈ نے پوچھا "زمینی سفر میں خطرہ کیوں نہیں ہوتا کہیں بھی آسکتی ہے۔" جین نے جواب دیا "تمہارے سر پر منڈلانے والے موت کے بادل فی الحال زمین سے بہت اونچائی پر ہیں"۔ لومبارڈ نے ایک سکہ اپنے ہاتھ میں لیتے ہوئے کہا۔ "چلو تاس کر کے دیکھ لیتے ہیں۔ اگر یہ سکہ سیدھے رُخ پڑا تو میں ہوائی جہاز سے سفر کا پروگرام ملتوی کر دوں گی، اُلٹے رُخ پر برقرار رکھوں گی" سکہ اُلٹے رُخ پڑا۔ لومبارڈ ہنستے ہوئے یہ کہہ کر چلدی "جو ہونا ہے سو ہو کر رہے گا۔ خدا حافظ مسز ڈکسن میرے لئے دعا کرنا۔"

کچھ ہی دن بعد اخباروں میں یہ خبر چھپی کہ جس ہوائی جہاز میں فلم اسٹار کیرول لومبارڈ سوار تھی وہ گر کر تباہ ہو گیا ہے اور اس جہاز کا کوئی بھی مسافر زندہ نہ بچ سکا۔

۱۹۶۱ء کے موسم گرما میں جین ڈکسن نے پیش گوئی کی تھی کہ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل ڈاگ ہیمر شولڈ اسی سال ستمبر کے وسط میں ہوائی حادثے میں ہلاک ہو جائیں گے۔

ڈاگ ہیمر شولڈ کو اٹھارہ ستمبر ۱۹۶۱ء کو ہوائی حادثہ پیش آیا تھا۔ جس میں وہ ہلاک ہو گئے تھے۔

اسی طرح اکتوبر ۱۹۶۱ء میں جین ڈکسن نے ایک اور سانحہ کے بارے میں پیش گوئی کی تھی۔ اس نے کہا تھا کہ ہالی ووڈ کی شہرۂ آفاق فلم سٹار میرلین منرو اگلے سال کے اندر اندر خودکشی کرے گی۔ اس پیش گوئی کے ٹھیک نو مہینے بعد دُنیا کی اس جیتی فلم ایکٹرس نے زیادہ تعداد میں نیند آور گولیاں کھا کر خودکشی کر لی تھی۔

ظاہر ہے کہ موجودہ ایٹمی دور میں لوگ جین ڈکسن کی مافوق الفطرت صلاحیت کے سامنے جلدی سے سرِ تسلیم خم کرنے کے لئے تیار نہ ہوئے ہوں گے، اس لئے مسز ڈکسن کی اس عجیب و غریب صلاحیت کو ہر ممکن طریقے سے آزمائش کی کسوٹی پر پرکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

ایک بار ایک موٹر کار کی لاٹری نکالی جانی تھی۔ کچھ ہوشیار لوگوں نے سوچا کہ مسز ڈکسن کی آزمائش کا نہایت اچھا موقع ہے۔ لہٰذا انہوں نے مسز ڈکسن سے کہا کہ وہ لاٹری نکلنے سے پہلے اس نمبر کو لکھ دے جو لاٹری میں نکلنے والی پرچی کا ہوگا۔ اس لاٹری میں کل چودہ ہزار ٹکٹیں تھیں۔ یعنی جین ڈکسن کی کامیابی کا امکان چودہ ہزار کے مقابلے میں صرف ایک تھا۔ جین ڈکسن نے صحیح نمبر لکھ دیا۔

ہالی ووڈ کے مشہور فلم ایکٹر باب ہوپ نے ایک نرالے طریقے

سے جین کا امتحان لیا۔ باب ہوپ اور جین ڈکسن دونوں ٹیلی ویژن کے ایک پروگرام میں حصہ لے رہے تھے۔ اچانک باب ہوپ نے مسز ڈکسن سے کہا "یقیناً، آپ یہ نہیں بتا سکتیں کہ آج تیسرے پہر گالف کے کھیل کے دوران میں نے کتنے سکور بنائے، اور میرے ساتھی نے (جس کا نام ظاہر نہیں کیا گیا) کتنے سکور بنائے۔"

بلا تامل مسز ڈکسن نے جواب دیا۔ "تم نے بانوے اور تمہارے ساتھی صدر آئزن ہاور نے چھیانوے۔"

باب ہوپ یہ بالکل صحیح جواب سن کر ششدر رہ گیا۔ باب ہوپ اور صدر آئزن ہاور کے علاوہ اور کسی بھی شخص کو اس روز کے کھیل اور اس میں کئے گئے سکور کے بارے میں کچھ معلوم نہ تھا۔

امریکی مصنف مس روتھ مانٹ گمری نے اپنی کتاب دی کرسٹل بال میں جین ڈکسن کی سوانح حیات نہایت دلچسپ پیرائے میں بیان کی ہے۔ اس کے علاوہ لندن سے حال ہی میں شائع ہوئی ایک کتاب

The Story of Fulfilled Prophecy

میں جسٹس گلاس نے جین ڈکسن کی ہوش ربا پیش گوئیوں کا تفصیل سے ذکر کیا ہے۔

جین ڈکسن اپنی نوعیت کی پہلی یا واحد شخصیت نہیں ہے۔ تاریخ کے تقریباً ہر دور میں قدرت نے ایسی باکمال شخصیتوں کو پیدا کیا ہے علم الغیب میں دسترس رکھنے والے گمنام یا مقامی طور پر معروف تو سینکڑوں ہزاروں ہوئے ہوں گے اور اب بھی ہیں۔ لیکن کچھ ایسے بھی ہوئے ہیں جنہیں عالمی اور دائمی شہرت حاصل ہوئی ہے۔ ایسے نامور غیب دانوں میں سرفہرست سولہویں صدی میں فرانس کے منجم مائیکل ناسٹراڈیمس ہیں جن کی پیش گوئیوں سے دنیا حیران رہ گئی۔

مائیکل ناسٹراڈیمس نے واقعات کے رونما ہونے سے مہینوں یا برسوں نہیں بلکہ صدیوں پہلے مستقبل کے بارے میں جو پیش گوئیاں کی تھیں وہ آج تک حرف بحرف سچی ثابت ہوئی ہیں۔ انقلاب فرانس سے تقریباً ڈھائی سو برس پہلے ناسٹراڈیمس نے تاریخ کے اس اہم ترین واقعہ کے رونما ہونے کی تاریخ بتا دی تھی۔

ناسٹراڈیمس کی پیدائش چودہ دسمبر ۱۵۰۳ء میں ہوئی اور وفات تین جولائی ۱۵۶۶ء میں اُن کی حیات میں انگلستان کا شمار صفِ اوّل کی طاقتوں کی کسی گنتی میں نہیں تھا۔ وہ زمانہ فرانس اور اسپین کے عروج کا تھا۔ لیکن ناسٹراڈیمس نے پیش گوئی کی تھی کہ انگلینڈ دنیا کی عظیم ترین اور وسیع ترین سلطنت کا مالک ہوگا اور تین صدیوں سے بھی زیادہ عرصے تک اقوامِ عالم میں انگلستان سرِفہرست رہے گا۔ اور یہ پیش گوئی ایک تاریخی حقیقت ہے۔

اسی طرح ناسٹراڈیمس نے اپنے وقت سے صدیوں بعد ہونے والے واقعات میں نپولین اور ہٹلر کے عروج اور زوال کے بارے میں بھی پیش گوئیاں کی تھیں۔ ناسٹراڈیمس نے بیسویں صدی کے آخری سال سے متعلق بھی ایک پیش گوئی کی ہوئی ہے، جس کے علم سے ہمارے سکون میں خلل پڑنے کا اندیشہ ہے۔ ناسٹراڈیمس نے نپولین اور ہٹلر کو انسان دشمن بتایا تھا لیکن اسی قسم کا ایک تیسرا شخص جولائی ۱۹۹۹ء میں برسرِ اقتدار آئے گا جسے ناسٹراڈیمس نے دہشت اور خوف کے شہنشاہ، کا نام دیا ہے۔ اس خونخوار شیطان کے ابھرنے کے بعد جولائی ۱۹۹۹ء سے لے کر ستائیس برس تک انسانی لاشوں کے انبار لگیں گے۔ اور لفظی و حقیقی معنوں میں خون کی ندیاں بہیں گی۔ روئے زمین پر جہنم کے نظارے دیکھنے میں آئیں گے۔ ناسٹراڈیمس نے مزید لکھا ہے کہ اس دوران پہلی نسل کی ایک قوم اینٹ سے اینٹ بجا دے گی۔

(باقی آئندہ)

بقیہ ہندوستان کے جنگلی جانور

کو ہر سال تقریباً ۱۰۰ جانوروں کا شکار کرنا پڑتا ہے۔ ہندوستان میں ۲۰ فی صد موذی شیر کی غذا بنتے ہیں۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بھوک کی شدت سے مجبور ہو کر شیر طبعی موت مرے ہوئے جانور بھی کھا لیتا ہے۔

شیر ایک رات میں ۱۵، ۲۰ میل کے علاقہ کا گشت کرتا ہے۔ اس کی رفتار ۲، ۳ میل فی گھنٹہ سے زائد نہیں ہوتی۔ شیر جنگلی بھینسہ اور جنگلی کتوں کے غول سے خائف ہوتا ہے اور حملہ کرنے کی جرأت نہیں کرتا۔ آدم خور شیر بہت خطرناک ہوتا ہے۔

افریقہ میں شیر ببر اور شیر کی مخلوط نسل بھی پائی جاتی ہے جسے ٹائگن (Tigon) کا نام دیا گیا ہے۔

حکومتِ ہند نے جنگلی جانوروں، درندوں اور پرندوں کی بقائے نسل اور افزائش نسل کی غرض سے ۳۰ نیشنل پارک، سینکچوریاں اور ۱۲۱ زولوجیکل گارڈن قائم کئے ہیں، جن کا مجموعی رقبہ ۱۵۲۷۵ مربع کلومیٹر ہے۔



ہندوستان کے جنگلی جانور

متین سید

کیا آپ جانتے ہیں کہ دُنیا میں، ہر ایک گھنٹے میں ۳۵ ہزار جنگلی جانور شکار کئے جاتے ہیں۔ شکار، انسان کا قدیم ترین مشغلہ ہے۔ زمانۂ قدیم میں انسان اپنی اشتہا مٹانے اور غذا حاصل کرنے کی غرض سے جنگلی جانوروں کا شکار کیا کرتا تھا۔ مہذب دور میں شکار بہترین تفریحی مشغلہ تصور کیا جانے لگا۔

افریقہ کے علاوہ، دُنیا میں ہندوستان جنگلی جانوروں کا عظیم ترین مسکن ہے اور سیاحوں اور شکاریوں کی جنت کہلاتا ہے۔ ہندوستان میں تقریباً ۵ ہزار قسم کے جنگلی پرندے اور ۴۰۰ اقسام کے جنگلی جانور پائے جاتے ہیں۔ ہر سال دُنیا کے ہر حصّے سے ہزاروں سیّاح اور شکاری جنگلی جانوروں اور درندوں کا شکار کرنے، تصویر کشی، یا اُن کے قدرتی ماحول میں اُن کا مشاہدہ و مطالعہ کرنے ہندوستان آتے ہیں۔ سیاحت اور شکار ہمارے مُلک کے لئے زرِ مبادلہ حاصل کرنے کا اہم ذریعہ ہے۔

شمالی ہندوستان اور ہمالیہ کی ترائی میں کئی قسم کی جنگلی بکریاں (تھار، پارہ وغیرہ) شیر، تیندوے اور بھورے ریچھ، سانبھر، کاکر، نیل گائے اور چیتل پائے جاتے ہیں۔ وسطی ہندوستان میں شیر، تیندوے، ریچھ، سانبھر چیتل، نیل، ہرن، چوسنگھا، مارخور، زرخ وغیرہ ملتے ہیں اور جنوبی ہندستان میں جنگلی ہاتھی، جنگلی بھینسہ، بارہ سنگھا، ایک سینگ والا گینڈا، ریچھ مگرمچھ، سانبھر ہرن، جنگلی کتے وغیرہ پائے جاتے ہیں۔

ہندوستان کے تقریباً ہر حصّے میں بے شمار پرند، بکثرت پائے جاتے ہیں۔ شکار کئے جانے والے اہم پرند، تیتر، بٹیر، فاختہ، بطخ، قاز، سارس جنگلی مرغ، جنگلی کبوتر، پن ڈبی، ٹیکلا وغیرہ ہیں۔

ایک سینگ والا گینڈا اور کالا ہرن، ہندوستان کے علاوہ کہیں نہیں پائے جاتے۔ شیر ببر افریقہ کے علاوہ صرف ہندوستان میں اگیر کے



ہاتھی



کینڈا

جنگلات) میں پایا جاتا ہے۔ طاؤس ہندوستان کا قومی پرندہ ہے اس لئے اس کا شکار کرنا قانوناً ممنوع قرار دیا گیا ہے۔ کالا ہرن اور گینڈا بھی اسی ضمن میں آتے ہیں اور اُن کی نسل برقرار رکھنے کی غرض سے اُن کے شکار پر بھی پابندی ہے۔

ہرن کی نسل کا سب سے چھوٹا جانور "چوسنگھا" یا چکارہ کہلاتا ہے۔ چوسنگھے کے سر پر چار سینگ ہوتے ہیں، دو بڑے اور دو چھوٹے اس کی مادہ کو 'بھیڑکی' کہتے ہیں۔ مادہ کے سینگ نہیں ہوتے۔ چوسنگھا اکثر تنہا، یا اپنی مادہ کے ساتھ چٹانی یا میدانی علاقہ میں پایا جاتا ہے۔ یہ لمبی گھاس والے میدانوں میں جو پہاڑ کے دامن میں کسی چشمے کے قریب ہوں، رہائش پسند کرتا ہے۔ مزاجاً تنہائی پسند اور شرمیلا جانور ہے۔ اس کا قد تقریباً ۲۶ انچ، سینگ ۲ سے ۵ انچ تک اور وزن ۲۰ سے ۵۰ پونڈ تک ہوتا ہے۔

جنگلی بکری چوسنگھے سے بڑی ہوتی ہے اس کی جلد پر نرم، گھنے سیاہی مائل بال ہوتے ہیں۔ اور سینہ اور پیٹ سفید ہوتے ہیں۔ کان بڑے، اور سانبھر کے کانوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے جنگلی بکری دشوار گزار پہاڑی ڈھلانوں میں رہتی ہے۔ اس لئے اسے شکار کرنا محال ہوتا ہے۔ اس کا اوسط قد تقریباً ۲۶ انچ، سینگ کی لمبائی ۴½ انچ اور وزن ۵۵ پونڈ سے ۶۱ پونڈ تک ہوتا ہے۔

ہرن، ہندوستان کے تقریباً ہر علاقے میں پائے جاتے ہیں۔ ہرن کی مادہ تقریباً تین ماہ میں بچے دیتی ہے (عموماً مارچ اور ستمبر میں) بچوں کی تعداد ایک دو سے زائد نہیں ہوتی۔ دو سال کی عمر میں نر کی جلد سیاہی مائل ہونا شروع ہوتی ہے اور سینگ نکل آتے ہیں۔ ہرن، زراعتی خطوں کے قریب، گھاس کے میدانوں میں پائے جاتے ہیں۔ ہرن کا اوسط وزن ۷۰ پونڈ سے ۱۰۵ پونڈ تک اور سینگ کی لمبائی ۲۳ انچ تک ہوتی ہے۔

چیتل بہت حسین جانور ہے۔ عموماً پہاڑوں کے دامن میں چشمے کے قریب، نسبتاً کم گھنے جنگلات میں رہتا ہے۔ فطرتاً شرمیلا جانور ہے اور آدمی سے بہت خوف زدہ رہتا ہے۔ اگر کسی درندے یا کسی آدمی کی آہٹ محسوس کرتا ہے تو تیزی سے بھاگنے کے بجائے آہستہ آہستہ کسی محفوظ مقام پر پوشیدہ ہو جاتا ہے۔ اس کا اوسط وزن ۱۹۰ پونڈ تک اور قد ۳۶ انچ تک ہوتا ہے۔

بارہ سنگھا کم یاب جانور ہے۔ اس کے شاخ دار سینگ بہت خوبصورت ہوتے ہیں۔ سینگ میں چونکہ عموماً ۱۲ شاخیں ہوتی ہیں۔ اسی مناسبت سے اُسے بارہ سنگھا کہا جاتا ہے۔ یہ سب سے زیادہ بلند آواز، اور شور کرنے والا پرندہ ہے۔ کسی قسم کے خطرہ کا احساس کرتے ہی تمام غول تیز آوازیں نکالنا شروع کر دیتا ہے۔ اس کی معمولی آواز، گدھے کی آواز سے مشابہ، لیکن مقابلتاً باریک ہوتی ہے۔ بارہ سنگھا گھنے جنگل میں رہتا ہے اس کی نظر کمزور اور قوت



بارہ سنگھا

شامہ" تیز ہوتی ہے۔ ۴۰۰ گز کے فاصلے تک آدمی یا کسی جانور کی بُو سونگھ سکتا ہے۔ فطرتاً سادہ لوح ہوتا ہے۔ زیادہ دُور تک تیزی سے نہیں دوڑ سکتا۔ قد تقریباً ۴۷ انچ اور سینگ کی لمبائی ۳۵ انچ تک ہوتی ہے۔

سانبھر، ہرن کی نسل کا سب سے بڑا جانور ہے۔ گنجان جھاڑیوں اور گھنے جنگلات میں رہتا ہے۔ چشموں کے کنارے اُگنے والی لمبی رسیلی گھاس اس کی پسندیدہ غذا ہے۔ مہوے کے پھل بہت رغبت سے کھاتا ہے۔ اس کی سماعت بھی بہت تیز ہوتی ہے۔

مادہ سانبھر، دو یا تین سال میں ایک مرتبہ بچے دیتی ہے۔ بچہ ڈیڑھ سال کی عمر تک صرف ماں کا دودھ پیتا ہے۔ سانبھر بہت چالاک جانور ہے۔ خطرے کا احساس ہوتے ہی تیز رفتاری سے فرار ہو جاتا ہے اور کئی فرلانگ تک دوڑتا چلا جاتا ہے۔ عادتاً جھاڑیوں کی اوٹ میں رہتا ہے۔ میدانی علاقے میں بہت کم نظر آتا ہے۔ اوسط قد ۵۵ انچ، اور سینگ کی لمبائی ۵ انچ تک ہوتی ہے۔



نیل گائے

نیل گائے ہندوستان میں بکثرت پائی جاتی ہے۔ لیکن اسے "گائے" کہنا غلط ہے کیونکہ اس کی شباہت گھوڑے سے ملتی ہے۔ زراعتی خطوں کے قریب میدانی علاقوں میں رہنا پسند کرتی ہے یہ قد اور وزن کے لحاظ سے بہت بڑا جانور ہے۔ ڈھاک اور پلاس کے پتے اور گنا اس کی محبوب غذا ہے۔ کاشت کو سب سے زیادہ نقصان اسی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ گردن گھوڑے کی طرح جلد سیاہ، کھال موٹی اور بھدی ہوتی ہے۔ نیل ہمیشہ غول میں رہتے ہیں۔ اُن کا اوسط قد ۵۲ انچ سے ۵۶ انچ تک، وزن ۴۰۰ پونڈ سے ۶۰۰ پونڈ تک اور سینگ کی لمبائی ۸ انچ سے ۱۰ انچ تک ہوتی ہے۔

شیر ببر، گجرات میں گیر کے جنگلات میں پائے جاتے ہیں۔ حکومت نے اُن کی نسل برقرار رکھنے کے لئے اُن کا شکار ممنوع قرار دیا ہے۔ اور ان کی خاص نگہداشت کی جاتی ہے۔ شیر ببر، چھوٹی جھاڑیوں والے میدانی علاقہ میں رہتے ہیں۔ نیم ریگستانی علاقہ اُن کی رہائش گاہ ہے۔ تنہائی پسند جانور ہے۔ اُسے ہندوستان کا قومی جانور قرار دیا گیا ہے۔

چیتے کی نسل نایاب ہوتی جا رہی ہے۔ کسی زمانے میں چیتا، ہرن کے شکار کے لئے سدھایا جاتا تھا۔ چیتے اور تیندوے کی ہیئت میں بہت کم فرق ہے، چیتا تیندوے سے جسامت میں بڑا اور زیادہ طاقت ور ہوتا ہے۔ اس کی گردن لمبی اور جلد زرد ہوتی ہے جس پر خوبصورت سیاہ دائرے ہوتے ہیں۔ اس کے ناخن، کتے کے ناخنوں کی مانند سخت ہوتے ہیں۔ اس کے برخلاف تیندوے کے ناخن نرم ہوتے ہیں اور وہ اپنے ناخنوں کو حسب خواہش جلد کے اندر کر لیتا ہے۔ چیتا بہت تیز رفتار درندہ ہے۔ ایک فرلانگ کے فاصلہ تک ۸۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے دوڑ سکتا ہے اور اپنی تیز رفتاری کے باعث اپنے شکار کو بآسانی زیر کر لیتا ہے۔

تیندوا ہندوستان کے کئی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کی بصارت اور سماعت تیز ہوتی ہے لیکن قوت شامہ کمزور ہوتی ہے۔ جوڑا ہمیشہ ساتھ رہتا ہے۔ مادہ کا زمانۂ حمل ۱۵ ہفتے ہوتا ہے۔ ۱۴۰ سے ۱۲۱ دن کے عرصہ میں بچوں کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔ تیندوا عموماً آبادی کے قریب رہتا ہے اور چھوٹے جانوروں مثلاً بکری، کتے وغیرہ کا شکار کرتا ہے۔ کسی جانور کا شکار کرتے وقت کسی چٹان یا جھاڑی کے پیچھے پوشیدہ ہو جاتا ہے اور اپنے شکار کو بہت قریب آنے کا موقع دیتا ہے۔ پھر اچانک حملہ کر کے جانور کی گردن توڑ دیتا ہے۔ اپنے

شکار کردہ جانور کو ہمیشہ سینہ کی طرف سے کھانا شروع کرتا ہے (اس کے برخلاف شیر ہمیشہ پچھلی رانوں کی طرف سے کھانا شروع کرتا ہے) تیندوا پیٹ چاک کرکے اپنے شکار کردہ جانور کا دل، گردہ اور آلائش کھا جاتا ہے اور کبھی کبھی محض اپنی حیوانی خواہش کی تکمیل کے لئے ایک رات میں کئی جانور ہلاک کر دیتا ہے اور صرف خون پی کر چلا جاتا ہے۔ تیندوا آدمی سے زیادہ خائف نہیں ہوتا کبھی کبھی بلاوجہ حملہ کر دیتا ہے۔ چونکہ بے حد چالاک درندہ ہے، اس لئے اس کا شکار کرنا مشکل ہوتا ہے۔ آدم خور تیندوا، آدم خور شیر سے زیادہ خطرناک اور ہلاکت خیز ہوتا ہے۔ گھر میں داخل ہو کر سوئے ہوئے آدمی کو ہلاک کر دیتا ہے اور بالکل خائف نہیں ہوتا۔

تیندوا، شیر کی طرح، روشنی یا آگ سے نہیں ڈرتا اور درخت پہ چڑھ سکتا ہے، لیکن پانی سے خائف ہوتا ہے۔ کئی دن تک پیاسا رہ سکتا ہے۔ تیندوے کی گردن، دانت، شانے اور پنجے بہت مضبوط ہوتے ہیں۔ اس کے ناخنوں میں خطرناک زہر ہوتا ہے۔ اس کا اوسط قد ۲ فٹ، دُم کا طول ۲۸ انچ سے ۳۰ انچ، اور وزن ۶۰ پونڈ سے ۱۳۰ پونڈ تک ہوتا ہے۔

شیر ہندوستان کے علاوہ برما، لاؤس، تھائی لینڈ، ملایا، سماترا اور سائبیریا کے جنگلات میں پایا جاتا ہے۔ اس کی لمبائی ۸ فٹ سے ۱۰ فٹ تک، وزن ۳۵۰ پونڈ سے ۶۰۰ پونڈ تک ہوتا ہے۔ شیر کی اوسط عمر ۲۰ سال ہوتی ہے۔ اس کی بصارت اور قوت شامہ کمزور لیکن قوت



سفید شیر

سماعت تیز ہوتی ہے۔ ۲۲ فٹ سے ۲۴ فٹ کی اونچائی تک چھلانگ لگا سکتا ہے اور ۹ فٹ سے ۱۲ فٹ کے فاصلے تک پنجہ مار سکتا ہے۔ مادہ شیرنی کا زمانۂ حمل ۱۵ ہفتے یا ۱۰۵ دن ہوتا ہے۔ وہ ہر تین سال بعد، عموماً ابتدا فروری سے آخر مارچ تک ۲، ۳ سے ۶ تک بچے دیتی ہے۔ بچوں کی پیدائش سے کافی عرصہ قبل شیرنی، شیر سے علٰحدہ ہو جاتی ہے اور کسی غار یا گھنی جھاڑی میں رہنے لگتی ہے۔ بچے پیدائش کے وقت بلّی کے بچوں کے برابر ہوتے ہیں۔ ۱۵، ۲۰ یوم میں اُن کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔ اُن کی پرورش ماں کے دودھ پہ ہوتی ہے اور دو ماہ کی عمر میں وہ ماں کے ساتھ اپنی جائے رہائش سے باہر نکل آتے ہیں۔ ۱۶ ماہ کی عمر میں شکار کرنا سیکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ ۵ سال میں اُن کی جسمانی ساخت مکمل ہو جاتی ہے۔

شیر دن میں دو مرتبہ، علی الصبح اور سرِ شام، پانی پینے کے لئے اپنی جائے رہائش کے قریب واقع چشمہ یا ندی پہ آتا ہے۔ دن میں اکثر سال کے جنگل میں کسی گھنی سایہ دار جھاڑی میں آرام کرتا ہے۔ گرمی اور پیاس کو برداشت نہیں کر سکتا۔ کم گہرے چشمے کو تیر کر پار کر سکتا ہے۔ اپنے بھاری جسم کی وجہ سے درخت پر نہیں چڑھ سکتا۔

شیر کی زندگی کا بیشتر حصہ غذا کی تلاش میں بسر ہوتا ہے۔ اُسے غذا حاصل کرنے کے لئے کافی جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔ دوسرے جنگلی جانور شیر سے زیادہ تیز رفتار اور چالاک ہوتے ہیں۔ شیر کی بُو سونگھتے ہی فرار ہو جاتے ہیں۔ شیر چونکہ تیز رفتاری سے نہیں دوڑ سکتا اس لئے اُسے جانوروں کا شکار کرنے میں کافی وقت اور مسلسل جدوجہد کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ماہرین کا اندازہ ہے کہ ایک جانور کا شکار کرنے کے لئے شیر کو ۲۰ سے ۳۰ مرتبہ تک کوشش کرنا پڑتی ہے تب وہ کامیاب ہوتا ہے۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بڑے جانوروں کا شکار کرنے میں ناکام ہو کر اور بھوک سے مغلوب ہو کر شیر کبھی کبھی جنگلی پرندوں، بندر، مینڈک یا پرندوں کے انڈوں سے اپنی اشتہا مٹانے پر مجبور ہو جاتا ہے۔

شکار کرنے کے بعد شیر ہمیشہ اپنے شکار کردہ جانور کو پچھلی رانوں کی طرف سے کھانا شروع کرتا ہے۔ وہ جانور کے پیٹ کی اندرونی آلائش نہیں کھاتا جب تک وہ اپنے شکار کردہ جانور کا گوشت نہ کھا لے، دوسرے جانور کا شکار نہیں کرتا۔ ایک جوان شیر کی اوسط خوراک ۱۵ سے ۲۰ پونڈ گوشت روزانہ ہوتی ہے، یعنی ایک شیر اوسطاً ایک سال میں ساڑھے تین ٹن گوشت کھاتا ہے۔ چونکہ ہر جانور کے جسم کا ۶۰، ۷۰ فیصدی حصہ ہی کھانے کے لائق ہوتا ہے۔ اس لئے شیر

(بقیہ ص ۳۵ پر)

کیف احمد صدیقی

خود غرضی

گھر کی کشادہ انگنائی میں
اک ڈلیا کے اندر چاول
دھوپ میں رکھے سوکھ رہے ہیں
چاول کے ہر دانے کو
سورج کی کرنیں چاٹ رہی ہیں
دھوپ کی شدت
چاول کے اندر کی نم آلود حرارت
چوس رہی ہے۔
آنگن کی دیواروں پر
کچھ بھوکی چڑیاں
چاول کے ہر دانے کو
للچائی نظر سے دیکھ رہی ہیں
کبھی کبھی
وہ ہمت کر کے
ڈلیا کے بھی پاس آتی ہیں
لیکن تھوڑی دور پہ بیٹھی
گھر والی کے خوف سے فوراً اُڑ جاتی ہیں
گھر والی کے ہاتھ میں
اک لمبی سی چھڑی ہے
لیکن اس کے دل میں اپنی بھوک کے آگے
ان چڑیوں کی بھوک کا کچھ احساس نہیں ہے۔
دھوپ میں چاول سوکھ رہے ہیں
چاول کے ہر دانے کو
سورج کی کرنیں چاٹ رہی ہیں



ذکاء الدین شایاں

درخت جھک گئے، پتوں نے آنکھیں کھولی ہیں
ہوائیں، بہتی ہوئی لہر سے جو بولی ہیں
دمکتی کرنیں۔ غم آلود گرد کی نظریں
جو ہم چلے ہیں، تو سب ساتھ ساتھ ہولی ہیں
تمام شہر بیاباں کے راز لانا ہیں
ہوا نے رات کے پانی سے آنکھیں دھولی ہیں
فسردہ سینوں کو بے رنگ و پُرسکوں پاکر
ہم اہلِ غم نے، تیری یادیں ہی چھولی ہیں؛
کبھی کبھی تو ہوا یہ بھی ہے کہ ہم سے دُور
وہ نرم پلکیں خود آپس میں مل کے رولی ہیں
سوائے چند دھندلکوں کے، آئے گا اب کون
شفق نے ٹیلوں پہ یہ کیوں کتابیں کھولی ہیں



قیصر شمیم

ایک ندی بڑھ کے جب دریا ہوئی
اپنے سوتے سے بھی بے گانہ ہوئی
دل کی سطح پر سکوں کو کیا ہوا
کیسی ہلچل بیک بیک پیدا ہوئی
اے بدلتے منظرو، کچھ تو کہو!
پاؤں کے نیچے زمیں تھی کیا ہوئی
ریت پر بنتے بگڑتے کچھ نقوش
لیجیے، یہ آپ کی دُنیا ہوئی!
جس میں تھے کچھ دلرُبا خوابوں کے گھر
کب کی وہ بستی تہہ و بالا ہوئی
نہر پر الزام ہے سیلاب کا
مل کے آک دریا سے وہ رسوا ہوئی
کیا کریں گی پھر مہاجر پتیاں
آگ کی آندھی اگر برپا ہوئی
گرد جو تھی پتھروں کے دور کی
وہ بھی میرے عہد کا حصہ ہوئی
خانہ زادِ روشنی جو نسل تھی
وہ بھی اپنی دھند میں یکتا ہوئی
شور اے قیصر بہت ہے شہر میں
رُوح کی فریاد بھی بے جا ہوئی



فخر رضوی

اچھا بھی اس کو کہنے سے ہو جاتا تھا خفا
وہ بھی عجیب شخص تھا جانے کہاں گیا
اُس کے بدن کا لوچ بھی جی خوش نہ کر سکا
اپنے وجود پر مجھے کل رات شک ہوا
خاموشیوں کی کائی جمی تھی زبان میں
مجمع لگا ہوا تھا، کوئی بولتا نہ تھا
تو سر سے پاؤں تک مجھے اچھی طرح سے دیکھ
یہ وہم دُور کر لے کہ سایہ ہوں میں ترا
سوچا ہے اب کسی کو نہ اپنا کہوں گا میں
اپنا جسے کہا وہی بے گانہ ہو گیا!
ہر سو ہری بھری ہیں ملامت کی پتیاں
اے فخر اب خلوص کا موسم گذر گیا

جدید اُردو شاعری

ــــــــ میری نظر میں

جدید یا جدید ترین شاعری کیا ہے؟ اور کیا نہیں ہے! اس کی بہت سی تاویلیں ہیں۔ اس کے ابتدائی اور بنیادی محاسن یہ ہیں، مثلاً جدید ذہن کا شاعر ایسے الفاظ سے گریز کرتا ہے جو کثرت سے اُردو شاعری میں استعمال ہوتے آئے ہیں، چونکہ وہ بہت عام ہیں، وہ ہر بڑے اور چھوٹے شاعر کے یہاں بکثرت ملتے ہیں۔ یہ اسی وجہ سے اپنی معنوی قدر و منزلت تک کھو چکے ہیں۔ ایسے الفاظ ہزاروں کی تعداد میں ہیں۔ نشاندہی کے لئے ایک دو لفظ یہاں دیئے جاتے ہیں۔ مثلاً نشیمن۔ چمن وغیرہ وغیرہ۔

ایسے الفاظ کی جگہ، جدید شاعر ان ہی کے ہم معنی الفاظ ڈھونڈتا ہے، جو شاعری میں، اب تک بہت کم سامنے آئے ہیں، یا ضرورتاً اُن کو برتا جاتا ہے۔ لیکن اُن کا چلن عام نہیں ہے۔ مثلاً نشیمن کی جگہ شبستاں، یا آرام گاہ، یا سکون زار، چمن کی جگہ مدھوبن، لالہ نما یا دھنک زار۔ پہلے لفظوں کے مقابلے، بعد کے الفاظ صوتی اور معنوی حیثیت سے زیادہ معنی خیز ہیں۔ یہ ایک قسم کی جدیدیت ہوئی کہ نئی صوتی اور معنوی حیثیت سے خوبصورت الفاظ کا انتخاب کیا جائے۔

جدیدیت کی دُوسری ابتدائی خصوصیت ہے کہ اس میں زبان صاف ستھری یا نکھری ہوئی پیش کی جاتی ہے۔ یہ گنجلک نہیں ہوتی اس میں بے ساختگی ہوتی ہے! قدیم زبان اور اُس کا رکھ رکھاؤ نہیں ہوتا! وقت کی ترقی کرتی ہوئی زبان کا لحاظ رکھا جاتا ہے۔ یہ قدیم تراکیب سے گریز کرتی ہے چونکہ قدیم تراکیب کی اہمیت اس وقت کم ہوگئی ہے، اس لئے اس کو اس جدید عہد میں پسند نہیں کیا جاتا۔ ترقی کرتی ہوئی زبان میں بہت سی گنجائشیں ہیں۔ اس میں اخذ کا مادّہ ہے یہ دُوسروں کے ادب کی صحت مند قدروں کو اپناتی ہے اور جدّت میں اضافہ کرتی ہے۔ یہ عمل صرف اُردو کی جدید شاعری میں ہی نہیں، دُنیا کی تمام جدید و اعلیٰ زبانوں میں جاری ہے! اسوجہ سے کل اور آج کی زبان کا فرق، قدیم و جدید کی صورت میں بے حد نمایاں ہوگیا ہے ــــــــ جتنا وقت گزرتا جائے گا یہ فرق نمایاں ہوتا رہے گا۔

جدید شاعری اُردو میں محاورہ بندی کی دوست نہیں ہے۔ اس میں بہت کم محاورے ملتے ہیں۔ بعض کے یہاں نام کو بھی نہیں ملتے۔ البتہ نئے محاورے بنانا، جدید شاعری کی ایک کوشش ہے۔ مثلاً گلاب بجھنا! (گلاب مرجھانے کے معنی میں۔) سورج سرد ہونا (سورج ڈوبنے کے معنی میں) یہ اور ایسی دُوسری فکری اختراعات، جدیدیت کو فروغ دے رہی ہیں اور دیتی رہیں گی۔

لیکن جدید شاعری کی زبان اگر لایعنی صورتیں اختیار کرنے لگے تو یہ بدعت ہوگی اور بہر نوع بدعت کو ہر کوئی برداشت نہیں کرتا۔

جدید شاعری فکر و مفہوم کے اعتبار سے بہت آگے ہے۔ قدیم کا صرف کچھ ازلی اور ابدی حقائق پر تکیہ تھا اور ہے۔ اس نئی شاعری میں جستجو

ہے، اور فکری طور پر، آگے بڑھ کر کچھ کہنے کا جذبہ ہے، اور اظہار ہے۔ اس میں لاتعداد ایسے مفاہیم ہیں، جو کل تک کی شاعری میں نمایاں ہو کر سامنے نہیں آئے تھے، آج یہ نئی شاعری کا اضافہ ہیں۔

جدید ترین تشبیہات، استعارے اور کنائے اس کے اعلیٰ محاسن ہیں۔ ان سب میں اسلوب، یا طرزِ ادا یا بات کہنے کا ڈھنگ، سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ جو جدید شاعر، ذہنی طور پر جتنا سلجھا اور نکھرا ہوا ہے، وہ اتنا ہی جدیدیت میں کامیاب ہے۔ اس کے یہاں زبان کی صفائی، الفاظ کا انتخاب، محاورے کی تراش خراش، سب کچھ اچھا ہوگا۔ جدید ہوگا، نکھرا ہوا ہوگا اور دل کو موہ لینے والا ہوگا۔

جدیدیت کے ابتدائی محاسن کی بات ختم ہوئی۔

اس جدیدیت میں (موجودہ وقت ۶۵ء کے لگ بھگ) جو اضافہ کثرت سے ہوا ہے، وہ یہ ہے، مثلاً ابہام، یا فکری گہرائی اور گیرائی، اشاریت، علامت تشبیہ اور علمی عمل!

آج کا نیا شاعر تخلیقی عمل کے وقت، سب سے زیادہ ابہام کو ترجیح دے رہا ہے۔ اس میں فکر اس حد تک آگے ہے۔ کہ ہر پڑھنے والا یا سننے والا، شاعر کی پیش کردہ تخلیق کو اُس طرح نہیں سمجھ پاتا جس مفہوم میں شاعر نے اپنی تخلیق دی ہے بلکہ ہر شخص اس کو اپنے طور پر ایک دوسرے سے مختلف معنی میں سمجھتا ہے۔ یہ موجودہ ابہام یا فکری گہرائی اور گیرائی کی شکست ہے۔ فتح نہیں ہے۔

اس نئی شاعری کا دوسرا عنصر اشاریت کا ہے۔ یہ واضح ہے تو اس سے بہتر، کوئی دوسری شاعری نہیں ہو سکتی! لیکن اس کو بھی فکری گورکھ دھندوں میں پیش کیا جاتا ہے اور اس طرح یہ کسی تہنیت کے بجائے ایک درد سر بن چکی ہے۔ کاش ہمارے نوعمر شعراء اس طرف ذرا بھی توجہ دیں تو یہ اُردو شاعری کے لئے ایک نیک قدم ہوگا۔

تیسرا عمل علامتی ہے۔ اس میں نیا شاعر ایک لفظ یا عنوان کے تحت کسی فکر، شے یا شخصیت کا اظہار کرتا ہے۔ مثلاً ایک شاعر نے پنڈت جواہر لال نہرو (مرحوم) کو گلاب تصور کر کے نظم تخلیق کی اور گلاب کی خصوصیات میں، پنڈت جواہر لال کی شخصی حیثیت کو اجاگر کیا۔ اس میں تخلیقی عمل شعری محاسن کے ساتھ تھا اور واضح تھا۔ لیکن ایسا کوئی عمل، جب بھی مبہم ہوگا، علامتی شاعری پروان نہیں چڑھے گی۔

جدید شاعری میں چوتھا عمل تشبیہ کا ہے۔ اس کی ہمارے نوعمر شعراء میں بہتات ہے، لیکن افسوس یہ ہے کہ اس میں تشبیہ کے اعلیٰ ڈھنگ کو مدِنظر نہیں رکھا جاتا! بلکہ سماجی دباؤ کے زیر اثر جو شاعر کا اپنا ذہن ہوتا ہے، وہ ہر شے کو اُس عینک سے دیکھتا ہے مثلاً سورج کو سیاہ کہنا خود شاعر کے ذہن کی پیداوار ہے۔ چونکہ شاعر فکری حیثیت سے، وقت کی سیاہی میں، خود کو مبتلا پاتا ہے۔ یا زلف کو سورج کی تابندہ کرنیں، کہا جائے؛ تو یہ خود نئے شاعر کے سمجھنے کی بات ہے، دوسروں کو سمجھانے کی نہیں ہے۔

سورج کو چاندی کے ٹکڑے سے، زلف کو شام سے تشبیہ دینا میں آنے والی بات ہے۔ ایسی کوئی تشبیہ جو شعری یا ظاہری مناسبت کی ضد پر منحصر ہو عقل قبول کرنے سے انکار کرتی ہے اور اس طرح اختلاف کی، ایک راہ کھلتی ہے، جو بہر نوع! درست نہیں! چونکہ اختلاف حقیقت کا مثبت پہلو نہیں ہے منفی پہلو ہے۔

اور اس جدید شاعری پر، علم یا علمی عمل سب سے زیادہ حاوی ہے۔ ہر تخلیق ایک عملی شاہکار بنانے کی کوشش لگتی ہے۔ اس میں شاعری کی زبان نہیں ہوتی! جذباتی نظریئے نہیں ہوتے۔ کیفیاتی لہک مہک نہیں ہوتی، صوتی خوبی یا سُندرتا بھی نہیں ہوتی۔ ایک فلسفیانہ نظریہ، ہر تخلیق میں ہوتا ہے۔ وہ کبھی کبھار اتنا بلند ہوتا ہے کہ سر سے نظم کچھ سمجھ میں نہیں آتی۔

کچھ جدید شعراء تو، شاعری کی زبان تک کو پیشِ نظر نہیں رکھتے۔ ہر وہ لفظ جو زندگی کی روز کی ضرورتوں میں کسی طرح بھی بولا سمجھا جاتا ہے، وہ اس نئی شاعری میں ظاہر ہو رہا ہے۔ وہ سرکاری دفتر کا ہے یا نیم سرکاری دفتر کا، وہ تجارت پیشہ لوگوں کے لئے وقف ہے، یا کسی دستکاری کی فضا کا ہے۔ وہ انگلش کا بھی ہے، فرانسیسی کا بھی اور جرمن کا بھی۔

ان تمام مذکورہ عناصر و علائم میں کیا زندہ رہنے والا ہے اور کیا نہیں ہے! اس کا فیصلہ ہر شخص اپنے طور پر کر سکتا ہے! اور کر رہا ہے!! اچھا تو یہی ہے کہ ہم خود اُن عناصر سے گریز کریں، جو ہمیشہ رہنے والے نہیں ہیں۔ اس سے جدید شاعری کا بول بالا ہوگا! جس طرح آج ہمارے ماضی کی کچھ صحت مند قدریں ہمارے ساتھ ہیں اور رہیں گی۔ اسی طرح ہم، اُس شنیدہ خطرے سے بھی بچ جائیں گے کہ یہ جدید شاعری جلد فنا ہو جائے گی۔

اس وقت ہمارا نیا تعلیم یافتہ طبقہ، ایک بڑی تعداد میں، صرف

(بقیہ ص ۴۳ پر)



تحریر و تنقید" (تنقیدی مضامین)

مصنف: طیب انصاری

ناشر: پرویز بک ایجنسی۔ پوسٹ بکس ۱۸۹ حیدرآباد ۱

قیمت:- تین روپے

"تحریر و تنقید" طیب انصاری کے تیرہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ اپریل ۱۹۶۹ء میں پہلی بار شائع ہوا ہے۔ 'تحریر و تنقید' کے عنوان سے مصنف نے پیش لفظ لکھا ہے۔ اس کے بعد ڈاکٹر مسعود حسین خاں کا مقدمہ ہے۔ طیب انصاری کے نقطۂ نظر اور اندازِ تحریر کا اندازہ اُن کے جملوں سے ہوگا۔

"میر پسندی ادب کے لئے میٹھا زہر ہے، غالب پرستی کا رجحان ادب کو زندگی سے محروم کر دے گا۔ ہمیں اقبال کی راہ اختیار کرنی چاہئے" (ص ۱۲)

جو کہنا چاہتے ہیں اور جس طرح کہنا چاہتے ہیں اُن پر نظر رکھئے اور لب و لہجہ پر غور فرمائیے:

"میں احتشام حسین اور ممتاز حسین سے کہوں گا کہ وہ زندگی کو قریب ہو کر دیکھیں"

"کلیم الدین احمد نے غزل کو نیم وحشی صنفِ سخن کہا ہے، میں اُن کی تنقید کو ان ہی الفاظ سے یاد کروں گا" (ص ۱۲)

علامہ نیاز فتحپوری نے جاتے جاتے کیا ظلم کیا ہے۔ اسے بھی دیکھئے بہت کم لوگوں کو اس کی خبر ہوگی (ص ۱۲)

"نیاز اللہ کو پیارے ہو گئے لیکن جاتے جاتے آثار چھوڑ گئے۔ رومانویت پسند گروہ آج بھی زندہ ہے" (ص ۱۲)

طیب صاحب نے تنقید نگاری کے لئے جو نسخہ لکھا ہے وہ قابلِ غور ہے۔ ظاہر ہے اُردو تنقید کو ایک چنگیز یا ہلاکو کی ضرورت ہے: فرماتے ہیں:

ڈارون کے بال و پر نوچ لیجئے، فرائڈ کی آنکھیں نکال لیجئے، مارکس کی ناک کاٹ لیجئے اور ملارمے اور رواں بودلیر (راں بو) کے ہاتھ کتر لیجئے (یا کان) تاکہ وہ اشاروں اور کنایوں میں باتیں کرنا چھوڑ دیں"

"شدت و حدت" کے مقامات" کی چند مثالیں یہ ہیں:

"جگر، فانی اور میر سے بہترین شاعر ہیں اور غالب سے بہتر لیکن اقبال کے مدِمقابل بہت پست قد شاعر ہیں" (ص ۱۵۴)

پروفیسر مسعود حسین خاں نے اپنے مقدمے میں لکھا ہے۔

"میرا مشورہ تھا کہ طیب انصاری صاحب قدرے توقف سے اپنا یہ مجموعہ شائع کرتے تو ممکن ہے نظرِ ثانی کے بعد بعض شدت و حدت کے مقامات کو فکر سے خنک و خوشگوار بنا سکتے۔ ہیں لیکن انہیں اپنے نقطۂ نظر کی جرأت اور صداقت پر اس قدر ایقان تھا کہ وہ اس توقف کے لئے گنجائش نہ نکال سکے۔"

زندگی کے کھیل اور دنِ رات (افسانے)

مصنف:- ل احمد اکبر آبادی

ناشر:- انجمن ترقی اُردو ہند (مغربی بنگال) ۹۰ بی بولائی دت

اسٹریٹ، کلکتہ ۹

قیمت :- ۵ روپے (پانچ روپے)

"زندگی کے کھیل" میں بارہ کہانیاں ہیں اور "دن رات" میں گیارہ کہانیاں۔ کتابت اور طباعت اچھی اور گٹ اپ عمدہ ہے۔ ۱۹۳۵ء سے ۱۹۴۰ء تک کی کہانیاں شریک ہیں۔ ان کہانیوں کے مطالعے سے ابتدائی اُردو کہانیوں کی یاد تازہ ہو جائے گی۔ عرصے سے ل۔ احمد صاحب کے یہ مختصر افسانے نایاب تھے۔ پریم چند کے بعد اُردو افسانوں میں کام کرنے کے لئے یہ ایک اچھا تحفہ ہے۔ ل۔ احمد صاحب کا اپنا انداز ہے چھوٹے چھوٹے واقعات صاف اور دلکش اسلوب میں پیش کرتے ہیں۔ اس دور کے ایسے افسانہ نگاروں کے حقیقت پسندانہ رجحان کو سمجھنے میں اس افسانوی مجموعے سے یقیناً مدد ملے گی۔

ملاحظاتِ نفسی

مصنف:- ل۔ احمد اکبر آبادی

ناشر:- انجمن ترقی اُردو (مغربی بنگال) ۹ بولائی دت، اسٹریٹ کلکتہ ۹

قیمت:- دو روپے پچاس پیسے

بچ، صناع، شوہر، اور صحافی کی نفسیات کو افسانوی رنگ میں پیش کیا گیا ہے یا افسانوں میں اُن کی نفسیات اُجاگر ہوئی ہے۔ افسانوں کے عنوانات سے تو ایسا لگتا ہے کہ اُن کی نفسیات کو افسانوی رنگ میں پیش کرنے کی شعوری کوشش ہوئی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ افسانوں میں اُن کی نفسیات کے رنگ ظاہر ہوئے ہیں۔ کتاب کے نام سے بھی غلط فہمی ہوتی ہے۔ اس مجموعے کے افسانے ——— ایسے افسانے ہیں جن سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ ل۔ احمد صاحب نے کرداروں کے نفسیاتی تجزیے کی کوشش اس زمانے میں کی تھی جب اس کی اہمیت کا احساس فنکاروں کو زیادہ ہو گیا تھا۔ کل ممکن ہے ان عنوانات کے تحت یہ افسانے لکھے گئے ہوں لیکن آج تبدیلی ضروری تھی۔ مصنف کو خود اس بات کا احساس ہے، وہ لکھتے ہیں: "علم النفس سے میری شناسائی فلسفہ جذبات پڑھ لینے کی حد تک ہے۔" ہر افسانہ دلچسپ ہے۔ ۱۹۳۰ء سے ۱۹۳۹ء تک کے یہ افسانے کرداروں کے نفسیاتی تجزیے کو پیش کرتے ہیں۔ اُمید ہے ادبی حلقوں میں جناب ل۔ احمد اکبر آبادی کے یہ دونوں مجموعے پسند کئے جائیں گے۔ اُردو افسانوں میں تحقیق کرنے والوں کے لئے یہ تحفہ غنیمت ہے۔

ادبی تاثرات (حصہ اوّل)

مصنف:- ل۔ احمد اکبر آبادی

ناشر:- انجمن ترقی اُردو ہند (مغربی بنگال) کلکتہ ۹

قیمت:- سات روپے پچاس پیسے

جناب ل۔ احمد اکبر آبادی کے اٹھارہ مضامین کا مجموعہ ہے۔ گٹ اپ خوبصورت ہے۔ کتابت و چھپائی عمدہ ہے ۱۹۳۵ء سے ۱۹۳۹ء تک لکھے ہوئے مضامین ہیں جو اس دور کے رسالوں میں چھپے تھے، آل انڈیا ریڈیو سے نشر ہوئے تھے اور ادبی محفلوں میں سُنائے گئے تھے۔ یہ مضامین یونی ورسٹی اور کالجوں کے طلبہ کے لئے مفید ثابت ہوں گے۔ ل۔ احمد صاحب ایک اچھے افسانہ نگار ہی نہیں، ایک سنجیدہ نقاد بھی ہیں۔ محنت سے لکھے گئے یہ مقالے نایاب تھے۔ نظرِ ثانی کے بعد انہیں یکجا کر کے شائع کیا گیا ہے۔ مصنف کا مطالعہ وسیع اور گہرا ہے چند مضامین اہم ہیں۔ مثلاً شاہ مبارک آبرو۔ فن افسانہ، مطالعۂ لغت، نیاز فتح پوری۔ اور اُردو کی نعاست میں آگرے کا حصہ وغیرہ "جاپانی شاعری" اور "سینو" پر اُن کے مضامین دلچسپ اور فکر انگیز ہیں۔ ۳۰۳ صفحات کی یہ کتاب اس لائق ہے کہ اُسے کتب خانہ کی زینت بنایا جائے۔

روسی فکر اور مفکر

مولفہ:- ل۔ احمد اکبر آبادی

ناشر:- انجمن ترقی اُردو (مغربی بنگال) کلکتہ ۹

قیمت:- پانچ روپے

سوئیت ماخذوں سے مرتب کئے ہوئے یہ مضامین معلومات سے پُر اور دلچسپ ہیں۔ سوئیت یونین کی تہذیبی زندگی کی تصویریں متاثر کرتی ہیں۔ تاجیک اور ازبک فن کاروں کا تعارف اور ملا علی شیر نوائی اور نظامی گنجوی سے متعلق سوئیت فنکاروں اور نقادوں کے خیالات کا جائزہ عمدہ ہے۔ اُردو میں ایسی کتابوں کی کمی ہے ۱۹۴۱ء - ۱۹۵۵ء کے درمیان لکھے گئے روسی مقالات سے روشنی حاصل کی گئی ہے۔ اُمید ہے کہ ل۔ احمد صاحب کی یہ کتاب بھی پسند کی

جائے گی۔

جام جم : جناب مضطر حیدری کے کلام کا مجموعہ ہے۔

"غزل ہو یا نظم، قطعہ ہو یا رباعی یا کوئی اور صنفِ سخن، میں نے اپنی شاعری میں ابتدا ہی سے "تعمیری پہلو" کو مدِ نظر رکھا۔ شاعر انسانی رُوح کا معمار ہوتا ہے۔ میں بھی فن میں اس کا قائل ہوں۔ ترقی پسند ادب کی طرف میرا رجحان جذباتی نہیں بلکہ کافی غور و فکر کا نتیجہ ہے۔ لیکن میں نے اپنی تخلیقات میں اس بات کا ہمیشہ ہی لحاظ رکھا ہے کہ موضوعات ایسے نہ ہوں جو تعمیرِ حیات کے منفی ہوں۔" مضطر حیدری

شاعر کے نقطۂ نظر کی وضاحت ہو جاتی ہے۔ "جام جم" کے مطالعے کے بعد ہی آپ "تعمیرِ حیات" کے مفہوم اور شاعری کے "تعمیری پہلو" کو سمجھ پائیں گے ؎

خدا گواہ کچھ ایسے بھی ناخدا دیکھے
جو خود ڈبو کے سفینے تلاش کرتے ہیں

یہ اشعار بھی سنئے :۔ (مضطر حیدری)

یہ ہمیں تھے کہ بھرم آپ کا رکھا ہم نے
ہم کبھی حسرتِ دیدار سے آگے نہ بڑھے
رباب و تیشہ و سیف و قلم تراشے ہیں
ہمیں خدا ہیں ہمیں نے صنم تراشے ہیں
کتنے سادہ ہیں آج تک ہم لوگ
آپ کا اعتبار کرتے ہیں

قیمت :۔ دو روپے پچاس پیسے ناشر :۔ اُردو سبھا، نمبر ایف/۱۱ تانتی بگان روڈ، فلیٹ ۱۱۲، کلکتہ ۱۴

کرشن چندر، جناب سعید احمد اکبر آبادی، علامہ جمیل مظہری اور پروفیسر پرویز شاہدی مرحوم نے مضطر حیدری کی شاعری اور اُن کے شاعرانہ مزاج کو سمجھا ہے۔

بنگال میں رہ کر ایسے فنکاروں نے جو کام کیا ہے، اس کی قدر ہونی چاہئے۔ ضرورت ہے کہ ایسے تمام علاقوں کے فنکاروں کی تخلیقات سامنے آئیں جن علاقوں میں اُردو نے علاقائی زبانوں کے ساتھ رہ کر اپنے طور پر صدیوں زندہ رہنے کی کوشش کی ہے۔

رام محمد ڈیسوزا

خوبصورت اور دلکش، دل کو موہ لینے والا پیارا اسلوب اور انتہائی اہم موضوع۔ ایک صاحبِ طرز کہانی کار نے حقیقتوں کو ایسا فنکارانہ جذباتی لہجہ عطا کیا ہے کہ میں تھوڑی دیر یہ سوچتا رہا کہ ایسی عمدہ نثر لکھنے والا اب تک کہاں تھا ؟

" رام محمد ڈیسوزا"، کا تیسرا اڈیشن شیخ بک ڈپو، آصف علی روڈ نئی دہلی سے شائع ہوا ہے۔ قیمت تین روپے ہے۔

علی رضا نے جن کرداروں کو منتخب کیا ہے اُن کی نفسیات، اُن کے بنیادی جذبات اور اُن کے نفسی عمل اور ردِ عمل پر اچھی طرح غور کیا ہے۔ اس خوبصورت کہانی کو پڑھتے ہوئے آپ کو محسوس ہوگا۔ جیسے خود کرداروں نے اپنے اظہار کے لئے علی رضا کا انتخاب کیا ہے۔ ہندوستانی معاشرے کی رُوح کا المیہ شدت سے متاثر کرتا ہے۔ یہ ناولٹ ایک سوال بھی ہے۔ تین غنڈوں نے ایک معصوم بچے کی آنکھوں میں بھگوان، خدا، اور گاڈ تینوں کو دیکھ لیا۔ کیا پڑھے لکھے بھی دیکھ سکتے ہیں۔ انسانیت کی وحدت کی بات کرنے والوں کی کمی نہیں ہے لیکن خود اپنی ذات کو اس وحدت کے ساتھ دیکھنے والے کہاں چلے گئے ہیں ؟

علی رضا کا رجائی نقطۂ نظر مستحکم ہے۔ وہ بھارت کی تہذیب کی ابدی رُوح کو پہچانتے ہیں۔ یہ بات نہ ہوتی تو اس ناولٹ میں کثرت میں وحدت کو وہ کس طرح دیکھ پاتے۔ سرطرف تو انتشار ہی تھا، اندھیرا ہی تھا۔ اُن کے طنزیہ جملوں میں ہمدردی کا جذبہ، المیہ حقائق میں دردمندانہ لہجے کے ساتھ تہذیب کی رُوح کی روشنی کا احساس، نفسیاتی کیفیتوں میں سب سے بہتر نفسیاتی کیفیت کے جوہر (Essence) کی نشاندہی ــــ اس ناولٹ کی یہ بنیادی خصوصیات ہیں۔

میں علی رضا صاحب کے اس ناولٹ کا ایک بار پھر استقبال کرتا ہوں۔ میری خواہش ہے کہ ہندوستان کی ہر زبان میں اس کا ترجمہ ہو، ہر کتبخانے میں اُسے پڑھا جائے۔ طلبا بر اس کا مطالعہ کریں۔

ہر ایک شخص پہ پرچھائیں کا خیال ہوا ؛ تری گلی میں عجب طرح کا اُجالا تھا
میرے ہر ہر گام پر سنگِ حوادث تھے مگر ؛ اپنے سائے سے نہ جانے کس لئے ٹکرا گیا۔
کچھ تم سے شکایت تھی نہ دُنیا سے گلہ تھا ؛ میں یونہی ذرا دیر کو خاموش ہوا تھا

وہ عمر گریزاں ہو کہ ہو تیرا تصور ؛ سائے کی طرح ساتھ مرے کوئی لگا تھا
کیا جانئے کس واسطے مصلوب ہوا ہوں ؛ دُنیا میں تو بہتوں نے ترا نام لیا تھا
یہ وہ مفہوم ہے جو لفظ کا شرمندہ نہیں ؛ زیست اس کو کہو یا میرا سراپا کہہ لو

"صحرا صحرا" جناب صبا جائسی کی غزلوں کا مجموعہ ہے جسے "کتاب گھر" علی گڑھ نے شائع کیا تھا۔ قیمت ڈیڑھ روپے ستر پیسے ہے۔ چند اشعار سے شاعر کے بُنیادی رجحان اور اُس کے مزاج کو سمجھا جا سکتا ہے۔ کلاسیکی المیات کے احساس کے ساتھ نئے مشاہدے اور تجربے ہیں جن کی دلآویزی متاثر کرتی ہے۔ "صحرا صحرا" کی غزلوں کا آہنگ یقیناً ہر دل کو کسی نہ کسی طرح چھُوئے گا۔

درخشاں : حفیظ بنارسی

ساون تری زلفوں سے گھٹا مانگے ہے
خوشبوئے بدن بادِ صبا مانگے ہے
صدقے تری رعنائی پہ اے جانِ بہار
ہر گُل ترے جینے کی دعا مانگے ہے

جناب حفیظ بنارسی کی یہ خوبصورت رباعی اُن کے مجموعۂ کلام "درخشاں" میں شامل ہے۔ گزشتہ پندرہ بیس برسوں میں شاعر نے بہت کہا ہے۔ "درخشاں" غزلوں، نظموں، رباعیوں اور قطعوں کا ایک انتخاب ہے۔ کتاب خوبصورت چھپی ہے۔ قیمت ۵ روپے ہے۔ کلچرل اکادمی رینا ہاؤس، جگ جیون روڈ گیا نے شائع کی ہے۔ سرورق چیتر کار مدھر نے بنایا ہے جس سے مجموعہ اور حسین بن گیا ہے۔ پروفیسر سیّد احتشام حسین، حضرت فراق گورکھپوری، ڈاکٹر سیّد اعجاز حسین اور پروفیسر جمیل مظہری نے حفیظ بنارسی کی شاعری پر اپنے خیالات کا اظہار فرمایا ہے اب باقی کیا رہ جاتا ہے! "درخشاں" ہر کتب خانے کی زینت بنے، اور شاعر غیر مرئی عناصر کو اپنے "احساس اور جذبے" سے مشخص کر کے دل اور دماغ دونوں کو گرفت میں لے لے، ہم یہی چاہتے ہیں

گلشن گلشن : پریم پال اشک

"تین پتے" میں حسن، عشق، بہار، پیاس، دیوالی، بچے کی عید۔ ایسی نظمیں پریم پال اشک کے مجموعہ "گلشن گلشن" میں شریک ہیں۔ عنوانات سے نظموں کے موضوعات کو سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ مجموعہ اُردو پبلی کیشنز اُردو بازار دہلی نے شائع کیا ہے، قیمت دو روپے پچیس پیسے۔ غزلیں، نظمیں دوہے، گیت سب شریک ہیں۔ اشک کے دوہے یقیناً زیادہ پسند کئے جائیں گے۔ زبان صاف اور خیالات واضح ہیں۔ شاعر فوق البیانی اور بلند آہنگی سے خود کو جس قدر بچا لے اتنا ہی اس کے حق میں اچھا ہے۔ اُمید ہے "گلشن گلشن" ہر حلقے میں پسند کیا جائے گا

جوئے کہکشاں : امجد نجمی

جا کے دریا پہ بھی پیاسا آیا
سوزشِ تشنہ لبی
بڑھتی جاتی تھی مگر
ایک قطرہ نہ لبوں تک پہونچا
موجِ سیلاب بنی میرے لئے موجِ سراب
چشمۂ زہر میں تبدیل ہوا چشمۂ آب
چار سو کتنی گھٹائیں چھائیں
لیکن ایک بوند نہ دھرتی پہ گری
تلخیٔ کام و دہن اور بڑھی ـــــ اور بڑھی
ساحلِ خشک سے کچھ بھی نہ ملا
جا کے دریا پہ بھی پیاسا آیا

جناب امجد نجمی کے کلام کا مجموعہ "جوئے کہکشاں" اُڑیسہ ساہتیہ اکاڈمی بھونیشور سے تین روپے میں مل سکتا ہے۔ امجد صاحب اُردو کے ایک بزرگ شاعر ہیں جنہوں نے روایتی شاعری سے زیادہ کلاسیکی آہنگ کو ہمیشہ پسند کیا اور نئے ہیتی تجربوں کو اپنے احساس اور جذبے کے اظہار کے لئے منتخب کرتے ہوئے کبھی جھجک محسوس نہیں کی۔ "جوئے کہکشاں" شاعر کے مخصوص لب و لہجے کے مطالعے کے لئے ایک اچھا تحفہ ہے۔

"زندگی سے زندگی کی طرف" نازش پرتابگڈھی کی ایک طویل نظم ہے اگست ۱۹۴۲ء کی تحریکِ آزادی اس کا موضوع ہے۔ نیشنل آرٹ پرنٹرس سرائے گڈھی الہ آباد نے یہ طویل نظم شائع کی ہے۔ قیمت ایک روپیہ ہے۔ پروفیسر سیّد احتشام حسین صاحب نے تحریر فرمایا ہے۔۔۔۔۔

"... زندگی سے زندگی کی طرف" جس کے بیشتر حصے میں نے اُن سے سُنے اور رسالوں میں پڑھے ہیں اس کا کھلا ثبوت ہے کہ "یہ، ہمیشہ فکر و فن دونوں کا احترام ملحوظ رکھتے ہیں"۔ نظم کی خطابت، بلند آہنگی اور فوق البیانی کا آپ پر یقیناً اثر ہوگا۔

"لسان الصدق" پہلا ماہنامہ تھا جو مولانا ابوالکلام کی ادارت میں کلکتہ سے ۱۹۰۳ء کے نومبر سے نکلنا شروع ہوا تھا۔ جناب عبدالقوی دسنوی نے "مضامینِ لسان الصدق" میں مولانا آزاد کی تحریروں کو جمع کیا ہے۔ عمدہ کام ہے۔ اُردو والوں کے لئے ایک اچھا تحفہ ہے۔ پانچ حصے ہیں: "مقاصد"۔ مضامین، معلوماتی تحریریں، انتقاد، اور "لسان الصدق" سے متعلق بعض ہم عصروں کی رائیں۔ مرتب کے دیباچے سے روشنی ملتی ہے۔ عبدالقوی صاحب ایک باشعور محقق ہیں، ہم دامن پھیلائے اُن سے کچھ اور مانگ رہے ہیں۔ مولانا آزاد کے یہ مضامین اُردو طلبا کی مدد کریں گے۔ مولانا کے بنیادی اسلوب کی اور خصوصیات ظاہر ہوں گی۔

اُردو کے نثری اسالیب کے مطالعے میں لسان الصدق کے ان مضامین کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

قیمت ۔ ڈھائی روپے پچاس پیسے
نامزد: نسیم بک ڈپو لکھنؤ

"بے مقصد شاعری کے حق میں نہیں اور بھرتی کے اشعار قطعی طور پر مجھے پسند نہیں۔ میری کوشش یہ رہی ہے کہ غزل میں اگر سب نہیں تو کم از کم تین چار اشعار ایسے ہوں جو نہایت شگفتہ، برجستہ، اور چونکا دینے والے ہوں ... قدیم اور جدید شاعری کے امتزاج سے جو رنگ پیدا ہو سکتا ہے میں نے اُسے اختیار کرنے کی کوشش کی ہے"

مہر چند کوثر

"صبوحی" آپ کے کلام کا مجموعہ ہے۔ انجمن ترقی اُردو (ہند) برنالہ، پنجاب اُردو اکاڈمی چنڈی گڑھ سے شائع ہوا ہے۔ قیمت تین روپے پچاس پیسے۔ کوثر صاحب ۱۹۵۴ء سے شاعری کر رہے ہیں۔ غزل کے رسیا ہیں اُمید ہے "صبوحی" کی غزلیں پسند کی جائیں گی۔

ابھی سے آگئے آنسو تمہاری آنکھوں میں
ابھی تو خیر سے آغاز ہے فسانے کا
آنکھیں ہیں وہی دیکھتی ہوں جو تابِ نظارہ
جلوے ہیں وہی جن سے ہو تسکین نظر بھی

عمدہ گٹ اَپ ہے۔ اچھی کتابت ہے۔ "صبوحی" کی غزلوں سے کوثر کے ذوق اور اُن کی ریاضت کا بخوبی اندازہ ہوگا۔

بقیہ: جدید اردو شاعری

شہرت کی بھوک میں بھی جدیدیت کو اپنا رہا ہے۔ یہ شعر کو شعری محاسن میں پرکھنے سے تہی ہے۔ اِن کے یہاں کثرت سے، مصرع یا شعر یا مکمل تخلیق بے وزنی ہوتی ہے۔ بحر کے ارکان کم و بیش کرتے وقت، الفاظ اُن پر پورے نہیں اُترتے اور نظم کا اکثر حصہ نثر کے مترادف ہو جاتا ہے۔ قافیے کے علم سے تو سرے سے ہی ناواقفیت ہے۔ قواعدِ زبان یا گرامر میں صیغوں جیسی آسان چیز کا بھی خیال نہیں رکھا جاتا۔ اس طرف کچھ توجہ دینا از بس ضروری ہے ورنہ ایسی جدید شاعری، اعلیٰ جدید شاعری کا کوڑا سمجھ کر نظر انداز کر دی جائے گی۔

لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ جدید شاعری نے کچھ نہیں دیا ہے۔ اس میں فرد کی فکری زندگی اور مانگ اور اس کے اظہار کو بڑا دخل ہے۔ کل تک کی (قدیم) شاعری اس سے بے بہرہ تھی۔ آج کی جدید شاعری میں زندگی بسر کرنے کا جذبہ ہے اور اس کو سنوار کر گزارنے کا حوصلہ ہے۔ مایوسی ہے تو اُس سے فرار نہیں ہے، مجادلہ ہے۔ فکری تنہائی یا اکیلے پن کا کرب ہے، تو یہ بے جا نہیں ہے۔ چونکہ اِس سائنٹفک یا عقلی اور عملی عہد میں، زندگی رونے دھونے کا نام نہیں، زندگی آج کی ہر مشکل پر قابو پانے کا ایک ذریعہ ہے۔

البتہ اس عہد کی جدید شاعری کے بارے میں، میں یہاں تک کہتے نہیں ڈرتا کہ کل تک مارکسی نظریات کی شاعری کا ہماری اُردو شاعری پر زبردست دباؤ تھا! آج جدید امریکی، فرانسیسی اور انگریزی شاعری کا ہماری جدید شاعری پر غیر معمولی دباؤ ہے اور اثر ہے۔ اس سبب سے ہمارے اپنے ہندوستانی کلچر کی شاعری، ہمارے یہاں سے معدوم ہو چکی ہے۔ یہ دونوں دباؤ جب ختم ہو جائیں گے، اس وقت ہماری اپنی شاعری شروع ہوگی۔ وہ جدید بھی ہوگی اور اعلیٰ بھی! اُس پر سوسمنہ اور ہزار باتوں کی تہمت بھی نہیں ہوگی۔



بچّوں کی پیدائش میں وقفہ کیلئے

فی زمانہ بچّوں کی پیدائش اتفاق کی بات نہیں۔ یہ آپ کے اختیار میں ہے۔ نِرودھ استعمال کرنے سے آپ کے بچّہ تبھی ہوگا جب آپ چاہیں گے، اتفاق سے نہیں۔

بچّہ اور ماں کی صحت کیلئے

ڈاکٹروں کی رائے ہے کہ بچّے کو شروع کے تین برسوں میں زیادہ توجہ درکار ہوتی ہے۔ پھر بچّے کی پیدائش کے بعد ماں کو اپنی صحت بحال کرنے میں بھی وقت لگتا ہے۔ نِرودھ استعمال کرکے آپ اگلے بچّے کی پیدائش ملتوی کرسکتے ہیں۔

نِرودھ (کنڈوم) اعلیٰ کوالٹی کے ربڑ سے بنتا ہے۔ دنیا بھر میں لوگ اِسے استعمال کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ فیملی پلاننگ کا آسان، و محفوظ طریقہ ہے۔ اِس کے استعمال سے صحت پر کوئی بُرا اثر نہیں پڑتا۔

نِرودھ ہر جگہ ملتا ہے:-
پرویژن اسٹور، کرانہ فروش، کیمسٹ، جنرل مرچنٹ، پان فروش وغیرہ کی دوکانوں پر بکتا ہے۔

نِرودھ استعمال کیجئے

فیملی پلاننگ کیلئے
اعلیٰ کوالٹی کے
ربڑ کنڈوم
15 پیسے کے 3
سرکاری امداد سے کم دام

صرف
5 پیسے
خرچ کرکے
آپ
اپنے کنبے
کو
محدود رکھنے
کی طاقت
حاصل کرسکتے ہیں

70/61



۲ جون ۱۹۷۰ء کو وزیرِاعظم شریمتی اندرا گاندھی پانچ روزہ سرکاری دورے پر ماریشس پہونچیں جہاں اُن کا شاندار استقبال کیا گیا۔ شریمتی گاندھی ہندوستان کی پہلی وزیرِاعظم ہیں جو بحرِ ہند میں واقع اس جزیرے کے آزاد ہونے کے بعد تشریف لے گئی ہیں۔

(اوپر) وزیرِاعظم شریمتی اندرا گاندھی ماریشس کے فن کاروں اور ادیبوں کے ساتھ۔

(نیچے) ۶ جون ۱۹۷۰ء کو ماریشس کے وزیرِاعظم شری رام غلام اور اُن کی اہلیہ محترمہ وزیرِاعظم کو الوداع کہہ رہے ہیں۔





۸ جون ۱۹۷۰ء کو صدرِ جمہوریۂ ہند شری وی وی گری سوئٹزرلینڈ، فن لینڈ اور پولینڈ کے دورے پر تشریف لے گئے۔ پالم ہوائی اڈے پر وزیرِاعظم شریمتی اندرا گاندھی، اُن کے ساتھی وزراء اور ممبرانِ پارلیمنٹ نے اُنہیں الوداع کہا۔

Vol. 28 No. 12 AJKAL (Monthly) July 1970

Edited and Published by the Director, Publications Division, Patiala House, New Delhi.
Printed by Skylark Printers, 11355 Idgah Road, New Delhi-55

Regd. No. D-509